مصباح اللغات

مکمل عربی اردو ڈکشنری

پچاس ہزار سے زائد عربی الفاظ کا بہترین مجموعہ

مرتبہ

ابو الفضل مولانا عبد الحفیظ بلیاوی

استاذ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

المصباح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب

مصباح اللغات

مکمل عربی اُردو ڈکشنری

پچاس ہزار سے زائد عربی الفاظ کا بہترین مجموعہ

مرتب

ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاویؒ

استاذِ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ

ناشر

المصباح

۱۶-اردو بازار، لاہور

تقسیم کنندہ:

بُک لینڈ

ہیڈ آفس: ۱۶-اردو بازار، لاہور
042-7124656, 7223210

برانچ آفس: سٹی پلازا، کالج روڈ، راولپنڈی
051-5773341, 5557926

صحتِ متن، کتابت، تصحیح، طباعت اور جلد بندی میں بدرجۂ اتم احتیاط کے باوجود بہ تقاضائے بشریت، سہو و خامی کے امکانات موجود رہتے ہیں۔ برائے تصحیح و درستگی، غلطی کی نشاندہی پہ ادارہ ممنون ہوگا۔ جزاک اللہ خیراً

اراکین: المصباح

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

امّا بعد تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو' ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا، لیکن اپنی کم مائگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثنا میں ایک مکتبہ نے تمنا ظاہر کی، پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انھوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا۔ کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دشوار کام ہے اُس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کر سکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہر حال مادری زبان نہیں ہو جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہر کیف اس احساس کیساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے تاج العروس، جمہرۃ اللغۃ، اقرب الموارد، قاموس کتاب الافعال لابن قوطیہ، تاج اللغات، مفردات امام راغب، مجمع البحار، نہایہ ابن اثیر، منتہی الارب المنجد، صراح یہ سب کتابیں پیشِ نظر رہیں۔ ہر لفظ کے معنی و مراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامنِ عفو سے چھپائیں اور ہو سکے تو مجھے اطلاع کر دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دی جائے۔ چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لئے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے **مصباح اللغات** تجویز کیا ہے۔

سالہا سال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دشوار گزار مرحلہ درپیش تھا۔ وہ مکتبہ جس کے اظہارِ تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کر چکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبۂ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی مدظلہ نے دست گیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کر لیا، ایسے نازک اور انتہائی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اسکی تکمیل و اشاعت سے قاصر رہتا، اس لئے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے، دہلی کے ۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبۂ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرولباغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہو گیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا، تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہوگی اگر صدیقِ مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی واردِ حال بریلی اور جناب مولانا عبدالقدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضلِ جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن صاحب ندوی کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اوّل الذکر ۲ حضرات نے اپنی کتابوں سے مؤخر الذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہونچایا خدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی غفرلہٗ

دار العلوم ندوۃ العلماء۔ بادشاہ باغ لکھنؤ

۱۰ شعبان المعظم ۱۳۶۹ھ مطابق ۸ مئی ۱۹۵۰ء

مِصبَاح اللّغات کے رموز و اشارات

فا	سے مراد	اسم فاعل	مص	سے مراد	مصدر	(س)	سے مراد	باب سمع یسمع
مفع	〃 〃	اسم مفعول	(ض)	〃 〃	باب ضرب یضرب	(ک)	〃 〃	باب کرم یکرم
ج	〃 〃	جمع	(ن)	〃 〃	باب نصر ینصر	(ح)	〃 〃	باب حسب یحسب
جج	〃 〃	جمع الجمع	(ف)	〃 〃	باب فتح یفتح			

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی احکام

لغتِ عربی کے متعلم کو فنِ صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہئے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا۔ یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتداءً اسی باب سے ہونا بغیر اسکے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداءً اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔

(۱۲) تحول۔ کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثلِ ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثلِ ماخذ بنا دینا۔

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔

(۱۶) تخییل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: یا ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخییل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخییل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) حینونت۔ کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہونچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا۔ چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کیلئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضا کے کام کا

اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔

(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اُس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل، کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتداء جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ = عراق میں پہونچا (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اَخْرَجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبْعَتُ الحِمَارَ = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) حینونت: جیسے اَحْصَدَ الزَّرْعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آگیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلْاَمَ الْفَرَعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دُور کی (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ الْبَقَرُ = گائے دودھ والی ہوگئی (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النَّخْلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اُسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اُسے بخیل پایا (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقْلَتُ البیع بمعنی قلتہ یعنی فسخنتہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ = اُس نے کلام کیا (مجرد کلم = زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جلل الفرس: اُس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اُس نے نصرانی بنایا۔ (۱۳)

(۵) تخلیط: جیسے ذَہَّبَ = اُس نے سنہرا بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القَوْسَ = اُس نے کمان کو زہ دار بنایا (۳)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِیْ = اُس نے مجھے خوش کیا۔ (۱)

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ = اُس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ = درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے ہَلَّلَ = اُس نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا۔ (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اُس نے مجھے بدکار کہا (۳۲)

باب مفاعلۃ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ
} (۳۱)

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ = اُس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ = اُس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ = اُس نے گناہ سے پرہیز کیا (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہوگیا (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اُس نے انگوٹھی پہنی (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اُس نے گھونٹ کر کے پیا (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہوگیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّلَ جیسے عَلَّمْتُہٗ فَتَعَلَّمَ = میں نے اُسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتدا: جیسے تَبَارَکَ اللّٰہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (۳۴)

(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اُس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا (۱۶)

(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہوگیا (۳۰)

باب انفعال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا (مجرد طَلَقَ) (۵)

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْكَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔

(۳) مطاوعت فَعَلَ: جیسے كَسَرْتُہٗ فَانْكَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا ا وہ بند ہو گیا۔ (۳۰)

فائدہ۔ باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِتَّخَرَ الفَارُ = چوہے نے بل بنایا (٦)

(۲) تخییر: جیسے اِكْتَالَ الشَّعِیْرَ = اُس نے اپنے لئے جو ناپے (۱۵)

(۳) تصرف: جیسے اكتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)

(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممتہ فاغتم = میں نے اُسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)

(۵) طلب: جیسے اِكْتَدَّ فلانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)

(٦) موافقت فَعَلَ: جیسے اجتذب بمعنی جذب
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تخاصَمَ (۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمتہ = میں نے اس سے کھانا طلب کیا (۲۵)

(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)

(۳) وجدان: جیسے استکرمتہ = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)

(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اسکو اچھا گمان کیا (۲۱)

(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۲)

(٦) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ = اُس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (٦)

(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔ (۳۰)

(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اُس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہا۔ (۲٦)

(۹) مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا (۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واِسْتَقَرَّ۔ (۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ واِسْتَجَابَ۔ (۳۱)

(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیر ناف کے بال کاٹے (۵)

باب اِفعِلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی (۲۹)

فائدہ۔ اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ، اِحْوَلَّ۔ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفعِیعال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ = بہت کبڑا ہو گیا۔ (۲۹)

(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَی التمر بمعنی حلا (۳۱)

باب اِفعِوّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ = بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)

یہ باب الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ، فَتَدَحْرَجَ = میں نے اُسے ڈھکایا وہ لڑھک گیا (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے، بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں۔ مصدر، اسم مرۃ۔ اسم نوع۔ ظرف مکاں وظرف زماں، اسم آلہ، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں۔ اور ان کا مدار سماع پر ہے۔ لیکن یوں ضبط میں لایا جاسکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالۃ ہے جیسے زِراعۃ، تجارۃ، حیاکۃ۔

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعال ہے۔ جیسے اِبار۔ شِراد، جماع۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلان ہے جیسے غَلَیان، جَوَلان، خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فُعَال ہے جیسے صُدَاع زکام۔ دوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعِیْل ہے جیسے رَحِیْل وذمیل۔

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیْل ہے جیسے صُراخ، خُوار، زَئِیْر، نَہِیْم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَۃ ہے جیسے حُمْرَۃ، زُرْقَۃ، خُضْرَۃ۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فَعُل کا مصدر فُعُوْلَۃ اور فَعَالَۃ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے سُہُوْلَۃ، نَبَاہَۃ، فصاحۃ۔

(۲) فَعِل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ بَلَجٌ۔

(۳) فَعَل لازمی کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْدٌ، خُرُوْجٌ، نُہُوْضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ متعدی کا فَعْل کے وزن پر جیسے فَہْم۔ نَصْر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفعِلَۃ کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعۃ، قَدَّمَ تقدمۃ۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلہ کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تنبئۃ وطّأ توطئۃ۔ ہنّأ تہنئۃ۔ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّی تحلیہ، زکّی تزکیۃ اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوّم تقویماً، سوّد تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فعال ومفاعلۃ ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَۃً لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مفاعلۃ کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَۃً، یَامَنَ مُیَامَنَۃً اور یَاوَمَ مُیَاوَمَۃً و یِوَاماً شاذ ہے۔

اَفْعَلَ کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَاماً۔ اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کرکے الف سے بدل دیتے ہیں، دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کردیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھادیتے ہیں جیسے اَمَاتَ اِمَاتَۃ، اَغَاثَ اِغَاثَۃ، اَشَارَ اِشَارَۃ۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَاَنّٰی تَاَنِّیاً، تَغَاضٰی تَغَاضِیاً۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال، اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَال، اِفْعَوْعَلَ کا اِفْعِیْعَال اور اِفْعَلَّ کا اِفْعِلَال ہے جیسے اِشْتَرَکَ اِشْتِرَاکاً۔ اِنْطَلَقَ اِنْطِلَاقاً۔ اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَاباً اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَاداً۔

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کردیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھادیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَۃً۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَۃ اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَۃً و دِحْرَاجاً۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَۃً و وِسْوَاساً۔

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلَال اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلَّال ہے جیسے تَدَحْرَجَ تَدَحْرُجاً۔ اِحْرَنْجَمَ اِحْرِنْجَاماً۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَاراً۔

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتا ہے جیسے ضُرِبَ ضَرْباً جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْباً۔

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْظَر، مَضْرَب۔ مَرْمیٰ اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیٌٔ، مَرْجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِق، مَقِیْلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مَفْعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَوْرِدٌ، مَوْعِدٌ۔ مَوْجِلٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُتَحَدَّر۔ مُضْطَرَب۔ مُزْدَحَم۔

اسم مرۃ و اسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔

ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فَعْلَۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَۃً، جَلَسْتُ جَلْسَۃً۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تا کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَفَتُّ اِلْتِفَاتَۃً اِنْطَلَقْتُ اِنْطِلَاقَۃً اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تا ر ہو تو اسم مرۃ لانے

کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربتہٗ ضربۃً واحدۃً۔ قاتلتہٗ مقاتلۃً لاغیر وما التفت الیہ الا التفاتۃً واجبتہ اجابۃً فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعلۃٌ کے وزن پر جیسے وقف وِقفۃَ الاسد ومشی مِشیۃَ المُختال۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقۃ۔ قبیح المعاشرۃ۔

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنصَر۔ مَفتَح۔ مَسمَع۔ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفعِل کے وزن پر جیسے مَجلِس، مَنزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مَفعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے۔ مَسجِدٌ۔ مَشرِقٌ۔ مَغرِبٌ۔ مَطلِعٌ۔ مَجزِرٌ۔ مَرفِقٌ۔ مَفرِقٌ۔ مَسکِنٌ۔ مَنسِکٌ۔ مَنبِتٌ۔ مَسقِطٌ۔

مثال سے ظرف زمان ومکان ہمیشہ مَفعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد۔ مَوجِل۔ مَطویٰ۔ مَرمیٰ۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اُدخِلَ سے مُدخَلٌ۔ اُخرِجَ سے مُخرَجٌ۔ اُخدِعَ سے مُخدَعٌ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلۃ کا وزن مقرر ہے، جیسے مقبرہ = جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعۃ = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد ومزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفعَلٌ جیسے مِبرَد۔ مِفعَالٌ جیسے مِفتَاحٌ۔ مِفعَلۃٌ جیسے مِکنَسۃٌ اور

یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔ مُنخُل۔ مُدہُن۔ مُکحُلۃ۔ مُدق۔ مُسعُط۔ مَنارۃ۔ مُشط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم۔ سکّین۔ فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ قَاتِلٌ۔ نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجتَنِبٌ۔ مُستَخرِجٌ۔ مُعتَرِفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے مَفعُولٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنصُورٌ۔ مَضرُوبٌ۔ مَفتُوحٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو مفتوح کردینے سے بنتا ہے جیسے مُقبَلٌ۔ مُکرَمٌ۔ مُدَحرَجٌ۔

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمحَلَ سے مَاحِلٌ اَملَحَ سے مَالِحٌ۔ اَیفَعَ سے یَافِعٌ۔ اَعشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّہٗ سے مَحبُوبٌ۔ اَجَنَّہٗ سے مَجنُونٌ۔ اَحَمَّہٗ سے مَحمُومٌ۔ اَزکَمَہٗ سے مَزکُومٌ۔ اَسَلَّہٗ سے مَسلُولٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفتِ مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ۔ کَرِیمٌ۔ لین۔ سہل۔ صَعبٌ۔ لقیان۔ غضبان۔ کسول۔ عطشیٰ۔ رؤف۔

اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ۔ اَعْرَجُ۔ اَبْلَجُ۔ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن۔ مستقیم۔

اسمِ تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلیٰ کا مقرر ہے۔ اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعلُ کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں جیسے اشد سوادًا اشد استخراجاً۔

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمدُ مُحمِدُ سے اور "حاتم اعطیٰ من عمرو" میں اعطیٰ سے اور "ہذا اسفرُ اختصرُ من ذاک" میں اختصرُ، اِختصرَ سے ماخوذ ہے۔ اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "ما بالبادیۃ انوأمنہ" میں انوأ، نوءٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی نچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخیر اور اَشر تھے کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے۔ کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں۔

(۱) فَعَّال جیسے علّام۔ نصّار۔ (۲) فَعَّالَۃ جیسے علّامۃ و فہّامۃ (۳) فِعِّیل جیسے صِدّیق و سِکّیر۔ (۴) مِفْعِیل جیسے مِسکین و مِعْطِیر۔ (۵) مِفْعَال جیسے مِکْسال و مِقدام۔ فُعَلَۃ جیسے ضُحَکۃ و ضُجَعۃ۔ فَعِلٌ جیسے شَرِہٌ و حَذِرٌ۔ فَعِیلٌ جیسے رحیمٌ و عظیمٌ۔ فَعُولٌ جیسے کَذُوبٌ۔ وَدُودٌ۔ فَاعِلَۃ جیسے رَاوِیۃ فُعْلٌ جیسے غُفْل فَعُولَۃٌ جیسے فَرُوقَۃٌ (۱۱) مِفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ۔ فَاعُولٌ جیسے فَارُوقٌ۔ (۱۵) فُعَّال جیسے کُبّار

مبالغہ کے اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرّاک، اَدرکَ سے۔ مِعْطَار، اَعطیٰ سے۔ مِہوان اہان سے مِحسان احسن سے۔ دِتلاف اَتلفَ سے مِلاق اَملقَ سے مِخلاف اَخلفَ سے اور سَمِیع اَسمعَ سے۔ نذیر اَنذرَ سے۔ زہوق اَزہقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں "تا" تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علّامہ فہّامہ۔

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر" "امرأۃ نصیرۃ" "جاء نصیر و نصیرہ"

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے "زید قتیل"۔ "واتت المرأۃ جریحاً" اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائیگا جیسے جاء حبیب و حبیبۃ

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیی البتول۔ مریم البتول۔ اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولۃ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ہذا رسول و تلک رسولۃ۔ وجاء رسول و رسولۃ"۔

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مونث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمۃ، قوۃ، نعمۃ، قدرۃ۔ الف مقصورہ جیسے عذریٰ۔ فضلیٰ، کبریٰ، عظمیٰ۔ الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء بیضاء۔ زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مونث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحۃ۔ نخلۃ۔ ارطیٰ وغیرہ۔

مونث کی دو قسمیں ہیں مونث لفظی۔ مونث معنوی۔ مونث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہلِ زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم، زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقۂ اُناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اُخت، اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے، اس لئے کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد۔ مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا[1] ہے۔ یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے مشہور اسماء درج ذیل ہیں۔

آتان - اذن - ارض - ارنب - اروی - است - اصبع - افعی - انق - بئر - بلغ - بنصر - ثعلب - جحیم - جہنم - حرب - خنصر - دار - دبر - ذراع - رجل - رحم - رحی - ریح - سعیر - سقر - سن - ساق - شمس - شمال - ضبع - عروض - عصا - عقب - عین - غول - فاس - فخذ - فلک - قدم - قدوم - قوس - کاس - کتف - کرش - کف - نار - نعل - ناب - ورک - ید - یمین - ینبوع -

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال، ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں۔ الریح مؤنثۃ لاتہ وکذلک سائر اسمائھا الا الاعصار فانہ مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں۔

ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سُری، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سُلّم، سماء، سُوق، صاع، ضحی، طِرس، طریق، عجز، عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قِدر، قفا، قمیص، کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسی، نفس، درار،

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالتِ رفعی میں الف اور حالتِ نصبی و جری میں یاء ما قبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے جاء الرجلان۔ رایت الرجلین، مررت بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنیٰ لائیں گے جیسے عبدا الاحد، عبدا الرحمان۔

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک۔

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ما قبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رامٍ رامیان۔ داعٍ داعیان۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اسکے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا، رحیٰ) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ جیسے عصا سے عصوان۔ فتیٰ سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان۔ قہقران، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقریان خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء، خضراء) میں الف اگر تانیث کیلئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو، اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے۔ جیسے لالاء سے لالاءان۔ قراء سے قراءان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، ہنوان لیکن فم اور ید میں واؤ واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائیگا مثلاً سنۃ، ابن، اسم میں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے

[1] مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمؤنث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے۔

کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض، اجمع، جمعاء، کل، اور عریب، دیار۔ اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال مِن سے ہو جیسے الیدان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالتِ رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالتِ نصبی وجری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بمسلمین"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لئے طلحۃ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واو نون سے جمع نہیں آئیگا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئیگا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذو و معدیکرب، ذو و بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو۔ اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں۔ جیسے جریح وصبور۔ اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ

کچھ ایسے اسماء ہیں کہ اُن میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون۔ عالمون۔ علیون۔ اَہلُون۔ بنون۔ سنون۔ اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات۔ شجرۃ سے شجرات امرأۃ، شاۃ، قلۃ، اُمۃ، ثبۃ، شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات۔ امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات، حُمّیٰ سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے۔ جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمامات۔ سُرادقات، شمالات، امہات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، تناصل، بطارکۃ کرادلۃ۔

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعْل اور فَعْلۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے۔ جیسے ثَمْرَۃ ثَمَرات۔ رَحْمَۃ رَحَمات۔

اور اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فا کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسْرَۃ سے کِسَرات کِسْرات، کِسِرات۔ حُجْرَۃ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزَۃ سے جَوْزات۔ بیعۃ سے بیعات۔

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رَمْیَۃ سے رَمَیات اور رُقْوَۃ سے رُقَوات، رُقْوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہمشکل فا بنانا جائز نہیں۔ جِرِوات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضَمّۃ سے ضَمّات۔ عِزّۃ سے عِزّات۔

جمع مُکسّر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں

کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رَسُول سے رُسُل۔ کتاب سے کُتُب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَعْث سے بُعُث۔

جمع تکسیر کی دو قسمیں ہیں۔ جمع قلت۔ جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں:۔

اَفْعَال جیسے طِفْل سے اَطْفَال۔ اَفْعُل جیسے نَہر سے اَنْہُر۔ اَفْعِلَۃ جیسے رَغِیف سے اَرْغِفَۃ۔ فِعْلَۃ جیسے فَتیٰ سے فِتْیَۃ۔

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعُل کی اَفَاعِل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں۔ اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یا ساکن ہو جیسے مساجد، منابر، اناعیم۔ قنادیل۔

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراقی داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے اَیُّھَا الشُّیُوخُ لَاتَکُونُوا کَالْفِتْیَۃِ۔ اِحْفَظُوا اَنْفُسَکُمْ۔

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کیلئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں، صرف چند قیاسی ہیں جنکا ذکر آگے آئیگا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں۔ اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت وکثرت کا لحاظ کئے ہوئے، جس کا مآل یہ ہے کہ قلت وکثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃ کی جمع جیسے غُلْبَۃ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صُوَر صُرَّۃ کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَۃ کی جمع جیسے قِطْعَۃ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعْلَۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حِلْیَۃ کی جمع حُلی۔ لِحْیَۃ کی جمع لُحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل۔ خندس کی جمع خنادس۔ اور خماسی مجرد ومزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج۔ اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعل۔ ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مونث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعل افعل (بتثلیث الہمزہ) کی جمع جیسے اِصْبَع کی جمع اصابع اُنْمُلَۃ کی جمع اَنَامِل، اَجْدَل کی جمع اَجَادِل۔

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزۃ کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اُس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مَفْعَل اور مِفْعَلَۃ کی جمع جیسے مبضع کی جمع مَبَاضِع۔ مِکْنَسَۃ کی جمع مکانس۔

(۱۰) مفاعیل۔ مِفْعَال۔ مِفْعِیل مفعول کی جمع جیسے مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین۔ مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کیلئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل۔ قوم۔ رہط۔ جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ ہے، تمر کہ اس کا واحد تمرۃ ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرُّومِیّ۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام، رُفقۃ کی جمع رُفق، نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ ۱۔ اسم فاعل۔ ۲۔ اسم مفعول۔ ۳۔ صفت مشبہ۔ ۴۔ اسم تفضیل۔ ۵۔ اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغۂ صفت کو اگر مونث بنانا ہو تو آخر میں تا لگادو جیسے صادق صادقۃ۔ عالم، عالمۃ، لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مونث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ۔ سکران سے سکریٰ ظمآن سے ظمآی۔ لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے

ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں۔

الیان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان، مصّان، موتان، ندمان، نصران،

اور بعض کلمات کی تانیث فعلٰی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشٰی اور عطشانۃ۔ غضبان سے غضبٰی اور غضبانۃ۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اسکی تانیث فعلاء کے وزن پر جیسے ابیض سے بیضاء۔ اسمر سے سمراء

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فُعلٰی ہے جیسے اکرم سے کُرمٰی۔ اصغر سے صغرٰی لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں جیسے احلٰی سے حُلیا۔ ادنٰی سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں :-

(۱) فَعَالَۃٌ جیسے رَجُلٌ فَہَامَۃٌ اِمْرَأَۃٌ فَہَامَۃٌ

(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ، اِمْرَأَۃٌ مِفْضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔

(۳) مِفْعِیْلٌ جیسے رَجُلٌ مِعْطِیْرٌ، اِمْرَأَۃٌ مِعْطِیْرٌ اور مسکینۃ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَۃٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعْلَۃٌ اور فُعَلَۃٌ جیسے رَجُلٌ ضُحْکَۃٌ اِمْرَأَۃٌ ضُحْکَۃٌ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہونگے جیسے ضُحَکَۃ = بہت ہنسنے والا۔ ہُمَزَۃ = بہت عیب لگانے والا ہُزَأَۃ = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رَجُلٌ صَبُوْرٌ، غلامٌ قَتِیْلٌ۔ اِمْرَأَۃٌ قَتِیْلٌ۔ لیکن یہ اُس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوّۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونیکے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ، عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امراۃ عقیم۔ یُحْیِی الْعِظَامَ وَہِیَ رَمِیْمٌ۔

جو صفات کہ طبقۂ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں ان میں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق مرضع حامل۔ اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے اَرْضَعَتْ فَہِیَ مُرْضِعَۃٌ۔

صِفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مونث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلٰی کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعْل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حُمْر۔ ازرق کی زُرْق، اعرج کی عُرْج اعمٰی کی عُمْی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دیدیتے ہیں۔ عِیْد۔ بِیْض۔ ہِیْف۔ اغید۔ ابیض۔ اہیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلٰی کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فَعَالٰی یا فِعَال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکارٰی وحیارٰی سکران و حیران کی جمع اور جِیَاع و غِضَاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے دُعَاۃ، رُمَاۃ، غُزَاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَۃٌ رُمَیَۃٌ غُزَوَۃٌ ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت یا درد یا تشتت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فَعْلٰی کے وزن پر آتی ہو جیسے جریح کی جمع جرحٰی، صریع کی جمع صرعٰی۔ شتیت کی جمع شتّٰی۔ اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو، اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضٰی — یا فَعِل کے وزن پر ہو جیسے زمِن کی جمع زمنٰی۔ یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکٰی۔

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّال۔ فَعَلَۃ۔ فُعَّل۔ فَوَاعِل۔ فُعَلَاء۔ اور افعلاء

(۱) فُعَّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار۔ صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کَتَبَۃ۔ ظالم کی جمع ظَلَمَۃ

فَعَلَۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کیلئے ہے جو اجوف ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے سَاقَۃ، باعۃ، حاکۃ، صاغۃ کہ اصل میں سَوَقَۃ، بیعۃ، حیکۃ، صَوَغَۃ تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّد ساجد کی جمع نُوَّم نائم کی جمع جُوَّع جائع کی جمع۔

(۳) فواعل فاعلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع اور فواعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقۂ اناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ علماء علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویاء قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر

مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کبریات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر، کُبر،

صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع افاضلون۔

نسبت

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کیلئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنیکا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجلٌ مصریٌ

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائیگا۔ مثلاً فخذ میں فخذی اور ملک میں ملکی کہا جائیگا۔ اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرِق میں مشرِقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اسکا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرۃ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عصا سے عصوی۔ فتیٰ سے فتوی۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مرمیٰ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مرمی

اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو خواہ تانیث کے لئے خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے حبلی اور ذفری کہا جائے گا اور واو سے بدلدیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی، ذفروی کہا جائیگا۔ لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس کو پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوی۔ دنیاوی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مصطفی اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائیگا مصطفوی

اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کیلئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائیگا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی، سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اسکو واو سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضی سے قاضی۔ ماضی سے ماضی اور واو سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتحہ دیا جائیگا۔ کہا جائیگا۔ قاضوی، ماضوی

اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلی۔ معتدی سے معتدی۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائیگا۔ اور دوسرے کو واو سے بدل دیا جائیگا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غنی سے غنوی علی سے علوی۔

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائیگا اور ماقبل مفتوح ہوگا جیسے مدینہ سے مدنی، فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی، سلیقی،

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہوگا طویلہ کی نسبت میں کہا جائیگا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلہ کا بیان کیا گیا ہے یہی فُعیل و فُعیلہ میں بھی جاری ہوگا جیسے عُقیل سے عُقیلی۔ قصی سے قصوی، قُلیلۃ سے قُلیلی امیۃ سے امیی۔

اگر اسم کے آخر میں واو چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اسکے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واو کو حذف کر دیا جائے گا۔ قلنسوۃ سے قلنسی اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائیگا۔ اور نہیں تو واو باقی رہے گا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واو سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حیوی۔

اور اگر دوسری یاء واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واو ہو جاوے گی جیسے طی سے طَوَوِیّ۔

اگر کسی کلمہ سے آخر کا حرف حذف ہوگیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائیگا۔ جیسے اب سے ابویّ۔ اخ سے اخویّ۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کردیتے ہیں اور کہتے ہیں۔ اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنیّ اور بنویّ کہا جاتا ہے ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائیگا یدوی دموی۔ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدیّ۔ دمیّ۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کردینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سمویّ اور بنویّ کہنا جائز ہے اور ابنیّ و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کردیا جائیگا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنویّ۔ لغۃ سے لغوی۔ اور زِنَۃ سے وَزْنیّ۔ اور صلۃ سے وَصْلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائیگا جیسے عراقین سے عراقی۔ مسلمین سے مسلمیّ۔

یہی حکم ہے اُن کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنیّ اور ثنوی۔ عشرین سے عشریّ، اربعین سے اربعیّ۔

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل و عبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر، مناجذ۔ نساء۔ نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطریّ، مناجذی نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔

اور جو جمع مکسر علم ہوگیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے گا۔ جیسے انبار سے انباریّ، انصار سے انصاریّ۔ اہواز سے اہوازیّ۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کردیا جائیگا۔ اور اوّل جزء کیطرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدیکرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربیّ۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزء اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امرأ القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی۔ عبد الاشہل سے اشہلی۔ ابو بکر سے بکری۔ عبد مناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ جیسے عین ابل سے عین ابلیّ وادی آش کو وادی آشیّ۔ عین حور سے عین حوریّ۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کردیا جاتا ہے جیسے تأبط شرا سے تأبطیّ۔ ذرحبا سے ذریّ۔

حروفِ تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کی تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں

انف کبیر	سے	آنافیّ	حروراء	سے	حَرُورِیّ	رَوحاء	سے	رَوْحانیّ
اُمَیّۃ	″	اُمَوِیّ	حرمین	″	حِرْمِیّ	رے	″	رَازِیّ
بادیۃ	″	بَدَوِیّ	حضرموت	″	حَضْرَمِیّ	رباب	″	رُبّیّ
بحرین	″	بحرانیّ	خُزَینۃ	″	خُزَیْنِیّ	سہل	″	سہلیّ
بہراء	″	بَہْرانیّ	دَہر	″	دُہرِیّ	سلیقۃ	″	سَلِیقِیّ
تہامۃ	″	تہامیّ یا تَہام	دَیر	″	دیرانیّ	سلیمۃ الازد	″	سُلَیْمِیّ
تیم اللات	″	تَیْمَلِیّ	دَارِیّا	″	دَارانیّ	سُلَیم	″	سُلَمِیّ
ثقیف	″	ثَقَفِیّ	رب	″	رَبّانیّ	شام	″	شَآم
جمۃ عظیمۃ	″	جُمّانیّ	رقبۃ عظیمۃ	″	رَقَبانیّ	شعر کثیر	″	شعرانیّ
جذیمۃ	″	جُذَمِیّ	رامہرمز	″	رامیّ	صدر کبیر	″	صُدْرانیّ
جلولاء	″	جَلُوْلِیّ	رُدَینۃ	″	رُدَیْنِیّ	صنعاء	″	صَنْعانیّ
بنی الحبلی	″	حُبَلِیّ	روح	″	روحانیّ	طبیعۃ	″	طَبِیعِیّ

طیئ	سے	طائی	فقیم کنانہ	سے	فُقمی	مروالشاہجہانی	سے	مروزی
عمیرۃ کلب	"	عُمیری	فراہید	"	فرہودی	امرؤ القیس	"	مرئی
بنی عبیدہ	"	عبدی	توأم	"	تُوأمی	ہجر	"	ہاجری
عبد شمس	"	عبشمی	قریش	"	قرشی	ہذیل	"	ہُذلی
عبدالدار	"	عبدری	کنت	"	کُنتی	انباط	"	نباطی یا نباط
عبد قیس	"	عَبقسی	لحیۃ عظیمۃ	"	لحیانی	ناصرہ	"	نصرانی
عبداللہ	"	عبدلی	مُلیح خزاعۃ	"	مُلحی	یمن	"	یمانی

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کُلَیب۔ عبد سے عُبَید۔ رجل سے رُجَیل۔ ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیعِل کے وزن پر جیسے جعفر سے جُعَیفِر۔ سَفَرجَل سے سُفَیرِج۔ اور اگر مدہ ہو تو فُعَیعِیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیس مضراب سے مُضَیرِیب۔

اگر اسم کے آخر میں علامتِ تانیث یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف نون سے متصل جو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا۔ جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرۃ کی تصغیر ثُمَیرۃ۔ بشریٰ کی بُشَیریٰ سمراء کی سُمَیراء۔ سکران کی سُکَیران۔ غضبان کی غُضَیبان۔

اگر کلمہ مونث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اُرَیضۃ۔ شمس سے شُمَیسۃ لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کریں گے مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خُمَیس کہیں گے خُمَیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نُیَیب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ما قبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واو لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عُوَیج کہا جائے گا۔

لفظ عید کی تصغیر عُیَید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عُوَید ہونا چاہئے تھا اور اگر واو یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً سوط سے سُوَیط۔ بیت سے بُیَیت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واو سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خُوَیلد۔ ضارب سے ضُوَیرِب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واو ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ، دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیِّز کتاب کُتَیِّب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیوِل، اسود سے اُسَیِّد یا اُسَیوِد۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نصیر سے نُصَیِّر۔ جمیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے عُصفور سے عُصَیفِیر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہُوَ اُحَیلیٰ من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیّ اُخَیّ دُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ اخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگا دیا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا۔ اور محذوف حرف واپس آجائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وُزَینۃ وُعَیدۃ ہوگی اور اُخت اور بنت کی تصغیر اُخَیۃ بُنَیۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئے گی مومنان کی مُوَیمنان، مومنون کی مُوَیمنون، مومنات کی مُوَیمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر اَرغِفۃ کی اُرَیغِفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی

صورت یہ ہوگی کہ غلام کی تصغیر غلیّم بناکر واو نون لگاکر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جُوَیریات درہم کی جمع دراہم کی دُریہمات

اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بناکر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبد اللہ کی تصغیر عُبَید اللہ ہوگی۔ اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر مُعَیدِ یکرب حضرموت کی تصغیر حُضَیر موت، نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ، خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر، بعلبک کی بُعَیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلافِ قیاس آتی ہے۔

اُبَیجِر، بحر کی۔ اُنَیسیان، انسان کی۔ رُوَیجِل، رَجُل کی، اُصَیلال اصیل کی، عُشَیشِیَۃ، عَشِیَّۃ کی۔ اُصَیبِیَۃ، صِبیَۃ۔ اُغَیلِمَۃ، غِلمَۃ کی۔

اسی طرح قُوَیس۔ وُرَیع۔ حُرَیب۔ نُعَیل۔ عُرَیس۔ ذوید کہ ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہیے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتدا میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے اسماء، ابناء، اکرام، اسی طرح اگر ابتداء میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجمل، لافضل۔ لیکن لئلّا اور لئن اور یومئذٍ اور حینئذٍ میں تخفیف کے لئے کثرتِ استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائیگا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائیگا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فأتِ، واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائیگا۔ جیسے بأس بُؤس بِئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثنا رکلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائیگا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یا رجل ائذن" اور ہذا الذی اؤتمنت علیہ۔ اور ہمزہ متوسط متحرک اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لؤم رؤف سأل۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے سُؤال، رِئال، مؤنث

اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے بقاؤہ بقائہ بقاءہ۔

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے جُزْءٌ، شَیْءٌ، فَیْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے ہُنُؤ، لَکَأ، ظَمِئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نشأۃ۔ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئۃ، لؤلؤۃ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے خطیئۃ بریئۃ قراءۃ، صلاءۃ، مروءۃ، سوءۃ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگا۔ جیسے ضَارَبَ سے ماضی مجہول کا صیغہ ضُورِبَ اور قَاتَلَ سے قُوتِلَ۔

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگی جیسے اَیْقَنَ سے مُوْقِنٌ۔ اَیْسَرَ۔ مُوْسِرٌ۔

البَشِیرُ: خوش خبری دینے والا۔ ج بُشَرَاء
البَشَارَۃ: حسن وجمال۔
البُشَارَۃ: کھال کا تراشہ۔ ہدیہ جو خوشخبری دینے والے کو دیا جائے۔
البِشَارَۃ: خوشخبری۔ ج بَشَارَات وبَشَائِر۔ بَشَائِرُ الوجہِ: چہرہ کی خوبیاں۔ بَشَائِرُ الصُّبْحِ: آغاز صبح۔
البُشَّاش: کمینہ آدمی۔
البَشَرُ: انسان (مذکر، مونث، واحد، جمع) اَبُو البَشَرِ حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت۔
البَشَرَۃ: کھال کا اوپر کا حصہ، ساگ گھاس۔ ج بَشَر۔
التَّبَاشِیرُ: خوش خبری۔ ہر چیز کی ابتدا
البُشْریٰ: خوشخبری۔
المُبَشِّرَات: بارش کی امید دلانے والی ہوائیں۔
بَشِعَ (س) بَشَعًا وبَشَاعَۃً۔ الشَّیُٔ: بدمزہ ہونا — المرءُ: زشت رو ہونا — فلانٌ بالامرِ: ضیق میں ہونا۔
تَبَشَّعَ: بے مزہ ہونا۔ بدصورت ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر کرنا۔
اِسْتَبْشَعَ۔ بے مزہ سمجھنا۔
بَشَقَہٗ (ض) وبَشِقَہٗ (س) بَشْقًا بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
البَاشَق: ایک شکاری پرندہ۔ ج بَوَاشِق

بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا: جلدی کرنا۔ الخَبَرَ: گھڑنا — الثَّوبَ: دور دور سینا۔
— فِی عَمَلِہٖ: بُرے طریقہ سے کرنا۔
اِبْتَشَكَ: جھوٹ بولنا — الکلامَ: گھڑ لینا۔
البَشَّاك: بڑا جھوٹا۔
بَشِمَ (س) بَشَمًا۔ مِنَ الطَّعَامِ: بدہضمی ہونا — مِنَ الشَّیِٔ: اُکتا جانا۔ صفت (بَشِمٌ)
البَشَام: ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے خلال بناتے ہیں۔ واحد اس کا بَشَامَۃ ہے اور دوا فروش اس کے بیج کو حَبُّ البَلَسَان کہتے ہیں۔
بَصَّ (ض) بَصِیصًا وبَصًّا۔ چمکنا روشن ہونا — الماءُ: رسنا۔ کہا جاتا ہے "بَصَّ لِی بِیَسِیرٍ" اس نے مجھے تھوڑا دیا۔
بَصْبَصَ: الجروُ: پِلّے کا آنکھیں کھولنا۔
— الارضُ: اکھوا نکلنا — الشجرۃُ: کونپل نکلنا
البَصَّاصَۃ: آنکھ۔
البَصِیص۔ چمک۔ کپکپی۔ اور اسی سے ہے "اَفْلَتَ ولہ بَصِیصٌ"
بَصْبَصَ بَصْبَصَۃً۔ بمعنی بَصْبَصَ۔
(— وتَبَصْبَصَ) الکلبُ: دُم ہلانا — فلانٌ: چاپلوسی کرنا۔
بَصُرَ (ک) بَصِرَ (س) بَصَرًا وبَصَارَۃً بِہٖ: جاننا۔ دیکھنا۔
بَصَرَ (ن) بَصْرًا۔ الشَّیَٔ: کاٹنا۔
بَصَّرَہٗ۔ الامرَ: پہنچوانا۔ معلوم کرانا۔ وبَصَّرَ: بصرہ میں آنا — الجروُ: پِلّے کا آنکھیں کھولنا۔
بَاصَرَ۔ الشَّیَٔ: دور سے جھانک کر دیکھنا۔ دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔
اَبْصَرَہٗ: دیکھنا۔ بینا بنانا — الرجلُ: بصرہ میں آنا۔ اَبْصَرَ الطریقُ: واضح ونمایاں ہونا۔
تَبَصَّرَ: الشَّیَٔ: غور سے دیکھنا — فِی الشَّیِٔ: سوچنا غور کرنا۔
تَبَاصَرُوا: کسی چیز کو پہلے دیکھ لینے میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَبْصَرَ - الأمْرُ: ظاہر ہونا —— الأمْرَ: ظاہر کرنا - اچھی طرح دیکھنا —— فِیْہِ: سوچنا غور کرنا -

الْبَصَرُ: دیکھنے کی قوت - آنکھ علم - ج ابصار کہا جاتا ہے "اٰتَیْتُہٗ بَیْنَ سَمْعِ الْاَرْضِ وَبَصَرِہَا" میں اس کے پاس اسوقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی -

الْبَصْرَۃُ: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جلے دریائے دجلہ وفرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے الْبَصْرَتَانِ: بصرہ وکوفہ - والبَصْرَۃُ: سخت زمین لیسدار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں - ج بِصَار

الْبَصِیْرُ: دانا - بینا - ج بُصَرَاءُ -

الْبَصِیْرَۃُ - عقل - زیرکی - دانائی - عبرت شاہد - حجت - کہا جاتا ہے "جَوَارِحُہٗ بَصِیْرَۃٌ عَلَیْہِ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں - و "فِرَاسَۃٌ ذَاتُ بَصِیْرَۃٍ" سچی فراست -

الْبَاصِرَۃُ: آنکھ - ج بَوَاصِر - کہتے ہیں "خَیْرُ الْعَشَاءِ بَوَاصِرُہٗ" بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھا لیا جائے -

الْبَاصِرُ: چھوٹا گول پالان - ج بَوَاصِر -

الْبُصْرُ: کنارہ - روئی - چھال - بُصْرُ کُلِّ شَیْءٍ: موٹائی - حدیث میں ہے "بُصْرُ کُلِّ سَمَاءٍ مَسِیْرَۃُ خَمْسِمِائَۃِ عَامٍ" ہر آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے -

الْبِصْرُ - نرم سفید پتھر -

الْمَبْصَرُ والْمَبْصَرَۃُ: واضح روشن دلیل -

الْمُبَصِّرُ: نگہبان - کہا جاتا ہے "رَتَّبْتُ عَلٰی بُسْتَانِیْ مُبَصِّرًا" میں نے اپنے باغ کیلئے ایک نگہبان مقرر کیا -

بَصَعَ (ف) بَصْعًا - جمع کرنا —— الْمَاءُ: پانی بہنا یا رسنا -

الْبِصْعُ: رات کا کچھ حصہ -

الْبَصْعُ - بے وقوف - انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ -

الْبَصِیْعُ: پسینہ جو جسم سے ٹپک رہا ہو -

ج بُصْعٌ -

الْاَبْصَعُ: بیوقوف - اسکو تاکید کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "اَخَذْتُ حَقِّیْ اَجْمَعَ اَبْصَعَ" مونث (بَصْعَاءُ) ج اَبْصَعُوْنَ و بُصَعُ - اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے -

بَصَقَ (ن) بَصْقًا - تھوکنا —— الشَّاۃَ: حاملہ بکری کو دوہنا -

الْبُصَاقُ: تھوک - اور جب تک منہ میں ہو اس کو ریق کہتے ہیں -

الْبَصْقَۃُ - بلند سنگلاخ زمین - ج بِصَاقٌ -

بَصَّلَہٗ وتَبَصَّلَہٗ - مِنْ ثِیَابِہٖ: ننگا کرنا -

تَبَصَّلَ - الْقِشْرُ: چھلکے کا موٹا ہونا -

الْبَصَلُ: پیاز - واحد بَصَلَۃٌ - الْبَصَلَۃُ: لوہے کا خود، اور اسی سے ہے "خَرَجُوْا کَاَنَّہُمُ الْاَصَلُ وَعَلٰی رُءُوْسِہِمُ الْبَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں - اس قول میں اصل جمع اَصَلَۃٌ کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے -

بَصَلُ الْفَارِ: جنگلی پیاز - عوام اس کو بُصَیْلَۃٌ کہتے ہیں -

بَصَمَ (ن) بَصْمًا - الْقُمَاشَ: سامان پر علامت لگانا -

الْبُصْمُ - خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ - ثَوْبٌ ذُوْ بُصْمٍ: موٹا غف کپڑا -

رَجُلٌ ذُوْ بُصْمٍ: موٹا مرد -

الْبُصْمَۃُ: علامت -

الْبُصَانُ والْبُصَّانُ - ماہ ربیع الآخر ج بُصَانَاتٌ وَاَبْصِنَۃٌ -

بَصَا (ن) بَصْوًا - غَرِیْمَہٗ: قرضدار سے سب کچھ لے لینا -

الْبَصْوَۃُ - چنگاری - انگارہ -

بَضَّ (ض،س) بَضَاضَۃً وبُضُوْضَۃً موٹاپے کے ساتھ پتلے اور نرم چمڑے والا ہونا - صفت (بَضٌّ وبَاضٌّ وبَضِیْضٌ) مونث بَضَّۃٌ وبَاضَّۃٌ وبَضِیْضَۃٌ -

بَضَّ (ض) بَضًّا وبُضُوْضًا وبَضِیْضًا - الْمَاءُ: تھوڑا تھوڑا بہنا —— الْحَجَرُ: پانی رسنا بخیل کیلئے کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَبِضُّ حَجَرُہٗ" یعنی فلاں کے خیر کو حاصل نہیں کیا جا سکتا - —— الْعَیْنُ: آنسو نکلنا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا تَبِضُّ عَیْنُہٗ" فلاں کی آنکھوں سے آنسو نہیں نکلتا - یعنی وہ مصیبتوں پر صبر کرنیوالا ہے —— اَوْتَارَ الْعُوْدِ: بجانے کے لئے چھیڑنا - —— لَہٗ: دینا -

بَضَضًا وبُضَاضَۃً - تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا -

اَبَضَّ - لَہٗ: تھوڑی سی چیز دینا -

بَضْبَضَ تَبَضْبُضًا: ناز ونعمت کی زندگی بسر کرنا -

اِبْتَضَّ - الْقَوْمَ: ساری قوم کو تباہ کر دینا

تَبَضَّضَ - فُلَانًا: سب کچھ لے لینا - حَقَّہٗ مِنْ فُلَانٍ: تھوڑا تھوڑا کرکے وصول کرنا -

بِئْرٌ (بَضُوْضٌ) کم پانی والا کنواں - ج بِضَاضٌ

الْبَضِیْضُ والْبُضَاضَۃُ: تھوڑا پانی -

الْبَضُّ: موٹائی کے ساتھ نرم جسم اور پتلی کھال والا - مونث بَضَّۃٌ - الْبَضُّ والْبَضَّۃُ: کھٹا دودھ -

الْبَضِیْضَۃُ - جو کچھ کسی کے قبضہ میں ہو - کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لَہٗ بَضِیْضَتِیْ" میں نے اپنی تمام مملوکہ چیزیں اسے دیدیں -

الْبَضْرَۃُ: رائگاں - اور اسی سے ہے - "ذَہَبَ دَمُہٗ بِضْرًا مِضْرًا" اس کا خون رائگاں گیا -

بَضَعَ (ف) بَضْعًا وبَضَّعَ - الشَّیْءَ: کاٹنا - چیرنا - نشتر لگانا -

بَضَعَ (ف) بُضُوْعًا - الْکَلَامَ: سمجھنا - —— الْکَلَامُ: واضح ہونا —— مِنْ فُلَانٍ: اکتا جانا - تنگ دل ہونا -

اَبْضَعَ - الْکَلَامَ: واضح طور سے بیان کرنا

أبضع الشيءَ: سرمایہ بنانا — المرأةَ: نکاح کرنا — الماءُ فلانًا: سیراب کرنا۔
تَبَضَّعَ واِسْتَبْضَعَ: سرمایہ لینا۔ الشيءَ: سرمایہ بنانا۔ تبضّع العرقُ: پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ استبضع الرجلُ الشيءَ: کسی کے لئے سرمایہ بنانا۔
اِنْبَضَعَ۔ کٹنا۔ چیرا جانا۔ شگاف دیا جانا۔
بَاضَعَ مُبَاضَعَةً وبِضَاعًا۔ المرأةَ: جماع کرنا۔
اَلبَاضِعُ: لوگوں کے سامان کو اٹھانیوالا شمشیر بُراں۔
اَلمِبْضَعُ۔ نشتر۔ ج مَبَاضِعُ۔
اَلأَبْضَعُ۔ من الرجال: لاغر۔
اَلبِضْعَةُ والبَضْعَةُ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج بِضَعٌ وبَضْعٌ وبِضَاعٌ وبَضَعَاتٌ۔
اَلبِضْعُ والبَضْعُ۔ رات کا کچھ حصہ۔ تین سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے۔ بضع سنين وبضع عشرة من النساء، وبضع وعشرون امرأة اور مذکر کیلئے بضعة عشر من الرجال و بضعة وعشرون اور بضع کی تقدیم واجب ہے اس لئے عشرون وبضع نہ جائز ہوں۔
اَلبَضِيْعُ۔ گوشت۔ جزیرہ۔
اَلبِضَاعَةُ۔ سرمایہ۔ پونجی۔ ج بَضَائِعُ۔
بَضَمَ (ن) بَضْمًا۔ الزرعُ: موٹے دانہ والا ہونا۔
اَلبُضْمُ: خوش نفس۔ کہا جاتا ہے۔ هو كريم البضم: وہ کریم النفس ہے۔
بَطَّ (ن) بَطًّا۔ الجرحَ: زخم کو چیرنا۔ شگاف کرنا۔
بَطْبَطَ: عاجز ہونا۔ تھکنا۔
اَلبَطُّ: واحد (البَطَّةُ) بطخ (نر و مادہ دونوں کے لئے) ج بُطُوطٌ وبِطَاطٌ۔
اَلبَطَّةُ: بطخ کے شکل کی شیشی۔
اَلمِبَطُّ: ج مَبَاطُّ و (المِبَطَّةُ) نشتر۔ شگاف دینے کا اوزار۔

اَلبَطَاطَا۔ آلو (جدید)
بَطْبَطَ۔ البطُّ: آواز کرنا۔ پانی میں غوطہ لگانا — الرجلُ: کمزور رائے والا ہونا۔
بَطُؤَ (ک) بُطْأً وبِطَاءً وبُطُوءًا وأبطأ: دیر کرنا۔ صفت (بطيء) مونث بطيئة۔ ج بطاء
أَبْطَأَ وبَطَّأَ: عليه بالأمر: دیر کرنا۔ مؤخر کرنا۔
بَاطَأَهُ۔ ٹال مٹول کرنا۔
تَبَطَّأَ وتَبَاطَأَ۔ في سيره: پیچھے رہنا۔
اِسْتَبْطَأَهُ۔ دیر کرنے والا پانا۔ یا سمجھنا
اَلمَبْطَأَةُ: باعث دیری۔
بَطَحَهُ (ف) بَطْحًا۔ بچھانا۔ منہ کے بل گرانا۔
بَطَّحَ۔ البيتَ: سنگریزے بچھا کر ہموار کرنا۔
تَبَطَّحَ وانْبَطَحَ واسْتَبْطَحَ۔ الوادي: پھیلنا۔ کشادہ ہونا۔ انبطح الرجلُ: منہ کے بل گرنا
اَلبَاطِحُ: فا۔ منہ کے بل گرنے والا۔
اَلبَطْحَاءُ ج بطاح وبطائح وبطحاوات و (الأبطح) ج أباطح — والبطيحة) ج بطائح و (البطح) کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی کنکریاں ہوں۔
اَلبَطْحَةُ: قد و قامت۔ مسافت۔
اَلبُطْحَةُ: خصلت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هذه بطحة صدق"
اَلبُطَاحُ: ایک بیماری جو بخار سے پیدا ہوتی ہے اور برسام کے مشابہ ہوتی ہے۔ اور اسی سے ہے (البطاحي)
بَطَخَ (ف) بَطْخًا: چاٹنا۔
أَبْطَخَ: بہت خربوزے والا ہونا۔
اَلبِطِّيْخُ: خربوزہ۔ خربوزہ کی بیل۔ واحد بطيخة۔
اَلمَبْطَخَةُ: خربوزوں کی فالیز۔ ج مباطخ
بَطَرَهُ (ن ض) بَطْرًا: چیرنا۔ شگاف دینا۔ صفت مفعولی (مبطور وبطير)
بَطِرَ (س) بَطَرًا۔ زیادتی نعمت کی وجہ سے حیران ہونا۔ اترانا — الحقَّ: تکبر سے قبول

نہ کرنا — الشيءَ: ناپسند کرنا حالانکہ وہ چیز ناپسندیدگی کے قابل نہ ہو — النعمةَ: جہالت یا تکبر سے حقیر سمجھنا اور ناشکری کرنا۔ صفت (بَطِرٌ)
أَبْطَرَهُ۔ دہشت میں ڈالنا۔ ناشکر گزار بنانا کہتے ہیں "أبطره ذرعه" اس پر اس کی طاقت سے زیادہ لاد دیا ذرعه أبطره کی ضمیر مفعولی سے بدل اشتمال ہے۔
بِطْرًا۔ رائگاں۔ کہا جاتا ہے "ذهب دمه بطرًا" اس کا خون رائگاں گیا۔
بَيْطَرَ۔ الدابةَ: جانور کا علاج کرنا۔ نعلبندی کرنا۔ صفت (مبيطر وبيطر وبيطار) ج بياطرة۔
اَلبَيْطَرَةُ: سالوتری کا پیشہ۔
اَلبِطْرِيْرُ۔ زباں دراز۔ بہت چیخنے والا۔ مونث بطريرة۔
اَلبَطْرَشِيْلُ والبَطْرَشِيْنُ: ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی کے وقت استعمال کرتا ہے۔
اَلبِطْرِيْقُ۔ رومیوں کا جرنیل۔ ج بطارق وبطاريق وبطارقة۔
اَلبُطَارِقُ۔ لمبا۔
اَلبَطْرَكُ والبَطْرِيَرْكُ والبَطْرِيْكُ: پادریوں کا سردار۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا مذہبی سردار۔ ج بطاركة وبطاريك۔
بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا۔ بہ: سختی سے پکڑنا — عليه: حملہ کرنا۔ ٹوٹ پڑنا۔ صفت (باطش وبطاش وبطيش) کہا جاتا ہے "فلان بطش في العلم باع بسيط" یعنی فلاں علم کو بہت جلدی حاصل کرلیتا ہے۔
بَاطَشَهُ: ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا یا حملہ کرنا۔
اَلأَبْطَعُ۔ وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گر گئے ہوں۔
اَلبِطَاقَةُ: خط، پرچہ، پرزہ۔ بطاقة الثوب:

کاغذ کی وہ چِٹ جس میں کپڑے کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ ج بَطَائِق۔

بَطَلَ (ن) بُطْلاً و بُطُولاً و بُطْلَاناً۔ فاسد ہونا۔ بیکار رہنا۔ باطل ہونا۔ صفت (بَاطِل) (— بَطَالَۃً) فی کلامہ: تمسخر کرنا۔ — الفاعلُ من العمل: بیکار رہنا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَۃً و بُطُولَۃً: دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ صفت (بَطَلٌ) ج اَبْطَال۔ مونث بَطَلَۃ۔ ج بَطَلَات۔

بَطَّلَہٗ: باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

اَبْطَلَ: لغو کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) — الشَّیْءَ: ضائع کر دینا۔ باطل کرنا — الرجلُ: تمسخر کرنا۔

تَبَطَّلَ: بہادر بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوا بَیْنَہُمْ" انھوں نے اپنے درمیان لغو اور باطل امور کیے۔

البِطَالَۃ: بیکاری۔ کام سے فراغت

البَطَالَۃ۔ بہادری۔

البَاطِل۔ فا۔ ناحق۔ ج اَبَاطِیل۔ شیطان جادوگر۔ ج بَطَلَۃ۔

البُطْل: باطل۔ جھوٹ۔ اور کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ بُطْلاً" اس کا خون رائگاں گیا۔

البُطْلَات: لغویات۔ فضولیات۔

الاُبْطَالَۃ والاُبْطُولَۃ: باطل۔

البُطْم والبُطُم۔ بن۔ بن کا پھل۔

بَطَنَ (ن) بُطُوناً و بَطْناً۔ پوشیدہ ہونا صفت (بَاطِن)

بَطَنَ (ن) بَطْناً: الوادیَ: داخل ہونا — ہٗ ولہٗ: پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الامرَ: کسی معاملہ کی تہ کو پہنچنا۔ (— بُطُوناً و بِطَانَۃً) بفلان و منہ: کسی کے خواص میں سے ہونا۔

بَطِنَ (س) بَطَناً و بَطُنَ (ک) بَطَانَۃً بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (بَطِنٌ و بَطِیْنٌ و مِبْطَانٌ)۔

بُطِنَ بَطْناً: مبتلائے دردِ شکم ہونا۔ صفت مَبْطُون۔

بَطَّنَ و اَبْطَنَ۔ الثوبَ: استر لگانا۔ — الدابّۃَ: تنگ کسنا۔ اَبْطَنَ الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا

بَاطَنَہٗ۔ سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔

تَبَاطَنَ: المکانُ: دور ہونا۔

تَبَطَّنَ و اسْتَبْطَنَ: الشَّیْءَ: اندر داخل ہونا — الامرَ: معاملہ کی تہ معلوم کرنا۔

البَطْن: پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الارض: زمین کا پست حصہ — من القوم: گروہ جو قبیلہ سے کم اور عمارۃ سے زائد ہو۔ ج بُطُون و اَبْطُن و بُطْنَان۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَّجَاجَۃُ ذَا بَطْنِہَا" یعنی مرغی نے انڈے دیئے۔ "وَضَاحَتْ عَصَافِیْرُ بَطْنِہٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

البَطَن: پیٹ کی بیماری۔

البَطِین: ہر ایسا جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔

البِطْنَۃ: دبر۔

البِطْنَۃ: زیادتی خوراک کی وجہ سے بہت زیادہ شکم پُری۔

البِطَان: ج اَبْطِنَۃ و بُطُن: تنگ جس کو جانور کے پیٹ کے نیچے سے باندھتے ہیں۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا جس کو گھوڑے پر مکھیوں سے بچانے کے لئے ڈالتے ہیں۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ غَرِیْضُ البِطَانِ" فلاں غنی یا آسودہ حال ہے و "اِلْتَقَتْ حَلْقَتَا البِطَانِ" معاملہ سنگین ہو گیا اور مصیبت سخت ہو گئی۔

بِطَانَۃ۔ الثوبِ: کپڑے کا استر۔ — الرجلِ: اہل و عیال خاص لوگ۔ بھید۔ ج بَطَائِن: رازدار۔

البَاطِن: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ پوشیدہ — مِنَ الارض: پست حصہ — مِنَ القدم: تلوا۔ ج اَبْطِنَۃ و بُطْنَان۔

البَاطِنَۃ: بھید۔

البَطِیْن: دور۔ کہا جاتا ہے "شَأْوٌ بَطِیْنٌ" مسافت بعیدہ "کِیْسٌ بَطِیْنٌ": بھری ہوئی تھیلی۔ البَطِیْن: بڑے پیٹ والا۔

البُطَیْن: چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔

المُبَطَّن: پتلے پیٹ والا۔

المُبَطَّنَۃ: ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِیَۃ: بڑا پیالہ۔ شراب کیلئے شیشہ کا برتن۔ ج بَوَاطِی۔

بَظَّ (ن) بَظًّا: العُودَ: بجانے کیلئے چھیڑنا۔ درست کرنا۔

اَبَظَّ: الرجلُ: موٹا ہونا۔ صفت (بَظِیْظ)

البَظُّ۔ فَظٌّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "ہو فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج ہے۔

بَظِرَ (س) بَظَراً۔ الرجلُ: غیر مختون ہونا صفت اَبْظَر۔ مونث بَظْرَاء۔ ج بُظْر۔

البَظْر: انگوٹھی۔

البِظْر۔ رائگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ بِظْراً" اس کا خون رائگاں گیا۔

المُبَظِّر۔ ختنہ کرنیوالا۔ مونث مُبَظِّرَۃ۔

بَعَّ (ن ض) بَعًّا۔ المَاءَ: کثرت سے بہانا۔

البَعَاع۔ سامان۔ بادل کا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَی السَّحَابُ بَعَاعَہٗ" بادل نے سارا پانی برسا دیا۔ "اَلْقَی بَعَاعَہٗ عَلَیْہِ" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔

البَعْبَعَۃ۔ جلدی جلدی بولے جانا۔

البَعَابِعَۃ: فقراء جن کے پاس کچھ بھی مال و جائداد نہ ہو۔

بَعَثَہٗ (ف) بَعْثاً و تَبْعَاثاً۔ تنہا بھیجنا۔ — بہٖ دوسرے کیساتھ بھیجنا — ہٗ: برانگیختہ کرنا۔ جوش دلانا۔ کہا جاتا ہے "بَعَثَہٗ مِنْ نَوْمِہٖ" اس نے اسکو نیند سے بیدار کیا۔ "وَبَعَثَہٗ عَلَی الشَّیْءِ" اس نے اس کو فلاں کام کرنے پر اکسایا — المیتَ: دوبارہ زندہ کرنا۔ اور اسی سے

يَوْمُ البَعْثِ ہے بمعنی روزِ قیامت۔ 5
بَعِثَ (س) بَعَثًا۔ نیند سے بیدار ہونا۔
تَبَعَّثَ۔ الشیءُ : کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــــ الشعرُ منہ : شعر کی آمد ہونا۔
تَبَاعَثُوا۔ علی الشیءَ : ایک دوسرے کو کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
اِنْبَعَثَ۔ بھیجا جانا۔ کسی چیز کا تیزی سے ظاہر ہونا ـــــ فی السیر : جلدی کرنا۔
اِبْتَعَثَہٗ۔ بھیجنا۔
البَعْثُ والبَعَثُ : فوج : ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے۔ ج بُعُث و بُعُوث۔
البَعْثُ والبَعِثُ۔ جس کو غم بیدار رکھے اور نیند سے اُٹھا اٹھا دے۔
البَاعُوثُ : عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سریانیہ ہے)
البَاعِثُ والبَاعِثَۃُ : سبب۔ ج بواعث۔
البَعِیْثُ والمَبْعُوْثُ : بھیجا ہوا۔ اٹھایا ہوا۔
یَوْمُ بُعَاث۔ ایک جنگ کا نام جو اوس وخزرج کے درمیان زمانۂ جاہلیت میں ہوئی تھی۔
بَعْثَرَہٗ بَعْثَرَۃً۔ بکھیرنا ـــــ المتاعَ : اُلٹنا پلٹنا۔
تَبَعْثَرَ۔ الٹ پلٹ جانا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَبَعْثَرَتْ نفسی" یعنی میرا نفس مضطرب ہو گیا اور متلی ہونے لگی۔
بَعَجَ (ف) بَعْجًا۔ البطنَ : پھاڑنا۔ صفت (باعج) صفت مفعول (مَبْعُوج و بَعِیج) بعیج مذکر و مونث دونوں کیلئے مستعمل ہے۔ ج بَعْجٰی ـــــ الارضَ آبارًا : بہت کنوئیں کھودنا ـــــ المطرُ الارضَ بَعَجَ فیہا : شدتِ وقوع کی وجہ سے پتھروں کو ظاہر کر دینا ـــــ بطنہ لہ : خیر خواہی میں مبالغہ کرنا۔
تَبَعَّجَ وانْبَعَجَ۔ السحابُ : برس کر کھل جانا ـــــ السیلُ : سیلاب کا تیزی کیساتھ بڑھنا ـــــ علی بالکلام : بہت زیادہ باتیں کرنا
البَاعِجَۃُ : وادی کا کشادہ حصہ۔ ج بَوَاعِج۔
بَعُدَ (ک) بُعْدًا و بَعِدَ (س) بَعَدًا۔ دور ہونا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ صفت (بَاعِد) ج بُعَد و (بَعِید) مفرد و جمع دونوں کے لئے "و (بعید) ج بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدَان۔
اَبْعَدَ۔ دور ہونا۔ (اَبْعَدَہٗ و بَعَّدَہٗ و بَاعَدَہٗ) دور کرنا۔
تَبَاعَدُوا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔
تَبَعَّدَ : دور ہونا۔
تَبَاعَدَ وابْتَعَدَ واسْتَبْعَدَ۔ عنہ : دور ہونا۔ اِسْتَبْعَدَ الشیءَ : دور پانا یا سمجھنا۔
البُعْدُ والبَعَدُ والبُعْدَۃُ۔ دوری۔ رائے و دور اندیشی۔ بُعْدًا لہٗ : بددعا ہے۔ یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے یا خیر سے محروم کرے۔
البُعَادُ : بعید کی مانند صفت ہے۔ دور
بَعْدُ : ظرفِ زماں ہے بمعنی پیچھے۔ اور اس کے لئے اضافت لازم ہے اور اگر اضافت نہ ہو تو ارادۂ اضافت کی صورت میں مبنی برضمہ ہوتا ہے۔ اور اگر اضافت نیت میں بھی نہ ہو تو منصوب ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ بَعْدُ و بَعْدًا و مِنْ بَعْدُ۔
الاَبْعَدُ۔ بہت دور۔ خیانت کرنیوالا۔ ج اَبَاعِد۔
رجل (مِبْعَدٌ) بہت دور دور کا سفر کرنیوالا۔
بَعِرَ (س) بَعَرًا۔ الجملُ : نہ سالہ یا چہار سالہ اونٹ ہونا۔
بَعَرَ (ف) بَعْرًا۔ مینگنی کرنا۔
بَعَّرَ المِعْیٰ واَبْعَرَہٗ و تَبَعَّرَہٗ : ساری مینگنی نکال دینا۔
البَعْرُ والبَعَرُ۔ ج اَبْعَار : مینگنی۔ واحد (بَعْرَۃ) ج بَعَرَات۔
البَعِیرُ : نہ سالہ یا چہار سالہ اونٹ یا اونٹنی۔ ج بُعْرَان و اَبْعِرَہ وجج اَبَاعِر و اَبَاعِیر۔
المَبْعَرُ والمِبْعَرُ : مینگنی نکلنے کا عضو۔ آنت کی چربی۔
بَعْزَقَہٗ بَعْزَقَۃً : پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
بَعِضَ۔ الرجلُ : مچھروں سے تکلیف اٹھانا۔ صفت (مَبْعُوض)
بَعَّضَہٗ۔ حصے بنانا۔ جزر جزر کرنا۔
تَبَعَّضَ۔ جزر جزر ہونا۔
اَبْعَضَ۔ المکانُ : مچھر والی ہونا بہت مچھروں والی ہونا۔ صفت (بَعِض و مَبْعُوض)
بَعْضُ۔ الشیءِ : کسی چیز کا ایک جزء۔ اور کبھی ایک فرد کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے بَعْضُ اللیالی" یعنی راتوں میں سے ایک رات۔ ج اَبْعَاض۔
البَعُوضُ۔ مچھر۔ واحد (بَعُوضَۃ)
بَعَطَ (ف) بَعْطًا۔ فی الجہل والشوم : مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا ـــــ الحیوانَ : ذبح کرنا۔
اَبْعَطَ۔ فُلَانٌ : حد سے بڑھ جانا ـــــ الرجلُ : طاقت سے زیادہ کی تکلیف دینا ـــــ فی الجہل : زیادتی کرنا۔
بَعَقَ (ف ن) بُعَاقًا۔ المطرُ الارضَ : تریڑے سے پڑکر دراڑ ڈال دینا۔
(ـــــ بَعْقًا) الجملَ : اونٹ ذبح کرنا ـــــ البئرَ : کنواں کھودنا۔
بَعَّقَ۔ الزقَّ : مشک پھاڑ دینا۔
تَبَعَّقَ وانْبَعَقَ واِبْتَعَقَ۔ فی الکلام : تیزی کے ساتھ بہت گفتگو کرنا ـــــ السحابُ : زور سے برسنا۔
البَاعِقُ : موذن۔
البُعَاقُ : زور سے برسنے والا بادل۔ چیخ۔
مَبْعَقٌ : المفازۃ : بیابان میں کشادہ جگہ۔
البُعْقُطُ والبُعْقُوطُ : پست قد۔

البُعْقُوطَة: گبریلا کی گولی۔
بَعِكَ (س) بَعَكًا۔ الجِسْمُ: بدن کا خشک اور کھُردرا ہونا۔
البَاعِكُ: بیوقوف۔
بُعْكُوكَة۔ الناس: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ـــ الصیف: گرمی ـــ البعکوکۃ: کسی چیز کا درمیانی حصہ۔
بَعَلَ (ن) بَعَالَةً وبُعُولَةً۔ الرَّجُلُ للمرأۃ: شوہر ہونا۔ بَعَلَتِ المرأۃ: شوہر والی ہونا۔
بَعِلَ (س) بَعَلًا۔ بِأَمْرِہٖ: متحیر ہونا صفت (بَعِل) مونث بَعِلَۃ۔
تَبَعَّلَتِ۔ المرأۃُ: شوہر کی اطاعت کرنا۔
بَاعَلَ۔ القومُ قومًا: آپس میں شادی بیاہ کرنا۔
اِسْتَبْعَلَ: المکانُ: بارانی ہونا۔
الرجلُ للمرأۃ: شوہر ہونا۔
البَعْلُ۔ ج بُعُول وبِعال وبُعُولۃ: شوہر۔ بیوی کو بَعْل اور بَعْلَۃ بھی کہتے ہیں۔ البَعْلُ: مالک۔ سردار کہتے ہیں: "من بَعْلُ ہذہ الناقۃ" اس اونٹنی کا مالک کون ہے۔ اسی کے لحاظ سے کنعانی وغیرہ بت پرست اپنے معبودوں پر لفظ بعل کا استعمال کرتے تھے۔
البَعْلُ من الارض: بارانی زمین۔
بَعْلَبَكّ: ملک شام کے ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے بعلبکی و بعلی۔
البَعِيمُ: ایک بُت کا نام۔ لکڑی کی بنی ہوئی مورت۔ موم کی گڑیا۔ رَجُلٌ بعیم: شعر نہ کہہ سکنے والا مرد۔
بَغَا يَبْغِي ويَبْغُو بَغْوًا وبَغَى يَبْغِي بَغْيًا گناہ کرنا۔ خطا کرنا ـــ ہ بالعین: نظر بد لگانا ـــ علیہم الشرَّ: کسی کے ساتھ برائی کرنا ـــ الشیءَ: منگنی لینا۔
بَغَا (ن) بَغْوًا۔ الدمُ: خون کا جوش میں آنا۔
بَغْبَغَ بَغْبَغَةً۔ البِسَاطَ: بچھونا روندنا۔
المُبَغْبِغ: گفتگو میں گڑبڑی کرنے والا۔ بہت جلد باز۔
بَغَتَ (ف) بَغْتًا وبَاغَتَۃً۔ اچانک آنا کہا جاتا ہے "لستُ آمَنُ مِنْ بَغَتَاتِ العَدُوِّ" میں دشمن کے اچانک آجانے سے مامون نہیں ہوں۔
بَغِثَ (س) بَغَثًا۔ سبزی مائل سفید ہونا گرد آلود ہونا۔ صفت (أَبْغَث) مونث بَغْثَاء۔
الأَبْغَثُ: ایک آبی پرندہ۔ ج بُغْث و أَبَاغِث۔ الأبغث: شیر۔
البُغْثَۃ۔ سبزی مائل سفیدی۔
البَغْثَاء۔ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلْنَا فِي البَغْثَاء" ہم لوگوں کی جماعت میں داخل ہو گئے۔
البُغَاث: تثلیث البا۔ سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ۔ جو گدھ سے چھوٹا اور اڑنے میں سُست ہوتا ہے۔ ج بِغْثَان۔ عرب کے قول "إنَّ البُغَاثَ بِأَرْضِنَا يَسْتَنْسِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ جو ہمارے پڑوس میں رہتا ہے وہ ہماری وجہ سے معزز بن جاتا ہے۔
البَغِيثُ: گیہوں۔
بَغْثَرَ۔ القومُ: جوش میں آنا۔ آپس میں مخلوط ہونا۔ بَغْثَرَہٗ: جُدا جُدا کرنا۔ متفرق کرنا۔ بَغْثَرَتْ نفسہ و تَبَغْثَرَتْ: جی متلانا۔
البَغْثَرُ: بیوقوف۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔
بَغْدَاد: عراق کے ایک شہر کا نام جس کو مدینۃ السلام اور زوراء اور دارالسلام بھی کہتے تھے۔
تَبَغْدَدَ۔ بغداد کی جانب منسوب ہونا۔ بغداد والوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
بَغِرَ (س) بَغْرًا وبَغَرًا: پانی پینا اور سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَغِر و بَغْر) ج بَغَارَی و بِغَارَی۔
بَغَرَتْ (ن) بُغُورًا۔ السماءُ: برسنا۔ ـــ النجم: ستارہ گرنا۔
بُغِرَتْ۔ الارضُ: بارش ہونا۔
البَغَرُ۔ پیاس جس میں سیرابی نہ ہو۔ (ـــ والبَغْرُ) سخت بوچھار۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفَرَّقُوا شَغَرَ بَغَرَ" وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے۔
البَغْزَۃ۔ پانی کی قوت۔
بَغَزَہٗ (ف) بَغْزًا۔ لاٹھی سے مارنا۔
البَغَزُ: سرعت حرکت۔ چستی۔
البَاغِزُ: چست۔ فسق و فجور میں منہمک۔
البَاغِزِيَّۃ۔ حریر کی مانند ایک قسم کا کپڑا۔
البُوغَاز: آبنائے۔ ج بَوَاغِز۔
بَغَشَتْ (ف) بَغْشًا۔ السماءُ: ہلکی بارش برسانا ـــ الصبیُّ الی اُمِّہٖ: روانسا ہو کر متوجہ ہونا۔
بُغِشَتْ۔ الارضُ: ہلکی بارش پڑنا۔
البَغْشَۃ۔ ہلکی بارش۔
بَغَضَ وبَغُضَ (ن ک) وبَغِضَ (س) بَغَاضَۃً۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا (مَا أَبْغَضَنِي لَہٗ وَمَا أَبْغَضَہٗ إِلَيَّ) سیبویہ نے کہا کہ جب تم مَا أَبْغَضَنِي لَہٗ کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں اسکے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہوں اور جب مَا أَبْغَضَہٗ إِلَيَّ کہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میرے نزدیک بہت زیادہ مبغوض ہے۔
بَغَّضَہٗ۔ اِلَیہ: نفرت دلانا۔ دشمنی دلانا۔
أَبْغَضَہٗ: دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔
تَبَغَّضَ۔ الیہ: دشمنی کرنا۔
تَبَاغَضُوا۔ ایک دوسرے سے دشمنی کرنا
البُغْضُ۔ نفرت۔ دشمنی۔
البِغْضَۃُ والبَغْضَاءُ والبَغَاضَۃ: سخت دشمنی۔ البِغْضَۃ۔ دشمنی کرنے والے لوگ۔
البَغِيض۔ سخت دشمنی رکھنے والا۔
بَغَلَہُمْ (ن) بَغْلًا۔ باپ کی طرف سے کسی کی اولاد کو دوغلا قرار دینا۔
بَغَّلَ۔ بمعنی بَغَلَ ـــ فی المشی: تھک جانا عاجز ہونا۔

البَغل: خچر- ج بِغال و ابغال- مونث بَغلۃ- ج بَغلات و بِغال۔
البَغّال: خچر والا- یا خچر ہانکنے والا۔
بَغَمَت (ف ن ض) بُغوماً و بُغاماً و تبغمت- الظَّبیۃُ: بہت نرم آواز نکالنا صفت (باغِمۃ و بَغوم) بَغَمَ الرجلُ صاحبَہ: مبہم گفتگو کرنا۔
باغَمَہ- نرم آواز سے گفتگو کرنا۔
البُغام- ہرن کی آواز۔
البُغمۃ- عورتوں کا ہار (کلمہ ترکی ہے) ج بُغَم۔
بَغا (ن) بَغواً- الشیءَ: غور سے دیکھنا۔ ـــ علیہ: تعدی کرنا- زیادتی کرنا صفت (بَغُوّ) البَغوۃ- کچا پھل ـــ من النبات: شگوفہ جو سفید نکلا ہو۔
بغی (ض) بُغاءً و بَغیاً و بُغی و بُغیۃً و بِغیۃً- الشیءَ: طلب کرنا ـــ الرجلُ: حق سے ہٹ جانا- نافرمانی کرنا ـــ علیہ: دراز دستی کرنا- ظلم کرنا- صفت (باغ) ج بُغاۃ و بغیان ـــ السماءُ: سخت برسانا ـــ الامۃ: زنا کرنا ـــ الجرحُ: سوجنا- خراب ہونا- پیپ سے بھرنا۔
اِبتغی و تَبغّی- الشیءَ: طلب کرنا۔
اَبغاہُ الشیءَ: طالب بنانا- طلب کرنے میں مدد دینا- کہا جاتا ہے "اَبغِنی ضالتی" میری گم شدہ چیز کی تلاش میں مدد کرو۔
باغت الامۃُ بِغاءً و مُباغاۃً- زنا کرنا
تباغی: القومُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔
اِنبغی- سہل ہونا- آسان ہونا- کہا جاتا ہے "لا ینبغی لک ان تفعل ذلک" تمہارے لئے مناسب نہیں کہ ایسا کرو- (اس فعل کا ماضی مستعمل نہیں)
اِستبغی: الشیءَ: طلب کرنا ـــ القومَ: طلب کرنے میں مدد چاہنا۔
البَغی: ظلم- جنایت- گناہ- بہت بارش فساد- کہا جاتا ہے "برئ جرحہ علی بَغی" یعنی اس کا زخم مندمل تو ہوا لیکن اندر فاسد مادہ باقی رہ گیا ہے۔
البُغیۃ و البِغیۃ و البَغیۃ و البُغاء- مرغوب و مطلوب- البُغیۃ: حاجت۔
البَغِیّ- بدکار و زناکار عورت- ج بَغایا۔
بَغایا الجیش: فوج کے ہراول دستے۔
المَبغی و المَبغاۃ- طلب کرنے کی نوعیت یا جگہ- کہا جاتا ہے "بَغَیتُ المالَ مِن مَبغاتہ" میں نے مال کو اس کے موقع سے تلاش کیا۔ جیسے کہتے ہیں "اَتیتُ الامرَ من مَأتاتہ" میں نے کام کو اس طرح انجام دیا جیسا دینا چاہئے
المُنبغی: سیر۔
فِتنۃ (باغیۃ) امام عادل کی اطاعت سے نکلنے والی جماعت۔
بَقّ (ن) بَقّاً- الماءَ مِن فیہ: پانی کو منہ میں سے زور سے پھینکنا ـــ نَثَّ العطاءَ: بخشش وسیع کرنا ـــ مالَہ: بکھیرنا- متفرق کرنا ـــ الجرابَ: پھاڑنا (ـــ بَقّاً و بُقوقاً) النبتُ: اُگنا ـــ السماءُ: لگاتار کثرت سے بارش ہونا ـــ المرأۃُ: بہت اولاد والی ہونا- ـــ البیتُ: بہت کھٹمل والا ہونا- (ـــ بَقاقاً و بَقّاً و اَبَقّ) علی القوم: بہت بک بک کرنا۔
بَقبَقَ- مالَہ: متفرق کرنا- (ـــ و اَبَقّ) البیتُ: بہت کھٹمل ہونا- و اَبقَّ ولدُ فلانٍ: بہت ہونا- اَبقّتِ المرأۃُ: بہت اولاد والی ہونا ـــ السماءُ: لگاتار بہت بارش ہونا۔
البَقّ- کھٹمل- پسو۔
البَقاق- گھر کا ردی سامان- رجلٌ بَقاق و بَقاقۃ: بہت بولنے والا امرد۔
بقبق بَقبقۃً- الکوزُ فی الماءِ: بق بق کی آواز نکلنا ـــ القدرُ: ابلنا ـــ الرجلُ: بہت بک بک کرنا۔
البَقباق: بہت بولنے والا- کہا جاتا ہے رجلٌ لَقلاق بَقباق "بہت بکواس کرنیوالا۔
البُقجۃ: کپڑے وغیرہ کی گٹھری- (جدید)
البَقدونس: ایک قسم کی نباتات۔
بَقرَہ (ف) بَقراً: پھاڑنا- کھولنا- وسیع کرنا۔
بَقِرَ (س) بَقراً: نگاہ کا پتھرا جانا۔
اَبقَرَ- المرأۃَ عن جنینہا: پیٹ چیر کر بچہ نکالنا
اِنبقَرَ: پھٹنا- کھل جانا- وسیع ہونا۔
تَبقَّرَ- الرجلُ: علم یا مال میں زیادتی والا ہونا
البَقَر: گائے- بیل (اسم جنس) واحد (بَقَرۃ) ج بَقَرات و بُقُر و بُقّر و اَبقُر و اَبقار و اَباقِر و اَباقیر- بَقَر الوحش او البقر الوحشی: نیل گائے- جوعُ البقر: سخت بھوک- عُیونُ البقر: ایک قسم کا انگور- بقر الماء: گائے کے مشابہ ایک قسم کی مچھلی۔
البُقَّری والبُقّاری- جھوٹ- مصیبت- کہا جاتا ہے "جاءَ فلانٌ بالصُقَر و البُقَر او الصُقاری و البُقاری" فلاں شخص جھوٹ اور مصیبت لایا- یعنی مصیبت کا سبب بنا۔
البُقَّیری: بچوں کا ایک کھیل۔
البَقّار- گائے والا- گائے کا چرواہا۔
الباقِر و الباقور و البَیقور: گایوں کا ریوڑ- یہ اسماء جمع ہیں۔
فتنۃ (باقرۃ) محبت کو ختم کر دینے والا بڑا فتنہ۔
البَقیرۃ و البَقیر: بغیر آستینوں والی عورتوں کی قمیص- ناقۃ بقیرۃ: اونٹنی جس کا پیٹ چاک کر کے بچہ نکالا گیا ہو۔
البَقس: ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اور اس سے چمچے بنائے جاتے ہیں- واحد (بقسہ)
بَقَطَ (ن) بَقطاً- متاعہ: سفر کیلئے جمع کرنا- متفرق کرنا ـــ فلاناً بستانہ: تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا
بَقَّطَ- فی الجبل: چڑھنا۔

—— الشیءَ: متفرق کرنا۔
تَبَقَّطَ: الشیءَ: تھوڑا تھوڑا لینا —— الخبرَ: تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا۔
البَقَط: توڑنے کے وقت کی گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔
البُقاط: پنیر کا ٹکڑا۔
البُقْطة: زمین کا ایک حصہ۔
بَقِعَ (س) بَقَعًا۔ الطیرُ: مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت (اَبْقَع) مونث بقعاء۔ ج بُقْع —— فلانٌ بالشیءِ: اکتفا کرنا —— الارض منہ: خالی ہونا۔
بَقَعَ (ف) بُقُوعًا و بَقَّعَ۔ جانا۔ تم کہتے ہو "ما اَدْرِي اَيْنَ بَقَعَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔
بَقَّعَ الثوبَ: رنگتے ہوئے سفید داغ چھوڑنا۔
تَبَقَّعَ: داغدار ہونا۔ تَبَقَّعَتِ الثیابُ: کپڑوں پر پانی کے چھینٹے اس طرح ڈالے گئے کہ باقی بے ہوئے رنگ خشک حصے بھی تر ہو گئے۔
اِبْتَقَعَ۔ تیز جانا۔
اُبْتُقِعَ۔ لونُہ: خوف یا غم سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا (اُمْتُقِعَ میم سے زیادہ افصح ہے)
البُقْعَة والبَقْعَة: زمین کا ٹکڑا۔ ج بِقاع و بُقَع۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَسَنُ البُقْعَةِ عِندَ الاَمیر" فلاں امیر کے پاس اچھے رتبہ والا ہے۔ والبُقْعَةُ: پانی جمع ہونے کی جگہ۔
البَقِیع: وہ جگہ جہاں مختلف قسم کے درختوں کی جڑیں ہوں۔ اِبْنُ بَقِیع: کتا۔
الباقِعَة: الباقع کا مونث۔ ہوشیار و زیرک مرد جس کو فریب دیا جا سکے۔ ج بَوَاقِع۔ کہا جاتا ہے "ما فلانٌ الّا باقِعَةٌ من البَوَاقِع" یعنی فلاں بڑا چالاک ہے۔
الاَبْقَع: سیاہ سفید داغوں والا۔ مونث بقعاء۔ ج بُقْع۔ کوا جس میں سیاہی سفیدی ہو۔ ج بُقْعان۔ سَنَةٌ بَقْعاءُ: سال جس میں سرسبزی و خشک سالی دونوں ہوں۔
الاُبَیْقِع۔ کم بارش والا سال۔
بَقَلَ (ن) بَقْلًا و بُقُولًا و اَبْقَلَ: ظاہر ہونا —— نابُ البعیرِ: نکلنا —— المکانُ: سبزی اُگنا۔ صفت (باقِل و بَقِل و بَقِیل)۔ —— وجہُ الغلامِ: سبزہ آغاز ہونا۔ بَقَلَ البعیرُ بَقْلًا: ساگ پات جمع کرنا۔ واَبْقَلَ القومُ: سبزی پانا۔ قوم کے مویشی کا سبزی کو چرنا۔
بَقَّلَ: وجہُ الغلامِ: سبزہ آغاز ہونا۔
تَبَقَّلَ و اِبْتَقَلَ: سبزے کی تلاش میں جانا —— الماشیۃُ: سبزہ چرنا۔
البَقْل: سبزی۔ ترکاری۔ ج بُقُول و اَبْقال
البَقْلَة: البقل کا واحد۔ (بَقْلَةُ الحَمْقاء و بَقْلَةُ الزَّهْراء و بَقْلَةُ اللَّیِّنَة) خرفہ کا ساگ۔
البَقْلَةُ البارِدَة: عشق پیچہ۔
بَقْلَةُ الاَنْصار: کرم کلا۔
الباقِلاء والباقِلَّی والباقِلَی: لوبیا۔ ارض (بَقِلَة و بَقِیلَة و بَقّالَة و مَبْقَلَة) سبزی والی زمین۔
البَقّال: سبزی فروش۔
المَبْقَلَة: سبزی کی جگہ۔
البُوقال والباقُول: بویام۔ مٹی کی دوات۔ ج بَواقِیل۔
بَقَّمَ۔ الثوبَ: کپڑے کو بقم سے رنگنا۔
البَقَّم: ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔
البُقَّم: دھتورا۔
البُقامَة: مِنَ الصُّوف: اون جو دھننے میں گر جائے اور کاتنے کے قابل نہ ہو۔ کمزور بے عقل مرد۔
بَقَا (ن) بَقَاوَةً و بَقْیًا (ض) بَقْیًا۔ فلانًا بعینہ: دیکھنا۔ نظر ڈالنا —— ہ: انتظار کرنا۔
بَقِیَ (س) بَقاءً و بَقْیًا (ض) بُقِیًّا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت رہنا۔
اَبْقَی۔ علیہ: رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔ (—— و بَقّٰی و اِسْتَبْقٰی) ہ: ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔
اِسْتَبْقٰی منہ: کچھ باقی رکھنا۔ تَبَقّٰی: باقی رہنا۔
الباقی: فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الباقِیَة: الباقی کا مونث۔ ج الباقیات والبَواقی۔
البَقْوَی والبُقْوَی والبُقْیا والبَقِیَّة: باقی ماندہ۔ ج بَقایا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ بَقِیَّةُ قومِہ" فلاں اپنی قوم کے بہتر لوگوں میں سے ہے۔
المَبْقٰی۔ بقا۔ زندگانی۔ ج المَباقی۔
بَکَّہ (ن) بَکًّا۔ مزاحمت کرنا —— الشیءَ: پھاڑنا۔ فسخ کرنا —— الدابّةَ: چلا کر تھکانا۔
بَکَّ الرجلُ: محتاج ہونا۔
تَباکَّ۔ القومُ: ہجوم کرنا —— الشیءُ: تو بر تو ہونا۔
الباکّ: فا۔ بیوقوف۔
بَکَّة: مکہ معظمہ۔
بَکْبَکَ و تَبَکْبَکَ۔ القومُ علیہ: ہجوم کرنا جمعٌ (بَکْباکٌ) بہت بڑی جماعت۔ رجل بُکابِک: سخت مزاج مرد۔
بَکَأَتْ (ف) و بَکُؤَتْ (ک) بُکُوءً و بَکاءَةً و بَکْأً و بُکاءً۔ الناقةُ: کم دودھ والی ہونا۔ —— البئرُ: کم پانی والا ہونا —— العینُ: کم آنسو والی ہونا۔ صفت (بَکِیءٌ و بَکِیئَةٌ و بَکِیّ و بَکِیَّة) ج بِکاء و بَکایا۔ اَیْدٍ بِکاءٌ۔ کم داد و دہش والے ہاتھ۔
بَکِیءَ (س) بَکْأً: اپنی حاجت سے محروم رہنا۔
اَبْکَأَ۔ الدرُّ: کم پانا۔
البَکْأُ والبَکَأ: ایک قسم کی نباتات۔ واحد بَکْأَة۔
بَکَتَہ (ن) بَکْتًا۔ تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔ حجت میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "بَکَتَہ حتّی اَسْکَتَہ" وہ اس پر حجت میں غالب رہا یہاں تک کہ اس کو خاموش کر دیا۔
بَکَّتَہ۔ بمعنی بَکَتَہ۔ زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔

جھڑکنا۔ اور اسی سے ہے۔ تَبْکِیتُ الضَّمِیرِ۔
بَکَرَ (س) بَکَرًا۔ اِلَی الشَّیْءِ: جلدی کرنا۔
بَکَرَ (ن) بُکُورًا۔ آگے بڑھنا۔ علیہ والیہ: صبح کے وقت آنا۔ فِی الشَّیْءِ: صبح سویرے کرنا۔
اَبْکَرَ وبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔ فلانا: صبح کے وقت آنا۔ بَکَّرَہٗ عَلَیْہِم: کسی کو صبح سویرے بھیجنا۔ بَکَّرَ الْمُصَلِّی: اول وقت میں نماز کے لئے آنا۔
بَاکَرَہٗ: صبح کے وقت آنا۔
تَبَکَّرَ: آگے بڑھنا۔
اِبْتَکَرَ: کسی چیز کے ابتدائی حصہ پر قابض ہونا۔ فلانا: صبح کے وقت آنا۔
الْبَاکِرُ: فا: آتَاہُ بَاکِرًا: وہ اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
الْبِکْرُ: والدین کا پہلا بچہ۔ (مذکر ومونث دونوں کیلئے ہے) جوان گائے: کنواری۔ ہر چیز کا اول۔ ج اَبْکَار۔ الْبِکْرُ: ہر فعل کہ اس جیسا اس سے پہلے نہ ہوا ہو۔ الضَّرْبَۃُ الْبِکْرُ: تلوار کا وار جو قاتل ہو۔ کَرْمٌ بِکْرٌ: پہلا دفعہ انگور کا۔ نَارٌ بِکْرٌ: آگ جس میں سے ابھی کچھ لیا نہ گیا ہو۔ خَلٌّ بِکْرٌ: تیز سرکہ۔ الدُّرَّۃُ الْبِکْرُ: دُرِّ ناسفتہ۔
الْبَکْرُ: جوان اونٹ۔ ج اَبْکُرٌ وبُکْرَانٌ و بِکَارٌ وبِکَارَۃٌ۔ مونث بَکْرَۃٌ ج بِکَار۔
الْبُکْرَۃُ: صبح۔ تم کہتے ہو "اَتَیْتُہٗ بُکْرَۃً" میں اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
الْبَکْرَۃُ والْبَکَرَۃُ: وزنی سامان اٹھانے چڑھانے کی چرخی۔ ج بَکْرٌ وبَکَرَات۔ کہا جاتا ہے "وَالْبَکَرَاتُ شَرُّہَا الصَّائِمَۃُ" چرخیوں میں سے بُری وہ ہے جو گھومے نہیں۔ الْبَکْرَۃُ: جماعت اور اسی سے ہے جَاءُوا عَلٰی بَکْرَۃِ اَبِیْہِمْ "وہ سب کے سب آئے کوئی بھی باقی نہیں رہا۔"
الْبَکَارَۃُ: دوشیزگی۔ کنوارا پن۔
الْبِکْرِیَّۃُ والْبُکُورِیَّۃُ۔ البکر کا اسم۔

الْبَاکُورَۃُ: پہلا میوہ۔ ہر چیز کا پہلا۔ ج بَوَاکِیرُ وبَاکُورَات۔
الْبَکِیرُ والْبَاکُورُ والْبَکُورُ۔ ہر چیز میں سے پہلے تیار ہونے والا۔ موسم بہار کی ابتدائی بارش۔
الْبَکِیرَۃُ: پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ ج بَکَائِرُ۔
الْمُبْکِرُ: فا۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔
الْمِبْکَارُ۔ پھل یا درخت خرما جو پہلے تیار ہو جائے۔ اَرْضٌ مِبْکَارٌ: جلدی اُگانے والی زمین۔ ج مَبَاکِیرُ۔
بَکَسَہٗ (ن) بَکْسًا۔ مغلوب کرنا۔
بَکَعَہٗ (ف) بَکْعًا۔ بدن کے مختلف حصوں پر سخت مارنا۔ حجت سے مغلوب کرنا بد سلوکی سے پیش آنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِی اَیْنَ بُکِعَ" میں نہیں جانتا کہ کہاں گیا۔
وبَکَعَ الشَّیْءَ: بخش دینا۔
بَکَّعَہٗ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ حجت سے مغلوب کرنا۔ رَجُلٌ (اَبْکَعُ) ہاتھ کٹا مرد
بَکَلَ (ن) بَکْلًا وبَکَّلَ۔ الشَّیْءَ: ملانا۔ ـــ الرَّجُلُ: آٹا، ستو، گھی ملا کر کھانا تیار کرنا۔
تَبَکَّلَ۔ فِی الْکَلَامِ: گڑبڑ گفتگو کرنا ـــ وہ علیہ: گالی گلوچ مار پیٹ سے غالب آنا۔ ـــ الشَّیْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا ـــ الرَّجُلُ: خوش عیشی کی زندگی بسر کرنا ـــ فِی مِشْیَتِہٖ: ناز سے چلنا۔
اِبْتَکَلَ۔ الشَّیْءَ: غنیمت سمجھ کر لینا۔
اَلْبِکْلَۃُ: حال۔ ہیئت۔ شکل وصورت طبیعت۔ ج بِکَل۔
الْبَکَالَۃُ والْبَکِیلَۃُ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا، ستو، گھی یا روغن زیتون ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ الْبَکِیلَۃُ: غنیمت۔
بَکِمَ (س) بَکَمًا وبَکَامَۃً: گونگا ہونا۔ صفت (اَبْکَمُ) ج بُکْمٌ و (بَکِیمٌ) ج بُکْمَان۔
بَکُمَ (ک) بَکَامَۃً جان بوجھ کر خاموش ہونا

تَبَکَّمَ۔ الْکَلَامُ عَلَیْہِ: گفتگو کا بند ہو جانا۔
بَکٰی (ض) بُکَاءً وبُکًی۔ رونا۔ صفت (بَاکٍ) ج بُکَاۃٌ۔ مونث بَاکِیَۃٌ ج بَاکِیَاتٌ وبَوَاکٍ۔
بَکٰی وبَکّٰی۔ الْمَیِّتَ: میت پر رونا۔
بَکّٰی واَبْکٰی واسْتَبْکٰی۔ الرَّجُلَ: رلانا۔
تَبَاکٰی: رونے کی صورت بنانا۔ بہ تکلف رونا
الْبَکَّاءُ والْبَکِیُّ: بہت رونے والا۔
التَّبْکَاءُ والتِّبْکَاءُ: گریہ یا کثرت گریہ۔
الْمَبْکٰی: رونے کی جگہ ج مَبَاکٍ۔
بَلْ۔ حرف عطف ہے۔ سابق سے اضراب کیلئے آتا ہے جیسے "مَا ذَہَبَ زَیْدٌ بَلْ عَمْرٌو" میں حکم عمرو کے لئے ہے اور زید مسکوت عنہ کے حکم میں ہے۔
بَلَّہٗ (ن) بَلًّا وبِلَّۃً وبِلَالًا۔ بِالْمَاءِ: ترکرنا بَلَّ یَدَہٗ: دینا۔
بَلَّ (س) بَلَلًا وبَلَالًا۔ بِکَذَا: فتحمند ہونا۔ کامیاب ہونا۔ پالینا۔ جیسے "اِذَا بَلَّتْ بِقَائِمِہٖ یَدِی" یعنی جبکہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہونچے۔
بَلَّ (ض) بَلًّا وبَلَلًا وبُلُولًا۔ مِنْ مَرَضِہٖ: صحتیاب ہونا۔ چنگا ہونا (ـــ بَلًّا) فِی الْاَرْضِ: جانا (ـــ بُلُولًا) الرِّیحُ: سرد ہوا کا چلنا۔
اَبَلَّ۔ الشَّجَرُ: پھلدار ہونا ـــ الْعُودُ: لکڑی میں تری کا ہونا ـــ مِنْ مَرَضِہٖ: صحتیاب ہونا۔ اَبَلَّہٗ فِی الْاَرْضِ: لیجانا۔
بَلَّلَ۔ الثَّوْبَ: ترکرنا۔
تَبَلَّلَ وانْبَلَّ۔ ترہونا ـــ واسْتَبَلَّ مِنْ مَرَضِہٖ: صحتیاب ہونا۔
الْبِلَالُ: صحت وشفا۔ مباح۔ اور اسی سے حضرت عباس کا قول ہے "لَا اُحِلُّہَا لِمُغْتَسِلٍ وَہِیَ لِشَارِبٍ حِلٌّ وبِلٌّ" میں اس کو نہانے والے کے لئے حلال قرار نہیں دیتا اور وہ پینے والے کیلئے حلال ومباح ہے۔ چالاک کہا جاتا ہے "ہُوَ بَلٌّ اَبَلُّ" وہ بڑا چالاک ہے۔
البَلَّۃُ: جوانی کی تروتازگی۔
البِلَّۃُ: تری۔ رزق۔ خیر۔
البَلَالُ والبِلَالُ والبُلَالُ: تری پانی

دودھ یا پانی کا اتنا حصہ جو حلق کو تر کردے۔
البُلَالَۃ: اتنی مقدار جس سے کوئی چیز تر کی جاسکے۔ تھوڑی سی چیز۔ تری۔
البُلَل: ج۔
البَلِیْلُ والبَلِیْلَۃُ۔ نمی کیساتھ ٹھنڈی ہوا۔ البَلِیْلَۃ: صحت۔
ذو بِلیٍّ وبَلیٍّ وبِلِیَّان: دور کی غیر معلوم جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھو بذی بِلیٍّ" وہ دور کی غیر معلوم جگہ میں ہے۔
الأبَلّ: بدکار۔ بڑا جھگڑالو۔ سخت بخیل۔ مونث بَلّاء۔ ج بُلّ۔ اور کہا جاتا ہے "لا شیٔ أبَلّ للجسم من کذا" جسم کے لیے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔ صَفَاۃ بَلّاء: چکنا پتھر۔
البَلّان: حمام میں نہلانے والا۔ مونث بَلّانۃ۔ والبَلّان ج بَلّانات: حمام۔
البُلَّۃ: ہیئت وحال۔ کہا جاتا ہے "طویتُ السقاءَ علی بُلَّتِہ وبَلَلِہ" مشک کو باوجود اس کی تری کے میں نے لپیٹ لیا۔ "وطویت فلانا علی بَلَّتِہ وبُلَّتِہ وبِلَّتِہ وبُلَالَتِہ" باوجود عیب کے میں نے فلاں کو برداشت کیا۔
المِبَلّ۔ بروزن مِفْعَل: مستقل کہا جاتا ہے "خصمٌ مِبَلّ" یعنی مستقل جھگڑالو۔
البَالُوْل۔ تھوڑا پانی۔
البَلْبَال والمُبَلْبِل۔ بہت شور کرنیوالا مور۔ مُتَبَلْبِل: بشیر۔
بَلْبَلَ بَلْبَلَۃً وبَلْبَالاً۔ القومَ: بھڑکا دینا۔ جوش دلانا۔ غم میں مبتلا کر دینا — الألسنۃَ: مخلوط کرنا — الأمتعۃَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا — الأمرَ: خراب کرنا، بگاڑنا۔
تَبَلْبَلَ۔ بھڑکنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
البُلْبُل۔ بلبل۔ ج بَلابِل۔ بُلْبُل الإبریق: لوٹے کی ٹونٹی۔ عوام کے نزدیک بلبل بچوں کا ایک کھیل بھی ہے جس کے لئے فصیح لفظ "دُوَّامَۃ" (لٹو) ہے۔
البَلْبَال: شدت غم۔ بھیڑیا۔

بَلَتَ (ض) بَلْتًا۔ الشیءَ: کاٹنا۔
بَلَتَ (ن) بُلُوْتًا وبَلِتَ (س) بَلَتًا وانْبَلَتَ۔ کٹنا۔
بَلُتَ (ک) بَلَاتَۃً۔ فصیح ہونا۔
أبْلَتَہٗ: یمینًا: قسم دلانا۔ أبْلَتَ الرجلُ گفتگو سے رک جانا۔
البَلِیْت والبِلِّیْت۔ مختصر کلام کرنیوالا فصیح۔ خوش بیان۔ عقلمند۔
المُبَلَّت: آراستہ کلام۔
البِلَّتْع: ماہر۔ ہر چیز کا جاننے والا۔
البِلَّتِیّ: زبان آور۔ فصیح۔
البَلِیْث: دو سال پرانا چارہ جو سیاہ ہوگیا ہو۔
بَلَجَ (ن) بُلُوْجًا وأبْلَجَ وتَبَلَّجَ وانْبَلَجَ وابْتَلَجَ۔ الصبحُ: روشن ہونا۔
بَلِجَ (س) بَلَجًا۔ صَدْرُہٗ: مطمئن ہونا۔
— الحقُّ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت (أبْلَج) مونث بَلْجاء والأبلج [illegible] ابرو دوں لا
تَبَلَّجَ۔ إلیہ: ہنسنا۔ خوش ہونا۔
إبْلَاجَّ وابْلَاجًّا۔ ابْلِیْجَاجًا: ظاہر ہونا واضح ہونا۔
البُلْجَۃ والبَلْجَۃ: سپیدۂ صبح (— والبَلَج) ابرووں کے درمیان کشادگی۔
البَلَجَۃ: دبر۔ اور بُلحہ بالحاء افصح ہے
البَلَج والبَلِیْج۔ کشادہ رو۔
بَلَحَ (ف) بُلُوحًا۔ الثَّریٰ: خشک ہونا۔
— البئرُ: پانی ختم ہونا۔ صفت (بَلُوْح)
— الرجلُ بالأمر: انکار کرنا — الغریمُ: مفلس ہونا — الرجلُ بشہادتہ — چھپانا۔
(— بُلوحًا وبَلْحَ وبَلَحَ) تھکنا۔ عاجز ہونا۔
کہا جاتا ہے "بَلَحَ وبَلَّحَ علیّ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔
أبْلَحَ۔ النخلُ: کچی کھجوروں والا ہونا۔
بَالَحَ۔ القومُ: حق نہ ہوتے ہوئے جھگڑنا اور غالب ہوجانا۔

تَبَالَحَا: باہم انکار کرنا۔
البَالِح: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ ج بَوَالِح۔
البَلَح: کچی کھجور۔ کھجور کی ابتدائی حالت کو طلع کہتے ہیں، پھر اس کے بعد خَلال پھر بلح پھر بُسر، پھر رُطب، پھر تمر۔
البُلَح: ایک پرندہ جو گدھ سے بڑا ہوتا ہے ج بِلْحان۔
البَلُوْح: اندھا کنواں۔ قطع رحمی کرنیوالا
بَلِخَ (س) بَلَخًا وتَبَلَّخَ۔ تکبر کرنا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (أبْلَخ) مونث بَلْخاء و(بَلِخ وبُلَخ)
البَلْخَۃ والبَلَاخَۃ۔ ایک قسم کا درخت جس کو شاہ بلوط کہتے ہیں۔
البَلَخْش۔ ایک قسم کا قیمتی جوہر۔
بَلَدَ (ن) بُلُوْدًا۔ بالمکان: اقامت کرنا شہر بنانا۔ صفت (بَالِد) ج بَلَدۃ۔
بَلِدَ (س) بَلَدًا: کشادہ ابرو ہونا۔ صفت (أبْلَد)
بَلُدَ (ک) بَلَادَۃً۔ سست و کند خاطر ہونا۔ صفت (بَلِیْد وأبْلَد)
بَلَّدَ: کمزور رائے والا ہونا۔ کم ہمت ہونا۔
— الفرسُ: آگے نہ بڑھنا — السحابۃُ: نہ برسنا
— الرجلُ: بخل کرنا — ہٗ فی اصطلاح البعض: مسکونہ جگہ کی آب و ہوا کا عادی بنانا اور اسی سے ہے "حدیقۃ التبلید" وہ باغ جس میں غیر جگہ کے حیوان یا نباتات کو آب و ہوا کا عادی بنایا جائے۔
أبْلَدَ: القومُ: شہر میں ہمیشہ رہنا۔ أبْلَدَہٗ البَلَدَ: شہر میں ہمیشہ رکھنا۔
بَالَدَ: تلوار یا ڈنڈوں سے جنگ کرنا۔
تَبَلَّدَ: سست و کند خاطر ہونا۔ کند ذہنی ظاہر کرنا۔ افسوس کرنا — الرجلُ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا — الصبحُ: روشن ہونا۔
— القومُ: غیر آباد شہر میں آباد ہونا۔

المَبْلُود : متحیر۔

البَلْدَة والبَلَد ۔ ج بِلَاد و بُلْدَان : ہر ایک جگہ آباد یا غیر آباد۔ البَلَد : قبر۔ والبُلْدَة : سینہ کہا جاتا ہے "ہُوَ وَاسِعُ البُلْدَة" وہ کشادہ سینہ والا ہے۔ شہر ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بَلْدَتَہٗ عَلٰی بَلْدَتِہٖ" یعنی اپنی ہتھیلی کو اپنے سینہ پر مارا۔

البَلْدَان ۔ بصرہ و کوفہ۔

البَلُّور و البِلَّوْر ۔ ایک قسم کا شیشہ۔ ایک قسم کا سفید و شفاف جوہر۔

تَبَلَّرَ و تَبَلْوَرَ ۔ بلور کے مشابہ ہونا۔

الإِبْلِيز و طِينُ الإِبْلِيز : مصر کی وہ مٹی جو دریائے نیل زمین سے بہا لا کر چھوڑ جاتا ہے۔

أَبْلَسَ : بے خیر ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ غمگین ہونا — من رحمة الله : مایوس ہونا — فی امرہ : متحیر ہونا۔ صفت (مُبْلِسٌ و مُبْلِيسٌ) — فلانٌ : غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔

أَبْلَسَہٗ : متحیر کر دینا۔

البَلَس : بے خیر آدمی۔

البَلَاس : ٹاٹ۔ بالوں سے بنا ہوا فرش ج بُلُس۔

البَلَّاس : ٹاٹ بیچنے والا۔

مَا ذُقْتُ عَلُوسًا وَلَا بَلُوسًا ۔ یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

إِبْلِيس : شیطان کا علم جنس۔ ج أَبَالِيس و أَبَالِسَة ۔

بَلْسَمَ : کروہ چہرہ والا ہونا۔ مبتلائے برسام ہونا۔

بَلْشَمَ و تَبَلْشَمَ ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے خاموش ہونا۔ و بَلْسَمَ : کروہ چہرہ والا بنا دینا

البَلَسَّم : گوند کی قسم کا ایک مادہ ہے۔ جس کا زخم پر لیپ لگایا جاتا ہے۔

البِلْسَام : برسام (ایک بیماری کا نام)

البُلْسُن : مسور۔ مسور کے مشابہ ایک قسم کا دانہ۔

البَلَسَان : ایک درخت ہے جس کے پھول چھوٹے سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے حنا کی مانند اور اس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

البَلَشُون ۔ بگلا۔

بَلَصَ ۔ فلانًا بِمَالِہٖ : لے لینا۔ بَالَصَہٗ ۔ کسی پر کود پڑنا۔ حملہ کر بیٹھنا۔ تَبَلَّصَ ۔ الشیءَ : پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔ تَبَلَّصَتِ الغَنَمُ : کم دودھ والی ہونا۔

البَلَصُوص ۔ ایک قسم کا پرندہ ۔ ج ۔ بَلَنْصَی ۔

بَلَطَ (ن) بَلْطًا و بَلَّطَ و أَبْلَطَ ۔ الدارَ : پتھروں کا فرش لگانا۔ و بَلِطَ الرجلُ : چلنے میں تھکنا۔ بَلَطَ أُذُنَہٗ : گوشمالی کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِذَا اَغْضَبَكَ فَابْلُطْہُ" جب تمہارا بچہ بگڑے تو اس کی گوشمالی کرو۔

أَبْلَطَ ۔ اللصُّ الرجلَ : سب کچھ چرا لینا۔ (— وأُبْلِطَ) محتاج و فقیر ہونا۔

بَالَطَ و تَبَالَطَ ۔ القومُ : تلوار سے لڑنا۔ و بَالَطَ : چھوڑ کر بھاگ جانا۔ بَالَطَ فی أمورہ : مبالغہ کرنا — السابحُ : تیراکی میں کوشش کرنا۔

البَلَاط : ہموار زمین۔ پتھر کے چوکے جو فرش میں لگانے کے کام میں آتے ہیں۔ اور اسی سے بَلَاطُ المَلِك ہے۔ بمعنی محل شاہی اور مجازًا بمعنی مجلس شاہی۔

البُلَّط ۔ لشکر سے بھاگنے والے۔

البَلُّوط : ایک بڑا درخت ہے جس کا تنہ موٹا اور لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی چھال سے دباغت دیتے ہیں اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے۔ بلوط کا پھل۔

بَلُّوطُ الأَرْضِ : ایک قسم کی گھاس ہے جس کے پتے کاسنی کے مانند ہوتے ہیں۔

بَلُّوطُ المَلِك : اخروٹ و شاہ بلوط : ایک قسم کا جنگلی درخت جس کی لکڑی سخت اور مضبوط، پھل گول اور پتیوں کے کنارے کٹاؤ دار ہوتے ہیں۔

البُلْطِی : ایک قسم کی مچھلی۔

بَلْطَحَ : اپنے آپ کو زمین پر پھینکنا — الشیءَ : چوڑا کرنا۔

تَبَلْطَحَ : چوڑا ہونا۔

بَلِعَ (ف) بَلْعًا و ابْتَلَعَ ۔ الشیءَ : نگلنا۔

بَلَّعَہٗ و أَبْلَعَہٗ : نگلوانا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَّعَہٗ رِیْقَہٗ" اس نے اس کو تھوک نگلنے کی مدت کی مہلت دی۔ (بَلَّعَ و تَبَلَّعَ) : الشیبُ فی رأسہ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔ و تَبَلَّعَ : گھونٹ لینا۔

البُلَعَة : چکی کا سوراخ۔ ج بُلَع

البُلَعَة : بہت کھانے والا مرد۔

البَلُوع : بہت نگلنے والا۔

المَبْلَع : حلق۔

المِبْلَع : بہت کھانے والا۔

البَالُوعَة والبَلَّاعَة والبَلُّوعَة ج بَوَالِيع و بَلَالِيع : موری۔ بدرو۔

بَلْعَمَ : اللقمةَ : نگلنا۔

البُلْعُم والبُلْعُوم : حلق۔ ج بَلَاعِم۔

البَلْعَم : بہت کھانے والا۔ تیز نگلنے والا۔

بَلَغَ (ن) بُلُوغًا : پہونچنا — الثمرُ : پکنا — الغلامُ : بالغ ہونا۔ صفت (بالغ) مؤنث (بالغة و بالغ) — العلةُ : تیز ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "بَلَغَ مِنِّی كَلَامُكَ" تمہاری گفتگو سے میں بہت متاثر ہوا۔

بُلِغَ ۔ الرجلُ : مبتلائے مشقت ہونا۔

بَلُغَ (ک) بَلَاغَةً : بلیغ ہونا۔ صفت (بَلِیغ) ج بُلَغَاء۔

بَلَّغَہٗ و أَبْلَغَہٗ ۔ الیہ : پہنچانا۔ بَلَّغَ عنہ الرسالةَ إلی القوم : پیغام رسانی کرنا۔ بَلَّغَ الفارسُ : تیز دوڑانے کے لئے لگام کو بڑھانا۔

بَالَغَ ۔ فی الامر : مبالغہ کرنا۔

تَبَلَّغَ ۔ بالشیءِ : اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا

—— بہ العلۃُ : تیز ہونا۔
تَبَالَغَ ۔ فیہ المرضُ : سخت ہونا اور انتہا کو پہونچنا —— الرجلُ فی الکلام : بتکلف بلاغت سے کام لینا —— الدباغُ فی الجلد : دباغت کا کھال میں اچھی طرح سے ہونا۔
البِلْغُ والبَلْغُ : بلیغ ۔ خوش بیان ۔ انتہا کو پہونچنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہو احمقُ بِلْغٌ" وہ انتہائی بیوقوف ہے۔ ایسا ہی "ہی حمقاءُ بِلْغۃٌ" اور کہا جاتا ہے "امرُ اللّٰہ بَلْغٌ" اللہ تعالیٰ کا حکم نافذ ہے۔ "وجیشٌ بَلْغٌ" ہر جگہ کو پہنچنے والا لشکر۔
رَجُلٌ (بِلْغٌ مِلْغٌ) خبیث مرد۔
البَلْغَۃُ ۔ انتہائی بیوقوفی۔
البُلْغَۃُ والبَلَاغُ والتَّبَلُّغُ : گزارہ کی مقدار۔
البَلَاغُ : پیغام —— کسی چیز تک پہنچنا۔ کفایت ۔ کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا جائے۔ ج بلاغات۔ البلاغات : چغلخوریاں۔
البَالِغُ ۔ سنِ بلوغ کو پہنچنے والا۔ کہا جاتا ہے "غلامٌ بالغٌ وجاریۃٌ بالغٌ وبالغۃٌ ۔ وامرٌ بالغٌ : نافذ حکم۔
البَالِغَاءُ : جانور کے پائے۔
البَلَاغِیُّ والبُلَاغِیُّ ۔ مافی الضمیر کو فصیح و بلیغ عبارت میں ادا کرنے والا۔
الأَبْلَغُ : ہر وہ چیز جس کو انتہا درجہ تک پہونچا دیا گیا ہو۔
المَبْلَغُ : روپئے پیسے کی مقدار ۔ کسی چیز کی حد و انتہا۔ ج مَبَالِغُ
التَّبْلِیغُ والتَّبْلِیغَۃُ : چھوٹی رسی جسکو بڑی رسی میں باندھیں تاکہ پانی تک پہونچ جائے۔
البَلْغَمُ ۔ قدماء اطباء کی اصطلاح میں اخلاط اربعہ میں سے ایک خلط کا نام۔
بَلَقَ (ن) بُلُوقًا : جلدی کرنا (—— و أَبْلَقَ) الباب : چوپٹ کھول دینا یا جلدی سے بند کردینا۔ بَلَقَ الجاریۃَ : بکارت زائل کرنا۔

بَلِقَ (س) وبَلُقَ (ک) بَلَقًا وابْلَقَّ و ابْلَقَّ وابْلَاقَّ وابْلَوْلَقَ ۔ سیاہ اور سفید داغوں والا ہونا ۔ صفت (أَبْلَقُ) مؤنث بَلْقَاءُ ۔ ج بُلْقٌ۔
بَلِقَ (س) بَلَقًا ۔ متحیر ہونا ۔ ششدر ہونا۔
إِنْبَلَقَ : الباب : بالکل کھلنا۔
إِبْتَلَقَ : چمکنا۔
البَلَقُ : سنگ مرمر ۔ بڑا خیمہ ۔ بالوں کا خیمہ (—— والبُلْقَۃُ) سیاہی و سفیدی۔
الأَبْلَقُ الفَرْدُ : سموال بن عادیا کا قلعہ جو سفید سیاہ پتھروں سے بنا ہوا تھا۔ کہا جاتا ہے "طلبَ الأبلقَ العقوقَ" یعنی اس نے غیر ممکن چیز کو طلب کیا۔ اس لئے کہ ابلق نر کو اور عقوق حاملہ کو کہتے ہیں۔
البَلُوقُ والبَلُوقَۃُ : جنگل ۔ زمین کا وہ حصہ جہاں کچھ نہ اُگے ۔ ج بَلَالِیقُ۔
البَالُوقَۃُ : موری ۔ بدرو (بالوعہ میں ایک لغت ہے)
المُبَلَّقُ : سیاہ سفید داغوں والا۔
بَلْقَعَ : المکانُ : خالی ہونا ۔ صفت (مُبَلْقِعٌ) کہا جاتا ہے "دارٌ بلقعٌ" خالی مکان۔
البَلْقَعُ والبَلْقَعَۃُ ۔ خالی زمین ۔ ج بَلَاقِعُ (البلقعُ والمرأۃُ البلقعۃُ) ہر خیر سے خالی عورت۔
البَلْقَعِیُّ : صاف ۔ کہا جاتا ہے "سہمٌ او سنانٌ بلقعیٌّ" یعنی صاف پھل والا تیر یا نیزہ،
بَلْهَمَ : الرجلُ : برائی بیان کرنا۔
أُبْلِمَتْ : شفتُہ : سوجے ہوئے ہونٹ والا ہونا ۔ صفت (أَبْلَمُ) البَلَمَۃُ : ہونٹ کی سوجن
البَلَمُ : ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
البَلْهَمَاءُ : پورے چاند کی رات۔
بَلِہَ (س) بَلَهًا وبَلَاهَۃً ضعیفُ العقل ہونا ۔ کمزور رائے والا ہونا ۔ صفت (أَبْلَہُ) مؤنث بَلْہَاءُ ج بُلْہٌ۔
أَبْلَہَ ۔ الرجلَ : بیوقوف پانا۔

تَبَالَہَ : بیوقوف ہونا ۔ حجت میں عاجز ہونا۔
—— الطریقَ : بغیر رہنمائی اور پوچھ پاچھ کے چلنا ۔ گم شدہ چیز کو ڈھونڈھنا۔
بَالَہَہُ : فریب دینا۔
تَبَالَہَ : بتکلف بیوقوف بننا۔
بَلْہَ : چھوڑ دے (اسم فعل ہے)
بُلَهْنِیَۃٌ : العیش : زندگی کی فراخی و آسودگی۔
بَلْهَسَ ۔ تیز چلنا۔
بَلْهَصَ ۔ خوف سے بھاگنا۔
بَلَا (ن) بَلْوًا وبَلَاءً ۔ الرجلَ : آزمانا۔ تجربہ کرنا ۔ امتحان لینا۔
بَلِیَ (س) بِلًی وبَلَاءً ۔ الثوبُ : بوسیدہ ہونا ۔ صفت (بالٍ وبَلِیٌّ)
بَلَّی تَبْلِیَۃً وأَبْلَی إِبْلَاءً ۔ الثوبَ : بوسیدہ کرنا۔
بَالَی مُبَالَاۃً وبِلَاءً وبَالَۃً وبَالًا ۔ الامرَ وبالامر : پروا کرنا۔
بَالَاہُ : مقابلہ پر فخر کرنا ۔ ایک دوسرے کو گھٹانا۔
أَبْلَی ۔ فلانًا عذرَہ : کسی کے سامنے عذر پیش کرنا اور اس کا قبول کرنا ۔ ملامت زائل کرنے کیلئے عذر بیان کرنا —— فی الحربِ بلاءً حسنًا : میدانِ جنگ میں شجاعت ظاہر کرنا۔
—— ہ یمینًا : قابلِ اطمینان قسم کھانا۔
تَبَالَاہُ : آزمائش کرنا۔
إِبْتَلَی ۔ قسم کھلانا —— ہ : آزمائش کرنا۔
—— الشیءَ : پہچاننا۔
إِسْتَبْلَی ۔ ہ : آزمائش کرنا۔
إِبْلَوْلَی ۔ العُشبُ : دراز ہونا۔
البَلْوَی والبَلْوَۃُ والبِلْیَۃُ والبَلِیَّۃُ مصیبت ۔ آزمائش ۔ ج بَلَایَا۔
البَلَاءُ ۔ غم جو جسم کو گھلا دے ۔ آزمائش خواہ خیر سے ہو یا شر سے۔
البِلْوُ والبِلْیُ : پرانا ، بوسیدہ ۔ کہا جاتا ہے

هُوَ بِلْوُ أسفارٍ وبِلْيُها "وہ سفر اور تجربہ میں پرانا
ہوا ہے - یعنی بڑا تجربہ کار ہے۔ دیکھو نِضْوُ وبِلْیَۃ "
وہ شر میں مبتلا ہوا اور اس پر غالب ہے - ج اَبلاء -
البَلِیَّۃُ - وہ اونٹنی جس کو اس کے مالک
کی قبر پر زمانۂ جاہلیت میں باندھ دیا کرتے تھے
اور چارہ پانی کچھ نہیں دیتے تھے یہاں تک
کہ وہ مرجاتی تھی -
المُبْلِیَات : میت کے تابوت کے ارد
گرد نوحہ کرنے والی عورتیں -
بَلیٰ : حرف تصدیق ہے - بمعنی ہاں - اکثر
استفہام کے جواب میں واقع ہوتا ہے - اور
ایجاب کیلئے مختص ہے خواہ اس سے پہلے
مثبت ہو یا منفی - جیسے "اَقَامَ زیدٌ" کیا زید کھڑا
ہوا - اس کے جواب میں "بَلیٰ" کا مطلب ہے کہ
ہاں کھڑا ہوا - "اَمَا قَامَ زیدٌ" کیا زید نہیں کھڑا ہوا
اُس کے جواب میں "بَلیٰ" کا مطلب یہ ہے کہ
ہاں کھڑا ہوا -
البَمُّ - من العُود : بربط کا موٹا تار بربط کی
موٹی آواز - ج بُمُوم (جدید)
بَنَّ (ض) بَنًّا وأَبَنَّ - بالمَكانِ : اقامت
کرنا - اَبَنَّتِ السَّحَابَۃُ : کئی روز تک برسنا -
بَنَّنَ : الشاۃ : بکری کو موٹا کرنے کیلئے
باندھنا -
تَبَنَّنَ : جلدی نہ کرنا -
البَنَان : پورے - انگلیوں کے اطراف
انگلیاں -
البَنَانَۃُ - البنان کا واحد - انگلی - اوپر
کا پورا - ج بنانات -
البُنَانَۃُ : سرسبز باغ -
البُنُّ - ایک درخت کا دانہ ہے جس
سے قہوہ بنایا جاتا ہے -
مَكانٌ (بِنٌّ) بدبودار جگہ - البِنُّ : چربی فربہی
البِنَّۃُ : خواہ اچھی ہو یا بُری -
البَنِینُ : موٹا - دُوراندیش، عاقل -
بَنَّتَ - عنہ : خبر دریافت کرنا — ہ بکذا :

خاموش کر دینا -
بَنَجَ (ن) بَنْجًا - اصل کی طرف لوٹنا -
بَنَّجَہٗ : بھنگ پلا کر سُلا دینا -
البَنْجُ : بھنگ -
البِنْجُ : اصل - جڑ -
البَنْجَكِشْت : لونگ - (جدید)
البَنْجَرَۃُ - توپ کا دہانہ ج بَنَاجِر (جدید)
البَنْدُ : بڑا جھنڈا - جھیل - کتاب کی فصل
یا فقرہ - قید - حیلہ - ج بُنُود - کہا جاتا ہے "فلانٌ
کثیرُ البُنُود" فلاں بہت حیلوں والا ہے - (جدید)
البَنْدَرُ - بندرگاہ - سمندر کے کنارے کا شہر
شہر میں تاجروں کے قیام کی جگہ ج بَنَادِر (جدید)
(اکشاہ بندر) سوداگروں کا رئیس -
بَنْدَقَ - الیہِ : تیز نظر ڈالنا -
البُنْدُقُ - بندوق کی گولی - ایک درخت
کا نام - واحد بُنْدُقَۃ - بندق درخت کا پھل
البُنْدُقِیَّۃُ - بارود - اٹلی کے ایک شہر
کا نام -
بَنِسَ (س) بَنَسًا وأَبْنَسَ - بُرائی سے
گریز کرنا -
بَنَّسَ : عنہ : پیچھے ہٹنا -
البِنْصِرُ - چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے
درمیان کی انگلی - ج بَنَاصِر (مؤنث) خِنْصِرٌ -
البَنَفْسَج : بنفشہ (البنفش)
بَنَقَ (ن) بَنْقًا وأَبْنَقَ وبَنَّقَ - الیہِ :
پہنچنا - بَنَّقَ الكلامَ : جمع کرنا - درست کرنا -
— الكذبَ : گھڑنا — بالمكان : اقامت
کرنا — الشیءَ : کسی چیز کا قلادہ ڈالنا —
ظہرہ بالسوط : زخمی کرنا — القمیصَ :
گریبان لگانا -
البَنِیقَۃُ والبَنِیقُ : گریبان -
طریقٌ (مُبَنَّق) کشادہ راستہ -
البُنْقُوس - خربوزہ کا شگوفہ ج بَنَاقِیر
بَنْكَتِ الجَارِیَتَانِ : قبیلہ سے باہر ہو کر
دونوں کا ایک دوسرے کو اپنے اپنے قبیلہ کی

خبریں سنانا -
تَبَنَّكَ - بالمكانِ وفیہ : اقامت کرنا -
— فی عزہ : جاگزیں ہونا -
البُنْكُ : جز - رات کا حصہ - کہا جاتا ہے -
"مضیٰ بُنْكٌ من اللیلِ" رات کا حصہ گزر گیا -
البَنْكُ : بینک - ج بُنُوك (اس کی
عربی مصرف ہے -
البَنَامُ : پورا (بنان کے نون کو میم سے
بدل لیا گیا ہے)
بَنیٰ (ض) بَنْیًا وبِنَاءً وبُنْیَانًا و
بِنْیَۃً وبِنَایَۃً - البیتَ : تعمیر کرنا —
الارضَ : آباد کرنا - مکانات بنانا — علیٰ
اہلہ وبہا : پہلی رات میں بیوی کے پاس جانا
— الرجلَ : بہتر سلوک کرنا — الطعام
بدنہٗ : موٹا کرنا — الكلمۃَ : مبنی بنانا —
علیٰ کلامہ : کسی کے کلام کی نقل کرنا -
بَنَّاہٗ تَبْنِیَۃً - بنانا - تشدید کثرت کیلئے ہے
اَبْنَاہٗ - عمارت بخشنا - یا سامان تعمیر دینا -
مکان بنوانا -
بَانَاہٗ - تعمیر میں مقابلہ کرنا -
تَبَنّیٰ - ہٗ : بیٹا بنانا — الرجلُ : بنے
ہوئے گھر کی مانند ہونا - اسی سے ہے "اِذَا جَلَسَتْ
تَبَنَّتْ" یعنی جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند
معلوم ہوتی ہے -
اِبْتَنیٰ - بیتًا : بنانا — الرجلُ : بیٹوں
والا ہونا — الرجلَ : احسان و سلوک کرنا -
— علیٰ اہلہ وبہا : پہلی رات میں بیوی کے
پاس جانا -
اِسْتَبْنیٰ - المنزلَ : گرا کر بنانا —
الرجلُ : دلہن لانا -
البِنَاءُ : عمارت - ج اَبْنِیَۃ وجج اَبْنِیَات -
اور کہا جاتا ہے "بِنَاءً علیہ" نصب کے ساتھ
اس وجہ سے کہ مفعول لہٗ ہے -
البِنَایَۃُ : مم - شرف -
البُنْیَۃُ والبِنْیَۃُ - عمارت - ج بُنیٰ وبِنیٰ

والبِنْيَةُ: ڈھانچہ۔ شکل۔ فطرت۔ کہا جاتا ہے "فلان صحیح البِنْيَة" فلاں صحیح الفطرت ہے بِنْيَةُ الكلمة: صیغہ اور مادہ۔

البُنْيَان۔ مص۔ عمارت۔ کہا جاتا ہے۔ "كأنهم البُنْيَانُ المَرْصُوص" گویا وہ لوگ مضبوط عمارت کی مانند ہیں۔

البَانِي: فا۔ ج بُنَاة۔ مونث بانية ج بوانی۔ البَوَانِي۔ سینہ کی پسلیاں۔ اونٹنی کی ٹانگیں اور اسی سے ہے "بَنَى البيتَ على بَوَانِيه" اسنے گھر کو اس کی بنیاد پر بنایا۔

البَنَّاء۔ معمار ج بَنَّاؤون۔

الإبْن۔ بیٹا۔ ج بَنُون وأبْنَاء۔ تصغیر بُنَيّ اور نسبت کیلئے اِبْنِيّ اور بَنَوِيّ (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل کو ساقط کرکے) مونث ابنة۔ إبْنُ السَّبِيل: مسافر۔ اِبْنُ جَلا: مشہور آدمی۔ ابن بلبلا: بڑے کام والا۔ اِبْنُ ذُكَاء: صبح اِبْنُ الطَّوْد: آواز بازگشت۔ "هو ابْنُ يَوْمِه" وہ ایسا شخص ہے جو کل آئندہ کی فکر نہیں کرتا۔ "هو اِبْنُ بَطْنِه" وہ ایسا شخص ہے جس کو ہمیشہ اپنے پیٹ ہی کی فکر رہتی ہے۔

الإِبْنُم۔ بیٹا۔ میم زائد ہے اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔

البِنْت: ج بَنَات: بیٹی۔ اور نسبت کیلئے بِنْتِيّ وبَنَوِيّ۔ بِنْتُ الشَّفَة: کلمہ ــــ الارض: کنکری ــــ اليَمَن: قہوہ ــــ العين: آنسو ــــ العُنْقُود والكرم: شراب۔ بَنَاتُ الدَّهْر وبَنَاتُ طَبَق: سختیاں۔ بَنَاتُ الليل وبنات الصَّدر: افکار۔ بَنَاتُ أَخْدَر: جنگلی گدھے۔ بنات المثال: عورتیں۔ بنات الارض: چھوٹی چھوٹی ندیاں۔ بَنَاتُ نَعْش الكُبْرَى: سات ستارے جو قطب شمالی کی جانب دکھائی دیتے ہیں۔ اور اسی کے مانند بَنَاتُ نَعْش الصغرىٰ ہیں۔

البَنِيَّة: عمارت۔ خانہ کعبہ۔ (البنية الخضراء) آسمان۔

بُنَيَّات الطَّرِيق: چھوٹے چھوٹے راستے جو بڑے راستے سے نکلے ہوں۔ اور اسی سے ہے "دَعْ بُنَيَّاتِ الطَّرِيق" یعنی اپنے اوپر بڑے بڑے امور کو لازم سمجھو اور گرد و فریب کو چھوڑ دو۔

المَبَانِي۔ شرائتیں۔ حروف المباني: حروف تہجی۔

البُنُوَّة۔ فرزندی۔

بَهَأَ (ف) وبَهِئَ (س) وبَهُؤَ (ک) بَهْأً وبَهَاءً وبُهُوءاً۔ بہ: مانوس ہونا ــــ لہ: سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "ما بهأت له" وما أَبَهْتُ له" میں نے اس کو نہیں سمجھا۔

بَهَأَ (ف) بَهْأً وأَبْهَأَ۔ البيتَ: سامان سے خالی کرنا۔

إبْتَهَأَ۔ بہ: مانوس ہونا۔

بَهِتَ (س) وبَهُتَ (ک) وبُهِتَ بَهْتاً وبَهَتاً۔ ہکا بکا رہنا۔ متحیر ہوکر خاموش ہونا (مجہول افصح اور مشہور ہے۔

بَهَتَ (ف) بَهْتاً۔ اچانک پکڑنا۔ (ــــ ہ بَهْتاً وبُهْتَاناً) تہمت لگانا۔ صفت (بَهَّات) و (بَهُوت) ج بُهُت۔

بَهَّتَ وبَاهَتَ۔ جھوٹی تہمت لگاکر ہکا بکا کردینا۔ بَاهَتَ الرجلُ: بہتان لگانا۔

البَهِيتَة: حیرانی (ــــ والبُهْت والبُهْتَان) جھوٹ تہمت۔

البَهُوت: جھوٹی تہمت لگاکر ہکا بکا کردینے والا۔ ج بُهُت۔

البُهْت والبُهْتَان: جھوٹ۔

البُهْتُر: پست قد۔ ج بَهَاتِر۔

البُهْتُرَة: جھوٹ۔

البُهْتَة: جنگلی گائے۔

بَهَشَ (ف) بَهْشاً۔ اليه: کشادہ روئی سے پیش آنا۔

بَهَجَهُ (ف) بَهْجاً وأَبْهَجَه۔ خوش کرنا بَهِجَ (س) بَهَجاً۔ بہ: خوش ہونا صفت (بَهِج وبَهِيج)

بَهُجَ (ک) بَهَاجَةً وبَهْجَاناً: خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (بَهِيج) و صفت مونث (مِبْهَاج)

بَهَّجَهُ۔ خوبصورت بنانا۔

بَاهَجَهُ۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا

أَبْهَجَ وتَبَاهَجَ۔ المكانُ: سرسبز ہونا۔

إبْتَهَجَ وتَبَهَّجَ وتَبَاهَجَ واسْتَبْهَجَ۔ بہ: خوش ہونا۔ تَبَهَّجَ: خوبصورت ہونا۔

البَهْجَة: خوبصورتی۔ ترو تازگی۔ خوشی یا ظہور خوشی۔

البَهِج۔ خوش۔

البَوَاهِل: بلائیں۔ سختیاں۔

البَهْدَل: بجو کا بچہ۔ البَهْدَلَة: پستان کی جڑ۔

بَهَرَهُ (ف) بَهْراً: غالب ہونا۔ فضیلت میں بڑھ جانا ــــ فلاناً: بہتان لگانا ــــ الحِمْلُ فلاناً: بوجھ کی وجہ سے ہانپنے لگنا۔ ــــ الرجلُ: ہمسروں سے فائق ہونا (ــــ القمرُ: ستاروں کی روشنی پر غالب ہونا (ــــ بَهْراً وبُهُوراً) الشمسُ: روشن ہونا۔

بُهِرَ وانْبَهَرَ۔ سخت دوڑنے سے ہانپنا۔ صفت (بَهِير ومَبْهُور) واِبْتَهَرَ: پوری کوشش کرنا۔

بَاهَرَهُ مُبَاهَرَةً وبِهَاراً۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

أَبْهَرَ۔ عجیب کام کرنا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔ دوپہر کی گرمی میں داخل ہونا۔ متلون الاخلاق ہونا۔

إبْتَهَرَ۔ پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعوی کرنا ــــ ہ: واقعی عیب لگانا ــــ السيفُ: تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔

إبْهَارَّ۔ الليلُ او النهارُ: آدھا ہونا ــــ علينا الليلُ: رات کا دراز ہونا (ــــ واسْتَبْهَرَ الليلُ: رات کا بہت تاریک ہونا۔

تَبَهَّرَ۔ الاناءُ: برتن کا بھر جانا ــــ السحابةُ: بادل کا چمکنا۔

البُهْرُ: تھکن سے ہانپنا۔ کہا جاتا ہے "بُهْرًا لَه": اس کیلئے ہلاکت ہو۔ لَيْلَةُ البُهْرِ: مہینے کی ساتویں آٹھویں نویں رات۔
البُهْرَةُ: من المكان والزمان: وسط۔ درمیان۔
البَهَار: خوبصورتی۔ ایک قسم کا خوشبودار پھول جس کو "عین البقر" (گاؤ چشم) بھی کہتے ہیں
البُهَار۔ بُت۔ ابابیل۔ دھنی ہوئی روئی۔ ایک قسم کی سفید مچھلی۔
البَهِيرَةُ۔ موٹے سرینوں والی شریف عورت۔ ج بَهَائِرُ۔
الأَبْهَرُ: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "فلان شديد الأبهر" فلاں مضبوط پیٹھ والا ہے۔ گردن کی شہ رگ و(الابہران) دو رگیں ہیں جو قلب سے نکلتی ہیں اور انہی سے ساری شریان جسم میں پھیلی ہوئی ہیں اور اسی سے ہے "مَا زَالَ يُرَاجِعُهُ الأَلَمُ حَتَّى قَطَعَ أَبْهَرَهُ" اسکو تکلیف بار بار ہوتی رہی یہانتک کہ اُسے ہلاک کر دیا۔
البَهْوَرُ: شیر
الأَبَاهِرُ: پرندوں کے پر جو خوافی اور کُلی کے درمیان ہوتے ہیں۔ پہلے پروں کو قوادِم کہتے ہیں پھر اس کے بعد والوں کو مناکب اس کے بعد والوں کو اَبَاہِر اور بالکل اخیر والوں کو کُلی کہتے ہیں۔
بَهْرَجَ۔ الدِّمَاءَ: رائگاں کرنا — المكانَ: جگہ کو رفاہِ عام کیلئے کر دینا — بِهِم الدليلُ: رہنما کا سیدھے راستے سے ہٹ جانا۔
تَبَهْرَجَ۔ تکبر کرنا — المرأةُ: آراستہ ہونا۔ — المكانُ: رفاہِ عام کیلئے ہونا۔
البَهْرَجُ: باطل۔ ردی۔ کہا جاتا ہے۔ "لُؤْلُؤٌ بَهْرَجٌ" ردی موتی۔ کھوٹا درہم۔ مکان بَهْرَجٌ: رفاہِ عام جگہ۔
تَبَهْرَسَ: تکبر سے اکڑتے ہوئے چلنا۔
بَهْرَمَ بَهْرَمَةً۔ شَعْرَهُ: مہندی کا خضاب لگانا۔
تَبَهْرَمَ: مہندی لگانے سے سُرخ ہونا۔

البَهْرَمَةُ: مع۔ برہمنوں کی عبادت۔
البَهْرَم: مہندی۔
بَهَزَهُ (ف) بَهْزًا وأَبْهَزَهُ۔ سختی سے دھکیلنا۔ غلبہ کرنا۔
المِبْهَزُ: سختی سے بہت دھکیلنے والا۔
بَهَسَ (ف) بَهْسًا۔ عليه: دلیری کرنا۔
بَهَشَ اليه۔ (ف) بَهْشًا۔ خوشی سے توجہ ہونا۔ مشتاق ہونا — بِيَدِهِ اليه: لینے کیلئے ہاتھ بڑھانا — للبكاء: رونے کیلئے آمادہ و تیار ہونا — عنه: کھود کرید کرنا۔
بَهَشَ وتَبَهَّشَ۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔
البَهْشُ: ترگوگل (گوگل) ایک دوا کا نام ہے
رَجُلٌ بَهْشٌ: ہشاش بشاش مرد۔
بَهِصَ (س) بَهَصًا: پیاسا ہونا۔
البَهَص۔ پیاس۔
بَهْصَلَ وتَبَهْصَلَ: کپڑے اتار کر جوئے کی بازی پر لگانا۔ بَهْصَلَ القومَ مِن مالِهِم: علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا۔
البُهْصُم: بہت سخت۔
بَهَظَهُ (ف) بَهْظًا وأَبْهَظَهُ۔ الحملُ والأمرُ: بوجھل کرنا۔ باعث مشقت ہونا۔
أَبْهَظَ حوضَهُ: بھر دینا۔
البَاهِظَةُ: مونث۔ باعثِ مشقت و تکلیف۔ مصیبت۔
المَبْهُوظُ: طاقت سے زیادہ تکلیف دیا ہوا۔ القِرْنُ المبهوظ: مغلوب۔
بَهَغَ (ف) بُهُوغًا۔ الرَّجُلُ: سونا صفت (نائم)
البَهَقُ: برص کی بیماری کے علاوہ جسم پر سفید داغ۔
بَهَقَ الحجرُ: پتھر پر اُگی ہوئی ایک قسم کی گھاس جو کائی کی مانند ہوتی ہے۔
بَهْكَثَ بَهْكَثَةً۔ في العمل: جلدی کرنا۔
البَهْكَلُ: نازک اندام پرگوشت جوان۔ مونث بَهْكَلَةٌ۔ شَبابٌ بَهْكَلٌ: نئی جوانی۔

البَهْكَنُ: نازک اندام پرگوشت جوان۔ مونث۔ بَهْكَنَةٌ۔ ج بَهَاكِن۔ شَبَابٌ بَهْكَنٌ: نئی تروتازہ جوانی۔
بَهَلَهُ (ف) بَهْلًا۔ اللهُ: لعنت کرنا۔ — وأَبْهَلَهُ: چھوڑنا۔ (— واسْتَبْهَلَ) الوالي رَعِيَّتَهُ: بلا روک ٹوک چھوڑ دینا۔
بَهَلَتِ۔ الناقةُ: اونٹنی کے تھن کو بندش کھول دینا اور بچہ کو دودھ پینے دینا۔
إِبْتَهَلَ۔ الى اللهِ: گڑگڑا کر دعا کرنا۔
بَاهَلَ۔ بَعْضُهُم بَعْضًا: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
تَبَهَّلُوا وتَبَاهَلُوا: باہم لعنت کرنا۔
إِبْتَهَلَ: ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
البَهْلَة والبُهْلَة۔ لعنت۔
البَاهِلُ: بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر ڈنڈے کے چرانے والا۔ بے ہتھیار۔ ناقہ باہل: وہ اونٹنی جس کے تھنوں پر بندش نہ ہو۔ ج بُهَّل وبُهْل۔ مونث بَاهِلَة۔ الباهِلَةُ: بیوہ عورت۔
البُهْلُول: بہت ہنسنے والا۔ ہنسوڑ۔ جامع فضائل سردار۔ ج بَهَالِيل۔
البَهْلَوَان۔ مداری۔ رسّی پر چلنے والا۔
بَهْلَقَ بَهْلَقَةً۔ تکبر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ روبرو گفتگو کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
تَبَهْلَقَ: جھوٹ بولنا۔
البَهَالِيق: جھوٹی باتیں۔
البَهْلَق۔ سختی دبلا۔
بَهْمَرَ۔ بالمكان: مستقل اقامت کرنا۔ — البَهْمَ: ماں سے علیحدہ کرکے چرانا۔
أَبْهَمَ۔ البابَ: بند کرنا — المكانُ: بہمی گھاس والی ہونا۔ (— وتَبَهَّمَ واسْتَبْهَمَ) الأمرُ عليه: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔
أُسْتُبْهِمَ عليه: شور مچا دینے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔
البَهْمُ والبَهْمَة والبِهَام: گائے بھیڑ،

بکری کے بچے۔ واحد (البہمۃ والبہمۃ)
البُہمۃ: دلیر جس پر کوئی قابو نہ پا سکے۔ پتھر کی چٹان۔ سخت و مشکل کام۔ ج بُہَم۔
البُہَم: مشکل امور۔
البُہمیٰ: جو کی مانند ایک قسم کی نباتات
البہیم: کالا۔ فرسٌ بہیمٌ: ایک ہی قسم کا گھوڑا۔ لیل بہیم: پوری تاریک رات۔ ج بُہُم و بُہْم۔
البہیمۃ: چارپایہ۔ ج بہائم۔ البہیمۃ: ہر وہ جس میں قوت گویائی نہ ہو۔
الأبہم: گونگا۔ ج بُہْم خاموش۔
الإبہام: مؤ۔ انگوٹھا (مونث) کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ ج أباہِم وأباہیم۔
المُبہَم۔ مفع۔ امرٌ مُبہَمٌ: غیر معروف معاملہ کلامٌ مُبہَمٌ: غیر معروف کلام۔ طریقٌ مُبہَمٌ: غیر واضح راستہ۔ حائطٌ مُبہَمٌ: دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔

بَہَنَ (س) بَہْنًا: بہت خوش ہونا۔
البَہْنانۃ: اچھی طبیعت کی عورت جو گفتگو وغیرہ میں نرم ہو۔ ج بہنانات۔
البَہْنَن: نسترن۔
تَبَہْنَسَ: ناز سے چلنا۔
البَہْنَسَ: شیر۔
بَہَا (ن) و بَہِیَ (س) و بَہُوَ (ک) بَہَاءً: حسین و خوبصورت ہونا۔ ظریف ہونا۔ صفت (بَہِیّ) مونث بَہِیّۃ۔ بَہَاہُ: خوبصورتی میں غالب ہونا۔
بَہِیَ (س) بَہًی۔ البیتُ: ویران ہونا۔ خالی ہونا۔
بَہَّیَ۔ البیتَ: کشادہ کرنا۔
بَاہَاہُ۔ فی الحسن: حسن و خوبی میں مقابلہ پر فخر کرنا۔
أبہیٰ۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔ الاناء: خالی کرنا الخیل: جنگ کے لئے کام نہ لینا۔

اِبتَہَیٰ۔ بہ: فخر کرنا۔
تَبَاہَوْا: باہم فخر کرنا۔
البَہْو۔ مکان یا خیمہ کے آگے کا کمرہ جو مہمان وغیرہ کے قیام گاہ کا کام دے۔ ملاقات کا کمرہ ج أبہاء و بُہُوّ و بُہِیّ۔
بَاءَ یَبُوءُ بَوْءًا۔ إلیہ: لوٹنا۔ بَاءَہُ و بَاءَ بہ: لوٹانا۔ بالحق او بالذنب: اقرار کرنا۔ فلانٌ بفلانٍ بَوَاءٌ: بدلے میں قتل کیا جانا۔ کہا جاتا ہے "دمٌ بَوَاءٌ دمٍ" خون خون کے برابر۔ بَوَّرَ بہ: یعنی ان لوگوں میں سے ہو جا جن کو اس کے بدلے میں قتل کیا جائے اور اسی سے مہلہل کا قول بجیر کیلئے ہے۔ "بُؤْ بِشِسْعِ نَعْلِ کُلَیْبٍ" یعنی کلیب کے جوتے کے تسمے کے برابر ہو جا۔
بَوَّأَ۔ المکانَ: اترنا۔ نازل ہونا۔ الرمحَ نحوہ: کسی کی طرف سیدھا کرنا۔ بَوَّأَہُ و بَوَّأَ لہ منزلًا: کسی کیلئے تیار کرنا۔
أبَاءَ۔ منہ: بھاگنا۔ بالمکان: اقامت کرنا۔ الشيءَ و بالشيءِ إلیہ و علیہ: لوٹانا۔ ومنزلًا وفي المنزلِ: اتارنا۔ القاتلَ بالقتیلِ: مقتول کے بدلے میں قاتل کو قتل کرنا۔
تَبَوَّأَ۔ المکانَ و بہ: اقامت کرنا۔
تَبَاوَأَ۔ الشیئانِ: مساوی ہونا۔
البَاءَۃ والبِیئۃ والمَبْوَأ والمَبَاءَۃ۔ منزل۔ والبِیئۃ: حالت۔ کہا جاتا ہے "انہ حَسَنُ البِیئۃِ" وہ اچھی حالت والا ہے۔
حاجۃٌ (مُبِیئۃٌ) شدید حاجت۔
بَابَ (ن) بَوْبًا۔ لہٗ دربان ہونا۔
بَوَّبَ۔ الکتابَ: ابواب میں تقسیم کرنا۔
تَبَوَّبَ۔ الرجلُ: دربان بنانا۔
البَاب: دروازہ۔ من الکتاب: کتاب کا باب۔ ج أبواب و بِیبَان۔
البَابۃ: في الحساب والحدود: غایت، انتہا۔ شرط۔ قسم۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا شيءٌ من بابتک" یہ چیز ایسی ہے جو تمہارے لئے مناسب ہے۔ ج بابات۔ باباتُ الکتاب: سطریں

البَوَّاب: دربان۔ ج بَوَّابون۔
البَوَّابۃ: دربانی۔ دربانی کی اجرت۔
البُوْت: ایک پہاڑی گھاس کا نام۔
البُوتقۃ والبُودَقۃ۔ کٹھالی۔
بَاثَ (ن) بَوْثًا و أبَاثَ و اِبْتَاثَ۔ الشيءَ وعن الشيءِ: کھود کرید کرنا۔ باثَ المکانَ: کھود کر مٹی ملانا۔ باث التراب: متفرق کرنا۔ باث الرماد: بکھیرنا۔
اِسْتَبَاثَ۔ الترابَ: مٹی نکالنا۔ کہا جاتا ہے "ترک دارہم حُوثًا (بُوثًا)" یعنی ان کے گھروں میں ہل چلا دیا اور ویران کر دیا۔
بَاجَ (ن) بَوْجًا۔ الشرُّ فلانًا و علیہ: نازل ہونا، پہنچنا۔ آپڑنا۔ البرقُ: چمکنا۔ البعیرُ: تھکنا۔
اِنْبَاجَ و تَبَوَّجَ: البرقُ: زور سے چمکنا۔
اِنْبَاجَت: علیہم الدواہي: مصیبتوں کا آپڑنا۔
البَاج: دیکھئے لفظ بأج۔
البَاجۃ: اختلاط۔
البَائِج: ران کی ایک رگ کا نام۔ ج۔ بوائج۔
البَائِجۃ: مصیبت۔ ج۔ بوائج۔
البَاجۃ: کشادہ ریگستان۔
بَاحَ (ن) بَوْحًا و بُؤُوحًا و بُؤُوحۃً۔ الشيءُ: ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا۔ الیہ بالسر: ظاہر کرنا۔
أبَاحَ۔ السرَّ: ظاہر کرنا۔ شیئًا: جائز کرنا مباح کرنا۔
اِسْتَبَاحَ۔ الشيءَ: جائز و مباح ٹھہرانا یا سمجھنا۔ کسی چیز پر اقدام کرنا القومَ: تباہ و برباد کر دینا۔
الإباحي: ممنوعات کو کرنے اور مامورات کو چھوڑنے کی اجازت دینے والا۔
البَاحۃ: پانی یا اس کا بڑا حصہ۔ بہت سے

کھجور کے درخت ۔ صحن ۔ بَاحَۃُ الطَّرِیقِ: وسط راستہ ۔
اَلْبَوَاحُ ۔ کھلم کھلا ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ بَوَاحًا" اس نے اس کو کھلم کھلا کیا۔
بُوْحَاتُ: کلمہ ترحم ہے مانند ویحک کے۔
اَلْبَوُوْحُ: دل کی بات ظاہر کرنے والا۔
اَلْبَوْحَی ۔ پھاڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے "ترکہم بوحی"
بُوْحُ: آفتاب کے لئے علم ہے۔
اَلْبَیَاحَۃُ: مچھلی کا جال۔
اَلْمُبِیْحُ: جائز ٹھہرانے والا ۔ شیر۔
اَلْمُبَاحُ: جائز ۔ روا۔
بَاخَ (ن) بَوْخًا ۔ تھکنا ۔ کہا جاتا ہے "عَدَا حَتّٰی بَاخَ" دوڑا یہاں تک کہ تھک گیا ۔۔۔ الحرُ والغضبُ والنارُ: ٹھنڈا پڑنا ۔ دھیما ہونا بجھنا (۔۔۔ بُوُوْخًا) اللحمُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔
اَبَاخَ ۔ النارَ: بجھانا۔ اور اسی سے ہے "اَبِخْ عَنْکَ الظَّہِیْرَۃَ" ٹھہرو یہاں تک کہ دوپہر کی گرمی کم ہوجائے۔
بَادَ (ن) بَوَادًا: ظاہر ہونا۔
اَلْبَوْدُ: کنواں۔
بَاذَ یَبُوْذُ بَوْذًا ۔ محتاج ہونا ۔ فروتنی کرنا ۔ لوگوں پر ظلم کرنا۔
بَارَ (ن) بَوْرًا و بَوَارًا ۔ ہلاک ہونا ۔۔۔ السوقُ اوالسلعۃُ: کساد بازاری ہونا ۔۔۔ العملُ: باطل ہونا ۔۔۔ الارضُ: غیر مزروعہ ہونا (۔۔۔ وابْتَارَ) الرجلَ: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔
بَوَّرَ ۔ الارضَ: زمین کو بغیر کھیتی کے چھوڑ دینا۔
اَبَارَہٗ ۔ ہلاک کرنا۔
تَبَوَّرَ ۔ نفسہٗ: اپنے آپ پر ہلاکت کی وجہ سے نوحہ کرنا۔
اَلْبَائِرُ: غیر مزروعہ زمین۔ ج بُوْرٌ۔ کہا جاتا ہے "حائرٌ بائرٌ" یعنی کسی رہنما کی اطاعت نہیں کرتا اور نہ کسی چیز کی طرف توجہ کرتا ہے۔
اَلْبُوْرُ: تباہ و ہلاک ہونیوالا ۔ بے خبر۔ کہا جاتا ہے "امرأۃٌ بُورٌ و قومٌ بُورٌ" ہلاک ہونیوالی عورت یا قوم (مذکر مونث واحد جمع سب کے لئے یکساں) البور من الارض: غیر مزروعہ زمین
اَلْبُوْرُ: غیر مزروعہ خراب زمین ۔ آزمائش ہلاکی ۔ کساد بازاری۔
اَلْبَوَارُ: ہلاکت ۔ کساد بازاری ۔
دَارُالبَوَارِ: دوزخ ۔
اَلْبُوْرَقُ: بورک ۔ سہاگا ۔ سوڈا۔
اَلْبُوْرِیُّ: ایک قسم کی دریائی مچھلی۔ ج بَوَارِیّ
اَلْبُوْرِیَّۃُ والبُوْرِیَاءُ ۔ چٹائی ۔
اَلْبَوَّارِیُّ: چٹائی بیچنے والا۔
اَلْبَازُ: باز۔ ایک قسم کا شکاری پرندہ) ج بِیْزَانٌ و اَبْوَازٌ۔
اَلْبُوْزُ والبُوْزَۃُ: دودھ شکر کی جمائی ہوئی برف۔
بَاسَہٗ (ن) بَوْسًا: بوسہ لینا۔
اَلْبُوْسِیْرُ ۔ بواسیر۔
اَلْبُوْسَطَۃُ: ڈاک خانہ (جدید)
بَاشَ (ن) بَوْشًا و بَوَّشَ و تَبَوَّشَ ۔ القومُ: مل جل کر شور مچانا۔
اَلْبَوْشُ والبُوْشُ ۔ لوگوں کی ملی جلی جماعت کہا جاتا ہے "ترکہم بوشًا بوشًا" اس نے ان لوگوں کو ملا جلا چھوڑا۔ اَوْبَاشٌ اسی کی جمع مقلوب ہے۔
اَلْبُوْشِیُّ والبَوْشِیُّ ۔ محتاج جس کے بہت بال بچے ہوں۔
بَاصَ (ن) بَوْصًا: سابق ہونا ۔ آگے بڑھنا ۔۔۔ منہ: بھاگ کر چھپنا ۔۔۔ فی الامر: اصرار کرنا۔
بَوَّصَ: میدان میں آگے بڑھنا ۔۔۔ الشیُٔ: صاف رنگ والا ہونا۔
اِنْبَاصَ: منقبض ہونا۔
اَلْبَوْصُ ۔ دُوری (۔۔۔ البُوْصُ) رنگ ۔ صورت ۔ شکل ۔ چوتڑ ۔ ریشم یا کتاں۔ ج اَبْوَاصٌ
البوصی: ایک قسم کی کشتی۔
طَرِیْقٌ (بائِصٌ) دور کا راستہ۔
بَاضَ (ن) بَوْضًا ۔ چھائیں پڑنے کے بعد خوبصورت چہرہ والا ہونا ۔۔۔ بالمکان: اقامت کرنا۔
بَاطَ (ن) بَوْطًا: دولتمندی کے بعد محتاج یا معزز ہونے کے بعد ذلیل ہونا۔
اَلْبَوْطَۃُ: کٹھالی ۔ کپڑے وغیرہ میں گول نقش ۔ ج بُوَطٌ۔
بَاظَ (ن) بَوْظًا: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
بَاعَ (ن) بَوْعًا: عطیہ دینے کے لئے ہاتھ بڑھانا ۔۔۔ الفرسُ: دور دور قدم ڈالنا۔ (۔۔۔ وتَبَوَّعَ) الحبلَ: باع سے اندازہ کرنا۔ دیکھئے لفظ باع) باعَ وتبوّع للمساعی: باع پھیلانا۔
اِنْبَاعَ ۔ العرقُ: بہنا ۔۔۔ الحیۃُ: اچھلنے کے لئے لمبا ہونا ۔ الشجاعُ من الصف: بہادر کا صف سے نکلنا ۔۔۔ الرجلُ الیہ: کشادہ روئی سے بڑھنا ۔ اِنْبَاعَ لَہٗ فی بِضَاعَتِہٖ: بیچنے میں سہولت برتنا۔
اَلْبَاعُ: دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار۔ کہا جاتا ہے "طَوِیْلُ البَاعِ ورَحْبُ البَاعِ" یعنی فیاض ۔ "وقصیر الباع وضیق الباع" یعنی بخیل عاجز۔ ج اَبْوَاعٌ و بَاعَاتٌ و بِیْعَانٌ۔
اَلْبُوْعُ: مع دونوں ہاتھوں کے پھیلانے کی مقدار ۔ اور اسی سے مثل ہے "لا یعرف کوعہ من بوعہ" وہ کوع اور بوع کو نہیں پہچانتا پوری جہالت کیلئے ضرب المثل ہے۔
بَاعَۃُ: الدار: گھر کا صحن۔
اَلْبَیِّعُ: دُور دُور قدم رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "فرس بیّع" دُور دُور قدم رکھنے والا گھوڑا۔
بَوْعَاءُ ۔ الطیب: خوشبو کی مہک۔
بَاغَ (ن) بَوْغًا: غلبہ کرنا ۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "انک العالم لا تُبَاغُ" یعنی تو ایسا عالم ہے جس کا مقابلہ نہیں کیا جاسکتا۔
تَبَوَّغَ ۔ الدمُ بہٖ: جوش مارنا ۔۔۔ فلانٌ علیہ:

غالب ہونا۔
البَوْغَاءُ : خاک۔غبار۔بُوغَاءُ الطِّیب۔
خوشبو کی مہک۔
بَاقَ (ن) بَوْقًا وبُؤُوقًا : (آئی) جھگڑا برپا
کرنا۔۔۔القومَ : بیوفائی کرنا۔چوری کرنا۔
بَاقَتِ البَائِقَۃُ القومَ : مصیبت پہونچنا۔
بَاقَ القومُ عَلَیْہِ : اکٹھے ہوکر ظلماً قتل کرنا۔
بَاقَتِ السَّفِینَۃُ : ڈوبنا۔بَاقَ الشیئُ : غالب
ہونا۔ظاہر ہونا۔خراب ہونا۔
بَوَّقَ۔فی البُوق : بگل بجانا۔
تَبَوَّقَ۔جھوٹ بولنا۔۔۔الوَبَاءُ فی
المَاشِیَۃِ : جانوروں میں وبا پھیلنا۔
اِنْبَاقَ۔علیہم الشرُّ : برائی و مصیبت
پہنچنا۔۔۔بہ : ظلم کرنا۔
البُوق : بگل۔ترہی۔نرسنگھا۔ج أَبْوَاق
وبِیقَانٌ وبُوقَاتٌ۔اور کہا جاتا ہے "جاءَ
بالبُوقِ ونفخَ فی البُوق" اس نے ڈنکے کی
چوٹ اعلان کیا۔نیز اس معنی میں آتا ہے کر
بیہودہ بکا اور لایعنی گفتگو کی۔
البُوقَۃُ : بارش کی سخت بوچھار۔ج بُوَق
البَاقَۃُ۔گل دستہ۔ساگ پات کا مٹھا
ج بَاقَات۔
البَائِقُ۔من المتاع : بے قیمت۔کہا
جاتا ہے "متاع بائق" بے قیمت سامان۔
البائقۃُ۔مصیبت۔شر و فساد۔کہا جاتا ہے
"رُفِعَتْ عنکَ بَائِقَۃُ فلانٍ" یعنی میں نے
تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو اٹھا لیا
ج بَوَائِق۔
البَوَّاق۔بگل بجانے والا۔
المُبَوَّق۔کلام باطل۔
البُوقَیْصَۃُ : ایک قسم کے درخت کا نام
بَاكَ (ن) بَوْكًا۔المتاعَ : بیچنا یا خریدنا۔
۔۔۔الامرُ : مخلوط ہونا۔۔۔القومُ رَایَہُمْ : رائے
میں گڑبڑی ہوجانے کی وجہ سے کوئی راستہ
نہ پانا۔۔۔الرجلَ : مزاحم ہونا۔

اِنْبَاكَ۔علیہ الامر : گڑبڑ ہوجانا۔
بَالَ (ن) بَوْلاً ومَبَالاً۔پیشاب کرنا۔
بَوَّلَہ وأَبَالَہ۔پیشاب کرانا۔
البَال : دل۔کہا جاتا ہے "مَا خَطَرَ الامرُ
بِبَالی" یہ معاملہ میرے دل میں نہیں گزرا۔
حال و شان۔کہا جاتا ہے "فلانٌ رَخِیُّ البَالِ"
فلاں آسودہ حال ہے۔خیال۔کہا جاتا ہے۔
"کاسف البال" جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔
کہا جاتا ہو "لیسَ ہذا من بالی" یعنی ان چیزوں
میں سے نہیں جن کی میں پرواہ کرتا ہوں۔"وامرٌ
ذُو بال" یعنی ایسا کام جو قابل اہتمام ہو۔"وما
بالُکَ" یعنی تمہاری کیا حالت ہے۔
البَال : سمندر کی مچھلیوں میں سے ایک
مچھلی۔ویل مچھلی۔
البَالَۃُ : شیشی۔خوشبو کی ڈبیہ۔
البَوْل : پیشاب۔البول : لڑکا۔عددِ کثیر
۔۔۔بَوْلُ العَجُوزِ : شراب۔
البَوْلَۃُ : لڑکی۔
البُوَال : ایک بیماری جس میں پیشاب
کثرت سے آتا ہے۔
البُوَلَۃُ : بہت پیشاب کرنے والا۔
المَبْوَلَۃُ : وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو
المِبْوَلَۃُ : پیشاب کرنے کا برتن۔
البُولِیصَۃُ او البُولَیْصَۃُ : رسید۔ہنڈی
ج بَوَالِص۔
البُولِیس : پولیس۔اسکی عربی شُرْطِی
اور جلواز ہے۔
البُوم والبُومَۃُ : اُلّو۔ج أَبْوَام (دونوں
لفظ مذکر و مونث دونوں کے لئے مستعمل ہیں)
بَانَہ (ن) بَوْنًا۔فضل و زیادتی میں غالب ہونا
البُون والبَوْن : دوری۔فصل۔
دو چیزوں کے درمیان فرق۔
البَوَانَۃُ : چھوٹی بچی۔
البَان : ایک قسم کا درخت جس کے پتے
بید کے پتے کی طرح ہوتے ہیں اور اس کے

پھل سے خوشبودار تیل نکلتا ہے اور بوجہ طویل
ہونیکے اس سے قد کو تشبیہ دی جاتی ہے۔
البَوَان والبُوَان : خیمہ کھڑا کرنیکا ستون
ج أَبْوِنَۃ وبُوُن وبُوْن۔
بَاہَ (ف ن) بَوْہًا۔للشیئِ : سمجھنا۔کہا جاتا
ہے "مَا بُہْتُ وما بُہْتُ الامرَ" : میں نے معاملہ کو
نہیں سمجھا۔
البَاحَۃُ : الدار : گھر کا صحن۔
البُوہ : اُلّو یا الو کی مانند ایک پرندہ۔
البُوہَۃُ۔البُوہ کا مونث۔بیوقوف مرد۔
دوات میں ڈالنے کے لئے دھنکی ہوئی خشک
اون۔اور اگر دوات میں ڈال دیں تو اس کو
"لِیقَۃ" کہتے ہیں۔
البَوّ۔اونٹنی کا بچہ۔اونٹنی وغیرہ کے مردہ
بچہ کی کھال جس میں گھاس وغیرہ بھر کر اس کی
ماں کے سامنے کردیتے ہیں تاکہ دودھ دوہنے
میں آسانی ہو۔
بَوَّی بَیَوِّی بَیًّا : دوسرے کے فعل کی
نقل کرنا۔
البَوِیُّ : تقلید۔نقالی۔آرزو۔طبیعت۔الم
البَیِّب : نابدان۔حوض کی نالی۔
البَیَّاب : سقہ جو لوگوں کو پانی پلاتا پھرے
بَاتَ (ض س) بَیْتًا وبَیَاتًا وبَیْتُوتَۃً و
مَبِیتًا ومَبَاتًا۔فی المکان۔شب باشی کرنا۔
۔۔۔فلانًا و بہ وعندہ : کسی کے پاس رات میں
آنا۔کہا جاتا ہو "بَاتَ یفعل کذا" جبکہ کسی کام کو
رات میں کرے جیسا کہ جب دن میں کرے تو
کہا جاتا ہے "ظَلَّ یفعل کذا"۔
بَاتَ یَبِیتُ بَیْتًا۔الرجلُ : نکاح کرنا۔
۔۔۔الرجلَ : نکاح کرانا۔
بَیَّتَ۔الشیئَ : رات میں کرنا۔۔۔العدوَّ :
شبخون ڈالنا۔۔۔البیتَ : گھر بنانا۔۔۔رایَہ :
رات میں سوچ بچار کرنا۔
بُیِّتَ : الشیئُ : اندازہ کیا جانا۔
أَبَاتَہ۔شب باشی کرانا۔کہتے ہیں۔

أَبَاتَہ اللّٰہُ أَحْسَنَ اِبْیِتَۃً" بمعنی أَبَاتَہ۔

اِسْتَبَاتَ : رات کی خوراک مہیا کرنا۔

الْبَیْتُ ۔ ج بُیُوْت وَ أَبْیَات وجج بُیُوتَات و أَبَابِیْت ۔ اور بقول بعض بُیُوتَات اور أَبَابِیْت اشراف کیلئے مختص ہیں۔ تصغیر بُیَیْت : گھر، مکان، شرافت ۔ بَیْتُ الرَّجُل : اہل عیال بَیْتُ الشِّعْر : وہ منظوم کلام جو دو مصرعوں پر شامل ہو۔ بیت القصیدہ : قصیدہ کے بہترین اشعار یا وہ شعر جو شاعر کی غرض کو متضمن ہو۔

بَیْتُ الْمَقْدِسِ او الْبَیْتُ الْمُقَدَّسُ ملک شام کے ایک شہر کا نام ۔ بیتُ المَالِ : حکومت اسلامی کا خزانہ ۔ بیت العنکبوت : مکڑی کا جالا ۔ البیت العتیق او البیت الحرام : کعبہ معظمہ ۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ جَارِی بَیْتَ بَیْتَ" وہ میرا پڑوسی ہے جس کا گھر میرے گھر سے ملا ہوا ہے۔

الْبَیَات : شبخون ڈالنا۔

الْبِیْتُ والْبِیْتَۃُ : رات کی خوراک۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ بِیْتُ لَیْلَۃٍ" اس کے پاس ایک رات کی خوراک ہے۔

الْبَائِتُ والْبَیُّوتُ ۔ باسی ۔ ہر وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو اور وہ ٹھنڈی ہو چکی ہو کہا جاتا ہے "اسقنی من بَیُّوتِ السقاء" یعنی مجھ کو اس دودھ میں سے پلاؤ جو رات کو دوہا گیا ہو اور مشکیزہ میں رکھا گیا ہو یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا ہو۔

الْبَیُّوتُ : ایسا معاملہ جس کی وجہ سے صاحب معاملہ رات سوچ بچار میں گزارے۔

سِنٌّ بَیُّوتَۃٌ : مضبوط دانت۔

الْمَبِیْتُ : رہنے کی جگہ ۔ شب باشی کی جگہ

الْمُبَیِّتَۃُ ۔ مِنَ النِّسَاءِ : گھر اور شوہر والی عورت۔

الْمُسْتَبِیْتُ : فقیر۔

بَیَّحَ تَبْیِیْحًا ۔ بہ : چپکے سے بھید بتلانا۔

— اللحم : کاٹنا اور تقسیم کرنا۔

الْبِیَاحُ والْبَیَّاحُ ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی

الْبَیَّاحَۃُ : مچھلی کا جال۔

الْبَیْحَانُ ۔ راز ظاہر کرنے والا۔

بَادَ یَبِیْدُ بَیْدًا او بَیَادًا و بُیُوْدًا و بَیْدُوْدَۃً ۔ ہلاک ہونا ۔ بَادَتِ الشَّمْسُ بُیُوْدًا : غروب ہونا۔

أَبَادَہٗ : ہلاک کرنا۔

بَیْدَ : بمعنی غیر ۔ اس کی ہمیشہ اضافت اس جملہ کی طرف ہوتی ہے جس پر أَنَّ داخل ہوتا ہے جیسے فُلَانٌ کَثِیْرُ الْمَالِ بَیْدَ أَنَّہٗ بَخِیْلٌ ۔ بمعنی غَیْرَ أَنَّہٗ بَخِیْلٌ۔

الْبَیْدَاءُ : بیابان ۔ ج بِیْد و بَیْدَاوَات

الْبَیَّادَۃُ : فوج کے پیادے ۔ واحد (بَیَّادِی)

الْبَیْدَانَۃُ : گدھی ۔ جنگلی گدھی۔

بَیْدَرَ : الحنطۃ : ڈھیر لگانا۔

الْبَیْدَرُ : کھلیان ۔ خرمن۔

الْبَیْدَقُ : ایک شکاری پرندہ۔

الْبَیْدَقُ : سفر کا رہنما ۔ پیدل چلنے والا اور اسی سے بیدق الشطرنج ہے ۔ یعنی شطرنج کا مہرہ جس کو پیادہ کہتے ہیں ۔ ج بَیَاذِق۔

الْبَیْرَقُ : جھنڈا ۔ ج بَیَارِق ۔ و (البیرقدار) جھنڈا بردار۔

الْبَیْزَارُ : باز رکھنے والا ۔ کاشتکار ۔ ج بَیَازِرَۃ۔

البیزرۃ : کاشتکاری ۔ باز کی رکھوالی

بَیَّشَ ۔ اللّٰہُ وَجْہَہٗ : خوبصورت بنانا۔

أَبَاشَ : الشجرۃ : جڑ پھوٹنے دینا۔

الْبِیْشُ : ایک قسم کی زہریلی گھاس۔

الْبِیْشُ : تھالہ ۔ گڑھا جس میں پودہ لگایا جاتا ہے ۔ ج أَبْیَاش۔

الْبَیْصُ والْبِیْصُ ۔ تنگی ۔ سختی ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ حَیْصَ بَیْصَ" وہ لوگ تنگی اور سختی میں پڑ گئے۔

بَاضَ (ض) بَیْضًا ۔ الطائرُ : انڈہ دینا صفت مذکر (بَائِضٌ) مونث بَائِضٌ ۔ ج بُوَائِضُ اور اسم مبالغہ (بَیُوْضٌ) ج بُیُضٌ و بِیْضٌ — بَاضَ الحَرُّ : گرمی سخت ہونا — فلانًا : سفیدی میں غالب ہونا — السحابُ : بارش ہونا۔ — بالمکان : اقامت کرنا۔

بَیَّضَہٗ ۔ سفید کرنا ۔ اور اسی سے تبییض الکتابۃ ہے ۔ بمعنی مسودہ کو صاف کرکے لکھنا اور تبییض الآنیۃ بمعنی قلعی کرنا ۔ اور کہتے ہیں "بَیَّضَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ" اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے۔

أَبَاضَتِ : المرأۃُ : سفید بچے جننا۔

بَایَضَہٗ : سفیدی میں غالب ہونے پر مقابلہ کرنا۔

اِبْتَاضَ ۔ خود پہننا — القومَ : فنا کردینا ۔ قوم کے میدان میں داخل ہونا۔

اِبْیَضَّ وَابْیَاضَّ ۔ سفید ہونا۔

الْبَیَاضُ : سفیدی ۔ دودھ ۔ بیاضُ العینِ : آنکھ کی سفیدی ۔ بیاضُ البیضۃِ : انڈے کی سفیدی ۔ بیاضُ الجلدِ : بے بال چمڑا ۔ بیاضُ الوجہِ : شہرت و نیک نامی ۔ بیاضُ النہارِ : دن کی روشنی — الیوم : تمام دن — الارض : عمارت سے خالی زمین — البطن : گردہ کی چربی ۔ اور کہتے ہیں فلان یلبس السواد والبیاض" وہ سیاہ و سفید پہنتا ہے ۔ اور کبھی سواد کو فساد کے لئے اور بیاض کو صلاح کے لئے مثال قرار دیتے ہیں۔

الْبَیْضَۃُ : البیض کا واحد ۔ انڈا ۔ ج بیضات اور بیض کی جمع بُیُوض ہے ۔ خصیہ ۔ خود ۔ بیضۃُ القومِ : چوپال ۔ بیضۃُ البلدِ : شہر کا سب سے بڑا آدمی ۔ گمنام نسب والا ۔ بیضۃُ الدیکِ ۔ مرغ کا انڈا (جو چیز ناممکن الحصول ہو یا ایک ہی مرتبہ پائی جائے اس کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے ۔ جیسے اردو میں بھینس کا انڈا)

— الحَرِّ: گرمی کی شدت — القُدُر: لڑکی
— العُقُر: آخری اولاد۔
الاَبْیَضُ: مونث بَیْضاء۔ ج بِیْض: سفید۔ تلوار۔ الموتُ الاَبْیَض: ناگہانی موت والخَیْطُ الاَبْیَض: کنایہ ہے سفیدۂ صبح سے۔ الیَدُ البَیْضاء: نعمت واحسان۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہ فی بَیْضاء القَیْظ" میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا "وکَلَّمْتُہ فَمَا رَدَّ عَلَیَّ بیضاء ولا سَوْداء" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا۔ اللَّیَالِی البِیْض: چاندنی راتیں۔ قمری مہینے کی تیرھویں۔ چودھویں، پندرھویں راتیں۔ وایّامُ البِیْض: انہی راتوں کے دن۔ الاَبْیَضَان: دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی۔ اور کہا جاتا ہے "مارایتہ منذ ابیضان" میں نے اس کو دو مہینے یا دو دن سے نہیں دیکھا اور "ہذا ابیض من ذاک" شاذ ہے۔ قیاس اشد بیاضا ہے۔ البَیْضاء: چاندی۔ گیہوں۔
البَیَّاضَۃ: بہت انڈوں والی۔
البِیْضَان۔ من الناس: سفید فام لوگ
بَاظَ (ض) بَیْظًا: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
البَیْظ: چیونٹی کے انڈے۔
بَاعَ (ض) بَیْعًا ومَبِیْعًا۔ فلانًا کتابًا او من فلان کتابًا: بیچنا۔ خریدنا۔ صفت (بائع) جمع باعۃ۔ صفت مفعول (مَبِیْع)
بَایَعَ۔ مُبَایَعَۃً: باہم عقد بیع کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَایَعُوْہُ بالخلافۃ و بُوْیِعَ لَہٗ بالخلافۃ" لوگوں نے اس کی خلافت کی بیعت کی۔
اَبَاعَ: الشیئَ: بیچنے کے لئے پیش کرنا۔
تَبَایَعَا: باہم خرید و فروخت کرنا۔
اِبْتَاعَ: الشیئَ: خریدنا۔
اِنْبَاعَ: الشیئُ: رائج ہونا۔

البَیْع: فروختگی۔ خرید۔
البَیْعَۃ: عہد و پیمان۔
البِیْعَۃ: کلیسا۔ گرجا۔ یہودیوں کا عبادت خانہ ج بِیَع وبِیَعَات وبِیْعَات۔
البِیَاعَۃ: سامان فروختنی۔ ج بیاعات
البَیِّع والبَیَّاع۔ بیچنے والا۔ خریدار
بَاغَ یَبِیْغ بَیْغًا وتَبَیُّغًا۔ الدمُ: جوش میں آنا۔
البَیْقَۃ: ایک قسم کی گھاس کا نام ہے۔
بَیْقَرَ۔ تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکائے ہوئے تیز چلنا۔ غیر معلوم جگہ میں جانا — فی مالہ: جلدی سے تباہ و برباد کر دینا — الدارَ: اترنا۔
الاُبَیْکِر: بے خیر و بے فیض آدمی۔
البَیْکَار۔ پرکار۔
البَیْلَسَان والبَلَسَان: ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
البِیْمَارِسْتَان والمَارِسْتَان: شفا خانہ۔ اس کیلئے عربی لفظ مُسْتَشْفٰی ہے۔
بَانَ (ض) بَیْنًا وبُیُوْنًا وبَیْنُوْنَۃً۔ عنہ: جدا ہونا۔
بَانَ (ض) بَیَانًا وتَبْیَانًا وتِبْیَانًا ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت (بَیِّن وبَائِن) ج اَبْیِنَاء۔ وبُیَنَاء واَبْیَان۔
اَبَانَ۔ الشیئَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا — الشیئُ: ظاہر ہونا، واضح ہونا۔ صفت (مُبِیْن) کہا جاتا ہے "ضَرَبَہ فَاَبَانَ رَاْسَہ مِنْ جَسَدِہ" اس نے اس کو مارا۔ اور اس کے سر کو دھڑ سے جدا کر دیا۔
بَیَّنَ۔ الشیئُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔
— الشجرُ: پتے نکلنا — الشیئَ: واضح کرنا
— البنتَ: نکاح کر دینا۔
بَایَنَہ۔ چھوڑ کر جدا ہونا۔
تَبَیَّنَ۔ الشیئُ: واضح ہونا — الشیئَ: واضح کرنا۔ غور و تامل کرنا۔

تَبَایَنَا: ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔ تَبَایَنَ الشیئَان: باہم متفاوت ہونا۔
اِسْتَبَانَ۔ الشیئُ: واضح ہونا — الشیئَ: کسی چیز کی وضاحت طلب کرنا۔
بَیْنَ۔ درمیان (ظرف ہے)
بَیْنَ بَیْنَ (دونوں کلمے مبنی بر فتحہ ہیں) بمعنی درمیانہ۔ متوسط۔ اور کہا جاتا ہے۔ "بَیْنَا اَوْ بَیْنَمَا نَحْنُ نَضْرِبُ"۔
البَیْنُ: جدائی۔ وصل۔ کہا جاتا ہے۔ "تقطع بَیْنُہُمَا" یعنی ان کے میل ملاپ میں فصل واقع ہو گیا۔
ذاتُ البَیْنِ: نسب۔ رشتہ داری۔ دوستی۔ عداوت۔ فساد۔ کہا جاتا ہے "سَعٰی فی اصلاح ذاتِ بَیْنِہِم" یعنی ان کے اصلاح حال میں کوشش کی۔
البِیْنُ: گوشہ۔ دو زمینوں کے درمیان کا فاصلہ۔ حد نظر تک کی زمین کا ٹکڑا۔ ج بُیُوْن لفظ بین کے معنی ترکی زبان میں ہزار کے ہیں بین باشی کے معنی ہزار کا سردار۔
البَیَان۔ ء فصیح گفتگو جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے۔
البَائِنَۃ۔ البائن کا مونث۔ دلہن کا جہیز (مولدۃ)
البَائِنَۃ۔ گہرا کنواں۔
البَیِّنَۃ: البیّن کا مونث۔ دلیل و حجت ج بَیِّنَات۔
بَاہَ یَبَاہُ بِہَا۔ لہ: مطلع ہونا، واقف ہونا، جاننا
بَیَّاکَ اللہ۔ بمعنی بَوَّاکَ اللہ۔ خدا تم کو مالک بنائے، تمہارے رتبہ کو بلند کرے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ہَیَّ بن بَیَّ" "یا ہَیَّان بن بَیَّان" یعنی وہ مجہول النسب ہے، نہ وہ معلوم ہے نہ اسکا باپ "ولستُ اَدْرِی اَیُّ ہَیُّ بن بَیٍّ ہو" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔

(۴۰۰)

ت

التَّاءُ - حروفِ مبانی کا تیسرا حرف (مونث) جمع تاءات - نسبت کیلئے تائی وتاوی وتیوی کہا جاتا ہے "قصیدۃٌ تائیۃٌ وتاویۃٌ وتیویۃٌ"

اس کا استعمال کئی طرح سے ہوتا ہے - فعل کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہوکر جیسے قُمْتُ وقُمْتَ وقُمْتِ وقُمْتُمَا وقُمْتُم وقُمْتُنَّ - اور کبھی تانیث کی علامت جیسے قائمۃٌ وذَہَبَتْ،

اور کبھی جنس میں سے واحد پر دلالت کے لئے جیسے شَجَرۃ -

اور کبھی مبالغہ کیلئے جیسے فَہّامَۃ - علّامَۃ -

اور کبھی یہ حرفِ جر ہوتا ہے اور قسم کیلئے آتا ہے اور لفظ اللہ کو جر دیتا ہے - جیسے تاللہ -

اور کبھی کبھی اس لفظ کے علاوہ دوسرے کو بھی جر دیتا ہے جیسے تَرَبِّی -

اور کبھی صیغہ منتہی الجموع کے آخر میں نسبت پر دلالت کے لئے جیسے مہالبۃ -

اور کبھی حرفِ محذوف کے بدلہ میں جیسے زنادقۃ زندیق کی جمع -

اور افعال کے اوائل اور وسط میں بھی زیادہ کیا جاتا ہے جیسے تَقَاتَلَ واقْتَتَلَ -

اور کبھی اسماء کے آخر میں جیسے ملکوت کی تاء - اور کبھی اوّل کلمہ کے حرفِ محذوف کے بدلہ میں جیسے عِدَۃٌ -

اور کبھی آخر کلمہ سے جیسے شَفَۃٌ -

تا - مونث مفرد کے لئے اسم اشارہ ہے - اسکا تثنیہ تانِ، جمع اُولاء اور اس پر ہاء تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے ہاتا، ہاتانِ وہٰؤلاء - خطاب کی حالت میں کاف لاحق کرتے ہیں - جیسے تاکَ وتلکَ وتیکَ وتالکَ (تلک میں تاء کا فتحہ لغت ردیہ ہے) تثنیہ کیلئے تانکَ وتانِّکَ اور جمع کے لئے اُولٰئکَ واُولاکَ واُولالِکَ - تلک کے علاوہ ان سب پر ان سارے احوال میں ہاء تنبیہ بھی داخل ہے -

التَّابُوتُ : لکڑی کا صندوق - اور اسی سے تابوت میت ہے - کشتی - جمع توابیت

تَأْتَأَ تَأْتَأَۃً وتِئْتَاءً - بولتے ہوئے تتلانا صفت تَأْتَاء - الطِّفْلُ : چلنا - المحاربُ : لڑائی میں اظہارِ شجاعت کے لئے اکڑتے ہوئے چلنا -

تَأَرَہٗ (ف) تَأْرًا - جھڑکنا -

أَتْأَرَ إِتْآرًا : دیکھنا - ٹکٹکی لگانا -

— بالعصا : لاٹھی سے مارنا -

التَّارَۃُ - ایک مرتبہ - ہمزہ کا ترک کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہے - کہا جاتا ہے "فعلت تارۃً ہذا وتارۃً ذاک" و "تارۃً بعد تارۃٍ" جمع تارات وتیر وتیر -

تَأَزَ (ف) تَأْزًا - الجرحُ : زخم کا بھر جانا مندمل ہونا - القومُ فی الحربِ : لڑائی میں ایک دوسرے سے قریب ہونا -

تَئِقَ (س) تَأَقًا - الاناءُ : برتن کا بھر جانا - الرجلُ : غصہ سے بھر جانا - صفت (تَئِقٌ وتِئْقٌ وتَأْقَانُ)

أَتْأَقَ - الاناءُ : برتن بھرنا -

التَّأَقَۃُ - غصہ کی تیزی - اور برائی کی طرف تیز قدمی -

أَتْأَمَتْ - المرأۃُ : جوڑواں جننا - صفت (مُتْئِمٌ) اور اگر یہی عادت ہو تو ایسی عورت کو (مِتْآم) کہتے ہیں - جمع متائیم -

تَاءَمَ - اخاہ : جڑواں پیدا ہونا - صفت (تَئِمٌ وتُوْأَمٌ وتَئِیمٌ) الثوبَ : تانا بانا دونوں میں دو سوتی بنا - صفت مفعولی (مُتَاءَم)

التَّوْأَمُ : جڑواں - جمع توائم وتُؤام - مونث تَوْأَمَۃ : کہا جاتا ہے "ہذا توأمُ ہذا وہذہ توأمۃُ ہذہ" اور جب دونوں جمع ہوں تو انکو تَوْأَمانِ وتَوْأَمٌ کہتے ہیں جیسے زوجان وزوج - التوأمُ : جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر - توائم النجوم او اللؤلؤ : ستارے یا موتی جو آپس میں گھسے ہوئے ہوں -

تَبَّ (ن) تَبًّا - الشیءَ : کاٹنا — فلانًا ہلاک کرنا -

تَبًّا وتَبَبًا وتَبَابًا وتَبِیبًا : ہلاک کرنا اور کہا جاتا ہے "تَبًّا لَہٗ" یعنی اللہ اس کیلئے خسران وہلاکت لازم کرے - "وتَبَّتْ یَدَاہُ" اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں -

تَبَّبَ - فلانًا : کسی سے تبًا لک کہنا - ہلاک کرنا

أَتَبَّہٗ - کمزور وضعیف کرنا -

اِسْتَتَبَّ - الأمرُ : درست ہونا - درست طریقے سے جاری رہنا — الرجلُ : کمزور و عاجز ہونا — الطریقُ : چلتا ہوا ہونا -

التَّبَابُ : کمی - نقصان - ہلاکت -

التَّبَّۃُ : سخت حالت -

التَّابُّ - بوڑھا اور کمزور مرد - کہا جاتا ہے "کُنْتُ شابًّا فصرتُ تابًّا" میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہو گیا - جمع أَتْبَاب -

تَبْتَبَ - الرجلُ : بوڑھا ہونا -

تَبِرَ (س) تَبَرًا - ہلاک ہونا -

تَبَرَہٗ (ض) تَبْرًا - ہلاک کرنا - توڑنا -

أَتْبَرَ - عن الامرِ : پیچھے ہٹنا ، باز رہنا -

تَبَّرَہٗ : ہلاک کرنا -

التَّابُورُ : فوجی جماعت - جمع توابیر -

التَّبَارُ : ہلاکت -

التِّبْرُ : سونے کا بغیر ڈھلا ہوا ڈھیلا - واحد تِبْرَۃ -

التِّبْرِیَۃُ : سر کی بھوسی (ہبریۃ میں ایک لغت ہے -

المُتَبَّرُ : ہلاکت شدہ - ناقص -

تَبِعَہٗ (س) تَبَعًا و تَبَاعًا و تَبَاعَۃً و اِتَّبَعَہٗ: پیچھے چلنا۔ ساتھ چلنا۔ فرمانبردار ہونا صفت (تَبَع) واحد اور جمع دونوں کے لئے آتا ہے۔ ج اَتْبَاع و (تَابِع) ج تُبَّع و تَبَعَۃ و تُوَابِع و تُبَّاع۔ التَّابِع: نوکر۔ خادم۔ جن۔ تَبَعَ و اتَّبَعَ الشَّیْءَ: پیروی کرنا۔ نشانِ قدم پر چلنا۔

تَبَّعَہٗ۔ پیروی کرنا۔ تبّع بہ کذا: لاحق کرنا

تَابَعَ۔ بین الاعمال: لگاتار کرنا۔۔۔ الحدیث: اچھی طرح بیان کرنا۔۔۔ العمل: محکم کرنا۔ مضبوط کرنا۔۔۔ فلانًا علی الامر: موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تابعنی بمالہ عندی" یعنی اس کا جو کچھ میرے پاس تھا اس کا اس نے مجھ سے مطالبہ کیا۔

اَتْبَعَہٗ۔ پیروی کرنا۔ لاحق ہونا۔ اَتْبَعَہٗ کذا: لاحق کرنا۔

تَتَبَّعَ۔ الامرَ: دیر تک تلاش و ۔۔ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تتبعتُ احوالہ" میں اس کے احوال کو ٹٹولتا رہا۔

تَتَابَعَتِ۔ الاخبارُ: ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔

اِسْتَتْبَعَہٗ۔ پیچھے چلنے کو کہنا۔

التِّبْعُ۔ تابع۔ عاشق۔ کہا جاتا ہے۔ ہو تِبْعُ الکرم" وہ فیاضی کا عاشق ہے۔

التَّبِیعُ۔ بہت تابعداری کرنے والا۔

التَّبِعَۃُ۔ ج تَبِعَات و (التَّبَاعَۃ) ج تَبَاعَات: تاوان۔ ڈانڈ۔ کہا جاتا ہے "لہذا الفعل تبعۃ" یعنی اس فعل سے ضرر لاحق ہونے والا ہے۔

تُبَّعٌ۔ یمن کے بادشاہوں کا لقب۔ ج التبابعۃ و التُّبَّعُ: سایہ۔ شہد کی بڑی مکھی ج تبابیع۔

التَّبِیْعُ۔ مددگار۔ پیروی کرنے والا۔ ج تِبَاع و تُبَعَاء۔

التَّابِعَۃُ۔ تابع کا مؤنث۔ نوکرانی۔ خادمہ جنیہ

التَّابِعِیُّ۔ تابع اور تابعی کی جانب نسبت وہ شخص جس نے بحالتِ ایمان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زیارت کی ہو اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

التَّبَاعُ۔ تابع کا مصدر۔ اور کبھی صفت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے "شہد نا ہن ایاما تباعا"

الاِتْبَاعُ۔ مع کسی ایسے کلمہ کا لانا جو ماقبل کے کلمہ کے ہم وزن ہو جیسے کثیر بثیر۔ خبیث نبیث۔

التِّبْغُ۔ تمباکو۔

تَبَلَہٗ (ن) تَبْلًا و اَتْبَلَہٗ۔ الحُبُّ او الدَّہْرُ بیمار کر دینا۔ عقل کو ضائع کر دینا۔ صفت مفعولی (مَتْبُول و تَبِیل) ہے۔

تَبَّلَ و تَابَلَ و تَوْبَلَ۔ الطعامَ: مسالہ ڈالنا۔

التَّبْلُ۔ مع۔ کینہ۔ دشمنی۔ کہا جاتا ہے۔ "بینہما تبل" ان دونوں کے درمیان عداوت ہے ج اَتْبَال و تُبُول۔

التَّابَلُ و التَّابِلُ و التَّأْبَلُ۔ مسالہ

التَّبَّالُ۔ مسالہ والا۔ مسالہ بیچنے والا۔

التُّوبَالُ۔ من النحاس والحدید: ذرات جو کوٹنے میں گریں۔

تَبَنَ (ض) تَبْنًا۔ الدابۃ: بھوسہ کا چارہ دینا۔

تَبِنَ (س) تَبَنًا و تَبَانَۃً۔ سمجھ دار و ذکی ہونا۔ صفت (تَبِن)

تَبَّنَ۔ بھوسے کے ذخیرہ میں بھوسہ رکھنا۔ ۔۔۔ الرجلُ: باریک بیں ہونا۔

اِتَّبَنَ۔ جانگھیا پہننا۔ لنگوٹ باندھنا۔

التِّبْنُ۔ بھوسہ واحد (تِبْنَۃ) ج اَتْبَان و تُبُون۔ بڑا پیالہ۔

التِّبْنِیُّ۔ بھوسہ کے رنگ کا۔

التَّبَّانُ۔ بھوسہ بیچنے والا۔

التُّبَّانُ۔ لنگوٹ۔ جانگھیا۔ نیکر۔

تَبَا (ن) تَبْوًا۔ غزوہ کرنا اور مالِ غنیمت حاصل کرنا۔

التَّتَرُ۔ قوم تاتار۔ واحد (تَتَرِیّ) کہا جاتا ہے جاء القومُ (تَتْرَی و تَتْرًی) لوگ پے در پے آئے اس کی اصل وَتْرَی ہے۔

التُّتُن۔ تمباکو (یہ لفظ ترکی الاصل ہے اس کے معنی دھوئیں کے ہیں۔

تَجَرَ (ن) تَجْرًا و تِجَارَۃً و تَاجَرَ و اَتْجَرَ و اِتَّجَرَ۔ سوداگری کرنا۔

التِّجَارَۃُ۔ سوداگری۔ سرمایہ۔

التَّاجِرُ۔ سوداگر۔ عرب شراب بیچنے والے کو تاجر کہا کرتے تھے۔ ج تِجَار و تُجَّار و تَجْر۔ اور کہا جاتا ہے "بضاعۃ تاجرۃ" رائج سامان۔ ج تواجر

المَتْجَرُ۔ سوداگری۔ سرمایہ۔ اور اسی سے ہے "وصنعۃ فی متجر الحمد رابحۃ"

المَتْجَرَۃُ۔ منڈی۔ کہا جاتا ہے "ارض متجرۃ" تجارتی ملک۔

تَحْتَ۔ نیچے۔ اس لفظ کے لئے اضافت لازم ہے اور جب اضافت سے علیحدہ کرتے ہیں تو مبنی بر ضمہ کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں "جاء من تحتُ" ج تُحُوت۔

التُّحُوتُ۔ کمینے۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

التَّحْتَانِیُّ۔ تحت کی جانب منسوب۔ نیچے کی چیز۔

تَحْتَحَ۔ من مکانہ: حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "فلان لا یتحتح من مکانہ": جگہ سے حرکت نہیں کرتا۔

التَّحْتَحَۃُ۔ حرکت۔ تسمہ کی حرکت کی آواز

اَتْحَفَہٗ۔ الشَّیْءَ و بالشَّیْءِ و (اِتَّحَفَہٗ) بہ: ہدیہ کرنا۔ تحفہ دینا۔

التُّحْفَۃُ و التُّحَفَۃُ۔ ہدیہ۔ نفیس قیمتی چیز۔ ہر وہ چیز جو کسی کے سامنے لطف و مہربانی کے طور پر پیش کی جائے۔ ج تُحَف۔

تَحَمَ (ن) تَحْمًا۔ الثوبَ: نقش و نگار کرنا۔

اِتْحَمَّ اِتْحِمَامًا۔ سخت سیاہ ہونا۔

التَّاحِمُ: جولاہہ۔

الأتخم - سخت سیاہ۔
التاجی : باغبان۔
تخَّ (ن) تخوخۃً - العجینُ : گندھے ہوئے آٹے کا ترش ہونا۔ —— تخّا، العجینَ اوالطینَ : گندھے آٹے یا مٹی کو نرم ہونے کے لئے پانی بڑھانا۔
أتخَّ - العجینَ : کھٹا کرنا - نرم ہونے کے لئے زیادہ پانی ڈالنا۔
التخّ - کھٹا خمیر - تل کا عصارہ۔
التخت - تخت - تختُ الملکِ : تختِ شاہی - تختُ المملکۃِ : دارالسلطنت - جامہ دان - ج تخوت۔
التختخۃ - لکنت - ہکلا پن۔
التختاخ والتختاني - ہکلا۔
تخذ ہٗ (س) تخذًا - لینا۔
تخمہٗ (ض) تخمًا - حد مقرر کرنا۔
تخِم (س) تخمًا وا تخمۃ - بدہضمی ہونا
أتخمہٗ - الطعامُ : مبتلائے بدہضمی کرنا۔
تاخم - مُلکی مُلکک : سرحدیں متصل ہونا۔
التُخُم والتخوم - سرحد - ج تخوم۔
التدرُج والتدرُّج - ایک خوبصورت پرندہ جس کی دُم لمبی ہوتی ہے - ج تدارج۔
ترّ (ض) ترًّا وترورًا - العظمُ : کٹ کر گرنا —— عن قومہ : الگ ہونا - دُور ہونا۔
(—— ترارۃً) الرجلُ : موٹا اور ڈھیلا ہونا۔ صفت (تارّ)
أترّہ - دور کرنا - أترّ یدہٗ : ہاتھ کاٹ دینا
التُرّ - اصل - جڑ - معمار کی ڈوری۔
التُرّی - من الایدی : کٹا ہوا ہاتھ۔
ترِب (س) تربًا - المکانُ : بہت مٹی والا ہونا —— الشیئُ : مٹی لگ جانا۔
ترِبَ (س) تربًا ومتربًا - الرجلُ : محتاج ہونا - صفت (ترِب وتروب) ج تراب - اور اسی سے ہے "ترِبَ بعدانَ أترب" وہ مالدار ہونے کے بعد محتاج ہوگیا۔

ترّب وأترب - مالدار ہونا - کم مال والا ہونا - ترّب وأترب الشیئَ : خاک ڈالنا۔
تاربہٗ - ہمعصر ہونا - دوست ہونا۔
تترّب : مٹی ہونا - خاک آلود ہونا۔
التُراب - مٹی - ج أترِبہ وتِربان۔
التِراب - بکری کا دست۔
التُرب والتَرَب - مٹی۔
التِرب - ہم عمر - اکثر اس کا استعمال عورتوں کے لئے ہوتا ہے - کہا جاتا ہے "ہذہ ترب فلانۃ" یہ عورت فلانی کی ہم عمر ہے۔
التَرباء - مٹی - زمین - کہتے ہیں "بینہما مابین الجرباء والترباء" ان دونوں کے درمیان آسمان زمین جیسا فرق ہے۔
التُربۃ - مٹی - قبرستان - ج تُرب - تُربۃ - الانسان : انسان کی قبر۔
الترِب - فقیر - ریحٌ ترِبۃ : خاک اُڑانیوالی ہوا - لحمٌ ترِب : خاک آلود گوشت - مکانٌ ترِب : بہت مٹی والی جگہ۔
الترِبۃ - ج ترِب : ایک قسم کی گھاس —— ج ترِبات : انگلیوں کے کنارے - سرانگشت۔
التریبۃ - سینہ کی ہڈی - سینہ کا بالائی حصہ - تریبۃُ البعیرِ : اونٹ کے نحر کرنے کی جگہ - ج ترائب۔
المتربۃ - فقر وفاقہ - کہا جاتا ہے "مسکین ذومتربۃ" یعنی خاک آلود مسکین۔
ترتر ترترۃً - جلدی جلدی بولنا اور بہت بولنا - گفتگو میں نرم ہونا - بدن کے لحاظ سے ڈھیلا ہونا —— الشیئَ : خوب ہلانا۔
تترتر - ہل جانا۔
التراتر - سختیاں۔
ترِج (س) ترجًا - الرجلُ : دشوار پانا مشکل ومشتبہ پانا۔
ترَج (ن) ترجًا - چھپنا - پوشیدہ ہونا۔
الترنج - مضبوط پٹھوں والا - مونث ترنجۃ

اور کہا جاتا ہے "ریحٌ ترنجۃ" تیز ہوا۔
ترجم - الکلامَ : ترجمہ کرنا - صفت (ترجمان وتُرجُمان) ج تراجمۃ وتراجم —— الرجلَ : عادات واخلاق بیان کرنا —— عنہ : کسی کے معاملہ کو واضح کرنا - کہا جاتا ہے "ترجمہٗ بالترکیۃ" اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔
ترجم - الکلامُ : مشتبہ ہونا۔
الترجمۃ : ترجمہ - سوانح عمری - ج تراجم وترجمۃ الکتاب : کتاب کا دیباچہ۔
ترِح (ف) ترحًا وتترّح - غمگین ہونا
ترّحہٗ وأترحہٗ - غمگین ہونا۔
الترَح - غم - محتاجی - فقیری - ج أتراح
الترِح - کم خیر والا - بہت غم والا۔
المِتراح - من النوق : اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے - ج متاریح۔
ترَز (ض) وترِز (س) ترزًا وترَزًا وترُوزًا - الشیئُ : خشک ہونا - مضبوط ہونا - سخت ہونا —— الماءُ : پانی کا جم جانا۔
ترَزہٗ (ض) ترزًا - پچھاڑنا۔
أترز - الشیئَ : سخت کرنا - خشک کرنا - کہا جاتا ہے "الجری یترز لحم الدابۃ" دوڑ جانور کے گوشت کو سخت کر دیتا ہے۔
التارِز - سخت وقوی - اور اسی سے ہے "إن خمیرکم لتارز" تمہارا خمیر سخت ہے - خشک چیز جس میں روح نہ ہو - مردہ۔
التُراز - اچانک موت۔
ترّسہٗ - ڈھال پہنانا یا دینا (—— تترّس) ڈھال لگانا یا ڈھال سے اپنے آپ کو چھپانا صفت (تارِس) کہا جاتا ہے "لا یستوی الراجلُ والفارسُ والاکشفُ والتارسُ" پیدل اور سوار اور بے ڈھال والا اور ڈھال والا برابر نہیں۔
أترس - البابَ : دروازہ بند کرنا۔
إتّرس - بالترس او غیرہ : ڈھال وغیرہ سے اپنی حفاظت کرنا۔

الترس - ڈھال - ج اتراس وتراس و تروس وترسة - ترس الشمس: آفتاب کی ٹکیا - کہا جاتا ہے "غاب ترس الشمس"۔

المتراس والمترسة - ج متارس و (المتراس) ج متاریس: دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا دیوار وغیرہ جس کے پیچھے چھپ کر دشمن سے بچیں۔

التّراس - ڈھال بنانے والا - ڈھال والا

التراسة - ڈھال سازی۔

الترسانة والترسخانة - اسلحہ خانہ جہاز سازی کا کارخانہ۔

ترش (س) ترشا - بدخلق ہونا۔ صفت (ترش)

ترص (ک) تراصة - الشئ: سیدھا ہونا۔ مضبوط ہونا۔ صفت (تریص)

ترّص واترص - المیزان: سیدھا کرنا صفت مفعول (تریص ومترص) کہا جاتا ہے "اترص میزانک فانہ شائل" اپنی ترازو درست کرو اس لئے کہ وہ اٹھی ہوئی ہے۔

المترصات - سیدھے کئے ہوئے نیزے

ترع (س) ترعا - برائی کی طرف سبقت کرنا۔ صفت (ترع وتریع) — الکوز و الحوض: بھر جانا۔ صفت (ترع)

ترع (ف) ترعا - عن الامر: کسی کام سے پھرنا۔ باز رکھنا۔

ترّع - الباب: دروازہ بند کرنا۔

اترع - الاناء: برتن بھرنا۔

تترّع - الیہ بالشر: کسی کو جلدی سے برائی پہنچانا۔

اتّرع - الاناء: برتن کا بھر جانا۔

الترعة - دروازہ - کہا جاتا ہے "فتح ترعة الدار" اس نے گھر کا دروازہ کھولا - باغ باغ کی طرف جانیوالی نالی - سیڑھی کا پایہ - منبر کے دستے - حوض کا دہانہ - دو دریاؤں یا دو سمندروں کے درمیان گہری نہر - ج ترع

التّراع - دربان (— والاترع) من السیل: وہ سیلاب جو وادی کو بھر دے

الترغلة - جنگلی کبوتر۔

ترف (س) ترفا وتترف - خوشحال ہونا - آسائش سے زندگی بسر کرنا۔ صفت (ترف وتریف)

ترّف واترف - المال: سرکش بنا دینا خراب کر دینا - اترف الرجل: سرکشی وبغاوت پر اصرار کرنا۔

استترف - سرکشی کرنا - تکبر کرنا۔

الترفة - نعمت وآسائش - خوش ذائقہ کھانا - پیدائشی طور پر اوپر کے ہونٹ کے درمیان میں ابھار۔

الاترف - وہ شخص جس کے اوپر کے ہونٹ میں پیدائشی کچھ ابھرا ہوا ہو۔

المترف والمتترف - ظالم - خوشحال نعمت میں پلا ہوا - وہ شخص جو بطور خود جو چاہے کرے اور کوئی روکنے والا نہ ہو۔

الترقوة - ہنسلی کی ہڈی - ج التراقی و التراقی - کہا جاتا ہے "ترقاه ترقاة" یعنی اس نے اس کی ہنسلی کی ہڈی پر مارا - "وبلغت روحہ التراقی" وہ قریب الموت ہوا۔

ترک (ن) ترکا وترکانا واترکہ: چھوڑنا تارکہ متارکة وتتراکا - چھوڑنا — الرجل: مصالحت کرنا۔

تتارکوا - الامر بینہم: چھوڑنا۔

الترکة والتریکة - شترمرغ کا چھوڑا ہوا انڈا - انڈے کا خول جس میں سے بچہ نکل چکا ہو - خود - وہ عورت جس سے کوئی شادی نہ کرے۔

الترکة والترکة - چھوڑی ہوئی چیز اور اسی سے ہے "ترکة المیت"

التریک - چھوڑا ہوا — من الکرم او النخل: خوشہ یا گچھا جس میں سے کھا کر تھوڑا چھوڑ دیا گیا ہو۔

التّراک - بہت چھوڑنے والا۔

ترمس: جنگ سے غائب رہنا۔

ترمست الدابة: جانور کے جبڑے کے اندرونی حصہ میں ترمس کے مشابہ پھنسیاں نکلنا۔

الترمس - ایک قسم کا غلہ جو کڑوا ہوتا ہے اور چند دن پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے

الترمسة - سرنگ - تہ خانہ۔

التّرامس - چاندی کے مہرے۔

الترامس - گدھا۔

الترنج - لیمو - لیمو کا درخت۔

تره (س) ترها - باطل چیزوں میں پھنسنا

الترهة - باطل مصیبت - ج ترہات الترہات: چھوٹے راستے۔

الترّه - باطل - ج ترارِیہ۔

تری (ض) تریا - فی الامر: دیر کرنا۔

التریاق - دوا جو دافع زہر ہو (— و التریاقة) شراب۔

تسع (ف ض) تسعا - القوم: نواں ہونا اپنے کو ملا کر نواں بنا دینا - قوم کے مال کا نواں حصہ لینا — المال: نواں حصہ لینا۔

اتسع - القوم: نو ہونا۔

التسعة - نو - مونث تسع کہا جاتا ہے "تسعة رجال وتسع نساء وتسعة عشر رجلا و تسع عشرة امراة" - ج تسعات۔

التسع والتسیع - نواں حصہ - تسع کی جمع اتساع۔

التاسع - نواں۔

تسعون - نوّے۔

التسع - مہینہ کی ساتویں آٹھویں نویں راتیں

تساع - نو نو کہا جاتا ہے "جاء القوم تساع" قوم کے لوگ نو نو آئے (یہ غیر منصرف ہے)

التساعی - نو والا۔

التاسوعاء - مہینہ کا نواں دن - حبل (متسوع) نو لڑی کی بٹی ہوئی رسی۔

تشرین الاول - ماہ اکتوبر (ترکی مہینے

کا نام۔
تِشْرِیْنُ الثَّانِی - ماہ نومبر۔ جمع تَشَارِیْن۔
تشارین کو فصل خریف پر دلالت کیلئے استعمال کرتے ہیں۔
تَعَّ (ن) تَعَّۃً وتَعًّا - ڈھیلا ہونا۔ قے کرنا۔
تَعِبَ (س) تَعَبًا - مشقت میں پڑنا۔ تھکنا۔ صفت (تَعِبٌ)
أَتْعَبَہٗ - تھکانا۔ أَتْعَبَ الإنَاءَ: بھرنا۔ ـــ القومُ: تھکے ہوئے جانوروں والی ہونا۔
التَّعَبُ - مشقت۔ تھکن۔ جمع أَتْعَاب۔
المَتْعَبُ والمَتْعَبَۃُ - تھکن۔ تھکن کی جگہ۔ باعث تھکن۔ کہا جاتا ہے "استخراج المعمّی مَتْعَبَۃٌ للخَوَاطِرِ" معمہ کا حل کرنا طبیعت کی تھکن کا باعث ہوتا ہے۔ جمع مَتَاعِب۔
تَعْتَعَہٗ - جھنجوڑنا۔ حرکت دینا۔ تَعْتَعَ فی الکلام: ہکلانا۔
التَّعَاتِعُ - خوفناک جھوٹی خبریں۔
تَعَسَ (ف) وتَعِسَ (س) تَعْسًا وتَعَسًا - ہلاک ہونا۔ پھسلنا اور منہ کے بل گرنا۔ صفت (تَعِسٌ وتَاعِسٌ وتَعِیْسٌ)
تَعَسَہٗ وأَتْعَسَہٗ - الدھرُ: بدنصیب بنانا۔ ہلاک کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَعْسًا لَہٗ" یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے۔
التَّعْسُ - مع ہلاکت۔ بدی۔ تنزل۔
التَّعْسَۃُ - سختی سے گرنا۔
المَتْعَسَۃُ - سبب ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "ہذا الامرُ مَتْعَسَۃٌ" یہ معاملہ باعث نحوست و ہلاکت ہے۔
تَعِصَ (س) تَعَصًا - زیادہ چلنے سے پٹھوں میں درد ہونا۔
التَّعَلُ - حلق کی سوزش۔
تَغِبَ (س) تَغَبًا - ہلاک ہونا۔
أَتْغَبَہٗ - ہلاک کرنا۔
التَّغْبُ - ہلاکت۔ میل کچیل۔ بھوک۔ عیب وفساد۔

التَّغْبُ والتَّغْبَۃُ - گناہ۔ قبیح۔ کہا جاتا ہے "ما فیہ تَغْبَۃٌ" یعنی اس میں کوئی ایسا عیب نہیں جس کی وجہ سے اس کی شہادت رد کی جائے۔
تَغْتَغَ - الکلامَ: واضح طریقہ سے نہ بولنا ـــ الضحکَ: ہنسی کو چھپانا۔
التَّغْتَغَۃُ - زیور کی جھنکار کی نقل۔ ہنسنے کی آواز کی نقل۔ زبان کی ثقالت۔
تَغَرَت (ف) تَغْرًا وتُغُوْرًا - السحابۃُ: پانی بہہ پڑنا۔ تَغَرَ العِرْقُ: کثرت سے خون جاری ہونا۔
تَغَرَانًا - القِدْرُ: جوش مارنا۔ ابلنا۔
جرح (تَغَّار) کثرت سے خون بہانے والا زخم۔
تَفَّفَہٗ - کسی سے تھو تھو کہنا۔
التُّفُّ - ناخن کا میل۔ جمع تِفَفَۃ۔
إِتْفَان - وقت۔ کہا جاتا ہے "أتیتُک بِتِفَّانِہٖ وعَلٰی تِفَّانِہٖ" میں مناسب وقت میں تمہارے پاس آیا۔
التُّفَّۃُ - حقیر و ذلیل عورت۔
التُّفَفَۃُ - ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
تَفِغَ (س) تَفَغًا - سخت غضبناک ہونا۔
تَفِیْئَۃٌ وتَفِیَّۃٌ - الشیءُ: وقت۔
تَفِثَ (س) تَفَثًا - میل کچیل غالب ہونا صفت (تَفِثٌ) کہا جاتا ہے "قَضٰی تَفَثَہٗ" اس نے میل کچیل کو دور کیا۔
تَفَّثَتِ - الدماءُ مکانہٗ: آلودہ کرنا۔
التُّفَّاحُ - سیب۔ سیب کا درخت۔ واحد تُفَّاحَۃ۔ جمع تَفَافِیْح۔
التُّفَّاحَتَانِ - دونوں ران کے سرے
المَتْفَحَۃُ - سیب کی پیداوار کی جگہ۔
أَتْفَرَ - الشجرُ: کونپلیں نکلنا ـــ الرجلُ: ناک کے بالوں کا ہونٹ کے گڑھے تک لمبا ہونا۔
الرجل (التَّافِرُ والتَّفِرُ والتَّفِرَان) میلا گندا

التِّفِرَۃُ والتُّفُرَۃُ والتَّفَرَۃُ - اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
تَفِرَۃُ - الشجرِ: کونپل۔ والتَّفِرَۃُ: درخت کے نیچے اگنے والی گھاس۔ یا وہ گھاس جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے جانور چر نہ سکے۔
التَّفَارِیْجُ - چبوترے کے پائے کے فاصلے انگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ واحد تُفْرَاج
التُّفْرُوْق - فلاں خرما۔
تَفَلَ (ن ض) تَفْلًا - تھوکنا۔
تَفِلَ (س) تَفَلًا - الرجلُ: تیل وخوشبو نہ لگانے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔ صفت (تَفِلٌ) مونث (تَفِلَۃ ومِتْفَال)
أَتْفَلَہٗ - بدبودار کر دینا۔
المِتْفَلَۃُ - پیکدان۔ جمع مَتَافِل۔
التَّتْفُلُ والتِّتْفِلُ والتُّتْفُلُ - لومڑی۔ مونث تَتْفُلَۃ۔
التَّفَنُ - میل
تَفِہَ (س) تَفَہًا وتُفُوْہًا - الشیءُ: کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔ حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَفِہَ عطاءُ فلان" فلاں کی داد ودہش کم ہے (ـــ تَفَاہَۃً) الطعامُ: بے مزہ ہونا۔ صفت (تَفِہٌ وتَافِہٌ) (ـــ تُفُوْہًا) الرجلُ: کم عقل ہونا۔ صفت (تَافِہٌ)
أَتْفَہَ - الشیءَ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَعْطَیْتَ فَأَتْفَہْتَ" تم نے دیا اور کم دیا۔
التِّقِدَۃُ والتَّقْدَۃُ - دھنیا۔ زیرہ رومی۔ مسالہ۔
التِّقْرُ والتِّقِرَۃُ - مسالہ۔ التَّقِرَۃُ: دھنیا۔ زیرہ رومی۔
تَقِعَ (س) تَقْعًا - بھوکا ہونا۔
التَّقْعُ - بھوک۔
جوع (تَقِعٌ) سخت بھوک۔
أَتْقَنَ - الامرَ: مضبوطی سے کرنا۔
تَقِنَ - الارضَ: پیداوار زیادہ ہونے

کے لیے سینچنا۔
التِقن : طبیعت۔ کہا جاتا ہے "الفصاحۃ مِن تِقنِہٖ" فصاحت اسکی طبعی چیز ہے۔ گارا جو خشک ہو کر پھٹ جائے۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی رجل (تِقن و تَقِن) کام کو اچھی طرح کرنے والا کام میں ماہر۔ ج اَتقان۔
التِقنَۃ۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔
تقِیَ۔ (دیکھئے مادہ۔ وق ی)
تَکَہٗ (ن) تَکًّا۔ روند کر کچل دینا۔ تکّ النبیذ: مدہوش کر دینا۔
تَکَّ (ن) تُکُوکًا۔ الرجلُ: لاغر ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (تاکّ) ج تاکُّون و تَکَکَۃ۔ و تُکّاک و تُکّک۔
اِستَتَکَّ۔ التِکّۃَ: پائجامہ میں ازار بند ڈالنا۔
التِکّۃ۔ ازار بند۔ ج تِکَک۔
المِتَکّ۔ پائجامہ میں ازار بند ڈالنے کی سلائی
التَکِّیّ۔ ازار بند بیچنے والا یا بننے والا۔
تکأ۔ (دیکھئے مادہ۔ وک أ)
تَکتَکَہٗ، تَکتَکَۃً۔ روند کر کچل دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا — الساعۃ: ٹک ٹک کرنا۔
تکل (دیکھئے مادہ۔ وک ل)
تَلَّہٗ (ن) تَلًّا۔ پچھاڑنا — الشیَٔ الیہ: دفع کرنا — الحبلَ فی البئر: کنوئیں میں رسّی لٹکانا — الشیَٔ فی یدہ: رکھنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَلّہٗ (بِبَلِیّۃ) سُوءٍ" اس نے اسے بُرے فعل کی تہمت لگائی — الیہ: عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
اَتَلَّ۔ الدابّۃَ: باندھنا۔ کھینچنا ——— المائعَ: ٹپکانا۔
التَلَال و التَلَالَۃ۔ گمراہی۔
التَلّ۔ من الارض: چھوٹا ٹیلہ۔ ج تِلال و تُلول۔ واحد تَلّۃ۔
التِلّۃ۔ حالت (— و التَلّۃ) لیٹنے کی حالت۔ گرنے کی حالت۔ اور کہا جاتا ہے۔ "فی خلقہٖ تَلّۃ" اسکی عادت میں کاہلی ہے۔

التَلِیل۔ ج اَتِلّۃ و تُلُل و تَلائِل: گردن۔ ——— ج تَلّی: پچھاڑا ہوا۔
المِتَلّ۔ وہ چیز جس سے کسی کو پچھاڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمح مِتَلّ" سیدھا اور سخت نیزہ قوی و مضبوط آدمی یا اونٹ۔
التَلِیّ۔ ذبح کی ہوئی بکری۔
اِتلَأَبَّ اِتلِئبابًا۔ الامرُ: درست ہونا — الحمارُ: سر و سینہ اٹھانا۔ کہا جاتا ہے "قیاس مُتلَئِبّ" یعنی قیاس مطرد" طریق مُتلَئِبّ" سیدھا المبارات۔
التَلَب۔ نقصان۔ کہا جاتا ہے "تَبًّا لہٗ و تَلَبًا" یعنی اللہ اس کیلئے نقصان و ہلاکت کو لازم کرے۔
المَتالِب۔ ہلاکت کی جگہیں۔
التالِب۔ پہاڑی بکرا۔ مونث تالِبۃ۔
التَوْلَب۔ گدھے کا بچہ۔ ج تَوالِب۔
اُمّ تَوْلَب: گدھی۔
التُلْتُلَح۔ عقاب کا چوزہ۔
تَلَدَ (ض ن) تُلُودًا۔ المالُ کالابل و الغنم: خاندان میں پرانے زمانے سے مال کا ہونا۔ صفت (تالِد و تَلِد و تُلد و تَلِید و تِلاد و تَلِیدۃ) اور اسکے خلاف طارِف و طَرِیف ہے۔
(— ن و تَلِدَ (س) فی القوم و بالمکان: اقامت کرنا۔ کہتے ہیں "تَلَدَ فلان عندنا" یعنی فلاں کے ماں باپ ہمارے ہی یہاں پیدا ہوئے
اَتلَدَ۔ الرجلُ: موروثی مال والا ہونا۔ مال حاصل کرنا۔
تَلَّدَ۔ مال جمع کرنا۔
التُلْتُل۔ عقاب کا چوزہ۔
التِلِسکُوب۔ دوربین (جدید) اسکے لیے عربی مرکب ہے۔
التَلِیّسَۃ۔ خصیہ۔
تَلَّصَہٗ تَتلِیصًا۔ نرم و ہموار کرنا۔
تَلَعَ (ف) تَلعًا و تُلُوعًا۔ النہارُ: دن چڑھنا — الضحیٰ: چاشت کا وقت ہونا۔

— الرجلُ او الظبیُ: سر باہر نکالنا۔
تَلِعَ (س) تَلَعًا۔ الاناءُ: بھر جانا۔
(— تَلَعًا و تَلاعَۃً) عنقہٗ: گردن لمبی ہونا۔
— الرجلُ: لمبی گردن یا لمبے قد والا ہونا۔ صفت (اَتلَع و تَلِیع)
اَتلَعَ و تَتالَعَ و تَتَلَّعَ۔ فی مشیتہٖ: چلنے میں گردن لمبی کرنا۔
التِلِّیع۔ اردگرد بہت دیکھنے والا۔ اناءٌ تَلِع: بھرا ہوا برتن۔
التَلعَۃ: بلند زمین۔ پست زمین۔ ج تَلَعات و تِلاع و تَلَع۔
المِتلِیع۔ خوبصورت عورت۔
التَلِیعۃ۔ کشتی کا بادبان۔ ج تَلِیعات۔
تَلِفَ (س) تَلَفًا۔ ہلاک ہونا۔ برباد ہونا
اَتلَفَہٗ۔ ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔
التَلِیفَۃ۔ ہلاک ہونے والی چیز۔
المِتلاف و التَلّاف۔ بہت تلف کرنیوالا
المَتلَف و المَتلَفَۃ۔ ہلاکت کی جگہ۔ ہلاکت کا سبب۔ چٹیل میدان۔
تِلکَ۔ مونث بعید کیلئے اسم اشارہ۔
التِلم۔ زمین میں ہل کی بنائی ہوئی لیک ج اَتلام۔
التِلمِذ۔ سبز خط لڑکا۔ کاشتکار۔ سُنار۔ سنار کی لمبی دھونکنی۔ ج تِلام۔
التَلمُود۔ یہودیوں کے احکام کی کتاب
تَلمَذَ و تَتَلمَذَ۔ لفلان: شاگرد ہونا۔ تَلمَذَ و تَتَلمَذَ الولدَ: شاگرد بنانا۔
التِلمِیذ۔ شاگرد۔ ج تَلامِیذ و تَلامِذۃ
التُلُنَّۃ و التُلُونَّۃ۔ حاجت۔
تَلانَ۔ ابھی۔
تَلِہَ (س) تَلَہًا۔ حیران ہونا — الشیءُ: تلف ہونا۔ تَلِہَ و تَلِہَ عنہ: بھولنا۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ تالِہُ العقلِ و مُتَلَّہُ العقلِ" مرد عقل زائل شدہ۔
اَتلَہَ۔ الشیَٔ: برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

تَلَا (ن) تُلُوًّا - ہ: پیچھے چلنا ـــ عنہ: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "تَلَا بَعْدَ قَومِہٖ" اس نے اپنی قوم کا ساتھ چھوڑ دیا اور پیچھے رہ گیا۔

(ـــ تِلَاوَۃً) الکتاب: پڑھنا۔

تَلِیَ (س) تَلًی - مِنَ الشَّھرِ یَومٌ: ایک دن باقی رہنا۔

اَتْلَاہُ - آگے بڑھنا۔ پیچھے کرنا۔ اَتْلَاہُ فُلَانًا: پیچھے چلانا۔ اَتْلَاہُ عَلٰی فُلَانٍ: حوالہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتْلَیْتُ فُلَانًا ذِمَّۃً" یعنی میں نے فلاں کے ذمہ کر دیا۔ "اَتْلَیْتُ حَقِّی عِندَہٗ" یعنی میں نے اس کے پاس اپنے حق میں سے کچھ باقی نہ رکھا۔

تَلَّاہُ تَتْلِیَۃً - پیچھے چلنا۔ تَلَّی الرَّجُلُ: نذر پوری کرنا۔ آخری سانس میں ہونا۔

تَتَلّٰی - ہ: پیچھے چلنا۔ پیچھے پڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَتَلَّیْتُ حَقِّی" میں اپنے حق کے پیچھے ہوا۔ یہاں تک کہ پورا وصول کر لیا ـــ الرَّجُلُ: بہت مال جمع کرنا ـــ حقہ عندہ: کچھ چھوڑ دینا

تَتَالَتِ: الاُمُورُ اوالخَیلُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیلُ تَتَالِیًا" یعنی پے در پے آئے۔

تَالَاہُ - موافقت کرنا۔ تابعداری کرنا۔

اِستَتْلَاہ - الشَّیْءَ: پیچھے کرنے کو کہنا۔

ـــ ہ: انتظار کرنا۔

التَّالِی - پیچھے چلنے والا۔ میدان گھوڑ دوڑ کا چوتھا گھوڑا۔ ج تَالِیَات۔

التَّالِیَۃ - التالی کا مونث۔ ج التَّوَالِی۔

التَّوَالِی: سرین۔ توالی الخیل۔ گھوڑے کے پچھلے حصے۔ یعنی دُم اور ٹانگ۔

التَّلَاءُ - ذمہ۔

التِّلْوُ - وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔ اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا جائے اور وہ اپنی ماں کے پیچھے چلے۔ ج اَتْلَاء۔ مونث تِلْوَۃ

التَّلُوُّ - ہمیشہ پیچھے چلنے والا۔

التَّلِیُّ - بہت مال والا۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

التُّلَاوَۃُ والتَّلِیَّۃُ - بقیہ جیسے تلاوۃ الدین یعنی قرض کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَتْ تَلِیَّۃُ الشَّبَابِ" جوانی کا بقیہ جاتا رہا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَقِیَّۃُ الکِرَامِ وَتَلِیَّۃُ الاَحرَارِ" فلاں بزرگوں کا اور شرفاء کا بقیہ ہے۔

المُتَالِی - تابع۔ گویّے کے سُر میں سُر ملانے والا۔

التَّلَوَّی - ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔

تَمَّ (ض) تَمًّا وتِمًّا وتُمًّا وتَمَامًا وتِمَامًا وتُمَامًا وتَمَامَۃً وتِمَامَۃً - پورا ہونا ـــ بالشیء وعلیہ: پورا کرنا ـــ علی امرہ: جاری و نافذ کرنا ـــ الی موضع کذا: پہونچنا ـــ عن العین: تعویذ لگا کر نظر بد دور کرنا۔

تَمَّمَہٗ واَتَمَّہٗ - پورا کرنا - مدت تک پہنچا دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمَّمَ عَلَی الجَرِیحِ" یعنی اسنے زخمی کو مار ڈالا - تَمَّمَ المَولُودَ: تعویذ لٹکانا۔

اَتَمَّ علی الحمل: ارادہ کرنا اور جانا۔ اَتَمَّتِ الحُبلٰی: ولادت کا زمانہ قریب ہونا ـــ القمرُ: بدر کامل ہونا۔

تَتَامَّ - القَومُ: سب کا آنا۔

اِستَتَمَّ - الشَّیءَ: پورا کرنا ـــ الشیءَ: پورا کرنے کو کہنا۔

التَّمُّ - بطخ کی ایک قسم جس کی گردن لمبی ہوتی ہے

التِّمُّ - کلہاڑا۔ البدر التِّمّ: ماہ کامل۔

التَّمَام - بتثلیث التاء والاغلب الفتح: کمال۔ وہ چیز جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے اور اسی معنی میں (تَمٌّ وتِمٌّ وتُمٌّ وتَمَامَۃٌ وتِمَامَۃٌ) ہر چاند کے پورا ہونے کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "بدرُ تمامٍ وبدرٌ تمامٌ" لَیلَۃُ التَّمَامِ: جاڑے کی لمبی رات۔

التُّمَامَۃُ - بقیہ۔

التَّتِمَّۃُ - جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے

التَّمِیمُ - مضبوط۔ پورے قد وقامت والا۔

التَّمِیمَۃُ - تعویذ۔ ج تَمَائِم وتَمِیمَات۔ اور "اِماطۃُ التَّمَائِم" کنایہ ہے بڑے ہونے سے۔

تَمْتَمَ تَمْتَمَۃً - فی الکلام: جلدی جلدی بولنا اور واضح نہ کرنا۔ صفت (تَمْتَام) مونث تَمْتَامَۃ

تَمَرَ (ن) تَمْرًا وتَمَّرَہٗ - کھجور کھلانا۔

ـــ اللَّحمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔ اور خشک کرنا۔

اَتْمَرَ وتَمَّرَ - الرُّطَبُ: خشک کھجور ہونا۔

ـــ النَّخلۃُ: پھلدار ہونا۔ اَتْمَرَ القَومُ: بہت کھجوروں والا ہوا۔

تَتَمَّرَ - اللَّحمُ: خشک ہونا۔

التَّمْرُ - خرما۔ واحد تَمْرَۃ۔ ج تَمَرَات وتُمُور و تُمْرَان۔ التمرۃ چابک کے سرے کی گرہ۔

التَّمْرُ الہِندِیُّ - املی۔

التَّمَّار - خرما فروش۔

التَّامِرُ - بہت کھجور والا۔ کھجور والا۔

المُتَمَّرُ - کھجور کا توشہ دیا ہوا۔

التَّمْرِیُّ - کھجوروں کا شائق۔

التَّامُورِیُّ والتَّامُورِیُّ - انسان۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ تَامُورِیٌّ وتُومُورِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں یا کچھ نہیں۔

تَمُّوزُ وتَمُّوزُ - ترکی مہینہ - مطابق ماہ جولائی۔

التِّمْسَاحُ - گھڑیال۔ ج تَمَاسِیح۔

تَمِہَ (س) تَمَہًا وتَمَاہَۃً - الطعامُ: بُو یا مزہ خراب ہونا۔ صفت (تَمِہٌ)

تَانَّ - بینہما: مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔

اَتَنَّ - المرضُ الصبیَّ: بڑھنے سے روکنا۔ صفت مفعولی (مُتَنٌّ) ـــ الرجلُ: دُور ہونا۔

التِّنُّ - شخص۔ مثل۔ ہمسر۔ ج اَتْنَان۔

التِّنِّینُ - مچھلی۔ اژدہا۔ آسمان میں ایک جگہ کا نام۔ ج تَنَانِین۔

تَنَأَ (ف) تُنُوءًا - بالمکان: اقامت کرنا صفت (تَانِئٌ) ج تُنَّار۔

التَّنْبَكُ والتُّنْبَاكُ - تمباکو۔

التِّنْبَلُ والتِّنْبَالُ والتُّنْبُولُ و التِّنْبَالَۃُ - پست قد۔ کند ذہن۔ سست

ج تَنَابِیلُ وتَنَابِلَۃٌ۔
اَلتَّنْبُلُ والتَّانْبُوْلُ۔ پان۔
اَلتَّنْجَرَۃُ۔ ہانڈی۔ دیگ (جدید)
تَنَخَ (ن) تُنُوخًا وتَنْخًا وتَتَنَّخَ۔
بالمکان: اقامت کرنا۔
تَنِخَ (س) تَنَخًا۔ بدہضمی ہونا۔
اَتْنَخَہٗ۔ مبتلاء بدہضمی کرنا۔
اَلتَّنُّوْبُ۔ صنوبر کی مانند ایک درخت کا نام۔ واحد تَنُّوبَۃٌ۔
اَلتَّنُّوْرُ۔ تنور۔ ج تَنَانِیْرُ۔
اَلتَّنَّارُ۔ تنور بنانے والا۔
اَلتَّنَصُّبُ۔ (دیکھئے مادہ نصب)
اَلتَّنُوْفَۃُ والتَّنُوْفِیَۃُ۔ بے پانی کا جنگل ج تَنَائِفُ۔
اَلتَّنَکُ۔ ٹین (جدید)
اَلتَّنَکْجِیُّ۔ ٹین بنانے والا۔ (جدید)
تَہْتَہَ۔ لغویات میں مشغول ہونا۔
اَلتُّہَاتِہُ۔ لغویات، باطل باتیں۔
تَہِمَ (س) تَہَمًا۔ اللحمُ: خراب ہونا۔ صفت۔ (تَہِمٌ)
اَتْہَمَ وتَاَہَمَ وتَتَہَّمَ۔ سرزمین۔ تہامہ میں آنا یا نازل ہونا۔
اَلتَّہَمَۃُ۔ بدبو۔
تِہَامَۃُ۔ مکہ معظمہ۔ ملک حجاز کے جنوبی علاقے۔ نسبت کیلئے تہامی وتہام۔ ج تَہَامِیُّوْنَ وتَہَامُوْنَ۔
اِتَّہَمَ وتُہْمَۃٌ (دیکھئے مادہ وہم)
تَہِنَ (س) تَہَنًا۔ سونا۔ صفت (تَہِنٌ)
تَہَا (ن) تَہْوًا۔ غافل ہونا۔
اَلتِّہْوَاءُ۔ رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی تِہْوَاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔
اَلتَّوُّ۔ اکیلا۔ ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی۔ ج اَتْوَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ تَوًّا" وہ قصد کرکے آیا۔ کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکی۔

تَابَ (ن) تَوْبًا وتَوْبَۃً وتَابَۃً ومَتَابًا وتَتْوِبَۃً۔ الی اللّٰہ: گناہ چھوڑ کر اللّٰہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔ نادم وپشیمان ہونا۔ صفت (تَائِبٌ)۔۔۔ اللّٰہ علیہ: بخش دینا اور دوبارہ مہربان ہونا۔ صفت (تَوَّابٌ)
اِسْتَتَابَہٗ۔ توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔
اَلتُّوْتُ۔ توت کا درخت۔ توت کا پھل
اَلتُّوْتِیَا۔ یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو بطور سرمہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی سمندری سیپی جس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے انڈے کی زردی کی مانند ایک چیز نکلتی ہے جو کھائی جاتی ہے۔
تَاجَ (ن) تَوْجًا۔ تاج پہننا۔
تَوَّجَہٗ۔ تاج پہنانا۔
تَتَوَّجَ۔ تاج پہننا۔
اَلتَّائِجُ۔ تاج والا۔
اَلتَّاجُ۔ شاہی ٹوپی۔ ج تِیْجَانٌ۔ تَاجُ الجَبَّارِ: ستارے۔ تَاجُ العمود: ستون کے بالائی حصہ کے نقش ونگار۔
تَاخَ یَتُوْخُ تَوْخًا۔ لالشیءِ: تیار ہونا۔
تَاخَتْ (ن) تَوْخًا وتَوَخَانًا۔ الاصبعُ فی الجسم الوارم اوالرخو: انگلی کا سوجے ہوئے یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔
اَلتُّوْذَرِیُّ والتُّوْذَرِیُّ۔ ایک دوا کا نام
تَارَ (ن) تَوْرًا۔ الماءُ: جاری ہونا۔
اَتَارَہٗ اِتَارَۃً۔ بار بار لوٹانا۔
اَلتَّوْرُ۔ چھوٹا برتن۔ قاصد۔
اَلتَّارَۃُ (دیکھئے تار۔)
اَلتَّوْرَاۃُ والتَّوْرِیَۃُ۔ آسمانی کتاب جو حضرت سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی تھی۔ ج توراۃ وتوریات۔
تَازَ (ن) تَوْزًا۔ الشیءُ: سخت ہونا۔
اَلتُّوْزُ۔ طبیعت۔ اصل۔ کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ مِنْ تُوْزِ صِدْقٍ"

تَاعَ (ن ض) تَوْعًا۔ روٹی کے ٹکڑے سے گھی یا گھی اٹھانا۔
اَلتَّیُّوعُ۔ ہر ایک پودہ جس کو کاٹنے پر دودھ نکلے
تَافَ (ن) تَوْفًا۔ البصرُ: نگاہ کا چندھیا جانا
اَلتَّافِۃُ والتَّوْفَۃُ والتُّوْفَۃُ۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِیْہِ تُوْفَۃٌ" اس میں کوئی عیب نہیں۔ گناہ۔
تَاقَ (ن) تَوْقًا وتُؤُوْقًا وتَوَقَانًا وتُوَاقًا وتِیَاقَۃً۔ ہ والیہ: مشتاق ہونا۔ الی الغایۃ: جلدی کرنا۔ صفت (تَائِقٌ وتَوَّاقٌ)۔۔۔ عینہٗ بالدموع: بہنا۔ تاق منہ: ڈرنا۔ بنفسہ: جان دینا۔
تَتَوَّقَ۔ الی الشیءِ: آرزومند ہونا۔ مشتاق ہونا
تَالَ یَتُوْلُ تَوْلًا۔ جادو کرنا۔ جادو کا علاج کرنا
اَلتُّوْلَۃُ والتُّوَلَۃُ۔ مصیبت۔ ج تولات۔
اَلتُّوْلَۃُ والتِّوَلَۃُ۔ جادو وغیرہ۔
اَلتُّوْمَۃُ۔ موتی کے مشابہ چاندی کا دانہ۔ بالی۔ شتر مرغ کا انڈا۔ ج تُوْمٌ وتُوَمٌ۔ توم کو عوام ثوم (لہسن) کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔
اَلمُتَوَّمُ۔ مالا پہنا ہوا۔ کان میں بالی پہننے والا
تَتَادَنَ وتَتَاءَنَ۔ الصید: کبھی دائیں۔ کبھی بائیں سے حملہ کرنا۔
اَلتُّوْنُ۔ الحمام: حمام کی بھٹی۔
تَاہَ (ن) تَوْہًا۔ ہلاک ہونا۔ ضائع ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فاسد العقل ہونا۔
اَلتَّوْہُ والتُّوْہُ۔ ہلاکت۔ فلاۃٌ تُوْہٌ: گمراہ کردینے والا بیابان۔ ج اَتْوَاہٌ وجج اَتَاوِیْہُ۔
تَوَّہَہٗ واَتَاہَہٗ۔ ہلاک کرنا۔
تَوِیَ (س) تَوًی۔ المالُ: برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (تَوٍ وتَاوٍ) کہا جاتا ہے۔ لاتَوٰی علیہ "اسے کوئی نقصان نہیں۔
اَتْوَاہُ اِتْوَاءً۔ اللّٰہ: ہلاک کرنا۔
اَلمَتْوَاۃُ۔ باعث ہلاکت۔ باعث نقصان کہتے ہیں "الشحُّ مَتْوَاۃٌ" بخل باعث نقصان ہے۔ ج مَتَاوٍ ومَتْوِیَاتٌ۔

التَیاتُرُوْ - تھیٹر - اس کی عربی تمثیل ہے اور مولدین کے نزدیک مَسْرَح۔

تَاحَ (ض) تَیْحًا - لہ: مقدر ہونا - تیار ہونا ـــــ فی مشیہ: جھکنا۔

أَتَاحَہُ إِتَاحَۃً - تیار کرنا - مقدر کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَتَاحَ اللّٰہُ لَہٗ الشَّرَّ" اللہ نے اس کے لئے شر کو مقدر کر دیا۔

المُتَاحُ والمُتْیَاحُ - امر مقدر فیصل شدہ

التَیَّاحُ والتِیِحَّانُ والتَیَحَّانُ و التَیْحَانُ والمِتْیَحُ - لایعنی امور میں مشغول ہونے والا - اور کہا جاتا ہے "رجلٌ مِتْیَحٌ" ہمیشہ بلا میں مبتلا رہنے والا مرد۔

تَاخَہُ (ض) تَیْخًا - کھجور کی چھڑی سے مارنا

المِتْیَخَۃُ - کھجور کی چھڑی۔

التَیْدُ - نرمی، کہا جاتا ہے "تَیْدَکَ زیدًا" زید سے نرمی کر۔

تَارَ (س) تَیَرَانًا - البحرُ: جوش میں آنا۔

التَیَّارُ - جوش مارنے والے سمندر کی لہر مغرور - کہا جاتا ہے "قطعَ عِرْقًا تَیَّارًا" اس نے تیز بہنے والی رگ کو کاٹا - "فرسٌ تَیَّارٌ" دوڑنے میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا۔

التَیْرُ - تکبر و غرور۔

تَارَۃً - (دیکھئے "تار")

تَازَ (ض) تَیْزًا و تَیَزَانًا - غلبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تاز السہمُ فی الرمیۃ" شکار میں تیر نے حرکت کی۔

التَیَّازُ - پست قد سخت جوڑوں والا۔

تَاسَ یَتِیسُ - الجَدْیُ: بکرا بن جانا۔

تَیَّسَ - فرسَہٗ: سدھانا ـــــ ہٗ عن کذا: باز رکھنا۔

تَایَسَ - مدافعت کرنا۔

تَتَایَسَ - الماءُ: موجوں کا ٹکرانا۔

(ـــ واستَتْیَسَتْ) العنزُ: بکری کی طرح ہو جانا

التَیْسُ - بکرا جنگلی بکرا - نر ہرن - جمع تُیُوسٌ واَتْیَاسٌ وتِیَسَۃٌ - لِحْیَۃُ التیس: ایک قسم کی نبات

التَیْسِیَّۃُ والتَیُوسِیَّۃُ: بکرے جیسی طبیعت - کہتے ہیں - فی فلانٍ تَیْسِیَّۃٌ وتَیُوسِیَّۃٌ

التَیَّاسُ: بکری والا۔

الأَتْیَسُ: بکری جیسا۔

تَاعَ (ض) تَیْعًا و تَیَعًا و تَیَعَانًا - القیءُ: نکلنا ـــــ الماءُ: بہنا اور زمین پر پھیلنا۔ ـــــ الیہ: جلدی کرنا اور مشتاق ہونا۔ (ـــ تَیْعًا) الطریقَ: طے کرنا ـــــ السمنَ: روٹی کے ٹکڑے سے گھی اٹھانا۔

أَتَاعَ - ما اکلہٗ: الٹی کر دینا - الشیءَ: لوٹانا

تَتَیَّعَ - الی الشرّ و (تَتَایَعَ) فی الشرّ: برائی کی طرف سبقت کرنا - صفت (تَیِّعٌ و تَیِّعَانٌ)

ـــــ الرَّیْعُ بالورق: اڑا لیجانا - تَتَیَّعَ فی الامر: اصرار کرنا - کہا جاتا ہے "انہ یَتَتَایَعُ فی الامور" وہ اپنے آپ کو معاملات میں بغیر سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے۔

تَاکَ (ض) تُیُوکًا - بیوقوف ہونا - صفت (تائک) احمق تائک: بہت بیوقوف

أَتَاکَ - الشعرَ: اکھیڑنا۔

تِیْکَ - مونث کیلئے اسم اشارہ - اس کی تصغیر (تَیَّاک) ہے اور اس پر ہا تنبیہ داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے (ہاتیک)

تَامَہُ (ض) تَیْمًا و تَیْمَۃً - الحبُّ: غلام بنا دینا - ذلیل کر دینا۔

التَیْمُ - مص - عشق کی وجہ سے عقل کی خرابی غلام: کہا جاتا ہے "تیمُ اللّٰہ" وہ اللہ کا بندہ ہے۔

التِیمَۃُ والتَیِّمَۃُ: بکری جو گھر میں چارہ دے کر دودھ کیلئے رکھی جائے - بکری جو بھوک کے وقت ذبح کی جائے۔

التَیْمَاءُ: بیابان - نام ایک مقام کا۔

التِینُ - انجیر - انجیر کا درخت - واحد (تِینَۃٌ)

المَتَانَۃُ: وہ زمین جہاں انجیر کے درخت بہت بوئے ہوں - کہا جاتا ہے "ارضٌ مَتَانَۃٌ" بہت انجیر والی سرزمین۔

التَیَّانُ - انجیر بیچنے والا - انجیر خشک کرنیوالا

تَاہَ (ض) تَیْہًا - تکبر کرنا ـــــ تَیْہًا و تَیَہَانًا سرگشتہ پھرنا - گمراہ ہونا - صفت (تَیَّاہٌ و تَیْہَانُ)

تَیَّہَ و أَتَاہَ - ہٗ: گمراہ کرنا - ضائع کرنا۔

التَائِہُ والتَیْہَانُ والتَیَّاہُ والتَیِّہَانُ - متکبر - مغرور۔

التِیْہُ - ڈینگ - غرور - گمراہی - چٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے - جمع أَتْیَاہٌ و أَتَاوِیْہُ و أَتَاوِہَۃٌ۔

ارضٌ تَیْہَاءُ و مَتِیْہَۃٌ و مَتْیَہَۃٌ و مَتِیْہٌ و تِیْہٌ - راستہ بھٹکانیوالی سرزمین۔

ث

ثَئِبَ (س) ثَأَبًا و ثُئِبَ و تَثَاءَبَ: جمائی لینا - صفت (مَثْؤُوب) و تَثَاءَبَ الاخبارَ: جستجو کرنا۔

الثَأَبُ والثُؤَبَاءُ والتَثَاؤُبُ - جمائی

ثَأْثَأَ - پیاسا رکھنا - سیراب کرنا ـــــ النارَ: آگ بجھانا ـــــ الغضبَ: غصہ ٹھنڈا کرنا۔ ـــــ ہٗ عن الامر: کسی کام سے روکنا۔

ثَأَجَتْ (ف) ثَأْجًا - الغنمُ: ممیانا۔

الثُؤَاجُ - بھیڑ بکری کی آواز۔

ثَئِدَ (س) ثَأَدًا - النبتُ: شاداب ہونا ـــــ الرجلُ والمکانُ: ٹھنڈا ہونا - صفت (ثَئِدٌ و ثَئِیدٌ)

الثَأَدُ والثَأْدُ - نمناک مٹی - تری - سردی برا کام - نرم و سرسبز نباتات۔

الثَأْدَۃُ - موٹی عورت۔

الثَّأْدَاء - لونڈی - "ما انا ابنُ ثأداء" میں
عاجز اور کمزور رائے والا نہیں ہوں -
الثَّأدَة - موٹاپا -
ثَأَرَ (ف) ثَأْرًا - القتيلَ وبالقتيل : خون
کا مطالبہ کرنا - قاتل کو قتل کرنا - صفت (ثائر)
کہا جاتا ہے "ثأره بكذا" یعنی اس نے فلاں
کے ذریعہ خون کا بدلا لیا و "ثُئِرَ زیدٌ" زید سے
خون کا بدلہ لیا گیا -
اَثْأَرَ و اِثَّأَرَ - منه : خون کا بدلہ لینا -
اِسْتَثْأَرَ - خون کا بدلہ لینے کے لئے
فریاد کرنا -
الثَّأْر والثُّؤْرَة - خون کا بدلہ - جرم کا بدلہ
ج آثار و أثآر و ثأرة - کہا جاتا ہے "هو ثأرك"
وہ تمہارے رشتہ دار کا قاتل ہے - "ويا ثارات
فلان" اے فلاں کے قاتلو! "والثأر المنيم"
خون کا کامل بدلہ جس کے بعد طالب آرام
سے سو رہے -
ثَئِطَ (ف) ثَأَطًا - اللحمُ : خراب ہونا بگڑنا
ثُئِطَ - الرجلُ : زکام ہونا صفت (مثؤوط)
الثُّؤَاط - زکام -
الثَّأْطَة : بدبودار کیچڑ - اور اسی کی مثل
ہے "ثأطة مدت بماء" اس وقت بولتے ہیں
جبکہ ایک خرابی کے ساتھ اسی جیسی دوسری
خرابی ہو جائے - جیسے اردو میں "مفلسی میں آٹا
گیلا" ج ثأط -
الثَّأْطَاء - بیوقوف عورت -
ثُؤْلِلَ وتَثَأْلَلَ - جسده : مسے والا ہونا
الثُّؤْلُول - منه - پستان کا سرا - بھٹنی ج
ثآليل -
ثَأَى (ف) ثَأْيًا وأَثْأَى - الشئَ : چیز
پھاڑنا - کمزور کرنا - فاسد کرنا - "وأثأى في القوم"
کشت و خون کرنا -
ثَئِيَ (س) ثَأًى - الشئُ : پھٹ جانا -
الثَّأْي - زخم کے نشان -
الثَّأْي - مع - کہا جاتا ہے "فلان رَأَبَ الثَّأْيَ"
فلاں فساد کی اصلاح کرتا ہے -
ثَبَّ (ن) ثَبًّا - جم کر بیٹھنا - وقار سے
بیٹھنا --- الامرُ : پورا ہونا -
ثَبُتَ (ک) ثَبَاتَةً وثُبُوتَةً - بہادر
ہونا - صاحب عزم ہونا -
ثَبَتَ (ن) ثَبَاتًا وثُبُوتًا - في المكان :
ٹھہرنا - قیام کرنا --- على الامر : مداومت کرنا -
صفت (ثابت وثَبِيت وثَبْت) --- الامرُ
عنده : ثابت ہونا - موکد ہونا -
ثَبَّتَ وأَثْبَتَ : ثابت کرنا --- الحق :
دلائل سے موکد کرنا - نام درج رجسٹر کرنا -
لکھنا اور کہا جاتا ہے "طعنه فأثبت فيه الرمح"
اس نے اس کو نیزہ مارا اور گھسا دیا -
أَثْبَتَ وثابَتَ - الامرَ : پوری طرح سے
پہچاننا -
اِسْتَثْبَتَ وتَثَبَّتَ - في الامر والرأي :
جلدی نہ کرنا - مہلت سے کام لینا - مشورہ کرنا
اور حقیقت کی جستجو کرنا -
الثَّبَت - ثابت ہونا - حجت - دلیل - کہا
جاتا ہے "لا احكم الا بثبت" میں بغیر حجت و
برہان کے فیصلہ نہیں کرتا -
الثِّبَات : برقع کے بند - کجاوہ باندھنے
کے تسمے -
الثُّبَات - ایسی بیماری جو حرکت سے
عاجز کر دینے والی ہو - بہادر شہسوار جس کا حملہ
بھرپور ہو -
الإثْبَات - ایجاب - نفی کی ضد -
الأثبات - قوم کے معتبر لوگ - مفرد ثَبْت
کہا جاتا ہے "فلان ثبت من الاثبات" یہ مجاز ہے
جیسے کہ "فلان حجة" جبکہ روایت میں ثقہ ہو -
الثَّوَابِت من النجوم : سیاروں کے علاوہ
ستارے - واحد ثابتة -
المُثْبَت - مفعو - تسموں سے بندھا ہوا -
مریض مُثْبَت : زیادتی مرض کی وجہ سے بچھونے
سے جدا نہ ہونے والا -
ثَبَجَ (ن) ثَبْجًا وثَبَّجَ - الكلامَ : ٹھیک
طریقے سے گفتگو نہ کرنا --- الخطَّ : تحریر میں
غیر معروف طریقہ استعمال کرنا -
ثَبَجَ (ض) ثَبْجًا وثُبُوجًا - پاؤں کی
انگلیوں پر بیٹھنا -
ثَبَّجَ وتَثَبَّجَ - الراعي بالعصا : لاٹھی کو
پیٹھ پر رکھ کر اس کے پیچھے ہاتھ رکھنا -
اِثْبَأَجَّ - السقاءُ : بھر جانا --- الرجلُ :
موٹا اور ڈھیلا ہونا -
الثَّبَج - کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ
الثَّبَج من كل شئ : درمیانی حصہ - بڑا حصہ -
بلند حصہ - ج "أثباج وثُبُوج" - کہا جاتا ہے -
"يركبون ثبج هذا البحر" وہ لوگ اس سمندر
کے بڑے حصے پر سوار ہوئے - "وتسنمت الحمر
أثباج الآكام" گدھے ٹیلوں کی بلندیوں
پر چڑھ گئے -
الأَثْبَج - چوڑی پیٹھ والا - کبڑا -
رجل مُثَبَّج - لمبا بے ڈول مرد -
المُثَبِّجَة - الو -
ثَبَرَهُ (ن) ثَبْرًا - لعنت کرنا - دھتکارنا
محروم کرنا - ہلاک کرنا --- عن كذا : روکنا
ہٹانا - (--- ثُبُورًا) ہلاک ہونا -
ثَبِرَت (س) ثَبَرًا - القرحةُ : پھٹنا
اور بہنا -
ثَابَرَ ثِبَارًا ومُثَابَرَةً - على الامر : مداومت
کرنا - ہمیشگی کرنا -
ثَبَّرَ - فلانًا بالشئ : کسی کو کسی چیز پر روک
دینا --- الله فلانًا : ہلاک کرنا -
تَثَابَرُوا - ایک دوسرے پر حملہ کرنا -
الثَّبْرَة : نرم زمین - زمین یا پہاڑ کا گڑھا
المَثْبَر - برج خانہ - عورت یا اونٹنی کے
جننے کی جگہ -
المُثْبَر - روکا ہوا - محروم -
الثُّبْرَة - کھلیان میں صاف کئے ہوئے
غلہ کا ڈھیر -

ثَبَطَہٗ (ن) ثَبْطًا وثَبَّطَہٗ - عن الامرِ: روکنا باز رکھنا — علی الامرِ: کسی کو کسی کام پر موقوف رکھنا۔
اَثْبَطَہٗ - المرضُ: بیماری کا جدا نہ ہونا۔
تَثَبَّطَ - عن الامرِ: دیر لگانا۔ رُکنا۔
الثَّبِطُ - کمزور۔ بیوقوف - ج اَثْباط و ثِباط مونث - ثَبِطَۃٌ۔
ثَبَقَ (ض) ثَبْقًا وثَبَاقًا - النهرُ: پانی کی زیادتی سے تیز بہنا — العینُ: جلدی آنسو بہانا۔
الثُّبْلُ والثَّبَلُ - برتن کی تلی کا باقی ماندہ
ثَبَنَ (ض) ثَبْنًا وثِبَانًا - الثوبَ: کنارہ موڑ کر سینا۔ (— وتَثَبَّنَ) الشیءَ: پھاڑ میں لینا۔ پائجامہ کے نیفہ میں رکھ لینا۔
الثُّبْنَۃُ - ج ثُبَن و (الثِّبان) ج ثُبُن: پھاڑ۔
الثِّبَانُ: چادر کا کنارہ جبکہ اسکو موڑ لیں
المَثْبَنَۃُ: تھیلی جس میں عورت اپنا آئینہ وغیرہ رکھتی ہے۔ ج مَثَابِن۔
ثَبَی (ض) ثَبْیًا - الشیءَ: جمع کرنا۔
ثَبّٰی - الشیءَ: جمع کرنا۔ تعظیم کرنا۔ درست کرنا۔ پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ثَبّٰی اللّٰہُ لہ النِّعَمَ" اللہ تعالیٰ نے اُسے نعمتوں کے انبار دیئے۔ علی الامرِ: ہمیشہ رہنا — علی فلانٍ: کسی کے خلاف مدد طلب کرنا۔
الثُّبَۃُ: حوض کا درمیان۔ جماعت۔ شہسواروں کی جماعت - ج ثُبَات و ثُبُون۔
الاُثْبِیَّۃُ: بڑی جماعت - ج اَثَابِیّ۔
الثَّبِیُّ - لوگوں کی بہت تعریف کرنیوالا۔
ثَتِنَ (س) ثَتَنًا - اللحمُ: بدبودار ہونا۔
اللَّثَۃُ: ڈھیلا ہونا۔ صفت ثَتِنَۃ۔
ثَجَّ (ن) ثُجُوجًا - الماءُ: بہنا (— ثَجًّا) الماءَ: بہانا۔
اِنْثَجَّ - الماءُ: بہنا۔
الثَّجَّۃُ: باغ جس میں حوض ہو - ج ثَجّات

مطرٌ (ثَجّاجٌ) بہت برسنے والی بارش۔
عینٌ (ثَجُوجٌ) بہت پانی والا چشمہ۔
الثَّجِیجُ: زبردست سیلاب - الثَّجِیجَۃُ: دودھ کا جھاگ جو ہاتھ یا برتن میں چپک جائے۔
المِثَجُّ: زبان آور خطیب۔
ثَجْثَجَ - الماءَ: بہانا۔
تَثَجْثَجَ - بہنا۔
ثَجَرَ (ن) ثَجْرًا - التمرَ: کھجور کو بسر کی کھل کے ساتھ ملانا۔
ثَجَّرَہٗ - کشادہ کرنا۔ چوڑا کرنا۔
الثُّجْرَۃُ - درمیان۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "اَقَامُوا فی ثُجْرَۃِ الوادی" انھوں نے وادی کے درمیان اقامت کی۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیانی حصہ کا ارد گرد۔ ج ثُجَر۔ کہا جاتا ہے "طعنوہم فی الثُّغَرِ والثُّجَرِ"
الثَّجْرُ والثَّجِرُ والاَثْجَرُ - من الورق ونحوہ: موٹا اور چوڑا۔
ثَجِلَ (س) ثَجَلًا - بڑے پیٹ والا ہونا صفت (اَثْجَلُ) مونث ثَجْلاء ج ثُجْل۔ کہا جاتا ہے "مَزَادَۃٌ ثَجْلاءُ" کشادہ توشہ دان۔
ثَجَمَتْ (ض) ثَجْمًا واَثْجَمَتْ - السماءُ: جلدی سے برسنا۔ ثَجَمَہٗ عنہ: جلدی سے باز رکھنا
ثَجَا (ن) ثُجُوًّا - خاموش رہنا۔
اَثْجَاہٗ - خاموش کرنا۔
ثَخُنَ (ک) ثُخْنًا وثَخَانَۃً وثُخُونَۃً: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (ثَخِین) ج ثُخَنَاء
اَثْخَنَ - فی الامرِ: مبالغہ کرنا — فی العدوِّ: خونریزی میں مبالغہ کرنا — فی الارضِ: سخت خونریزی کرنا۔ اَثْخَنَتْہُ الجراحُ: سست وکمزور کرنا۔
اِثَّخَنَ: سست وکمزور ہونا۔
اِسْتَثْخَنَ - منہ المرضُ او النومُ: غالب آنا
ثَدَغَ (ف) ثَدْغًا - راسَہٗ: کچلنا۔ پھوڑنا۔
اِنْثَدَغَ: کچلا جانا۔
ثَدَقَ (ن) ثَدْقًا - المطرُ: بارش ہونا۔
— السحابُ: برسانا۔ صفت۔ ثادق۔
الثَّدَقِیُّ: بے وقوف۔
اِنْثَدَقَ - الناسُ علیہ: حملہ کرنا۔
ثَدَمَ - الابریقُ: چھننا لگانا۔
الثَّدْمُ - گفتگو اور حجت میں عاجز۔ بیوقوف سست - مونث ثَدْمَۃ۔
الثِّدَام - چھننا۔
ثَدِنَ (س) ثَدَنًا - اللحمُ: بدبودار ہونا۔
(— وثُدِنَ) الرجلُ: پُرگوشت اور بھاری ہونا صفت (ثَدِن و مُثَدَّن)
اَثْدَنَ - الشیءَ: چھوڑا کرنا۔
ثَدَاہُ (ف) ثَدْوًا - تر کرنا۔
ثَدِیَ (س) ثَدًی - تر ہونا۔
الثَّدْیُ والثَّدَی - پستان۔ (مذکر و مونث) ج ثُدِیّ و ثِدِیّ و اَثْدٍ۔
الثَّدْیَاءُ - بڑی پستان والی عورت۔
ثَرَّ (ن ض) ثَرًّا وثُرُورًا وثُرُورَۃً وثَرَارَۃً - الشیءُ: کشادہ ہونا — السحابۃُ او العینُ: بہت پانی والا ہونا۔ صفت مونث (ثَرَّۃ و ثَرُور) صفت مذکر (ثَرّ) ج ثِرَار۔ کہا جاتا ہے "مطرٌ ثَرٌّ" بڑی بوندوں کی کثیر بارش "وفرسٌ ثَرٌّ" کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "شاۃٌ ثَرَّۃٌ" کشادہ سوراخ پستان اور زیادہ دودھ والی بکری
ثَرَّہٗ (ن) ثَرًّا - متفرق کرنا — السحابۃُ ماءہا: برسانا۔
ثَرْثَرَ - المکانَ: تر کرنا۔
الثَّرُّ: بہت بولنے والا۔
الثَّاثِرَۃُ: بہت بولنے والی۔
الثَّرَّارَۃُ - من العیون: بہت پانی والا چشمہ
ثَرَبَہٗ (ض) ثَرْبًا وثَرَّبَہٗ وثَرَّبَ علیہِ واَثْرَبَہٗ - ملامت کرنا۔ فعل کی مذمت کرنا۔
ثَرِبَ الکبشُ: زیادہ پردے کی چربی والا ہونا صفت (اَثْرَب) مونث ثَرْباء۔
الثَّرْبُ: پردے کی چربی - ج ثُرُوب و اَثْرُب - جج اَثَارِب۔

المثرب: گڑبڑی کرنیوالا فسادانگیز۔
الثربات: انگلیاں۔
ثرثر ثرثرة۔ الشیء: بکھرنا۔ متفرق کرنا
—— الکلام: واہی تباہی بک بک کرنا۔
صفت (ثرثار)
ثرد (ن) ثردا و اثرد و اثترد۔ الخبز:
روٹی توڑ کر شوربے میں ترکرنا۔ صفت مفعولی
(ثرید و مثرود) ثرید طیار کرنا۔ ثرد الثوب:
کپڑا رنگ میں بھگونا۔
ثرد و ثرد۔ من المعرکة: میدان جنگ
سے زخمی اٹھایا جانا۔
الثرد۔ ہلکی بارش۔
الثرد۔ ہونٹوں کی پھٹن۔
الاثرد۔ پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔
الثرید والثریدة۔ شوربے میں تر
کی ہوئی روٹی۔ ج ثرائد و ثرود۔
ارض (مثرودة و مثردة)۔ زمین جس پر
ہلکی بارش ہوئی ہو۔
الثرط۔ سریش۔
ثرع (س) ثرعا۔ الرجل: طفیلی ہونا۔
الثرعلة۔ مرغ کی گردن کے پر۔
الثرعل۔ مادہ لومڑی۔
الثرعول۔ ایک قسم کی گھاس۔
ثرم (ض) ثرما و اثرمه۔ جڑسے
دانت توڑنا۔
ثرم (س) ثرما و انثرم۔ ٹوٹے ہوئے
دانت والا ہونا۔ صفت اثرم۔ مونث ثرماء ج ثرم
الثرمان۔ ایک درخت کا نشان کی مانند
جس کو اونٹ اور بکری کھاتے ہیں۔
الاثرمان۔ شب و روز۔ زمانہ و موت۔
ثرا (ن) ثراء و ثری (س) ثری۔ الرجل:
بہت مال والا ہونا۔ ثراه: مالداری میں
بڑھ جانا۔ ثرا القوم: زیادہ کرنا۔
اثری اثراء۔ بہت مال والا ہونا۔
صفت (ثری و مثر و اثری)، مونث ثرواء۔

الثراء والثروة۔ مال یا قوم کی کثرت۔
الثریا۔ مالدار عورت (ثروی کی تصغیر)
ستاروں کے مجموعہ کا نام۔ جھاڑ۔
الثروان۔ بہت مال والا۔
ثری (س) ثری و اثری۔ التراب:
خشک ہونے کے بعد تر و نرم ہونا۔ صفت (ثری
و اثری) مونث ثریة و ثریاء۔ اثرت الارض:
زمین کا نمناک ہونا۔
ثری۔ ہ: ترکرنا —— المکان: چھڑکنا۔
الثری۔ تری۔ (—— والتراب) نمناک مٹی۔
خیر ج اثراء۔ کہا جاتا ہے "یبس الثری بینہم"
یعنی وہ لوگ آپس میں دوست ہونے کے بعد
دشمن ہوگئے۔ "فلان قریب الثری" یعنی
فلاں خیر سے قریب ہے۔
الثری والثری۔ من المال: بہت
مال۔ رماح ثریة: بہت نیزے۔
الثریاطة۔ کیچڑ۔
ثط (ن) ثطا۔ الصبی: پاخانہ کرنا (ض ن)
الرجل ثطا و ثطاطة و ثطوطة: باریک ابرو
والا ہونا۔
رجل (ثط) کوسج۔ داڑھی اور ابرو میں کم بال والا
رجل (ثط الحاجبین) باریک ابرو والا مرد
(حاجبین کا ذکر ضروری ہے) ج اثطاط ثط ثطان
ثطاط، ثطط۔ علی ہذا القیاس۔ امرأة ثطة
الحاجبین و ثطاء الحاجبین۔
الثطاء۔ عورت جس کے پیڑو پر بال نہ ہوں
ثطأ (ف) ثطأ۔ روندنا۔
ثطئ (س) ثطأ۔ الرجل: بیوقوف ہونا۔
ثطع (ف) ثطعا۔ الشیء: ظاہر ہونا۔
ثطع۔ الرجل: زکام زدہ ہونا۔
الثطاع۔ زکام۔
الثطاعی۔ زکام زدہ۔
الثطف۔ کھانے پینے میں فراخی۔
ثع (ف) ثعا۔ کھایا ہوا قے کردینا۔
انثع۔ الاکل من فیه والدم من انفه اذ خرج:

قے ہونا۔ نکلنا۔ بہنا۔
ثعب (ف) ثعبا۔ الماء: جاری کرنا۔
علیہم الغارة: لوٹ ڈالنا۔
انثعب۔ الماء: نالی یا پرنالہ میں جاری ہونا
الثعب۔ وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج
ثعبان۔ الماء والدم (ثعب و ثعب و اثعوب)
بہتا ہوا پانی یا خون۔
الثعوب۔ پت۔
الثعبة والثعبة۔ خبیث قسم کا گرگٹ۔
المثعب۔ نالی یا پرنالہ۔
الثعبان۔ نرسانپ۔ اژدہا۔ ج ثعابین۔
ثعط (س) ثعطا۔ اللحم والماء: بدبودار
ہونا —— الشفة: سوجنا اور پھٹنا۔
الثعطة۔ گندہ انڈا۔
ثعل (س) ثعلا۔ اسنانه: ایک دوسرے
کے اوپر دانتوں والا ہوا۔ صفت (اثعل)
مونث ثعلاء ج ثعل۔
اثعل۔ الامر: دشوار ہونا اس طرح پر کہ یہ
معلوم نہ ہو کہ کس طرح انجام دیا جائے ——
الضیوف: بہت ہونا۔
الثعل۔ اونٹنی یا بکری یا گائے کے تھن
میں بالکی زیادتی۔ ج ثعول۔
الثعل۔ ایک قسم کا کیڑا جو خشک مینگنی بودار
ہونے پر پیدا ہو جاتا ہے۔
الثعلول۔ غضبناک۔
ثعالة۔ مادہ لومڑی کا علم (غیر منصرف)
ارض (مثعلة) بہت لومڑیوں والی زمین
تعلب و تثعلب۔ لومڑی کی طرح مکر و فریب کرنا
الثعلب۔ لومڑی۔ جس کے متعلق مشہور ہے
کہ اس کے بال ہر سال گر جاتے ہیں اور اسی سے
ہے "داء الثعلب" اس بیماری کا نام ہے جس میں
بال گرتے ہیں۔ مادہ کو ثعلبة اور نر کو ثعلبان کہتے ہیں
اور ثعلب کا اطلاق مذکر و مونث دونوں پر ہوتا ہے
ج ثعالب و ثعال۔ الثعلب: بھالے کا سرا
جو پھل کے اندر داخل ہو۔

الثَّعلَبَۃ۔ دم کی ہڈی۔ سرین۔
عِنَبُ الثَّعلَب۔ کوے۔
کہا جاتا ہے۔ مکان (مُثَعلَبٌ) وارض (مُثَعلَبَۃٌ)
بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین۔
ثَغَبَ (ض) ثَغبًا۔ الجُمد: پگھلنا۔ الدمُ: بہنا
تَثَغَّبَتْ۔ لِثَتُہٗ بالدم: مسوڑھے سے خون بہنا
الثَّغَب۔ ج ثِغَاب و اَثغَاب و (الثَّغبُ) ج
ثِغبان و ثُغبان: پہاڑ کے سایہ میں تالاب جہاں
دھوپ نہ پہونچے اور اس وجہ سے پانی ٹھنڈا ہو
ثَغثَغَ ثَغثَغَۃً۔ کلامَہٗ: گفتگو میں خلط ملط کرنا
صفت (ثَغثَغ و ثَغثَاغ) کہا جاتا ہے "فلان۔ ثَغثَغ
فی کلامہ" فلاں گفتگو میں گڑبڑی کرتا ہے۔
ثَغَرَ (ن) ثَغرًا۔ الاناءَ: سوراخ کرنا یا توڑنا
— ہٗ: اکھیڑنا — الثُّلمَۃَ: بند کرنا — الجدارَ:
گرادینا — الرجلَ: دانت توڑنا۔ کہا جاتا ہے "ثَغَرتُم
و ثَغَرتُ علیہم" اس نے ان پر پہاڑ کے درے کو بند کردیا
ثُغِرَ و اُثغِرَ۔ مُنہ کچلا جانا — الصبیُّ: دانت
ٹوٹنا یا نکلنا۔
اِثَّغَرَ و اِتَّغَرَ۔ الصبیُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔
الثَّغر۔ اگلے دانت۔ مُنہ۔ سرحد۔ پہاڑ یا
وادی کی کشادگی۔ ج ثُغُور۔ کہا جاتا ہے۔
"اَمسَوا ثُغُورًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہوگئے۔
الثُّغرَۃ۔ رخنہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان
کا گڑھا۔ آسان راستہ۔ اور اسی سے ہے "ہُوَ یَختَرِقُ
ثُغَرَ المجد" وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے۔
الثَّغرُ (ذ)۔ ملک کی سرحدوں پر خوف کی جگہ
المَثغَر۔ منفذ۔
الثِّغرَب۔ زرد دانت۔
اَثغَمَ۔ الوادی: درخت ثغامہ والی ہونا۔
— الراسُ: سفید ہونا — الرجلَ: غضبناک
بنانا۔ جھلا دینا۔ بد ہضمی کرنا۔
ثَاغَمَہٗ۔ بوسہ دینا۔
الثَّغِم۔ کاٹنے والا کتا۔
الثَّغَام۔ ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت
واحد ثغامۃ۔

الثَّاغِم۔ سفید۔
ثَغَتْ (ن) ثُغَاءً۔ الشاۃ: ممیانا۔ کہا جاتا
ہے "مالہٗ ثاغیۃ ولا راغیۃ" اُسکے پاس نہ بکری ہے
نہ اونٹنی۔ "وما بالدار ثاغ ولا راغ" یعنی گھر میں
کوئی نہیں۔
اَثغَی اِثغَاءً۔ الشاۃ: ممیانے پر اُکسانا۔
کہا جاتا ہے "اَتَیتُہٗ فما اَثغَی ولا اَرغَی" میں اس
کے پاس آیا تو اس نے نہ بکری دی نہ اونٹنی۔
الثُّغیَۃ۔ بھوک اور قبیلہ کا خالی ہونا۔ کہا جاتا
ہے "اَصَابَ الحَیَّ ثُغیَۃٌ" قبیلہ بھوک میں مبتلا ہے
ثَفَأَ (ف) ثَفأً۔ القدرَ: جوش ٹھنڈا کرنا۔
الثُّفَّاء۔ رائی۔ واحد (ثُفَّاءَۃ)
ثَفَلَ۔ الدرعَ: زرہ کو لباس کے نیچے پہننا
الثَّفَافِیلُ۔ اوپر تلے سفید بادل (— و
الثَّافِیدُ) کپڑوں کے استر۔ واحد مثفد۔
اَثفَرَ و ثَفَرَ۔ الحمارَ: پیچھے سے ہانکنا۔
اِستَثفَرَ۔ الکلب بذنبہٖ: دُم دبانا۔
— المصارعُ بثوبہٖ: لنگوٹ کسنا۔
الثَّفر و الثَّفَر۔ زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ
ج اَثفَار۔
ثَفَلَ (ن) ثَفلًا و ثُفُلًا۔ الرحی: چکی کے
نیچے چمڑہ بچھانا — الشیءَ: یکبارگی بکھیر دینا۔
اَثفَلَ۔ الخمرُ: تھرنا — الشرابُ: تلچھٹ
والا ہونا۔
ثَافَلَہٗ: ہم نشینی کرنا۔
تَثَفَّلَ۔ مجد و بزرگی سے کوتاہ ہونا۔ کہا
جاتا ہے "تَثَفَّلَہٗ عِرقُ سُوءٍ" اس کو بد اصلی نے
مجد و بزرگی سے کوتاہ بنا دیا — استہٗ: بیٹھنا۔
الثَّفَال۔ سست رفتار اونٹ وغیرہ۔
الثِّفَال۔ چکی کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔
(— و اَثفَال) چکی کا نچلا پاٹ۔
الثُّفل و الثَّافِل۔ تلچھٹ۔ الثافل: گوبر
الثَّفِل۔ تلچھٹ کھانے والا۔
ثَفَنَتْ (ض) ثَفنًا۔ الناقۃُ: گھٹنے سے مارنا۔
ثَفنَہٗ: دفع کرنا۔ مارنا۔ ثَفِنَ الشیءُ: لازم ہونا۔

ثَفِنَتْ (س) ثَفَنًا۔ یدُہٗ: کام کرنے سے سخت ہونا۔
اَثفَنَ۔ العملُ یدَہٗ: سخت کردینا۔
ثَافَنَہٗ۔ ہم زانو ہو کر بیٹھنا۔ کسی کے ساتھ لگے
رہنا یہاں تک کہ اس کا بھید معلوم کرلینا۔
— علی کذا: مدد کرنا۔
الثَّفِنَۃ۔ من البعیر: اونٹ کا وہ حصہ جو
بیٹھتے ہوئے زمین پر لگے اور سخت ہوگیا ہو۔
کہا جاتا ہے "خَوَّی البعیرُ علی ثَفِنَاتِہٖ" یعنی اونٹ
بیٹھ گیا — من الانسان: زانو — من الخیل:
گھوڑے کے زانو کا اندرونی حصہ۔ ج ثَفِنَات
الثَّفِنَۃ: لوگوں کی جماعت۔
ثَفَا (ن) ثَفوًا۔ ہٗ: تابع ہونا۔ پیروی کرنا۔
پیچھے جانا۔
اَثفَی۔ الرجلُ: تین عورتوں سے نکاح کرنا
(— و ثَفَّی) القدرَ: ہانڈی کو چولھے کے پایہ پر رکھنا
المُثفِی۔ وہ شخص جو تین یا زیادہ بیویوں کو
دفن کرچکا ہو۔
المُثفَاۃ: وہ عورت جس کے تین یا زیادہ شوہر
مرچکے ہوں۔
ثَقَبَ (ن) ثَقبًا۔ الشیءَ: سوراخ کرنا۔
چھیدنا۔ (— ثُقُوبًا) النارُ: روشن ہونا —
النجمُ: چمکنا — الطائرُ: اونچا اُڑنا — الناقۃُ:
بہت دودھ والی ہونا — رایُہٗ: نافذ ہونا —
الرائحۃُ: پھیلنا۔
ثَقُبَ (ک) ثَقَابَۃً۔ سرخی میں آگ کے مشابہ ہونا
صفت (ثَقِیب) مؤنث ثَقِیبَۃ۔
ثَقَّبَ و تَثَقَّبَ۔ الشیءَ: سوراخ کرنا۔
چھیدنا۔ ثَقَّبَ الشیبُ و ثَقَّبَ فیہ الشیبُ: بڑھاپا
ظاہر ہونا۔ (ثَقَّبَ و اَثقَبَ) النارَ: روشن کرنا
(تَثَقَّبَ و اِنثَقَبَ) سوراخ ہونا۔
الثَّقبُ۔ سوراخ۔ ج اَثقُب و ثُقُوب۔
الثُّقبَۃ۔ چھوٹا سوراخ۔ ج ثُقَب و ثُقَب
الثِّقَاب و الثَّقُوب۔ چپٹی۔ چھوٹی چھوٹی
لکڑیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے اور جس کو
عوام شخط یا نفط کہتے ہیں۔

الثَّاقِب - رائ ثَاقِبٌ : عمدہ رائے عقلٌ ثَاقِبٌ : عقل کامل ۔ حَسَبٌ ثَاقِبٌ : مشہور حسب کہا جاتا ہے " نَحْنُ أَثْقَبُ النَّاسِ أَحْسَابًا " ہم لوگوں میں حسب کے لحاظ سے مشہور ہیں ۔

الأَثْقُوب - امور میں بہت زیادہ دخل دینے والا ۔

المِثْقَب - برما ۔ سوراخ کرنیکا اوزار ۔ کہا جاتا ہے " رَجُلٌ مِثْقَبٌ " یعنی سمجھ دار تجربہ کار عمدہ رائے والا ۔

المِثْقَب والمَثْقَب - بڑا راستہ ۔ سخت و دشوار راستہ ۔ کہا جاتا ہے " ہو طلّاع المثاقب " یعنی وہ بہادر ہے ۔

المُثَقَّبُ - سوراخ کیا ہوا ۔

ثَقِفَ (س) وثَقُفَ (ک) ثَقْفًا وثَقَفًا و ثَقَافَةً - زیرک و سبک چالاک ہونا ۔ صفت (ثَقْفٌ وثَقَفٌ وثَقِفٌ وثَقِيفٌ)

ثَقِفَهُ (س) ثَقْفًا - کامیاب ہونا ۔ قسمت مند ہونا ۔ پالینا (— ثَقْفًا وثَقَافَةً وثُقُوفَةً) الكلامَ : جلدی سے سمجھ لینا ۔

ثَقَفَهُ (ن) ثَقْفًا - دانائی میں غالب ہونا ۔ — بالرمح : نیزہ مارنا ۔

ثَقَّفَ - الرمحَ : سیدھا کرنا — الولدَ : مہذب بنانا ۔ تعلیم دینا ۔

ثَاقَفَهُ - ہتھیاروں سے باہم کھیلنا ۔ دانائی میں غالب ہونیکی کوشش کرنا ۔ جھگڑا کرنا ۔ کہا جاتا ہے " ثَاقَفْتُهُ فَثَقَفْتُهُ " یعنی میں نے اس پر غالب آنیکی کوشش کی اور غالب ہوگیا ۔

تَثَاقَفَا - باہم جھگڑا کرنا ۔ دانائی میں ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا ۔

الثِّقَاف - جھگڑا ۔ نیزوں کے سیدھا کرنیکا اوزار ۔

امرأة (ثَقَاف) ذکی و ذہین عورت ۔

الثَّقِيف - بہت زیرک و چالاک ۔ خل ثَقِيفٌ : بہت کھٹا سرکہ ۔

المُثَقَّف - شعراء کے عرف میں بمعنی نیزہ ۔

ثَقُلَ (ک) ثِقَلًا وثَقَالَةً - بھاری ہونا ۔ صفت (ثَقِيلٌ وثُقَالٌ وثَقَالٌ) ج ثُقَلَاءُ وثِقَالٌ وثُقُلٌ — السمعُ : کچھ بہرا ہونا — القولُ : سننا ناگوار ہونا — المرأةُ : حمل ظاہر ہونا ۔

ثَقَلَهُ (ن) ثَقْلًا - وزن معلوم کرنیکے لئے ہاتھ میں اٹھانا ۔

ثَقِلَ (ک) ثَقَلًا - المریضُ : سخت بیمار ہونا ۔

ثَقَّلَهُ - بوجھل کرنا — الحرفَ : تشدید دینا — علیہ : بھاری بوجھ لادنا — ہ المرضُ : سخت ہونا ۔ أَثْقَلَتِ المرأةُ : حمل کا بھاری ہونا اور ولادت کا وقت قریب ہونا ۔

تَثَاقَلَ - بہ تکلف ثقل ظاہر کرنا — عنہ : دیر لگانا — القومُ : باوجود مدد طلب کئے جانے کے مدد کے لئے نہ اٹھنا ۔

اِثَّاقَلَ - الی الدنیا : مائل ہونا ۔

اِسْتَثْقَلَ - الشیءُ : بوجھل ہونا — الشیءَ بوجھل پانا — بفلان : بوجھ کو محسوس کرنا ۔

الثَّاقِل - بوجھل ۔ مرضٌ ثَاقِلٌ : سخت مرض دینارٌ ثَاقِلٌ : پورا دینار ۔ ج ثَوَاقِل ۔ کہا جاتا ہے " أَصْبَحَ ثَاقِلًا " یعنی اسکو مرض نے بوجھل کردیا

الثَّقَل - مسافر کا سامان اور اسکے نوکر چاکر کہا جاتا ہے " أَعْطِهِ ثَقَلَهُ " اسکو اس کے برابر دیدو ج أَثْقَال ۔ والأَثْقَال - زمین کے خزانے اور دفینے ۔ مُردے ۔ قرآن مجید میں ہے " وَأَخْرَجَتِ الأَرْضُ أَثْقَالَهَا " اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے گی ۔

الثِّقَل - گرانباری ۔

الثَّقْلَة والثِّقْلَة والثَّقَلَة والثِّقَلَة و الثُّقَلَة - کل ساز و سامان ۔ کہا جاتا ہے " ارتحلوا بِثَقَلَتِهِم " وہ لوگ مع اپنے پورے ساز و سامان کے چلے گئے ۔ الثَّقْلَة : پیٹ میں خوراک کی گرانی اونگھ ۔ کہا جاتا ہے " وَجَدْتُ ثَقْلَةً فِي جَسَدِي " میں نے اپنے بدن میں سستی محسوس کی ۔

المِثْقَال - تولنے کے اوزان ۔ مثقال الشیء : چیز کا وزن یا چیز کی ترازو ۔ ج مَثَاقِيل ۔ اور مثقال عرف میں ڈیڑھ درہم کے وزن کا ہوتا ہے ۔ اور کبھی کم اور کبھی زیادہ ۔

ثَكِلَ (س) ثُكْلًا وثَكَلًا - ابنہٗ : گم کرنا ۔ صفت (ثَاكِلٌ وثَكْلَانُ) مونث ثَاكِلٌ وثَاكِلَةٌ وثَكْلَى ۔ ج ثَوَاكِل وثَكَالَى ۔

أَثْكَلَ - الأمّ ولدَہا و أَثْكَلَ الولدُ أمَّہٗ : بچے سے ماں کو گم کرا دینا ۔ اور ماں کے سامنے بچے کا مرجانا

الثَّكُول والمِثْكَال - بچے کو بہت گم کرنیوالی عورت ۔ جمع مَثَاكِيل ۔ کہا جاتا ہے " نِسَاءُ الغُزَاةِ مَثَاكِيلُ " غازیوں کی عورتیں بچے کو گم کرنیوالی ہیں

المَثْكَلَة - سبب گم شدگی فرزند ۔ کہا جاتا ہے " رِمَاحُہُمْ لِلْوَالِدَاتِ مَثْكَلَةٌ " اس کا نیزہ ماؤں کیلئے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے ۔

ثَكَمَ (ن) ثَكْمًا - الامرَ والطریقَ : کسی امر یا کسی راستے کیلئے لازم ہونا — الآثارَ : پیروی کرنا — لہ الامرَ : واضح طریقے سے بیان کرنا ۔ — وثَكِمَ (س) ثَكَمًا - بالمکان : اقامت کرنا

ثُكْمُ - الطریق وثُكْمَتُہٗ - راستہ کا درمیان

الثُّكْنَة - کبوتروں کی ڈار ۔ فوجوں کا مرکز ۔ لوگوں کی جماعت ۔ چوپایوں کا گلہ ۔ گردن بند جھنڈا ۔ ج ثُكَن ۔ کہا جاتا ہے " حَمَامٌ ثُكَنٌ " یعنی اکٹھے کبوتر ۔

ثَلَّ (ن) ثَلًّا - البئرَ : کنوئیں سے مٹی نکالنا ۔ — الوعاءَ : برتن سے سب کچھ نکال لینا ۔ (— ثَلًّا وثُلُلًا) القومَ : ہلاک کرنا — البیتَ : گرا دینا ۔ ڈھا دینا ۔ کہا جاتا ہے " ثَلَّ اللہُ عرشَہم " یعنی اللہ نے انکے ملک کو برباد کردیا " وثُلَّ عرشُہم " ان کی عزت ضائع ہوگئی — التراب : گرانا ۔ ڈالنا — ت ذی حافر : لید کرنا ۔

أَثَلَّ إِثْلَالًا - مرمت کرنے کا حکم دینا — الرجلُ : بہت بھیڑوں والا ہونا — فمہ : بے دانت والا ہونا ۔

تَثَلَّلَ - البیتُ : آہستہ آہستہ گرنا ۔

اِنْثَلَّ : ڈھے جانا۔ گرجانا۔
الثَّلَلُ : ہلاکت۔ دانتوں کا گرنا۔
الثُّلَّۃُ : ہلاکت۔ ج ثُلَلٌ۔
الثَّلَّۃُ : بھیڑوں کا ریوڑ۔ اُون۔ کہا جاتا ہے "کِسَاءٌ جَیِّدُ الثَّلَّۃِ" عمدہ اون کا کمبل۔ کنوئیں کی نکالی ہوئی مٹی۔ ج ثُلَلٌ وثِلَالٌ۔ اون بال اور اونٹوں کے بال کا مجموعہ۔
الثُّلَّۃُ : لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ لَا یُفَرِّقُ بَیْنَ الثَّلَّۃِ وَالثُّلَّۃِ" فلاں بھیڑوں اور آدمیوں کی جماعت میں فرق نہیں کرتا۔
الثِّلَّۃُ : مستی وہلاکی۔ جمع ثِلَلٌ۔
المَثَلَّۃُ : بیابان میں سائبان۔
ثَلَبَہٗ (ض) ثَلْبًا : عیب لگانا۔ ملامت کرنا غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا ـــ الشَّیْءَ : رخنہ ڈالنا۔
ثَلَّبَ۔ الرَّجُلُ : بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا گرجانا۔
ثَلِبَ (س) ثَلَبًا۔ الشَّیْءُ : رخنہ دار ہونا۔ ـــ الجِلْدُ : سکڑنا۔
الثِّلْبُ : بوڑھا اونٹ جس کے دانت گرگئے ہوں۔ ج ثِلَبَۃٌ واَثْلَابٌ۔
والثَّلِبُ۔ عیب دار۔ ذلیل۔ رُمْحٌ ثَلِبٌ : رخنہ دار نیزہ۔
الاِثْلَبُ والاَثْلَبُ : مٹی یا پتھر کا چورہ۔ ج اَثَالِبُ۔
المِثْلَبُ : وہ شخص جس کی عادت عیب لگانے کی ہو۔
المَثْلَبَۃُ : عیب۔ گالی۔ کہا جاتا ہے "مَا عَرَفْتُ فِیہِ مَثْلَبَۃً" میں اس کے اندر کوئی عیب نہیں جانتا۔ ج مَثَالِبُ۔ مَثَالِبُ الاَمْرِ : کسی امر کے عیوب۔
ثَلَثَ (ن) ثَلْثًا۔ الشَّیْءَ : تہائی لینا۔
ـــ القَوْمَ : تہائی مال لے لینا۔ تیسرا ہونا۔
ثَلَّثَ۔ الاِثْنَیْنِ : اپنے کو ملاکر تین کر دینا۔
ـــ الشَّیْءَ : مثلث بنانا ـــ الشَّرَابَ : تہائی باقی رہنے تک پکانا ـــ الشَّیْءَ : تین مرتبہ کرنا۔
اَثْلَثَ۔ القَوْمُ : تین ہونا۔ تیس ہونا۔ مثلاً "کَانُوا تِسْعَۃً وَعِشْرِینَ فَاَثْلَثُوا" وہ لوگ انتیس تھے تیس ہوگئے۔
الثَّلَاثَۃُ : تین۔ مونث ثَلَاثٌ۔
ذُو الثَّلَاثِ : تین لٹ والی رسی۔ اور تم کہتے ہو "فَعَلَہٗ ثَلَاثًا" اس نے اس کو تین مرتبہ کیا۔
الثِّلْثُ : اونٹنی کا تیسرا بچہ۔ کہا جاتا ہے "سَقَی زَرْعَہُ الثِّلْثَ" اس نے اپنے کھیت کو تین دن میں ایک مرتبہ پانی دیا۔
الثُّلُثُ والثُّلْثُ۔ تہائی۔ ج اَثْلَاثٌ اور اسی معنی میں (الثَّلِیثُ) ہے۔
الثَّلَاثَاءُ والثُّلَاثَاءُ ویَوْمُ الثَّلَاثَاءِ۔ منگل۔ اس کا تثنیہ ثَلَاثَاوَانِ اور جمع ثَلَاثَاوَاتٌ وثَلَاثَاءَاتٌ واَثَالِثُ۔
الخَطُّ الثُّلُثِیُّ۔ موٹے حرفوں والا خط۔
اتوا ثُلَاثَ اَوْ مَثْلَثَ۔ وہ تین تین آئے۔ یہ غیر منصرف ہے اور مذکر و مونث دونوں کے لئے یکساں ہے۔
الثَّلِیثَانِ والثَّلَثَانُ۔ کموے کا پودہ۔
الثَّلَاثُونَ۔ تیس (مذکر و مونث)
الثَّالُوثُ۔ تین سے مرکب۔
المِثْلَثُ۔ جو تانت کہ تین لٹ کا ہو۔ بربط باجہ کا تیسرا تانت۔ ج مَثَالِثُ۔
المُثَلِّثُ والمُثَلِّثُ : بادشاہ کے پاس چغل خوری کرنے والا۔
المُثَلَّثُ : مِنَ الاَحْرُفِ : تین نقطوں والا یا تین حرکتوں والا۔ والمُثَلَّثُ فی الہندسۃ : تین ضلعوں والی شکل۔
المَثْلُوثُ۔ تین سے مرکب۔ وہ چیز جس کی تہائی لے لی گئی ہو ـــ من الحِبَالِ : تین لٹوں کی بٹی ہوئی رسی۔ کِسَاءٌ مَثْلُوثٌ : اون بال اور اونٹوں کے بال کا بنا ہوا کمبل۔
المَثْلُوثَۃُ : تین چمڑے کا بنا ہوا توشہ دان۔
ثَلَجَتْ (ن) ثَلْجًا واَثْلَجَتِ السَّمَاءُ : برف گرانا۔ تم کہتے ہو "ثُلِجْنَا السَّمَاءُ" یعنی ہمارے اوپر برف پڑی۔
ثَلَجَتْ (ن) ثُلُوجًا۔ نفسی بہ والیہ : خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔
ثَلِجَتْ (س) ثَلَجًا واَثْلَجَتْ۔ نفسی بہ : مطمئن ہونا۔ خوش ہونا۔
ثُلِجَ بہ فُؤَادُہٗ : بلید الطبع ہونا۔ صفت (مَثْلُوجُ الفُؤَادِ)۔ ثُلِجَتِ الارضُ واُثْلِجَتْ : برف پڑنا۔
اَثْلَجَہٗ۔ خوش کرنا۔ اَثْلَجَ القَوْمُ : برف میں داخل ہونا۔ اَثْلَجَتْ عنہ الحُمّٰی : زائل ہونا۔ اَثْلَجَ مَاءُ البِئْرِ : ختم ہونا۔
الثَّلْجُ۔ برف۔ ج ثُلُوجٌ۔ واحد ثَلْجَۃٌ۔ مَاءٌ ثَلْجٌ : ٹھنڈا پانی۔
الثُّلَجُ : عقاب کا چوزہ۔
الثَّلَّاجُ : برف بیچنے والا۔
الثِّلَاجِیُّ : بہت سفید۔ کہا جاتا ہے۔ "نَصْلٌ ثِلَاجِیٌّ"
المَثْلَجَۃُ : برف کی حفاظت کی جگہ۔
المَثْلُوجُ۔ برف پڑی ہوئی چیز۔ رَجُلٌ مَثْلُوجُ الفُؤَادِ : بلید الطبع مرد۔ مَاءٌ مَثْلُوجٌ : برف سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔
ثَلَخَ (ف) ثَلْخًا۔ البقرُ : گوبر کرنا۔
ثَلِخَ (س) ثَلَخًا۔ گوبر میں آلودہ ہونا۔
ثَلَدَ (ض) ثَلْدًا۔ الفِیلُ : پتلا پاخانہ کرنا۔
ثَلَطَ (ض) ثَلْطًا۔ الثورُ والبعیرُ : پتلا پاخانہ کرنا۔
ثَلَعَ (ف) ثَلْعًا۔ رأسَہٗ : کچلنا۔ توڑنا۔
ثَلَغَ (ف) ثَلْغًا۔ رأسَہٗ : کچلنا۔ توڑنا۔
المُثَلَّغُ۔ من التمر : پھٹ کر زمین پر گری ہوئی کھجور۔ تم کہتے ہو۔ "تَنَاثَرَتِ الثِّمَارُ وتَثَلَّغَتْ"۔ پھل بکھر گئے اور پھٹ گئے۔
ثَلَمَ (ض) ثَلْمًا وثَلَّمَ۔ الحائطَ : رخنہ ڈال دینا ـــ الاِنَاءَ : کنارے سے توڑنا۔
ثَلِمَ (س) ثَلَمًا وتَثَلَّمَ وانْثَلَمَ۔ رخنہ پڑنا۔
ثَلِمَ ثُلْمَۃً۔ فی مالہٖ : کچھ ضائع ہونا۔

اَلثَّلْمُ۔ ج أَثْلام و(الثُّلْمَۃُ) فی الحائط و نحوہ: شگاف۔ رخنہ۔ خلل۔ ٹوٹی ہوئی جگہ۔

الأَثْلَمُ۔ ہر وہ چیز جس کا رخنہ ظاہر ہو۔ مٹی پتھر۔

ثَمَّ (ن) ثَمًّا۔ الشیءَ: درست کرنا تم کہتے ہو "ثَمَمْتُ أُمُوْرِیْ" میں نے اپنے امور کو درست کرلیا۔ ثَمَّتِ الشاۃُ النَّبْتَ بفیہا: بکری نے گھاس کو اپنے مُنہ سے صاف کرلیا۔

اِنْثَمَّ: الجسمُ: گھلنا۔ کمزور ہونا — ثَمَّ: بوڑھا ہونا۔ صفت (ثُمَّۃٌ)

ثَمَّ و ثَمَّۃَ۔ (ظ)۔ اسم ہے جس سے بعد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔

الثَّمُّ۔ ثَمَّ کا مصدر بمعنی درست کرنا۔ اور اسی سے ہے "کُنَّا أَهْلَ ثَمِّهِ وَرَمِّهِ" ہم اصلاح و مرمت کے اہل تھے۔ اور کہا جاتا ہے "ہو ثُمُّہ ورُمُّہ او ثُمَّہ ورُمَّہ او ثِمُّہ ورِمُّہ" وہ اس کا جید وردی قلیل وکثیر ہے۔ اور کہا جاتا ہے "مالہٗ ثُمٌّ ولا رُمٌّ" یعنی وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔

ثُمَّ۔ حرف عطف ہے۔ ترتیب اور تراخی کے لئے مستعمل ہے۔ اور اس پر تا بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ ثُمَّتَ۔

الثُّمَّۃُ۔ سوکھی گھاس کا مٹھا۔

الثُّمَامُ: ایک قسم کی گھاس جو لانبی نہیں ہوتی واحد ثُمَامَۃٌ۔

المِثَمُّ۔ من الناس: اچھا بُرا ہر قسم کا کھانا کھانے والا۔

ثَمَأَہٗ (ف) ثَمْأً۔ چربی کھلانا — الرأسَ: کچلنا توڑنا — الانفَ۔ کنارہ توڑ دینے سے خون بہنا۔

اِنْثَمَأَ۔ الرأسُ: کچلا جانا۔ ٹوٹنا۔

الثَّمُوْتُ۔ وہ شخص جو جماع کے وقت پائخانہ کردے۔

ثَمَجَہٗ (ض) ثَمْجًا۔ باہم ملانا۔

المُثَمِّجُ۔ مختلف رنگوں سے رنگنے والا مؤنث مُثَمِّجَۃٌ۔

ثَمَدَ (ن ض) ثَمْدًا و اَثْمَدَ و اِسْتَثْمَدَ الماءَ: جمع ہونے کیلئے حوض کی مانند بنانا۔ ثُمِدَ الشیءُ فلانًا: کسی کے پاس کسی چیز کا اس طرح ہونا کہ اس کا سارا مال ضائع ہو جائے۔ — الناقۃُ بالحَلَب: دوہنے میں اونٹنی کا دودھ کو ستک لینا۔

اِثَّمَدَ و اِتَّمَدَ و اِثْتَمَدَ۔ تھوڑے پانی کی طرف جانا۔

اِسْتَثْمَدَہٗ۔ بخشش طلب کرنا۔

الثَّمْدُ والثَّمَدُ۔ تھوڑا پانی جو جاڑوں میں جمع رہے اور گرمیوں میں خشک ہو جائے گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ج ثِمَاد

الاِثْمِدُ والاُثْمُدُ۔ ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ طیار کیا جاتا ہے اور جس کو علماء کیمیا انتیموان کہتے ہیں۔

رجلٌ (مَثْمُوْدٌ) وہ شخص جس کو سائلین کی کثرت مفلس بنائے۔

ثَمَرَ (ن) ثُمُوْرًا و اَثْمَرَ۔ الشجرُ: پھلدار ہونا۔ صفت (ثَامِرٌ و مُثْمِرٌ)۔ اَثْمَرَ الشجرُ الثَّمَرَ: پھل لانا۔ اَثْمَرَ القومُ: پھل کھلانا۔

ثَمَّرَ: مالہ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔

اِسْتَثْمَرَ: الشیءَ: نتیجہ خیز بنانا — الرجلُ: پھل پانا۔

الثَّمَرُ۔ پھل۔ واحد ثَمَرَۃٌ۔ ج ثِمَارٌ جج اَثْمَار وثُمُرٌ۔ الثَّمَرَۃُ: نسل۔ اولاد۔ ثَمَرَۃُ اللسان: زبان کا کنارہ — السَّوطِ: چابک کے سرے کی گرہ۔ اور اسی سے ہے اَمَرَ الجلّادَ اَنْ یَدُقَّ ثَمَرَۃَ سَوطِہٖ" اس نے جلاد کو حکم دیا کہ کوڑے کے سرے کی گرہ کو کچل لے۔ ثَمَرَۃُ القلبِ: دوستی محبت۔ اور اسی سے ہے خَصَّنِیْ بِثَمَرَۃِ قَلْبِہٖ" اُس نے مجھ کو اپنی دوستی کیلئے خاص کیا۔

الثَّامِرُ۔ لوبیا۔

شجرۃ (ثَمْرَاءُ) پھل دار درخت۔ اَرضٌ ثَمْرَاءُ: بہت پھلوں والی زمین۔

ثَمِلَ (س) ثَمَلًا۔ مست ہونا۔ صفت (ثَمِلٌ)

ثَمَلَہٗ (ن ض) ثَمْلًا۔ فریاد رسی کرنا۔ کھلانا پلانا۔ غمخواری کرنا۔

اَثْمَلَہٗ۔ مدہوش کرنا۔ اَثْمَلَ اللبنُ: بہت جھاگ والا ہونا۔

(— و ثَمَّلَ) اللبنَ: جھاگ اُٹھنے کے لئے اُچھالنا۔

تَثَمَّلَ۔ ما فی الاناء: پینا۔

الثُّمْلَۃُ۔ ج ثُمُول و(الثَّمَلَۃُ) ج ثَمَل (الثَّمِیْلَۃُ) ج ثَمِیْل و ثَمَائِل و(الثُّمَالَۃُ) ج ثُمَال: حوض یا برتن میں باقیماندہ پانی وغیرہ۔ الثُّمَالَۃُ: جھاگ۔

الثُّمَال والمُثَمَّل۔ زہر قاتل۔

ثِمَالُ۔ القوم: قوم کا فریادرس۔

الثَّمِیْلُ۔ کھٹا دودھ۔

المَثْمَلَۃُ۔ حوض۔ تالاب۔

المِثْمَلَۃُ: حوض کی تلی کی کیچڑ۔ چرواہے کا تھیلا جس کو وہ اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔

ثَمَنَ (ن ض) ثَمْنًا۔ الرجلَ: کسی شخص کے مال کا آٹھواں حصہ لینا — الشیءَ: آٹھواں حصہ لینا — القومَ: آٹھواں ہونا۔

ثَمُنَ (ک) ثَمَانَۃً۔ الشیءُ: قیمتی ہونا۔

ثَمَّنَ: الشیءَ: قیمت کا اندازہ کرنا۔ آٹھ ضلعوں والی بنانا۔

اَثْمَنَ۔ القومُ: آٹھ ہونا۔ اَثْمَنْتُ المالَ زیدًا ولزیدٍ۔ قیمت دینا۔

الثَّمَنُ: بیع شدہ چیز کا بدلہ۔ قیمت۔ ج اَثْمَان و اَثْمُنٌ و اَثْمِنَۃٌ۔

الثُّمْنُ والثُّمُنُ۔ آٹھواں حصہ۔ ج اَثْمَان۔ اسی معنی میں ثَمِیْنٌ ہے۔ اور الثَّمِیْنُ۔ قیمتی۔

اَتَوْا (ثُمَانَ و مَثْمَنَ)۔ وہ لوگ آٹھ آٹھ آئے (غیر منصرف ہے)

الثَّمَانِیَۃُ۔ آٹھ۔ مؤنث ثمان اور تم کہو گے ثَمَانِیَۃَ عَشَرَ رجلًا و ثَمَانِیْ عَشْرَۃَ اِمْرَأۃً

الثَّامِنُ: آٹھواں۔

الثَّمَانُوْنَ: اسّی۔

المُثَمَّنُ۔ وہ چیز جس کی قیمت کا اندازہ

کیا گیا ہو۔ ہشت پہل۔ آٹھ ضلعوں والی چیز۔

الثُّنَّۃ۔ گھوڑے کے پاؤں کے پچھلے حصہ کے بال۔ ج ثُنَن۔

الثُّنْدُؤَۃ والثُّنْدُوَۃ۔ مرد کا وہ حصہ جو عورت کے پستان کا ہے۔ ج ثَنَادِ۔

الثُّنْطُب۔ بخرا بنانے والوں کی چھری۔

ثَنَی (ض) ثَنْیًا۔ الشَّیءَ: موڑنا۔ لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہہ کر دینا۔ روکنا — زیدًا: حاجت سے باز رکھنا۔ دوسرا ہونا۔ تم کہتے ہو "ہٰذا واحدٌ فاَثْنِہٖ" یہ ایک ہے تم دوسرے بن جاؤ۔ کہا جاتا ہے ثَنَی علیہ بضربۃ ثانیۃ "اس نے اسکو دوبارہ مارا۔ وفلانٌ لا یَثْنِیْ ولا یَثْلِثُ" یعنی فلاں چلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ "وثَنَی صَدْرَہٗ" یعنی اس نے اپنے دل میں دشمنی کو پوشیدہ کیا۔

ثَنَّی الشَّیءَ تَثْنِیَۃً۔ دوہرا کرنا — بالامر: ایک کام کیساتھ دوسرا کام ملا دینا۔ الکلمۃ: تثنیہ کی علامت لگانا۔ ایک حرف پر دو نقطے لگانا۔

اَثْنَی۔ الرجلُ: دوسرا ہونا — علیہ: تعریف کرنا — علیہ بالضرب: دوبارہ مارنا۔

تَثَانَوْا۔ علیہ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِسْتَثْنَی۔ الشَّیءَ: حکم عام سابق سے نکالنا — فلانًا وعلی فلانٍ: کسی کو غیر کے حکم سے خارج کرنا۔

اِثْنَوْنَی۔ صدرُہٗ علی البغضاء: بغض و عداوت پر مشتمل رہنا۔

الثِّنْیُ۔ من الثوب: پیچ، لپیٹ۔ تم کہتے ہو "اَرْسَلْتُہٗ ثِنْیَ کتابی" میں نے اس کو اپنے خط میں ملفوف کر کے بھیجا — من الوادی: موڑ — من اللیل: وقت — من الجبل: کنڈلی ج اَثْنَاء۔ اَثْنَاءُ الکلام: دوران گفتگو۔ تم کہتے ہو "جاؤوا فی اَثْنَاءِ الامرِ" یعنی وہ لوگ کام کے درمیان میں آئے۔

الثِّنْیُ۔ دہرائی ہوئی بات۔ ج ثِنْیَۃ (— والثِّنْیَان) سردار سے دوسرے درجہ کا آدمی۔

الثَّنَاء۔ تعریف۔ ج اَثْنِیَۃ۔

الثِّنَاء۔ اونٹ کے زانو باندھنے کی دُہری رسّی۔

اَتَوا ثُنَاءَ و مَثْنَی۔ وہ لوگ دو دو آئے (غیر منصرف ہے۔ اور مذکر و مونث کیلئے یکساں ہے)

الثَّنِیّ۔ ج ثِنَاء و ثُنْیَان: وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں۔

الثَّنِیَّۃ: سامنے کے اوپر کے نیچے کے دو دو دانت۔ ج ثَنَایَا۔ استثناء۔ کہا جاتا ہے۔ "حَلَفَ یَمِیْنًا لَیْسَ فیہا ثَنِیَّۃٌ" اس نے بغیر استثناء کے قسم کھائی۔ گھاٹی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ فلان طَلَّاعُ الثَّنَایَا "یعنی فلاں مشقتوں کا برداشت کرنے والا ہے۔

تَثْنِیَۃُ الاِشْتِرَاع۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کتابوں میں سے پانچویں کتاب۔

الثُّنَائِیُّ۔ من الالفاظ: دو حرفوں والا۔

اِثْنَانِ۔ مونث ثِنْتَانِ واِثْنَتَانِ: دو۔ الاِثْنَانِ و یَوْمُ الاِثْنَیْنِ۔ پیر کا دن۔ سوموار۔

الثَّانِی۔ مونث الثانیۃ: دوسرا۔

الثَّانِیَۃ۔ سیکنڈ۔ ج الثَّوَانِی۔

الثُّنْوَی والثُّنْیَا۔ من الجزور: ذبح کئے ہوئے جانور کا سر و پاؤں مستثنیٰ کیا ہوا۔

المَثْنَی: بربط باجہ کے پہلے تار کے بعد کا تار۔ مَثْنَی الوادی: وادی کا موڑ۔ ج المَثَانِی۔ المثانی: قرآن کی آیتیں۔ مَثَانِی الشیءِ: کسی چیز کی لڑی وغیرہ۔ والمثانی من الدابۃ: زانو اور کہنیاں۔

المَثْنَاۃ۔ اون اور بال وغیرہ کی رسّی بٹی لپیٹ ج مَثَانِیَۃ۔

ثَابَ (ن) ثَوْبًا و ثُؤُوْبًا۔ لوٹنا — الناسُ: اکٹھا ہونا — الماءُ: حوض میں جمع ہونا (— ثَوَبَانًا واَثْوَبَ اِثْوَابًا) المریضُ: چنگا ہونا۔

ثَوَّبَہٗ۔ من کذا: بدلہ دینا — الرجلُ: جانے کے بعد واپس ہونا۔ (— وتَثَوَّبَ) المصلی: فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا۔

اَثَابَ اِثَابَۃً۔ الرجلُ: چنگا ہونا — الرجلَ: بدلہ دینا — وجزاہ: دینا۔ — الحوضَ: بھرنا۔

تَثَوَّبَ۔ ثواب حاصل کرنا۔

اِسْتَثَابَ۔ المالَ: لوٹانا — الرجلَ: بدلہ مانگنا۔

الثَّائِبُ۔ فا۔ بارش سے پہلے کی تیز ہوا — من البحر: سمندر کا بڑھتا ہوا پانی بھاٹا کے بعد۔

الثَّوْبُ۔ کپڑا ج ثِیَاب و اَثْوَاب و اَثْوُب کہا جاتا ہے: "طاہر" اور "دنس الثیاب" پاک نفس یا خبیث النفس۔

الثَّوَابُ والمَثُوْبَۃُ والمَثْوَبَۃ۔ اعمال کا بدلہ۔ خیر ہو یا شر عموماً خیر کیلئے مستعمل ہے

الثَّوَابُ: شہد۔ شہد کی مکھی۔

الثَّوَّابُ۔ بزاز۔ کپڑے کا سوداگر۔ کپڑے والا۔

الثِّیَابِیُّ۔ کپڑوں کا محافظ۔

المَثَابُ والمَثَابَۃ: جمع ہونے کی جگہ۔ مَثَابُ البئرِ ومَثَابَتُہا: کنوئیں کے ارد گرد کے اونچے پتھر۔

الثَّوْجُ۔ مٹی چونہ اٹھانے کی ٹوکری۔

ثَاخَت (ن ض) ثَوْخًا وثَیْخًا۔ الاصبعُ فی الورم او الرجلُ فی الوحل: انگلی کا ورم میں یا پیر کا کیچڑ میں دھنسنا۔

ثَارَ (ن) ثَوْرًا و ثُؤُوْرًا و ثَوَرَانًا۔ جوش میں آنا۔ بھڑکنا اور اسی سے ہے "ثارت الفتنۃ بینہم" ان کے درمیان فتنہ و فساد بھڑک اٹھا۔ — الغبارُ او الدخانُ: بلند ہونا — الجرادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونا — نفسُہٗ: جی کا متلانا — الیہ و بہ: حملہ کرنا۔ کود پڑنا۔

ثَاوَرَہٗ مُثَاوَرَۃً و ثِوَارًا۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

ثَوَّرَہٗ و اَثَارَہٗ و اِسْتَثَارَہٗ۔ جوش دلانا۔ ثَوَّرَ الامرَ: کھود کرید کرنا۔ ثَوَّرَ الکتابَ: معانی

میں بحث کرنا۔
تَثَوَّرَ ۔ جوش میں آنا۔
ثُوَرَانُ ۔ الشفق وثُؤُرَةٌ ۔ شفق کی سُرخی
الثَّوْر: بیل۔ آسمان کے ایک برج کا نام
جو ثیران ۔ وأثوار وثِیارہ وثِیَرَۃ وثِوَرَۃ ۔ الثَّوْرُ:
پنیر کا بڑا ٹکڑا ۔ جو أثوار وثِوَرَۃ ۔ الثُّوْر: ناخن
کی جڑ کی سفیدی ۔
الثَّوْرَةُ ۔ گائے ۔ کثرت ۔ کہا جاتا ہے ثورۃ
رجال اور مال" لوگوں کی یا ریت کی کثرت
جوش و ہیجان ۔ بغاوت ۔
الثَّائِرُ ۔ فا ۔ کہا جاتا ہے ثَارَثَائِرُہٗ فَارَفَائِرُہٗ"
یعنی وہ غضبناک ہوا ۔ " رَأَیْتُہٗ ثَائِرَ الرَّاسِ"
میں نے اس کو پراگندہ بال دیکھا ۔
الثَّائِرَۃُ: شور ۔ چیخ ۔ جو ثَوَائِرُ ۔
الْمَثْوَرَۃُ : بہت بیلوں والی زمین ۔
ثَاعَ (ن) ثَوْعًا ۔ الماءُ : بہنا ۔
ثَوِلَتْ (س) ثَوَلاً وثَالَتْ (ن) ثَوْلاً
الشاۃُ خاصۃً : دیوانی ہونا ۔۔۔ الرجلُ : بیوقوف بننا
صفت (اَثْوَلُ) مونث ثَوْلاءُ ۔ جو ثُولٌ ۔ جو أثَاوِلُ
تَثَوَّلَ ۔ النحلُ : اکٹھا ہونا ۔۔۔ علیہ القومُ :
بُرا بھلا کہنے اور مارنے پیٹنے لگنا ۔
اِنْثَالَ اِنْثِیَالاً ۔ علیہ التراب : گرنا ۔ کہا
جاتا ہے اِنْثَالَ علیہ الناسُ مِنْ کُلِّ وَجْہٍ " لوگ اس
پر ہر طرح سے ٹوٹ پڑے ۔۔۔ علیہ القولُ : زبان

پر خود بخود آجانا ۔
الثَّوْلُ : شہد کی مکھیوں کا جھنڈ ۔
الثَّوِیْلَۃُ : قبیلہ کے جمع ہونے کی جگہ ۔ متفرق
گھروں کے لوگوں کا جتھا ۔ کہا جاتا ہے " اَتَی
ثُوَیْلَۃٌ مِّنَ النَّاسِ " لوگوں کی جماعت آئی ۔
الثُّوْمُ : لہسن ۔
الثُّوْمَۃُ ۔ ایک لہسن ۔ تلوار کے دستے کے
کنارے کی آرائش ۔ تم کہتے ہو " سَیْفِیْ ثُوْمَتُہٗ
مِنْ فِضَّۃٍ " میری تلوار کے دستہ کا کنارہ چاندی
کا ہے ۔
تَثَاوَنَ ۔ مکر و فریب کرنا ۔
الثُّوْنِیُّ ۔ آٹے میں لگانے کی خشکی ۔ پلیتھن
ثَوَی (ض) ثَوَاءً وثُوِیًّا ۔ المکانَ وفیہ:
اقامت کرنا ۔۔۔ الرجلُ : مرنا ۔
ثُوِیَ : دفن کیا جانا ۔
ثَوَّاہُ تَثْوِیَۃً ۔ فی المکان : ٹھہرانا ۔ قیام کرانا
اَثْوَی : اقامت کرنا ۔ اَثْوَاہُ : مہمانی کرنا ۔
اثواہ فی المکان ۔ ٹھہرانا ۔ قیام کرانا ۔
تَثَوَّاہُ : مہمان بننا ۔
الثُّوَّۃُ : گھر کا سامان ، راستے کے نشان پتھر جو ثُوًی
الثَّاوَۃُ والثَّایَۃُ : اونٹوں کا باڑہ ۔
الثَّوِیُّ ۔ مہمان ۔ مہمان خانہ ، قیدی جو اَثْوِیَاءُ
مونث ثَوِیَّۃٌ ۔ الثَّوِیَّۃُ : بھیڑ بکری گائے اونٹ کا
باڑہ ۔ عورت ۔ کہا جاتا ہے " ہٰذِہٖ ثَوِیَّۃُ فُلَانٍ " یہ

فلاں کی بیوی ہے ۔
الثَّوِیَّۃُ ۔ پتھر جو رات میں نصب کر دیا جائے
تاکہ چرواہے کیلئے علامت رہے جبکہ وہ رات
میں واپس ہو ۔
الْمَثْوَی ۔ منزل ۔ جو مَثَاوٍ ۔ ابو الْمَثْوَی :
مہمان ۔ ابو مَثْوَاہُ : میزبان ۔ اُمّ مَثْوَاہُ : میزبان
کی بیوی ۔
تَثَیَّبَتْ وثَیَّبَتْ ۔ المرأۃُ زوجَہا : موت
یا طلاق کی وجہ سے شوہر سے جُدا ہونا ۔
صفت (ثَیِّبٌ) والثَّیِّبُ : باکرہ کی ضد ۔
شادی شدہ مرد یا عورت ۔ مذکر و مؤنث ۔
دونوں کیلئے یکساں ہے ۔ تم کہتے ہو " رجلٌ ثَیِّبٌ"
شادی شدہ مرد " اِمْرَاَۃٌ ثَیِّبٌ " شوہر سے
جُدا شدہ عورت ۔ ثیب جو عورتوں کیلئے
ہے اس کی جمع ثیبات ہے ۔ اور کہا جاتا ہے ۔
" بِئْرٌ ثَیِّبٌ " کنواں جس میں پانی جمع ہو ۔
الْمُثَیِّبُ ۔ خاوند سے جدا شدہ عورت ۔
الثَّیْتَلُ ۔ پہاڑی بکری ۔ نامرد ۔ عورتوں
کے پاس بیٹھنے والا ۔
ثَیَّلَ وتَثَیَّلَ ۔ الرجلُ عقلمندی کے بعد بیوقوف بننا
الثِّیْلُ والثَّیِّلُ : ایک قسم کی گرہ دار نباتات
جو زمین پر پھیلتی ہے ۔
الثَّیْنُ : موتی نکالنے کی جگہ ، موتی میں سوراخ کرنیوالا
موتی میں سوراخ کرنیکا آلہ (الثینۃ) بکریوں کا باڑہ ۔

ج

جَأَبَ (ف) جَأْبًا ۔ مال کمانا ۔ گیرو مٹی بیچنا ۔
الجَأْبُ ۔ گیرو مٹی ۔ سخت اور اُجڈ آدمی ۔
شیر ۔ جو جُؤُوْبٌ ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ جَأْبُ الصَّبْرِ " فلاں
امور میں بڑا صابر ہے ۔ الجَأْبُ : موٹا گورخر ۔
جَأْبَۃُ البَطْنِ ۔ ناف ۔
جَأْبَزَ جَأْبَزَۃً : بھاگنا ۔
جَئِثَ (س) جَأَثًا ۔ الرجلُ : اُٹھنے یا بوجھ
اُٹھانے میں سُست ہونا ۔

جُئِثَ جَأْثًا وجُؤُوْثًا : گھبرانا ۔ صفت
(مَجْؤُوْثٌ)
اَجْأَثَہٗ ۔ الحِمْلُ : گرانبار کرنا ۔
الجُأَاثُ : بدخو ۔ سُست رفتار ۔
جَأْجَأَ (ن) جَأْجَأً : بزدلی سے کھڑا ہونا ۔
جَأْجَأَ جَأْجَأَۃً ۔ بالابل : جئ جئ کہہ کر
پانی پلانے کے لئے بلانا ۔
تَجَأْجَأَ : عن کذا : رکنا ۔ باز رہنا ۔

الجُؤْجُؤُ ۔ من الطائر : پرند کا سینہ ۔۔۔
من السفینۃ : جہاز کا اگلا حصہ ۔ جو جَآجِیُّ ۔
جَأَذَ (ف) جَأْذًا ۔ منہ لگا کر پینا ۔
الجَائِذُ : منہ لگا کر پینے والا ۔
جَأَرَ (ف) جَأْرًا ۔ جُؤَارًا الی اللّٰہ : دعا کرنے
میں آواز بلند کرنا ۔ گڑگڑانا ۔۔۔ الثورُ : ڈکارنا ۔
۔۔۔ النباتُ : بلند ہونا ۔۔۔ الارضُ : لمبی
گھاس والی ہونا ۔

الجَأْسُ - مص ـــ من النبت: لمبی اور تر و تازہ نباتات (ـــ والجَئِزُ والجَأَرُ) موٹا مرد - من الغیث: بہت بارش -

جَئِزَ (س) جَأْزًا - بالماء: اچھو لگنا، پھندا لگنا -

الجَأَزُ - اچھو - حلق کا پھندا -

جَأَشَ (ن) جَأْشًا - قلبُہٗ: غم یا گھبراہٹ سے مضطرب ہونا ـــ الیہ: متوجہ ہونا -

الجَأْشُ - قلب - سینہ - کہا جاتا ہے "رَابِطُ الجَأْشِ" یعنی بہادر - ج جُؤُوْشٌ -

الجَائِشَۃُ - نفس -

جَأَصَ (ف) جَأْصًا - الماءَ: پینا -

جَأَفَہٗ (ف) جَأْفًا وجَأَفَہٗ تَجْئِیْفًا - پچھاڑنا - گھبراہٹ میں ڈالنا - جَأَفَ الشجرۃَ: جڑ سے اکھیڑنا -

اِنْجَأَفَتِ - الشجرۃُ: جڑ سے اکھڑنا -

جَئِلَ (س) جَأَلًا - لنگڑا ہونا -

جَأَلَ (ف) جَأْلًا - الصوفَ: اکٹھا کرنا -

الصوفُ: اکٹھا ہونا -

جَیْأَلُ وجَیْأَلَۃُ - بجو۔ یہ دونوں علم اور غیر منصرف ہیں -

جَیْأَلَۃُ الجُرْحِ: پیپ - زخم کا مواد -

الجَاوَرْس - باجرہ -

جَأَیَ (ن) جُؤْوَۃً وجُؤُوْدَۃً - الفرسُ: سرخ سیاہی مائل ہونا - صفت (اَجْوَأُ) مونث جَأْوَاءُ

جَأَیَ (ف) جَأْیًا - الشیءَ: روکنا - چھپانا ـــ الثوبَ: سینا ـــ علیہ: دانتوں سے کاٹنا

جَبَّہٗ (ن) جَبًّا - کاٹنا - غالب ہونا -

(ـــ جِبَابًا) النخلۃَ: گابھا دینا -

جَبَّبَ - الفرسُ: زانو اور ایڑی تک سفیدی کا پہنچنا - صفت (مُجَبَّبٌ) تیز چلنا -

جَابَّہٗ مُجَابَّۃً وجِبَابًا - غالب آنا - فخر میں مقابلہ کرنا -

تَجَابَّ - الرجلانِ: ایک دوسرے کی بہن سے شادی کرنا -

اِجْتَبَّ - جبہ پہننا ـــ الشیءَ: کاٹنا -

الجُبُّ - گہرا کنواں - کچا کنواں - گڑھا ج اَجْبَابٌ وجِبَابٌ - وجِبَبَۃٌ -

الجُبَّۃُ - جبہ - زرہ ـــ من السنانِ: چھڑ کا بالائی حصہ جس میں نیزہ پیوست ہو - آنکھ کے گرد کی ہڈی - پنڈلی کی ہڈی کا زیریں حصہ جو سم سے متصل ہو - ج جُبَبٌ وجِبَابٌ -

الجَبَابُ والجُبَابُ - قحط -

بعیرٌ (اَجَبُّ) کوہان کٹا ہوا اونٹ -

جَبَأَ (ف) جَبْأً وجَبَاءً وجُبُوْءًا وجُبُوْءَۃً - البصرُ: نگاہ کا کمزور ہونا ـــ السیفُ: اچٹ جانا ـــ الرجلُ: خوف کی وجہ سے باز رہنا اور واپس آنا - صفت (جَبَّأٌ وجُبَّاءٌ) یعنی بزدل جَبَأَتْ علیہ الحیۃُ: سوراخ سے نکل کر گھبرا دینا - جَبَأَ علی القومِ: اچانک نمودار ہونا -

جَبِیَٔ (س) جَبَأً - چھپنا ـــ عنہ: باز رہنا اور ڈرنا -

اَجْبَأَ - الشیءَ: چھپانا - اَجْبَأَتِ الارضُ: سرخ سانپ کی چھتری والی ہونا - اَجْبَأَ علی القومِ: بلند جگہ سے اچانک نمودار ہونا -

الجَبْءُ - سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری ج اَجْبُؤٌ وجِبَأَۃٌ - گیرو - پہاڑ کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو - ٹیلہ -

ارضٌ (مَجْبَأَۃٌ) بکثرت سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری والی زمین -

جَبْجَبَ - الرجلُ: سفر کرنا - موٹا ہونا -

الجُبْجُبَۃُ - چمڑے کا تھیلا - ڈھول - موٹی اونٹنی - ج جَبَاجِبُ -

ماءٌ (جَبْجَابٌ وجُبَاجِبٌ) بہت پانی

الجِبْتُ - بت - جادو - جادوگر بے برکت

جَبَخَ (ف) جَبْخًا - تکبر کرنا - جَبَخَ القِدَاحَ والکِعَابَ فی القمارِ: پانسہ پھینکنا -

الجَبْخَانَۃُ - میگزین (جدید) اس کیلئے عربی لفظ مَشْحَنٌ ہے - بارود کارتوس -

جَبَذَہٗ (ض) جَبْذًا واجْتَبَذَہٗ: کھینچنا -

جَبَذَ العنبُ: چھوٹا اور خشک ہونا -

جَبَاذِ - مبنی علی الکسر: موت -

جَبْذَنَ - الکیلَ: لبالب بھر دینا -

الجُبْذُنَۃُ - بلند - گول و بلند زمین - قبہ ج جَبَاذِنُ -

الجُبْذُنُ - خوبرو ناشگفتہ -

جَبَرَ (ن) جَبْرًا وجُبُوْرًا وجِبَارَۃً وجَبَّرَ - العظمَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنا -

جَبَرَ (ن) جُبُوْرًا وجَبْرًا وانْجَبَرَ وتَجَبَّرَ واجْتَبَرَ) ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا ـــ الفقیرَ: غنی بنانا - جَبَرَہٗ علی الامرِ: مجبور کرنا -

اَجْبَرَہٗ - علی الامرِ: مجبور کرنا - مذہب جبریہ کی طرف منسوب کرنا -

اِجْتَبَرَ واسْتَجْبَرَ - فقر کے بعد مستغنی ہونا

تَجَبَّرَ - تکبر کرنا - سرکش ہونا - صفت (جَبِیْرٌ) حالت گذشتہ کا واپس آنا ـــ النبتُ: چرے جانے کے بعد پھر اگنا - تَجَبَّرَ المریضُ: درست حالت والا ہونا -

الجَبْرُ - مص ٹوٹے ہوئے کی درستی - غرور - مجبوری - قضاء الٰہی کے وقوع کا کلی طور پر مجبوراً اعتقاد کرنا - الجبار: بہادر مرد -

الجِبَارَۃُ - ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنیکا پیشہ (ـــ والجَبِیْرَۃُ) ٹوٹی ہوئی ہڈی کے باندھنے کی لکڑی یا پٹی - ج جَبَائِرُ - الجبائر: کنگن و بازوبند

الجَبْرُوْتُ والجَبَرُوْتُ والجَبَرُوْتُ - قدرت - طاقت - عظمت -

جَابِرٌ - فا - ابوجابر: روٹی - اُمّ جابر: ہریسہ

الجُبَارُ - بیکار بے قیمت - کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہٗ جُبَارًا" اس کا خون رائگاں گیا - یعنی اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا گیا - "دانا منہ خلاوۃ وجُبَارٌ" میں اس سے پاک و بری ہوں -

جُبَارٌ: منگل کا دن -

الجَبَّارُ - اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے - قابض - تسلط والا - قاہر - مغرور سرکش -

برج جوزا - کہا جاتا ہے "طَلَعَ الجَبَّارُ" برج جوزا طلوع ہوا - نَخْلَةٌ جَبَّارَةٌ : لمبا کھجور کا درخت جس پر ہاتھ نہ پہونچ سکے -

اَلجَبْرِیَّة - والمُجَبِّرَة - فرق اسلامیہ میں سے ایک فرقہ جس کے ماننے والے انسان کے مجبور محض ہونے کے قائل تھے -

جَبْرَائِیل وجِبْرِیل - ایک فرشتہ کا نام جو وحی الٰہی لانے پر موکل تھے -

جَبَزَہٗ (ن) جَبْزًا - کاٹنا -

جَبُزَ (ن) جَبَازَةً - الخُبْزُ : خشک ہونا - صفت (جبیز)

الجِبْز - بخیل -

الجَبْزَة - ٹکڑا - کہا جاتا ہے "جَبَزَ لَہٗ مِنْ مَالِہٖ جَبْزَةً" یعنی اس نے اس کو اپنے مال کا ایک حصہ دیا -

الجَبِیز - خشک روٹی -

تَجَبَّسَ - فی مشیتہ : ناز و تکبر سے چلنا -

الجِبْس - بزدل - کمینہ - کند خاطر - فاتق گچ - ریچھ کا بچہ - ج اَجْبَاس -

الجِبِّیْس - ریچھ کا بچہ - (ـــ والجَبُوس والاَجْبَس) کمینہ - ناکارہ -

الاَجْبَس - کمزور - بزدل -

جَبَشَ (ض) جَبْشًا - الشعرَ : مونڈنا -

جَبَلَہٗ (ض ن) جَبْلًا - اللّٰہُ : پیدا کرنا - کہا جاتا ہے "جَبَلَہُ اللّٰہُ عَلَی الکَرَمِ" اللہ نے شرافت وکرم اس کی فطرت میں رکھ دی - جَبَلَ التُّرَابَ : پانی ڈال کر گارہ بنانا -

جَبَّلَہٗ - مختلف ٹکڑے کرنا -

اَجْبَلَہٗ - بخیل پانا -

اَجْبَلَ وتَجَبَّلَ وجَابَلَ - المسافرُ : پہاڑ کی طرف جانا - پہاڑ میں داخل ہونا - پہاڑ میں رہنا - کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَةً فَاَجْبَلَ" اس نے اپنے مقصد میں کوشش کی اور محروم رہا - وَجَبَلَ مَا عِنْدَہٗ "اس نے اس کا سب کچھ لے لیا

الجَبْلَة والجِبْلَة والجُبْلَة والجِبِلَّة - چہرہ جسم کا سامنے کا حصہ - فطرت - طبیعت - اصل توت - زمین کی سختی - کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُو جَبْلَةٍ" فلاں سخت طبیعت ہے - "وجِبِلَّتُہٗ عَلَی الخَیْرِ" اسکی طبیعت میں نیکی ہے -

الجُبُل والجُبُلَّة - لوگوں کی جماعت -

الجُبْلَة : کوہان -

الجَبْل - مکان کا صحن - بہت بڑا - کہا جاتا ہے "حَیٌّ جَبْلٌ" بڑا قبیلہ -

الجَبَل - بڑا پیالہ -

الجَبَل - پہاڑ - ج جِبَال واَجْبَال واَجْبُل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ جَبَلٌ" یعنی بخیل مرد - وہو جَبَلُ الوَجْہِ" وہ بھدے چہرہ والا ہے - وفلانٌ جَبَلُ قَوْمِہٖ" فلاں اپنی قوم کا سردار وعالم ہے - اِبْنَةُ الجَبَل : سانپ - مصیبت - آواز بازگشت

الجَبَلِی - طبعی -

الجِبَال - بدن - کہا جاتا ہے "فلانٌ عَظِیمُ الجِبَال" فلاں تنومند ہے -

الجَبِیل والمَجْبُول - بدصورت کہا جاتا ہے "رَجُلٌ جَبِیْلُ الوَجْہِ" بدصورت مرد - وامْرَأَةٌ مَجْبُول" بدصورت عورت - "سَیْفٌ جُبَال" : موٹی دھار کی تلوار -

الجُبْلَة - خشک سال - ہر چیز کی کثرت - اصل

الجُبْجُول - بڑے ڈیل ڈول والا -

جَبُنَ (ن) جُبْنًا وجُبُنًا وجَبَانَةً - بزدل ہونا - صفت (جَبَان) ج جُبَنَاء - مونث جَبَانَة وجَبَان - ج جَبَانَات -

جَبَّنَ - اللبنَ : پنیر بنانا - الرجلَ : بزدلی پر اکسانا - (ـــ واَجْبَنَ واجْتَبَنَ) الرجلَ : بزدلی کی طرف منسوب کرنا - بزدل پانا - اور اسی سے ہے "قَاتَلْنَاکُمْ فَمَا اَجْبَنَّاکُمْ" ہم نے تم سے جنگ کی تو تم کو بزدل نہیں پایا -

تَجَبَّنَ - اللبنُ : پنیر بننا یا پنیر کی طرح جم جانا - الرجلُ : موٹا ہونا -

الجُبْن والجُبُن والجُبُنّ - پنیر -

الجُبْنَة - پنیر کا ٹکڑا -

الجَبِین - پیشانی - پیشانی کا کنارہ - ج اَجْبُن وجُبُن واَجْبِنَة - الجَبِین : بزدل (مذکر و مونث)

الجَبَّان - پنیر بیچنے والا - یا پنیر والا - بہت بزدل - مونث جَبَّانَة (ـــ والجَبَّانَة) بے درخت کے بلند و ہموار زمین - قبرستان - صحرا ج جَبَابِین

المَجْبَنَة - باعث بزدلی - پنیر بنانے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں پنیر بہت ہو - عوام کی زبان میں بکری کے بچے کی اوجھ کو کہتے ہیں جو دودھ کو پنیر بنا دیا کرتا ہے -

جَبَہَ (ف) جَبْہًا - الرجلَ : پیشانی پر مارنا - اچانک آنا - حاجت سے باز رکھنا - جبہ بالمکروہ : برائی سے پیش آنا - ـــ الشتاءُ القومَ : اسباب سرما تیار کرنے سے پہلے سرما کا آنا - ـــ الرجلُ : بغیر رسی ڈول وغیرہ کے پانی پر آنا -

جَبَّہَ - سرنگوں کر دینا -

اِجْتَبَہَ - الماءَ وغیرہ : پانی وغیرہ کو ناگوار سمجھنا

الجَبَہ - پیشانی کی چوڑائی وخوبصورتی -

الجَبْہَة - پیشانی - ج جِبَاہ وجَبَہَات - جَبْہَةُ القَوْمِ : سردار قوم - جَبْہَةٌ مِنَ النَّاسِ : لوگوں کی جماعت - ذلت - تم کہتے ہو "لَقِیْتُ مِنْہُ جَبْہَةً" مجھے اس سے ذلت حاصل ہوئی - الجَبْہَة : گھوڑے - اس کے لئے واحد نہیں - اور اسی سے ہے "لَیْسَ فِی الجَبْہَةِ صَدَقَةٌ" یعنی گھوڑوں میں زکوٰۃ نہیں -

الاَجْبَہ - خوبصورت پیشانی والا - شیر مونث جَبْہَاء -

الجَبْہَل - احمق - اکھڑ آدمی -

جَبَا (ن) جَبًّا وجَبْوًا وجَبْیًا وجِبْوَةً و جِبَاوَةً وجَبَی (ض) جِبَایَةً - الخَرَاجَ : جمع کرنا - ـــ الماءَ فی الحوض : جمع کرنا -

جَبَّی تَجْبِیَةً - سجدہ کے وقت ہاتھوں کو گھٹنے یا زمین پر رکھنا -

اَجْبَی - الزرعَ : پکنے سے پہلے بیچنا - اور اسی سے ہے "مَنْ اَجْبَی فَقَدْ اَرْبَی" جس نے پکنے سے پہلے (کھیتی کو) بیچا اس نے ربوا کا معاملہ کیا -

اِجْتَبَی - ہ : پسند کرنا - چن لینا -

الجَبَاءُ ج اَجْبَاءٌ و (الجَابِيَة) ج جَوَاب: اونٹوں کے پانی پینے کا حوض۔ الجَبَا: کنوئیں کی من۔

الجَابِي۔ قا۔ ٹڈی۔

المُجْتَبِي۔ خراج ٹیکس۔

جَثَّهُ (ن) جَثًّا و اِجْتَثَّهُ۔ جڑسے اکھڑنا

الجَثِيثُ و الجُثُّ۔ مردہ ٹڈی۔ یا شہد کی مردہ مکھی۔ کھجور کا غلاف۔ شہد میں ملا ہوا شہد کی مکھیوں کا پر وغیرہ۔ الجُثُّ: موم

الجُثَّةُ۔ جسم انسانی۔ لاش۔ ج جُثَث۔

الجَثِيثُ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا پودہ۔ واحد (جَثِيثَة)

المِجَثَّةُ و المِجْثَاث۔ کھرپی۔ گھاس کھودنے کا اوزار۔

اِجْثَأَلَّ۔ الطَّيْرُ: پر جھاڑنا — النَّبْتُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔

جَثْلَثَهُ (ض) جَثْلَثَةً۔ الرِّيحُ: اڑا لیجانا۔ بکھیر دینا۔

جَثِلَ (س) و جَثُلَ (ک) جَثَالَةً و جُثُولَةً۔ الشَّجَرُ والشَّعْرُ: گنجان و کالا ہونا۔ صفت (جَثْل و جَثِيل)

الجَثْلَةُ۔ چیونٹی۔ ج جُثَل۔

الجُثَّال۔ چنڈول۔

الجُثَالَةُ۔ بکھرے ہوئے پتے۔

الجَثْلِيقُ و الجَاثَلِيقُ۔ لاٹ پادری۔ ج جَثَالِقَة (جدید)

جَثَمَ (ن ض) جَثْمًا و جُثُومًا۔ اللَّيْلُ: آدھی رات ہونا — الرَّجُلُ او الطَّائِرُ و الحَيَوَانُ: سینہ کو زمین سے لگانا۔ صفت (جَاثِم) ج جُثَّم۔

الجَاثُوم و الجُثَام۔ کابوس۔

رَجُلٌ جُثَمَةٌ و جَثَّامَةٌ و جُثَم و جَثُوم۔ بہت بیٹھنے والا یا بہت سونے والا۔

الجَثَمَةُ۔ ٹیلہ۔ پشتہ۔

الجُثْمَةُ۔ راکھ وغیرہ کا تودہ۔

الجُثْمَان۔ بدن۔ شخص۔

المَجْثَم۔ بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَجَاثِم۔

المُجَثَّمَةُ۔ وہ پرندہ یا خرگوش جس کو باندھ کر تیر وغیرہ مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔

جَثَا (ن) جُثُوًّا و جُثِيًّا (ض) جَثْيًا و جِثِيًّا زانو پر بیٹھنا یا انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ صفت (جَاثٍ) ج جُثِيّ و جِثِيّ۔ مونث جَاثِيَة۔

جَاثَى۔ ہ: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔

اَجْثَى۔ ہ: زانو کے بل بٹھانا۔

تَجَاثَوا۔ باہم زانو پر بیٹھنا۔

الجَثْوَةُ و الجُثْوَةُ و الجِثْوَةُ۔ پتھروں کا ڈھیر۔ مٹی کا ڈھیر۔ قبر۔ ج جُثًى و جِثًى۔ شعلہ

جُثْوَةُ۔ الرَّجُلِ: بدن۔

تَجَحْجَحَ۔ الشَّيْءَ: پورا جائزہ لے کر اقدام کرنا عَنِ الاَمْرِ: ہٹ جانا۔ رک جانا۔

الجَحْجَحُ و الجَحْجَاحُ۔ فیاضی کی طرح سبقت کرنے والا سردار۔ ج جَحَاجِح و جَحَاجِيح و جَحَاجِحَة۔

جَحَدَهُ (ف) جَحْدًا و جُحُودًا۔ کفر کرنا۔ جھٹلانا — ہ حَقَّهُ و جَحَدَ بِحَقِّهِ: باوجود علم کے انکار کرنا۔ صفت (جَاحِد)

جَحِدَ (س) جَحَدًا۔ الشَّيْءُ: کم ہونا — النَّبْتُ: چھوٹا رہ جانا — الاَرْضُ: خشک ہونا — الرَّجُلُ: بے خبر ہونا۔ صفت (جَحْد و جَحِد و اَجْحَد) کہا جاتا ہے "عَامٌ جَحِدٌ" کم بارش والا سال۔ "اَرْضٌ جَحِدَةٌ" خشک زمین۔ (لام الجحود) عند النحاة: لام جو ما یا اور کان کے بعد تاکید نفی کیلئے آئے جیسے وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ القُرَى۔ خدا کا یہ کام نہیں ہے کہ بستیوں کو ہلاک کرے۔

الجَحْدَب۔ پست قد۔

جَحْدَرَهُ۔ پچھاڑنا۔ لڑھکانا۔

تَجَحْدَرَ۔ الطَّائِرُ: پر تول کر اڑنا۔

الجَحْدَر۔ پست قد۔

جَحْدَلَ۔ پچھاڑنا — الاَنَاءَ: بھرنا۔ — المَالَ: جمع کرنا۔

تَجَحْدَلَ۔ لڑھکنا۔

تَجَحْدَمَ تَجَحْدُمًا۔ تیز دوڑنا۔

جَحَرَ (ف) جَحْرًا و تَجَحَّرَ و اِنْجَحَرَ۔ الضَّبُّ او السَّبُعُ: سوراخ میں داخل ہونا۔ جَحَرَتِ العَيْنُ: اندر کو دھنس جانا۔ تم کہتے ہو۔ "جَحَرَ الخَيْرُ عَنَّا" خیر ہم تک نہ پہونچی۔

اَجْحَرَ و جَحَّرَ۔ السَّبُعَ: سوراخ میں داخل ہونے پر مجبور کرنا۔ و اَجْحَرَتِ السَّمَاءُ: بارش نہ ہونا۔ اَجْحَرَ القَوْمُ: قحط و سختی میں پڑنا — ہ: تنگی میں لانا — ہ اِلَى كَذَا: مجبور کرنا۔

اِجْتَحَرَ۔ سوراخ بنانا۔

تَجَحْجَرَتِ۔ العَيْنُ: اندر کو دھنسنا۔ اور اسی سے ہے عین (جَحْرَاء) گڑھے میں دھنسی ہوئی آنکھ۔

الجَحْر۔ گہرا گڑھا۔

الجَحْرَةُ و الجَحْجَرَةُ۔ خشک سال۔

الجُحْر۔ سوراخ۔ بل۔ ج اَجْحَار و جِحَرَة و اَجْحِرَة۔

الجَاحِر: پیچھے رہ جانے والا جو قافلہ کو نہ پاسکے

الجَوَاحِر۔ وہ جانور جو اپنے ریوڑ کے پیچھے رہ جائیں۔

المَجْحَر۔ چھپنے کی جگہ، جائے پناہ۔ ج۔ مَجَاحِر۔

الجَحْرِط۔ بوڑھی عورت۔

رَجُلٌ (جَحْرَم) تنگ خو و بد خلق مرد۔

الجَحْمَرِش/الجَحْرَط (?) ۔ بوڑھی عورت۔

جَحَسَ و جَحَشَ (ف) جَحْسًا و جَحْشًا۔ الجِلْدَ: چھیلنا۔ کھرچنا۔

جَاحَسَ و جَاحَشَ۔ عن نفسہ و عن غیرہ: مدافعت کرنا — ہ: مزاحم ہونا۔ مقابلہ کرنا۔

الجَحْش۔ گدھے کا بچہ۔ تشبیہاً گھوڑے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ ج جِحَاش و جِحْشَان و جِحَشَة

الجَحْشَة۔ گدھے کا مادہ بچہ۔ اون جو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتی جائے۔

الجَحْوَش۔ چھوٹا بچہ۔

المَجْحُوش۔ وہ شخص جس کا آدھا بدن ماؤف ہو گیا ہو۔

جَحِظَت (س) جُحُوظًا۔ عینہٗ: اُبھرے ڈھیلے والی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ رجل (جَاحِظ) العینین: اُبھری ہوئی آنکھوں والا مرد۔

جَحَّظَ۔ الیہ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

الجَاحِظَتَانِ۔ دونوں آنکھوں کے ڈھیلے

جَحَفَ (ف) جَحْفًا۔ چھیلنا۔ بہا لیجانا۔ برباد کر دینا۔ ـــــ ہ برجلہٖ: لات مارنا۔ جَحَفَ معروفہٗ علی غیرہٖ: مائل ہونا ـــــ لہ الطعامَ: کھانا نکالنا۔

جُحِفَ۔ الرجلُ: مبتلائے ہیضہ ہونا۔

أَجْحَفَ۔ السَّیلُ: بہا لیجانا ـــــ الدہرُ بالناس: ہلاک کرنا۔ جڑ سے مٹانا ـــــ فلانٌ بعبدہٖ: طاقت سے زیادہ کام کی تکلیف دینا۔ اِجْحَاف کا استعمال بطور استعارہ کے نقص فاحش میں بھی ہوتا ہے۔

جَاحَفَ۔ مزاحمت کرنا۔ جاحف عنہ: مدافعت کرنا۔

تَجَاحَفُوا۔ لاٹھی اور تلواروں سے لڑنا۔ ـــــ بالکرۃ: بلّے سے باہم دگر گیند چھینا۔

اِجْتَحَفَ۔ چھیننا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ہلاک کرنا ـــــ ماءَ البئرِ: تمام پانی نکال دینا ـــــ السیلُ الوادیَ: کھود کر بہا لیجانا۔

الجُحْفَۃ والجُحُفَۃ۔ حوض کے اطراف میں پانی کا بقیہ۔ السیلُ والموت (الجُحَاف) ہمہ گیر و تباہ کن۔ الجُحَاف: ہیضہ کے اسہال

المَجْحُوف۔ مبتلائے ہیضہ۔

الجِحَاف۔ جنگ۔ لڑائی۔

المُجْحِفَۃ۔ مصیبت۔

جَحْفَلَ۔ جَحْفَلَۃً۔ پچھاڑنا۔ پھینکنا۔ سرزنش کرنا۔

تَجَحْفَلُوا۔ جمع ہونا۔

الجَحْفَل۔ بڑا لشکر۔ ج جَحَافِل۔ رجل جَحْفَلٌ: بڑے مرتبہ کا مرد۔

الجَحْفَلَۃ۔ کھُر دار جانور کا ہونٹ۔

جَحَلَہٗ (ف) جَحْلًا وجَحْلَۃً۔ پچھاڑنا۔

الجَحْجَل۔ ج جُحُول وجِحْلَان: گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ گبریلا۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ـــــ ج جِحَال: بڑی مشک۔ اور کہا جاتا ہے رجل جَحْلٌ: موٹا کشادہ پیشانی والا مرد۔

الجُحَال: زہر

الجَحَنْجَل: بڑی چٹان۔ پہاڑ۔ ہر بڑی چیز

جَحَمَ (ف) جُحُومًا۔ النارَ: بھڑکانا ـــــ العینَ: کھولنا ـــــ ہ عن الامرِ: روکنا۔

جَحِمَت (س) جَحَمًا وجُحُومًا وجَحُمَت (ک) جُحُومًا۔ النارُ: بھڑکنا۔

جَحَّمَ۔ بعینیہ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا

أَجْحَمَ۔ عن الامرِ: رکنا۔ باز رہنا۔ أَجْحَمَتِ النارُ: تیز بھڑکنا۔

تَجَحَّمَ: تنگ ہونا۔ جلنا۔

الجَاحِم۔ فا۔ بھڑکتی ہوئی چنگاری ـــــ من الحرب: سخت اور گھمسان کی جنگ۔ اور کہا جاتا ہے نارٌ جاحمۃٌ: تیز آگ۔ عینٌ جاحمۃٌ: اندھی کی اُٹھی رہ جانے والی آنکھ۔

الجَحِیم۔ دوزخ۔ گڑھے میں سخت بھڑکتی ہوئی آگ۔ سخت گرم جگہ۔

جُحْمَۃُ۔ النارِ: آگ کی بھڑک۔ ج جُحَم۔

الجُحَام۔ آنکھوں کی سوجن۔

الاَجْحَم: بہت سُرخ آنکھوں والا۔ سوجی ہوئی آنکھوں والا۔ مؤنث جَحْمَاء۔ ج جُحْم ومَجَاحِم وجُحْمٌ۔

الجَحْجَام۔ بخیل۔

الجَحْمَرِش۔ بہت بوڑھی عورت۔ بدصورت موٹا خرگوش۔ ج جَحَامِر۔ تصغیر جُحَیْمِر۔

الجَحَمْش والجَحَمُوش: بہت بوڑھی عورت۔

الجَحْمَظَۃ۔ گہوارہ میں بچہ کے اوپر لپیٹنے کا کپڑا۔ ذبح کرنے کے وقت جانور کی ٹانگوں میں باندھنے کی رسّی۔

جَحِنَ (س) جَحَنًا۔ الصبیُّ: خوراک کی خرابی سے کمزور ہونا۔ صفت (جَحِن)

جَحَنَ (ف) جَحْنًا وأَجْحَنَ وجَحَّنَ۔ فقر یا بخل کی وجہ سے اہل و عیال پر تنگی ڈالنا۔

أَجْحَنَہٗ: بری خوراک دینا۔

الجَحِن: دیر میں جوان ہونے والا ـــــ من النبات: کمزور اور چھوٹا پودہ۔

الجَحِن والجُحُنَّۃ: چچڑی۔

جَحَا (ن) جَحْوًا۔ چلنا ـــــ بالمکان: اقامت کرنا۔

اِجْتَحَاہٗ: جڑ سے اکھیڑنا۔

الجَحْوَۃ: ایک قدم۔

جَحَّ (ض) جَحًّا: ہاتھ پیر چھوڑ کر لیٹنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ـــــ برجلہٖ: خاک اڑانا۔

اَبُوجَحَادَۃ: ہُدہُد۔

جَخَرَ (ف) جَخْرًا۔ البئرَ: کشادہ کرنا۔

جَخِرَ (س) جَخَرًا۔ جوفُ البئرِ: کشادہ ہونا

أَجْخَرَ وجَخَّرَ۔ البئرَ: کشادہ کرنا۔

تَجَخَّرَ۔ الحوضُ: پانی کے خشک ہو جانے کے بعد مٹی کا پھٹ جانا۔

الجَخِر: بہت کھانے والا۔ بزدل۔

جَخَفَ (ن ض) وجَخِفَ (س) جَخْفًا وجَخِیفًا۔ اپنی حد سے زیادہ فخر کرنا۔ صفت (جَخَّاف)

الجَخِیف۔ مص۔ بھاری لشکر۔ بہت غرور۔ انسان کے پیٹ کی آواز۔ نفس و روح۔ تم کہتے ہو "وقع ذلک فی جَخِیفی" میرے دل میں یہ واقع ہوا۔

جَخَا (ن) جَخْوًا۔ الکوزَ: سرنگوں کرنا۔ اوندھا کرنا

جَخَّی وتَجَخَّی۔ الکوزُ: سرنگوں ہونا۔ اوندھا ہونا ـــــ الشیخُ: خمیدہ کمر ہونا۔ جَخَّی اللیلُ: گذر جانا۔

جَدَّ (ض) جَدًّا۔ فی اعین القوم: بڑا مرتبہ والا ہونا

جَدَّ (ض) جِدَّۃً۔ الثوبُ: نیا ہونا۔ (جَدًّا) الشیءَ: کاٹنا (ض ن) جِدًّا: کوشش کرنا ـــــ فی الامرِ: تحقیق کرنا۔ اہتمام کرنا۔ جلدی کرنا ـــــ بہ الامرُ: سخت ہونا۔

جَدَّ (س) جَدَدًا۔ الثدیُ او الضرعُ: خشک

ہونا۔ صفت (اَجَدُّ) اور ناقہ کی صفت (جَدَّاء)
ہے اور کہا جاتا ہے "سَنَۃٌ جَدَّاءُ" قحط کا سال۔
جَدَّ (س) جَدًّا و جُدًّا نصیب والا
ہونا۔ صفت (مَجْدُوْد) کہا جاتا ہے "جُدِدْتَ
یا فلان" تم خوش قسمت ہو۔
جَدَّدَ و اَجَدَّ۔ الشیءَ: نیا کرنا۔ اَجَدَّ
ثَوْبًا: نیا پہننا۔ اَجَدَّ الامرَ: اچھی طرح تحقیق کرنا۔
— فی الامر: سنجیدگی اختیار کرنا۔ کوشش کرنا
اَجَدَّ الطریقُ: سخت و ہموار ہونا — الرجلُ:
سخت و ہموار زمین پر چلنا۔
جَادَّہٗ مُجَادَّۃً۔ فی الامر: کسی تحقیق کرنا
اِسْتَجَدَّ۔ الشیءُ: نیا ہونا — الشیءَ: نیا
کرنا یا نیا پانا — الثوبَ: نیا پہننا۔
تَجَدَّدَ: نیا ہونا۔
الجَدّ۔ مذ۔ دادا۔ نانا۔ ج اَجْداد و جُدُوْد
و جُدُوْدَۃ۔ مونث جَدَّۃ۔ ج جَدَّات۔ الجَدّ: نصیبہ
بزرگی۔ عظمت۔ روزی۔ نہر کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے
"عَثَرَ جَدُّہٗ او تَعِسَ جَدُّہٗ" وہ نقصان میں رہا یا
وہ ہلاک ہوا۔
الجِدّ۔ مذ۔ کوشش۔ سنجیدگی۔ جلدی۔
اچھی طرح ثابت شدہ۔ "فلانٌ عالمٌ جِدُّ عالمٍ"
فلاں انتہائی درجہ کا عالم ہے۔ "عَظِیْمٌ جِدًّا"
بہت ہی بڑا۔ "جِدًّا" کا نصب مصدریت کی
وجہ سے ہے۔
الجُدّ۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُوْ جُدٍّ فی
کذا" فلاں اس بارے میں خوش نصیب ہے
بہت پانی والا کنواں۔ کم پانی والا کنواں۔
چٹیل میدان کے اطراف میں تھوڑا پانی۔ سمندر
کا کنارہ۔ ہر چیز کا کنارہ (— والجُدِّیّ) بڑے
حصہ والا۔ بہت نصیبہ والا۔
الجَدَد۔ ہموار سخت زمین۔ اسی سے مثل
ہے "مَنْ سَلَکَ الجَدَدَ اَمِنَ العِثَارَ"۔ جو ہموار سخت
زمین پر چلتا ہے وہ لغزش سے محفوظ رہتا ہے۔
باریک ریت۔ ج اَجْداد۔
الجُدَّۃ۔ دریا کا کنارہ۔ کتے کے گلے کا پٹکا۔

کپڑے کا ٹکڑا۔ "وجِدَّۃُ الثوب: کپڑے کا نیا ہونا۔
الجُدَّۃ۔ علامت۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "
رَکِبَ جُدَّۃَ الامرِ او جُدَّۃً مِنَ الامرِ" اس نے
رائے قائم کی۔ ج جُدَد۔
ناقۃٌ (جَدَّاءُ) خشک تھن والی اونٹنی۔ سَنَۃٌ
جَدَّاءُ: قحط کا سال۔
الجَادّ۔ کوشش کرنے والا۔ سرگرمی سے
کام کرنے والا۔ سنجیدگی سے کام کرنے والا۔
الجَادَّۃ۔ الجادّ کا مونث۔ سڑک کا
درمیان۔ ج جَوَادّ۔
الجَدَاد و الجِدَاد۔ کھجور توڑنا۔
جُدَادَۃ۔ النخل وغیرہ: کھجور وغیرہ کا
کٹا ہوا درخت۔
الجُدَاد۔ الجھا ہوا دھاگا یا آپس میں
گتھی ہوئی ٹہنی۔
الجَدِیْد۔ نیا۔ ایک قسم کا پرانا سکہ۔ ج جُدُد
الجَدِیْد و المَجْدُوْد: نصیبہ ور۔ کٹا ہوا
الجَدِیْدَان و الاَجَدَّان: دن رات
تثنیہ ہی مستعمل ہے۔ صرف دن یا رات کو جدید
یا اَجَدّ نہیں کہتے۔
المُجَدَّد۔ مفو — مِنَ الاَکْسِیَۃِ:
مختلف دھاریوں والا۔
جَدَبَ (ن ض) جَدْبًا و جَدُبَ
(ک) جُدُوْبَۃً و تَجَدَّبَ۔ المکانُ:
بارش نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہونا۔ صفت
(جَدْبٌ و اَجْدَبُ و جَدِیْبٌ و جَدُوْبٌ و مِجْدُوْبٌ)
جَدَبَ فلانًا: عیب لگانا۔
اَجْدَبَ۔ المکانُ: بارش نہ ہونے سے
خشک ہونا — القومُ: قحط زدہ ہونا —
الارضَ: خشک پانا — فلانًا: مہمان داری
نہ پانا۔
جَدَّبَ: کمزور کرنا۔
تَجَدَّبَ۔ عیب دار ہونا۔
الجَدْب۔ مذ۔ خشک سالی۔ عیب۔ کہا جاتا ہے
"مکانٌ جَدْبٌ" قحط زدہ مقام۔ مونث جَدْبَۃ

ج جُدُوْب۔ کہا جاتا ہے "اَرَضُوْنَ جُدُوْبٌ و
اَرَضُوْنَ جَدْبٌ" قحط زدہ زمینیں۔
الجَدُوْب و الجَدِیْب۔ قحط زدہ۔
اَرْضٌ (جَدْبَاءُ) قحط زدہ زمین۔
المَجْدَاب۔ من الاراضی: بنجر زمین۔
ج مَجَادِیْب۔
الاَجَادِب۔ وہ زمینیں جن میں پیداوار
نہ ہو۔ مکان (مَجْدُوْب) قحط زدہ۔
الجَدَث۔ قبر۔ ج اَجْدَاث و اَجْدُث۔
الجَدْثَۃ۔ گھوڑے کے کھر کی آواز۔
گوشت چبانے کی آواز۔
اِجْتَدَثَ۔ قبر بنانا۔
الجُدْجُد۔ سخت ہموار زمین۔ جھینگر۔
ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو رات
میں آواز کرتا ہے۔ ج جَدَاجِد۔
جَدَحَ (ن) جَدْحًا و اَجْدَحَ و اجْتَدَحَ
السویقَ: گھولنا۔ جَدَحَ السویقَ فی اللبن:
ملانا کہتے ہیں "جَدَحَ جُوَیْنٌ مِنْ سویقِ غیرِہٖ"
(دوسرے کے ستو کو جوین نے گھولا) "حلوائی
کی دکان اور دادا جی کی فاتحہ" کے طور پر
ضرب المثل ہے۔
جَدَّحَ۔ ملانا۔
المِجْدَح۔ ستو وغیرہ گھولنے کا سامان۔
ایک ستارہ کا نام۔
المِجْدَاح۔ سمندر کا کنارہ۔ ج مَجَادِیْح۔
مَجَادِیْحُ۔ السماءِ: نچھتر۔ واحد۔ مِجْدَح۔
کہا جاتا ہے "اَرْسَلَتِ السماءُ مَجَادِیْحَ الغیثِ"
آسمان نے بارش کیلئے نچھتروں کو آزاد چھوڑ
دیا۔
جَدَرَ (ن) جَدْرًا و جُدْرَۃً و جُدَرَۃً
چیچک نکلنا۔ صفت (مَجْدُوْر و مُجَدَّر)
جَدَرَہٗ (ن) جَدْرًا۔ لائق و مناسب
بنانا — الجدارَ: دیواروں سے گھیرنا —
الرجلُ: دیوار کی اوٹ میں ہو جانا۔
جَدَرَ و جَدُرَ (ک ن) جَدَارَۃً و

اَجْذَمَ - النبتُ: کونپل نکلنا۔
جَدُرَ (ک) جَدَارَةً - بکذا: لائق ہونا۔ صفت (جَدِیر) کہا جاتا ہے "ہو جدیر بکذا و لکذا"۔ ج جَدِیرُوْن و جُدَرَاء۔ مونث جَدِیرَة۔ ج جَدِیرَات و جَدَائِر۔
جَدَّرَ و اَجْتَدَرَ - الحائطَ: دیوار بنانا اور پلاسٹر کرنا۔
الجُدَرَة و الجَدَر - پھنسیاں۔ مار کا نشان۔ زخم کا نشان۔
الجَدِیر - بالشیٔ وله: لائق۔ مناسب ج جَدِیرُوْن۔
الجَدْر - ج جُدْرَان و (الجِدَار) ج جُدُر و جُدْر: دیوار۔
الجَدْر و الجِدْر - ایک قسم کی ریگستانی نباتات ج جُدُور۔ واحد (جَدْرَة و جِدْرَة)
الجُدَرِی و الجَدَرِی - چیچک۔
المِجْدَار - دھوکا (یعنی وہ چیز جو جانوروں اور چڑیوں کو بھگانے کیلئے کھیت میں کھڑی کی جاتی ہے۔
المَجْدَرَة - لائق۔ کہا جاتا ہے "انّه مَجْدَرَة لان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ (مذکر مونث واحد جمع سب کیلئے یکساں ہے)
ارض مَجْدَرَة: بہت چیچک والی سرزمین۔
المَجْدُوْر - چیچک زدہ۔ کم گوشت والا اور کہا جاتا ہے "انه مجدور ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔
الجَادِسُ و الجَادِسَةُ: غیر آباد زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔ الجادِس: خشک خون۔
جَدَشَ (ض) جَدْشًا - لینے کا ارادہ کرنا۔
الجَدْش - سخت زمین۔ ج اَجْدَاش۔
جَدَعَ (ف) جَدْعًا - الانفَ و نحوها کله: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "لِاَمرٍ ما جَدَعَ قصیرٌ انفَه" کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ جَدَعَ فلانًا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔
— الرجلَ عیالَه: نان نفقہ روک لینا۔
(— و جَدَّعَ و اَجْدَعَ) الولدَ: بری خوراک دینا
جَدِعَ (س) جَدَعًا - بری خوراک والا ہونا۔ صفت (جَدِع) — الرجلُ: کان ناک کاٹ جانا۔ صفت (اَجْدَع) مونث جَدْعاء، ج جُدْع۔
جَدَّعَه - کسی سے "جدعا لک" کہنا یعنی اللہ تجھ کو عیب دار کردے اور تجھ سے خیر کو منقطع کردے۔
جَادَعَه مُجَادَعَةً و جِدَاعًا - گالی دینا۔ جھگڑا کرنا۔
تَجَادَعَا - باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا اسی سے عرب کا قول ہے "تَرَکْتُ البلادَ تَجَادَعُ اَفَاعِیْهَا" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے اشرار ایک دوسرے کو کھائے جا رہے تھے۔
الجُدْعَة - کاٹنے کے بعد عضو کا بقیہ حصہ۔ کاٹنے کی جگہ۔
جَدَاعِ - بروزن قطام: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "و اَجْحَفَتْ بهم جَدَاعِ" انکو قحط کے سال نے برباد کر دیا۔
المِجْدَع - عضو کاٹنے کا اوزار۔
الجُدَاع - موت۔
جَدَفَ (ض) جُدُوْفًا - الطیرُ: کٹے ہوئے پروں سے اڑنا — الظبیُ: چھوٹے قدم سے چلنا — الرجلُ: تیز چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا۔
جَدَفَ (ض) جَدْفًا - الشیٔ: کاٹنا۔ الملّاحُ السفینةَ: چپو سے چلانا — السماء بالثلج: برف گرانا۔
جَدَّفَ - نعمت کی ناشکری کرنا۔ کہا جاتا ہے "لا تُجَدِّفُوا بِنِعَمِ اللّٰه" اللہ کی نعمتوں کی ناشکری مت کرو۔ — الملّاحُ: چپو سے ڈونگی چلانا — علی اللّٰه: کفر اور اہانت آمیز باتیں کرنا
جُدِفَ - علیه: تنگی میں مبتلا کیا جانا۔ اور اسی سے ہے "انه لَمُجَدَّفٌ علیه العیشُ" وہ تنگدست ہے۔
اَجْدَفَ - القومُ: چلانا، شور مچانا۔
الجَدَفَة - شور و شغب۔
رجلٌ (مَجْدُوْفٌ) الید: چھوٹے ہاتھ والا۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ بخیل۔ مَجْدُوْفُ الازارِ و القمیصِ: چھوٹا تہبند اور چھوٹی قمیص پہننے والا۔
المِجْدَاف - چپو۔ مِجْدَافَا الطیرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔ ج مَجَادِیف۔
التَّجْدِیف - کلمۂ کفر۔ ج تَجَادِیف۔
الجُدَافَی و الجُدَافَاء - غنیمت۔
الجَدَف - قبر۔ ج اَجْدَاف۔
جَدَلَ (ن ض) جَدْلًا - الحبلَ: بٹنا
جَدِلَ (س) جَدَلًا - الرجلُ: سخت جھگڑالو ہونا۔
(— و جَدَلَ (ن) جُدُوْلًا - الحبُّ: خوشہ میں سخت ہونا — الولدُ: مضبوط اور سخت ہڈیوں والا ہونا۔
جَدَلَه (ض ن) جَدْلًا و جَدَّلَه: زمین پر پٹک دینا۔ جدل الشعرَ: گوندھنا۔ چوٹی بنانا۔
جَادَلَه مُجَادَلَةً و جِدَالًا: جھگڑا کرنا۔
تَجَادَلَا - ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
تَجَدَّلَ و انْجَدَلَ - زمین پر پٹکا جانا۔
الجَدْل - مص۔ سخت۔ ٹھوس۔ عضو۔ ج جُدُول۔ قبر۔
الجَدَل - جھگڑا۔ جھگڑے کی مہارت۔
الجَدْلَة - ہاون کا دستہ۔
الجَدَالَة - زمین۔ جَدَالَة الخَلْق: گٹھے ہوئے بدن والا۔
الجَدِیل - بٹی ہوئی رسی۔ ج جُدُل۔
جُدُول الانسان: انسان کے ہاتھ پیروں کی جوفدار ہڈی۔
الجَدِیلَة - طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عمل علی جَدِیلَتِه" اس نے اپنے طریقہ پر کام کیا۔ قبیلہ۔

گوشہ۔ کنارہ۔ رائے کی پختگی۔ کبوتر وغیرہ کا کابک۔
الاَجْدَلِیُّ والاَجْدَل۔ شکرا۔ ساعد اجدل: خوبصورت گٹھی ہوئی کلائی۔ ج اَجادِل۔ دِرْعٌ جَدْلاءُ: مضبوط زرہ۔ ج جُدْل۔
الجَدّال والجَدِل والمِجْدَل والمِجْدال۔ بہت جھگڑالو۔ الجَدّال: کابک بیچنے والا۔
المِجْدَل۔ محل۔ ج مَجادِل۔
المِجْدَل۔ لوگوں کی جماعت۔
المَجْدُوْل۔ بٹا ہوا یا مضبوط بٹا ہوا۔
الجَدْوَل والجِدْوَل۔ نالہ۔
جَدَمَہٗ (ن) جَدْمًا۔ کاٹنا۔ جَدِمَتِ النَّخْلَۃُ: پھلدار ہوکر خشک ہونا۔ صفت (جَادِم)
اِجْدَمَ۔ کٹ جانا۔
الجَدَمَۃ۔ پست قد۔
— والجُدَامَۃ۔ وہ بالیاں جو پہلی مرتبہ گاہنے میں نہ ٹوٹیں۔
اَجْدَم۔ پست طبقہ کے لوگ۔
اَجْدَنَ اِجْدَانًا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا
الجَدَن۔ خوش آوازی۔
جَدَا (ن) جَدْوًا۔ علیہ: عطیہ دینا۔
واجْتَدَی اِسْتَجْدَی۔ فلانًا: حاجت کا سوال کرنا۔ عطیہ مانگنا۔
اَجْدَی اِجْدَاءً۔ عطیہ پانا — فلانًا: عطیہ دینا — الامرُ: نفع دینا۔ کہتے ہیں۔ مایُجْدِی عَنْکَ ہٰذا: تم کو یہ فائدہ نہیں دیگا۔
اِجْتَدَاہ۔ عطیہ دینا۔
الجَدَا۔ عام بارش (— والجَدَاءُ) نفع عطیہ
الجَادِی۔ مانگنے والا۔ عطیہ دینے والا۔
الجَادِی۔ زعفران۔
الجَدْوَی۔ عطیہ۔
الاَجْدَی۔ زیادہ نافع۔
الجَدِیّ۔ سخی۔
الجَدْوَۃ۔ گلہ۔ ریوڑ۔
جَدَی (ض) جَدْیًا۔ عطیہ طلب کرنا۔
اَجْدَی اِجْدَاءً۔ الجرحُ: بہنا۔

الجَدْی۔ پہلے سال کا بکری کا بچہ۔ ج اَجْدٍ و جِدَاء و جِدْیَان و قطب کے پہلو کے ایک ستارے کا نام جس کو جَدْیُ الفرقد بھی کہتے ہیں آسمان کے ایک برج کا نام۔
الجَدْیَۃ۔ زین یا پالان کے نیچے کی گدی ج جَدَی و جَدَیَات۔
الجَدَایَۃ والجِدَایَۃ۔ ہرن کا بچہ۔
الجَادِیَاء۔ زعفران۔
الجُدَاء۔ عدد کا مربع جیسے نو تین کا۔ سولہ چار کا۔
جَذَّہٗ (ن) جَذًّا۔ کاٹنا۔ توڑنا۔ جَذَّ فی سیرہ: تیز چلنا۔
جَذَّ۔ قوم سے اپنی پیروی چاہنا اور اس کا نہ ماننا۔
اِنْجَذَّ۔ کٹنا۔ ٹوٹنا۔
تَجَذَّذَ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الجُذَاذ والجَذَاذ والجِذَاذ۔ توڑا ہوا۔ ٹکڑا۔ سونے کے ڈلے۔
الجُذَاذَۃ۔ ہر چیز کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "جُذَاذَۃٌ عَلَیْہِ کَذَا" وہ اس سے اتنا زیادہ۔
الجُذَاذَات۔ ریزہ۔ برادہ۔ کہا جاتا ہے "عندی جُذَاذَاتٌ مِنَ الفِضَّۃِ: میرے پاس چاندی کے ریزے ہیں۔
الجِذّ۔ کٹی ہوئی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "خَرَّتْ اِلَی الصَّنَمِ فَکَسَّرَتْہٗ اَجْذَاذًا" میں بت پر ٹوٹ پڑا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
الجِذَّۃ۔ ٹکڑا۔
الاَجَذّ۔ ٹوٹا ہوا۔ مؤنث جَذّاء۔
جَذَبَہٗ (ض) جَذْبًا و اجْتَذَبَہٗ۔ الیہ: کھینچنا۔ جَذَبَ الشہرُ: اکثر حصہ گذر جانا۔ جَذَبَتِ النَّاقَۃُ: کم دودھ والی ہونا — المہرَ من امہ: دودھ چھڑانا۔
جَاذَبَہٗ۔ الشیءَ: کسی چیز کے بارے میں کشمکش کرنا
تَجَاذَبَا۔ الشیءَ: کسی چیز کے بارے میں باہم کشمکش کرنا۔

تَجَذَّبَ۔ اللبنَ: پینا۔
اِنْجَذَبَ۔ کھنچ جانا۔ اِنْجَذَبَ فی السیر: تیز چلنا یا دور تک جانا اور کہا جاتا ہے: اِنْجَذَبَ بِہِمُ السَّیْرُ" وہ لوگ دور تک چلے۔
الجَاذِب۔ فا۔ کم دودھ والی اونٹنی۔ ج جَوَاذِب و جِذَاب۔
الجَذْبَۃ۔ دور کی مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ "بینہ وبین المنزل جَذْبَۃٌ" اس کے اور منزل کے درمیان مسافت بعیدہ ہے۔
جَذَاب۔ موت کے لئے علم۔
الجَاذِبِیَّۃ۔ کھینچنے کی قوت۔
الجِذَابَۃ۔ چھوٹی چڑیوں کے شکار کرنے کا کپ۔
جَذَرَہٗ (ن) جَذْرًا۔ کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا
جَذَرَ۔ العددَ: عدد کا جذر حاصل کرنا۔
جَذَّرَہٗ واَجْذَرَہٗ۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
انْجَذَرَ۔ جڑ سے اکھڑنا۔
الجِذْر والجَذْر۔ جڑ۔ جِذْرُ النباتِ: نباتات کی جڑیں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہوں۔ ج جُذُوْر: مربع کا جذر۔ جذر البقرۃ: گائے کے سینگ
الجَذْرِیَّۃ۔ وہ دانت جو رباعیہ کے بعد ہو
المَجْذُوْر۔ عدد کا مربع۔
الجُوْذُر والجَوْذَر والجُوْذَر۔ نیل گائے کا بچہ۔ ج جَوَاذِر و جَآذِر۔
المُجْذَئِر۔ بہت پست قد۔
جَذَعَ (ف) جَذْعًا۔ الدابۃَ: بغیر چارہ کے روک رکھنا — بین البعیرین: ایک رسی میں باندھنا۔
الجَذَع۔ من البہائم: چھوٹا بچہ۔ ج جِذَاع و جُذْعَان۔ اور اسی سے ہے "جُذْعَانُ الجِبَالِ" چھوٹے پہاڑ۔ نوجوان۔ اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ فی ہٰذا الامرِ جَذَعٌ" فلاں اس معاملہ میں نوآموز ہے۔ "وَاَعَدْتُ الاَمْرَ جَذَعًا" میں نے اس کام کو از سر نو کیا۔ کہا جاتا ہے: ذہبوا اِجْذَعَ مَذَعَ مبنی بر فتحہ: یعنی متفرق ہوگئے۔
الجِذْع۔ درخت کا تنہ۔ ج جُذُوْع و اَجْذَاع۔

جِذْعُ الْإِنْسَانِ: دھڑ۔ سر اور ہاتھوں۔ اور ٹانگوں کے علاوہ انسان کا باقی جسم۔

الْمُجْذَعُ والمُجَذَّعُ۔ بےاصل و بےثبات

جَذَفَ (ض) جَذْفًا واَجْذَفَ۔ الطائِرُ: تیز اُڑنا۔ جَذَفَتْ واَجْذَفَتِ المَرْأَةُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔

جَذَفَ وجَذَّفَ۔ القارِبَ: چپو سے چلانا۔ ۔۔ الشَّیَ: کاٹنا۔

تَجَذَّفَ۔ فی مَشْیِہ: تیز چلنا۔

الْمِجْذَافُ۔ کشتی چلانے کا چپو۔

المَجْذُوفُ۔ کٹی ہوئی ٹانگ والا۔

جَذِلَ (س) جَذَلًا واجْتَذَلَ۔ خوش ہونا۔ صفت (جَذِلٌ وجَذْلَانُ) ج جُذْلَانُ مونث جَذِلَۃٌ وجَذْلَیٰ۔

جَذَلَ (ن) جُذُولًا واسْتَجْذَلَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

اَجْذَلَہٗ۔ خوش کرنا۔

تَجَاذَلَ۔ القَوْمُ: باہم کینہ رکھنا۔ باہم دشمنی کرنا۔

الْجِذْلُ۔ مِنَ الشَّجَرَةِ: بغیر شاخوں کے درخت کا تنہ۔ ٹھنٹھ۔ کہا جاتا ہے "عَادَ الشَّیُٔ اِلٰی جِذْلِہٖ" چیز اپنی اصل پر لوٹ آئی۔ لکڑی کا کندہ جو خارش والے اونٹ کے بدن رگڑنے کیلئے کھڑا کیا جائے۔ جُذَیْلٌ اسکی تصغیر ہے اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُھَا الْمُحَکَّکُ" میں تجربہ کار و واقفکار ہوں۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ جِذْلُ مَالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔ ج جِذَالٌ واَجْذَالٌ وجُذُوْلٌ وجُذُوْلَۃٌ۔

الْجَاذِلُ۔ فا۔ شادماں۔ ستون کی مانند ایک جگہ پر کھڑا رہنے والا۔ سِقَاءٌ جَاذِلٌ: دودھ کو بدمزہ کر دینے والی مشک۔

جَذَمَ۔ (ض) جَذْمًا وجَذَّمَہٗ۔ جلدی سے کاٹنا۔

جَذِمَ (س) جَذَمًا۔ کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔

جُذِمَ۔ کوڑھی ہونا۔ صفت (اَجْذَمُ ومَجْذُوْمٌ ومُجَذَّمٌ۔

اَجْذَمَ۔ عن الشَّیِٔ: باز رہنا۔ ۔۔ علیہ: پختہ ارادہ کرنا۔ ۔۔ فی سیرہ: تیز چلنا۔ ۔۔ یدہ: کاٹنا

اِنْجَذَمَ وتَجَذَّمَ۔ کٹ جانا۔

الْجِذْمُ والْجَذْمُ۔ اصل۔ جڑ۔ ج جُذُوْمٌ واَجْذَامٌ۔

الْجَذْمَۃُ والجَذَمَۃُ۔ ہاتھ میں کٹنے کی جگہ

الْجِذْمَۃُ۔ ٹکڑا۔ چابک۔ کوڑا۔

الجُذْمَۃُ۔ ٹنڈاپن۔

الْاَجْذَمُ۔ ہتھ کٹا۔ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا۔ مونث جَذْمَاءُ ج جُذْمٌ۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ اَجْذَمُ الْحُجَّۃِ" وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس نہ دلیل ہو نہ زورِ بیان۔

الْجُذَامَۃُ۔ کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ۔

الْمِجْذَامُ والمِجْذَامَۃُ۔ امور میں جلدی فیصلہ کرنیوالا۔ جلدی سے دوستی کو ختم کر دینے والا۔

جَذَا (ن) جَذْوًا وجُذُوًّا واَجْذَیٰ علی الشَّیِٔ: اچھی طرح کھڑا ہونا۔

تَجَاذَیٰ۔ الحَجَرَ: اٹھانا۔

الْجِذَاۃُ۔ بڑے درختوں کی جڑیں۔ ج جِذَاءٌ

الجُذْوَۃُ والجَذْوَۃُ والجِذْوَۃُ۔ بھڑکتا ہوا انگارہ۔ ج جُذًی وجِذًی وجِذَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ جُذْوَۃُ شَرٍّ" فلاں شر کا بانی اور اُسے ہوا دینے والا ہے۔

جَذَیٰ (ض) جَذْیًا واَجْذَیٰ۔ فلانًا عنہ: منع کرنا۔

تَجَاذَیٰ تَجَاذِیًا۔ کھسک جانا۔

الْجِذْیُ والجِذْیَۃُ۔ مِنَ الشَّجَرَةِ: جڑ۔

جَرَّہٗ (ن) جَرًّا وجَرِّیْرَیٰ۔ کھینچنا۔ جَرَّ الْاِبِلَ: آہستہ ہانکنا ۔۔ الْکَلِمَۃَ: زیر لگانا ۔۔ علی نفسہ جَرِیْرَۃً: گناہ کا ارتکاب کرنا۔

جَرْجَرَہٗ وجَرْجَرَ بِہٖ۔ سختی سے کھینچنا۔

جَارَّہٗ۔ رَسَنَہٗ: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَّہُ الدَّیْنَ" اس نے قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کی۔

اِنْجَرَّ۔ کھنچنا۔

جَرَّ واجْتَرَّ۔ البَعِیْرُ: جگالی کرنا۔

اَجَرَّ۔ البَعِیْرُ: جگالی کرنا ۔۔ الفَصِیْلَ: دودھ پینے سے روکنے کیلئے زبان چیر دینا۔ ۔۔ لسانَہٗ: گفتگو کرنے سے منع کرنا۔ اَجَرَّہٗ رَسَنَہٗ: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ اجرّہ الرمحَ: نیزہ گھسا کر چھوڑ دینا۔ اَجَرَّہُ الدَّیْنَ: مہلت دینا۔

اِجْتَرَّ واجْدَرَّ۔ الشَّیَٔ: کھینچنا۔

اِسْتَجَرَّ۔ الشَّیَٔ: کھینچنا ۔۔ المالَ: تھوڑا تھوڑا لینا ۔۔ لِفُلَانٍ: مطیع و فرمانبردار ہونا۔

الْجَرُّ۔ مص اور اسی سے ہے "کَانَ ذٰلِکَ عَامَ کَذَا وَہَلُمَّ جَرًّا اِلَی الْیَوْمِ" یہ واقعہ فلاں سال میں ہوا اور آج تک ایسا ہی ہے۔ جَرُّ الْجَبَلِ: دامن کوہ۔ بجو وغیرہ کا سوراخ۔ اعراب کی ایک قسم خواہ حرکت سے ہو یا حرف سے۔

الْجِرَّۃُ۔ کھینچنے کی ہیئت۔ خانہ بدوش لوگ۔ (۔۔ والجَرَّۃُ) جگالی۔

الجَرَّۃُ۔ جَرَّ کا اسم مرۃ۔ گھڑا۔ ج جِرَرٌ وجِرَارٌ۔ الجرۃ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔

الجُرَّۃُ۔ غلہ بونے کیلئے سوراخ دار برتن۔ ہرن کے شکار کے لئے لکڑی کا پھندا ج جُرَرٌ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذٰلک من (جَرَاکَ وجُرَّائِکَ وجَرَّاکَ وجَرَّائِکَ)" میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔

الجِرِّیُّ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کو بام کہتے ہیں

الجِرِّیَّۃُ والجِرِّیْئَۃُ۔ پرندے کا پوٹا۔

الجَارُوْرُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ سیلاب کا بنایا ہوا نالہ ۔۔ فی اصطلاح المولدین: صندوقچی جو کھینچنے سے کھلے۔

بِئْرٌ (جَرُوْرٌ) گہرا کنواں۔ فَرَسٌ جَرُوْرٌ: قابو میں نہ آنے والا گھوڑا۔ امرأۃ جرور: لنجی عورت۔

الجَرِیْرَۃُ۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذٰلک من جَرِیْرَتِکَ" میں نے اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔

الجَرَّارُ۔ بہت کھینچنے والا۔ گھڑا بنانے والا۔ گھڑا بیچنے والا۔ جیش جرار۔ بہت بڑا لشکر عوام چھوٹی صندوقچی کے لئے لفظ جرار کو استعمال

کرتے ہیں جو کھینچنے سے کھلتی ہو۔

الجَرَّارَۃ - زرد رنگ کا بچھو جو دم کو گھسیٹتا چلتا ہے۔

الاَجْرَان - انسان و جنات۔

المَجَرّ - پانی بہنے کی جگہ۔ شہتیر۔

المَجَرَّۃ - کہکشاں۔ عوام اس کو "درب التبانہ" کہتے ہیں۔

جَرُؤَ (ک) جَرَاءَۃً و جُرْأَۃً و جُرَۃً و جَرَایِئَۃً - علیہ: دلیری کرنا۔ صفت (جَرِیٌٔ) ج اَجْرَاء و اَجْرِیَاء۔

جَرَّأَہٗ تَجْرِیئًا - جرأت دلانا۔ دلیر بنانا۔

اِجْتَرَأَ - دلیر ہو جانا۔

اِسْتَجْرَأَ - بتکلف جرأت دکھلانا۔

المَجْرِیئَۃ - درندوں کے شکار کرنے کا مکان۔ ج المَجَارِئ۔

المِجْرِیئَۃ - پوٹا۔ حلق۔

جَرِبَ (س) جَرَبًا - خارش والا ہونا۔ صفت (جَرِب و جَرْبَان و اَجْرَب) ج جِرَاب و جَرْبیٰ و اَجَارِب و جُرْب۔ جَرِبَ السیفُ: زنگ آلود ہونا۔

جَرَّبَہٗ تَجْرِیبًا و تَجْرِبَۃً - آزمانا۔

اَجْرَبَ - القومُ: قوم کے اونٹوں میں خارش پھیلنا۔ کھجلی میں مبتلا کرنا۔

الجَرَب - عیب۔ برائی۔ تلوار کا زنگ۔

الجَرْبَاء - اجرب کا مونث۔ قحط زدہ زمین۔ ستاروں بھرا آسمان۔

الجِرَاب - تلوار کا میان۔ چمڑے کا برتن۔ کنوئیں کا جوف۔ خصیتین کی تھیلی۔ ج اَجْرِبَۃ و جُرُبٌ و جُرْبٌ۔

الجُرَاب - خالی کشتی۔

الجَرَبَّۃ - سخت و قوی افراد (انسان ہو یا حیوان) کھاؤ اور نکمے اہل و عیال۔

الجِرْبِیَاء - شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈک

الجِرِبَّان و الجُرُبَّان - من السیف: میان پر تلہ۔ دھار ـــ من القمیص: گریبان

المُجَرَّب - آزمودہ۔ دراہم مُجَرَّبَۃ: کھرے دراہم

الجَوْرَب - پاتابہ (فارسیۃ) ج جَوَارِب و جَوَارِبَۃ۔

جَوْرَبَہٗ - پاتابہ پہنانا۔

تَجَوْرَبَ - پاتابہ پہننا۔

الجِرِّیث - ایک قسم کی مچھلی۔ بام ماہی

تَجَرْثَمَ و اِجْرَنْثَمَ - اوپر سے نیچے گرنا اور سکڑ کر زمین پر آ رہنا۔ اِجْرَنْثَمَ: چمٹ کر رہ جانا

الجُرْثُوم و الجُرْثُومَۃ - من الشیٔ: جڑ۔ یا درخت کی جڑ میں جمع شدہ مٹی۔ ج جَرَاثِیم۔ جُرْثُومَۃ النمل: چیونٹیوں کی بستی۔ اور عصری زبان میں جراثیم "(Germs) کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

جَرِجَ (س) جَرَجًا - الخاتمُ فی اصبعہ: ڈھیلی ہونے سے حرکت کرنا۔ صفت (جَرِج) الرجلُ: سخت زمین میں چلنا۔

الجَرَج - سخت زمین۔

الجُرْجَۃ - توشہ رکھنے کا تھیلا۔ خرجی۔ ج جُرَج۔

جَرْجَرَ - الجملُ: بلبلانا ـــ الماءَ فی حلقہ: گڑگڑ کرنا (ـــ و تَجَرْجَرَ) الشاربُ: غٹ غٹ پینا۔

الجَرْجَر - غلہ کی دائیں کرنیکا آہنی آلہ۔ حلق۔ ج جَرَاجِر۔

الجِرْجِر و الجَرْجَر - لوبیا۔ چنا۔

الجُرْجُرَۃ - چلی۔

الجِرْجِیر - ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔

جَرَحَ (ف) جَرْحًا - زخمی کرنا ـــ ہ بلسانہ: عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "جرح الشہادۃ" اس نے گواہی کو باطل کر دیا ـــ الرجلُ: کمانا۔ صفت (جارح) اور اسی سے ہے "ما لہٗ جارحۃ" اس کیلئے کوئی کمانیوالا نہیں۔

جَرِحَ (س) جَرَحًا - زخمی ہونا۔

جَرَّحَہٗ - بہت زخمی کرنا۔ جَرَّحَ الشہادۃ رد کرنا۔

اِجْتَرَحَ - الشیٔ: کمانا ـــ الاثمَ: ارتکاب کرنا

اِسْتَجْرَحَ - الشیٔ: فاسد ہونا۔

الجُرْح - زخم۔ ج جُرُوح و اَجْرَاح۔

الجُرْحَۃ - جس چیز سے مخالف کی گواہی یا دلیل مجروح کی جائے۔

الجِرَاحَۃ - زخم۔ ج جِرَاح و جِرَاحَات۔ جراح کا پیشہ۔ گناہ۔

الجَرَّاح و الجِرَاحِیّ - زخموں کا علاج کرنے والا۔ سرجن۔

الجَارِحَۃ - جارح کا مونث۔ چھری۔ شکاری درندہ یا پرندہ یا کتا۔ عضو انسانی خصوصًا ہاتھ ج جَوَارِح۔ جَوَارِحُ النہار: کنایہ ہے مصائب سے اور اسی سے ہے "نعوذ باللہ من طوارق اللیل و جوارح النہار" ہم دن اور رات کے مصائب سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔ "الجوارح من الطیر" شکاری پرندے۔

المَجْرُوح - ج مَجَارِیح و (الجَرِیح) ج جَرْحیٰ زخمی

جَرَدَ (ن) جَرْدًا و جَرَّدَ - العودَ: چھیلنا۔ ـــ الجلدَ: بال اتارنا ـــ السیفَ: ننگی کرنا ـــ القحطُ الارضَ: چٹیل کر دینا۔ جَرَدَہٗ مِنْ ثوبہ و جَرَّدَہٗ ثوبَہٗ: ننگا کرنا۔ جَرَّدَ الکتابۃَ: اعراب نہ لگانا۔ جَرَّدَ الجریدۃَ: چھیکدینا۔

جَرِدَ (س) جَرَدًا - چٹیل ہونا۔ ننگا ہونا۔ ـــ المکانُ: ٹڈی زدہ ہونا ـــ الفرسُ: چھوٹے بال والا ہونا۔

جُرِدَتِ - الارضُ: ٹڈیوں کے کھا لینے سے صاف ہو جانا۔

تَجَرَّدَ - ننگا ہونا ـــ الامرِ: تمام کاموں سے فارغ ہو کر مشغول ہونا اور کوشش کرنا ـــ الفرسُ: گھوڑ دوڑ میں آگے بڑھ جانا۔

اِنْجَرَدَ - ننگا ہونا ـــ بنا السیرُ: بغیر دوسری طرف التفات کئے ہوئے چلتے رہنا ـــ الثوبُ: گھسنا اور بوسیدہ ہونا۔

اِجْتَرَدَ - القطنَ: دھننا۔

الجَرِد بمعہ ۔ مکان جَرِدٌ : بغیر نباتات والی جگہ ۔ الثوبُ الجَرِد : پرانا بوسیدہ کپڑا ۔ ڈھال ۔ مال کا بقیہ ۔ ج جُرُود ۔

الجَرَدُ والجَرِد ۔ بغیر نباتات والی جگہ ۔ الجَرَد : بال کا چھوٹا ہونا ۔

الجُرْدَۃ ۔ برہنگی ۔

الجَرِدَۃ ۔ پرانا بوسیدہ کپڑا ۔

الجَرَاد ۔ ٹڈی ۔ واحد (جَرَادَۃ)

الجُرَادَۃ ۔ لکڑی کا چھلکا ۔

الجَرِید ۔ کھجور کی ٹہنی جو پتوں سے صاف کرلی گئی ہو ۔ واحد (جَرِیدَۃ)

الجَرِیدَۃ ۔ سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں ۔ مال کا بقیہ ۔ رجسٹر ۔ اخبار ۔ ج جَرَائِد ۔

الاَجْرَد ۔ بغیر نباتات والی زمین ۔ بے بال چھوٹے بالوں والا ۔ مونث جَرْدَاء ۔ ج جُرْد ۔ الاَجْرَد من الخیل : گھڑدوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا ۔ لَبَنٌ اَجْرَد : بے جھاگ کا دودھ ۔ صَخْرَۃٌ جَرْدَاء : صاف چکنی چٹان ۔ خَمْرَۃٌ جَرْدَاء : شرابِ صافی ۔ والجَرْدَاء : سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں ۔ اور کہا جاتا ہے "مَا رَأَیْتُہٗ مُنْذُ اَجْرَدَیْنِ" میں نے اس کو پورے دو دن یا دو مہینے یا دو سال سے نہیں دیکھا و "شَہْرٌ اَجْرَدُ" پورا مہینہ ۔

سَنَۃٌ (جَارُوْد و جَارُوْدَۃ) سخت قحط والا سال ۔

التَّجْرِیدَۃ ۔ فوج کا دستہ ۔

المِجْرَد ۔ دانتوں کے صاف کرنے کا برش روئی دھننے کا آلہ ۔

الجَرَّاد ۔ تانبے وغیرہ کے برتنوں کی کھٹائی کرنے والا ۔ قلعی گر ۔

المُنْجَرِد ۔ چھوٹے بالوں والا ۔

الجَرْدَق والجَرْدَقَۃ ۔ روٹی ۔ ج جَرَادِق

الجَرْدَم ۔ سبز سر والی سیاہ ٹڈی ، بہت بولنے والا ۔

جَرِذَ (س) جَرَذًا ۔ الجرحُ : دہانِ زخم کا بستہ ہو کر سوجنا ۔ جَرَّذَ ۔ الشجرۃَ : ٹہنیں اتارنا ۔

اَجْرَذَہٗ ۔ نکالنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ ہ الیہ : مجبور کرنا

الجَرَذ ۔ جانور کے کوچ کا ورم ۔

الجُرَذ ۔ ایک قسم کا چوہا ۔ ج جِرْذَان ۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْ جِرْذَانُ بَیْتِہٖ" اس کے گھر میں چوہے قلابازی کھا رہے ہیں ۔

اَرْض (جَرِذَۃ) بہت چوہوں والی زمین ۔

المُجَرَّذ ۔ آزمودہ کار ۔

الاَجْرَذ ۔ وہ شخص جو چلنے میں قدم کا اگلا حصہ قریب رکھے اور ایڑی دور دور ۔

اُمّ جِرْذَان ۔ ایک قسم کی کھجور ۔

جَرَزَ (ن) جَرْزًا ۔ کاٹنا ۔ جڑ سے اکھیڑنا ۔ ۔۔۔ ہ الزمانُ : ہلاک کرنا ۔۔۔ ہ بالشتم : گالی دینا کہا جاتا ہے "جَرَزَ مَا عَلَی الْمَائِدَۃِ" دستر خوان کا سب کچھ صاف کر گیا ۔

جَرُزَ (ک) جَرَازَۃً ۔ پیٹو ہونا ۔

جَرِزَتْ (س) جَرَزًا ۔ الارضُ : بنجر ہونا صفت (جَارِزَۃ) ج جَوَارِز ۔

جَارَزَہٗ جِرَازًا و مُجَارَزَۃً ۔ گالی کے مشابہ خوش طبعی کرنا ۔

اَجْرَزَ ۔ البعیرُ : لاغر ہونا ۔۔۔ المکانُ : قحط زدہ ہونا ۔ صفت (مُجْرِز)

تَجَارَزَ ۔ القومُ : باہم گالی گلوچ کرنا ۔

الارض (الجُرُز والجُرْز والجَرَز) ۔ بنجر زمین ۔ زمین جس کی گھاس چرلی گئی ہو ۔ ج اَجْرَاز ۔ کہا جاتا ہے اَرْضٌ جُرُزٌ وَاَرْضٌ اَجْرَازٌ وَاَرْضُوْنَ اَجْرَاز ۔

الجُرُز ۔ عورتوں کا ایک لباس ۔

الجُرْز ۔ لوہے یا چاندی کا ستون ۔ ج اَجْرَاز وجِرَزَۃ کہا جاتا ہے "طَوَتِ الحَیَّۃُ اَجْرَازَہَا" سانپ کنڈلی مار کے بیٹھ گیا ۔ "وَطَوٰی فُلَانٌ اَجْرَازَہٗ" فلاں نے سستی کی ۔

الجَرَز ۔ خشک سال ۔ جسم ۔ انسان کا سینہ ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت ۔

الجَرْزَۃ ۔ ہلاکت ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ اللّٰہُ بِجَرْزَۃٍ" اللہ اس کو ہلاک کرے ۔

الجُرْزَۃ ۔ گٹھا ۔ بنڈل ۔ ج جُرَز ۔

الجُرَاز ۔ شمشیر براں ۔

الجَرُوْز ۔ بہت کھانیوالا جو دستر خوان کو صاف کردے ۔

المَجْرُوْز ۔ من الامکنۃ : نبات بریدہ جگہ ۔

الجَرْزَم ۔ بے سالن کی خشک روٹی ۔

جَرَسَ (ض) جَرْسًا ۔ بولنا ۔ آواز سنانا ۔ ۔۔۔ الکلامَ : ترنم سے پڑھنا ۔۔۔ الشیءَ : زبان سے چاٹنا ۔

اَجْرَسَ : الطائرُ : اڑنے میں سرسراہٹ کی آواز سنائی دینا ۔۔۔ الحادی : حدی گانا ۔۔۔ الجرسَ : بجانا (۔۔۔ والجَرَسَ) الحلیُ : جھنکار ہونا ۔ بجنا ۔

جَرَّسَہٗ ۔ الدہرُ : تجربہ کار بنانا ۔ جَرَّسَ بہم : بدنام کرنا ۔

تَجَرَّسَ ۔ بولنا ۔ گفتگو کرنا ۔ نغمہ سرائی کرنا ۔

اِجْتَرَسَ ۔ المالَ : کمانا ۔

الجَرْس والجِرْس ۔ آواز ۔ آہستہ آواز ۔ الجِرس : اصل ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ خَیْرِ جِرْسٍ" وہ شریف خاندان سے ہے ۔ ج اَجْرَاس ۔

الجَرَس ۔ گھنٹہ ۔ گھڑیال ۔ ج اَجْرَاس ۔ ذات الاَجْرَاس : ایک قسم کا سانپ جس کی آواز گھنٹہ کی مانند ہوتی ہے ۔

الجَارِسَۃ ۔ گھاس کھانیوالا کیڑا ۔ ج جَوَارِس الجَوَارِس : شہد کی مکھیاں ۔

الجُرْسَۃ ۔ آزمودہ کاری ۔

المُجَرَّس ۔ تجربہ کار ۔ کہا جاتا ہے "نَاقَۃٌ مُجَرَّسَۃٌ" سدھائی ہوئی اونٹنی ۔

جَرَشَ (ن) جَرْشًا ۔ الحَبَّ والقمحَ : دلنا ۔ (۔۔۔ وجَرَّشَ) الراسَ : کھجلا کر بھوسی نکالنا ۔

اِجْتَرَشَ ۔ لعیالہ : کمائی کرنا ۔۔۔ الشیءَ : اچک لینا ۔

الجَارُوْش والجَارُوْشَۃ ۔ غلہ دلنے کی چکی ۔ ج جَوَارِیش ۔

الجَرْش بمعہ سانپ کے کینچلی سے نکلنے کی آواز والجَرْش والجُرْش والجَرَش ۔ من اللیل : رات کا ایک حصہ ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی جَرْشٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا ۔ ج اَجْرَاش وجُرُوش ۔

جُرَاشَۃُ ۔ الحَبِّ: دلا ہوا غلہ ۔ سر کی بھوسی
الجَوَارِش ۔ جوارش ۔ (دوا)
الجَرِيْشُ والمَجْرُوْشُ ۔ دلا ہوا ۔
جَرِضَ (س) جَرَضًا ۔ بریقہ: فکر یا غم کی وجہ سے مشکل سے تھوک نگلنا ۔۔۔ بریقہ: یکبارگی نگل لینا ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یجرض علیک ریقہ غیظًا" یعنی فلاں تمہارے اوپر دانت پیس رہا ہے
جَرَضَہٗ (ن) جَرْضًا ۔ گلا گھونٹنا ۔ کہا جاتا ہے "ہو یجرض نفسہ" وہ مرنے والا ہے ۔
أَجْرَضَہٗ ۔ بریقہ: اچھو لگوانا ۔
الجَرَضُ والجَرِيْضُ ۔ تھوک جس کے پھندا لگ جائے ۔ اور اسی سے مثل ہے "حال الجریض دون القریض" شعر کہنے سے شدید غم نے روک دیا ۔
الجَرِيْضُ: غمگین ۔ ج جَرْضیٰ ۔ اور کہا جاتا ہے ۔ "قلت فلانٌ جَرِيْضًا" فلاں مرنے ہی والا ہے
الجِرْوَاضُ والجِرْيَاضُ والجُرَاوِضُ بہت غمگین ۔
الجِرْضِمُ والجُرَاضِمُ والجِرْضَمُ ۔ بہت کھانیوالا ۔ ناقۃ (جرضم وجرضمۃ) موٹی تازی اونٹنی
جَرَعَ (ف) جَرْعًا وجَرِعَ (س) جَرَعًا و اِجْتَرَعَ اِجْتِرَاعًا ۔ الماءَ: یکبارگی پی لینا
جَرَّعَہٗ ۔ الماءَ: ایک ایک گھونٹ کرکے پلانا ۔
تَجَرَّعَ ۔ الماءَ: تھوڑا تھوڑا پینا ۔۔۔
الغیظَ: غصہ پی جانا ۔
أَجْرَعَتِ ۔ الناقۃُ: کم دودھ والی ہونا ۔ صفت (مُجْرِع) ج مَجَارِع و مَجَارِیع)
الجُرْعَۃُ والجَرْعَۃُ والجُرُعَۃُ ۔ گھونٹ
الجَرَعَۃُ ۔ ج جَرَع و جِرْعَان و (الجَرْعَاء) ج جَرْعَاوَات و (الأَجْرَع) ج أَجَارِع: ہموار رتیلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے ۔
جَرَفَ (ن) جَرْفًا وجَرَّفَ و تَجَرَّفَ و اِجْتَرَفَ ۔ الشیءَ: کل یا اکثر حصہ کو لے جانا ۔
۔۔۔ الطینَ: کھرچ لے جانا ۔
أَجْرَفَ ۔ المکانُ: سیلاب زدہ ہونا ۔

الجَرُوْفُ ۔ مع ۔ بہت مال (مویشی چاندی سونا وغیرہ سرسبزی ۔ وہ داغ جو اونٹ کی ران یا بدن پر لگایا جاتا ہے ۔
الجُرُفُ ۔ ج جِرَفَۃ و (الجُرْف) ج أَجْرَاف: دریا کے کنارے کا وہ حصہ جس کو پانی نے کھوکھلا کر دیا ہو ۔ اور اسی سے ہے "فلانٌ یبنی علی جُرُفٍ ہارٍ لا یدری ما لیلٌ من نہارٍ" فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل و نہار کی تمیز نہیں ۔
الجُرَافُ ۔ من السیل: تمام چیزوں کو بہا لیجانے والا سیلاب ۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ جُرَاف" تمام کھانا کھا جانے والا مرد ۔
(۔ ۔ والجِرَاف) ایک قسم کا پیمانہ ۔
الجَارِفُ ۔ فا ۔ طاعون ۔ عام تباہ کن موت (چاہے انسان کی ہو یا مویشی کی)
الجَارُوْفُ ۔ بہت کھانیوالا ۔ تیز بہا لیجانے والا ۔ منحوس ۔ مونث جَارُوْفَۃ ۔
الجَرَّافُ ۔ بہت تیز بہا لے جانے والا
المَجْرُوْفُ والمُجْتَرَفُ ۔ وہ شخص جس کا تمام مال برباد ہو گیا ہو ۔
المِجْرَفُ والمِجْرَفَۃُ ۔ بیلچہ ۔ پھاوڑہ ۔
جَرْفَسَہٗ ۔ پچھاڑنا ۔۔۔ الشیءَ: بہت حرص سے کھانا ۔
الجِرْفَاسُ والجُرَافِسُ ۔ شیر ۔
جَرِلَ (س) جَرَلًا ۔ المکانُ: سخت اور پتھریلی ہونا ۔
الجَرَلُ ۔ سخت اور پتھریلی زمین ۔ ج أَجْرَال ۔
الجَرْوَلُ ۔ پتھریلی زمین ۔ ج جَرَاوِل ۔
الجِرْيَالُ والجِرْيَالَۃُ ۔ شراب یا اس کا رنگ
جَرَمَ (ض) جَرْمًا ۔ الشیءَ: کاٹنا ۔ پورا کرنا ۔۔۔ الناقۃُ: اون کترنا (۔۔۔ جَرْمًا و جِرَامًا و جَرَامًا) النخلَ: کھجوریں کاٹنا ۔
جَرَمَ (ن) جَرْمًا واجْتَرَمَ ۔ لاہلہ: کمانا
جَرَمَ (ض) جَرِيْمَۃً وأَجْرَمَ واجْتَرَمَ الیہ وعلیہ: گناہ کرنا ۔

جَرِمَ (س) جَرَمًا ۔ گری ہوئی کھجوریں کھانا ۔
۔۔۔ لونُہٗ: صاف ہونا ۔
جَرُمَ (ک) جَرَامَۃً ۔ عظیم الجرم ہونا ۔ بڑا گناہ کرنا ۔
جَرَّمَہٗ ۔ کاٹنا ۔
جَرَّمَہٗ و تَجَرَّمَ ۔ علیہ: گناہ کی تہمت لگانا ۔
تَجَرَّمَ الزمانُ او الشتاءُ: ختم ہو جانا ۔ کہا جاتا ہے "عامٌ مُجَرَّمٌ" پورا سال ۔
الجُرْمُ ۔ مص (۔۔۔ والجَرِيْمَۃ) گناہ ۔ ج جُرُوْم و أَجْرَام ۔ اور کہا جاتا ہے "لا جَرَمَ و لا جُرْمَ" یعنی ضروری یقینًا ۔ اور کبھی قسم کے معنی میں آتا ہے ۔ جیسے "لا جرم لا فعلنّ کذا" میں بخدا ایسا کروں گا ۔
الجَرْمُ ۔ مص ۔ ڈونگی ۔ گرم ملک ۔ ج جُرُوْم ۔ الجُرُوْمُ: گرم ممالک اس کے مقابلہ میں "الصرود" ہے یعنی سرد ممالک ۔
الجِرْمُ ۔ جسم ۔ رنگ ۔ باصطلاح فلسفہ ستارہ و آسمان ۔ ج أَجْرَام و جُرُم و جُرُوْم
الجَرَامُ والجُرَامُ والجَرِيْمُ ۔ خشک کھجور ۔ چھوہارہ ۔
الجَرِيْمُ ۔ بڑے جسم والا ۔ گنہگار ۔ مونث ۔ جَرِيْمَۃ: ج جِرَام ۔
الجَرِيْمَۃُ ۔ جرم ۔ گناہ ۔ گٹھلی ۔ شجر جریمۃ: کٹا ہوا درخت ۔ الجریمۃ: آخری بچہ ۔ کہا جاتا ہے ۔ "ہو جریمۃ اہلہ" وہ اپنے اہل کیلئے کمانیوالا ہے "والعقاب جریمۃ فرخہا" عقاب اپنے بچوں کی خوراک لانے والا ہے ۔
الجُرَّامُ ۔ پھل ۔
الجُرْمَانُ ۔ بدن ۔
جَرْمَزَ واجْرَمَّزَ ۔ الرجلُ: سمٹنا ۔ لوٹنا بھاگنا ۔ جواب میں غلطی کرنا ۔
الجُرْمُوْزُ ۔ چھوٹا ۔ حوض ۔ کوٹھری ۔ کنواں بھیڑیے کا بچہ ۔ ج جَرَامِیز ۔ الجرامیز من الحیوان: جانور کی ٹانگیں ۔ کہا جاتا ہے "ضمّ الثور جرامیزہ" بیل نے اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں ۔ "واخذہ بجرامیزہ" ۔ اس نے سب لے لیا ۔
الجُرْمُوْقُ ۔ موزہ ۔ وہ چیز جو موزہ کے اوپر

اس کی حفاظت کیلئے پہنی جاتی ہے۔ عوام اس کو "کالوش" کہتے ہیں۔

جَرَنَ (ن) جُرُونًا۔ الثوبُ: بوسیدہ و نرم ہونا — علی الامر: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔ کہا جاتا ہے: "جَرَنَتْ یدُہ علی العَمَلِ" اس کا ہاتھ کام میں مشاق ہو گیا۔

— جَرْنًا۔ الحبَّ: پیسنا۔

أَجْرَنَ۔ الحبَّ: کھلیان میں جمع کرنا۔

إِجْتَرَنَ۔ کھلیان بنانا۔

الجَارِنُ۔ سانپ کا بچہ مٹے ہوئے نشان والا راستہ — من المتاع: استعمال شدہ بوسیدہ سامان۔ سقاءٌ جارِنٌ: سخت چمڑے والی مشک۔ درعٌ جارِنۃٌ: نرم زرہ۔ ج جَوَارِن و جارِنات۔

الجُرْنُ۔ پانی وغیرہ کیلئے کھدا ہوا پتھر۔ ج أَجْرَان و جِرَان۔ (— والجَرِينُ) ج جُرُن: کھلیان کھجور وغیرہ خشک کرنے کی جگہ۔

الجِرَانُ۔ من البعیر: اونٹ کی گردن کا اگلا حصہ۔ ج جُرُن و أَجْرِنۃ۔ اور کہا جاتا ہے "أَلْقَى البعیرُ جِرَانَہ" یعنی اونٹ بیٹھ گیا۔ و "أَلْقَى فلانٌ علی ہذا الامر جِرَانَہ" یعنی فلاں نے اس مقصد پر اپنی نظر جما دی۔ و "ضَرَبَ الإسلامُ بِجِرَانِہ" اسلام نے جڑ پکڑ لی۔ و "ضَرَبَ اللیلُ بِجِرَانِہ" رات آ گئی۔ و "أَلْقَى عَلَیہِ جِرَانَہ" اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔

المِجْرَنُ۔ کھلیان۔ رجلٌ مِجْرَنٌ: بہت کھانے والا مرد۔

المُجْرَنُ۔ من السیاط: نرم اور چکنا کوڑا۔

جَرْہَ تَجْرِیْہًا۔ الامرَ: ظاہر و آشکارا کرنا۔

تَجَرَّہَ۔ الامرُ: ظاہر و آشکارا ہونا۔

الجَرَاہِیَۃُ۔ ظاہر و آشکار۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ جَرَاہِیَۃَ القومِ" میں نے قوم کی چیخ پکار سنی۔

جَرْہَدَ و اِجْرَہَدَّ۔ فی السیر: تیز چلنا۔

الجَرْہَدُ و الجُرْہُدُ۔ پھرتیلا چلنے والا۔

الجِرْہَاسُ۔ بڑا و قوی شیر۔

الجُرْہَامُ و الجُرَاہِمُ۔ شیر۔ الجُرَاہِمُ: بڑا پہاڑ۔ بڑا اونٹ۔

أَجْرَتْ إِجْرَاءً۔ الکلبۃُ: پلوں والی ہونا۔

الجَرْوُ۔ بتثلیث الجیم: ہر چھوٹی چیز یہاں تک کہ انار اور خربزہ بھی۔ اور عمومًا کتے اور شیر کے بچہ کے لئے مستعمل ہے۔ ج جِرَاء و أَجْرٍ و جج أَجْرِیَۃ۔

الجَرْوَۃُ۔ بتثلیث الجیم: جرو کا مونث۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ علی الامرِ جَرْوَتَہ" اس نے اس کام میں صبر و استقلال سے کام لیا۔ و "ضرب جروتہ عنہ" اس نے صبر کر لیا۔

کلبۃٌ مُجْرٍ و مُجْرِیَۃٌ: پلوں والی کتیا۔

جَرَی (ض) جَرْیًا و جَرَیَانًا و جِرْیَۃً۔ الماءُ: جاری ہونا۔ بہنا۔ کہا جاتا ہے "نہرٌ سریعُ الجِرْیَۃِ" تیز بہنے والی ندی — الفرسُ: دوڑنا — الامرُ: واقع ہونا — الی الشیءِ: قصد و ارادہ کرنا۔

جَرَّی و أَجْرَی۔ الماءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ أَجْرَی الحسابَ: کسی کا حساب درج رجسٹر کرنا — علیہ الحسابَ: کسی کے ذمہ بقایا نکالنا۔

جَرَّی فلانًا: وکیل بنا کر بھیجنا۔ أَجْرَی الامرَ: نافذ کرنا۔ جاری کرنا۔ أَجْرَی الامرَ الی فلانٍ: سپرد کرنا یا نسبت کرنا۔ أَجْرَی الی الشیءِ: قصد و ارادہ کرنا۔ اجری علیہ الرزقَ: جاری کرنا۔ معین کرنا۔ أَجْرَی القصاصَ: قصاص لینا۔ اجری الکلمۃَ: منصرف کر دینا۔

جَارَاہُ۔ کسی کے ساتھ چلنا (تجاریا) ساتھ ساتھ دوڑنا۔ چلنا۔ کہا جاتا ہے "الدَّیْنُ والرَّہْنُ یَتَجَارَیَانِ" قرض اور رہن ایک ہی طرح کے ہیں۔ جَارَی فی الامرِ: موافقت کرنا۔

إِسْتَجْرَی۔ فلانًا: کسی سے دوڑنے یا چلنے کے لئے کہنا۔ وکیل بنانا۔

الجَرِیُّ۔ وکیل۔ پیغامبر۔ مزدور۔ ضامن کہا جاتا ہے "ہُوَ جَرِیٌّ لہ" وہ اس کا ضامن ہے ج أَجْرِیَاء۔ کہا جاتا ہے "من جَرَاکَ او من جَرَائِکَ" یعنی تمہاری وجہ سے۔

الجِرَایَۃُ۔ وظیفہ۔ فوجی کا روزینہ۔

— والجَرَاءُ والجِرَاءُ۔ جوانی۔ کہا جاتا ہے "جاریۃٌ بیّنۃُ الجَرَایَۃِ" اچھی جوان لڑکی۔

الجِرَایَۃُ والجَرَایَۃُ۔ وکالت۔

الإِجْرِیَّا والإِجْرِیَّاءُ۔ کام کا طریقہ۔ خلق طبیعت۔ کہا جاتا ہے "جَرَی علی أَجْرِیَاہُ و أَجْرِیَّتِہ" وہ اپنی فطرت پر چلا۔

الجِرِّیُّ والجِرِّیتُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔ مارماہی۔ بام۔

الجِرِّیَّۃُ۔ پوٹا۔

الجَارِی۔ فا۔ "نہرٌ جارٍ" وہ دریا جو خشک نہ ہو۔

الجَارِیَۃُ۔ الجاری کا مونث۔ بچی۔ باندی۔ آفتاب۔ کشتی۔ سانپ۔ ج جَارِیَات و جَوَارٍ۔

المَجْرَی۔ پانی بہنے کی جگہ۔ گذرگاہ۔ ج مَجَارٍ۔

المَاجَرَیَاتُ۔ واقعات و حوادث۔ جَرَی ماجَرَی سے ماخوذ ہے۔ کہا جاتا ہے "کانت بینہم مُنَاظَرَاتٌ و ماجَرَیَاتٌ یطولُ شرحُہا"

جَزَّ (ن) جَزًّا و جِزَّۃً و اِجْتَزَّ۔ الصوفَ او العشبَ او النخلَ: کاٹنا۔

جَزَّ و أَجَزَّ و اِسْتَجَزَّ۔ الغنمُ او البُرُّ او النخلُ: کترنے یا کاٹنے کا وقت قریب آنا۔ أَجَزَّ التمرُ: خشک ہونا۔ أَجَزَّ القومُ: کتری ہوئی بھیڑوں والی یا کٹی ہوئی کھیتی والی ہونا۔

الجِزَّۃُ۔ کتری ہوئی اون۔ ج جِزَز و جَزَائِز۔

الجَزَزُ۔ غیر مستعمل اون۔

الجُزَازُ و الجُزَازَۃُ۔ اون کا وہ حصہ جو کاٹتے وقت زمین پر گرے۔ جُزَازٌ من اللیل: رات کا ایک حصہ۔

الجَزَازُ و الجِزَازُ۔ کھیت کی کٹائی۔ کترنے یا کاٹنے کا وقت۔

الجَزُوزَۃُ۔ من الغنم: بھیڑ جو کتری جائے۔ ج جُزُز۔

الجَزِیزُ۔ کترا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

الجَزِیزَۃُ۔ اون کا گچھا۔

الجَزَّازُ - کترنے یا کاٹنے والا۔

المِجَزُّ - کترنی - قینچی۔

جَزَأَ (ف) جَزْءًا - الشیءَ: اجزاء میں تقسیم کرنا ایک جز لینا۔ ~ وتَجَزَّأَ وَاجْتَزَأَ) بالشیء: اکتفا کرنا۔

جَزَّأَ تَجْزِئَةً وتَجْزِيئًا - الشیءَ: تقسیم کرنا۔ (جَزَأَهُ واَجْزَأَهُ) بالشیءِ: قانع بنانا۔ کہا جاتا ہے "جَزَأَ الماشِيَةَ بالرُّطَبِ عن الماءِ" جانور کو تر گھاس کھلائی اور پانی پلانے کی ضرورت نہیں ہوئی۔ اَجْزَأَ عنہ: مستغنی ہونا۔

تَجَزَّأَ - تقسیم ہونا۔

الجَزْءُ - مص یعقض - کفایت۔ کہا جاتا ہے "لک فی ہذا غناءٌ وجزءٌ" تمہارے لئے اتنا بس ہے

الجُزْءُ - چیز کا ایک حصہ۔ ج اَجْزاء اور اسی معنی میں جُزْء وجَزْء بھی ہے۔

الجُزْئِیُّ - جز کی جانب منسوب۔ کُلّی کی ضد

الجُزْئِیَّۃُ - ضد کلیت۔ ج جزئیات۔

الجُزْأَۃُ - چھری بسالی وغیرہ کا دستہ۔

المَجْزَأُ والمَجْزَأَۃُ والمُجْزَأُ والمُجْزَأَۃُ - کسی چیز کا اتنا حصہ جو کافی ہو۔ کہا جاتا ہے۔ "اَجْزَأَ مُجْزَأَ فلان ومُجْزَأَہ ومَجْزَأَتَہ ومُجْزَأَتَہ" وہ فلاں کا قائم مقام ہوا۔

المَجْزِیءُ والمُجْزِیءُ - من الطعام: آسودہ کرنے والا۔

الجَوازِیءُ - نیل گائے جو صرف گھاس چرتی ہے اور زیادہ پانی کی ضرورت محسوس نہیں کرتی۔

جَزَحَ (ف) جَزْحًا - لَہُ من المال: حصہ دینا ـــ الرجلُ: اپنے کام کیلئے جانا ـــ الظَّبْیُ: اپنی جھاڑی میں داخل ہونا۔

الجَزْحُ - مص - عطیہ۔

الجُزْدان - جزودان - بستہ - تھیلی۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا وجِزَارًا وجَزَارًا و اجْتَزَرَ - الشاۃَ: ذبح کرنا۔ جَزَرَ النخلَ جَزْرًا: کاٹنا۔

جَزَرَ (ن ض) جَزْرًا - البحرُ: سمندر کا پیچھے ہٹنا ـــ الماءُ: خشک یا کم ہو جانا۔

اَجْزَرَ - النخلُ: کاٹنے کا وقت آنا ـــ الشیخُ: مرنے کا وقت آنا ـــ فلانًا: ذبح کرنے کیلئے بکری دینا۔

تَجَازَرَا - باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَجَزَّرُوْہُم واجْتَزَرُوْہُم - فی القتال: میدانِ جنگ میں دشمن کو درندوں کی خوراک بنا دینا۔

الجَزْرُ - مص - ذبح کرنا - بھاٹا - سمندر کے پانی کا اُتار۔

الجَزَرُ - ہر وہ جانور جس کا ذبح کرنا جائز ہو واحد جَزَرَۃ - ذبیحہ - جزرُ السباعِ: وہ گوشت جس کو درندے کھائیں۔ کہا جاتا ہے "ترکوہم جَزَرًا" یعنی انھوں نے ان کو صحرا میں قتل کر دیا الجَزَرُ: وہ زمین جہاں سے مد (جوار) لوٹے۔ و (الجزر) گاجر۔

الجَزَّارُ والجَزِیرُ - ذبح کرنے والا۔

الجَزُوْرُ - ذبح کیلئے اونٹنی یا بکری۔ ج جُزُر وجُزُرات وجَزائِر۔

الجُزَارَۃُ - ذبح کئے ہوئے جانور کے اطراف (یعنی سری پائے) اس لئے کہ ذبح کرنے والا ان کو ذبح کرنے کی اجرت میں لیتا ہے۔ وہ چیز جس کو ذبح کرنیوالا ذبح کرنے کی اجرت میں لے

الجِزَارَۃُ - ذبح کرنے کا پیشہ۔

الجَزِیرَۃُ - ج جزائر و جُزُر وجُزْر: زمین کا وہ حصہ جس کے چاروں طرف پانی ہو، دو آب کے ممالک جزیرۃ العرب: ملک عرب۔ (اور یہ فی الحقیقۃ جزیرہ نما ہے) - الجزائر: شمالی افریقہ میں ایک ملک کا نام۔ الجزائر الخالدات: بحر محیط (اٹلانٹک) کے مغربی حصہ میں چھ جزیرے۔

المَجْزَرُ - مذبح - بوچڑ خانہ۔ عوام اس کو مسلخ کہتے ہیں۔

جَزَعَ (ف) جَزْعًا - الوادی: پار کرنا ـــ لہ من مالہ جَزْعَۃً: ایک حصہ دینا۔

جَزِعَ (س) جَزَعًا وجُزُوْعًا - منہ: بے صبری کرنا ـــ علیہ: ڈرنا۔ صفت (جَزِعٌ وجَازِعٌ وجَزُوْعٌ وجَزَّاعٌ وجُزُوْعٌ -)

جَزَّعَہٗ - تسلی دینا۔ بے صبری زائل کرنا۔ جَزَّعَ الشیءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ الحوضُ: تھوڑے پانی والا ہونا۔

اَجْزَعَہٗ - گھبرا دینا۔ (اَجْزَعَ منہ جَزْعَۃً: ایک حصہ باقی چھوڑ دینا۔

اِنْجَزَعَ وتَجَزَّعَ - ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ٹوٹنا

اِجْتَزَعَہٗ - کاٹنا - توڑنا۔

الجَازِعُ - فا - ہر وہ لکڑی جس کو دو چیزوں کے درمیان عرض میں نصب کرکے اس پر کوئی چیز رکھیں - مونث جازعۃ۔

الجَزْعُ - مص - مہرہ جس میں سفیدی سیاہی ہوتی ہے۔ واحد جَزْعَۃ۔

الجِزْعُ - لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ - جِزْعُ الوادی: وادی کا موڑ ج اَجْزاع۔

الجُزْعُ والجِزْعُ - رہٹ کا دھرا۔

الجِزْعَۃُ والجُزْعَۃُ - تھوڑی چیز - بقیہ ج جِزَع - الجُزْعَۃ: چُھری کا دستہ۔

الجَزِیْعَۃُ - بھیڑ بکری کے ریوڑ کا ایک حصہ ج جزائع۔

المِجْزَاعُ - بہت بے صبر۔ ج مَجَازِیع۔

المُجَزَّعُ والمُجَزِّعُ - من الرُّطَب: نیم پختہ کھجور - وہ چیز جس میں سفیدی و سیاہی ہو حوضٌ مُجَزَّعٌ: تھوڑے پانی والا حوض۔

جَزَفَ (ن) جَزْفًا واجْتَزَفَ - الشیءَ: اٹکل سے بیچنا یا خریدنا۔ و (الجِزاف) بتثلیث الجیم و (الجُزَیف) اٹکل کی بیع۔ کہا جاتا ہے۔ "بیع الجُزَیف وبیع الجُزاف"

جَازَفَ مُجَازَفَۃً - اٹکل سے خرید و فروخت کرنا۔ اور اسی سے ہے "جَازَفَ فی کلامہ" اس نے بے تکی باتیں کیں۔ جَازَفَ بنفسہ: اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال دینا۔

الجُزْفَۃُ - چوپایوں کا گلہ۔

الجزّاف۔ شکاری۔
الجزوف۔ من الحوامل: حد ولادت سے گزرنے والی۔
المِجزفة۔ مچھلی کا جال۔
جَزُلَ (ک) جَزَالَة۔ الشیُّ: بڑا ہونا۔ موٹا ہونا — المنطقُ: فصیح ہونا۔ صفت (جزل) ج جزال و (جزیل) ج اجزال وجزال — الرجلُ: صائب الرائے ہونا۔
جَزَلَ (ض) جَزْلًا۔ الشیَّ: دو ٹکڑے کرنا۔ — القتبُ غاربَ البعیرِ: کاٹ دینا۔ زخمی کر دینا۔
اَجزَلَ۔ العطاءَ وفی العطاء ومن العطاء، لفلان وعلیہ: بہت دینا۔
اِستجزَلَ۔ کسی چیز کو بڑا یا موٹا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔ اِستجزَلَ رایَہ: کسی کو صائب الرائے پانا۔
الجَزل۔ مم۔ موٹا۔ بڑا۔ بہت۔ فیاض۔ بہت دینے والا۔ عمدہ رائے والا۔ عمدہ الفاظ
الجِزل: خشک لکڑی۔
الجَزال والجِزال۔ کھجور کے پھل اتارنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "ہذا زمن الجزال" یہ کھجور کے پھل اتارنے کا زمانہ ہے۔
الجُزّال والجَزِیل۔ بہت بڑی۔
الجوزل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج جوازل۔
جَزَمَ۔ (ض) جَزْمًا۔ کاٹنا۔ جزم الحرفَ: ساکن کرنا — الفعلَ: جزم دینا یا حرف علت یا تثنیہ وجمع سے نون گرا دینا — الیمینَ: پوری کرنا۔ تم کہتے ہو "حلف یمینًا جزمًا" — الامرَ: کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "امرتہ امرًا جزمًا" میں نے اس کو لازمی حکم دیا۔ و "ہذا حکم جزم" یہ لازمی و قطعی حکم ہے۔ جزم الی الامر: پختہ ارادہ کرنا۔ جزم علیہ الشیَّ: واجب کرنا — الرجلُ: دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔
(— واجتزم) النخلۃَ: پھلوں کا اندازہ کرنا۔
(— وجزّم) عنہ: بزدل ہونا عاجز ہونا — علیہ: خاموش ہونا — القربۃ: بھرنا۔
تجزّم۔ العودُ: پھٹنا۔
اِنجزم۔ العظمُ: ٹوٹنا — الحرفُ: ساکن ہونا۔
الجزمُ۔ مم۔ کہا جاتا ہے "قلم جزم" برابر قط والا۔ و "امر جزم" وقت سے پہلے آنیوالا اصحاب
الجزم۔ حصہ۔
الجازم۔ فا۔ جزم کا عمل کرنیوالا۔ جیسے لم۔ سقاء جازم: بھری ہوئی مشک۔ بعیر جازم: سیراب اونٹ۔ ج جوازم۔
الجَزمة۔ دن رات میں ایک مرتبہ کھانا
الجُزمة۔ بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ سقاء او اناء (مجزوم) بھری ہوئی مشک یا برتن
جَزَی (ض) جَزَاءً۔ الرجلَ بکذا وعلی کذا: بدلہ دینا۔ جزی فلانًا حقہ: ادا کرنا۔ جزاہ الشیُّ: کافی ہونا (— واجزی) الامرُ منہ او عنہ: قائم مقام ہونا۔ تم کہتے ہو "ہذا یجزی من او عن ذاک" یہ اس کے قائم مقام ہے۔
جازاہ مجازاۃً وجزاءً۔ بدلہ دینا۔
تجازی تجازیًا۔ دینہ وبدینہ علی فلان: طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔
اِجتزاہ۔ بدلہ مانگنا۔
الجزاء والجزاء والجازیۃ والمجازاۃ کسی چیز کا بدلہ۔ الجازیۃ کی جمع الجوازی۔ کہا جاتا ہے "جزتک الجوازی" یعنی تم نے اپنے فعل کا بدلہ پالیا۔
الجِزیۃ۔ زمین کا محصول۔ ٹیکس جو ذمی سے لیا جائے۔ ج جزی وجزی وجزاء۔
الاجزی۔ بہت کافی۔ تم کہتے ہو "اللحم السمین اجزی من المہزول" موٹا گوشت دبلے سے زیادہ بہتر ہے۔
جَسَّہٗ (ن) جَسًّا واجتسّہ۔ معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے چھونا — الارضَ: روندنا۔
— ہ بعینہ: گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔
جسّ وتجسّس واجتسّ۔ الاخبارَ اوالامورَ: تفتیش کرنا۔
الجسیس ج اجسۃ و (الجاسوس) ج جواسیس والجسّاس) جاسوس۔ برائی کی نیت سے خبروں کی تفتیش کرنے والا۔
جَوَاسّ۔ الانسان: انسان کے حواس خمسہ واحد (جاسۃ)
المجسّ والمجسّۃ۔ چھونے کی جگہ۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "فلان ضیق المجس او المجسۃ" فلاں تنگ دل ہے۔ المجسۃ: نبض۔ کہا جاتا ہے۔ "مجسۃ حارۃ" اس کی نبض گرم ہے ج مجاس
المِجسّۃ۔ چھونے کا آلہ۔ ج مجاسّ ومجسّات
جَسَأَتْ (ف) جَسْأً وجُسُوءً او جُسْأۃً۔ الیدُ من العمل: کام کرنے کی وجہ سے سخت ہونا۔ صفت (جاسئۃ وجسآء)
الجَسْءُ۔ سخت کھال۔ جما ہوا پانی۔
الجاسئ۔ من النبات ونحوہ: خشک
جَسِدَ (س) جَسَدًا۔ الدمُ بہ: چپکنا۔ (جسِد وجاسِد)
جسّدہٗ۔ زعفران سے رنگنا۔
تجسّد۔ تناور ہونا۔
الجَسَد۔ بدن انسانی۔ زعفران خشک خون ج اجساد۔ نسبت کے لئے (جسدی وجسدانی)
الجَساد۔ زعفران۔
الجُساد۔ پیٹ کا درد۔
الجَسِید۔ خشک خون۔
المُجسَد۔ کرتہ جو بدن سے متصل ہو۔ بنیان
جَسَرَ (ن) جَسَارۃً وجُسُورًا۔ علی الامرِ: اقدام کرنا (— وتجاسر) فخر کرنا۔ جری ہونا۔
جَسَرَ (ن) جَسْرًا۔ پل بنانا (— واجتسر) المفازۃ: عبور کرنا۔
جسّرہٗ۔ بہادر بنانا۔
الجَسر والجِسر۔ پل۔ ج جسور واجسر۔ الجسر من الابل: بڑا اونٹ — من الرجال: بڑے ڈیل ڈول کا مرد مونث جسرۃ۔
الجاسر۔ ج جسّار وجاسرون و (الجسور)

ج جُسُر و جُسُر: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ مؤنث جَاسِرَة و جَسُوْر۔ ج جَوَاسِر۔

الجَسَارَة۔ دلیری۔ بہادری۔

الجَسَّاس۔ بہت دلیری کرنے والا۔

جَسَعَ (ن) جُسُوْعًا۔ عن العطار: باز رہنا رُک جانا۔

الجَاسِع۔ من السفر: لمبا سفر۔

جَسُمَ (ک) جَسَامَةً۔ تنا ور ہونا۔ صفت (جُسَام و جَسِیْم) ج جِسَام۔ مؤنث (جَسِیْمَة و جُسَامَة)

جَسَّمَهُ۔ تنا ور و موٹا کرنا۔

تَجَسَّمَ۔ تنا ور موٹا ہونا۔ تَجَسَّمَ فی عینی کذا: خیال میں آنا ـــ الامرَ: کسی بڑے کام کی طرف اقدام کرنا ـــ الرملَ: ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کر لینا ـــ فلانًا من بین القوم: انتخاب کرنا ـــ الارضَ: ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تجسّم فلانٌ من الکرم" فلاں بڑا فیاض ہے، گویا کہ وہ کرم کا مجسمہ ہے۔

الجِسْم۔ بدن۔ وہ چیز جس میں طول عرض عمق ہو۔ ج اَجْسَام و اَجْسُم و جُسُوْم۔ نسبت کے لئے۔ (جِسْمِیّ و جِسْمَانِیّ)

الجُسْمَان۔ بدن۔

الجُسُم۔ بڑے بڑے امور۔

الاَجْسَم۔ تنا ور اور بڑا۔

المُجَسَّم۔ وہ عدد جو کسی جسم کی لمبائی کو عرض و عمق میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔ ہر وہ چیز جس میں طول عرض عمق ہو۔

جَسَا (ن) جَسْوًا و جُسُوًّا۔ بمعنی جَسَأَ۔

جَاسَاهُ مُجَاسَاةً۔ دشمنی کرنا۔

جَشَّهُ (ن) جَشًّا۔ کوٹنا۔ توڑنا۔ جَشَّ المکانَ: جھاڑو دینا۔ صاف کرنا ـــ ہ بالعصا: لاٹھی سے مارنا ـــ دفعہٗ: بہانا ـــ القومُ کوچ کرنا۔ اکٹھا ہونا۔

اَجَشَّ۔ الشیءَ: کوٹنا۔ توڑنا البُرَّ: موٹا پیسنا۔ صفت مفعولی (جَشِیْش و مَجْشُوْش)

اَجَشَّ و اجْتَشَّ۔ المکانُ: گنجان گھاس والی ہونا۔

الجَشّ۔ مص۔ مَوْضِعٌ جَشٌّ: سخت پتھریلی جگہ

الجُشّ۔ پہاڑ۔ ج جِشَاش۔

الجَشَّة و الجُشَّة۔ لوگوں کا ایک ساتھ آنے والا گروہ۔ بھدی آواز۔

الاَجَشّ۔ بھدی آواز والا آدمی۔ مؤنث جَشَّاء۔

المِجَشّ و المِجَشَّة۔ چکی۔

جَشَأَتْ نفسُہ۔ (ف) جُشُوْءًا و جُشَاءً۔ غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے جی متلانا ـــ المکانُ: خوب پیداوار ہونا ـــ من المکان: نکلنا ـــ البحرُ: جوش میں آنا۔

جَشَأَ تَجْشِئَةً و تَجَشَّأَ تَجَشُّؤًا۔ ڈکار لینا

اِجْتَشَأَ۔ البلادَ و اجْتَشَأَتْهُ البلادُ: ناموافق ہونا۔

الجُشَاء۔ ڈکار۔ واحد جُشَأَة و جُشْأَة۔

جَشَبَ (ف) و جَشِبَ (س) جَشَبًا و جَشُبَ (ک) جَشَابَةً۔ الطعامُ: موٹا و بدمزہ ہونا۔ صفت (جَشْب و جَشِب و جَشِیْب و جُشَاب و مَجْشُوْب) و جَشُبَ الرجلُ: بدغذا ہونا۔

المِجْشَب۔ موٹے جسم والا بہادر۔

جَشَرَ (ن) جَشْرًا و جَشَرًا۔ المواشی: چرانے کیلئے لیجانا۔ و جَشَرَ الاناءَ: خالی کرنا۔

جَشَرَ (ن) جُشُوْرًا۔ الصبحُ: پو پھٹنا ـــ الرجلُ: سفر کرنا۔

جَشِرَ (س) جَشَرًا و جُشْرًا۔ کھانسنا۔ آواز بیٹھنا۔ صفت (اَجْشَر) مؤنث جَشْرَاء۔ ج جُشْر۔

الجَشَر و الجَشَّار۔ مویشی جو چراگاہ سے لوٹ کر شام کو گھر پر نہ آئیں۔ وہ لوگ جو چراگاہ ہی میں رات گذاریں اور گھر پر واپس نہ آئیں۔

الجَشَّارِیّ۔ چرواہا۔

المِجْشَر۔ حوض۔ ج مَجَاشِر۔

الجَشِیْر۔ چمڑے کا تیر دان۔

الجُشَار۔ کھانسی۔

الجُشْرَة۔ سینہ کی سختی۔ خشک کھانسی۔

جَشِعَ (س) جَشَعًا و تَجَشَّعَ۔ بدترین قسم کا لالچی ہونا۔ صفت (جَشِع) ج جَشِعُوْن و جَشَاعَی و جُشَعَاء و جِشَاع۔

تَجَاشَعَا۔ الامرَ: باہم تنگی کرنا اور پیاسا پیاسا رہنا۔

جَشِمَ (س) جَشْمًا و جَشَامَةً و تَجَشَّمَ الامرَ: مشقت سے کام کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَشِمْتُ الیک عرقَ القربة" تمہاری وجہ سے بڑی مصیبت جھیلی۔ و تَجَشَّمَ الرملَ "ریگستان کے بڑے حصہ کو طے کیا۔ و تجشّم فلانًا من بین القوم "اس نے قوم کے فلاں کا انتخاب کیا اور اسی کی روش پر چلا۔

جَشَّمَهُ و اَجْشَمَهُ الامرَ: کوئی کام کرنے کی تکلیف دینا۔ "مہما تُجَشِّمْنِی فانی جاشم" جس کا تو مجھ کو حکم دے گا میں کروں گا۔

الجَشَم و الجُشَم۔ بوجھ۔ بھاری کام۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَی عَلَیَّ جُشَمَه" اس نے میرے اوپر اپنا بوجھ ڈال دیا ـــ من البعیر: سینہ۔

الجُشَم و الجَشِیْم۔ موٹا۔ بھاری۔

الجَوْشَن۔ سینہ۔ زرہ۔ جوشن اللیل: آدھی رات۔

جَصَّ (ض) جَصًّا و جَصِیْصًا۔ سخت بندھ جانے کی وجہ سے کراہنا۔

جَصَّصَ۔ البناءَ: گچ کرنا ـــ الجروُ: آنکھیں کھولنا ـــ العنقودُ: پھوٹنا ـــ علی العدو: حملہ کرنا۔

اِجْتَصَّ و تَجَاصَّ۔ القومُ: قریب قریب اکٹھا ہونا۔

الجِصّ و الجَصّ۔ گچ۔ چونہ۔

الجَصَّاص۔ گچ والا یا گچ بیچنے والا۔

الجَصَّاصَة۔ گچ بنانے کا کارخانہ۔

الجَصِیْص۔ فریاد و نالہ۔

الجَصِیْصَة۔ آواز۔ شور و غوغا۔ پاس پاس رہنے والا گروہ۔

جَضَّ (ن) جَضًّا۔ علیہ بالسیف: حملہ کرنا

جَعَبَهُ (ن ض) جَعْبًا و جَعَّبَهُ تَجْعِیْبًا و

جُعْبَاۃً جُعْبَاۃً وجِعْبَاءً - اُلٹ دینا۔ پچھاڑ دینا۔ جَعَبَ (ا لجُعْبَۃَ) ترکش بنانا۔

تَجَعَّبَ وا نجَعَبَ وتَجَعْبَی - پچھڑ جانا تَجَعْبَی الجیشُ و کثرت کے ساتھ جمع ہونا۔

الجُعْبَۃُ - ترکش - ج جِعَاب۔

الاَجْعَبُ - بڑے پیٹ والا جو کام کرنے میں سست ہو۔ مونث جَعْبَاء - ج جُعْب۔ الجَعْبَاءُ دُبر۔

الجَعَّاب - ترکش بنانے والا۔

الجِعَابَۃ - ترکش بنانے کا پیشہ۔

الجُعْبُوب - پست قد بدشکل۔ ج جَعَابِیب

الجِعْبِیّ والجِعِبَّاۃ - حلقۂ دُبر۔

المُجَعِّب - ہر ایک کو پچھاڑ دینے والا۔

جَعْجَعَ - البعیرَ: بٹھانے یا اُٹھانے کے لئے حرکت دینا۔ بٹھانا ــ البعیرُ: بیٹھنا ــ بالغریم: سختی سے مطالبہ کرنا ــ فی المکان: غیر مطمئن حالت میں بیٹھنا۔

تَجَعْجَعَ - درد کی وجہ سے زمین پر گر پڑنا۔

الجَعْجَعَۃ - مص - اکٹھے ہونیوالے اونٹوں کی آواز۔ چکی کی آواز۔ اور اسی سے مثل ہے "اَسْمَعُ جَعْجَعَۃً ولا اَرَی طِحْنًا" چکی کی آواز سنتا ہو اور آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو دھمکی تو دے اور کچھ کر کے نہ دکھلائے یا اُس بخیل کے حق میں جو وعدہ تو کرے اور پورا نہ کرے۔

الجَعْجَاع - تنگ اور سخت جگہ۔ معرکۂ جنگ۔ قحط زدہ زمین۔

جَعُدَ (ک) جَعَادَۃً وجُعُودَۃً - الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔

جَعَّدَ - الشعرَ: گھنگھریالے بنانا۔

تَجَعَّدَ - الشعرُ: گھنگھریالے ہونا۔ وتَجَعَّدَ الشئُ: سکڑنا۔

الجَعْدُ - من الشعر: گھنگھریالا۔ کہا جاتا ہے "ہو جَعْدُ الیدِ" وہ بخیل ہے۔ و"جَعْدُ القَفَا" حسب کے حسب میں کھوٹ ہو۔ ج جِعَاد - تراب جَعْدٌ: نمناک مٹی - وجہ جَعْدٌ: کم ملاحت والا گول چہرہ زُبَدٌ جَعْدٌ: تہ بر تہ مکھن۔ (ابو جَعْدَۃ وابو جَعَادَۃ ابو جُعَادَۃ) بھیڑیئے کی کنیت۔

جَعَرَ (ن) جَعْرًا وا نجَعَرَ - السبعُ: پاخانہ کرنا۔

تَجَعَّرَ - کنوئیں میں گرنے کے خوف سے کمر میں رسی باندھنا۔

الجَعْر - مص - درندے کا پاخانہ - ج جُعُور

الجِعَار - رسی جس کو کنوئیں میں اُترتے کے وقت کمر سے باندھ لیں اور اس کا دوسرا کنارہ کسی کھونٹے سے۔ تاکہ گرنے سے محفوظ رہیں۔ جانور کی رانوں کے داغ۔

جَعَارِ - بروزن قطام و(ا بو جَعَارِ و اُم جَعَارِ) بجو۔

اَبُو جِعْرَان - گبریلا۔

اُمّ جِعْرَان - بڑا گدھ۔

الجَاعِرَتَان - دونوں ران کے وہ حصے جہاں پر دُم ہلانے میں پہونچتی ہے۔

الجَعْرَاء والمُجَعَّر - دُبر۔

جَعَسَ (ف) جَعْسًا - الرجلُ: پاخانہ کرنا

تَجَعَّسَ - گھن کھانا۔ فحش بکنا۔

جَعِظَ (س) جَعَظًا - غضبناک وبدخلق ہونا۔ صفت جَعِظ وجَعْظ۔

جَعَظَہٗ (ف) جَعْظًا واَجْعَظَہٗ - دفع کرنا۔ ہٹانا

جَعَفَہٗ (ف) جَعْفًا واَجْعَفَہٗ - پچھاڑنا۔

جَعَفَ وا جْتَعَفَ - الشجرۃَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

اِنْجَعَفَت - الشجرۃُ: جڑ سے اکھڑ جانا۔

سیلٌ (جَاعِفٌ وجُعَافٌ) تمام چیزوں کو بہالے جانے والا سیلاب۔

الجَعْف - مص - تھوڑی روزی جس سے کچھ بچ نہ سکے۔

الجَعْفَر - نالہ - ندی - بہت دودھ والی اونٹنی۔

جَعْفَلَ جَعْفَلَۃً - زین سے زمین پر گرا دینا۔

جَعَلَ (ف) جَعْلًا - بنانا۔ پیدا کرنا۔ جیسے "جعل اللہ الظلمات" رکھنا۔ تبدیل کرنا جیسے "جَعَلَ الحَسَنَ قبیحًا" گمان کرنا جیسے "جعل الحق باطلًا" اس نے حق کو باطل گمان کیا۔ مقرر کرنا جیسے "جعلہ حاکمًا" اس نے اُسے حاکم مقرر کیا ــ لہ کذا علی کذا: شرط باندھنا۔ شروع کرنا۔ جیسے "جعل یکتب" وہ لکھنے لگا۔ اور دینے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "اِجْعَلْ لِی لِسَانَ صِدْقٍ": مجھ کو نیک نامی دے۔

جَعِلَ (س) جَعَلًا - الماءُ: پانی میں کیڑوں کی کثرت ہو جانا۔ الغلامُ: موٹاپے کے ساتھ پست قد ہونا ــ الرجلُ: جھگڑالو ہونا۔

جَاعَلَہٗ مُجَاعَلَۃً - رشوت دینا۔

اَجْعَلَ - لہ: مزدوری مقرر کرنا ــ الماءُ: پانی میں کیڑوں کی کثرت ہونا ــ اَجْعَلَہٗ جُعْلًا: مزدوری دینا۔

تَجَاعَلُوا - الشئَ: آپس میں کر لینا۔

اِجْتَعَلَ - گھڑنا ــ الشئَ: بنانا۔ لینا تم کہتے ہو "جَعَلَ الشئَ فَاجْتَعَلَہٗ" اس نے اسکو ایک چیز دی اور اس نے لے لی۔

الجُعَل - گبریلا کی ایک قسم - ج جِعْلَان۔

الجُعَل: سیاہ فام بدصورت مرد۔ یا جھگڑالو۔ نگہبان۔ مَاءٌ (جَعِل وجَعِیل) وہ پانی جس میں کیڑے بہت ہوں۔

الجِعَال - ج جُعَل و(الجُعْل) ج اَجْعَال و(الجِعَالَۃ) بتثلیث الجیم و(الجَعِیلَۃ) ج جَعَائِل: اُجرت۔ مزدوری۔ جنگ کرنے والے کا وظیفہ الجِعَال: چولھے سے دیگ اُتارنے کا چیتھڑا۔ صافی۔

الجُعْمُول - شتر مرغ کا بچہ۔

جَعْمَہٗ - (ف) جَعْمًا - جانور کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا۔

جَعَمَ وجَعِمَ (س ف) جَعَمًا - کھانے کی خواہش نہ ہونا۔ کھانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے کہ "جَعِمَ الی اللحم" وہ گوشت کھانے کا بہت

خواہش مند ہے۔ جَخِمَ وتَجَخَّمَ فی الشئ: طمع کرنا۔
صفت۔ (جَخِمٌ وجَخِيم)
اَجْخَمَ۔ الشجرُ: درخت کے سارے پتے چرلینا
— الشئَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الجَخَم۔ بھوک۔
الجَخَيْعَم۔ بھوکا جو ہر چیز کو دیکھ کر کھانے کی خواہش کرے۔
المَجْخَم۔ جائے پناہ۔
الجُخْمُوس۔ گوبر۔
جَعَا (ن) جَعْوًا۔ البعرَ ونحوہ: ڈھیر لگانا۔
الجِعَة۔ جو کی شراب۔
الجَعْو۔ مم۔ ہاتھوں سے جمع کیا ہوا ڈھیر کیچڑ۔ چوتڑ۔
الجَغْرافِيَة۔ جغرافیہ۔
جَفَّ (ض) جَفَافًا وجُفُوفًا۔ خشک ہونا
صفت (جَافّ وجَفِيف) کہا جاتا ہے "جَفَّ لبدُہٗ"
یعنی اس نے اقامت اختیار کرلی اور سفر کرنا چھوڑ دیا۔
جَفَّ (ن) جَفًّا۔ المالَ: جمع کرکے لیکے چل دینا۔
جَفَّفَ۔ تَجْفِيفًا وتَجِفَّافًا۔ خشک کرنا۔
جُفِّفَ الفرسَ: پاکھر پہنانا۔
تَجَفَّفَ۔ خشک ہونا۔
اِجْتَفَّ۔ ما فی الاناء: برتن کا سب کچھ کھاجانا۔
الجَفّ والجَفَّة والجُفّ والجُفَّة۔ لوگوں کی جماعت۔ بڑی تعداد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القومُ جُفَّة" ساری قوم آئی۔ الجُفّ: کھوکھلی نالی والی چیز۔ بوڑھا۔ کہا جاتا ہے "ہو جُفُّ مالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔ الجُفَّة: بڑا ڈول۔
الجَفَف۔ سخت وخشک زمین۔
الجَفِيف۔ خشک گھاس۔
الجُفَاف۔ سوکھی ہوئی چیز۔
التِّجْفَاف والتَّجِفَّاف۔ برگستوان۔ پاکھر جمع۔ تجافیف۔
جَفَأ (ف) جَفْأً۔ النہرُ: جھاگ پھینکنا۔

— القدرُ: ابلنا — القدرَ: انڈیل دینا۔
جَفَأ الرجلَ وجَفَأ بہ الارضَ: پٹک دینا۔
اَجْفَأ۔ بہ: پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا — الناقۃَ: چلا کر تھکا دینا — البابَ: بند کردینا
اَجْفَأت وتَجَفَّأت۔ البلادُ: — بے برکت ہونا۔
اِجْتَفَأ۔ الشئَ: اکھیڑ کر پھینکنا۔
الجُفَاء۔ سیلاب کی خس وخاشاک۔ بیکار بے فائدہ۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ جُفَاءً" رائگاں گیا
جَفْجَفَ۔ الابلُ: تیزی سے ہانکنا کہ ایک دوسرے کے اوپر چڑھنے لگیں۔
تَجَفْجَفَ۔ الطائرُ: انڈے سینا۔
— الثوبُ: خشک ہونا اور کچھ نمی باقی رہجانا
الجَفْجَف۔ بلند زمین۔ پست زمین۔ بہت بیہودہ بکنے والا۔
الجَفْجَفَة۔ نئے کپڑے کی آواز۔ جَفْجَفَة الموکب: سواروں یا پیادوں کے چلنے کی آواز
الجَفَاجِف۔ ہیئت ولباس۔
جَفَخَ (ن ض) جَفْخًا۔ تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔
صفت (جَفَّاخ)
جَافَخَہٗ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
جَفُرَ (ن) جَفْرًا وتَجَفَّرَ واسْتَجْفَرَ۔ ولدُ الشاۃ: بڑا ہونا اور بڑے پیٹ والا ہونا۔
— الشئُ: کشادہ ہونا۔ جَفَرَ من المرض: صحتیاب ہونا۔ جفر ما کان فیہ: چھوڑنا۔ جفر صاحبَہٗ: قطع تعلق کرنا۔
الجَفْر۔ مم۔ کشادہ کنواں۔ ج جِفَار۔ کہا جاتا ہے "فلان مُنْہَدِمُ الجَفْر" فلاں بے عقل ہے وفَعَلْتُ ذلک من جَفْرِ او جَفْر کذا" میں نے اسکو اس کی وجہ سے کیا۔ علم الجَفْر: علم جفر ایک علم ہے جس میں اسرار حروف سے بحث کی جاتی ہے۔
الجُفْرَة۔ من الشئ: وسط۔ درمیان — من الارض: گول کشادہ زمین۔
الجَفِير۔ لکڑی کا ترکش جس میں چمڑا نہ ہو یا چمڑے کا جس میں لکڑی نہ ہو۔

الجُفُرِّی۔ شگوفہ خرما کا غلاف۔
المَجْفَرَة۔ بے تعلقی کا سبب۔
جَفِسَ (س) جَفْسًا وجَفَاسَة۔ بدہضمی ہونا۔
الجِفْس والجَفْس والجَفِيس۔ کمزور۔ لئیم۔ کمینہ۔
جَفَظَ (ن) جَفْظًا۔ الاناءَ: بھرنا۔
اِجْفَأظَ واجْفَاظَ اِجْفِئْظَاظًا۔ المقتولُ: پھول جانا۔ صفت (جَفِيظ)
المُجْفَئِظ۔ قریب بہ ہلاکت۔
جَفَعَہٗ (ف) جَفْعًا۔ پچھاڑنا۔
جَفَلَ (ن) جَفْلًا۔ الطائرُ: ہنکانا۔ کہا جاتا ہے "جَفَلَ القَنَّاصُ الوحشَ عن مراعیہا" شکاری نے وحشی جانوروں کو ان کی چراگاہوں سے ہنکا دیا
— البحرُ السمکَ: کنارہ پر ڈال دینا — الریحُ: السحابَ: اڑا لیجانا — ہ پچھاڑ دینا — الطینَ: بیلچہ سے کھرچ لینا — المتاعَ: بعض کو بعض پر رکھنا — الفیلُ: لید کرنا۔
جَفَلَ (ن ض) جُفُولًا وجَفَلًا واَجْفَلَ البعیرُ: بدکنا بھاگنا۔ صفت (جَافِل وجَفَّال)
— النعامۃُ: بھاگنا — الریحُ: تیز چلنا۔
(— واَجْفَلَ وتَجَفَّلَ) القومُ: تیز بھاگنا۔
جَفَّلَہٗ۔ بدکانا۔ بھگانا۔
تَجَفَّلَ۔ الدیکُ: کلغی کو پھڑکانا۔
الجَفْل۔ مم۔ بادل جو پانی برسا کر کھل جائے شتر مرغ جو ہر چیز سے بدکے۔ ہاتھی کی لید کشتی ج جفول۔
الجَفْلَة۔ من الشجر: بہت پتوں والا درخت
الجُفْلَة۔ اون کا ٹکڑا۔
الجُفَال۔ دودھ کی جھاگ۔ بہت اون۔ سیلاب کا خس وخاشاک۔
الجُفَالَة۔ من القدر: ہانڈی کی جھاگ۔
الجُفَالَة: لوگوں کی جماعت۔ سیلاب کا خس وخاشاک۔
ریح (جَفُول) ج جُفُل و(مُجْفِل ومِجْفَال و

مُجْفَالَۃ: تیز ہوا جو بادل کو اُڑا لے جائے۔

اَلْجَفَلٰی۔ دعوت عامہ۔ کہا جاتا ہے "دُعِیَ فلان فی النقرٰی لا فی الجَفَلٰی" وہ دعوتِ خصوصی میں بلایا گیا نہ دعوتِ عمومی میں۔

اَلْجَفِیْل۔ بہت۔ زراعت کا اتنا بڑھا ہوا حصہ جو کاٹ دیا جائے۔

الاَجْفَلَۃ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جاؤا اجفلۃ"

الاِجْفِیْل۔ بزدل۔

اَلْجَفَلَّق۔ بہت موٹی بڑھیا۔

جَفَنَ (ن) جَفْنًا۔ النَاقۃَ: ذبح کرکے بڑے پیالوں میں کھلانا ـــ نفسہ: برائیوں سے روکنا (ـــ وجَفَّنَ) الکرمُ: جڑ پکڑنا۔

جَفَّنَ۔ بڑے پیالوں میں کھلانا (ـــ و اَجْفَنَ) بہت جماع کرنا۔

اَلْجَفْنُ۔ مع۔ اوپر نیچے کا پپوٹہ۔ نیام۔ ج اَجْفَان وجُفُون واَجْفُن جَفْنٌ: انگور کی جڑ یا ٹہنیاں۔ واحد جَفْنَۃ۔

اَلْجَفْنَۃ: بڑا پیالہ۔ وہ برتن جس میں شراب بنائی جائے۔ چھوٹا کنواں۔ ج جِفَن وجِفَان وجَفَنَات۔

جَفَا یَجْفُو جَفَاءً وجَفَاءَۃً۔ ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا ـــ علیہ کذا: گراں ہونا ـــ الثوبُ: موٹا ہونا ـــ جنبُہ عن الفراش: قرار نہ پانا۔

جَفَا (ن) جَفْوًا وجَفَاءً وجَفًا۔ صاحبہ: اعراض کرنا۔ بدسلوکی سے پیش آنا۔

تَجَافَی۔ عن مکانہ: قرار نہ پانا۔

جَفَّاہ۔ بداخلاق بنا دینا۔

جَافَی۔ الرجلَ: بدسلوکی سے پیش آنا۔ دُور رکھنا۔

اَجْفَی۔ الخیلَ: سخت محنت لینا اور کھانے نہ دینا ـــ فلانًا: نہ دور کرنا۔

تَجَافَی۔ علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تجافی السرجُ عن ظہر الفرس" زین گھوڑے کی پیٹھ سے ہٹ گئی۔ "وتجافی جنبُہ عن الفراش" اُس کا پہلو بچھونے سے دُور رہا۔

اِجْتَفَی۔ الشیءَ: جگہ سے ہٹانا۔ دُور کرنا۔

اِسْتَجْفَی اِسْتِجْفَاءً۔ الشیءَ: بدسلوک سمجھنا ـــ ہ: دوری چاہنا۔

الجَفْوَۃ والجِفْوَۃ۔ اُجڈپن۔ بدسلوکی

الجَافِی۔ موٹا۔ جَافِی الخلق: اُجڈ بداخلاق ج جُفَاۃ۔ مونث جَافِیَۃ۔ ج جَافِیَات وجَوَافٍ

جَفَی (ض) جَفْیًا۔ الرجلَ: پچھاڑ دینا۔ (ـــ واجتفی) النباتَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

جَقَّ (ن) جَقًّا۔ الطائرُ: بیٹ کرنا۔

الجِقَّۃ۔ بڑھیا اونٹنی۔

جَکِرَ (س) جَکَرًا (واَجْکَرَ) بیچنے میں اصرار کرنا

الجَکَرَۃ۔ حاجت۔

الجَکْجَکَۃ۔ لوہے پر لوہا گرنے کی جھنکار

جَلَّ (ض) جَلَالًا وجَلَالَۃً۔ بڑے مرتبہ والا ہونا۔ تم کہتے ہو "جَلَّ فلان فی عینی" فلاں میری نظر میں عظیم المرتبہ ہو گیا۔ جسم میں بڑا ہونا عمر میں بڑا ہونا۔ صفت (جَلِیْل) ج اَجِلَّاء۔ واَجِلَّۃ۔ وجِلَّۃ۔ و (جِلّ وجُلّ وجُلَّال وجُلَّال)

جَلَّلَ وتَجَالَّ۔ عن کذا: اپنے کو بالا و برتر سمجھنا۔ تَجَالَّ علیہ: بڑا بننا۔ جَلَّ جَلًّا وجَلَّلَ۔ الفرسَ: جھول ڈالنا۔

جَلَّ (ن ض) جُلُوْلًا وجَلًّا۔ اپنے وطن سے دوسرے شہر کو چلا جانا۔ صفت (جَالّ) ج جَالَّۃ۔

جَلَّ (ن ض) جَلًّا وجَلَّۃً واجْتَلَّ۔ البعرَ: مینگنی چننا ـــ الشیءَ: بڑے حصہ کو لینا

جَلَّلَ۔ الشیءُ: عام ہونا ـــ الشیءَ: ڈھانپ لینا اور اسی سے ہے "جَلَّلَ المطرُ الارضَ" بارش نے زمین کو ڈھانپ لیا ـــ الرجلَ: تعظیم کرنا۔

اَجَلَّ اِجْلَالًا۔ تعظیم کرنا ـــ عن العیب: پاک کرنا ـــ الرجلُ: قوی ہونا۔ کمزور ہونا۔ عمرًا وزیدًا: بہت دینا۔ کہا جاتا ہے "اتیت فلانًا فما اجلّنی وما ادقنی" میں فلاں کے پاس آیا تو اُس نے مجھے زیادہ دیا نہ تھوڑا۔

تَجَلَّلَ۔ بڑا ہونا ـــ بالثوب: اوڑھنا۔ تَجَلَّلَہ: غالب ہونا۔

الجُلّ۔ مع چنبیلی۔ سفید۔ سرخ۔ زرد۔ گلاب کا پھول۔ واحد جُلَّۃ۔ بادبان۔ ج جُلُول

الجُلّ والجَلّ۔ جھول۔ ج جِلَال اَجْلَال۔

جُلُّ الشیءِ: چیز کا بڑا حصہ۔ جُلُّ البیتِ: وہ جگہ جہاں خیمہ نصب کیا جائے۔ والجُلُّ: موٹا۔ بھاری کہا جاتا ہے "فعلہ من جُلِّکَ" اُس نے اسکو تیری وجہ سے کیا

الجِلّ۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "مالہٗ دِقٌّ ولا جِلٌّ" اس کے پاس نہ کم ہے نہ بہت ـــ من المتاع: فرش بچھونا۔ چادر وغیرہ۔ رجل جِلٌّ: مرد بزرگ

اَمْرٌ جَلَلٌ۔ بڑا معاملہ۔ آسان معاملہ۔ کہا جاتا ہے "فعلتہ من جَلَلِکَ ومن اَجْلَالِکَ ومن تَجِلَّتِکَ" میں نے تمہاری وجہ یا تمہاری تعظیم کی وجہ سے کیا

الجُلّۃ۔ تثلیث الجیم: مینگنی۔ اور کہا جاتا ہے "قوم جِلَّۃ" بڑے لوگ۔ یہ جلیل کی جمع ہے۔

الجُلَّۃ۔ بڑا ٹوکرا۔ ج جِلَال وجُلَل۔

الجَالَّۃ۔ وہ لوگ جو اپنے وطن سے چلے گئے ہوں۔

الجُلّٰی۔ الاجلّ کا مونث۔ بڑا معاملہ۔ امر عظیم الشان۔ ج جُلَل۔

التَّجِلَّۃ: عظمت و بزرگی۔

المَجَلَّۃ۔ رسالہ۔ کاپی۔

الجَلَّالَۃ۔ پلیدی کھانے والی گائے۔

المُجَلِّل۔ فا۔ سحاب مُجَلِّل: عام بارش والا بادل۔ امرٌ مُجَلِّل: عام معاملہ۔

جَلَأَہ (ف) جَلْأً وجَلَأً وجَلَاءَۃً۔ پچھاڑ دینا۔ ٹپک دینا۔ جَلَأَہ بالثوب: پھینکنا۔

جَلَبَہ (ن ض) جَلْبًا وجَلَبًا۔ ہانک کر لانا ـــ الرجلُ: جانا ـــ الجرحُ: اچھا ہونا۔ (ـــ واجْلَبَ) القومَ: جمع کرنا۔ جَلَبَہ واَجْلَبَہ: دھمکانا۔ جَلَبَ واَجْلَبَ لاہلہ: کمانا۔ جَلَبَ واَجْلَبَ علی الفرس: چلا کر آگے بڑھنے پر اکسانا۔ جَلَبَ واَجْلَبَ الدمُ: خشک ہونا۔ جَلَبَ و

اَجْلَبَ القومُ: شور و غوغا کرنا۔
جَلِبَ (س) جَلَبًا۔ اکٹھا ہونا۔
جَلَبَ (ن) جَلْبًا۔ علیہ: گناہ کرنا۔
جَلَّبَ۔ القومُ: چیخنا چلانا — علی الفرس: ڈانٹنا (— واَجْلَبَ) القومُ: ہر طرف سے جنگ کے لئے اکٹھا ہونا۔
اِنْجَلَبَ۔ جانا۔
اِجْتَلَبَ۔ لانا۔
اِسْتَجْلَبَ: کسی چیز کو حاصل کرنا۔ یا سبب بن جانا۔
الجَلْب۔ مص گناہ۔ جرم۔
الجَلَب۔ مص۔ مال جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں لیجائیں۔ ج اَجلاب (— والجَلَبَۃ) شور و غوغا
الجُلْب۔ بے پانی کا بادل۔ بادل جو پہاڑ کی طرح دکھائی دے۔ رات کی تاریکی۔ جُلْبُ الرَّحل وجِلبُہ: کجاوہ کی لکڑیاں۔
الجُلْبَۃ۔ کھرنڈ۔ پتھر جو تہ بتہ ہوں جس میں جانوروں کیلئے راستہ باقی نہ رہے۔ گھاس کے متفرق قطعے۔ سبز کانٹے دار درخت۔ بادل کا ٹکڑا۔ چمڑا جو پالان پر لگایا جائے۔ جُلْبَۃُ الشتاء: سردی کی شدت۔ ج جُلَب۔
الجَلِیب۔ لایا ہوا۔ کھینچا ہوا۔ کہا جاتا ہے۔ "عبدٌ جَلِیبٌ" زرخرید غلام۔ ج جَلْبٰی وجُلَباء و "امرأۃ جَلِیبٌ وجَلِیبَۃٌ" کہیں سے لائی ہوئی عورت۔ ج جَلْبٰی وجَلائِب۔
الجَلُوبَۃ۔ اونٹ جس پر سامان کو لادا جائے۔
الجَلّاب۔ غلاموں کو تجارت کیلئے ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانے والا۔
الجُلّاب والجُلاب۔ گلاب اور شکر یا شہد کا بنا ہوا شربت۔ گلاب کا عرق۔
الجُلُبّان۔ مٹر۔ چمڑے کا تھیلا۔ اور کہا جاتا ہے رجل جُلُبّان وجُلُبّان "شور مچانے والا مرد"
الجِلّاب والمُجَلِّب۔ بدخلق بیہودہ گو۔ شور مچانے والا۔
المَجْلَبَۃ۔ کسی چیز کے حاصل کرنے کا سبب باعث۔
جَلْبَبَہٗ۔ چادر یا قمیص پہنانا۔
تَجَلْبَبَ۔ چادر یا قمیص پہننا۔
الجِلْباب والجِلِبّاب۔ چادر یا قمیص ج۔ جَلابیب۔
جَلَتَہٗ (ض) جَلْتًا واجْتَلَتَہٗ۔ مارنا
جَلْجَلَ۔ الرجلُ: زور سے بولنا — السحابُ: گرجنا۔ جَلْجَلَہٗ: حرکت دینا۔ جُلْجِلَ الوترُ: مضبوط بٹنا — البعیرَ: جھانجھ لٹکانا۔
تَجَلْجَلَت۔ قواعدُ البیت: ہل جانا۔ تَجَلْجَلَ فی الارض: گھسنا — الامرُ فی نفسہ: دل میں کسی خیال کا آنا۔
الجَلاجِل۔ گھونگھرو۔ واحد (جُلْجُل)
جَلاجِلُ النفس۔ وہ خیالات جو دل میں آئیں۔ تم کہتے ہو: "بَثَثْتُہٗ جَلاجِلَ نفسی" میں نے اس سے اپنے دل کی بات کہدی۔
الجَلْجَل والجُلاجِل۔ پھرتیلا۔ چابکدست
الجَلْجَلَۃ۔ مص۔ بادل کی گرج۔ گھنٹی کی آواز۔
الجُلْجُلان۔ دھنیے کے دانے۔ تل کا دانہ۔ جُلْجُلانُ الشیء: بڑی چیز۔ جُلْجُلانُ القلب: سویداء قلب۔ کہتے ہیں: "خرج من جُلْجُلانِ القلب الی فُحِّ الاذن" یعنی دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے۔
المُجَلْجِل۔ بڑا سردار یا وہ شخص جس کی آواز دور تک جائے۔ گرجنے والا بادل۔ بے عیب ظریف۔ وعددٌ مُجَلْجِل: بڑی تعداد۔
جَلَحَت (ت) جَلْحًا۔ الماشیۃُ الشجرَ: اوپر کے حصے کو چر جانا۔
جَلِحَ (س) جَلَحًا۔ سر کے دونوں جانب سے گرے ہوئے بالوں والا ہونا۔ صفت (اَجْلَح) ج جُلْح واجلاح وجُلْحان۔ مونث جَلْحاء
— الثورُ: بے سینگ والا ہونا — الارضُ: زمین کی گھاس کا چر لیا جانا۔ — القریٰ: حفاظتی قلعوں کا باقی نہ رہنا۔
جُلِّحَت۔ الشجرۃ: اوپر سے کھایا جانا — الارضُ: گھاس کا چر جانا۔
جَلَّحَ۔ علی الشیء: سخت پیش قدمی کرنا — فی الامر: پختہ ارادہ کرنا — السبعُ علی القوم: حملہ کرنا۔ جَلَّحَت الماشیۃُ الشجرَ: اوپر سے چرنا۔
جالَحَہٗ۔ کھلم کھلا دشمنی کرنا۔ جالَحَ بالشیء: کھلم کھلا کرنا۔
الجَلَحَۃ۔ سر کے دونوں جانب بال گرنے کی جگہ۔
الجُلاح۔ سخت سیلاب۔
ارضٌ (جَلْحاء) بغیر درخت والی زمین۔ بقرۃٌ جَلْحاء: بے سینگ والی گائے۔ قریۃ جلحاء: بے قلعہ والی آبادی۔ سُطوحٌ جُلْح: بغیر پردہ کی دیوار والی چھتیں۔
سَنَۃٌ (جَالِحَۃ) خشک سال۔ ج جَوالِح۔ الجَوالِح: وہ چیز جو بانس کے اندر سے روئی کی مانند نکل کر اڑتی ہے۔ برف کے ٹکڑے جو ایک دوسرے پر گریں۔
المُجالِح۔ فا۔ شیرہ — والمِجلاح والمِجلَحۃ: جاڑے میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ ج المَجالِح: قحط جس میں مویشی وغیرہ برباد ہو جائیں۔
المُجَلِّح۔ بہت کھانے والا۔
جَلَخَ (ف) جَلْخًا۔ السیلُ الوادیَ: بھر دینا یا دونوں طرف کے کناروں کو کاٹ دینا۔ — الشیءَ: کھینچنا۔ دراز کرنا — ہ: پچھاڑنا — فلانًا بالسیف: گوشت میں سے کچھ کاٹ لینا (— وجَلَّخَ) المُوسٰی: تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔ (مولد)
اِجْلَخَّ۔ الشیخ: کمزور ہونا اور اعضاء کا ڈھیلا پڑ جانا۔
الجِلّاخ۔ بڑا سیلاب۔ گہری وادی۔
جَلَدَہٗ (ض) جَلْدًا۔ بالسیاط: کوڑے مارنا — ہٗ علی الامر: مجبور کرنا — بالارض: پچھاڑنا۔ جلدت الحیۃ: ڈسنا۔
جَلُدَ (ک) جَلَدًا وجَلادۃً وجُلودۃً

وَمَجْلُوْدًا) صبر واستقلال وقوت دکھلانا۔
جَلِدَ (س) جَلَدًا اَوْ جُلِدَ اُجْلِدَ۔
المکانُ: پالا پڑنا۔ صفت مفعولی (مَجْلُوْدٌ)
جَلَّدَ۔ الکتابَ: جلد باندھنا — الجزورَ: کھال اُتارنا۔
جَالَدَهٗ۔ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
اَجْلَدَهٗ۔ الیه: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔
تَجَلَّدَ۔ صبر واستقلال ظاہر کرنا۔
تَجَالَدُوْا وَاجْتَلَدُوْا۔ بالسیوف: تلوار سے مارنا۔ اِجْلَنْدَ الاناءُ: سارا پی جانا۔
الجَلْدُ۔ مع۔ مضبوط۔ قوی۔ ج اجلاد۔ مونث۔ جَلْدَةٌ۔ وَاَجْلَادُ الانسان و(تجالیدہ) جسم واعضاء کو کہتے ہیں۔ شبہ اجلادُ فلان باجلاد ابیہ فلاں کے اعضاء اس کے باپ کے اعضاء سے کس قدر مشابہ ہیں۔
الجَلَدُ۔ مع۔ آسمان یا نیلا گنبد۔ کھال (— والجَلَدَةُ) سخت زمین۔
الجِلْدُ۔ کھال۔ ج اَجْلَادٌ وجُلُودٌ و(الجِلْدَةُ) کھال کا ٹکڑا یا کھال کی قسم۔ ج جِلَدٌ۔ کہا جاتا ہے "ہم من جِلْدَتِنَا" وہ لوگ اپنے ہی آدمی ہیں۔
الجَلِیْدُ۔ قوت والا۔ صابر۔ چالاک۔ ج جُلَدَاءُ وجِلَادٌ وجُلُدٌ۔ الجَلِیْدُ: پالا۔
الجِلَادُ۔ بڑے بڑے سخت کھجور کے درخت بہت دودھ والی اونٹنیاں۔
الجَلَّادُ۔ کوڑے سے مارنے والا۔ تلوار سے مارنے والا۔ سزا دینے والا۔ کھال بیچنے والا۔
المِجْلَدُ المِجْلَادُ۔ چمڑے کا ٹکڑا جس کو نوحہ کرنیوالی عورت اپنے منہ پر مارا کرتی ہے۔ کوڑا۔ ج مَجَالِدُ ومَجَالِیْدُ۔
المِجْلَدَةُ۔ کوڑا۔
عَظْمٌ (مُجَلَّدٌ) صرف کھال لگی ہڈی۔ فرس مجلد: کوڑا مارنے سے نہ چونکنے والا گھوڑا۔
اِجْلَوَّذَ اِجْلِوَّاذًا۔ تیز جانا — اللیلُ: لمبی ہونا یا ختم ہونا — بہم السیرُ: تیزی کیساتھ چلنا — المطرُ: زمانہ بارش کے اختتام

کے بعد تک برستا رہنا۔
الجُلْذُ۔ چھچھوندر۔ ج مَنَاجِذُ۔ من غیر لفظہا
الجُلْذِیُّ والجُلَاذِیُّ۔ گرجا کا خادم۔ راہب۔ کاریگر۔ ج جَلَاذِیُّ۔ الجُلْذِیُّ و الجُلُوْذُ: قوی موٹا اونٹ۔
جَلَزَ (ض) جَلْزًا۔ الراسَ: پٹی باندھنا۔ — الشئَ الی الشئِ: ملانا (— وجَلَّزَ) السکینَ: دستہ باندھنا۔ وجَلَزَ الرجلُ: تیز جانا
تَجَلَّزَ۔ الامرَ: آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا۔
جَلَوَّزَ۔ بین یدی الامیر: امیر کے سامنے آنے جانے میں چستی دکھلانا۔
جَلْزُ۔ السنانِ: بھالے کے نیچے کا گول حلقہ
الجِلَازُ۔ کوڑے کے کنارے پر بندھا ہوا تسمہ۔ ج جَلَائِزُ۔
الجِلْوَزَةُ۔ آمد و رفت میں چستی۔
الجِلْوَازُ۔ سپاہی۔ بادشاہ کے سامنے تیز تیز چلنے والا۔ ج جَلَاوِزَةٌ۔
الجِلْوَزُ۔ بڑے جسم والا بہادر۔ چلغوزہ۔
المُجَلْوَزُ۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "فلان مجلوز العمل" فلاں کام میں مشاق ہے۔
جَلَسَ (ض) جُلُوْسًا ومَجْلِسًا۔ بیٹھنا۔ صفت: جَالِسٌ۔ ج جُلُوْسٌ وجُلَّاسٌ۔
جَالَسَهٗ مُجَالَسَةً۔ ساتھ بیٹھنا۔
جَلَّسَهٗ واَجْلَسَهٗ۔ بٹھانا۔
تَجَالَسُوْا۔ فی المحاکم: عدالتوں میں بیٹھنا اور بحث کرنا۔
اِسْتَجْلَسَهٗ۔ بیٹھنے کو کہنا۔
الجَلْسَةُ۔ الجلوس کا اسم مرۃ۔ ایک بیٹھک
الجِلْسَةُ۔ بیٹھنے والے کی ہیئت۔
الجَلْسُ۔ بڑی اور سخت چٹان۔ بلند زمین جَمَلٌ جَلْسٌ: مضبوط اونٹ۔ ناقۃ جَلْسٌ: مضبوط اونٹنی۔ شہد جَلْسٌ: گاڑھا شہد۔
الجَلِیْسُ۔ ج جُلَسَاءُ وجُلَّاسٌ۔ (الجِلْس والجَلِیْسُ) ہم نشین۔
الجُلَسَةُ۔ بہت بیٹھنے والا۔

المَجْلِسُ۔ بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھنے والے لوگ کچہری۔
المَجْلِسَةُ۔ بیٹھنے کی جگہ۔
جَلَطَ (ض) جَلْطًا۔ قسم کھانا اور جھوٹ بولنا — الراسَ: مونڈنا — السیفَ: سونتنا — الجلدَ: کھال اُتارنا — بسلحہٖ: بیٹ کرنا۔
اِنْجَلَطَ۔ البعیرُ: تیز چلنا — الشئُ: پرانا ہونا گھس جانا۔
جَالَطَهٗ۔ باہم مکر کرنا۔
اِجْتَلَطَهٗ۔ اُچک لینا — ما فی الاناءِ: سب پی جانا۔
الجُلْطَةُ۔ خون بستہ یا دہی کی تھوڑی مقدار۔
امرأۃ (جَلُوْطٌ) بے حیا عورت۔
جَلِعَ (س) جَلَعًا۔ ہونٹوں کے نہ ملنے کی وجہ سے کھلے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت (جَلِعٌ و اَجْلَعُ) مونث جَلِعَةٌ وجَلْعَاءُ۔
جَلَعَتْ (ف) جُلُوْعًا۔ المرأۃُ: بے حیا ہونا صفت (جَالِعٌ وجَالِعَةٌ)
جَالَعَ۔ القومُ: جھگڑا کرنا۔ فحش باتیں کرنا۔
اِنْجَلَعَ۔ الشئُ: کھلنا۔
الجَالِعُ۔ کھلے ہوئے چہرے والی عورت۔ بے حیا۔
الجَلَعَةُ۔ ہنسنے کے وقت دانت کھلنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لطیفُ الجَلَعَةِ"
الجَلَعْمُ۔ بے حیا۔
اِجْلَعَبَّ واِجْلَعَدَّ۔ بستر پر دراز ہو جانا
الجَلْعَدُ۔ سخت و مضبوط۔
الجَلَاعِدُ۔ من الابل: مضبوط اونٹ۔ ج جَلَاعِدُ۔
جَلَفَ (ن) جَلْفًا۔ بالسیف: ٹکڑے کر دینا
جَالَفَ۔ تلوار سے مقابلہ کرنا۔
جَلَفَهٗ (ن) جَلْفًا۔ کھرچنا۔ کہا جاتا ہے "جلفَ الطینَ عن الحجر" اس نے مٹی کو پتھر سے کھرچ دیا — الظفرَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
— ہ بالسیف: گوشت میں سے ٹکڑا کاٹ لینا۔

—— ہ الدہرُ: تباہ کردینا۔

جَلَفَ (س) جَلَفاً وجَلاَفَۃً۔ اجڈ ہونا

جَلَّفَ۔ الرجُلَ اموالَہم: تباہ کرنا۔

تَجَلَّفَ۔ لاغرو کمزور ہونا۔

اِجْتَلَفَ۔ جڑسے اکھیڑنا —— ہ الدہرُ: تباہ کرنا۔

الجِلْف۔ اکھڑ اور اُجڈ۔ بیوقوف۔ خالی مٹکا۔ برتن۔ بغیر سر کے دھڑ۔ روٹی کا کنارہ۔ ج اَجْلاَف وجُلُوف۔

الجَلِيف۔ کھُرچا ہوا۔ اکھڑ اور اُجڈ۔ ظالم مونث جَلِيفَۃ۔ کہا جاتا ہے " اصابتہم جَلِيفَۃ عظیمۃ " انکو سخت قحط سالی لاحق ہوئی۔ جس نے اُن کے مال کو تباہ کر دیا۔ ج جَلاَئِف و جُلُف وجَلْف۔ الجَلاَئِف: طغیانیاں۔

الجُلْفَۃ۔ چمڑے وغیرہ کا تراشہ۔

الجِلْفَۃ۔ خشک روٹی کا ٹکڑا۔ ج جِلَف

الجِلْفَۃ والجَلَفَۃ۔ من القلم: زبانِ قلم

الجِلاَف۔ گارا۔ کیچڑ۔

الجِلاَفِي۔ بڑا ڈول۔

المُجَلَّف۔ وہ شخص جس کا مال قحط سالی میں تباہ ہوا ہو۔ وہ چیز جس کا کچھ حصہ باقی ہو۔

جَلْفَطَ وجَلْفَظَ۔ السفینۃَ: کشتی کے درز بند کرنا۔ عوام قَلْفَطَ استعمال کرتے ہیں۔

الجِلْفَاط والجِلْفَاظ۔ کشتی کے درز بند کرنے والا۔

جَلَقَ (ض) جَلْقاً۔ الرأسَ: مونڈنا —— القومَ بالمنجنیق: آلۂ سنگ اندازسے دشمن پر حملہ کرنا۔

تَجَلَّقَ۔ ہنسنے میں دانت نکالنا۔

الجُلاَقَۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے۔ "رجل جلاقۃ" دبلا مرد۔

الجُوالِق والجَوَالِق۔ اُون یا بالوں کی گون ج جَوَالِيق۔ (معرب)

جِلِّق وجِلِق۔ دمشق یا اس کے حوالی کے مرغزار۔

الجَلَنْكَى والجُلُنْكَى۔ ایک قسم کی مچھلی ماہی کے مشابہ۔

جَلَمَہٗ (ض) جَلْماً واجْتَلَمَہٗ۔ کاٹنا۔ الصُّوفَ: کترنا —— الجَزورَ: ہڈیوں پر سے گوشت اتارنا۔

الجَلَم والجَلَمَان۔ اون کترنے کی قینچی جلمان پر تثنیہ اور مفرد دونوں کا اعراب آتا ہے۔ جیسے شَرَيْتُ الجَلَمَيْن وشَرَيْتُ الجَلَمَان۔

الجَلَم: بکرا۔ بکری کا بچہ۔ ج جِلاَم۔ الجَلَم: ایک قسم کا شکاری پرندہ۔

الجَلْمَۃ والجُلْمَۃ والجَلَمَۃ۔ سب پوری چیز۔ تم کہتے ہو اخذت الشئ بجلمتہ " میں نے پوری چیز لے لی۔ وہذہ جُلْمَۃُ الجزور " یہ ذبح کئے ہوئے جانور کا سارا گوشت ہے۔

الجُلاَمَۃ۔ کتری ہوئی اون۔

الجُلَيْلِم۔ چودھویں رات کا چاند۔

الجَلْمَد۔ ج جَلاَمِد (الجلمود) ج جلامید: پتھر۔ چٹان۔ رجل جَلْمَدٌ: قوی مضبوط مرد۔ ارض جَلْمَدَۃ: پتھریلی زمین۔ "رجع اوبعض جلمدہ " اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو جنگل میں مشہور ہو اور کچھ سے بھاگے۔ الجُلْمُد والجُلْمُود: اونٹوں کا بڑا گلہ۔

جَلْمَقَ۔ القوسَ: کمان پر تانت چڑھانا۔

الجِلْمَاق۔ پٹھا جس سے تانت بنائی جاتی ہے

الجَلْمَق۔ قبا ج جَلاَمِق۔

الجُلَّنَار۔ گل انار۔

الجُلَّنْجَبِين۔ گل قند۔

جَلاَہ (ن) جَلْہاً۔ الشئَ: ظاہر کرنا۔ دور کرنا —— المرءَ: باز رکھنا —— العمامۃ: پیشانی سے بلند کرنا۔

جَلِہَ (س) جَلَہاً۔ سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا اڑجانا۔ صفت (اَجْلَہ)

الجَلْہَۃ۔ من الوادی: وادی کا کنارہ۔ وادی کے سامنے والی جہت۔ ج جِلاَہ۔

بیت (مُجَلُّوہ) بغیر دروازہ اور پردہ کے مکان۔

الجُلاَہِق۔ غلہ۔ گولی۔ اور بقول بعض غلیل (فارسیہ)

الجُلْہُم۔ بڑا چوہا۔

الجُلْہُوم۔ بڑی جماعت۔

جَلاَ (ن) جَلاَءً۔ ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ —— عن بلدہ ومنہ: نکلنا —— الشئُ: بلند ہونا۔

جَلاَ (ن) جَلْواً وجَلاَءً۔ الامرَ: واضح کرنا ظاہر کرنا —— الرجلَ عن بلدہ: جلاوطن کرنا۔

—— النحلَ: شہد نکالنے کے لئے دھواں کرنا۔

—— عنہ الہمَّ: زائل کرنا۔ دور کرنا —— السیفَ: صیقل کرنا البصرَ بالکحل: روشن کرنا۔

(جلوۃ بتثلیث الجیم وجِلاَءً واجْتَلَى) العروسَ علی زوجہا۔ بناؤ سنگار کرکے پیش کرنا۔

جَلاَ (ن) وجَلَّى۔ الزوجُ عروسہٗ ہدیۃ: شب زفاف میں ہدیہ دینا۔

جَلِيَ (س) جَلًى۔ سر کے اگلے حصہ کے بال کا اڑجانا۔ صفت (اَجْلَى) مونث جَلْوَاء۔ جبہۃ جَلْوَاء: کشادہ پیشانی۔

جَلَّى۔ فلاناً وعن فلان الامرَ: کسی کی مصیبت کو دور کر دینا۔ جَلَّى بنظرہ۔ نظر ڈالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "جلّی البازی" باز نے سر اٹھا کر شکار کو دیکھا۔

—— عن ضمیرہ: مافی الضمیر ظاہر کرنا۔

جَالَى۔ فلاناً بامرٍ: دوسرے کے سامنے ظاہر کرنا۔ کھلم کھلا کرنا۔

اَجْلَى۔ عن بلدہ: نکلنا۔ اَجْلاَہ عن بلدہ: نکالنا —— الرجلُ منزلَہٗ: خوف کی وجہ سے چھوڑ دینا تم کہتے ہو "اَجْلَوا عن القتیل" مقتول کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔

تَجَلَّى تَجَلِّياً۔ الشئُ: اچھی طرح ظاہر ہونا۔ —— المکانَ: چڑھنا —— الشئَ: گردن بلند کرکے دیکھنا۔

تَجَالَى۔ القومُ: ہر ایک کا حال دوسرے پر ظاہر ہونا۔

اِنْجَلَى۔ ظاہر ہونا۔ تم کہتے ہو "انجلی الہمُّ عن قلبی" غم میرے دل سے دور ہوگیا۔

اِجْتَلَى - الشَّیْءَ: دیکھنا ــــ العِمَامَةَ: عمامہ کو پیشانی سے بلند کرنا ــــ النَّحْلَ: شہد نکالنے کے لئے دھواں کرنا۔
اِسْتَجْلَى - الشَّیْءَ: ظاہر کرنیکو کہنا ــــ العَرُوسُ: آراستہ ہوکر خاوند کے سامنے ظاہر ہونا۔
اِجْلَوْلَى اِجْلِیلَاءً - الرَّجُلُ: ایک شہر سے دوسرے شہر کو جانا۔
الجَلَا - سر کے بالوں کے گرنے کی ابتداء ایک قسم کا سرمہ - ظہور و ضوح۔
اِبْنُ جَلَا - کھلی ہوئی چیز - صبح - چاند۔
الجَلَاءُ - مم - کھلا ہوا معاملہ - کہا جاتا ہے۔ "اَقَمْتُ جَلَاءَ یَوْمٍ" میں نے پورے دن اقامت کی
الجِلَاءُ - سُرمہ۔
الجِلْوَةُ - شب زفاف کا ہدیہ جو شوہر دے
الجَالِیَةُ - الجالی کا مؤنث - مسافر لوگ جنھوں نے اپنے وطن کو چھوڑ دیا ہو - ذمّی - جزیہ جو ذمیوں سے وصول کیا جائے - پھر اس کا استعمال ہر قسم کے خراج پر ہونے لگا - ج جوالی مفرد جالی۔
الجَلِیُّ - واضح - روشن صیقل کیا ہوا - مؤنث جَلِیَّةٌ - عَیْنٌ جَلِیَّةٌ: دیدۂ بینا۔
جَلِیَّةٌ - الامر: کھلا ہوا معاملہ - یقینی خبر۔
الاَجْلَى - روشن - واضح - نمایاں - خوبصورت چہرہ والا - وہ شخص جس کے سر کے اگلے بال اُڑ گئے ہوں - مؤنث جَلْوَاءُ - جَبْهَةٌ جَلْوَاءُ: کشادہ پیشانی - سَمَاءٌ جَلْوَاءُ: آسمان بے ابر - تم کہتے ہو۔ "فَعَلْتُهُ مِنْ اَجْلَاكَ" میں نے اسکو تمہاری وجہ کر کیا - ابن اَجْلَى: صبح۔
المَجْلَى - سر کا اگلا حصہ جس سے بال گر گئے ہوں - ج مَجَالٍ۔
المَجْلُوُّ - جس کی طرف دیکھا جائے۔
جَلَى (ن) جَلْیًا - السیفَ: صیقل کرنا۔
جَلَّى - الامرَ: ظاہر کرنا ــــ الفرسُ: میدان میں آگے بڑھنا۔
الجَلِّیُّ - چھت کا روشن دان۔

المُجَلِّی - میدان میں آگے رہنے والا۔
التَّجَلِّیَانِ - کشف و اظہار۔

جَمَّ (ن ض) جُمُومًا - الماءُ: کثرت سے جمع ہونا ــــ العظمُ: زیادہ گوشت والی ہونا۔ البئرُ: زیادہ پانی والا ہونا صفت (جَمُوم) ــــ الفراقُ: قریب ہونا ــــ القومُ: آرام پانا اور زیادہ ہونا۔ (ــــ جَمًّا و جِمَامًا و جَمَامًا)۔
الکیلَ: لبالب بھر کر ناپنا ــــ الماءَ: جمع ہونے دینا ــــ المِکْیَالَ: چوٹی تک بھرنا۔
(ــــ و اَجَمَّ و اِجْتَمَّ) الفرسَ: کوتل چھوڑ دینا۔
جَمَّمَ - المکیالَ: چوٹی تک بھرنا (ــــ و تَجَمَّمَ) النبتُ: گنجان ہونا - بکثرت بڑھنا صفت (جَمِیم) ج اَجِمَّاء۔
اَجَمَّ - الامرُ: قریب ہونا ــــ الفراقُ: وقت آنا ــــ الماءَ: جمع ہونے دینا ــــ الفرسَ: کوتل چھوڑ دینا - اور اسی سے ہے۔ "اَجِمَّ نَفْسَكَ یَوْمًا اَوْ یَوْمَیْنِ" اپنے آپ کو دو ایک روز آرام پہونچاؤ اور کام نہ کرو۔
اِسْتَجَمَّ - الماءُ: بکثرت جمع ہونا ــــ الارضُ: اُگنا ــــ البئرَ: بھر جانے کیلئے چھوڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاَسْتَجِمُّ قَلْبِی بِشَیْءٍ مِنَ اللَّهْوِ" میں اپنے دل کو کھیل کود سے بہلاؤں گا۔
الجَمُّ - مم بڑی تعداد - کہا جاتا ہے "جَاؤُوا جَمًّا غَفِیرًا اَوْ جَمَّ الغَفِیرِ و جَمَّ الغَفِیرَةِ و الجَمَّاءَ الغَفِیرَةَ" یعنی پوری جماعت شریف و رذیل سبھی بکثرت آئے - الجَمُّ مِنَ الماءِ: پانی کا بڑا حصہ۔ ج جِمَام و جُمُوم۔
الجِمَامُ - بتثلیث الجیم و (الجُمَمُ) وہ حصہ جو پیمانے کے بھرنے کے بعد سرے پر ہو - کہا جاتا ہے "جِمَامُ القَدَحِ مَاءً" یعنی پانی سے بھرا ہوا پیالہ - الجُمَمُ: بڑی تعداد۔
الجَمَامُ - تھکن کے بعد گھوڑے کا آرام لینا
الجَمَّةُ - بہت پانی والا کنواں - پانی جمع ہونیکی جگہ - کہا جاتا ہے "اِسْتَقِ مِنْ جَمَّةِ البئرِ" زیادہ پانی والے کنوئیں سے پانی نکال - ج جِمَام۔
الجُمَّةُ و الجُمَّةُ - اکثر حصہ - کہا جاتا ہے "جَاؤُوا فِی جُمَّةٍ کَثِیرَةٍ" وہ لوگ بڑی تعداد میں آئے - و الجُمَّةُ: سر کے بالوں کی کثرت - لَو سے نیچے تک کے بال - ج جُمَم۔
الجِمُّ - شیطان۔
الجُمُّ - ایک قسم کی سیپی۔
الجَمَّامُ و الجَمَّانُ - لبالب بھرا ہوا پیمانہ
الاَجَمُّ - بے سینگ والا مینڈھا - مؤنث جَمَّاءُ - ج جُمّ - بغیر نیزہ کے لڑنے والا - الحِصْنُ الاَجَمُّ بغیر کنگرہ والا قلعہ - بنیان الاجم - بغیر کنگرہ والی عمارت۔
الجَمَّاءُ - بھرا ہوا - کہا جاتا ہے "اِمْرَاَةٌ جَمَّاءُ العِظَامِ" بہت فربہ عورت - اَرْضٌ جَمَّاءُ: ہموار زمین۔ کہتے ہیں "جَاؤُوا جَمَّاءَ الغَفِیرِ و جَمَّاءَ الغَفِیرَةِ و الجَمَّاءَ الغَفِیرَةَ و جَمَّاءَ غَفِیرَةً و بِجَمَّاءِ الغَفِیرِ الجَمَّةِ" یعنی سب لوگ آئے۔
المَجَمُّ و المَجَمَّةُ - سینہ - کہا جاتا ہے "هُوَ رَحْبُ المَجَمِّ" وہ فراخ دل ہے۔
الجُمَّانِیُّ و المُجَمَّمُ - وہ شخص جس کے سر میں بال بہت ہوں۔
الجُمْجُمِیُّ - باقلی۔

جَمِئَ (س) جَمَاً - علیہ: غضبناک ہونا۔
تَجَمَّاَ - فی ثیابہ: لپٹنا ــــ القومُ: اکٹھا ہونا۔
الجُمَاُ و الجُمَاءُ - شخص۔

جَمْجَمَ جَمْجَمَةً و تَجَمْجَمَ - الکلامَ: غیر واضح گفتگو کرنا - کہا جاتا ہے "تَجَمْجَمَ عَنِ الامرِ" یعنی پیچھے ہٹ گیا - "و جَمْجَمَ شَیْئًا فِی صَدْرِهِ" اس نے اپنے سینہ میں پوشیدہ رکھا۔
الجُمْجُمَةُ - کھوپڑی - لکڑی کا پیالہ - کنواں جو زمین شور میں کھودا جائے - ج جَمَاجِم - الجَمَاجِم - سردار لوگ۔

جَمَحَ (ف) جِمَاحًا و جُمَاحًا و جُمُوحًا - الفرسُ: سرکشی کرنا - سوار کے قابو میں نہ آنا۔

صفت مذکر و مؤنث (جامح) ج جوامح۔ اور اسی
سے ہے "جمحت المرأة زوجہا" جبکہ شوہر کو چھوڑ دے
اور اپنے میکہ چلی جائے۔ ذ جمح الرجل: خود سر
ہونا۔ خود رائے ہونا۔ کہا جاتا ہے "جمحت
المفازة بالقوم" بیابان نے قوم کو ہلاک
کر دیا ذ جمح بفلان مرادہ" یعنی اس نے اپنی
مراد کو نہیں پایا۔
الجماح۔ جنگ کے شکست خوردہ لوگ۔
بے پھل کا تیر۔ ج جمامح و جمامیح۔
فرس (جموح) سرکش گھوڑا۔ رجل جموح:
خود سر مرد۔
جمخ (ن) جمخا۔ تکبر کرنا۔ صفت (جامخ)
ج جمخ و (جموخ و جمیخ)
جامخ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
جمد (ن) جمدا و جمودا۔ الماء:
جم جانا — الدم: خشک ہونا۔ جمدت یدہ:
بخیل ہونا — عینہ: آنسو کا بند ہو جانا۔ صفت
(جماد و جمود و جمید) العین مؤنث (جمود)
اجمد۔ بخیل ہونا۔ بے فیض ہونا۔ ماہ جمادی
میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے: "اجمد حقہ علیہ"
اس نے اپنا حق اس پر ثابت کیا۔
اجمدہ و جمدہ۔ جمانا۔
جامدہ مجامدة۔ پڑوسی ہونا۔ کہا جاتا
ہے "ہو مجامدی" اس کے گھر کی دیوار میرے
گھر سے متصل ہے۔
الجمد و الجمد۔ جما ہوا پانی۔ برف
(— و الجمد و الجمد) سخت اور بلند زمین۔
الجماد۔ ج جمد: زمین۔ سنة جماد:
بے بارش کا سال۔ ارض جماد: زمین جس پر
بارش نہ ہوئی ہو۔ ناقة جماد: سست رفتار اونٹنی
کہا جاتا ہے "فلان جماد الکف" فلاں بخیل ہے
والجماد ج جمادات و (الجامد) ج جوامد: وہ چیز
جس میں زندگی نہ ہو جیسے پتھر وغیرہ۔ و الفعل
الجامد: وہ فعل جس کی گردان نہ آتی ہو۔ جیسے
لیس و عسی و جماد لہ" مبنی بر کسرہ بخیل کیلئے بد دعا

یعنی ہمیشہ اسی حال پر رہے۔
جمادی۔ الاولی و الآخرة: ہجری سال کا
پانچواں و چھٹا مہینہ۔ ج جمادیات۔ عین جمادی:
وہ آنکھ جس سے آنسو نکلتے ہی نہ ہوں۔
الجماد۔ برف بیچنے والا۔ سیف جماد:
شمشیر براں۔
المجمد۔ بہت بخیل۔ جوئے کا امین۔
قوم کا امین۔
جمر (ن) جمرا و جمر و اجمر و استجمر
القوم علی امر: اکٹھا ہونا۔ جمرہ: چنگاری دینا۔
جمر القوم علی امر: جمع کرنا۔ جمر النخل: درخت
خرما کا جمار کاٹنا (دیکھو جمار) — الجمر: انگارے
پر رکھنا — الامر القوم: اکٹھے ہونے پر مجبور کرنا۔
— المرأة شعرہا: چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا۔
اجمر۔ تیز چلنا۔ اور اسی سے ہے "اجمر بین
یدیہ" وہ اس کے سامنے تیز چلا — الثوب:
دھونی دینا — النار: تیار کرنا — الامر
القوم: کسی امر کا عام ہونا۔ المرأة: چوٹی گوندھ کر
پیچھے ڈالنا۔
تجمر۔ الجیش: دشمن کے ملک میں گھر جانا
اور نہ لوٹنا — بالجمرة: دھونی دینا
القبائل: اکٹھا ہونا۔
اجتمر و استجمر۔ بالجمرة: دھونی دینا
الجمرة۔ الجمر کا واحد۔ انگارہ۔ کنکری
تمام وہ لوگ جو آپس میں بالکل متحد ہو گئے ہوں
کہا جاتا ہے "بنو فلان جمرة" فلاں کی اولاد متحد ہے
الجمار۔ جماعت۔ متفق لوگ۔
جماری و جماری۔ بالتنوین و بدونہ:
بمعنی کل۔ کہا جاتا ہے "جاء القوم جماری" سب
لوگ آگئے۔ جاء القوم (جمارا) سب لوگ آئے۔
الجمار و الجامور۔ درخت خرما کا گوند جو
چربی کی طرح سفید ہوتا ہے۔
الجمیر۔ قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ ابن جمیر:
تاریک رات۔ جمیر الشعر: بالوں کی گندھی ہوئی
چوٹی۔

الجمیرة۔ بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔
المجمرة و المجمر۔ انگیٹھی۔ عود سوز۔
ج مجامر۔
حافر۔ (مجمر و مجمر) سخت کھر۔
جمز (ض) جمزا۔ تیز دوڑنا۔ صفت (جماز)
جمزہ: ٹھٹھا کرنا۔
الجمزی۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "یعدو
الجمزی" وہ تیز دوڑتا ہے۔ حمار جمزی:
تیز رفتار گدھا۔
الجمزة۔ پھل جس میں دانہ ہوتا ہے۔
الجمیز و الجمیزی۔ گولر کا درخت
جمس و جمس (ک ن) جموسا۔ السمن:
جم جانا۔
الجامس۔ فا۔ نبات جامس: پژمردہ
گھاس۔ دم (جمیس) خشک خون۔
الجمسة۔ آگ۔
الجمسة۔ اونٹوں کا گلہ۔
لیلة (جماسیة) بہت ٹھنڈی رات۔
الجماسیس۔ ایک قسم کی سانپ کی چھتری
الجمست۔ ایک قسم کا قیمتی پتھر۔
الجاموس۔ بھینس۔ ج جوامیس۔
جمش (ن ض) جمشا۔ الرأس: مونڈنا
اور اسی سے ہے مکان (جمیش) نباتات سے خالی
جگہ۔ جمش الناقة: انگلیوں سے دوہنا۔
تجمش۔ محبت سے چٹکی لینا۔ پیار و محبت
کا کھیل کھیلنا۔
الجمش مص۔ آہستہ آواز۔
الجموش و الجمیش۔ بال صاف
کرنے کی مرکب دوا۔
جمع (ف) جمعا۔ المتفرق: اکٹھا کرنا۔
جمع کرنا۔ کہا جاتا ہے "جمعت الجمعة" جمعہ کی نماز
قائم کی گئی۔
جمع۔ جمع کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے)
— المسلم: جمعہ کی نماز میں حاضر ہونا۔
جامعہ مجامعة و جماعا۔ علی کذا:

اتفاق کرنا۔ موافقت کرنا۔ جامعہا: ہم بستری کرنا۔

أَجْمَعَ ۔ القومُ علی کذا: اتفاق کرنا ۔۔۔ ماکان متفرقاً: اکٹھا کرنا ۔۔۔ الامرَ وعلی الامر: پختہ ارادہ کرنا ۔۔۔ الابلَ: اکٹھے ہانکنا۔

إِجْتَمَعَ ۔ الغلامُ: جوان وقوی ہونا (اسکا استعمال عورتوں کیلئے نہیں ہے) (۔۔۔ وتجمّع) القومُ: اکٹھا ہونا ۔۔۔ الشیُٔ المتفرقُ: متفرق چیز کا اکٹھا ہوجانا۔

إِنْجَمَعَ ۔ الشیُٔ: اکٹھا ہونا۔

إِسْتَجْمَعَ ۔ لہ الامرُ: منشا کے مطابق ہونا۔ القومُ: سب کا چلا جانا ۔۔۔ البقلُ: خشک ہونا ۔۔۔ الفرسُ جَرْیاً: پوری طاقت سے دوڑنا۔

الجَمْع ۔ مص ۔ لوگوں کی جماعت ۔ ج جُمُوع ۔ یومُ الجَمْع: قیامت کا دن۔

جُمْع ۔ الکفّ: مٹھی ۔ کہا جاتا ہے "ضربتہ بجُمْعِ کفّی" میں نے اس کو گھونسے سے مارا۔ مٹھی بھر چیز ۔ ج أَجْمَاع۔

الجُمُعَة ۔ ہفتہ ۔ کہتے ہیں "إستاجر الاجیرَ مُجَامَعَةً" اس نے مزدور کو ہفتہ واری پر رکھا۔ اجتماع ۔ دوستی ۔ جُمْعَةٌ مِنْ تمرٍ: مٹھی بھر کھجور۔ (۔۔۔ والجُمُعَة) ہفتہ کا ساتواں دن ج جُمَع و جُمُعَات۔

الجَمَاعَة ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ ج جماعات الجَمَاعَات والجِماعات: چنگی وغیرہ کا رجسٹر۔

الجِمَاع ۔ مص ۔ جماعُ الشیِٔ: کسی چیز کی جمع ۔ کہا جاتا ہے "جماعُ الخِبَاء الاَخْبِیَة" خباء کی جمع اخبیۃ ہے ۔ "والخمرُ جماعُ الاثم" شراب ہر قسم کے گناہوں کا جامع ہے ۔ قِدْرٌ جِمَاعٌ: بڑی ہانڈی بڑی دیگ۔

الجَامِع ۔ فا ۔ جامع مسجد ۔ ج جَوَامِع ۔ (الکلام الجامع) کلام جس کے الفاظ کم اور معنی بہت ہوں ۔ ج جوامع ۔ الیَوْمُ الجامِعُ: روزِ جمعہ ۔ قِدْرٌ جَامِعٌ: دیگ ۔ اَبُو جامع دسترخوان کی کنیت۔

الجَامِعَة ۔ الجامع کا مؤنث ۔ تعلہ: طوق ۔ قدر جامعۃ: بڑی دیگ۔

الجَمِیْع ۔ لوگوں کی جماعت ۔ جمع شدہ ۔ لشکر ۔ اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "جاؤوا جمیعہم" سب لوگ آئے ۔ اور کہا جاتا ہے "رأی جمیع" ٹھیک رائے۔

الجَمِیْعَة ۔ اجتماع ۔ ج جمائع۔

أَجْمَع ۔ الفاظ تاکید میں سے ہے ۔ اس لفظ سے ہر اس چیز کی تاکید لاتے ہیں ۔ جسکا افتراق حسی یا حکمی طور پر جائز ہو ۔ کہا جاتا ہے "جاؤا اجمعہم وباجمعہم" سب لوگ آئے ۔ مؤنث جمعاء ج اجمعون۔

المجتمِع ۔ فا ۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ مجتمعٌ جوان" "ومشی مجتمعاً" ہاتھ پیر ملاتے ہوئے وہ تیز تیز چلا۔

المَجْمَع ۔ جمع کرنے یا جمع ہونے کی جگہ ۔ اکاڈمی ۔ کہا جاتا ہے "اخذت محبتہ بمجامع قلبی" اس کی محبت میرے دل پر چھا گئی۔

ارض (مَجْمَعَة و مَجْمِعَة و مُجَمِّعَة) وہ زمین جس میں قافلہ اکٹھا ہوجائے اور بھٹکنے کے خوف سے علیحدہ نہ ہو۔

امرٌ (مُجْمَع) قطعی معاملہ۔

المَجْمُوْع ۔ مفو ۔ ہر کتاب جس میں مختلف چیزیں جمع کی گئی ہوں ۔ جیسے اشعار قصص وغیرہ ۔ ج مجامیع ۔ اور نحویوں کے نزدیک جمع پر اطلاق کیا جاتا ہے۔

الجَامِکِیَّة ج ۔ جامکیات و (الجُوَامِک) ج جوامک: شاہی نوکر و فوجیوں کی تنخواہ۔

جَمَلَ (ن) جَمْلاً ۔ الشیَٔ: جمع کرنا (۔۔۔ و اجتمل) الشحمَ: پگھلانا۔

جَمُلَ (ک) جَمَالاً: خوبصورت ہونا ۔ خوش خلق ہونا ۔ صفت (جمیل) مؤنث (جمیلۃ)

جَمَّلَہ ۔ خوبصورت بنانا ۔ جمّل الشحمَ: پگھلانا ۔۔۔ الجیشَ ۔ دیر تک روکے رکھنا۔

جَامَلَہ ۔ اچھا معاملہ کرنا ۔ تواضع سمر قندی کرنا

أَجْمَلَ ۔ الشیَٔ: جمع کرنا یا مجملاً ذکر کرنا ۔ کہا جاتا ہے "اجمل الحسابَ والکلامَ ثم فصلہ وبیّنہ" اس نے حساب اور کلام کو مجملاً کہا پھر اس کی تفصیل کی ۔۔۔ الشیَٔ: خوبصورت بنانا ۔ زیادہ کرنا ۔۔۔ الشحمَ: پگھلانا ۔۔۔ فی العمل: عمدگی سے کام کرنا ۔۔۔ فی الطلب: تلاش میں اعتدال اختیار کرنا ۔۔۔ القومُ: لوگوں کے پاس اونٹوں کی کثرت ہونا۔

تَجَمَّلَ ۔ آراستہ ہونا ۔ خوبصورت ہونا ۔ مصائبِ زمانہ پر صبر کرنا اور ذلت ظاہر نہ ہونے دینا ۔ حیا کی وجہ سے مصیبت میں ۔ پگھلی ہوئی چربی کھانا ۔ فی الکلام: لطف و مہربانی سے باتیں کرنا۔

إِسْتَجْمَلَ ۔ البعیرُ: اونٹ کا جوان ہونا ۔۔۔ الشیَٔ: خوبصورت سمجھنا۔

الجَمَل ۔ اونٹ ج جِمَال و اَجْمَال و جُمْل و جِمَالَة ۔ بتثلیث الجیم وجج جمالات ۔ بتثلیث الجیم وجمائل ۔ اور جمل کا اطلاق اونٹنی پر شاذ ہے ۔ کہا جاتا ہے ۔ "شربت لبن جملی" میں نے اپنی اونٹنی کا دودھ پیا ۔ جمل الیہود: گرگٹ ۔ جمل الماء: ایک آبی پرندہ جس کی چونچ لمبی ہوتی ہے ۔ جمل البحر: وہیل مچھلی ۔ کہا جاتا ہے "اتخذ اللیل جملا" وہ ساری رات چلا۔

الجُمَّل والجُمُل والجُمَّل والجُمْل و الجُمَالَة ۔ موٹی رسی ۔ حساب الجُمَّل: حروف ابجد کا حساب جو تاریخ ولادت یا وفات وغیرہ نکالنے میں کام آتا ہے اور اسکو حساب الابجدیہ بھی کہتے ہیں۔

الجَامِل (فا) اونٹوں کا ریوڑ مع چرواہوں کے ۔ اونٹوں کا مالک۔

الجَمَّال ۔ اونٹوں کا مالک یا ساربان ج جمّالۃ

الجُمَّال ۔ خوبصورت ۔ یا زیادہ خوبصورت

الجَمَال (مص) خوبصورتی ۔ کہتے ہیں "جمالک ان لا تفعل کذا" تمہارے مناسب ہے کہ تم ایسا نہ کرو۔

الجُمْلَۃ ۔ ج مجموعۃ : جو مسند اور مسند الیہ سے مرکب ہو ۔ ج جُمَل ۔
الجُمَّل ۔ لوگوں کی جماعت ۔
الجَمِیْل ۔ احسان ۔ نیکی ۔ پگھلی ہوئی چربی
الجَمْلَاءُ ۔ خوبصورت عورت (اس لفظ کیلئے اَفْعَلُ کا صیغہ نہیں ہے جیسے دِیمَۃ ہَطْلَاءُ میں اَہْطَل کا صیغہ نہیں)
الجُمَیْل ۔ بلبل ۔ ج جِمْلَان ۔
الجُمْلَانَۃُ والجُمَیْلَانَۃ ۔ بلبل ۔
الجُمَان ۔ موتی ۔ واحد جُمَانَۃ ۔
جَمْهَرَ جَمْهَرَۃً ۔ الشیءَ : جمع کرنا ۔ اکثر حصہ لینا ۔۔۔ علیہ الخبر : تھوڑی سی خبر دینا اور مراد کو چھپا لینا (۔۔۔ وتَجَمْهَرَ) القومُ : اکٹھا ہونا ۔ کہا جاتا ہے "جَمْهَرَ علینا" اس نے ہمارے اوپر درازدستی کی اور حقارت کی ۔
الجُمْهُور ۔ ریت کا تودہ ۔ قوم کے بڑے اور اشراف لوگ ۔ قوم کی جماعت ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ ۔ ج جَمَاهِیر ۔
الجُمْهُورِیّ ۔ جمہور کی جانب منسوب نشہ آور شراب ۔
الجُمْهُورِیَّۃ ۔ ریپبلک ۔ وہ سلطنت یا قوم جو اپنا صدر ایک معین مدت کے لئے بناتی ہے ۔
المُجَمْهَرَات ۔ زمانۂ جاہلیت کے طبقۂ ثانیہ کے سات قصیدے جن کا مرتبہ سبع معلقات کے بعد ہے ۔
الجَمَا والجُمَا ۔ ابھرا ہوا پتھر ۔ جسم کا ابھرا ہوا حصہ جیسے پستان ۔
جَمِیَ (ض) جَمْیًا ۔ الماءُ : بہت ہونا ۔
تَجَمَّی ۔ القومُ : اکٹھا ہونا ۔
جَمَاءُ وجُمَاءَۃ ۔ الشیءِ : چیز کی دبازت ۔
جَنَّ (ن) جَنًّا وجُنُوْنًا ۔ دیوانہ ہونا ۔ پاگل ہونا ۔ صفت (مَجْنُوْن) ج مَجَانِین ۔۔۔ عنہ : چھپنا ۔۔۔ الارضُ : پھول اُگانا ۔۔۔ النبتُ : لمبا ہونا اور گھنا جانا ۔۔۔ الذُّبَابُ : بہت بھنبھنانا ۔ کہا جاتا ہے جُنَّ الذُّبَابُ بالروضِ ہریالی کو دیکھ کر مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں ۔
أَجَنَّ ۔ عنہ : چھپنا ۔ اَجَنَّہ اللیلُ : چھپانا ۔ ڈھانپ لینا ۔ اَجَنَّ المیتَ : کفن دینا دفن کرنا (اَجَنَّہ وجَنَّہ) دیوانہ بنا دینا ۔
تَجَنَّنَ واسْتُجِنَّ ۔ دیوانہ ہونا ۔
تَجَانَّ وتَجَانَنَ ۔ بتکلف دیوانہ بننا ۔
اِجْتَنَّ ۔ الشیءَ : چھپانا (۔۔۔ واسْتَجَنَّ) چھپنا ۔ واستَجَنَّ فلانًا : کسی کو طرب کی طرف بلانا ۔ (مَا اَجَنَّہ) وہ کتنا مجنون ہے (فعل تعجب ہے اور شاذ ہے اس لئے کہ یہ مفعول کے معنی میں ہے اور فعل تعجب فاعلی معنی میں ہوتا ہے ۔
الجِنّ والجِنَّۃ ۔ جن ۔ پری ۔ دیو ۔ واحد (جِنِّیّ) مؤنث (جِنِّیَّۃ) الجِنَّۃ : دیوانگی ۔ الجِنَّۃ والجِنّ من الشباب : آغاز جوانی ۔۔۔ من النبتِ : کلی ۔ پھول ۔ جِنّ اللیل : رات کی تاریکی ۔ جِنّ الناس : لوگوں کی بڑی جماعت ۔ کہا جاتا ہے "لاجِنَّ بہذا الامر" یعنی اس معاملہ میں کوئی پوشیدگی نہیں ۔
الجَانّ (فا) جن کا اسم جمع ۔ ج جِنَّان ۔ الجانّ ایک قسم کا سفید سانپ ۔
الجَنَّۃ ۔ باغ ۔ بہشت ۔ ج جِنَان وجَنَّات
الجُنَّۃ ۔ پردہ ج جُنَن (۔۔۔ والمِجَنّ والمِجَنَّۃ) ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز ۔ ڈھال ۔ ج مَجَانّ ۔ اور کہتے ہیں "قَلَبَ مِجَنَّہ" یعنی وہ بچاؤ خود رائے ہو گیا ۔ و"قَلَبَ لہ ظہرَ المِجَنّ" یعنی وہ اس کی دوستی سے دشمنی کی طرف پلٹ گیا ۔
الجَنَن ۔ قبر ۔ میت ۔ کفن ۔ ج اَجْنَان ۔
الجُنَان والجُنَانَۃ ۔ ڈھال ۔
الجَنَان ۔ دل ۔ رات یا اس کی شدت تاریکی ۔ پوشیدہ معاملہ ۔۔۔ من کل شیءٍ : ہر چیز کا جوف ۔ ج اَجْنَان ۔
الجُنُوْن والجُنُن والجِنَّۃ ۔ دیوانگی ۔
الجَنِیْن ۔ ہر پوشیدہ چیز ۔ قبر ۔ مدفون ۔ بچہ جو ابھی رحم مادر میں ہو ۔ ج اَجِنَّۃ واَجْنُن ۔
المَجَنَّۃ ۔ جنوں والی زمین ۔ دیوانگی ۔ کہا جاتا ہے "بہ مَجَنَّۃ" وہ دیوانہ ہے ۔ چھپنے کی جگہ ۔
جَنِئَ (س) جَنَأً ۔ کبڑا ہونا ۔ صفت (اَجْنَأ) مؤنث جَنْآء)
جَنَأَ (ف) جُنُوْءًا واَجْنَأَ اِجْنَاءً و جَانَأَ مُجَانَأَۃً واجْتَنَأَ وتَجَانَأَ تَجَانُؤًا علیہ : کسی کو مار سے بچانے کے لئے اس پر چھا جانا ۔
جَنَبَ (ن) جَنْبًا ۔ دفع کرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ دور کرنا ۔ پہلو پر مارنا ۔ تم کہتے ہو "ضربہ فَجَنَبَہ" اس نے اسے مارا اور پہلو پر مارا ۔ وجَنَبَہ الشیءَ : کسی سے کوئی چیز دور کرنا (۔۔۔ جَنَبًا ومَجْنَبًا) البعیرَ : کوتل ہانکنا ۔ صفت مفعولی (جَنِیْب ومُجْنَب ومَجْنُوْب) مؤنث جَنِیْبَۃ ۔ کہا جاتا ہے "فرس جَنِیْب وخیل جَنَائِب" ۔ (۔۔۔ جُنُوْبًا) الریحُ : جنوبی ہوا چلنا ۔
جَنَبَ (ن) جَنْبًا و جَنِبَ (س) جَنَبًا) الیہ : مائل ہونا ۔ مشتاق مضطرب ہونا ۔
جَنُبَ (ن س ض) جَنَابَۃً ۔ الرجلُ : ناپاک ہونا
جُنِبَ ۔ پہلو میں درد والا ہونا ۔ نمونیا لاحق ہونا صفت (مَجْنُوب) (۔۔۔ واَجْنَبَ واُجْنِبَ) القومُ جنوبی ہوا لگنا ۔
جَنَّبَ وتَجَنَّبَ وتَجَانَبَ واجْتَنَبَ دور ہونا ۔ جَنَّبَہ الشیءَ : کسی سے کوئی چیز دور کرنا
جَانَبَہ ۔ پہلو میں چلنا ۔
اَجْنَبَہ ۔ دور کرنا ۔ اَجْنَبَ الرجلُ : دور ہونا ۔
اِسْتَجْنَبَ ۔ ناپاک ہونا ۔
الجَنْب ۔ مع ۔۔۔ ج اَجْنَاب وجُنُوب : پہلو ۔ جہت ۔ جانب ۔ تم کہتے ہو "قعدتُ الی جَنْبِ فلان والی جانبہ وجَنَابِہ" میں فلاں کے پہلو میں یا اس کی جانب میں بیٹھا ۔ جارُ الجَنْب : ہمسایہ جو پہلو ہی میں ہو ۔ ذاتُ الجَنْب : نمونیہ
الجَنَب ۔ مع ۔ کچھ لنگڑاپن ۔
الجُنُب ۔ غیر فرماں بردار ۔ اجنبی ۔ مسافر دور ۔ ناپاک (واحد تثنیہ جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) الجارُ الجُنُب : ہمسایہ جو غیر قوم کا ہو ،

الجَنِیب ۔ گوشہ نشین ۔ اجنبی ۔ مسافر بھیڑیا رجلٌ جَنِبٌ : مہمانوں کے ڈر سے راستہ میں کترا کر چلنے والا ۔

الجَنْبَۃ ۔ گوشہ نشینی ۔ جانب ۔ الجَنْبَۃ من النبات : ہر وہ جو درخت سے چھوٹا اور بیل سے بڑا ہو ج جُنَب ۔ جَنْبَتَا الانف وجَنْبَتَاہ وجَنَابَتَاہ : ناک کے دونوں طرف ۔

الجُنْبَۃ ۔ وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے

الجَانِب ۔ فا ۔ غیر فرمانبردار ۔ مسافر گھوڑا جس کے دونوں قدم کا فاصلہ دور ہو ج جُنَّاب انسان کا پہلو ۔ گوشہ ۔ جانب ۔ ج جوانب ۔ کہا جاتا ہے "ہو لَیِّنُ الجَانِب" وہ معیشت کے لحاظ سے نرم ہے ۔ "ہو رَقِیقُ الجَانِب" وہ لطیف ہے ۔

الجَنَاب ۔ صحن ۔ گوشہ ۔ قوم کے محلہ سے جو قریب ہو ۔ کہا جاتا ہے "اَخْصَبَ جَنَابُ القَوم" قوم کا مقام سرسبز وشاداب ہے ۔ "فلان خَصِیبُ الجَنَاب اَوْ جَدِیبُہ" فلاں سرسبز ہے یا قحط زدہ ہے ج اَجْنِبَۃ ۔

الجِنَاب ۔ جَانَبَ کا مصدر ۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ طَوعُ الجِنَاب" آسانی سے تابع ہونے والا گھوڑا ۔

الجُنَاب ۔ نمونیہ کی بیماری ۔

الجَنُوب ۔ دکھن ۔ دکھنی ہوا ۔ ج جَنَائِب ۔

الجَنِیب ۔ نمونیہ کی بیماری میں مبتلا ۔ فرمانبردار ۔ ایک قسم کی عمدہ کھجور ۔

الجَنِیبَۃ ۔ کوتل گھوڑا ۔

الجَنَّاب ۔ پہلو میں چلنے والا ساتھی ۔

الاَجْنَب ۔ ج اَجَانِب : غیر فرمانبردار ۔ (الاَجْنَبُ و الاَجْنَبِیُّ) مسافر ۔

المُجْنَب ۔ بہت خیر ہو یا شر ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عندنا خیرًا مُجْنَبًا وشرًّا مُجْنَبًا" ہمارے نزدیک بہت خیر اور بہت شر ہے ۔

المِجْنَب ۔ پردہ ۔ ڈھال ۔

المُجَنِّبَۃ ۔ فوج کا ہراول ۔

المُجَنِّبَتَان ۔ من الجیش : فوج کا میمنہ ومیسرہ

الجُنْبُذ ۔ انار کی کلی غنچہ ناشگفتہ ۔

الجُنْبُل ۔ لکڑی کا پیالہ ۔

جَنْبَثَ ۔ الرجلُ : غیر قوم میں سے ہونے کا دعویٰ کرنا ۔ ـــ علیہ : محبت کرنا ۔ مہربانی کرنا ـــ الطائرُ : پر پھیلا کر بیٹھنا ۔

الجُنْبُثِی ۔ عمدہ لوہا ۔ تلوار ۔ ج جُنْبُثِیَّۃ : زرہیں

جَنَحَ (ن ن ض) جُنُوحًا ۔ الیہ : مائل ہونا ـــ السفینۃُ : کم پانی میں پہنچ کر زمین سے لگ جانا ـــ اللیلُ : آنا ـــ (ض) جَنْحًا الطائرُ : بازو پر مارنا ۔

جَنَّحَہ ۔ بازو بنانا ـــ الرجلَ : گناہ کی نسبت کرنا ۔

اَجْنَحَ واجْتَنَحَ واسْتَجْنَحَ ۔ الیہ : مائل ہونا ۔ جھکنا ۔

اَجْنَحَہ واسْتَجْنَحَہ ۔ جھکانا ۔

تَجَنَّحَ واجْتَنَحَ ۔ ایک پہلو پر جھکنا ۔

الجِنْح ۔ جانب ۔ پناہ ۔ کنارہ ۔

الجِنْح والجُنْح ۔ من اللیل : رات کا ایک حصہ ۔ جِنْحُ الطریق : راستہ کا کنارہ ۔

الجَنَاح ۔ پرندہ کا بازو ـــ من الانسان : ہاتھ اور بغل اور بازو اور پہلو ۔ پناہ ۔ اور اسی سے ہے "انا فی جَنَاحِ فلان" میں فلاں کی پناہ میں ہوں ۔ کنارہ ۔ ہر چیز کا ایک حصہ ۔ ج اَجْنِحَۃ و اَجْنُح ۔ کہتے ہیں "رَکِبُوا جَنَاحَی الطائر" لوگ اپنے وطن سے جدا ہو گئے ۔ "وَرَکِبَ جَنَاحَی النَّعَامَۃ" اس نے معاملہ میں کوشش کی اور جلدی کی "وہو مَقْصُوصُ الجَنَاح" وہ عاجز ہے ۔

الجُنَاح ۔ گناہ ۔ اور اسی سے ہے "لا جُنَاحَ عَلَیک" تمہارا کوئی گناہ نہیں ۔ چیز کا ایک حصہ ۔

الجَانِح ۔ فا ۔ جانب ۔ ج جَوَانِح ۔

الجَوَانِح ۔ پسلیاں ۔ واحد (الجانحۃ)

جَنَّدَ ۔ الجنودَ : فوج جمع کرنا ۔ کہا جاتا ہے جُنُودٌ مُجَنَّدَۃ ۔ جمع شدہ لشکر ۔

تَجَنَّدَ ۔ فوجی سپاہی بننا ۔ فوج طیار کرنا ۔ ـــ للامر : فارغ ہونا ۔

الجُنْد ۔ لشکر ۔ ج اَجْنَاد وجُنُود ۔ واحد (جُنْدِی) ، الجُنْد : شہر ۔ ج اَجْنَادُ الشام : دمشق حمص قِنَّسرین اردن اور فلسطین ۔

الجَنَد ۔ سخت زمین ۔ پتھر جو مٹی کے مشابہ ہو

الجِنْدَار ۔ باڈی گارڈ ۔ محافظ فوج ۔ ج جَنَادِرَۃ (جدید)

جَنْدَرَ ۔ الکتابَ : مٹے ہوئے پر قلم پھیر کر روشن کرنا ۔

الجُنْدُب والجُنْدَب ۔ ایک قسم کی ٹڈی عوام اسے قبوط کہتے ہیں ۔ ج جَنَادِب ۔ امُّ جُنْدُب : بلا ۔ غدر ۔ ظلم ۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی امّ جُنْدُب" یعنی ان لوگوں پر ظلم کیا گیا ۔

الجُنْدُخ ۔ بڑی ٹڈی ۔

الجُنْدُعَۃ ۔ بارش کے پانی کا بلبلا ۔ ج جَنَادِع ۔ الجَنَادِع : حشرات الارض : زمین کے کیڑے مکوڑے ۔

جَنْدَلَہ ۔ پچھاڑنا ۔

الجَنْدَل ۔ بڑی چٹان ۔ واحد جَنْدَلَۃ ج جَنَادِل ۔

جَنَزَہ (ض) جَنْزًا ۔ چھپانا ۔ جمع کرنا ۔

جُنِزَ ۔ مرنا اور تابوت میں رکھا جانا ۔

جَنَّزَ ۔ المیتَ : تابوت میں رکھنا ۔

الجَنْز ۔ مٹی کا چھوٹا سا گھر ۔

الجَنَازَۃ والجِنَازَۃ ۔ میت ۔ میت کا تابوت ۔ میت کے دفن میں جانے والے ۔ مجلس ماتم ۔ شراب کی مشک ۔ ج جَنَائِز ۔

الجَنَائِزِی ۔ مُردوں کے آگے آگے پڑھنے والا

الجِنْزَار والجِنْزِیر ۔ تانبے کا زنگار ۔ (جدید)

الجِنْزِیر ۔ زنجیر ۔

جَنَسَ (ن) جَنْسًا ۔ التمرُ : بالکل پک جانا

جَنِسَ (س) جَنَسًا ۔ الماءُ ونحوہ : جم جانا

جَنَّسَہ ۔ بہ : مشابہ ہونا ۔

جَانَسَہ جِنَاسًا ومُجَانَسَۃً ۔ مشابہ ہونا ۔ ہم جنس ہونا ۔ اور اسی سے ہے "فلان یُجَانِسُ البہائمَ" فلاں چوپاؤں کے مشابہ ہے یعنی اسے عقل وتمیز نہیں

تجانَسا ۔ ہم جنس ہونا اور اسی سے ہے دو ضمع
التجانُس التانس ” ہم جنس کیساتھ انسیت سے
الجِنس ۔ ماہیت جو انواع متعددہ کو
شامل ہو جیسے انسان اور گھوڑے کے لئے
حیوانیت ۔ قسم ۔ ج اَجْناس ۔
الجَنَس ۔ جما ہوا پانی ۔
الجُنَیْس ۔ اپنے جنس کے اندر اصل ۔
الجِنسیۃ ۔ جنس کی حالت یا ماہیت
الجِناس ۔ فی البدیع : علم بدیع کی اصطلاح
میں دو کلموں کا کلاً یا بعضاً مشابہ ہونا ۔
جَنَشَ (ن) جَنْشاً ۔ الیہ : کودنا ۔ متوجہ
ہونا ــــ منہ : گھبرانا ۔
جَنْصَ ۔ خوف سے بھاگنا ــــ بصرہ :
گھورنا ۔ تیز نظر ڈالنا ۔ جنص الطریقُ بالناس :
تنگ ہونا ۔ جنّص : مرنا ۔
الجِنِّیص ۔ مُردہ ۔
جَنَفَ (ض) جُنُوفاً و جَنِفَ (س) جَنَفاً
عن الطریق : راستہ سے علیحدہ ہونا (و اجنَف)
فی وصیتہ : ظلم کرنا ۔ صفت (جَنِفٌ و اَجْنَفُ)
جانَفَ جِنافاً ۔ اَہلَہ : غصہ کی وجہ سے
علیحدہ ہونا ۔
تجانَفَ ۔ للاِثم : مائل ہونا ــــ عن الطریق :
الگ ہونا ۔
الجَنَف ۔ ظلم ۔ حق و انصاف سے تجاوز
الاَجْنَف ۔ خمیدہ پشت ۔ مؤنث جَنْفاء
ج جُنْف ۔
المُجْنَف ۔ طبّاً حق سے اعراض کرنیوالا ۔
جَنَقَ (ض) جَنْقاً و جَنَّقَ ۔ الحجرَ : گوپھن
سے پھینکنا ۔
المَنْجَنِیق ۔ گوپھن ۔ فلاخن ۔ لڑائی کا
ایک آلہ جس سے پتھر پھینکا کرتے تھے ۔ ج
مَجانِق و مَجانِیق و مَنْجَنیقات ۔
الجُنْك ۔ ایک قسم کا باجا ۔ ج جُنُوك ۔
جَنَی (ض) جَنْیاً و جَنیً ۔ الثمرَ : درخت سے
پھل توڑنا ۔ کہا جاتا ہے ” جنی الثمرۃ لہ و جَناہ

اِیّاہ (ـــ جَنْیاً) الذہب : کان سے نکالنا ۔
(ـــ جِنایۃً) گناہ کرنا ۔ صفت (جانٍ) ج جُناۃ
و اَجْناء و جُناء ۔ مؤنث جانیۃ ۔ ج جَوانٍ و جانِیات
اَجْنی ۔ الشجرُ : پکنا ۔ اَجْنَتِ الارضُ :
زیادہ پھل یا زیادہ پیداوار والی ہونا ۔
جانی مجاناۃ و تجنّی ۔ علیہ : ناکردہ
گناہ کی نسبت کرنا (تجنّی و اجتنی) الثمرَ : چننا
توڑنا ۔ اجتنی ماءَ المطر : گھاٹ پر آکر پانی پینا ۔
الجَنیٰ ۔ چنا ہوا (پھل ہو یا سونا یا شہد
وغیرہ) ج اَجْناء و اَجْنٍ ۔ ثمرٌ جَنیٌّ : تازہ چنا ہوا
پھل ۔
الجَناۃ ۔ ہر وہ چیز جو چنی جائے ۔
الجَنِیّۃ ۔ گناہ ۔ ریشم کا کپڑا ۔
المَجْنیٰ ۔ مصدر میمی بمعنی چننا ۔ چننے کی
جگہ جس سے پھل وغیرہ چنا جائے جیسے درخت
ج مَجانٍ ۔
الجَہْبَذ ۔ پرکھنے والا ۔ دانا ۔ ج جَہابِذۃ
الجَہْبَر ۔ شیرنی ۔
الجَہْب ۔ بدصورت چہرہ ۔
المُجْہَب ۔ بے حیا ۔
الجُہْبُوق ۔ چوہے کی مینگنی ۔
جَہْجَہَ ۔ بالسبع : روکنے کیلئے چیخنا چلانا
تجہجہَ ۔ عنہ : باز رہنا ۔
المُجہجِہ ۔ شیر ۔
جَہَدَ (ف) جَہْداً ۔ فی الامر : بہت کوشش
کرنا ــــ بالرجل : امتحان کرنا ۔ جَہَدَہ المرضُ :
لاغر کرنا ۔ جَہَدَ اللبنَ : سارا مکھن نکال لینا ۔
(ـــ و اجْہَدَ) الطعامَ : خواہش کرنا ۔ جَہَدَ و
اَجْہَدَ الدابۃَ : طاقت سے زیادہ لادنا
اجہد المالَ : بکھرنا ۔ فنا کرنا ۔ اجہد الحقُّ : ظاہر
ہونا ۔ اجہد فیہ الشیبُ : اچھی طرح بڑھاپا ظاہر
ہونا ۔ اجہد فی الامر : احتیاط کرنا ۔ اجہد علینا
العدوُّ : دشمنی میں پوری کوشش کرنا ۔
اَجْہَدَ الامرُ لزید : ممکن ہونا ۔
جَہِدَ ۔ پوری کوشش کرنا ۔ غمگین ہونا ۔

لاغر ہونا ۔
جَہِدَ (س) جَہَداً ۔ عیشُہ : زندگی کا مکدر ہونا
جاہَدَ مُجاہدۃً و جِہاداً ۔ پوری طاقت
صرف کرنا ۔ کہا جاتا ہے ۔ جاہدوا فی اللہ حقَّ
جِہادِہ ” اللہ کے راستہ میں پوری کوشش کرو جیسا
کہ کوشش کا حق ہے ــــ العدوَّ : جنگ کرنا ۔
تجاہَدَ و اجتہَدَ ۔ فی الامر :
کوشش کرنا اور پوری طاقت صرف کرنا ۔
اِستجہَدَ ۔ فی الامر : غور کرنا ۔
الجُہْد و الجَہْد و المَجْہُود ۔ طاقت
استطاعت ۔ کہا جاتا ہے ۔ بذل جُہدَہ و مجہودَہ “
اس نے اپنی طاقت صرف کی ۔ مشقت ۔ قرآن
میں ہے ” اَقسموا باللہ جَہْدَ اَیمانہم “ انھوں نے
بہت زور لگا کر قسم کھائی ۔
الجاہِد ۔ فا ۔ بے خوابی والا ۔ کہا جاتا ہے
” جَہْدٌ جاہدٌ “ جیسے ” لیلٌ لائلٌ “ و ” شعرٌ شاعرٌ “
الجَہاد ۔ سخت زمین جس میں پیداوار نہ ہو
ج ۔ جُہُد ۔
الجِہاد ۔ مص ۔ دین کی حفاظت اور اللہ
کے کلمہ کو بلند کرنے کے لئے جنگ ۔
الجَہْدان ۔ وہ شخص جسکو مشقت لاحق ہو
الجَہِید ۔ جانوروں کی پسندیدہ چراگاہ
کہا جاتا ہے ” مَرعیً جَہِیدٌ “
الجُہادیٰ ۔ انتہائی ۔ کہا جاتا ہے ” جُہادک
ان تفعل کذا “ تمہاری انتہائی کوشش ہے کہ
تم ایسا کرو ۔
الجُہَیْدیٰ ۔ کوشش ۔ پوری کوشش
کہا جاتا ہے ” لا بلغنّ جُہَیْدای فی الامر “ میں معاملہ
میں اپنی طرف سے پوری کوشش کروں گا
جَہَرَ (ف) جَہْراً و جِہاراً و جَہْرۃً ۔ الامر
و بالامر : اعلان کرنا ــــ بالقول : آواز بلند کرنا
ــــ الصوتَ : بلند کرنا ــــ الرجلَ : بے پردہ
دیکھنا ۔ دیکھنا اور آنکھوں میں بڑا معلوم ہونا ۔
تعظیم کرنا ــــ القومَ : دیکھ کر زیادہ سمجھنا ــــ
الشیَٔ : کسی چیز کو کھول کر اندازہ کرنا ۔

— الارضَ: بغیر جانے بوجھے چلنا — الشئَ فلانًا: ہیبت و جمال سے حیرت میں ڈال دینا — الامرُ: ظاہر و آشکارا ہونا — السِقاءَ: مشکیزہ میں بلو کر مکھن نکالنا۔

جَہِرَت (س) جَھَرًا۔ العَینُ: سورج سے چندھیا جانا۔

جَھُرَ (ک) جَھَارَۃً۔ الصوتُ: بلند ہونا۔ صفت (جَہِیر و جَہِر) — الرجلُ: دیکھنے والے کی آنکھ میں بڑا معلوم ہونا۔

جَاھَرَ مُجَاھَرَۃً و جِھَارًا۔ بالشئ: کھلم کھلا ظاہر کرنا — بالقرأۃ: بلند آواز سے پڑھنا — القومَ بالامر: غلبہ کی کوشش کرنا۔

اَجْھَرَ۔ الامرَ و بہ: اعلان کرنا — بالقراۃ: بلند آواز سے پڑھنا — الرجلُ: بھینگے بچے یا صاحب جمال بچوں کا باپ ہونا۔

تَجَاھَرَ۔ بالامر: ظاہر کرنا۔

اِجْتَھَرَ۔ القومَ: تعداد میں بہت سمجھنا — الرجلَ: کھلم کھلا دیکھنا اور بڑا سمجھنا — البئرَ: صاف کرنا — الشئُ فلانًا: ہیبت و جمال سے حیرت میں ڈال دینا۔

الجَھْرُ۔ مع۔ چوڑا ٹیلہ۔ زمانہ کا ایک حصہ تم کہتے ہو "کلمتہ جَھْرًا و بالجَھْر" میں نے اس سے کھلم کھلا گفتگو کی۔ "و لقیتہ جَھْرًا" میں نے اس سے رُو در رُو ملاقات کی۔

الجُھْرُ۔ ہیبت۔ حسن منظر۔

الجِھَارُ۔ مع۔ تم کہتے ہو "لقیتہ جِھَارًا" میں نے اس سے رُو در رُو ملاقات کی۔

الاَجْھَرُ۔ م۔ سورج کی روشنی سے چندھیانے والا خوبصورت ہیبت والا۔ مؤنث (جَھْرَاء) ج جُھْر

جَھْوَرٌ۔ الصوت: بلند و قوی آواز والا۔ جَہِیر

الجَھِیرُ۔ خوبصورت۔ بھلائی اور نیکی کے لائق — من اللبن: بے پانی کا دودھ۔ کلامٌ جَہِیرٌ: بلند گفتگو۔ امرأۃ جَہِیرۃ: بلند آواز والی عورت۔ کہا جاتا ہے "ہو عفیفُ السریرۃِ و الجہیرۃِ" وہ ظاہر و باطن کے لحاظ سے پاک دامن ہے۔

الجَھْوَرِیُّ۔ بلند آواز کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "صَوتٌ جَھْوَرِیٌّ" بلند آواز اور بلند آواز والے کو کہتے ہیں "رجلٌ جَھْوَرِیٌّ"۔

المِجْھَرُ و المِجْھَارُ۔ وہ شخص جسکی عادت بلند آواز سے گفتگو کرنے کی ہو۔

المُجْھِرُ۔ خورد بین (Microscope)

جَھَضَ (ن) جَھْضًا و اَجْھَضَ۔ علی الجریح: مار ڈالنا۔

جَھَّزَہٗ۔ طیار کرنا۔ مہیا کرنا — المیتَ: کفن دفن کا سامان کرنا — العروسَ: جہیز کا سامان طیار کرنا۔

تَجَھَّزَ۔ للسفر: سامان مہیا کرنا۔ (— و اِجْتَھَزَ) للامر: آمادہ ہونا۔

حَجَا (ن) حَجْوًا ۔ ٹھہرنا ۔۔ بالمکان: اقامت کرنا ۔۔ بالشیءِ: بخل کرنا ۔۔ بہ خیرًا: گمان کرنا ۔۔ السرَّ: حفاظت کرنا ۔ حَجَاہ: قصد کرنا ۔ بھروسہ کرنا ۔ منع کرنا ۔۔ القومَ: بدل دینا ۔۔ الامرَ: گمان کر کے دعویٰ کرنا

حَجِیَ (س) حَجًی ۔ بہ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا

اَحْجَاہ اِحْجَاءً ۔ بکذا: لائق بنانا ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَحْجَاہُ بکذا" وہ اسکے کس قدر لائق ہے۔

حَاجَاہُ مُحَاجَاۃً ۔ پہیلی پیش کرنا ۔ عقل و زیرکی میں مقابلہ کرنا ۔ کہا جاتا ہے "حَاجَیْتُہ فَحَجَوْتُہ" میں نے زیرکی میں اس کا مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

تَحَجَّی ۔ بالشیءِ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا ۔۔ بالمکان: اقامت کرنا ۔ کہا جاتا ہے "تَحَجَّیْتُکُم الی ہذا المکان" میں تم سے پہلے اس جگہ میں پہونچ گیا اور وہاں پر جم گیا ۔۔ الشیءَ: قصد کرنا۔

اِحْتَجَی ۔ الشیءَ: چھپانا۔

تَحَاجَوا ۔ آپس میں پہیلی پیش کرنا۔

الحِجَی ۔ عقل و زیرکی جمع اَحْجَاء۔

الحَجَا ۔ کنارہ ۔ گوشہ ۔ ج اَحْجَاء ۔ پردہ

الحَجَا ۔ وادی کا موڑ ۔ زمین کا بلند حصہ ج اَحْجَاء و حَجًا ۔ الشیءِ: کنارہ۔

الحَجَاۃ ۔ بارش کا پانی پڑنے کی وجہ سے بلبلہ ۔ ج حَجًا۔

الحَجِی والحَجِیّ ۔ لائق

الاُحْجِیَّۃ ۔ چیستاں پہیلی ۔ ج اَحَاجِی و اَحَاجٍ ۔ کلمۃ اُحْجِیَّۃ و مُحْجِیَّۃ: پہیلی دار کلمہ کہ جسکے الفاظ بظاہر معنی کے مخالف ہوں ۔ کہا جاتا ہے "انہ لَحَجَاۃٌ ان یفعلَ کذا" یعنی وہ یقینا اس لائق ہے کہ ایسا کرے۔

حَدَّ (ن) حَدًّا و حَدَدًا ۔ الدارَ: حد مقرر کرنا ۔۔ المذنبَ: حد جاری کرنا ۔۔ الشیءَ عن الشیءِ: جدا کرنا ۔۔ اللہُ عنّا الشرَّ: روکنا باز رکھنا ۔ پھیرنا۔

حَدَّتْ ۔ (ن ض) حَدًّا و حِدَادًا ۔ المرأۃُ: سوگ منانا ۔ بصفت (حَادّ) ج حَوَادّ۔

حَدَّ حَدًّا و حَدَّدَ و اَحَدَّ ۔ السکینَ: تیز کرنا۔

حَدَّتْ (ض) حِدَّۃً و احْتَدَّتْ ۔ السکینُ: تیز ہونا ۔ باریک دھار ہونا۔

حَدَّ (ض) حَدًّا و حَدَدًا و حِدَّۃً ۔ علیہ: غضبناک ہونا۔

حَدَّدَ ۔ الارضَ: حدود قائم کرنا ۔۔ الیہ ولہ: قصد کرنا ۔۔ الامرَ: معلوم کرانا ۔۔ علیہ: غضبناک ہونا ۔۔ الزرعُ: بارش موخر ہونے کی وجہ سے پیچھے اُگنا۔

حَادَّہُ ۔ دشمنی کرنا ۔ باہم غضبناک ہونا ۔ حَادَّتْ ارضہ ارضی: پڑوس میں ہونا۔

اَحَدَّ ۔ الیہ النظرَ: گھورنا ۔ تیز نظر کرنا ۔ اَحَدَّتِ المرأۃُ: شوہر کے مرنے پر سوگ کرنا بصفت (مُحِدّ و مُحِدَّۃ)

تَحَدَّدَ ۔ بہم: درپے ہونا۔

تَحَادَّا ۔ باہم غضبناک ہونا

اِحْتَدَّ ۔ قوی ہونا ۔۔ علیہ: غضبناک ہونا

اِسْتَحَدَّ ۔ دھار تیز کرنا ۔ شرمگاہ کے بال مونڈنا۔

الحَدّ - مص - دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ تم کہتے ہو "دَارُهٗ حَدَّ دَارِي" اس کا گھر میرے گھر کے پڑوس میں ہے۔ والحدُّ: کسی چیز کی انتہا۔ الحَدُّ مِنَ السَّیفِ: تلوار کی دھار۔ مِنَ الشَّراب: شراب کی تیزی۔ مِنَ الانسان: دبدبہ اور غضب کی بنا پر جو کیفیت پیدا ہو۔ من کل شیٔ: تیزی۔ حَدَّ الشیٔ: جامع مانع تعریف۔ سزا۔ ج حُدُود۔ وحُدُودُ اللہ: طاعتِ الٰہی واحکامِ شرعیہ۔

الحَدَد - مص - ممنوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ حَدَدٌ" یعنی یہ امر ممنوع ہے اس کا کرنا جائز نہیں۔ وَ "هٰذَا خَبَرٌ حَدَدٌ" یہ خبر باطل وجھوٹ ہے۔ وَ "دُوْنَ هٰذَا حَدَدٌ" اس کے درمیان ممانعت ہے۔ و"حَدَدًا اَنْ یَکُوْنَ هٰذَا" اللہ کی پناہ کہ ایسا ہو۔

الحِدَاد - حدت المرأة کا مصدر۔ سیاہ ماتمی لباس۔

الحُدَاد - تیزی والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ حُدَادٌ" تیزی والا مرد۔ سکین حُدَادٌ: تیز چھری ج اَحِدَّة۔ اور کہا جاتا ہے۔ حُدَادُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا "تمہاری انتہائی کوشش یہ ہو کہ تم ایسا کرو۔

الحَدَّادَة - بیوی۔

الحِدَادَة - لوہاری۔

الحَدِیْد - لوہا۔ مضبوط اور سخت لوہے کو "ذکر" اور نرم کو "انثی" اور "انیث" سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ہو حدیدی" وہ میرا پڑوسی ہے۔ وَ "دَارِی حَدِیْدَةُ دَارِهٖ" میرا گھر اس کے گھر کے پڑوس میں ہے۔

الحَدِیْد - ج اَحِدَّاء و حِدَاد: کاٹنے والا کہا جاتا ہے "سَیْفٌ حَدِیْدٌ" کاٹنے والی تلوار۔ رجلٌ حَدِیْدٌ: تیز فہم یا سریع الغضب۔

الحَدِیْدَة - لوہے کا ٹکڑا۔ ج حَدَائِد و حَدِیْدَات وجج حَدَائِدَات۔ حَدِیْدَةُ الحَرْث: ہل کی پھار۔ الحَدِیْدَة - چمچہ۔

الحَدَّاد - لوہار۔ لوہا بیچنے والا۔ دربان۔ جیلر۔ زرہ ساز۔ شراب فروش۔ سمندر۔

المَحْدُوْد - حد بندی کیا ہوا۔

حَدَأَ (ن) حَدْءًا - الشیٔ عنہ: پھیرنا۔ ہٹانا۔

حَدِئَ (س) حَدَأً - بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہ جانا۔ — الیہ: پناہ لینا الیہ وعلیہ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ ظلم سے بچانا — علیہ: غضبناک ہونا۔

الحَدَأَة - دو سر والی کدال۔ ج حَدَأ و حِدَاء

الحِدَأَة - چیل۔ عوام حُدَیَّة کہتے ہیں۔ ج حِدَأ و حِدَاء و حِدْآن۔

حَدِبَ (س) حَدَبًا واَحْدَبَ۔ الرجلُ: کبڑا ہونا۔ صفت (حَدِب و اَحْدَب) مونث حَدِبَة و حَدْبَاء۔ ج حُدْب و اَحْدَاب۔ و حَدَبَات۔ حَدِبَ علیہ: مہربان ہونا۔

حَدَّبَ و اَحْدَبَ - کبڑا بنانا۔ حَدَّبَ الشیٔ: کسی چیز کو ابھرا ہوا بنانا۔

تَحَدَّبَ - کبڑا ہونا — علیہ: مہربان — بہ: تعلق رکھنا — المرأۃُ: بچوں پر مہربانی کی وجہ سے دوسرا نکاح نہ کرنا۔

اِحْدَوْدَبَ و تَحَادَبَ - کبڑا ہونا۔ اِحْدَوْدَبَ الرجلُ: لمبا اور ٹیڑھا ہونا۔

الحَدَب - مص - کبڑاپن۔ موج۔ لہر۔ کھال کے اندر نشان۔ زمین کی اونچی جگہ۔ ایک قسم کی گھاس۔

الحَدْبَاء - قحط کا سال۔ دشوار امور۔ لاش۔

الحَدَبَة - کبڑاپن۔ پیٹھ میں کبڑا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فِیْ ظَهْرِهٖ حَدَبَةٌ" اس کی پیٹھ میں کبڑاپن ہے — من الارض: بلند و سخت جگہ۔

الاَحْدَب - تلوار۔ ہاتھ کی ایک رگ کا نام۔ امرٌ اَحْدَب: دشوار کام۔

المُحْدَّب - کبڑا — من الخطوط: ابھری ہوئی لکیریں۔ لبن (حُدَّبٌ) جما ہوا دودھ

الحِدْبَار - دبلی پتلی اونٹنی۔ قحط کا سال

پشتہ یا بلند زمین۔ ج حَدَابِیْر۔

الحِدْبِیْر - ہڈی پر چمڑا لگی ہوئی اونٹنی۔

الحُدْبُق - گٹھے بدن کا پست قد۔

حَدَثَ (ن) حُدُوْثًا - الامرُ: واقع ہونا (— حَدَاثَةً وحُدُوْثًا) نوپید ہونا اور جب قَدُمَ کے مقابلہ میں بولتے ہیں تو عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جیسے "اَخَذَنِیْ مَا قَدُمَ وَمَا حَدُثَ" یعنی مجھ کو نئے پرانے غموں نے گھیر لیا۔ اس کے علاوہ دوسری جگہ ضمہ نہیں دیتے۔

حَدَّثَ - عن فلان: روایت کرنا۔ ہ کذا و بکذا: خبر دینا۔ بیان کرنا۔

حَادَثَ - گفتگو کرنا۔ حَادَثَ السیفَ: تلوار کو جلا دینا۔ اور اسی سے ہے "کَنَصْلِ السَّیْفِ حُوْدِثَ بِالصِّقَالِ" مانند تلوار کی پھل کے کہ صیقل کرنے سے جلا دیا گیا ہو۔

اَحْدَثَ - ایجاد کرنا۔ پیدا کرنا۔ اَحْدَثَ الرجلُ: پاخانہ کرنا — السیفَ: تلوار کو جلا دینا

تَحَدَّثَ - بالشیٔ عن الشیٔ: گفتگو کرنا۔ خبر دینا۔

تَحَادَثُوْا - باہم گفتگو کرنا۔

اِسْتَحْدَثَ - پیدا کرنا — الخبرَ: نیا پانا

رجلٌ (حِدْثُ) ملوک: بادشاہوں کا قصہ گو۔

الحَدِث والحَدُث - اچھی گفتگو کرنیوالا۔

الحَدَث - نئی چیز۔ خلافِ سنت نئی بات دین میں نئی بات۔ پاخانہ۔ ج اَحْدَاث۔ واَحْدَاثُ الدہر: زمانہ کے مصائب۔ الحَدَث: جوان۔ ج اَحْدَاث وحُدْثَان۔

الحَدَاثَة - مص حَدَاثَةُ الاَمْرِ: آغاز و ابتداء

الحُدْثَی - نئی۔

الحُدُوْثَة - آغاز و ابتداء۔

الحِدْثَان - آغاز و ابتداء۔ حِدْثَانُ الدہر وحَدَثَانُہ: زمانہ کی سختیاں۔

الاُحْدُوْثَة - بات۔ افسانہ۔ کہانی۔ ج اَحَادِیْث۔

الحَادِث - نوپید چیز۔ قدیم کی ضد۔ ج حَوَادِث

وحادثات - حوادث الدهر: زمانہ کے مصائب۔

الحدیث - ج حداث وحدثاء: نیا۔

الحدیث ج احادیث وحدثان وحدثان: خبر - کہا جاتا ہے "صاروا احادیث" یعنی وہ لوگ ختم ہوگئے صرف ان کی بات ہی بات باقی رہ گئی۔ وعلم الحدیث: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال افعال احوال بتانے والا علم۔

الحِدِّیث - بہت گفتگو کرنے والا۔

الحُدّاث - گفتگو کرنے والی جماعت۔

الحِدِّیثی - خبر حدیث۔

المُحدَث - مفع - کتاب و سنت و اجماع کے خلاف نئی بات - ج مُحدَثات - نیا۔

مُتَحَدَّث - القوم: قوم کے گفتگو کرنے کی جگہ۔

حَدَجَ (ض) حَدْجًا - البعیرَ: اونٹ پر کجاوہ باندھنا — الاحمالَ: باندھنا — الابلَ: داغ لگانا — ہ: مارنا - حدجہ بالسہم: تیراندازی کرنا — ہ بالذنب: تہمت لگانا کہا جاتا ہے - حدجہ ببیع سوء" اس نے ایسی بیع اس پر لازم کردی جس میں گھاٹا ہے۔

حَدَجَ وحَدَّجَ - ببصرہ: گھورنا - تیز دیکھنا۔

اَحدَجَ - البعیرَ: اونٹ پر بوجھ لادنا - اونٹ پر کجاوہ کسنا۔

الحِدج - بوجھ - ج حُدُج وحُدوج و اَحداج - (—— والحِداجۃ) محافہ کی مانند عورتوں کی ایک سواری - ج حَدائج۔

الحَدَج - کچا اور سخت اندرائن - کچا خربوزہ۔

اَبوحُدَیج - لقلق پرندہ کی کنیت۔

المِحدَج - اونٹوں کے داغ لگانیکا اوزار۔

حَدَرَ وحَدُرَ (ن وک) حَدْرًا وحُدُرًا وحَدَارۃً - الرجلُ: مضبوط و موٹا ہونا۔

—— الجلدُ: سوجنا - حدروا حولہ و بہ: گھیر لینا۔

حَدَرَ (ن وض) حَدْرًا وحُدورًا - نیچے اترنا —— الشیٔ: نیچے اتارنا —— الابہام عن حنکہ: جھکانا —— العینُ الدمعَ: آنسو بہانا — القراءۃ فی القراءۃ: تیزی سے پڑھنا۔

—— الدواءُ بطنہٗ: اسہال لانا۔

تَحَدَّرَ وتَحادَرَ - اترنا - کہا جاتا ہے۔ "رایتُ الدمعَ یَتَحادَرُ علی لحیتہ" میں نے دیکھا آنسو اس کی داڑھی پر بہ رہا تھا۔

اِنحَدَرَ - نیچے - کہا جاتا ہے" انحدرتُ من الجبلِ الی المدینۃِ" میں پہاڑ سے شہر کی طرف اترا —— الجلدُ: سوجنا۔

الحَدَر - ڈھلوان جگہ - وہ جگہ جہاں سے اترا جائے - آنکھ کا بھینگا پن۔

الحُدُور والحَدْراء والحادُور - وہ جگہ جہاں سے اترا جائے - الحادُور - اسہال لانے والی دوا - ج حَوادِر۔

الحَدْرۃ - پپوٹے کے اندر کا زخم - عینٌ حَدْرۃٌ: پرگوشت آنکھ۔

الحُدْرۃ - اونٹوں کا ریوڑ۔

الحادِر - فا - موٹا خوبصورت - جبلٌ حادِرٌ بلند پہاڑ - حبلٌ حادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسی - حیٌّ حادِرٌ: جمع شدہ قبیلہ - الحادر: شیر - کہا جاتا ہے "ناقۃٌ حادرۃُ العینین" پرگوشت خوبصورت آنکھوں والی اونٹنی۔

الاَحدَر - من الخیل: پرگوشت گھوڑا من الرجال: ایک چیز کو دو دیکھنے والا - مؤنث حَدْراء۔

الحُدُورۃ والحُدُورۃ والحادُورۃ آنسوؤں کا بہاؤ۔

الخُندُر والخُندُور والخُندُورۃ و الخِندارۃ - آنکھ کی سیاہی - ج خنادِر - کہا جاتا ہے "جعلتہٗ علی خُندُورۃِ عینی وخِندیرۃِ عینی" میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔

الحَیدَر - شیر - پست قد۔

الحَیدَرۃ - شیر - ہلاکت - کہا جاتا ہے رماہُ اللہُ بالحیدرۃ" اللہ اس کو مصیبت و ہلاکت میں مبتلا کرے۔

الحَدَراء - سخت کنکریاں۔

المُنحَدَر - ڈھلوان جگہ۔

الحُنادِر - تیز نگاہ والا۔

حَدْرَجَ - الحبلَ: مضبوط بٹنا - کہا جاتا ہے "ما بالدار من (حَدْرَج) گھر میں کوئی نہیں۔

رجلٌ (حَدْرِجان) پست قد۔

الحَدْرَد - پست قد۔

حَدَسَ (ن ض) حَدْسًا - فی الامر: گمان کرنا - تخمینہ کرنا - وہم کرنا —— الشیٔ برجلہ: روندنا —— زیدًا: پچھاڑنا — الشاۃ وبالشاۃ ذبح کرنیکے لئے لٹانا — فی الارض: اٹکل سے چلنا — فی السیر: تیز چلنا - حدس بہ الارض: پٹک دینا۔

تَحَدَّسَ - الاخبارَ وعن الاخبار: چھپ کر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔

الحَدِیس والمَحدُوس - زمین پر پچھاڑا ہوا۔

الحَدُوس - اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔

الحَدْس - مص - دانائی - زیرکی۔

الحَدْسِیّات - دانائی اور زیرکی سے معلوم کی ہوئی باتیں۔

الحِداس - غایت - انتہا - کہا جاتا ہے "بلغتُ بہ الحِداسَ" میں اسکی انتہا کو پہنچ گیا۔

المَحدِس - مطلب - کہا جاتا ہے" فلانٌ بعیدُ المحدِس" فلاں کا مطلب بڑا ہے۔

حَدَقَ (ض) حَدْقًا - القومَ: گھیر لینا - حدقہ بعینہ: کسی کی طرف دیکھنا — ہ: آنکھ کی سیاہی پر مارنا — المریضُ حُدوقًا: بیمار کا آنکھ کھولنا اور دیکھنا۔

اَحدَقَ - القومُ بہ: گھیر لینا - احدقتِ الروضۃُ: باغ میں چار دیواری ہونا۔

حَدَّقَ - الیہ: گھورنا - تیز نظر سے دیکھنا - حدق بہ: چاروں طرف سے گھیر لینا۔

تَحادَقُوا - ایک دوسرے کو گھیر لینا۔

اِحْدَودَقَ - القومُ بہ: گھیرنا - احاطہ کرنا

الحَدَقَة - آنکھ کی سیاہی - ج حَدَق وحَدَقات واَحداق وحِداق - کہا جاتا ہے "ہُم فی مثل حَدَقَة البَعِیر" وہ لوگ فراخی میں ہیں اور ان کے پاس پانی بہت ہے - "وہم رُماة الحَدَق" یعنی وہ لوگ تیر اندازی میں بڑے ماہر ہیں - "وتکلمتُ علی حَدَق القوم" میں نے قوم کی نگاہ کے سامنے گفتگو کی -

الحَدَق - بیگن -

الحَدِیقَة - باغ جس کی چہار دیواری ہو - ج حَدائِق -

الحِندِیقَة والحُندُوقَة - آنکھ کی سیاہی -

حَدقَلَ حَدقَلَةً - دیکھنے میں آنکھ پھرانا -

حَدَلَ (ض) حَدلاً وحُدُولاً - علیہ کسی پر ظلم کرنے کیلئے مائل ہونا -

حَدِلَ (س) حَدَلاً - بہ نسبت دوسرے کندھے کے ایک بلند کندھے والا ہونا — الرجلُ: کنکھیوں سے دیکھنا - صفت اَحدَل مؤنث حَدلاء - ج حُدلٌ (شاذ) و(حَدِل) ج حَدالیٰ - حَدِل علیہ: ظلم کرنا -

حَادَلَہ: پھسلانا -

تَحادَلَ - کمان پر جھکنا -

الحِدل - ازار باندھنے کی جگہ - گردن کا درد

الحَدل بم - کہا جاتا ہے "اِنّہ لحَدلٌ" وہ غیر عادل ہے -

الحُدال - چکنا و ہموار -

الحَودَل - زلنگور -

الحَودَلَة - پشتہ - ٹیلہ -

الحِدیَل والحَیدَلان - پست قد -

حَدَمَہ (ض) حَدمًا - تیز گرم کرنا - الدمَ: گہرا سرخ کرنا -

اِحتَدَمَ - النهارُ: سخت گرمی والا ہونا - — الشرابُ: تیزی بڑھ جانا - اِحتَدَمَتِ القِدرُ: سخت جوش والی ہونا -

اِحتَدَمَ وتَحَدَّمَ - الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا - سخت غضبناک ہونا - اِحتَدَمَ الدمُ: گہرا سرخ ہونا — علیہ غیظًا: غصہ سے دانت پیسنا -

الحَدَمَة - آگ کے بھڑکنے کی آواز -

الحِدام - غصہ - غضب -

حَدَا (ن) حَدوًا وحِداءً وحُداءً - حدی پڑھنے میں آواز بلند کرنا - کہا جاتا ہے "ما انعم حُداءَہ" اس کا حدی پڑھنا کس قدر عمدہ ہے — الابلَ وبالابل: گا کر ہانکنا - صفت (حادٍ) ج حُداة — الریحُ السحابَ: ہانکنا - چلانا - حَداہ علی کذا: برانگیختہ کرنا (واحتَدیٰ) اللیلُ النهارَ: پیچھے آنا -

الحَادِی وحَادِی النَّجم - دو ستاروں کے نام اور لفظ حادی عشر میں حادی واحد کا مقلوب ہے -

الحَدَّاء - حادی کا مبالغہ اور حادی اسکو کہتے ہیں جو اونٹوں کو گا کر ہانکے -

الحَدوَاء - شمالی ہوا -

الحَوادِی - ہر چیز کے آخری حصے - بانگیر

الاُحدُوَّة والاُحدِیَّة - اونٹوں کے ہانکنے کا گیت -

حَدِیَ (س) حَدًی - بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا -

تَحَدَّی - الرجلَ: مقابلہ کرنا - (— وتحَدَّیٰ) الشیءَ: کرنے کا ارادہ کرنا -

الحُدَیَّا - جھگڑا - مقابلہ - کہا جاتا ہے "ہو حُدَیّا الناس" وہ لوگوں سے مقابلہ کرنے والا ہے، "وانا حُدَیّاک فی ہذا الامر" میں اس معاملہ میں تیرا مقابلہ کرنے والا ہوں -

حَذَّہ (ن) حَذًّا - جلدی سے کاٹنا -

الحَذَذ - ہاتھ یا دم کا ہلکا پن - وحَذَذُ القلب: تیزیِ خاطر - تیز فہمی -

الاَحَذّ - ہلکے ہاتھ یا دم والا - تیز - دبلا - امر اَحَذّ: امر منکر - سخت امر - بے مثل - قلب اَحَذّ: ذکی - مؤنث حَذّاء - کہا جاتا ہے "ناقة حَذّاء" تیز رفتار "وقصیدة حَذّاء" مشہور قصیدہ - "وحاجة حَذّاء" جلدی پوری اور کامیاب ہونے والی حاجت - "وعزیمة حَذّاء" پختہ ارادہ - ج حُذٌّ -

الحُذَّة - گوشت کا ٹکڑا -

حَذِرَ (س) حَذَرًا وحِذرًا ومَحذُورَةً الرجلَ ومن الرجل: بچنا - پرہیز کرنا - چوکنا رہنا - صفت (حَذِرٌ وحَذُرٌ) ج حَذِرُونَ وحَذارَیٰ -

حَذَّرَہ - خوف دلانا - متنبہ کرنا - چوکنا کرنا -

حَاذَرَہ - ایک دوسرے سے پرہیز کرنا - ڈرتے رہنا - (— وتَحَذَّرَ منہ (اِحتَذَرَہ) پرہیز کرنا - بچتے رہنا -

اِحذَارَّ - غضبناک و منقبض ہونا -

الحَاذِرَة - مستعد و تیار -

الحَاذُورَة - بہت چوکنا -

حَذَارِ - اسم فعل بمعنی بچو - کہا جاتا ہے "حَذارِ زیدًا" یعنی زید سے بار بار بچو -

الحَذَارِیَات - ڈرانے والے -

الحِذرِیَان - چوکنا رہنے والا -

الحُذُرِّی - باطل -

الحَذِیر - ڈرانے والا - کہا جاتا ہے "انا حَذِیرُک منہ" میں تم کو اس سے ڈراتا ہوں -

المَحذُور - وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے -

المَحذُورَة - گھبراہٹ - بلا و مصیبت کہ جس سے پرہیز کیا جائے - جنگ -

ابو حِذِر - گرگٹ -

الحَذرَفُوت - ناخن کا تراشہ - کہا جاتا ہے "ما لہ حَذرَفُوتٌ" اس کے پاس کچھ نہیں -

اُمّ حِذرِف - بجو -

المُحَذرِف - بھرا ہوا برتن -

الحُذرُقَة - بل کی ایک قسم -

الحَذرَمَة والحُذرُمَة - بہت گفتگو کرنے والا

حَذَفَہ (ض) حَذفًا - گرانا - کاٹنا ٥ بالعصا او الحجر: لاٹھی یا پتھر سے مارنا - حذف فی مشیتہ: قریب قریب قدم رکھنا -

حَذَّفَ - الشیءَ: اچھی طرح سے کرنا - (گویا کہ جن چیزوں کا علیحدہ کرنا ضروری ہے)

ان کو علیحدہ کر دیا جس کی وجہ سے سارے عیوب سے پاک صاف ہو گیا) ـــــ شَعْرَهٗ: زلف نکالنا۔ ہموار کرنا۔
تَحَذَّفَهٗ۔ بالعصا: مارنا یا پھینک کر مارنا۔
الحَذَفُ۔ مع۔ چھوٹی بھیڑیں۔ حُذَفُ الزرع: کھیتی کے پتے۔
الحَذَفُ۔ ایک قسم کی بط۔ واحد حَذَفَةٌ
الحُذَفَةُ۔ پست قد عورت۔
الحُذَافَةُ۔ من الشیٔ: تھوڑا۔ تراشہ۔
الحُذَافَةُ۔ دبر کا حلقہ۔
المَحْذُوفُ۔ مشک۔
الحُذَفَاءُ۔ سیرت۔ طریقہ۔ روش۔ کہا جاتا ہے "ہُم علیٰ حُذَفَاءِ اَبِیہِم" وہ سب اپنے باپ کی روش پر ہیں۔
الحِذْفَارُ والحُذْفُورُ۔ ج حَذَافِیرُ: جانب۔ جماعت کثیر۔ آمادۂ جنگ لوگ۔ کہا جاتا ہے "اُشْدُدْ حَذَافِیرَکَ" یعنی آمادہ ہو جاؤ۔ و "اَخَذَهٗ او نالَهٗ بِحِذْفَارِهٖ وبِحُذْفُورِهٖ وبِحَذَافِیرِهٖ" اس نے اس کو تمام لے لیا۔
حَذَقَ (ض) حَذِقَ (س) حَذْقًا و حِذْقًا و حَذَاقًا و حِذَاقًا و حَذَاقَةً و حِذَاقَةً۔ ماہر ہونا۔ صفت (حَاذِق) ج حُذَّاق و حِذَاق ـــ الکتابَ: پوری پڑھ لینا ـــ العملَ: ماہر ہونا۔
حَذَقَ (ض) حُذُوقًا۔ الخلُّ: بہت کھٹا ہونا۔
حَذَقَ (ض) حَذْقًا۔ الشیٔ: کاٹنا۔ ـــ الخلُّ فاہ: چرپراہٹ لگنا۔
حَذَّقَهٗ۔ ماہر بنانا۔
تَحَذَّقَ۔ ماہر ہونا۔ وتَحَذَّقَ علیہ: مہارت ظاہر کرنا۔
اِنْحَذَقَ۔ کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "حَذَقْتُ الحبلَ فانحذق" میں نے رسی کو کوٹا پس وہ کٹ گئی۔

الحِذْقَةُ۔ ٹکڑا۔ ج حِذَقٌ وحُذَاقٌ۔ (آخری جمع شاذ ہے۔)
الحَاذِقُ۔ فا۔ ج حُذَّاق وحِذَاقٌ ـــ من الخل۔ بہت تیز سرکہ۔
الحَذِیقُ۔ کٹا ہوا۔
الاَحْذَاقُ۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "حبلٌ اَحْذَاقٌ" کٹی ہوئی رسی۔ جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوبٌ اَخلاقٌ میں)
الحِذَاقُ۔ بچے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت۔
الحُذَاقَةُ۔ تھوڑا کھانا۔
الحُذَاقِیُّ۔ فصیح زبان والا۔ تیز چھری گدھے کا بچہ۔
حَذِلَتْ (س) حَذَلًا۔ العینُ: گری ہوئی پلکوں والی ہونا۔ صفت (حَذْلَاءُ)
اَحْذَلَ۔ العینَ: پلک گرا دینا۔
تَحَذَّلَ۔ علیہ: مہربان ہونا۔
الحَذْلُ۔ میلان (ـــ والحُذْلُ الحُذُلُ) کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحُذَالَةُ۔ ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول وغیرہ کی بھوسی۔ کرتے کے دامن کی گولائی۔
حَذْلَقَ وتَحَذْلَقَ۔ حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِنَّهٗ یَتَحَذْلَقُ فی کلامِهٖ" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔
حُذْلِقَ۔ الشیٔ: تیز کیا جانا۔
رجلٌ (حِذْلِق) بے فائدہ ڈینگ مارنے والا گپی۔
حَذْلَمَ۔ جلدی کرنا ـــ العودَ: چھیل کر تیز کرنا ـــ السقاءَ: بھرنا۔
تَحَذْلَمَ۔ جلدی کرنا۔ باادب ہونا۔
الحُذْلُومُ۔ ہلکا پھلکا جلد باز۔
حَذَمَ (ض) حَذْمًا۔ کاٹنا۔ (ـــ حَذَمَانًا) فی مشیتہ: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔
الحَذِمُ والحِذْیَمُ والمِحْذَمُ برّاں۔ شمشیر براں۔
الحُذَمُ۔ بازو کٹے ہوئے پرندہ کی اڑان
حَذَامِ۔ ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی
الحُذَامُ۔ سست کاہل۔ کہا جاتا ہے "اشتری عَبْدًا حُذَامَ المَشْیِ" اس نے سست رفتار غلام خریدا
حَذَا (ن) حَذْوًا و حِذَاءً۔ النعلَ: نمونہ پر کاٹنا۔ حَذَا النعلَ بالنعلِ: ایک برابر قطع کرنا۔ حَذَاهُ وحَذَا حَذْوَهٗ: پیروی کرنا۔ نقل کرنا۔ (حَذَاهُ وحَذَّاهُ واَحْذَاهُ) نعلًا: جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا۔ جوتہ بنانا۔ حَذَا الشرابُ لسانَهٗ: زبان کو چھیل دینا ـــ الترابَ فی وجوہِہِم: خاک ڈالنا۔ ـــ زیدًا شیئًا: کسی کو کچھ دینا۔
حَاذَاهُ وحَاذَاهُ مُحَاذَاةً وحِذَاءً) مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔
تَحَاذَیَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان یَتَحَاذَوْنَ الماءَ" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔
اِحْتَذٰی۔ جوتہ پہننا ـــ مثالَ فلان و علیٰ مثالہ: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔
اِسْتَحْذَاهُ۔ جوتہ طلب کرنا۔
الحِذَاءُ والحِذَةُ والحَذْوُ والحُذْوَةُ و الحِذْوَةُ۔ مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "داری حِذَاءَ دارہ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے وجلس حِذَاءَهٗ وبِحِذَائِهٖ" وہ اس کے مقابل بیٹھا
الحِذْوَةُ والحُذْوَةُ۔ عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا
الحُذَاوَةُ۔ ہیئت۔
الحِذَاءُ۔ جوتہ۔ اونٹ یا گھوڑے کا سم جس پر پڑے۔ ج اَحْذِیَةٌ۔
الحَذَّاءُ۔ جوتہ بنانے والا۔ ج حَذَّاؤُوْنَ۔ کہا جاتا ہے۔ ہُوَ (مُحَاذِیکَ) وہ تمہارے مقابل ہے
حَذَی (ض) حَذْیًا۔ الخلُّ لسانَهٗ: زبان کو چھیل دینا ـــ یدَهٗ: کاٹنا۔ ـــ ہ بلسانہ: گالی دینا۔ غیبت کرنا۔
اَحْذَاهُ اِحْذَاءً۔ مال غنیمت کا حصہ دینا

اَحْذَاهُ طَعْنَةً : نیزہ مارنا۔
اَلحُذْیَا وَالحُذَیَّا وَالحُذَایَۃُ و
الحَذِیَّۃُ ۔ مالِ غنیمت کا حصہ۔ وَالحُذْیَا :
ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔
اَلحِذْیَۃُ ۔ ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔
المِحْذَاءُ ۔ لوگوں کی بہت غیبت کرنیوالا۔
حَرَّ (س) حَرَارًا ۔ العَبْدُ : آزاد ہونا و
(حُرِّیَّۃً) شریف الاصل ہونا۔ (— حَرَّۃً) پیاسا
ہونا۔
حَرَّ (س ان ض) حَرًّا وحَرَّۃً وحُرُورًا و
حَرَارَۃً ۔ گرم ہونا۔
حَرَّ (ن ض) حَرًّا ۔ الماءَ : گرم کرنا
الارضَ : ہموار کرنا۔
حَرَّرَ ۔ العبدَ : آزاد کرنا — الولدَ او الشیءَ :
خدا تعالیٰ کی عبادت کیلئے وقف کرنا
الکتابَ : خوبصورت و درست لکھنا
الوزنَ : غور کر کے ضبط کرنا — المعنیٰ : حشو و
زوائد سے پاک کرنا۔
اَحَرَّ ۔ النہارُ : گرم ہونا — اَحَرَّ صَدْرَہٗ :
پیاسا کرنا۔
تَحَرَّرَ ۔ العبدُ : آزاد ہونا۔
اِسْتَحَرَّ ۔ القتالُ : سخت جنگ ہونا۔
الحَرُّ ۔ گرمی۔ ج حُرُورٌ و اَحَارِرُ (خلافِ قیاس)
الحَرُوْرُ ۔ گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ
کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔
الحَرَارَۃُ ۔ گرمی۔
الحُرِّیَّۃُ والحَرُوْرِیَّۃُ والحَرُوْرِیَّۃُ ۔ وبضم
الحاء فیہا : آزادی۔
الحُرِّیَّۃُ : خالص ہونا۔ حُرِّیَّۃُ القوم : قوم
کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ حُرِّیَّۃِ قَوْمِہٖ"
وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔
الحَرِیْرُ ۔ ریشم۔ ریشم کا بنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا۔
(— والحَرُوْرُ ۔ غصہ کی وجہ سے گرم۔
الحَرِیْرَۃُ ۔ ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو
آٹا دودھ روغن ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ غصہ

کی وجہ سے گرمی والا۔
الحُرُّ ۔ آزاد۔ شریف —— من کل شیءٍ :
عمدہ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فَرَسٌ حُرٌّ" اصیل
گھوڑا۔ "طِیْنٌ حُرٌّ" بغیر ریت کی خالص مٹی۔
حُرُّ الدارِ : گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارضِ : زمین
کا اچھا حصہ۔ حُرُّ الوجہِ : رخسارہ۔ کہا جاتا ہے
"لَطَمَہٗ علیٰ حُرِّ وَجْہِہٖ" اس نے اس کے رخسارہ
پر طمانچہ مارا۔ ج اَحْرَار و حِرَار۔ اَحْرَارُ البُقُوْلِ
وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرُّ : کبوتر
کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔ ساقُ حُرٍّ : نر قمری۔ عَیْنُ حُرٍّ :
ایک پرندہ کا نام۔
الحُرَّۃُ ۔ حر کا مونث۔ آزاد عورت۔ شریف
عورت۔ ج حَرَائِرُ و حُرَّات۔ اَرْضٌ حُرَّۃٌ : بغیر ریت
والی زمین۔ رَمْلَۃٌ حُرَّۃٌ : ریت جس میں گارا
نہ ہو۔ لَیْلَۃٌ حُرَّۃٌ اَوْ لَیْلَۃُ حُرَّۃٍ : ہر مہینے کی پہلی
رات۔
الحَرَّۃُ ۔ سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرَّات
و حِرَار و اَحَرُّوْنَ و حَرُّوْنَ۔
الحَرَّۃُ : پھنسی۔ دردناک عذاب۔ بہت
تاریکی۔
الحِرُ ۔ اندامِ نہانی۔ فرج۔
الحِرَّۃُ ۔ پیاس۔ کہتے ہیں "رَمَاہُ اللّٰہُ بِالحِرَّۃِ
تحت القِرَّۃِ" اللہ اس کو سردی کے زمانہ
میں پیاس میں مبتلا کر دے۔
الحَارُّ ۔ گرم —— من الاعمال : دشوار کام
الحَرَّانُ ۔ بہت پیاسا۔ مونث حَرَّیٰ۔ ج
حِرَار و حَرَارَیٰ۔
الحَرِیْرِیُّ ۔ ریشم بنانیوالا۔ ریشم بیچنے والا
مقامات مشہورہ کے مصنف کا لقب۔
المَحْرُوْرُ ۔ وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہوگئی ہو
حَرَبَ (ن) حَرْبًا ۔ الرجلَ : سب کچھ چھین
لینا۔ صفت مفعولی (حَرِیْبٌ) ج حَرْبیٰ و حُرَبَاءُ
و (محروب)
حُرِبَ ۔ الرجلُ مالَہٗ : چھینا جانا۔
حَرِبَ (س) حَرَبًا ۔ کتے کے کاٹے کی

دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضبناک ہونا۔ صفت
(حَرِبٌ) یعنی سخت غضبناک۔ ج حَرْبیٰ و حَرِبَ
الرجلُ : ویل و ہلاکت کو پکارنا اور وَاحَرَبَاہُ کہنا
حَرَّبَہٗ ۔ غضبناک بنانا۔ حَرَّبَ السنانَ :
تیز کرنا۔
حَارَبَہٗ حِرَابًا و مُحَارَبَۃً ۔ لڑائی کرنا۔
اَحْرَبَ ۔ الحَرْبَ : جنگ بھڑکانا فلانًا :
دشمن کے مال کے لوٹنے کے لئے رہنمائی کرنا۔
— النخلُ : شگوفہ نکلنا۔
تَحَارَبَ و احْتَرَبَ ۔ القومُ : جنگ کی
آگ بھڑکانا۔
اِحْرَنْبَیٰ اِحْرِنْبَاءً ۔ آمادۂ غضب ہونا۔
آمادۂ شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف
ٹانگیں اٹھانا — المکانُ : کشادہ ہونا۔
الحَرْبُ ۔ لڑائی۔ تم کہتے ہو "وَقَعَتْ بَیْنَہُمْ
حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی
کلمہ مونث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں۔
اس کی تصغیر حُرَیْبٌ ۔ ج حُرُوْبٌ۔ رجلٌ حَرْبٌ :
بہادر جنگجو۔ کہا جاتا ہے "اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَنِیْ"
میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے
دَارُ الحَرْبِ : مشرکین کا ملک اور وہاں کے
رہنے والوں کو (الحربیون) کہتے ہیں۔
الحَرْبَۃُ ۔ چھوٹا نیزہ۔ ج حِرَاب۔ الحَرْبَۃُ
نیزہ مارنا۔ مال چھیننا۔ فسادِ دین۔ جمعہ کا دن
ج حَرَبَات و حَرْبَات۔
الحَرَّابُ ۔ چھوٹے نیزے کو اٹھانیوالا
چھوٹا نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَۃُ ۔ ہیئت جنگ۔
الحُرْبَۃُ ۔ گون یا بورے کی مانند ایک تن
چرواہے کا تھیلا۔
الحِرْبَاءُ والحِرْبَاءَۃُ ۔ گرگٹ۔ اسکو تلون
مزاج کے لئے بطور مثال کے بولا جاتا ہے ج حَرَابِیّ
الحِرْبَاءُ ۔ زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت
المَحْرَبُ ۔ مص۔ ہلاکت۔ ویل۔
وَاحَرَبَا ۔ کلمہ ہے جو میت پر رونے کے موقعہ پر بولا

جاتا ہے اور افسوس کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔
المِحْرَب والمِحْرَاب - جنگجو - بہادر۔
المحراب: گھر کی صدر کی جگہ - گھر کی اچھی جگہ -
صدر مجلس - لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ - محراب
ومِحْرَابُ المَسْجِد: امام کے کھڑے ہونے کی جگہ -
قبلہ - ج محَارِیب - کہا جاتا ہے "إذ یکرہ المحاریب"
وہ صدر مجلس میں لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو
مکروہ سمجھتا ہے۔
المُحْرَب والمُتَحَرِّب - شیر۔
الحُرْبُث - ایک قسم کی نباتات - ج حَرَابِث
الحِرْبِشُ والحِرْبِیش - بڑا سانپ اژدہا
حَرْبَصَ - الارضَ: پانی دینا یا ہل چلا کر
پانی دینا۔
حَرْبَطَ حَرْبَاطًا - القوسَ: سخت چلہ کھینچنا
حَرَتَ (ن) حَرْتًا - الشیَ: سخت ملنا۔
حَرِتَ (س) حَرَتًا - الرجلُ: بدخلق ہونا۔
الحَرْت - مم - جانوروں کے چارہ کھانے
کی آواز۔
الحَرْبِیت - ایک قسم کی مچھلی
الحُرْتَة - رائی کی چرپراہٹ جس کا اثر
ناک میں محسوس ہو۔
الحُرْتَة - بہت کھانے والا۔
الحَرَات - آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحَرْتَک - دُبلے جسم والا۔
حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا - الارضَ: ہل چلانا
کھیتی کرنا - صفت (حَارِث) ج حُرَّاث حَرَثَة
المالَ: کمائی کرنا - جمع کرنا — النارَ: کریدنا۔
— الشیَ: اچھی طرح مطالعہ کرنا الأمرَ
یاد کر کے بھڑک اٹھنا — الخبزَ: ٹکڑے
ٹکڑے کرنا (واحْرَث واحْتَرَث) الدابةَ:
تھکانا - دُبلا کرنا - صفت مفعولی (حَرِیثة)
ج حَرَائِث -
إحْتَرَثَ - الارضَ: کھیتی کرنا
المالَ: کمائی کرنا۔
الحَرْث - مم - کھیتی۔

الحَارِث - فا - ج حُرَّاث - الحارث - و
ابو الحارث: شیر کی کنیت۔
الحَرِیثَة - کمائی - ج حَرَائِث -
الحِرَاثة - کھیتی - کاشتکاری -
المِحْرَث - ج مَحَارِث و (المحراث) ج
مَحَارِیث: ہل - کرپی۔
حَرِجَ (س) حَرَجًا - الشیُ: تنگ ہونا
— الرجلُ: گنہگار ہونا — العینُ: اندر
دھنس جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا
علیہ الشیُ: حرام ہونا۔ الیہ: پناہ لینا۔
— الغبارُ: تنگ جگہ میں گھسنا۔
حَرَجَ (ن) حَرْجًا - انیابہ: غصہ سے
دانت پیسنا۔
حَرَّجَ - تنگ کرنا - حَرَّجَ علیہ: کسی
سے یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔
أحْرَجَہ - گناہ میں مبتلا کرنا - تنگی میں
ڈالنا - تنگ جگہ کیلئے مجبور کرنا فلانًا الیہ:
مضطر کرنا - أحْرَجَ علیہ الامرَ: حرام کرنا۔
تَحَرَّجَ - گناہ سے بچنا۔
الحَرَج - گناہ - بہت درختوں والی تنگ
جگہ - مُردہ لیجانے کا تختہ - حرمت - کہا جاتا ہے
"لا حَرَجَ علیک" تمہارا کوئی قصور نہیں۔
یا تمہارے اوپر کوئی اعتراض نہیں۔
وحَدِّث عن البحرِ ولا حَرَج "سمندر کے متعلق
بیان کرو اور تمہارے اوپر مبالغہ وغیرہ کا کوئی
اعتراض نہیں۔
الحِرْج - گناہ - کوڑی - شکار میں سے کتے
کا حصہ - درندوں کے شکار کے لئے پھندا
بکریوں کا ریوڑ - ج أحْرَاج وحِرَاج۔
الحَرِج - تنگ - وہ شخص جو لڑائی سے
منہ نہ پھیرے - بہت درختوں والی تنگ
جگہ - وہ شخص جو کسی معاملہ میں پیش قدمی
کرنے سے خوف کھائے۔
الحَرَجَة - درختوں کا جھنڈ - بکریوں کا
اونٹوں کا گلہ - ج حَرَج وحَرَجَات۔

الحُرْجَة - ڈولچی۔
الحَرِیج - تنگ۔
المِحْرَاج - من اللیالی: بہت سرد رات
المُحَرِّج - تنگ کرنے والا - کہا جاتا ہے
"حلف بالمحرجات" اس نے تنگی میں مبتلا
کرنے والی قسمیں کھائیں۔
الحَرْجَف - ٹھنڈی ہوا جو تیز چلے - ج
حَرَاجِف۔
حَرْجَلَ حَرْجَلَة - لمبا ہونا - دائیں بائیں
دوڑنا۔
الحَرْجَلَة - مم - لنگڑا پن - (— والحُرْجُل)
گھوڑوں کا گلہ - کہا جاتا ہے "جاءُوا حَرَاجِلة"
وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
الحُرْجُل والحَرَاجِل - لمبا۔
حَرْجَمَ - الابلَ: اونٹوں کو ایک دوسرے
پر گرتے ہوئے واپس کرنا۔
إحْرَنْجَمَ - القومُ او الابلُ: اکٹھا ہونا۔
عن الامرِ: ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔
الحِرْزَج - اندام نہانی۔
حَرِدَ (س) حَرَدًا وحَرْدًا - علیہ: غضبناک
ہونا - صفت (حَارِد وحَرِد وحَرْدان) — الوترُ:
کمان کی تاروں میں سے بعض کا بعض سے
لمبا ہونا - صفت (حُرُد)
حَرَدَہ (ض) حَرْدًا - منع کرنا - ارادہ کرنا
— الخشبَ: سوراخ کرنا - (— حُرُودًا) قوم
سے علیحدہ و اکیلا ہونا - صفت (حُرُد وحَرِید)
ج جرادو (حَرِید) ج حُرَدَاء۔
حَرَّدَ - جھونپڑی میں پناہ لینا — الشعرُ:
ایک بال کا تنہا اُگنا — ہ: روکنا - حَرَّدَ الحبلَ
بٹنے سے گول ہو جانا — الشیَ: ٹیڑھا کر دینا
أحْرَدَہ - الگ کر دینا - اکیلا کر دینا۔
أحْرَدَ فی المشی: تیز چلنا۔
تَحَرَّدَ - الادیمُ: بالوں سے پاک
صاف ہونا۔
حَارَدَتِ - الناقةُ: کم دودھ والی ہونا

صفت (حَرُودٌ مُحَارِد) ـــ السَّنَةُ: کم بارش والا ہونا۔ حَارَدَ الرَّجُلُ: دیتے رہنے کے بعد بند کر دینا
اِنْحَرَدَ۔ اکیلا ہونا ـــ النَّجْمُ: ٹوٹنا۔
الحَرَدُ۔ مص۔ اونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔
الحَرُوْدُ۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
الحَرِيْدُ۔ دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔ بہت میں سے تھوڑی چیز۔
الاَحْرَدُ۔ اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلا پن والا ہونا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ ج حُرْدٌ۔
المِحْرَادُ۔ بے بارش کا سال جمع۔ مَحَارِدُ۔
الحَرْدِيَّةُ۔ سُبکی بے عقلی۔
الحِرْذَوْنُ۔ زگوہ۔ یا گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔
حَرَزَ (ن) حَرْزًا۔ المالَ: حفاظت کرنا اکٹھا کرنا۔
حَرِزَ (س) حَرَزًا۔ پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ (ک) حَرَازَةً وحَرَازًا۔ المکانُ: مضبوط ہونا۔
حَارَزَ۔ الشَّیْءَ: حفاظت میں مقابلہ کرنا۔
(ـــ واَحْرَزَ) المکانَ الرَّجُلَ: جائے پناہ ہونا
اَحْرَزَ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ کرنا
تَحَرَّزَ واِحْتَرَزَ۔ منہ: بچنا۔
اِسْتَحْرَزَ۔ محفوظ جگہ میں آجانا۔
الحِرْزُ۔ مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "حِرْزٌ حَرِيْزٌ وحَارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَہٗ" اس نے اپنا حصہ لے لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع اور تلف ہونے سے بچائے ـــ فی اصطلاح المعوذین: تعویذ ج اَحْرَازٌ۔
الحَرَزُ۔ مص۔ بچوں کا ایک قسم کا کھیل جو اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی ہو۔ ج اَحْرَازٌ۔

الحَرِيْزُ۔ جمع کی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "لا حَرِيْزَ مِنْ بَيْعٍ" یعنی اگر اس نے خواہش کے مطابق قیمت دیدی تو میں بیچ دوں گا۔
الحَرِيْزَةُ۔ من الابل: اونٹ جسکو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ ج حَرَائِزُ۔
حَرْزَمَ۔ الشَّیْءُ: لعنت کرنا ـــ الاناءَ: بھرنا
حَرَسَہٗ (ن ض) حَرْسًا۔ حفاظت کرنا۔ صفت (حَارِس) ج حُرَّاس وحَرَسَةٌ وحَرَسٌ و اَحْرَاسٌ۔ حَارِسُ السَّمَاءِ وحَارِسُ السِّمَاكِ: دو ستاروں کے نام۔
حَرَسَ (ض) حَرْسًا واِحْتَرَسَ۔ الشَّیْءَ: رات میں چوری کرنا۔
حَرِسَ (س) حَرَسًا۔ زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔
اَحْرَسَ۔ بالمکان: حفاظت کیلئے قیام کرنا۔
تَحَرَّسَ واِحْتَرَسَ۔ منہ: محفوظ رہنا۔ بچ کر رہنا۔
الحَرْسُ۔ مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی عَلَيْہِ حَرْسٌ" اس پر ایک زمانہ گذر گیا۔ ج اَحْرَاسٌ۔
الحَرَسُ۔ حفاظت کرنیوالے۔ وحَرَسُ المَلِکِ شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (حَرَسِیٌّ)
الحَرَسَانِ۔ رات دن۔
الحِرَاسَةُ۔ حفاظت۔
الحَرِيْسَةُ۔ بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج حَرَائِسُ۔
الاَحْرَسُ۔ پرانا۔ جس پر ایک زمانہ گذر گیا ہو۔
الحِرْسَانُ۔ ٹڈی کی ایک قسم۔
الحَرْسَمُ۔ گوشت۔
الحَرْسِيْمُ۔ زہر۔ موت۔
الحَرَاسِنُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔
الحَرَاسِيْنُ۔ دُبلے اونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔
حَرَشَ (ض) حَرْشًا وتَحْرَاشًا۔ الضَّبَّ: شکار کرنا ـــ البعیرَ: تیز چلنے کے لئے رسی سے پیٹھ کو رگڑنا ـــ الرَّجُلَ: خراش لگانا۔
حَرِشَ (س) حَرَشًا۔ سخت ہونا۔ صفت (اَحْرَشُ) ـــ الرَّجُلُ: دھوکا دینا۔
حَرَّشَ۔ بین القوم وبین الکلاب والسباع: ایک کو دوسرے کیخلاف برانگیختہ کرنا۔
تَحَرَّشَ۔ بہ: درپے ہونا۔ تَحَرَّشَ الضَّبَّ وبالضَّبِّ: شکار کرنا۔
اِحْتَرَشَ۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا ـــ القومُ: اکٹھا ہونا ـــ الرَّجُلُ: دھکا دینا ـــ احیالہ: کمائی کرنا ـــ الضَّبُّ: شکار کرنا۔
الحَرْشُ۔ مص۔ اثر۔ دھوکا۔ فریب۔ جماعت۔ ج حِرَاشٌ۔
الحَرِشُ۔ کھردرا۔ وہ شخص جسکو نیند نہ آئے
الحَرْشَةُ والحَرَشُ۔ کھردرا پن۔
الحَرِيْشُ۔ کسلائی۔ ج حُرُوْشٌ۔ کنکھجورا
الحَرِيْشُ: ایک دریائی جانور۔ گینڈا ایک قسم کا چتی دار سانپ۔
الحَرِيْشَةُ۔ ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لہٗ حُرَيْشَتِیْ" میں نے اس کیلئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضہ میں تھا نکال دیا۔
الحُرَّاشُ۔ من الحیات: پرانا سیاہ سانپ
الاَحْرَشُ۔ کھردری گوہ۔ دینار احرش: نئے ہونیکی وجہ سے کھردرا دینار۔ ج حُرْشٌ
الحَرْشَفُ۔ مچھلی کا سفنا۔ چھوٹے بڑے ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔ کمزور بوڑھے۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ ثَمَّۃَ غَيْرُ حَرْشَفِ رِجَالٍ" وہاں پر سوائے کمزور و بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں۔ پیادوں کی جماعت۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ ج حَرَاشِفُ۔
الحُرْشُوْفُ۔ سخت زمین۔
حَرَصَ (ن) حَرْصًا۔ الجلدَ: چھیلنا۔ القصّارُ الثوبَ: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا
حَرَصَ (ض) وحَرِصَ (س) حِرْصًا و اِحْتَرَصَ۔ علی الشَّیْءِ: لالچ کرنا صفت (حَرِيْصٌ)

ج حُرُضَاء و حِرَاض و حُرَّاض مونث حَرِيضَة ج حَرَائِض و حُرَّائِض -

حُرِضَ - المريض: چَر کے بالکل صاف کیا جانا -

حَرَّضَهُ - علی الشئ: لالچ دلانا -

تحرّص - بتکلف لالچ کرنا - وقت کا انتظار کرنا - اور اسی سے ہے "ہو یتحرّص غداءہم وعشاءہم" وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے -

الحِرص - مص - لالچ -

الحَرِصَة والحَارِصَة والحَرِيصَة - زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے - الحارصة و الحریصة: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے -

حَرَضَ (ن ض) حُرُوضًا و حَرِضَ (س) حَرَضًا و حَرُضَ (ک) حَرَاضَةً - مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا - صفت (حَرِضٌ و حُرُضٌ و حارِضٌ و حارِضَةٌ) کہا جاتا ہے "ناقة حُرُضٌ" دبلی اونٹنی -

حَرَضَ (ض) حَرْضًا - نفسہ: خراب کرنا - بگاڑنا -

حَرَّضَہ - علی الامر: برانگیختہ کرنا - فلانًا: کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دور کرنا -
— الشئ: خراب کرنا - بگاڑنا -

اَحْرَضَہ - گرانا — ہ الحزن او المرض: بدن کو گھلا دینا — ہ علی الشئ: برانگیختہ کرنا
— الرجل: ناخلف اولاد کا باپ ہونا -

حَارَضَ - علی العمل: مداومت کرنا - فلانًا: تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا -

تحارضوا - علی العمل: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا -

الحَرَض - مص - بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی حرض الثوب: کپڑے کا کنارہ - الحَرَض: قریب ہلاکت - بے فیض آدمی - وہ شخص جسکو غم یا عشق گھلا دے - گرا ہوا جو اٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو - بری گفتگو - ج احراض و حرضان و حِرَضَة -

الحُرُض والحُرْض - اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے -

الحُرْضَة - جوئے بازوں کا امین - وہ شخص جو گوشت نہ خریدے نہ کھائے مگر اس صورت میں کہ مفت مل جائے -

الحِرْضَة - گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے - ج حِرَض -

المِحْرَض - اشنان کا برتن -

الحَرَّاض - چونا یا چونہ بنانے کیلئے پتھر کو آگ میں جلانے والا -

الحَرَّاضَة - اشنان کا بازار -

المُحَرَّض - وہ شخص جس کو غم گھلا دے (— والحریض) گرا ہوا شخص جو اٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو -

حَرَفَ (ض) حَرْفًا - الشئ عن وجہ: پھیرنا - جھکانا — عن الشئ: مائل ہونا لعیالہ: ادھر ادھر سے کمائی کرنا -

حُرِفَ - فی مالہ حُرْفَة: کچھ ضائع ہو جانا -

حَرَّفَ - القول: قول کو اس کے موقع سے پھیر دینا — القلم: ٹیڑھا قط لگانا -
— الشئ: کنارہ بنانا - جھکانا -

حَارَفَہ - معاملہ کرنا اور اسی سے ہے - "فقد علموا فی الغزو کیف نحارف" انہوں نے یقینًا جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کیساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں — الرجل: شر یا خیر کا بدلہ دینا — الجرح: سلائی سے اندازہ کرنا -

اَحْرَفَ - فقیری کے بعد مستغنی ہونا - اہل عیال کے لئے مشقت برداشت کرنا الناقة: لاغر کرنا — الرجل: خیر و شر کا بدلہ دینا -

تحرَّف عنہ و انحرف و احرورف - ایک جانب کو جھکنا - تحرّف لعیالہ: ہر پیشہ سے کمائی کرنا -

احترف - پیشہ اختیار کرنا - تلاش کرنا حیلہ کرنا — لاہلہ: کمائی کرنا -

الحَرْف - ج حِرَف: کنارہ - دھار - جانب "حرف الجبل" پہاڑ کا تیز سرا - کہا جاتا ہے "فلان علی حرف من امرہ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے -

الحَرْف: پانی بہنے کی جگہ - حرف السفینة او النہر: کشتی یا دریا کا کنارہ - الحرف ج حُرُوف و اَحْرُف: حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حرف المبنی" ہے — فی النحو: وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام "حرف المعنی" ہے - کلمہ - جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں -

الحُرْف - رائی - واحد (حُرْفَة)

الحُرْف: محرومی - بدبختی -

الحِرْفَة - پیشہ -

حَرِیف - الرجل: ہم پیشہ - ج حُرَفاء -

الحُرْفَة - محرومی - کم نصیبی - بدبختی -

الحَرَافَة - چرپراہٹ -

الحِرِّیف - چرپراہٹ والی چیز - کہا جاتا ہے "ہذا البصل حریف" یہ تیز پیاز ہے -

المُحْتَرِف - پیشہ ور -

المِحْرَف والمِحْرَاف - زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی -

المُحْرَف - وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو

المُحَارَف - محروم - کم نصیب -

الحَرَافِل - بہت سے اصیل اونٹ -

الحَرْفَذَة - اصیل لاغر اونٹنی -

احرنفز - اکٹھا ہونا - کہا جاتا ہے "احرنفزوا للرواح" جانے کیلئے اکٹھا ہوئے "ابیات محرنفزات" عمدہ اشعار -

احرنفش - سوجنا - غصہ سے پھولنا - آمادۂ شرارت ہونا -

الحِرْفِش والحُرَافِش - اژدہا -

تحرقص - سکڑنا - سمٹنا۔

الحرقصة - اصیل اونٹنی - ابل (حراقص) بہت سے دُبلے اونٹ - اس کا واحد نہیں

حرقہ (ن) حرقاً - بالنار: جلانا - بالمبرد: ریتی سے رگڑنا ــــ الشیءَ: بعض کو بعض سے رگڑنا۔

حرق (ن ض) حرقاً و حریقاً و حروقاً - نابہٗ علیہ: دانت پیسنا - کہا جاتا ہے "فلان یحرق و یحرُق علی الارّم" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے۔ شدتِ غضب کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔

حرِق (س) حرقاً - شعرہٗ: کٹ جانا یا گرجانا - صفت (حرِقٌ) الشعر۔

حرِق و حُرِق - پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔

حرّقہٗ و احرقہٗ - بالنار: جلانا۔

حرّق المرعی الابل: پیاس لگانا۔

تحرّق و احترق - جلنا۔

حارق محارقۃً - المرأۃَ: پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔

الحَرَق و الحَرْق - مص - جلن - الحرق: دھوبی کے پٹکنے سے کپڑے کی پھٹن - الحرق: کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔

الحِرق - سخت چمک والا بادل - بال جو دراز نہ ہوں۔

الحُرقۃ و الحَرقۃ - گرمی - کہا جاتا ہے فی جوفہٖ حُرقۃٌ " اس کے جوف کے اندر گرمی ہے "

الحَرقۃ و الحارُوقۃ و الحُرّاقۃ - شمشیر بُرّاں۔

الحُراق و الحِراق - ہر چیز کو بگاڑنے والا۔

الحُراق: بہت کھاری پانی - بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الحریق - آگ کی بھڑک - آگ کا شعلہ - جلا ہوا - سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات - ج حرقیٰ۔

الحُرّاق - بہت کھاری پانی۔

الحَرّاقۃ - کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے - ج حرّاقات - عوام کے نزدیک حرّاقہ اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اُٹھ آئے۔

الحُرُوق والحُرّوق - چقماق کا سوختہ۔

الحَرِیقۃ - گرمی (ـــ والحَرُوقۃ) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

المِحرَق - ریتی۔

المُحرَقۃ - ذبیحہ جس کو اظہار عبودیت کیلئے جلادیا کرتے تھے - ج محرَقات۔

الحارِق - درندہ کا دانت۔

الحارِقۃ - پیر کی رگ یا پٹھا۔

الحُرقان - چلنے میں رانوں کی رگڑ۔

عمامۃ (حُرقانیۃ) خاکستری رنگ کا عمامہ

الحُرقوۃ - حلق کے کوے کا اعلیٰ حصہ سُرین کے سرے کی ہڈی۔

الحِرقِد - زبان کی جڑ - ج حراقد۔

الحُرقدۃ - نرخرہ کی گرہ۔

حرقص - فی المشی: قریب قریب قدم رکھنا ـــ الکلامَ: جلدی جلدی بولنا۔

الحُرقوص - پسو کی مانند ایک کیڑا۔ چابک کا سرا - ج حراقیص۔

الحُرقفۃ - سُرین کی ہڈی کا سرا - ج حراقف و حراقیف۔

الحُرقوف - دُبلا جانور۔

الحرقلۃ - ایک قسم کی چال۔

الحراقیہ - سُرخ چمڑا - ایک قسم کا سُرخ رنگ جس سے چمڑے کو رنگتے ہیں۔

حرک (ن) حرکاً - حق ادا کرنے سے باز رہنا - حرکہٗ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا - حرک حارکہٗ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ـــ ہٗ بالسیف: تلوار سے مارنا۔

حرِک (س) حرکاً - کمر یا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا - نامرد ہونا۔ صفت (حرِیک) مؤنث حریکۃ۔

حرُک (ک) حرکاً و حرکۃً - ہلنا۔

حرّکہٗ - ہلانا - کہا جاتا ہے حرّک بی الامرُ: مجھے معاملہ نے مضطرب کردیا۔

الحارِک - ج فا - دونوں کندھوں کے درمیان کا بالائی حصہ۔

الحَراک - حرکت۔

الحَرِک - سبک، تیز خاطر - کہا جاتا ہے "غلامٌ حرکٌ" سُبک و تیز خاطر لڑکا۔

المِحراک - حرکت دینے کا آلہ - کرچھی۔

المُحَرَّک - گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔

حرکنت حرکنۃً - الریحُ الاشجارَ: ہلانا

الحرکلۃ - سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے - ج حراکیک۔

الحُرکوک - کندھوں کے درمیان کا حصہ

حرکل - الصائدُ: شکار سے محروم واپس آنا

الحرکلۃ - ایک قسم کی رفتار یا دوڑ۔

حرمہٗ (ض) و حرِمہٗ (س) حِرماً و حرِماً و حِرماناً و حرِیماً و حِرمۃً و حریمۃً - الشیءَ: منع کرنا - روکنا - محروم کرنا - صفت مفعولی (محروم)

حرِم (س) حرماً و حراماً و حرُم (ک) حُرماً و حُرُماً و حُرمۃً و حرامۃً و حراماً - علیہ الامرُ: حرام ہونا۔

حرِم (س) حرماً و حراماً - فی القمار: جوئے میں ہارنا۔

حرّم - الشیءَ: حرام کرنا - حرّم الصلوٰۃ: نماز کا تحریمہ باندھنا (ـــ و احرم) ماہِ حرام میں داخل ہونا - حرّمہٗ و احرمہٗ فی القمار - غالب ہونا - و احرم: حرم میں داخل ہونا۔ احرم الشیءَ: حرام کرنا - احرم عن الشیءِ: رکنا - باز رہنا۔

تحرّم - منہ بحرمۃٍ: کسی کے ذمہ میں آکر

محفوظ ہونا۔ تحرّم بہ: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہوجانا۔ کہا جاتا ہے "تحرّمتُ بطعامک و مجالسک" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے اُٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لئے جائز تھا وہ ممنوع ہوگیا۔

اِحْتَرَمَہٗ۔ ڈرنا۔ حرمت وعزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشیءَ: محروم ہونا۔ "لاتحترم فتحترم" میں دونوں معنی جمع ہوگئے ہیں۔ یعنی ڈرومت ورنہ خیر سے محروم رہوگے۔

اِسْتَحْرَمَ۔ الشیءَ: حرام سمجھنا۔

الحِرْم۔ مص۔ حرام۔ ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُم۔ احرام کا زمانہ۔

الحُرْم۔ مص حج کا احرام۔

الحَرَم۔ مص۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جسکی طرف سے مدافعت کی جائے مقدس۔ ج اَحْرَام۔ الحَرَمُ الاقصٰی: بیت المقدس۔

الحَرَمَان۔ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ۔

الحِرْمَان۔ محرومی۔

الحُرْمَۃ والحُرُمَۃ والحُرَمَۃ۔ ذمہ ہیبت ہر وہ چیز جس کی ادائگی ضروری ہو۔ اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ حُرْمَۃُ الرجل: بیوی ج حُرَم وحُرُمات وحُرْمات۔

الحُرُمَۃ۔ حفاظت۔

الحَرِیْم۔ مص۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونیکی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حریم الرجل: جسکی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں قصر شاہی کے اِردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم واَحْرِمَۃ واَحَارِم۔

الحُرُم۔ ایک شخص کی بیویاں۔ الاشہر الحُرُم اربعۃ: ذوالقعدہ و ذوالحجہ و محرم ورجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل وقتال کو حرام سمجھتے تھے۔

الحَرِیْمَۃ۔ مص۔ ہر مرغوب چیز سے جو فوت ہوجائے

الحَرَام۔ مص۔ ضد حلال۔ ج حُرُم۔ کہا جاتا ہے "حرامُ اللّٰہ لاافعل ہذا" قسم کیلئے جیسے یمینُ اللّٰہ لاافعل۔ احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حرامٌ وقومٌ حرامٌ" احرام باندھنے والا مرد احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد کی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔ الشہرُ الحرام: ماہ محرم۔ البلدُ الحرام: مکہ معظمہ۔ المسجدُ الحرام: مسجد کعبہ۔

الحَرَامِی۔ حرام کا کرنے والا۔

مُحَرَّم۔ قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المُحَرَّم: جس کے لئے ذمہ ہو۔ جلدٌ محرّم: بےکمائی ہوئی کھال۔ سوطٌ محرّم: کوڑا جو نرم نہ کیا گیا ہو۔ اعرابیٌ محرّم: اجڈ دیہاتی۔

المَحْرَم۔ حرام۔ ج مَحَارِم۔ محارمُ اللیل: رات کے خطرات۔

المُحْرِم۔ احرام باندھنے والا۔ تسلیم کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انہ لمحرمٌ عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔

المَحْرُوْم۔ خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کرسکتا ہو۔

المَحْرَمَۃ والمَحْرُمَۃ۔ ہر وہ چیز جسکی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج محارم۔

الحَرْمَۃ۔ چھوٹا ٹیلا جس پر کچھ نہ اُگے۔

الحَیْرَم۔ گائے۔ واحد (حَیْرَمَۃ)

الحَوْرَم۔ بہت مال۔

حَرْمَدَ۔ فی الامر: اصرار کرنا۔

الحِرْمِدُ والحِرْمِدَۃ۔ رنگ و بو بدلا ہوا۔ اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔

حَرْمَزَہٗ۔ لعنت کرنا۔

تَحَرْمَزَ۔ ذکی ہونا۔

الحِرْمَاس۔ چکنا۔ کہا جاتا ہے "بلدٌ حِرْماسٌ وارضٌ حِرْماسٌ" یعنی سخت۔ "سنونٌ حَرَامِس" سخت قحط کے سال اس کا واحد حِرْمِس ہے۔

الحَرْمَل۔ کالا دانہ۔

حَرَنَ وحَرُنَ (ن وک) حُرُوْنًا وحِرَانًا وحُرَانًا۔ البغلُ: اَڑ جانا۔ صفت مذکر ومؤنث (حَرُوْن) ج حُرُن۔ وحَرَن فی البیع: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ حَرُنَ (ک حُرُوْنَۃ) بالمکان: جگہ سے نہ ہٹنا ـــ العسلُ فی الخلیۃ: شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے نکالنے میں دشواری ہونا۔ وحَرَن القطن: دُھننا۔

المِحْرَن۔ دُھننے کی کمان۔

المِحْرَان۔ شہد۔ ج محارین۔

المَحَارِین۔ بنولے۔

الحَرَا۔ گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نزلتُ بحراہ" میں اس کے صحن میں اترا۔ آواز۔ گرہ۔ ہرن کی چھپنے کی جگہ۔ ج اَحْرَاء۔ الحَرَا: لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا اَن یکون ذاک"

الحَرَاوَۃ۔ رائی وغیرہ کی تیزی۔

الحَرْوَۃ۔ گلے یا سینے میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ

حَرَی (ض) حَرْیًا۔ الشیءُ: گھٹنا کم ہونا

اَحْرَی۔ الشیءَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔

تَحَرَّی۔ قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولی کو طلب کرنا ـــ الامرَ: قصد کرنا اور فضیلت دینا ـــ بالمکان: ٹھہرنا۔

المَحْرَی والمَحْرَاۃ۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "ہذا الامر محرًی او محراۃ لذلک او بذلک" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔

الحَرِیّ۔ ج حَرِیُّون واَحْرِیَاء مؤنث حَرِیَّۃ ج حَرِیَّات وحَرَایَا۔ و(الحَرِی) ج اَحْرَاء و(الحَرَی) لائق۔ سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "اِنہ لحری او حرًا وحَرِی بکذا ان یفعل کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنیکے لائق ہے (آخر کلمہ کے تثنیہ وجمع نہیں آتے)

الحَارِیَۃ۔ بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہوگیا ہو۔

الاَحریٰ - زیادہ لائق زیادہ مناسب زیادہ بہتر۔

حَزَّہٗ (ن) حَزًّا و احْتَزَّہٗ - کاٹنا۔
حَزَّ العودَ: شگاف ڈالنا۔

تَحَزَّزَ - شگاف پڑنا۔

حَزَّ و اَحَزَّ - علیٰ کرم فلان: بڑھ جانا۔

حَزَّزَ - اسنانَہٗ: کناروں کو تیز کرنا۔

حَازَّہٗ مُحَازَّۃً و حِزَازًا - پوری کوشش کرنا - اچھی طرح سے تلاش و جستجو کرنا۔

الحَزُّ - مع - وقت - سخت گفتگو والا لکڑی وغیرہ میں شگاف - واحد (حَزَّۃ)

الحَزَّۃُ - درد دل - وقت - کہا جاتا ہے۔ "اِنّ حَزَّۃً اَتیتنی قضیتُ حاجتک" میں نے اُس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے - دشوار حالت۔

الحَزازُ و الحَزازۃُ - سر کی بھوسی - عوام حزاز کو داد کے معنی میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کے لئے قوبا ہے۔

الحَزازۃُ: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد گفتگو میں بے راہ روی - ج حَزازات۔

الحَزّاز و الحُزّاز - ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔

حَوازّ - القلب: دل کو الم پہنچانیوالے امور - واحد (حَازَّۃ)

الحَزیز - سخت عمل کرنے والا - ج حُزُز و حُزّان و حِزّان و اَحِزَّۃ۔

الحَزازِیُّ - سخت عمل کرنیوالا تیز ہانکنے والا۔

المَحَزّ - کاٹنے کی جگہ - کہا جاتا ہے۔ "قطع فاصاب المَحَزَّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔

المِحَزّ - کاٹنے کا آلہ - ج محاز - سخت گفتگو والا

الحَزَز - سختی۔

الحُزّۃ - نیفہ۔

حَزَأَ (ف) حَزْأً - الابلَ: جمع کرنا - اکٹھا کرنا — السرابُ الشخصَ: نمایاں کرنا — المرأۃَ: جماع کرنا۔

اِحْزَوْزَأَ - الطائرُ - پروں کو سمیٹ کر اکٹھا ہو کر ... سے علیحدہ ہونا — الابلُ: اکٹھا ہونا۔

حَزَبَہٗ (ن) حَزْبًا - الوبلُ والغمُّ: پہنچنا لاحق ہونا - سخت ہونا - حَزَبَ القرآنَ: ایک حصہ مقرر کرکے پڑھنا۔

حَزَّبَ - القومَ: پارٹی پارٹی کرکے جمع کرنا۔

حَازَبَہٗ - کسی کی پارٹی میں داخل ہونا - مدد کرنا - قوت پہونچانا۔

تَحَزَّبَ - القومُ: اکٹھا ہونا - پارٹی پارٹی ہونا

الحَازِب - ج حَوَازِب و (الحَزِیب) ج حُزُب و حُزُبٌ: امر شدید - تم کہتے ہو "نزلت بہٖ حَوَازِبُ الخطُوب" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے - "وَ ہٰذَا اَمْرٌ حَزِیبٌ" یہ دشوار امر ہے

الحِزْب - لوگوں کی جماعت ہتھیار - پارٹی حصہ - ورد - وظیفہ - ج اَحْزَاب - ہر وہ قوم جس کے خیالات و افکار ایک ہوں - اگرچہ آپس میں ملاقات نہ ہو۔

الحَزَابِی و الحَزَابِیَۃ - من الرجال: گٹھے بدن والا - پست قد۔

الحَیْزَبُوْن و الحَیْزَبُوْر - کھوسٹ بڑھیا۔

حَزَرَ (ن ض) حَزْرًا و مَحْزَرَۃً - الشیٔ: اندازہ کرنا - تخمینہ کرنا - کہا جاتا ہے "حَزَرَ قدوم یوم کذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا - (— و حَزُرَ (ک) حَزْرًا و حُزُوْرًا) النبیذُ او اللبنُ: کھٹا ہونا - صفت (حَازِر)

الحَزْرَۃ - ج حَزَرَات و (الحَزِیرَۃ) من کل شی: عمدہ حصہ۔

الحَازِر - جو کا آٹا جس میں بو پیدا ہو گئی ہو۔

الحَازِرَۃ - حَازِر کا مونث - مضبوط قوی اونٹنی

الحَزَوَّر و الحَزْوَّر - طاقتور لڑکا - ج حَزَاوِرَۃ کمزور مرد - طاقتور مرد۔

الحُزْوُرَۃ - مع - چیستاں - پہیلی (عوام کا لغت ہے - فصیح لفظ "الاحجیۃ" ہے۔

المُحْزَوْزِئ - غضبناک۔

الحَزْوَرَۃ - چھوٹا ٹیلہ - ج حَزَاوِر و حَزَاوِرَۃ

الحَزَوَّرَۃ - چھوٹا ٹیلہ - ج حَزَاوِیر۔

حَزِیْرَان - ماہ جون - شمسی سال کا چھٹا مہینہ

حَزْفَرَ - القومُ للقومِ: جنگ کیلئے آمادہ ہونا - حَزْفَرَ الاناءَ: بھرنا — المتاعَ: باندھنا

الحَزْفَرَۃ - پتھریلی ہموار زمین۔

حَزَقَ (ض) حَزْقًا - الوترَ والرباطَ: خوب کھینچ کر باندھنا — الشیٔ: دبا کر نچوڑنا الحمارَ: گوز کرنا — بالحبل: رسی سے باندھنا

اَحْزَقَہٗ - منع کرنا - روکنا۔

تَحَزَّقَ - سکڑنا۔

الحِزْق و الحِزْقَۃ و الحَازِقَۃ و الحَزْ(ا)قَۃ و الحَزِیْقَۃ - آدمی وغیرہ کی جماعت - حَزِیْقَۃ کی جمع حَزَائِق و حَزِیْق و حُزُق - الحَزْقَۃ: ہر چیز کا ٹکڑا۔

الحَازُوْقَۃ - ہچکی - (لغت عوام ہے فصیح لفظ الفُوَاق ہے)

الحُزُق و الحُزَق و الحُزُقَّۃ و الحُزُقَّۃ و الاُحْزُقَّۃ - پست قد - جو چھوٹے چھوٹے قدم کرکے چلے - (— و المُتَحَزِّق) بدخلق - بخیل۔

المَحْزُوْق - من الابریق ونحوہ: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔

حَزَکَہٗ (ض) حَزْکًا - لپیٹنا اور دبانا۔ ہ بالحبل: گٹھا بنانا اور باندھنا۔

اِحْتَزَکَ - بالثوب: کپڑے سے کسنا۔

اِحْزَأَلَّ - الشیٔ: اکٹھا ہونا — القلبُ: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا — الجبلُ: پہاڑ کا سراب سے بلند ہونا — البعیرُ فی السیر: چلنے میں بلند ہونا۔

الحَوْزَل و الحَوْزَلَۃ - پست قد۔

حَزَمَہٗ (ض) حَزْمًا و حَزْمَۃً - باندھنا

حَزِمَ (س) حَزَمًا - سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔

حَزُمَ (ک) حَزْمًا و حَزَامَۃً - ہشیاری

دُوراندیشی سے کام لینا۔ صفت (حَازِم) ج حَزَمَة وحُزَّم واُحْزَام و (حَزِیم) ج حُزَمَاء۔
(اَحْزَم) الفرسَ: تنگ بنانا۔
تَحَزَّمَ واِحْتَزَمَ۔ رسّی وغیرہ سے کَسنا کہا جاتا ہے "تَحَزَّمَ فی الاَمْر" یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہشیاری سے کام لیا۔
اِحْزَوْزَمَ اِحْزِیْزَامًا۔ الشیءُ: اکٹھا ہونا
— المکان: سخت وبلند ہونا۔
الحِزَام۔ ج حُزُم و (الحِزَامَة) ج حَزَائِم و (الحُزُم والحُزَمَة) جانور کا تنگ۔ کہا جاتا ہے۔
"اَخَذَ حِزَامَ الطَّرِیق" وہ وسطِ راستہ پر چلا۔
الحَزْم۔ مص۔ سخت وبلند زمین۔ ج حُزُوم
الحَزَم۔ کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا سینہ میں پھنسا لگنا۔
الحُزْمَة۔ لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحُزْقَّة۔ پست قد۔
المَحْزِم۔ جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ کہا جاتا ہے "شَدَدْتُ لِهٰذَا الاَمْرِ حَزِیمِی" میں نے اس معاملہ کیلئے کمر کو کسا یعنی پوری طرح سے آمادگی ظاہر کی۔ سینہ کا وسط۔ ج حُزُوم واَحْزِمَة
الاَحْزَم۔ چوڑے سینہ والا۔ بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الاَحْزَام۔ پارٹیاں۔
الحَیْزُوم۔ سینہ کا وسط۔ سخت وبلند زمین۔ ج حَیَازِم وحَیَازِیم۔ "شَدُّ الحَیَازِیم" کنایہ ہے صبر کرنے سے۔
المِحْزَم۔ من الدابة: تنگ باندھنے کی جگہ
حَزَنَهٗ (ن) حُزْنًا۔ غمگین کرنا۔
حَزِنَ (س) حَزَنًا۔ لہٗ وعلیہ: غمگین ہونا صفت (حَزِین) ج حُزَنَاء وحِزَان وحَزَانَی و (حَزِنٌ وحَزْنٌ وحَزُونٌ ومَحْزُون ومَحْزَان وحَزْنَان)
حَزُنَ (ک) حُزُونَةً۔ المکانُ: سخت ہونا
اَحْزَنَ۔ سخت زمین میں چلنا۔ (— و حَزَّنَ) الرجلَ: غمگین بنانا۔ حَزَّنَ القَارِئُ:

باریک آواز سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ وتَحَازَنَ واحْتَزَنَ۔ غمگین ہونا۔ تَحَزَّنَ علیہ ولامرہ: دردمند ہونا۔
الحُزْن والحَزَن۔ غم۔ ج اَحْزَان۔
الحَزْن۔ سخت وبلند زمین۔ ج حُزُون و حُزُون۔
الحَزْنَة۔ من الارض: سخت زمین۔
الحُزْنَة۔ سخت پہاڑ۔ ج حُزَن۔
الحَزَن: سختیاں۔
الحُزَانَة۔ اہل وعیال جن کی وجہ سے آدمی فکرمند رہتا ہے۔
الحُزُونَة۔ زمین کی سختی۔
الحَزَنْبَل۔ بیوقوف عورت۔ گٹھے بدن کی پست قد عورت۔ کھوسٹ بڑھیا۔ کڑوے مزہ کی ایک قسم کی نباتات۔
حَزَا (ن) حَزْوًا وحَزَی (ض) حَزْیًا و تَحَزَّی) الشیءَ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔
الطیرَ: شگون معلوم کرنے کے لئے اڑانا
حَزَا (ن) وحَزَی۔ السرابُ الشیءَ: نمایاں کردینا۔
اَحْزَی اِحْزَاءً۔ الشیءُ: بلند ونمایاں ہونا
— بالشیء: جاننا۔
الحَازِی۔ فا۔ وہ شخص جو ہتھیلی وغیرہ دیکھ کر پیشین گوئی کرے اور اسی سے ہے "عَلَی الحَازِی هَبَطْتُ" یعنی میں دانا اور واقف کار کے پاس پہنچا۔
الحَزْی والحَزَاءُ۔ ایک قسم کی نباتات واحد حَزَاۃ وحَزَاۃ۔
الحَزَّاءُ۔ نجومی وستارہ شناس۔
حَسَّهٗ (ن) حَسًّا۔ قتل کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا
حَسَّ الدابةَ: کھریرا کرنا البردُ الزرعَ: جلانا
اللحمَ: چنگاری پر ڈالنا النارَ: پختہ ہونے کے لئے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔
حَسَّ (ض) حَسًّا واَحَسَّ۔ الشیءَ و بالشیءِ: معلوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَّ واَحَسَّ منہ

خبرًا" اس نے اس سے خبر معلوم کی۔
حَسَّ (س ض) حَسًّا وحِسًّا۔ بالخبر: یقین کرنا لفلان: نرم دل ہونا۔
حَسَّسَهٗ۔ معلوم کرانا۔
تَحَسَّسَ۔ سننا۔ دیکھنا الخبرَ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا الشیءَ: حواس سے پہچاننا تَحَسَّسَ منہ: حقیقت حال معلوم کرنا۔
اِنْحَسَّتْ۔ اَسْنَانُهٗ: اکھڑ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
اِحْتَسَّ۔ الشیءَ: چھونا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
الحِسّ۔ مص۔ حرکت۔ آہستہ آواز۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهٗ حِسًّا" میں نے اس کی آہستہ آواز نہیں سنی۔ آہٹ۔ بچہ کی پیدائش کے بعد کا درد۔ حِسُّ الحُمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحَسّ۔ مص۔ حیلہ۔ شور۔
الحَسَّة والحِسَّة۔ حالت۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ فِی حِسَّةِ سُوءٍ" وہ بری حالت میں ہے۔
الحَاسَّة۔ الحاس کا مونث۔ معلوم کرنے کی قوت۔ ج حَوَاسّ الحَوَاسُّ الخَمْس: معلوم کرنے کی پانچ قوتیں۔ (سننا۔ دیکھنا۔ سونگھنا۔ چکھنا۔ چھونا) "حَوَاسُّ الاَرضِ خَمْس" زمین کے لئے پانچ آفتیں۔ سردی۔ اولے۔ ہوا۔ ٹڈی مویشی۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِالقَوْمِ حَوَاسُّ" لوگوں پر سخت سال گزرے۔
الحَسِیس۔ آہستہ آواز۔ حرکت۔ مقتول۔
حِسَاس۔ الحمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحِسِّیّ۔ وہ چیز جس کا ادراک قوت حاسہ سے ہو۔ اور اس کا ضد عقلی ہے۔
الحُسَاس۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔ پتھر کے چھوٹے ٹکڑے۔ واحد (حُسَاسَة) بدبختی۔ بدخلقی۔
الحَسُوس۔ سخت قحط کا سال۔
حُسَاسَاتُ۔ الحیا: کنایہ ہے شرمندگی کی چیزوں کی وجہ سے انقباض کے احساس سے۔

المَحْسُوس - حسِ ظاہری سے معلوم کیا ہوا - بدبخت - اَرْضٌ مَحْسُوْسَۃٌ - ٹڈی یا اولے سے تباہ شدہ زمین -

المِحَسَّۃ - کھریرا -

الحَاسُوْس - جاسوس -

حَسَبَ (ن) حَسْبًا وحِسَابًا وحِسْبَانًا و حُسْبَانًا وحِسْبَۃً وحِسَابَۃً - شمار کرنا -

حَسِبَہٗ (س ح) حِسْبَانًا و مَحْسَبَۃً و مَحْسِبَۃً - گمان کرنا -

حَسُبَ (ک) حَسَبًا وحَسَابَۃً - شریف الاصل ہونا - صفت (حَسِیْب) ج حُسَبَاء -

حَسَّبَ - تکیہ دینا — المیتَ : کفنا کر دفن کرنا یا پتھروں میں دفن کرنا - (— وأَحْسَبَہٗ) کسی کو اتنا کھلانا یا دینا کہ وہ بول اُٹھے کہ بس - کہا جاتا ہے "اَعْطٰی فَاَحْسَبَ" یعنی اُس نے دیا اور بہت دیا -

حَاسَبَہٗ مُحَاسَبَۃً وحِسَابًا - حساب کی جانچ کرنا -

تَحَسَّبَ - قناعت کرنا - تکیہ لگانا — الخَبَرَ : دریافت کرنا — ہ پہچاننا - قصد کرنا -

تَحَاسَبَا - ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا -

اِحْتَسَبَ - الامرَ : گمان کرنا - شمار کرنا - — ما عند فلان : آزمائش کرنا - اِحْتَسَبَ علیہ الامرَ : امرِ منکر سے منع کرنا — بہٖ : قناعت کرنا — عنہ : رک جانا یا رکے رہنا - اِحْتَسَبَ وَلَدًا لہٗ : بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا (اور اگر چھوٹا بچہ مرجائے تو اس کے لئے اِفْتَرَطَ آتا ہے) — عند اللّٰہ خیرًا ثواب کی امید رکھنا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَایُحْتَسَبُ بِہٖ" یعنی فلاں اس کے مقابلہ میں کسی شمار میں نہیں "وفُلَانٌ اِسْتَعْطَانِی فَاَحْسَبْتُہٗ" فلاں نے مجھ سے عطیہ مانگا - اور میں نے اس کو کافی دیا -

الحَاسِب - فا - حساب داں - ج حَسَبَۃ

الحَسْبُ - مص - کافی ہونا - کہا جاتا ہے "حَسْبُکَ دِرْہَمٌ" اور بار کی زیادتی سے "بِحَسْبِکَ دِرْہَمٌ" بھی کہا جاتا ہے - یعنی تمہارے لئے ایک درہم کافی ہے - وہذا رجلٌ حَسْبُکَ مِنْ رَجُلٍ " یہ مرد تمہارے لئے اس مرد سے کافی ہے - وزید صدیقی فَحَسْبِیْ اوفَحَسْبُ " زید میرا دوست ہے اور میرے لئے کافی ہے -

الحَسَبُ - حَسَبَ کا مصدر - عدد - اندازہ کہا جاتا ہے "ہٰذا بِحَسَبِ ذاک" یہ اسکے موافق ہے "وَ اِعْمَلْ علی حَسَبِ ما اَمَرْتُکَ" یعنی کر و اس کے موافق جیسا میں نے تم کو حکم دیا ہے - "وحَسَبَما ذُکِرَ" موافق اس کے جو ذکر کیا گیا - خاندانی شرافت آباؤ اجداد کے مفاخر - الحَسَبُ : شمار کیا ہوا -

الحِسَاب - مص - شمار - کافی - کہا جاتا ہے "اَعْطَاہُ عَطَاءً حِسَابًا" اس نے اسکو کافی دیا - لوگوں کی بڑی جماعت - کہا جاتا ہے - آتانی حِسَابٌ مِنَ النَّاسِ جیسا کہ کہا جاتا ہے "جاءنی عَدَدٌ مِنْہُمْ" ویَرْزُقُ اللّٰہُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ" اللہ جس کو چاہتا ہے بغیر کمی و تنگی کے رزق دیتا ہے حسابُ الجُمَّل : حروف ابجد کا حساب - یَوْمُ الحِسَاب : قیامت کا دن -

الحِسَابِیّ - حساب داں -

الحِسْبَۃ - مص میت کو پتھروں میں یا کفنا کر دفن کرنا - ثواب - جزا - ج حِسَب -

الحَسِیْب - خاندانی شرف والا - حساب جانچ کرنیوالا - کہا جاتا ہے "کَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا "

الحُسْبَان - حساب - چھوٹے تیر - واحد (حُسْبَانَۃ)

الحُسْبَانَۃ - کڑک - بادل - اولے - چیونٹی (— وَالحُسْبَۃ) چھوٹا تکیہ -

المُحْتَسِبُ - البَلَدِ : شہر میں حاکم کی طرف سے اوزان وغیرہ کی دیکھ بھال کے لئے جو مقرر ہو -

حَسْبَلَ - حسبی اللہ کہنا -

حَسْحَسَ - لہٗ : دردمند ہونا — اللحمَ : گوشت کو انگاروں پر ڈال کر الٹنا پلٹنا -

تَحَسْحَسَ - بالمقام : حرکت کرنا — اوبارُ الابل : متفرق و پراگندہ ہونا - گرجانا -

حَسَدَہٗ (ن ض) حَسَدًا وحَسَادَۃً وحَسْدًا - فلانًا نعمۃً وعلی نعمۃٍ : زوال نعمت کی تمنا کرنا یا دوسرے سے نعمت کے زوال اور اپنے لئے حصول کی تمنا کرنا - صفت (حَاسِد) ج حُسَّاد وحَسَدَۃ وحُسَّد -

اَحْسَدَ - حاسد پانا -

تَحَاسَدَا - ایک دوسرے کے زوالِ نعمت کی تمنا کرنا -

الحَسُوْد - وہ شخص جو طبعًا حاسد ہو (مذکر و مونث) ج حُسُد -

الحَسَّاد - بہت حسد کرنے والا -

المَحْسَدَۃ - باعثِ حسد -

الحَسْدَل - چچڑی -

حَسَرَ (ن ض) حُسُوْرًا - البصرُ : نگاہ کا تھک جانا — الشیءُ : کھل جانا — الماءُ : نیچے اتر جانا (— حَسَرًا) الرجلُ اوالدابۃُ : تھکنا -

حَسَرَ (ن ض) حَسْرًا - الشیءَ : کھولنا - کہا جاتا ہے "حَسَرَ کُمَّہٗ عن ذِرَاعِہٖ" یعنی اس نے آستین چڑھائی - "وحَسَرَتِ الجاریۃُ خِمَارَہَا عن وجہہا" یعنی لڑکی نے اپنی اوڑھنی اپنے چہرہ سے ہٹادی صفت مونث (حَاسِر) ج حُسَّر وحَوَاسِر -

الحُسَّر : میدانِ جنگ کے پیادے جن کے سر اور چہرے کھلے ہوئے ہوں - یا جن کے جسم پر زرہ اور سر پر خود نہ ہوں — الغُصْنَ : چھیلنا — البیتَ : جھاڑو دینا — الدابۃَ : چلا کر تھکا دینا -

حَسِرَ (س) حَسَرًا - تھکنا - (— حَسْرًا وحَسْرَۃً) افسوس کرنا -

حَسَّرَ - الطیرُ : پروں کا گرنا - حَسْرَۃً : افسوس کرانا - افسوس کرنے پر برانگیختہ کرنا - تکلیف دینا حقارت کرنا -

اَحْسَرَ - الدابۃَ : چلا کر تھکانا -

تَحَسَّرَ - علیہ : افسوس کرنا — الشعرُ اوالریشُ :

گرنا۔ جھڑنا۔ تَحَسَّرَ الطائرُ: پروں کا گرنا۔ تَحَسَّرَتِ المرأۃُ: برہنہ رو ہو کر بیٹھنا۔

اِنْحَسَرَ۔ الشیٔ: کھلنا　الطیرُ: پرانے پر گر کر نئے نکلنا۔

اِسْتَحْسَرَ۔ تھکنا۔

اَلْحَاسِرُ۔ فا۔ بغیر عمامہ یا بغیر زرہ یا بغیر خود والا۔ عورت جس نے اپنے چہرہ سے اوڑھنی کو ہٹا دیا ہو۔

الحَسِیْرُ۔ تھکانیوالا۔ افسوس کرنیوالا۔

الحَسِیرُ۔ تھکا ہوا۔ کمزور۔ افسوس کرنیوالا تھکانے والا۔ ج حَسْرٰی۔

الحَسْرَانُ۔ فوت شدہ چیز پر زیادہ افسوس وحسرت کرنے والا۔

اَلْمَحَاسِیْرُ۔ مصیبتیں۔ بلائیں۔ واحد (مَحْسُوْرٌ)

المَحْسِرُ والمَحْسَرُ۔ چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ کریمُ المنظرِ وکریمُ المَحْسَرِ۔ فلاں دیکھنے میں خوبصورت اور باطن کے لحاظ سے کریم الطبیعت۔ ج مَحَاسِرُ۔ کہا جاتا ہے" اَرْضٌ عَارِیَۃُ المَحَاسِرِ" بغیر نباتات والی زمین۔

المِحْسَرَۃُ۔ جھاڑو۔

المَحْسُوْرُ۔ البصرِ: تھکی ہوئی نگاہ والا۔

حَسَفَتْ (ض) حَسْفًا وحَسِیْفًا۔ الحیۃُ: پھنکارنا حَسَفَ (ض) حَسْفًا) السحابُ: چلنا　الغنمَ: ہانکنا　التمرَ: صاف کرنا　القرحۃُ: چھلنا۔

(　حَسْفًا وحُسَافًا) الزرعَ: کاٹنا۔

حَسِفَ (س) حَسَفًا۔ لہ: کینہ رکھنا غضبناک ہونا۔

اَحْسَفَ۔ التمرَ: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا۔

حَسَّفَ۔ التمرَ: ردی کھجوروں سے صاف کرنا

تَحَسَّفَ۔ الجلدُ: چھلنا　اوبارُ الابلِ: اونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔

اِنْحَسَفَ۔ الشیٔ فی یدی: ریزہ ریزہ ہونا۔

الحُسَافُ۔ کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔

الحُسَافَۃُ۔ ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے۔ کہا جاتا ہے۔ فلانٌ لایعطی من البُرِّ الا نُسَافَتَہُ و من التمرِ الا حُسَافَتَہُ" فلاں گیہوں کی صرف پھٹکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔ حُسَافَۃُ الناسِ: رذیل لوگ۔ (الحُسَافَۃُ والحَسِیْفَۃُ۔ دشمنی۔ غصہ کہتے ہیں رَجَعَ بِحَسِیْفَۃِ نَفْسِہٖ" بغیر اپنی حاجت پوری کئے ہوئے واپس ہوا۔

الحَسْفَۃُ۔ پتلا بادل۔

الحِسْفِلُ والحَسْفِلُ۔ ردی۔ چھوٹے لڑکے۔

الحِسْفَلُ۔ کشادہ پیٹ والا۔

الحِسْقِلُ۔ چھوٹے بچے۔

حَسِكَ (س) حَسَكًا۔ علیہ: غضبناک ہونا۔ صفت (حَسِكٌ)　الدابۃُ: چارہ کھانا۔ دانہ چبانا۔

اَحْسَكَ۔ الدابۃَ: چارہ دینا　النباتُ: کانٹے دار ہونا۔

الحَسَكُ۔ مع۔ کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی واحد (حَسَکَۃٌ)

الحَسِیْکَۃُ۔ جانور کا دانہ۔ بھسی۔ (　والحَسَکَۃُ والحُسَاکَۃُ) دشمنی۔ کینہ

الحَسِیْكُ۔ پست قد۔

حَسْكَلَ حَسْکَلَۃً۔ چھوٹے دانتوں کو ذبح کرنا۔

الحَسْکَلُ۔ ردی۔

الحِسْکِلُ۔ چھوٹا بچہ۔ ج حَسَاکِلُ۔ وحَسَاکِلُ چنگاری۔ جو گرم لوہا کوٹتے وقت اڑے۔

حَسَلَ (ن) حَسْلًا۔ الشیٔ: ذلیل کرنا　الدابۃَ: تیز ہانکنا۔

حُسِلَ۔ ہ: ذلیل کیا جانا۔

حَسَّلَ۔ بنفسہٖ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ دنائت اختیار کرنا۔

تَحَسَّلَ واحْتَسَلَ۔ گوہ کے بچہ کا شکار کرنا۔

الحِسْلُ۔ گوہ کا بچہ۔ ج حِسَلَۃٌ واَحْسَالٌ و حُسُوْلٌ وحِسْلَانٌ۔ کہا جاتا ہے "لا آتیک سِنَّ الحِسْلِ" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤنگا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لئے دوام سے کنایہ کیا گیا۔ اور لفظ سِنَّ منصوب بنزع الخافض ہے اس وجہ سے کہ تقدیر مدۃ بقاء سن الحسل ہے۔ ابو حِسْلٍ وابو حُسَیْلٍ: گوہ۔

الحُسَالَۃُ۔ چاندی۔ چاندی کے ذرات جو وغیرہ کی بھوسی۔ (　والحُسَیْلَۃُ۔ قوم کے ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

الحَسِیْلُ۔ گائے کے بچے۔ واحد (حَسِیْلَۃٌ) گھٹیا چیز۔ ج حُسُلٌ۔

المَحْسُوْلُ۔ گھٹیا۔ ردی۔

حَسَمَہٗ (ض) حَسْمًا۔ جڑ سے کاٹنا حَسَمَ العِرْقَ: رگ کاٹ کر خون روکنے کے لئے داغ دینا　الداءَ: مرض کو دوا سے دور کرنا۔ حَسَمَ الشیٔ: روکنا۔ منع کرنا۔

اِنْحَسَمَ۔ جڑ سے کٹنا۔

الاَحْسَمُ۔ باخبر فیصلہ کن مرد۔

الحُسُوْمُ۔ نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے "ایامٌ حُسُوْمٌ (علی الوصف)؛ ایامُ حُسُوْمٍ" (علی الاضافۃ) یعنی نامبارک ومنحوس دن۔

الحُسَامُ۔ شمشیر بران۔ حُسَامُ السیفِ: تلوار کی دھار۔

المَحْسَمَۃُ۔ کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "ھذا مَحْسَمَۃٌ للداءِ" یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔

المَحْسُوْمُ۔ دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔ وہ بچہ جس کو بری خوراک دی گئی ہو۔

الحَیْسُمَانُ۔ گندمی رنگ کا موٹا مرد۔

حَسُنَ وحَسَنَ (ک۔ ن) حُسْنًا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (حَسَنٌ) ج حِسَانٌ و حُسَّانٌ) ج حُسَّانُوْنَ و(مَحَاسِنُ وحَسِیْنٌ) المؤنث حَسَنَۃٌ وحَسْنَاءُ ج حِسَانٌ وحَسَنَاتٌ اور مبالغہ

کے لئے (حُسّان) مؤنث حُسّانَۃ۔
حَسَّنَہٗ۔ آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
حَاسَنَہٗ مُحَاسَنَۃً۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنّی لَاُحَاسِنُ بِکَ النَّاسَ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔
اَحْسَنَ۔ نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔
—— الشَّیٔ: اچھی طرح بنانا۔ اچھی طرح جاننا کہا جاتا ہے "فلان یُحْسِنُ القِرَاءَۃَ" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے —— الیہ وبہ: نیک سلوک کرنا۔ نیکی کرنا
تَحَسَّنَ۔ خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔
کذا: آراستہ ہونا۔ مونڈنا۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ الحَمَّامَ فَتَحَسَّنَ" وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔
اِسْتَحْسَنَہٗ۔ اچھا جاننا۔
اَلحُسْنُ۔ جمال و خوبصورتی۔ ج مَحَاسِن (خلاف قیاس) اَلمَحَاسِن: بدن کے خوبصورت مواقع
حُسْنُ یُوسُف ساعَۃٍ: ایک قسم کی نباتات ہے جو طلوع آفتاب سے پہلے کھلتی اور طلوع آفتاب کے بعد مرجھا جاتی ہے چونکہ اسکی خوشنمائی تھوڑی دیر کیلئے ہوتی ہے اس لئے اس کا یہ نام ہے۔ بِنْتُ الحُسْنِ: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اور اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے۔ اَلحُسْنُ: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام۔
اَلحُسْنُ۔ یم۔ کہنی کے پاس کی ہڈی۔ بلند ٹیلہ۔ اَلحَسَنَانِ: سیدنا حضرت حسن و سیدنا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔
اَلحَسَنَۃُ۔ نیکی۔ بھلائی۔ ج حَسَنَات۔
اَلاَحْسَنُ۔ حسن کا اسم تفضیل۔ ج اَحَاسِن مؤنث حُسْنٰی اور کبھی شاذ طریقہ سے اسکی تصغیر اُحَیْسِن لاتے ہیں اور کہتے ہیں "مَا اُحَیْسِنَ زیدًا"۔ —— اَحَاسِنُ القَوْمِ: قوم کے خوبصورت لوگ۔
اَلحُسْنٰی۔ اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج حُسْنَیَات و حُسَن —— الاسماء الحُسْنٰی: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔

اَلحُسْنَیَانِ۔ فتحمندی و شہادت۔ کہا جاتا ہے "مُحْسِنَاہُ و حُسْنَیَاہُ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کیلئے انتہا یہ ہے اور جن کاموں کے کرنیکی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔
اَلحَسُّوْن۔ ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔
اَلمُحْسَان۔ بہت بھلائی کرنے والا۔
اَلتَّحَاسِیْن۔ اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْدَعَ تَحَاسِیْنَ الطَّاؤُوْسِ وَتَزَایِیْنَہٗ" مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادر اور عجیب ہے۔
اَلمَحْسَنَۃُ۔ سبب حسن۔ کہا جاتا ہے۔ "ہٰذا طعامٌ مَحْسَنَۃٌ لِلْجِسْمِ" یہ خوراک جسم کیلئے باعث حسن ہے۔
اَلحُسْنَۃُ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔
حَسَا (ن) حَسْوًا و تَحَسّٰی و احْتَسٰی المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پینا —— الطائرُ الماءَ: چونچ سے پانی پینا۔
حَسّٰی و اَحْسٰی و حَاسٰی۔ الرجلَ المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پلانا۔
تَحَاسَیَا۔ ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔
اَلحَسْوُ والحَسَا والحَسَاءُ والحَسُوُّ۔ ہر رقیق چیز جو پی جا سکے اور اسی سے ہے "یَوْمٌ کَحَسْوِ الطَّیْرِ" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔
اَلحَسُوُّ: بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا
اَلحَسْوَۃُ۔ حسا کا اسم مرۃ۔ گھونٹ۔ ج حَسَوَات۔
اَلحُسْوَۃُ۔ ایک مرتبہ گھونٹ لگانیکا اندازہ کہا جاتا ہے "فی الاناءِ حُسْوَۃٌ" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے ج اَحْسِیَۃ و اَحْسُوَۃ و جج اَحَاسِی۔
اَلحَسِیَّۃُ۔ وہ چیز جو پی جا سکے۔
حَسِیَ (ض) حَسْیًا و احْتَسٰی۔ نرم دلدلی زمین۔
اَلمِحْسَاۃُ۔ پانی کھینچنے کا بیل۔

حَشَّ (ن) حَشًّا۔ العُشْبَ: کاٹنا —— النارَ: سلگانا اور کریدنا —— الحربَ: بھڑکانا الفرسَ: گھاس ڈالنا۔ اور اسی سے مثل ہے —— "اَحُشُّکَ وتَرُوْثُنِی" میں تیرے لئے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ برائی سے پیش آتا ہے —— المالَ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا —— الصیدَ: دونوں جانب سے گھیرنا۔ حَشَّتِ الیدُ: شل ہونا —— الولدُ فی بطنِ الناقۃِ: پیٹ میں خشک ہونا۔
—— الفرسُ: تیز دوڑنا۔
اَحَشَّ۔ الکلأُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا —— الارضُ: گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔ اَحَشَّہٗ: گھاس کاٹنے میں مدد دینا اَحَشَّتِ الناقۃُ او المرأۃُ: پیٹ میں بچہ خشک ہونا۔ صفت (مُحِشٌّ) اَحَشَّہٗ عن حاجتہ: جلدی کرانا۔
اِحْتَشَّ۔ اِحْتَشَّ: گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔
اِسْتَحَشَّ۔ الرجلُ: پیاسا ہونا —— الغصنُ: لمبی ہونا —— الیدُ: شل ہونا۔
—— العظمُ: باریک ہونا۔
اَلحَشِیْش۔ خشک گھاس۔ واحد (حَشِیْشَۃ) الحَشِیْشَۃ: بھنگ۔
اَلحُشَاشَۃُ والحُشَاش۔ مریض یا زخمی کی بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "حُشَاشَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کذا": تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
اَلحَشُّ والحُشُّ والحِشُّ۔ باغ کھجور و کا جھنڈ۔ پاخانہ۔ ج حُشُوش و حُشَّان۔
اَلحُشُّ بالضم: ماں کے پیٹ میں مردہ بچہ۔ الحِشُّ بالکسر: کچھ۔ الحَشُّ بالفتح: چھوٹا مرجھایا ہوا کھجور کا پودہ۔ ج حِشَان۔
اَلحُشَّۃُ۔ بڑا قبہ۔
اَلحِشَاش۔ گھاس کی گون۔ ہر چیز کا کنارہ ج اَحِشَّۃ۔

اَلْحَشَّاشُ - گھاس کا جمع کرنیوالا یا بھنگ پینے والا - ج حَشَّاشُونَ وحَشَّاشَۃٌ -

اَلأُحْشُوشُ والمُحْشُوشُ - ماں کے پیٹ میں خشک بچہ -

المَحَشُّ والمَحَشَّۃُ - بہت گھاس والی جگہ - ج مَحَاشُّ - المَحَشَّۃُ : دبر -

اَلمِحَشُّ - گھاس کاٹنے کی درانتی -

(— والمِحَشَّۃُ) آگ ہلانے کی لوہے کی کریلی

المِحَشُّ : دلاور -

حَشَأَ (ف) حَشْأً - النارَ : روشن کرنا — ہ بسہم : کسی کے جوف میں تیر مارنا — ہ بسوط : پیٹ یا پہلو پر کوڑا مارنا - المرأۃَ : جماع کرنا

اَلمِحْشَأُ - موٹا کمبل - ج مَحَاشِئُ -

اَحْشَبَ - غضبناک کرنا -

اِحْتَشَبُوا - اکٹھا ہونا -

اَلحَوْشَبَۃُ - لوگوں کی جماعت -

اَلحَوْشَبُ - خرگوش : بچھڑا - نرلومڑی - دبلا - پھولے ہوئے پہلوؤں والا (ضد)

حَشْحَشُوا وتَحَشْحَشُوا - اٹھنے کیلئے حرکت کرنا - حَشْحَشَۃً النارَ : جلانا - تَحَشْحَشَ القومُ : متفرق ہونا -

حَشَدَ (ن ض) حَشْدًا - الشیءَ : جمع کرنا - (حُشُودًا) الزرعُ : پوری طرح اُگنا — الناقۃُ : تھن میں دودھ جمع کرنا — القومُ پکار کا جلدی جواب دینا -

حَشَّدَ - الشیءَ : جمع کرنا -

اَحْتَشَدَ وتَحَشَّدَ وتَحَاشَدَ وانْحَشَدَ القومُ : ایک مقصد کیلئے جمع ہونا - کہا جاتا ہے " اِحْتَشَدَ لنا فی الضیافۃ " اس نے مہمانی میں دریا دلی سے کام لیا - وَاِحْتَشَدَ بفلانٍ فی کذا " اس نے فلاں کیلئے تیار کیا -

اَلحَشْدُ - مص - (— والحَشَدُ) جماعت - کہا جاتا ہے " عندی حَشْدٌ من الناسِ " میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے - ج حُشُودٌ -

اَلحَاشِدُ - فا - بغیر کوتاہی کے اجنبی کا دودھ دوہنے والا - بہت دانوں والا کھجور کا گچھا - مستعد وتیار - کہا جاتا ہے " فلانٌ حَافِدٌ حَاشِدٌ " فلاں خدمت میں پوری کوشش کرنیوالا ہے

اَلحَشِدُ - وہ شخص جو مدد کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے ج حُشُدٌ - عینٌ حُشُدٌ : چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو -

اَلحَشُودُ - تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اونٹنی -

المَحْشُودُ - وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں -

المَحَاشِدُ - محفلیں - مجلسیں -

حَشَرَ (ن ض) حَشْرًا - الناسَ : جمع کرنا — ہ عن وطنہ : جلاوطن کرنا - حَشَرَ الجمعَ : ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا — العودَ : چھیلنا اور باریک کرنا — السنۃُ الشدیدۃُ المالَ : مال یعنی اونٹوں کو لاغر کردینا - اور ہلاک کردینا -

حَشِرَ واُحْتُشِرَ - فی رأسہ : بڑی سر والا ہونا - علیٰ ہذا القیاس - حَشِرَ فی بطنہ : بڑے پیٹ والا ہونا اور جسم کے ہر حصہ کیساتھ مستعمل ہے - حُشِرَتِ الوحوشُ : مرنا و ہلاک ہونا -

اَلحَشْرُ - مص — من الآذان : باریک کان کہا جاتا ہے - اُذُنٌ حَشْرٌ واُذُنَانِ حَشْرٌ وآذانٌ حَشْرٌ - ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے - اس وجہ سے کہ مصدر ہے - الحشرُ من الاسنّۃ : باریک نیزہ - ج حُشُرٌ - یومُ الحَشْرِ : قیامت کا دن

اَلحُشَارَۃُ - معمولی درجہ کے لوگ (بعضوں کے نزدیک " الحُثَارَۃُ " کی تصحیف ہے)

اَلحَاشِرُ - فا - ج حَاشِرُونَ وحُشَّارٌ -

اَلحُشَرَۃُ - چھلکا جو دانہ سے ملا ہوا ہو - ج حُشَرٌ

اَلحَشَرَۃُ - ج حَشَرَاتٌ : کیڑا مکوڑا یا چھوٹے چھوٹے جانور -

اَلحُشُوشُ - بھوسی -

اَلحَشْوَرُ - بڑے پیٹ والا - پھولے ہوئے پہلوؤں والا - لطیف قدوقامت والا - کہا جاتا ہے " فرسٌ حَشْوَرٌ " اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا -

المَحْشَرُ والمَحْشِرُ - لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ -

حَشْرَجَ حَشْرَجَۃً - جان کندنی کے وقت گھنگرو کا بولنا -

اَلحَشْرَجُ - آبخورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے - پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو -

حَشَطَ (ض) حَشْطًا - الاناءَ : ڈھکنا کھولنا — الجُلَّ عن الفرسِ : جھول اُتارنا — الجلدَ : کھال اُتارنا -

حَشَفَ (ض) حَشْفًا - الضرعُ : دودھ خشک ہو جانا -

اَحْشَفَتِ - النخلۃُ : ردی کھجور والا ہونا — ضرعُ الناقۃِ : سکڑنا - سمٹنا -

حَشَّفَ - عینہ : آنکھیں بھینچ کر دیکھنا -

تَحَشَّفَ - پرانا کپڑا پہننا -

اِسْتَحْشَفَ - اُذُنُ الانسانِ : خشک ہوکر سمٹنا — ضرعُ الانثیٰ : سکڑنا - سمٹنا -

اَلحَشَفُ - ردی کھجور " اَحَشَفًا وسُوءَ کِیلۃٍ " : (ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اُس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بُری عادتیں جمع ہوں - جیسے اردو میں " کریلا اور نیم چڑھا - خشک پستان -

اَلحَشَفَۃُ - وہ غلہ جو کھیت، کٹنے کے بعد باقی رہ جائے - خشک خمیر - گول چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے - ج حِشَافٌ -

اَلحَشَفَۃُ - عضو تناسل کی سپاری - بہت بڑھیا عورت -

اَلحُشَافَۃُ - تھوڑا پانی -

اَلحَشِیفُ - پرانا کپڑا -

حَشَکَ (ض) حَشْکًا وحُشُوکًا - الضرعُ : دودھ سے پُر ہونا — السحابُ : بہت پانی والا ہونا — النخلۃُ : بہت پھلدار ہونا - صفت (حَاشِکٌ) — الوادی : پانی کو باہر پھینکنا -

—— القومُ : جمع ہونا —— الرّیحُ : مختلف جہات سے چلنا —— النّاقۃُ لبنَہا : تھن میں دودھ جمع کرنا۔ صفت (حَشُوک) —— النّاقۃَ : دودھ جمع ہونیکے لئے تھن میں چھوڑ دینا۔ صفت مفعول (مَحْشُوکۃ)

حَشِکَت (س) حَشْکًا۔ الدابۃُ : جو وغیرہ چبانا۔ حَشِکَ اللبنُ فی الضرعِ : جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَحْشَکَ ۔ الدَّابۃَ : جو وغیرہ کھلانا۔

تَحَشَّکَ ۔ الضرعُ : دودھ سے پُر ہونا۔

الحَشْکَۃ ۔ بارش کی بوچھار۔

الحُشْکَۃ ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے " جَاءُوا بِحُشْکَتِہِم ۔ لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے

الحَشِیْکۃ ۔ جانوروں کے کھانے کیلئے جو وغیرہ (الرِّیاحُ الحَوَاشِک) مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔ واحد (حَاشِکۃ)

الحُشَاکَۃ والحُشَاک ۔ لکڑی جو جانور کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔

حَشَلَ (ن) حَشْلاً ۔ ا[illegible] حقیر و ذلیل کرنا۔

الحَشْل ۔ حقیر و ذلیل چیز۔

حَشَمَہٗ (ن ض) حَشْمًا ۔ ناپسند بات سنا کر غضبناک کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ شرمندہ کرنا۔ —— الشیءَ : طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے " مَا حَشَمَ الصَّیدَ " اس نے شکار کو نہیں پایا۔ " وَمَا حَشَمَ مِن طَعَامِنَا " اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

حَشَمَ (ض) حُشُوْمًا ۔ تھکنا۔ لاغری کے بعد فربہ ہونا منہ : منقبض ہونا۔

حَشِمَ (س) حَشَمًا ۔ غضبناک ہونا حَشَمًا : غضبناک کرنا۔

حَشَّمَہٗ وَاَحْشَمَہٗ ۔ غضبناک کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ وَحَشَّمَہٗ : تکلیف پہونچانا۔

حَاشَمَہٗ : غضبناکی پر برانگیختہ کرنا۔

تَحَشَّمَ ۔ مِن فلانٍ : شرم کرنا۔ مذمت سے بچنا۔

اِحْتَشَمَ ۔ منہ و عنہ : غضبناک ہونا۔ منقبض ہونا۔ شرم کرنا۔

حَشَمُ ۔ الرجلِ : نوکر چاکر۔ کسی شخص کے وہ قرابت دار یا غلام یا ہمسائے وغیرہ جو اس کے لئے دوسروں پر غضبناک ہوں۔ یا جن کی وجہ سے یہ غضبناک ہو۔ اہل و عیال قرابت ۔ ج اَحْشَام ۔

الحَشْمَۃ ۔ غضب۔

الحِشْمَۃ ۔ شرم و حیا۔ انقباض۔ غصہ و غضب۔

الحُشْمَۃ ۔ عورت۔ قرابت۔ ذمہ داری

الحَشِیْم ۔ کامل حیادار۔ پڑوسی۔ مہمان ج حُشَمَاء ۔

حَشِنَ (س) حَشَنًا ۔ السقاءُ : دیر تک دودھ رہنے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔

اَحْشَنَ ۔ السقاءَ : بدبودار کرنا۔

حَاشَنَہٗ ۔ باہم گالی گلوج کرنا۔

تَحَشَّنَ ۔ میلا ہونا۔ کمائی کرنا۔

الحَشَن ۔ مع ۔ دودھ کی چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل۔

الحِشْنَۃ ۔ کینہ۔

حَشَا (ن) حَشْوًا ۔ الوِسَادَۃَ بالقُطنِ : تکیہ میں روئی بھرنا الرجلَ : کسی کے حشا پر مارنا۔ (دیکھئے لفظ الحَشَا)

حَاشَاہُ ۔ تھوڑی چیز دینا۔

اِحْتَشٰی اِحْتِشَاءً ۔ بھر جانا۔ کہا جاتا ہے " اِحْتَشَتِ الرُّمَّانَۃُ بالحَبِّ " انار دانوں سے بھر گیا۔ " وَاِحْتَشٰی مِنَ الطَّعَامِ " وہ کھانے سے آسودہ ہو گیا۔ " اِحْتَشَتِ المَرأَۃُ الحَشِیَّۃَ وبِہَا " عورت نے حَشِیَّۃ کا استعمال کیا۔ (دیکھئے لفظ الحَشِیَّۃ)

الحَاشِیَۃ ۔ مِنَ النَّاسِ والاِبلِ : چھوٹے چھوٹے جن میں بڑے نہ ہوں۔

الحَشَا ۔ پسلیوں کے اندر کی چیزیں۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں۔ ج اَحْشَاء ۔ کہا جاتا ہے " آنَا فی حَشَا فلانٍ " میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ " وفلانٌ خیرہم حَشًا " فلاں ان میں سے حفاظت کے لحاظ سے بہتر ہے۔

الحَشْو ۔ مص ۔ چھوٹے چھوٹے آدمی یا اونٹ کلام کی زیادتی۔ رذیل لوگ۔ وہ چیز جس سے کوئی چیز بھری جائے۔ مسالہ جو بکری کے بچے کے پیٹ میں بھرا جائے۔ ج الحَشَاوِیْ ۔ (خلافِ قیاس)

الحِشْوَۃ والحُشْوَۃ ۔ مِنَ البطنِ : آنتیں ردی چیز۔ کہا جاتا ہے " ہُوَ مِن حِشْوَۃِ بنی فلانٍ " وہ بنو فلان کے رذیل لوگوں میں سے ہے۔

الحَشِیَّۃ ۔ توشک۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔ ج حَشَایَا ۔

الحَشْوِیّ ۔ بک بک کرنے والا۔

المَحْشَیٰ ۔ پیٹ میں کھانے کی جگہ۔

المِحْشَیٰ ۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونیکے لئے باندھتی ہیں۔ ج مَحَاشِیّ ۔

المَحْشَاۃ ۔ مِنَ البطنِ : پیٹ کا وہ نچلا حصہ جس میں کھانا رہتا ہے اور جو مخرج تک پہونچتا ہے۔

حَشِیَ (س) حَشًی ۔ الرجلُ : ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونا —— السقاءُ : مشک کے اندرونی حصہ میں دودھ کی تہ جم جانا۔

حَشّٰی ۔ الثوبَ : گوٹ لگانا۔ الکتابَ : حاشیہ لکھنا۔ صفت فاعلی (مُحَشِّی) اور مفعولی (مُحَشّٰی)

حَاشَا مُحَاشَاۃً ۔ زیدًا من القومِ : استثنا کرنا۔

تَحَشّٰی ۔ فلانًا : استثنا کرنا۔ تَحَشّٰی مِنَ الشیءِ : و (تَحَاشٰی) عن الشیءِ : بچنا۔ دور رہنا۔ وتَحَشّٰی فلانٌ : مذمت سے بچنا۔

الحَشَیٰ ۔ ضیق النفس کی بیماری۔ پیٹ کے

اندر کی چیزیں جیسے کلیجہ۔ تلی۔ اوجھڑی وغیرہ۔ ج أَحْشَاء۔

حَاشَا۔ کلمۂ استثناء جس کے ذریعہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ کے حکم سے تنزیہاً خارج کیا جاتا ہے جیسے ضَرَبْتُ الْقَوْمَ حَاشَا زَيْدًا۔ یہی وجہ ہے کہ صَلَّى النَّاسُ حَاشَا زَيْدًا کہنا مستحسن نہیں، اس لئے کہ تنزیہ کے معنی نہیں بنتے۔ اگر 'حاشا' فعل ہو تو نصب ہوگا اور اگر حرف جر ہو تو ما بعد حاشا پر جر آئے گا۔

الحَاشِيَة۔ گوٹ۔ کنارہ۔ اہل وعیال اور خاص اپنے لوگ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج حَوَاشٍ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَقِيقُ الْحَوَاشِي" اچھی صحبت کا مرد۔ وَكَلَامٌ رَقِيقُ الْحَوَاشِي" نرم گفتگو۔

الحَشِي۔ مونث حَشِيَة و(الحَشْيَان) مونث حَشْيَا: ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونیوالا

حَصَّ (ن) حَصًّا۔ الشَّعْرَ: مونڈنا۔ —— الجَلِيدُ النَّبْتَ۔ پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ حَصَّنِي مِنَ الْمَالِ كَذَا: مال میں سے حصہ مقرر کرنا —— الشَّيءَ: گھٹانا۔ کاٹ لینا

حَصَّ (س) حَصَصًا۔ گرے ہوئے سر کے بال۔ یا کم بال والا ہونا۔ صفت (أَحَصّ)

حَصْحَصَ۔ الأَمْرُ: ظاہر ہونا۔

أَحَصَّهُ۔ حصہ دینا۔ أَحَصَّهُ الْمَكَانَ: جگہ میں اتارنا۔

حَاصَّ مُحَاصَّةً۔ الغُرَمَاءُ: حصے تقسیم کرنا

تَحَاصَّ۔ القَوْمُ الشَّيءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔

اِنْحَصَّ۔ الشَّعْرُ: جھڑنا۔ گرنا —— اللِّحْيَةُ: ٹوٹے ہوئے بالوں والی ہونا —— الذَّنَبُ: کٹ جانا۔

الحَصَص۔ سر کے بالوں کی کمی۔ سر کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔

الحِصَّة۔ حصہ۔ ج حِصَص۔

الحُصّ۔ زعفران۔ موتی۔ ج حُصُوص و أَحْصَاص۔

الحُصَاص۔ دوڑنے کی تیزی۔ خارش گوز۔

الحُصَاصَة۔ انگور کاٹنے کے بعد ٹہنی میں جو باقی رہ جائے۔

الحُصَاصَاء۔ خاک۔

الحَاصَّة۔ ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں۔

الأَحَصّ۔ سر میں کم بالوں والا۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں —— مِنَ الطُّيُور: پرندہ جس کے بازو کے پر گر گئے ہوں۔ مونث حَصَّاء۔ يَوْمٌ أَحَصُّ: بغیر بدلی کے سخت سردی کا دن۔ سَيْفٌ أَحَصُّ: بغیر جوہر کے تلوار۔ سَنَةٌ حَصَّاء: خشک سال جس میں پیداوار نہ ہو۔ رِيحٌ حَصَّاء: بغیر غبار کے صاف ہوا۔

الحَصِيص۔ عدد۔ کہا جاتا ہے حَصِيصُهُمْ كَذَا" ان کی تعداد اتنی ہے۔ گدھے اونٹ کے گرے ہوئے بال۔

الحَصِيصَة۔ مونڈ کر یا اکھیڑ کر جمع کئے ہوئے بال۔ کان کے بال۔

حَصَأَ و حَصِئَ (س) حَصْأً۔ الرَّضِيعُ: شکم سیر ہو کر دودھ پینا —— مِنَ الْمَاءِ: —— سیراب ہونا۔

أَحْصَأَهُ۔ سیراب کرنا۔

حَصَبَ۔ (ن ض) حَصْبًا۔ کنکری سے مارنا (وحَصَّبَ) الْمَكَانَ: کنکر بچھانا۔ حَصَبَ فِي الأَرْضِ: جانا —— عَنْهُ: تیز بھاگنا۔ حَصَبَ عَنْ كَذَا: دور کرنا۔

حَصِبَ (س) حَصَبًا و حُصْبَةً۔ کھسرا کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ صفت (مَحْصُوب) حَصِبَ الْوَتَرُ: تانت کا کمان سے الٹ جانا۔

أَحْصَبَ۔ الفَرَسُ فِي عَدْوِهِ: کنکری اڑانا —— عَنْهُ: اعراض و روگردانی کرنا —— ه عَنْ كَذَا: دور کرنا۔

تَحَصَّبَ۔ الحَمَامُ: دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف اڑنا۔

تَحَاصَبُوا۔ ایک دوسرے پر کنکری پھینکنا

الحَصَب۔ پتھر۔ سنگریزہ۔ ایندھن۔

الحَصِب۔ دودھ جس کا مکھن سردی کی وجہ سے نہ نکلا ہو۔

الحَصْبَة والحَصَبَة والحَصِبَة کھسرا۔ (ایک بیماری کا نام) الحَصِبَة: کنکری کو اڑانے والی تیز ہوا۔ أَرْضٌ حَصِبَةٌ: بہت کنکری والی زمین۔ لَيْلَةُ الحَصْبَةِ: ایام تشریق کے بعد والی رات۔

الحَصْبَاء۔ سنگریزہ کنکری۔ واحد (حَصْبَة)

الحَاصِب۔ فا۔ کنکری کو اڑانے والی تیز ہوا اولہ۔ اولہ برسانے والا بادل۔ ج حَوَاصِب۔

المَحْصَبَة۔ بہت کنکریوں والی زمین۔

حَصْحَصَ حَصْحَصَةً۔ الحَقُّ: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا —— الرَّجُلُ: پیر میں بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا —— الشَّيءَ فِي الشَّيءِ: مضبوط و مستحکم کرنے کیلئے حرکت دینا —— التُّرَابَ وغیرہ: دائیں بائیں ہلانا۔

تَحَصْحَصَ۔ زمین سے چمٹنا اور برابر ہونا —— الوَبَرُ والزِّئْبِرُ: اون یا روئیں کا جھڑ جانا

الحَصْحَاص والحِصْحِص۔ مٹی والحِصْحِص: پتھر۔ رجل (حُصْحُص و حُصْحُوص) معاملات کے پیچھے پڑ کر تہ تک پہونچنے والا۔

حَصَدَ (ن ض) حَصْدًا و حِصَادًا و حَصَادًا و احْتَصَدَ۔ الزَّرْعَ: درانتی سے کاٹنا۔ اسی سے ہے "مَنْ يَزْرَعِ الشَّرَّ يَحْصُدِ النَّدَامَةَ" جو برائی بوئے گا پشیمانی کاٹے گا۔ صفت (حَاصِد) ج حَصَدَة و حُصَّاد —— القَوْمَ بِالسَّيْفِ: قتل کرنا۔

حَصِدَ (س) حَصَدًا۔ الحَبْلُ: مضبوط بٹی ہوئی ہونا —— الدِّرْعُ: مضبوط بناوٹ کا ہونا۔

أَحْصَدَ - الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب ہونا — الحبلُ : بٹنا۔

اِسْتَحْصَدَ - القومُ : جتھا بنا — الزرعُ : کاٹنے کا وقت قریب آنا — الحبلُ : مضبوط بٹی ہوئی ہونا — الرجلُ : غضبناک ہونا۔

الحَصَّاد - کھیت کاٹنے والا۔

الحِصَاد والحَصَاد - مص - کھیت کاٹنے کا وقت - الحَصَاد : کٹی ہوئی کھیتی۔ حَصَادُ الشجرة : درخت کا پھل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا اَحْصَادَ الشجرِ" انھوں نے درخت کا پھل لیا۔ حَصَادُ البُقولِ البَرِّيَّةِ : دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں۔

الحَصَدُ والحَصِيدُ والحَصِيدَةُ کھیت کا کٹا ہوا حصہ - الحَصِيدَة : کھیتی کا وہ نچلا حصہ جو درانتی سے کٹنے کے بعد رہ جائے۔ کھیتی - ج حَصَائِد - وحَصَائِدُ الألسنةِ : جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں۔

الأَحْصَد - مضبوط بٹی ہوئی رسی - درخت جو خشک ہو گیا ہو مگر کھڑا ہو - مؤنث حَصْدَاء - دِرْعٌ حَصْدَاءُ : تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ - شجرةٌ حَصْدَاءُ : بہت پتوں والا درخت

المِحْصَد - درانتی۔

حَصَرَ لہٗ (ن ض) حَصْرًا - تنگی ڈالنا - گھیرنا — الشيءَ : پورا لے لینا — القومُ : بفلان : تنگی ڈالنا — البعيرَ : اونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا۔

حُصِرَ - قبض ہونا۔

حَصِرَ (س) حَصَرًا - بخل کرنا - گفتگو کرنے میں عاجز ہونا — بالسرّ : چھپانا — الرجلُ : تنگ دل ہونا — عن الشيء : شرم کر کے چھوڑ دینا صفت (حَصِر وحَصُور وحَصِير)

حَاصَرَ واِحصارًا ومُحَاصَرَةً - العدوَّ : محاصرہ کرنا - گھیرا ڈال کر امداد کو روک دینا۔

أَحْصَرَہٗ - عن السفر : روکنا — ہ المرضُ او البولُ : مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا۔

أُحْصِرَ - قبض ہو جانا۔

اِنْحَصَرَ - تنگ ہونا۔

اِحْتَصَرَ - البعيرَ : گدیلا باندھنا۔

الحِصَار - گدیلا جو اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے - محاصرہ کی جگہ۔

الحُصْر والحُصُر - قبض۔

الحَصِير - بوریا - چٹائی - آدمیوں کی قطار - مجلس - پہلو - کہا جاتا ہے "دابّةٌ عريضُ الحَصِيرَيْنِ" چوڑے پہلوؤں والا جانور - مونڈھے سے کر تمک کا گوشت - تنگ جگہ - قید - قید خانہ - قیدی - راستہ - لوگوں کی نگاہوں سے او جھل بادشاہ - اور اسی سے ہے "أَثَّرَ حَصِيرُ الحَصِيرِ فِي حَصِيرِ الحَصِيرِ" یعنی قید خانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا - ج حُصُر و أَحْصِرَة۔

الحَصِيرَة - بوریا - چٹائی - گھوڑے کے مونڈھے اور پہلو تمک کا گوشت - ج حَصَائِر

المِحْصَرَة - تُجمل : گدیلا۔

المُحْتَصِر - شیر۔

الحَصِيرِيّ - چٹائی بیچنے والا۔

الحَصُور - تنگ دل - بخیل - خوفزدہ کسی کام سے رکنے والا - راز کا پوشیدہ رکھنے والا باوجود طاقت کے عورتوں کی رغبت نہ رکھنے والا۔

الحَصْرَبَة - تنگی - بخل۔

حَصْرَمَ - القوسَ : مضبوطی سے تانت کسنا — الحبلَ : مضبوط بٹنا — القربةَ : بھرنا — القلمَ : تراشنا۔

تَحَصْرَمَ - بخیل و تنگ دل ہونا۔

الحِصْرِم - کچا سبز انگور - کچا پھل واحد (الحِصْرِمَة) سخت بخیل - پست قد - ہر چیز کا گھٹیا - الحِصْرِم : کنوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا

حَصُفَ (ک) حَصَافَةً - عمدہ رائے اور پختہ عقل والا ہونا صفت (حَصِف و حَصِيف)

حَصِفَ (س) حَصَفًا - خشک خارش والا ہونا۔

حَصَفَہٗ (ن) حَصْفًا - دور کرنا۔

أَحْصَفَ - تیز دوڑنا - صفت (مُحْصِف ومِحْصَف ومِحْصَاف) أَحْصَفَہٗ : دور کرنا — الأمرَ : مضبوطی سے کرنا — النسيجَ : گف بننا — الحبلَ : مضبوط بٹنا — الحَرُّ فلانًا : خشک خارش میں مبتلا کر دینا۔

اِسْتَحْصَفَ - الشيءُ : مضبوط ہونا — القومُ : اکٹھا ہونا — الدهرُ عليه : سخت ہونا — الحبلُ : مضبوط بٹنا۔

الحَصِيف - ہر بے عیب مضبوط چیز۔

الحَصَف - خشک خارش۔

حَصَلَ (ن) حُصُولاً ومَحْصُولاً - الشيءُ : حاصل ہونا - ثابت ہونا - باقی رہنا - کہا جاتا ہے "حَصَلَ عَلَيْهِ مِنْ حَقِّي كَذَا" اس کے اوپر میرے حق میں سے اتنا باقی رہا — لہٗ كذا : واقع ہونا — عندہٗ كذا : پایا جانا — على الشيء : جمع کرنا اور مالک ہونا — لی علیک كذا : ثابت ہونا - واجب ہونا۔

حَصِلَتْ (س) حَصَلاً - الدابّةُ : جانور کا مٹی یا کنکری کھانے کی وجہ سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔

حَصَّلَ - الشيءَ او العلمَ : حاصل کرنا — الكلامَ : نتیجہ اور مفاد کی جانب پھیر دینا — الدَّيْنَ : جمع کرنا۔

تَحَصَّلَ - الشيءُ : اکٹھا ہونا - ثابت ہونا — مِنَ المسئلةِ كذا : کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا۔

الحَاصِل - فا - کان سے نکالی ہوئی خالص چاندی — من كل شيء : بقیہ — عند الحاسبين : حاصل ضرب - مخزن (مولّدة) اور اسی سے ہے "حَاصِلُ عَيْنِ المَاءِ" پانی کی ٹنکی - ج حَوَاصِل۔

الحَصَل والحُصَالَة - کھلیان میں

غلہ اُٹھانے کے بعد جو کوڑا کرکٹ باقی رہ جائے

الحَصِیل - حاصل کیا ہوا مال - ایک قسم کی نباتات -

الحَصِیلَۃ - تحصیل کا اسم - حاصل کردہ بقیہ - ج حصائل - کہا جاتا ہے "ما حصیلتک وما حصائلک" تمہارا حاصل کردہ کیا ہے

المَحصُول - حاصل - کہا جاتا ہے "ہذا محصول کلامہ" یہ اس کے کلام کا نتیجہ ہے "وما لفلان محصول ولا معقول" یعنی فلاں کے لئے رائے و تمیز نہیں ہے -

المِحصَل - چھلنی -

الحَیصَل - بیگن -

الحِصلِب والحِصلِم - مٹی -

حَصَمَ (ض) حَصمًا - گوز کرنا (بقول بعض گھوڑوں کے لئے مخصوص ہے)

اِنحَصَمَ - العودُ : ٹوٹنا -

الحَصِیم - چھوٹی کنکریاں -

الحُصَام - گوز -

الحَصَّام والحَصُوم - گوز کرنے والا -

الحَصمَاء - گوز کرنے والی گدھی -

المِحصَمَۃ - لوہے کا ہتھوڑا -

حَصُنَ (ک) حَصَانَۃً - مضبوط و استوار ہونا - صفت (حَصِین)

حَصُنَت حُصنًا وحِصنًا وحَصَانًا المرأۃُ : پاکدامن ہونا - صفت (حَصَان) ج حُصُن وحَصَانات و (حَاصِن وحَاصِنَۃ) ج حَوَاصِن وحَاصِنَات - و (حَصنَاء)

حَصَنَہُ (ن ض) حَصنًا - مضبوط جگہ میں محفوظ کرنا -

حَصَّنَ واَحصَنَ - المکانَ : مضبوط بنانا -

اَحصَنَ : المرأۃَ : شادی کرنا - اَحصَنَتِ المرأۃُ : شادی شدہ ہونا - پاک دامن ہونا - صفت (مُحصَنَۃ) بفتح الصاد - اَحصَنَ الرجلُ : شادی شدہ ہونا - صفت (مُحصَن)

تَحَصَّنَ - اپنے لئے قلعہ بنانا - تحصَّنت المرأۃُ : عفیفہ و پاکدامن ہونا - الفرسُ : اصیل ہونا -

الحِصن - محفوظ و بلند جگہ - قلعہ - ہتھیار ج حُصُون - و اَحصَان وحِصَنَۃ -

الحَاصِن والحَاصِنَۃ - پاکدامن یا شادی شدہ عورتیں - ج حَوَاصِن و حَاصِنَات

الحَوَاصِن : حاملہ عورتیں -

الحَصَان - موتی -

الحِصَان - اصیل گھوڑا - ہر نر گھوڑا - ج اَحصِنَۃ وحُصُن -

الحَصِین - من الاماکن : مضبوط - کہا جاتا ہے "درعٌ حَصِینٌ" مضبوط زرہ - و "حِصنٌ حَصِینٌ" مضبوط قلعہ -

اَبُو الحُصَین - مُصغَّرًا : لومڑی -

المِحصَن - زنبیل - تالا - محل -

حَصَا (ن) حَصوًا - ہ : رکنا - منع کرنا

الحَصو - پیٹ کا درد -

حَصَی - (ض) حَصیًا - الرجلَ : کنکری سے مارنا -

حُصِیَ - مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا - صفت (مَحصِیّ)

حَصِیَت (س) حَصًا - الارضُ : بہت کنکری والی ہونا - صفت (مَحصَاۃ)

حَصَّاہُ تَحصِیَۃً - بچانا -

اَحصَی - الشیءَ - شمار کرنا - کہا جاتا ہے "ہذا الامر لا اُحصِیہ" یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا -

تَحَصَّی - بچنا -

الحَصَی - کنکری - واحد (حَصَاۃ) ج حَصَیَات وحُصِیّ وحِصِیّ وطَرقُ الحَصَی : کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل - والحَصَاۃ : عدد - عقل و رائے - کہا جاتا ہے "فلانٌ ثابتُ الحَصَاۃِ" فلاں عاقل ہے -

الحَصِیّ - بڑا عقلمند -

اَرضٌ (حَصِیَۃٌ) بہت کنکریوں والی زمین -

نہر (حَصَوِیّ) بہت کنکری والی ندی -

حَضَّہُ (ن) حَضًّا وحِضِّیضَی - علی الامر : اکسانا - برانگیختہ کرنا -

تَحَاضَّ - القومُ : ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا -

اِحتَضَّ - نفسَہ : اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا -

الحَضحَض - چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہا جاتا ہے "ما عندہ حضحضٌ ولا بضبضٌ" اس کے پاس کچھ نہیں -

الحَضّ والحِضِّیضَی والحُضِّیضَی - حض کا اسم مصدر -

الحُضِّیّ - دامن کوہ کا پتھر -

الحَضِیض - دامن کوہ - ج اَحِضَّۃ و حُضُض - پست زمین - اور علم ہیئت کی اصطلاح میں اس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے مقابل ہے -

الحُضَض والحُضُض - رسوت -

الحَضِیضَۃ - تہ - کہا جاتا ہے "اَخرَجتُ الیہ حَضِیضَتِی وبَضِیضَتِی" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کردی -

الحَضَوضَی - دوری - آگ -

اَحمَرُ حُضِّیّ - بہت گہرا سرخ -

حَضَا (ن) حَضوًا - النارَ : جلانا - حَضَأَتِ النارُ : جلنا -

اِحتَضَأَت - النارُ : جلنا -

المِحضَأ - آگ ہلانے کی لکڑی -

اَبیَضُ (حُضِّیّ) بہت سفید -

حَضَبَ (ض) حَضبًا واَحضَبَ - النارَ : ایندھن ڈالنا -

تَحَضَّبَ - دشوار گذار قریب کا راستہ اختیار کرنا -

الحِضب والحَضب - سانپ -

الحِضب والحُضب - کمان کی آواز -

دامنِ کوہ ۔ ج اَحْضَاب ۔

الحَضَبُ والحَضْبُ ۔ لکڑی ۔ ایندھن

المِحْضَبُ ۔ آگ ہلانے کی کرچھی ۔ گوشت بھوننے کی کڑھائی ۔

حَضَجَ (ن) حَضْجًا ۔ النَّارَ : جلانا ۔
ــــ الشَّیْءَ فِی النَّارِ : ڈبانا ــــ بِفُلَانٍ : پچھاڑنا
ــــ بِہِ الاَرْضَ : پٹک دینا ۔

حَضَّجَ ۔ الکلامَ : کوتاہی کرنا ۔

اِنْحَضَجَ ۔ الرَّجُلُ : غصہ سے بھڑک اٹھنا

الحُضَاجُ ۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور پیٹ نکلا ہوا ہو ۔

الحِضَاجُ ۔ بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک لگادی گئی ہو ۔

المِحْضَجُ والمِحْضَاجُ ۔ آگ ہلانے کی کرچھی ۔ المُحْضَاجُ : کپڑا دھونے کی موگری ۔

اِمْرَاَۃٌ مِحْضَاجٌ ۔ کشادہ پیٹ والی عورت ۔

الحِضْجُ ۔ اونٹوں کے حوض میں باقی ماندہ گدلا پانی ۔

الحِضَجْرُ ۔ لاغر سرین اور بڑے شکم والا بڑی مشک ۔ ج حَضَاجِرُ ۔ حَضَاجِرُ : بجو کا علم جنس ہے ۔

حَضَرَ (ن) حُضُورًا وحَضَارَۃً ۔ موجود ہونا ۔ (ــــ حَضَارَۃً) شہر میں مقیم ہونا ۔

حَضِرَ (س) وحَضُرَ (ن) حُضُورًا المَجْلِسَ : حاضر ہونا ــــ عَنِ المَکَانِ : منتقل ہونا حَضَرَہُ الاَمْرُ : دل میں گذرنا ــــ ہُ المَوْتُ : موت کا وقت آنا ــــ اِلَیْہِ : آنا ۔ کہا جاتا ہے "حَضَرْتُ الاَمْرَ بِخَیْرٍ" یعنی میں نے درست رائے کا خیال کیا ۔ و"حَضَرَتِ الصَّلٰوۃُ" : نماز کا وقت آگیا ۔

حُضِرَ ۔ موت واقع ہونا ۔ صفت مَحْضُورٌ

حَضَّرَہُ وحَاضَرَہُ واَحْضَرَہُ ۔ حاضر کرنا ۔ کہا جاتا ہے "اَحْضَرَہُ الشَّیْءَ" اس کے پاس چیز کو لایا ۔ اَحْضَرَ الفَرَسُ : تیز دوڑنا ۔

حَاضَرَہُ مُحَاضَرَۃً وحِضَارًا ۔ ساتھ دوڑنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ جو جواب سمجھ میں آئے دینا

حَاضَرَ الجَوَابَ : حاضر جواب ہونا ۔

تَحَضَّرَ واحْتَضَرَ ۔ حاضر ہونا ۔ تَحَضَّرَ و اِحْتَضَرَ الرَّجُلَ : حاضر کرنا ۔ اِحْتَضَرَ الفَرَسُ : دوڑنا ۔ تَحَضَّرَ البَدَوِیُّ : شہری جیسا بننا ۔ تَحَضَّرَہُ الہَمُّ : غم لاحق ہونا ۔

اُحْتُضِرَ ۔ قریب المرگ ہونا ۔

اِسْتَحْضَرَ ۔ الشَّیْءَ : حاضر کرنا ۔ حاضر ہونے کو کہنا ــــ الفَرَسَ : دوڑانا ۔

الحَضَرُ والحَضَارَۃُ والحَاضِرَۃُ ۔ شہر اور مقامات مسکونہ ۔ یہ البَدْوُ والبَدَاوَۃُ والبَادِیَۃُ کے خلاف ہے ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مِنْ کَلَامِ الحَاضِرَۃِ ولَمْ اَرَ البَوَادِیَ تَلَفَّظُوا بِہِ فَلَا اَعْرِفُہُ" یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اسے جانتے ہیں

الحَضَارَۃُ والحِضَارَۃُ ۔ شہر کی اقامت

الحَضَرُ والحَضْرَۃُ ۔ موجودگی ۔ پہلو ۔ نزدیکی ۔ مکان کے سامنے کا صحن ۔

حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے الحضرۃ العالیۃ تامر بکذا ۔ جناب عالی فلاں کام کا حکم دیتے ہیں ۔ اور کہا جاتا ہے "کَلَّمْتُہُ بِحَضْرَۃِ فُلَانٍ" میں نے فلاں کی موجودگی میں اس سے گفتگو کی ۔

الحُضْرُ ۔ تیز دوڑ ۔ اَحْضَرَ الفَرَسُ کا اسم ہے

الحَضِرُ والحَضُرُ ۔ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کر کے حاضر ہونے والا ۔

الحَضُرُ : حاضر جواب ۔ الحَضِرُ : وہ شخص جو سفر کا ارادہ نہ کرے یا سفر کی صلاحیت نہ رکھتا ہو ۔

الحُضْرَۃُ والحِضْرَۃُ والحَضَرَۃُ ۔ پہلو ۔ نزدیکی ۔ مکان کے سامنے کا صحن ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الحِضْرَۃِ" جبکہ بھلائی کے ساتھ حاضر ہو و"جَمَعَ الحِضْرَۃَ" یعنی وہ عمارت بنانا چاہتا ہے اینٹ چونہ گچ وغیرہ جمع کر لیا ہے ۔

الحَضَّارُ ۔ سفید ۔

الحَضَرِیُّ ۔ شہری ۔

الحَاضِرُ ۔ فا ۔ شہر کا رہنے والا ۔ ج حُضَّرٌ و حُضَّارٌ و حُضُورٌ و حَضَرَۃٌ ۔ الحَاضِرُ : بڑا قبیلہ (یہ جمع ہے جیسے حَاجّ "حاجیوں" کے لئے کہا جاتا ہے ۔)

الحَاضِرَۃُ ۔ حاضر کا مونث ۔ ہاتھی کا کان ۔ ج حَوَاضِرُ ۔

الحَضِیرَۃُ ۔ لوگوں کی جماعت ۔ فوج کا ہراول ۔ زخم کا مواد ۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ ۔ ج حَضَائِرُ و حَضِیرٌ ۔

المَحْضَرُ ۔ حاضر ہونے کی جگہ ۔ دستاویز ج مَحَاضِرُ ۔ المَحْضَرُ : حاضر ہونے والے لوگ ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ المَحْضَرِ" جبکہ غائب آدمی کا ذکر بھلائی سے کرے ۔ "وکَانَ ذٰلِکَ بِمَحْضَرٍ مِنْ فُلَانٍ" فلاں کی موجودگی میں یہ ہوا ۔

المَحْضُورُ ۔ مفع ۔ لَبَنٌ مَحْضُورٌ : بہت آنت والا دودھ ۔

المِحْضَارُ والمِحْضِیرُ ۔ مِنَ الخَیْلِ وغیرہا : تیز دوڑنے والا ۔ ج مَحَاضِیرُ ۔

المُحْتَضِرُ ۔ شہری ۔ شہر میں آنے والا ۔

المُحْتَضَرُ ۔ قریب المرگ ۔ کہتے ہیں "اللَّبَنُ مُحْتَضَرٌ فَغَطِّ اِنَاءَکَ" دودھ کے لئے بہت آنت ہے اس لئے اپنے برتن کو چھپالو ۔

حَضْرَبَ ۔ الحَبْلَ اَوِ الوَتَرَ : باندھنا یا مضبوط بٹنا ۔

المُحَضْرَبُ ۔ بھرا ہوا ۔

حَضْرَمَ ۔ فِی الکَلَامِ : اعرابی غلطی کرنا ۔
ــــ الشَّیْءَ : ملانا ــــ لِحَاءَ الشَّجَرِ : چھال اتارنا ۔
ــــ القَوْسَ : کمان کو مضبوط کسنا ۔

الحَضْرَمِیَّۃُ ۔ گفتگو میں لکنت ۔ حضر موت کی جانب منسوب ۔

المُحَضْرَمُ ۔ یعنی المُخَضْرَمُ (دیکھئے لفظ المخضرم)

الحِضْنِفُ ۔ سانپ ۔

حَضِلَتْ (س) حَضَلًا ۔ النَّخْلَۃُ :

درختِ خرما کے ڈنٹھل کے جڑ کا خراب ہونا۔

حَضَنَ (ن) حَضْنًا وحِضَانَةً و إِحْتَضَنَ۔ الصبیَّ: گود میں لینا۔ پرورش کرنا۔ سینہ سے لگانا۔ حَضَنَهُ عن کذا: علیحدہ کرنا۔ دور کرنا۔

حَضَنَ (ن) حَضْنًا وحِضَانَةً و حِضَانًا وحُضُونًا و إِحْتَضَنَ۔ الطیرُ بَیْضَهُ و علی بَیْضِهِ: انڈے سینا۔

حَضُنَتْ (ک) حِضَانًا۔ المرأةُ او الشاةُ أو الناقةُ: ایک چھوٹے اور ایک بڑے پستان یا تھن والی ہونا۔ صفت (حَضُون)

أَحْضَنَ۔ الرجلَ و بالرجل: حقارت کرنا أَحْضَنَ بحَقِّهِ: حق مار لینا۔

الحِضْنُ۔ گود۔ اتنی مقدار جو گود میں آسکے کہا جاتا ہے "أعطاه حِضْنًا من التمر" اس نے اسے گود بھر کر کھجوریں دیں۔ کسی چیز کا کنارہ پہاڑ کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "عَشَّشَ الطائرُ فی حِضْنِ الجبل" پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں گھونسلا بنایا۔ ج أَحْضَان و حُضُون۔ الحِضْن والحُضْن: بجو کا بھٹ۔

الحُضْنَةُ۔ حَضَنَ الطائرُ کا اسم مصدر

الحَاضِنَةُ۔ بچہ کو پرورش کرنیوالی دایہ ج حَوَاضِن۔ کہا جاتا ہے "حَمَامَةٌ حَاضِنٌ و حَمَامٌ حَوَاضِن"

الحِضَانَةُ۔ دایہ گری۔ پرورش۔

الحِضَانُ۔ وہ شخص جس کا ایک خصیہ دوسرے سے بڑا ہو۔

المِحْضَنَةُ۔ پیالہ کی مانند مٹی کا ایک برتن

المُحْتَضَن۔ گود۔

حَضَأ (ن) حَضْوًا۔ النارَ: کرلینی سے ہلانا۔

المِحْضَأُ والمِحْضَاءُ۔ آگ ہلانے کی کرلینی۔

المِحْضَی۔ مٹی کی بنی ہوئی انگیٹھی۔

حَطَّ (ن) حَطًّا۔ اترنا۔ نازل ہونا۔

(۔۔ حَطًّا وحُطُوطًا) السعرُ: سستا ہونا (حَطَّ (ن) حَطَاطًا) البعیرُ: ایک جانب بچھیل کو دبانا (۔۔ وأَحَطَّ) الوجهُ: مہاسا نکلنا (حَطَّ (ن) حَطًّا وإِحْتَطَّ إِحْتِطَاطًا) الشیءَ: چھوڑنا۔ رکھنا ۔۔ الحِمْلَ: جانور کی پیٹھ سے اتارنا۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رحلَهُ" اس نے اقامت کی ۔۔ الجلدَ: پالش کرنا۔ لوہے سے چمڑے پر نقش کرنا۔

إِنْحَطَّ۔ اترنا ۔۔ الناقةُ فی سَیْرِهَا: تیز دوڑنا ۔۔ السعرُ: سستا ہونا۔ کہا جاتا ہے "الأسعارُ حَاطَّةٌ ومُنْحَطَّةٌ" بھاؤ سستا ہے۔

إِسْتَحَطَّ۔ نیچے اترنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَحَطَّ فلانًا وِزْرَهُ" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ گھٹا دینے کو کہا ۔۔ من الثمن شیئًا: کچھ گھٹانے کو کہنا۔

الحِطَّةُ والحِطِّیْطَی۔ اِسْتَحَطَّ وِزْرَهُ کا اسم ہے۔

الحَطِیْط۔ چھوٹا۔

الحَطِیْطَةُ۔ قیمت کی کمی۔

الحُطَیْطَةُ۔ کھانسی۔

الحَطَاط۔ مہاسہ۔ دودھ کے جھاگ۔ واحد (حَطَاطَةٌ)

الحُطَاط۔ ببولا۔

الحُطُط۔ نرم ونازک اجسام۔

الحِطَّان۔ بچرا۔

الحَطُوط۔ اصیل تیز رفتار اونٹنی۔

الحَطّ۔ نرم و چکنی پیٹھ والا۔

المَحَطّ والمَحَطَّةُ۔ اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ ج مَحَاطّ و مَحَطَّات۔ المَحَطَّةُ: ریلوے اسٹیشن۔ (جدید)

المِحَطّ والمِحَطَّةُ۔ لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر نقش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔

المَحْطُوط۔ مفعول ادیم محطوط: پالش کیا ہوا چمڑہ۔ سَیْفٌ مَحْطُوط: تیز کی ہوئی تلوار۔

حَطَأَ (ف) حَطْأً۔ الأرضَ بہ: پچھاڑنا

۔۔ بہ من کذا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ جھکانا۔

۔۔ بالشیءِ: پھینکنا۔

الحُطَیْئَةُ۔ بدصورت پست قد مرد۔

الحِطْءُ۔ برتن کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "حِطْءٌ من تمرٍ" پیٹھ پر اٹھانے کے لائق کھجوریں۔

الحِطِّیءُ۔ من الناس: ذلیل آدمی۔ کہا جاتا ہے "ہو حِطِّیءٌ بِطِّیءٌ" وہ ذلیل ہے۔ بِطِّیءٌ کا لفظ تابع ہے

حَطَبَ (ض) حَطْبًا وأَحْطَبَ و إِحْتَطَبَ۔ لکڑی چننا۔ صفت (حَاطِبٌ) کہا جاتا ہے "ہو حَاطِبُ لیلٍ" وہ گفتگو میں رطب و یابس ملانے والا ہے۔

حَطَبَہ: لکڑی لانا۔

حَطِبَ وأَحْطَبَ۔ المکانُ: بہت لکڑیوں والی جگہ ہونا۔ صفت (حَطِیْب) مؤنث (حَطِیْبَة)

حَطَبَ۔ بہ وعلیہ: چغلی کھانا۔ تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَطَبَ فی حبلہ" اس نے اس کی مدد و اعانت کی۔ "وحَطَبَ علیہ بخیرٍ" یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا۔

أَحْطَبَ وإِسْتَحْطَبَ۔ الکرمُ: انگور کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آنا۔

الحَطَب۔ ایندھن۔ ج أَحْطَاب۔ ایک ٹکڑے کو حَطَبَة کہتے ہیں۔

الحَطِب۔ مؤنث حَطِبَة و (الأَحْطَب) مؤنث حَطْبَاء۔ ج حُطْب: بہت دبلا۔

الحَطَّاب۔ لکڑی چننے والا۔ لکڑہارا۔

الحَطُوبَةُ۔ لکڑی کا گٹھا۔

الحَطَّابَةُ۔ الحطّاب کا مؤنث۔ لکڑی چننے والی۔

المِحْطَب۔ ہنسیا۔

حَطْحَطَ۔ الشیءَ: اتارنا ۔۔ الرجلُ: جلدی کرنا۔

حَظَرَ (ن) حَظْرًا۔ الجاریةَ: جماع کرنا ۔۔ القوسَ: تانت چڑھانا۔

حُظِرَ۔ بہ: زمین پر گر پڑنا۔

سیف (خَاطُوَرۃٌ) شمشیر براں۔

الخِطل ۔ بھیڑیا ۔ ج اَخطال۔

حَطَمَہٗ (ض) حَطْمًا وحَطْمَۃً توڑنا

حَطِمَ (س) حَطَمًا ۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَحَطَّمَ وانْحَطَمَ ۔ ٹوٹنا ۔ کہا جاتا ہے "تَحَطَّمَ الرَّجُلُ غَیْظًا" وہ غصہ سے چور ہو گیا۔ "وَ تَحَطَّمَ النَّاسُ عَلَیْہِ" لوگوں نے اس پر بھیڑ کی۔

الحُطَمُ ۔ بے رحم چرواہا (— والحُطَمۃ) بہت کھانے ۔ سب کچھ چٹ کر جانے والا۔

الحِطْمَۃ والحُطَامۃ والحُطَام ۔ سوکھی چیز کے ٹکڑے ۔ حُطَامُ الدنیا : دنیا کی ساز و سامان ۔ حُطَامُ البَیْضِ : انڈے کا چھلکا۔

الحُطَام والحَطُوم والمِحْطَم ۔ شیر کہا جاتا ہے "رِیحٌ حَطُومٌ" بہت تیز ہوا۔

الحَاطُوم ۔ ہضم کرنے والی دوا (— والحُطَمَۃ والحُطَمَۃ) سخت سال۔

الحُطَمَۃ ۔ تیز آگ ۔ دوزخ ۔ بہت اونٹ و بکریاں۔

الحَطِیم ۔ کعبہ کے کنارے کی دیوار وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقام ابراہیمؑ کے درمیان ہے۔

الحُطَمِیَّات ۔ زرہیں جو ایک شخص حُطَمَۃ نامی کی جانب منسوب ہیں اور بقول بعض تلواروں کو توڑ دینے والی زرہیں ۔ اور بعضوں کے نزدیک ایسی زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں۔

حَظَّ (س) حَظًّا وحُظُظًا واَحَظَّ نصیب والا ہونا ۔ صفت (حَظِیٌّ وحَظِیظ ومَحْظُوظ)

الحَظّ ۔ حصہ ۔ بہرہ ۔ نصیب ۔ حصہ خیر و فضل ۔ کبھی حصہ شر کیلئے بھی بولا جاتا ہے ۔ دولتمندی و نیک بختی ۔ ج حُظُوظ وحِظَاظ واَحُظّ۔

حَظَبَ (ن) حُظُوبًا وحَظِبَ (س) حَظَبًا ۔ الرَّجُلُ : موٹا ہونا ۔ پست قد اور بڑے پیٹ والا ہونا ۔ صفت (حَظِب) مؤنث حَظِبَۃ۔

الحُظُبّ ۔ بڑے پیٹ والا پست قد سخت اُجَدُّ ۔ بخیل ۔ تنگ خو۔

حَظَرَہٗ (ن) حَظْرًا ۔ الشیءَ وحَظَرَ علیہ الشیءَ : منع کرنا ۔ روکنا ۔ — الشیءَ : محفوظ کرنا۔ (اس وجہ سے کہ گویا غیر سے روک دیا) — المواشی : باڑہ میں بند کرنا (— واحْتَظَرَ) اپنے لئے باڑہ بنانا ۔ اِحْتَظَرَ بہٖ : بچنا۔

اَحْظَرَ ۔ دوسرے کے لئے باڑہ بنانا۔

حَظَّرَ ۔ بمعنی حَظَرَ ۔ تشدید مبالغہ کیلئے ہے

الحَظِر ۔ درخت کی شاخ کہ جس سے باڑہ بنائیں ۔ تر کانٹا ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی الحَظِرِ الرَّطْبِ" یعنی وہ ایسی چیز میں پھنس گیا جس کی اسے طاقت نہیں ۔ "وَاَوْقَدَ فِی الحَظِرِ الرَّطْبِ" اس نے چغل خوری کی ۔ "وَجَاءَ بِالحَظِرِ الرَّطْبِ" وہ بہت مال لایا ۔ یا بہت جھوٹ بولا۔

الحَظِیرَۃ ج حَظَائِر (والحِظَار والحَظَار) ہر وہ چیز جو تمہارے اور دوسرے کے درمیان میں حائل ہو ۔ باڑہ ۔ "وَاِنَّہٗ لَنَکِدُ الحَظِیرَۃِ" وہ بخیل و بے فیض ہے ۔ حَظِیرَۃُ القُدْسِ : جنت۔

المَحْظُور ۔ روکا ہوا ۔ حرام ۔ ناجائز ۔ کہا جاتا ہے "اَلضَّرُورَاتُ تُبِیحُ المَحْظُورَاتِ"

حَظْرَبَ ۔ القوسَ : سختی سے تانت چڑھانا — الحبلَ : مضبوط بٹنا — السقاءَ : بھرنا۔

تَحَظْرَبَ ۔ بھر جانا۔

حَظَلَ (ن ض) حَظْلًا وحِظْلانًا وحَظَلَانًا ۔ علیہ : حرکت اور تصرف سے روکنا ۔ (حَظَلَانًا) المشی : ٹھہر ٹھہر کر چلنا ۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ یَحْظِلُ حَظَلَانًا" وہ غضبناک کی چال چلتا ہے

حَظِلَ (س) حَظَلًا ۔ البعیرُ : بہت اندرائن کھانا ۔ صفت حَظِل ۔ جمع حَظَالٰی۔

اَحْظَلَ ۔ المکانُ : بہت اندرائن والی جگہ ہونا۔

الحَظِل والحَظَّال والحَظُول ۔ بخل کی وجہ سے اپنے اہل و عیال پر تنگی کرنے والا۔

حَظَا (ن) حَظْوًا ۔ آہستہ چلنا۔

حَظِیَ (س) حُظْوَۃً وحِظْوَۃً وحِظَۃً بالرزق : حصہ پانا (— واحْتَظٰی) رتبہ والا ہونا ۔ نصیب والا ہونا۔

اَحْظَاہُ ۔ صاحب رتبہ بنانا ۔ اَحْظَاہُ بالمال : مال کا حصہ دینا ۔ اَحْظَاہُ علٰی فلان : فضیلت دینا۔

الحَظْو ۔ مع ۔ حصہ۔

الحَظِی ۔ صاحب رتبہ۔

الحُظْوَۃ ۔ چھوٹا تیر ۔ درخت کی جڑ کی شاخ جو ابھی سخت نہ ہوئی ہو ۔ ج حِظَاءٌ وحُظُوَات

الحِظَۃ ۔ حصہ ۔ مرتبہ ۔ ج حِظًا وحِظَاء۔

الحُظْوَۃ والحِظْوَۃ ۔ مع ۔ مرتبہ۔

الحَظِیّ ۔ وہ شخص جس سے لوگ محبت کریں اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں۔

الحَظِیَّۃ ۔ الحَظِیّ کا مؤنث ۔ امیر یا بادشاہ کی پیاری لونڈی ۔ ج حَظَایَا۔

الحُظَیَّا ۔ آہستہ چال ۔ کہا جاتا ہے ۔ "مَشَی الحُظَیَّا" وہ آہستہ چال چلا۔

الحُظَیَّۃ ۔ بے پھل کا چھوٹا تیر۔

الحَظٰی ۔ جوں ۔ واحد (حَظَاۃ)

الحِظْی ۔ حصہ ۔ ج اَحْظ وجج اَحَاظٍ۔

حَفَّ (ن) حَفًّا وحِفَافًا ۔ الشیءَ : چھلکا اتارنا — اللحیۃَ : مونڈنا یا کترنا — الوجہَ : بال دور کرنا۔

حَفَّ (ن) حَفًّا ۔ القومُ الرجلَ وبِہٖ وحولَہٗ : گھیرنا ۔ حَفَّہٗ ۔ بکذا : احاطہ کر لینا ۔ حَفَّتْہُ الحاجۃُ : ضرورت لاحق ہونا۔

حَفَّتْ (ض) حَفِیفًا ۔ الشجرۃُ او الحیۃُ : سرسراہٹ ہونا ۔ حَفَّتِ الارضُ حُفُوفًا : خشک ہونا — سمعہٗ : بہرا ہونا — اللحیۃُ پراگندہ ہونا ۔ حَفَّ الرجلُ : تیز نظر لگانے والا ہونا۔

اَحَفَّ اِحْفَافًا۔ رأسہٗ: مدت تک تیل نہ لگانا ــــ الرجلَ: برائی سے یاد کرنا۔
حَفْحَفَ۔ القومُ حولَہٗ وحَفْحَفَۃً: احاطہ کرنا۔گھیرنا ــــ الرجلُ: بتلائے مصیبت وکم مال والا ہونا ــــ ہٗ بکذا: احاطہ کرنا۔
اِحْتَفَّ۔ القومُ بہٖ: احاطہ کرنا النبتَ: کاٹنا ــــ الشیءَ: چھلکا اتارنا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَفَّ جمیعَ ما فی القِدْرِ" اس نے ہانڈی میں کا سب کچھ کھا لیا۔
اِسْتَحَفَّ۔ المالَ: سارا لے لینا۔
الحَافُّ۔ فا۔ تیز نظر بد لگانے والا۔ سَوِیقٌ حَافٌّ: خشک ستو۔ خبزٌ حافٌّ: سوکھی روٹی بغیر سالن کے روٹی۔ کہا جاتا ہے "مالہٗ حَافٌّ ولا رافٌّ" اس کے لئے کوئی نہیں جو اس کے امور کی دیکھ بھال کرے اور اسکی خدمت کرے۔
الحِفَافُ۔ مص۔ جانب۔ نشان قدم۔ کہا جاتا ہے "جاءَ علی حِفَافِہٖ" وہ اس کے نشانِ قدم پر آیا۔ گنجے کے سر کے گرد اگرد کے بال۔ ج اَحِفَّۃٌ۔ کہا جاتا ہے "کانَ الطَّعامُ حِفَافَ ما اَکَلُوا" کھانا اتنا ہی تھا جتنا انھوں نے کھایا۔
الحَفَفُ۔ مص۔ (ــــ والحُفُفُ) گوشہ۔ نشانِ قدم۔ کہا جاتا ہے "جاءَ علی حَفَفِہٖ او علی حُفُفِہٖ" وہ اس کے نشانِ قدم پر آیا۔ "وفلانٌ حَفَفٌ علی نفسِہٖ"
الحَفَفُ: مال کی کمی۔ کہا جاتا ہے "طعامٌ حَفَفٌ" تھوڑا کھانا۔ "ومعیشۃٌ حَفَفٌ" تنگ زندگی
الحَفَفُ: رانجھو۔ دھڑکی۔
الحُفَافَۃُ۔ گرے ہوئے بال وغیرہ۔ بھوسہ کا بقیہ۔
الحَفَّانُ۔ شتر مرغ کے چوزے۔ واحد (حَفَّانَۃٌ) نوکر چاکر۔ بھرا ہوا برتن۔ کہا جاتا ہے "اِناءٌ حَفَّانٌ" بھرا ہوا برتن۔ وحَفَّانُ النعامِ: شتر مرغ کے پر۔
الحَفَّۃُ۔ پوری فیاضی۔ بُنتے وقت کپڑا لپیٹنے کی لکڑی۔ اونٹ کی مقدار خوراک۔
الحَفَّۃُ: گڑھے کے کنارے کی زمین (مولدہ)
المِحَفَّۃُ۔ عورتوں کی پالکی۔ تختِ رواں اسٹریچر۔
المَحْفُوفُ۔ مفعو۔ محتاج۔
الحَفِیفُ۔ سانپ کے چلنے کی سرسراہٹ
حَفَأَ (ن) حَفْأً۔ پچھاڑنا۔
الحَفَأُ۔ ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدما مصر کتابت کے لئے استعمال کرتے تھے۔ واحد حَفَأَۃٌ۔
حَفَتَ (ن) حَفْتًا۔ ہلاک کرنا۔ گردن توڑ دینا۔ حَفَتَ الشیءَ: کوٹنا۔
الحِفْثُ والحَفِثُ۔ ج اَحْفَاثٌ۔ و (الحُفَاثُ) ج حَفَافِیثُ: ایک قسم کا بڑا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا (الحِفْثُ الحَفِثُ) آنت کا ایک حصہ جس میں بہت خانے ہوتے ہیں
حَفْحَفَ۔ الرجلُ: تنگ روزی والا ہونا الشیءُ: پرندے کے اڑنے یا تیر کے پھینکنے یا آگ کی بھڑک میں آواز ہونا۔
حَفَدَ (ض) حَفْدًا وحُفُودًا وحَفَدَانًا واِحْتَفَدَ۔ فی العملِ: جلدی کرنا۔ وحَفَدَہٗ: خدمت کرنا۔
اَحْفَدَ۔ الظلیمُ: تیز دوڑنا۔ دوڑنے پر برانگیختہ کرنا۔
الحَفِیدُ۔ پوتا۔ ج حُفَدَاءُ
الحَافِدُ۔ خادم۔ تابع۔ مددگار۔ پوتا۔ ج حَفَدٌ وحَفَدَۃٌ۔ الحَفَدَۃُ: نقش ونگار کرنے والا۔
المَحْفِدُ۔ اصل۔ کوہان کی جڑ۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ ج مَحَافِدُ (ــــ والمِحْفَدُ) جانوروں کو بھوسہ کھلانے کا برتن۔ المِحْفَدُ: پیمانہ کرنے کا پیالہ۔ کپڑے کا کنارہ۔
المَحْفُودُ۔ مخدوم۔
المُحْتَفِدُ۔ من السیوفِ: جلدی کاٹنے والی تلوار۔
حَفَرَ (ض) حَفْرًا واِحْتَفَرَ: گڑھا کھودنا حَفَرَ الطریقَ: چل کر نشان ڈالنا۔ حَفَرَ الشیءَ: تہ تک معلوم کرنا ــــ العنزَ: دبلی کرنا
حَفَرَ (ض) حَفْرًا وحَفِرَ (س) حَفَرًا و حُفِرَ۔ زردی کی وجہ سے دانتوں کی جڑوں کا خراب ہونا۔
اَحْفَرَ۔ الصبیُّ: دودھ کے دانت گرانا۔ ــــ ہٗ بئرًا: کھودنے میں مدد دینا۔
حَافَرَ۔ الیربوعُ: جنگلی چوہے کا اپنے ڈھونڈھنے والوں پر سوراخ کو ملتبس کر دینا۔ اور اسی سے مثل ہے "فلانٌ اَرْوَغُ من یربوعٍ مُحَافِرٍ"
تَحَفَّرَ۔ السیلُ: گڑھے ڈالنا۔
اِسْتَحْفَرَ۔ النہرُ: کھودنے کا وقت قریب پہونچنا۔
الحَفْرُ والحَفَرُ۔ کشادہ کنواں۔ دانتوں کی زردی۔ الحَفَرُ: مٹی جو کھودی ہوئی جگہ سے نکالی جائے۔ ج اَحْفَارٌ ج اَحَافِیرُ۔
الحُفْرَۃُ۔ ج حُفَرٌ و (الحَفِیرَۃُ) ج حَفَائِرُ و (الحَفِیرُ) گڑھا۔ قبر۔
الحَافِرُ۔ فا۔ جانور کا کھر۔ ج حَوَافِرُ۔ اور "النقدُ عندَ الحافرِ" کا مطلب یہ کہ جب تم کسی جانور کو خرید و تو بغیر دام ادا کئے ہوئے وہاں سے جدا نہ ہو۔
الحَافِرَۃُ۔ الحافر کا مونث۔ کھودی ہوئی زمین۔ ابتدائی حالت۔ کہا جاتا ہے "الآن قد تنکَّبَ وقد کانَ یجیءُ فی الحافرۃِ" اب وہ راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتدا میں شریف تھا۔ کسی چیز کی طرف لوٹنا۔ اور اسی سے ہے "رَجَعَ علی حافرتِہٖ او فی حافرتِہٖ" یعنی وہ اسی راستہ سے لوٹا جدھر سے آیا تھا۔ یا ایک کام میں تھا پھر اس سے علیحدہ ہو گیا اور پھر دوبارہ اسی میں مبتلا ہو گیا۔ "رَجَعَ فی حافرتِہٖ" یعنی بوڑھا ہو گیا۔ "والتقی القومُ فاقتتلوا عند الحافرۃِ" یعنی قوم کے لوگ مڈبھیڑ ہوتے ہی جنگ کی۔

الحَفرِی - ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ سبز رہتی ہے۔
الحَفّار - کھودنے والا - عموماً گورکن کیلئے مستعمل ہے۔
المِحفَر والمِحفَرۃ والمِحفار - کدال
المَحفُور - مفعو - زرد دانتوں والا۔
حَفَزَہٗ (ض) حَفزاً - پیچھے سے دھکا دینا کہا جاتا ہے "حَفَزَ اللیلُ النہارَ" یعنی رات نے دن کو ہٹایا۔ "وحَفَزوا علینا الخیلَ والرکابَ" انھوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواریوں کو جمع کر دیا — ہٗ : بالرمح : نیزہ مارنا — ہٗ عن کذا : دور کرانا اور جلدی کرانا — المرأۃَ : جماع کرنا۔
حَافَزَہٗ - زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا
تَحَفَّزَ واحتَفَزَ - زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا - کودنے کیلئے آمادہ ہونا - کہا جاتا ہے - "احتَفَزَ فی مَشیِہٖ" اس نے چلنے میں کوشش کی۔
الحَفَزُ - مدت - کہا جاتا ہے "جَعَلتُ بینی وبینکَ حَفَزاً" میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی۔
الحَفُوزُ - من القِسِیّ : تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان۔
حَفَسَ (ض) حَفساً - کھانا۔
تَحَیفَسَ - بستر پر تلملانا۔
الحِیفَس والحَیفَس - موٹا جس سے کسی چیز کی امید نہ ہو - بے وجہ غصہ اور راضی ہونے والا - الحَیفَس : غضبناک۔
حَفَشَ (ض) حَفشاً - چھلکا مارنا۔
حَفَشَ السیلُ الوادیَ : بھر دینا - المطرُ الارضَ : روئیدگی ظاہر کرنا — فلاناً : دھکا دینا۔
— السیلُ : ایک جگہ میں سارا پانی جمع ہونا۔
— القومُ علیہ : اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فی الامرِ : کوشش کرنا — الفرسُ : بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔

حَفِشَ (س) حَفَشاً - السحابۃُ : — یکبارگی زور کی بوچھار برسا کر رک جانا۔
حَفَّشَ وتَحَفَّشَ - الرجلُ : جھونپڑے میں رہنا۔
الحَافِشَۃ - پانی بہنے کی جگہ - ج حَافِشَات وحَوَافِش۔
الحِفش - ٹوکری - جھونپڑا - بالوں کا بنا ہوا خیمہ - کوہان - بوسیدہ چیز - ج اَحفَاش و حِفَاش - اَحفَاشُ البیتِ : گھر کی معمولی چیزیں - اَحفَاشُ الارضِ : بسی جنگلی چوہا - گوہ وغیرہ - الحفش : اندام نہانی۔
حَفَصَ (ض) حَفصاً - الشیئَ : جمع کرنا — الشیئَ من یدہٖ : ڈال دینا - گرا دینا۔
الحُفَاصَۃ - جمع کی ہوئی چیز۔
الحَفص - مص - چمڑے کا تھیلا - چھوٹا گھر - شیر کا بچہ - ج اَحفَاص وحُفُوص۔
الحَفص - بیر وغیرہ کی گٹھلی۔
المِحفَصَۃ - چمڑے کا تھیلا۔
الحَفصَۃ - بجو - (الحَفصۃ وامّ حَفصۃ) ایک قسم کا گدھ - (اُمّ حفصۃ) مرغی۔
حَفَضَ (ن) حَفضاً - العودَ : موڑنا
(— وحَفَّضَ) الشیئَ : ہاتھ سے گرانا — الارضَ : خشک کرنا — القومَ : اپنے پیچھے چھوڑ دینا — اللہُ عنہ : تخفیف کرنا۔
الحَفَضُ - گھر کا سامان جو بار کرنے کے لئے طیار کیا گیا ہو - گھر کا سامان اٹھانے والا اونٹ - بورا جس میں قوم کا سامان ہو - خیمہ کا ستون - بالوں کا خیمہ - کمزور اونٹ۔ کہا جاتا ہے "انہ حَفَضُ عِلمٍ" وہ کم علم ہے اس قول میں علم کو حَفَض سے قلت کی بنا پر تشبیہ دی گئی ہے - اور کہا جاتا ہے - "نِعمَ حَفَضُ العِلمِ ہذا" یہ علم کا جاننے والا اچھا ہے - ج اَحفَاض وحِفَاض۔
حَفِظَ (س) حِفظاً - الشیئَ : ضائع ہونے سے بچانا - خراب و خستہ ہونے سے بچانا۔

— الکتابَ : زبانی یاد کرنا — السرَّ : چھپانا
— المالَ : حفاظت کرنا - نگہبانی کرنا۔
حَفَّظَہٗ - الکتابَ : یاد کرانا۔
حَافَظَ حِفَاظاً ومُحَافَظَۃً - علی الامرِ : مداومت کرنا - نگہبانی کرنا — عنہ : مدافعت کرنا - ہٹانا - کہا جاتا ہے "انہ لذو حِفَاظ وذو مُحَافَظَۃ" اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔
اَحفَظَہٗ - غصہ دلانا۔
اِحتَفَظَ - غضبناک ہونا — بہ : یاد کرنا — الشیئَ وبہ لنفسہٖ : اپنے لئے خاص کرنا۔
تَحَفَّظَ - عنہ ومنہ : بچنا — بہ : — الکتابَ : تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
اِستَحفَظَہٗ - مالاً او سِرًّا : محفوظ رکھنے کو کہنا۔
الحِفظ - مص - یاد - ہوشیاری۔
الحَفِیظَۃ - نگہبانی - تعویذ جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں - ج حَفَائِظ - اہل الحفائظ : محارم کی نگہبانی کرنے والے۔
الحَفِیظَۃ والحِفظَۃ - قابل حفاظت چیز کے لئے غضب و حمیت۔
الحَافِظ - فا - کسی چیز پر مقرر - الطریقُ الحافظ : واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافظُ العینِ" کم سونے والا آدمی جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو - ج حُفَّاظ وحَفَظَۃ و حَافِظُون۔
الحَافِظ والحَفِیظ - من الملائکۃ - نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ - الحفیظ : محفوظ - نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الحَافِظَۃ - الحافظ کا مؤنث - یادداشت کی قوت۔
المُحفِظَۃ - غصہ دلانے والا معاملہ - ج مُحفِظَات - المُحفِظات - مصیبتیں۔
حَفَلَ (ض) حَفلاً وحُفُولاً وحَفِیلاً - الماءُ : کثرت سے جمع ہونا — القومُ : اکٹھا

ہونا — الدمعُ : بہت ہونا — الوادی بالسیل : سیلاب بھرنا — السماءُ : بہت برسانا — الشیءَ : صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے "ماحَفَلَہٗ وماحَفَلَ بِہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

حَفَّلَہٗ۔ اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا — الشیءَ : صیقل کرنا — الناقۃَ : تھن میں دودھ جمع ہونے کے لئے چھوڑ دینا۔

تَحَفَّلَ۔ اللبنُ : اکٹھا ہونا — فلانٌ : آراستہ ہونا — المجلسُ : مجلس کا بھر جانا۔

اِحْتَفَلَ۔ القومُ : جمع ہونا — المجلسُ بالناس : بھرنا — الوادی بالسیلِ : سیلاب بھرنا — الطریقُ : واضح ہونا — الشیءُ : روشن ہونا — بالامر : اچھی طرح انتظام کرنا — فی الامر : مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احْتَفَلَ بِہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔

الحَافِلُ۔ فا۔ ضَرعٌ حافِلٌ : بھرا ہوا تھن وادٍ حافِلٌ : سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ جمعٌ حافِلٌ : بڑی جماعت۔ ناقۃٌ اور شاۃٌ حافِلٌ : بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج حُفَّلٌ و حَوَافِلُ۔

الحَافِلَۃُ۔ الحافل کا مؤنث۔ دارٌ حافِلَۃٌ : ہرا بھرا گھر۔ سُوقٌ حافِلَۃٌ : بھرا ہوا بازار۔

الحَفْلُ۔ مص۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "عندہٗ حَفْلٌ مِنَ النَّاسِ" اس کے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ جمعٌ حَفْلٌ : بڑی جماعت۔

الحَفِیلُ۔ بہت۔ جیسے "جمعٌ حَفِیلٌ" : بہت جماعت "مَکانٌ حَفِیلٌ" بھری ہوئی جگہ "رَجُلٌ حَفِیلٌ" ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا

الحُفُولُ۔ خوبصورت عورت۔ ج حفائل

الحُفَّالُ۔ بڑی جماعت۔ جمع شدہ بہت دودھ۔ ردی کھجور۔

الحُفَالَۃُ۔ ہر گھٹیا چیز۔ فرد مایہ لوگ۔ حُفَالَۃُ الطعام۔ کھانے میں سے جو نکلے اور پھینک دیا جائے۔ حُفَالَۃُ اللبنِ : جھاگ۔

الحَفْلَۃُ۔ اسم المرّۃ۔ اور کہا جاتا ہے "اَخذ للامر حَفْلَتَہٗ" اس نے معاملہ میں کوشش کی۔ "جَاؤا بحَفْلَتِہِم وبِحَفِیلَتِہِم" وہ سب کے سب آئے۔

الحَفَلَی۔ عام دعوت۔

المَحْفِلُ۔ مجلس۔ ج مَحَافِلُ (و المُحْتَفَلُ) جمع ہونے کی جگہ۔ مُحْتَفَلُ الأمرِ : معاملہ کا بڑا حصہ۔

حَفْلَجَ حَفْلَجَۃً۔ چلنے میں بدن ہلانا

الحُفَالِجُ۔ وہ شخص جو چلنے میں پاؤں کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور رکھے۔

الحَفَلَّجُ۔ چھوٹا اونٹ۔ جمع حَفَالِجُ۔ الحَفَلَّجُ : بمعنی حُفَالِجٌ۔

الحِفْلِیجُ۔ پست قد۔

الحَفَلَّقُ۔ کمزور۔ بیوقوف۔

حَفَنَ (ن) حَفْناً۔ الشیءَ : لپ بھر لینا — لَہٗ : لپ بھر دینا۔

اِحْتَفَنَ۔ الشجرۃَ : جڑ سے اکھیڑنا الشیءَ لنفسہٖ : لینا — من الشیءِ : بہت لینا — الرجلَ : دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر اٹھانا۔

الحَفْنَۃُ والحُفْنَۃُ۔ لپ بھر۔ (الحُفْنَۃُ) : گڑھا۔ ج حُفَنٌ۔

الحَفَنَّجُ۔ پست قد۔

الحَفَنْدَدُ۔ مالک مال جو مال کا بہتر منتظم ہو۔

الحِفْنِسُ۔ بے حیا بدزبان عورت۔

حَفَا (ن) حَفْواً۔ فلاناً : دینا۔ حَفَاہٗ من الشیءِ : روکنا منع کرنا۔ حَفَاہُ اللّٰہُ بہٖ : عزت دینا۔ حَفَا البرقُ : آہستہ آہستہ بادل کے اطراف میں چمکنا — شاربَہٗ : خوب اچھی طرح مونڈنا۔

حَفِیَ (س) حَفاً۔ زیادہ چلنے کر پاؤں گھسنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ صفت (حَفٍ و حَافٍ) ج حُفَاۃٌ — الفرسُ : گھسے ہوئے کھر والا ہونا (— حِفَاوَۃً و حَفَاوَۃً و حِفَایَۃً۔ و تَحْفَایَۃً و احْتَفَی) بہٖ : عزت و اکرام کرنے میں مبالغہ کرنا۔ کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ حَفِیَ عنہ : حالت بہت پوچھنا

حَافَاہُ مُحَافَاۃً۔ گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا

اَحْفَی اِحْفَاءً۔ گھسے ہوئے کھر والے جانور کا مالک ہونا — السؤالَ : بار بار دہرانا — ہٗ : اصرار کرنا۔ خبر کی تفتیش پر برانگیختہ کرنا — اِلَیْہِ فِی الوَصِیَّۃِ : مبالغہ کرنا۔ — بہٖ : عیب لگانا — شاربَہٗ : کترنے میں مبالغہ کرنا۔

تَحَفَّی۔ فی الشیءِ : کوشش کرنا — لَہٗ : بہت اکرام کرنا۔

تَحَافَیَا۔ الی السلطانِ : فیصلہ کیلئے جانا

اِحْتَفَی۔ ننگے پاؤں چلنا۔ جوتہ اتارنا۔ — البقلَ : چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں سے اکھیڑنا — القومُ المرعی : چراگاہ میں کچھ نہ چھوڑنا۔

اِسْتَحْفَی۔ ہٗ عن کذا : کسی شخص سے کسی چیز کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا۔

الحَفَاءُ۔ کھر یا پاؤں کی گھسائی۔

الحَفَایَۃُ۔ والحُفُوَّۃُ والحِفْیَۃُ۔ بمعنی الحَفَاء۔

الحَفِیُّ۔ کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم رکھنے والا۔ عزت و اکرام و اظہارِ خوشی میں مبالغہ کرنے والا۔ کسی شخص کے حالات کے متعلق بہت سوال کرنے والا۔ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا۔ ج حُفَوَاءُ۔

حَقَّہٗ (ن) حَقّاً۔ حق میں غالب ہونا۔ حق الامرَ : ثابت کرنا — الخبرَ : حقیقت پر مطلع ہونا — العقدۃَ : باندھنا — الرجلَ : وسط سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا — الطریقَ : وسطِ راستہ چلنا۔

حَقَّ (ض) حَقّاً۔ علیہ ان یفعل کذا : واجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "حُقَّ لَکَ اَنْ تَفْعَلَ کذا و

حَقَقْتَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا " یعنی اس کا کرنا تمہارے لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو۔

حَقَّ (ن ض) حَقًّا وحُقُوقًا۔ الامرُ: ثابت وواجب ہونا ــــ الحاجۃ: سخت پیش آنا۔

حَقَّ (س) حَقَقًا۔ الفرسُ: دوڑنے میں اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا۔ صفت (اَحَقُّ)

حَقَّقَہٗ: تاکید کرنا۔ واجب کرنا۔ حقق القولَ او الظنَّ: تصدیق کرنا۔

حَاقَّہٗ مُحَاقَّۃً وحِقَاقًا۔ فی الامر: جھگڑا کرنا۔ اپنے حق دار ہونیکا دعوی کرنا۔ کہاجاتا ہے "اِنَّ لہٗ کذا وکذا لا یُحَاقُّ فیہ اَحَدٌ" یعنی اس کیلئے ایسا اور ایسا ہے کوئی اس بارہ میں اس سے جھگڑا نہیں کرسکتا۔

اَحَقَّ۔ حق کہنا۔ اَحَقَّہٗ: حق میں غالب آنا اَحَقَّ الامرَ: ضروری وواجب ٹھہرانا۔ کہاجاتا ہے "اَحَقَّ عَلَیْہِ القضاءَ" یعنی قضا کو اس کے ذمہ واجب کیا۔ احق الرمیۃ: تیر اندازی کے وقت ہی مار ڈالنا۔

تَحَقَّقَ۔ الخبرُ: ثابت ہونا ــــ الرجلُ الامرَ: یقین کرنا۔

تَحَاقَّا۔ باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لئے جانا۔

اِنْحَقَّ۔ الرباطُ: بندھ جانا۔

اِحْتَقَّ۔ الفرسُ: دبلا ہونا۔ اِحْتَقَّتِ الطعنۃُ بہ: فوراً مار ڈالنا۔ احتقَّ القومُ: ہرایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے۔ ــــ الناقۃُ: موٹی ہونا۔ کہاجاتا ہے۔ "اِحْتَقَّہٗ اِلٰی کذا" یعنی اسے مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی۔

اِسْتَحَقَّہٗ۔ ضروری وواجب ٹھہرانا الدینُ: ادائگی کا وقت قریب آنا۔ الناقۃُ: موٹی ہونا ــــ الرجلُ: مستحقِ سزا ہونا۔

اَلْحَقُّ۔ مع۔ سچائی۔ راستی یقین۔ انصاف ثابت شدہ حصہ۔ مال اور ملک۔ ہوشیاری فیصل شدہ معاملہ۔ موت۔ ج حقوق۔ اور کہاجاتا ہے "ہو حقٌّ بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ و"حَقَّ لا آتیک" بغیر تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں آؤنگا۔ و"حقًّا لا آتیک" تنوین کے ساتھ بغیر لام کے حقوق الدار: گھر کے منافع۔

اَلْحِقَّۃُ۔ مع۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے اس وجہ سے کہ حصہ معینہ پر دلالت کرتا ہے۔ تم کہتے ہو "ہذہ حِقَّتِی" یہ میرا خاص حصہ ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وَقَفْتُ علی حِقَّۃِ ذلک الامر" میں اس امر کی حقیقت پر مطلع ہوگیا۔ مصیبت۔

اَلْحُقُّ۔ مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سُرین کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا پست زمین۔ کڑی کا جالا۔ حُقُّ الطیب: خوشبو کی ڈبیہ۔ ج حِقَاق۔

اَلْحُقَّۃُ۔ چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت ج حُقَقٌ وحُقَقٌ وحِقَاق۔

اَلْحِقُّ۔ من الابل: چوتھے سال والا اونٹ نر ہو یا مادہ۔ اور یہ اس لئے کہ اب وہ بار برداری کے قابل ہوگیا۔ اونٹنی جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے گرگئے ہوں۔

اَلْحِقَّۃُ۔ حق وواجب۔

اَلْحَقِیقُ۔ لائق سزاوار کہاجاتا ہے۔ "ہو حَقِیقٌ اَنْ یَفْعَلَ کذا" وہ فلاں کام کرنے کے لائق ہے۔ "ہو حقیق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ والحقیق علی الشیئِ: حریص۔ لالچی ج اَحِقَّاء۔

اَلْحَقِیقَۃُ۔ وہ چیز جس کی حمایت واجب ہو کہاجاتا ہے "ہو حامی الحقیقۃ" و"ہو من حُمَاۃِ الحقائق" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت کرتا ہے جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔ حق۔ وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل ہو حقیقۃُ الشیئِ: چیز کا منتہی اور اصل۔ ج حقائق

اَلْحَاقُّ۔ فا۔ وسط۔ کہاجاتا ہے "سَقَطَ علی حاقِّ رأسہ" اس کے وسط سر پر گرا۔ و"جئتہ فی حاقِّ الشتاء" میں اس کے پاس جاڑے کے وسط میں آیا۔ و"رَکِبَ حاقَّ الطریق" وہ وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں کامل۔ کہاجاتا ہے "رجلٌ شجاعٌ حاقُّ الشجاع" وہ شجاعت وبہادری میں کامل ہے و"اَخَذَنِی حاقُّ الجوع" مجھے خالص بھوک لگی۔

اَلْحَاقَّۃُ۔ الحاق کا مونث۔ مصیبت۔ قیامت۔ کہاجاتا ہے "ہو رجلٌ حاقَّۃُ الرجل" وہ مردانگی میں کامل ہے۔ و"ہو شجاعٌ حاقَّۃُ الشجاع" وہ بہادری میں کامل ہے۔

اَلْاَحَقُّ۔ اسم تفضیل۔ "ہو اَحَقُّ من فلان" کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حق دار ہے اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت کے معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے "زید احق بمالہ" زید اپنے مال کا حق دار ہے کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں۔

اَلْمُحَقَّقُ۔ مفع۔ کلام مُحَقَّقٌ: منظم کلام۔ ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

اَلْمَحْقُوقُ۔ مفع۔ لائق۔ سزاوار۔ کہاجاتا ہے "ہو محقوق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "ہو محقوق ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے

اَلْحَقَّانِیُّ۔ حق کی جانب منسوب۔ جیسے ربانی رب کی جانب منسوب۔

حَقِبَ (س) حَقَبًا واَحْقَبَ۔ المطرُ: رکنا ــــ العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک سالی ہونا ــــ المعدنُ: ختم ہونا ــــ نائلُ فلانٍ: کم اور منقطع ہونا ــــ الامرُ: خراب ہونا۔ اَحْقَبَہٗ: پیچھے سوار کرنا۔

اِحْتَقَبَ۔ الاثمَ: مرتکب گناہ ہونا زیدًا علی ناقتہٖ: پیچھے سوار کرنا ــــ واستحقب الشیئَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا

اَلْحِقْبُ۔ ج حِقَاب و(اَحْقُب) ج احقاب واَحْقُبٌ: اسی سال یا اس سے زائد کا عرصہ

زمانہ۔ ایک سال۔ یا بہت سے سال۔

الحَقَب۔ اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔

الحِقْبَة۔ مدت۔ سال۔ ج حِقَب و حُقُوب۔

الحُقْبَة۔ ہوا۔

الحِقَاب۔ عورت کیلئے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی ج حُقُب۔

الحَقِيبَة۔ وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کیلئے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حَقَائِب۔

الحَاقِب۔ وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے ہو۔

الاَحْقَب۔ گورخر۔ مؤنث حَقْبَاء۔

المُحْقَب۔ لومڑی۔

حَقَدَ (ض) حِقْدًا و حَقْدًا و حَقِيدَةً و حَقِدَ (س) حَقَدًا و تَحَقُّدًا۔ علیہ: کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَة۔ حَقَدَ المطرُ: رکنا — المعدنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ رہنا — الناقۃُ: چربی سے بھر جانا۔

اَحْقَدَهُ۔ کینہ ور بنانا — القومُ: کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔

تَحَاقَدَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔

اِحْتَقَدَ۔ المطرُ: رکنا — علیٰ فلانٍ: کینہ رکھنا۔

الحِقْدُ۔ ج اَحْقَاد و حُقُود و (الحَقِيدَة) ج حَقَائِد: کینہ۔

الحَقُود۔ بہت کینہ ور۔

حَقَرَ (ض) حَقْرًا و حَقْرِيَّةً۔ ہ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشیءُ والرجلُ: ذلیل ہونا۔ بے قدر ہونا۔

حَقِرَ (س) حَقَرًا و حَقُرَ (ک) حَقَارَةً ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِير و حُقَير و حُقَّر)

حَقَّرَهُ۔ ذلیل کرنا۔

اَحْقَرَهُ و احْتَقَرَهُ و اسْتَحْقَرَهُ۔ چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔

تَحَاقَرَ۔ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاقَرَتْ اِلَیْہِ نَفْسُہُ" یعنی ذلیل ہو گیا۔

الحَقَارَة و الحِقَارَة و الحُقَارَة و المَحْقَرَة۔ ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا الامر مَحْقَرَۃٌ لک" یہ امر تمہارے لئے باعث ذلت ہے۔

المُحَقَّرَات۔ چھوٹے چھوٹے۔

الحَقْطَة۔ پست قد یا سبک جسم والی عورت۔

الحَيْقُط و الحَيْقُطَان۔ تیتر اور بقول بعض نر تیتر مؤنث الحَيْقُطَانَة۔

حَقَفَ (ن) حُقُوفًا۔ الظبیُ: ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کے مانند ہونا — الشیءُ: ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حَاقِف)

اِحْقَوْقَفَ۔ لمبا و ٹیڑھا ہونا۔

الحِقْفُ۔ دراز و پیچیدہ تودۂ ریت۔ ج اَحْقَاف و حُقُوف و حِقَاف و حِقَفَة و جج حَقَائِف۔

المُحْقَف۔ وہ شخص جو نہ کھائے نہ پیئے

حَقِلَ (س) حَقَلًا و حَقْلَةً۔ البعیرُ او الفرسُ: مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا

حَاقَلَ مُحَاقَلَةً۔ کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا

اَحْقَلَت۔ الارضُ: قابل زراعت ہونا

اَحْقَلَ الزرعُ: پتے پھوٹنا — الرجلُ فی الرکوب: سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔

الحَقْلُ۔ عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول۔ واحد۔ حَقْلَة۔

الحِقْل۔ ہودج۔ (— والحَقْلَة) گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔

الحُقْلَة۔ مثلثہ۔ الحار: دودھ یا پانی کا بقیہ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔ الحَقْلَة: بالفتح۔ حوض کا باقی ماندہ صاف پانی۔

الحِقْلَة: بالکسر: پیالہ بھرے کم۔

الحَاقِل۔ فا۔ کاشتکار۔

المَحْقَلَة۔ کھیتی۔ ج مَحَاقِل۔

الحَقِيلَة و الحُقَال۔ ردی کھجور۔

الحَاقُول۔ ایک قسم کی سبز رنگ کی لمبی مچھلی۔

الحَيْقَل۔ بے خبر آدمی۔

الحِقْلِل۔ بدخو۔

الحَقْم۔ کبوتر یا کبوتر کی مانند ایک پرندہ

الحَقِيمَان۔ کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشۂ چشم۔

حَقَنَ (ن ض) حَقْنًا۔ روک لینا اور اسی سے ہے "حَقَنَ بَوْلَہُ" اس نے پیشاب کو روک دیا۔ — دمَہ: گرانے سے بچانا — ماءَ وجہہ: آبرو کی حفاظت کرنا — اللبنَ: مکھن نکالنے کے لئے مشکیزہ میں جمع کرنا — المریضَ: حقنہ سے علاج کرنا۔

اَحْقَنَ۔ مزیدار ہونے کے لئے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا۔

اِحْتَقَنَ۔ المریضُ: پیشاب رکنا۔ حقنہ استعمال کرنا — الدمُ: بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔

الحُقْنَة۔ ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کے لئے چڑھائی جائے ج حُقَن۔

الحُقْنَة۔ پیٹ کا درد۔ ج اَحْقَان۔

الحَاقِن۔ فا۔ پیشاب روکنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے "لا رأیَ لحاقنٍ" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں" اس لئے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ مثل

مضغ کے لئے بولتے ہیں۔
الحَاقِنَة۔ الحاقن کا مؤنث۔ معدہ (اس معنی میں صفت غالب ہے اس وجہ سے کہ وہ کھانے کو روکتا ہے) ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ۔ اور اسی سے مثل ہے "لأُلحِقَنَّ حَوَاقِنَكَ بِذَوَاقِنِكَ" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں۔
الحَقِین۔ روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ اللبنَ الحَقِینَ" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حُقُن۔
المِحقَن والمِحقَنَة۔ حقنہ کی پچکاری
المحقن: وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے
المِحقَان۔ پیشاب روکنے والا۔ عوام المحقن اور المحقان کو پانی کی ٹنکی کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
حَقَاهُ (ن) **حَقْوًا**۔ کوکھ پر مارنا۔
حُقِيَ۔ درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا۔ صفت (مَحْقُوّ و مَحْقِيّ)
تَحَقَّی۔ درد کمر والا ہونا۔
الحَقْو۔ کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج حِقَاء و اَحْقٍ و اَحْقَاء و حُقِيّ۔ کہا جاتا ہے۔ "لاذ بحَقْوِهِ" اس نے اس سے فریاد رسی کی۔
الحِقَاء والحَقْوَة۔ ازار یا ازار باندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حَكَّ (ن) **حَكًّا**۔ الشيءَ بالشيءِ او علیہ رگڑنا۔ گھسنا۔ — الشيءَ: چھلکا اتارنا۔
(— وأحَكَّ واحتَكَّ) الكلام في صدره: دل میں اثر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ما حَكَّ في صدري كذا" میرے دل میں یہ بات نہیں آئی۔
حَكَّكَ واحْتَكَّ احتكاكًا واحتكَّ واستَحَكَّ۔ راسہ: کھجلانا۔ واحتكَّ — بالشيءِ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔
حَاكَّهُ مُحَاكَّةً وحِكَاكًا۔ الرجلَ: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تَحَكَّكَ۔ بہ: درپے برائی ہونا۔ امثلہ عرب میں سے ہے "تحكّكت العقربُ بالحیۃ" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔
تَحَاكَّا۔ ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ کرنا۔
الحِكّ۔ شک۔ (— والحِكاك) خارشی اونٹ کے کھجلانے کے لئے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حِكُّ او حِكَاكُ شَرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُكَاك۔ جہاز رانوں کا قطب نما (مولدۃ)
الحُكَاكات۔ وسوسے۔ واحد (حُكَاكَة)
الحَكَّاك۔ رخام کی مانند سفید پتھر۔ مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند رفتار۔
الحِكِّكَة۔ نرم پتھروں والی زمین۔
الحُكَّك۔ برائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد (حاكّ)
الحِكَّة۔ حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔ حِكّة الانف: ایک قسم سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہونچنے سے ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک ہوتا ہے۔ اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں شک۔
الحَاكَّة۔ دانت۔ کہا جاتا ہے "ما بقي في فيه حاكّة" اس کے منہ میں دانت نہیں۔
الحُكَاك۔ سودا۔ ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔
الحُكَاكَة۔ وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔
الحُكَيْكَة: پہیلی۔ ج حُكَيْكَات۔
الأحكاك۔ ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے۔ "لستَ من أحكاكه" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔
الأحَكّ۔ دانتوں سے خالی منہ والا۔ ترشا ہوا کھر۔
الحَكّاك۔ بہت رگڑنیوالا۔ امتحان کے لئے سونے کو رگڑنے والا۔
المِحَكّ۔ کسوٹی۔
المُحَكَّك۔ مفو۔ الجِذْلُ المُحَكَّك: خارشی اونٹ کے کھجلانے کے لئے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "أنا جُذَيْلُها المحكَّك وعُذَيْقُها المُرَجَّب" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔
حَكَأَ (ف) **حَكْأً واحكأ واحتكأ**۔ العقدةَ: باندھنا۔ احتكأت العقدةُ: سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "احتكأ الشيءُ في صدري" میرے دل میں جا گزیں ہوگیا۔ پس مجھے شک نہیں۔
الحُكَأَة والحُكَاة۔ بڑا گرگٹ۔
حَكَدَ (ض) **حَكْدًا**۔ الی الاصل: رجوع کرنا۔
أحْكَدَ وحَاكَدَ۔ الیہ: واپس ہونا اور بھروسہ کرنا۔
حَكَرَهُ (ض) **حَكْرًا**۔ گھٹانا۔ ظلم کرنا بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔
حَكِرَ (س) **حَكَرًا**۔ اصرار کرنا۔ صفت (حَكِر) — بالامر: خود سر ہونا۔
حَاكَرَهُ مُحَاكَرَةً۔ جھگڑا کرنا۔
تَحَكَّرَ واحتكر۔ الشيءَ: مہنگا بیچنے کے لئے روک رکھنا و تحكّر علیہ: افسوس کرنا۔
الحَكَر۔ مص۔ (— والحُكْر) تھوڑا پانی یا کھانا چھوٹا پیالہ۔
الحُكْرة والحُكْر۔ گراں بیچنے کیلئے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔
الحُكْرَة۔ غلہ کی بندش۔
الحَاكورة۔ پائیں باغ۔ (عامیہ)
حَكَشَ (ض) **حَكْشًا**۔ الرجلَ: سمٹنا۔

—— الشیءَ: جمع کرنا —— الرجلَ: ظلم کرنا۔

الحَکِیْص۔ وہ شخص جس سے لوگ بدگمان ہوں۔

حَکَفَ (ض) حُکُوْفاً۔ الرجلُ: کام میں سست ہونا۔

حَکَلَ (ن) حَکْلاً و اَحْکَلَ و اِحْتَکَلَ۔ الامرُ علیہ: دشوار و مشتبہ ہونا۔

تَحَکَّلَ۔ جہالت سے اصرار کرنا۔

الحُکْل۔ وہ جس کی آواز سنائی نہ دے کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ کَلَامَ الحُکْل" اس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔

الحَکَل۔ فی الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔

الحُکْلَۃ۔ کلام میں لکنت۔ کہا جاتا ہے "فی لِسَانِہٖ حُکْلَۃٌ" اس کی زبان میں لکنت ہے۔ جہالت کی وجہ سے اصرار۔

حَکَمَ (ن) حَکْماً۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْکَمَ فَحَکَمَ" اس نے اسکو واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا —— الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھیے لفظ حکمہ) —— ہ عن کذا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

حَکُمَ (ک) حِکْمَۃً۔ دانا ہونا۔

حَکَّمَہٗ۔ حاکم بنانا۔ حکمہ فی الامر: فیصلہ کرنے کیلئے سپرد کرنا —— عن کذا: لوٹانا اور منع کرنا۔

حَاکَمَہٗ۔ جھگڑا کرنا۔ حاکمہ الی الحاکم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لیجانا۔

اَحْکَمَ۔ الشیءَ: مضبوطی سے کرنا۔ اَحْکَمَتْہُ التجاربُ: دانا و عقلمند بنا دینا۔ اَحْکَمَ السفیہَ: کسی برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا برے انجام کو جتا دینا —— ہ عن الامر: رد کرنا منع کرنا —— الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا۔ (دیکھیے الحکمہ)

تَحَکَّمَ۔ فی الامر: بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔

اِحْتَکَمَ۔ فی الامر: جو چاہے منظور کرنا —— الخ الی الحاکم: مقدمہ لیجانا —— علی فلان: ارادہ کے موافق طلب کرنا —— فی الشیءِ: خواہش کے مطابق تصرف کرنا —— الامرُ: مضبوط ہونا۔

تَحَاکَمُوْا۔ الی الحاکم: مقدمہ لیجانا۔

اِسْتَحْکَمَ۔ الامرُ: مضبوط ہونا —— علیہ الکلامُ: مشتبہ ہونا۔

الحُکْم۔ مع۔ فیصلہ۔ اَحْکَام۔

الحَکَم۔ حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنیوالا۔ ج حُکّام (مفرد و جمع دونوں کیلئے مستعمل ہے) رجلٌ حَکَمٌ: عمر رسیدہ مرد۔

الحِکْمَۃ۔ انصاف۔ علم۔ بردباری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی ج حِکَم۔

الحَکَمَۃ۔ لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو —— من الانسان: چہرے کا سامنے کا حصہ۔ قدر و منزلت۔

الحُکُوْمَۃ۔ مع۔ گورنمنٹ۔

الحَاکِم۔ قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُکّام و حَاکِمُوْن۔

الحَکِیْم۔ دانا۔ عالم۔ ج حُکَمَاء۔ مؤنث حَکِیْمَۃ۔ قصیدۃ حکیمۃ: دانائی آمیز قصیدہ۔ الحکیم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الاُحْکُوْمَۃ۔ تحکم فی الامر کا اسم۔

المَحْکَمَۃ۔ کچہری۔ ج مَحَاکِم۔

المُحَکَّم۔ مفعو۔ آزمودہ (—— والحکیم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنیوالا۔

حَکَی (ض) حِکَایَۃً۔ عنہ الکلامَ: نقل کرنا —— الخبرَ: بیان کرنا —— فلاناً: مشابہ ہونا —— الشیءَ: مشابہ بنانا۔ حکی علیہ: چغل خوری کرنا —— العقیدۃَ: باندھنا۔

اَحْکَی اِحْکَاءً۔ العقدۃَ: باندھنا۔

حَاکَی مُحَاکَاۃً۔ ہ: مشابہ ہونا۔

اِحْتَکَی اِحْتِکَاءً۔ الامرُ: مضبوط ہونا۔

الحَکِیّ۔ چغلخور۔ (مذکر و مؤنث)

حَلَّ (ن) حَلاًّ۔ العقدۃَ: کھولنا۔

اِنْحَلَّتِ۔ العقدۃُ: کھل جانا۔

حَلَّ (ن ض) حُلُوْلاً۔ علیہ امرُ اللہ: واجب ہونا۔

حَلَّ (ن ض) حَلاًّ و حَلَلاً و حُلُوْلاً۔ المکانَ و بالمکان: نازل ہونا —— بہ فی المکان: اتارنا۔

حَلَّ (ض) حِلاًّ۔ الشیءُ: حلال ہونا۔ —— الدینُ: ادائگی کا وقت پہنچنا۔ —— الیمینُ: قسم پوری ہونا —— الرجلُ: احرام سے نکلنا۔

حُلَّ۔ الجامدُ: پگھلایا جانا —— المکانُ: آباد ہونا۔

حَلَّ (س) حَلَلاً۔ پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا۔ صفت (اَحَلّ) ج حُلّ۔

حَلَّلَ تَحْلِیْلاً و تَحِلَّۃً و تَحِلاًّ۔ الشیءَ: حلال ٹھہرانا —— الیمینَ: کفارہ ادا کرنا۔ حَلَّلَہٗ بالمکان: اتارنا۔

اَحَلَّ اِحْلَالاً۔ عہد و میثاق سے آزاد ہونا —— المحرمُ: احرام سے نکل جانا۔ اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا —— بنفسہٖ: مستحق سزا ہونا۔ اَحَلَّہٗ بالمکان او المکانَ: اتارنا —— الشیءَ: حلال کرنا —— علیہ الامرَ: واجب کرنا —— الناقۃُ علی ولدہا: دودھ جاری ہونا۔

اِنْحَلَّ۔ کھل جانا۔

تَحَلَّلَ۔ فی یمینہٖ: شرطیہ قسم کھانا۔ جیسے واللہ لافعلن ذلک ان شاء اللہ۔ یا الا ان یکون کذا —— من یمینہٖ: کفارہ ادا کرکے آزاد ہو جانا۔ تَحَلَّلَہٗ: حلال کر دینے کو چاہنا۔

اِحْتَلَّ۔ المکانَ و بالمکان: اترنا۔ اور ایسا ہی کہا جاتا ہے۔ اِحْتَلَّ القومَ و بالقومِ: وہ قوم کے پاس اترا۔

اِسْتَحَلَّ۔ الشیءَ: حلال سمجھنا۔ یا حلا۔

کرلینا۔ اِسْتَحَلَّہٗ الشَّیْءَ: حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔

الحَالّ۔ فا۔ ج حُلَّل و حُلُول و حُلَّال۔ و (الحَلَّال) حَالّ کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ حَلَّالٌ لِلْعُقَدِ کَاشِفٌ لِلْمُبْهَمَات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کیلئے کافی ہے۔

الحَلّ۔ تِل کا تیل۔

الحِلّ۔ مص۔ حلال۔ مکہ معظمہ کے ارد گرد حرم محترم کے علاوہ جگہ۔ کسی جگہ میں اترنے والا۔ جیسے "نازلٌ حِلًّا بہذا البلد" میں ہمیشہ اس شہر میں اترنے والا ہوں۔ والاشہر الحِلّ: اشہر حرم کے علاوہ مہینے۔ الحِلّ: نشانہ۔ جس پر تیر اندازی کی جائے۔ قسم سے بری ہونا۔

الحِلّ و الحُلّ۔ احرام سے نکلنے کا وقت کہا جاتا ہے "فعلہ فی حِلِّہٖ و حُرْمِہٖ" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔

الحَلَّۃ۔ حلول کا اسم مرۃ۔ نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا۔ (ہ ۔۔۔ و المَحَلَّۃ) اترنے کی جگہ مجلس جمع ہونے کی جگہ ۔۔۔ من الشیءِ: جہت و جانب ج حِلَل و حِلَال۔ اور کہا جاتا ہے "فیہ حَلَّۃ اَوْ حِلَّۃ" اس میں کمزوری ہے۔ الحِلَّۃ: اترنے کی ہیئت۔ نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے "حیٌّ حِلَال" اترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے۔

الحُلَّۃ۔ نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المُحَارِبُ حُلَّتَہٗ و بِزَّتَہٗ" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ ج حُلَل و حِلَال۔

الحَلَّالَۃ۔ چرخہ (مولدۃ)

الحَلَال۔ ضد حرام۔ احرام سے نکلنے والا والسحر الحلال: تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہو جائے۔ الحلو الحلال: کلام جس میں شک نہ ہو۔

الحِلَال۔ ضد حرام۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔

الحَلِیْل۔ حلال۔ شوہر (۔۔۔ و الحَلِیْلَۃ) بیوی۔ الحَلِیْل: گھر میں ایک ساتھ رہنے والا ج اَحِلَّاء۔ مؤنث حَلِیْل و حَلِیْلَۃ۔ ج حَلَائِل۔

الاَحَلّ۔ ٹانگوں میں کمزوری والا۔ مؤنث حَلَّاء ج حُلّ۔

الاِحْلَال۔ افعال حج سے فراغت۔

الاِحْلِیْل۔ پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ۔ ج اَحَالِیْل

التَّحِلَّۃ۔ قسم کا کفارہ۔ یا قسم میں استثناء۔

التَّحْلِیْل۔ بمعنی الاحلیل۔

المَحَلّ۔ اترنا۔ اترنے کی جگہ۔ ج مَحَالّ۔

مَحِلٌّ۔ الدَّیْنِ: ادائگی قرض کا وقت

المُحِلّ۔ فا۔ رجل مُحِلّ: حرم کی پردہ دری کرنے والا۔

المَحَلَّۃ۔ اترنے کی جگہ (المَحَلَّتَان) ہانڈی چکی (المَحَلَّات) ہانڈی چکی ڈول۔ مشک پیالہ چھری۔ کلہاڑی۔ اس لئے کہ جس کے پاس یہ سب چیزیں ہوں گی وہ ہر جگہ اتر سکتا ہے۔

المُحَلَّل۔ مفو۔ ماء مُحَلَّل: اونٹوں کے اترنے سے گدلا پانی۔ مکان مُحَلَّل: وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اتریں۔ زد ضد اور مکان مِحْلَال: باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اتریں۔

حَلَأَہٗ (ف) حَلْأً۔ بالسیف: تلوار سے مارنا ۔۔۔ ہ بالسوط: کوڑے سے مارنا ۔۔۔ بہ الارضَ: پچھاڑ دینا۔ حَلَأَہ الشَّیْءَ: دینا۔ حَلَأَ الجلدَ: کھال اتارنا (حَلَّأَہٗ و اَحْلَأَہٗ) کسی کو سرمہ یا انجن لگانا۔ حَلَأَ لَہٗ حَلُوْءًا: کسی کے لئے سرمہ یا انجن رگڑنا۔

حَلِئَ (س) حَلَأً۔ الادیمُ: کھال اتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا۔ حَلِئَتِ الشَّفَۃُ: ہونٹ پر چھالا پڑ جانا۔

حَلَّأَہٗ تَحْلِیْئًا و تَحْلِئَۃً۔ عن الماء: دھتکارنا۔ پانی پر اترنے سے روکنا ۔۔۔ ہ الشَّیْءَ: دینا۔

الحُلُوْءُ و الحُلَاءَۃُ۔ سرمہ۔ چمڑے پر کی چھلی جس کو دباغ اتارتا ہے۔ ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے۔

الحَلَأُ و التَّحْلِیْءُ و التَّحْلِئَۃُ۔ چمڑے پر کے بال۔ یا چمڑے کا میل و سیاہی۔ التَّحْلِیْءُ: چھری لگا ہوا چمڑہ۔ الحُلَاء: بخار کے بعد ہونٹوں پر کا چھالا۔

الحَالِئَۃ۔ بہت زہریلا سانپ۔

التِّحِلِّئَۃ۔ مص۔ بوجھ۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحِلِّئَۃٌ" بوجھل مرد۔

المِحْلَأُ و المِحْلَأَۃُ۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا و حَلَبًا و حِلَابًا الشَّاۃَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے: "حَلَبَ الدَّہْرَ اَشْطُرَہٗ"۔ اس نے زمانے کے امور خیر و شر کو آزمایا (اشطر اونٹنی کے تھن کے بالکو کہتے ہیں) "حَلَبْتَ بِالسَّاعِدِ الاَشَدِّ" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔ "مَا لَہٗ حَلُوْبَۃٌ و لَا جَلُوْبَۃٌ" اس کیلئے نہ اونٹنیاں ہیں نہ اونٹ۔ حَلَبَ الرَّجُلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔ حَلَبْتُ و اَحْلَبْتُ۔ الرَّجُلَ: دوسرے کے لئے دوہنا۔ حَلَبْتُہٗ و اَحْلَبْتُہٗ نَاقَتِیْ: دوہنے کے لئے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلْبًا و حُلُوْبًا و اَحْلَبُوْا ہر طرف سے مدد کیلئے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا۔ الشَّعْرُ: کالا ہونا۔

حَالَبَہٗ۔ ساتھ مل کر دوہنا (۔۔۔ و اَحْلَبَہٗ) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ و انْحَلَبَ۔ العرقُ او الدمعُ: بہنا ۔۔۔ عینُہٗ: آنسو بہانا ۔۔۔ فمٌ: تھوک ٹپکانا۔

اِحْتَلَبَ و اسْتَحْلَبَ۔ دودھ نکالنا۔ اِحْتَلَبَ النَّاقَۃَ: دوہنا۔ اِسْتَحْلَبَ القومُ: مدد کے لئے جمع ہونا۔

الحَلَبُ۔ مص (۔۔۔ و الحَلِیْبُ) دوہا ہوا دودھ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔

کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الکَرْمِ وحَلَبُ العَصِیْرِ: شراب۔ کہا جاتا ہے: "ذاقوا حَلَبَ امرِہم" یعنی انھوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔ "دَمٌ حَلِیْبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقۃٌ حَلْبَی رَکْبَی اور حَلْبانۃٌ رَکْبانۃٌ" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔

الحَلْبَۃ۔ ایک بار دوہنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَرْکُضُ فی کلِّ حَلْبَۃٍ من حَلَباتِ المَجْدِ" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَۃ: گھوڑے جو دوڑانے کے لئے جمع کئے جائیں۔ ج حَلَبات وحَلائِب

الحَلَبْتان۔ صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں)

الحُلْبَۃ۔ میتھی۔ زچہ کی خوراک۔

الحُلْبَۃ۔ زچہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔

الحالِب۔ فا۔ ج حَلَبَۃ۔

الحالِبَۃ۔ تھن کے ارد گرد کی رگیں۔ ج حَوالِب۔ حَوالِبُ البِئرِ: کنوئیں کا سوت۔ حَوالِبُ العَیْنِ: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتا ہے

الحالِبان۔ دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔

الحِلاب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔

الحَلّاب۔ بہت دوہنے والا۔ یَوْمٌ حَلّابٌ نمناک دن۔

الحَلُوب والحَلُوبَۃ۔ من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی ج حُلُب وحَلائِب۔

الحَلائِب۔ جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔

الحُلْبُوب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے۔ "اسودُ حُلْبوبٌ" بہت کالا۔

الحِلِبْلاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلَّب والحُلَّبان والحِلِبْلاب و الحُلْبُوب۔ مختلف نباتات کے نام۔

شاۃ (تَحْلابَۃ وتَحْلُبَۃ وتِحْلِبَۃ وتُحْلُبَۃ وتِحْلَبَۃ)۔ حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحْلَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحالِب

المَحْلَب۔ دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحالِب ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحْلِب۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوہتا ہے۔ اور نر کو بیچنے کے لئے لیجاتا ہے۔ المُحْلِب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔

الحِلْبِید۔ چھوٹا اونٹ۔ مؤنث حلبیدۃ۔

الحَلْبَس۔ بہادر۔

الحَبَلْبَس۔ بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔

الحِلْبِیس۔ شیر۔

حَلَتَ (ض) حَلْتاً۔ الرأسَ: مونڈنا ـــ الصوفَ: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اکھیڑنا ـــ الدَّیْنَ: ادا کرنا۔ ـــ ظہرَ الخیلِ: چمٹ کے رہنا ـــ بِسَلْحِہِ: پاخانہ کرنا۔

الحُلاتَۃ۔ اون کا اکھیڑتے وقت گرا ہوا

الاَحْلَت۔ وہ جس کا بال یا اون اکھیڑ دیا گیا ہو۔

الحَلِیت۔ یخ۔ اولہ۔ پالا۔

الحِلْتِیت والحِلْتِیت۔ ہینگ۔

الحِلْتِیث۔ ہینگ۔

حَلَجَ (ن ض) حَلْجاً۔ الخبزۃَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ـــ فی المشی: آہستہ آہستہ چلنا، دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ـــ القومُ لیلتَہم: چلنا۔ کہا جاتا ہے "باتَ القومُ یَحْلُجُونَ لیلتَہم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القطنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حلّاج) اور صفت مفعول (حَلِیج و مَحْلُوج) ـــ الحَبْلَ: بٹنا ـــ الرجلَ بالعصا: لاٹھی سے مارنا۔

تَحَلَّجَ۔ المحزوجُ: بادل کا چمکنا ـــ فی صدرِہ: کھٹکنا۔

اِخْتَلَجَ۔ حَقَّہ: لینا۔

الحَلْجَۃ والحَلَجَۃ۔ مسافت۔

الحِلاجَۃ۔ دھننے کا پیشہ۔

الحَلُوج۔ چمکنے والا بادل۔

الحُلُج۔ بہت کھانے والے۔

الحَلِیجَۃ۔ دودھ جس میں کھجور ترکی گئی ہو۔ ج حُلُج۔

المِحْلَج والمِحْلاج۔ روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحالِج ومَحالِیج۔ المَحْلَج: لکڑی جس پر چرخی گھومتی ہے۔

المَحْلَج والمَحْلَجَۃ: وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔

حَلْحَلَ۔ الشیءَ: حرکت دینا۔ ہٹانا ـــ القومَ: قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔

تَحَلْحَلَ۔ عن مکانہ: حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔

الحُلاحِل۔ سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلاحِل (انہی معانی میں حُلْحُل و مُلَحْلِح بھی ہیں)۔

حَلَزَ (ن) حَلْزاً۔ الجلدَ او العودَ: چھیلنا

تَحَلَّزَ۔ الشیءُ: باقی رہنا ـــ القلبُ: دردمند ہونا ـــ للامرِ: تیار ہونا ـــ بالمکانِ: اقامت کرنا۔

اِحْتَلَزَ۔ منہ حقَّہ: لینا۔

الحِلِزّ۔ بخیل۔ بدخلق۔ پست قد۔ الو۔ ایک قسم کا غلہ۔ واحد (حلزۃ)

الحَلَزُون۔ ایک قسم کا آبی جانور جو سیپ میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔

الحَلَزُونَۃ۔ فی عرف الحدادین والنجارین: لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچدار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل او خط (حلزونی) گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔

حَلَسَ (ض) حَلْساً۔ البعیرَ: ٹاٹ سے

ڈھانپنا ــــ الرجلُ بالشئِ: بہت حریص ہونا ــــ السماءُ: لگاتار زم زم برسنا۔

حَلِسَ (س) **حَلَسًا و تَحَلَّسَ** ـ بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا ــــ للامر: کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلَّسَ منہ بشئٍ و ما تَحَلَّسَ شیئًا" اس نے اُس میں سے کچھ نہیں پایا۔

اَحْلَسَ ـ الرجلُ: مفلس ہونا ــــ فلانًا فی البیع نقصان پہونچانا ــــ ہ: عہد و میثاق کرنا۔ اَحْلَسَتِ السماءُ: لگاتار ہلکی بارش ہونا ــــ الارضُ: سرسبز ہونا۔ اَحْلَسَہُ الخوفَ: خوف لازم کرنا۔

حَالَسَہٗ ـ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ: ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اِحْلَسَّ ـ سُرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (اَحْلَس) مؤنث (حَلْسَاء)

اِسْتَحْلَسَتْ ـ الارضُ: سرسبز ہونا ــــ النبتُ: زمین کو ڈھانپ لینا ــــ اللیلُ: سخت تاریک ہونا ــــ الخوفُ فلانًا: خوف کا لازم رہنا۔

الحِلْسُ و الحَلَسُ ـ ٹاٹ ـ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج اَحْلَاس و حُلُوس و حِلَسَۃ۔ اَحْلَاسُ الخیلِ: گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے۔ اور کہا جاتا ہے "فلان حِلْسُ بیتہٖ" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے۔ اور یہ عربوں کے نزدیک قابلِ مذمت ہے۔ "ہو حِلْسٌ من اَحْلَاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحبِ عزت و قوت ہے (اور یہ قابلِ مدح ہے) "کونوا اَحْلَاسَ بیوتِکم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو "ہذا لیس من اَحْلَاسِ فلانٍ" یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ "رفضتُ کذا و نفضتُ اَحْلَاسَہٗ" یعنی میں نے اُسے چھوڑ دیا۔ الحِلْسُ: عہد و پیمان جوئے کا چوتھا تیر ـ سردار ـ بہادر ـ اُمّ حِلْسٍ: گدھی۔

الحِلْسُ ـ مع ـ عہد و پیمان۔

الحَلِسُ ـ بہادر ـ حریص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو ـ سُرخ سیاہی مائل۔

الحَلُوْسُ ـ حریص ـ لالچی۔

ارض (مُحْلِسَۃ) وہ زمین جس میں گھاس بہت اُگی ہوئی ہو۔

الحِلْسِمُ ـ لالچی حریص۔

حَلَطَ (ن) **حَلْطًا** ـ قسم کھانا ــــ فی الامرِ: اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔

حَلِطَ (س) **حَلَطًا و اِحْتَلَطَ** ـ علیہ: غضبناک ہونا ــــ منہ: زچ ہونا۔

اَحْلَطَ ـ بمعنی حَلَطَ ــــ ہ: غضبناک کرنا ــــ بالمکان: اقامت ــــ فی الیمین: کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) **حَلْفًا و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَۃً و مَحْلُوفَاءَ** ـ باللہ: قسم کھانا۔

اَحْلَفَہٗ و حَلَّفَہٗ و اسْتَحْلَفَہٗ ـ قسم کھلانا۔

حَالَفَہٗ مُحَالَفَۃً ـ معاہدہ کرنا۔ حالف فلانًا حزنُہٗ: غم کا لازم ہونا۔

تَحَالَفُوْا ـ باہم عہد و پیمان کرنا۔

الحَلْفُ و الحِلْفُ و الاُحْلُوْفَۃُ ـ قسم۔

الحِلْفُ ـ مع ـ عہد و پیمان ـ دوستی ـ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج اَحْلَاف۔ کہا جاتا ہے "فلان حِلْفُ کذا" یعنی فلاں اس سے جُدا نہیں ہوتا۔

الحَلْفَاءُ ـ ایک بُوٹی نوکیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اُگتی ہے ـ واحد حَلَفَۃ و حَلِفَۃ۔

الحَلْفَاءُ ـ بہت پھینکنے والی لونڈی ـ ج حُلُف و حُلَّف۔

ارض (حَلِفَۃ و مَحْلَفَۃ) حلفا گھاس والی زمین

الحَلَافِیُّ ـ وہ جگہ جس میں حلفا گھاس بہت اُگے۔

الحَلَّافُ و الحَلَّافَۃُ ـ بہت قسمیں کھانیوالا

الحَلِیْفُ ـ عہد و پیمان کرنے والا ـ لازم ـ ساتھی ـ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیْفُ الجُوْدِ" فلان جود و بخشش کا حلیف ہے یعنی بڑا فیاض ہے "فلانٌ حَلِیْفُ اللِّسَانِ" فلان چرب زبان فصیح ہے ـ ج حُلَفَاء۔

المُحْلِفُ ـ شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لئے قسم کی ضرورت ہو ـ کہا جاتا ہے "ہٰذا غلامٌ مُحْلِفٌ" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلام میں شک ہے۔

الحِلْفِسُ ـ بہت گوشت والی بکری۔

الحُلْفُقُ ـ جنگل۔

حَلَقَ (ض) **حَلْقًا و تَحْلَاقًا** ـ الرأسَ: مونڈنا۔

حَلَقَ (ن) **حَلْقًا** ـ الرجلَ: حلق پر مارنا ــــ الحوضُ: بھرنا ــــ الشئَ: چھیننا ــــ اَلْبَسَہُ القومَ: مصیبت میں ڈالنا ـ صفت (حَلْقَی) ــــ القومُ بعضُہم بعضًا: ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

حَلِقَ (س) **حَلَقًا** ـ حلق کے درد والا ہونا۔

حَلَّقَ ـ الرأسَ: مونڈنا (تشدید کثرت کے لئے ہے) ــــ الطائرُ: اُڑنے میں چکر لگانا ــــ القمرُ: ہالہ پڑنا ــــ الشئَ: حلقہ کی مانند بنانا ــــ الاناءُ من الشراب: بھرنا ــــ الحوضُ: خشک ہونا ــــ عینُ الحیوان: دھنس جانا ــــ النجمُ: بلند ہونا ــــ ضرعُ الناقۃِ: دودھ کا خشک ہو جانا۔

اَحْلَقَ ـ الاناءُ او الحوضُ: بھرنا۔

تَحَلَّقَ ـ القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا ــــ القمرُ: ہالہ پڑنا۔

اِحْتَلَقَ ـ الرأسَ: مونڈنا۔

الحَلْقُ ـ مع گلا ـ ج ـ اَحْلَاق و حُلُوق و حُلُق ـ حُلُوقُ الارضِ: نالیاں ـ وادیاں ـ کہا جاتا ہے "اَخَذُوْا فی حُلُوقِ الطریقِ" اُنھوں نے تنگ راستے اختیار کئے۔ الحَلْقِیُّ ـ بدبختی۔

الحَلْقَۃُ ـ ہر گول چیز ـ زرہ ـ رسّی ـ ج حَلَق و حَلَقَات ـ و حَلْقَۃُ القومِ: قوم کا دائرہ ــــ کہا جاتا ہے "سَأَلَ فی حَلْقَۃٍ" اُس نے اُس سے مانگا

جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقۃ الحوض: حوض کا بھرنا۔
حَلِقَۃُ۔ الباب او القوم: دروازہ کا حلقہ یا قوم کا دائرہ۔
اَلحِلْق۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی۔ بہت مویشی۔
اَلحَلِیق۔ بے بال کا۔ راسٌ حَلِیقٌ: بے بال کا سر۔
اَلحَلَاقِ وحَلَاقِ۔ بروزن قطام مبنی علی الکسر معدول از حالقۃ: موت۔
اَلحِلَاق۔ گلا۔
اَلحُلَاق والحُلَاق۔ گلے کا درد۔
اَلحَلَّاق۔ نائی۔ حجام۔
اَلحُلَاقَۃ۔ مونڈے ہوئے بال۔
اَلحِلَاقَۃ۔ نائی کا پیشہ۔
اَلحَالِق۔ فا۔ ج حُلَّقٌ۔ من الجبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء من حالقٍ" وہ بلند جگہ سے آیا۔ "ہوی من حالق" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہو گیا۔ ضرعٌ حالقٌ بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سٹا ہوا تھن (ضد) ج حُلُق وحَوَالِق۔
اَلحَالِقَۃ۔ الحالق کا مؤنث۔ موت۔ بُرا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق۔
اَلحَالُوق۔ موت۔
اَلحَالُوقَۃ۔ من السیوف او الرجال: تیز
اَلحَولَق والحَیلَق۔ بلا ومصیبت۔
اَلحَوْلَقَۃ۔ "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" کہنا۔
اَلحَلِیق۔ مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعرٌ حلیق ولحیۃٌ حلیق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی ج حَلْقَیٰ۔
اَلمِحْلَق۔ استرہ۔ سخت کمبل۔
اَلحِلَّقِس۔ بدخو۔
حَلْقَمَہٗ۔ گلا کاٹنا۔
اَلحُلْقُوم۔ گلا۔ ج حَلَاقِیم۔
حَلِکَ (س) حُلُوکَۃً وحَلَکًا وحُلُوکًا واحْلَوْلَکَ واسْحَنْکَکَ۔ سخت سیاہ ہونا صفت (حَالِک وحَلِک)
اَلحَلَک والحُلْکَۃ۔ سخت سیاہی۔
اَلحَلَکَۃُ والحَلَکَاءُ والحُلَکَاءُ والحَلْکَاءُ والحُلَکَاءُ والحُلَکَیٰ۔
اَلحُلْکُوک والحُلْکُلِک۔ سخت سیاہ
اَلحُلْکُم۔ سیاہ۔
اَلحُلْکُمَۃ۔ سیاہی۔
حَلَمَ (ن) حُلْمًا وحُلُمًا۔ فی نومہ: خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمَہٗ وحَلَمَ بِہٖ" اس نے اسکو خواب میں دیکھا۔ حَلَمَ الصبیُّ (واحْتَلَمَ) بالغ ہونا (ـــ حَلَمًا) الجلدُ: کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلْمًا۔ درگزر کرنا۔ بردبار ہونا۔ صفت (حلیم) ج حُلَمَاء واَحْلَام۔ مؤنث حلیمۃ۔
حَلِمَ (س) حَلَمًا۔ الجلدُ: خراب ہونا۔ اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم وحَلِیم)
اَحْلَمَتِ۔ المرأۃُ: حلیم و بردبار بچے جننا
حَلَّمَہٗ تَحْلِیمًا وحِلَامًا۔ بردبار بنانا۔
حَلَّمَ الجلدُ: کیڑے نکالنا ـــ القِربۃَ: بھرنا۔
تَحَلَّمَ۔ بردبار بننا ـــ الحلمَ: بردباری سے کام لینا ـــ الرجلُ: موٹا ہونا۔ تحلمت القربۃُ: پانی سے بھر جانا۔
تَحَالَمَ۔ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔
اِنْحَلَمَ واحْتَلَمَ۔ فی نومہ: خواب دیکھنا
اَلحِلْم۔ صبر و آہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاہَ الشیخِ لاحِلْمَ بعدَہٗ" عقل۔ ج اَحْلَام وحُلُوم۔ کہا جاتا ہے "تَاْمُرُہُمْ اَحْلَامُہُمْ بِہٰذَا" انکی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
اَلحُلْم۔ مص۔ خواب۔ ج اَحْلَام۔ اور کہا جاتا ہے "ہٰذِہٖ اَحْلَامُ نَائِمٍ" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
اَلحَلَمَۃ۔ سرپتان۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے ج حَلَم۔
اَلحَلِیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹائی کی چربی۔
اَلحُلَّام۔ بکری کا بچہ۔
اَلحَالُوم۔ ایک قسم کا پنیر۔ یا گاڑھا دودھ جو تازہ پنیر کے مشابہ ہو جائے۔
اَلحُکَلِمَۃ۔ چھوٹے جانور۔
اَلمُحَلِّمَۃُ۔ بہت کیڑے والا۔ ج مَحَالِم۔
الاَحْلَام۔ اجسام (جمع ہے بغیر مفرد کے)
حَلَا (ن) وحَلُوَ (ک) وحَلِیَ (س)
حَلَاوَۃً وحُلْوَانًا۔ میٹھا ہونا ـــ الفاکہۃ: پختہ ہونا حَلَا لَہُ الشیءُ: لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْو) اور کہا جاتا ہے۔ "حَلِیَ فی عینی وبعینی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلَا منہ بخیرٍ: خیر و منفعت حاصل کرنا۔
حَلَاہٗ (ن) حَلْوًا وحُلْوَانًا۔ تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا وحلاہ کذا او بکذا: دینا۔
کہا جاتا ہے "حلاہ حلوانہ" اس نے اُسے بدلہ دیا (ـــ وحَلَّیٰ) الشیءَ (تحلیۃ) میٹھا بنانا۔ (حالیٰ مُحَالَاۃً) الرجلَ: خوش طبعی کرنا۔
اَحْلَاہُ اِحْلَاءً۔ میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔
کہا جاتا ہے "مَا یُمِرُّ ولا یُحْلِی" یعنی وہ نہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ بُرا۔
تَحَلَّتْ۔ المرأۃُ: زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّیٰ فلانٌ بِمَا لیسَ فیہِ" فلاں نے اپنے آپکو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے اندر نہیں ہیں۔
تَحَلَّیٰ واحْلَوْلَیٰ واسْتَحْلَیٰ۔ الشیءَ: میٹھا پانا۔ واحْلَوْلَیٰ الشیءُ: میٹھا ہونا۔
تَحَالَیٰ۔ حلاوت ظاہر کرنا۔
اَلحُلْو۔ میٹھا۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ خوبصورت
اَلحُلْوَان۔ دلال و کاہن کی اُجرت۔ مہر بدلہ۔
اَلحَلَاءَۃ والحَلَاوَۃ والحَلَاوَاءُ و الحُلَاوَیٰ۔ من القفا۔ گدی کا درمیانی حصہ

ج حَلَاوٰی۔

الحَلْوَاء والحَلْوٰی۔ حلوا۔ میٹھا میوہ۔
ج حَلَاوٰی۔

الحَلْوَانِی۔ حلوا فروش۔ حلوا بنانے والا۔

الحُلْوُ۔ مِن الرِّجَال: دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا۔

الحَلِیُّ۔ لذیذ اور میٹھا۔ ناقۃٌ حَلِیَّۃٌ:

حَلَی (ض) حَلْیًا۔ المرأۃَ: عورت کیلئے زیور بنانا۔ آراستہ کرنا۔

حَلِیَتْ (س) حَلْیًا۔ المرأۃُ: زیور پہننا صفت (حالٍ وحَالِیَۃٌ) ج حَوَالٍ۔ کہا جاتا ہے "شجرۃ حالیۃ" پتے والا پھل دار درخت۔ حَلِیَ منہ بخیرٍ: خیر و منفعت پہونچنا۔

حَلّٰی تَحْلِیَۃً۔ المرأۃَ: زیور پہنانا یا زیور بنانا۔ وحَلَّی الشیءَ: آراستہ کرنا۔

تَحَلّٰی۔ آراستہ ہونا یا زیور پہننا۔

الحُلَیٰ۔ پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں

الحَلْیُ۔ ج حُلِیٌّ وحِلِیٌّ و (الحِلْیَۃُ) ج حِلًی وحُلًی (خلاف قیاس) زیور۔ حِلْیَۃُ الانسان: انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے۔

الحَلِیُّ۔ خشک۔

حَمَّ (ن) حَمًّا۔ التنورَ: گرم کرنا الشحمۃَ: پگھلانا ـــ الماءَ: گرم کرنا ـــ الارتحالَ: جلدی کرانا۔ حَمَّ اللّٰہ لہ کذا: مقدر کرنا ـــ الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّہٗ" اس نے اس کے ساتھ جیسا قصد کیا۔

حُمَّ۔ الامرُ: فیصلہ کیا جانا ـــ الشیءُ: قریب ہونا ـــ الرجلُ: بخار زدہ ہونا ـــ لہ کذا: مقدر کیا جانا۔

حَمَّ (س) حَمَمًا۔ کالا ہونا ـــ الماءُ: گرم ہونا۔

حَمَّمَ۔ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا ـــ الرأسُ: مونڈنے کے بعد بال نکلنا ـــ المکانُ: روئیدگی ظاہر ہونا ـــ الشیءَ: کالا کرنا ـــ الماءَ: گرم کرنا ـــ الرجلَ: کوئلے سے منہ کالا کرنا۔

ـــ المرأۃَ: طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا

أَحَمَّہٗ۔ اللّٰہُ: بخار میں مبتلا کرنا۔ أَحَمَّ الشیءُ: قریب ہونا ـــ المکانُ: بہت بخار والی جگہ ہونا ـــ الماءَ: گرم کرنا ـــ اللّٰہُ لہ کذا: مقدر کرنا ـــ الشیءَ: کالا کرنا ـــ الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا۔

تَحَمَّمَ۔ کالا ہونا۔

اِحْتَمَّ۔ غمگین ہونا۔ غم کی وجہ سے نہ سونا ـــ العینُ: بغیر درد کے بیدار رہنا۔

اِسْتَحَمَّ۔ پانی سے غسل کرنا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا۔

الحَمُّ۔ مص۔ حَمُّ الظَّہِیرَۃ: دوپہر کی سخت گرمی۔ کہا جاتا ہے "مالہٗ حُمٌّ عن ذٰلک او منہ" اس کے لئے اس سے کوئی چارہ نہیں۔ حُمُّ الشیءِ و (حُمَّتُہٗ) چیز کا بڑا حصہ۔

الحُمّٰی۔ بخار۔ ج حُمَّیَات۔

الحَمَّۃ۔ گرم پانی کا چشمہ۔

الحُمَّۃ۔ سیاہی۔ سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ ہر مقدر و فیصل شدہ چیز۔ اور اسی سے ہے "حُمَّۃُ الفراق" کہا جاتا ہے "عَجِلَتْ بنا و بکم حُمَّۃُ الفراق" مقدر شدہ فراق نے ہماری مجلس کیساتھ جلدی کی۔ ج حُمَم و حِمَام۔

الحُمَمُ۔ حُمَّۃ کی جمع۔ کوئلہ۔ راکھ۔ ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے۔ واحد (حُمَمَۃ)

الحِمَّۃ۔ موت۔ پسینہ۔

الحَمَام۔ کبوتر۔ واحد (حَمَامَۃ) اور کہا گیا ہے "حمامۃ" کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس میں "تا" تانیث کیلئے نہیں بلکہ "تائے وحدت" ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لئے بھی بولتے ہیں۔ ج حَمَائِم وحَمَامَات حَمَامُ الزَّاجِل او الزَّاجِل: پیغام و خطوط لے جانے والے کبوتر۔

سَاقُ الحَمَام ورِجْلُ الحَمَام: دو قسم کی گھاس کے نام۔ بَیْضُ الحَمَام: انگور کی ایک قسم جسکے دانے بڑے ہوتے ہیں۔ عُنُقُ الحَمَام: ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے۔

الحِمَام۔ موت۔

الحُمَام۔ جانوروں خصوصًا گھوڑوں کا بخار۔ سردار شریف۔

الحُمَامَی۔ ایک قسم کی گھاس۔ کھال کی سرخی

الحَمَّام۔ غسل کرنے کی جگہ۔ یہ بکثرت مونث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی۔ ج حَمَّامَات۔

الحَمَّامِی۔ حمام والا۔ حمام کا نگہبان۔

الحَامَّۃ۔ اپنے خاص لوگ۔ عمدہ اونٹ

الحَمِیْم۔ قریبی رشتہ دار۔ دوست۔ ج أحِمَّاء۔ گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حَمَائِم۔ الحَمِیْم: گرمی۔ پسینہ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہا جاتا ہے "ہو حَمِیْمٌ بالحاجۃ" وہ حاجت پر فریفتہ۔

الحَمِیْمَۃ۔ حمیم کا مونث۔ گرم پانی۔ گرم کیا ہوا دودھ۔ عمدہ نسل کا اونٹ۔ ج حَمَائِم۔

الأحَمّ۔ بہت خاص و بہت قریبی۔ کالا۔ سفید (ضد) بے پھل کا تیر۔ ج حُمّ۔

المِحَمّ۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔

المُحِمّ۔ قریب۔

المُحَام۔ ثابت۔

المَحْمُوم۔ بخار والا۔ مقدر۔ کہا جاتا ہے "نزل بہ القضاءُ المحموم" اس پر قضا مقدر کا نزول ہوا

المُسْتَحَمّ۔ غسل کرنے کی جگہ۔

الیَحْمُوم۔ کالا۔ دھواں۔

حَمَأَ (ف) حَمْأً۔ البئرَ: کنوئیں سے کیچڑ نکالنا

حَمِئَ (س) حَمْأً وحَمَأً۔ الماءُ: پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا۔ صفت۔ حَمِئٌ۔

أحْمَأَ۔ البئرَ: کنوئیں میں کیچڑ ڈالنا۔

الحَمْءُ والحَمَاءُ۔ والحَمُو والحَمُ بلا ہمز: عورت کا خسر۔ شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور۔ جیٹھ۔ خسر۔

الحَمَأُ والحَمْأَۃ۔ کیچڑ۔

حَمَتَ (ض) حَمْتًا۔ اللّٰہُ علیہ:

حَمِتَ (س) حَمَتًا۔ الجوزُ وغیرہ: اخروٹ وغیرہ۔

کا خراب ہونا۔

حَمُتَ (ک) حُمُوتَۃً ۔ الیومُ : دن کا سخت گرم ہونا۔

تَحَمَّتَ ۔ اللونُ او الطعمُ : رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔

الحَمْتُ ۔ مص ۔ یَومٌ حَمْتٌ : سخت گرم دن تمر (حَمْت وحامِتٌ) بہت میٹھی کھجور۔

الحَمِیتُ ۔ من اللون او الطعم : خالص صاف رنگ یا مزہ۔ کہا جاتا ہے "تمر حمیت وعسل حمیت" اچھے رنگ والی کھجور۔ خالص شہد۔ غضب حمیت : سخت غصہ۔

الحَمِیتُ : بال دار مشک جس میں گھی شہد یا زیتون کا تیل رکھتے ہیں۔ بعضوں نے کہا کہ حمیت وہ مشک ہے جس میں بال نہ ہوں۔

حَمْحَمَتْ ۔ العینُ : آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔ حَمَّجَ الوجہُ : چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا حَمَّجَ الیہ : تیز نظر سے دیکھنا ــــ عینہٗ : گھور کر دیکھنا۔

الحَمُّوجُ ۔ ج ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔

حَمْحَمَ وتَحَمْحَمَ ۔ البرذونُ او الفرسُ : ہنہنانا۔ حَمْحَمَ : کالا ہونا۔

الحَمَاحِمُ ۔ چوڑے پتے کا پودینہ۔ واحد (حماحمۃ)

الحُمْحُمُ والحُمْحُومُ ۔ ایک قسم کا پرندہ گاؤزبان ۔ واحد (حمحمۃ وحمحومۃ)

حَمِدَہٗ (س) حَمْدًا وحَمَدًا ومَحْمَدًا ومَحْمَدَۃً ومَحْمِدَۃً ۔ فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ــــ ہ علی امرٍ : بدلہ دینا ــــ الشیءَ : قابلِ تعریف پانا اور کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ اِلَیْکَ اللّٰہَ" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں۔ یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی

حَمَّدَ ۔ اللّٰہَ : بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔

اَحْمَدَ ۔ قابلِ تعریف کام کرنا ــــ الشیءُ : قابلِ تعریف ہونا ــــ الشیءَ : قابلِ تعریف پانا ــــ ہ : فعل پر راضی ہونا۔ تعریف کا حقدار ظاہر ہونا۔

تَحَمَّدَ ۔ بالشیءِ علی فلانٍ : احسان جتانا اور کہا جاتا ہے "تَحَمَّدَ الناسَ بِفَضْلِہٖ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔

اِسْتَحْمَدَ ۔ اللّٰہُ الی خلقہٖ : مخلوق کو انعام واحسان کرکے اپنی حمد کی جانب بلانا۔

اَلْحَمْدُ ۔ مص ۔ تعریف ۔ تعریف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "رجل حمد وامرأۃ حمدۃ" تعریف کیا ہوا مرد، تعریف کی ہوئی عورت۔

حَمَادِ ۔ ل : بمعنی حَمْدًا لَہٗ۔

الحُمَادُ ۔ غایت ۔ انتہائی کوشش ۔ کہا جاتا ہے "حُمَادُکَ اَوْ حُمَادَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَمَّادُ والحُمَدَۃُ ۔ بہت تعریف کرنیوالا۔

المَحْمَدَۃُ ۔ قابلِ تعریف کام ۔ ج مَحَامِد

المُحَمَّدُ ۔ بہت عمدہ خصلتوں والا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی۔

الحَمِیدُ والحَمُودُ ۔ تعریف کرنے والا۔ تعریف کیا ہوا۔ مؤنث حمیدۃ۔

الحُمَدَۃُ ۔ بہت تعریف کرنے والا۔

حَمَدَۃٌ ۔ النار : آگ کے شعلہ کی آواز۔

حَمْدَلَ ۔ الحمد للہ کہنا۔

الحَمَاذِیُّ ۔ گرمی کی سختی۔

حَمِرَ (س) حَمَرًا ۔ الفرسُ : بد ہضمی والا ہونا یا بدبودار منہ والا ہونا۔ صفت (حَمِرٌ) ــــ الرجلُ : غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

حَمَّرَ ۔ الجلدَ : بری دباغت دینا ۔ الشیءَ : سرخ رنگنا ــــ ہ : کسی کو اے گدھے کہنا۔

اَحْمَرَ ۔ سرخ بچے والا ہونا ــــ الدابۃَ : چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے۔

اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا ۔ سرخ ہونا۔

اِحْمَارَّ اِحْمِیرَارًا ۔ بتدریج بہت سرخ ہونا

اِنْحَمَرَ ۔ ما علی الجلد : کھرچا جانا۔

الحُمَرُ ۔ ایک قسم کی رال جس کو عوام الحمر کہتے ہیں ر ــــ والحُمَّرُ ۔ ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرَۃ وحُمَّرَۃ)

الحُمْرَۃُ ۔ سرخ رنگ ۔ ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں۔ حشیشۃ الحمرۃ : ایک قسم کا زہریلا پودہ۔

الحِمَارُ ۔ گدھا۔ اس کی دو قسمیں ہیں ۔ اہلی اور جنگلی ۔ اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش وحمار الوحش والحمار الوحشی کہتے ہیں ۔ ج حمیر واحمرۃ وحمر وحمور وحمرات ۔ مؤنث حمارۃ ج حمائر ۔ حمارۃ القدم پشت قدم ۔ اذن الحمار وقثاء الحمار دو پودوں کے نام ۔ حمار الزرد : ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔

الحَمَارَّۃُ ۔ گرمی کی شدت ۔ ج حَمَارّ۔

الحَمَّارَۃُ ۔ گدھے والے ۔ واحد حمّار ۔ جیسے جمّال وبغّال ۔ دوغلا گھوڑا۔

الاَحْمَرُ ۔ جس کا رنگ سرخ ہو ۔ ج اَحَامِر ۔ سرخ رنگ سے رنگا ہوا ۔ ج حُمْر وحُمْرَان ۔ سونا ۔ زعفران ۔ گوشت ۔ شراب ۔ کہتے ہیں "نحن من اہل الاسودین لا من اہل الاحمرین" ہم کھجور اور پانی والے ہیں ۔ گوشت اور شراب والے نہیں ۔ الموت الاحمر : قتل ۔ کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے

الحَمْرَاءُ ۔ الاحمر کا مؤنث ۔ سخت سالی ۔ گرمی کی شدت ۔ الحمراء او القلعۃ الحمراء : غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے۔ الحمراء : تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحمارۃ بھی کہتے ہیں۔

الاُحَیْمِرِیُّ ۔ سخت سرخ۔

الحِمِرُّ ۔ گرمی کی سخت شدت ۔ برا آدمی ۔ غیث حمر : تیز بارش۔

الحُمَّرَۃُ ۔ ایک قسم کا پرندہ۔

المِحْمَرُ ۔ کھال صاف کرنے کا آلہ ۔ کنجوس ۔ ج محامر ۔ الہجنہ دوغلا گھوڑا۔

الیَحْمُوْر - سُرخ - ایک قسم کا پرندہ اور بقول بعض گورخر۔

الحَمْرَدَة - حوض کی تہ کی کیچڑ۔

الحَمَارِس - سخت - شیر - دلاور۔

الحِمْرِقَة - اُون۔

حَمَزَ (ض) حَمْزًا - الخردلُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا ـــ الشفرة: تیز کرنا۔

حَمُزَ (ک) حَمَازَةً - سخت ہونا ـــ الشرابُ: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔

الحَامِز - فا - حامز الفؤاد: تیز فہم عقلمند۔

الحَمِیْز - سخت - ذکی - تیز فہم۔

الحَمْزَة - شیر۔

حَمَسَہٗ (ض ن) حَمْسًا - غضبناک کرنا۔ ـــ اللحمَ: بھوننا۔

حَمِسَ (س) حَمَسًا - دین یا جنگ میں سخت ہونا - دلیر ہونا - صفت (حَمِسٌ) حَمِسَ الوغیٰ: گھمسان کی جنگ ہونا ـــ الامرُ: سخت ہونا۔

حَمُسَ (ن) حَمَاسَةً و حَمِسَ (س) حَمَسًا - دلیر ہونا۔

حَمَّسَہٗ و اَحْمَسَہٗ - جوش دلانا - غضبناک کرنا ـــ الدواءَ و نحوہٗ: نیم گرم ہونا۔

تَحَمَّسَ - جوش میں آنا - غضبناک ہونا - سخت ہونا - نافرمانی کرنا۔

اِحْتَمَسَ - جوش میں آنا - اِحْتَمَسَ القِرْنَانِ: باہم جنگ کرنا۔

تَحَامَسَ - القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔

الحَمَاس - سختی - منع - جنگ کرنا۔

الحَمَاسَة - معاملہ میں سختی - دلیری۔

الاَحْمَس - دین یا جنگ میں سخت دلیر مؤنث حَمْسَاء - ج حُمْس و اَحَامِس - سَنَةٌ حَمْسَاءُ: سخت سال - سِنُوْنَ اَحَامِسُ حُمْسٌ: بہت سے سخت سال - الحُمْس: سخت جگہیں۔

الحَمِیْس - دلیر - سخت - تنور۔

الحَمِیْسَة - بھونا ہوا۔

الحَمْس - آواز - کجاوہ کا گھنٹہ۔

الحُمْسَة - عزت۔

الحَمَسَة - ایک قسم کا دریائی جانور - کچھوا ج حَمَس

حَمَشَہٗ (ن) حَمْشًا - غضبناک کرنا - جوش دلانا - حَمَشَ الشیءَ: جمع کرنا ـــ القومَ: غصہ سے چلانا۔

حَمَشَتْ (ض) و حَمُشَتْ (ک) حُمُوْشَةً - الساقُ: باریک ہونا۔

حَمِشَ (ض) حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ و اِحْتَمَشَ و اِسْتَحْمَشَ - غضبناک ہونا

حَمِشَ (س) حَمَشًا و حَمَشًا - الرجلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا - صفت (حَمْشٌ و حَمِیْشٌ و اَحْمَش) ج حِمَاش و حُمْش - کہا جاتا ہے: "رِجَالٌ حِمَاشُ السُّوْق" باریک پنڈلیوں والے مرد - "و سُوْقٌ حِمَاش" باریک پنڈلیاں۔

حَمَّشَہٗ - غضبناک کرنا - جوش دلانا - حَمَّشَ الشیءَ: جمع کرنا ـــ الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔

اَحْمَشَہٗ - غضبناک کرنا - اَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا ـــ القدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا ـــ الحربَ: تیز کرنا۔

الحَمِیْش - پگھلائی ہوئی چربی۔

حَمَصَ (ن) حَمْصًا و حُمُوْصًا - الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا - صفت (حَمِیْص) الورمُ: ورم کا ختم ہونا ـــ الارجوحة: جھولے کا ٹھہر جانا ـــ الدابة: پسینہ خشک ہو جانا۔

حَمَّصَ - الحبَّ: بھوننا۔

تَحَمَّصَ - الرجلُ: سمٹنا ـــ اللحمُ: خشک ہونا

اِنْحَمَصَ - الورمُ: کم ہونا ـــ منہ: سکڑنا لاغر ہونا۔

الحِمَّص و الحِمِّص - چنا - واحد (حِمَّصَة و حِمِّصَة)

الحَمِیْص - بھونا ہوا۔

الحَمِیْصَة و المَحْمُوْصَة - چوری کی ہوئی بکری - حَمِیْصَة کی جمع حَمَائِص۔

المِحْمَصَة - غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)

حَمَضَ (ن) حُمُوْضًا و حَمِضَ (س) حَمَضًا و حَمُضَ (ک) حُمُوْضَةً - کھٹا ہونا۔

حَمَضَ (ن) حَمْضًا - عنہ: ناپسند کرنا ـــ بہ: خواہش کرنا - (ـــ و اَحْمَضَ و حَمَّضَ) الابلُ: نمکین و کڑوے پودے چرنا - حَمَّضَ و اَحْمَضَ الابلَ: نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمَّضَ لنا فی القِرٰی" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی؛ حَمَّضَ و اَحْمَضَ الشیءَ: کھٹا کرنا ـــ الشیءَ عنہ: پھیر دینا - اَحْمَضَ المکانُ: بہت نمکین و کڑوے پودے والی جگہ ہونا - صفت (مُحْمِض)

تَحَمَّضَ - الرجلُ: ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔

الحَامِض - فا - کہا جاتا ہے "ہو حامضُ الفؤاد" وہ بگڑے دل کا ہے - "و حامضُ الرئتین" کڑوے سانس والا۔

الحَامِضَة - الحامض کا مؤنث - کسی چیز کی خواہش - کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔

الحَمْض - کڑوا اور نمکین پودہ - واحد (حَمْضَة) ج حُمُوْض۔

الحَمْضَة - کھانے کی خواہش - کہا جاتا ہے "فؤادٌ حَمِضٌ و نفسٌ حَمِضَة" کسی چیز کو سنتے ہی بدکنے والا نفس۔

الحُمَّاض - ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کے مانند ہوتے ہیں - اس کی دو قسمیں ہیں - ترش اور کڑوی اور اس کو حُمَّیْضَہ بھی کہتے ہیں - واحد (حُمَّاضَة) ترنج - حُمَّاضُ الاکباد: ترنج کا اندرونی حصہ۔

الاِحْمَاض - مص - دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا - سنجیدگی سے غزل کی طرف منتقل ہونا۔

المَحْمَضَة - ج مَحَامِض و (المَحْمَض و المُحْمَض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔

المُسْتَحْمِض - من اللبن: دیر میں جمنے والا دودھ۔

حَمَطَ (ن) حَمْطًا - چھلکا اتارنا۔
حَمَّطَ - الکرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔
— الشَّیْءَ: چھوٹا کرنا — الرجلَ: ہلکا مارنا۔
اور اسی سے مثل ہے "اِذَا ضَرَبْتَ فَلَا تُحَمِّطْ"
جب مارو تو ہلکا مت مارو۔
الحَمَاطَۃ - گلے کی سوزش - انجیر کے مشابہ
ایک درخت - اور بقول بعض گولر - دل کا نقطہ
دل کا خون - ج حَمَاط وحَمَائِط۔
حَمْطَلَ - القِرْبَۃَ: بھرنا — القوسَ:
چلہ کھینچنا۔
حَمَظَ (ن) حَمْظًا - نچوڑنا۔
حَنْظَلَ - اندرائن چننا۔
الحَنْظَل - اندرائن۔
حَمِقَ (س) وحَمُقَ (ک) حُمْقًا وحُمُقًا و
حَمَاقَۃً - بے وقوف ہونا۔ صفت (اَحْمَق)
مؤنث حَمْقَاء - ج حُمْق وحُمُق وحَمْقَی وحِمَاق و
حَمَاقَی وحُمَاقَی - (ک حماقۃ) السوقُ: مندا پڑنا
حَمَّقَہٗ - بیوقوف کہنا۔
اَحْمَقَ - بیوقوف پانا۔ اَحْمَقَتِ المرأۃُ:
بے وقوف بچے جننا۔ صفت (مُحْمِق ومُحْمِقَۃ)
حَامَقَہٗ - بیوقوفی میں مدد دینا۔
تَحَامَقَ وتَحَمَّقَ - بتکلف بیوقوف بنا
اِنْحَمَقَ - بیوقوف ہونا — السوقُ: مندا
پڑنا — الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَحْمَقَ - بیوقوف ہونا — ہٗ: بیوقوف
سمجھنا۔
الحُمْق - مص - کم عقلی - بے وقوفی - شراب
نَوْمَۃُ الحُمْق - ظہر کے بعد کی نیند۔
الحَمِق - بیوقوف - کم داڑھی والا۔
الحُمَاق والحُمَاق والحُمَیْق والحُمَیْقی
والحُمَیْقَاء - ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ
ہوتی ہے۔
البَقْلَۃُ الحَمْقَاء وبَقْلَۃُ الحَمْقَاء - خرفہ
کا ساگ۔
الحُمُوقَۃ والحُمَیْقَۃ والاُحْمُوقَۃ

بہت بے وقوفی والا۔
المُحْمِقَات - وہ راتیں جن میں اوّل
سے آخر تک چاندنی رہے۔
المِحْمَاق - وہ عورت جسکو بیوقوف
بچے جننے کی عادت ہو۔
المَحْمُوق - حماق بیماری والا۔
تَحَمْنَقَسَ - خبیث و پلید ہونا۔
الحَمَاقِیس - سختیاں - بلائیں۔
حَمِكَ (س) حَمَكًا - فی الدلالۃ:
رہنمائی میں چلتے رہنا۔
الحَمَك - چھوٹی و ردی چیزیں - معمولی
لوگ - بچے - واحد (حَمَکَۃ)
حَمَلَ (ض) حَمْلًا وحُمْلَانًا - الشَّیْءَ علی
ظہرہ: اٹھانا — الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا —
علی نفسہ فی السیر: چلنے میں مشقت اٹھانا - حَمَلَہٗ
علی الامر: اکسانا - برانگیختہ کرنا - حمل عنہ: بردبار
ہونا — الشیءَ علی الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر
لگانا — المرأۃُ: حاملہ ہونا — الشجرۃُ: پھلدار
ہونا — القرآنَ: یاد کرنا — العلمَ: روایت
کرنا۔ نقل کرنا۔ (— حَمْلَۃً) فی الحرب علیہم:
حملہ کرنا (— حَمَالَۃً) بہٖ: ضامن ہونا۔
حَمَّلَہٗ واَحْمَلَہٗ - الحِمْلَ: بوجھ اٹھانے میں
مدد کرنا۔
حَمَّلَہٗ تَحْمِیلًا وحِمَّالًا - الشیءَ: اٹھوانا
تَحَمَّلَ تَحَمُّلًا وتِحِمَّالًا - اٹھانا —
الامرَ: برداشت کرنا — القومُ: کوچ کرنا۔
— الرجلُ: بہادر بننا۔
تَحَامَلَ - فی الامر وبالامر: باوجود مشقت
کے اپنے ذمہ لینا — علی فلان: ظلم کرنا - طاقت
سے زیادہ کام کو کہنا — عنہ: اعراض کرنا
الیہ: متوجہ ہونا — الشیخ فی مشیہٖ: چلنے میں
گرانبار ہونا — علی نفسہٖ: باوجود مشقت کے
برداشت کرنا۔
اِنْحَمَلَ - علیہ: اکسایا جانا۔
اِحْتَمَلَ - الشیءَ: اٹھانا — الامرَ: کسی امر

کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا — ما کان
منہ: چشم پوشی کرنا - معاف کرنا — الصنیعۃَ:
شکر ادا کرنا۔
اُحْتُمِلَ - غضبناک ہونا — لونُہٗ: رنگ بدلنا
اِسْتَحْمَلَ - اٹھانے کی طاقت رکھنا۔
— فلانًا: اٹھانے کو کہنا۔
الحَمْل - مص - پیٹ کا بچہ - پھل - ج حِمَال و
اَحْمَال وحُمُول۔
الحِمْل - بوجھ - ج اَحْمَال وحُمُولَۃ - الحِمْل:
ہودج یا ہودہ والے اونٹ - ج حُمُول۔
الحَمَل - بکری کا بچہ - ج حُمْلَان واَحْمَال۔
بہت پانی والا بادل - آسمان کے برجوں میں سے
ایک برج - لسان الحَمَل: بارتنگ (ایک دوا کا نام)
الحَمْلَۃ - مص - ایک مرتبہ کا بوجھ - لڑائی کا حملہ
الحُمْلَۃ والحِمْلَۃ - ایک جگہ سے دوسری جگہ
منتقل ہونا۔
الحَامِل - فا - ج حَمَلَۃ - حَمَلَۃُ القرآن: قرآن
کے یاد کرنے والے - قرآن کی روایت کرنے والے۔
مؤنث حَامِلَۃ: اِمْرَأۃٌ حَامِلٌ وحَامِلَۃٌ: پیٹ والی
عورت - ج حَوَامِل - الحَامِلَۃ: انگور وغیرہ اٹھانے
کی ٹوکری - الحَوَامِل: قدم - ہاتھ اور قدم کے پٹھے
الحَمَال - دیت - تاوان - ج حُمُل۔
الحَمَالَۃ - ضمانت - دیت - تاوان۔
الحِمَالَۃ والحَمِیلَۃ - ج حَمَائِل و(الحُمُل)
ج حَمَائِل: تلوار کا پرتلہ - کہا جاتا ہے "ہُوَ حَمِیْلَۃٌ عَلَیْنَا"
وہ ہمارے ذمہ بار ہے - الحِمَالَۃ: مزدور کا پیشہ۔
الحَمَّال - قلی مزدور - بوجھ اٹھانے والا - عوام
اس کو عَتَّال کہتے ہیں - الحَمَّال: جزدان۔
فصیح لفظ القِمَطْر ہے۔
الحَمُول - صابر - بردبار - حَمُولُ البحر:
دریائی نباتات۔
الحَمُولَۃ - بار برداری کا جانور - ج حُمُولات
الحُمْلَان - بار برداری کا جانور جو کسی کو
ہبہ کیا جائے - مزدور کی اجرت۔
الحَمِیل - اٹھایا ہوا - اجنبی - ضامن پیٹ کا

بچہ۔ تسمہ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ اُٹھایا ہوا بچہ جس کی کوئی پرورش کرے۔ مُنہ بولا بیٹا۔
الحَامُولَة۔ تیز بارش کے وقت نالے میں اچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوَامِیل۔
المَحْمِل۔ وہ چیز جس میں کوئی چیز اٹھائی جائے۔ ہودہ۔ ج مَحَامِل۔
المَحْمُول۔ مفعو۔ المحمول والموضوع عند المنطقیین: اصطلاح علم منطق میں قضیہ حملیہ کے دونوں اجزاء جو نحویوں کے نزدیک بمنزلہ مسند و مسند الیہ کے ہیں۔ جیسے زیدٌ کریمٌ میں زید موضوع ہے اور کریم محمول۔
حَمْلَجَ۔ الحبلَ۔ مضبوط بٹنا۔
الحِمْلَاج والحُمْلُوج۔ سناروں کی دھونکنی کا سینگ۔ ج حَمَالِیج۔
حَمْلَقَ۔ آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا۔
حُمْلَاقُ العَیْن و حِمْلَاقُهَا و حُمْلُوقُهَا۔ پپوٹوں کا اندرونی حصہ۔ ج حَمَالِیق۔
الحَمْنَن والحَمْنَانُ۔ چھوٹی چیچڑیاں۔ واحد۔ حَمْنَنَة و حَمْنَانَة۔ اصمعی نے کہا کہ چیچڑی جب بہت ہی چھوٹی ہو تو اُس کو قمقام کہتے ہیں۔ پھر حمنان پھر قُراد پھر حلمة پھر علٌ و طلّح۔
ارض (مَحْمَنَة و مُحْمِنَة) کثرت سے چھوٹی چیچڑیوں والی زمین۔
الحَمُو والحَمَا و الحَمُوء والحَمْءُ۔ خُسر خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب حالت رفعی میں واو اور حالت نصبی میں الف اور حالت جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مضاف مستعمل ہوتا ہے۔ تثنیہ حموان و حمان ج احماء۔
حَمَاة۔ الرجل: خوش دامن۔ حماة المرأة: ساس۔ ج حَمَوَات۔ الحَمَاة: پنڈلی کا عضلہ۔
حَمْوُ۔ الشمس: آفتاب کی گرمی۔
حُمُوَّة۔ الالم: درد کی شدت و تیزی۔
حَمَی (ض) حَمْیًا و حِمْیَةً و حِمَایَةً و مَحْمِیَةً۔

الشَّیْءَ من الناس: روکنا۔ بچانا۔ (ــــ حِمْیَةً) المریضَ ما یَضُرُّهُ و مما یَضُرُّهُ: پرہیز کرانا۔
حَمِیَ (س) حَمِیَّةً و مَحْمِیَةً۔ من الشیء: کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا۔
حَمِیَ (س) حَمْیًا و حُمِیًّا و حُمُوًّا۔ النارُ: تیز گرم ہونا ــــ علیہ: غضبناک ہونا۔
حَامَی مُحَامَاةً و حِمَاءً۔ عنہ: حمایت کرنا۔ مدافعت کرنا ــــ علی الضیف: اچھی طرح میزبانی کرنا۔
أَحْمَی إِحْمَاءً۔ المکانَ: حمی بنانا ــــ الحدیدَ: بہت گرم کرنا۔
تَحَمَّی و اِحْتَمَی۔ المریضُ: رکنا پرہیز کرنا احتمی منہ: بچنا۔
تَحَامَی۔ ہ: بچنا۔ پرہیز کرنا۔
اِحْمَوْمَی اِحْمِیمَاءً۔ کالا ہونا۔
الحِمَی۔ چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے۔
حَمْیُ۔ الشمس: آفتاب کی گرمی۔
الحِمَاء۔ بچائی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ہو حِمَاءٌ لک" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے۔
الحِمْیَة۔ بچائی ہوئی چیز۔ پرہیز۔ کہا جاتا ہے "المعدة بیت الداء والحمیة رأس الدواء" معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے
الحَمِیَّة۔ نفرت۔ مروت۔ نخوت۔
الحُمَّی۔ بخار۔ ج حُمَّیَات۔
الحُمَیَّا۔ غصہ کا ابتدائی جوش۔ کہا جاتا ہے "لا تکلمہ فی حمیا غضبہ" اُس سے غصہ کے ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو۔ شراب کی تیزی۔ شراب ــــ من کل شیء: شدت و تیزی۔ کہا جاتا ہے "ہو شدید الحمیا" وہ بہت خود دار ہے
الحُمَة۔ زہر۔ ڈنک۔ ج حُمَات و حُمًی۔
حُمَةُ البرد: سردی کی شدت۔
الحَامِی۔ فا۔ شیر۔ کتا۔ ج حُمَاة و حَامِیَة۔ نر اونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہوگئے ہوں تو

اُسکو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اُس کے بال کترتے تھے۔
المُحْمِی۔ وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے۔ ہر محفوظ کی ہوئی چیز۔ مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو۔
الحَامِیَة۔ الحامی کا مؤنث۔ حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لئے ہے) جماعت جو حمایت کرنیوالی ہو۔ ج الحَوَامِی۔
الحَامِیَة: پایۂ دیگدان۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا جائے۔
حَنَّ (ض) حَنِینًا۔ خوشی یا غم سے آواز نکالنا ــــ القوسُ: کمان سے آواز نکلنا ــــ الیہ: مشتاق ہونا ــــ حَنَّةً و حَنَانًا) علیہ: مہربان ہونا۔ صفت (حَنُون)
حَنَّ (ن) حَنًّا۔ پھیرنا۔ باز رکھنا تم کہتے ہو "حُنَّ عنی شرک" مجھ سے اپنے شر کو روک لو۔
حَنَّنَ۔ الشجرُ: شگوفہ دار ہونا۔
أَحَنَّ۔ القوسَ: کمان سے آواز نکالنا ــــ الرجلُ: غلطی کرنا۔
تَحَنَّنَ۔ علیہ: رحم کرنا۔
تَحَانَّ و اِسْتَحَنَّ۔ الیہ: مشتاق ہونا
اِسْتَحَنَّ الشوقُ فلانًا: طرب کو بڑھا دینا۔
الحَانَّ۔ فا۔ بہت خوش ہونیوالا۔ کہا جاتا ہے "ما لہ حانة ولا آنة" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔
التَّحْنَان۔ رحمت و مہربانی۔
الحِنّ۔ جنوں کا ایک گروہ۔
الحَنَان۔ روزی۔ برکت۔ دل کی نرمی۔ کہا جاتا ہے "حنانیک و حنانک یارب" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں۔ "وحنانُ اللہ" اللہ کی پناہ۔
الحَنَّان۔ مہربان۔ رحیم۔ اللہ تعالی کے اسمائے حُسنی میں سے ایک۔ کسی چیز کا مشتاق۔ سہم حَنَّان: آواز نکالنے والی کمان۔ طریق حَنَّان:

واضح راستہ۔
الحِنَّانُ - مہندی۔
حَنَا (ن) حُنُوًّا - المکانُ : سرسبز ہونا۔
صفت (حَانٍ) اور حَانِیٌ کا کلمہ اَخْضَر کے لئے
بطور تاکید کے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ اَخْضَر
حَانِیٌ جیسے اَسْوَدُ حَالِکٌ۔ اَصْفَرُ فَاقِعٌ۔
اَبْیَضُ نَاصِعٌ۔ اَحْمَرُ قَانٍ۔
حَنَّاءَ تَحْنِیئًا و تَحْنِئَۃً۔ مہندی سے رنگنا
تَحَنَّأَ - بالحناء : مہندی سے رنگا جانا۔
الحِنَّاءُ - مہندی۔ واحد حِنَّاءَۃٌ۔ ج حُنَّان
ابو الحِنَّاءِ - ایک سرخ سینے والا چھوٹا پرندہ
حَنِبَ (س) حَنَبًا و حَنْبٌ و تَحَنَّبَ۔
الشیخُ : کبڑا ہونا۔ حَنَّبَہُ الکِبَرُ : جھکا دینا۔ تَحَنَّبَ
علیہ : مہربان ہونا۔
حَنْبَرَ حَنْبَرَۃً - البردُ : سخت ہونا۔
الحَنْبَرُ - پست قد۔
حَنْبَلَ - لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا
تَحَنْبَلَ - سر جھکانا۔
الحُنْبُلُ - لوبیا۔
الحُنَابِلُ - من الاوتار : مضبوط اور موٹی تانت
الحَنْبَلُ - موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے
پیٹ والا پست قد۔
الحِنْبَالُ - فربہ پُرگوشت۔ بہت بولنے والا
الحِنْبَالَۃُ - سمندر۔ بہت بولنے والا۔
الحَانُوتُ - دوکان۔ شراب بیچنے والے
کی دوکان۔ (مذکر و مؤنث) ج حَوَانِیتُ۔
نسبت کے لئے (حَانِیٌّ و حَانُوِیٌّ)
الحَنْتَمُ - سبز رنگ کی ٹھلیا کہ جس میں نبیذ
بنایا کرتے تھے۔
حَنِثَ (س) حِنْثًا - باطل کی طرف مائل
ہونا ـــ فی یمینہ : قسم توڑنا۔
اَحْنَثَہُ - قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ - گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت کرنا
بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش چھوڑنا
من کذا : توبہ کرنا۔

الحِنْثُ - مع۔ گناہ۔ ج اَحْنَاث۔ کہا جاتا ہے
بَلَغَ الغلامُ الحِنْثَ " لڑکا بالغ ہو گیا۔
المَحَانِثُ - گناہ کے مواقع۔
حَنَجَہُ (ن) حَنْجًا - جھکانا ـــ الحبلَ :
مضبوط بٹنا۔ حَنَجَتْ حَاجَۃٌ : پیش آنا۔
اَحْنَجَ - الشیَٔ : جھکانا ـــ الخبرَ : پوشیدہ
کرنا ـــ الکلامَ : رخ پھیر دینا ـــ الشیُٔ :
جھکنا ـــ الرجلُ : تیز چلتے ہوئے پیچھے کی طرف
نظر ڈالنا۔
اِحْتَنَجَ - الشیُٔ : جھکنا۔
حَنْجَرَتِ - العینُ : اندر کو دھنسنا۔ حَنْجَرَہُ :
ذبح کرنا۔
الحَنْجَرَۃُ و الحُنْجُورُ - نرخرہ۔
حَنْحَنَ - علیہ : خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں
حَنْحَنَ البُنْدُقُ اذا بَخَّرَ و نحوہا : جبکہ گری خراب
ہو جائے۔ فصیح لفظ حَمِثَ ہے۔
حَنْدَسَ و تَحَنْدَسَ - اللیلُ : تاریک ہونا
الحِنْدِسُ - سخت تاریک رات۔ تاریکی
ج حَنَادِسُ - الحَنَادِسُ : مہینے کی بائیسویں۔
تیئسویں، چوبیسویں راتیں۔
الحِنْدَقُوقُ و الحَنْدَقُوقُ و الحَنْدَقُوقَی
و الحِنْدِقُوقِی - ایک قسم کی نباتات کا نام۔
لمبا تڑنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔
الحَنْدَلُ - پست قد۔
حَنَذَ (ض) حَنْذًا و تَحْنَاذًا - اللحمَ :
بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِیذٌ)
(ـــ حَنْذًا و حِنَاذًا) الفرسَ : پسینہ لانے کے
لئے دوڑانا۔ صفت مفعولی (مَحْنُوذٌ و حَنِیذٌ)
حَنَذَتْہُ الشمسُ : جھلس دینا۔
اَحْنَذَ - شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم
ملانا ـــ اللحمَ : پکانا۔
اِسْتَحْنَذَ - دھوپ میں لیٹ کر پسینہ
لانا۔
الحَنْذَۃُ - سخت گرمی۔
حَنَاذِ - بروزن قطامِ : آفتاب۔

الحَنِیذُ - بھونا ہوا گوشت۔ گرم پانی سر
دھونے کی خوشبودار چیز۔
الحِنْذِیَنُ - بہت پسینہ والا۔
المُحَنْذِی - بہت گالی دینے والا۔
حَنَزَ (ض) حَنْزًا - الحَنِیزَۃَ - محراب بنانا
طاق میں خمدار جگہ بنانا۔
الحَنِیزَۃُ - طاق میں خمدار جگہ۔ کمان دھنے
کی کمان۔ ہر وہ چیز جو خمدار ہو۔ ج حَنِیزٌ و حَنَائِزُ۔
حَنِسَ (س) حَنَسًا - دلیری سے وسط
معرکہ میں ڈٹے رہنا۔
الحَنَسُ - پرہیزگار لوگ۔
حَنَشَہُ (ض) حَنْشًا - ہٹانا۔ علیحدہ کرنا
غضبناک کرنا ـــ الصیدَ : شکار کرنا۔
حَنَشَتِ الحیۃُ فلانًا : ڈسنا۔
اَحْنَشَہُ - شکار کرنا ـــ عن الامر : جلدی کرانا۔
الحَنَشُ - سانپ کی ایک قسم۔ ہر وہ جانور
جس کا سر سانپ کی مانند ہو جیسے گرگٹ۔
چھپکلی وغیرہ ج اَحْنَاشٌ و حُنْشَانٌ۔
حَنَصَ (ن) حُنُوصًا - الرجلُ : کمزور ہونا
الحِنْصَاءُ - باریک ہڈیوں اور بڑے پیٹ
والا۔
الحِنْصَالُ و الحِنْصَالَۃُ - بڑے پیٹ والا
الحِنْضِجُ - سست آدمی کہ جس سے کسی
کو فائدہ نہ پہونچے۔
الحَنْضَلُ - چھوٹا تالاب۔
الحَنْضَلَۃُ - بڑی چٹان میں جمع شدہ پانی
بڑی چٹان میں گڑھا۔
حَنَطَ (ن) حُنُوطًا و اَحْنَطَ - الزرعُ :
کٹائی کے قابل ہونا ـــ الشجرُ : پھل پکنا۔
حَنِطَ (س) حَنَطًا - الجلدُ : سرخ ہونا۔
صفت (حَانِطٌ)
حَنَّطَ و اَحْنَطَ - المیتَ : مُردہ پر حنوط ملنا۔
تَحَنَّطَ - حنوط استعمال کرنا۔
اِسْتَحْنَطَ - جان دینے کے لئے دلیری کرنا۔
الحَانِطُ - فا۔ بہت گیہوں والا۔ گیہوں والا

پکے ہوئے پھلوں والا درخت۔ أَحْمَرُ حَانِطٌ: بہت سُرخ۔
الحِنْطَۃ۔ گیہوں۔ ج حِنَط۔
الحِنْطِيّ۔ بہت گیہوں کھانے والا۔ پھولا ہوا۔
الاَحْنَط۔ بڑی اور گھنی داڑھی والا۔
الحِنَاطَۃ۔ گندم فروشی۔ مُردوں پر حنوط لگانے کا پیشہ۔
الحَنَّاط۔ مُردوں پر حنوط لگانے والا۔ — والحَنَّاطُ گیہوں بیچنے والا۔
الحِنَاط والحَنُوط۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو جو مُردوں کے جسم اور کفن پر لگاتے تھے۔
الحِنْطِئ۔ وہ شخص جسکی خوراک گیہوں ہو۔
الحِنْطِئ۔ پست قد۔
الحِنْطَأ والحِنْطَأوَۃ۔ بڑے پیٹ والا پست قد۔
الحَنْطَرِيرَۃ۔ بادل۔
الحُنْظُبَاء والحُنْظُبَاء۔ نرٹڈی نرگبریلا
الحُنْظُوب۔ بڑے ڈیل ڈول کی ناکارہ عورت۔
الحِنْظَاب۔ پست قد بدخو۔
الحَنْظَل۔ اندرائن جو کڑوا ہونے میں ضرب المثل ہے۔
حَنْظَلَتِ۔ الشجرۃُ: کڑوے پھل والا ہونا
حَنَفَ۔ (ض) حَنْفًا۔ جھکنا — رجلہ: پاؤں ٹیڑھا کر دینا۔
حَنِفَ (س) حَنَفًا و حَنُفَ (ک) حَنَافَۃً۔ ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت (اَحْنَف)
حَنَّفَ۔ ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔
تَحَنَّفَ۔ حنیفی ہونا۔ حنفی ہونا۔ کہا جاتا ہے شَافِعِيٌّ تَحَنَّفَ "شافعی حنفی ہو گیا" — الیہ: مائل ہونا۔
الحَنْفَاء۔ ٹیڑھا پاؤں۔ کمان۔ اُسترا گرگٹ۔ کچھوا۔
الحَنِيف۔ سیدھا۔ اسلام کے احکام پر چلنے والا۔ سیدنا ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین کا متبع۔ موحد۔ کلیات میں ہے کہ قرآن پاک میں جہاں کہیں لفظ حنیف کے ساتھ مسلم ہے وہاں حاجی مراد ہے جیسے ولٰكن كان حنيفا مسلما اور جہاں بغیر لفظ مسلم کے تنہا حنیف ہو وہاں مسلم مراد ہو جیسے حُنَفَاءَ لِلّٰہِ ج حُنَفَاء۔ ادیان باطلہ کو چھوڑ کر دین حق کو اختیار کرنے والا۔
الحَنِيفِي۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب کا تابع۔ ج اَحْنَاف و حَنَفِيَّۃ۔
الحَنِيفِيَّۃ۔ فی الاسلام او الدین: اسلام کی طرف میلان اور دین کے ساتھ تمسک۔
الحِنْفِس۔ بے حیا بد زبان عورت۔
الحِنْفِش والحِنْفِيش۔ ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن باریک ہوتی ہے اور جب غضبناک ہوتا ہے تو اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ ج حَنَافِش و حَنَافِيش
الحِنْفِص۔ دبلا پتلا۔
حَنِقَ (س) حَنَقًا۔ منہ و علیہ: سخت غضبناک ہونا۔ صفت (حَنِق و حَنِيق) ج حُنُق۔ اِبِلٌ حُنُقٌ و مَحَانِيق: موٹے اونٹ۔
اَحْنَقَ۔ غضبناک بنانا۔ اَحْنَقَ الدابۃَ: دُبلا کرنا۔ اَحْنَقَ الرجلُ: سخت کینہ رکھنا۔
اِحْتَنَقَ۔ موٹا ہونا۔
الحَنَق والحَنِق۔ سخت غصہ۔
الحَنْقَط۔ ایک قسم کا پرندہ یا تیتر۔
حَنَكَ (ن ض) حَنْكًا۔ الشَّیءَ: سمجھنا۔ (— و اَحْنَكَ۔ الفرسَ۔ گھوڑے کے منہ میں رسی لگانا۔
حَنَكَ و حَنَّكَ۔ چبا کر نرم بنانا۔
حَنَكَ (ن ض) حَنْكًا و حَنَّكَ و اَحْنَكَ و احْتَنَكَ۔ الدہرُ الرجلَ: تجربہ کار بنا دینا۔ صفت (حَنِيك) ج مُحَنَّك۔ حَنَّكَ الصبيَّ: مہذب بنانا۔
تَحَنَّكَ۔ پگڑی کو تھوڑی کے نیچے سے لا کر باندھنا۔
اِحْتَنَكَ۔ الجرادُ الارضَ: کھا کر صاف کر دینا
اِحْتَنَكَہٗ: غالب ہونا۔
اِسْتَحْنَكَ۔ کم خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہونا۔
الحَانِك۔ فا۔ اَسْوَدُ حَانِك: سخت سیاہ
الحُنْك والحِنْك والحُنْكَۃ۔ تجربہ۔
الحَنَك۔ تالو۔ ٹھوڑی۔ حَنَكُ الغُرَاب: کوّے کی چونچ یا اس کی سیاہی۔ کہا جاتا ہے۔ "اَسْوَدُ مِنْ حَنَكِ الغُرَاب" کوّے کی چونچ کو کالا۔ ج اَحْنَاك۔ الحَنَك: وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں۔ چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں۔ واحد (حَنَكَۃ)
الحُنُك۔ عقلمند تجربہ کار مرد۔ مؤنث حُنُكَۃ۔
الحِنَاك۔ ج حُنُك و (الحِنَك)
المُحْتَنِك۔ تجربہ کار۔
حَنْكَلَ۔ فی الشیءِ: گرانباری سے چلنا۔ آہستہ چلنا۔
الحَنْكَلِيس۔ ایک قسم کی مچھلی۔ فصیح عربی الجِرّي ہے۔
حَنَا (ن) حَنْوًا و حَنَى (ض) حِنَايَۃً۔ الشیءَ: موڑنا۔ حنا الحنیۃ ای القوس: کمان بنانا۔
حَنَا (ن) حُنُوًّا و اَحْنَى۔ علیہ: مائل ہونا
حَنَّى تَحْنِيَۃً۔ الشیءَ: موڑنا۔
تَحَنَّى۔ ٹیڑھا ہونا — علیہ: مہربانی کرنا
اِنْحَنَى۔ ٹیڑھا ہونا۔ مُڑنا۔
الحَانِيَۃ۔ ج الحَوَانِي و (الحَانَاۃ والحَانُوت) دوکان۔ الک دوکان۔ الحَانِيَۃ: بکری جس کی گردن بغیر کسی علت کے ٹیڑھی ہوئی ہو۔
الحَانُوِي والحَانِي۔ سب سے لمبی پسلی۔
الحَانِيَۃ۔ شراب۔ الحاني کا مؤنث۔ شراب بیچنے والے۔
الحِنْو والحَنْو۔ بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی۔ ہر ٹیڑھی لکڑی۔ حِنْوُ الشیءِ: چیز

کا پہلو۔ وَحِنْوُ السَّرْجِ : زین کا اگلا اور پچھلا حصہ جمع اَحْنَاء وحُنِیّ وحِنِیّ واَحْنَاءُ الْاُمُوْرِ : متشابہات امور

الحَنِیَّۃ ۔ کمان ــ من البناء : کمان کی مانند خمدار ۔ جمع حَنَایَا وحُنِیّ ۔

الاَحْنٰی ۔ کبڑا ۔ مؤنث حَنْوَاء کہا جاتا ہے "فلان احنی الناس ضلوعًا علیک" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے ۔

المَحْنِیَۃ والمَحْنُوَۃ والمَحْنَاۃ ۔ جمع محانٍ : وادی کا موڑ ۔

المُنْحَنٰی ۔ وادی کا موڑ ۔

حَابَ (ن) حَوْبًا وحُوْبًا وحُوْبَۃً و حَابًا وحِیَابَۃً ۔ بکذا : گنہگار ہونا ۔

اَحْوَبَ اِحْوَابًا ۔ گناہ کی طرف مائل ہونا ۔

تَحَوَّبَ ۔ گناہ سے بچنا ــ منہ : دردمند ہونا ــ فی دعائہ ۔ گڑگڑا کر دعا کرنا ۔

اِسْتَحْوَبَ ۔ دردمند ہونا ۔

الحَوْبُ والحُوْبُ ۔ غم وحشت (الحوب والحُوبۃ والحاب والحابۃ) گناہ ۔ الحُوبۃ : ماں باپ ۔ بہن بیٹی ۔

الحَوْبَۃ والحِیْبَۃ والحُوْبَۃ ۔ ماں کی جانب سے قرابت ۔ کہا جاتا ہے "لی فیہم حَوْبَۃ" میری ان سے ننہالی رشتہ داری ہے ۔ حاجت ۔ حالت کہا جاتا ہے "باتَ بِحَوْبَۃِ سُوْءٍ" اس نے بری حالت میں رات گذاری ۔ الحوبۃ : ماں کی مامتا ۔ بیوی ۔ باندی ۔

الحُوْبَۃ ۔ کمزور مرد ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّمَا فُلَانٌ حُوْبَۃٌ" فلاں شخص کمزور ہے نہ اس سے خیر کی امید ہے نہ شر کا خوف ۔ "واِنَّ لی حُوْبَۃً اَعُوْلُہَا" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں ۔

الاَحْوَبُ ۔ گنہگار ۔ مؤنث حَوْبَاء ۔

الحَوْبَاء ۔ نفس ۔ جمع حَوْبَاوات ۔

المُتَحَوِّبُ والمُتَحَوَّبُ ۔ وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر لٹ جائے ۔

حَاتَ (ن) حَوْتًا وحَوَتَانًا ۔ الطیر او الوحش علی الشیءِ : منڈلانا ۔

حَاوَتَہٗ ۔ مکروفریب کا کام لینا ۔ دھوکا دینا ــ ہ عن کذا : مدافعت کرنا ۔

الحُوْت ۔ مچھلی ۔ عمومًا بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے ۔ جمع حِیْتَان واَحْوَات وحِوَتَۃ ــ آسمان کے ایک برج کا نام ۔

الحَوْتَاء ۔ موٹی کمر والی عورت ۔

اَحَاثَ اِحَاثَۃً ۔ الارضَ : زمین کھود کر الٹنا پلٹنا ــ الشیءَ : نکالنا ۔ کہا جاتا ہے "ترکہم حَوْثًا بَوْثًا اور حَیْثَ بَیْثَ اور حَاثِ بَاثِ اور حُوْثًا بُوْثًا" یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا ۔

الحَوْثَاء ۔ جگر اور اس کے آس پاس کے حصے ۔ موٹی عورت ۔

الحَوْثُ ۔ جگر کی رگ ۔

حَاجَ (ن) حَوْجًا ۔ محتاج ہونا ۔

حَوَّجَ ۔ بہ عن الشیءِ : کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا ۔

اَحْوَجَ ۔ الیہ : محتاج ہونا ــ ہ : محتاج بنانا ۔

تَحَوَّجَ ۔ حاجت طلب کرنا ۔ کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ یَتَحَوَّجُ" فلاں حاجت طلب کرنے کے لئے نکلا ۔

اِحْتَاجَ ۔ الیہ : محتاج ہونا ۔

الحَاجُ ۔ ایک قسم کا کانٹا ۔ ایک قسم کا ترش پودہ ۔

الحَوْجُ ۔ مع سلامتی ۔ کہا جاتا ہے "حَوْجًا لک" یعنی تمہارے لئے سلامتی ہو ۔

الحُوْجُ ۔ فقروفاقہ ۔

الحَوْجَاء ۔ حاجت ضرورت ۔ اور اسی کر ہے ۔ "ما کان فی نفسہ حَوْجَاء ولا لَوْجَاء وبالتصغیر حُوَیْجَاء ولا لُوَیْجَاء" یعنی اسے کوئی حاجت نہیں ۔ "وکلمتہ فما رَدَّ حَوْجَاءَ ولا لَوْجَاءَ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے اچھا یا برا کوئی جواب نہیں دیا ۔

الحَاجَۃ ۔ ضرورت ۔ سوال ۔ جمع حَاج وحِوَج وحَاجَات وحَوَائِج ۔ اخیری جمع حَائِجَۃ کی تقدیر پر ہے ۔ مبالغہ کی غرض سے حَاجَۃٌ حَائِجَۃٌ کہا جاتا ہے ۔

المَحَاوِیْجُ ۔ محتاج لوگ ۔

حَاذَ (ن) حَوْذًا ۔ عنہ : ہٹ جانا ۔

حَاوَدَتْ ۔ الحُمّٰی : بخار کا بار بار آنا ۔ کہا جاتا ہے "ہو یُحَاوِدُنَا بالزیارۃ" وہ ہم لوگوں کے پاس ملاقات کے لئے بار بار آتا ہے ۔

حَاذَ ہٗ (ن) حَوْذًا ۔ حفاظت کرنا ۔ علی الشیءِ : نگہبانی کرنا ــ واَحْوَذَ الدابۃَ : تیز ہانکنا ۔ اَحْوَذَ ثوبَہٗ : کپڑے سمیٹنا ۔ اَحْوَذَ السیرَ تیز چلنا ۔ اَحْوَذَ الشاعرُ قصیدۃً : عمدہ قصیدہ کہنا

اِسْتَحْوَذَ ۔ علیہ : غالب ہونا ۔

الحَاذُ ۔ ایک قسم کا درخت ۔ واحد الحاذۃ جمع اَحْوَاذ ۔ پیٹھ ۔ کہا جاتا ہے "ہو خفیف الحاذ" وہ تھوڑے مال والا ہے ۔

الحِوَاذُ ۔ دوری ۔ جدائی ۔

الحَوْذَان ۔ ایک خوش مزہ نباتات کا نام جس کا پھول سرخ رنگ کا اور اس کی جڑ میں زردی ہوتی ہے ۔

الاَحْوَذِیّ ۔ ماہر ۔ ہر کام میں چست و پھرتیلا ۔

الحَوْذِیّ ۔ کوچوان گاڑیبان ۔ عوام العربی کہتے ہیں ۔

حَارَ (ن) حَوْرًا وحُؤُوْرًا ومَحَارًا ومَحَارَۃً ۔ لوٹنا ۔ متحیر ہونا (ــ حورا) الثوبَ دھونا ۔ سفید کرنا ۔ حَارَ الشیءُ : منداپڑنا ۔ کہا جاتا ہے "حَارَ بعد ما کار" زیادہ ہونے کے بعد گھٹ گیا ۔ "نعوذ باللہ من الحَوْرِ بعد الکَوْرِ" ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں ۔

حَوِرَتْ (س) حَوَرًا ۔ العینُ : سفیدی اور سیاہی کا بہت سفید سیاہ ہونا ۔ صفت (حوراء)

حَوَّرَ ۔ القرصَ : بیلن سے بیلنا ــ الثوبَ : سفید کرنا ــ ہ اللہ : محروم کرنا ۔

حَاوَرَہٗ مُحَاوَرَۃً وَحِوَارًا وَحُوَارًا۔ گفتگو کرنا جواب دینا۔ اَحَارَ اِحَارَۃً۔ الجَوَابَ جواب دینا۔ اور اسی سے ہے "لَمْ یُحِرْ جَوَابًا" اس نے جواب نہیں دیا۔ اور کہا جاتا ہے "طَحَنَتِ الطَّاحِنَۃُ فَمَا اَحَارَتْ شَیْئًا" چکی پیسنے والی نے چکی چیا اور آٹا کچھ بھی نہیں دیا۔ اَحَارَتِ الناقۃُ: بچہ والی ہونا۔ اَحَارَ البعیرَ: ذبح کرنا۔

تَحَاوَرَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔ ایک دوسرے کو جواب دینا۔

اِحْوَرَّ اِحْوِرَارًا۔ سفید ہونا۔ اِحْوَرَّتِ العَیْنُ: بہت سیاہی اور سفیدی والی ہونا۔

اِسْتَحَارَہٗ۔ گفتگو کرنا۔

الحَوْرُ۔ ہلاکت۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ فِیْ حَوْرٍ وَبَوْرٍ" یعنی وہ نہ کسی صنعت میں ہے اور نہ کسی قسم کی آمدنی میں۔

الحَوْرُ۔ گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْدُ الحَوْرِ" یعنی عقلمند۔ "وَمَا اَصَبْتُ حَوْرًا" میں نے کچھ نہیں پایا

الحَوَرُ۔ مع۔ سفید پتلے چمڑے۔ سرخ رنگا ہوا چمڑہ۔ گائے۔ ایک مشہور درخت جس کے گوندے کہربا تیار ہوتا ہے۔ ج اَحْوَار۔

الحُوَارُ والحِوَارُ۔ اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو۔ ج اَحْوِرَۃ وحِیْرَان۔

الحَارَۃُ۔ گول چوک۔ محلہ۔ کہا جاتا ہے۔ "نَزَلْنَا فِیْ حَارَۃِ بَنِیْ فُلَانٍ" ہم لوگ بنو فلان کے محلہ میں اترے۔

الحَائِرُ۔ فا۔ لاغر۔ دبلا پتلا۔

الحَائِرَۃُ۔ الحائر کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "مَا یُحِیْرُ الاحَائِرَۃً مِنَ الحَوَائِرِ" یعنی اس کے اندر کوئی خیر و برکت نہیں۔

الاَحْوَرِیُّ۔ سپید۔ نازک۔

الحُوَّارَی۔ میدہ۔ کھریا مٹی۔ ہر وہ چیز جس سے سفیدی کی جائے۔

الحَوَارِیُّ۔ نصیحت کرنیوالا۔ خیرخواہ۔ دھوبی۔ رشتہ دار۔ مددگار۔ اور بقول بعض انبیاء کے مددگار۔ اور اسی سے ہے (الحَوَارِیُّوْنَ) حضرت سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کے انصار و اعوان۔

الحَوَارِیَّۃُ۔ الحواری کا مؤنث۔ شہری عورت ج حَوَارِیَّات۔

المِحْوَرُ۔ وہ لکڑی یا لوہا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ المحور فی الہندسۃ: علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ سیدھا خط جو کرہ کے دونوں قطبین کے درمیان ہوتا ہے۔

المِحْوَرُ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز گھومے۔ ج مَحَاوِر۔ کہا جاتا ہے "قَلِقَتْ مَحَاوِرُہٗ" یعنی اس کا معاملہ بگڑ گیا

المَحَارَۃُ۔ واپسی۔ کمی۔ لوٹنے کی جگہ۔ اونٹ کا کھر۔ تالو۔ ہر وہ ہڈی جو سیپ کی مانند ہو۔ محارۃ الاذن: کان کا گڑھا۔

المَحُوْرَۃُ والمَحْوُرَۃُ۔ جواب۔ خُفّ (مُحَوَّر) موزہ جس کا استر سرخ چمڑے کا ہو۔

حَازَ (ن) حَوْزًا وَحِیَازَۃً وَاحْتَازَ اِحْتِیَازًا۔ الشیءَ: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ الابلَ: نرمی سے ہانکنا (حَازَ حَوْزًا) الرجلُ: نرم چلنا۔

حَوَّزَ تَحْوِیْزًا۔ الابلَ: پانی کی طرف لیلۃ الحوز میں اونٹوں کو ہانکنا (دیکھیے لیلۃ الحوز)

حَاوَزَہٗ مُحَاوَزَۃً۔ باہم زندگی بسر کرنا۔ میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ایک دوسرے کو دھتکارنا۔

تَحَوَّزَ۔ علیحدہ ہونا — الحیۃُ: کنڈلی مارنا کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلَیْہِ فَمَا تَحَوَّزَ لَہٗ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لئے علیحدہ نہیں ہوا۔

تَحَاوَزَ۔ الفریقانِ: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا۔

اِنْحَازَ اِنْحِیَازًا۔ عنہ: ہٹ جانا — الیہ: مائل ہونا — القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا شکست کھانا۔

الحَوْزَۃُ۔ گوشہ۔ کنارہ۔ طبیعت۔ حَوْزَۃُ المملکۃِ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ

الحَوْزُ۔ وہ جگہ جس کے ارد گرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو۔ حَوْزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وا!۔ ہوں۔ لیلۃ الحوز: پانی کی طرف اونٹوں کے جانے کی پہلی رات۔

الحَوْزِیُّ۔ اونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اترنے والا۔ کالا۔

الحَیِّزُ والحَیْزُ۔ جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا فِیْ حَیِّزِ التَّوَاتُرِ" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔

الحَوْزَاءُ۔ لڑائی۔

الحُوَیْزَاءُ۔ ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔

الاَحْوَزِیُّ۔ ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ بہتر کارگزار۔

الحَوَّازُ۔ الحائز کا مبالغہ۔ اور اسی سے ہے "الاِثْمُ حَوَّازُ القُلُوْبِ" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدمی غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے۔

الحُوَّازُ۔ بڑے بڑے گبریلے۔

حَاسَ (ن) حَوْسًا۔ القومَ: میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا — الذئبُ الغنمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا۔ حاسَتِ المرأۃُ ذَیْلَہَا: دامن کھینچتے ہوئے چلنا — الجزّارُ الاِہَابَ: قصائی کا کھال کو اتارنا۔

حَوِسَ (س) حَوَسًا۔ دلیر و بہادر ہونا۔ صفت (اَحْوَس)

تَحَوَّسَ۔ دلیری دکھلانا — فی الکلام: گفتگو کیلئے تیار ہونا — للشیء: دردمند ہونا

اِسْتَحْوَسَ اِسْتِحْوَاسًا۔ رکنا۔ دیر کرنا۔

الاَحْوَسُ۔ دلیر و بہادر۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک کہ اپنی حاجت پوری نہ کرلے۔ بھیڑیا۔ ج حُوْس۔

الحُوَّاسُ۔ لوگوں کو بہت قتل کرنے والا بہادر۔

الحَوَاسَۃُ۔ غنیمت۔ حاجت (ج — و الحُوَیْسَاءُ) قرابت۔ رشتہ داری۔

حَاشَ (ن) حَوْشًا۔ الابلَ: جمع کر کے ہانکنا و اَحَاشَ اِحَاشَۃً و اَحْوَشَ اِحْوَاشًا و اِحْتَوَشَ (اِحْتِوَاشًا) الصیدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حَاشَ و اَحْوَشَ و اَحَاشَ علیہ الصَّیدَ و اَحْوَشَہٗ اِیَّاہُ: شکار کرنے میں مدد کرنا۔

حَوَّشَہٗ۔ بہت جمع کرنا۔ حَوَّشَ الرجلُ: دلیری دکھانا۔ تیاری کرنا۔

حَاوَشَہٗ۔ علی الامرِ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

تَحَوَّشَ۔ عنہ: علٰحدہ ہونا — بِہٖ: شرم کرنا — المرأۃُ من زوجہا: بیوہ ہونا۔

اِنْحَاشَ۔ اکٹھا ہونا — عنہ: بھاگنا۔ بدکنا — لہ الصیدُ: شکار کا خود آنا۔

تَحَاوَشُوْا۔ علیہِ: اپنے درمیان میں کر لینا

اِحْتَوَشَ۔ القومُ الصیدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ اِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ و علیہ: گھیر لینا اور اپنے درمیان میں کر لینا۔

الحَوْشُ۔ باڑہ کے مشابہ گھر کے ارد گرد۔

الحُوَاشَۃ۔ باعثِ شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ و قطع رحمی ہو۔

الحَائِشُ۔ فا۔ حَائِشُ الشجرِ: درخت کا گنجان حصہ۔ رجلٌ (حُوَّشُ) الفؤادِ: ذکی و تیز فہم مرد۔

الحُوْشِیّ۔ من الکلام: نادر و غریب کلام رجلٌ حُوْشِیٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ لیلٌ حُوْشِیٌّ: تاریک رات۔

حَاصَ (ن) حَوْصًا و حِیَاصَۃً۔ الثوبَ: دور دور سینا — عَوَرَہٗ: منہ لانا — بینہما: تنگ کرنا۔

حَوِصَ (س) حَوَصًا۔ تنگ گوشہ چشم والا ہونا۔ صفت (اَحْوَصُ) مؤنث حَوْصَاءُ ج حُوْصٌ و اَحَاوِصُ۔

حَاوَصَہٗ۔ چھپکے سے گوشہ چشم سے دیکھنا

اِحْتَاصَ اِحْتِیَاصًا۔ فی امرہ: — احتیاط کرنا۔

الحُوْصُ۔ مع۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے "لَاَطْعَنَنَّ فِیْ حُوْصِکَ" جو تم نے سیا ہے اسکو میں اُدھیڑ دوں گا اور جسکو تم نے درست کیا ہے اس کو بگاڑ دوں گا۔ "مَا طَعَنْتَ فِیْ حُوْصِہٖ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ "دَخَلَ فِیْ حُوْصِ النَّاسِ" وہ لوگوں کے باطن امور میں داخل ہوا۔

الحِیَاصَۃ۔ جانور کا تنگ۔

الحِوَاصُ۔ لکڑی کی سوئی۔

الحُوْصُ۔ چھوٹی آنکھیں۔

حَوْصَلَ۔ الطائرُ: پوٹا بھرنا — الحِنْطَۃَ: اکٹھا کرنا۔

الحَوْصَلُ و الحَوْصَلَۃُ و الحَوْصَلَّۃُ و الحُوْصَلاءُ۔ پرندہ کا پوٹا۔

حَاضَ (ن) حَوْضًا۔ حوض بنانا — الماءَ: جمع کرنا۔

حَوَّضَ۔ حوض بنانا — حولَ الامرِ: گھومنا چکر لگانا۔

اِحْتَاضَ و تَحَوَّضَ۔ حوض بنانا۔

اِسْتَحْوَضَ۔ الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحَوْضُ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ج اَحْوَاضٌ و حِیَاضٌ و حِیضَانٌ۔ حَوْضُ الاُذُنِ: کان کا گڑھا۔

المُحَوَّضُ۔ درخت کے ارد گرد پانی کا گڑھا۔ تھالا۔

حَاطَہٗ (ن) حَوْطًا و حِیْطَۃً و حِیَاطَۃً حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا — بِہٖ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔

حَوَّطَہٗ۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا — السائمۃَ: گرداگرد دیوار بنانا — الحائطَ: دیوار بنانا — حولَ الامرِ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

حَاوَطَہٗ۔ کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کر رہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔

اَحَاطَ و احْتَاطَ۔ بِہٖ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَاطَ بِہٖ عِلْمًا" اس نے پوری طریقے سے علم حاصل کیا۔ اِحْتَاطَ الرجلُ: ہوش و حواس سے کام کرنا۔ اِحْتَاطَ علی الشیءِ: محافظت کرنا۔ اِحْتَاطَ لِنَفْسِہٖ: بھروسہ کے ساتھ لینا۔

تَحَوَّطَہٗ۔ حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَتَحَوَّطُ اَخَاہُ حِیْطَۃً حَسَنَۃً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔

اِسْتَحَاطَ۔ فی اَمْرِہٖ او تجارتِہٖ: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا

الحَوْطَۃ و الحِیْطَۃ و الحَیْطَۃ۔ احتیاط کا اسم۔ الحِیْطَۃ: پاکدامن شریف عورت۔

الحَوْطُ۔ مع۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ و سفید۔ دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظر بد سے بچنے کے لئے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔

الحِوَاطُ۔ وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔

الاَحْوَطُ۔ بہت احتیاط کرنے والا۔ قابلِ اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ احتیاط سے ماخوذ ہے۔)

الحَائِطُ۔ فا۔ دیوار۔ باغ۔ ج حِیْطَانٌ و حِیَاطٌ۔

الحُوَّاطُ۔ حائط اسم فاعل کا مبالغہ۔

مُحَوَّاطُ۔ الامرِ: کسی کام کا مدار۔

الحُوَاطَۃ۔ غلہ کی حفاظت کے لئے بنی ہوئی جگہ۔

المُحَاطُ۔ وہ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔

المُحِیْطُ۔ فا۔ وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ البحرُ المحیطُ: بحر اوقیانوس جو ہر طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔

حَافَ (ن) حَوْفًا و حَوَفَ۔ الشیءَ: کنارہ پر کرنا۔ حَوَّفَ المکانَ:

تَحَوَّفَ۔ الشیءَ: کناروں سے کم کرنا۔

کنارہ کو پکڑنا۔

الحُوف۔ مع۔ ازار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جسکو بچے پہنتے ہیں۔ جانب۔ کنارہ۔ گوشہ۔

الحَافَانِ۔ زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔

الحَافَة۔ جانب۔ کنارہ۔ شدت۔ حاجت ج حَافَات وحِيف۔ حافَتَا الوادی ونحوہ: وادی کے دونوں کنارے۔

حَاقَ (ن) حَوْقًا۔ البیتَ: جھاڑو دینا ــــ الشیءَ: رگڑ کر چکنا کرنا ــــ بہ: احاطہ کرنا۔

حَوَّقَ۔ علیہ: گڑبڑ گفتگو کرنا۔

الحَوْق والحَوْقَة۔ بڑی جماعت۔

الحُوق۔ گھیرا۔ چوکھٹا۔

الحُوَاقَة۔ کوڑا کرکٹ۔ سامان۔

المِحْوَقَة۔ جھاڑو۔ ج مَحَاوِق۔

حَوْقَلَ حَوْقَلَةً وحِيقَالًا۔ چلنے سے تھکنا۔ کمزور بڈھا ہونا ــــ الشیخُ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہنا۔

الحَوْقَل۔ عمر رسیدہ بڈھا۔

الحَوْقَلَة۔ مع لمبی گردن کی شیشی۔

حَاكَ (ن) حَوْكًا وحِيَاكًا وحِيَاكَةً الثوبَ: بننا۔ صفت (حَائِك) ج حَاكَة و حَوَكَة۔ مؤنث حَائِكَة وحَائِك۔ ج حَائِكَات وحَوَائِك۔ کہا جاتا ہے "حَاكَ الشاعرُ القصيدةَ" شاعر نے قصیدہ بنایا۔ "وحَاكَ الشیءُ فی صدری" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔

مَا (أَحَاكَ) سیفُہ: نہ کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہ فَمَا أَحَاكَ فیہ سیفُہ" اس نے اُسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا۔ (یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

الحَوْك۔ جنگلی تلسی۔ کہا جاتا ہے "ہذا علی حوک ہذا" یہ ہیئت وشکل وعمر میں اس کی مانند ہے

المِحَاكَة۔ کارگہ۔ کھڈی۔

المَحُوكَة۔ لڑائی۔ جنگ۔

حَالَ (ن) حَوْلًا وحُؤُولًا۔ الشیءُ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا ــــ الحولُ: گزرنا اور پورا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حالت الدارُ وحَالَ بہا" گھر پر بہت سے سال گزر گئے ــــ علیہ الحولُ: پورا سال گزرنا ــــ القوسُ: کج ہونا ــــ العہدُ: پلٹ جانا ــــ الی مکان آخر: منتقل ہونا ــــ فی ظہر الدابۃ: جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا ــــ الشخصُ: متحرک ہونا۔ (ــــ حِيلَةً وحَالًا) حیلہ کرنا۔

(ــــ حُؤُولًا وحِيَالًا) الانثیٰ: حاملہ نہ ہونا۔ ــــ النخلۃُ: ناغہ سے پھلدار ہونا۔ (ــــ حَوْلًا وحُؤُولًا وحَيْلُولَةً) درمیان میں حائل ہونا۔

حَوِلَتْ (س حَوَلًا) عینُہ: بھینگی ہونا۔

حَوَّلَ تَحْوِيلًا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا۔ زائل کرنا۔ حَوَّلَ الیہ: پلٹ دینا۔ حَوَّلَ الرجلُ: منتقل ہونا۔ حَوَّلَ الارضَ: ایک سال کے ناغہ سے کاشت کرنا ــــ الشیءَ: محال بنانا۔ (ــــ واَحَالَ) العینَ: بھینگا کرنا۔

حَاوَلَ مُحَاوَلَةً وحِوَالًا) حیلے سے طلب کرنا ــــ لہ البصرَ: تیز کرنا ــــ الشیءَ: ارادہ کرنا اور حیلے سے طلب کرنا۔

أَحَالَ۔ اللہ الحولَ: پورا کرنا ــــ بالمکانِ: ایک سال قیام کرنا ــــ الرجلُ: محال بات کہنا ــــ الشیءُ: چند سال گزرنا۔ أَحَالَ الغریمَ بدَینِہ علی آخر: قرض کو دوسرے کے حوالہ کرنا۔ صفت فاعل (مُحِیل) صفت مفعولی (مُحَال) اور دوسرے غریم کو (مُحَال علیہ) مال کو (مُحَالٌ بہ) اور اس فعل کو (الحوالۃ) کہتے ہیں۔ أَحَالَ عینَہ: بھینگی کر دینا۔ أَحَالَ علیہ الماءَ من الدلوِ: انڈیلنا۔ کہا جاتا ہے "أَحَالَ علیہ بالسوطِ یضربہ" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ ہوا۔ أَحَالَ فی ظہر الدابۃ: کود کر سوار ہونا۔ أَحَالَ الامرَ علی فلانٍ: کسی پر کسی کام کو منحصر کر دینا۔

أَحْوَلَ۔ الصبیُّ: یکسالہ ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "ما أَحْوَلَہ وما أَحْيَلَہ" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے۔ "وہو أَحْوَلُ منک وأَحْيَلُ منک" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔

تَحَوَّلَ۔ عنہ: پھر جانا ــــ الرجلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ــــ فی الامر: حیلہ وکر سے کام کرنا۔

اِحْتَالَ اِحْتِيَالًا۔ حیلہ کرنا ــــ الشیءُ: ایک سال کا ہونا ــــ علیہ بالدَّینِ: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔

اِحْتَوَلَ۔ القومَ: گھیر لینا۔

اِحْوَلَّتْ۔ عینُہ: بھینگی ہونا۔

اِحْوَالَّتِ۔ الارضُ: سرسبز ہونا اور ہموار لگنا

اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً۔ ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا۔ محال ہونا ــــ القوسُ: درستی کے بعد کج ہونا ــــ فلانٌ الشیءَ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔

الحَال۔ کیفیت۔ ہیئت۔ صفت (مذکر ومؤنث) گرم راکھ۔ کالی مٹی۔ حالُ مَتْنِ الفرسِ: گھوڑے کے پشت کا درمیان ج أَحْوَال وأَحْوُل۔

حَالَة۔ الشیءِ: کیفیت۔ حالت۔ ج حالات۔ حالاتُ الدہرِ: زمانہ کی گردشیں۔

الحَوْل۔ مع۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "لا حَوْلَ ولا قوۃَ اِلّا باللہ" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیئت سے۔ ہوشیاری دور بینی۔ سال۔ ج حُؤُول وأَحْوَال۔

الحَوْلِیّ۔ یکسالہ بچہ۔ ج حَوْلِيَّات۔ اور اسی سے ہے "حَوْلِيَّاتُ زُہَیْرٍ" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم وترتیب وتہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگی تھی۔

الحِوَل۔ ہوشیاری۔ دور بینی۔ قدرت تصرف۔ زوال۔ انتقال۔ کہا جاتا ہے "لا حِوَلَ عنہ"

الحَوَل - بھینگاپن۔
حَوْلٌ وحُوْلٌ وحَوَالٌ وحَوَالَی - الشَّیْءِ اوالشخص: گرداگرد - کہاجاتاہے "قَعَدُوا حَوْلَهُ وحَوْلَیْهِ وحَوَالَهُ وحَوَالَیْهِ"۔
الحِوَال والحَوَلان والحُؤُولان - تغیر وانقلاب۔
الحَوَالِیّ والحُوَّل والحُوَّلِیّ - حیلہ ساز بہت سخت حیلہ گر۔
الحِوَال - ہروہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔
حِیَالَ - الشَّیْءِ: مقابل - سامنے - اور کہاجاتاہے "قَعَدَ کُلٌّ عَلٰی حِیَالِهِ" ہرایک علیحدہ علیحدہ بیٹھا۔
الحِیلَة والحُوَلَة - ہوشیاری - دوربینی - تصرف کی قوت - ج حِیَل وحِوَل۔
الحُوَلَة - تعجب - امر منکر - مصیبت - کہا جاتاہے "رَجُلٌ حُوَلَةٌ" یعنی بہت حیلہ گر مرد - "وہٰذا من حُوَلاتِ الدَّهْرِ" یہ عجائبات زمانہ سے ہے۔
الحِوَل - بھینگا - بہت حیلہ گر۔
الحَوِیل - گواہ - ضامن۔
الأَحْوَل - بھینگا - مؤنث حَوْلاء - ج حُوْلٌ۔
الحَائِل - فا - رنگ بدلا ہوا - یکسالہ - ہروہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو - کہا جاتاہے "اِمْرَأَةٌ حَائِلٌ ونَخْلَةٌ حَائِلٌ" ج حُوْلٌ وحُوَّلٌ وحِیَالٌ وحَوَائِل۔
الحَائِلَة - الحائل کا مؤنث - حیلہ - کہا جاتا ہے "مَا فِیْهِ حَائِلَةٌ" اس میں کوئی حیلہ نہیں۔
المُحَال - مشکل - باطل - ٹیڑھا - غیر ممکن۔
المُحْوِل - یکسالہ بچہ۔
المُحِیْل - من النساء: لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی جننے والی عورت۔
المَحَالَة - ہوشیاری - تصرف کی قدرت رہٹ - پیٹھ کا درمیان - ج مَحَال ومَحَاوِل - کہاجاتاہے "لَا مَحَالَةَ مِنَ الأَمْرِ" ضروری - اس میں کوئی شک نہیں - المَحَالَة: رہٹ - بڑی چرخی۔
المِحْوَال - بہت محال باتیں کہنے والا۔
المُسْتَحِیْل - بے ہودہ ولغویات - بھرا ہوا - المُسْتَحِیْلَة - والمُسْتَحَالَة من القِسِیّ: ٹیڑھی کمان - ــــ من الارض: ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین۔
حَامَ (ن) حَوْمًا وحَوَمَانًا - علی الشیءِ وحوله: منڈلانا - ــــ الرجلُ: پیاسا ہونا - صفت (حَائِم) ج حُوَّم - مؤنث حَائِمَة - ج حَوَائِم وحُوُوم (ــــ حَوْمًا وحِیَامًا وحُؤُومًا) حول غریمه وعلیه: طلب کرنا۔
حَوَّمَ - فی الامر: کام میں لگا رہا۔
الحَوْم - اونٹوں کا بڑا گلہ۔
الحُوَّم - شراب جو سر کو چکرا دے۔
حَوْمَة - القتال اوالبحر اوالرمل وغیر ذلک: بڑا حصہ - حَوْمَةُ الموت: موت کا ہجوم۔
الحُوْمَة - بلور۔
حَوْمَلَ حَوْمَلَةً - پانی اٹھانا۔
الحَوْمَل - صاف سیلاب - کالا بادل۔
تَحَوَّنَ - الرجلُ: ذلیل ہونا - ہلاک ہونا۔
حَوِیَ (س) حَوًی واحْوَوَی احْوِوَاءً واحْوَاوَی احْوِیْوَاءً - سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا - صفت (أَحْوَی) مؤنث حَوَّاء ج حُوٌّ۔
حَوَی (ض) حَوَایَةً وحَیًّا - الشیءَ: جمع کرنا حَوَّاهُ تَحْوِیَةً - قبضہ کرنا۔
تَحَوَّی - سمٹنا - گول ہونا - ــــ الحیةُ: کنڈلی مارنا - ــــ الشیءَ: قبضہ کرنا۔
إِحْتَوَی إِحْتِوَاءً - الشیءَ وعلیه: جمع کرنا۔
الحَاوِی - فا - سانپ کا منتر کرنے والا - مؤنث حَاوِیَة ج حَاوِیَات وحُوَاة۔
الحَاوِیَاء - سمٹی ہوئی آنتیں - ج حَاوِیَاوَات وحَوَاوٍ۔
الحُوَاء والحُوَاة - آواز۔
الحَوِیّ - استحقاق کے بعد مالک ہونیوالا چھوٹا حوض۔
الحِوَاء - قریب قریب گھروں کا مجموعہ - ج أَحْوِیَة
الحَوِیَّة - الحوی کا مؤنث - سمٹی ہوئی آنتیں - چھوٹا حوض - کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اونٹوں کے کوہان کے اردگرد رکھتے ہیں - ج حَوَایَا - اور اسی سے مثل ہے "المَنَایَا عَلَی الحَوَایَا" اس شخص کیلئے جو موت کو خود ہی تلاش کرے۔
الحَوَّاء - سانپوں کا جمع کرنے والا۔
حَیْثُ - ظرف مکان - مبنی بر ضمہ - اور کہا جاتا ہے کہ - من هذه (الحَیْثِیَّة) یعنی اس اعتبار سے - اور کبھی حیث زمان کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔
حَاجَ (ض) حَیْجًا - محتاج ہونا۔
أَحَاجَ وأَحْیَجَ - المکانُ: کانٹے اگانا۔
الحَاج - کانٹا - ایک قسم کا ترش پودہ۔
حَادَ (ض) حَیْدًا وحَیَدَانًا ومَحِیْدًا وحَیْدَةً وحُیُوْدًا وحَیْدُوْدَةً - عن الطریق: الگ ہونا - ہٹ جانا۔
حَیَّدَ - گرہ پر گرہ دینا - حَیَّدَ السَّیْرَ: تسمہ میں گرہ لگانا۔
حَایَدَ مُحَایَدَةً وحِیَادًا - علیحدہ ہونا۔
الحَیْد - چیز کا ابھرا ہوا حصہ - پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ - پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ - ج حُیُوْد وحِیَدَة وأَحْیَاد (ــــ والحَیِیْد) مثل ونظیر۔
الحَیَدَة - پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔
الحَیَدَی - متکبر کی چال۔
الحَیَدَان - کنکری جو جانور کے چلنے سے اڑے
المَحِیْد - حاد کا اسم ظرف۔
حَارَ (س) حَیْرًا وحَیْرَةً وحَیَرَانًا وحَیَرًا - الماءُ: پانی کا اس طرح آنا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے - ــــ الرجلُ: چکا چوند ہونا - راستہ گم کرنا - فی امره: حیران ہونا - صفت (حَیْرَان) مؤنث حَیْرَی ج حَیَارَی وحُیَارَی۔
حَیَّرَهُ - حیرانی میں ڈالنا۔
تَحَیَّرَ - الماءُ: بمعنی حَارَ الماءُ - ــــ المکانُ بالماء: بھر جانا - ــــ واسْتَحَارَ: حیرانی میں پڑنا - إِسْتَحَارَ المکانُ وبالمکانِ:

چندین کے لئے اُترنا — السحابُ : کسی جانب میں متوجہ نہ ہونا۔
الحَیْر ۔ جمن ۔ باغ ۔
الحَیِّر والحَیْر ۔ بہت اہل ومال ۔ کہا جاتا ہے " لآ آتیہ حَیْرَ دَہْرٍ " میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
الحَارَۃ ۔ محلہ ۔
الحائِر ۔ فا ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ۔ بلند کناروں والی نشیبی جگہ ۔ ج حُوران وحِیران ۔
المَحَارَۃ ۔ سیپی ۔ ج مَحَاوِر ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ۔ المحارتان : سرین کے دونوں گول سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں
المِحْیار ۔ بہت حیران ۔
المُتَحَیِّرات ۔ کواکب ۔ سیارہ ۔ واحد (متحیرہ)
المُسْتَحِیر ۔ فا ۔ وہ راستہ جو جنگل کو عرض میں ہو ۔ اور یہ معلوم نہ ہو کر کہاں نکلا ہے ۔ بھاری بادل جس کے لئے ہوا نہ ہو جو کہیں لیجائے۔
حَازَ (ض) حَیْزًا ۔ الابلَ : ہانکنا ۔
تَحَیَّزَ ۔ الشیُ : کسی ایک ہی جگہ میں منحصر ہونا — الحیۃُ : کنڈلی مارنا ۔
الحَیِّز ۔ دیکھیے مادہ ح وز ۔
حَاسَ (ض) حَیْسًا ۔ الشیَٔ : ملانا
الحَبْلَ : بٹنا (— وحَیْس) الحَیْسَ : حیس بنانا ۔ کہا جاتا ہے " حِیصَ حَیْسُہُم " انکی ہلاکت قریب ہوئی ۔
الحَیْس ۔ مع ۔ ایک قسم کا کھانا جو کھجور ۔ گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے ۔ کچا کام ۔ ردی کام ۔
المَحْیُوس ۔ وہ جس کے ماں باپ دونوں غلام ہوں ۔
حَاشَ (ض) حَیْشًا ۔ گھبراہٹ میں آنا ۔ حَاشَ مِنْہُ : گھبرانا — الرجلُ : جلدی کرنا الوادی : دراز ہونا ۔
تَحَیَّشَ ۔ گھبرانا ۔
الحَیْشان ۔ بہت گھبرانے والا ۔

حَاصَ (ض) حَیْصًا وحَیْصَۃً وحُیُوصًا ومَحِیصًا ومَحَاصًا وحَیَصَانًا والحَاصَ وتَحَایَصَ عن کذا : الگ ہونا ۔ ہٹ جانا کہتے ہیں ۔ " مَنْ حَاصَ عَنِ الشرِّ سَلِمَ " جو برائی سے الگ رہا محفوظ رہا ۔ " وَقَعَ فِی حَیْصَ بَیْصَ اَوْ فی حِیصَ بِیصَ " وہ ایسی گڑبڑی میں پڑ گیا جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ۔
حَالَصَہ ۔ فریب دینا اور غلبہ کرنا ۔
الاَحْیَص ۔ وہ شخص جس کی ایک آنکھ دوسری سے چھوٹی ہو ۔
وا لحَیُوص (حَیُوص) بدکنے والا جانور ۔
المَحِیص ۔ علٰحدہ ہونے کی جگہ بھاگنے کی جگہ ۔
الحَیْصاء والحِیَاص ۔ وہ عورت جس کی اندام نہانی تنگ ہو ۔
حَاضَتْ (ض) حَیْضًا ومَحِیضًا ومَحَاضًا وتَحَیَّضَتْ ۔ المرأۃُ : ماہواری خون جاری ہونا ۔ صفت (حائض وحائضۃ) ج حُیَّض وحَوَائِض ۔
حَیَّضَ ۔ الماءَ : پانی بہانا ۔
الحِیَاض ۔ حیض کا خون ۔
الحِیضَۃ والمَحِیضَۃ ۔ حیض کا چیتھڑا
حَیْعَلَ ۔ المؤذنُ : حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ، حَیَّ عَلَی الفَلَاحِ کہنا ۔
حَافَ (ض) حَیْفًا ۔ علیہ : ظلم کرنا ۔ صفت (حائف) ج حُیَّف حِیَف وحَافَۃ ۔
تَحَیَّفَ ۔ الشیَٔ : کم کرنا ۔ اطراف سے گھٹانا ۔
الحائِف ۔ فا ۔ حائف الجبل : پہاڑ کا کنارہ
الحِیفَۃ ۔ گوشہ ۔ کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے ۔ شکار کے واسطے ہنکایا ہوا جانور ۔ ج حِیَف ۔
الاَحْیَف ۔ من الاَمکنۃ : وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو ۔ مؤنث حَیْفاء ۔
حَاقَ (ض) حَیْقًا وحُیُوقًا وحَیَقَانًا و آحَاقَ الحَاقَۃَ ۔ بہ : احاطہ کرنا ۔ گھیرنا ۔

حَاقَ بِہِم الامرُ : لازم ہونا ۔ واجب ہونا ۔ — بہم العذابُ : نازل ہونا — فیہ السیفُ : اثر کرنا ۔ نشان ڈالنا ۔ اَحَاقَ الشیُٔ بکذا : گھیر کرنا
حَایَقَہ مُحَایَقَۃً ۔ حسد کرنا ۔ دشمنی کرنا ۔ بغض رکھنا ۔
اِحْتَاقَ ۔ علی الشیِٔ : احتیاط کرنا ۔
الحَیْق ۔ برے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو ۔
الحَیْقَل ۔ بے فیض آدمی ۔
حَاکَ (ض) حَیْکًا وحَیَکَانًا ۔ شکبر انچال چلنا ۔ صفت (حائک وحَیَّاک) مؤنث حَیَّاکۃ وحَیْکانۃ وحَیْکَی (— واَحَاکَ) السیفُ : کاٹنا السیفُ او الکلامُ فیہ : اثر کرنا ۔
اِحْتَاکَ اِحْتِیَاکًا ۔ بجَوْبِہٖ : لپٹنا ۔
مِشْیَۃٌ (حِیکَی) شکبرانہ چال ۔
حَالَ (ض) حُیُولًا ۔ الشیُٔ : بدلنا الماءُ : وادی میں جمع ہونا ۔
الحَیْل ۔ قوۃ ۔ وادی میں جمع شدہ پانی ۔ ج اَحْیَال وحُیُول ۔
الاَحْیَل والاَحْوَل ۔ بہت حیلہ کرنیوالا ۔
الحِیلَۃ ۔ ہوشیاری ۔ دوربینی ۔ تصرف کی قوت ۔ ج حِیَل ۔
الحَیْلَۃ ۔ بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ ۔ حیلہ گری ۔
الحَیْلَان ۔ غلہ گاہنے کا اوزار ۔
حَانَ (ض) حَیْنًا وحَیْنُونَۃً ۔ الشیُٔ : وقت قریب ہونا — فلان : ہلاک ہونا ۔ رنج وتکلیف میں پڑنا ۔ توفیق سے محروم ہونا ۔
حَانَ لَہٗ اَنْ یَفْعَلَ کذا : وقت قریب آنا السُنْبُلُ : خشک ہو کر کٹائی کا وقت قریب آنا ۔
حَیَّنَہ ۔ وقت ومیعاد مقرر کرنا — اللہُ فلانًا : ہدایت کے لئے توفیق نہ دینا ۔
حَایَنَہ ۔ وقت معین کیلئے معاملہ کرنا ۔
اَحْیَنَ اِحْیَانًا ۔ الرجلُ او الشیُٔ : وقت آنا — بالمکان : کچھ وقت کے لئے قیام کرنا ۔

أَحَانَهُ - اللّٰہُ: ہلاک کرنا۔
تَحَیَّنَ - مِنْہُ فُعُلَۃً: انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے
"ھُوَ یَتَحَیَّنُ طَعَامَ النَّاسِ" وہ لوگوں کے کھانے
کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔ توفیق وہدایت
سے محروم رہنا۔
اِسْتَحْیَنَ - وقت مناسب کی آرزو رکھنا
اَلحَانُ والحَانَۃُ - شراب فروشی کی دوکان
اَلحَیْنُ - ہلاکت۔ رنج ومحنت۔
اَلحِیْنُ - وقت۔ ج اَحْیَان جج اَحَایِیْن۔
اَلحِیْنَۃُ والمِحْیَانُ: وقت۔
اَلحَائِنُ - فا۔ بے وقوف۔
اَلحَائِنَۃُ - مصیبت۔ ج حَوَائِن۔
حَیِیَ (س) حَیَاۃً - زندہ رہنا۔ اس
میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے۔ کہا جاتا ہے
حَیَّ یَحْیَیُ (— حَیَاۃً) مِنْہُ: منقبض ہونا
الطَّرِیْقُ: ظاہر ہونا۔
حَیَّاہُ وتَحِیَّۃً - حیاک اللہ کہنا (یعنی اللہ
تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا۔ حَیَّاہُ اللّٰہُ:
باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَیَّا الحُسَیْنَ بْنَ عَمْرٍو"
وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔
حَایَا مُحَایَاۃً - الصَّبِیَّ: غذا دینا —
زندہ رکھنا: شرم دلانا — النَّارَ: بھڑکانا
اَحْیَاہُ - زندہ کرنا — النَّارَ: پھونک کر
سلگانا — الاَرْضَ: سرسبز بنانا —
الاَئِمَّۃُ الاَرْضَ: گھاس پانی طلب کرنیوالے
کا زمین کو سرسبز پانا — اللَّیْلَ: بیدار رہنا۔
(اَحْیَاہُ واسْتَحْیَاہُ) زندہ چھوڑنا۔
اِسْتَحْیَا واِسْتَحَیَ - مِنْہُ: شرم کرنا۔
اِسْتَحْیَاہُ واسْتَحْیَا مِنْہُ: منقبض ہونا۔ باز رہنا۔
حَیَّ وحَیَّ ھَلَا وحَیَّھَلْ - اسم فعل بمعنی
اَقْبِلْ وعَجِّلْ۔ کہا جاتا ہے "حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ"
یعنی نماز کے لئے آؤ۔ (حَیَّ ہَلْ) بِفُلَانٍ:
فلاں کو بلاؤ۔
اَلحَیَا والحَیَاءُ - بارش۔ تروتازگی۔ نباتات
اَلحَیَاءُ - شرم وحیا۔ کسی چیز سے منقبض ہونا۔
اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا۔ بارش و
تروتازگی۔ توبہ۔
اَلحَیَاۃُ - زندگی۔
اَلحَیُّ - زندہ۔ نسبت کے لئے (حَیَوِیٌّ)
مؤنث حَیَّۃٌ۔ اَرْضٌ حَیَّۃٌ: سرسبز زمین۔ کہا
جاتا ہے "لَا یَعْرِفُ الحَیَّ مِنَ اللَّیِّ" یعنی وہ بیوقوف
ہے۔ الحَیُّ: محلہ۔ عرب کے قبیلوں میں سے
چھوٹا قبیلہ۔ ج اَحْیَاء۔
اَلحَیَّۃُ - سانپ (مذکر ومؤنث) ج
حَیَّات وحَیَوَات۔
اَلحَیُّوْتُ - نر سانپ۔
اَلحَیِیُّ والحَیِّیُّ - شرم دلانا۔
اَلحَیَوَانُ - جاندار۔ ج حَیَوَانَات۔
اَلمُسْتَحِیَّۃُ - چھوٹی مرغی۔
اَلمَحْیَا - وہ موقع جہاں شرم کی جائے۔
ج مَحَایِیْ - زندگی۔
اَلمُحَیَّا - چہرہ۔
اَرْضٌ (مَحْیَاۃٌ) بہت سانپوں والی
زمین۔

خ (۶۰۰)

خَبَّ (ن) خَبًّا - النَّبَاتُ: بلند ہونا بڑھنا
— الرَّجُلُ: اپنی چیز کو روکنا۔ بخل کی وجہ سے
بے نشان ہونے کیلئے پست زمین میں اُترنا
(— خَبًّا وخَبِیْبًا واِخْتَبَّ) الفَرَسُ فی
عَدْوِہٖ: گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی ٹانگوں
پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر۔ (— خَبًّا وخُبَابًا)
البَحْرُ: جوش مارنا۔
خَبَّ (س) خَبًّا وخِبًّا - مکار ہونا۔
خَبَّبَہٗ - دھوکا دینا۔ خراب کرنا۔ کہا
جاتا ہے "خَبَّبَ عَلٰی فُلَانٍ صَدِیْقَہٗ" اس نے
فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا۔ خُبِّبَ لَحْمُہٗ:
گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا۔
اَخَبَّ - الفَرَسَ: گھوڑے کو خبب چال
چلانا (دیکھیے مصدر خَبَب)
اَلخَبُّ - مع - دغاباز۔ فریبی۔ فساد۔ ریت
کی دھاری۔ نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے
درمیان ہو۔ ج خُبُوْب۔ کہتے ہیں "اَصَابَہُمْ
الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہو گئیں
اور موجوں میں اضطراب ہو گیا۔
اَلخَبَبُ - پست زمین۔ درخت کی چھال
ج خُبُوْب واَخْبَاب۔
اَلخَبَّۃُ - مُثَلَّثَۃُ الخَاء: ریت یا بدلی کی
دھاری جو پٹی کی طرح درمی۔ الخُبَّۃُ: پانی کے
جمع ہونے کی جگہ۔ وادی کا درمیانی حصہ
گوشت کا پارچہ۔
ثَوْبٌ (خِبَبٌ وخَبَائِبُ واَخْبَابٌ) پھٹے
پرانے کپڑے (تعداد اجزاء کی وجہ سے صفت میں
جمع لانا جائز ہے)
اَلخَبِیْبُ - زمین میں لمبا شگاف۔
اَلخَبِیْبَۃُ - ریت یا بدلی کی دھاری۔
گوشت کا پارچہ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔
ج خَبَائِب۔
اَلمَخَبَّۃُ - وادی کا درمیانی حصہ۔
خَبَأَ (ف) خَبْأً وخَبَّاَ - الشَّیْءَ: چھپانا۔
پوشیدہ۔
خَابَاَہٗ - کسی سے چیستاں وپہیلی کہنا۔
اِخْتَبَاَ - مِنْہُ: چھپنا — الشَّیْءَ: چھپانا
کہا جاتا ہے "اِخْتَبَاَ لَہٗ خَبِیْئًا" اس نے اس
سے ایک چیز پوشیدہ کی اور پھر اس سے دریافت
کیا۔
اَلخَبْءُ والخَبِیْءُ - پوشیدہ۔ خَبْءُ الاَرْضِ:
نباتات۔ خَبْءُ السَّمَاءِ: بارش۔ کہتے ہیں۔

"أَخْرَجَ خَبْءَ السَّمَاءِ خَبْءَ الارضِ" بارش نے
نباتات کو اُگایا۔
الخِبَاءُ۔ اون یا بالوں کا خیمہ۔ ج اَخْبِیَۃ
الخَبِیْئَۃ۔ پوشیدہ رکھی ہوئی چیز۔ ج خَبَایَا
الخَابِئَۃ والخَابِیَۃ۔ مٹکا۔ ج الخَوَابِیْ
والخَوَابِیُ۔ بِنْتُ الخَابِیَۃ: شراب۔
الخُبَأَۃ۔ بہت پوشیدہ رہنے والی عورت
المَخْبَأُ۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مَخَابِئُ۔
خَبَتَ (ض) خَبْتًا۔ ذِکْرُہٗ: پوشیدہ ہونا
مخفی ہونا۔
أَخْبَتَ۔ القومُ: کشادہ و پست زمین میں
آنا ۔۔۔ الی اللّٰہِ: عاجزی و فروتنی کرنا۔
الخَبْت۔ کشادہ و پست زمین۔ ج اَخْبَات
و خُبُوت۔
الخَبْتَۃ والخِبْتَۃ۔ تواضع۔ عاجزی۔
فروتنی۔
الخَبِیْت۔ حقیر و فرومایہ و خبیث۔ کہا جاتا
ہے: "ہو خَبِیْتُ النفس" وہ شکستہ دل ہے۔
خَبُثَ (ن) خُبْثًا و خَبَاثَۃً و خَبَاثِیَۃً
پلید و ناپاک ہونا۔ صفت (خَبِیْث) ج خُبُثٌ
و خُبَثَاءُ و اَخْبَاث و خَبَثَۃ۔ خَبُثَتْ نَفْسُہٗ: جی
متلانا ۔۔۔ بالمرأۃ: زنا کرنا۔
خَبُثَ (ک) خُبْثًا۔ ردی ہونا۔ بدکار ہونا
(۔۔ وَ اَخْبَثَ) برے لوگوں کے ساتھ رہنا۔
وَ اَخْبَثَہٗ: برائی سکھلانا۔ خراب کرنا۔ برائی
کی طرف منسوب کرنا۔
خَبَّثَہٗ۔ خبیث بنانا ۔۔۔ الطعامَ:
کھانے کو ناگوار کر دینا۔
تَخَابَثَ۔ برائی ظاہر کرنا، اور اس پر
عمل کرنا۔
تَخَبَّثَ۔ بتکلف شرارت کرنا۔
اِسْتَخْبَثَ۔ برائی کرنا۔ شرارت کرنا۔
۔۔۔ ہ: برا پانا۔
الخَبَث۔ من الحدید و نحوہ: لوہے کا
میل سونے یا لوہے کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز

خَبَاثِ۔ بروزن قطامِ۔ خبیثۃ سے
معدول ہے۔ اور صرف ندا کی صورت میں
عورت کو گالی دینے کے لئے آتا ہے۔ جیسے "یا
خَبَاثِ" اے بدکار عورت۔
خُبَثُ: خبیث سے معدول ہے۔ اور یہ
بھی صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے
کے لئے آتا ہے۔ جیسے "یا خُبَثُ" یعنی
اے بدکار مرد۔
الخَبِیْث۔ ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ
چیز۔ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خُبُثٌ
خُبَثَاءُ اَخْبَاث و خَبَثَۃ۔ مؤنث خَبِیْثَۃ۔ ج
خَبِیْثَات و خَبَائِث۔
الخَبَائِث۔ برے افعال۔ وہ چیزیں
جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے
نہیں تھے۔ جیسے سانپ و گبریلا وغیرہ
الاَخْبَثَانِ۔ پیشاب پاخانہ۔
الخِبِّیْث۔ بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔
الخِبِّیْثٰی۔ برائی۔ پلیدی۔
المَخْبَثَۃ۔ سبب فساد۔ کہا جاتا ہے
"الکفر مَخْبَثَۃٌ لنفس المُنعِم" ناشکری منعم کی
طبیعت کے لئے باعث فساد ہے۔
خَبَجَہٗ (ن) خَبْجًا۔ بالعصا: لاٹھی
سے مارنا ۔۔۔ الرجلُ: گوز کرنا۔
الخَبَج والخَبَاجَاء۔ بیوقوف۔
الخَبَج والخُبَاج۔ گوز۔
خَبْخَبَ۔ الرجلُ: ڈھیلے پیٹ والا ہونا
۔۔۔ ہ: بیوفائی کرنا۔
تَخَبْخَبَ۔ الشیءُ المضطرب: ڈھیلا ہونا
۔۔۔ بَدَنُہٗ: موٹائی کے بعد دبلا ہونا
الحَرُّ: گرمی کی تیزی کا کم ہونا۔
الخُبَخُ ع۔ مینڈک۔
خَبَرَ (ن) خُبْرًا و خِبْرَۃً۔ الشیءَ: آزمانا
تجربہ سے جاننا۔
خَبَرَ (ن) خَبْرًا۔ الارضَ: کھیتی کیلئے
جوتنا ۔۔۔ الطعامَ: مرغن کرنا۔

خَبُرَ (ک) و خَبِرَ (س) خُبْرًا و خِبْرًا و
خُبْرَۃً و خِبْرَۃً و مَخْبُرَۃً و مَخْبَرَۃً۔ الشیءَ
و بہ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔
خَبَّرَہٗ و اَخْبَرَہٗ۔ الشیءَ و بالشیءِ:
آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخْبَرَہٗ
خُبُوْرَہٗ" یعنی اس نے اطلاع دی ہر اس چیز
کی جو اس کے پاس تھی۔
خَابَرَہٗ۔ بٹائی پر کھیت جوتنا۔ پروا کرنا۔
بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے معنی
میں استعمال کیا ہے۔
تَخَابَرَ۔ ایک دوسرے کو خبر دینا۔
تَخَبَّرَ۔ الامرَ: حقیقت حال کو واقف ہونا۔
تَخَبَّرَہٗ و اسْتَخْبَرَہٗ۔ خبر دریافت کرنا۔
تَخَبَّرَ القومُ: بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس
کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔
اِخْتَبَرَ۔ الشیءَ: آزمانا۔ حقیقت حال سے
واقف ہونا ۔۔۔ لِاَہْلِہٖ: اپنے گھر والوں کے
لئے کھانا لینا۔
الخَبْر۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی
اونٹنی۔ کھیتی۔ پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ۔
بیری یا اراک کا درخت اور اس کے ارد گرد کی
گھاس۔ واحد (خَبْرَۃ) ج خُبُوْر۔
الخِبْر۔ مع۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ
والی اونٹنی۔
الخُبْر۔ مع۔ علم۔ تجربہ۔ آزمائش۔ کہا جاتا
ہے "صَدَّقَ الخُبْرُ الخَبَرَ" آزمائش نے خبر کی تصدیق
کر دی۔ رَجُلٌ خَبِرٌ و خَبِیْرٌ: خبر کا جاننے والا۔
الخَبَر۔ خبر۔ ج اَخْبَار و اَخَابِیْر۔
الاَخْبَارِیّ۔ تاریخ کی تدوین کرنے والا
مورخ۔
الخَبْرَاء۔ بڑا توشہ دان۔ بیری کے درختوں
کو اگانے والی زمین۔ ج خَبَارِیُّ و خَبَارٍ و خَبْرَاوَات۔
الخُبْرَۃ۔ مع۔ بکری جس کو لوگ مختلف قیمت
دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کر لیں اور
ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے۔

زیادہ ثرید۔ خوراک وغیرہ جو اہل وعیال کیلئے خریدی جائے۔ کہا جاتا ہے: اِجتمعوا علی خُبرتِہٖ " وہ لوگ اس کے کھانے پر جمع ہوگئے "۔ بستان۔

الخَبَار۔ نرم زمین۔ جڑیں۔ واحد (خَبَارَۃ)

الخَبِیر۔ واقف۔ آگاہ۔ دانا۔ کسان ج خُبَراء۔ الخَبِیر۔ اونٹ کے بال۔ گرے ہوئے بال۔ واحد (خَبِیرۃ) ج خبائر۔ الخَبِیر: اونٹ کے منہ کے جھاگ۔

الخَیْبُور۔ شیر۔

الخَابُور۔ ایک درخت کا نام۔ راس العین اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام۔

المَخْبَر والمَخْبَرۃ والمَخْبُرۃ۔ آگاہی جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو۔

الخَیْبَرِیّ۔ کالا سانپ۔

الخَبَرْجَل۔ کلنگ۔

خَبَزَ (ض) خَبْزًا۔ الخُبزَ: روٹی پکانا۔ القومَ: روٹی کھلانا۔ کہا جاتا ہے " خَبَزتُھم و تَمَرتُھم " میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی۔

خَبَزَہٗ و تَخَبَّزَہٗ۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے۔ " خَبَطَنی بِرِجْلِہٖ وخَبَزَنی " اس نے مجھ کو اپنے پیر سے مارا۔

اِنْخَبَزَ۔ المکانُ: پست ہونا۔

اِخْتَبَزَ۔ الخُبزَ: روٹی پکانا۔

الخُبْز۔ روٹی۔ خُبزُ الغُراب: ایک قسم کی نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیں نکلتی ہیں۔

الخَبْز۔ پست جگہ۔

الخَابِز۔ فا۔ روٹی والا۔

الخَبِیز۔ پکی ہوئی روٹی۔ ثرید۔

الخِبَازَۃ۔ نانبائی کا پیشہ۔

الخَبَّاز۔ نانبائی۔

الخُبَّازَی والخُبَّاز والخُبَیزَۃ والخُبَّازَۃ خُبازی (ایک دوا کا نام)

خَبَسَ (ن) خَبْسًا و اِخْتَبَسَ و تَخَبَّسَ۔ الشیءَ۔ لے لینا۔ غنیمت حاصل کرنا۔ کہا جاتا ہے " خَبَسَنِی فلانًا حَقَّہٗ " فلاں نے اسکے حق کو مار لیا۔ اِخْتَبَسَ مالَہٗ: جاتا رہنا۔

الخَابِس والخَبَّاس والمُخْتَبِس شیر

الخَبُوس۔ شیر۔ ظلم کرنے والا۔

الخُبَاسَۃ۔ وہ چیز جو اٹھا لی جائے۔ (— والخُبَاسَار) غنیمت۔

خَبَشَ (ن) خَبْشًا و تَخَبَّشَ۔ الاشیاءَ من ھُنا وھُنا: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

الخَبَّاش۔ کمائی کرنے والا۔

خُبَاشَاتُ۔ العَیشِ: زندگی بسر کرنے کی چیزیں جیسے کھانا کپڑا وغیرہ۔ خُبَاشَاتُ النّاسِ: مختلف قوموں کی جماعت۔

خَبَصَ (ض) خَبْصًا۔ الشیءَ بالشیءِ: ملانا (— خَبَّصَ و تَخَبَّصَ و اِخْتَبَصَ) کھجور گھی کا حلوا بنانا۔ اِخْتَبَصَ الرجلُ: اپنے لئے کھجور گھی کا حلوا بنانا۔ کھجور گھی کا حلوا کھانا۔

الخَبِیص والخَبِیصَۃ۔ کھجور گھی کا حلوا۔

المِخْبَصَۃ۔ کڑھائی میں حلوی کو الٹنے پلٹنے کا چمچہ۔

خَبَطَ (ض) خَبْطًا۔ زور سے مارنا۔ الشیءَ: سخت روندنا — اللیلَ: ٹیڑھا ٹیڑھا چلنا۔ کہا جاتا ہے " اِنَّہٗ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ " وہ رتوندی والی اونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا ہے یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے " ما اَدری اَیُّ خابِطِ لیلٍ ہو " میں نہیں جانتا کہ گمنام رات میں آنے والا کون ہے۔ — الشیطانُ زیدًا: دیوانہ کردینا — ہ بخیر: بغیر جان پہچان کے دینا۔ البعیرَ: منہ کی چوڑائی میں لمبا داغ لگانا — الشجرۃَ: پتے جھاڑنا۔

خُبِطَ۔ زکام ہونا صفت (مخبوط)

تَخَبَّطَ۔ زور سے مارنا — الشیطانُ زیدًا: دیوانہ کردینا — البلادُ: فتنہ وفساد لوٹ مار واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشیءَ: روندنا۔

اِخْتَبَطَ۔ زور سے مارنا — زیدًا: بغیر کسی وسیلہ کے مانگنا۔ اِخْتَبَطَتِ البلادُ: فتنہ فساد واقع ہونا۔

الخَبَط۔ درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر گرائے جائیں۔

الخَبْطَۃ۔ زکام۔ تالاب یا برتن کا بقیہ پانی۔ مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز دیوانگی۔ ج خَبط و خِبط۔ کہا جاتا ہے۔ عَلَیہِ خَبْطَۃٌ مِنَ الجَمَالِ اسکے اوپر جمال وخوبصورتی کا کچھ اثر ہے۔

الخِبْطَۃ۔ ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ " کانَ ذٰلکَ بعدَ خِبْطَۃٍ مِنَ اللیلِ " یہ رات کے کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبْطَۃُ من الماءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج خِبَط۔

الخَبَاط۔ غبار۔

الخِبَاط۔ چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ۔ ج خُبُط۔

الخُبَاط۔ دیوانگی۔

الخَبُوط والخَبِیط والاَخْبَط۔ من الخیلِ: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔

الخَبِیط۔ حوض جسکو اونٹوں نے پاؤں مار مار کر گرا دیا ہو۔ دہی جس میں تازہ دودھ ڈالکر ملا جُلا دیا گیا۔

المِخْبَط والمِخْبَطَۃ والمِخْبَاط۔ پتے جھاڑنے کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔

خَبَعَ (ف) خَبْعًا۔ فی المکان: داخل ہونا — الشیءَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے " جاریۃٌ خُبَعَۃٌ طُلَعَۃٌ " کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی۔ (— خُبُوعًا) الصبیُّ: روتے روتے سانس رکنا۔

خَبَقَ (ض) خَبْقًا۔ گوز کرنا — ہ: اپنے سے حقیر جاننا۔

تَخَبَّقَ۔ الشیءُ: بلند ہونا۔

الخِبِقّ۔ بہت کود نے والا مرد۔ تیز رفتار گھوڑا۔

خَبَلَہٗ (ن) خَبْلًا و خَبَّلَہٗ۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا — ہ الحزنُ: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے " خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَہٗ " محبت نے اسکے دل کو تباہ کردیا — یدَہٗ: لنجا کرنا۔

— ہ عن کذا: روکنا - منع کرنا - کہا جاتا ہے
"خَبَلَ عن فعل أبیہ" اُس نے اپنے باپ کے
رویّے سے کوتاہی کی۔
خَبِلَ (س) خَبَلًا وخَبَالًا - جنون لاحق
ہونا۔ صفت (خَبِلٌ و اَخْبَلُ) خَبِلَتِ الیدُ:
لنجا ہونا۔
اَخْبَلَہٗ - ناقۃً: عاریت پر دینا۔
اِخْتَبَلَہٗ - عقل کو خراب کرنا - اِخْتَبَلَتِ
الدَّابَّۃُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔
تَخَبَّلَتِ - الیدُ: لنجا ہونا۔
اِسْتَخْبَلَہٗ - الابلَ - عاریت پر مانگنا۔
اَلْخَبْلُ - مص - قرض - تنگی - فتنہ (— و
الخَبَل) ہاتھ پاؤں کی تباہی ج خُبُول۔
اَلْخَبَلُ - ایک پرندہ جس کی آواز اُلّو کی
آواز کے مشابہ ہو - دہرٌ (خَبِلٌ) بگڑا ہوا زمانہ
اَلْخَبَالُ - فساد - نقصان - ہلاکت - زہر
قاتل - کہا جاتا ہے "ہُوَ خَبَالٌ عَلٰی اَہْلِہٖ" وہ اپنے
لوگوں کے لئے بوجھ ہے۔
اَلْخَابِلُ - فسادی - شیطان جن - کہا
جاتا ہے "مَسَّہُ الْخَابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ
بنا دیا - الخابلان: رات دن۔
اَلْمُخَبِّلُ - فا - مُخَبِّلٌ بغیر الف لام کے زمانہ
کے ناموں میں سے ہے۔
اَلْمُخَبَّلُ - دیوانہ - لنگڑا لولا - وہ شخص جو
درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔
خَبَنَ (ض) خَبْنًا وخِبَانًا - الثوبَ:
موڑ کر سینا — الشاعرُ: شعر میں خَبْن واقع
کرنا (دیکھیے الخبن) (— و اَخْبَنَ) الطعامَ:
کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
اِخْتَبَنَ - الشیَٔ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
اَلْخُبْنَۃُ - کپڑے کی تہ - خوراک جو دامن کی
تہ میں لیجائے - ج خُبَن۔
اَلْخَبْنُ - فی العروض: علم عروض کی اصطلاح
میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر دینا۔
جیسے فَاعِلُنْ سے فَعِلُنْ - رجلٌ (مَخْبُوْنٌ) مرد کہ
جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔
خَبَا (ن) خَبْوًا وخُبُوًّا - خبت النارُ و
الحَدَّۃُ: بجھنا - دھیما پڑنا - کہا جاتا ہے "خَبَا لَہِیْبُہٗ"
اُس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔
اَخْبٰی - النارَ: آگ بجھانا۔
خَبٰی - الشیَٔ: چھپانا۔
اَخْبٰی وخَبّٰی وتَخَبّٰی واسْتَخْبٰی۔
الخباءَ: خیمہ لگانا - اِخْتَبٰی الخباءَ: خیمہ میں
داخل ہونا۔
اَلْخِبَاءُ - اون یا اونٹ کے بالوں کا خیمہ
بالی میں جو یا گیہوں کا چھلکا - کلی کا غلاف
ج اَخْبِیَۃٌ۔
خَتَّ (ن) خَتًّا - الانسانَ ایہ: پیاپے
نیزہ مارنا۔
اَخَتَّہٗ - حصہ کم کرنا - اَخَتَّ الرجلُ:
باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔
اَلْخَتَتُ - بدن کی سستی۔
اَلْخَتِیْتُ - گھٹیا - ناقص۔
خَتَاہٗ (ن) خَتْوًا - عن کذا: روکنا۔
منع کرنا۔
اِخْتَتٰی - خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا
— من فلانٍ: شرم ڈر یا ذلت کی وجہ سے
چھپنا — لہٗ: فریب دینا — الشیَٔ: اچک لینا
مفازۃ (مُخْتَتِیَۃٌ) - بیابان جس میں راستہ
نہ ملتا ہو۔
خَتَرَہٗ (ض) خَتْرًا - بری طرح سے بیوفائی
کرنا۔ صفت (خَاتِرٌ و خَتَّارٌ و خَتِیْرٌ و خَتُوْرٌ و خِتِّیْرٌ)
— (ن ض) خَتْرًا و خُتُوْرًا) نفسہٗ: جی بگڑنا۔
خَتِرَ (س) خَتَرًا - زہر یا دوا وغیرہ پینے
کی وجہ سے بے حس ہونا۔
تَخَتَّرَ - سست و ڈھیلا ہونا - مرض وغیرہ
کی وجہ سے سست ہونا۔
خَتَّرَہٗ - الشرابُ: بے حس کر دینا۔
خَتْرَبَہٗ - کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
خَتْرَشَۃُ - الجرادِ: ٹڈیوں کے کھانے کی
آواز۔
خَتْرَفَہٗ - خَتْرَفَۃً: مارنا اور کاٹنا۔
خَتْرَمَ خَتْرَمَۃً - عاجزی یا گھبراہٹ
کی وجہ سے چپ رہنا۔
خَتَعَ (ف) خَتْعًا وخُتُوْعًا - الدلیلُ بالقومِ:
اندھیرے میں راہبری کرنا — علی القومِ:
اچانک آجانا - (— و اَخْتَعَ) فی الارضِ:
دور تک نکل جانا۔
اَلْخَوْتَعُ والخَتِیْعُ والخُتَعُ - ماہر راہبر -
الخَوْتَعُ: خرگوش کا بچہ - الخُتَعُ: بجو - الخُتَعَۃُ:
مادہ چیتا۔
اَلْخَیْتَاعُ - چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے
باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں۔
خَتْعَرَ خَتْعَرَۃً - نیست و نابود ہونا۔
اَلْخَیْتَعُوْرُ - بدخو عورت - تپتا ہوا ریت
ہر وہ چیز جو ایک حالت پر قائم نہ رہے - اور
نیست و نابود ہو جائے - ترمرے (یعنی وہ جو
سخت گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے
کی مانند فضا میں اُترتا ہوا معلوم ہوتا ہے)
بیوفا - دنیا - بھیڑیا - بھوت - بخیل - شیطان
قیر - مصیبت - دور کی مسافت - ایک قسم کا
کیڑا جو پانی پر ہر وقت اِدھر اُدھر پھرتا رہتا ہے
خَتَلَہٗ (ن ض) خَتْلًا وخَتَلَانًا وخَاتَلَہٗ
مُخَاتَلَۃً - فریب دینا - کہا جاتا ہے "خَاتَلَ
الصیادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو
احساس نہ ہو - صفت (خَاتِلٌ و خَتُوْلٌ)
تَخَاتَلُوْا - باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِخْتَتَلَ - لاسرارِ القومِ: چوری سے سننا
اِخْتَتَلَ الرجلُ: فریب دینا۔
اَلْمَخْتَلُ - چھپنے کی جگہ - خرگوش کا سوراخ
اَلْخُوْتَلُ - خوش طبع و دانا مرد۔
اَلْخَتَّالُ - بڑا فریبی - مؤنث خَتَّالَۃ۔
خَتْلَعَ - الرجلُ خَتْلَعَۃً: دیہات کی طرف
نکلنا۔
خَتْلَمَ - الشیَٔ: خفیہ طریقہ سے لینا۔

خَتَمَ (ض) خَتْمًا وخِتَامًا - الشئَ وعلیہ: مہر لگانا — العملَ: ختم کرنا — الکتابَ: پوری پڑھ لینا — الاناءَ: مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَتَمَ علیک بابَہ" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا — اللہُ لَہُ بالخیر: اچھا انجام کرنا — علی قلبہ: بے سمجھ کر دینا۔ — الزَّرعَ وعلیہ: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔

خَتَّمَ - اچھی طرح ختم کرنا۔ خَتَّمَ: انگوٹھی پہنانا۔

اِخْتَتَمَ - خاتمہ پر پہونچنا۔

تَخَتَّمَ - الخاتمَ بہ: انگوٹھی پہننا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بالعقیقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی — بامرہ: چھپانا — عنہ: غفلت برتنا اور چپ رہنا۔ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بعمامتہ" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔

اِخْتَتَمَہُ - پورا کرنا۔

اَلخَتْمُ - مہر۔ شہد۔

اَلخَاتَامُ - انگوٹھی۔ مہر۔ جـ خَوَاتِیمُ۔

اَلخَاتَمُ والخَاتِمُ - جـ خَوَاتِمُ وخُتُمٌ: انگوٹھی۔ مہر۔ انجام۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔

اَلخَاتِمَۃُ - الخاتم کا مؤنث۔ انجام۔ نتیجہ جـ خَوَاتِمُ وخَاتِمَاتٌ۔

اَلخُتُمُ - انگوٹھی۔

اَلخِتَامُ - مہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے۔ جـ خُتُمٌ۔

اَلمُخَتَّمُ - مِنَ الخیلِ: گھوڑا جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔

خَتَنَ (ن ض) خَتْنًا - الشئَ: کاٹنا۔ — الصبیَّ: ختنہ کرنا۔ صفت مفعول۔ (خَتِینٌ وخَتُونٌ) عامٌ خَتُونٌ: خشک سال۔ وخَتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔

خَتَنَ (ن) خُتُونًا وخُتُونَۃً وخَتَانَۃً - داماد بننا۔ خَاتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔

اِخْتَتَنَ - الصبیُّ: ختنہ شدہ ہونا۔

اَلخِتَانُ والخِتَانَۃُ - ختنہ۔ الخِتَانَۃُ: ختنہ کرنے کا پیشہ۔

اَلخَتَنُ - عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالہ، داماد۔ جـ اَخْتَانٌ۔

اَلخَتَنَۃُ - الختن کا مؤنث۔ ساس۔

اَلخَاتُونُ - بیگم۔ معزز عورت کا لقب جـ خَوَاتِینُ (کلمہ عجمی ہے)

خَتَا یَخْتُو خَتْوًا - غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا۔ خَتَاہُ: روکنا۔

اَخْتَی - المتاعَ: ایک ایک کرکے بیچنا

اِخْتَتَی اِخْتِتَاءً - مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔

خَثَّثَ - الشئَ: جمع کرنا اور درست کرنا

اِخْتَثَّ - شرم کرنا۔

اَلخُثُّ - سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ یا خشک شدہ کائی۔

اَلخُثَّۃُ والخُثَّۃُ - آگ سلگانے کیلئے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا مٹھا۔

خَثَرَ (ن) خَثْرًا وخُثُورًا وخَثَرَانًا و خَثِرَ (س) خَثَرًا وخَثُرَ (ک) وتَخَثَّرَ اللبنُ: گاڑھا ہونا۔ دہی بننا۔ صفت (خَاثِرٌ)

خَثَرَتْ (ض) خَثْرًا - نفسُ الرجلِ: جی متلانا۔ مضطرب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِستیقظَ فلانٌ خاثِرَ النفسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا۔

خَثِرَ (س) خَثَرًا - شرم کرنا۔

خَثَّرَ واَخْثَرَ - اللبنَ: گاڑھا کرنا۔

اَخْثَرَ الزبدَ: مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا اور امثال عرب میں سے ہے "مایدری اَیُخْثِرُ ام یُذِیبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو۔

اَلخَاثِرَۃُ - جماعت۔

اَلخُثَارُ - دسترخوان کا باقیماندہ۔

اَلخُثَارَۃُ - چیز کا باقیماندہ حصہ۔ دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصہ جو باقی رہ جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبَ صَفْوُہُ وبَقِیَتْ خُثَارَتُہُ" اس کا خالص حصہ ختم ہوگیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔

تَخَصَّرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا ——— بالمِخْصَرَةِ۔ لاٹھی کو ہاتھ میں لینا۔
الخَصْرُ۔ کمر ——— خَصْرُ القَدَمِ: تلوے کا گہرا حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج خُصُور۔
الخَصَرُ۔ سردی۔
الخَصِرُ۔ ٹھنڈا۔
الخِصَارُ۔ ازار۔
الخَاصِرَةُ۔ من الانسان: پہلو۔ ج خواصر ——— پہلو کا درد۔
المِخْصَرَةُ۔ ٹیک لگانے کی چیز جیسے لاٹھی چھڑی وغیرہ۔ عصائے شاہی جسکو بادشاہ تقریر کے وقت اپنے ہاتھ میں لے۔ ج مَخَاصِر۔ مَخَاصِرُ الطریقِ: اقرب ترین راستہ۔
المُخَصَّرُ۔ باریک کمر والا۔ کہا جاتا ہے "ہو مُخَصَّرُ القدمین" وہ ایسا شخص ہے جس کا تلوا زمین سے نہیں لگتا۔
رَجُلٌ (مَخْصُورٌ) کمر یا پہلو میں درد والا۔
أَخْصَرُ۔ مختصر یا اختصر کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔

خَصَفَ (ض) خَصْفًا و أَخْصَفَ و إِخْتَصَفَ۔ النعلَ: جوتہ سینا۔ جوتے پر ایک اور چمڑا چڑھانا ——— الشئَ علی الشئِ: چپکانا کہا جاتا ہے "ہُم یَخْصِفُونَ أقدامَ القومِ بأقدامِہِم" وہ لوگ قوم کی قدم بقدم پیروی کرتے ہیں۔
خُصِفَ۔ پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔
خَصَّفَ۔ بد خلق ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو اسکے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَصَّفَه الشیبُ" بڑھاپے نے اس کے نصف بال سفید کر دیئے۔
الخُصْفُ۔ مع۔ جوتا۔
الخَصَفُ۔ سیاہ اور سفید سے مرکب رنگ۔
الخَصَفَةُ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ موٹا کپڑا۔ ج خَصَف و خِصَاف۔
الخَصَفُ و الخَصَفَةُ۔ چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔
الخُصْفَةُ۔ جوتہ وغیرہ کا سوراخ۔
الخَصَّافُ۔ بڑا جھوٹا۔ موچی۔
الخَصِيفُ۔ راکھ۔ سلا ہوا جوتہ۔ تازہ دودھ جو دہی پر ڈالا جائے۔ (——— و الأَخْصَفُ) سفید و سیاہ۔ سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔ الأَخْصَفُ: شتر مرغ۔ مؤنث خَصْفَاء۔
المِخْصَفُ۔ ستالی۔ ج مَخَاصِف۔
شاة (مُخَصَّفَةٌ) سفید و سیاہ رنگوں والی بکری۔
خَصَلَ (ن) خَصْلًا۔ الشئَ: کاٹنا۔ جدا کرنا۔ (خَصَلَ (ن) خَصْلًا و خِصَالًا) القومَ: فائق ہونا۔ مرتبہ میں بڑھ جانا۔
خَصَّلَ۔ ٹکڑے کرنا ——— الشجرَ: چھانٹنا
خَاصَلَه خِصَالًا و مُخَاصَلَةً: تیر اندازی میں شرط لگانا۔
أَخْصَلَ۔ الرامی: نشانہ پر ٹھیک لگانا۔
تَخَاصَلَ۔ القومُ: تیر اندازی میں باہم شرط لگانا۔
الخَصْلُ۔ مع۔ تیر کا نشانہ پر لگنا۔ شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو جس پر جوا کھیلا جائے کہا جاتا ہے۔ "أَحْرَزَ خَصْلَه و أصابَ خَصْلَه" یعنی وہ غالب رہا۔ ج خُصُول۔
الخَصْلَةُ۔ عادت (حسنہ یا قبیحہ۔ غالب استعمال حسنہ کیلئے ہے) تیر کا نشانہ پر لگنا۔ ج خِصَال (——— و الخُصْلَةُ) گچھا۔ کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ۔ ج خُصَل۔ الخَصْل: لٹکے ہوئے درخت کا کنارہ۔
الخُصْلَةُ۔ بالوں کا گچھا۔ گوشت کا عضو
الخَصِيلَةُ۔ بالوں کا گچھا گوشت جس میں پٹھا بھی ہو۔ ج خَصِيل و خَصَائِل۔ کہا جاتا ہے "إرتعدت فرائصُه واضطربت خصائلُه" اس کے شانہ کا گوشت کانپنے لگا اور پٹھے والا گوشت تھر تھرانے لگا۔
المِخْصَلُ۔ شمشیر بُراں (مفصل میں ایک ضعیف لغت)
المِخْصَالُ۔ درانتی۔
خَصَمَه (ض) خَصْمًا۔ جھگڑے میں غالب آنا۔
خَاصَمَه خِصَامًا و مُخَاصَمَةً۔ جھگڑا کرنا۔ اسم (الخُصُومَة) ہے۔
أَخْصَمَه۔ جھگڑا کرنے کیلئے دلیل بتانا۔
تَخَاصَمَ و إِخْتَصَمَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔
الخَصْمُ۔ مع۔ مد مقابل۔ مخالف جھگڑا کرنے والا۔ تثنیہ۔ جمع اور مؤنث کے لئے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا و ہُم و ہی خَصْمِی" ج خُصُوم و خِصَام و أَخْصَام۔
الخُصْمُ۔ جانب۔ گوشہ۔ ج أَخْصَام و خُصُوم۔
الخَصِيمُ۔ جھگڑالو۔ ج أَخْصَام و خُصَمَاء و خُصْمَان۔
الخَصِمُ۔ ج أَخْصَام و خَصِمُون و (الخُصُوم)

جھگڑالو - مخالف - مدمقابل -

الخَصِیْن - کلہاڑی - ج خُصُن و اَخْصُن (مؤنث ہو کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے)

خَصَی (ض) خِصَاءً - ہ: خصی کرنا -

الخَصِی - فوطوں میں درد والا -

الخَصِیّ - وہ شخص جس کے فوطے نکال لئے گئے ہوں - آختہ - ج خِصْیَة و خِصْیَان

الخُصْیَة - فوطہ - ج خُصًی - خُصْیَةُ البَحْر و خُصَی الثَّعْلَب و خُصْیَةُ الدِّیْک و خُصْیَةُ الکَلْب: مختلف نباتات کے نام -

خَضْخَضَ - الجَارِیَةَ: سفید مہرے پہنا کر سنوارنا -

خَاضَنَهٗ مُخَاضَنَةً - بیع بالعوض کرنا -

الخَضْخَض - سفید مہرے - رنگ برنگ کے کھانے - بیہودہ گفتگو - کہا جاتا ہے "منطق خضخض"

الخَضَاخِض - کم حیثیت زیور - روشنائی - قیدی کی بیڑی - کتے یا بلی وغیرہ کے گلے کا پٹا - رجلٌ خضاخض و خضاخضۃ: بیوقوف مرد - مکان (خضیض) پانی سے تر جگہ -

خَضَبَ (ض) خَضْبًا و خَضَّبَ - الشیءَ: رنگین کرنا -

خَضَبَ (ض) و خَضِبَ (س) خُضُوبًا و خُضِبَ و اَخْضَبَ - الشجرُ او المکانُ: سرسبز ہونا -

تَخَضَّبَ و اِخْتَضَبَ - بالحناء: رنگین ہونا - صفت (خَضِیْب) ج خُضُب و (مَخْضُوب و مُخَضَّب)

اِخْضَوْضَبَ اِخْضِیْضَابًا - الشجرُ: سرسبز ہونا -

الخَاضِب - شترمرغ جس کے پیچ پر اور جس کی ٹانگیں موسم ربیع کی گھاس کھانے سے سرخ ہوگئی ہوں -

الخَضْب - مم - درخت کی سبزی - بارش کے بعد نئی اگی ہوئی سبزی - ج خُضُوب -

الخِضَاب - رنگ - رنگ کرنے کی چیز

الخُضَبَة - بہت خضاب لگانیوالی عورت -

الخُضُوب - بارش کے بعد نئی اگی ہوئی سبزی -

الخَضِیْب - رنگا ہوا - کہا جاتا ہے "کفٌ خضیبٌ و امرأةٌ خضیبٌ" رنگی ہوئی ہتھیلی خضاب لگائی ہوئی عورت ج خُضُب -

الکَفُّ الخَضِیْب: ایک ستارے کا نام -

المِخْضَب - کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن - لگن -

خَضْخَضَ خَضْخَضَةً - الماءَ وغیرہ: ہلانا -

تَخَضْخَضَ - ہلنا -

الخُضَاخِض - من الاماکن: جگہ جس میں پانی و درخت زیادہ ہوں - بڑے پیٹ والا موٹا مرد (- والخضخض) پچھوائی اور پروائی کے درمیان کی ہوا -

خَضَدَ (ض) خَضْدًا - العودَ: بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا - موڑنا - الشجرَ: کانٹے کاٹنا - الرجلُ: ککڑی گاجر وغیرہ کی مانند تر چیز کھانا -

خَضَّدَهٗ - کاٹنا -

تَخَضَّدَ و اِنْخَضَدَ - العودُ: ٹوٹنا -

اِنْخَضَدَتِ الثمارُ: پھلوں کا پارہ پارہ ہونا -

الخَضَد - کاٹی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی لکڑی - پھلوں کی پژمردگی - نباتات کی کمزوری - خَضَدُ البَدَن: کاہلی کے ساتھ بدن کا درد اور ٹوٹنا - خَضَدُ السَّفَر: تکان سفر - (- و الخُضَاد) اعضاء کا درد -

الخَضِد والمَخْضُود - اٹھنے سے عاجز کمزور - کہا جاتا ہے "رجلٌ مخضودٌ" - ذلیل سے عاجز مرد -

الاَخْضَد و المُتَخَضِّد - دوہرا ہوجانے والا

المِخْضَد - بہت کھانے والا -

خَضِرَ (س) خَضَرًا - سبز ہونا - الزرعُ: سرسبز و شاداب ہونا -

خَضَرَ (ن) خَضْرًا - النخلَ: کاٹنا -

اَخْضَرَ - الربیعُ النباتَ: سرسبز و شاداب کرنا -

خَضَّرَ - الشیءَ: سبز کرنا -

خَاضَرَهٗ مُخَاضَرَةً - درخت کے اوپر ہی کچا پھل بیچ دینا -

اِخْضَرَّ و اِخْضَوْضَرَ - سبز ہونا - و اخضرَّ اللیلُ: سیاہ ہونا -

اِخْتَضَرَ - الفاکہۃَ: وقت سے پہلے کچا کھانا - العشبَ: سبز رہتے ہوئے کاٹنا - الجاریۃَ: بلوغ سے پہلے بکارت زائل کرنا. اُخْتُضِرَ: جوان مرنا -

الخِضْر و الخَضِر - اس ذات گرامی کا نام جن سے حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تھی - اور اس کی کچھ تفصیل سورۂ کہف میں ہے -

الخَضِر - سبز - ٹہنی - کھیتی - سبز ترکاری سبزہ زار -

الخَضَار - نئی سبزی - زیادہ پانی ملا ہوا دودھ -

الخَضِیْر - سبز - سبز ترکاری -

الخُضْرَة - سبز رنگ - ترکاری - نرمی و تازگی کہا جاتا ہے "غصنٌ فیہ خضرۃٌ" ٹہنی جس میں نرمی ہو - ج خُضَر و خُضْر و "خضراء الدمن" کوڑے کی سبزی (ایسی چیز جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو اس کیلئے بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں) و الخضرۃ فی الوان الابل والخیل: مٹیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو - فی الوان الناس: گندم گونی -

الخَضَّار - سبزی فروش -

الخُضَارَة - سبز ترکاریاں - خُضَارَۃ: سمندر کیلئے علم ہے اور تانیث اور معرفہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے -

الخُضَارِيّ والخُضَيْرِيّ - ایک قسم کا
پرندہ جس کا رنگ سبزی مائل زرد ہوتا ہے
اور اس کو اخیل بھی کہتے ہیں ج خُضَارِيّ -
الخَضْرَاء - اخضر کا مؤنث - القُبَّةُ الخَضْرَاءُ :
آسمان - خَضْرَاءُ القَوْمِ : قوم کا بڑا حصہ ج
خَضْرَاوَات - الخَضْرَاوَات : ترکاریاں - سبزیاں
الأخْضَرَان - گھاس و درخت -
الأخَاضِر - سونا - گوشت و شراب -
الأخَيْضِر - مکھی - آنکھ کی ایک بیماری
المُخْضَرَّة - سبزہ زار -
خَضْرَبَ خَضْرَبَةً - الماءَ : لہریں
ماءٌ خُضَارِب - لہریں لینے والا پانی -
المُخَضْرِب - فصیح و بلیغ مرد -
الخِضْرِیج - ککڑی خربوزہ وغیرہ کی فالیز
الخُضَارِع والمُتَخَضْرِع - بخیل جو
تکلف سے سخاوت کرے -
خَضْرَمَ - الأُذُنَ : کان کا کچھ حصہ کاٹ
لینا -
الخِضْرِم - بہت پانی والا کنواں -
بہت بڑا سمندر - کہا جاتا ہے "بَحْرٌ خِضْرِمٌ"
بہت پانی والا سمندر و "رَجُلٌ خِضْرِمٌ" بہت
فیاض مرد - (- والخُضَارِم) ج خَضَارِم و
خَضَارِم وخَضَارِمَة :
الخُضْرُم - میٹھے اور کھاری کے درمیان
کا پانی - گوہ کا بچہ -
المُخَضْرَم - غیر مختون - وہ شخص جو خود
کالا ہو اور اس کا باپ سفید رنگ کا ہو - وہ
شخص جو حسب کے لحاظ سے ناقص ہو - وہ شخص
جس نے جاہلیت و اسلام کے زمانوں کو دیکھا ہو
مُخَضْرَمُ الدَّوْلَتَیْن : وہ شاعر جو بنو امیہ اور بنو
عباس دونوں کی حکومتوں میں رہا ہو - ناقةٌ
مُخَضْرَمَة : اونٹنی جس کے کان کا کنارہ کٹا ہوا ہو
ماءٌ مُخَضْرَم : میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی -
خَضَعَ (ف) خُضُوعًا وخَضَعًا و
خُضْعَانًا - عاجزی کرنا - فروتنی کرنا - سرنگوں ہونا -
صفت (خَاضِع) ج خُضَّع و (خُضُوع) ج
خُضُع --- لَهُ : تابع و فرمانبردار ہونا --- النَّجْمُ :
مائل بغروب ہونا --- الرَّجُلَ : ساکن کر دینا -
خَضِعَ (س) خَضَعًا - الرَّجُلُ : جھکا ہوا
ہونا - صفت (أخْضَع) مؤنث خَضْعَاء -
خَضَّعَ - عاجز کرنا --- اللَّحْمَ : ٹکڑے
ٹکڑے کرنا -
أَخْضَعَ - عاجز ہونا --- ه : عاجز کرنا -
کہا جاتا ہے "أَخْضَعَتْنِي إِلَيْكَ الحَاجَةُ" تمہارے
سامنے حاجت نے مجھ کو عاجز بنا دیا
الکِبَرُ فلانًا : بڑھاپے کا کسی کو پست گردن
بنا دینا -
خَاضَعَ - نرمی سے گفتگو کرنا -
تَخَضَّعَ واخْضَوْضَعَ - بتکلف عاجزی
ظاہر کرنا -
اِخْتَضَعَ - عاجز ہونا --- الصَّقْرُ : ٹوٹ
پڑنے کیلئے سر جھکانا --- فی سَیْرِه : تیز چلنا -
الخَضَع - مص - پیدائشی گردن کی پستی -
الأخْضَع - ذلت پر راضی - دبی ہوئی
گردن والا -
الخُضَعَة - ہر ایک کے عاجزی ظاہر
کرنے والا - اپنے ہمسر پر غالب آنیوالا - ج
خُضَع -
الخَضَعَة والخُضُعَة - تلواریں - کوڑے
تلواروں اور کوڑوں کی آواز - کہا جاتا ہے -
"سَمِعْتُ لِلسِّيَاطِ خَضَعَةً" میں نے کوڑوں
کے پڑنے کی آواز سنی -
الخَضِيعَة - آواز جو جانور کے پیٹ سے
سنائی دے - سیلاب کی آواز -
الخَيْضَعَة - لڑائی کا شور - میدان جنگ
اور اس کا غبار -
الخَيْضَع - مِنَ الرِّجَالِ : ذلت پر راضی
ہونے والا -
خَضَفَ (ض) خُضَافًا وخَضْفًا - گوز
کرنا - صفت (خَضِيف وخُضُوف وخُضَّاف)
الخَضَف - چھوٹا کدو یا ککڑی یا خربوزہ
الأخْضَف - سانپ -
المُخَضِّفَة - شراب -
خَضِلَ (س) خَضَلًا وأَخْضَلَ و
اِخْضَلَّ واخْضَوْضَلَ - تر ہونا -
نمناک ہونا - ه - نت (خَضِل وخَاضِل)
کہا جاتا ہے "عَیْشٌ خَضِلٌ" شاداب زندگی -
و "شِوَاءٌ خَضِلٌ" اچھی طرح سے بھنا ہوا گوشت
و "سِنَانٌ خَضِلٌ" خون سے تر نیزہ -
خَضَّلَ وأَخْضَلَ - الشَّیْءَ : تر کرنا -
اِخْضَالَّ واِخْضِئْلَال - تر ہونا -
--- الشَّجَرُ : بہت گھنی اور بکثرت پتے ہونا -
الخَضَل والخَضْل - صاف موتی -
ایک قسم کے ہیرے - واحد (خَضْلَة)
الخُضْلَة - تر و تازگی - آسودگی - نعمت
زندگی کا آرام و آسودگی -
الخَضِيلَة - سرسبز و شاداب باغ -
المُخْضَل والمُخْضَلّ - آسودہ زندگی
والا -
الخَضْلَاف - گوگل کا درخت -
خَضَمَ (ض) وخَضِمَ (س) خَضْمًا -
الطَّعَامَ : انتہائی داڑھ سے کھانا - منہ بھر
کے کھانا -
أَخْضَمَ - لَهُ فی العَطَاءِ : زیادہ دینا -
الخِضَمّ - بڑا سمندر - سردار - بڑا فیاض
(عورت کی صفت میں یہ نہیں آتا) بڑی جماعت
سان رکھنے کا پتھر - سَيْفٌ خِضَمٌّ : شمشیر براں -
الخُضَام والخُضَامَة - وہ چیز جو
انتہائی داڑھ سے کھائی جائے -
الخَضِيمَة - سبز نباتات - بہت نباتات
والی زمین - اُبلا ہوا گیہوں -
الخَضْمَة - درمیان - چیز کا بڑا حصہ -
المُخْضَم والمُخْضِم - آسودہ زندگی والا
خَطَّ (ن) خَطًّا - بالقَلَمِ : لکھنا
الخَطَّ لِنَفْسِهِ : نشان لگا کر اپنے لیے مخصوص کرنا

— الشَّیْءَ: قلم وغیرہ سے لکھنا — عَلَی الشَّیْءِ: نشان لگانا۔ علامت لگانا — الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا — عِذَارُہٗ: رخسارہ پر بال نکلنا — القبرَ: کھودنا — الرِّیَاحُ الرملَ: دھاری ڈالنا — فِی الْاَرْضِ: لکیر کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "جَارَاہُ فَمَا خَطَّ غُبَارَہٗ" اس نے اُس کا مقابلہ کیا اور گرد کو بھی نہ پہونچا۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَخُطُّ فِی الْاَرْضِ" فلاں اپنے معاملہ میں غور و فکر کر رہا ہے۔ خَطَّ الطَّعَامَ وَفِی الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا — فِی نَوْمِہٖ: خراٹے لینا۔

خَطَّطَ - لکیریں کھینچنا — المخطوطَ: نقش کرنا — البلادَ: حدود مقرر کرنا۔

اِخْتَطَّ - الوجہُ او غیرہٗ: دھاری دار ہونا — الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا — الارضَ او الدارَ: اپنا معلوم ہونے کیلئے حد بندی کرنا — خُطَّۃً: معین کرنا علامت لگانا۔

الخَاطّ - فا - جادوگر۔

الخَطّ - تحریر - کتابت - لمبا راستہ۔ خَطُّ الاِسْتِوَاءِ: وہ فرضی خط جو کرۂ زمین کو دو حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ ج خُطُوط و خُطُوطُ الکَفِّ: ہاتھ کی لکیریں۔

الخُطّ والخَطّ - راستہ - سڑک - محلہ

الخِطّ والخِطَّۃ - وہ زمین کہ جس پر سب سے پہلے تم آئے اور تم سے پہلے کوئی نہیں آیا۔ زمین کا وہ حصہ جو کوئی اپنے لئے خاص کرلے۔ ج خِطَط۔

الخُطَّۃ - کام۔ کہا جاتا ہے "تِلْکَ خُطَّۃٌ لَیْسَتْ مِنْ بَابِیْ" یہ کام میری شان کا نہیں ہے۔ "فِی رَاْسِہٖ خُطَّۃٌ" اس کے سر میں کوئی خیال ہے۔ خصلت - جہالت - مشکل معاملہ جس کا کوئی حل نہ ملے۔ ج خُطَط۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَبْنِی خُطَطَ المَکَارِمِ" فلاں شرافت اور بزرگی کے مقامات کی بنیاد رکھتا ہے۔

الخَطِّیّ - نیزہ جو خط کی جانب منسوب ہے۔ اور بحرین کی ایک بندرگاہ کا نام ہے جہاں نیزے بکتے تھے۔ ج خَطِّیَّۃ۔

المَخْطُوط - زمین پر پاؤں کا نشان چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو رنگنے کی چیز۔ جنگلی گائے

الخَطَّاط - بہت لکھنے والا۔

المِخَطّ - کپڑے پر دھاری ڈالنے کی لکڑی

المُخَطَّط - دھاری دار - خوبصورت۔

خَطِیَٔ (س) خَطَأً - غلطی کرنا — فی دِیْنِہٖ: قصداً یا بلا قصد غلطی کے راستہ پر چلنا (— خِطْأً و خِطَاءۃً) گناہ کرنا صفت (خَاطِی) ج خُطَاۃٌ - مؤنث خَاطِئَۃٌ ج خَوَاطِی۔

خَطَأَت (ف) خَطْأً - القِدْرُ بِزَبَدِہَا: جھاگ پھینکنا۔

خَطَّأَہٗ تَخْطِیْئًا و تَخْطِئَۃً - غلطی کی طرف نسبت کرنا۔

اَخْطَأَ اِخْطَاءً و خَاطِئَۃً - غلطی کرنا — الطریقَ: چوک جانا — الرجلَ: غلطی میں ڈالنا — الرامی الغرضَ: نشانہ پر نہ لگنا — فی عَمَلِہٖ: راہ راست سے ہٹ جانا۔

تَخَطَّأَ و تَخَاطَأَ - غلطی کرنا۔ تَخَطَّأَہٗ و تَخَاطَأَہٗ: غلطی میں ڈالنا — السہمُ الرمیّۃَ: نشانہ سے ہٹ جانا۔ تَخَطَّأَ لَہٗ فِی المَسْئَلَۃِ و غیرہا: کسی کی غلطی ڈھونڈھنے کے در پے ہونا۔

الخِطْء - گناہ۔

الخَطْء والخَطَأ والخَطَاء - گناہ اور بقول بعض غیر ارادی گناہ۔ غلطی۔

الخَطَّاء - بہت غلطی کرنے والا۔ بہت گناہ کرنے والا۔

الخَطِیْئَۃ - گناہ۔ اور بقول بعض ارادی گناہ۔ ج خَطَایَا و خَطِیْئَات۔

خَطَبَ (ن) خُطْبَۃً و خَطْبًا و خَطَابَۃً - وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے سامنے خطبہ پڑھنا۔ کہا جاتا ہے "خَطَبَ الْقَوْمَ وَفِی الْقَوْمِ" اس نے قوم کے سامنے تقریر کی۔

خَطُبَ (ک) خَطَابَۃً - واعظ ہونا مقرر ہونا۔ لیکچرار ہونا۔

خَطَبَ (ن) خَطْبًا و خِطْبَۃً و خِطِّیْبَی - الفتاۃَ: منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خَطَبَ الْفَتَاۃَ عَلٰی فُلَانٍ" اس نے فلاں کے لئے لڑکی کی منگنی کی۔

خَطِبَ (س) خَطَبًا - الشَّیْءُ: تیرہ مائل سُرخ زرد ہونا۔

تَخَاطَبَ خِطَابًا و مُخَاطَبَۃً و تَخَاطُبًا - باہم گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاطَبَہٗ فِی فُلَانٍ" اس نے اس سے فلاں کے بارے میں گفتگو کی۔

اَخْطَبَ - الصیدُ فلانًا: قریب ہونا — الحنظلُ: رنگین ہونا — الحنظلُ: زرد ہونا۔ اور سبز دھاریاں پڑنا۔

اِخْتَطَبَ - الفتاۃَ: منگنی کرنا — القومُ فلانًا: قوم کی لڑکیوں میں سے کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لئے کسی کو بلانا — عَلَی المِنْبَرِ: خطبہ دینا۔

الخَطْب - مم - حالت۔ کہا جاتا ہے "مَا خَطْبُکَ" تمہاری کیا حالت ہے اور کس چیز نے تم کو اس پر برانگیختہ کیا ہے۔ معاملہ خواہ چھوٹا یا بڑا عموماً بڑے اور ناپسندیدہ معاملہ کے لئے مستعمل ہے۔ ج خُطُوب۔

الخِطَاب - گفتگو۔ فَصْلُ الخِطَابِ: فیصلہ کن حکم جو دلیل یا قسم کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد للہ کے بعد اَمَّا بَعْدُ کہنا۔

الخُطْبَۃ - تقریر - گفتگو۔ خُطْبَۃُ الکِتَابِ: کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَۃ: تیرہ رنگ جس میں سُرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطْب - منگنی کرنیوالا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ خِطْبُہَا و ہِیَ خِطْبُہٗ" ج اَخْطَاب۔

الخِطْبَۃ - مم - منگنی کرنا۔ عورت جس سے منگنی کی جائے

الخَطَّاب - منگنی کرنیوالا۔ بہت تقریر کرنیوالا

الخَطَّابَۃ - بہت تقریر کرنیوالا (مذکر مؤنث)

الخَطَّاب کا مؤنث۔

الخَطِیب۔ منگنی کرنیوالا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِیبٌ" خوش بیان مرد۔ ج خُطَبَاء۔

الخِطِّیب۔ عورت کو پیغام نکاح دینے والا ج خِطِّیبُون۔

الخِطِّیبَی۔ عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔

الاَخطَبُ۔ شِکرا۔ مِنَ الحَنظَل: سبز دھاریوں والا اندرائن۔ الاَخطَبُ: خطابت کا اسم تفضیل ہے جیسے کتابت سے اَکتَبُ اور شعر سے اَشعَر۔ کہا جاتا ہے "کَانَ اَخطَبَ اَہلِ زَمَانِہٖ" وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں بڑا مقرر تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطرًا وخَطِیرًا۔ فِی مَشیَتِہٖ: ہاتھوں کو اوپر نیچے کرتے ہوئے چلنا الرُّمحُ: ہلنا۔ بِسَیفِہٖ اور رُمحِہٖ: فخر وغرور کرتے ہوئے ہلانا۔ —— بِیَدِہٖ: چلنے میں آگے پیچھے کرنا۔ —— خَطرًا وخَطَرَانًا وخَطِیرًا) الجَمَلُ بِذَنَبِہٖ: بار بار اٹھانا اور رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ (ن ض) خُطُورًا۔ الاَمرُ لَہٗ: سوجھنا خَطَرَتِ الحَوَادِثُ: پیش آنا۔ خَطَرَ الاَمرُ بِبَالِہٖ و عَلٰی ذِہنِ بَالِہٖ: بھولنے کے بعد یاد آنا۔

خَطُرَ (ک) خَطَرًا وخُطُورَةً) عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (خَطِیرٌ) ج خُطَرَاءُ

خَاطَرَ مُخَاطَرَةً بِنَفسِہٖ: خطرہ میں ڈالنا —— ہ عَلٰی کَذَا: شرط لگانا۔

اَخطَرَ۔ الشَّیءَ فِی او عَلٰی او بِبَالِہٖ: یاد دلانا —— ہ: بلند مرتبہ میں ہم مثل ہونا —— المَالَ: مال کو شرط پر رکھنا —— المَرِیضُ: خطرہ میں ہونا۔ صفت (مُخطِرٌ)

تَخَطَّرَ ہٗ۔ پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَطَّرَ اِلَیَّ شَرُّ فُلَانٍ" فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔

تَخَاطَرَ۔ القَومُ عَلَی الشَّیءِ: شرط لگانا۔

الخَطرُ۔ غلہ کا ایک بڑا پیمانہ (—— واَلخَطرُ) اونٹ کے سرینوں پر مینگنی اور پیشاب لگ کر جما ہوا۔ بادل جو سامنے ظاہر ہو۔

الخِطرُ۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔ بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ ایک قسم کی گھاس جسکو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ ج اَخطَار۔

الخَطَرُ۔ قریب ہلاکت ج اَخطَار۔ کہا جاتا ہے "رَکِبُوا الاَخطَارَ" وہ لوگ خطروں میں پڑ گئے۔ شرافت۔ بلندی رتبہ۔ مثل۔ ہم پلہ (اور ذی رتبہ چیز ہی میں استعمال ہوتا ہے) جیسے فِی ظِلِّ عَیشٍ خَطِیرٍ بِمَا لَہٗ خَطَرٌ۔ شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جائے۔ ج خِطَار۔ ج خُطُر۔

الخَطرَةُ۔ ایکبار۔ تم کہتے ہو "مَا لَقِیتُہُ اِلَّا خَطرَةً" میں اس سے ایک بار ملا۔

الخَاطِرُ۔ فا۔ امر یا تدبیر جو دل میں گزرے خیال اور کبھی دل اور نفس پر بھی مجازًا اطلاق کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی خَاطِرِی" میرے دل میں واقع ہوا۔ وفُلَانٌ سَرِیعُ الخَاطِرِ فلاں تیز طبیعت ہے۔ وجَاشَ الشِّعرُ فِی خَاطِرِی" میرے دل میں شعر کی آمد ہوئی۔ ج خَوَاطِر۔

الخَطَّارُ۔ الخَاطِرُ کا اسم مبالغہ۔ عطر فروش۔ نیزہ مارنے والا۔ نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار تیل۔ ج شیر۔

الخَطَّارَةُ۔ اونٹوں کا باڑہ۔

الخَطِیرُ۔ عالی مرتبہ۔ شریف۔ مہار۔ رسی ترمرے۔ رات کی تاریکی۔ دھمکی۔ شادمانی۔ بلند رتبہ چیز کا مثل۔ کہا جاتا ہے "لَیسَ لَہٗ خَطِیرٌ" اس کا کوئی ہم پلہ نہیں۔

المَخَاطِرُ۔ خطرے (اس کیلئے مفرد نہیں)

الخُطرُبُ والخُطَارِبُ۔ افتراپرداز۔ جھوٹا۔

خَطرَفَ وتَخَطرَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ صفت (خِطرِیفٌ وخُطرُوفٌ) خَطرَفَہٗ

بِالسَّیفِ" تلوار سے مارنا۔

خَطِفَ (س) خَطفًا۔ الشَّیءَ: اچک لینا —— البَرقُ البَصَرَ: چندھیا کر دینا —— السَّمعَ: چوری سے سننا۔

خَطِفَ (س) وخَطَفَ (ض) خَطَفَانًا۔ تیز چلنا۔ صفت (خَطِیفٌ وخَیطَفٌ)

خَطَّفَ۔ اُچک لینا (تشدید مبالغہ اور تکثیر کے لئے ہے)

اَخطَفَ۔ خطا کرنا —— ہ المَرَضُ: بیماری کا ہلکا ہونا یا بالکل زائل ہونا —— الرَّجُلُ: کچھ بیمار ہونا اور جلدی سے چنگا ہونا۔

تَخَطَّفَ واختَطَفَ۔ الشَّیءَ: چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔ اچک لینا۔

الخَطَفُ والخُطُفُ۔ لاغری اور پہلوؤں کا دبلا پن۔

الخَطفَةُ۔ جھپٹا۔ عضو جسکو درندہ جھپٹا مار کر اتار لے۔ یا انسان کسی زندہ جانور سے کاٹ لے۔

الخَاطِفُ۔ فا۔ بھیڑیا۔ تیر جو زمین پر پڑ کر نشانہ پر لگے۔ ج خَوَاطِف۔

اَخطَفُ۔ الحَشَی: دبلا۔

الخَاطُوفُ۔ درانتی کی مانند جس کو جال میں باندھ کر ہرن وغیرہ کا شکار کرتے ہیں۔

الخَطَّافُ۔ الخَاطِفُ کا اسم مبالغہ۔ چور۔ شیطان۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ۔ الخُطَّافُ: آنکس کی مانند ایک قسم کا ٹیڑھا لوہا جس سے کسی چیز کو اچک لیا جائے۔ ج خَطَاطِیفُ وخَطَاطِیفُ السِّبَاعِ: درندوں کے چنگل۔

الخَطَفَی والخَیطَفَی۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَمشِی الخَطَفَی" وہ تیز چلتا ہے۔

الخَطِیفَةُ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے میں دودھ ملا کر پکاتے ہیں اور پھر چمچے سے جلدی جلدی کھاتے ہیں۔

خَطِلَ (س) خَطَلًا واَخطَلَ۔ فِی کَلَامِہٖ:

بہت بولنا اور فحش بولنا — فی منطقہ اور رأیہ غلطی کرنا۔ جیسے "إِصَالَتُہُ الرَّأْيِ صَانَتْنِي مِنَ الْخَطَلِ" رائے کی اصالت نے مجھ کو غلطی سے بچایا۔

تَخَطَّلَ۔ فِي الْمَشْيِ: ناز و انداز سے چلنا

الْخَاطِلُ۔ باطل۔

الْخَطَلُ۔ مص۔ بیوقوفی۔ سبکی۔ سرعت بہت ردی گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ "أَرَى فِي مَشْيِهِ خَطَلًا" میں اُس کی چال میں ضعف محسوس کرتا ہوں۔ گفتگو سے پریشان۔

الْخَطِلُ۔ بیہودہ گفتگو والا۔ بیوقوف سَہْمٌ خَطِلٌ: نشانہ سے خطا کرنے والا تیر۔ ثَوْبٌ خَطِلٌ: موٹا کھردرا کپڑا جو لمبائی کی وجہ سے زمین پر کھنچے۔ ج أَخْطَال۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَطِلُ الْيَدَيْنِ" سخت ہاتھوں والا مرد وَرُمْحٌ خَطِلٌ: بے ڈول لمبا نیزہ۔

الْخَطِلُ: تیز اور جلدی نیزہ مارنے والا۔ جیسے "أَحْوَسُ فِي الْهَيْجَاءِ بِالرُّمْحِ خَطِلٌ" شجاع و بہادر لڑائی میں تیز اور جلدی نیزہ مارنیوالا ہوتا ہے۔ خَطِلٌ بِالْمَعْرُوفِ: داد و دہش میں جلدی کرنے والا۔

الْأَخْطَلُ۔ لمبے اور لٹکے ہوئے کانوں والا۔ بیہودہ گفتگو والا۔ مؤنث خَطْلَاءُ ج خُطْل

الْخَيْطَلُ۔ کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر فروش ٹڈی دل۔

خَطَمَهُ (ض) خَطْمًا وَخِطَامًا۔ بِالْخِطَامِ نکیل لگانا۔ خَطَمَهُ بِالْكَلَامِ: خاموش کرنا۔ مغلوب کرنا۔ خَطَمَ الرَّجُلَ: ناک پر مارنا۔ (— خَطْمًا وَخِطَامًا) الْقَوْسَ بِالْوَتَرِ: کمان پر تانت چڑھانا۔

إِخْتَطَمَ۔ الْخِطَامَ: نکیل لگانا۔

الْمَخْطِمُ وَالْمِخْطَمُ۔ ناک۔

الْخَطْمُ۔ مص۔ ناک کا اگلا حصہ۔ چونچ۔ — مِنَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے کا حصہ۔ أَمْرٌ عَظِيمٌ: پہاڑ کی چوٹی۔

الْخِطَامُ۔ مہار۔ نکیل۔ کمان کی تانت ج خُطُمٌ۔

الْخَاطِمُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ خَاطِمُ أَمْرِ بَنِي فُلَانٍ" فلاں بنو فلاں کا قائد ہے اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔

الْخَطَّامُ۔ اسم مبالغہ۔ مِسْكٌ خَطَّامٌ: ناک کو خوشبو سے بھر دینے والی کستوری۔

الْأَخْطَمُ۔ لمبی ناک والا۔ کالا۔ مؤنث خَطْمَاءُ۔ ج خُطْم۔

الْخِطْمِيُّ۔ ایک قسم کی نباتات جو دوا میں کام آتی ہے۔ واحد (خِطْمِيَّةٌ)

خَطَا (ن) خَطْوًا۔ قدموں کے درمیان کشادہ کرکے چلنا۔

خَطَّا وَأَخْطَى۔ الرَّجُلَ: قدموں کو کشادہ کرکے چلانا۔ خُطِّيَ عَنْهُ الشَّيْءُ: زائل کیا جانا۔

تَخَطَّى تَخَطِّيًا وَاخْتَطَى اِخْتِطَاءً۔ ہ إِلَى كَذَا: پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ آگے بڑھ جانا

الْخُطْوَةُ۔ چلنے کے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اسے فشخہ کہتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے۔ "قَرَّبَ اللّٰہُ عَلَيْكَ الْخُطْوَةَ" اللہ تعالیٰ مسافت کو تمہارے لئے قریب کردیں۔ ج خُطًى وَخُطُوَاتٌ وَخُطَوَاتٌ وَخُطْوَاتٌ۔

الْخَطْوَةُ۔ بمعنی خُطْوَةٌ۔ خطا کا اسم مرۃ — فِي الْمِسَاحَةِ: چھ قدم۔

الْخَطِيَّةُ۔ گناہ۔

خَظَا يَخْظُو خُظُوًّا۔ لَحْمُهُ: گٹھا ہونا۔

اَخْظَى۔ الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔ أَخْظَاهُ: موٹا کرنا۔

الْخَظِيُّ۔ گٹھے بدن والا۔ کہا جاتا ہے۔ "إِمْرَأَةٌ خَظِيَّةٌ بَظِيَّةٌ" گٹھیلی بدن کی عورت۔

الْخَيْعَلُ۔ بھیڑیا۔ بجھلا وہ۔ بغیر آستینوں کی قمیص۔ کہا جاتا ہے "خَيْعَلَہُ" یعنی اس نے اسکو بغیر آستینوں کی قمیص پہنائی اور (تَخَيْعَلَ) اس نے بغیر آستینوں کی قمیص پہنی۔

خَفَّ (ض) خَفًّا وَخِفَّةً وَخَفَّةً۔ ہلکا ہونا۔ خفیف العقل ہونا۔ کم مال والا ہونا۔ — الْمَطَرُ: کم ہونا۔ (— خَفًّا وَخِفَّةً وَخُفُوفًا) إِلَى الْعَدُوِّ: جلدی کرنا — الْقَوْمُ: جلدی کوچ کرکے کم ہونا۔

خَفَّفَ۔ الشَّيْءَ: ہلکا کرنا۔ — الْحَرْفَ: مشدد نہ کرنا — الثَّوْبَ: باریک بنانا۔

أَخَفَّ۔ کم سامان والا ہونا۔ سبک جان ہونا — الرَّجُلَ: جہالت پر اکسانا۔ عیب لگانا۔

تَخَفَّفَ۔ چرمی موزہ پہننا۔ جلدی کرنا۔

تَخَافَّ۔ ہلکا پھلکا ہونا۔

إِسْتَخَفَّهُ۔ ہلکا سمجھنا۔ جاہل سمجھنا۔ حق و صواب سے ہٹانا — ہ الْغِنَاءُ: طرب و نشاط میں ڈالنا — ہ الطَّرَبُ: ———

إِسْتَخَفَّ بِهٖ: حقیر جاننا۔

الْخِفُّ۔ ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ فِي خِفٍّ مِنْ أَصْحَابِهٖ" وہ اپنے تھوڑے سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔

الْخُفُّ۔ لِلْبَعِيرِ وَالنَّعَامِ: اونٹ اور شتر مرغ کی ٹاپ۔ چرمی موزہ۔ ج أَخْفَافٌ وَخِفَافٌ کہا جاتا ہے "خُفٌّ ضَاحِكٌ" پھٹا ہوا موزہ الْخُفُّ: قدم کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت زمین۔

الْخِفَّةُ۔ ہلکا پن (جسم میں ہو یا عقل میں یا عمل میں)

الْخَفِيفُ۔ ہلکا۔ پھرتیلا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيفُ الرُّوحِ" وہ لطیف اچھی صحبت والا ہے "خَفِيفُ الْقَلْبِ" ذکی "خَفِيفُ الْعَقْلِ" بیوقوف "خَفِيفُ الظَّهْرِ" کم اولاد والا "خَفِيفُ الْيَدِ" پھرتیلا "خَفِيفُ الْعَارِضَيْنِ" داڑھی میں کم بال والا۔ ج أَخِفَّاءُ وَخِفَافٌ وَأَخْفَافٌ الْخَفِيفُ: علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الْخُفَافُ۔ ذکی۔ تیز فہم۔

الْخَفَّافُ۔ چرمی موزوں کا بیچنے والا۔

الخَفُّوف - بجو۔

خَفَأَ (ف) خَفْأً - الشَّیْءَ: اکھیڑ کر زمین پر پٹکنا ۔ البیتَ: ڈھا کر گرا دینا ۔ القِرْبَةَ: مشک کو پھاڑ کر زمین پر بچھا دینا تاکہ پانی جذب نہ ہو۔

خَفَتَ (ن) خُفُوتًا - الصوتُ: پست ہونا۔ صفت (خَافِتٌ و خَفِيتٌ)۔ (ـــ) خُفَاتًا - اچانک مرنا۔ (ـــ وخَفْتًا و خَافَتَ وتَخَافَتَ - بکلامہ و بصوتہ: پوشیدہ رکھنا پست کرنا۔ آہستہ کرنا ۔ بالقراءۃ: آہستہ پڑھنا۔ خَافَتَہٗ: پست گفتگو کرنا۔ تَخَافَتَ: بتکلف ضعف و سکون ظاہر کرنا۔

الخُفُت - ایک قسم کی نباتات۔

الخُفْتَان - چلتہ (جنگ میں پہننے کا ایک لباس) (دخیل)

الخَافِتُ - بے پانی کا بادل۔ زرعٌ خافتٌ: کمزور پودہ جو ابھی لمبا نہ ہوا ہو۔

الخَفْتَلُ و الخُفَاتِلُ - کم عقل ضعیف البدن۔ جو خَفَاتِل۔

خَفِجَ (س) خَفَجًا - البعیرُ: خفج کی بیماری لاحق ہونا۔

الخَفِيجُ - کمزور۔ سست۔

الأَخْفَجُ - خفج کی بیماری والا۔ ٹیڑھے پاؤں والا۔ عمودٌ اخفج: ٹیڑھا ستون۔

الخَفَجُ - ٹانگوں میں لڑکھڑاہٹ ہونا۔

خَفْخَفَ خَفْخَفَةً - الخنزیرُ او الضبعُ آواز کرنا ۔ الرجلُ قمیصہ الجدیدَ او القرطاسَ: حرکت دینے سے آواز نکلنا۔

الخَفْخَاف - وہ شخص جس کی آواز ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔

خَفَدَ (ن) خَفْدًا و خَفَدَانًا و خَفِدَ (س) خَفَدًا - تیز چلنا۔

الخُفَدُّ و الخُفَدِّدُ - چمگادڑ یا چمگادڑ کی مانند ایک دوسرا پرندہ۔

الخَفَيْدَدُ - تیز چلنے والا۔ شتر مرغ۔

جو خَفَادِدُ و خَفَادِيدُ و خَفَيْدَدَات۔

خَفَرَ (ن ض) خَفْرًا و خَفَارًا - ہ و بہ و علیہ: پناہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ امن دینا ۔ ہ: پناہ دینے کی اجرت لینا۔ خَفَرَ بالعہدِ: وفا کرنا۔ عہد پورا کرنا۔ (ـــ خَفْرًا و خُفُورًا) فلانًا: عہد توڑنا۔ بیوفائی کرنا۔

خَفِرَتْ (س) خَفَرًا و خَفَارَةً - الجاریۃُ: بہت شرمیلی ہونا۔ صفت (خَفِرٌ و خَفِرَةٌ و مِخْفَار)

خَفَّرَہٗ - امن دینا۔ حفاظت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ کسی کے ساتھ رہبر بھیجنا۔

تَخَفَّرَ - بہ: پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ رہبر بننے کو کہنا۔ تخفّرتِ الجاریۃُ: بہت شرمیلی ہونا۔

الخِفَارَة - (بتثلیث الخاء) رہبری۔ عہد الخُفَارَة: راہبر کی اجرت۔

الخُفْرَة - خفارۃ کے معنی میں اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "ہو فی خفرۃ اللہ" وہ اللہ کے ذمہ ہے "ہذا خُفْرَتِی" یہ میرا رہبر ہے۔

الخَفِيرُ - پناہ دیا ہوا۔ پناہ دینے والا۔ حمایت و حفاظت کرنے والا۔ جو خُفَرَاء۔

المُخَفِّرَة - پناہ دینے والا۔

خَفَسَہٗ (ن) خَفْسًا - ٹھٹھا کرنا۔ خَفَسَ الطعامَ او الشرابَ: تھوڑا کھانا یا پینا ۔ البناءَ: عمارت ڈھانا۔

خَفَسَ (ض) خَفْسًا و أَخْفَسَ - بہت بدزبانی کرنا۔

اِخْتَفَسَ - الماءُ: پانی کا متغیر ہونا۔

تَخَفَّسَ - الرجلُ: لیٹنا۔

شرابٌ (مُخْفِسٌ) جلد مست کرنے والی شراب

خَفَشَ (ن) خَفْشًا - بہ: پھینکنا۔ ـــ البناءَ: ڈھانا۔

خَفِشَ (س) خَفَشًا - کمزور ہونا پیدائشی کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوندا والا ہونا۔ صفت (خَفِشٌ و أَخْفَش)

خَفَّشَ - البدنُ: بدن کا کمزور ہونا۔

ـــ البناءَ: عمارت ڈھانا ۔ الرجلُ: پچھاڑ کر کچل دینا ۔ بالارض: زمین سے چمٹنا۔

الخُفَّاش - چمگادڑ۔ جو خَفَافِیش۔

خَفَضَہٗ (ض) خَفْضًا - پست کرنا ۔ الصوتَ: آہستہ کہنا ۔ الکلمۃَ: زیر دینا خَفَضَ الصوتُ: آہستہ ہونا ۔ بالمکان: اقامت کرنا ۔ الرجلُ: مرنا ۔ الابلُ: آہستہ چلنا ۔ الجاریۃَ: ختنہ کرنا ۔

خَفُضَ (ک) خَفَاضًا - العیشُ: آسودہ و خوشحال ہونا۔ صفت (خَفِیضٌ و خَفْضٌ و خَافِضٌ و مخفوضٌ)

خَفَّضَ - الشیءَ: آسان کرنا۔ نرم کرنا اور اسی سے ہے "خَفِّضْ عَلَیْکَ" یعنی اپنے اوپر نرمی کرو۔

تَخَفَّضَ - الامرُ: آسان ہونا۔

اِنْخَفَضَ - بلندی کے بعد پست ہونا ۔ الصوتُ: پست ہونا۔

اِخْتَفَضَ - السعرُ: بھاؤ گرنا۔

الخَافِضُ - فا - اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور کہا جاتا ہے: ہُوَ خَافِضُ الطیرِ و خَافِضُ الجناحِ "وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے۔ مؤنث خَافِضَةٌ۔ الخَافِضَة: لڑکیوں کی ختنہ کرنے والی۔

الخَفْضُ - مص (ـــ والخَفِیضَة) آسودگی فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ فی خَفْضٍ مِنَ العَیْشِ" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔

خَفَعَ (ف) خَفْعًا - بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا۔ خَفَعَہٗ بالسیفِ: تلوار سے مارنا (خَفْعًا و خَفَعَانًا) السترَ: ہلنا۔

أَخْفَعَہٗ - الجوعُ: چکرا کر گرا دینا۔

اِنْخَفَعَ - بیہوشی کے قریب ہونا۔

المَخْفُوع - دیوانہ۔

خَفَقَہٗ (ن ض) خَفْقًا - بالسیفِ: آہستہ تلوار سے مارنا ۔ النعلُ: جوتے سے آواز نکلنا (ـــ خَفْقًا و خُفُوقًا و خَفَقَانًا) الفؤادُ:

دھڑکنا — الرَّایَۃُ : پھڑپھڑانا — البَرقُ : کوندنا (— خُفُوقًا) النَجمُ : غروب ہونا — اللیلُ : اکثر حصہ گزر جانا — الطائرُ : اڑنا — الرجلُ فی البلادِ : سفر کرنا — المکانُ : خالی ہونا۔

اَخفَقَ - مضطرب ہونا - حاجت میں ناکام رہنا - محروم ہونا — القومُ : قوم کے توشہ کا ختم ہوجانا — بِرَاسِہٖ : اونگھ سے سر ہلانا — بِثَوبِہٖ : کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا — النجمُ : غروب ہونا — الطائرُ : بازو پھڑپھڑانا — ہ : پچھاڑنا۔

اِختَفَقَ - العَلَمُ او السرابُ : جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔

الخَفقَۃُ - خَفَقَ کا اسم مرۃ۔

الخُفقَۃُ - کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ۔

الخَیفَق والخَیفَقَۃ والخُفَق والخُفَقَۃ - پتلی کمر کا گھوڑا (خَیفَقَۃ اور خُفَقَۃ میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے) - جمع خَفَاق و خَیفَقَات و خُفَقَات۔

الخَافِق - فا - مکانٌ خافقٌ : انیس سے خالی جگہ - رجلٌ خافقُ العَینِ : دھنسی ہوئی آنکھ والا۔

الخَفَّاق - اسم مبالغہ - خَفَّاقُ القَدَمِ : وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو۔

الخَفَّاقَۃ - دبر - اِمرَاَۃٌ خَفَّاقَۃُ الحَشَا : پتلی کمر والی عورت۔

الخَافِقَان - پورب پچھم۔

الخَوَافِق والخَافِقَات - خافقہ کی جمع جھنڈے - خَوَافِقُ السَّمَاءِ : ہوا چلنے کی چاروں سمتیں۔

الخَیفَق - مصیبت - بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی - وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو۔

المَخفَق - ہموار زمین جس میں سراب حرکت کرتا ہوا

المِخفَق - چوڑی تلوار۔

المِخفَقَۃ - کوڑا جس سے مارا جائے - اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا۔

مَخَافِق - النجم : ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں۔

المَخفُوق - مفعو - پاگل - دیوانہ۔

الخَافِل - بھاگنے والا۔

الخَفَن - پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔

الخَیفَان - ٹڈی - واحد (خَیفَانَۃ)

الخَفَّان - شتر مرغ کے جوڑے۔

الخُفَّان - ایک قسم کا نرم پتھر - یہ استعمال عوام ہے - فصیح لفظ الرخفہ ہے۔

خَفَا (ن) خَفوًا و خُفُوًّا - البرقُ : چمکنا — الشیءُ : ظاہر ہونا۔

خَفَی (ض) خَفیًا و خُفِیًّا - الشیءَ : ظاہر کرنا - کہا جاتا ہے "خَفَی المَطَرُ الفَارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا - چھپانا - پوشیدہ کرنا - (ضد)

خَفِیَ (س) خَفَاءً و خُفیَۃً و خِفیَۃً پوشیدہ ہونا - صفت (خافٍ و خَفِیٌّ)

خَفّٰی و اَخفٰی - الشیءَ : پوشیدہ کرنا - چھپانا - کہا جاتا ہے "خَفِّ عَنَّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ - و اَخفَی الرجلُ : چھپنا - پوشیدہ ہونا - اِختَفَی الشیءَ : سرپوش ہٹانا۔

تَخَفَّی و اِستَخفَی - چھپنا - پوشیدہ ہونا

اِختَفَی - الشیءَ : ظاہر کرنا - نکالنا — مِن فلانٍ : چھپنا — البِئرَ : کھودنا۔

الخَفَاء - مص - پوشیدگی - کہا جاتا ہے "بَرِحَ الخَفَاءُ" یعنی معاملہ واضح ہوگیا - پردہ - چادر جو لباس کو چھپالے - پوشیدہ چیز - جمع اَخفِیَۃ - اَخفِیَۃُ الکَرٰی : آنکھیں - اَخفِیَۃُ الزُّہرَۃِ : کلی کے غلاف۔

الخَفِیّ - لوگوں سے علیحدہ - مخفی جگہ میں رہنے والا - کہا جاتا ہے رجلٌ خَفِیُّ البَطنِ پچکے ہوئے پیٹ کا مرد۔

الخَافِی والخَافِیَاء - جن۔

الخَافِیَۃ - الخافی کا مؤنث - پوشیدہ چیز پوشیدگی - جن - جمع خَوَافٍ - اور کہا جاتا ہے "اَرضٌ خَافِیَۃٌ" جنوں کی سرزمین۔

الخَوَافِی - پرندے کے بازوؤں کے پیچھے چھپے ہوئے پر - اور امثال عرب ہے "لَیسَ القَوَادِمُ کَالخَوَافِی" سخت پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں۔

الخَفِیَّۃ - الخَفِیّ کا مؤنث - گنجان جھاڑی کنواں جس میں پانی ہو - جمع خَفَایَا و خَفِیَّات کہا جاتا ہے "بِہٖ خَفِیَّۃٌ" اس پر کچھ جنون و دیوانگی کا اثر ہے۔

المُختَفِی - فا - کفن چور۔

خَقَّت (ض) خَقًّا و خَقِیقًا و خَقِیقًا - القِدرُ : جوش سے سنسنانا - خَقَّ السَّیلُ فی الاَرضِ : گہرا گڑھا کر دینا (— و اَخَقَّت) البَکرَۃُ : چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا۔

الخَقّ - جمع اَخقَاق و خُقُوق و (الاُخقُوق) والاُخقِیق) زمین کا شگاف - تالاب جب کہ خشک ہوجائے۔

خَاقَان - ترکوں کے بادشاہ کا لقب - جمع خَوَاقِین - کہا جاتا ہے (خَقَّنَ) القومُ عَلَی اَنفُسِہِم : لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنالیا۔

خَلَّ (ض) خَلًّا و خُلُولًا - لحمُہٗ : دبلا ہونا کم گوشت ہونا (ن خَلًّا) الشیءَ : سوراخ کرنا — الفَصِیلَ : زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کیلئے لکڑی ڈالنا — فی دُعَائِہٖ : خاص کرنا۔

خَلَّ - اِلَیہِ : محتاج و فقیر ہونا۔

خَلَّلَ - العَصِیرُ : کھٹا ہونا - سرکہ بننا — العصیرَ : سرکہ بنانا — الاَسنَانَ : خلال کرنا - خَلَّلَ فی دُعَائِہٖ : خاص کرنا۔

خَالَّ مُخَالَّۃً و خِلَالًا و خُلَالًا - دوستی کرنا - بھائی بندی کرنا۔

اَخَلَّ - محتاج ہونا — بالشیءِ : کوتاہی کرنا۔

چھوڑ دینا — الوالی بالثغور: لشکر کم کر دینا — بمرکزہٖ: مرکز کو چھوڑ دینا — بالثغور: غائب ہو جانا — بالرجل: پورا حق نہ دینا بالامر: بُرے طریقے سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا اَخلّہٗ اللہ: محتاج کر دینا۔ اُخِلّ بالرجل: — محتاج ہونا۔

تَخَلَّلَ۔ القومَ: قوم میں مل جانا — ہ بالرمح: پیاپے نیزے مارنا — الشیءُ فیہ: نفوذ کرنا — المطرُ: مخصوص جگہ میں برسنا — الرجلُ: خلال کرنا۔

اِختَلَّ۔ الامرُ: کمزور و فاسد ہونا — عقلُہٗ: خراب ہونا — الیہ: محتاج ہونا — العصیرُ: سرکہ بننا — العصیرَ: سرکہ بنانا — لحمُہٗ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا — الرجلُ: اپنے لئے سرکہ بنانا۔

تَخَالُّوا تَخَالًّا۔ باہم دوستی کرنا۔

الخَلُّ۔ مع۔ سرکہ۔ ریگستانی راستہ۔ دُبلے جسم والا۔ لاغر۔ موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی پھٹن۔ ج اَخُلّ و خِلال۔ کہا جاتا ہے "ما لَہٗ خَلٌّ ولا خَمرٌ" اسکے پاس نہ جید ہے نہ ردی "و نِسْتُ مِن ہٰذا الامرِ فی خَلٍّ ولا خَمرٍ" مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے کام۔ اُمّ الخَلّ: شراب۔

الخِلُّ والخُلُّ۔ دوست۔ مؤنث خِلّ و خِلّۃ۔ ج اَخلال۔

الخَلَل۔ سستی۔ فساد۔ رائے میں انتشار و پراگندگی۔ شگاف۔ دراڑ۔ ج خِلال۔

الخِلَل۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ واحد (خِلّۃ) کہا جاتا ہے "ہو خِلَل القومِ" وہ قوم کے درمیان ہے۔

الخَلّۃ۔ عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا سرکہ تھوڑی سی کھٹی شراب۔ حاجت۔ محتاجی۔ ج خِلال و خَلَل۔ الخَلّۃ: ہلکی پھلکی عورت۔

الخُلّۃ۔ گھاس جس میں مٹھاس ہو۔ ج خُلَل۔ دوستی۔ عادت۔ بیوی۔ محبوبہ۔ دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) تم کہتے ہو "ہو، ہی و ہن خُلّتی"۔

الخِلّۃ۔ دوستی۔ بھائی بندی۔ تلوار کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو۔ چمڑا جو منقش ہو۔ ج خِلَل و خِلال۔

الخِلال۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ لکڑی جو اونٹ کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہو تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ ج اَخِلّۃ (— والخِلالۃ) دانت صاف کرنے کا تنکا۔

الخِلال والخُلالۃ۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا بقیہ۔ وخِلالُ الدیار: شہروں کا اردگرد۔ گھروں کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "ہو خِلالہم" وہ اُن کے درمیان ہے۔

الخَلالۃ والخِلالۃ والخُلالۃ۔ سچی دوستی۔

الخَلِیل۔ خالص دوست۔ ج اَخِلّاء و خُلّان۔ لاغر بدن۔ فقیر۔ مؤنث خَلِیلۃ۔ ج خلیلات و خلائل۔ شیءٌ خَلِیلٌ: چھدی ہوئی چیز۔

الخَلّال۔ سرکہ بیچنے والا۔ سرکہ بنانے والا

الاَخَلّ۔ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ محتاج۔ رجلٌ (مُخِلّ) محتاج مرد۔

خَلَأَ (ف) خُلُوءًا۔ جگہ سے نہ ہلنا۔ خَلَأَتِ الناقۃُ: اَڑ جانا۔

خَالَأَ مُخَالَأَۃً۔ القومَ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔

خَلَبَہٗ (ن ض) خَلْبًا۔ بظفرہٖ: خراش لگانا، زخمی کرنا — السَّبُعُ الفریسۃَ: چنگل سے پکڑنا — الفتی: جوان کے دل کو چھین لینا اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔

خَلَبَہٗ (ن) خَلْبًا و خِلابًا و خِلابۃً۔ و خَالَبَہٗ مُخالَبۃً و تَخَلَّبَہٗ و اختَلَبَہٗ۔ نرم کلامی سے فریفتہ کرنا۔ صفت (خالِبٌ و خَلُوبٌ و خَلّابٌ و خَلَبُوت) مؤنث خالِبۃٌ و خَلِبۃٌ و خَلُوبٌ و خَلّابۃٌ و خَلَبُوت۔

خَلِبَت (س) خَلَبًا۔ المرأۃُ: بیوقوف ہونا صفت خَلْباء۔

اَخْلَبَ۔ الماءُ: کیچڑ والا ہونا۔ صفت (مُخْلِب)

اِستَخلَبَہٗ۔ بظفرہٖ: خراش لگانا۔

الخِلْب۔ جگر کے اوپر کی جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج اَخلاب۔ (— والمِخلَب۔ چنگل ج مَخالِب۔ المِخلب: درانتی۔

الخُلْب والخُلُب۔ کیچڑ۔ کھجور کے درخت کا گودا۔ کھجور کے درخت کی چھال۔ اور اُس کی بٹی ہوئی رسی۔

الخُلَّب۔ بے بارش کا بادل۔ والبرقُ الخُلّب و برقُ الخُلّب: بے بارش کے بادل کی بجلی۔ "اِنّما انتَ کبرقٍ خُلّب" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے

الخِلّیبی۔ فریب۔

المُخَلَّب۔ من الثیاب: بہت نقش و نگار والا کپڑا۔

الخَلَبُوب۔ فریبی۔

خَلْبَسَ۔ اُو خَلْبَسَ قلبَہٗ: فریفتہ کرنا۔

الخَلابِس۔ نرم بات۔

الخُلابِس والخَلابِس والخَلابِیس باطل و جھوٹی باتیں۔ الخَلابِیس: کمینے و فرومایہ لوگ۔

الخَلَنبُوس۔ چقماق۔

خَلْبَصَ۔ بھاگنا۔

الخَلْبُوص۔ چڑیا کا ہم رنگ اس سے چھوٹا ایک پرندہ۔

خَلَجَہٗ (ن ض) خَلْجًا۔ کھینچنا۔ کھینچ کر نکالنا — ہ بعینیہ: آنکھ سے اشارہ کرنا — الشیءَ: حرکت دینا — ہ بالسیف: تلوار سے مارنا — الولدَ: دودھ چھڑانا — ہ الامرُ: مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَجَتْہُ اُمورُ الدنیا" اسکو دنیا کے دھندوں نے پھنسایا۔

خَلَجَتْ (ن ض) خَلْجًا و خُلُوْجًا و
خَلَجَانًا۔ العینُ: پھڑکنا۔
خَلِجَ (س) خَلَجًا۔ چلنے یا تھکنے کی وجہ
سے ہڈیوں کا درد کرنا ــــ الشیءُ: بگڑنا۔
خراب ہونا۔
خَالَجَ۔ قلبَہٗ اَمرٌ: کسی معاملہ کا دل کو سوچ
بچار میں ڈال دینا۔
اَخْلَجَ۔ حَاجِبَیْہِ: مٹکانا۔
تَخَلَّجَ۔ لڑکھڑانا۔ ہلنا۔ جھکنا ــــ الشیءَ:
کھینچنا۔
تَخَالَجَتْہُ۔ الہمومُ: کہا جاتا ہے۔
"تَخَالَجَ فی صدری شیءٌ" یعنی میرے دل
میں کچھ خلجان ہوا۔
اِخْتَلَجَ۔ پھڑکنا ــــ العینُ: پپوٹوں
کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا ــــ الشیءُ فی صدرہٖ:
خلجان ہونا ــــ الشیءَ: کھینچ کر نکالنا ــــ
الولدَ: دودھ چھڑانا۔
اُخْتُلِجَ۔ من بینہم: مرنا۔
الخَالِجُ۔ فا۔ موت۔
الخُلُجُ۔ کانپنے والے بدن کے لوگ۔
مشکوک نسب کے لوگ۔
الاَخْلَجُ۔ رسی۔
الخَلِیْجُ۔ مِنَ البحرِ: کھاڑی۔ (؟)۔ چھوٹی
کشتی۔ رسی۔ ج خُلْجَان و خُلُجٌ۔ خَلِیْجَا النہرِ:
دریا کے دونوں جانب۔
الخِلَاجُ۔ ایک قسم کی دھاری دار چادر
الخَلُوْجُ۔ اونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا
کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اونٹنی۔
پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔
الاِخْلِیْجُ۔ ایک قسم کی گھاس ــــ مِنَ
الخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔
خَلْخَلَ۔ العظمَ: گوشت چھڑا کر صاف
کرنا ــــ المرأۃَ: پازیب پہنانا۔
تَخَلْخَلَ۔ الشیءُ: کسی چیز کے اجزاء کا ڈھیلا
ہوانہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا ــــ من مکانہٖ:
جگہ سے ہلنا ــــ المرأۃُ: پازیب پہننا ــــ
الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخَال۔ ج خَلَاخِیْل و (الخَلْخَل و الخُلْخُل)
ج خَلَاخِل۔ پازیب۔ ثوب (خَلْخَالٌ و خَلْخَلٌ)
باریک کپڑا۔
المُخَلْخَل۔ پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ
عسکر (مُخَلْخَلٌ) بکھری ہوئی فوج۔
خَلَدَ (ن) خُلُوْدًا۔ ہمیشہ رہنا۔ ← (
خَلَدًا و خُلُوْدًا) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری
و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خَالِدٌ و مُخْلِدٌ و مُخَلِّدٌ و مُخَلَّدٌ)
ــــ الی المکانِ و بالمکانِ: اقامت کرنا ــــ
الی الارضِ: چمٹنا۔
خَلَّدَ و اَخْلَدَ۔ الی المکانِ و بالمکانِ:
اقامت کرنا ــــ ہٗ: ہمیشہ کیلئے رکھنا۔ اَخْلَدَ
بصاحبہٖ: ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخْلَدَ الیہ: مائل
ہونا۔ جھکنا۔
الخُلْد۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلْد:
چھچھوندر۔ مَنَاجِدُ الخُلْدِ: کنگن۔ بالی ج خِلَدَۃ۔
الخَلَد۔ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الخَلَدَۃ۔ بالی۔ کنگن۔
الخَالِد۔ فا۔ اَبُو خَالِد: کتا۔
الجَزَائِرُ الخَالِدَات۔ جزائر کناری۔
الخَوَالِد۔ دیگدان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر
الخُلَّر۔ ایک قسم کی نباتات۔ بقولِ بعض
لوبیا یا ماش۔
خَلَسَ (ض) خَلْسًا و خِلِّیْسَی۔ الشیءَ:
فریب سے جھپٹا مار لینا۔
اَخْلَسَ۔ النبتُ: سبز اور خشک ملا جلا ہونا
ــــ الرأسُ: بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت
(خَلِسٌ و خَلِیْسٌ و مُخْلِسٌ) اَخْلَسَتِ الارضُ:
کچھ ہریالی ہونا۔
خَالَسَہٗ مُخَالَسَۃً۔ جلدی کرنا۔
تَخَالَسَ۔ القومُ الشیءَ: ایک دوسرے
سے چھیننا۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا یَتَخَالَسَانِ اَنْفُسَہُمَا"
وہ دونوں ایک دوسرے کو قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔
اِخْتَلَسَ۔ الشیءَ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔
ــــ القاریُ الحرکۃَ: پُر نہ پڑھنا۔ اس کے
مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پُر پڑھنے
کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرفِ
علت پیدا ہو جائے۔
الخُلْسَۃ۔ جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔ موقع
فرصت اور اسی سے ہے "الخُلْسَۃُ سَرِیْعَۃُ الفَوْتِ
بَطِیْئَۃُ العَوْدِ" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور
دیر میں آنے والی ہے۔
الخَلِیْس و الخِلَاس۔ چوکنا بہادر۔
الخَلِیْسَۃ۔ درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا
جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔
الخِلَاسِیّ۔ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ
میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔
خَلَصَ (ن) خُلُوْصًا و خَلَاصًا۔
خالص ہونا ــــ مِنَ الہلاکِ: نجات پانا۔ محفوظ رہنا
ــــ الماءُ مِنَ الکدرِ: صاف ہونا ــــ الی المکانِ
و بالمکانِ: پہونچنا ــــ مِنَ القومِ: جدا ہونا۔
خَلِصَ (س) خَلَصًا۔ العظمُ: گوشت
میں ہڈی کا چورا ہونا۔
خَلَّصَہٗ۔ من کذا: نجات دینا۔ خَلَّصَ الشیءَ:
صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ الرَّجُلَ:
مثل شیء دینا۔
خَالَصَہٗ مُخَالَصَۃً۔ فی العِشْرَۃِ او المَوَدَّۃِ:
خلوص برتنا۔ خَالَصَہُ الوُدَّ: خالص دوستی کرنا۔
تَخَالَصَا۔ باہم خالص دوستی کرنا۔
اَخْلَصَ۔ الشیءَ: خلاصہ لینا۔ چن لینا۔
ــــ ہُ اللہُ: عیوب سے خالی کرنا ــــ الطاعۃَ
و فی الطاعۃِ: بے نام و نمود کے کرنا ــــ الحبَّ
او القولَ: کھوٹ سے خالی کرنا۔
تَخَلَّصَ۔ منہ: نجات پانا۔ جدا ہونا ــــ
من کذا الی کذا: منتقل ہونا۔
اِسْتَخْلَصَہٗ۔ چن لینا ــــ الشیءَ منہ:
اپنے لئے حاصل کرنا۔
الخَلَاص۔ بمعنی (ــــ و الخِلَاص) کھوٹ سے

خالی کیا ہوا (سونا چاندی وغیرہ)

الخُلَاصَة والخِلَاصَة - خالص گھی پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خُلَاصَةُ الکَلَامِ"۔

الإخْلَاص والإِخْلَاصَة - مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے۔ "کَلِمَةُ الإِخْلَاصِ" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰه۔

الخَلَص - ہر سفید چیز۔

الخِلْص - ج خُلَصَاء و (الخُلْصَان) یار یا خالص دوست۔ خُلْصَان مفرد و جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ خُلْصَانِیْ" و "ہُم خُلْصَانِی"۔

الخَالِص - فا۔ بے کھوٹ۔ صاف رنگ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا ثَوْبٌ خَالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص۔

الخَالِصَة - خالص کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ خَالِصَتِی" وہ میرا دوست ہے۔ و "ہٰذَا الشَّیْءُ خَالِصَةٌ لَکَ" یہ چیز تمہارے لئے مخصوص ہے۔

الخُلُوص - رُبّ جو کھجور سے تیار کی جائے۔ تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی۔

المُخَلِّص - فا۔ نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خِلَّطًا - الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَطَ المَرِیضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ و "خَلَّطَ فی الکَلَامِ" اُس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ فی الشَّیْءِ: خراب و فاسد کرنا۔

أَخْلَطَ - الفَرَسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

خَالَطَ مُخَالَطَةً و خِلَاطًا - ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا — الدَّاءُ فُلَانًا: بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ - فی عَقْلِهِ: مخبوط الحواس ہونا۔

إِخْتَلَطَ - ملنا — الظَّلَامُ: تاریکی کا چھا جانا — الرَّجُلُ: خراب عقل والا ہونا۔

— الفَرَسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخَالَطُوا - باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخَلَّاط - مبالغہ۔ لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط - ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان۔ بیوقوف کہا جاتا ہے "ہُوَ خِلْطٌ بَیِّنُ الخَلَاطَةِ" وہ بیوقوف ہے بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج أَخْلَاط - حرامی اور کہا جاتا ہے۔ "رَجُلٌ خِلْطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الأَخْلَاط - ملی جلی قسمیں۔ أَخْلَاطُ الجَسَدِ فی عُرْفِ الأَقْدَمِینَ۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا وأَخْلَاطُ القَوْمِ: قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط - بیوقوف۔

الخُلْطَة - شرکت۔

الخِلَاط - آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلَاطَة - عقل کی خرابی۔ بیوقوفی۔

الخَلِیط - ج خُلُط و خُلَطَاء: خُلْط مُلْط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی مٹی۔ خَلِیطُ الرَّجُلِ: میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِیطٌ مِنَ النَّاسِ" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخُلَیْطَی والخُلَّیْطَی - معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فی خُلَیْطَی" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلَاط والمِخْلَط - بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْلِط) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا - الشَّیْءَ: اُتارنا — کَتِفَهُ أو رُكْبَتَهُ: عضو کو جگہ سے ہٹا دینا — القَائِدَ: معزول کر دینا — الدَّابَّةَ: بندش سے آزاد کر دینا — العِذَارَ: اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایہ ہے بے حیائی سے) — عَلَیْهِ ثَوْبًا: خلعت دینا۔ خَلَعَ الشَّجَرُ: پتے جھڑنا۔ نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ن) خَلْعًا و خُلْعًا - ابْنَهُ: عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خَلِیع) (زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا۔) — إمْرَأَتَهُ: مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خَالِع) اسم (الخُلْعَة)

خُلِعَ - المَیِّتُ: کفن جدا کیا جانا۔

خَلُعَ (ک) خَلَاعَةً - خواہشات نفسانی کا تابع ہونا۔ بیحیا ہونا۔

خَالَعَ مُخَالَعَةً - الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ أو المَرْأَةُ زَوْجَهَا: مال کی شرط پر جدائی اختیار کرنا۔

خَالَعَ الرَّجُلَ: جوا کھیلنا۔

خَلَّعَهُ - جدا جدا۔ خالص کرنا۔

أَخْلَعَ - السُّنْبُلُ: خوشہ میں دانے بیٹھنا — الشَّجَرُ: نئے پتے نکلنا۔

تَخَلَّعَ - فی المَشْیِ: چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا — فی الشَّرَابِ: منہمک ہونا۔ — القَوْمُ: چپکے سے کھسک کر چلا جانا۔

تَخَالَعَ - الزَّوْجُ والزَّوْجَةُ: مال پر جدائی اختیار کرنا — القَوْمُ: باہم عہد توڑنا۔

إِنْخَلَعَ - ہٹ جانا۔ اکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا۔

إِخْتَلَعَ - الشَّیْءَ: نکال لینا۔ کھینچ لینا۔ إِخْتَلَعَ الرَّجُلُ: مال لے لینا۔ إِخْتَلَعَتِ المَرْأَةُ مِنْ زَوْجِهَا: مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)

الخِلْعَة - کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں اتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔

الخُلْعَة - عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِیهِ خُلْعَةٌ" اس میں کمزوری ہے۔

الخُلَاع - ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔

الخَلِيع - بیحیائی کا کام کرکے اپنے مرتبہ کو گرا دینے والا - معزول شدہ - خبیث - جوئے باز ج خُلَعَاء - بھیڑیا - بھوت - ثَوْبٌ خَلِيعٌ: بوسیدہ کپڑا۔

الخَلِيعَة - بے حیائی - الخلیع کا مؤنث - من مانی عورت۔

الخُوَلِع - بیوقوف - ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے - سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت - بھیڑیا (— والخَلِيع) خوف جو دل پر طاری ہو - الخَلِيع: بے آستینوں کی قمیص - رَجُلٌ خَلِيعٌ: کمزور مرد۔

المُخَلَّع - نیز — من الرجال: کمزور سست - اکھڑے ہوئے جوڑوں والا - وہ شخص جس کا سارا بدن یا کچھ بدن بےحس ہو۔

الخَلْعَاء والخَلَعْلَع - بجو۔

خَلَفَ (ن) خِلَافَةً وخَلِيفَى - جانشین ہونا — زیداً فی قومہ: جانشین بنانا — الرجلَ: قائم مقام ہونا (— خَلَفًا وخِلْفَةً) الغائبةُ بعضُها بعضًا: ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (— خِلَافَةً وخُلُوفًا) الغلامُ: بیوقوف ہونا۔ صفت (خَالِف وخَالِفَة) — عن خُلُقِ أبيه: باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا (— خُلُوفًا وخُلُوفَةً) فمُ الصائم: منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ن) خَلْفًا) الرجلُ لأهله: اپنے گھر والوں کے لئے پانی لانا — البیتَ: پچھلے حصہ میں ستون لگانا — أباه: باپ کے قائم مقام ہونا - کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللهُ لك وعليك" خدا تعالیٰ تم کو بدلہ دیں — الثوبَ: مرمت کرنا — عن أصحابه: پیچھے رہ جانا — فلانًا: پیچھے سے پکڑنا - جانشین ہونا - اور کہا جاتا ہے "خَلَفَهُ بالسيف" اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری۔ "خَلَفَهُ بخيرٍ أو شرٍّ" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا۔

خَلِفَ (س) خَلَفًا - بائیں ہتھا ہونا - بھینگا ہونا - بیوقوف ہونا - خَلِفَتِ الناقةُ: حاملہ ہونا - صفت (خَلِفَة)

خَلَّفَ - الشيءَ: پیچھے چھوڑنا - مؤخر کرنا — ہ: جانشین بنانا۔

خَالَفَهُ خِلَافًا ومُخَالَفَةً - ناموافقت کرنا - خَالَفَ عن كذا: پیچھے رہنا — بين رِجْلَيْهِ: آگے پیچھے کرنا - اور تم کہتے ہو "خَالَفَنِي عن كذا" جبکہ وہ اعراض کر رہا ہو اور تم قصد کر رہے ہو اور "خَالَفَنِي إلى كذا" جبکہ وہ قصد کر رہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔

أَخْلَفَ - ہ کا بدلنا یا خراب ہونا — الثوبَ: مرمت کرنا — لأهله: اپنے لوگوں کیلئے پانی کھینچنا — وَعْدَهُ وبِوَعْدِهِ: پورا نہ کرنا — ہ: وعدہ خلاف پانا — الغيثُ: امید کے بعد نہ برسنا — الشجرةُ: کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا — الطائرُ: پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا — الغلامُ: قریب البلوغ ہونا — نفسه: ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا — ہ: پیچھے ڈالنا — الدواءُ فلانًا: کمزور کرنا — اللهُ عليه: ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔

تَخَلَّفَ - عنهم: پیچھے رہنا — القومَ: پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا۔

تَخَالَفُوا واخْتَلَفُوا - اختلاف کرنا - ناموافق ہونا - اِخْتَلَفَهُ: جانشین ہونا - پیچھے کرنا - پیچھے سے پکڑنا و اِخْتَلَفَ إلى المكان: بار بار جانا۔

اِسْتَخْلَفَهُ - اپنا جانشین بنانا — فلانًا من فلان: قائم مقام کرنا - اِسْتَخْلَفَتِ الأرضُ: گرمی کی گھاس کو اگانا - اِسْتَخْلَفَ الرجلُ لأهله: اپنے لوگوں کیلئے پانی یا میٹھا پانی لانا - پانی پلانا۔

الخَلْف - مع - ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو - اور اسی سے ہے "هؤلاء خَلْفُ سوءٍ" ان لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں - ردی قول - اور امثال عرب میں ہے "سَكَتَ أَلْفًا ونَطَقَ خَلْفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا - اور بولا تو ردی بات - کلہاڑی کی دھار - بڑا کلہاڑا - بے نفع شخص - پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی - ج خلوف - اور خلف قدام کی نقیض ہے بمعنی پیچھے و بعد ازاں۔

الخُلْف - وعدہ پورا نہ کرنا - خلاف معروف خَلِيف کی جمع - قِيَاسُ الخُلْف: منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔

الخِلْف - مختلف - اونٹنی کے تھن کا سرا - موسم بہار کی گھاس - ج أَخْلَاف وخِلْفَة - الخِلْفَان: دو مختلف صفات والے - کہا جاتا ہے "لَهُ وَلَدَانِ خِلْفَانِ" اسکے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا دوسرا پست قد ہے - اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ الناقةُ خِلْفَيْنِ" اونٹنی ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیئے۔ ذَاتُ الخِلْفَيْنِ: کلہاڑا جس کے دو سرے ہوں - ج ذَوَاتُ الخِلْفَيْنِ۔

الخَلَف - ولد - یا ولد صالح - بدل - کہا جاتا ہے "في هؤلاء القومِ خَلَفٌ مِمَّنْ مَضَى" یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں - وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو - کہا جاتا ہے "أَخْلَفَكَ اللهُ خَلَفًا مِنْ تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں - نسل - اولاد - کہا جاتا ہے "هُمْ كِرَامُ الخَلَفِ عَنِ السَّلَفِ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں - "وهو خَلَفُ صِدْقٍ عن أبيه" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے۔

الخَالِف - قا - بیوقوف - وہ شخص جو تمہارے جانیکے بعد بیٹھا رہے - نَبِيذٌ خَالِفٌ: بگڑی ہی

ہوئی شراب ۔ الخَالِف: گوشت جس میں کچھ بُو
پیدا ہو گئی ہو اور کھانے کے قابل ہو ۔ مونث
الخَالِفَۃ ۔ الخالف کا مؤنث ۔ گذری ہوئی جماعت
کے بعد باقی ماندہ جماعت ۔ مکان کے پچھلے
حصہ کا ستون ۔ رَجُلٌ خَالِفَۃٌ: بیوقوف جھگڑالو
بہت اختلاف کرنیوالا ۔ کہا جاتا ہے "ما أدری
أیّ خَالِفَۃٍ ہُوَ وأیّ الخالف ہُو" میں نہیں
جانتا وہ کون شخص ہے ۔

الخَوَالِف ۔ عورتیں ۔ وہ زمینیں جن کی
پیداوار بعد میں اُگے ۔

الخِلاف ۔ ناموافقت ۔ بید کی ایک قسم
آستین ۔ المَسَائِلُ الخِلافِیَّۃ: مختلف فیہ مسائل

الخِلافَۃ ۔ امارت ۔ قائم مقامی ۔ امامت

الخُلْفَۃ ۔ مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل
ہونا ۔ ج خُلَف ۔

الخِلْفَۃ ۔ آنا جانا ۔ مخالفت ۔ مختلف ۔ کپڑے
کا پیوند ۔ گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے ۔ وہ
چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے ۔ باقی ماندہ
چیز ۔ کہا جاتا ہے "ہُنَّ یَمْشِیْنَ خِلْفَۃً" وہ سب
آگے پیچھے آجا رہی ہیں ۔ "جَعَلَ اللَّیْلَ والنَّہَارَ
خِلْفَۃً" اس نے دن رات کو ایک دوسرے
کے پیچھے آنے جانے والا بنایا ۔ "قومٌ خِلْفَۃٌ"
یعنی اختلاف کرنیوالے لوگ ۔ "وفی البئرِ خِلْفَۃٌ مِنَ
الماء" کنوئیں میں تھوڑا پانی ہے ۔

الخُلْفَۃ ۔ مخالفت ۔ بیوقوفی ۔ عیب ۔
کھانے کا آخری مزہ ۔

الخَلِیْف ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا
راستہ یا پہاڑی راستہ ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے
والا ۔ وعدہ خلاف کرنیوالا ۔ ج خُلُف وخُلَف
وخُلَف ۔ الخَلِیْف: وہ عورت جو بالوں کو
پیچھے لٹکالے ۔

الخَلِیْفَۃ ۔ جانشین ۔ قائم مقام ۔ بڑا
بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو ۔
یہ مذکر ہی کہا جاتا ہے "ہذا خلیفۃ آخر" اور کبھی
لفظ کی رعایت سے مؤنث استعمال کرتے ہیں ۔
اور کہتے ہیں "خَلِیْفَۃٌ اُخْرٰی" ج خُلَفَاء و
خَلائِف ۔ پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے
ہیں اور کہتے ہیں "ثَلٰثَۃُ خُلَفَاء" اور دوسرے
کے لحاظ سے مذکر و مؤنث دونوں لانا جائز ہے
تم کہوگے "ثَلاثُ أو ثَلاثَۃُ خَلائِف"

الأخْلَف ۔ بائیں ہتھا ۔ بھینگا ۔ کم عقل
سیلاب ۔ نرسانپ ۔

المِخْلاف ۔ بہت وعدہ خلاف ۔ ج
مَخَالِیْف ۔ المِخْلاف: پروا ۔ اور اسی سے
"مخالیف الیمن" ہے

المَخْلُفَۃ ۔ بید اُگنے کی جگہ ۔ راستہ ۔ مرحلہ
منزل ۔

خَلَقَہٗ (ن) خَلْقًا وخِلْقَۃً ۔ پیدا کرنا
عدم سے وجود میں لانا — الکذبَ: جھوٹ
گھڑنا — الأدیمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ
کرنا — الشیءَ: ہموار کرنا ۔ چکنا کرنا ۔ ملائم کرنا

خَلِقَ (س) خَلَقًا وخَلُقَ (ک) خُلُوقًا
وخُلُوقَۃً وخَلاقَۃً ۔ چکنا و نرم ہونا ۔

خَلَقَ (ن) وخَلِقَ (س) وخَلُقَ (ک)
خُلُوقَۃً وخَلَقًا ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا ۔
خَلُقَ الشیءُ لَہٗ ۔ لائق ہونا ۔ سزاوار ہونا ۔ خَلُقَ الغلامُ:
اچھے اخلاق والا ہونا ۔

خَلَّقَہٗ ۔ خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا ۔
— العودَ: ہموار کرنا — القِدْحَ: نرم کرنا ۔

خَالَقَہُمْ مُخَالَقَۃً ۔ خوشخوئی کیساتھ
معاشرت کرنا ۔

أخْلَقَ ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا —
الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا — الثوبَ:
بوسیدہ کرنا — ہ الثوبَ: بوسیدہ کپڑا پہنانا ۔
کہا جاتا ہے "أخْلَقْتُ لَہٗ دِیْبَاجَتِیْ" میں نے اسکو
اپنے ایسے راز پر مطلع کردیا جس کے ظاہر
ہونے سے عار ہو ۔

تَخَلَّقَ ۔ خلوق سے خوشبودار ہونا ۔
— بغیرِ خُلُقِہٖ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا ۔
اور اسی سے ہے "لیسَ التَّخَلُّقُ بالأخلاقِ کالخُلُق"
بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں ۔

(— واخْتَلَقَ) الکذبَ: جھوٹ گھڑنا ۔ افترا کرنا

إخْلَوْلَقَ ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا — الرَّسْمُ:
زمین کے برابر ہوجانا — متنُ الفرسِ: چکنی
ہونا — الدارُ: ویران ہونا ۔ اور عَسٰی کے معنی
میں اُمید کیلئے بھی مستعمل ہے ۔ کہا جاتا ہے ۔
"إخْلَوْلَقَتِ السَّمَاءُ أنْ تُمْطِرَ" اُمید ہے کہ
بارش ہو ۔

الخَلْق ۔ مص ۔ فطرت ۔ لوگ ۔ ہر کچی چیز ۔

الخِلْقَۃ ۔ فطرت ۔ ہیئت ۔ ج خِلَق ۔

الخُلْق والخُلُق ۔ طبعی خصلت ۔ طبیعت
مروت ۔ عادت ۔ ج أخْلاق ۔ علم الأخلاق:
حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمتِ
خلقیہ ہے ۔

الخَلَق ۔ مص ۔ بوسیدہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا
ہے "ثوبٌ خَلَقٌ وجُبَّۃٌ خَلَقٌ" ج أخْلاق و
خُلْقَان ۔ اور کہا جاتا ہے "ثوبٌ أخْلاقٌ و
ثِیَابٌ أخْلاقٌ" ۔

الخَلِیْق ۔ بادل جس میں بارش کا اثر ہو ۔

الخَلاق ۔ بھلائی کا وافر حصہ ۔

الخَلاق ۔ چکنا ۔

الخِلاق والخَلُوق ۔ ایک قسم کی خوشبو
جس کا جزوِ اعظم زعفران ہے ۔

الخَلِیْق ۔ لائق مناسب ۔ کہا جاتا ہے ۔
"ہُوَ خَلِیْقٌ بِہٖ" وہ اس کے لائق ہے ۔ کامل
و معتدل اخلاق والا ۔ ج خُلُق و خُلَقَاء

الخَلِیْقَۃ ۔ طبیعت ۔ مخلوق ۔ کنواں جو
کھودا جا رہا ہو ۔ ج خَلائِق ۔

الأخْلَق ۔ زیادہ لائق ۔ چکنا ۔ فقیر
مؤنث خَلْقَاء ۔

المُخَلَّق ۔ کامل و معتدل اخلاق والا ۔

المُخْتَلَق ۔ اخلاق کریمانہ رکھنے والا ۔
کہا جاتا ہے "ہو (مُخْتَلَق) بذالک ولذلک" وہ
اس کے لائق ہے ۔

الخُلَّیْقِیْن ۔ بڑا دیگ ۔ ج خَلاقِیْن ۔

خَلَّمَہٗ تَخْلِيْمًا وَاِخْتَلَمَہٗ۔ اختیار کرنا پسند کرنا۔

خَالَمَہٗ مُخَالَمَۃً۔ دوستی کرنا۔ صفت (مُخَالِمٌ)

الْخِلْمُ۔ دوست۔ ساتھی۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ہڈی۔ بکری کی آنت کی چربی۔ ج أَخْلَام وَخُلَمَاء۔

الْخَالِمُ۔ ہموار۔

ابل (خَلَمِیہ) چرنے والے اونٹ۔

خَلَا (ن) خُلُوًّا وَخَلَاءً۔ الاناءُ: خالی ہونا — المکانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا — الرجلُ: مکان میں اکیلا ہونا — علی الشیءِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا — علی فلان: اعتماد کرنا — بہ: فریب کرنا — الشیءُ: گذرنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْتُہٗ فِیْ خُلُوْنَ مِنَ الشَّہْرِ" میں نے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا — عن الامر ومنہ: بیزار ہونا۔ عن الشیءِ: بھیجنا — بالشیءِ: منفرد ہونا۔

خَلَا (ن) خَلْوَۃً وَخُلُوًّا وَخَلَاءً۔ بہ ومعہ والیہ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خَلَا الرَّجُلُ بِنَفْسِہٖ" منفرد ہونا — للامرِ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا — بالمکان: لازم رہنا — بالہٗ: مطمئن ہونا — الحزنُ: غم سے جدا ہونا۔ صفت (خَالٍ) ج خُلُوّ۔ اور کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ كَذَا وَخَلَاكَ ذَمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔

خَلّٰی تَخْلِيَۃً۔ الامرَ وعنہ: چھوڑنا — مکانہٗ: مرنا — سبیلَہٗ: چھوڑنا آزاد کرنا — بین المشتری والمبیع: سپرد کرنا — بینہما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا۔

خَالَاہٗ مُخَالَاۃً۔ چھوڑ دینا۔

اَخْلٰی اِخْلَاءً۔ المکانَ: خالی کرنا یا پانا — المکانُ: خالی ہونا — ہٖ وبہ ومعہٗ: تنہائی میں ملنا — فلانًا معہٗ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا — عنہٗ: چھوڑنا۔

تَخَلّٰی۔ تنہائی میں رہنا۔ منہٗ وعنہٗ: چھوڑنا — لہٗ: کسی کام کے لئے فارغ ہونا — خَلِیَّۃً: اپنے لئے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔

اِخْتَلٰی: تنہائی میں رہنا۔

اِسْتَخْلٰی۔ ہٖ: تنہائی میں ملاقات چاہنا — بالملکِ: تنہائی میں ملنا — المکانُ: خالی ہونا۔

الْخَلَاءُ۔ مع۔ خالی مکان۔ پاخانہ۔ مکان خَلَاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ فِی الْبَلَدِ الْخَلَاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی۔ "خَلَاؤُكَ اَقْنٰی لِحَيَائِكَ" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیا کا نگہبان ہے "وَاَنَا مِنْہُ خَلَاءٌ" میں اس سے بری ہوں مفرد تثنیہ جمع مذکر ومؤنث سب کیلئے استعمال کر

الْخِلْوُ۔ خالی (مذکر ومؤنث) ج اَخْلَاء اور کبھی مؤنث کے لئے خلوۃ استعمال کرتے ہیں

خَلَا وَمَا خَلَا۔ اِلَّا کے معنی میں کلمۂ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جَاءَ اَتْبَاعُ الْاَمِيْرِ خَلَا اَوْ مَا خَلَا زَيْدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا جیسے "خَلَا زَيْدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے

الْخَلْوَۃُ۔ تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوَات۔

الْخَلِيَّۃُ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلَايَا۔

الْخَلِیُّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "اَنَا خَلِیٌّ مِنْہُ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخْلِيَاء وَخَلِيُّوْن۔ الخلی: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

الْخَالِیْ۔ فا۔ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخْلَاء۔

خَلٰی (ض) خَلْیًا۔ النباتَ: کاٹنا — الماشیۃَ: جانوروں کیلئے گھاس کاٹنا — الفرسَ: منہ میں لگام دینا — اللجامَ من الفرسِ: اتارنا — الشعیرَ فی المخلاۃِ: توبرا میں جو ڈالنا — القدرَ: ہانڈی کے نیچے ایندھن لگانا — ہانڈی میں گوشت ڈالنا۔

خَالٰی مُخَالَاۃً۔ ہٗ: پچھاڑنا۔ فریب دینا

اَخْلَی۔ المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا — الدابۃَ: گھاس کا چارہ دینا۔

اِخْتَلٰی۔ العشبَ: کاٹنا۔

اِنْخَلٰی۔ الخلی: کٹنا۔

اِخْلَوْلٰی اِخْلِيْلَاءً۔ الرجلُ: دودھ پینے پر مداومت کرنا۔

الْخَلٰی۔ تر گھاس۔ ج اَخْلَاء واحد (خَلَاۃ)

الْمِخْلٰی۔ گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔

الْمِخْلَاۃُ۔ توبرہ۔ ج مَخَالٍ۔

الْمُخْتَلِیْ۔ شیر۔

خَمَّ (ن ض) خَمًّا۔ البیتَ: جھاڑو دینا — البئرَ: کنواں صاف کرنا — الناقۃَ: دوہنا — فلانًا: تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ يَخُمُّ ثِيَابَ فُلَانٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے (خَمًّا وَخُمُوْمًا وَاَخَمَّ) اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَامٌّ وَخَمٌّ وَمَخْمُوْمٌ) — اللبنُ: بگڑنا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَخُمُّ" فلان اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔

خُمَّ۔ الدجاجُ: دڑبہ میں بند کیا جانا۔

تَخَمَّمَ۔ ما علی الخوانِ: دسترخوان کا باقیماندہ کھانا کھانا۔

اِخْتَمَّ۔ البیتَ: جھاڑو دینا — الشیءَ: کاٹنا۔

الْخُمَامَۃُ۔ کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔

الْخُمُّ۔ دڑبہ۔ ج خِمَمَۃ۔

الْخِمُّ۔ خالی بلغ۔

الْخِمْخَان۔ مثلثۃ الخاء: ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔

الْمِخَمَّۃُ۔ جھاڑو۔

الْخَمِيْمُ۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ قلب (مَخْمُوْم) حسد وکینہ سے پاک صاف دل۔

الْخَمِيْت۔ موٹا۔

خَمِجَ (س) خَمَجًا۔ بیماری یا تھکن کی وجہ

سے سُست ہونا — اللحمُ: بدبودار ہونا — دِینُہٗ او خُلقُہٗ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا — فلانًا: برائی سے ذکر کرنا۔
خَمْخَمَ۔ گنگنانا۔
الخُمْخُم۔ ایک سمندری چھوٹا جانور۔
الخِمْخِم۔ ایک قسم کی کانٹے دار گھاس
خَمَدَت (ن) وخَمِدَت (س) خَمْدًا و خُمُودًا۔ النارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کا ختم ہو جانا۔ الحُمّیٰ: بخار کی تیزی کا کم ہونا۔ المَرِیضُ: بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔
أَخْمَدَ۔ الرجلُ: بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا — النائرۃَ: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا — النارَ — لپٹ کو بجھانا۔
الخُمُود۔ آگ بجھنے کے لئے دبانے کی جگہ
خَمَرَہٗ (ن ض) خَمْرًا۔ چھپانا — الشہادۃَ: پوشیدہ کرنا — الرجلَ: شراب پلانا — العَجِینَ: خمیر ڈالنا — فلانًا: شرم کرنا۔
خَمِرَ (س) خَمَرًا۔ عنہ: پوشیدہ ہونا چھپنا۔ — عنہ الخبرُ: پوشیدہ رہنا — الشیُٔ: سابقہ حالات سے بدل جانا۔
خَمَّرَ۔ العَجِینَ: خمیر ڈالنا — وَجْہَہٗ: ڈھانپ لینا — بیتَہٗ: گھر میں چھپے رہنا —
خَامَرَ مُخَامَرَۃً۔ بیع میں دھوکا دینا۔ — القلبَ: داخل ہونا — الشیُٔ الآخرَ: باہم ملنا — ہ الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر کرنا — بیتَہٗ: گھر میں چھپے رہنا — بہ: چھپنا
أَخْمَرَ۔ چھپنا — لہ: کینہ رکھنا — الشیَٔ: چھپانا — غافل کرنا — العَجِینَ: خمیر ڈالنا — الامرَ: پوشیدہ کرنا — الأرضُ: زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا — ہ الشیَٔ: تحفہ دینا۔
تَخَمَّرَت واخْتَمَرَت۔ المرأۃُ: اوڑھنی ڈالنا واخْتَمَرَ العَجِینُ: خمیر ہو جانا۔ اِخْتَمَرَ العَصِیرُ: شراب بن جانا۔
الخَمْرُ والخَمْرَۃُ۔ انگوری شراب۔ ہر نشیلی چیز

الخَمْرُ۔ کینہ۔
الخَمَرُ۔ لوگوں کی جماعت و بھیڑ۔ گھنی جھاڑی تم کہتے ہو "تَوَارَیٰ الصَّیدُ عَنِّی فِی خَمَرِ الوَادِی" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا
الخَمِرُ۔ وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو رَجُلٌ خَمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔
الخُمَارُ۔ شراب کی وجہ سے درد سر۔ — والخُمَارُ والخُمْرَۃُ) لوگوں کی کثرت و ہجوم۔
الخِمَارُ۔ اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ جہ أَخْمِرَۃ وخُمُر و خُمْر۔ کہا جاتا ہے "مَا شَمَّ خِمَارَکَ؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔
الخَمِیرُ والخَمِیرَۃُ۔ خمیر۔ الخَمِیرُ: انگوری شراب
الخُمْرَۃُ۔ خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی مہک شراب کی تکلیف و دوران سر۔ بوریہ کی چھوٹی چٹائی۔ خُمْرَۃُ اللَّبَنِ: وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ جہ الخُمُرُ — و الخُمُرَاتُ والخُمَرُ) بوجہ انتہیں پہنچے۔
الخُمْرِیُّ۔ من الالوان: سیاہ جو سُرخی مائل
الخَمَّارُ۔ شراب فروش و (الخَمَّارَۃ) شراب بیچنے کی جگہ۔
الخِمِّیرُ والمُسْتَخْمِرُ۔ بہت شراب پینے والا
المَخْمُورُ۔ شراب کی وجہ سے مست۔
الیَخْمُورُ۔ سمندری گھونگا۔
خَمَسَ (ن ض) خَمْسًا۔ القومَ: پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا — المالَ: پانچواں حصہ لینا — الحَبلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔
خَمَّسَ۔ الشیَٔ: پانچ رکن والا بنانا اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔
أَخْمَسَ۔ القومُ: پانچ ہونا۔
الخُمْسُ والخُمُسُ۔ پانچواں حصہ جہ أَخْمَاس۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ أَخْمَاسًا لِأَسْدَاسٍ"

یعنی اُس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔
خُمَاسَ ومَخْمَسَ۔ پانچ پانچ (یہ خمسۃ سے معدول ہیں) کہا جاتا ہے "جَاءُوا خُمَاسَ ومَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کیلئے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔
الخُمَاسِیُّ۔ پانچ حرفوں والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَۃٌ خُمَاسِیَّۃٌ" پنج سالہ لڑکی۔
الخَمْسَۃُ۔ پانچ۔ مؤنث کے لئے خمس۔
خَمْسُونَ۔ پچاس۔
الخَمِیسُ۔ ویَومُ الخَمِیسِ: جمعرات جہ أَخْمِسَۃ وأَخْمِسَاء۔ الخَمِیسُ: لشکر۔ اس لئے کہ اس میں پانچ جماعتیں میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رُمْحٌ (خَمِیسٌ ومَخْمُوسٌ) پانچ گز کا نیزہ۔
المُخَمَّسُ۔ پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اُٹھانے کیلئے لوہے کا ایک آلہ۔
خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا وخُمُوشًا۔ الوجہَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔
خَمَّشَہٗ۔ زیادہ خراش لگانا۔
الخَمْشُ۔ مص۔ خراش۔ جہ خُمُوش۔
الخَامِشَۃُ۔ چھوٹی نالی۔ جہ خَوَامِش۔
الخُمَاشَۃُ۔ خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو۔ جہ خُمَاشَات۔ یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو۔ جیسے ہاتھ یا کان ناک وغیرہ کاٹنا۔
الخَمُوشُ۔ مچھر۔
خَمَصَ (ن) خَمْصًا وخُمُوصًا و اِنْخَمَصَ۔ الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔
خَمَصَہٗ خَمْصًا وخُمُوصًا ومَخْمَصَۃً۔ الجوعُ: دُبلے پیٹ والا کر دینا — وخَمِصَ (س) خَمَصًا وخَمُصَ (ک) خَمَاصَۃً وخُمُوصًا ومَخْمَصَۃً۔ البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ دُبلا ہونا۔
تَخَامَصَ۔ اللیلُ: صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا — عنہ: یکسو ہونا۔
المَخْمَصَۃُ۔ بھوک۔

خَمَطَ (ن) خَمْطًا و خُمُوطًا و خَمِطَ (س) خَمَطًا ۔ الخمرُ واللبنُ : اچھی بو کا ہونا ۔ بو میں تغیر پیدا ہو جانا ۔ صفت (خَامِط و خَمِط)
خَمَطَ الرجلُ : تکبر کرنا ۔ غضبناک ہونا ۔ (خَمَطَ (ض) خَمْطًا) اللحمَ : بھوننا ۔ صفت مفعول خَمِيط
خَمَّطَ (ن ض) خَمْطًا ۔ اللبنَ : دودھ کو برتن میں ڈالنا ۔
تَخَمَّطَ ۔ تکبر کرنا ۔ غضبناک ہونا ۔ البحرُ : موج مارنا ۔ الفحلُ : بڑبڑانا ۔
الخَمْط ۔ مع ۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز ۔ ہر درخت کا تھوڑا پھل ۔ ہر بے کانٹے والا درخت ۔ پیلو کا پھل ۔ ایک قسم کی سانپ کی چھتری ۔
الخَمْطَۃُ والخَمَطَۃُ ۔ مِنَ اللبنِ : دودھ کی بو ۔
الخَمِيط ۔ بکری کا بچہ کھال اتار کر بھونا ہوا ۔ اور اگر بال اتار کر بھونیں تو اس کو سَمِيط کہتے ہیں ۔
الخَمَّاط ۔ بھوننے والا ۔
خَمَعَ (ن) خَمْعًا و خُمُوعًا و خَمَعَانًا ۔ الضَّبُعُ : لنگڑاتے ہوئے چلنا ۔
الخَامِعَۃ ۔ بجو ۔ ج خَوَامِع ۔
الخُمَاع ۔ لنگڑاہٹ ۔
الخِمْع ۔ بھیڑیا ۔ چور ۔ ج أَخْمَاع ۔
الخَيْسَمَع والخَيْسُوع ۔ بدکار عورت ۔
خَمَلَ (ن) خُمُولًا ۔ ذِكْرُهُ أو صَوْتُهُ : پوشیدہ و کمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلًا) البُسْرَ : نرم ہونے کے لئے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا ۔ کہا جاتا ہے "خَمَلَہُ اللہُ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈالدے ۔
خَمِلَ ۔ جوڑوں کی بیماری والا ہونا ۔
أَخْمَلَہُ ۔ گمنام و بے قدر کرنا ۔ أَخْمَلَتِ الأَرْضُ : بہت گنجان درختوں والی ہونا ۔
أَخْمَلَ القَطِيفَۃَ : روئیں دار بنانا ۔
اِخْتَمَلَتِ ۔ الماشِيَۃُ : جانوروں کا اچھی گھاس والی زمین میں چرنا ۔
الخَامِل ۔ فا ۔ مِنَ الرِّجَالِ : گمنام و بے قدر ۔ ج خُمَّل ۔
الخَمْل ۔ کپڑے کا روواں ۔ (۔۔۔ والخَمَالَۃ والخُمَيْلَۃ) شترمرغ کے پر ۔
الخَمْلَۃ ۔ چادر ۔ روئیں دار کپڑا ۔
الخَمْلَۃ ۔ راز ۔ اندرونی کیفیتیں ۔ ج خَمَلات ۔
الخُمَال ۔ جوڑوں کا درد (۔۔۔ والخَمَالِیّ والخِمْل والخَمْل) خالص دوست ۔
الخَمِيل ۔ روئیں دار کپڑے ۔ نرم خورک گہرا بادل ۔ واحد خَمِيلَۃ ۔
الخَمِيلَۃ ۔ چادر ۔ بہت گھنا درخت ۔ بہت درختوں والی پست زمین ۔ ج خَمَائِل
المُخْمَل ۔ روئیں دار کپڑا ۔
خَمَنَ (ن ض) خَمْنًا و خَمَّنَ ۔ الشیءَ : تخمینہ کرنا ۔ قیمت لگانا ۔ اندازہ کرنا ۔
الخَامِن ۔ گمنام و بے قدر ۔
الخِمْن ۔ بدبو ۔
الخُمَّان ۔ کمزور نیزہ ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی کہا جاتا ہے "ہُمْ خُمَّانُ النَّاسِ" وہ گھٹیا درجہ کے لوگ ہیں ۔
الخُمَّانَۃ ۔ کمزور نیزہ کا پھٹر ۔
خَنَّ (ض) خَنِينًا ۔ ناک میں رونا یا بولنا یا ہنسنا ۔ صفت (أَخَنّ)
خَنَّ (ن) خَنًّا ۔ المالَ : لینا القومَ : قوم کے حرم میں داخل ہونا ۔
أَخَنَّہُ ۔ عقل چھین لینا ۔ صفت (مَخْنُون) قیاس کے مطابق (مُخَنّ) ہونا چاہیئے ۔
اِسْتَخَنَّ ۔ البُسْرُ : بدبودار ہونا ۔
الخِنّ ۔ خالی کشتی ۔
الخُنَّۃ ۔ گنگناہٹ ۔ ناک کی آواز ۔
الخُنَان ۔ آسودگی ۔ آرام ۔
الخُنَان والخِنَان ۔ اونٹوں کا زکام ناک کی ایک بیماری ۔ پرندوں کے گلے کی ایک بیماری ۔
المِخَنّ ۔ لمبا مرد ۔
المَخَنَّۃ ۔ گنگناہٹ و ناک کی آواز ۔ ناک ۔ گھر کا درمیان ۔ صحن ۔ واضح راستہ ۔ راستہ میں داخل ہونے کی جگہ ۔ وادی کی تنگ جگہ ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ مَخَنَّۃٌ لفلانٍ" فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے ۔
خَنَأَ (ف) خَنْأً ۔ الجذعَ ۔ کاٹنا ۔
خَنِبَ (س) خَنَبًا ۔ زکام والا ہونا ۔ لنگڑا ہونا ۔ ہلاک ہونا ۔ کمزور ہونا ۔
أَخْنَبَ واخْتَنَبَ ۔ ہلاک ہونا ۔ أَخْنَبَ ہلاک کرنا ۔ کمزور کرنا ۔
تَخَنَّبَ ۔ تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے بلند کرنا ۔
الخَنَب ۔ ایک قسم کی بیماری جو ناک میں ہوتی ہے ۔
الخِنْب ۔ زانو کا باطنی حصہ ۔ پسلیوں یا انگلیوں کے درمیان کی کشادگی ۔ ج أَخْنَاب
الخُنَّاب ۔ لمبا ۔ بے وقوف ۔
الخُنَابَۃ ۔ بر انشان ۔ برائی ۔
الخِنَابَۃ والخُنَّابَۃ ۔ تکبر ۔ غرور ۔
الخِنَابَتَان والخُنَابَتَان ۔ ناک کے نتھنے ۔
خَنِثَ (س) خَنَثًا ۔ الرجلُ : ہیجڑا ہونا ۔ صفت (خَنِث)
خَنَثَ (ض) خَنْثًا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔ السقاءَ : مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا ۔
خَنَّثَہُ ۔ موڑنا ۔ نرم کرنا ۔ ہیجڑا بنانا ۔
أَخْنَثَ ۔ دوہرا ہونا ۔ لچکنا ۔
تَخَنَّثَ وانْخَنَثَ ۔ ہیجڑا ہونا ۔
خَنَاثِ ۔ مؤنث کیلئے وصف ہے اور صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے ۔ کہا جاتا ہے "یا خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی ۔
خِنَاث ۔ الثوبِ و أَخْنَاثُہُ : کپڑے کی تہیں ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ عَلَى خِنَاثِہِ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو ۔ واحد (خِنْث)
الخُنُث ۔ لچک ۔
الخُنْثَى ۔ ہیجڑا ۔ ج خَنَاثَى و خِنَاث ۔

المِخْنَاث - وہ شخص جس میں بہت زیادہ لچک ہو کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ مِخْنَاث وامْرَأَةٌ مِخْنَاث - ج مَخَانِيث -
المُخَنَّث - ہیجڑا - وہ شخص جس میں لچک ہو
الخُنْجَر والخَنْجَر - بڑی چھری ج خَنَاجِر
خَنْخَنَ خَنْخَنَةً - ناک میں بولنا -
فی کَلَامِہ : گنگنانا -
الخُنْدُب - بدخلق -
الخَنْدَرِيس - پرانی شراب -
الخُنْدُع - خسیس - لئیم -
الخَنْدَق - کھائی - ج خَنَادِق و (خَنْدَقَ خَنْدَقَةً) کھائی کھودنا -
تَخَنْدَذَ - بے شرم دلیر ہونا -
الخِنْذِيذ - لمبا - سخت - پہاڑ کی بلند چوٹی - بلیغ شاعر - بہادر - سخی - بگولہ - بدزبان خصی گھوڑا - ج خَنَاذِيذ -
الخِنْذِيَان - بدزبان -
الخُنْذُع - خسیس - لئیم -
خَنِزَ (س) خَنَزًا و خُنُوزًا - اللحمُ : بدبودار ہونا - صفت (خَنِز و خَنِز)
الخُنْزُوَان والخُنْزُوَانَة - تکبر - غرور
الخَنْزُوَان - بندر - نر سور -
الخِنْزِير - سور - ج خَنَازِير - الخَنَازِير : کنٹھ مالا - خِنْزِيرُ البَحْر : مچھلی کی ایک قسم - خِنْزِيرُ الهِنْد : خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے ہیں - خِنْزِيرَةُ البِئْر : کنوئیں کی چرخی جس پر پانی نکالتے ہوئے رسی لپیٹتے ہیں -
الخَنْزَرَة - موٹائی - پتھروں کے توڑنے کی بڑی کدال -
خَنَسَ (ن ض) خَنْسًا و خُنُوسًا و خِنَاسًا - عنہ : پیچھے ہونا - علیحدہ ہونا - سکڑنا کہتے ہیں - خَنَسْنَا الطَّرِيقَ عَنَّا - یعنی ہم راستہ سے گذر گئے اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا -
بَيْنَ أَصْحَابِہ : چھپنا -

خَنَسَ (ن ض) خَنْسًا - پیچھے کرنا -
إِبْهَامَہ : سمیٹنا - کہا جاتا ہے " أَشَارَ بِأَرْبَعٍ و خَنَسَ إِبْهَامَہ " اس نے چار انگلیوں سے اشارہ کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا - القولَ : بری بات کہنا - الشيءَ عنہ : چھپانا -
فلانًا و بہ : غائب کر دینا - چھپا دینا - صفت خَانِس ج خُنَّس -
خَنِسَ (س) خَنَسًا - ناک کا چپٹا ہونا اور اس کے سرے کا اٹھا ہوا ہونا - صفت (أَخْنَس) مؤنث خَنْسَاء ج خُنْس اسم الخَنَس
أَخْنَسَہ - عنہ : روکنا - پیچھے کرنا - کہا جاتا ہے " أَخْنَسْتُ عنہ بعضَ حَقِّہ " میں نے اسکے کچھ حصہ کو روک لیا - أو عَن الطَّرِيق : دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا -
تَخَنَّسَ - بہ : غائب کر دینا -
اِنْخَنَسَ - عنہ : پیچھے ہونا - سکڑنا -
الخُنَّس - ہرنوں کے رہنے کی جگہ - ہرنیا جنگلی گائے -
الخُنَّس - ستارے یا صرف سیارے - یا بقول بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں - زحل - مشتری - مریخ - زہرہ - عطارد -
الخَنْسَاء - نیل گائے - ایک مشہور شاعرہ کا لقب -
الأَخْنَس والخِنَّوْس - شیر - الأَخْنَس : چیچڑی -
الخَنَّاس - شیطان -
الخِنَّتِيس - فریبی - حیلہ گر -
الخِنْسِير - لئیم - کمینہ -
الخَنْسَر والخَنْسَرِي - وہ شخص جو نقصان کے موقع میں ہو ج خَنَاسِرَة -
الخَنَاسِيرُ - مصیبتیں -
الخُنْشَار - ایک قسم کی نباتات -
الخِنَّوْص - مؤنث الخِنَّوْصَة : سور کا بچہ ج - خَنَانِيص -
الخِنْصِر والخِنْصَر - چھنگلیا ج خَنَاصِر کہا جاتا ہو - ہٰذا أَمْرٌ تُعْقَدُ عَلَيْہِ الخَنَاصِرُ یعنی یہ ایسا معاملہ ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے -
خَنَطَ (ض) خَنْطًا - رنج و غم پہونچانا -
خَنْطَتْ : تکبر و غرور کے ساتھ چلنا -
الخِنْطِيرَة - بہت بڑھیا جس کی پلکیں لٹک آئی ہوں -
الخَنْطَل - بلی - مصیبت - قطار المذی ال
خَنَعَ (ن) خُنُوعًا - لہ والیہ : انکساری و فروتنی کرنا - الی اللہ : بغیر عمل کے گڑگڑانا - بفلان : بیوفائی کرنا - الی الأمرِ الشیءِ : مائل ہونا
خَنَعَہ - کلہاڑی سے کاٹنا -
أَخْنَعَتْہ - الحاجۃُ لہ والیہ : ذلیل و پست کر دینا
الخَنَع - ذلت -
الخَنْعَة - عار - تہمت -
الخَانِع والخَنُوع - متہم - بدکار - بدگمانی میں ڈالنے والا - ج خُنَعَة و خُنَّع -
الخُنْعَابَة - کمینہ -
شَعْرٌ (خُنْعُبٌ) لمبا بال -
الخُنْعُبَة - چھوٹا گڑھا - مونچھوں کے درمیان کا گڑھا
الخُنْعُس - بجو -
خَنَفَ (ض) خِنَافًا - البعیرُ : دوڑنے میں سر کو سوار کی طرف پھیرنا - صفت (مذکر و مؤنث) (خَنُوف) ج خُنُف - (ن - خُنُوفًا) غضبناک ہونا - الرجلُ بأنفِہ : تکبر کرنا - صفت (خَانِف)
- المرأۃُ : سینہ پر دو ہتڑ مارنا -
خَنِفَ (س) خَنَفًا - صدرُہ أو ظہرُہ : ایک جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا - صفت (أَخْنَف) ج خُنْف -
الخُنُف - نشانات -
خَنْفَسَ - عن القوم : نفرت کرنا - علیحدہ ہو جانا
الخُنْفُس والخِنْفِس والخُنْفَس و الخُنْفَسَا والخُنْفَسَاءَة - گبریلا - ج خَنَافِس
الخُنَافِس - شیر -
خَنَقَہ (ن) خَنْقًا و خَنِقًا و خَنِقَةً و تَخْنِيقًا - گلا گھونٹنا - کہا جاتا ہو خَنَقَتِ البعیرَةُ

یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَقَ الإناءُ: بھرنا۔ خَنَقَ السَّرابُ الجبلَ۔ پہاڑ کی چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَقَ زَیدٌ الأربعینَ: قریب قریب ہونا۔
اِخْتَنَقَ۔ گلا گھٹنا۔
اِنْخَنَقَ۔ اپنا گلا گھونٹنا۔
اَلخَنِقُ والخَنِیقُ۔ گلا گھونٹا ہوا۔
اَلخُنَاقُ۔ ایک بیماری کا نام جس میں سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔
اَلخُنَاقِیَّۃُ۔ پرندوں اور گھوڑوں کے حلق کی بیماری کا نام۔
اَلخِنَاقُ۔ رسّی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بخناقہٖ" اس نے اس کی گردن پکڑلی۔
اَلخَانِقُ۔ فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خَانِقُ الذئبِ وخانِقُ النمرِ وخانِقُ الکلبِ: ---- گھاسوں کے نام۔
اَلخَنَّاقُ۔ جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو
اَلمِخْنَقَۃُ۔ گلوبند (ایک زیور) وہ چیز جس سے گلا گھونٹا جائے۔ جہ مَخَانِقُ ومَخَانِیقُ
اَلمُخَنَّقُ۔ مفع۔ گلا گھونٹنے میں رسّی کی جگہ گردن۔ کہا جاتا ہے "غُلامٌ مُخَنَّقُ الخَصرِ" پتلی کمر کا لڑکا۔
اَلمُخْتَنَقُ۔ تنگ جگہ۔
اَلمُخْتَنِقُ۔ گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی رخساروں تک ہو۔
خَنَا (ن) خَنْوًا وخَنِیَ (س) خَنًی و اَخْنَی عَلَیہِ فِی الکَلَامِ: بدزبانی کرنا ----
اَخْنَی الجرادُ: بہت انڈے دینا ---- المَرْعَی: بہت گھاس والی ہونا۔ اَخْنَی عَلَیہِ الدہرُ: طویل ہونا۔ ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بیوفائی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "اَخْنَی بِہٖ" اس نے اُسے چھوڑ دیا اور اس کے ساتھ بدعہدی کی۔
اَلخَنَی۔ بدزبانی۔ خَنَی الدہرِ: مصیبتیں واحد (خَنَاۃٌ)

خَابَ (ن) خَوْبًا۔ محتاج ہونا۔
اَلخَوْبَۃُ۔ بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین۔ یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔
خَاتَ (ن) خَوْتًا وخَوَتَانًا۔ الرجلُ: عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا ---- المالَ: کم کرنا ---- وانْخَاتَ واخْتَاتَ البازِی علی الصیدِ: ٹوٹ پڑنا۔
خَاتَ (ن) خَوَاتًا۔ العُقابُ: عقاب کے بازوؤں میں سرسراہٹ ہونا۔
تَخَوَّتَ واخْتَاتَ۔ المالَ: کم کرنا ---- الشیئَ: اچک لینا ---- حدیثَ القومِ: سنکر یاد رکھنا ---- الشاۃَ: فریب دیکر چرانا۔ کہا جاتا ہے "ہم یَخْتَاتُونَ اللیلَ" وہ رات میں رہزنی کرتے ہیں۔
اَلخَوَّاتُ۔ دلیر مرد۔
خَوِثَ (س) خَوَثًا۔ البطنُ: ڈھیلا ہونا کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْوَثُ) مؤنث (خَوْثَاءُ)
اَخَاخَ اِخَاخَۃً۔ العشبُ: پوشیدہ ہونا۔ کم ہونا۔
اَلخَوْخُ۔ شفتالو۔ واحد (خَوْخَۃٌ)
اَلخَوْخَۃُ۔ روشن دان۔ پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔
اَلخَوْخَاءُ والخَوْخَاۃُ والخَوْخَاءۃُ بے وقوف۔
خَوَدَ۔ الرجلُ: تیز چلنا ---- مِنَ الطعامِ شیئًا: کچھ حاصل کرنا۔
تَخَوَّدَ۔ الغُصنُ: جھکنا۔
اَلخَوْدُ۔ نازک بدن۔ جوان عورت۔ جہ خَوْدَاتٌ وخُوْدٌ۔
خَاوَذَہٗ مُخَاوَذَۃً۔ الی الشیئِ: ایک کا دوسرے کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَذْنَا اِلی الماءِ" یعنی ہم واپس آرہے تھے اور وہ لوگ جارہے تھے۔ خَاوَذَہٗ: بار بار زیارت کیلئے آنا۔ خَاوَذَتْہُ الحُمّی: غیر متعین وقت پر آنا۔ خَاوَذَ غِبًّا: علیحدہ ہونا۔

تَخَاوَذَ۔ القومُ: باہم عہد وپیمان کرنا۔
تَخَوَّذَ۔ نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخوذنا بالزیارۃ" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی۔
اَلخُوذَۃُ۔ خود۔ جہ خُوَذٌ۔
خُوذَانُ۔ الناسِ: لوگوں کے خادم۔
خِوَاذُ۔ الحمّی: غیر معین وقت میں بخار آنا
خَارَ (ن) خُوَارًا۔ البقرۃُ: آواز کرنا۔
(---- خُؤُورًا وخُوُورًا (س) خَوَرًا) سست وکمزور ہونا۔ ٹوٹنا ---- قوۃُ المریضِ: کم ہونا۔
خَوَّرَ۔ کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا ---- الارضُ: کثرتِ بارش کی وجہ سے نرم ہوجانا ---- الرجلَ: کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔
اَخَارَہٗ۔ مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو "اَخَرْنا الإبلَ الی موضعِ کذا" ہم نے اونٹوں کو فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔
تَخَاوَرَتْ۔ الثیرانُ: بیلوں کا باہم آواز نکالنا۔
اِسْتَخَارَہٗ۔ مہربانی چاہنا ---- المنزلَ: صاف کرنا۔
اَلخَوْرُ۔ مع۔ دو بلندیوں کے درمیان پست زمین۔
اَلخُوَارُ۔ مع۔ گائے کی آواز۔ بکریوں ہرنوں اور تیر کی آواز کے لئے بھی مستعمل ہے۔
اَلخَوَّارُ۔ بزدل۔ کمزور۔ سست۔ فَرَسٌ خَوَّارُ العِنَانِ: تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔ الخَوَّارُ مِنَ الزِّنادِ: چقماق۔
اَلخُوْرِیُّ۔ کاہن۔ جہ خَوَارِنَۃٌ (دخیل)
اَلخُوْرُسُ۔ گرجا میں خادموں کے قیام کی جگہ (جدید)
خَازَہٗ (ن) خَوْزًا۔ دشمنی کرنا۔
خَاسَتْ (ن) خَوْسًا۔ الجیفۃُ: بدبودار ہونا ---- البضاعۃُ: مندا ہونا ---- خَاسَ العہدَ وبالعہدِ: بدعہدی کرنا ---- بالوعدِ: خلافِ وعدہ کرنا ---- بفلانٍ: بیوفائی کرنا۔

خَوَّسَ - الشَّئَ: کم کرنا۔ گھٹانا ــــ الاِبِلَ: ایک ایک کرکے پانی پر بھیجنا۔

خَاشَہٗ (ن) خَوْشًا - بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ الشَّئَ: لینا ــــ الرَّجُلُ: ہجوم میں داخل ہونا

خَوَّشَ وتَخَوَّشَ - الشَّئَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ وتَخَوَّشَ الرَّجُلُ: موٹاپے کے بعد لاغر ہونا۔

الخَوْشُ - پہلو۔

الخُوشَانُ - ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔ واحد (خُوشَانَۃٌ)

المُتَخَوِّشُ والمُتَخَاوِشُ - چھریرا اور دبلے پیٹ والا۔

خَوِصَ یَخْوَصُ خَوَصًا - دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَصُ) مؤنث خَوْصَاءُ ج خُوصٌ ــــ الشَّاۃُ: تمام جسم میں سفیدی کیساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔

خَوَّصَ - پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا ــــ التَّاجَ: سونے کے پتروں کو مزین کرنا۔ ــــ ہ الشَّیْبُ: بڑھاپا شروع ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَوِّصْ مَا اَعْطَاکَ" یعنی جو کچھ وہ دے اُس کو لے لو اگرچہ تھوڑا ہو۔

خَاوَصَ وتَخَاوَصَ - آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا ــــ النُّجُومُ: مائل بغروب ہونا۔ خَاوَصَہٗ مُخَاوَصَۃً وخِوَاصًا البَیْعَ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَخْوَصَ - النَّخْلُ: پتے والا ہونا۔

تَخَوَّصَ - الشَّئَ: تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا ــــ العَطِیَّۃَ: تھوڑا تھوڑا کرکے لینا۔

الخَوَّاصُ - کھجور کے پتوں کا بیچنے والا۔ اور اس کے عمل کو (الخِیَاصَۃُ) کہتے ہیں۔

الخُوصُ - کھجور کے پتے۔ واحد (خُوصَۃٌ)

الخَوْصَاءُ - گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھیا کردے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِی الظَّہِیرَۃِ الخَوْصَاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے۔

خَاضَ (ن) خَوْضًا وخِیَاضًا - المَاءَ: داخل ہونا۔ گھسنا ــــ الشَّرَابَ: ملانا ــــ الغَمَرَاتِ: سختیوں میں کود پڑنا ــــ فِی الحَدِیثِ: مشغول ہونا ــــ الجَوَادُ فِی المَیْدَانِ: کلیلیں کرنا ــــ بِالفَرَسِ: پانی پر لیجانا ــــ بِالسَّیْفِ: زخم میں تلوار ہلانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ یَخُوضُ المَنَایَا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔ "وَہُوَ یَخُوضُ اللَّیْلَ" وہ رات کو ہولناکیوں کی پروا نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے۔

خَوَّضَ - المَاءَ: داخل ہونا۔ گھسنا۔

خَاوَضَ مُخَاوَضَۃً وأَخَاضَ إِخَاضَۃً الفَرَسَ: پانی میں داخل کرنا۔ أَخَاضُوا المَاءَ: جانوروں کو پانی میں ڈال دینا۔

تَخَوَّضَ - بتکلف گھسنا۔

اِخْتَاضَ - المَاءَ: داخل ہونا۔ گھسنا۔

تَخَاوَضَ - القَوْمُ فِی الحَدِیثِ - باہم مشغول ہونا۔

الخَوْضَۃُ - خَاضَ کا اسم مرۃ - موتی۔

الخَوَّاضُ - بہت گھسنے والا۔

المَخَاضَۃُ - پانی میں گھسنے کی جگہ ج مَخَاوِضُ ومَخَاضٌ ومَخَاضَاتٌ۔

تَخَوَّطَہٗ - وقتاً فوقتاً آنا۔

الخُوطُ - نرم ٹہنی یا ہری شاخ۔ ج خِیطَانٌ

خَوَّعَ تَخْوِیعًا - مِنْہُ: کم کرنا۔ گھٹانا ــــ فُلَانًا بِالضَّرْبِ: توڑ دینا۔ کمزور کردینا ــــ السَّیْلُ الوَادِیَ: وادی کے دونوں پہلوؤں کو ڈھا دینا ــــ دَیْنَہٗ: ادا کرنا۔

تَخَوَّعَ - الشَّئَ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا ــــ کھنکھار تھوکنا۔

الخُوعُ - وادی کا موڑ۔ ج اَخْوَاعٌ۔

خَافَ (س) خَوْفًا وخِیفًا ومَخَافَۃً وخِیفَۃً وتَخْوَافًا - گھبرانا۔ احتیاط کرنا۔ ڈرنا کہا جاتا ہے۔ خَافَہٗ وخَافَ مِنْہُ وخَافَ عَلَیْہِ۔ صفت (خَائِفٌ) ج خُوَّفٌ وخُیَّفٌ وخِیفٌ وخَائِفُونَ۔ وتَخَوَّفَ الحَقَّ: حق کو مار لینا۔ وتَخَوَّفَ الشَّئَ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ تَخَوَّفَ عَلَیْہِ شَیْئًا: خوف کھانا۔

خَوَّفَہٗ - ڈرانا ــــ الطَّرِیقَ: ایسا کردینا کہ لوگ ڈرنے لگیں۔

اَخَافَہٗ إِخَافَۃً - ڈرانا۔ اَخَافَ الطَّرِیقَ: گھبراہٹ میں ڈالنا۔

خَاوَفَہٗ - ڈرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَاوَفْتُہٗ فَخُفْتُہٗ اَخُوفُہٗ" میں نے اُس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا۔

الخَوَّافُ - شور۔

الخَافُ - بہت ڈرنے والا۔

الخَافَۃُ - چمڑے کا جبہ جسکو شہد نکالنے والا پہنتا ہے۔ جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے۔

الخِیفَۃُ - ڈرنے والے کی حالت ج خِیَفٌ۔

المَخُوفُ - خوفناک۔ کہا جاتا ہے "طَرِیقٌ مَخُوفٌ" خوفناک راستہ۔

خَوِقَ (س) خَوَقًا وانْخَاقَ وتَخَوَّقَ - کشادہ ہونا۔ صفت (اَخْوَقُ) مؤنث خَوْقَاءُ ج خُوقٌ۔

اَخَاقَ إِخَاقَۃً - ملک میں جانا۔

خَوَّقَہٗ - کشادہ کرنا۔

تَخَوَّقَ - عنہ: دور ہونا۔

الخَوْقُ - بالی کا حلقہ۔

الخَوَقُ - کشادگی۔ خارش۔

الاَخْوَقُ - خارش والا۔ کانا۔

مکان (مُنْخَاقٌ) کشادہ جگہ۔

خَالَ یَخُولُ خَوْلًا وخِیَالًا - المَوَاشِیَ: نگہبانی کرنا ــــ فُلَانٌ عَلَی اَہْلِہٖ: تدبیر امور کرنا انتظام کے لئے کافی ہونا۔

خَالَ یَخَالُ خَوَلًا - تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا۔

خَوَّلَہٗ - الشَّئَ: عطا کرنا۔ بخشش کرنا۔ یا مالک بنانا۔

اَخْوَلَ واُخْوِلَ - ماموں والا ہونا۔

اَخَالَ - فِیہِ خَالًا مِنَ الخَیْرِ واَخَالَہٗ: فراست سے بھلائی معلوم کرنا۔

تَخَوَّلَ فِیہِ خَالًا مِنَ الخَیْرِ وتَخَیَّلَ

تَخَوُّلًا و تَخَیُّلًا - بھلائی معلوم کرنا - تَخَوَّلَ خَالًا: ماموں بنانا — فلانًا: نگہبانی کرنا - اِسْتَخْوَلَهُمْ - خادم بنانا - اِسْتَخْوَلَ و اِسْتَخَالَ فِیْهِمْ: ماموں بنانا -

اَلْخَوَلُ - خَوَلِیٌّ کی جمع - غلام - لونڈیاں - لفظ واحد، جمع کے لئے مستعمل ہے - اور کبھی واحد کے لئے (خَائِل) بولتے ہیں -

اَلْخَالُ - ماموں - جمع اَخْوَال و اَخْوِلَة و خُؤُوْل و خُؤْل - و خُؤُوْلَة -

اَلْخَالَةُ - ماں کی بہن - موسی - جمع خَالَات تم کہتے ہو "هُمَا ابْنَا خَالَةٍ" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں - اَلْخَالُ: خیر کا نشان - فوج کا جھنڈا - چیز کا مالک - تم کہتے ہو "اَنَا خَالُ هٰذَا الْفَرَسِ" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں -

اَلْخَوَلِیُّ - مال کا بہتر منتظم - جمع خَوَل -

اَلْخَائِلُ - فا - اَلْخَوَل کا واحد - کہا جاتا ہے "هُوَ خَائِلُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی حذف ہمزہ سے "خَالُ مَالٍ" کہتے ہیں

اَلْخَوْلَةُ - ہرنی -

اَلْاَخْوَلُ - وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں - رَجُلٌ (مُخْوِلٌ و مُخْوَلٌ و مُخَال) شریف ماموں والا -

خَامَتْ (ن) خَوَمَانًا - الْاَرْضُ: — ناموافق آب و ہوا والی ہونا -

اَخَامَ اِخَامَةً - الْفَرَسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا -

اَلْخَامُ - روئی کا کپڑا - جمع اَخْوَام - اَرْضٌ (خَامَةٌ) ناموافق آب و ہوا والی زمین -

خَانَهُ (ن) خَوْنًا و خِیَانَةً و مَخَانَةً و مَخَانَتَهُ - فِی كَذَا: امانت میں خیانت کرنا - خَانَهُ سَیْفُهُ: اچٹ جانا - خَانَهُ الدَّهْرُ: — آسودگی کو سختی سے بدل دینا - خَانَتْهُ رِجْلَاهُ: چلنے پر قادر نہ ہونا - خَانَ الدَّلْوَ الرِّشَاءُ: ٹوٹ جانا — الْعَهْدَ: توڑ دینا - کہا جاتا ہے "خَانَ الْعَهْدَ اَوِ الْاَمَانَةَ" یعنی اس نے عہد یا امانت میں خیانت کی - صفت (خَائِن) جمع خُوَّان و خَانَة و خَوَنَة (— خَوَنًا) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا -

خَوَّنَهُ - خیانت کی نسبت کرنا -

خَوَّنَهُ و خَوَّنَ مِنْهُ و تَخَوَّنَهُ - تھوڑا تھوڑا کرکے کم کرنا - خَوَّنَهُ و تَخَوَّنَهُ: نگہبانی کرنا - اور اسی سے ہے "كَانَتِ الْحُمّٰی تَخَوَّنُهُ" اس کو وقت پر بخار آتا ہے - تَخَوَّنَهُ الدَّهْرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا -

اِخْتَانَهُ - خیانت کرنا — الْمَالَ: چرانا

اِسْتَخَانَهُ - خیانت کرنے کا ارادہ کرنا -

اَلْخَانُ - دوکان - سرائے - جمع خَانَات - (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب تھا -

اَلْخَائِنَةُ - اَلْخَائِن کا مؤنث - اَلْخَائِنَةُ: بہت خیانت کرنیوالا - "تا" مبالغہ کے لئے ہے - جیسے "رَاوِیَةٌ" بہت روایت کرنیوالا -

اَلْخُوَانُ و الْخِوَانُ - دسترخوان - عوام اس کو سفرہ کہتے ہیں - جمع اَخْوِنَة و خُوُن -

اَلْخَؤُوْنُ و الْخَوَّانُ - بہت خیانت کرنیوالا

اَلْخَوَّانَةُ - بہت خیانت کرنیوالا "تا" مبالغہ کے لئے ہے -

خَوَتِ الدَّارُ خُوُوْتًا و خَوْتًا - گرجانا — النُّجُومُ: بغیر بارش ہوئے غروب ہونا -

اَلْخَوْتُ - بھوک - کشادہ وادی (— وَالْخُوْتُ) شہد -

اَلْخَوَاةُ - کشادہ زمین -

خَوَی (ض) خَوَاءً - الْبَیْتُ: گرنا - خالی ہونا — رَاسُهُ: کثرت تکسیر سے خون سے خالی ہونا (— خَوًی و خَوَاءً) بھوکا ہونا — الزَّنْدُ: آگ نہ دینا (— خَیًّا) النُّجُومُ: بے بارش کے ہونا - مائل بغروب ہونا (— خَوًی و خَوَایَةً) الشَّیْءَ: اچک لینا -

خَوِیَ (س) خَیًّا و خُوِیًّا و خَوَایَةً - الْمَكَانُ: خالی ہونا -

خَوَّی تَخْوِیَةً - الْبَعِیرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا — الطَّائِرُ: اڑنے میں بازو لٹکانا -

اَخْوَی اِخْوَاءً - الزَّنْدُ: آگ نہ دینا — النُّجُومُ: بے بارش کے ہونا — الرَّجُلُ: بھوکا ہونا — مَا عِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا (— وَخَوَّتْ) الْمَاشِیَةُ - بہت موٹا ہونا -

اِخْتَوَی اِخْتِوَاءً - بے عقل ہونا — الْبَلَدَ: عبور کرنا — مَا عِنْدَ فُلَانٍ: سب کچھ لے لینا — الْفَرَسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا -

الْاَخْوٰی - عقل و ہوش رفتہ - مؤنث خَیَّاءُ و خَوْیَاءُ -

الْخَوٰی و الْخَوَاءُ - کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا - دو چیزوں کے درمیان کا خلاء - خَوَاءُ الْفَرَسِ: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ -

الْخَوِیُّ - خالی پیٹ والا -

الْخَوِیُّ - نرم و پست زمین -

خَابَ (ض) خَیْبَةً و تَخْیِیْبًا - محروم ہونا نا امید ہونا - کہا جاتا ہے "خَابَ سَعْیُهُ" یعنی وہ ناکامیاب ہوا -

خَیَّبَهُ و اَخَابَهُ - محروم کرنا -

قَدْحٌ (خَیَّابٌ) آگ نہ دینے والا چقماق -

الْمَخْیَبَةُ - باعث محرومی -

خَاتَ (ض) خَیْتًا و خُیُوْتًا - آواز کرنا -

خَارَ (ض) خَیْرًا - صاحب خیر ہونا - اللّٰهُ لَكَ فِی الْاَمْرِ: بہتری کرنا -

خَارَ (ض) خِیَرَةً و خِیْرَةً و خِیَرًا و خَیْرًا - الشَّیْءَ عَلٰی غَیْرِهِ: فضیلت دینا - خَارَهُ: انتخاب کرنا - اور اسی سے ہے "اَللّٰهُمَّ خِرْ لِیْ" اے اللہ میرے لئے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر

خَیَّرَهُ و خَایَرَهُ - فِی الْاَمْرِ و بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ: پسند کرنے کے لئے اختیار دینا - خَایَرَهُ فِی الْعِلْمِ فَخَارَهُ: علم میں مسابقت کرنا - اور غالب رہنا -

تَخَیَّرَہٗ واِخْتَارَہٗ۔ چُن لینا۔ انتخاب کرنا ذخیرہ کرنا۔

اِسْتَخَارَ واِسْتِخَارَۃً۔ طلب خیر کرنا۔ — اللّٰہَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔

الخَیْرُ۔ جو خُیُور: بھلائی نیکی۔ کسی چیز کا اپنے کمال کو پہونچنا۔ مال — جو اَخْیَار وخِیَار: بہت نیکی والا۔ اور خَیْر اسم تفضیل کا صیغہ اَخْیَر کا مخفف ہے اور اس کی مؤنث خَیْرَۃٌ ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانَۃٌ خَیْرَۃُ النَّاسِ وخَیْرُہُمْ"

الخِیْرُ۔ شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل ہیئت

الخَیِّرَۃُ۔ بہت خیر والی۔ ہر چیز سے بہتر جو خَیْرَات۔

الخِیَرَۃُ والخِیْرَۃُ۔ مِنَ الشَّیْءِ اوالقَوْمِ: افضل۔

الخِیَارُ۔ پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالخِیَارِ" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِیَارُ الشَّیْءِ: چیز میں کا افضل۔ الخِیَارُ: ککڑی۔ واحد (خِیَارَۃٌ)

خِیَارُ شَنْبَر۔ املتاس۔

الخَیْرِیُّ۔ ایک قسم کی پھولوں والی نبات

الخَیْرِیَّۃُ۔ عمدگی۔ نفس۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔

الخَیِّرُ۔ فیاض۔ مؤنث خَیِّرَۃٌ۔

الاَخْیَرُ۔ زیادہ اچھا۔ مؤنث خَیْرٰی وخُوْرٰی جو اَخَایِرُ۔

الخَیْرٰی والخُوْرٰی والخِیْرٰی بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَیْرٰی الخ" یعنی بہت خیر والا۔

المُخْتَارُ۔ مُعَم۔ کہا جاتا ہے "اَنْتَ بِالمُخْتَارِ" یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔

خَاسَ (ض) خَیْسًا۔ اللَّحْمُ: بدبودار ہونا۔ — البَیْعُ: سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا — الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا — الرَّجُلَ او الدَّابَّۃَ: مطیع کرنا۔

خَاسَ (ض) خَیْسًا وخَیَسَانًا۔ بالعَہْدِ بدعہدی کرنا — بِالوَعْدِ: خلاف وعدگی کرنا۔

خَیَّسَہٗ۔ سدھانا۔ ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَیَّسَ الجَمَلَ" یعنی اس نے اونٹ کو سوار ہو کر سدھایا۔ روکنا۔

الخَیْسُ۔ غم۔ گمراہی۔ جھوٹ۔ خیر۔

الخِیْسُ۔ گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی جو اَخْیَاس۔ دودھ۔

الخِیْسَۃُ۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ جو خِیَس

المُخَیَّسُ۔ والمُخَیِّسُ۔ جانور کے سدھانے کی جگہ۔ قید خانہ۔

خَاشَ (ض) خَیْشًا۔ مَافِی الوِعَاءِ: نکالنا

الخَیْشُ۔ کتان کا کھردرا کپڑا۔ جو خُیُوش واَخْیَاش۔ واحد (خَیْشَۃٌ) کمینہ آدمی۔

الخَیَّاشُ۔ کتان کا کھردرا کپڑا بیچنے والا۔

خَاصَ (ض) خَیْصًا۔ کم ہونا۔ صفت (خَائِص)

خَیِصَ (س) خَیَصًا۔ ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَص) مؤنث (خَیْصَاء)

الخَیْصُ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "نِلْتُ مِنْہُ خَیْصًا خَائِصًا" میں نے اُس سے تھوڑی چیز حاصل کی۔

الخَیْصٰی۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فِی المَرْعٰی خَیْصٰی مِنَ العُشْبِ" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے۔

الخَیْصَانُ۔ تھوڑا مال۔

خَاطَ (ض) خَیْطًا۔ الثَّوْبَ: سینا۔ صفت فاعلی (خَائِط وخَاط وخَیَّاط) اور صفت مفعولی (مَخِیط ومَخْیُوط) — الحَیَّۃُ: زمین پر رینگنا اور اسی سے ہے "ہٰذَا مَخِیطُ الحَیَّۃِ" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے۔ خَاطَ اِلَیْہِ خَیْطَۃً: ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گذر جانا۔

خَیَّطَ۔ الشَّیْبُ فِی رَاْسِہٖ: بڑھاپا شروع ہونا۔

تَخَیَّطَ۔ رَاْسُہٗ بِالشَّیْبِ: بڑھاپا شروع ہونا

اِخْتَاطَ واِخْتَطَی۔ اِلَیْہِ: ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گذر جانا۔

الخَیْطُ۔ مُعَم۔ دھاگا۔ جو خُیُوط وخُیُوطَۃ واَخْیَاط — مِنَ النَّعَامِ: شتر مرغ کا ریوڑ — مِنَ الجَرَادِ: ٹڈیوں کا دل۔ جو خِیطَان۔ الخَیْطُ الاَبْیَضُ: صبح کی سفیدی۔ الخَیْطُ الاَسْوَدُ: رات کی سیاہی۔ الخَیْطُ مِنَ الرَّقَبَۃِ: حرام مغز کہا جاتا ہے "حَامَی عَنْ خَیْطِ رَقَبَتِہٖ" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی۔ خَیْطُ بَاطِلٍ: تر مرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

الخِیْطُ والخَیْطٰی۔ مِنَ النَّعَامِ او الجَرَادِ: شتر مرغ کا ریوڑ۔ ٹڈیوں کا دل۔

الخِیَاطَۃُ۔ درزی کا پیشہ۔

الخَیَّاطُ۔ درزی۔

الخِیَاطُ والمِخْیَطُ۔ سوئی۔

خَیِفَ (س) خَیَفًا۔ ایک نیلگوں۔ اور ایک سرگیں آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَف) مؤنث خَیْفَاء جو خِیف۔

خَیَّفَ۔ عَنِ القِتَالِ: روگردانی کرنا۔ — القَوْمُ: کسی جگہ میں اترنا۔ خَیَّفَتِ المَرْاَۃُ بِاَوْلَادِہَا: اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا۔

تَخَیَّفَ۔ الرَّاْیَ: مختلف رنگوں والا ہونا

الخَیْفُ۔ دامن کوہ میں ہر بلند و پست زمین۔ پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ۔ تھن کی کھال۔

الخَیْفَۃُ۔ چھری۔ شیر کی جھاڑی۔

الخَیْفَاءُ۔ کشادہ تھنوں والی۔ جو خَیْفَاوَات وخِیف۔

الاَخْیَافُ۔ مختلف لوگ۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ اِخْوَۃٌ اَخْیَافٌ او بَنُو اَخْیَافٍ" یعنی اُن کی ماں ایک ہے اور باپ مختلف ہیں۔

الخَیْفَانُ۔ لوگوں کی کثرت۔ مختلف رنگوں والی ٹڈی۔ ایک قسم کی پہاڑی گھاس۔ واحد (خَیْفَانَۃٌ)

خَالَ یَخَالُ خَیْلاً وخِیلاً وخَالاً وخَیْلَةً وخِیلَةً وخَیَلَاناً وخَیْلُولَةً ومَخِیلَةً ومَخَالَةً۔ الشَّیَٔ: خیال کرنا۔گمان کرنا۔ اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اِخَال و اَخَال۔ اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔

خَیَّلَ تَخْیِیلاً و تَخْیِلاً۔ علیہ: تہمت لگانا (خَیَّلَ تَخْیِیلاً) السحابُ: گرجنا چمکنا اور برسنے کے لئے تیار ہونا۔ ـــ فِیْہِ الخَیْرَ: معلوم کرنا۔ ـــ عَنِ القَوْمِ: کمزور و بزدل ہونا۔

خَیَّلَ۔ اِلَیْہِ ذَلِکَ اَنَّہٗ کَذَا: توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔

خَایَلَہٗ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ خَایَلَتِ السَّحَابَۃُ: بارش کی اُمید دلانا۔

أَخْیَلَتِ۔ السماءُ: برسنے کیلئے تیار ہونا۔ ـــ النَّاقَۃُ: تھنوں میں دودھ والی ہونا۔ (ـــ واَخَالَ) القومُ: ایسے بادل کو دیکھنا۔ جس کے متعلق خیال ہو کر برسے گا۔ (اَخْیَلَ و اِخْتَالَ) المَکَانُ بالنَّبَاتِ: ہرا بھرا ہونا۔ اَخَالَ عَلَیْہِ الشَّیُٔ: دشوار و مشتبہ ہونا۔

تَخَیَّلَتِ۔ السَّحَابَۃُ: بارش کی علامتیں معلوم ہونا۔ ـــ الرجلُ: تکبر کرنا۔ ـــ لَہٗ اَنَّہٗ کَذَا: توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔ ـــ فِیْہِ الخَیْرَ: معلوم کرنا۔ ـــ ہ: فراست سے معلوم کرنا۔ ـــ علیہ: پسند کرنا اور فراست سے خیر معلوم کرنا۔

تَخَایَلَ تَخَایُلاً واخْتَالَ واِخْتِیَالاً۔ تکبر کرنا اور اکڑ کر چلنا۔

اِسْتَخَالَ۔ السَّحَابَۃَ: برستا ہوا خیال کرنا

الخَالُ۔ مم۔ بادل جس سے بارش ضروری ہو۔ بے بارش کا بادل۔ بجلی۔ غرور۔ بڑا پہاڑ۔ جھنڈا۔ نرم کپڑا۔ سخی و فیاض آدمی۔ مغرور۔ گمان و توہم۔ بے بیوی والا۔ کمزور دل یا کمزور جسم والا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ گھوڑے کی لگام۔ کفن بدن کا تل۔ ج خِیلَانٌ۔

الخَالَۃُ۔ مغرور عورت۔

الخَیْلُ۔ مم۔ گھوڑوں کا گروہ۔ ج خُیُوْل وأَخْیَال۔ اور مجازاً خیل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَتَی بِخَیْلِہٖ وَرَجِلِہٖ" وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا۔

الخِیْلُ۔ ہینگ۔

الخَیَلَانُ۔ ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا ہے۔

الخَیَالُ۔ گمان و وہم۔ ج اَخْیِلَۃٌ (ـــ و الخَیَالَۃُ) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے انسانی شکل۔ ڈراوا۔ یعنی وہ چیز جسکو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں، چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں۔

الخَائِلُ۔ مغرور۔ ج خَالَۃٌ۔

المُخَیِّلَۃُ والخَیَالِیَّۃُ۔ قوت خیالیہ۔

الاَخْیَلُ۔ مؤنث خَیْلَاءُ۔ ج خِیْلٌ واَخَایِلُ (والخِیْلُ والمَخْیُول) بدن میں تل والا۔ الاَخْیَلُ: ایک منحوس پرندہ کا نام۔

الاُخَایِلُ۔ مغرور۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ اُخَایِلٌ۔

الخَیَّالُ۔ شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَیَّالَۃٌ۔

الخُیَلَاءُ والخِیَلَاءُ والخَیْلَۃُ۔ تکبر غرور۔ السحابۃ (المَخِیلَۃُ۔ والمُخِیلَۃُ۔ والمُخَیِّلَۃُ۔ والمُخْتَالَۃُ) بادل جس کے برسنے کی امید ہو۔ المُخِیْلُ: خیر سے ڈرانے والا۔ کَلَامٌ مُخِیْلٌ: دشوار کلام۔

المَخَایِلُ۔ مِنَ السُّحُبِ: بارش کو ڈرانے والے بادل۔ اور اسی سے ہے "ظَہَرَتْ فِیْہِ مَخَایِلُ النَّجَابَۃِ" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔ اَرْضٌ (مُتَخَیِّلَۃٌ۔ ومُتَخَایِلَۃٌ)

خَامَ یَخِیْمُ خَیْماً وخَیَمَاناً وخُیُوْماً وخُیُوْمَۃً وخِیَاماً وخَیْمُوْمَۃً۔ اقامت کرنا۔ ـــ عنہ: بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا۔ ـــ القومُ فِی القِتَالِ: جنگ میں کامیاب نہ ہونا۔ ـــ رِجْلَہٗ: پاؤں اٹھانا

خَیَّمَ۔ خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا ـــ بالمکان: اقامت کرنا۔ خَیَّمَتِ الکَرْمَۃُ: خیمہ کی مانند ہونا۔ خَیَّمَتِ البَقَرُ: اپنے تھان پر کھڑے رہنا ـــ الرِّیحُ فِی الثَّوْبِ: کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔

اَخَامَ اِخَامَۃً واَخْیَمَ اِخْیَاماً۔ الخَیْمَۃَ: نصب کرنا ـــ الفرسُ: تین ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔

تَخَیَّمَ۔ المَکَانَ وبالمَکَانِ وفِیہِ: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا۔ تَخَیَّمَتِ الرِّیحُ الطَّیِّبَۃُ بالثَّوْبِ وفِیْہِ: بھڑک اٹھنا۔

الخِیْمُ۔ طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔

الخَامُ۔ ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو۔ جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ روئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخْوَام۔ الخَام: مولی۔

الخَامَۃُ۔ تروتازہ گھاس۔ ج خَام و خَامَات۔

الخَیْمَۃُ۔ ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ پتھر مٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِیَم وخِیَام وخَیْمَات وخِیَم۔ الخِیَامُ: ہودے۔

الخَیَّامُ۔ خیمہ میں رہنے والا (ـــ الخَیْمِیُّ) خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

المُخَیَّمُ۔ وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

د

دَأَبَ (ن) دَأْبًا ودَأَبًا ودُؤُوبًا - فِی العَمَلِ: لگاتار جانفشانی سے کرنا۔ صفت (دَائِبٌ ودَؤُوبٌ)۔ (دَأْبًا ودَأَبًا) الدابۃَ: تیز ہانکنا۔

—— ہ: دھتکارنا۔

اَدْأَبَہٗ اِدْآبًا۔ تھکانا۔ لگاتار کوشش کرنے کا حاجتمند بنانا۔

الدَّأْبُ والدَّأَبُ - مص۔ عادت۔ حالت

الدَّائِبَانِ - رات دن۔

الدَّائِبُ - تھکا ماندہ۔

دَأَثَ (ن) دَأْثًا - بوجھل ہونا —— الثوبُ: میلا ہونا —— الثوبَ: میلا کرنا

—— الطعامَ: کھانا۔

الدِّئْثُ - سخت کینہ۔

الدَّأْثَاءُ - باندی۔ لونڈی۔ جمع دِآث

اِبْنُ دَأْثَاءَ: بیوقوف۔

دَأْدَأَ دَأْدَأَۃً ودِئْدَاءً - تیز دوڑنا۔

—— فِی اَثَرِہٖ: کھوج لگانے کیلئے پیچھے جانا۔

—— الشیءَ: ڈھانپنا۔ حرکت دینا۔ ٹھہرانا۔

—— القومُ: باہم ہجوم کرنا۔

تَدَأْدَأَ - ہلنا۔ ٹھہرنا —— فِی مَشْیِہٖ: لڑکھڑانا

—— عَنْ قِرْنِہٖ: گرنا۔

الدَّأْدَأُ والدَّأْدَاءُ والدَّأْدَأَۃُ و الدَّأْدَاءَۃُ - مِنَ اللَّیَالِیْ: سخت تاریک رات جمع الدَّآدِیُ۔

الدُّؤْدُؤُ - مہینے کا آخر۔ بقول بعض پچیسویں چھبیسویں ستائیسویں رات اور بقول بعض اٹھائیسویں انتیسویں رات۔ جمع دَآدِیُ۔

الدَّارَصِیْنِیُّ - دارچینی۔

دَئِصَ (س) دَأَصًا - اترانا —— البعیرُ: موٹا اور پر گوشت ہونا۔

الدَّأْصُ - موٹاپا۔

دَأَظَ (ن) دَأْظًا - الإناءَ: بھرنا —— الرجلَ: باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا۔ غصہ دلانا گلا گھونٹنا —— القِرْبَۃَ: دبا کر نچوڑنا ——

دَأَظَ (ن) دَأْظًا - موٹا ہونا۔

دَأَلَ (ن) دَأْلًا ودَأَلَانًا ودَأَلَی - سُست چلنا (—— لہ دَأْلًا ودَأَلَانًا) فریب دینا۔

دَاءَلَہٗ مُدَاءَلَۃً - دھوکا دینا۔ تیز چلنے میں مقابلہ کرنا۔

دُؤَالَۃُ - لومڑی کے لئے علم جنس ہے۔

الدَّأْلُ والدُّئِلُ والدُّؤَلُ والدَّأَلَانُ گیدڑ۔ بھیڑیا۔ نیولے کی مانند ایک جانور۔

الدُّؤْلُوْلُ - مصیبت۔ جمع دَآلِیْلُ۔ کہا جاتا ہے۔ "وَقَعَ القومُ فِی دُؤْلُوْلٍ" لوگ مصیبت میں پڑ گئے۔

دَأَمَ (ن) دَأْمًا - الحائطَ: سہارا دینا

—— الرجلَ: کود کر سوار ہونا۔

تَدَأَّمَہٗ - الماءُ: ڈھانپ لینا۔

تَدَأَّمَتِ السماءُ: لگاتار برسنا۔

تَدَاءَمَتْ - عَلَیْہِ الهُمُوْمُ او الاُمُوْرُ: ہجوم کرنا۔

الدَّأْمُ - مص - ہر وہ چیز جو تمہیں چھپالے۔

الدَّأْمَاءُ - سمندر۔

دَأَی یَدْأَی دَأْیًا و دَأْوًا و دَأَیًا۔ الذِّئْبُ للصَّیْدِ: دھوکے سے شکار کرنا۔

الدَّأْیُ - سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ۔ جمع دَأْیَات۔

(اِبْنُ دَایَۃَ) کوا۔

الدَّایَۃُ - دائی جنائی - جمع دَایَات۔

دَبَّ (ض) دَبًّا ودَبِیْبًا - رینگنا۔ ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا۔ کہتے ہیں "ہُوَ اَکْذَبُ مَنْ دَبَّ وَدَرَجَ" وہ زندوں اور مُردوں سے زیادہ جھوٹا ہے —— السُّقْمُ فِی الجِسْمِ او البِلَی فِی الثوبِ: بیماری کا جسم میں اور کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا اثر کرنا۔ —— الجَدْوَلُ: نہر کا جاری ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "دَبَّتْ عَقَارِبُہٗ" اس نے تفرقہ اندازی کیلئے چغل خوری کی۔ —— دَبَّ الشیخُ: آہستہ چلنا۔

اَدَبَّ - الصَّبِیَّ: ہاتھ پیروں پر چلانا —— اِلَی اَرْضِہٖ جَدْوَلًا: نہر جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَدَبَّ البِلَادَ" اس نے ملک کو عدل وانصاف سے بھر دیا۔ "ہُوَ یُدِبُّ عَلَیْنَا عَقَارِبَہٗ ویُحَرِّشُ عَلَیْنَا اَقَارِبَہٗ" یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے۔ اور تکلیف پہونچاتا ہے۔

الدُّبُّ - ریچھ - جمع اَدْبَاب وَدِبَبَۃ۔ مؤنث دُبَّۃ۔ الدُّبُّ الاَکْبَرُ والدُّبُّ الاَصْغَرُ: بنات النعش کے ستاروں کا مجموعہ۔ کہا جاتا ہے۔ "رَکِبَ دُبَّ فُلَانٍ او دُبَّۃَ فُلَانٍ" اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کر لیا۔

الدَّبَّۃُ - تیل وغیرہ کا برتن۔ بط کی شکل کا شیشہ کا برتن۔ بہت ریتلی جگہ۔ جمع دِبَاب۔ منہ کا رُواں۔ جمع دَبّ۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِی الدَّارِ دُبِّیٌّ اَوْ دِبِّیٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا ہے

الدَّبَبُ - رُواں - بال کی کثرت۔ گائے کا نومولود بچھڑا۔

الدَّبَّابُ - تیز رینگنے والا۔ ناتوانی سے آہستہ چلنے والا۔ مؤنث دَبَّابَۃ۔

الدَّبَّابَۃُ - ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہونچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے جمع دَبَّابَات۔ الدبّابۃ: ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔

الدَّبِیْبُ - مص۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔

الدُّعْبُوْبُ والدُّعْبُوْبُ - موٹی چھلی جو گہرا کر نہر تی [illegible]

اَلدَّابَّۃُ - الداب کا مؤنث - ہر رینگنے والا جانور - سواری کا جانور - بوجھ لادنیکا جانور - مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے - ج دَوَابّ - تصغیر (الدُّوَیْبَّۃُ)

اَلدَّبَّاءُ - کدو - واحد (دُبَّاءَۃٌ)

اَلدَّبَبَانُ - رُواں - بالوں کی کثرت -

اَلْاَدَبُّ - بہت بالوں والا - بہت رُوئیں والا - مؤنث دَبَّاء - بہت بالوں والا اونٹ -

اَلْمَدَبُّ - جاری ہونیکی جگہ - کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السَّیْلِ" سیلاب بہنے کی جگہ - "وَمَدَبُّ النَّمْلِ" چیونٹیوں کے چلنے کی قطار -

اَرْضٌ (مَدْبَبَۃٌ) بہت ریچھوں والی زمین -

دَبَأَہٗ (ف) دَبْأً - لاٹھی سے مارنا ــــ الشَّیْءُ : ساکن ہونا -

دَبَّأَہٗ - وَدَبَّأَ عَلَیْہِ : چھپانا - پوشیدہ کرنا

دَبَجَہٗ (ن) دَبْجًا وَدَبَّجَہٗ : نقش کرنا مزین کرنا - خوبصورت بنانا ــــ الطَّیْلَسَانَ : ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا -

اَلدِّیْبَاجُ - ریشمی کپڑا - ج دَبَابِیْجُ وَدَیَابِیْجُ - واحد (دِیْبَاجَۃٌ) و (الدِّیْبَاجَۃُ) چہرہ - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَصُوْنُ دِیْبَاجَتَہٗ" فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے - "وَفُلَانٌ یَبْذُلُ دِیْبَاجَتَہٗ" فلاں اپنی آبرو ریزی کرتا ہے - دِیْبَاجَۃُ الْکِتَابِ : کتاب کا دیباچہ - الدِّیْبَاجَتَانِ - دونوں رخسار - دِیْبَاجَۃُ الْوَجْہِ : چہرہ کی رونق - الدِّیْبَاجُ : جوان اونٹنی -

اَلدَّبَّاجُ - ریشمی کپڑے کا بیچنے والا -

اَلْمُدَبَّجُ - ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا بدشکل - ایک بدشکل آبی پرندہ - آکو -

دَبَّجَ - سر جھکانا اور پیٹھ بچھانا - ذلیل ہونا فِیْ بَیْتِہٖ : گھر میں جمے رہنا -

دَبَّخَ - بمعنی دَبَّجَ -

دَبْدَبَ دَبْدَبَۃً - الْحَافِرُ عَلَی الْاَرْضِ : ٹاپ سے آواز نکلنا -

اَلدَّبْدَابُ - ڈھول طبل - ج دَبَادِیْبُ

دَبَرَ (ن) دَبْرًا وَدُبُوْرًا - النَّہَارُ وَالصَّیْفُ : گزر جانا - ختم ہونا ــــ الرَّجُلُ : مرنا - پشت پھیرنا - بوڑھا ہونا ــــ الرِّیْحُ : پچھوائی رُخ پر ہو جانا - (ــــ دَبْرًا) السَّہْمُ الْہَدَفَ : نشانہ سے ہٹ جانا ــــ الْکِتَابَ : نقل کرانا ــــ بِالشَّیْءِ : لے جانا ــــ ہٗ : پیچھے آنا ــــ الْحَدِیْثَ عَنْ فُلَانٍ : کسی کے مرنیکے بعد اسکی بات بیان کرنا -

دُبِرَ - پچھوائی ہوا لگنا -

دَبِرَ (س) دَبَرًا - الْبَعِیْرُ : کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا - صفت (دَبِرٌ)

دَبَّرَ - الْاَمْرَ : غور کرنا - انجام سوچنا - انتظام کرنا ــــ الْحَدِیْثَ : دوسرے سے روایت کرنا ــــ عَلٰی ہَلَاکِہٖ : کسی کی ہلاکت کیلئے حیلہ اور کوشش کرنا -

دَابَرَ مُدَابَرَۃً وَدِبَارًا - مرنا ــــ ہٗ : دشمنی کرنا -

اَدْبَرَ - الْبَعِیْرُ : زخمی پیٹھ والا ہونا - اَدْبَرَہُ الْقَتَبُ : پیٹھ زخمی کرنا ــــ فُلَانٌ : مرنا - پچھوائی ہوا میں داخل ہونا ــــ عَنْہُ : پیٹھ پھیرنا ــــ ہٗ : پیچھے کرنا - اَدْبَرَتِ الدُّنْیَا : اقبال کا ختم ہونا الْاَمْرُ : ختم ہونا ــــ الرَّجُلُ : بدھ کے دن سفر کرنا

تَدَبَّرَ - الْاَمْرَ : انجام سوچنا -

تَدَابَرَ - الْقَوْمُ : باہم دشمنی کرنا - اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا -

اِسْتَدْبَرَہٗ - پشت دینا - اختیار کرنا اور جستجو کرنا ــــ الْاَمْرَ : غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا -

اَلدَّبْرُ - مص - شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ - واحد (دَبْرَۃٌ) ج اَدْبُرٌ وَدُبُوْرٌ - بہت مال - موت - پہاڑ - سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر جوار بھاٹا ہوتا ہو - کسی چیز کے پیچھے تم کہتے ہو "جَعَلَ کَلَامِیْ دَبْرَ اُذُنِہٖ" اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا -

اَلدِّبْرُ - بمعنی الدَّبْرُ - بہت مال - واحد جمع مفرد اور جمع دونوں کیلئے ہے - کہا جاتا ہے مَالٌ دِبْرٌ وَاَمْوَالٌ دِبْرٌ -

اَلدُّبْرُ وَالدُّبُرُ - مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : پچھلا حصہ - ج اَدْبَارٌ - دُبُرُ الصَّلٰوۃِ : نماز کا آخر - کہا جاتا ہے "جَاءَ دُبُرَ الشَّہْرِ وَفِیْ دُبُرِہٖ وَعَلٰی دُبُرِہٖ وَاَدْبَارَ الشَّہْرِ وَفِیْ اَدْبَارِہٖ" : وہ مہینہ کے آخر میں آیا - دُبُرُ الْبَیْتِ : گھر کا گوشہ -

اَلدَّبْرَۃُ - انجام - لڑائی میں شکست - قابل کاشت زمین - ج دِبَارٌ -

اَلدَّبِرُ - زخمی پیٹھ والا جانور -

اَلدِّبْرَۃُ - جہت پشت - کہا جاتا ہے "لَیْسَ لِہٰذَا الْاَمْرِ قِبْلَۃٌ وَلَا دِبْرَۃٌ" یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے -

اَلدَّبَرَۃُ - جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے - ج دَبَرٌ وَاَدْبَارٌ -

اَلدَّبَارُ - ہلاکت -

اَلدِّبَارُ - کھیتوں کی نالیاں - لڑائیاں شکستیں -

اَلدَّبُوْرُ - پچھوائی ہوا -

اَلدَّبِیْرُ - مِنَ الرَّجُلِ : پیچھے - کہا جاتا ہے "ہُوَ لَا یَعْرِفُ قَبِیْلًا مِنْ دَبِیْرٍ" وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا - زیادتی جہالت کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں - گناہ - کہا جاتا ہے "عَرَفَ قَبِیْلَہٗ مِنْ دَبِیْرِہٖ" اس نے طاعت اور معصیت میں تمیز کر لی -

اَلدَّبُّوْسُ - شکل صورت - ج دَبَابِیْرُ -

اَلدَّبُّوْرَۃُ - پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار فصیح لفظ الصَّاقُوْرُ ہے -

اَلدَّبَرَانُ - چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے -

اَلدَّابِرُ - فا - تابع - ہر چیز کا آخر - اصل - گزرا ہوا - جیسے "اَمْسِ الدَّابِرُ" گذشتہ کل اور یہ تاکید کے لئے ہے جیسے "رَاَیْتُہٗ بِعَیْنِیْ" بولتے ہیں - نشانہ پر نہ لگنے والا تیر - جوئے کے تیروں میں کرنا کامیاب تیر - کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فِی الْکِنَانَۃِ غَیْرُ الدَّابِرِ" ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہیں رہا - اور کہتے ہیں "قَطَعَ اللّٰہُ دَابِرَہُمْ" اللہ ان کی جڑ

کو کاٹ دے۔
الدَّابِرَۃُ - الدَّابِر کا مؤنث۔ شکست۔
بدفالی۔ نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پٹھا۔
دَابِرَۃُ الطَّیْرِ: پرندے کے پاؤں کا خار جو دُم
الدَّابِرِیُّ - نماز جو آخر وقت میں ادا کی جائے
الدَّبَرِیُّ - وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے
والا۔ "شَرُّ الرَّأْیِ الدَّبَرِیُّ" یعنی وہ بدترین
ہو جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔
"جَاءَ دَبَرِیًّا" وہ آخر میں آیا۔
المُدَابِرُ - ناکامیاب تیر والا۔
المُقَابَلُ والمُدَابَرُ - نجیب الطرفین
شریف ماں باپ والا۔
المَدْبُورُ - زخمی - بہت مال والا۔
دَبَسَ - الشَّیْءَ: چھپانا ـــــ الشَّیْءُ:
چھپنا ـــــ العِنَبُ: میٹھا ہونا ـــــ العَصِیرُ
المَغْلِیُّ: گاڑھا ہو جانا ـــــ الرَّجُلُ العَصِیرَ:
پکا کر گاڑھا کر دینا۔
أَدْبَسَتْ - الأَرْضُ: اگھو اگلنا۔
إِدْبَسَّ إِدْبِسَاسًا - الفَرَسُ: سُرخ
سیاہ ہونا۔ صفت (أَدْبَسُ)
الدِّبْسُ - ہر کالی چیز - بہت تعداد۔ کہا
جاتا ہے: "مَالٌ دِبْسٌ" بہت مال۔
الدِّبْسُ - پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔
الدَّبَّاسُ - شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا۔
الدِّبْسُ - شہد - کھجور کا شیرہ۔
الدُّبْسَۃُ - سیاہی ملی ہوئی سُرخی۔
الدَّبُّوسُ والدَّبُّوسُ - آہنی گرز۔
جـ دَبَابِیسُ۔
دَبَشَ (ن) دَبْشًا - الشَّیْءَ: چھلکا اتارنا
ـــــ الطَّعَامَ: کھانا۔
الدَّبْشُ - گھر کا سامان - ردی سامان۔
مَكَانٌ (مَدْبُوشٌ) وہ جگہ جہاں کی پیداوار کو
ٹڈیوں نے کھا لیا ہو۔
سَیْلٌ (دُبَاشٌ) ہر چیز کو بہا لیجانے والا
سیلاب۔

دَبَغَ (ن ن ض) دَبْغًا و دِبَاغًا و
دِبَاغَۃً - الجِلْدَ: کھال کو پکانا۔
إِنْدَبَغَ - کھال کا نرم ہونا اور اُس سے
رطوبت اور بدبو کا زائل ہونا۔
الدِّبْغُ والدِّبْغَۃُ والدِّبَاغُ و
الدِّبَاغَۃُ - چمڑا پکانے کا مسالہ۔
جِلْدٌ (دَبِیغٌ) پکائی ہوئی کھال۔
الدِّبَاغَۃُ - چمڑے کی پکائی کا پیشہ۔
الدَّبَّاغُ - چمڑے کو پکانے والا۔
المَدْبَغَۃُ والمَدْبُغَۃُ - چمڑا پکانے کی
جگہ - چمڑے جو پکانے کے لئے مسالہ میں
ڈالے گئے ہوں۔
دَبَقَ (ض) دَبْقًا - الصَّائِدُ الطَّیْرَ: لاسہ
سے شکار کرنا۔
دَبِقَ (س) دَبَقًا - بہ: چمٹنا۔
دَبَّقَہُ - لاسہ سے شکار کرنا۔
أَدْبَقَ - چپکانا۔
تَدَبَّقَ - الطَّیْرُ: لاسہ سے شکار ہو جانا
ـــــ الشَّیْءُ: لیسدار ہونا۔
الدِّبْقُ والدِّبُوقُ والدُّبُوقَاءُ -
پرندوں کے شکار کرنے کا لاسہ۔
دَبَلَ (ن) دَبْلًا و دُبُولًا - الأَرْضَ:
کھاد ڈالنا ـــــ الشَّیْءَ: درست کرنا۔
دَبَلَہُ (ن ض) دَبْلًا - بِالعَصَا: لگاتار
لاٹھی سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَبَلَتْہُ الدُّبُولُ"
اُس پر مصائب پڑے یا اس کی ماں نے اسے
گم کر دیا۔
(ـــــ و دَبَّلَ) اللُّقْمَۃَ: بڑا لقمہ لینا ـــــ الشَّیْءَ:
انگلیوں سے جمع کرنا۔
دَبِلَ (س) دَبَلًا - موٹا ہونا۔
الدَّبْلُ - مص - پنگ - مصیبت - اولاد
کی موت - نالا - جـ دُبُولٌ۔
الدُّبْلَۃُ - بڑا لقمہ - ہر چیز کا ٹکڑا - کلہاڑی
کا سوراخ - جـ دُبَلٌ و دُبَلٌ۔
الدُّبْلَۃُ والدُّبَیْلَۃُ - مصیبت پیٹ

کی ایک بیماری - پیٹ کا پھوڑا۔
الدُّبَالُ - کھاد۔
الدَّبُولُ - عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔
ہلاکت و مصیبت۔
الدَّوْبَلُ - ز سور - چھوٹے قد کا گدھا۔
دُبِیَتْ - الأَرْضُ: چھوٹی ٹڈیوں کا کھیتی
کو کھا جانا۔ صفت (مَدْبِیَّۃٌ و مَدْبُوَّۃٌ)
أَدْبَتْ - الأَرْضُ: بکثرت چھوٹی ٹڈیوں
والی ہونا۔
الدَّبَی - چھوٹی ٹڈی - چیونٹی - واحد (دَبَاۃٌ)
دَثَّ (ن) دَثًّا - الضِّیَاءُ فُرِیَہُمْ: کسی چیز
سے شکار کرنا - دَثَّہُ: تکلیف دہ مار مارنا۔
ہٹا دینا - چھترا و کرنا
دَثَّتْ (ض) دَثًّا - السَّمَاءُ: ہلکی بارش ہونا۔
الدَّثُّ والدَّثَّۃُ والدِّثَاثُ - ہلکی بارش
الدُّثَّۃُ - معمولی زکام۔
الدَّثُوثُ - ہٹ جانے والا۔
الدُّثَاثُ - گروہ سے پرندوں کا شکار
کرنے والے - واحد (دَاثٌّ)
دَثَرَ (ن) دُثُورًا - الرَّسْمُ: مٹنے لگنا۔
صفت (دَاثِرٌ) جـ دَوَاثِرُ ـــــ السَّیْفُ: زنگ
آلود ہونا ـــــ الشَّجَرُ: پتے نکلنا ـــــ الثَّوْبُ:
میلا ہونا ـــــ الرَّجُلُ: بڑھاپے کے آثار
نمایاں ہونا۔
دَثَّرَہُ - ہلاک کرنا - چادر سے ڈھانپنا۔
ـــــ الطَّائِرُ: گھونسلا بنانا۔
تَدَثَّرَ و إِدَّثَّرَ - بِالثَّوْبِ: اوڑھنا۔
صفت (مُتَدَثِّرٌ) و (مُدَّثِّرٌ) اس کی اصل مُتَدَثِّرٌ
ہے - تا کو دال میں ادغام کر دیا گیا ہے - تَدَثَّرَ
فَرَسَہُ: کود کر سوار ہونا۔
إِنْدَثَرَ - مٹنا - ناپید ہونا۔
أَدْثَرَ - بہت مال جمع کرنا۔
تَدَاثَرَ - الرَّسْمُ: مٹنے لگنا۔
الدَّاثِرُ - فا - ہلاک ہونے والا۔
الدَّثْرُ - بہت - "مَالٌ دَثْرٌ" بہت مال کہا

جاتا ہے "مَالٌ دَثْرٌ وَمَالَانِ دَثْرٌ وَأَمْوَالٌ دَثْرٌ" اور کبھی دُثُورٌ جمع بولتے ہیں۔ رَجُلٌ دَثْرٌ: غافل مرد ہُوَ (دِثْرُ) مَالٍ: وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
الدَّثْرُ۔ مَیل کچیل۔ اور کہا جاتا ہے "عَسْكَرٌ دَثْرٌ" بہت فوج۔
الدِّثَارُ۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے کے اوپر کا گرم کپڑا۔ سونے والا جس کپڑے کو اوڑھ کر لیٹے۔
الدَّثُورُ والدِّثَارِيُّ۔ کاہل سست گمنام۔ بہت سونے والا۔
الأَدْثَرُ۔ غافل۔
دَثَطَ (ن) دَثْطًا۔ القَرْحَةَ: نشتر لگا کر مواد بہانا۔
دَثَعَ (ف) دَثْعًا۔ سخت روندنا۔
الدَّثَعُ۔ نرم زمین۔
دَثَقَ (ن) دَثْقًا۔ الماءَ: گرانا۔
الدَّثِيمَةُ۔ چولہا۔
دَثَّنَ تَدْثِينًا۔ الطائرُ: درخت میں گھونسلا بنانا۔ پھدکنا۔
الدَّثِينَةُ۔ دفینہ۔
الدَّثَنَةُ۔ تھوڑا پانی۔
دَجَّ (ض) دَجِيجًا ودَجَجَانًا۔ القومُ: آہستہ چلنا ۔۔۔ البيتُ: چھت ٹپکنا (۔۔۔ دجًّا) السترَ: لٹکانا۔
دَجَّجَهُ۔ ہتھیار بند کرنا۔ دَجَّجَتِ السَّمَاءُ: ابر آلود ہونا۔
تَدَجَّجَ۔ ہتھیار بند ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "تَدَجَّجَ فِي شِكَّتِهِ" وہ پوری طرح ہتھیار بند ہوگیا
الدَّاجُّ۔ ۔نا۔ (مثل لفظ الحاج کے مفرد و جمع ہے) خادم اور بوجھ اٹھانے والوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ وہ آہستہ چلتے ہیں۔ ج دَاجُّونَ ودَاجَّةٌ۔
الدُّجَّةُ۔ سخت تاریکی۔
الدَّجَاجُ (بتثلیث الدال والفتح اعلیٰ) مرغی۔ مرغ۔ (پالتو و جنگلی) الدَّجَاجُ الهِنْدِيُّ:

ایک بڑا پرندہ ہے جس کو ملک شام میں دجاج حبش اور مصر میں دجاج رومی کہتے ہیں۔ واحد (دَجَاجَةٌ) ج دُجُجٌ۔ الدَّجَاجَةُ: دھاگے کی انٹی۔ عیال۔
الدُّجُجُ۔ سخت تاریکی۔ سیاہ پہاڑ
الدَّجُوجِيُّ والدَّيْجُوجُ۔ تاریک رات ج دَيَاجِيجُ۔
الدَّجَاجِيُّ۔ مرغیوں کا بیچنے والا۔ أَسْوَدُ دَجَاجِيٌّ: سخت سیاہ۔
المُدَجَّجُ والمُدَجِّجُ۔ پوری طرح سے ہتھیار بند "دَجَّجَتِ السَّمَاءُ" سے ماخوذ ہے۔ اور تشبیہًا سیہی پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔
الدَّجَّجَانُ۔ ماں کے پیچھے پیچھے پھرنے والا شیر خوار بچہ۔ مؤنث دَجَّجَانَةٌ۔
الدَّجُوبُ۔ غلہ کی بوری جس کو عورتیں سفر میں ساتھ رکھتی ہیں۔
دَجْدَجَ وتَدَجْدَجَ۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا
دَجِرَ (س) دَجَرًا۔ حیران ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت (دَجِرٌ ودَجْرَانُ) ج دَجْرَى ودَجَارَى
دَاجَرَ فُلَانًا اجرةً۔ بھاگنا۔
الدِّجْرَانُ۔ تھونی۔ وہ لکڑی جو بیل چڑھانے کے لئے لگائی جائے۔ واحد (دِجْرَانَةٌ)
الدُّجْرُ۔ ایک وہ چیز جس میں سوراخ دار لوہا لگا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سے بونے کے وقت غلہ گراتے ہیں۔
الدُّجْرُ۔ بتثلیث الدال والکسر افصح والدُّجُرُ۔ لوبیا۔
الدَّيْجُورُ۔ تاریکی۔ خاکستری رنگ کی سیاہی مائل مٹی۔ ج دَيَاجِيرُ ودَيَاجِرُ۔
دَجَلَ (ن) دَجْلًا۔ جھوٹ بولنا (۔۔۔ و دَجَّلَ) البعيرَ: اونٹ پر قطران ملنا ۔۔۔ بالمكان: ٹھہرنا۔ مقیم ہونا۔ و(دَجَّلَ) الشيءَ: ڈھانپنا ۔۔۔ الإناءَ: سونے کے پانی سے ملمع کرنا ۔۔۔ الأرضَ: گوبر ڈالنا۔
الدَّجَالُ۔ گوبر۔

الدَّجَّالُ۔ بڑا جھوٹا۔ نام ایک شخص کا جو آخر زمانہ میں ظاہر ہوگا۔ ج دَجَّالُونَ ودَجَاجِلَةٌ۔ الدَّجَّالُ: سونے کا پانی۔
الدَّجَّالَةُ۔ ساتھیوں کا بڑا گروہ جو زمین پر چھا جائے۔
الدُّجَيْلُ والدُّجَالَةُ۔ قطران (دیکھئے لفظ القطران)
دِجْلَةُ۔ عراق کا مشہور دریا۔ لفظ کے لحاظ سے مؤنث ہے اور نہر کی تاویل سے مذکر اور کبھی اس پر الف لام بھی داخل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدِّجْلَةُ"
دَجَمَ (ن) دَجْمًا۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا
دَجِمَ (س) ودُجِمَ دَجْمًا۔ غمگین ہونا
الدَّجْمُ۔ مِنَ الشَّيْءِ: قسم۔
الدُّجْمُ۔ عشق کی بے تابیاں۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ دُجْمُ العِشْقِ" اسکو عشق کی بے تابیوں نے گھیر لیا۔
الدَّجْمَةُ۔ تاریکی ج دُجَمٌ۔
الدُّجْمَةُ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لَهُ دُجْمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
الدِّجْمَةُ۔ یار دوست۔ ج دِجَمٌ۔
غَدِيرٌ (دَجُومٌ) لہریں مارنے والا تالاب۔
دَجَنَ (ن) دَجْنًا ودُجُونًا۔ اليومُ: بادل و بارش والا ہونا ۔۔۔ اللَّيْلُ: سیاہ ہونا۔ صفت (أَدْجَنُ) مؤنث (دَجْنَاءُ) ج دُجْنٌ۔
دَجَنَ (ن) دُجُونًا۔ بالمكانِ: اقامت کرنا الحَمَامُ وغيرُهُ: پالتو ہونا۔ صفت (دَاجِنٌ) مؤنث (دَاجِنٌ ودَاجِنَةٌ) ج دَوَاجِنُ۔ کہا جاتا ہے "دَجَنُوا فِي لُؤْمِهِمْ" کمینہ پن ان کی گھٹی میں پڑ گیا۔
أَدْجَنَ۔ القَوْمُ: بارش میں داخل ہونا ۔۔۔ السَّمَاءُ: لگاتار برسنا ۔۔۔ المَطَرُ او الحُمَّى: ہمیشہ رہنا ۔۔۔ اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔
دَاجَنَهُ مُدَاجَنَةً: نمائشی رواداری برتنا
اِدْجَوْجَنَ۔ اليَوْمُ: بارش والا ہونا۔
الدَّجْنُ۔ مع۔ بہت بارش۔ گھٹا ٹوپ بادل

ج دُجُن ودِجان ودُجُون وأدْجان - کہا جاتا ہے "یَوْمٌ دُجُنٌ ویَوْمٌ دُجُنٌ" بہت بارش کا دن - على ہذا القیاس - لَیْلَۃٌ دُجُنٌ ولَیْلَۃٌ دُجُنٌ -

الدُّجُنَّۃُ - تاریکی ج دُجَن ودُجُنَّات - و الدُّجُنَّۃُ فی اَلْوانِ الْاِبِلِ - بدترین سیاہی -

الدُّجُنَّۃُ والدَّجِنَّۃُ والدِّجِنَّۃُ - تاریکی - بہت بارش والا گھٹا ٹوپ بادل ج دُجُنَّات - کہا جاتا ہے "یَوْمٌ دُجُنَّۃٌ ویَوْمٌ دُجُنَّۃٌ" بہت بارش کا دن وعلى ہذا القیاس "لَیْلَۃٌ دُجُنَّۃٌ ولَیْلَۃٌ دُجُنَّۃٌ" تاریک رات -

الْاَدْجَنُ - تاریک -

لَیْلَۃٌ (مِدْجَان) تاریک رات -

الدَّاجِنَۃُ والمُدْجِنَۃُ - مِنَ السَّحَابِ : بہت بارش والا بادل -

دَجَا (ن) دَجْوًا ودُجُوًّا - اللَّیْلُ : تاریک ہونا - صفت (دَاجٍ) مؤنث دَاجِیَۃٌ - الثَّوْبُ : کشادہ ہونا -

دَاجَى مُدَاجَاۃً - نمائشی رواداری برتنا

اَدْجَى اِدْجَاءً وتَدَاجَى تَدَاجِیًا و اِدْجَوْجَى اِدْجِیجَاءً - اللَّیْلُ : تاریک ہونا - اَدْجَى البَیْتَ : پردہ لٹکانا -

الدُّجَۃُ - قمیص کا بٹن - تین انگلیاں مع لقمہ کے - ج دُجَات ودُجًى -

الدُّجْیَۃُ - تاریکی یا بادل کی تاریکی - شکاری کے گھات کی جگہ - ج دُجًى -

الدَّاجِی - فا - مِنَ العَیْشِ : آسودگی نِعْمَۃٌ دَاجِیَۃٌ : کامل نعمت -

لَیْلٌ (دُجِیٌّ) تاریک رات -

الدَّیَاجِی - تاریکیاں -

دَحَّ (ن) دَحًّا - الشَّیْءَ فی الارْضِ : چھپانا — الطعامُ بَطْنَہُ : شکم سیری سے تنگ آنا - — الرَّجُلَ : گدی پکڑ کر دھکیلنا — البَیْتَ فی الثَّرَى : کشادہ کرنا -

اِنْدَحَّ اِنْدِحَاحًا - بَطْنُہُ : کشادہ ہونا

الدَّحْدَحُ والدَّحْدَحَۃُ والدَّحْدَاحُ والدَّحْدَاحَۃُ والدُّحَادِحُ و الدُّحَیْدِحَۃُ - پستہ قد -

دَحَبَ (ف) دَحْبًا - دفع کرنا — دَحْبًا ودُحَابًا - الجَارِیَۃَ : جماع کرنا

الدُّحْبَۃُ - بجریوں کا گلہ -

دَحَجَ (ف) دَحْجًا - زمین پر گھسیٹنا - دَحَجَ الجَارِیَۃَ : جماع کرنا -

دَحَرَہُ (ف) دَحْرًا ودُحُورًا و مَدْحَرَۃً - دھتکارنا - دور کرنا - دفع کرنا - صفت فاعلی (دَاحِرٌ ودُحُورٌ) وصفت مفعولی (مَدْحُورٌ)

دَحْرَجَہُ - لڑھکانا -

تَدَحْرَجَ - لڑھکنا -

الدُّحْرُوجَۃُ - گبریلا کی گولی جس کو لڑھکا کرلیجاتا ہے - ج دَحَارِیجُ -

الدَّحْزُ - سخت ومضبوط -

دَحَسَ (ف) دَحْسًا - بَیْنَ القَوْمِ : فساد ڈالنا — الشَّیْءَ : بھرنا — بِرِجْلِہِ : کریدنا — الجزارُ : کھال اتارنے کیلئے کھال میں ہاتھ داخل کرنا — الثَّوْبَ فِی الْوِعَاءِ : کپڑے کو برتن میں داخل کرنا — بالشَّرِّ : خفیہ طریقہ سے شرانگیزی کرنا - (— وَاَدْحَسَ) السُّنْبُلُ : دانوں سے بھرا ہونا -

دَحِسَتْ (س) دَحَسًا - اِصْبَعُہُ : انگلی کا سوجنا - صفت (مَدْحُوسٌ) اور انگلی کو مَدْحُوسَۃٌ کہتے ہیں -

الدِّحَاسُ - مِنَ البُیُوتِ : آدمیوں سے بھرا ہوا گھر -

الدَّحَّاسُ والدُّحَاسُ - ایک زرد رنگ کا کیڑا جو زمین کے اندر رہتا ہے - ج دُحَّاسَات ودَحَاحِیسُ -

الدَّاحِسُ والدَّاحُوسُ - انگلی کے کنارے پر ورم -

الدَّیْحَسُ - ہر چیز کی کثیر مقدار -

دَحَصَ (ف) دَحْصًا - المَذْبُوحُ بِرِجْلِہِ : ایڑیاں رگڑنا — الرَّجُلُ : جلدی کرنا -

دَحَضَ (ف) دَحْضًا ودُحُوضًا - الحُجَّۃَ : باطل کرنا - دَحَضَتِ الحُجَّۃُ : باطل ہونا — الشَّمْسُ : ڈھلنا -

دَحَضَ (ف) دَحْضًا - مذبوح کی طرح پاؤں پٹکنا — رِجْلُہُ : پھسلنا — المطرُ البِلَادَ : پھسلن کی جگہ بنا دینا — عَنِ الاَمْرِ : تفتیش کرنا -

اَدْحَضَ - الرِّجْلَ : پھسلانا — الحُجَّۃَ : باطل کرنا -

اِنْدَحَضَ - البُرْہَانُ : باطل ہونا -

الدَّحْض والدَّحَض - مِنَ الاَمْکِنَۃِ : پھسلن کی جگہ ج دِحَاض -

المَدْحَضَۃُ - پھسلانے والی جگہ -

دَحَقَہُ (ف) دَحْقًا وَاَدْحَقَہُ - دور کرنا - دھتکارنا -

اِنْدَحَقَ - اپنی جگہ سے نکل پڑنا -

الدَّاحِقُ - فا - بیوقوف - غضبناک -

الدَّحِیقُ - دور - دور ہونے کی جگہ - دَحِیقُ القَوْمِ : قوم کا دھتکارا ہوا -

مُنْدَحِقُ - البَطْنِ : کشادہ پیٹ والا -

دَحْقَبَہُ - پیچھے سے تیز ہانکنا -

دَحَلَ (ف) دَحْلًا - بھاگ کر چھپنا - دور ہونا — البِئْرَ : کنوئیں کے ایک جانب میں کھودنا - (— وَاَدْحَلَ) فی الدَّحْلِ - کھوہ میں داخل ہونا -

دَحِلَ (س) دَحَلًا - ڈھیلے پیٹ والا ہونا - صفت (دَحِلٌ)

دَاحَلَہُ مُدَاحَلَۃً - دھوکا دینا - فریب کرنا

الدَّحْل والدُّحْل - کھوہ - گڑھا جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہو - ج دِحَال واَدْحَال واَدْحُل ودُحُول ودُحْلَان -

الدَّحْلَۃُ - کنواں -

الدَّحِیل - فریبی دغاباز - موٹا پست قد

ڈھیلے پیٹ والا۔

الدِحَال ۔ امتناع ۔

البئر (الدحول والدحلاء) اوپر سے تنگ نیچے سے چوڑا کنواں ۔

الدَّاحُول ۔ وہ لکڑی جو ہرن کے شکار کرنے کیلئے گاڑی کی جائے ۔ جمع دَوَاحِیل ۔ اور اس طریقہ سے شکار کرنیوالے کو الدحال کہتے ہیں

دَحْلَظَ ۔ اول فول بکنا ۔

دَحْلَمَہٗ دَحْلَمَۃً ۔ پہاڑ سے گرا دینا یا کنوئیں میں دھکیل دینا ۔

دَحَمَہٗ (ف) دَحْمًا ۔ زور سے دھکا دینا دَحَمَ المَرْأَۃَ : جماع کرنا ۔

الدِحْمُ ۔ جڑ ۔

الدَّاحُوم ۔ لومڑی کا جال ۔

دَحْمَرَ ۔ القِرْبَۃَ : مشک بھرنا ۔

دَحْمَسَ ۔ اللیلُ : رات کا تاریک ہونا ۔

الدَحْمَسُ والدُحْمُسُ ۔ سیاہ ، بہت سخت تاریک ۔ کہا جاتا ہے "لَیْلٌ دُحْمُسٌ" بہت تاریک رات ۔ جمع دَحَامِس ۔

الدُحَامِسُ ۔ بہت زیادہ گندم گوں موٹا آدمی ۔ بہادر ۔

الدُحْمُوق ۔ بڑے ڈیل ڈول کا بڑے پیٹ والا ۔

دَحْمَلَ ۔ ہٗ : زمین پر لڑھکانا ۔

دَحِنَ (س) دَحَنًا ۔ پست قد موٹا بڑے پیٹ والا ہونا ۔

الدَّحِنَۃُ ۔ بلند زمین ۔

دَحَا یَدْحُو وَیَدْحَی دَحْوًا ۔ البطنُ : بڑا ہونا اور نیچے کو لٹکنا ۔ اور کہا جاتا ہے ۔ "دَحَا المَطَرُ الحَصَی عَنْ وَجْہِ الاَرْضِ" بارش کنکریوں کو بہالے گئی ۔

اِدْحَوَی اِدْحِوَاءً ۔ پھیلنا ۔

دَحَی یَدْحَی دَحْیًا ۔ الشیءَ : پھیلانا ۔

تَدَحَّی تَدَحِّیًا ۔ الشیءُ : پھیلنا ۔

اِنْدَحَی ۔ البطنُ : کشادہ ہونا ۔

الدِّخْبِیَۃُ ۔ بندریا ۔

الدِّخْبِیَۃُ ۔ فوج کا سردار ۔ جمع دِخَاء ۔

الاُدْحِیُّ والاِدْحِیُّ والاُدْحُوَّۃُ و الاُدْحِیَّۃُ ۔ ریت میں شتر مرغ کے انڈے دینے کی جگہ ۔

الدَّخُّ والدُّخُّ ۔ دھواں ۔

دَخْدَخَ ۔ الرجلُ : چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا ــــ عَنْہُ الشیءَ : روکنا ۔

تَدَخْدَخَ ۔ الرجلُ : دلگیر ہونا ۔

دَخْدَرَ ۔ القُرْطَ : سونے کا ملمع کرنا ۔

دَخَرَ (ف) ودَخِرَ (س) دَخْرًا ودُخُورًا ذلیل ہونا ۔ حقیر ہونا ۔

اَدْخَرَہٗ ۔ ذلیل کرنا ۔

الدِّخْرِص ۔ دانا ۔ عقل مند ۔ ماہر ۔

الدِّخْرِیص ۔ کرتے کی کلی ۔

دَخَسَ (ف) دَخْسًا ۔ الشیءَ فِی الرَّمَادِ : چھپا دینا ۔ دَخَسَ فِیْہِ : داخل ہونا ۔

دَخِسَ (س) دَخَسًا ۔ الحافرُ : ورم والا ہونا ۔ صفت (دَخِس)

الدَّخْس ۔ جوان ریچھ ۔ موٹا گٹھے بدن والا

الدَّخَس ۔ جانور کے کھر کا ورم ۔

الدُّخَس ۔ ایک بحری جانور کا نام ہے ۔ جس کو سوس کہتے ہیں ۔

عَدَدٌ دِخَاس بہت ۔ دِرْعٌ دِخَاسٌ : قریب قریب حلقوں والی زرہ ۔

الدَّخِیْس ۔ آپس میں اُلجھی ہوئی گھاس بہت تعداد ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ دَخِیْسُ اللَّحْمِ" وہ پُر گوشت ہے ۔

کَلَأٌ دَخِیْسٌ بہت اور اُلجھی ہوئی گھاس ۔

الدَّوَاخِس والدَّخْس ۔ دیگدان کے پائے ۔

دَخِشَ (س) دَخَشًا ۔ پُر گوشت ہونا ۔

دَخَصَت (ن) دُخُوصًا ۔ الجاریۃُ : چربی والی ہونا ۔ صفت (دُخُوص)

دَخَصَ (ف) دَخْصًا ۔ الصبیُّ او البَہْمُ : پاخانہ کرنا

دَخَلَ (ن) دُخُولًا ومَدْخَلًا ۔ الدارَ : اندر آنا ۔ داخل ہونا ــــ بِہٖ : اندر لانا ۔ داخل کرنا ــــ عَلَیْہِ : زیارت کرنا ۔ ملاقات کرنا ۔

دُخِلَ ۔ فی عَقْلِہٖ او جِسْمِہٖ و دَخِلَ (س) دَخَلًا عقل یا جسم میں خرابی لاحق ہونا ۔ صفت (مَدْخُول) عَلَیْہِ ــــ امرُ فلانٍ : باطنی طور پر فاسد ہونا ۔ دَ (دَخْلًا) داخل کرنا ۔

دَاخَلَہٗ مُدَاخَلَۃً ۔ العُجْبُ : خود پسندی آنا ۔ دَاخَلَ فِی اُمُوْرِہٖ : در اندازی کرنا ۔ دخل دینا

اَدْخَلَہٗ اِدْخَالًا ومُدْخَلًا ۔ داخل کرنا

تَدَخَّلَ ۔ داخل ہونا ــــ الشیءُ : آہستہ آہستہ داخل ہونا ۔

تَدَاخَلَ ۔ گھل مل جانا ــــ الشیءُ : ایک دوسرے میں داخل ہونا ۔ تَدَاخَلَتِ الاُمُوْرُ : مشتبہ وملتبس ہونا ۔

اِدَّخَلَ واِنْدَخَلَ ۔ داخل ہونا ۔

الدَّخْلُ ۔ سم ۔ آمدنی ۔ مرض ۔ عیب ۔ تہمت ۔ دَخْلُ الرَّجُلِ : نیت ۔ مذہب ۔ راز ۔

الدَّخَلُ ۔ عقل یا جسمانی خرابی ۔ مکر ۔ خاندانی عیب ۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو کسی کی جانب منسوب کرتے ہوں اور فی الحقیقۃ انہیں سے نہ ہوں

دَخْلَۃُ الرَّجُلِ ودِخْلَتُہٗ ودُخْلَتُہٗ نیت ۔ مذہب ۔ راز ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَفِیْفُ الدِّخْلَۃِ" وہ پاک نیت ہے ۔ الدِخْلَۃُ : راز ۔ اسی سے ہے "فَرَشْتُہٗ دِخْلَۃَ اَمْرِیْ" میں نے اس کے سامنے اپنا راز ظاہر کردیا ۔ الدِخْلَۃُ : مختلف رنگوں کو ملاکر ایک رنگ بنانا ۔

الدُّخَّل ۔ بڑے ڈیل اور گٹھے بدن والا ۔ درخت کے جڑ کی گھاس ۔ ایک چھوٹا پرندہ ۔ جمع دَخَاخِیل

دُخْلُلُ الرَّجُلِ ودُخْلُلَاءُ ودُخَیْلَاءُ نیت راز ۔

الدَّاخِلُ ۔ فا ۔ اندر آنے والا ۔ اندرونی

الدَّاخِلَۃُ ۔ مؤنث ۔ دَاخِلَۃُ الارضِ : زمین کا نشیبی حصہ ــــ الاِزَارِ : ازار (تہ بند) کی اندرونی سطح ــــ الاِنْسَانِ : نیت ۔ مذہب

راز۔ جو دَوَاخِل۔

الدِّخَال۔ گھوڑے کا ایال۔ جوڑوں کا آپس میں داخل ہونا۔

الدَّخِيل۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔ جو دُخَلاء۔ عجمی کلمہ جو عربی زبان میں داخل ہوگیا ہو۔ کہا جاتا ہے "دَاءٌ دَخِيلٌ" اندرونی بیماری "ہُوَ دَخِيلُ فُلانٍ" وہ فلاں کے ہر کام میں رازدار ہے۔ وَدَخِيلُ الرَّجُلِ: نیت۔ مذہب۔ راز۔

الدَّخِيلَة۔ مِنَ الشَّيْءِ: چیز کا اندرونی حصّہ دَخِيلَةُ المَرْءِ: نیت۔ اندرونی خیال۔

المَدْخَل۔ داخل ہونا۔ داخل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ حَسَنُ المَدْخَلِ فِي أُمُورِہٖ" وہ اپنے امور کا بہترین منتظم ہے۔

المُدْخَل۔ مفعول۔ لئیم کمینہ۔ غیر قوم میں داخل ہونے والا۔

المَدْخُول۔ وہ شخص جس کی عقل میں فتور ہو۔ لاغر۔ عیب دار۔ نَخْلَةٌ مَدْخُولَةٌ: درخت خرما جس کے اندر کا حصّہ کھوکھلا ہوگیا ہو۔ رَجُلٌ مُتَدَاخِلٌ) موٹا گٹھے ہوئے بدن کا مرد۔

الدُّخْلُل والدِّخْلِل۔ رازدار۔ دُخْلُلُ الرَّجُلِ: نیت۔ راز۔ امور میں مداخلت کرنے والا۔

الدِّخِلِّل۔ چربی جو گوشت میں پیوست ہو۔ دَخْمَسَ (ن) دَخْمًا۔ سختی سے ہٹانا۔ دَخَمَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

دَخْمَسَ۔ دَخْمَسَةً۔ دھوکا دینا۔

دَخِنَ (س) دَخَنًا۔ الطَّعَامُ والطَّبِيخُ: دھوئیں کی بُو دینا۔ صفت (دَخِنٌ) — النَّارُ: دھواں اٹھنا — خُلُقُہٗ: بداخلاق ہونا۔ دَخِنَ (ک) دُخْنَةً) دھوئیں کے رنگ کا ہونا صفت (أَدْخَنُ) مؤنث دَخْنَاء۔

دَخَنَتْ (ن ض) دَخْنًا و دُخُونًا و دَخَنَتْ وأَدْخَنَتْ وادَّخَنَتْ۔ النَّارُ: دھواں اٹھنا

إِدْخَنَ النَّرْجِسُ۔ دانوں کا سخت ہونا۔

دَخَّنَ۔ الشَّيْءَ: دھونی دینا۔

تَدَخَّنَ۔ دھوئیں کی بو دینا۔

الدُّخْن۔ کنگنی۔ چینا۔ باجرا۔

الدَّخَن۔ مص۔ دھواں۔ کینہ۔ فساد۔ عقل فتور۔ دین کی کمزوری۔ حسب کا عیب۔ کہا جاتا ہے "تَسْتُ أُصَالِحُكَ عَلَى دَخَنٍ" میں اس سے مکر و فساد کی صورت میں صلح نہیں کروں گا۔

الدُّخْنَة۔ دھندلا۔ خوشبو جس سے مکانوں کو دھونی دیتے ہیں۔ أَبُو دُخْنَةَ: ایک قسم کا پرندہ

الدُّخَان والدُّخَّان۔ دھواں جو أَدْخِنَةٌ ودَوَاخِن ودَوَاخِين۔ مولدین تمباکو و سگرٹ کو کہتے ہیں۔

الدَّاخِنَة۔ روشن دان جس سے دھواں نکلے جو دَوَاخِن۔

الدَّخْنَان۔ وہ چیز جس پر دھواں چھا جائے مؤنث دَخْنَانَة۔

المَدْخَن۔ دھوئیں کی جگہ۔

المِدْخَنَة۔ عود سوز۔ انگیٹھی جو مَدَاخِن۔

المَدْخَنَة۔ دھواں نکلنے کی چمنی۔

الدَّخِي۔ تاریکی۔

لَيْلَةٌ دَخْيَاءُ۔ تاریک رات۔

الدَّد۔ کھیل کود۔ اس کا لام کلمہ مثل "غد" کے واؤ محذوف ہے اور کبھی واؤ کو الف سے بدل کر (الدَّدَا) کہا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا أَنَا مِنْ دَدٍ وَلَا الدَّدُ مِنِّي" نہ تو میں کھیل کود میں ہوں اور نہ یہ میرا کام ہے۔ الدَّدُ: وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى دَدٌ مِنَ الدَّهْرِ" زمانہ کا ایک حصّہ گزر گیا۔

الدَّدَن۔ کھیل کود۔

الدَّدَان۔ بے نفع آدمی۔ کند تلوار۔ بہت کاٹنے والی تلوار (ض ر) الدَّيْدَن و الدَّيْدَان) عادت۔

الدَّيْدَب والدَّيْدَبَان۔ نگہبان۔ ہراول۔ راہبر۔ جنگلی گدھا۔

الدَّيْدَبُون۔ کھیل کود۔

دَرَّ (ن ض) دَرًّا۔ الحَلِيبُ: دودھ زیادہ ہونا — الدُّنْيَا عَلَى أَہْلِہَا: پیداوار زیادہ ہونا۔ — النَّاقَةُ بِلَبَنِہَا: بہت دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے "دَرَّتْ حَلُوبَتُہٗ" وہ خوش حال ہوگیا۔ — النَّبَاتُ: گتھ جانا۔ (— دَرًّا ودُرُورًا) العِرْقُ: بہنا — السَّمَاءُ بِالْمَطَرِ: برسنا — السِّرَاجُ: روشن ہونا — السُّوقُ: بازار کا چل پڑنا۔ — العُرُوقُ: خون سے بھرنا۔

دَرَّ (ض ن) دَرًّا۔ وَجْہُہٗ: بیماری کے بعد نکھر آنا۔

دَرَّ (ض) دَرِيرًا۔ الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔

أَدَرَّ۔ المِغْزَلَ: مضبوط بٹنا — الشَّيْءَ: حرکت دینا — فُلَيْحُ العَقْرَبِ: لگاتار مارنا۔ — الرِّيحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔ کہا جاتا ہے "أَدَرَّ اللّٰہُ لَكَ خَلَاقَ الرِّزْقِ" اللہ تعالیٰ تمہارے لئے رزق زیادہ کریں — النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا۔

إِسْتَدَرَّتِ اللَّبَنُ: زیادہ۔ إِسْتَدَرَّہٗ: بہانا — الرِّيحُ السَّحَابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔

الدَّرّ۔ مص۔ دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ خون۔ اور کہا جاتا ہے "لِلّٰہِ دَرُّہٗ" اس کی خوبی اللہ ہی کے لئے ہے۔ "لَا دَرَّ دَرُّہٗ" خدا کرے کہ وہ خوش حال نہ ہو۔

الدُّرّ۔ بڑے موتی۔ واحد (دُرَّةٌ) جو دُرَرٌ و دُرَّات۔

الدَّارِر۔ فا۔ دودھاری اونٹنی۔ جو دُرَّرٌ و دُرَّرٌ و دُرَّار۔

الدِّرَّة۔ دودھ۔ دودھ کی زیادتی۔ دودھ کا بہنا۔ خون۔ کوڑا جو دِرَر۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا عَلَى دِرَّتِہٖ" وہ اپنے ارادہ پر ڈٹا رہا کوئی چیز اس کے لئے مانع نہیں۔

دَرَرُ۔ الطَّرِيقِ: راستہ کا درمیان۔ دَرَرُ الرِّيحِ: ہوا چلنے کی سمت۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا عَلَى دَرَرٍ وَاحِدٍ" ان دونوں کا قصد ایک ہے۔

الدَّرَّارَة۔ تکلا۔

الكَوْكَبُ (الدِّرِّيُّ) بتثلیث الدال: روشن ستارہ۔ فَرَسٌ دِرِّيٌّ: تیز رفتار گھوڑا۔ دِرِّيُّ السَّيْفِ:

تلوار کی چمک۔

الدَّرُوْرُ۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی

حَرْبٌ دَرُوْرٌ: خوں ریز جنگ۔

الدَّرِیُّ۔مع۔ روشن چراغ۔ تیز رفتار جانور

التَّدِرَّۃُ۔ دودھ کی کثرت۔

المِدْرَارُ۔ بہت بہنے والا۔ کہا جاتا ہے۔ سَمَاءٌ مِدْرَارٌ: موسلا دھار برسنے والا بادل۔ "عَیْنٌ مِدْرَارٌ" بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

دَرَأَ کا (ف) دَرْأً و دَرْأَۃً۔ زور سے دھکا دینا۔ الشَّیْئَ: بجھانا۔ السَّیْلُ عَلَیْہِ: تیزی کے ساتھ آنا۔ کہا جاتا ہے "دَرَأَ الرَّجُلُ عَلَیْنَا" وہ ہمارے اوپر اچانک آگیا۔ (ر۔ دُرُوْءًا) النَّجْمُ: چمکنا۔ النَّارُ: روشن ہونا۔

دَارَأَ کا مُدَارَأَۃً۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ نرمی برتنا۔ مہربانی کرنا۔ فریب دینا۔

تَدَرَّأَ تَدَرُّءًا۔ الصَّائِدُ: فریب دینے کے لئے چھپنا۔ وتَدَرَّأَ عَلَیْہِ: دراز دستی کرنا

اِدَّرَأَ۔ الصَّیْدَ وللصَّیْدِ: گھات لگانے کی جگہ بنانا۔

تَدَارَأَ تَدَارُءًا۔ القَوْمُ: جھگڑے میں بات کو ایک دوسرے پر ڈالنا۔

اِنْدَرَأَ۔ السَّیْلُ: تیزی کے ساتھ آنا الطَّرِیْقُ: پھیل جانا۔ فُلَانٌ عَلَیْنَا: اچانک آجانا۔

الدَّرْءُ۔مع۔ نیزے کی چھڑ وغیرہ کی کجی۔ مخالفت۔ کہا جاتا ہے: "قَوَّمْتُ دَرْءَہٗ" میں نے اس کی کجی کو درست کردیا۔ "وَجَاءَ السَّیْلُ دَرْءًا" یعنی سیلاب تیزی سے اچانک طور پر آگیا۔

الدَّرِّیُّ والدِّرِّیْءُ۔ روشن ستارہ

الدَّرَارِیُّ۔ مجہول الاسم بڑے ستارے۔

الدَّرِیْئَۃُ۔ نشانہ ٹھیک کرنے کا گول دائرہ شکار کو دھوکہ دینے کیلئے گھات لگانے کی جگہ۔

الدَّرَّأَۃُ والدُّرَّأُ۔ ایسا شخص جو صاحب قوت و شوکت ہو اور دشمن کو ہٹانے والا ہو۔

المِدْرَأُ۔ ہٹانے کا ذریعہ۔

دَرِبَ (س) دَرَبًا و دُرْبَۃً۔ ماہر و تجربہ کار ہونا۔ بالشَّیْئِ: عادی ہونا۔ شوقین ہونا۔ صفت (دَرِبٌ و دَارِبٌ) مؤنث دَرِبَۃٌ و دَارِبَۃٌ۔

دَرَّبَہٗ۔ بالشَّیْئِ وفیہ وعلیہ: عادی بنانا

تَدَرَّبَ۔ عادی بننا۔ دَرَّبَ الجُنْدِیُّ: شکست کے وقت مستقل رہنا۔

اَدْرَبَ۔ بگل بجانا۔ القَوْمُ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔

الدَّرْبُ۔ گلی کا کشادہ دروازہ پھاٹک راستہ۔ ج دُرُوْبٌ و دِرَابٌ۔

الدُّرْبَۃُ۔مع۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "فِی العَفْوِ دُرْبَۃٌ" معاف کرنا بہت بڑا کام ہے۔

الدَّرُوْبُ والدَّرَبُوْتُ۔ مِنَ الجِمَالِ والنُّوقِ: سدھایا ہوا۔

الدُّرَابَۃُ۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری

المُدَرَّبُ۔ معلم۔ تجربہ کار۔ سرد و گرم چشیدہ۔ مِنَ الإِبِلِ: سدھایا ہوا گلیوں میں چلنے کا عادی اونٹ۔ المُدَرَّبُ: شیر۔

تَدَرْبَأَ۔ الشَّیْئُ: لڑھکنا۔

دَرْبَجَ دَرْبَجَۃً۔ سختی کے بعد نرم ہونا۔

الدُّرَابِجُ۔ ناز سے چلنے والا۔

دَرْبَجَ۔ خوف سے بھاگنا۔ پیٹھ جھکانا۔

تَدَرْبَسَ تَدَرْبُسًا۔ آگے بڑھنا۔

الدِّرْبَاسُ۔ شیر۔ پاگل کتا۔

دَرْبَصَ دَرْبَصَۃً۔ خوف سے خاموش رہنا۔

دَرْبَکَ دَرْبَکَۃً۔ ڈھول بجانا۔

الدِّرْبَانُ والدَّرْبَانُ۔ دروازہ کا محافظ ج۔ دَرَابِنَۃٌ۔ فارسی کلمہ ہے۔

الدَّرَبْزِیْنُ والدَّرَابْزِیْنُ والدَّرَابْزُوْنُ جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ

دَرَجَ (ن،ض) دُرُوْجًا و دَرَجَانًا۔ الشَّیْخُ او الصَّبِیُّ: چلنا۔ الرَّجُلُ: سیڑھی پر چڑھنا۔ القَوْمُ: ختم ہو جانا مر جانا۔ کہتے ہیں "ہُوَ اَکْذَبُ مَنْ دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے۔ الرَّجُلُ: بے اولاد مرنا البِنَاءَ: اوپر تلے منزلیں بنانا۔ (ر۔ دَرْجًا و دَرَجًا و اَدْرَجَ) الثَّوْبَ اَوِ الکِتَابَ: لپیٹنا۔ تہ کرنا۔ و دَرَّجَ البِنَاءَ: سیڑھی بنانا۔ دَرَّجَہٗ اِلٰی کَذَا: آہستہ آہستہ قریب کرنا۔ دَرَّجَہٗ الاَمْرُ: تنگ دل کرنا۔ اَدْرَجَ الشَّیْئَ فِی الشَّیْئِ: داخل کرنا

دَرِجَ (س) دَرَجًا۔ اپنے راستہ پر چلنا۔ مراتب میں ترقی کرنا۔ کلام یا دین میں طور راست پر قائم رہنا۔

تَدَرَّجَ۔ اِلٰی کَذَا: آہستہ آہستہ آگے بڑھنا

اِنْدَرَجَ۔ القَوْمُ: ختم ہو جانا۔ فِی کَذَا: داخل ہونا۔

اِسْتَدْرَجَہٗ: اِلٰی کَذَا: قریب کرنا۔ ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینا۔ زمین پر چلانا۔ فریب دینا۔

الدَّرْجُ۔مع۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَنْفَذْتُہٗ فِی دَرْجِ الکِتَابِ" میں نے اس کو اپنے خط کے ساتھ بھیج دیا۔ فی القِرَاءَۃِ روانی۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ وَہُمْ فِی دَرْجِ یَدِکَ" وہ تمہاری مٹھی میں ہیں۔

الدُّرْجُ۔ چھوٹا تھیلا یا کنڈیا جس میں عورتیں خوشبو اور اپنا سامان رکھتی ہیں۔ ج اَدْرَاجٌ و دِرَجَۃٌ۔

الدَّرَجُ۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ راستہ۔ دو آدمیوں کے درمیان صلح کا سفیر۔ ج اَدْرَاجٌ و دِرَاجٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعْتُ اَدْرَاجِی" میں اسی راستہ لوٹ گیا جس سے آیا تھا۔ "وَ ذَہَبَ دَمُہٗ دَرَجَ اَوْ اَدْرَاجَ الرِّیَاحِ" اس کا خون رائگاں گیا اور قصاص نہیں لیا گیا۔ "وَخَلِّہٖ دَرَجَ الضَّبِّ" اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔

الدَّرَجَۃُ۔ ج دَرَجٌ: سیڑھی۔ دَرَجُ السُّلَّمِ: سیڑھی کا پایہ۔ ج دَرَجَاتٌ: مرتبہ۔ بڑے یا چھوٹے دائرہ کے ۳۶۰ اجزاء میں سے ایک جزء۔

الدَّارِجُ - نا- تُرَابٌ دَارِجٌ: ہر جگہ پھیلنے والا غبار- کہا جاتا ہے "صَبِیٌّ دَارِجٌ" پاؤں پاؤں چلنے لگنے والا بچہ- "قَبِیْلَۃٌ دَارِجَۃٌ" تباہ و برباد ہونے والا قبیلہ-

الدَّارِجَۃُ - جانور کی ٹانگ ج دَوَارِج

الدَّرُوْجُ - مِنَ الرِّیَاحِ: تیز چلنے والی ہوا-

الدُّرَّجُ - بڑے بڑے دشوار عاجز کرنیوالے امور- کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی الدُّرَّجِ" وہ بہت دشوار معاملہ میں پھنس گیا-

الدَّرَّاجُ - بہت پھرنیوالا- چغل خور- سپی-

الدَّرَّاجَۃُ - سائیکل-

الدَّرَّاجَۃُ - محاصرہ کرنے کا ایک آلہ- بمعنی دَبَّابَۃ (دیکھیے الدَّبَّابَۃ)

الدُّرَّاجُ - تیتر- مؤنث مذکر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے- ج دَرَارِیْجُ- واحد دُرَّاجَۃ ہے اس میں تا' وحدت کی ہے تانیث کی نہیں نر کو حَیْقُطَان بھی کہتے ہیں-

المَدْرَجُ - راستہ- مسلک- اور اسی سے ہے "اِمْشِ فِیْ مَدْرَجِ الحَقِّ" حق کے راستے پر چلو- مَدْرَجُ النَّمْلِ: چیونٹیوں کے چلنے کی جگہ کہا جاتا ہے "ہُوَ اَخْفٰی مِنْ مَدْرَجِ النَّمْلِ" وہ چیونٹیوں کے راستے سے زیادہ پوشیدہ ہے- المُدْرَجُ: لپٹی ہوئی کتاب یا خط ج مَدَارِج-

المُدْرَجُ والمُدْرَجَۃُ - لپٹی ہوئی کتاب یا خط- ج مَدَارِج-

المَدْرَجَۃُ - ج مَدَارِج: افضل یا اعلیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ- کہا جاتا ہے "ہٰذَا الاَمْرُ مَدْرَجَۃٌ لِہٰذَا" یہ اس امر کے لئے ذریعہ ہے- راستہ- راستہ کا بڑا حصہ- کاغذ جس میں کوئی تحریر لکھی جائے یا لپیٹی جائے- مَدَارِجُ الاَکَمَۃِ: ٹیلہ کے درمیان کے راستے- اَرْضٌ مُدْرِجَۃٌ: بہت تیتروالی زمین

الدُّرْجُجُ - غلہ کی ایک قسم جو بیلوں کو کھلاتے ہیں-

دَرْجَلَ دَرْجَلَۃً - القَوْسَ: کمان پر چمڑے کا تسمہ لگانا-

الدَّرْجَلَۃُ - چمڑے کا تسمہ-

دَرَحَہٗ (ف) دَرْحًا - دفع کرنا- ہٹانا-

دَرِحَ (س) دَرَحًا - بوڑھا ہونا- صفت مذکر و مؤنث (دَرِحٌ)

الدِّرْحَایَۃُ - پست قد-

دَرِدَ (س) دَرَدًا - غضبناک ہونا- صفت (دَرِدٌ) بے دانتوں کا ہونا- صفت (اَدْرَدُ) مؤنث دَرْدَاءُ- ج دُرْدٌ-

اَدْرَدَہٗ - دانتوں کا گرانا-

الدُّرْدِیُّ - تلچھٹ-

دَرْدَبَ - الرَّجُلُ: خوفزدہ آدمی کی مانند پیچھے دیکھتے ہوئے بھاگنا-

اِمْرَاَۃٌ (دَرْدَبٌ) رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت-

الدَّرْدَبِیْسُ - مصیبت- بلا- بہت بڑھیا- محبت کا منتر-

الدِّرْدِحُ - حریص- بہت بڈھا- ج دَرَادِح
الدِّرْدِحَۃُ: وہ عورت جس کا طول عرض برابر ہو

دَرْدَرَ - الشَّیْخُ او الصَّبِیُّ البُسْرَۃَ: منہ میں چبھلانا-

الدَّرْدَارُ - ڈھول کی آواز- ایک بڑا درخت جسکے پھول زرد اور پتے خاردار ہوتے ہیں-

الدُّرْدُرُ - بچے کے دانت نکلنے کی جگہ ج دَرَادِر-

الدُّرْدُوْرُ - بھنور-

الدَّرْدَقُ - بچہ- شراب کا پیمانہ ج دَرَادِق

الدَّرْدَاقُ - چھوٹی دوکان- کوٹی ہوئی ہموار زمین-

الدِّرْدِمُ - رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت-

دَرِزَ (س) دَرَزًا - دنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا-

دَرَزَ (ن) دَرْزًا - الثَّوْبَ: کپڑا باریک سینا — الخَیَّاطُ الدُّرُوْزَ: درزی کا سیون کو باریک سینا-

الدَّرَزُ - مع - دنیا کی نعمتیں اور لذتیں- دو کپڑوں کے درمیان کا سیون- ج دُرُوْز بَنَاتُ الدُّرُوْزِ: جوں اور اس کے انڈے-

الدَّرْزِیُّ - سلائی کا پیشہ کرنے والا- ابو محمد عبد اللہ الدرزی- جن کی جانب ایک قوم منسوب ہے جو لبنان اور حوران میں پائی جاتی ہے- ج دَرَزَۃ اور دُرُوز بھی کہتے ہیں واحد دَرْزِیٌّ اور عوام ضمہ دال سے دُرزی کہتے ہیں- (اَوْلَادُ دَرَزَۃ) جولاہے- درزی: نیچے درجہ کے لوگ- اُمُّ دَرَزَۃ: دنیا کی کنیت-

دَرَسَ (ن) دُرُوْسًا - الرَّسْمُ: مٹنا- صفت (دَارِس) ج دَوَارِس — الشَّیْءُ: نشان مٹنا- (— دَرْسًا) الرَّسْمَ: نقش مٹانا — الثَّوْبُ: کپڑا بوسیدہ ہونا — الثَّوْبَ: بوسیدہ کرنا — النَّاقَۃَ: سدھانا (— دَرْسًا و دِرَاسَۃً) الکِتَابَ اَوِ العِلْمَ: پڑھنا- متوجہ ہو کے یاد کرنا- دَرَسَ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا- (— دَرْسًا و دِرَاسًا) الحِنْطَۃَ: گیہوں کو گاہنا- دَرَسَتِ المَرْاَۃُ (دَرْسًا و دُرُوْسًا) حائضہ ہونا-

دَرَّسَہٗ و اَدْرَسَہٗ - الکِتَابَ: پڑھانا- دَرَّسَ البَعِیْرَ: سدھانا-

دَارَسَہٗ مُدَارَسَۃً و دِرَاسًا - باہم پڑھنا — الذُّنُوْبَ: ارتکاب کرنا-

تَدَارَسَ - الطَّلَبَۃُ الکِتَابَ: باہم پڑھنا- اور کہا جاتا ہے "تَدَارَسَ الکِتَابَ وَادَّارَسَہٗ" اس نے کتاب پڑھی-

اِنْدَرَسَ - الرَّسْمُ: مٹنا — الخَبَرُ: ناپید ہونا

الدَّرْسُ - سبق- مخفی راستہ- ج دُرُوْس

الدِّرْسُ والدَّرْسُ والدَّرِیْسُ - پرانا کپڑا اونٹ کی دم- ج اَدْرَاس و دِرْسَان- اَبُوْ اَدْرَاس: کنیت فرج- اَبُوْ اِدْرِیْس: کنیت ذکر-

الدُّرْسَۃُ - ریاضت- ورزش-

الدَّارِسُ - حائضہ عورت-

الدَّرَّاسُ - بہت پڑھنے والا-

اَلْمَدْرَسَۃ۔ طلبہ کے تعلیم حاصل کرنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "ہٰذِہٖ مَدْرَسَۃُ النَّعَمِ" یہ چوپایوں کا راستہ ہے۔

اَلْمِدْرَسُ۔ پڑھنے کی کتاب پڑھنے کی جگہ۔

اَلْمِدْرَاسُ۔ توراۃ پڑھنے کی جگہ۔

اَلْمَدْرُوْسُ۔ مف۔ پرانا کپڑا۔ طَرِیْقٌ مَدْرُوْسٌ: چلتا ہوا راستہ۔ فِرَاشٌ مَدْرُوْسٌ: بچھا ہوا بچھونا۔ مجنون۔ پاگل۔

اَلدِّرْبَاسُ والدِّرْوَاسُ۔ جیسے اَلدِّرْوَاسُ بڑے سر کا کتا۔ دلیر مرد۔

دَرِصَتْ (س) دَرَصًا۔ الشَّاۃُ: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانت والی ہونا۔ صفت (دَرْصَاءُ)

اَلدَّرْصُ والدِّرْصُ۔ چوہا، بلی، خرگوش جیسی وغیرہ کا بچہ۔ ج اَدْرَاصٌ و دِرَصَۃٌ و دِرْصَانٌ و دُرُوْصٌ و اَدْرُصٌ۔

اَلدَّرِصُ والدَّرُوْصُ۔ تیز رفتار اونٹنی۔

اُمُّ اَدْرَاصٍ۔ جنگلی چوہا۔ بلا، مصیبت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِیْ اُمِّ اَدْرَاصٍ" وہ لوگ ہلاکت میں پڑ گئے۔

اَبُوْ اَدْرَاصٍ۔ بیوقوف۔

دَرِعَ (س) دَرَعًا۔ الفَرَسُ وَغَیْرُہٗ: سیاہ سر اور سفید جسم والا ہونا۔ صفت (اَدْرَعُ) مؤنث دَرْعَاءُ۔ ج دُرْعٌ۔

دَرَعَ۔ (ن) دَرْعًا۔ الشَّاۃَ: بکری کے سر کی جانب سے کھال اتارنا ۔۔۔ الرَّقَبَۃَ اَوِ الْیَدَ: گردن یا ہاتھ کا جوڑ اکھاڑنا۔

دُرِعَ۔ الزَّرْعُ: کھیت کا کچھ حصہ کھایا جانا ۔۔۔ المَاءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔

دَرَّعَہٗ۔ زرہ پہنانا ۔۔۔ المَرْاَۃَ: قمیص پہنانا ۔۔۔ ہ: گلا گھونٹنا ۔۔۔ الشَّیْءَ: ظاہر کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: چلنے میں آگے بڑھنا۔

اِدَّرَعَ۔ الشَّہْرُ: آدھے سے زیادہ گزر جانا و تَدَرَّعَ وادَّرَعَ۔ زرہ پہننا۔ اَدْرَعَ وادَّرَعَ اللَّیْلُ: رات کی تاریکی میں داخل ہونا۔ اَدْرَعَ: کسی چیز میں کسی چیز کو داخل کرنا۔ اُدْرِعَ المَاءُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا۔

اِنْدَرَعَ۔ فِی السَّیْرِ: آگے بڑھنا۔ اِنْدَرَعَ یَفْعَلُ کَذَا: وہ ایسا کرنے لگا ۔۔۔ العَظْمُ: ہڈی کا گوشت سے جدا ہونا ۔۔۔ البَطْنُ: پیٹ بھرنا ۔۔۔ القَمَرُ مِنَ السَّحَابِ: چاند کا بادل سے نکلنا۔

اَلدِّرْعُ۔ زرہ۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں۔ ج دُرُوْعٌ و اَدْرُعٌ و اَدْرَاعٌ۔ تصغیر دُرَیْعٌ۔ دِرْعُ المَرْاَۃِ: عورت کی قمیص یا وہ قمیص جسکو وہ گھر میں پہنتی ہے۔ (مذکر) ج اَدْرَاعٌ۔ اور درع اس چھوٹے سے کپڑے کو بھی کہتے ہیں جسکو چھوٹی لڑکی گھر میں پہنتی ہے۔

اَلدِّرْعُ۔ مِنَ العُشْبِ: تازہ گھاس۔

اَلدُّرَعُ والدُّرْعُ۔ قمری مہینے کی سولہویں سترہویں اٹھارھویں راتیں۔ اس لئے کہ ان راتوں کی ابتدا میں تاریکی اور بقیہ میں چاندنی رہتی ہے۔

اَلدَّارِعُ۔ فا۔ زرہ پہننے والا۔

اَلدُّرْعَۃُ۔ درخت خرما کی چھال کی مانند ایک چیز جس کو درخت خرما کے اردگرد لگا دیا جاتا ہے۔ ج۔ دُرَعٌ۔

اَلدَّرْعَاءُ۔ مؤنث اَدْرَعُ ۔۔۔ مِنَ اللَّیَالِیْ: وہ رات جس میں صبح کے وقت چاند نکلتا ہے۔ ج دُرْعٌ۔

اَلدِّرْعِیَّۃُ۔ زرہ کو چھیدنے والا نیزہ ج دَرَاعِیُّ۔

اَلدُّرَّاعَۃُ۔ ج دَرَارِیْعُ و اَلْمِدْرَعَۃُ: ج مَدَارِعُ: جبہ۔ کوٹ۔ والمِدْرَعَۃُ عِنْدَ الیَہُوْدِ: احبار یہود کے پہننے کا کتاں کا ایک کپڑا۔ مَاءٌ مُدَرَّعٌ (ومُدْرَعٌ) پانی جس کے قریب کی چراگاہ چرلی گئی ہو۔ رَوْضَۃٌ مُدَرَّعَۃٌ: باغ جس کے اردگرد کو کھا لیا گیا ہو۔

اَلمُدَرَّعُ۔ مف۔ ایک قسم کا جانور۔

اَلمُدَرَّعَۃُ۔ فولاد سے ڈھکا ہوا آگی جہاز

اَلدِّرْعَوْسُ۔ اچھی عادت والا۔

اِدْرَعَشَّ۔ الرَّجُلُ مِنْ مَرَضِہٖ: چنگا ہونا۔

اِدْرَعَفَّ۔ الرَّجُلُ فِی القِتَالِ: صف سے نکل کر آگے بڑھنا۔

اَلدِّرْعِمُ۔ نالائق بدزبان۔

اَلدَّرَفُ۔ پناہ۔ سایہ۔ جانب۔

اَلدَّرَفَۃُ۔ عِنْدَ العَامَّۃِ: دروازہ کا پٹ۔ فصیح لفظ اَلصَّفْقُ ہے۔

اَلدِّرَفْسُ۔ بڑے جسم کا اونٹ۔ موٹا مرد۔ بڑا نشان۔ ریشمی کپڑا۔

دَرْفَقَ واِدْرَنْفَقَ۔ فِیْ سَیْرِہٖ: تیز چلنا۔

دَرَقَ (ن) دَرْقًا۔ فِی المَشْیِ: تیز چلنا۔

دَرَّقَہٗ۔ نرم کرنا۔

اَلدَّرَقُ۔ مم۔ سخت خواہ کوئی چیز ہو۔

اَلدَّرْقَاءُ۔ بادل۔

اَلدَّرَقَۃُ۔ چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جس میں لکڑی اور پٹھا نہ ہو۔ ج دَرَقٌ۔

اَلدُّرَّاقُ۔ ایک میوہ دار درخت۔ ایک قسم کا میوہ۔ واحد دُرَّاقَۃٌ۔ شراب۔ (الدُّرَّاقُ والدِّرْیَاقُ والدِّرْیَاقَۃُ) تریاق۔

اَلدُّرَاقِنُ۔ زرد آلو۔ شفتالو۔

اَلدَّوْرَقُ۔ بغیر ٹونٹی کا دو دستوں والا لوٹا ج دَوَارِقُ (معرب) اَلدَّوْرَقُ: عابد زاہد لوگوں کی ایک قسم کی ٹوپی۔ اور اسی کی نسبت سے پہننے والے "اَلدَّوْرَقِیُّوْنَ" کہلاتے ہیں۔

دَرْقَعَ۔ سختی سے تیز بھاگنا۔

اَلدُّرْقُعُ۔ پانی لانے والا اونٹ۔

اَلدِّرْقَوْعُ۔ بزدل۔

اَلمُدَرْقِعُ والمُدْرَنْقِعُ۔ لوگوں سے کھانا چاہنے والا اور ان کو گالی دینے والا۔

دَرْقَلَ دَرْقَلَۃً۔ الرَّجُلُ: تیز گزرنا۔ ناچنا۔ ناز سے چلنا۔

اَلدِّرْقِلُ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

اَلدَّرْقِیُّ۔ بیکار۔ دجال کا نام۔

دَرَکَ۔ المَطَرُ: پے در پے برسنا۔

اَدْرَكَ - الشَّئُ : اپنے وقت پر پہنچنا ــــ الثمرُ: پھل کا پکنا ــــ الولدُ : لڑکے کا بالغ ہونا ــــ الشئَ : لاحق ہونا ــــ المسْألَۃَ : سیکھنا ــــ بِثَارِہٖ : خون کا بدلہ لینا ــــ الشئَ بِبَصَرِہٖ : دیکھنا۔

دَارَکَہٗ مُدَارَکَۃً و دِرَاکًا - لاحق ہونا۔ ــــ الشئَ : ایک کو دوسرے کے پیچھے کرنا۔ ــــ الطعْن : پیاپے نیزہ مارنا۔

تَدَارَکَ - القومُ : آخر کا اول سے آملنا۔ اور اس میں اِدَّارَکَ بولا جاتا ہے ــــ الخطأَ بالصَّوابِ : غلطی کی اصلاح کرنا۔ غلطی کے بعد درست کرنا ــــ مَا فَاتَ : تلافی کرنا۔ درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَدَارَکَہُ اللّٰہُ بِرَحْمَتِہٖ" یعنی اللہ کی رحمت اس کو لاحق ہو۔ "تَدَارَکَ القومَ" اس نے قوم کی تلافی کی۔

اِدَّارَکَ - ملنا۔ لاحق ہونا۔

اِسْتَدْرَكَ - الشئَ بالشئِ : کسی چیز سے کسی چیز کو حاصل کرنے کا ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدْرَکَ النَّجَاۃَ بِالفِرَارِ" اُس نے بھاگ کر نجات حاصل کرنے کا ارادہ کیا۔ مَا فَاتَ : تلافی کرنا ــــ الخطأَ بالصَّوابِ : غلطی کی اصلاح کرنا ــــ عَلَیْہِ القولَ : غلطی نکالنا۔

الدَّرَکُ والدَّرْکُ - لاحق ہونا۔ حصول حاجت۔ کسی چیز کی انتہائی گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغَوَّاصُ دَرَکَ البَحْرِ" غوطہ خور سمندر کی انتہائی گہرائی میں پہونچ گیا۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ دَرَکُ الطَّرِیْدَۃِ" بھگائے ہوئے جانور کو پالینے والا گھوڑا۔ تاوان۔ اور اسی کو ہے "مَا لَحِقَکَ مِنْ دَرَکٍ فَعَلَیَّ خَلَاصُہٗ" جو تاوان تمہارے اوپر ہوگا اس کی ادائگی میرے ذمہ ہے۔

الدَّرَکَۃُ - درجہ۔ لیکن درکہ اور درجہ میں فرق ہے۔ درکہ اترنے کی حالت میں اور درجہ چڑھنے کی حالت میں۔ ج دَرَکَات۔ کہا جاتا ہے۔ "الجَنَّۃُ دَرَجَاتٌ والنَّارُ دَرَکَاتٌ"۔

الاِدْرَاکُ - مص۔ قوت مدرکہ۔

دَرَاکِ - اسم فعل بمعنی اَدْرِکْ۔

الدِّرَاکُ - متصل۔ کہا جاتا ہے "سَیْرٌ دِرَاکٌ" متصل سیر۔

الدَّرَّاکُ - مرغوب چیز کو پالینے والا۔

الدَّرِیْکَۃُ - بھگائی ہوئی۔

الاِسْتِدْرَاکُ - مص۔ کلام سابق سے جو وہم پیدا ہو اس کو دور کرنا۔

رَجُلٌ دَرَّاکٌ (مؤ دَرَّاکَۃٌ) - تیز ادراک کرنے والا تا و مبالغہ کے لئے ہے۔

مَدَارِکُ - الشرعِ : وہ نصوص جن سے ثبوت احکام ہو۔

المُدْرِکَاتُ والمَدَارِکُ - حواس۔

المُتَدَارِکُ - علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الدَّرْنَکَۃُ - اختلاط۔ بھیڑ۔ انبوہ۔

الدَّرَابُکَۃُ - ایک قسم کا باجہ (مولدہ)

دَرِمَ (س) دَرَمًا - العظمُ : گوشت سے ہڈی کا پوشیدہ ہونا۔ صفت (دَرِمٌ و دَارِمٌ و دَرِیْمٌ و اَدْرَمُ) ــــ السَّاقُ : ہموار ہونا۔ الاَسْنَانُ : گرنا۔ گرنے کے قریب ہونا البعیرُ : بے دانتوں والا ہونا۔

دَرَمَ (ض) دَرْمًا و دَرَمًا و دَرَمَانًا و دَرَامَۃً - القنفذُ والاَرْنَبُ ونحوُہما : چھوٹے چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا۔ اور ایسا ہی "دَرَمَ الشَّیْخُ والصَّبِیُّ" بھی بولا جاتا ہے۔

دَرَّمَ - اَظْفَارَہٗ : ناخن کاٹنے کے بعد ہموار کرنا۔

اَدْرَمَ - الصَّبِیُّ : دودھ کے دانت ہلنا۔ صفت (اَدْرَمُ) مؤنث دَرْمَاءُ - الدَّرْمَاءُ : خرگوش۔ سرخ پتیوں والی ایک گھاس۔

دَارَمَ مُدَارَمَۃً - گرانی کے ساتھ ساتھ جلدی چلنا۔

الدِّرْمَۃُ - دِرْم کا مؤنث۔ خرگوش۔

دِرْعٌ دَرْمَۃٌ : چمکدار یا نرم زرہ۔

الدَّرَّامُ والدَّرَّامَۃُ - سیہی۔ خرگوش۔ الدَّرَّامُ : پست قد۔ بدرفتار۔ مؤنث دَرَّامَۃ

الدَّرْیَمُ - پرگوشت۔ نازک اندام خوبصورت لڑکا۔

دِرْعٌ دُلَامِصٌ (دُمَّۃٌ) چمکدار نرم زرہ۔

المِدْرَامُ - بیل پھیل میں لتھڑا ہوا۔ ج مَدَارِیْمُ

دَرْمَسَ - خاموش رہنا ــــ الشئَ چھپانا

دَرْمَصَ دَرْمَصَۃً - خاکساری کرنا۔ فروتنی کرنا۔

الدُّرْمُقُ والدَّرْمَکُ - سفید آٹا۔ میدہ

دَرْمَکَ - دوڑنا ــــ البناءَ : ہموار و چمکدار بنانا

الدَّرْمَکُ - نرم مٹی۔

الدُّرْمُوکُ - غالیچہ۔

دَرِنَ دَرَنًا - الثوبُ : میلا ہونا۔ صفت (دَرِنٌ و دُرَانٌ) مؤنث دَرِنَۃٌ و دُرَان

اَدْرَنَ - الثوبَ : میلا کرنا ــــ الثوبُ : میلا ہونا۔ اَدْرَنَتِ الماشیۃُ : پرانی خشک گھاس چرنا۔

الدَّرَنُ - میل کچیل۔ ج اَدْرَان۔ اُمُّ دَرَنٍ : دنیا۔

الدَّرَانُ - لومڑی۔

الدِّرِیْنُ - پرانی خشک گھاس جسکو جانور نہ کھائیں۔ پرانا کپڑا۔ اُمُّ دِرِیْنٍ : قحط زدہ زمین

الدِّرْنَاسُ - شیر۔

الدَّرْنُوفُ - بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

الدُّرْنُوکُ والدِّرْنِیْکُ - غالیچہ۔ قالین ج دَرَانِیْک۔

دَرَءَ (ف) دَرْءًا - علیہم : ناگاہ آنا ــــ لہم وعنہم : مدافعت کرنا۔ دَرَءَ علی کذا : زیادہ کرنا۔

دَارِءَاتُ - الدہرِ : زمانے کے حوادث۔

التُّدْرَءُ - دفع۔ مدافعت۔ کہا جاتا ہے "ذُوْ تُدْرَءٍ" وہ دشمنوں پر اچانک ٹوٹ پڑنے والا ہے

المِدْرَءُ - سردار۔ قوم کا نمائندہ۔ لیڈر ج مَدَارِء۔

دَرَاہِمُ - الخبازی : درہم کی مانند گول

پتیوں والی ہونا۔
إِدْرَهَمَّ۔ بڑی عمر والا ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانتوں کا گرنا۔ صفت (مُدْرَهِمٌّ)
البَصَرُ: نگاہ کا مدھم ہونا۔
الدِّرْهَم والدِّرْهِم والدِّرْهَام۔ چاندی کا سکہ۔ ج دَرَاهِم (یونانی کلمہ ہے) مولدین کے نزدیک دراہم کا اطلاق مطلقاً نقود پر ہوتا ہے۔
المُدَرْهَم۔ بہت دراہم والا۔
الدَّرْوِيْش۔ راہب۔ عابد۔ زاہد لفظ فارسی ہے جس کے معنی فقیر کے ہیں۔
دَرَى (ض) دَرْيًا ودَرْيًا ودَرْيَةً ودِرْيَةً ودَرَيَانًا ودِرْيَانًا ودُرْيًّا ودِرَايَةً۔ الشَّيءَ وبالشَّيءِ: حیلے سے جاننا۔ (آخری مصدر زیادہ مستعمل ہے)
دَرَى (ض) دَرْيًا وتَدَرَّى وادَّرَى الصَّيْدَ: دھوکا دینا۔ دَرَى الرَّأسَ: بِمِدْرَى سے سر کو کھجلانا (دیکھیے مِدْرَى)
دَارَى مُدَارَاةً ۔۔: باہم نرمی کرنا۔ فریب دینا۔
أَدْرَى۔ الرَّجُلَ بِكَذَا: جتلانا۔ آگاہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرَاكَ وَمَا أَدْرَيْتُ" یعنی تم نہیں جانتے۔
المِدْرَى والمِدْرَاةُ والمِدْرِيَةُ۔ کنگھی۔ باریک سینگ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں۔ ج مَدَارٍ ومَدَارَى۔
دَزَرَهُ (ن) دَزْرًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
دَسَّ (ن) دَسًّا ودِسِّيسَى۔ الشَّيءَ تَحْتَ التُّرَابِ وغَيْرِهِ: دھنسانا۔ چھپانا۔ گاڑنا۔ دَسَّ عَلَيْهِ: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔
دَسَّسَ تَدْسِيسًا۔ دھنسانا۔ چھپانا تشدید مبالغہ کے لئے ہے اور بجائے دَسَّسَ کے دَسَّى کہا جاتا ہے جیسے بجائے تَظَنَّنَ کے تَظَنَّى۔
تَدَسَّسَ۔ بہ إلى أعدائه: حیلہ و مکر کرنا۔ سازش کرنا۔
إِنْدَسَّ۔ دھنسنا۔ دفن ہونا۔
الدَّسِيسَةُ۔ خفیہ سازش و عداوت۔

الدَّسَّاسُ والدَّسَّاسَةُ۔ سرخ رنگ کا زہریلا سانپ جو مٹی میں چھپا رہتا ہے۔ الدَّسَّاسَةُ: سانپ کی چھتری۔ اور امثال سے ہے "العِرْقُ دَسَّاسٌ" یعنی باپ کی عادتیں بیٹوں تک پہنچتی ہیں
الدَّاسُوْس۔ جاسوس۔
الدَّسِيْس۔ وہ شخص جسکو خبر لانے کیلئے بھیجا جائے۔ وہ چیز جو مٹی میں دبا دی جائے۔ گرم راکھ میں بھونی ہوئی چیز۔ ج دُسُس:
الدُّسُس: ریاکار لوگ۔
المِدَسّ۔ زخم کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔
الدَّسْت۔ حیلہ فریب۔ مکان کا صدر حصہ مجلس۔ تکیہ۔ کاغذ۔ لباس۔ بیابان۔ ج دُسُوت اور شطرنج کے کھیلنے میں بولتے ہیں "الدَّسْتُ لِي" یعنی میں غالب رہا۔ و"الدَّسْتُ عَلَيَّ" میں مغلوب ہو گیا۔ اور عوام دست کا کلمہ دیگ کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
الدَّسْتَجَةُ۔ دستہ۔ مٹھا۔ شیشہ کا بڑا برتن ج دَسَاتِج۔
الدُّسْتُوْر۔ مجموعہ قوانین۔ اجازت۔ وزیر وہ کتاب جس میں آئین و قوانین ضبط کئے جائیں وہ رجسٹر جس میں فوجیوں کے نام اور ان کے وظائف لکھے جائیں۔ ج دَسَاتِير۔
الدَّسْتَان۔ فی اصطلاح أصحاب الموسیقی بربط کا تار۔ ج دَسَاتِين۔
إِنْدَسَجَ۔ منہ کے بل گرنا۔
المُدْسَج۔ مکڑی کی مانند ایک کیڑے کا نام
دَسَرَهُ (ن) دَسْرًا۔ نیزہ مارنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا ۔۔۔ السَّفِيْنَةَ: رسی سے کشتی کے تختوں کو جوڑنا ۔۔۔ الدِّسَارَ فِي الشَّيءِ: زور سے گھسانا ۔۔۔ الشَّيءَ: میخ لگانا ۔۔۔ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
الدِّسَار۔ کھجور کے ریشہ کی مانند ایک چیز جس سے کشتی کے تختوں کو جوڑتے ہیں۔ میخ ج دُسُر ودُسْر۔
الدَّسْرَاء۔ کشتی۔ ج دُسْر۔
الدَّوْسَر۔ گیہوں میں کا ایک تلخ قسم کا دانہ

شیر۔ موٹا اونٹ۔ ودَوْسَر: نعمان بن منذر شاہ عراق کی ایک فوج کا نام۔
الدَّوْسَر والدَّوْسَرِيّ والدُّوَاسِرِيّ والدَّوْسَرَانِيّ۔ موٹا۔ مضبوط۔
دَسَعَ (ف) دَسْعًا۔ منہ بھر کے قے کرنا ۔۔۔ بِقَيْئِهِ: قے کرنا ۔۔۔ الإِنَاءَ: بھرنا ۔۔۔ العِرْقُ: رگ کا گوشت میں چھپنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: بہت دینا ۔۔۔ الشَّيءَ: ہٹانا۔ دفع کرنا ۔۔۔ البَعِيرُ جِرَّتَهُ: جگالی کرنا۔
الدَّسِيْعَة۔ بہت بخشش۔ طبیعت۔ بڑا پیالہ۔ وسیع دسترخوان۔ قوت۔ ج دَسَائِع۔
بَعِيرٌ دَسُوْعٌ بہت جگالی کرنے والا اونٹ
المَدْسَع۔ حلق کی نالی۔
دَسِقَ (س) دَسَقًا۔ الحَوْضُ: پُر ہونا۔ لبالب ہونا۔
أَدْسَقَ۔ الإِنَاءَ: بھرنا۔
الدَّيْسَق۔ بھرا ہوا حوض۔ چاندی کا خوانچہ صاف چاندی کا زیور۔ لمبا راستہ۔ بڑھا مرد خوبصورتی۔ نور۔ سفیدی۔ سراب کی سفیدی اور اس کی چمک۔
الدَّوْسَك۔ بشیر۔
الدَّسْكَرَة۔ بڑا گاؤں۔ گرجا ۔۔۔ ہموار زمین۔ ایسا مکان جس میں شراب اور کھیل کود کی چیزیں ہوں۔ محل کی مانند عمارت جس کے ارد گرد مکانات ہوں اور ان میں شاطر لوگ جمع ہوتے ہوں۔ ج دَسَاكِر۔
دَسَمَ (ض ن) دَسْمًا۔ القَارُوْرَةَ: ڈاٹ لگانا ۔۔۔ البَابَ: بند کرنا ۔۔۔ الجُرْحَ: زخم میں بتی رکھنا ۔۔۔ المَطَرُ الأَرْضَ: کچھ کچھ تر کرنا ۔۔۔ البَعِيرَ: قطران وغیرہ ملنا (دیکھیے قطران) ۔۔۔ الأَثَرُ: مٹنا ۔۔۔ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
دَسِمَ (س) دَسَمًا ودُسُوْمَةً۔ چربی والا ہونا۔ صفت (دَسِمٌ وأَدْسَمُ) مؤنث (دَسِمَةٌ ودَسْمَاءُ) ج دُسْمٌ ودُسُمٌ (أَدْسِمَ ودَسَّمَ) الشَّيءُ: میلا ہونا۔ میلا ہونا۔ دَسَّمَ الرَّجُلُ: چکناہٹ

کی چیز کھانا۔
دَسَّمَ ۔ الشَّیءَ : چربی ڈالنا ۔ کالا کرنا ۔۔۔ المَطَرُ الاَرضَ : تر کرنا۔
اَدْسَمَ ۔ القَارُورَۃَ : ڈاٹ لگانا ۔۔۔
الدَّسَمُ ۔ کنارہ ۔ کسی چیز کی انتہا ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عَلٰی دَسَمِ الاَمرِ" میں کام کے خاتمہ پر ہوں ۔
الدَّسَمُ ۔ گوشت یا چربی کی چکنائی ۔ چربی کا میل ۔
الدُّسْمَۃُ ۔ خاکستری ۔ (۔۔۔ والدِّسَامُ) ڈاٹ ۔ کاگ ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِہٖ اَلَا دُسْمَۃٌ" یعنی اس میں نفع نہیں ۔
الدَّیْسَمُ ۔ ریچھ یا اُس کا بچہ ۔ لومڑی یا اس کا بچہ ۔ گھاس ۔ تاریکی ۔ سیاہی ۔ کام کا ساتھی ۔ مہربان ۔
الدُّنَیْسِمَۃُ ۔ ذرہ ۔
دَسَا یَدْسُو دَسْوًا ودَسِیَ یَدْسٰی
دَسْیًا کم ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ : پوشیدہ ہونا ۔
دَسّٰی ۔ الرَّجُلَ : بگاڑنا ۔ گمراہ کرنا ۔۔۔ نَفْسَہٗ : گمنام کرنا ۔
دَشَّ (ن) دَشًّا ۔ دَشِیشَۃً (ایک قسم کا کھانا) تیار کرنا ۔۔۔ الحَبَّ : غلہ کو پیسنا ۔
الدَّشِیشُ ۔ گیہوں کی مانند ایک غلہ جسکو موٹا موٹا پیسا جاتا ہے ۔
الدَّشِیشَۃُ ۔ ایک قسم کا کھانا جس کا جزو اعظم کوٹا ہوا گیہوں ہے ۔
الدَّوشَقُ ۔ بڑا مکان ۔ موٹا اونٹ ۔
الدَّوشَکُ ۔ بچھونا ۔
دَشَنَ (ن) دَشْنًا ۔ الشَّیءَ : دینا ۔
دَشَّنَ ۔ الثَّوبَ : پہلی مرتبہ پہننا ۔۔۔ المَعْبَدَ : برکت دینے کے لئے سب سے پہلی مرتبہ نماز پڑھنا ۔
تَدَشَّنَ ۔ الشَّیءَ ۔ لینا ۔
الدَّاشِنُ ۔ فا ۔ الدَّاشِنُ مِنَ الثِّیَابِ : نیا کپڑا جو ابھی استعمال نہ کیا گیا ہو ۔۔۔ مِنَ الدُّورِ : نیا مکان جس میں ابھی کسی نے سکونت نہ کی ہو ۔

دَشَا (ن) دَشْوًا ۔ لڑائی میں گھس پڑنا ۔
دَصَّ (ن) دَصًّا ۔ رعایت آداب کے ساتھ خدمت کرنا ۔
دَصْدَصَ ۔ آٹا گرنے کیلئے چھلنی میں ہاتھ مارنا ۔
دَصَقَ (ن) دَصْقًا ۔ الزُّجَاجَ : توڑنا ۔
دَضَّ (ن) دَضًّا ۔ رعایت آداب کے ساتھ خدمت کرنا ۔
دَطَّ ۔ دھتکارنا ۔
دَعَّ (ن) دَعًّا ۔ سختی سے دھتکارنا ۔ دھکے دینا ۔
اَدَعَّ ۔ الرَّجُلُ : چھوٹے چھوٹے بال بچے والا ہونا ۔
الدَّعَاعُ ۔ چھوٹے چھوٹے بال بچے ۔
الدُّعَاعُ ۔ کھجور کے متفرق درخت ۔ ایک جنگلی درخت کے دانے ۔ پروں والی سیاہ چیونٹیاں ۔ واحد دُعَاعَۃٌ ۔
دَعَبَ (ف) دَعْبًا ودُعَابَۃً ۔ دفع کرنا ۔ مزاح کرنا ۔ خوش طبعی کرنا ۔ (۔۔۔ دَعْبًا) المَرْاَۃَ : جماع کرنا ۔
دَاعَبَہٗ مُدَاعَبَۃً ۔ کھیل کود کرنا ۔ خوش طبعی کرنا ۔ ہنسی مذاق کرنا ۔
تَدَاعَبَ ۔ القَومُ : باہم ہنسی مذاق کرنا
تَدَعَّبَ ۔ عَلَیہِ : ناز کرنا ۔
الدَّعِیبُ والدَّاعِبُ ۔ کھیل کود ہنسی مذاق کرنے والا ۔
الدَّعَّابُ والدَّعَّابَۃُ ۔ بہت ہنسی مذاق کرنے والا ۔ دَعَّابَۃٌ میں "تا" مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں ۔
الدُّعَابَۃُ ۔ ہنسی مذاق ۔ سیاہ چیونٹی ۔ بے وقوفی ۔
اَلاَدْعَبُ ۔ بیوقوف ۔ مؤنث دَعْبَاءُ ۔ جمع دُعْبٌ ۔
الدُّعْبُبُ ۔ بہت کھیلنے والا ۔ اچھا گانے والا ۔ نازک بدن نوجوان ۔

الدُّعْبُوبُ ۔ سیاہ چیونٹی ۔ ایک قسم کا سیاہ دانہ جو کھایا جاتا ہے ۔ راستہ جس پر آمد و رفت زیادہ ہو ۔ پست قد مرد جس سے ٹھٹھا کیا جائے شادمان ۔ مخنث ۔ بے وقوف ۔ لمبا گھوڑا ۔ لَیلَۃٌ دُعْبُوبٌ : بُری رات ۔ یا بہت کالی رات
الدَّعْبُوثُ والدُّعْبُوسُ ۔ بے وقوف ۔ کم عقل ۔
الدِّعْبِلُ ۔ مینڈک کے انڈے (۔۔۔ والدِّعْبِلَۃُ) مضبوط اونٹنی ۔
دَعَتَ (ن) دَعْتًا ۔ سختی سے ہٹانا ۔ دھکے دینا ۔
دَعَثَ (ن) دَعْثًا ۔ پاؤں یا ہاتھ وغیرہ سے مٹی باریک کرنا ۔ دَعَثَ بِہٖ الاَرضَ : ۔۔۔ پٹک دینا ۔
دُعِثَ ۔ رونگٹے کھڑے ہونا ۔ سستی لاحق ہونا ۔
اَدْعَثَ ۔ فِی الشَّرِّ : بُرائی میں مبالغہ کرنا ۔ ۔۔۔ الشَّیءَ : باقی رکھنا ۔ چوری کرنا ۔
اِنْدَعَثَ ۔ الشَّیءُ : روندا جانا ۔
تَدَعَّثَ ۔ صُدُورُہُمْ : کینہ رکھنا ۔
الدَّعْثُ ۔ مص ۔ مرض کی ابتداء ۔
الدِّعْثُ ۔ کینہ ۔ پانی کا بقیہ ۔ جمع اَدْعَاثٌ ودِعَاثٌ ۔
دَعْثَرَ ۔ الحَوضَ : ڈھانا ۔۔۔ الاَرضَ : روندنا ۔
الدَّعْثَرُ ۔ بیوقوف ۔
الدُّعْثُورُ ۔ مِنَ الحَوضِ : حوض جس کے چاروں طرف شکستہ ہو گیا ہو ۔ گڑھا ۔۔۔ مِنَ النَّعَمِ : بہت چوپائے ۔
دَعِجَتْ (س) دَعَجًا ۔ العَینُ : آنکھ کا بہت سیاہ اور بڑی ہونا ۔
اَدْعَجُ ۔ بڑی اور بہت سیاہ آنکھوں والا ۔ مؤنث دَعْجَاءُ ۔ جمع دُعْجٌ ۔ الدَّعْجَاءُ : قمری مہینہ کی اٹھائیسویں رات ۔ اُنتیسویں کو سرار اور تیسویں کو فلتہ کہتے ہیں ۔ جنون ۔

الدُّعْجَۃ۔ آنکھ کی سیاہی۔ مع وسعت کے
لَیْلٌ اَدْعَجُ۔ تاریک رات۔
المَدْعُوْج۔ مجنون۔ پاگل۔
دَعَلَ عَ دَعْلَ عَۃً ودَعْلَ اعًا۔
آہستہ آہستہ دوڑنا ــــ الجَفْنَۃَ: بھرنا ــــ
المِکْیَالَ: زیادہ سمانے کے لئے ہلانا۔
تَدَعْلَعَ۔ بڈھے کی طرح چلنا ــــ
الشَّیْءُ: بھرنا۔
دَعْلَعْ ودَعْلَعًا۔ کلمہ ہے جو گرنے والے
کے لئے بولا جاتا ہے۔ اس کے معنی ہیں
کھڑے ہو جاؤ۔
الدَّعْلَاع۔ مع۔ پست قد۔
دَعِرَ (س) دَعَرًا۔ العُوْدُ: دھواں دینا
اور نہ سُلگنا۔ بوسیدہ ہونا۔ صفت (دَعِرٌ)
ــــ الزَّنْدُ: آگ نہ دینا۔ صفت (اَدْعَرُ)
دَعَرَ (ن) ودَعِرَ (س) دَعَارَۃً۔
الرَّجُلُ: بدکار ہونا۔
تَدَعَّرَ۔ وجہہ: چہرہ کا بُری طرح کرداغدار
ہونا ــــ الرَّجُلُ: شریر ہونا۔ خبیث ہونا۔
الدَّعَرُ والدَّعَرَۃ والدَّعَارَۃ والدِّعَارَۃ:
بُرائی۔ فسق۔ فساد۔
الدَّعَارَۃ والدَّعَارَّۃ۔ بدخلقی۔
الدَّاعِر۔ فا۔ شریر۔ خبیث۔ جمع دُعَّار
مؤنث۔ دَاعِرَۃ۔ الدَّاعِرَۃ: درخت خرما جو کاٹا
نہ دیا گیا جاسکے۔ جمع مَدَاعِیْر۔
الدُّعَر۔ لکڑی کھانیوالا کیڑا۔ واحد (دُعَرَۃٌ)
رَجُلٌ (دُعَرٌ ودُعَرَۃٌ) ساتھیوں کے ساتھ
خیانت کرنے والا۔
الدَّعْرَبَۃ۔ سختی۔
الدِّعْرِم۔ بدصورت۔ پست قد۔
دَعَزَ (ن) دَعْزًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا ــــ
الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
دَعَسَ (ن) دَعْسًا۔ الشَّیْءَ: روندنا۔
ــــ الوِعَاءَ: بھرنا ــــ فُلَانًا: دفع کرنا۔
(ــــ ودَعَسَہٗ) بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ المَرْاَۃَ:
ذلیل ورسوا کرنا۔
دَاعَسَہٗ مُدَاعَسَۃً۔ باہم نیزہ بازی کرنا
الدَّعْس۔ مع۔ نشان طَرِیْقٌ دَعْسٌ: بہت
نشانوں والا راستہ۔
المَدْعَس۔ امید کی جگہ۔
المِدْعَس والمِدْعَاس۔ بہت آمد و
رفت کا راستہ۔ نیزہ۔ جمع مَدَاعِس ومَدَاعِیْس۔
المِدْعَس: نیزہ مارنے والا۔
دَعَصَہٗ (ن) دَعْصًا واَدْعَصَہٗ۔
قتل کرنا۔ دَعَصَہٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
دَاعَصَہٗ۔ عزت میں مقابلہ کرنا۔
تَدَعَّصَ۔ اللَّحْمُ: گل سڑ کر ریزہ ریزہ ہونا۔
الدِّعْص۔ جمع دِعَصَۃ واَدْعَاص (الدِّعْصَۃ
جمع دِعَص: ریت کا تودہ۔
المَدَاعِص۔ نیزے۔
الدَّعْصَاءُ: نرم زمین جہاں بہ نسبت
دوسری جگہوں کے گرمی زیادہ ہو۔
دَعَظَ (ن) دَعْظًا۔ المَرْاَۃَ: جماع کرنا۔
دَعَقَ (ن) دَعْقًا۔ الطَّرِیْقَ: بہت روندنا
صفت مفعولی (دَعْق ودَعِیْق ومَدْعُوْق)
الغَارَۃَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا ــــ المَاءَ:
جاری کرنا ــــ الرَّجُلَ: فوراً مار ڈالنا (ــــ
واَدْعَقَ) الخَیْلَ: ایڑ لگانا ــــ عَلَیْہِمُ الخَیْلَ:
کسی قوم پر لوٹ ڈالنے کیلئے گھوڑوں کو
لے آنا۔
دَعِقَ (س) دَعَقًا۔ الطَّرِیْقُ: بہت آمد و
رفت والا ہونا۔
الدَّعْقَۃ۔ حملہ وچیخ۔
الدُّعْقَۃ۔ اونٹوں کا گلہ۔ بارش کی بوچھاڑ
المَدْعَق۔ پانی بہنے کی جگہ۔
خیل (مَدَاعِیْق) لڑائی میں لوگوں کو
کچلنے والے گھوڑے۔
دَعَکَ (ن) دَعْکًا۔ الثَّوْبَ: ملائم بنانا
ــــ الخَصْمَ: نرم کرنا ــــ الجِلْدَ: ملنا ــــ
الشَّیْءَ فِی التُّرَابِ: مٹی میں لوٹانا۔ کہا جاتا ہے
"دَعَکَہٗ بِالقَوْلِ" اس نے اسکو سخت وسُست
کہکر تکلیف پہونچائی۔
دَعِکَ (س) دَعَکًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت
(دَاعِکٌ ودَاعِکَۃٌ) مؤنث (دَاعِکَۃٌ) کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ اَحْمَقُ دَاعِکٌ" فلاں بیوقوف ہے۔
دَاعَکَہٗ مُدَاعَکَۃً۔ سخت جھگڑا کرنا۔
ٹال مٹول کرنا۔
تَدَاعَکَ۔ القَوْمُ: باہم سخت جھگڑنا۔ تَدَاعَکُوْا
فِی الحَرْبِ: لڑائی میں باہم زور آزمائی کرنا۔
الدِّعِکّ۔ سخت جھگڑالو۔
الدُّعَکَۃ۔ گمنام۔ کمزور۔ ایک قسم کا پرندہ
الدُّعْکَۃ۔ راستہ کا بڑا حصہ۔
المِدْعَک والمُدَاعِک۔ سخت دشمن۔
دَعَلَہٗ (ف) دَعْلًا۔ دھوکا دینا۔
دَاعَلَہٗ۔ باہم فریب دینا۔
الدَّاعِل۔ فا۔ بھاگنے والا۔
دَعْلَجَ دَعْلَجَۃً۔ اللَّیْلُ: تاریک ہونا ــــ
الشَّیْءُ: کسی چیز کے رنگوں کا مخلوط ہونا ــــ
الرَّجُلُ: بار بار آنا جانا ــــ الشَّیْءَ: لڑھکانا
الدَّعْلَج۔ بھری ہوئی گون۔ باہم لپٹی ہوئی
نباتات۔ خوبصورت نازک بدن جوان۔
تاریکی۔ بھیڑیا۔ گدھا۔ اونٹنی جو تھکنے سے نہ
چلے۔ آنے جانے والے کا نشان قدم۔
دَعَمَ (ف) دَعْمًا۔ الشَّیْءَ: سہارا دینا۔
ٹیک لگانا ــــ ہٗ: مدد دینا۔ قوی کرنا۔
اِدَّعَمَ۔ ٹیک لینا۔
تَدَاعَمَ۔ الاَمْرُ فُلَانًا: ہجوم ہونا ــــ
الدِّعْمَۃ۔ جمع دِعَم و (الدِّعَام) جمع دُعُم و
(الدِّعَامَۃ جمع دَعَائِم: ستون۔ کھمبا۔ لکڑی
کا ستون جو چھپر کیلئے کھڑا کیا جائے۔ الدِّعْمَتَان
والدِّعَامَتَان: چرخی کے دونوں طرف کے
ڈنڈے دِعَامَۃُ القَوْمِ: رئیس قوم۔
الدُّعْمِیّ۔ بڑھئی۔ کوئی چیز جس میں مضبوط
سہارا لگا ہوا ہو۔ راستہ کا بڑا حصہ۔
فَرَسٌ (اَدْعَم ودُعْمِیّ) سینہ میں سفیدی

والا گھوڑا۔
المُدَّعَمُ۔ جائے پناہ۔
دَعْمَصَ۔ المَاءُ: بہت سیاہ کیڑوں والا ہونا
الدُّعْمُوصُ۔ پانی کا سیاہ کیڑا جو تالابوں میں پانی کم ہو جانے پر ظاہر ہوتے ہیں اور عوام اس کو البُلعُط کہتے ہیں۔ ج دَعَامِیصُ و دَعَامِصُ۔
دَعَنَ (ن) دَعَانَةً۔ شوخ و بیباک ہونا
الدِّعَنُ۔ شوخ و بیباک۔ ج دِعْنَةٌ۔
الدَّعِنُ۔ بدخو۔ بدغذا۔
الدَّعْنُ۔ کھجور کے پتے جن کو رسّی سے بُن کر اُس پر کھجور پھیلاتے ہیں۔
دَعَا (ن) دُعَاءً و دَعْوَى) ہ: پکارنا رغبت کرنا۔ مدد طلب کرنا۔ ہ الی الأمرِ: کسی کام کی طرف لیجانا۔ بہ: حاضر ہونے کو کہنا۔ دَعَاہُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ: نام رکھنا۔ ۔۔۔ المَیِّتَ: بین کرنا۔ ہ دَعْوَةً و مَدْعَاةً) دعوت کھانے کیلئے بلانا (۔۔۔ دُعَاءً) لہٗ: دعا کرنا۔ عَلَیْہِ: بد دعا کرنا۔ إلَیْہِ: کسی چیز کی طرف بلانا۔
دَاعَاہُ مُدَاعَاةً۔ جھگڑا کرنا۔ باہم پہیلی کہنا۔ ۔۔۔ الحَائِطَ: گرانا۔
أَدْعَاہُ إِدْعَاءً۔ غیر باپ کی طرف منسوب کرانا۔
تَدَعَّتْ تَدَعِّیًا۔ النَّائِحَةُ: نوحہ کرنے میں آواز کو بلند کرنا۔
تَدَاعَی۔ العَدُوُّ: متوجہ ہونا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو بلانا۔ تَدَاعَوُا الشَّیْءَ: دعویٰ کرنا۔ تَدَاعَتِ الحِیطَانُ: شکستہ و ویران ہونا ۔۔۔ القَوْمُ عَلَیْہِ: دشمنی میں متفق ہونا۔
اِنْدَعَی اِنْدِعَاءً۔ لِدَعْوَتِہٖ: جواب دینا
اِدَّعَی۔ الشَّیْءَ: حق یا باطل کا دعویٰ کرنا۔ ۔۔۔ بہ: اپنی طرف نسبت کرنا۔ عَلَیْہِ: مقدمہ کرنا۔ إلی غَیْرِ أَبِیْہِ: باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہونا۔ ۔۔۔ الشَّیْءَ؟

تمنا کرنا۔ اِدَّعَی فی الحَرْبِ: حریف کے سامنے اپنا نام و نسب پیش کرنا۔
اِسْتَدْعَاہُ اِسْتِدْعَاءً۔ پکارنا ۔۔۔ الشَّیْءَ: طلب کرنا۔
الدُّعَاءُ۔ دعا کا مصدر۔ ج أَدْعِیَةٌ۔
الدَّعْوَةُ۔ پکار۔ قسم۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنِّی دَعْوَةَ الرَّجُلِ" یعنی وہ مجھ سے قریب ہے۔ اور یہ مانند "ہُوَ مِنِّی رَمْیَةَ السَّہْمِ و مَزْجَرَ الکَلْبِ" کے ہے کہ اس کا بھی مطلب یہی ہے۔ و "لَہُمُ الدَّعْوَةُ عَلَی غَیْرِہِمْ" دعا میں ان سے ابتدا ہو۔ "و کُنَّا فِی دَعْوَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کی مہمانی میں تھے۔ (۔۔۔ والدَّعَاوَةُ والدِّعَاوَةُ) اِدِّعَا کے معنی میں
الدَّعْوَی۔ مع۔ مقدمہ۔ دعویٰ۔ ج۔ الدَّعَاوِی والدَّعَاوَی۔
الدَّعَّاءُ۔ بہت دعا کرنے والا۔
الدَّعَّاعَةُ۔ انگشت شہادت۔
الأُدْعِیَّةُ۔ والأُدْعُوَّةُ۔ چیستاں پہیلی
الدَّعِیُّ۔ لے پالک۔ وہ شخص جس کے نسب میں شبہ ہو۔ غیر باپ یا غیر قوم کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنے والا۔ ج أَدْعِیَاءُ
الدَّاعِی۔ فا۔ لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی طرف بلانے والا ج دُعَاةٌ۔ مونث دَاعِیَةٌ ج دَاعِیَاتٌ و دَوَاعٍ (۔۔۔ والدَّاعِیَةُ)۔ سبب ج الدَّوَاعِی۔ دَاعِی اللَّبَنِ: دودھ کا وہ حصہ جو تھن میں چھوڑ دیا جائے۔ تاکہ بقیہ دودھ آسانی سے دوہا جا سکے۔ و دَوَاعِی الصَّدْرِ: فکر و غم و دَوَاعِی الدَّہْرِ: زمانہ کی گردشیں۔
المَدْعَاةُ۔ کھانے کی دعوت۔ سبب۔
دَعَتَ (ف) دَعْتًا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا
الدَّعْثَرُ۔ بیوقوف۔
دَغْدَغَ دَغْدَغَةً۔ فُلَانًا بِکَلِمَةٍ: طعن و تشنیع کرنا۔
الدَّغْدَغَةُ۔ پھپھسی گفتگو کرنا۔ چھپانا استہزاء کرنا۔ گدگدی کرنا۔ عوام گدگدی کے لئے "زُکْزَکَة والزُّکْزَکَة" بولتے ہیں۔

المُدَغْدَغُ۔ حسب نسب میں عیب دار
دَغَرَہٗ (ف) دَغْرًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دَغَرَتِ المَرْأَةُ الصَّبِیَّ: انگلی سے دبانا ۔۔۔ الأُمُّ اِبْنَہَا: آسودگی سے کم دودھ پلانا۔ دَغَرَ الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: ملانا ۔۔۔ ہ: کھینچ کر مار ڈالنا ۔۔۔ فِی البَیْتِ: داخل ہونا۔ عَلَیْہِ: اچانک آنا۔
دَغِرَ (س) دَغَرًا۔ الرَّجُلُ: بداخلاق و کینہ ہونا۔ صفت (دَاغِرٌ)
دَغَرَ (س) دَغْرًا و دَغْرَی عَلَیْہِمْ: لوگوں پر اچانک پہونچ جانا۔
اِنْدَغَرَ۔ گھس جانا ۔۔۔ عَلَیْہِ: اچانک آنا۔
الدَّاغِرُ۔ ذلیل۔ حقیر۔ خبیث۔ مفسد۔
الدَّغْرَةُ۔ کسی چیز کو اچک کر لے لینا۔
المَدْغَرَةُ۔ گھمسان کی جنگ۔
دَغَشَ (ن) دَغْشًا و دُغُوشًا۔ تاریکی میں داخل ہونا۔ دَغَشَ عَلَیْہِمْ: اچانک آنا
دَاغَشَہٗ۔ بھیڑ کرنا ۔۔۔ حَوْلَ المَاءِ: پیاس کی وجہ سے پانی کے گرد منڈلانا ۔۔۔ المَاءَ: جلدی پینا ۔۔۔ فی الشَّیْءِ: کسی چیز کو حرص کی وجہ سے کسی سے کر کے طلب کرنا ۔۔۔ ظُلْمَةَ اللَّیْلِ: رات کی تاریکی میں بغیر کسی سستی کے چل پڑنا۔
تَدَاغَشَ۔ القَوْمُ و (دُغُوشًا) آپس میں گتھ جانا۔
الدَّغْشُ و الدُّغْشَةُ و الدَّغِیشَةُ: تاریکی۔
دَغِصَ (س) دَغَصًا۔ خوراک یا غصہ سے بھرنا۔
دَاغَصَ مُدَاغَصَةً۔ فی الأَکْلِ:۔۔۔ جلدی کرنا۔
أَدْغَصَہٗ۔ غصہ سے بھر دینا۔ أَدْغَصَہُ المَوْتُ: فوراً موت کا آنا۔
الدَّاغِصَةُ۔ گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو صَابُونَةُ الرُّکْبَةِ۔ کہتے ہیں۔ گٹھا ہوا گوشت۔ رقیق پانی۔ ج دَوَاغِصُ۔

الدَّغْصَان - غضبناک -
دَغَفَ (ف) دَغْفًا - الشَّیْءَ : سختی سے پکڑنا - دَغَفَهُم الحَرُّ : گرمی کا زیادہ ہونا -
اَبُو الدَّغْفَاء - بیوقوف -
الدَّغْفَل - موٹا شیر -
الدَّغْفَصَة - موٹائی - گوشت کی زیادتی -
دَغْفَقَ دَغْفَقَةً - الماءَ : بہت گرانا -
— المطرُ : سخت برسنا - عیش (دَغْفَق) آسودہ زندگی -
الدَّغْفَل - ہاتھی یا بھیڑیے کا بچہ - بہت سے پر - عَیْشٌ دَغْفَلٌ : آسودہ زندگی - عَامٌ دَغْفَلٌ : سرسبز سال - فراخی کا سال -
دَغَلَ (ن) دَغْلًا - فِیهِ : متہم کی طرح داخل ہونا -
اَدْغَلَ - الرَّجُلُ : درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر چھپ جانا — الاَرْضُ : گنجان درختوں والی ہونا — بہ : خیانت کرکے اچانک مار ڈالنا - چغل خوری کرنا — الشَّیْءَ : تباہ کن چیز ملا دینا -
الدَّغَل - ج اَدْغَال و دِغَال و (الدَّغِيلَة) درختوں کا جھنڈ - فساد و تباہی - خوف و ہلاکت کی جگہ -
مکان (دَغِل) گنجان درختوں والی جگہ - پوشیدہ -
الدَّاغِلَة - باطنی کینہ - کسی کے عیوب و خیانت تلاش کرنے والے لوگ -
الدَّغَاوِل - مصیبتیں (جمع بغیر واحد کے)
المَدْغَل - وادی کا درمیانی حصہ - ج مَدَاغِل -
دَغَمَهُم و دَغِمَهُم (ف س) دَغْمًا و دَغَمَانًا - الحَرُّ او البَرْدُ : گرمی یا سردی کا پڑنا
— دَغَمَ الاَنْفَ : توڑنا - دَغَمَ الاِنَاءَ : ڈھانپنا -
اَدْغَمَ - اللّٰهُ فُلَانًا : سیاہ رو کرنا - ذلیل کرنا
اُدْغِمَهُم الحَرُّ او البَرْدُ - گرمی یا سردی کا پڑنا -
— الفَرَسَ اللِّجَامَ : لگام لگانا - اَدْغَمَهُ الشَّیْءَ : غمگین کرنا - اَدْغَمَ الرَّجُلُ : لقمہ کو بغیر چبائے ہوئے نگلنا - (ادَّغَمَ) الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ : ایک چیز کو دوسری میں داخل کرنا - اسی سے صرفیوں کی اصطلاح ادغام (ایک حرف دوسرے حرف میں شامل کرنا) ہے -
اِدْغَامَّ - الفَرَسُ (اِدْغِیْمَامًا) بقیہ جسم سے منہ کا زیادہ سیاہی مائل ہونا - صفت (اَدْغَم)
الدَّغَم والدُّغْمَة - گھوڑے کا رنگ جس کا منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہو -
الاَدْغَم - کالی ناک والا - ناک میں بولنے والا - ج دُغْم -
الدُّغَام - حلق کا درد -
دَغْمَرَهُ دَغْمَرَةً : عیب لگانا — الشَّیْءَ : ملانا — الرَّجُلُ : بدخلق ہونا -
الدَّغْمَرِیّ والدُّغْمُرِیّ - بُرے بھلے ملے جلے اخلاق والا - رَجُلٌ (دُغْمُوْرٌ) مرد بدخو
الدَّغَامِر - قوم کے گھٹیا درجہ کے لوگ -
المُدَغْمَس - پوشیدہ -
دَغْمَشَ - فِی المَشْیِ : تیز چلنا -
الدُّغْمُوْز - بدخو -
دَغَنَ (ن) دُغُوْنًا - الیَوْمُ : بادل والا ہونا
الدُّغْنَة - گھٹاٹوپ بادل -
الدَّغْنَاس - ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا کے مشابہ ہوتا ہے -
الدَّغْوَة والدُّغْيَة - بُری عادت ج دَغَوَات و دُغْیَات -
دَفَّ (ض) دَفًّا و دَفِیْفًا - آہستہ چلنا — لَهُ الاَمْرُ : تیار ہونا - ممکن ہونا — الطَّائِرُ : پر پھڑ پھڑانا -
دَفَّ (ض) دَفًّا - الشَّیْءَ : جڑ سے اکھیڑنا -
دَفَّفَ و دَافَّ - جلدی کرنا - دَفَّفَ الجَرِیْحَ و دَافَّہ و دَافَّ عَلَیْهِ : پوری طرح سے فوراً مار ڈالنا - و دَفَّفَ الرَّجُلُ : دف بجانا -
اَدَفَّ اِدْفَافًا - الطَّائِرُ : پر پھڑ پھڑانا -
اَدَفَّتْ عَلَیْهِ الاُمُوْرُ : پے در پے آنا -
(— دتَدَافَّ) القَوْمُ : ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا -
اِسْتَدَفَّ - الطَّائِرُ : زمین کے قریب اڑنا — الاَمْرُ : درست ہونا - پورا ہو جانا -
— الرَّجُلُ بِالمُوْسَی : استرے سے مونڈنا -
الدَّفّ - مہ - ہر چیز کا پہلو - کہا جاتا ہے - رَمَاهُ اللّٰهُ بِذَاتِ الدَّفِّ " اللہ اس کو نمونیا میں مبتلا کرے -
(— الدُّفّ) ایک قسم کے باجہ کا نام ج دُفُوْف
الدَّفَّة - ہر چیز کا پہلو - دَفَّتَا الطَّبْلِ : ڈھول کے دونوں طرف کے چمڑے - پتوار (آخر معنی میں کلمہ مولدہ ہے - اس کے لئے فصیح لفظ السُّکَّان ہے)
الدَّافَّة - دشمن کی طرف مارچ کرنے والی فوج - لوگوں کی جماعت جو ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہوتی رہے -
الدَّفَّاف - دف بجانے والا - دف بنانے والا

اقرب الموارد میں بحوالہ لسان العرب ہے کہ ابن مالک دف کو مُدَفِّف بنانے والے کو اور مُدَفِّف بجانے والے کو کہتے ہیں -

الدَّفُوْف - مِنَ الطَّیْرِ : کسی چیز پر ٹوٹ پڑتے وقت زمین سے قریب ہونے والا پرندہ -
دَفِیَ یَدْفَأُ دَفَأً و دُفُوْءًا و دَفَاءَۃً - مِنَ البَرْدِ : گرم ہونا - گرمی محسوس کرنا
دَفَّأَهُ - گرم کرنا -
اَدْفَأَهُ - گرم کپڑا پہنانا - بہت دینا - گرم کرنا — الجَرِیْحَ : فوراً مار ڈالنا — القَوْمَ : جمع کرنا -
تَدَفَّأَ و اِدَّفَأَ و اِسْتَدْفَأَ - گرم کپڑا پہننا - گرم ہونا -
الدِّفْءُ - سخت گرمی - ج اَدْفَاء - اونٹوں کی پیداوار اور جو اس سے نفع حاصل ہو - عطیہ - دِفْءُ الحَائِطِ : دیوار کی اوٹ - کہا جاتا ہے " اَقْعَدَهُ فِی دِفْءِ الحَائِطِ " وہ دیوار کی اوٹ میں بٹھایا گیا - گرم کپڑے - گرمی حاصل کرنے کا

سامان۔ تم کہتے ہو "مَا عَلَيْهِ دِفْءٌ" اس پر
گرمی حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں۔
اَلدَّفَأُ۔ مص۔ کندھے کا سینہ کی طرف جھکنا
اَلدِّفَاءُ۔ گرمی حاصل کرنے کا سامان۔
(کپڑا وغیرہ)
اَلدَّفِيءُ اَلدَّفِئُ۔ گرمی حاصل کرنیوالا۔
گرم کپڑے پہننے والا۔ مؤنث دَفِئَةٌ دَفِيئَةٌ
اَلدَّفِئَةُ مِنَ الْأَرَاضِي: گرم زمین۔
اَلدَّفَئِيُّ۔ بہار کی آخری بارش۔
اَلدَّفْآنُ۔ گرمی حاصل کرنیوالا۔ مؤنث
دَفْأَى۔
اَلْأَدْفَأُ۔ وہ شخص جس کا کندھا سینہ کی
طرف جھکا ہوا ہو۔ مؤنث دَفْأَى۔ اَلْأَدْفَأُ:
مرد خیمہ نشین۔
اَرْضٌ (مَدْفَأَةٌ) گرم زمین۔
اِبِلٌ مُدْفِئَةٌ وَمُدْفَأَةٌ وَمُدْفِئَةٌ وَمُدْفَأَةٌ)
بہت اون اور چربی والا اونٹ۔
اَلدَّفْتَرُ۔ رجسٹر۔ کاپی۔ ج دَفَاتِرُ۔
دَفْدَفَ۔ جلدی کرنا ــــ الطَّائِرُ:
زمین سے قریب اڑنا ــــ الدُّفُوفَ: جلدی
جلدی دف بجانا۔
دَفَرَهُ (ن) دَفْرًا۔ سینہ میں مار کر ہٹانا۔
دَفِرَ (س) دَفَرًا و دَفْرًا۔ ذلیل ہونا۔
اللَّحْمُ: کیڑے پڑنا ــــ الشَّيْءُ: بدبودار ہونا۔
صفت (دَفِرٌ و اَدْفَرُ) مؤنث۔ دَفِرَةٌ و دَفْرَاءُ۔
كَتِيبَةٌ دَفْرَاءُ: لشکر جس سے لوہے کے زنگ
کی بو آئے۔
اَدْفَرَ۔ الرَّجُلُ: تیز گندہ بغل ہونا۔
اَلدَّفَرُ۔ مص۔ بدبو۔
دَفَارِ۔ مَبْنِيٌّ عَلَى الْكَسْرِ بروزن قَطَامِ: دنیا۔
لونڈی (یہ کلمہ لونڈی کے لئے گالی کے موقع
پر کہا جاتا ہے اور اکثر ندا کے موقع پر آتا ہے)
اُمُّ دَفَارِ و اُمُّ دَفْرٍ۔ دنیا۔ مصیبت۔
اِدْفَسَّ اِدْفِسَاسًا۔ الرَّجُلُ: بغیر بیماری
کے چہرہ کا کالا پڑنا۔

دَفَصَ (ض) دَفْصًا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
دَفْطَسَ۔ الرَّجُلُ: اپنا مال ضائع کرنا۔
دَفَعَهُ (ف) دَفْعًا و دَفَاعًا و مَدْفَعًا۔
ہٹانا۔ دور کرنا۔ دَفَعَهُ فِي كَذَا: داخل کرنا۔
ــــ اِلَيْهِ الشَّيْءَ: ادا کرنا ــــ الْقَوْلَ: دلیل
سے باطل کرنا ــــ ہ اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا ــــ
عَنْهُ الْأَذٰى: بچانا۔ محفوظ کرنا ــــ عَنِ الْمَوْضِعِ:
کوچ کرنا۔ چھوڑنا ــــ اِلَيْهِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے
طَرِيقٌ يَدْفَعُ اِلٰى مَكَانِ كَذَا "راستہ جو فلاں جگہ
تک پہونچتا ہے۔
دُفِعَ۔ اِلَى الْمَكَانِ: پہونچنا۔
دَافَعَهُ مُدَافَعَةً وَدِفَاعًا۔ مزاحمت
کرنا ــــ عَنْهُ: حمایت کرنا۔ مدد کرنا ــــ
عَنْهُ الْأَذٰى: ہٹانا دور کرنا۔ دَافَعَهُ عَنْ حَقِّهِ:
ٹال مٹول کرنا۔
تَدَفَّعَ۔ السَّيْلُ: زور سے بہنا۔
اِنْدَفَعَ۔ السَّيْلُ: زور سے بہنا ــــ
الْفَرَسُ فِي سَيْرِهِ: تیز دوڑنا ــــ الرَّجُلُ فِي الْحَدِيثِ
بات چیت میں مشغول ہونا۔ اِنْدَفَعَ يَقُوْلُ:
کہنے لگنا۔ اِنْدَفَعَ الرَّجُلُ: ہٹنا۔
تَدَافَعَ۔ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو
ہٹانا۔ تَدَافَعُوا الشَّيْءَ: ہر ایک کا دوسرے کے
ذمہ ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ضَيْفٌ يَتَدَافَعُهُ الْحَيُّ"
مہمان جس کو قبیلہ کے لوگ ایک دوسرے
کے ذمہ ڈالتے ہیں۔
اِسْتَدْفَعَ۔ اللّٰهَ الشَّرَّ: شر کو ہٹانے کی
دعا کرنا۔
اَلدَّفْعَةُ۔ دَفَعَ کا اسم مرۃ۔
اَلدُّفْعَةُ۔ بوچھار۔ برتن یا مشک سے
جتنا ایک مرتبہ گرے۔ ج دُفَعٌ و دُفُعَاتٌ۔
اَلدَّوَافِعُ۔ نشیب۔ زمینیں جہاں سیلاب
کا پانی جمع ہو جاتا ہے۔
اَلدَّفُوعُ۔ بہت ہٹانے والا ــــ مِنَ
الدَّوَابِّ: لات مارنے والا۔
اَلدَّفَّاعُ۔ بہت دفع کرنے والا۔

اَلدُّفَّاعُ۔ موج یا سیلاب کا زور۔ بہت
لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي دُفَّاعٍ مِنَ النَّاسِ"
وہ بہت لوگوں میں آیا۔
اَلْمَدْفَعُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج مَدَافِعُ۔
اَلْمِدْفَعُ۔ ہٹانے کا اوزار۔ توپ۔ ج
مَدَافِعُ۔ اَلْمِدْفَعُ: بہت دفع کرنے والا۔
اَلْمُدَفَّعُ۔ ہر جگہ سے دھتکارا ہوا فقیر۔
دَفَقَ (ض ن) دَفْقًا۔ الْمَاءَ: زور سے گرانا
ــــ اللّٰهُ رُوْحَهُ: موت دینا ــــ الْكُوْزَ: گرا کر
خالی کر دینا۔
دَفَقَ (ن) دَفْقًا و دُفُوْقًا۔ الْمَاءُ: گرنا۔
ــــ النَّهْرُ: بھر کر بہنا (جمہور کے نزدیک
اس کا استعمال صرف متعدی ہی کی صورت
میں ہوتا ہے)
دَفَّقَ۔ دَفَقَ کا مبالغہ۔ کہا جاتا ہے۔
"دَفَّقَتْ كَفَّاهُ الْعَطَاءَ" یعنی اس کے دونوں
ہاتھوں نے بہت زیادہ بخشش کی۔
اَدْفَقَ۔ الْكُوْزَ: گرا کر خالی کر دینا۔
تَدَفَّقَ و اِسْتَدْفَقَ۔ الْمَاءُ: گرنا ــــ
الدَّابَّةُ: تیز دوڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَدَفَّقُ
فِي الْبَاطِلِ" فلاں باطل میں سبقت کرتا ہے
اِنْدَفَقَ و اِسْتَدْفَقَ۔ الْمَاءُ: گرنا۔
اَلدُّفْقَةُ۔ ایک دفعہ۔ یکبارگی۔ کہا
جاتا ہے "جَاءُوْا دُفْقَةً" وہ سب یکبارگی
آگئے۔
سَيْلٌ دُفَاقٌ۔ بہت زیادہ سیلاب
جو وادی کے دونوں کناروں کو بھر دے۔
اَلْأَدْفَقُ۔ ٹیڑھا۔ فکر یا بڑھاپے کی وجہ سے
خمیدہ کمر۔ بَعِيرٌ اَدْفَقُ: تیز چال۔ مؤنث دَفْقَاءُ۔
اَلدِّفِقَّى۔ تیز چال۔ کہا جاتا ہے "مَشَى الدِّفِقَّى"
وہ تیز چال چلا ــــ وَالدِّفَقَّةُ۔ تیز رفتار
اونٹنی یا گھوڑا۔
اَلدِّفْلُ۔ قطران (دیکھئے قطران) زفت
(ایک دوا کا نام) کیر۔
اَلدِّفْلٰى۔ کنیر۔ ایک جماعت کے نزدیک

الف الحاق کا ہے اسلئے اس پر تنوین آتی ہے اور دوسروں کے نزدیک تانیث کا اس لئے تنوین نہیں آتی۔

دَفَنَ (ض) دَفْنًا - المَيِّتَ: گاڑنا۔ دفن کرنا ـــ الحدیثَ: چھپانا ـــ الإبلُ: تیز دوڑانا ـــ الإبلُ: تیز دوڑنا۔

تَدَفَّنَ و اِنْدَفَنَ - چھپنا ـــ الإبلُ: تیز دوڑنا۔

اِدَّفَنَ - العَبْدُ: آقا کے خوف سے بھاگنا۔ صفت (دَفُون) ـــ الشَّيْءَ: چھپانا۔

تَدَافَنَ - القَوْمُ: باہم چھپانا۔

دَافِنُ - الأَمْرِ: کسی معاملہ کا اندرونی حصہ

الدَّفْنُ - مص - دفن کیا ہوا - ج أَدْفَان - مدفون زمین - ج دُفُن - رَجُلٌ دَفْنٌ: گمنام و بے قدر مرد۔

دَاءٌ (دِفْنٌ و دَفِينٌ) پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے۔

الدَّفِينَة - گاڑا ہوا - گاڑا ہوا خزانہ - ج دَفَائِن - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بِئْرُ الدَّفَائِنِ" فلاں بڑا عالم ہے۔

الدَّفِينُ - دفن کیا ہوا - چھپا ہوا - ج دُفُن و دُفَنَاء و أَدْفَان: حوض - رَكِيَّةٌ دَفِينٌ: دفن شدہ کنواں - إمْرَأَةٌ دَفِينٌ: پوشیدہ عورت - ج دُفُنٌ - دَاءٌ دَفِينٌ: پوشیدہ بیماری جس کے ظاہر ہونے سے خرابی بڑھ جائے - کہا جاتا ہے "هُوَ دَفِينُ المُرُوءَةِ اور دَفْنُ المُرُوءَةِ" وہ بے مروت ہے۔

الدِّفَان - مِنَ الرَّكَايَا - مٹی سے پٹا ہوا کنواں - ج دُفُن - کہا جاتا ہے "مَاءٌ دِفَانٌ" پوشیدہ پانی

الدَّفَافِين - کشتی کے تختے - واحد (دِفَان)

المَدْفِنُ - گاڑنے کی جگہ۔

الدِّفْنِس والدِّفْنَاس - کمینہ و بیوقوف بخیل مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف - بھاری جسم کی عورت

الدَّافِقُ - مسافر۔

دَفَا (ن) دَفْوًا و دَافَى مُدَافَاةً و أَدْفَى إِدْفَاءً - الجَرِيحَ: فوراً مار ڈالنا - و أَدْفَى الظَّبْيُ: لمبے سینگوں والا ہونا۔

تَدَافَاةً - تلافی کرنا۔

الدَّفَاء - خمیدگی۔

الأَدْفَى - خمیدہ - مؤنث دَفْوَاءُ - طَائِرٌ أَدْفَى: لمبے بازؤں والا پرندہ - نَاقَةٌ دَفْوَاءُ: لمبی گردن والی اونٹنی - شَجَرَةٌ دَفْوَاءُ - بڑا درخت - عُقَابٌ دَفْوَاءُ: ٹیڑھی چونچ والا عقاب۔

دَقَّ (ض) دِقَّةً - باریک ہونا - چھوٹا ہونا دقیق و دشوار ہونا۔

دَقَّ (ن) دَقًّا - الشَّيْءَ: توڑنا ـــ الباب: کھٹکھٹانا ـــ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا ـــ الشَّيْءَ عَلَى الشَّيْءِ او بالشَّيْءِ: کوٹنا۔

دَقَّقَ - الشَّيْءَ: بہت باریک کرنا - آٹا کرنا ـــ فِي الحِسَابِ وغیرہ: باریک بینی سے کام لینا۔

أَدَقَّ إِدْقَاقًا - باریک کرنا ـــ الرَّجُلَ: بکری دینا - کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ فَمَا أَدَقَّنِي وَلَا أَجَلَّنِي" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو تھوڑا دیا نہ زیادہ - أَدَقَّ الرَّجُلُ: بخل کی وجہ سے معمولی چیز کے پیچھے پڑنا۔

دَاقَقَهُ مُدَاقَّةً - الحِسَابَ فِي الحِسَابِ: غور سے جانچ کرنا۔

اِنْدَقَّ اِنْدِقَاقًا - باریک ہونا - اِنْدَقَّتْ عُنُقُهُ: ٹوٹنا۔

تَدَاقَّ - الرَّجُلَانِ: باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقَّ اِسْتِدْقَاقًا - پتلا و باریک ہونا - اور اسی سے ہے "اِسْتَدَقَّ الهِلَالُ" ہلال باریک ہے۔

الدِّقُّ - باریک تھوڑا - اور اسی سے ہے "أَخَذْتُ دِقَّهُ وَجِلَّهُ" میں نے قلیل و کثیر سب لیا - حُمَّى الدِّقِّ: دق کا بخار۔

الدَّقَّة - دَقَّ کا اسم مرۃ۔

الدِّقَّة - کوٹنے کی ہیئت - خست - چھوٹائی - باریکی - اور اسی سے ہے "دِقَّةُ المَعَانِي" معانی کی باریکی۔

الدُّقَّة - باریک خاک - مصالحے - نمک - دھنیا - خوبصورتی۔

الدُّقَاق - چورہ - آٹا ـــ والدُّقَاقَة) باریک خاک جس کو ہوا اڑائے - دُقَاقُ العِيدَانِ و دِقَاقُهَا: چھپٹی۔

الدَّقِيق - باریک - آٹا - مشکل معاملہ تھوڑا - ج أَدِقَّة و أَدِقَّاء - مؤنث دَقِيقَة۔

الدَّقِيقَة - دقیق کا مؤنث - منٹ - درجہ کا ساٹھواں حصہ - ج دَقَائِق - الدَّقِيقَة: بکریاں - کہتے ہیں "كَمْ دَقِيقَتُكَ" تمہاری بکریاں کتنی ہیں۔

الدَّقَّاق - بہت کوٹنے والا - آٹا بیچنے والا۔

الدَّقَّاقَة - کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقّ والمُدُقّ - ج مَدَاقّ و (المِدَقَّة) کوٹنے کا اوزار۔

المَدْقُوقَة - قیمہ - باریک کوٹا ہوا گوشت

المَدْقُوق - مفع - دق کے بخار والا۔

مُسْتَدَقّ - السَّاعِدِ - کلائی کا پتلا حصہ - مُسْتَدَقُّ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا باریک و پتلا حصہ۔

دَقْدَقَ - النَّاسُ: شور مچانا۔

الدَّوَابُّ: سم کی آواز سنائی دینا۔

دَقِرَ (س) دَقَرًا - شکم سیر ہونا ـــ المَكَانُ: سبزہ زار ہونا ـــ النَّبَاتُ: زیادہ ہونا۔ ـــ الرَّجُلُ: شکم پری کی وجہ سے قے کرنا۔

الدَّقَرُ والدَّقَرَة والدَّقِيرَة والدَّقْرَى سرسبز و خوب صورت باغ۔

أَرْضٌ (دَقْرَاءُ) سرسبز و نمناک زمین۔

الدُّقْرَان - لکڑی جس پر انگور کی بیل چڑھائی جائے واحد دُقْرَانَة۔

الدَّقْرَة - بنجر زمین جو پہاڑوں کے درمیان ہو۔

الدِّقْرَار - جانگھیا - ج دَقَارِير۔

الدِّقْرَارَة - چغلی - بری عادت - جھگڑا - ج دَقَارِير - کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالدَّقَارِيرِ" وہ قبیح قسم کی جھوٹی چیزیں لایا - جانگھیا - پائجامہ۔

رَجُلٌ دِقْرَارَۃٌ: چغل خور۔ پست قد۔
الدَّقَارِیْسُ۔ لوڑیاں۔
دَقَسَ (ن) دَقْسًا و دُقُوْسًا۔ فِی الْبِلَادِ: گھس جانا ۔۔ الوَتِدَ فِی الْأَرْضِ: گاڑھنا ۔۔ البِئْرَ: بھر دینا۔
الْمِدْقَسُ۔ ریشم۔
الدَّقْشَۃُ۔ ایک چھوٹا سا جانور ہے۔
دَقِعَ (س) دَقَعًا۔ تھوڑے سے گذارہ پر راضی ہونا ذلت اور فقر کی وجہ سے خاک نشین ہونا۔
أَدْقَعَہٗ۔ محتاج بنا دینا۔ ذلیل کرنا۔
أَدْقَعَ بِہٖ دَاءُ السِّیْءِ فِی الشَّتْمِ وَنَحْوِہٖ: گالی دینے میں مبالغہ کرنا۔ اَدْقَعَ الرَّجُلُ: مٹی میں ملا ہوا ہونا۔
الدَّاقِعُ۔ فا۔ رنجیدہ۔ تھوڑی کمائی کا طالب۔
الدَّقْعَمُ۔ مٹی۔ جُوْعٌ أَدْقَعُ: سخت بھوک
الدَّقَاعُ والدُّقَاعُ والدِّقْعِمُ۔ مٹی (دقعم میں میم زائد ہے)
الدَّقْعَاءُ۔ مٹی۔ بنجر زمین۔
کہا جاتا ہے۔ رَأَیْتُ الْقَوْمَ (صَقْعٰی دَقْعٰی) میں نے قوم کو خاک نشین دیکھا۔
الدَّیْقُوْعُ۔ سخت بھوک۔
الدَّوْقَعَۃُ۔ فقیری۔ ذلت۔
الْمُدْقِعُ۔ زمین پر ٹپک دینے والا۔ ذلیل۔ بھاگنے والا۔ دبلا۔ جُوْعٌ مُدْقِعٌ: سخت بھوک جو زمین پر گرا دے۔
الْمِدْقَاعُ۔ لالچی۔ تھوڑے پر راضی ہونے والا۔ ج۔ مَدَاقِیْعُ۔
دَقَلَہٗ (ن) دَقْلًا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔ ناک یا منہ پر مارنا (۔۔ دُقُوْلًا) غائب ہونا ۔۔ رَقَبَۃٌ داخل ہونا۔
أَدْقَلَ۔ النَّخْلُ: ردی کھجور والا ہونا۔ ۔۔ الرَّجُلُ: کمزور بچہ والا ہونا ۔۔ الشَّاۃُ دبلی و کمزور ہونا۔ صفت مُدْقِلٌ۔
الدَّقَلُ۔ ردی کھجور۔ بادبان کا ڈنڈا۔
کہا جاتا ہے "أَرَاکَ أَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ وَأَنْتَ تَنْثُرُ کَلَامَکَ نَثْرَ الدَّقَلِ" میں تم کو دیکھتا ہوں کہ بادبان کے ڈنڈے سے بھی زیادہ لمبے ہو۔ اور گفتگو ردی قسم کی کرتے ہو۔
الدَّقَلُ۔ جسم کی ناتوانی۔
الدَّقَلَۃُ والدَّقْلَۃُ والدَّقِیْلَۃُ۔ دبلی پتلی بکری۔ ج دَقَالٌ و دَقَائِلُ۔
دَقَمَہٗ (ن) دَقْمًا۔ اچانک سینہ پر مار کر دھکا دینا۔ دانت توڑنا۔ الرِّیْحُ عَلَیْہِ: ہوا کا آنا۔
دَقِمَ (س) دَقَمًا۔ اگلے دانتوں کا گرنا صفت دَقِمٌ و أَدْقَمُ۔
أَدْقَمَ۔ فَاہُ: اگلے دانتوں کو توڑنا۔
الدَّقْمُ۔ سخت غم۔
الدَّقَمَۃُ۔ منہ کا اگلا حصہ۔
الدَّقْمُ۔ نقصان۔
الدِّمَقْسُ۔ ریشم۔
دَقَنَ (ن) دَقْنًا۔ فِی لَحْیِ الرَّجُلِ: ٹھوڑی پر مکا مارنا۔ دَقَنَہٗ: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ محروم کرنا۔
دَکَّ (ن) دَکًّا۔ الْحَائِطَ: دیوار گرا کر زمین کے برابر کرنا ۔۔ الْأَرْضَ: ہموار کرنا ۔۔ التُّرَابَ: مٹی کوٹ کر ہموار کرنا ۔۔ البِئْرَ: کنوئیں کو مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹنا ۔۔ التُّرَابَ عَلَی الْمَیِّتِ: میت پر مٹی ڈالنا ۔۔ ہٗ: دھکا دینا ۔۔ الدَّابَّۃَ فِی السَّیْرِ: جانور کو تھکانا۔ کہا جاتا ہے دُکَّتِ الْحُمّٰی الرَّجُلَ: بخار نے مرد کو کمزور کر دیا۔
دُکَّ۔ مریض ہونا۔
دَکْدَکَ۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔ مخلوط کرنا۔
اِنْدَکَّ۔ ہموار ہونا ۔۔ الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا ۔۔ السَّنَامُ: کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔
تَدَاکَّ۔ عَلَیْہِ الْقَوْمُ: بھیڑ کرنا۔
الدَّکُّ۔ مص۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ ج۔ دُکُوْکٌ۔
الدُّکَّۃُ۔ ج دُکَکٌ و (الدِّکَّاءُ) ج دَکَّاوَاتٌ۔ نرم مٹی کا پشتہ۔ نرم پہاڑ۔ الدَّکَّاءُ: پست کوہان کی اونٹنی۔
الدِّکَّۃُ۔ ازار بند صحیح لفظ التکۃ ہے
الدَّکَّۃُ۔ ہموار ریگستان۔ بیٹھنے یا کرسی رکھنے کے لئے چبوترہ۔ ج دِکَاکٌ۔
الدُّکَّانُ۔ دوکان۔ چبوترہ۔ ج دَکَاکِیْنُ۔
الدَّکَّاکُ۔ بہت روندنے والا۔ بہت کوٹنے والا۔
الأَدَکُّ۔ چوڑی پیٹھ والا چھوٹا گھوڑا۔ بغیر کوہان کا اونٹ اور اس سے اسم۔ (الدُّکَّۃُ) ج دُکٌّ و دُکُکٌ مؤنث دَکَّاءُ۔
یَوْمٌ أَوْ شَہْرٌ أَوْ حَوْلٌ (دَکِیْکٌ) پورا دن یا مہینہ یا سال۔
المِدَکُّ۔ مضبوط و قوی زمین کو سخت روندنے والا۔ ہموار کرنے کا اوزار۔
أَمَۃٌ (مِدَکَّۃٌ) کام کرنے میں قوی باندی۔
دَکْدَکَ۔ الحُفْرَۃَ: گڑھے کو مٹی سے بھر دینا۔
تَدَکْدَکَتْ۔ الجِبَالُ: گرنا۔
الدَّکْدَکُ والدِّکْدِکُ ج دَکَادِکُ و (الدَّکْدَاکُ) ج دَکَادِیْکُ: سخت زمین۔
دَکَسَ (ن) دَکْسًا۔ الشَّیْءَ: بھرنا۔
دَکِسَ (س) دَکَسًا۔ الشَّیْءُ: تہ بتہ ہونا۔
أَدْکَسَ۔ المَکَانُ: سبزی ظاہر ہونا۔
الدَّکِیْسَۃُ۔ مِنَ النَّاسِ: لوگوں کی جماعت
الدَّاکِسُ۔ فا۔ چھینک وغیرہ سے بدفالی۔
الدَّاکِسُ مِنَ الظِّبَاءِ: وہ ہرن جو پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔
الدُّکَاسُ۔ اونگھ۔
الدَّوْکَسُ۔ شیر۔ بہت چوپائے اور بکریاں
دَکَلَ (ن ض) دَکْلًا۔ الطِّیْنَ: لیپنے کے لئے ہاتھ سے مٹی جمع کرنا ۔۔ الشَّیْءَ: روندنا۔
دَکَّلَ۔ الدَّابَّۃُ: جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَکَّلَ - اپنے آپ کو بڑا سمجھنا — علیہ: ناز کرنا — عنہ: دیر کرنا۔

اَلدَّکَلَۃُ - پتلا گارا - اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والے لوگ۔

اَلْاَدْکَلُ - سیاہی مائل۔

اَلدَّکِیْلُ - روندا ہوا۔

اَلدَّکَالُ - شیطان کا نام - ایک لغت بضم دال بھی ہے۔

دَکَمَ (ن) دَکْمًا - الشیءَ: بعض کو بعض پر کوٹنا — ہ فی صدرہٖ: سینہ پر مار کر ہٹانا — فاہ اَوْ اَنْفَہٗ: منہ یا ناک توڑنا — المرأۃَ: جماع کرنا۔

دَکَمَہٗ - فی الشیءِ: داخل کرنا — ہ فی رأسِہٖ: سر میں سینگ مارنا۔

تَدَاکَمَ - القومُ: ایک دوسرے کو ہٹانا

اَلدُّکْمَۃُ - سیاہی مائل رنگ۔

دَکَنَ (ن) دَکْنًا و دَکَّنَ - المتاعَ: تہ بتہ رکھنا - دَکَّنَ الدُّکَّانَ: دوکان لگانا۔

دَکِنَ (س) دَکَنًا - سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْکَنُ) مؤنث دَکْنَاءُ - ج دُکْنٌ۔ — الثوبُ: میلا و گرد آلود ہونا۔

اَلدُّکْنَۃُ - سیاہی مائل رنگ۔

اَلدُّکَّانُ - دوکان چبوترہ - ج دَکَاکِیْنُ (کلمہ فارسیہ ہے)

اَلدُّکَّانِیُّ - دوکان والا۔

دَلَّہٗ (ن) دَلَالَۃً و دُلُوْلَۃً و دِلِّیْلٰی - اِلَی الشیءِ و علیہ: راستہ دکھانا - رہنمائی کرنا۔ (— (ض) دَلًّا و دَلَالًا و دَلَّ (س) دَلًّا) ناز و نخرہ کرنا — المرأۃُ علٰی زوجِہا: بناوٹی مخالفت کرنا — الرجلُ: فخر کرنا - اپنی داد و دہش کا احسان جتانا۔

اَدَلَّ اِدْلَالًا - علیہ: محبت پر بھروسہ کرنا۔ اور اسی سے ہے "اَدَلَّ فَاَمَلَّ" اس نے محبت پر بھروسہ کیا اور طول کر دیا - دلیری کرنا — علٰی اقرانِہٖ: اوپر سے دبا لینا — البازی علٰی صیدِہٖ: اوپر سے جھپٹا مارنا - اور کہا جاتا ہے "ہُوَ یُدِلُّ بِہٖ" وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے - اَدَلَّ بالطریقِ: پہچاننا

تَدَلَّلَ - علیہ: گستاخی و جرأت کرنا — المرأۃُ علٰی زوجِہا: بناوٹی مخالفت کرنا۔

اِنْدَلَّ - راستہ پانا — الماءُ: گرنا۔

اِسْتَدَلَّ - علیہ: رہنمائی کرنے کو کہنا۔ اِسْتَدَلَّ بکذا علی الامرِ: دلیل کرنا۔

اَلدَّالَّۃُ - دالٌّ کا مؤنث - ناز و نخرہ۔ جرأت و دلیری - کہا جاتا ہے "لَہٗ علیہ دَالَّۃٌ" اس کو اس کے اوپر ناز ہے۔

اَلدَّلُّ - مص - سکون و اطمینان کی حالت اچھی سیرت۔

اَلدَّلَالُ - مص - ناز و نخرہ۔

اَلدَّلُوْلَۃُ - ناز۔

اَلدِّلَالَۃُ - دلالی کا پیشہ - دلال یا رہبر کی اجرت۔

اَلدَّلَّالُ - خریدار اور بیچنے والے کے درمیان کا آدمی۔

اَلدَّلِیْلُ - ج اَدِلَّۃٌ و اَدِلَّاءُ و (الدلالۃ) ج دَلَائِلُ: ہر وہ چیز جس سے رہنمائی ہو سکے۔ حجت دلیل - الدَّلِیْلُ: رہنما - مرشد۔

اَلدِّلَّۃُ - احسان - ناز و نخرہ کرنا۔

اَلْاَدَلُّ - احسان جتانے والا۔

اَلدُّلّٰی والدِّلِّیْلٰی - واضح راستہ۔

اَلْمُدِلُّ - فا - اپنے اوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا - المُدِلُّ بالشجاعۃِ: دلیر۔

اَلدُّلْبُ - چنار کا درخت - واحد (دُلْبَۃٌ)

اَلدُّلْبَۃُ - سیاہی۔

اَلدَّلِبُ - چنگاری جو بجھی نہ ہو۔

اَلدَّوْلَابُ والدُّوْلَابُ - رہٹ چرخی پر گھومنے والی چیز - ج دَوَالِیْبُ - (دھیل)

اَلْمَدْلَبَۃُ - بہت چنار کے درختوں والی زمین

اَلدَّلَبُوْثُ - ایک قسم کی گھاس کا نام۔

دَلَثَ (ض) دَلْثًا - قریب تر مقیم رکھنا

تَدَلَّثَ - الیہ: کسی کے پاس گھس پڑنا۔

اِنْدَلَثَ - الرجلُ: خود سر ہونا۔

اِدْلَثَّ - الشیءُ: ڈھانکنا۔

اَلدِّلَاثُ - تیز رفتار - کہا جاتا ہے "رجلٌ دِلَاثٌ و ناقۃٌ دِلَاثٌ" - ج دُلُثٌ و دُلُوْثٌ۔

دَلَجَ (ن) دُلُوْجًا - کنوئیں سے پانی نکال کر حوض میں ڈالنا - صفت (دَالِجٌ) ج دُلَّجٌ۔

اَدْلَجَ اِدْلَاجًا و اِدَّلَجَ اِدِّلَاجًا - القومُ: پوری رات یا آخری حصہ میں چلنا - اسم (الدُّلْجَۃُ والدَّلْجَۃُ)

اَلدَّلَجُ والدَّلَجَانُ والدَّلْجَۃُ - رات کے آخری حصہ کا وقت۔

اَلدَّوْلَجُ - تہ خانہ - (— والمَدْلَجَۃُ) وحشی جانوروں کا بھٹ۔

اَلْمِدْلَجَۃُ - لکڑی یا چمڑے کا بڑا برتن جس میں دودھ لیجایا جائے - ڈول۔

اَلْمَدْلَجُ والمَدْلَجَۃُ - حوض اور کنوئیں کے درمیان کا راستہ۔

اَلْمِدْلَاجُ - آخری رات میں چلنے کا عادی۔

اَلْمُدْلِجُ و اَبُو مُدْلِجٍ - سیہی۔

دَلَحَ (ن) دُلُوْحًا - بوجھ کی وجہ سے آہستہ چلنا۔

تَدَالَحَ - الرجلانِ الشیءَ بینہما: کسی چیز کو لکڑی پر اٹھانا۔

اَلدَّالِحُ - ج دُلَّحٌ و دَوَالِحُ و (الدُّلَّحُ) ج دُلُحٌ: بہت پانی والا بادل۔ فرسٌ (دَلُوْحٌ) سوار کو نہ تھکانے والا گھوڑا۔ بہت پسینہ والا گھوڑا۔

دَلِخَ (س) دَلَخًا - موٹا ہونا — الابلُ: بھر کر بہہ پڑنا۔

اَلدَّالِخُ - موٹا۔ کہا جاتا ہے - بَعِیْرٌ دَالِخٌ و اِبِلٌ دُلَّخٌ و دَوَالِخُ۔

اَلدَّلُوْخُ - موٹا - ج دُلُخٌ۔

دَلْدَلَ دَلْدَلَۃً - اَلْحَقَہٗ اَوْ اِنْسَہٗ: چلنے میں ہلانا۔

تَدَلدَلَ - فی مَشْیِہٖ : لڑکھڑانا — الشَّیُٔ : لٹکتے ہوئے ہلنا۔
الدُّلدُل والدُّلدُول - سیہی۔
الدُّلدُل : بڑا معاملہ۔
الدَّلدَال - اضطراب - قَومٌ دُلدَال : لڑکھڑاتی ہوئی چلنے والی قوم۔
دَلَّسَ - البائِعُ : سامان کے عیب کو چھپانا — المُحَدِّث : محدث کا حدیث کی روایت میں اپنے راوی کا نام نہ لینا بلکہ اُس سے اوپر کے راوی کا نام لینا اور لفظ ایسا اختیار کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو۔
دَالَسَہٗ مُدَالَسَۃً - فریب دینا، ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ لَا یُدَالِسُ وَلَا یُوَارِسُ" وہ نہ ظلم کرتا ہے نہ خیانت۔
أَدْلَسَ - المَکَانُ : موسم گرما کے آخر میں یا چرلینے کے بعد سرسبز ہونا۔
تَدَلَّسَ - الرَّجُلُ : چھپنا — الطَّعَامَ : تھوڑا تھوڑا لینا — الدَّابَّۃُ : چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس کو چٹ کر جانا۔
اِندَلَسَ - الشَّیُٔ : پوشیدہ ہونا۔
الدَّلَسُ - فریب دھوکا۔
الدَّلَسُ - نباتات جو موسم گرما کے آخر میں یا چرلینے کے بعد سبز ہو جائے۔ ج أَدْلَاس (— والدُّلسَۃُ) "تاریکی۔
دَلَصَ (ن) دَلِیصًا - چکنا، نرم ہونا۔ صفت (دَلِیصٌ) ج دِلَاصٌ و (دَلِیص) ج دُلُص۔
دَلِصَتْ (س) دَلَاصَۃً - النَّاقَۃُ : بوڑھی اور گرے ہوئے دانت والی ہونا۔
دَلَّصَ - الشَّیَٔ : چمکدار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَلَّصَ السَّیلُ الحَجَرَ" سیلاب نے پتھر کو چمکدار بنا دیا — الدِّرعَ : ملائم کر دینا — الجَبِینَ : بال اکھیڑنا۔
اِندَلَصَ - الشَّیُٔ مِن یَدِہٖ : پھسل کر گرنا۔

— الشَّیُٔ مِنَ الشَّیِٔ : نکلنا۔
الدَّلِیصُ والدَّلِیصَۃُ - ہموار زمین۔
الدِّلَاصُ - نرم و چمکدار۔ کہا جاتا ہے "دِرعٌ دِلَاصٌ" نرم و چمکدار زرہ۔
الدُّلَامِصُ - نرم، چکنا، چمکدار۔
دَلَظَہٗ (ض) دَلظًا - سینہ میں مار کر ہٹانا۔ دَلَظَ فی سَیرِہٖ : تیز گزرنا۔
دَالَظَہٗ - مدافعت کرنا۔
اِندَلَظَ - المَاءُ : زور سے بہنے لگنا۔
دَلَعَ (ف) دَلعًا وأَدلَعَ - لِسَانَہٗ : زبان نکالنا۔
دَلَعَ (ف ن) دَلعًا ودُلُوعًا واندَلَعَ وادَّلَعَ - لِسَانُہٗ : زبان کا منہ سے باہر نکلنا
اِندَلَعَ البَطنُ : پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا
— السَّیفُ : تلوار کا میان سے باہر نکلنا۔
الدَّلِیعُ والدَّلُوعُ - کشادہ راستہ، نرم راستہ۔ ج دَلَائِعُ - والدَّلُوعُ مِنَ النُّوقِ : اونٹوں سے آگے رہنے والی اونٹنی۔
الدُّلَاعُ والدُّلَعَۃُ - سمندری سیپی کی ایک قسم۔
المُدَلَّعُ - نازونعمت میں پرورش یافتہ اسم (الدَّلَاعَۃ) اور یہ مولدین کے نزدیک ہے۔
الدَّلعَسُ والدِّلعِسُ والدَّلعُوسُ - والدِّلعَاسُ والدُّلَاعِسُ - مِنَ الجِمَالِ : سدھا ہوا اونٹ۔
الدِّلعَان - چکنے والی مٹی (لغت عامیہ)
دَلَفَ (ض) دَلفًا ودَلَفًا ودُلُوفًا ودَلِیفًا ودَلَفَانًا - بیڑی پہنے ہوئے کی طرح آہستہ آہستہ چلنا — النَّاقَۃُ بِحِملِہَا : اونٹنی کا بوجھ لے کر اٹھنا — الجَیشُ : لشکر کا آگے بڑھنا۔ صفت (دَالِف) ج دُلَّف ودُلُف۔
أَدلَفَ - لَہُ القَولَ : سختی سے گفتگو کرنا۔
— ہ الکِبَرُ : آہستہ چلانا۔
تَدَلَّفَ - إِلَیہِ : چلنا اور نزدیک ہونا۔
اِندَلَفَ - عَلَیہِ : گرنا۔

الدَّالِف - تیر جو نشانہ کے قریب گرے۔ اور پھر وہاں سے علیحدہ ہو جائے۔
الدِّلَّف - بہادر۔
الدَّلُوف - تیز اڑنے والا گدھ۔ موٹا اونٹ۔ بہت پھلدار درخت خرما۔ ج دُلُف
الدُّلفِین - ایک قسم کا تھن والا سمندری جانور جس کی تھوتھنی چوہے کی شکل کی ہوتی ہے اور جس کے متعلق مشہور ہے کہ ڈوبنے والے کو اپنی پیٹھ پر بٹھا کر بچاتی ہے۔ معرب ہے۔ عربی میں اس کا مرادف الدُّخَس ہے۔
طَرِیقٌ (دَلَقٌ ودِلَاقٌ) - روشن ونمایاں راستہ۔
دَلَقَ (ن) دَلقًا وأَدلَقَ - السَّیفَ مِن غِمدِہٖ : تلوار کو میان سے سونتنا۔ دَلَقَ البَابَ : دروازہ کو زور سے کھولنا — عَلَیہِمُ الغَارَۃَ : لوٹ ڈالنا — البَعِیرُ شِقشِقَتَہٗ : اونٹ کا جھاگ نکالنا۔ (— دَلقًا ودُلُوقًا) - السَّیفُ : تلوار کا میان سے نکل پڑنا — الخَیلُ : گھوڑوں کا پے درپے نکلنا۔ صفت (دَلُوق) واحد (دَالِق ودُلُوق)
اِندَلَقَ - الشَّیُٔ : اپنی جگہ سے نکل پڑنا۔ — الخَیلُ : گھوڑوں کا بہت تیزی کیساتھ نکل پڑنا — السَّیفُ : تلوار کا میان سے نکل پڑنا۔
تَدَلَّقَ - السَّیلُ عَلَیہِم : بہت تیزی کیساتھ سیلاب کا بہہ پڑنا۔
اِستَدلَقَ - السَّیفَ : میان سے نکالنا
الدَّلَق - ایک جانور کا نام جو بلی سے چھوٹا ہوتا ہے اس کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ پیٹ اور گردن میں کچھ سفیدی ہوتی ہے۔
سَیفٌ (دَلَق ودَالِق ودَلُوق) میان سے آسانی سے نکلنے والی تلوار۔ غَارَۃٌ دَلُوقٌ : سخت لوٹ۔ نَاقَۃٌ دَلُوقٌ : بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی۔ ج دُلُق۔

الدِّلْقِمُ - بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانتوں والی اونٹنی (میم زائد ہے)

دَلَكَ (ن) دَلْكًا - الشیءَ : رگڑنا - ملائم کرنا — ہ الدھرُ : تجربہ کار بنانا — وجہَہ بالطیبِ : خوشبو لگانا — الرجلُ حقَّہ : ظلم کرنا — غریمَہ : قرض خواہ کو ٹالنا۔ دُلُوکًا الشمسُ : ڈوبنے کے قریب ہونا - صفت (دَالِک)

دَالَكَ مُدَالَكَۃً - الغریمَ : قرضخواہ کو ٹالنا۔

تَدَلَّكَ - نہانے کے وقت بدن ملنا بالطیب : خوشبو لگانا۔

الدَّلَكُ - نرمی - کہا جاتا ہے "فی رُکبتِہ دَلَکٌ" اسکے زانو میں نرمی ہے - غروب آفتاب کا وقت۔

الدَّلُوکُ - لگانے کی خوشبو یا دوا وغیرہ۔

الدَّلِیکُ - شخص جسکو زمانہ نے تجربہ کار بنا دیا ہو - جمع دُلُکٌ - خاک جس کو ہوا اڑا دے ایک قسم کی نباتات۔

الدُّلُوکُ - بڑا معاملہ - جمع دَآلِیک۔

المِدْلَکُ والمِدْلَکَۃ - ملنے کا اوزار۔

المَدْلُوکُ - مفعول - البعیر المدلوک : نرم گھٹنے والا اونٹ - وہ شخص جو سفر کی وجہ سے تجربہ کار ہو گیا ہو۔

المُدَالِكُ - وہ شخص جو اپنے آپکو گھٹیا باتوں سے بلند نہ رکھے۔

دَلِمَ (س) دَلَمًا و اِدْلَامَ - اِدْلِیمَامًا چمکدار سیاہ ہونا - صفت (اَدْلَم) مونث دَلْمَاء و دَلِمَتِ الشفۃُ : ہونٹ کا ڈھیلا ہونا اور لٹکنا اِدْلَامَّ اللیلُ : رات کا بہت تاریک ہونا۔

اَدْلَمَ - شفتَہ : ہونٹ کا ڈھیلا کرنا۔

الدُّلَمُ - ہاتھی۔

الدِّلَامُ - سیاہی - سیاہ - کہا جاتا ہے۔ "شیءٌ دِلَامٌ" کالی چیز۔

الدَّلْمَاءُ - قمری مہینہ کی تیسویں رات۔

الاَدْلَمُ - مِنَ الالوانِ : کالا - کالا سانپ - لمبا کالا۔

الدَّیْلَمُ - کردوں کی ایک جماعت کا نام مصیبت - حوض کے پاس چیونٹیوں اور چیچڑیوں کے جمع ہونے کی جگہ - لشکر - نرتیتر قطا پرندہ کی ایک قسم - جماعت - دشمن۔

الدُّلَمِثُ والدُّلَامِثُ - تیز رفتار۔

دَلْمَزَ دَلْمَزَۃً - بڑا لقمہ لینا۔

تَدَلْمَزَ - علی الامرِ : ارادہ کرنا۔

الدِّلَمْزُ - بہت مضبوط۔

الدُّلَامِزُ - شیطان - قوی و دور بیں مرد

اِدْلَمَسَّ اِدْلِمْسَاسًا - اللیلُ : سخت تاریک ہونا۔

الدَّلَمِسُ والدُّلَامِسُ - سخت تاریکی - مصیبت۔

الدِّلْمِسُ - مصیبت۔

تَدَلْمَصَ - رأسُہ : سر کا گنجا ہونا۔

الدُّلَمِصُ والدُّلَامِصُ چمکدار راس دُلَمِص : گنجا سر۔

الدِّلْمِظُ - بوڑھی اونٹنی۔

طریق (دَلَنْعٌ) نرم راستہ - جمع دَلَانِع۔

دَلِہَ (س) دَلَہًا و دَلَہَانًا و دُلُوہًا و تَدَلَّہَ غم و عشق وغیرہ سے سرگشتہ ہونا - حیران ہونا۔

دَلَہَ (ف) دَلْہًا - عنہ : تسلی پانا۔

دَلَّہَ - حیران کرنا - مدہوش کرنا۔

الدَّلَہُ والدَّلَہَۃ - غم و عشق وغیرہ کی وجہ سے سرگشتہ و دیوانہ - کہا جاتا ہے "ذَہَبَ دَمُہ (دَلَہًا)" اس کا خون رائگاں گیا۔

المُدَلَّہُ - عشق وغیرہ کی وجہ سے خود رفتہ و دل رفتہ

دَلْہَثَ - الرجلُ : جلد آگے بڑھنا۔

الدَّلْہَثُ والدُّلَاہِثُ والدِّلْہَاث - پیش قدمی کرنے والا - دلیر - شیر۔

اِدْلَہَمَّ - اللیلُ : رات کا سخت تاریک ہونا — الظلامُ : گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا — الرجلُ : بوڑھا ہونا۔

الدَّلَہْمَسُ - تاریک بھیڑیا - نرشگوار پرندہ عشق کی وجہ سے عقل رفتہ و مدہوش۔

الدِّلَہَامُ والدَّلَہْمَسُ - دلیر - بہادر مرد شیر - الدلہمس : بہت تاریک رات۔

اِدْلَہَنَّ اِدْلِہْنَانًا - بوڑھا ہونا۔

دَلَا (ن) دَلْوًا و دَلًی - الدلوَ : ڈول کنوئیں میں لٹکانا - نکالنے کے لئے کھینچنا حاجتَہ : حاجت طلب کرنا - دَلَاہ : نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا - کہا جاتا ہے "دَلَوْتُ بفلانٍ الیکَ" میں نے تیرے پاس فلاں کو سفارشی بنایا و "دَلَّاہُ بغرورٍ" اس نے اسکو دھوکے میں ڈالا - دَلَوْتُ بالدلوِ : ڈول سے پانی کھینچنا - دَلَّاہ بالحبلِ مِنَ السطحِ : اس نے اس کو رسی کے ذریعہ چھت سے لٹکایا۔

دَالَاہُ - نرمی و مہربانی کا سلوک کرنا۔

اَدْلَی اِدْلَاءً - کنوئیں میں ڈول لٹکانا۔ — بفلانٍ : کسی کے بارے میں بری بات کہنا — بقرابتِہ : قرابت سے وسیلہ پکڑنا۔ — بحجتِہ : دلیل بیان کرنا — الیہِ بمالِہ : دینا اَدْلَی الی فلانٍ : کسی کے پاس جھگڑا لے جانا

تَدَلَّی - الثمرُ مِنَ الشجرِ : پھل کا لٹکنا — مِنَ الخیلِ : گھوڑے سے اترنا۔

اِدْلَوْلَی اِدْلِیلَاءً - جلدی کرنا۔

الدَّلْوُ - مع - ڈول (مونث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں) جمع دِلَاءٌ و اَدْلٍ و دُلِیٌّ و دِلِیٌّ و دَلًی - کہا جاتا ہے "اَدْلِ دَلْوَکَ فی الدِّلَاءِ" یعنی تم بھی کوشش کرو - الدلو : ایک برج آسمانی کا نام - اونٹ کا داغ - مصیبت۔

الدَّلَاۃُ - ڈولچی جمع دَلًی و دَلَوَاتٌ۔

الدَّالِی - فا جمع دُلَاۃ - سیاہ انگور۔

الدَّالِیَۃُ - رہٹ - زمین جسکو ڈول یا رہٹ سے سینچا جائے - انگور کی بیل - جمع دَوَالِی (یہ مولد ہیں)

دَلِیَ (س) دَلًی - متحیر ہونا۔

تَدَانَی - ہم : قریب ہونا — لہ فروتنی کرنا۔

دَمَّ (ن) دَمًّا - الشَّيْءَ بِالصِّبْغِ اَوِ الْقِيْرِ اَوْ نَحْوِهِمَا: کسی چیز پر ملنا — الْاَرْضَ: ہموار کرنا — الْيَرْبُوْعُ جُحْرَهٗ: جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ کو مٹی وغیرہ سے پاٹ کر برابر کرنا — الرَّجُلَ: پوری طرح سے عذاب دینا - مارنا یا سر کچلنا — الْقَوْمَ نیزہ مار کر ہلاک کرنا — الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

دَمَّ (ن ض س) دَمَامَةً - حقیر و بدصورت ہونا۔ صفت (دَمِيْمٌ) ج دِمَامٌ مؤنث دَمِيْمَةٌ و دَمِيْمَةٌ ج دَمَائِمُ و دِمَامٌ۔

دَمَّمَ - الشَّيْءَ: کسی چیز پر طلاء کرنا۔

اَدَمَّ - الرَّجُلُ: بُری بات کرنا یا بدصورت بچہ والا ہونا۔

الدَّمَّ والدِّمَمُ والدِّمَامُ - ہر وہ چیز چیز جو بطور طلاء کے استعمال کی جائے۔

الدَّمُ بمعنی خون۔

الدِّمَّةُ - چیونٹی - جوں مینگنی - بکریوں کا باڑہ - بلی - حقیر و پست قد مرد۔

الدُّمَّةُ - روشن - طریقہ - گڑیا - ج دُمَمٌ

الدَّيْمُوْمُ والدَّيْمُوْمَةُ - وسیع بیابان ج دَيَامِيْمُ - الدَّيْمُوْمَةُ بمعنی دوام و ہمیشگی۔

الْمِدَمَّةُ - ایک قسم کی دندانہ دار لکڑی جس سے زمین کو ہموار کرتے ہیں۔

الْمُدْمُوْمُ - خون کی مانند سرخ - بہت موٹا - چربی دار۔

دَمُثَ - (ک) دَمَاثَةً - نرم اخلاق ہونا

دَمِثَ (س) دَمَثًا - الْمَكَانُ وَغَيْرُهٗ: نرم ہونا۔

دَمَّثَ - الْمَضْجَعَ: نرم بنانا — الْمَكَانَ: نرم کرنا — لَهُ الْحَدِيْثَ: ذکر کرنا۔

الدَّمْثُ والدَّمَثُ والدَّمِثُ و الدَّمِيْثُ - نرم ریتلی جگہ - ج دِمَاثٌ و اَدْمَاثٌ - اور اسی سے ہے "رَجُلٌ دَمِثُ الْاَخْلَاقِ" نرم اخلاق والا مرد - اَرْضٌ (دَمْثَاءُ) نرم زمین۔

الدُّمُوْثَةُ - نرم خوئی۔

الدَّمَائِثُ - نرم چیزیں - واحد (دَمِيْثَةٌ)

الْاُدْمُوْثُ - بھوبھل میں روٹی پکانے کی جگہ۔

دَمَجَ (ن) دُمُوْجًا و دَنَاءَجَ وَادَّمَجَ - فِي الشَّيْءِ: مضبوط گتھ جانا - دَمَجَ الْاَمْرُ: درست ہونا۔

دَمَّجَهٗ - فِي الشَّيْءِ: داخل کرنا - گاڑنا۔

دَامَجَهٗ دِمَاجًا - عَلَيْهِ: موافقت کرنا۔

اَدْمَجَ - الشَّيْءَ فِي الثَّوْبِ: کسی چیز کو کپڑے میں لپیٹنا — الْحَبْلَ: رسی کو اچھی طرح بٹنا — الْكَلَامَ: بہتر ترتیب دینا — الْفَرَسَ: دُبلا کرنا۔

تَدَامَجَ - الْقَوْمُ عَلَيْهِ: باہم مدد کرنا - اکٹھا جمع ہونا۔

تَدَمَّجَ - فِي ثِيَابِهٖ: کپڑوں میں لپٹنا۔

الدَّامِجُ - فا - تاریک - کہا جاتا ہے "لَيْلٌ دَامِجٌ" تاریک رات۔

الدِّمْجُ - دوست - نظیر۔

الدَّمْجَةُ - طریقہ - کہا جاتا ہے "عَلٰى تِلْكَ الدَّمْجَةِ" اس طریقہ پر۔

الدُّمَامِجُ والدِّمَامِجُ - بہت مضبوط - سیدھا۔

الْمُدْمَجُ - مفعو - تیر کی چھڑ۔

الْمِدْمَاجَةُ - پگڑی۔

دَمَحَ تَدْمِيْحًا - سر جھکانا۔

الدُّمَاحِسُ - شیر۔

دَمَخَ - الثَّوْبَ: کپڑے پر مادہ لگانا۔

الدَّمْخُ - باسی دودھ۔

الدُّمْخُ - ناس کی ڈبیا۔

الدَّمْخُوْقُ - بڑے پیٹ والا۔

دَمْخَلَ، دَمْخَلَةً - لڑھکانا۔

دَمَخَ (ف) دَمْخًا - بلند ہونا — رَاسَهٗ: سر توڑنا - کچلنا - لَيْلٌ (دَامِخٌ) معتدل رات۔

دَمْخَقَ - فِي مَشْيِهٖ: گرانبار ہو کر چلنا۔

دَمْدَمَ دَمْدَمَةً - عَلَيْهِ: غضبناک ہو کر گفتگو کرنا — اللّٰهُ عَلَيْهِمْ: ہلاک کرنا — الشَّيْءَ: کسی چیز کو زمین سے چپکا دینا۔

الدِّمْدِمُ - خشک گھاس۔

الدُّمَادِمُ - مِنَ الْاَرْضِ: نرم ٹیلے۔

دَمَرَ (ن) دُمُوْرًا و دَمَارًا و دِمَارَةً - ہلاک ہونا — (دُمُوْرًا) عَلَيْهِمْ: بغیر اجازت کے آنا یا بُرے ارادہ سے اچانک آنا۔

دَامَرَ - اللَّيْلَ: جاگتے رہنا۔

دَمَّرَهُمْ و دَمَّرَ عَلَيْهِمْ - ہلاک کرنا۔

تَدْمُرُ - ملک شام کے ایک بڑے شہر کا نام - ایک قلعہ کا نام۔

التَّدْمُرِيُّ - کمینہ - جنگلی چوہا جس کے ناخن ٹوٹ گئے ہوں اور گوشت سخت ہو - کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ تَدْمُرِيٌّ" گھر میں کوئی نہیں۔

دَمَسَ (ن ض) دَمْسًا و دُمُوْسًا - الظَّلَامُ اَوِ اللَّيْلُ: سخت سیاہ ہونا - صفت (دَامِسٌ) — الْمَوْضِعُ: مٹنا۔

دَمَسَهٗ (ن) دَمْسًا و دَمْسَةً - ڈھانپنا - دفن کرنا - چھپانا - دَمَسَ عَلَيْهِ السِّرَّ اَوِ الْخَبَرَ: پوشیدہ کرنا — بَيْنَهُمْ اصلاح کرنا۔

دَمِسَتْ (س) دَمَسًا - يَدُهٗ: گندگی سے آلودہ ہونا۔

دَامَسَ مُدَامَسَةً - الشَّيْءَ: چھپانا - پوشیدہ کرنا۔

اَدْمَسَ - اللَّيْلُ: تاریک ہونا — الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔

تَدَمَّسَ - آلودہ ہونا - لتھڑنا۔

اِنْدَمَسَ - تہ خانہ میں داخل ہونا۔

الدَّمْسُ - مص - صورت جو دور سے دکھائی دے - کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ دَمْسًا" میں نے صورت دیکھی۔

الدُّمْسُ - مِنَ الْاُمُوْرِ: بڑے بڑے امور کہا جاتا ہے "جَاءَنَا بِاُمُوْرٍ دُمْسٍ" وہ ہمارے پاس بڑے بڑے امور لایا۔

الدَّمْسُ والدَّمِيْسُ - ہر وہ چیز جو

ڈھک دی جائے۔
الدِّمَاس - ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے۔
الدَّامُوس - شکاری کے چھپنے کی جگہ۔
ج دَوَامِیس۔
الدَّیمَاس والدِّیمَاس - تہ خانہ۔
غسل خانہ - قبر - ج دَیَامِیس ودَمَامِیس۔
لَیلٌ دَاُدْمُوسٌ - تاریک رات۔
الدَّیَامِیس - گہری جگہیں جہاں روشنی نہ پہنچے۔
الدُّمُستُق - رومیوں کے کمانڈر کا لقب - ج دَمَاسِق۔
دَمْشَقَ - الأمرَ : جلدی سے پورا کرنا۔
— الشَّیءَ : آراستہ کرنا۔
تَدَمْشَقَ - دمشق میں آنا۔
دَمْشَقُ - الیَدَینِ : دونوں ہاتھوں سے جلدی کام کرنے والا۔
دِمَشْق ودِمِشْق - شام کا دارالخلافہ نسبت کے لئے دِمَشْقِیّ - ج دَمَاشِقَة۔
المُدَمْشَق - نیم پختہ بھنا ہوا گوشت۔
دَمَصَ (ن) دَمْصًا - فِی الشَّیءِ : جلدی کرنا - دَمَصَتِ الکَلبَۃُ بِجَرْوِھَا - نا تمام بچہ گرادینا۔
دَمِصَ (س) دَمَصًا - سر میں کم بال والا ہونا - پچھلے حصہ میں باریک اور اگلے حصہ میں موٹی ابروؤں والا ہونا - صفت (اَدْمَص) مؤنث دَمْصَاء ج دُمْص۔
دَمَعَت (ف) دَمْعًا ودَمِعَت (س) دَمَعًا ودَمَعَانًا ودُمُوعًا - العَینُ : آنسو بہنا - دَمِعَ الإنَاءُ : بھر جانا۔
اَدْمَعَ - الإنَاءَ : لبالب بھر دینا۔
اِسْتَدْمَعَ - آنسو بہانا۔
الدَّمْع - آنسو - واحد (دَمْعَة) ج دُمُوع واَدْمُع - دَمْعَةُ الکَرْمِ : شراب۔
اِمْرَأَةٌ (دَمِعَة ودَمِیع) جلدی رونے والی - بہت آنسوؤں والی عورت - ج دُمْعٰی ودَمَائِع
ورَجُلٌ دَمِیع : جلدی رونے والا - بہت آنسوؤں والا مرد - ج دُمْعَاء ودُمْعٰی۔
الدَّامِع - فا - مَکَانٌ دَامِعٌ - نمناک جگہ شَجَّةٌ دَامِعَةٌ : خون بہانے والا زخم۔
الدُّمَّاع - پانی جو درخت کے کاٹنے سے نکلے - آنکھ کا پانی جو بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے نکلے۔
الدَّمَّاع والدَّمُوع - بہت آنسو والا - الدَّمَاع : نمناک جگہ - یَومٌ دَمَاعٌ : خفیف بارش کا دن۔
قَدَحٌ (دَمْعَان) لبالب بھرا ہوا پیالہ۔
المَدْمَع - آنسو بہنے کی جگہ - ج مَدَامِع۔
الدِّمَاع - رخسارہ پر آنسو کا نشان۔
دَمَغَہ (ف ن) دَمْغًا - دماغ تک زخمی کرنا - صفت مفعولی (دَمِیغ دَمْغُوغ)
— ہ الشَّمسُ : دماغ کو تکلیف پہونچانا۔
— ہ : مغلوب کرنا — الحَقُّ البَاطِلَ : نیست و نابود کرنا - باطل کرنا - ناپید کرنا۔
دَمَّغَ - الأطعِمَةَ بِالدَّسَمِ : چربی ڈالنا۔
اَدْمَغَہ - إلی کَذَا : محتاج بنانا - حاجتمند بنانا - اَدْمَغَ الطَّعَامَ : نگلنا — الشَّیءَ : داخل کرنا شَجَّةٌ (دَامِغَة) دماغ تک پہنچنے والا زخم۔
الدِّمَاغ - سر کا بھیجا - ج اَدْمِغَة - اُمُّ الدِّمَاغِ : دماغ کے اوپر کی باریک جھلی۔
دَمَقَ (ن) دُمُوقًا - عَلَیہِ : بغیر اجازت کے داخل ہونا۔
دَمَقَ (ن ض) دَمْقًا - الشَّیءَ : چرانا فَاهُ : دانت توڑنا - (— دَدَمَّقَ وادْمَقَ) الشَّیءَ فِی الشَّیءِ : داخل کرنا۔
اِنْدَمَقَ - عَلَیہِ : بغیر اجازت کے داخل ہونا - نکلنا۔
الدَّمَق - برف کے ساتھ سخت ہوا۔
الدَّامِق - فا - (— والدَّمُوق) مِنَ الرِّجَالِ : خراب آدمی جس سے کوئی نفع نہ ہو
الدَّمِیق - دوسرے میں داخل کیا ہوا۔
المُنْدَمَق - داخل ہونے کی جگہ۔
الدِّمَقْس والدِّمَقَاس - سفید ریشم دیبا - ثَوبٌ (مُدَمْقَس) ریشم کا بنا ہوا کپڑا۔
دَمَكَ (ن) دُمُوكًا - الأرنَبُ : خرگوش کا تیز دوڑنا الشَّیءُ : ہموار و نرم ہونا۔
(— دَمْكًا) الشَّیءَ : پیسنا — الرِّشَاءَ : رسی بٹنا۔
الدَّامِكَة - مصیبت - ج دَوَامِك۔
الدَّمُوك - تیز گذرنے والا - کہا جاتا ہے "رَحًی دَمُوكٌ" تیز پیسنے والی چکی - ج دُمُك
المِدْمَاك - بیلن۔
المِدْمَاك - کچی اینٹوں یا پتھروں کا ردا ج مَدَامِیك۔
الدَّمَكْمَك - بہت مضبوط - رَحًی دَمَكْمَك تیز پیسنے والی چکی۔
دَمَلَ (ن) دَمْلًا - الدَّمَلَ : پھوڑا اچھا کرنا - (دَمَلَ ودَمَّلَ) بَینَہُم : اصلاح کرنا۔
دَمِلَ (س) دَمَلًا ودُمُولًا ودَمَّلَ واندَمَلَ - الجُرحُ : زخم اچھا ہونا۔
دَامَلَہ - نرمی سے سلوک کرنا۔
تَدَمَّلَ - المَکَانُ : کھاد پڑنا۔
تَدَامَلَ - القَومُ : باہم صلح کرنا۔
الدَّمْل - مع - نرمی - کہا جاتا ہے "عَامَلَہُ بِالدَّمْلِ" اس نے اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کیا۔
الدُّمَّل والدُّمَل - پھوڑا - واحد (دُمَّلَة) ج دَمَامِل ودَمَامِیل۔
الدَّمَال - کوڑا کرکٹ جس کو سمندر پھینک دے سیاہ بدبودار پرانی کھجور - مینگنی مٹی وغیرہ جسکو جانور روندیں - کھاد - کہا جاتا ہے۔
"ہٰذَا دَمَالُ ذَاكَ" یہ اس کا مصلح ہے۔
الدَّمَّال - زمین میں کھاد ڈالنے والا۔
دَمْلَجَہ دَمْلَجَةً ودِمْلَاجًا - الشَّیءَ : کسی چیز کو اچھے طریقے سے ڈھالنا۔
الدُّمْلُج والدُّمْلُوج - ج دَمَالِج و (الدَّمَالِیج) ج دَمَالِیج : بازو بند - پہنچی - کہا جاتا ہے۔

اَلْقیٰ عَلَیْہِ دَمَالِجَہٗ "اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا۔ الدَّمَالِجُ : سخت زمینیں۔

المُدَمْلَجُ۔ ہموار راستہ۔

دَمْلَحَہٗ۔ لڑھکانا۔

دَمْلَقَہٗ۔ چکنا وہموار کرنا۔

حَجَرٌ دُمْلُقٌ ودُمْلُوقٌ ودُمَالِقٌ۔ چکنا پتھر۔

دَمْلَکَ۔ الشَّیْءَ : چکنا کرنا۔

تَدَمْلَکَ۔ چکنا ہونا۔ الثَّدْیُ : گول ہونا اور اُبھرنا۔

الدُّمْلُوکُ۔ گول چکنا پتھر۔

دَمَنَ (ن) دَمْنًا۔ الاَرْضَ : کھا دڈالنا۔

دَمِنَ (س) دَمْنًا۔ الثَّوْبُ : سیاہ و بدبودار ہونا۔ عَلَیْہِ : کینہ رکھنا۔

دَمَّنَ۔ البَعِیرُ المَکَانَ : اونٹ کا مینگنی کرنا۔ بَابَ فُلَانٍ : کسی کے دروازہ پر پڑ رہنا۔ فُلَانًا : اجازت دینا۔

اَدْمَنَ۔ الشَّیْءَ : ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُدْمِنُ خَمْرٍ" ہمیشہ شراب پینے والا مرد۔

تَدَمَّنَ۔ المَکَانُ او المَاءُ : جگہ یا پانی کا مینگنیوں سے پلید ہونا۔

الدَّمِنُ۔ مع۔ کھجور کے درخت کی بوسیدگی وسیاہی۔

الدِّمْنُ والدَّمَانُ۔ گوبر۔ کھاد۔ راکھ کھجور کے درخت کی بوسیدگی۔ کہا جاتا ہے۔ "ہُوَ دِمْنُ مَالٍ" وہ مال کا منتظم ہے۔

الدِّمْنَۃُ۔ گھر کے نشانات۔ حوض کا بقیہ پانی۔ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ جمع دِمَنٌ ودِمْنٌ۔ "خَضْرَاءُ الدِّمَنِ وخَضِرَۃُ الدِّمَنِ" کوڑے کی سبزی۔ اور یہ دونوں مثال ہیں ان چیزوں کے لئے جن کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ الدِّمْنَۃُ : پرانا کینہ۔ کہا جاتا ہے "فِی قَلْبِہِ دِمْنَۃٌ" اُس کے دل میں پرانا کینہ ہے۔

دَمِہَ (س) دَمَھًا۔ الرَّمْلُ : ریت کا سخت گرم ہونا۔

دَمْھَمَہٗ۔ الشَّمْسُ : دھوپ لگنا اور جلانا

دَمِیَ (س) دَمًی ودُمِیًّا۔ الجُرْحُ : خون دینا۔ صفت (دَمٍ)

دَمَّی تَدْمِیَۃً واَدْمَی اِدْمَاءً۔ الجُرْحَ : زخم سے خون نکالنا۔ اَدْمَی الرَّجُلَ : خون بہانا۔ دَمَّی لِفُلَانٍ : راستہ آسان کرنا۔ قریب کرنا۔

اِسْتَدْمَی۔ مِنْ غَرِیمِہٖ : قرض دار سے نرمی سے قرض وصول کرنا۔ الرَّجُلُ : ناک سے خون بہتے وقت سر جھکانا۔ الذَّبِیحَ : خون لینا۔

الدَّامِی۔ فا۔ جس کا خون بہہ رہا ہو۔ ودَامِی الشَّفَۃِ : فقیر یا مانگنے کا حریص۔

الدَّامِیَۃُ۔ الدامی کا مؤنث۔ زخم یا مار جس سے خون بہے۔

الدَّمُ۔ خون۔ اس کی اصل دَمْیٌ یا بقول بعض دَمَوٌ ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے۔ اور کبھی میم سے بدل لیتے ہیں اور دَمّ مشدد بولتے ہیں۔ مثنیٰ دَمَانِ ودَمَیَانِ ودَمَوَانِ۔ جمع دِمَاءٌ ودُمِیٌّ۔ تصغیر دُمَیٌّ۔ اور نسبت کے لئے (الدَّمِیُّ والدَّمَوِیُّ) دَمُ الاَخَوَیْنِ : ایک دوا کا نام۔ الدم : بلی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُو دَمٍ" خون کا مطالبہ کرنے والا مرد۔

الدَّمَّۃُ۔ خون کا ٹکڑا۔

الدُّمْیَۃُ۔ پتلی جو خون کی مانند سرخ و منقوش ہو۔ بت۔ جمع دُمًی۔

الدَّمْیَاءُ۔ خیر و برکت۔

المُدَمَّی۔ بہت سرخ گھوڑا وغیرہ۔ خون لگا ہوا تیر۔

دَنَّ (ن) دَنًّا ودَنِینًا۔ الذُّبَابُ : بھنبھنانا (ـــ دَنِینًا) الرَّجُلُ : گنگنانا۔ اس طرح بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے۔

دَنَّ (س) دَنَنًا۔ پیٹھ میں جھکاؤ ہونا۔ صفت (اَدَنُّ) مؤنث (دَنَّاءُ) جمع دُنٌّ۔ بیت اَدَنُّ : پست مکان۔

اَدَنَّ۔ بِالمَکَانِ : اقامت کرنا۔

الدَّنُّ۔ بڑا مٹکا جو بغیر زمین کھودے ہوئے نہ رکے۔ جمع دِنَانٌ۔

الدَّنِّیَّۃُ۔ لمبی ٹوپی۔

الدِّنَّۃُ۔ چیونٹی کی مانند ایک کیڑا۔

دَنَأَ (ف) ودَنُؤَ (ک) دُنُوءَۃً ودَنَاءَۃً خسیس ہونا۔ کمینہ وذلیل ہونا۔ صفت (دَنِیءٌ) جمع اَدْنَاءُ ودُنَآءُ۔

دَنِیَٔ (س) دَنَأً۔ الرَّجُلُ : کبڑا ہونا۔ صفت (اَدْنَأُ) مؤنث (دَنْأَی)

اَدْنَأَ۔ ادنیٰ سواری پر سوار ہونا۔

دَنَّاَہٗ۔ کمینہ بنانا۔

تَدَنَّاَہٗ۔ کمینگی پر اکسانا۔

الدَّنِیْئَۃُ۔ کمینگی۔ عیب۔

الدِّنَّبُ والدِّنَّبَۃُ والدِّنَّابَۃُ۔ پست قد۔

الدَّنْبَجُ۔ بدخلق۔

دَنَجَ (ن) دِنَاجًا۔ الاَمْرَ : کسی کام کو مضبوطی سے کرنا۔

الدُّنُجُ۔ عقل مند لوگ۔

دَنَحَ (ن) دُنُوحًا ودَنْحًا۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔

الدِّنْحُ۔ نصرانیوں کی ایک عید۔

الدِّنْحِیَّۃُ۔ خیانت۔

دَنَخَ (ت) دَنْخَانًا۔ گرانبار ہو کر چلنا۔

دَنَّخَ۔ فروتنی کرنا۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔ گھر میں رہنا۔

المُدَنَّخُ۔ فحش بکنے والا۔ وہ شخص جس کے سر میں کہیں بلندی اور کہیں پستی ہو۔

دَنْدَنَ دَنْدَنَۃً۔ الذُّبَابُ : بھنبھنانا۔ الرَّجُلُ : گنگنانا۔ صَوْتُ النَّارِ : چٹکر لگانا۔ گھونا۔

الدِّنْدِنُ۔ گنگناہٹ۔ پرانا ہونے کی وجہ سے سیاہ شدہ پودا۔

دَنَّرَ الدِّینَارَ تَدْنِیرًا۔ دینار بنانا۔ دَنَّرَ الوَجْہُ : دینار کی طرح روشن و چمکدار ہونا۔

دُنِّرَ۔ بہت دینار والا ہونا۔
الدِّینَارُ۔ سونے کا ایک پرانا سکہ ج دَنَانِیر
دَنِسَ (س) دَنَسًا و دَنَاسَۃً۔ عِرضُہٗ اَوْ ثَوْبُہٗ اَوْ خُلُقُہٗ: عیب دار ہونا۔ میلا ہونا۔ صفت (دَنِس) ج اَدْنَاس وَمَدَانِیس۔
دَنَّسَہٗ۔ میلا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "دَنَّسَہٗ سُوْءُ خُلُقِہٖ" اس کی بدخلقی نے اس کو عیب دار کر دیا۔
تَدَنَّسَ۔ میلا ہونا۔
الدَّنَس۔ مص۔ میل کچیل۔ ج اَدْنَاس۔
المَدَانِس۔ عیوب۔ گندی جگہیں۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَتَصَوَّنُ مِنَ الاَدْنَاسِ وَالمَدَانِسِ" وہ عیوب سے بچتا ہے۔
دَنُعَ (ک) دُنُوْعًا و دَنَاعَۃً۔ کمینہ و بے خیر ہونا۔ صفت (دَانِع و دَنِع و دَنِیْع و دَنِیْعَۃ)۔
دَنِعَ۔ ذلیل ہونا۔ کمینہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
اَدْنَعَ۔ صلحاء کے طریقہ کی پیروی کرنا۔
رَجُلٌ (دَنِعَۃٌ) بے خیر و بے فیض آدمی۔
کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ دَنِعِ النَّاسِ" وہ کمینہ لوگوں میں سے ہے۔
دَنِفَ (س) دَنَفًا۔ المَرِیضُ: بیماری کا بڑھ جانا اور قریب المرگ ہونا۔
الشَّمْسُ: آفتاب کا زرد ہونا اور ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ ہ المَرَضُ: بیماری کا تیز ہو جانا
الشَّیْءَ: قریب کرنا۔
الدَّنَف۔ مص۔ مرض دائمی۔ ہمیشہ کا بیمار۔ کہا جاتا ہے: "رَجُلٌ دَنَفٌ وَامْرَأَۃٌ دَنَفٌ وَہُمْ دَنَفٌ" اور کہا جاتا ہے۔ "کَادَتِ الشَّمْسُ تَکُوْنُ دَنَفًا" آفتاب ڈوبنے کے قریب ہے۔
الدَّنِف۔ مرض لازم والا۔ ج اَدْنَاف مؤنث دَنِفَۃٌ ج دَنِفَات۔
الدِّنْفِس۔ بیوقوف عورت۔
الدُّنَافِس۔ بدخو۔

دَنْفَشَ۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔
الدِّنْفِصَۃ۔ دبلی عورت۔
دَنِقَ (ن ض) دُنُوْقًا۔ باریک امور نکالنے کا حریص ہونا۔ صفت (دَنِیْق) ج دُنُق۔
دَنَّقَ۔ الوَجْہُ: غم یا مرض سے کمزور ہونا ـــ لِلْمَوْتِ: قریب المرگ ہونا ـــ العَیْنُ: آنکھ کا اندر دھنس جانا ـــ الشَّیْءَ: پوری طرح سے لینا ـــ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ الرَّجُلُ: مرنا ـــ اِلَیْہِ النَّظَرَ: لگاتار دیکھنا۔
الدَّنْقَۃ۔ گیہوں میں ایک قسم کا دانہ جس کو اکرایا منمنا کہتے ہیں۔
الدَّانِق۔ فا۔ بیوقوف۔ چور (ـــ و الدَّانَق) درہم کے چھٹے حصہ کا ایک سکہ۔ ج دَوَانِق و دَوَانِیق (کلمۂ فارسیہ)
الدَّنَقُّ۔ شوربہ۔
دَنْقَسَ۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا بَیْنَہُمْ: فساد ڈالنا۔
دَنْکَسَ۔ فِیْ بَیْتِہٖ: گھر میں چھپ کے بیٹھنا اور لوگوں کی ضروریات کے لئے نہ نکلنا۔
دَنَا یَدْنُوْ دُنُوًّا و دَنَاوَۃً۔ لِلشَّیْءِ وَمِنْہُ وَاِلَیْہِ: کسی چیز کے قریب ہونا۔ صفت (دَانٍ) ج دُنَاۃ۔
دَنِیَ یَدْنٰی دَنًا و دَنَایَۃً۔ گھٹیا ہونا ردی ہونا۔ صفت (دَنِیٌّ) ج اَدْنِیَاء۔
دَنَّاہُ تَدْنِیَۃً۔ قریب کرنا۔ دَنّٰی فِی الاُمُوْرِ: ہر چھوٹے بڑے امر کے پیچھے پڑنا۔
دَانٰی مُدَانَاۃً۔ القَیْدَ: بیڑی کو تنگ کرنا ـــ بَیْنَ الاَمْرَیْنِ: قریب قریب کرنا۔ ـــ الاَمْرَ: نزدیک ہونا۔
اَدْنٰی اِدْنَاءً۔ تنگ زندگی بسر کرنا۔ قریب ہونا۔ قریب کرنا۔ کسی کے قریب کرنا۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
تَدَنّٰی۔ تھوڑا تھوڑا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے: "بَعِیْدٌ یَتَدَانٰی خَیْرٌ مِنْ قَرِیْبٍ یَتَبَاعَدُ" دور کا آدمی جو تھوڑا تھوڑا قریب ہو اس قریب سے بہتر ہے جو دور ہو۔
تَدَانٰی تَدَانِیًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَدَانَتْ اِبِلُہٗ: کم ہونا۔
اِدَّنٰی۔ قریب ہونا۔
اِسْتَدْنَاہُ۔ قریب ہونے کو کہنا۔
الدَّنَاوَۃ۔ مص۔ قرابت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمَا دَنَاوَۃٌ" ان دونوں کے درمیان قرابت و رشتہ داری ہے۔
الاَدْنٰی۔ دَنِیٌّ کا اسم تفضیل ج اَدَانٍ و اَدْنَوْنَ۔ مؤنث دُنْیَا۔ ج دُنًی۔ الاَدْنَوْنَ: نسب کے لحاظ سے قریبی رشتہ دار لوگ۔
الدُّنْیَا۔ موجودہ زندگی۔ ج دُنًی نسبت کے لئے (دُنْیَوِیّ و دُنْیَاوِیّ و دُنْیِیّ) اور کہا جاتا ہے "ہُوَ فِیْ دُنْیَا دَانِیَۃٍ" وہ آسودہ زندگی میں ہے جو چاہتا ہے حاصل کر لیتا ہے۔ "ہُوَ ابْنُ عَمِّہٖ دِنْیًا و دِنْیًا و دُنْیَا و دِنْیَۃً" وہ چچا کا بیٹا ہے جو نسب میں لاحق ہے۔
المُدَنِّی۔ مفع مِنَ الرِّجَالِ: کمزور۔ نَاقَۃٌ (مُدْنٍ و مُدْنِیَۃٌ) وضع حمل کے قریب والی اونٹنی۔
الدَّہَب۔ شکست خوردہ لشکر۔
دَہْبَلَ دَہْبَلَۃً۔ بڑے بڑے لقمے کھانا تاکہ کھانے میں دوسروں سے بازی لے جائے
دَہْدَہَہٗ (ت) دَہْدَاہًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الدَّہْثَم۔ قوی شیر۔ نرم عادت والا۔ نرم زمین۔
دَہْدَقَ دَہْدَقَۃً۔ اللَّحْمَ: مع ہڈی کے کاٹنا۔ دَہْدَقَتِ البَضْعَۃُ: جوش کے وقت ہانڈی میں اوپر نیچے ہونا۔
الدَّہْدَاق۔ دیگ کا جوش۔
دَہْدَمَ۔ البِنَاءَ: ڈھانا۔
تَدَہْدَمَ۔ ویران ہونا۔ منہدم ہونا۔
الدَّہْدَمُوْز۔ بہت کھانے والا۔

الدَّهْدَن - مخلوق - لوگ -

الدُّهْدُن - جھوٹ - باطل -

دَهْدَهَ ودَهْدَى - الحجرَ: لڑھکانا -

تَدَهْدَهَ وتَدَهْدَى - لڑھکنا -

الدُّهْدُوَة والدُّهْدُوَّة والدُّهْدِيَّة - گبریلا کی گولی -

الدَّهْدَأ والدَّهْدَاء - چھوٹے چھوٹے اونٹ - کہا جاتا ہے " ما أدری أیّ الدَّهْدَاءِ ہو " میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے -

دَهَرَ (ف) دَهْرًا - القومَ وبالقومِ أمرٌ مکروہٌ: قوم پر امر ناپسندیدہ واقع ہونا -

الدَّهْر - زمانہ طویل - لمبی مدت - دَهْرُ الإنسانِ: انسان کے زندگی گذارنیکا زمانہ دہر عصر کا مرادف ہے - مصیبت - غایت - عادت - کہا جاتا ہے " ما ذاک بِدَهْرِی " یہ میری عادت نہیں " وما دَهْرِی بکذا " یہ میری غایت وانتہا نہیں - غلبہ - جمع أدْهُر ودُهُور - کہا جاتا ہے " لا آتیہ دَهْرَ الداہرینَ " میں اسکے پاس کبھی نہیں آؤں گا -

الدَّهْرِیّ - بددین جو عالم کے قدیم وغیر مخلوق ہونے کا قائل ہو -

الدَّهْرِیَّة - ایک فرقہ جو عالم کے قدیم ہونے کا قائل تھا -

الدُّهْرِیّ - وہ شخص جس کی عمر طویل ہو اور جس پر ایک زمانہ گذر چکا ہو -

دَهْر (داہر ودَہِیر) سخت وطویل زمانہ -

الدِّهَار والمُدَاهَرَة - غیر معین مدت کے لئے معاملہ کرنا -

الدَّهَارِیر - زمانہ گزشتہ کی ابتدا (اس کے لئے واحد نہیں) مصیبتیں - زمانہ کے حوادث - کہا جاتا ہے " دَہْرٌ دَہَارِیرُ " طویل زمانہ " وکان ذلک فی دَہْرِ الدَّہَارِیرِ " یہ زمانہ قدیم میں تھا قومٌ (مَدْہُورُونَ) آفت رسیدہ لوگ -

دَهِسَ (س) دَهْسًا - المکانُ: نرم ہونا کہ جس میں نہ صرف ریت ہی ہو نہ نری مٹی - صفت (أدْہَس) مؤنث دَہْسَاء جمع دُہْس - الأدْہَس: سرخ مائل بسیاہی - الدَّہْسَاء: بڑے سُرین والی عورت -

أدْهَسَ - القومُ: نرم زمین میں چلنا -

الدَّہْس: نباتات کہ ابھی سبزی غالب نہ ہوئی ہو - نرم زمین کہ جس میں نہ صرف ریت ہو نہ صرف مٹی - زمین کہ ابھی اچھی طرح اس پر روئیدگی نہ ہو - جمع أدْہَاس -

دَهَاسَة - الخُلُق: نرم خوئی -

الدَّهُوس - شیر (الدَّہَّاس) نرم خو -

دَهْسَمَ - الشیءَ: کسی چیز کو چھپانا -

دَهِشَ (س) دَهَشًا ودُهِشَ - متحیر ہونا - صفت (دَہِش ومَدْہُوش ودَہْشَان)

دَهَّشَہٗ وأدْهَشَہٗ - مدہوش کرنا -

الدَّهْشَم - بہت دیالو - فیاض - سخی - سمندر -

دَهَفَ دَهْفًا - مضبوط پکڑنا -

دَهْفَشَ دَهْفَشَة - عشق بازی کرنا - فریب دینا - مرد کا عورت سے بات چیت کرنا -

دَهَقَ (ف) دَهْقًا - الکأسَ: پیالہ بھرنا - الماءَ: پانی کو تیزی سے گرانا - الشیءَ: توڑنا - کاٹنا - ہ: مارنا -

أدْهَقَ - الکأسَ: پیالہ بھرنا - ہ: جلدی کرانا -

إدَّهَقَتِ - الحجارةُ: مضبوطی سے ایک دوسرے سے جڑ جانا -

الدَّهَق - شکنجہ -

الدِّهَاق - مِنَ الکؤوس: بھرا ہوا پیالہ کہا جاتا ہے " کأسٌ دِہَاقٌ " چھلکتا ہوا پیالہ - " ماءٌ دِہَاقٌ " بہت پانی -

الدُّهْقُوع - سخت بھوک -

دَهْقَنَ - القومُ فلانًا: قوم کا کسی کو چودھری بنانا -

تَدَهْقَنَ - چودھری بننا -

الدَّهْقَنَة - چودھراہٹ -

الدُّهْقَان والدِّهْقَان - چودھری جمع دَہَاقِنَة ودَہَاقِین - الدَّہْقَان - سوداگر

دَهْلَكَ (ف) دَهْكًا - الشیءَ: پیسنا - توڑنا - الأرضَ: روندنا - المرأةَ: جماع کرنا -

الدَّهْكَث - پست قد -

تَدَهْكَرَ - لڑھکنا - علیہ: غالب ہونا قابض ہونا - تَدَہْکَرَتِ المرأةُ: تھلتھلانا -

دَهْكَلَ دَهْكَلَة - الأرضَ: روندنا -

الدَّهْكَل - سختی وبلا -

تَدَهْكَمَ - بن بلائے آنا - علینا: سرکشی کرنا -

الدَّهْكَم - بہت بوڑھا -

الدَّهْل - وقت موجود - تھوڑی مقدار -

الدَّاهِل - سرگشتہ وحیران -

الدَّهْلَب - وہ شخص جس کی صحبت کو لوگ ناپسند کریں -

الدِّهْلَاث - شیر -

الدِّهْلِيز - ڈیوڑھی - لمبا تنگ راستہ - جمع دَہَالِیز - أبناءُ الدَّہَالِیز: وہ بچے جو راستہ سے اٹھائے جائیں -

دَهَمَہٗ (ف) ودَهِمَہٗ (س) دَهْمًا - الأمرُ: اچانک آپڑنا -

دَهَّمَتِ - النارُ القِدرَ: آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا -

أدْهَمَہٗ - غمگین کرنا -

إدْهَمَّ وإدْهَامَّ إدْهِيمَامًا - الفرسُ: گھوڑے کا سیاہ ہونا -

الدَّهْم - بڑی تعداد - جمع دُهُوم -

الأدْهَم - سیاہ - نئے نشانات - پرانے نشانات - مؤنث دَہْمَاء جمع دُہْم - الأدْہَم: بیڑی - جمع أداہم -

الدُّهْمَة - قمری مہینے کی آخری راتیں - مخلوق - کہا جاتا ہے " أیُّ الدُّہْمِ ہو " وہ اللہ کی کونسی مخلوق ہے -

الدُّهْمَة - سیاہی۔
الدَّهْمَاء - الادہم کا مؤنث - ہانڈی۔ لوگوں کی جماعت - قمری مہینہ کی اُنتیسویں رات - ایک چوڑی قسم کی گھاس جس سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں - حَدِیْقَةٌ دَهْمَاءُ (دُہْم و دُهْمَاوَاتٌ) سر سبز باغ جس کی سرسبزی مائل بسیاہی ہو۔
الدَّهِيْمُ والدُّهَيْمَاءُ وأُمُّ الدُّهَيْمِ مصیبت - الدُّہَیْم : بیوقوف۔
الدَّهْمَثَة - نرم زمین۔
الدَّهْمُوْث - جواں مرد۔
دَهْمَجَ - الشَّيْخُ : بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا —— الخَبَرَ : اپنی طرف سے زیادہ کرنا۔
الدَّهْمَجُ الدُّهَامِجُ - بڑے ڈیل ڈول کی چیز - دو کوہان کا اونٹ۔
دَهْمَسَ دَهْمَسَةً - سرگوشی کرنا۔ باہم راز کی باتیں کرنا۔
صَنْعَةٌ دِهْمَاص - مضبوط صنعت
دَهْمَقَ دَهْمَقَةً - توڑنا - کاٹنا —— الوَتَرَ : نرم کرنا —— الطَّعَامَ : اچھی طرح پکانا۔ —— الکَلَامَ : آراستہ کرنا۔
الدَّهْمَن - شاہانِ فارس کا لقب۔ جمع دَهَامِنَة۔
دَهَنَ (ن) دَهْنًا ودَهْنَةً - الرَّأْسَ : سر پر تیل ملنا —— الشَّيْءَ : تر کرنا - تیل لگانا - (دَاهَنَهُ دِہَانًا ومُدَاهَنَةً وادَّهَنَهُ) فریب دینا - باطن کے خلاف ظاہر کرنا - وادَّهَنَ عَلَيْهِ : رحم کرنا - کہا جاتا ہے " مَا ادَّهَنْتَ إِلَّا عَلَى نَفْسِكَ " تم نے صرف اپنے نفس پر رحم کیا۔
دَهُنَتْ (ف ن ض) دِهَانًا ودَهَانَةً النَّاقَةُ : اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔
دَهَّنَ - الشَّيْءَ : تیل لگانا - تر کرنا۔
تَدَهَّنَ وادَّهَنَ - تیل لگنا۔

الدَّهْن - مص - اتنی بارش جو زمین کو تر کردے۔
الدُّهْن - دَهَنَ الشَّيْءَ بمعنی تر کرنا کا اسم۔ دُهْنُ الشَّيْءِ : کسی چیز کا تیل - جمع أَدْهَان و دِهَان۔
الدُّهْنَة - تھوڑا تیل - کہا جاتا ہے " هُوَ طَيِّبُ الدُّهْنَةِ " وہ اچھی خوشبو والا ہے۔
الدَّهْنَاء - بیابان - سرخ رنگ کی ایک گھاس جس کے پتوں سے چمڑے کو دباغت دیتے ہیں۔
الدَّهَّان - تیل لگانے والا - تیل بیچنے والا۔
الدِّهَان - سرخ چمڑا - وہ روغن جس کو دیوار وغیرہ پر لگایا جائے - پھسلن کی جگہ۔
الدَّهِيْن - کم دودھ والی اونٹنی - تیل لگا ہوا - کمزور۔
المُدْهُن - پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ تیل کی شیشی - جمع مَدَاهِن۔
دَهْوَرَ - الشَّيْءَ : گڑھے میں پھینکنا - کہا جاتا ہے " دَهْوَرَ الکَلَامَ " وہ کلام کو ایک دوسرے کے پیچھے لایا - و " دَهْوَرَ اللُّقَمَ " اس نے لقمہ کو گول کیا اور نگل گیا - دَهْوَرَ الحَائِطَ : اس نے دیوار دھکا دے کر گرادی۔
تَدَهْوَرَ - گڑھے میں گرنا - تَدَهْوَرَ اللَّيْلُ : گذر جانا۔
دَهَى (ف) دَهْيًا ودَهْيًا - فُلَانًا : چالاکی کی طرف نسبت کرنا - عیب لگانا - مرتبہ گھٹانا - آفت وبلا پہونچنا۔
دَهِيَ (س) دَهْيًا ودَهَاءَةً ودَهَاءً چالاک ہونا - چالاکی سے کام کرنا - صفت (دَاهٍ) جمع دُهَاةٌ و (دَهٍ) جمع دَاهُوْن۔
دَاهِيَة - جمع دَوَاهٍ اس میں تاء مبالغہ کی ہے - تم کہتے ہو " رَجُلٌ دَاهِيَةٌ وامْرَأَةٌ دَاهِيَةٌ " چالاک مرد چالاک عورت۔
تَدَهَّى - چالاک ہونا۔
تَدَاهَى - بہ تکلف چالاک بننا۔
الدَّهَاء - زیرکی - ہوشیاری - مکر وحیلہ
الدَّاهِيَة - بری بات - مصیبت - بڑا

معاملہ - جمع دَوَاهٍ و دَاهِيَاتٌ دُهْيَا : سخت مصیبت دَوَاهِي الدَّهْرِ : زمانہ کے حوادث۔
الدَّاهِي - عقلمند - تیز فہم جمع أَدْهِيَاء و دُهَاة
الدَّوّ - جنگل۔
دَاءَ يَدَاءُ دَاءً ودَوْءًا وأَدْوَأَ أَدْوَاءً وإِدَاءً وإِدَاءَةً - بیمار ہونا - صفت (دَاءٍ ودَوِيءٌ) وأَدْوَأَهُ : مرض لاحق ہونا۔
الدَّاء - بیماری - جمع أَدْوَاء - دَاءُ الذِّئْبِ : بھوک - دَاءُ الثَّعْلَبِ : ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں اور اس کو الحَاصَّة بھی کہتے ہیں - اور اگر کھال بھی گرنے لگے تو اسکو " دَاءُ الحَيَّةِ " کہتے ہیں - دَاءُ الفِيْلِ : فیل پا کی بیماری - کہتے ہیں " بِهِ دَاءُ الظَّبْيِ " یعنی اسے کوئی مرض نہیں - و " فُلَانٌ مَيِّتُ الدَّاءِ " یعنی فلاں شخص ایسا ہے کہ اگر کوئی شخص اس سے بدسلوکی کرے تو وہ اس سے کینہ نہیں رکھتا۔
الدَّئِي - بیمار۔
دَأَبَ (ن) دَوْبًا - کوشش کرنا۔ مشقت اٹھانا۔
الدَّوْبَل - سور یا نر سور یا سور کا بچہ گدھے کا بچہ - سیاہی سفیدی ملا ہوا بھیڑیا - لومڑی - جمع دَوَابِل۔
دَاثَ (ن) دَوْثًا - توڑنا - شکست دینا۔
دَاجَ (ن) دَوْجًا - خدمت کرنا۔
الدَّاجَة - لشکر کے خدام - چھوٹی چھوٹی حاجتیں - کہا جاتا ہے " مَا تَرَكْتُ حَاجَةً ولَا دَاجَةً " میں نے چھوٹی بڑی کوئی حاجت نہیں چھوڑی - اور یا دَاجَة اس قول میں حاجت کا تابع ہے۔
الدُّوَاج والدَّوَّاج - لحاف۔
دَاحَ (ن) دَوْحًا - البَطْنُ : پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا —— الشَّجَرَةُ : بڑا ہونا - صفت (دَائِحَةٌ) جمع دَوَائِح۔
دَوَّحَ - المَالَ : بکھیرنا —— البَطْنَ :

پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا۔

تَدَوَّحَ وَانْدَاحَ۔ البطنُ: پیٹ کا پھولنا اور لٹکنا۔ اِنْدَاحَ الشیءُ: کسی چیز کا وسعت کے ساتھ پھیلنا۔

الدَّوْحَةُ۔ بڑا پھیلا ہوا درخت۔ بڑا سائبان ج دَوْحٌ۔ جج اَدْوَاحٌ۔ الدُّوحُ: بڑا مکان

الدَّوَّاحُ۔ بچوں کا منقش کھلونا۔ ریشم کا بنا ہوا کنگن۔

الدَّاحَةُ۔ دنیا۔

الدَّوْقَاحُ۔ بہت بلند۔

دَاخَ (ن) دَوْخًا۔ ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا — البلادَ: غالب ہونا۔

دَوَّخَ۔ البلادَ: و (دَوَّخَها) شہروں میں چکر لگانا۔ غالب ہونا — الرجلَ: کسی کو ذلیل کرنا — الوجعُ رأسَہٗ: درد کا سر کو چکرا دینا۔

اَدَاخَ اِدَاخَةً۔ ذلیل کرنا۔

الدَّوْخَةُ۔ سر کا چکر (کلمۂ عامیہ ہے فصیح دُوَارٌ و دُدَامٌ ہے)

لَيْلٌ (دَائِخٌ) تاریک رات۔

الدَّوْخَلَةُ والدَّوْخَلَّةُ۔ کھجور کے پتوں کی زنبیل۔

دَادَ يَدَادُ دَوْدًا و دَوِدَ و دِيدَ اَدَادَ اِدَادَةً۔ الطعامُ: کھانے میں کیڑا پڑنا۔ صفت (مَدُودٌ)

الدُّودَةُ۔ کیڑا ج دُودٌ و دِيدَانٌ۔

دُودَةُ۔ القزِّ: ریشم کا کیڑا۔

الدُّوَادُ۔ چھوٹے کیڑے۔ تیز رو مرد۔

الدُّوَيْدُ۔ دود کی تصغیر (چھوٹا کیڑا)

الدَّوْدَاةُ۔ جھولا۔ ج الدَّوَادِيُّ۔

الدَّيْدَاءُ۔ تیز دوڑ۔

الدُّوَادَارُ والدُّوَيْدَارُ۔ کاتب۔ منشی (جدید)

دَارَ (ن) دَوْرًا و دَوَرَانًا۔ گھومنا۔ چکر کھانا — الدہرُ: اُلٹنا پلٹنا — بالشیءِ و علیہِ و حولَہٗ: گرد گھومنا۔

دِيرَ۔ بہٖ: چکرانا۔ سر کا چکر لاحق ہونا۔

دَوَّرَهٗ۔ گول بنانا — ہٗ و بہٖ: گھمانا۔

دَاوَرَهٗ مُدَاوَرَةً و دِوَارًا۔ کسی کے ساتھ گھومنا — علی الامرِ: کسی کام کو انجام دینا — الامورَ: کام کو انجام دینے کے لئے غور کرنا۔

اَدَارَ اِدَارَةً۔ الشیءُ: گھومنا — ہٗ و بہٖ: گھمانا — الشیءَ: لینا — الامرَ: احاطہ کرنا — ہٗ علیہِ: لازم کرنے کا ارادہ کرنا — ہٗ عن حقِّہٖ: حق کو چھوڑ دینے کی خواہش کرنا۔

اُدِيرَ۔ بہٖ: چکرانا۔ سر کا چکر لاحق ہونا۔

تَدَوَّرَ۔ گول ہونا۔

تَدَيَّرَ۔ البقعةَ: کسی جگہ کو مکان بنانا۔

اِسْتَدَارَ اِسْتِدَارَةً۔ گھومنا — الشیءُ: گول ہونا — الشیءَ و بہٖ: گھمانا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدَارَ بِمَا فِي قَلْبِي" جو کچھ میرے دل میں تھا اس نے اسے معلوم کر لیا۔

الدَّارُ۔ گھر۔ مکان۔ رہنے کی جگہ۔ ج دُورٌ و دِيَارٌ اَدْوُرٌ و اَدْؤُرٌ و اَدْوِرَةٌ و دِيَارَةٌ و اَدْوَارٌ و دُورَاتٌ و دِيَارَاتٌ و دُورَانٌ و دِيرَانٌ (کلمہ مونث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں۔

الدارُ: شہر۔ قبیلہ۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِنَا دَارُ بَنِي فُلَانٍ" یعنی ہم بنو فلاں کے قبیلہ سے گزرے۔ سال یا زمانہ۔ دارُ القرارِ: جنت

الدَّارَانِ: دنیا و آخرت۔ دارُ الحربِ: وہ مقام جہاں غیر الہٰی قانون رائج ہو۔

الدَّارَةُ۔ اترنے کی جگہ۔ قبیلہ۔ پہاڑوں کے درمیان وسیع زمین۔ حلقہ۔ چاند کا ہالہ۔ ج دَارَاتٌ و دُوَرٌ۔

(— والدِّيرَةُ والتَّدْوِرَةُ) مِنَ الرَّمْلِ: گول ریتلی جگہ۔ دَارَاتُ العربِ: عرب کے شہروں کے مشہور مقامات جو ایک سو دس سے زائد ہیں۔

الدَّارِيُّ۔ عطر فروش (دارین کی جانب منسوب ہے جو بحرین میں ایک بندرگاہ ہے اور جہاں ہندوستان سے مشک آتی تھی۔ ملاح جو پتوار کا نگہبان ہو۔ چوپائے و مویشی والا۔

کہا جاتا ہے "مَا فِي المَكَانِ دَارِيٌّ اَوْ دُورِيٌّ او دَيَّارٌ او دُوَّارٌ" یعنی کوئی نہیں۔ الدُّورِيُّ: ایک قسم کی چڑیا۔

الدَّارِيَّةُ۔ ہمیشہ گھر میں رہنے والا (تا مبالغہ کے لئے ہے۔)

الدَّوْرُ۔ مص۔ حرکت۔ گھوم۔ چکر۔ ج اَدْوَارٌ دفعہ — عند الاطباءِ: بخار کی باری — عند الموسیقیین: دو یا زائد شعروں کا قطعہ۔

علمُ الادوارِ: فن موسیقی۔

الدَّوْرَةُ۔ دار کا اسم مرۃ۔

الدُّوَارُ والدَّوَارُ۔ سر کا چکر۔

الدَّوَّارُ والدَّوَّارِيُّ۔ بہت پھرنے والا۔ کہا جاتا ہے "الدہرُ دَوَّارٌ و دَوَّارِيٌّ بالانسانِ" زمانہ انسان کے ساتھ الٹنے پلٹنے والا ہے یعنی طرح طرح کے حوادث سے دوچار کرتا ہے۔

دَوَّارُ الشمسِ: سورج مکھی۔

الدُّوَّارُ۔ ریت کا گول تودہ۔ منزل۔

الدَّوَّارَةُ۔ پرکار۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔

الدَّوَّارَةُ والدُّوَّارَةُ۔ مِنَ الرأسِ: سر کا گول حصہ۔ دُوَّارَةُ البطنِ: بکری کا اوجھ۔

الدَّائِرَةُ۔ جو کسی چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ حلقہ۔ انسان کے پیشانی کے پاس کی بھنوری۔ گھوڑے کے بدن کی بھنوری۔ شکست۔ مصیبت — عند المہندسین: سطح مستوی جس کو ایک گول خط احاطہ کئے ہوئے ہو اور اس گول خط کا نام محیط ہے۔

مرکزُ الدائرةِ: دائرہ کے بیچ کا نقطہ۔ قُطْرُ الدائرةِ: وہ خط مستقیم جو مرکز سے گذرتا ہوا دائرہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دے۔ ج دَوَائِرُ۔ کہا جاتا ہے "دَارَتْ عَلَيْهِمُ الدَّوَائِرُ" یعنی ان پر مصائب پڑے۔

الدَّيْرُ۔ راہبوں کے رہنے کی جگہ۔ ج اَدْيِرَةٌ و دُيُورَةٌ و اَدْيَارٌ۔

الدَّيْرَانِيُّ والدَّيَّارُ۔ دیر والا۔ یا دیر کا رہنے والا۔

الإِدَارَة - ادار کا اسم و مصدر۔

مَدَارُ - الشَّیْءِ: جس پر کوئی چیز چکر کھائے — الأَمْرِ: کسی کام کا دارومدار۔

المُدَارَة - ڈول کی ایک قسم۔

المُدِیْر - منیجر۔ منتظم۔ گورنر۔

دَوْزَنَ - القَانُونَ وَنَحْوَهُ: ستار سارنگی وغیرہ کے تار کسنا۔ کلمۂ فارسیہ اس کا مرادف عربی میں بعض ونظ ہے۔

دَاسَ (ن) دَوْسًا و دِیَاسًا و دِیَاسَةً - الشَّیْءَ: پاؤں سے ملنا — فلانًا: کسی کو ذلیل کرنا — السَّیْفَ: تلوار کو صیقل کرنا۔

(— وَأَدَاسَ) الزَّرْعَ: گاہنا۔

دَاوَسَ - القَوْمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا فِي القِتَالِ: جنگ میں ایک دوسرے کو پاؤں سے روندنا۔

اِنْدَاسَ - پاؤں سے روندا جانا۔

الدِّیْسَة - گھنا جنگل۔ ج دِیَسٌ و دِیْسٌ۔

الدُّوَاسَة والدَّوِیْسَة - جماعت۔

الدَّوَّاس - بہادر۔ شیر۔

الدَّوَّاسَة - ناک۔

المَدَاس - جوتہ۔

المِدْوَس والمِدْوَاس - کھائی کرنے کا اوزار، صیقل کرنے کا آلہ۔ ج مَدَاوِس ومَدَاوِیْس۔

المَدَاسَة - غلہ کو گاہنے کی جگہ۔

المَدَّاسَة - ناک۔

الدَّوْسَك - شیر۔

دَوِشَتْ (س) دَوَشًا - عَیْنُهُ: بیماری سے آنکھ خراب ہونا۔ صفت (أَدْوَش) مؤنث دوشاء ج دُوْش۔

الدَّوْشَق - درمیانی یا بڑا مکان۔

الدَّوْص - پانی جس میں لوہار گرم لوہے کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔

الدَّوْطِیْرَة - کشتی کا پچھلا حصہ اور اس کا پتوار۔

دَاعَ - (ن) دَوْعًا - الرَّجُلُ: اُچھلتے ہوئے دوڑنا۔

الدُّوْع - انگلی کے برابر سرخ مچھلی۔ واحد دُوْعَة۔ ج دُوَع۔

دَاغَ (ن) دَوْغًا - القَوْمُ: سب کو مرض لاحق ہونا — الطَّعَامُ: سستا ہونا۔

ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا وذَوْبًا۔ الثَّلْجُ والسَّمْنُ: برف یا گھی پگھلنا — دَمْعُہٗ: آنسو بہنا — الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم وتیز ہونا۔ — الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بیوقوف ہونا۔ شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَابَ لِی عَلَیْہِ حَقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا "مَا ذَابَ فِیْ یَدِی مِنْہُ خَیْرٌ" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ "ذَابَ جِسْمُ الرَّجُلِ" لاغر ہوگیا۔

ذَوَّبَ۔ السَّمْنَ: گھی پگھلانا — الغُلَامَ: لڑکے کے گیسو بنانا

اَذَابَ اِذَابَۃً۔ السَّمْنَ: گھی پگھلانا — حَاجَتَہٗ: حاجت پوری کرنا — القَوْمُ اَمْرَہُمْ: درست کرنا — عَلَی العَدُوِّ: دشمن پر

لوٹ ڈالنا۔

اِسْتَذَابَہٗ۔ پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا۔ — الشَّیْءَ: باقی رکھنا — حَاجَتَہٗ: پوری کرنا۔

الذَّاب۔ عیب۔

الذَّوْب۔ مم۔ خالص شہد۔ ذَوْبُ الذَّہَبِ: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "ہٰذَا الْکَلَامُ ذَوْبُ الرُّوْحِ" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔

الذَّوْبَۃ۔ ذَابَ کا اسم مرۃ: کہا جاتا ہے "ظَہَرَتْ مِنْہُ ذَوْبَۃٌ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے۔ نَاقَۃٌ (ذَؤُوْبٌ) موٹی اونٹنی۔

الإِذْوَاب والإِذْوَابَۃ۔ مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کے لئے پگھلایا جائے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ أَحْلٰی مِنَ الذَّوْبِ بِالإِذْوَابَۃِ" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو اس سے زیادہ میٹھا ہے۔

المِذْوَب۔ سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی

المِذْوَبَۃ۔ چمچہ۔

ذَاجَ (ن) ذَوْجًا۔ [illegible]ی کرنا — المَاءَ: پانی پینا۔

ذَاحَ (ن) ذَوْحًا۔ سخت چال چلنا۔ (— وذَوَّحَ) الإِبِلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔

ذَادَہٗ (ن) ذَوْدًا وذِیَادًا۔ دفع کرنا ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الإِبِلَ عَنِ المَاءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا — (وذَوَّدَ) عَنْ حَسَبِہٖ: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذَائِد) ج ذُوَّد وذُوَّاد وذَادَۃ

أَذَادَ إِذَادَۃً وأَذْوَدَہٗ إِذْوَادًا) ہٹانے میں مدد دینا۔

الذَّوَّاد۔ بہت دفع کرنے والا۔

المَذَاد۔ چراگاہ۔

المِذْوَد۔ مویشیوں کا تھان جس سے کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان رِجَالٌ (ذُدَّادٌ و ذُوَّدٌ وذِیَادٌ وذِیَدٌ) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔

الذَّوْر۔ مٹی۔

الذُّوْرَۃ۔ پرندے کے پوٹے کا اگلا حصہ جس میں پانی رہتا ہے۔

الذَّوْرُوْر۔ تھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَعْطَاہُ ذَوْرُوْرًا" اس نے اسے تھوڑا سا بھی نہیں دیا۔

ذَاطَ (ن) ذَوْطًا۔ سخت گلا گھونٹنا۔ — الإِنَاءَ: بھرنا۔

ذَوِطَ (س) ذَوَطًا۔ چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (أَذْوَط)

الذَّوْطَۃ۔ زرد پیٹھ والی مکڑی۔ ج أَذْوَاط

الذَّوَط۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔

ذَاعَ (ن) ذَوْعًا۔ مَالَہٗ: سب کچھ پراگندہ کر دینا۔

أَذَاعَ إِذَاعَۃً۔ القَوْمُ بِمَا فِی الحَوْضِ: قوم کا سارا پانی پینا — الرَّجُلُ بِمَالِہٖ: لیجانا

ذَافَ (ن) ذَوْفًا۔ کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔

الذُّوْفَان۔ زہر۔

ذَاقَ (ن) ذَوْقًا وذَوَاقًا ومَذَاقًا الشَّیْءَ: چکھنا — العَذَابَ۔ عذاب برداشت کرنا — الرَّجُلَ وَمَا عِنْدَ الرَّجُلِ: آزمائش کرنا کہا جاتا ہے "مَا ذَاقَ ذَوَاقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔

تَذَوَّقَ۔ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔

تَذَاوَقَ۔ القَوْمُ الشَّیْءَ: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَذَاوَقُوْا الرِّمَاحَ" انھوں نے نیزوں کو سنبھالا

اِسْتَذَاقَہٗ۔ آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا — لَہُ الأَمْرُ: آسانی سے حاصل ہونا۔ اسی سے ہے "لَا یَسْتَذِیْقُ لِیَ الشِّعْرُ إِلَّا فِیْ فُلَانٍ" میرے لئے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔

الذَّوْق والذَّائِقَۃ۔ چکھنے کی قوت

الذَّوْق والذَّوَاق طبیعت۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ حَسَنُ الذَّوْقِ لِلشِّعْرِ" اس کی طبیعت شعر کے لئے زیادہ موزوں ہے۔ الذَّوَاق: مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَوَاقُہٗ طَیِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔

المَذَاق۔ مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذَاقُہٗ طَیِّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ "وَہُوَ مُرُّ المَذَاقِ" وہ کڑوے مزہ کا ہے۔

الذَّوِیْل۔ خشک گھاس وغیرہ۔

الذَّان۔ عیب۔

التَّذَوُّن۔ توانگری و نعمت۔

ذَوٰی (ض) وذَوِیَ (س) ذُوِیًّا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔

أَذْوٰی إِذْوَاءً۔ پژمردہ کرنا۔

الذَّوِیُّ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔

الذُّوَاۃ۔ خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔

ذِیْ وہٰذِیْ۔ اسم اشارہ مؤنث ہے قریب کے لئے۔

ذَیْتَ ذَیْتَ أَوْ ذَیْتِ وذَیْتُ۔ بات چیت یا فعل کیلئے کنایہ ہے جیسے "قُلْتُ لَہٗ ذَیْتَ ذَیْتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کیا۔ "وَفَعَلْتُ ذَیْتَ ذَیْتَ" میں نے ایسا ایسا کیا۔ اور اسی کے مانند (ذَیَّا ذَیَّا وذَیَّۃَ وذَیَّۃَ) ہیں۔

ذَاجَ (ض) ذَیْجًا۔ المَاءَ: پانی پینا۔

ذَایَجَہٗ مُذَایَجَۃً۔ کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔

ذَیَّخَتْ۔ النَّخْلَۃُ: گابھا نہ لگنا۔

أَذَاخَ إِذَاخَۃً۔ بِالمَکَانِ: گرداگرد گھومنا — بَنِیْ فُلَانٍ: ذلیل کرنا۔

الذِّیْخ۔ دلیر بھیڑیا۔ زیادہ بالوں والا۔ نر بجو۔ مؤنث ذِیْخَۃ۔ عمدہ گھوڑا۔ تکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج أَذْیَاخ وذُیُوْخ وذِیَخَۃ۔

ذَارَہٗ یَذِیْرُہٗ ذَیْرًا۔ ناپسند کرنا۔

الذِّیْرَۃ۔ مٹی ملا ہوا گوبر۔

ذَاعَ (ض) ذَیْعًا وذُیُوْعًا وذَیْعُوْعَۃً

وَذَيَعَانًا ۔ الخبرُ: پھیلنا ۔ اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فِي جِلْدِهِ الجَرَبُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔
أَذَاعَ إِذَاعَةً ۔ الخبرَ و بالخبرِ: پھیلانا — السِّرَّ و بالسِّرِّ: ظاہر کرنا — القومُ بما فی الحوضِ او بما فیہ: سارا پی لینا — بالشیءِ: لے جانا۔
إِنْذَاعَ ۔ الخبرُ: پھیلنا۔
المِذْيَاعُ ۔ راز کی حفاظت نہ کرنے والا ج مَذَايِيعُ ۔ تم کہتے ہو "فُلَانٌ لِلْأَسْرَارِ مِذْيَاعٌ وَلِلْأَسْبَابِ مِضْيَاعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔
الذَّيْفَانُ والذِّيفَانُ ۔ مہلک زہر
ذَالَ (ض) ذَيْلًا ۔ الثوبُ: کپڑے کا لمبا ہونا ۔ دامن دار ہونا — الطائرُ: پرندہ کا دُم کو کھینچنا یا پھیلانا — الناقةُ بذنبها: اونٹنی کا رانوں پر ادھر اُدھر مارنا — الجاریةُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا — الشیءُ: اَذْنَی ہونا — حالُہُ: پست و فروتر ہونا — فُلَانٌ اِلٰی فُلَانٍ: گستاخی کرنا۔

ذَيَّلَ ۔ الثوبَ ۔ کپڑے کا لمبا کرنا — الکتابَ: کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔
أَذَالَ إِذَالَةً وَأَذْيَلَ إِذْيَالًا ۔ الثوبُ: دامن والا ہونا — الرجلُ ثوبَہ: کپڑے کا دامن بنانا ۔ دامن لمبا کرنا۔
مالَہ: خرچ کرنا — ہ: اہانت کرنا — فرسَہ وغلامَہ: لاپروائی کی وجہ سے دُبلا کرنا۔ — المرأۃُ قِناعَہا: عورت کا برقع کو لٹکانا — الدمعَ: آنسو بہانا۔
تَذَيَّلَ ۔ فی الکلام: گستاخی کرنا — الجاریۃُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا — الفرسُ فی اِستنانہ: گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دُم ہلانا۔
تَذَايَلَ ۔ حالُہُ: پست و فروتر ہونا۔
الذَّيْلُ ۔ چیز کا آخری حصہ ۔ ذَیْلُ الثوبِ: دامن ۔ ذَیْلُ الریحِ: ریت پر ہوا کے نشانات ذَیْلُ الفرسِ: دُم یا دُم کا لٹکا ہوا حصہ ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ فِی ذَیْلٍ ذَائِلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے ۔ ج اَذْیَال و ذُیُول و اَذْیُل۔

أَذْیَالُ النَّاسِ وذُیُولُہُم: آخر کے لوگ۔
الذَّائِلُ ۔ فا ۔ دامن دار ۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ اور ذَائِلَۃٌ: لمبے دامن والی زرہ ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَیْلُہُ" یعنی اس کا حال اچھا ہو گیا۔ اور مال بڑھ گیا ۔ ثَوْبٌ (مُذَالٌ او مُذَیَّلٌ) لمبے دامن کا کپڑا۔
المُذَالَۃُ ۔ باندی ۔ لونڈی ۔ اور مثل ہے "اَخْیَلُ مِنْ مُذَالَۃٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لئے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔
دِرْعٌ مُذَالَۃٌ: لمبی زرہ۔
اَرْضٌ (مُتَذَیِّلَۃٌ) زمین جس پر ہلکی سی بارش ہو۔
المِذْیَالُ ۔ لمبے دامن والا (مذکر و مونث)
ذَامَہٗ (ض) ذَیْمًا و ذَامًا ۔ عیب لگانا ۔ مذمت کرنا ۔ صفت (مَذِیْمٌ و مَذْیُوْمٌ)
الذَّامُ والذَّیْمُ ۔ عیب ۔ مذمت۔
الذَّیْنُ ۔ عیب۔

ر

(۲۰۰)

رَأَبَ (ف) رَأْبًا ۔ الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا ۔ مرمت کرنا — الشیءَ: جمع کرکے زم باندھنا — بینہم: صلح کرانا۔
رَأَبَتِ الأَرْضُ: سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا۔
أَرْأَبَ إِرْآبًا ۔ الصَّدْعَ: پھٹن درست کرنا ۔ پیوند کرنا۔
الرَّأْبُ ۔ مص ۔ پھٹن ۔ شگاف ۔ سردار ۔ ج رِئَابٌ ۔ کہا جاتا ہے "کَفٰی بِفُلَانٍ رَأْبًا لِلأَمْرِکَ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اس جملہ میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)
الرُّؤْبَۃُ ۔ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے ۔ سوراخ بند کرنے کی چیز ۔ گاڑھا دودھ ۔ رات کا گزرا ہوا وقت ۔ حاجت ۔ ج رِئَاب و رُؤُوبَات ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ رِئَابُ بَنِی فُلَانٍ" وہ بنو فلاں کے امور کا درست کرنے والا ہے۔
الرَّأَّابُ والمِرْآبُ ۔ درست کرنے والا۔
رَأَبَلَ رَأْبَلَۃً ۔ ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔
تَرَأْبَلَ ۔ القومُ: چور بننا — علیہ: لوٹ ڈالنا۔
الرِّئْبَالُ والرِّیبَالُ ۔ شیر ۔ بھیڑیا ۔ ج رَآبِل و رَآبِیل و رَآبِلَۃ و رَیَابِیل۔
الرِّئْبَالُ ۔ اکلوتا لڑکا۔
الرَّاتِیْنَجُ ۔ صنوبر کا گوند۔
رَأَدَ (ک) رُؤُوْدَۃً ۔ الغصنُ: ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا ۔ صفت (رَؤُوْد)
تَرَأَّدَتْ ۔ الریحُ: ہوا کا اِدھر اُدھر چلنا۔
تَرَأَّدَ الرجلُ: اُٹھنے میں کانپنا — وارتاد الغلامُ: خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا ڈھلکنا — الغصنُ: جھکنا — العنقُ: گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأْدُد و تَرَاوُد) الضحیٰ: روشنی پھیلنا ۔ دن چڑھنا۔
رَأْدٌ و رَائِدٌ ۔ الضحیٰ: آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت ۔ والرأد: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی جڑ۔
الرِّئْدُ ۔ ہم عمر ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا رِئْدِی"

یہ میرا اہم امر ہے۔ درخت کا پودہ۔ جمع آرآد۔
الرَّأْدُ والرَّأْدَۃُ والرُّؤْدُ والرُّؤْدَۃُ۔
خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُّؤْدُ: نرمی
سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری
ہوئی جڑ۔
رَأْرَأَ۔ پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رَأْرَأَ بِعَيْنَيْهِ:
آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رَأْرَأٌ) صفت
مؤنث رَأْرَأَ و رَأْرَأَۃٌ و رَأْرَاءُ و رَأْرَاءَۃٌ
—— الظِّبَاءُ: ہرنیوں کا دُم ہلانا ——
السَّحَابُ او السَّرَابُ: بادل یا سراب کا چمکنا
—— الرَّجُلُ: پڑھنے یا بولنے میں حرف را
زیادہ بولنا۔
رَأَسَ يَرْأَسُ رِئَاسَۃً۔ رئیس ہونا
رَأُسَ (ض) رِئَاسَۃً۔ القَوْمَ: سردار
قوم ہونا (رَأْسًا) (ف رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا
—— السَّيْلُ الغُثَاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ
جمع کرنا۔
رُئِسَ۔ دردِ سر والا ہونا۔
رَأَّسَہٗ۔ سردار بنانا۔
تَرَأَّسَ وارْتَأَسَ۔ سردار ہونا۔
ارْتَأَسَہٗ: گردن پکڑ کر زمین میں جھکانا۔
ارْتَأَسَ الشَّيْءَ: کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔
الرَّأْسُ۔ سر۔ جمع أَرْؤُسٌ و رُؤُوسٌ و
رُؤُسٌ و آرَاسٌ۔ اس کا اطلاق ہر ذی
روح کے لئے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں کے
لئے جیسے أَرْبَعُونَ رَأْسًا مِنَ الغَنَمِ۔ الرَّأْسُ:
چیز کی چوٹی۔ سردار قوم۔ رَأْسُ الشَّهْرِ او العَامِ:
مہینے یا سال کا پہلا دن۔ اور کہا جاتا ہے۔
"فَعَلَہٗ رَأْسًا" اس نے اس کام کو ابتداءً
کیا۔ "وَلَدَتْ ثَلَاثَۃً رَأْسًا عَلَى رَأْسٍ" اس
عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔
"وَرِيشُ مِنْکَ فِي الرَّأْسِ" تیری رائے
میرے حق میں ایسی بُری ہوئی کہ تو میری
طرف دیکھتا بھی نہیں۔ "وَ ہٰذَا قِسْمٌ بِرَأْسِہٖ"
یہ مستقل ایک قسم ہے۔ "وَ أَنْتَ عَلَى رَأْسِ

أَمْرِکَ" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔
رِئَاسُ۔ السَّيْفِ: تلوار کا قبضہ۔
کہا جاتا ہے "أَنْتَ عَلَى رِئَاسِ أَمْرِکَ" تو اپنے
کام کے سرے پر ہے۔
الرَّائِسُ۔ فا۔ حاکم۔ جمع رُؤَّاسٌ۔
الرَّئِيسُ والرَّيِّسُ۔ سردار قوم۔
چودھری۔ جمع رُؤَسَاءُ۔
الرَّئِيسُ۔ مستحکم سرداری والا۔
الرَّوَائِسُ۔ وادیوں کی بلندیاں۔
اگلے بادل۔ واحد رَائِسَۃٌ۔
الرَّأَّاسُ۔ سری بیچنے والا۔
الأَرْأَسُ۔ بڑے سر والا۔ مؤنث
رَأْسَاءُ۔
الرُّؤَاسِيُّ۔ بڑے سر والا۔
المِرْأَسُ۔ مِنَ الخَيْلِ: وہ گھوڑا جو گھڑ دوڑ
میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹے۔
گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔
المُرَائِسُ۔ جنگ سے جی چرانے والا۔
المَرْؤُوسُ۔ رعیت محکوم۔ بڑے سر
والا۔ (—— والرَّئِيسُ) وہ شخص جس کے سر
میں زخم لگا ہو۔
المُرَئِّسُ۔ شیر۔
رَأَفَ (ف) رَأْفَۃً و رُؤُوفًا (ک)
رَآفَۃً و رَئِفَ (س) رَأْفًا و رَأَفًا (بہ):
بہت مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوفٌ و رَؤُفٌ و
رَأْفٌ و رَئِفٌ و رَائِفٌ)
تَرَاءَفُوا۔ آپس میں مہربانی کرنا۔
رَأَّفَہٗ و اسْتَرْأَفَہٗ۔ مہربان بنانا۔
مہربانی کرنے پر برانگیختہ کرنا۔
الرَّاوُوفُ۔ شراب۔
اِسْتَرْأَلَ۔ الرَّأْلُ: شترمرغ کے بچہ کا قوی
و مضبوط ہونا —— النَّبَاتُ: لمبی ہونا۔
الرَّأْلُ۔ شترمرغ کا بچہ۔ مؤنث رَأْلَۃٌ۔
جمع رِئَالٌ و أَرْؤُلٌ و رِئْلَانٌ و رِئَالَۃٌ۔ کہا جاتا ہے
"خَوَّدَ رَأْلُہٗ" یعنی وہ گھبرا گیا۔

الرُّؤَالُ۔ گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔
الرَّائِلُ والرَّاؤُولُ۔ دانتوں کے نیچے
زائد نکلا ہوا دانت۔ تَنَاءَۃٌ (مُرْئِلَۃٌ) بچے
والی مادہ شترمرغ۔
المُرَائِلُ۔ جلدی کرنے والا۔
رَأَمَ (ف) رَأْمًا۔ الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔
—— القَدَحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔
رَئِمَ (س) رَأْمًا و رِئْمَانًا۔ الجُرْحُ:
زخم کا انگور بندھنا —— الشَّيْءَ: محبت کرنا۔
الفت کرنا —— النَّاقَۃُ وَلَدَہَا: مہربان ہونا
صفت (رَائِمٌ و رَائِمَۃٌ و رَؤُومٌ) جمع رَوَائِمُ
کہتے ہیں "ہُوَ رَؤُومُ الضَّيْمِ" وہ ذلیل ہے۔
ذلت پر راضی ہو جانے والا ہے۔
أَرْأَمَ إِرْآمًا۔ الجُرْحَ: زخم کو علاج
کرکے اچھا کرنا —— الحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔
—— ہٗ عَلَى الأَمْرِ: مجبور کرنا —— النَّاقَۃَ:
اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔
تَرَأَّمَہٗ۔ و تَرَأَّمَ عَلَيْہِ: مہربان ہونا۔
الرِّئْمُ۔ سفید ہرن۔ جمع أَرْآمٌ و آرَامٌ۔
مؤنث رِئْمَۃٌ۔
الرُّؤَامُ۔ لعاب۔
الرَّوَائِمُ۔ دیگدان کے پائے۔
الرَّأْمُ۔ اونٹ کا بچہ۔ اونٹ کے بچہ کا
چمڑا جس میں بھوسہ بھر دیا گیا ہو۔
الرُّؤْمُ۔ دُبر کا حلقہ۔
رَأَى يَرَى رَأْيًا و رُؤْيَۃً و رَاءَۃً۔
و رِئْيَانًا۔ بصارت یا بصیرت سے دیکھنا۔
یَرَى کی اصل یَرْأَى ہے اور اصل کا استعمال
نادر ہوتا ہے۔ اور امر کا صیغہ رَ ہے۔
کہا جاتا ہے "يَا تَرَى وَيَا حَلُّ تَرَى" یعنی اے
شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا
صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔
رَاءَى۔ الشَّيْءَ: دیکھنا۔
رَأَى (ف) رَأْيًا۔ الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر
مارنا —— الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نکالنا۔

—— الزَّنْدُ: آگ نکلنا —— الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا

رَأَيْتُهٗ تَرْئِيَةً - خلاف حقیقت دکھانا۔

رَاءَيْتُهٗ مُرَاءَاةً وَرِئَاءً - خلاف حقیقت دکھانا۔ وَرَاءَيْتُهٗ مُرَاءَاةً: باہم مشورہ کرنا۔

أَرْأَى إِرْءَاءً - عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دیکھنا دکھاوے کے لئے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا —— الرَّايَةَ: جھنڈا گاڑنا۔ —— الحَامِلُ مِنْ غَيْرِ ذَوَاتِ الحَافِرِ وَالسَّبُعِ: تھن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ و مُرْئِيَةٌ)

أَرَاهُ يُرِيهِ إِرَاءَةً وَإِرَاءً - الشَّيْءَ: دکھانا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مؤنث مُرِيَةٌ کہا جاتا ہے " أَرِنِي رَأْيَكَ " مجھے مشورہ دو۔ وَ " أَرَى اللّٰهُ بِفُلَانٍ " خدا تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔

تَرَأَّى وَتَرَاءَى - فِي المِرْآةِ: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَأَّى وَتَرَاءَى لَهٗ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ وَتَرَاءَى النَّاسُ - ایک دوسرے کو دیکھنا اور کہا جاتا ہے " تَرَاءَيْنَا فِي الأَمْرِ " ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ وَ " تَرَاءَى بِرَأْيِ فُلَانٍ " وہ فلاں کا ہم خیال ہوگیا۔ وَ " تَرَاءَى لِي أَنَّ الأَمْرَ كَيْتَ كَيْتَ " میرے لئے یہ ظاہر ہوگیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ وَ " تَرَاءَيْنَا الهِلَالَ " ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔

اِرْتَأَى - الأَمْرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا

اِسْتَرْأَى - ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے " اِسْتَرْأَيْتُهٗ وَاسْتَرْءَيْتُهٗ " اِسْتَرْأَى بِالمِرْآةِ: آئینہ سے دیکھنا۔

الرَّأْيُ - رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو " رَأْيِي كَذَا " میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آرَاءٌ و أَرْآءٌ۔

الرُّئِيُّ وَالرِّئِيُّ وَالرُّوَاءُ وَالرِّئْيُ - منظر اور حسن منظر۔

الرُّؤْيَا - خواب ج رُؤًى۔ کہا جاتا ہے۔ " جَاءَ حِينَ جَنَّ رُؤْيًا أَوْ رِئْيًا " وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہوگئی۔

الرُّؤْيَةُ - آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًى

الرِّئَةُ - دیکھنا۔

الرِّئَاءُ - مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے " فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً " اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لئے کیا۔ اور کہا جاتا ہے " هُمْ رِئَاءُ أَلْفٍ " وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ " وَقَوْمٌ رِئَاءٌ " ایک دوسرے کے مقابل قوم " وَدُوْرُنَا رِئَاءٌ " ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

التَّرْئِيَةُ - منظر یا حسن منظر۔

الرَّءَّاءُ - بہت دیکھنے والا۔

الرِّئَةُ - پھیپھڑا۔ ج رِئَاتٌ و رِئُونَ اور نسبت کے لئے (رِئَوِيٌّ)

رَئِيُّ - القَوْمِ: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئِيُّ: بڑا سانپ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ هُوَ (أَرْأَى) بِكَذَا: وہ اس کے لائق ہے۔

المِرْآةُ - آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے تَمَرْأَى یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اسکو سیبویہ نے بیان کیا ہے)

المَرْأَى وَالمَرْآةُ - منظر۔ کہا جاتا ہے " هُوَ مَرْآةٌ بِكَذَا " وہ اس کے لائق ہے۔ وَ " خَبَرٌ عَنْ مَجْهُولِهٖ مَرْآتُهٗ " اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے۔ وَ " هُوَ مِنِّي مَرْأَى وَمَسْمَعٌ اَوْ بِمَرْأَى وَبِمَسْمَعٍ " وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔

رَبَّ (ن) رَبًّا - القَوْمَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا —— النِّعْمَةَ: زیادہ کرنا —— الشَّيْءَ: جمع کرنا مالک ہونا —— الأَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

—— الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبودار بنانا۔ —— بِالمَكَانِ: اقامت کرنا (—— رَبًّا و رُبًّا) الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہوجائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔

(—— رَبًّا و رَبَّبَ تَرْبِيبًا و تَرِبَّةً وَارْتَبَّ اِرْتِبَابًا) الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا درجہ بدرجہ کمال کو پہونچانا۔ وَرَبَّبَ الدُّهْنَ تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔

أَرَبَّ - بِالمَكَانِ: اقامت کرنا —— بِهٖ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے " أَرَبَّتِ السَّحَابَةُ: جبکہ لگاتار برسے۔

تَرَبَّبَ - القَوْمَ: اکٹھا ہونا الصَّبِيَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا تم کہتے ہو " رَأَيْتُهٗ يَتَرَبَّبُ أَرْضَكُمْ " میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔

أُرْتُبَّ - العِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔

الرَّبُّ - مص۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لئے (رَبِّي و رَبَّانِيٌّ و رُبُوبِيٌّ)

الرَّبَّانِيُّ - عارف باللہ۔ عالم۔

الرَّبَّةُ - رَبّ کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ براگھر۔

الرِّبَّةُ - بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت ج أَرِبَّةٌ و رِبَابٌ۔

الرُّبُّ - پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَابٌ و رُبُوبٌ۔

رُبَّ و رُبَّةَ و رُبَّمَا و رُبَّتَمَا - حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے۔ اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لئے شرط ہے کہ موصوف ہو۔ اور جب اس کے آخر میں 'ما' لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت

میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الْخَلِيْلُ مُقْبِلٌ وَرُبَّمَا أَقْبَلَ الْخَلِيْلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ صَقِيْلٍ"

الرَّابُّ - سوتیلا باپ -

الرَّابَّةُ - سوتیلی ماں -

الرُّبَبُ - بہت پانی - میٹھا پانی -

الرَّبَابُ - سارنگی کی مانند ایک باجہ سفید بادل - واحد (رَبَابَةٌ)

الرِّبَابُ - عہد - دوست - دس - دس آدمیوں کی جماعتیں -

الرِّبَابَةُ - الرب کا اسم - مملکت - عہد و پیمان - جیسے "كُنْتُ امْرَءًا أَفْضَتْ إِلَيْكَ رِبَابَتِيْ"

الرُّبَّى - بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مرگیا ہو - بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو - مضبوط گرہ - حاجت - نعمت - احسان -

الرُّبُوْبَةُ والرُّبُوْبِيَّةُ - الرب کا اسم -

الرِّبَّابُ - جماعت -

الرُّبَّانُ - ملاحوں کا سردار -

الرَّبِيْبُ والرَّبُوْبُ - سوتیلا لڑکا - سوتیلا باپ - جمع أَرِبَّةٌ - الربيب: مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا -

الرَّبِيْبَةُ - دایہ - سوتیلی لڑکی - سوتیلی ماں - جمع رَبَائِبُ -

الْمَرْبُوْبُ - پرورش کیا ہوا - غلام بندہ -

الْمَرَبُّ - جائے اقامت یا جائے اجتماع تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ الْقَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے - لوگوں کا جمع کرنیوالا آدمی - (— المَرَابُّ ، بہت پیداوار والی زمین

الْمُرَبَّبُ - جس کے اوپر انعام کیا جائے

الْمَرَبَّةُ - مملکت -

الْمُرَبَّيَاتُ - رُب کی تیار کی ہوئی چیزیں

رَبَأَ (ف) رَبْأً - چڑھنا - بلند ہونا -

عَلَى الْجَبَلِ: پہاڑ پر سے جھانکنا — فِي الْأَمْرِ: غور و فکر کرنا — الْقَوْمَ ولِلْقَوْمِ: دیدبان بنا — الشَّيْءَ: بلند کرنا — الْمَالَ: حفاظت کرنا - انتظام کرنا - لے جانا - اور کہا جاتا ہے "إِنِّيْ أَرْبَأُ بِكَ عَنْ ذٰلِكَ" یعنی میں اسکو تمہارے لئے پسند نہیں کرتا - "وَمَا رَبَأْتُ رَبْأَهُ" نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پروا کی - "وَارْبَأْ بِهِ" یعنی اس کی حفاظت کرو

رَبَّأَهُ تَرْبِئَةً - لے جانا -

رَابَأَهُ مُرَابَأَةً - چوکنا رہنا - بچنا - نگہبانی کرنا - حفاظت کرنا -

إِرْتَبَأَ إِرْتِبَاءً - بِهِمْ: دیدبان بننا - الْمَرْبَاةَ: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا — عَلَى الْجَبَلِ: پہاڑ پر سے جھانکنا - کہا جاتا ہے - "إِرْتَبَأِ الشَّمْسَ مَتٰى تَغْرُبُ" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے -

الرَّبِيْءُ والرَّبِيْئَةُ - فوج کا دیدبان - جمع رَبَايَا - کہا جاتا ہے - "بَثُّوْا رَبَايَاهُمْ" انھوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا -

الْمَرْبَأُ والْمِرْبَأُ والْمَرْبَأَةُ والْمُرْتَبَأُ دیدبانی کی جگہ - الْمِرْبَأُ: سیڑھی -

رَبَتَ (ن) رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِيْتًا - پرورش کرنا - رَبَّتَ الصَّبِيَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکنا -

رَبِتَ (س) رَبَتًا - الشَّيْءُ: بند ہونا -

رَبَثَهُ (ن) رَبْثًا ورَبَّثَهُ - عَنْ كَذَا: منع کرنا - روکنا - بوجھل کرنا -

تَرَبَّثَ - ٹھہرنا - دیر کرنا -

إِرْتَبَثَ وإِرْبَثَّ - الْقَوْمُ: پراگندہ ہونا - متفرق ہونا — أَمْرُهُمْ: کمزور ہونا - بکھر جانا -

الرِّبِّيْثَى - مانع - روک -

الرَّبِيْثَةُ - مکر - مانع - جمع رَبَائِثُ -

الرَّبِيْثُ والْمَرْبُوْثُ - رُکا ہوا -

رَبِجَ (ک) ورَبِجَ - (س) رَبَاجَةً -

کودن ہونا - بلید ہونا -

تَرَبَّجَ - متحیر ہونا - کودن ہونا -

الْإِرْبِجَانُ - ایک قسم کی نباتات -

رَبِحَ (س) رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا - فِي تِجَارَتِهِ: نفع اٹھانا -

تَرَبَّحَ - نفع کرانا -

رَابَحَهُ مُرَابَحَةً وأَرْبَحَهُ - عَلَى سِلْعَتِهِ: نفع دینا - أَرْبَحَ النَّاقَةَ: صبح اور دوپہر میں دوہنا -

تَرَبَّحَ واسْتَرْبَحَ - نفع طلب کرنا -

الرَّابِحُ - فا - مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے والا مال -

الرِّبْحُ - جمع أَرْبَاحٌ (الرَّبَحُ والرَّبَاحُ) نفع - الرُّبَعُ: اونٹ جو بیچنے کے لئے لائے جائیں - اونٹ کے چھوٹے بچے -

الرَّبَاحُ - شراب -

الرَّبَاحِيُّ - کافور کی ایک قسم -

الرُّبَاحُ والرُّبَّاحُ - زبندر - بکری کا بچہ اونٹ کا بچہ - جمع رَبَابِيْحُ -

مَتْجَرٌ رَبِيْحٌ) فائدہ مند تجارت -

الرِّبَحْلُ - بڑے ڈیل ڈول والا - مؤنث رِبَحْلَةٌ -

رَبَخَ (س) رَبْخًا - الْبَعِيْرُ: اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (— رَبَخَانًا ورُبُوْخًا ورُبَاخًا) الْمَرْأَةُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بیہوش ہوجانا -

أَرْبَخَ - الرَّجُلُ: تر بتر ہونا — الرَّجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا -

تَرَبَّخَ - الرَّجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا

الرَّابِخُ - بڑا پالان -

الرَّبُوْخُ - جماع کے وقت شدتِ شہوت سے بے ہوش ہوجانیوالی عورت

رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا - بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا -

رَبَدَهُ (ن) رَبْدًا - روکنا - منع کرنا -

رَبَدَ الإبِلَ: اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَّدَتِ۔ الشاۃُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَرعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ۔ السماءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا۔ — الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا — اللَّونُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا و اِرْبَادَّ اِرْبِیدَادًا خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرُّبَدُ۔ مم۔ ایک قسم کی نباتات۔
(الرُّبَد) تلوار کا جوہر۔
الرَّابِدُ۔ مم۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَدُ۔ خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاءُ۔ الرَّبْدَاءُ: سخت وشدید۔ کہا جاتا ہے۔ دَاهِیَۃٌ رَبْدَاءُ: بلائے بد جمع رُبْدٌ۔ الاَرْبَدُ۔ ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَدُ۔ اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَّبِیدُ۔ کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَّبِیدَۃُ۔ دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کا صندوق۔
المُتَرَبِّدُ۔ شیر۔
رَبِذَ (س) رَبَذًا۔ چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے "ہُوَ رَبِذُ العِنَانِ" وہ تنہا بھاگنے والا ہے مؤنث رَبِذَۃ۔ لِثَّۃٌ رَبِذَۃٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَذَ۔ الثوبَ او الحبلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔
الرِّبْذَۃ والرَّبَذَۃُ۔ چیتھڑا جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔ اون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سر بند۔ جمع رِبَذ و رِبَاذ و رَبَذ۔
الرُّبَذَۃُ۔ بے خبر آدمی۔ بر پلیدی۔
الرَّبَذِیُّ۔ کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
الرَّبَاذِیَّۃ۔ بدی۔
الرَّبَذَانِیُّ والمِرْبَاذ۔ بہت بیہودہ بکنے والا۔
الرَّبْرَب۔ نیل گایوں کا گلہ۔
الرَّبْرَق۔ کوبے۔
رَبُزَ (ک) رَبَازَۃً۔ زیرک ودانا ہونا۔ — الکبشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَّزَ۔ القِربَۃَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ۔ الشیءُ: پورا و کامل ہونا۔
الرَّبِیزُ۔ زیرک ودانا۔
رَبَسَ (ن) رَبْسًا۔ بیدہ: دھکا مارنا (— و رَبَّسَ) القِربَۃَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَ اِرْبَاسًا۔ غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ۔ العنقودُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گتھنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا۔ الرجلُ: ملک میں جانا۔ — فی اَمرِہ: تصرف کرنا — اَمرُہُم: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔
الرَّبِیس۔ مم۔ امر منکر۔ بہت غم۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رَبِیسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرُّبَیْسَاءُ۔ سخت مصیبت۔ جمع رُبَیْس۔ "جَاءَ بِاُمُورٍ رُبَیْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَّبِیْس۔ بہادر۔ مصیبت۔ دھتکارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُّبَیْس) بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَّبْسَۃ۔ میلی کچیلی بد ہیئت عورت۔
الرِّبْیَاس۔ چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَشَ۔ الشجرُ: پتے دار ہونا۔ اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَش۔ مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْشَاءُ۔ اَرْضٌ رَبْشَاءُ: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَۃ۔ رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَش۔ نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی
رَبَصَ (ن) رَبْصًا۔ بہ: کسی کے لئے خیر یا شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کیلئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ۔ انتظار کرنا — عن الامرِ: رک جانا — فی المکانِ: ٹھہرنا — بفلانٍ: بمعنی رَبَصَ — بسلعتِہ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَۃ۔ انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَت (ض) رَبْضًا و رُبُوضًا و رِبْضَۃً۔ الدابۃُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا رَبَضَ الاسدُ علی فریستِہ او القِرنُ علی قِرنِہ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا و رُبُوضًا۔ فلانٌ او المکانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَ۔ بالمکانِ: ٹھہرانا — الدوابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کر کے بٹھا دینا — الشمسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض۔ فا۔ (— الرُّبَّاض) شیر۔
الرَّابِضَۃ۔ رابض کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نکما چھپنے کے لئے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَۃٌ رَابِضَۃٌ علی وَجْہِہ"
الرُّبْض والرُّبُض والرِّبْض والرَّبَض بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رُبُضٌ عن الاسفارِ او عن الحاجاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لئے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض۔ عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض۔ من البقرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض۔ بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے

کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسّی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ جہ اَرْبَاض۔

الرُّبُضَۃ والرُّبْضَۃ۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔

الرِّبْضَۃ۔ لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔

الرَّبُوض۔ مِنَ الْقُریٰ: آباد گاؤں۔ مِنَ الدُّرُوع۔ کشادہ زرہ — مِنَ الشَّجَرَۃ: بڑا درخت۔ جہ رُبُض۔ قِرْبَۃٌ رَبُوضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جا سکے۔

الرَّبِیْض۔ باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ کی آنتوں کی جگہ۔

المَرْبِض۔ جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ جہ مَرَابِض (— والمَرْبَض) پیٹ کی آنتوں کی جگہ۔

التَّرَبَّاض۔ عصفر۔

رَبَطَہٗ (ن ض) رَبْطًا۔ باندھنا۔ مضبوط کرنا — اللّٰہُ عَلیٰ قَلْبِہٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (— رَبَاطَۃً) مضبوط دل ہونا۔

رَابَطَ رِبَاطًا و مُرَابَطَۃً۔ الامْرَ: مداومت کرنا — الجَیْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔

تَرَابَطَ۔ المَاءُ فِی المَکَانِ: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔

اِرْتَبَطَ۔ فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لئے تیار کرنا — فِی الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔

الرِّبَاط۔ مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لئے قیام کرے۔ جہ رُبُط۔ الرِّبَاط: فقراء کے لئے مکان ہو تو جمع رِبَاطَات۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَہٗ"

یعنی وہ مرگیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔

الرَّابِط۔ فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَاشِ: قوی دل۔ غیر خائف۔

الرَّابِطَۃ۔ رابط کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔

الرَّبِیْط۔ بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد۔ فلسفی۔ رَبِیْطُ الجَاشِ: بہادر۔

الرَّبِیْطَۃ۔ باندھے ہوئے جانور۔ خلاف قیاس دَابَّۃٌ رَبِیْطٌ اور دَوَابُّ رُبُطٌ کہا جاتا ہے۔ اور دابۃ ربیط بھی کہا جاتا ہے

الرَّبَّاط۔ تانت کو باندھنے والا۔

الرُّبُط۔ بندھے ہوئے اور چارہ دیئے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیْط)

المَرْبَط والمَرْبِط۔ جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ جہ مَرَابِط۔

المُرَابِطَۃ۔ آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ جہ مُرَابِطَات۔

رَبَعَ (ف) رَبْعًا۔ توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَیْکَ اَوْ عَلیٰ نَفْسِکَ اَوْ عَلیٰ ظَلْعِکَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو — بِالمَکَانِ: اقامت کرنا — عَنْہُ: رکنا — عَلَیْہِ: مہربانی کرنا — الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کیلئے پتھر اٹھانا — بِعَیْشِہٖ: راضی رہنا — الاِبِلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رُبِعَتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: چوتھے دن بخار آنا (— رُبُوْعًا) الرَّبِیْعُ: موسم بہار آنا۔

رَبَعَ (ف ن ض) رَبْعًا۔ الحَبْلَ: چار بل کی رسّی بٹنا — القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔

رُبِعَ۔ القَوْمُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَۃ) — الرَّجُلُ: چوتھے دن بخار آنا

رَبَّعَ۔ البَیْتَ اَوِ الحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔

رَابَعُوْا۔ الحِمْلَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعْتُہٗ" میں نے اسکے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعَ۔ چوتھے سال میں داخل ہونا۔ — القَوْمُ: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا — الاِبِلَ: پانی پر جانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجُلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِعَ۔ الرَّجُلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَرَبَّعَ۔ فِی جُلُوْسِہٖ: چار زانو ہو کر بیٹھنا۔ (— وارْتَبَعَ) الجَمَلُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا — بِالمَکَانِ: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَرَ: پتھر اٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ۔ الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔ — الشَّیْءَ: طاقت رکھنا۔

الرَّبْع۔ مص۔ گھر۔ گھر کا ارد گرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم بہار گذارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ جہ رِبَاع و رُبُوْع و اَرْبُع و اَرْبَاع۔ (— والرَّبْعَۃ) میانہ قد مرد۔

الرُّبْع والرُّبُع۔ چوتھائی جہ اَرْبَاع و رُبُوْع۔

الرُّبَع۔ اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہوا اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو ہُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ رُبَعٌ وَلَا ہُبَعٌ" جہ رِبَاع و اَرْبَاع مؤنث رُبَعَۃ۔ جہ رُبَعَات و رِبَاع۔

الرِّبْع۔ تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّی الرِّبْعِ: چوتھیا بخار۔

الرَّابِع۔ فا۔ چوتھا۔ رَبِیْعٌ رَابِعٌ: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِعُ: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔

رُبَاعَ۔ چار چار۔ کہا جاتا ہے۔ "اَتَوْا رُبَاعَ"

وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَۃ - میانہ قد (مذکر و مؤنث) ج رَبَعات ورَبْعات - عطر فروش کا ڈبّہ - کہا جاتا ہے "فَتَحَ العَطَّارُ رَبْعَتَہ" عطر فروش نے اپنا ڈبّہ کھولا۔

الرَّبَاعُ - اچھی حالت - کہا جاتا ہے "ہُمْ عَلٰی رَبَاعِہِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَّبَاعَۃ والرِّبَاعَۃ - اچھی حالت - کہا جاتا ہے "لَیْسَ فِیْہِمْ مَنْ یَضْبِطُ رَبَاعَتَہٗ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوش حالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ نیز اسی کہا جاتا ہے "لَا یُقِیْمُ رَبَاعَۃَ القَوْمِ اِلَّا فُلَانٌ" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے - "ذُو رَبَاعَۃِ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے - معلوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِیَۃ - سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت - ج رَبَاعِیَات

الرَّبَاعِی - وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں - ج رُبْع ورُبُع ورِبْعَان ورِبَاع ورُبُع وأرْبَاع - مؤنث رَبَاعِیَۃ ج رَبَاعِیَات

الرُّبَاعِی - چار سے مرکب۔

الرَّبِیْع - ج أرْبِعَۃ ورِبَاع وأرْبِعَاء: موسم بہار - موسم بہار کی بارش - موسم بہار کی پیداوار سبز چارہ - کہا جاتا ہے "رَبِیْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار --- ج أرْبِعَاء ورُبْعَان: زمین کیلئے پانی کا حصہ --- ج رُبُع چوتھائی

الرَّبِیْعِیّ - مِنَ المَسَاکِن: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِیْعَۃ - پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے - باغ لوہے کا خود - توشہ دان خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَع - کمزور - کمینہ۔

الرَّوْبَعَۃ - پستہ قد - چار زانو بیٹھنے والے کی نشست - اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری

أرْبَعَۃ - چار - مؤنث أرْبَع - الرِّیَاحُ الأرْبَع: پچھوائی - پروائی - دکھنی - اُتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الأرْبَع: چار پائے۔

أُمُّ أرْبَع وأرْبَعِیْن - ایک قسم کا کیڑا۔

الأرْبِعَاء - مثلثۃ الباء: بدھ کا دن تثنیہ أرْبِعَاوَان - ج أرْبِعَاوَات وأرْبِعَاوَات۔

قَعَدَ (الأرْبَعَاء والأُرْبُعَاوٰی) وہ چار زانو بیٹھا

الأُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

أرْبَعُوْن - چالیس۔

المَرْبَع - موسم بہار کی بارش (--- والمُرْتَبَع) موسم بہار کی اقامت گاہ۔

المِرْبَع والمِرْبَعَۃ - لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لئے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع - موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی

المُرَبَّع - چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع - چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل - حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے ۴۲ = ۴ × ۴ = ۱۶

المِرْبَاع - وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائے موسم بہار میں اُگے - مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا - موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(--- والمُرْتَبِع والمُرْبُوْع) درمیانہ قد۔

المَرَابِیْع - ابتدائے موسم بہار کی بارشیں

الیَرْبُوْع - ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں - ج یَرَابِیْع۔

رَبَغَ (ف) رَبْغًا - القَوْمُ فِی النَّعِیْمِ: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِغَ (س) رَبَغًا - عَیْشُہٗ: فراخ و آسودہ ہونا --- الرَّجُلُ - بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِغ)

رَبُغَ (ک) رَبَاغَۃً - بہت ہونا۔

الأرْبَغ - کثیر و کشادہ۔

رَبَقَہٗ (ن ض) رَبْقًا ورَبَّقَہٗ - پھندے سے باندھنا --- ہٗ فِی الأمْرِ: کام میں ڈالنا۔ ورَبَّقَ الکَلَامَ: جھوٹ سے مزین کرنا - کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَّجُلُ أشْنَاۃً جَدْیِہٖ وأرْبَاقَہٗ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کیلئے رسی کا پھندا بنایا۔

تَرَبَّقَہٗ - لٹکانا - کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَّیْءَ فِی عُنُقِی" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

اِرْتَبَقَ - فِی الحِبَالَۃِ: لٹکانا --- فِی الأمْرِ: کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِی حِبَالَتِہٖ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِّبْق - پھندوں والی رسّی۔

الرَّبْقَۃ والرِّبْقَۃ - رسّی کا پھندا - ج رِبَق ورِبَاق وأرْبَاق - کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَہٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ "نَقَضُوا الحِبَالَ وَاکَلُوا الرِّبَاقَ" انھوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔

الرَّبِیْق - پھندے سے باندھا ہوا - یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

المُرَبَّقَۃ - چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔

التِّرْبِیْق - بکری باندھنے کی رسّی۔

أُمُّ الرُّبَیْق - بلا۔

رَبَکَ (ن) رَبْکًا - الشَّیْءَ: ملانا۔ الرَّبِیْکَۃَ: گارا بنانا --- ہٗ: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِکَ (س) رَبَکًا - پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا - صفت (رَبِک ورَبِیْک)

اِرْتَبَکَ - فِی الوَحْلِ: کیچڑ میں گرنا --- فِی الأمْرِ: پھنس کے رہ جانا --- فِی کَلَامِہٖ: رک رک کے گفتگو کرنا --- الصَّیْدُ فِی الحِبَالَۃِ: شکار کا جال میں تڑپنا - پھڑپھڑانا --- الأمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔

اِرْبَاکَّ اِرْبِیْکَاکًا - رَأیُہٗ: رائے کا گڑبڑ ہو جانا --- الرَّجُلُ عَنِ الأمْرِ: کام سے رک جانا۔

الرَّبِیْکَۃ - گارا - دودھ ملا ہوا اکھن - کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِرَبِیْکَۃٍ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (--- والرَّبِیْک والرَّبُوْک) ایک قسم کا کھانا جو پنیر کھجور گھی ملا کر

تیار کرتے ہیں۔ اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں
الاربل۔ من الابل: کالا اونٹ۔
ربل (ن ض) ربلا۔ القوم: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ ربلت المراعی: بہت گھاس والی ہونا۔
ربّل و اربل۔ المکان: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔
رابل۔ بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا
ترابل۔ لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تربّل۔ موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا۔ — جسمہ: پھولنا — الارض: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تربّل القوم: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔
ارتبل۔ مالہ: بہت ہونا۔
الربل۔ موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج ربول۔
الربل۔ بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔
ربل (ربل) موٹا مرد۔
الربلة والربلة۔ ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج ربلات۔
الرِّبّیل۔ تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الربالة والربیلة۔ گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے۔ "ھزل بعد ربالة" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہو گیا۔ الربیلة: نرمی۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الریبال۔ لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر ج ریابیل۔
المربال۔ بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الربیل۔ ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت موٹی اونٹنی۔

الربج۔ باہم ملی ہوئی گھاس۔
اربنہ۔ بیعانہ دینا۔
تربّن۔ جہاز کا کپتان ہونا — السفینة: کشتی چلانا۔
الربون والاربون والاربان۔ بیعانہ۔
الرُّبّان والرُّبّانی۔ جہاز کا کپتان۔ ج ربابنة و ربابین۔ ربّان کل شیء: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اخذہ بربّانہ او بربّانتہ" اس نے سارا لے لیا۔
ربا یربو رباءً و ربوًّا۔ المال: زیادہ ہونا۔ بڑھنا — الرابیة: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (ربوا) الفرس: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (— ربوا اور ربوًّا) الولد: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "ربیت و ربیت رباءً و ربیًّا" میں نے نشو و نما پائی۔
ربّی تربیة و تربّی۔ الولد: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ ربّی التفاح بالسکر: مربہ ڈالنا۔
رابی مراباة۔ سود پر مال دینا — الرجل: بہتر سلوک کرنا۔
اربی ارباءً۔ سود لینا — الشیء: بڑھانا — ہ: اُمید دلانا — علیہ فی کذا اور ارتبا (ارتباءً) زیادہ کرنا۔
الرِّبا۔ زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لئے۔ ربوی۔
الرَّبا۔ زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے۔ "لفلان علیّ رباء" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔
الرابیة۔ ج رواب (و الربوة والربوة والربوة) ج ربی و ربیّ: ٹیلہ۔
الربوة۔ عند الحسّاب: دس لاکھ۔
الربوة۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج ربی۔
الرُّبَیبة۔ حشرات الارض کی ایک قسم۔ ولی۔

الرباة والرباوة۔ بالتثلیث: ٹیلہ۔
الربو۔ ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت ج ارباء۔ الربو والربوة عند الاطباء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔
الاربیّة۔ اہل خاندان۔ چچازاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جاء فی اربیّتہ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔
الاربیان۔ جھینگا۔
رتّ (ض) رتتا۔ ہکلانا۔ تملانا۔ صفت مذکر (ارتّ) و صفت مؤنث (رتّاء و رتّی) ج رُتّ۔
ارتّہ ارتاتا۔ اللہ: ہکلا کر دینا۔
الرّتّ۔ سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رتتة۔ الرّتّ: رئیس۔ سردار۔ ج رتوت۔ کہا جاتا ہے "ھو من رتوت الناس" وہ لوگوں کا سردار ہے۔
الرُّتّة۔ ہکلاپن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی
رتأ (ف) رتأ و رتوءا۔ گلا گھونٹنا — العقدة: گرہ مضبوط کرنا — فی المکان: اقامت کرنا۔ — الرجل: چلا جانا۔
ارتأ۔ رک رک کر ہنسنا۔
رتب (ن) رتبا و رتوبا۔ الشیء: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رتب فی الصلوٰة" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔
رتّبہ۔ ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔
ارتب۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا — الغلام الکعب: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔
ترتّب۔ ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا

الرَّتَب - سختی و تنگی - بلند زمین ، قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں - (ـــ والرُّتَب) خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ - چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ -

الرَّتَبَة - انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ

الرُّتْبَة - مرتبہ - جمع رُتَب -

التُّرْتُب والتُّرْتَب - قائم و ثابت چیز - ہمیشگی - مٹی - غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں - کہا جاتا ہے - "جَاؤُوا تُرْتُبًا" وہ سارے آگئے -

التُّرْتُبَة - راستے کے مانند جس پر آدمی چلے -

الرَّاتِب - فا - عَيْشٌ رَاتِبٌ : عیش دائم والرَّاتِبُ عِنْدَ المُحْدَثِيْنَ : تنخواہ - وظیفہ - جمع رَوَاتِب - الرَّوَاتِب : سنن مؤکدہ -

المَرْتَبَة - درجہ - اعلیٰ درجہ - جمع مَرَاتِب

رَتَجَ (ن) رَتْجًا - البَابَ : دروازہ بند کرنا (ـــ رُتُوْجًا) الصَّبِيُّ : بچے کا چلنے لگنا -

رَتِجَ (س) رَتَجًا - الخَطِيْبُ : خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا -

أَرْتَجَ - البَابَ : دروازہ مضبوط بند کرنا ـــ الثَّلْجُ : برف کا لگاتار گرنا -

ـــ الخِصْبُ : ساری زمین کو عام ہونا -

ـــ الدَّجَاجَةُ : مرغی کا انڈوں سے بھر جانا -

ـــ البَحْرُ : سمندر کا جوش مارنا -

أُرْتِجَ وَارْتَتَجَ وَاسْتَرْتَجَ - الخَطِيْبُ : خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا -

الرِّتَاجُ والرِّتَاجَة - پھاٹک - بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو - سکہ (رُتُج) بندگلی - مَالٌ رَتَجٌ : مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو -

الرِّتَاجَة - چٹان - جمع رَتَائِج -

(ـــ والمَرْتَج) تنگ راستہ - جمع مَرَاتِج -

المَرْتَجَة - تنگ راستہ - کنجی -

مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ -

رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا - العَجِيْنُ : گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا ـــ بِالمَكَانِ : اقامت کرنا ـــ مِنَ الخَيْرِ : پیچھے رہنا -

الرَّتَخَة - سخت کیچڑ -

جلد (أَرْتَخ) خشک کھال -

رَتْرَتَ - حرف تا یا را کے بولنے میں ہکلانا -

رَتَعَ (ف) رَتْعًا و رُتُوْعًا و رِتَاعًا - آسودہ زندگی بسر کرنا ـــ فِي المَكَانِ : اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا - صفت رَاتِع ، جمع رُتَّع و رُتَّع و رِتَاع و رُتُوْع و رَاتِعُوْن - رَتَعَ فِي مَالِ فُلَانٍ : دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا - فِي لَحْمِ فُلَانٍ : غیبت کرنا -

أَرْتَعَ - القَوْمُ : سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا ـــ الأَرْضُ : چرنے والے کو آسودہ کرنا ـــ الغَيْثُ : بارش کا چارہ کو اگانا -

الدَّوَابَّ : جانوروں کو چرانا -

الرَّتْعَة - سرسبزی کی کثرت - اور اسی سے "أَسْمَنَنِي القَيْدُ وَالرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا -

الرَّتِيْع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو - كَلَأٌ رَتِيْعٌ : چرنے والے کے لئے کافی گھاس -

الأَرْتَاع - مِنَ النَّاسِ : بہت لوگ - کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ أَرْتَاعًا مِنَ النَّاسِ" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا -

الرَّتَّاع - سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا -

المُرْتِع - آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو -

المَرْتَع - چراگاہ -

رَتَقَ (ن) رَتْقًا - الثَّوْبَ : جوڑنا ـــ الفَتْقَ : درست کرنا - کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے - "رَتَقَ فَتْقَهُمْ" اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی ـــ الشَّيْءَ : بند کرنا -

اِرْتَتَقَ - الشَّيْءُ : جڑ جانا -

الرِّتَاق - دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں -

الرَّتَقَة - انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ جمع رَتَق -

الرُّتُوْق - عزت و شرف -

رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا و رَتَكَانًا - البَعِيْرُ : اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا -

أَرْتَكَ - البَعِيْرَ : اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا - أَرْتَكَ الضَّحِكَ : آہستہ ہنسنا -

المُرْتَك - مردار سنگ -

رَتِلَ (س) رَتَلًا - الشَّيْءُ : عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا - صفت (رَتِل)

رَتَّلَ - الكَلَامَ : اچھی طرح ترتیب دینا - ـــ القُرْآنَ : قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا -

تَرَتَّلَ - فِي القَوْلِ : ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا -

الرَّتَل - مص - عمدہ گفتگو - کہا جاتا ہے - "كَلَامٌ رَتَلٌ" خوبی - آراستگی - ہر چیز کی خوبی "ثَغْرٌ رَتَلٌ" : خوبصورت ہموار دانت -

التَّرْتِيْل - پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا - آواز کو عمدہ بنانا - مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حروف اچھی طرح ادا ہوں -

الأَرْتَل - اچھی ترتیب والا - تتلانے والا

الرُّتَيْلَاء - کیڑے مکوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ - جمع رُتَيْلَاوَات - ایک قسم کی

نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔

رَتَمَہٗ (ض) رَتْمًا۔ توڑنا یا کوٹنا — فِی بَنِیْ فُلَانٍ: پرورش پانا اور کہا جاتا ہے: "مَا رَتَمَ بِکَلِمَۃٍ" وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (— رَتِیْمًا) رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سست ہونا۔

أَرْتَمَ وَتَرَتَّمَ وَارْتَتَمَ۔ یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زَیْدًا: یاد آنے کیلئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا

الرَّتَمُ۔ ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتَمَۃٌ) اَلرَّتَمُ: بچا ہوا توشہ دان۔ کامل حیا۔ آہستہ گفتگو راستہ۔

الرُّتَام۔ بوسیدہ۔

الرَّتَمَۃُ۔ ج رَتَم ورِتَامٌ و (الرَّتِیْمَۃُ) ج رَتَائِمُ: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لئے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔

الرَّتِیْمُ۔ آہستہ چال۔ وہ شخص جسکو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رُتَامٰی۔

شَرٌّ (تُرْتُمٌ وتُرْتَمٌ) دائمی فساد۔

رَتَنَ (ن) رَتْنًا۔ اَلشَّحْمَ بِالْعَجِیْنِ: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔

رَتَاہٗ یَرْتُوْہٗ رَتْوًا۔ ڈھیلا کرنا۔ باندھنا اَلْقَلْبَ: دل کو قوی کرنا — ہٗ اِلَیْہِ: ملانا الدَّلْوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (— رَتْوًا وَرُتُوًّا) بِرَاْسِہٖ: سر سے اشارہ کرنا — اَلرِّجْلَ: قدم رکھنا۔

رُتِیَ۔ فِیْ ذِرَاعِہٖ: سُست بازو ہونا۔

الرَّتْوَۃُ۔ قدم۔ بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت حدِ نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَنَا وَبَیْنَہُمْ رَتْوَۃٌ" ہمارے اور اُن کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حدِ نظر کے ہے۔

الرَّاتِیْ۔ دوسروں سے زائد علم والا۔

رَثَّ (ض) رَثَاثَۃً وَرُثُوْثَۃً۔ اَلثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاثٌ

أَرَثَّ اِرْثَاثًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔

أُرْتُثَّ۔ زخمی کو میدانِ جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)

الرَّثُّ۔ مص۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاث کہا جاتا ہے: "کَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔

الأَرَثُّ۔ بوسیدہ۔ پرانا۔

الرَّثِیْثُ۔ بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مُردہ

الرِّثَّۃُ۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَث و رِثَاث۔ کمزور لوگ۔

الرَّثَاثَۃُ۔ مص۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔

رَثَأَ (ف) رَثْأً۔ اَللَّبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا — غَضَبَہٗ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

أَرْثَأَ وَارْتَثَأَ۔ اَللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ اِرْتَثَأَ فِیْ رَأْیِہٖ: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ اِرْتَثَأَ عَلَیْہِمُ الْأَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ اِرْتَثَأَ۔ الرَّثِیْئَۃَ: دہی پینا۔

الرَّثْءُ وَالرَّثْأَۃُ۔ بیوقوفی کم سمجھی۔ کمزوردلی۔

الرَّثِیْئَۃُ۔ رَثَأَ اللَّبَنَ کا اسم۔ دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔

رَجُلٌ (مَرْثُوْدٌ) کمزوردل۔ کم سمجھ۔

رَثَدَ (ن) رَثْدًا وَارْتَثَدَ۔ اَلْمَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی۔ (رَثِیْدٌ وَمَرْثُوْدٌ)

رَثِدَ (س) رَثَدًا وَأَرْثَدَ۔ اَلْمَاءُ: پانی کا گدلا ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفَرَ حَتّٰی اَرْثَدَ" اُس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ الْقَوْمُ: جماعت ہونا۔

الرَّثْدُ وَالرِّثْدَۃُ۔ لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔

الرَّثَدُ۔ ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ الْبَیْتِ: گھر کا ردی سامان

الْمُرْثِدُ وَالْمُرْثِدُ۔ فیاض و سخی مرد۔ الْمَرْثَدُ: شیر۔

رَثَطَ (ن) رُثُوْطًا وَارْثَطَ وَتَرَثَّطَ۔ فِیْ مَکَانِہٖ: نشست میں جمے رہنا۔

رَثِعَ (س) رَثَعًا۔ بہت حریص لالچی ہونا۔ صفت (رَثِعٌ) ج رَثِعُوْنَ۔

اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا۔ اَلْمَطَرُ: لگاتار برسنا۔ — فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا — اَلشَّعْرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا۔ الأَنْفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیْمٌ وَمَرْثُوْمٌ)

رَثِمَ (س) رَثَمًا وَارْثَمَّ۔ اَلْفَرَسُ: ناک کے کنارہ پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ وَاَرْثَمُ) صفت مؤنث (رَثِمَۃٌ وَرَثْمَاءُ) ج رُثْمٌ

الرَّثَمُ وَالرُّثْمَۃُ۔ گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرَّثْمَۃُ۔ ہلکی بارش۔ ج رِثَام۔

الْمَرْثِمُ وَالْمَرْثَمُ۔ ناک۔ ج مَرَاثِمُ۔

رَثَنَ تَرْثِیْنًا۔ اچھی طرح سے بارش ہونا

الرَّثَّانُ۔ لگاتار بارش۔

أَرْضٌ (مُرَثَّنَۃٌ وَمُرْثَنَۃٌ) بارش شدہ زمین

رَثَا یَرْثُوْ رَثْوًا وَرَثٰی یَرْثِیْ رَثْیًا وَرِثَاءً وَرَثَایَۃً وَمَرْثَاۃً وَمَرْثِیَۃً۔ اَلْمَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔ رَثٰی لَہٗ: رحم کرنا۔

رَثٰی یَرْثِیْ رِثَایَۃً۔ عَنْہُ حَدِیْثًا: یاد کرنا۔

رَثِیَ یَرْثٰی رَثًی وَرَثْیًا۔ جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثّٰی وَتَرَثّٰی۔ اَلْمَیِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَّثَّاءَۃُ وَالرَّثَّایَۃُ۔ نوحہ کرنے والی عورت

الرَّثْیَۃُ۔ جوڑوں کا درد (— وَالرَّثِیْئَۃُ) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

الْمَرْثَاۃُ وَالْمَرْثِیَۃُ۔ وہ اشعار وغیرہ۔

جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔
مَرَاثٍ و المَرَاثِی السَّبْعُ عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔
رَجُلٌ (مَرْثُوٌّ) کمزور عقل والا مرد۔
الرَّثْوُ۔ وہی۔
رَجَّہٗ (ن) رَجًّا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔
رَجَّ (ن) و رُجَّ رَجًّا۔ ہلنا۔ حرکت دینا۔
اِرْتَجَّ۔ البحرُ: موج مارنا —— الکلامُ: ملتبس ہونا۔
الرَّجَّۃُ۔ حرکت۔ رَجَّۃُ القومِ: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔
رَجَاجٌ۔ الغنمِ او النّاسِ: کمزور ولاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَۃٌ رَجَاجَۃٌ" لاغر بھیڑ۔
نَاقَۃٌ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔
اَرْجَأَ۔ الاَمْرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا —— الصَّائِدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔
رَجَبَ (ن) رَجْبًا۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔ رَجَبَہٗ بِکَلَامٍ سَیِّئٍ: تہمت لگانا (—— رَجْبًا و رُجُوْبًا و اَرْجَبَ) ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجِبَ (س) رَجَبًا۔ مِنْہُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَہٗ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔
رَجَّبَہٗ۔ ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَّخْلَۃَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا۔ اور اسی سے ہے "اَنَا جُذَیْلُہَا الْمُحَکَّکُ وَعُذَیْقُہَا الْمُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَیْل جذل کی اور عُذَیْق عذق کی تصغیر ہے جذل کے معنی تنا اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ مُحَکَّک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے ٹھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔
تَرَجَّبَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا —— الرَّجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَبٌ۔ قمری سال کا ساتواں مہینہ جمع اَرْجَابٌ و رُجُوْبٌ و رِجَابٌ۔ کہا جاتا ہے۔ "اَجَّلْتُکَ اِلٰی سَبْعَۃِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھکو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔ رَجَبَانِ: ماہ رجب و شعبان۔
الرُّجْبَۃُ۔ سہارا جو کھجور کے درخت کے لئے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ جمع رُجَبٌ۔
الرَّاجِبَۃُ۔ انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ جمع رَوَاجِب
الاَرْجَابُ۔ آنتیں۔ (واحد نہیں)
المُرَجَّبُ۔ معظم۔ خوفناک۔ معظم۔
رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا و رُجُوْحًا۔ المِیْزَانُ: جھکنا —— الرَّأْیُ: غالب ہونا۔
—— ہٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔
—— دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا —— ہ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (—— رَجَاحَۃً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔
رَجَّحَہٗ و اَرْجَحَہٗ۔ جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔ رَجَّحَ و اَرْجَحَ لَہٗ: جھکتا ہوا دینا۔
رَاجَحَہٗ۔ جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّحَ۔ الرَّأْیُ عِنْدَہٗ: غالب و برتر ہونا —— فِی القَوْلِ: مائل ہونا —— الشَّیْءُ: ہلنا —— الاُرْجُوْحَۃُ بِہٖ: جھکنا۔
اِرْتَجَحَ۔ فِی الاُرْجُوْحَۃِ: جھولے میں جھکنا —— الاِبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔
الرُّجُحُ۔ مِنَ الجِفَانِ: بھرے ہوئے بڑے پیالے —— مِنَ الکَتَائِبِ۔ لشکر گراں۔
الاُرْجُوْحَۃُ۔ جمع اَرَاجِیْحُ (الرُّجَاحَۃُ و الرِّجَاحَۃُ و المَرْجُوْحَۃُ) جھولا۔
الاَرَاجِیْحُ۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔
اِمْرَأَۃٌ (رَجَاحٌ) بڑے سرین والی عورت۔
رَجَدَ (ن) رَجْدًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّادٌ)

رُجِدَ رَجْدًا اور رُجِدَ و اُرْجِدَ۔ کانپنا
رَجْرَجَ۔ بیقرار ہونا اور ہلنا۔ رَجْرَجَہٗ: حرکت دینا —— المَاءَ: کھود کر پانی نکالنا۔
تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔
—— الشَّیْءُ بِیْ مَجِیْئِہٖ: آنا جانا۔
الرَّجْرَاجُ۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔
الرِّجْرِجُ۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔
الرُّجْرُجُ۔ ایک قسم کی گھاس۔
الرَّجْرَاجُ۔ ایک دوا۔ بروزن رَجْرَاجٌ: چلنے میں ہلنے والا سرین۔ نَاسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور عقل والے۔
الرِّجْرِجَۃُ۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت تھوک۔ بے عقل۔
رَجَزَ (ن) رَجْزًا۔ رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ و رَجَّازٌ و رَجَّازَۃٌ) رَجَزَ بِہٖ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَجَّزَہٗ۔ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔
رَاجَزَ۔ صَاحِبَہٗ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَرَجَّزَ۔ رجز پڑھنا —— الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا —— السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔
اِرْتَجَزَ۔ رجز پڑھنا —— الرَّعْدُ: لگاتار گڑگڑانا —— بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا —— الرَّجَزَ فِی القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔
تَرَاجَزَ۔ القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
الرُّجْزُ و الرِّجْزُ۔ گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجْزُ: گناہ۔
الرَّجَزُ۔ اوزانِ شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام
الرِّجَازَۃُ۔ عورتوں کے لئے اونٹ پر کی

ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈالکر بوجھ برابر کرنیکے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الاُرْجُوْزَۃ۔ بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِیْز۔

الاَرْجَز۔ رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن ض) رَجْسًا۔ البَعِیْرُ: اونٹ کا آواز کرنا ۔۔۔ السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔ ۔۔۔ فلانًا عَنِ الاَمْرِ: روکنا۔ ۔۔۔ وَارْتَجَسَ) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) و رَجُسَ (ک) رَجَاسَۃً برا کام کرنا۔ صفت (رَجِس)

اِرْتَجَسَتِ۔ السَّمَاءُ: گڑگڑانا ۔۔۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِّجْس والرَّجَس والرَّجِس۔ گندگی پلیدی۔ الرِّجْس: برا عمل۔ برے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَّجَّاس۔ سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ وَسَحَابٌ رَجَّاسٌ" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔ بَعِیْرٌ رَجُوْسٌ مِرْجَس) تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔

المِرْجَاس۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

المَرْجُوْسَۃ۔ فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجِعَۃً۔ و رُجْعٰی و رُجْعَانًا۔ واپس آنا۔ لوٹنا۔ ۔۔۔ رَجْعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعًا) الکَلَامُ فِیْہِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا ہُوَ اِلَّا سَجْعٌ لَیْسَ فِیْہِ رَجْعٌ" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں ۔۔۔ العَلَفُ فِی الدَّابَّۃِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدَہٗ عَلٰی بَدْئِہٖ" وہ جس راستے سے آیا تھا اسی سے واپس گیا ۔۔۔ الشَّیْءَ عَنْہُ او اِلَیْہِ: پھیرنا واپس کرنا۔ رد کرنا (۔۔۔ رُجُوْعًا و رِجَاعًا) الطَّیْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ۔ فِی صَوْتِہٖ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (۔۔۔ و تَرَجَّعَ) فِی المُصِیْبَۃِ: اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہنا۔ رَجَّعَتِ الدَّابَّۃُ: قدم رکھنا۔ رَجَّعَ النَّاقَۃَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَہٗ۔ فِی الاَمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا ۔۔۔ ہ الکَلَامَ: دوبارہ گفتگو کرانا ۔۔۔ الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

اَرْجَعَہٗ۔ رد کرنا۔ پھیرنا ۔۔۔ الدَّابَّۃُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ فِی المُصِیْبَۃِ: ۔۔۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہنا ۔۔۔ اللّٰہُ بَیْعَتَہٗ: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ۔ النَّاقَۃَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ اِلَی الشَّیْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَہٗ: واپس کرنا۔ المَرْاَۃُ جِلْبَابَہَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔ اِرْتَجَعَ عَلَی الغَرِیْمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَیْلَہٗ فَارْتَجَعَ مِنْہَا رِجْعَۃً صَالِحَۃً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ۔ القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا ۔۔۔ القَوْمُ الکَلَامَ بَیْنَہُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ۔ مِنْہُ الشَّیْءَ: واپس لینا ۔۔۔ فِی المُصِیْبَۃِ: اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ کہنا۔ الحَمَامُ فِی غِنَائِہٖ: کبوتری کا گٹکری کرنا۔

الرَّجْع۔ مص۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاع و رُجْعَان و رِجْعَان۔ الرَّجْعُ: لید ۔۔۔ مِنَ الاَرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو ۔۔۔ مِنَ الکَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "کَوَاہُ عِنْدَ رَجْعِ کَتِفِہٖ" اس کو مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدٰی: آواز بازگشت۔

الرَّجِیْع۔ مِنَ الکَلَامِ: واپس کی ہوئی گفتگو لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز پرانا کپڑا۔ پسینہ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِیْرٌ رَجِیْعٌ۔ سفر سے تھکا ہوا اونٹ۔ ج رَجَائِع۔ دَابَّۃٌ رَجِیْعُ اَسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِع۔ فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِع

الرِّجْعَۃ۔ رجع کا اسم نوع۔ حجت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَۃ۔ واپسی۔

والرُّجْعَۃ والرُّجْعٰی والرُّجْعَان و الرُّجُوْعَۃ۔ خط کا جواب۔

المَرْجِع۔ لوٹنے کی جگہ۔ مونڈھے کا نچلا حصہ۔

المَرْجُوْع والمَرْجُوْعَۃ۔ خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ہٰذَا البَیْعُ مَرْجُوْعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُرَاجِع۔ مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آگئی ہو۔

الرِّجَاع۔ مہار کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجِعَۃ و رُجُع۔

رَجَفَ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا و رَجِیْفًا۔ تیز ہلانا۔ ہلنا۔ (لازمی و متعدی ۔۔۔ الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا ۔۔۔ الاَرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ ۔۔۔ القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا ۔۔۔ الرَّعْدُ: گڑگڑانا ۔۔۔ الاَسْنَانُ: دانتوں کا گرنا۔

اَرْجَفَ۔ لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا ۔۔۔ القَوْمُ: بِالشَّیْءِ وَفِیْہِ: ۔۔۔ گھسنا ۔۔۔ الرِّیْحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔ اَرْجَفَتِ الاَرْضُ۔ زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَ و اِرْتَجَفَ۔ بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ۔ رَاْسَہٗ: حرکت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا یَسْتَرْجِفُوْنَ الْاَرْضَ نَجْدَۃً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انھوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

اَلرَّجْفَۃُ۔ اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

اَلرَّاجِفُ۔ فا۔ جوڑی والا بخار۔

اَلرَّاجِفَۃُ۔ قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ

اَلرَّجَّافُ۔ بہت کانپنے والا۔ سمندر قیامت کا دن۔

اَلْاَرَاجِیْفُ۔ گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ الْمَخَاوِیْفُ کَثُرَتِ الْاَرَاجِیْفُ" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں۔

اَلتَّرْجَافُ۔ اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ (ن) رَجْلًا۔ اَلْفَصِیْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوڑ دینا الشَّاۃَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَہٗ: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ (س) رَجَلًا۔ پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا — الدَّابَّۃُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَّعْرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا — الفَصِیْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کیلئے آزاد چھوٹنا۔

رَجَّلَہٗ۔ قوی کرنا — الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَہٗ۔ مہلت دینا۔ پیدل چلانا الفَصِیْلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ۔ سواری سے اتر کر پیدل چلنا۔ — المَرْاَۃُ: مرد جیسی ہونا — الشَّمْسُ: — آفتاب کا بلند ہونا — البِئْرَ وفی البئر: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اترنا — الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ۔ دیگچی میں پکانا الشَّاۃَ: ٹانگیں باندھنا — ہ: پاؤں سے پکڑنا — الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا — الکَلَامَ: فی البدیہہ کہنا

— بِرَاْیِہٖ: منفرد ہونا — الرَّجُلُ: پیدل چلنا — النَّہَارُ: دن کا چڑھنا — القَوْمُ: درمیان دور رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رَجُلَکَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

اَلرَّجْلُ۔ مص۔ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعْرٌ رَجْلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

اَلرِّجْلُ۔ ج اَرْجُلٌ: پاؤں — ج اَرْجَالٌ۔ کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَتْ رِجْلٌ دِفَاعٌ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ رِجْلِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرجل: پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ بہت سونہ والا مرد۔ خوف۔ تم کہتے ہو۔ "اَنَا مِنْ اَمْرِیْ عَلٰی رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ البَحْرِ۔ کھاڑی خلیج۔ رِجْلَا السَّہْمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغُرَابِ ورِجْلُ الجَرَادِ: دو نباتات کے نام رِجْلُ الجَبَّارِ و رِجْلُ الجَوْزَاءِ و رِجْلُ قَنْطُوْرُسَ: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یُقَدِّمُ رِجْلًا وَیُؤَخِّرُ اُخْرٰی" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

اَلرَّجُلُ۔ مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَالٌ و رِجَلَۃٌ و رَجْلَۃٌ و اَرَاجِلُ و رِجَالَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُلٌ فِی الرِّجَالِ" فلاں کامل مرد ہے

اَلرَّجِلُ۔ مص — مِنَ الشَّعْرِ: کم گھنگریالے بال۔ ج اَرْجَالٌ و رَجَالٰی۔

اَلرَّاجِلُ۔ پیدل چلنے والا۔ الرجل من الشعر: کم گھنگریالے بال۔

اَلرَّاجِلُ۔ فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجْلٌ و رَجَّالَۃٌ و رُجَّالٌ و رِجَالٌ و رُجَالٰی و رَجَالٰی و رُجْلَانٌ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیَّالَۃُ وَالرَّجَّالَۃُ" سوار و پیادے سب آئے۔ "وَاَغَارَ عَلَیْہِمْ بِخَیْلِہٖ وَرَجِلِہٖ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں کو لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا مرد

اَلرِّجْلَۃُ۔ خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَلٌ۔

اَلرُّجْلَۃُ۔ چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَۃُ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

اَلرَّجُلَۃُ۔ عورت۔

اَلرَّجِیْلُ۔ ج۔ اَرْجِلَۃٌ و اَرَاجِلُ و اَرَاجِیْلُ: پیدل چلنے والا — ج رُجُلٌ و رُجَالٰی و رَجَالٰی بہت چلنے پر قادر۔ کَلَامٌ رَجِیْلٌ: فی البدیہہ کلام۔ رَجُلٌ رَجِیْلٌ: قوی مضبوط مرد۔ مَکَانٌ رَجِیْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فَرَسٌ رَجِیْلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جسکو پسینہ نہ آئے۔

اَلْاَرَاجِیْلُ۔ شکاری لوگ۔

اَلرُّجُوْلَۃُ والرُّجُوْلِیَّۃُ والرَّجُوْلِیَّۃُ و الرُّجْلِیَّۃُ۔ مردمی۔ مردانگی۔

اَلرَّجْلَانُ۔ پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالٰی و رَجَالٰی و رُجْلٰی۔ مؤنث رَجْلٰی۔ ج رِجَالٌ و رَجَالٰی

اَلْاَرْجَلُ۔ مِنَ الدَّوَابِّ: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُلٌ اَرْجَلُ۔ بڑے پاؤں والا مرد۔ مؤنث رَجْلَاءُ ج رُجْلٌ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ اَرْجَلُہُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

اَلتَّرْجِیْلُ۔ مص۔ جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

اَلتَّرَاجِیْلُ۔ کرفس (ایک دوا کا نام)

اَلْمِرْجَلُ۔ دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِلُ۔

اَلْمُرَجَّلُ۔ مِنَ النَّسِیْجِ وَنَحْوِہٖ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

اَلْمُمَرْجَلُ۔ مِنَ الثِّیَابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

اِمْرَاَۃٌ مُرْجِلٌ: لڑکے ہی جننے والی عورت

رَجَمَہٗ (ن) رَجْمًا۔ سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔ — القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

الرَّجْمُ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔
رَجَّمَ۔ اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَّمَ بِالْغَيْبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں ـــ القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔
رَاجَمَهُ مُرَاجَمَةً۔ ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهِ: مدافعت کرنا ـــ ہ فِي الْحَرْبِ او الكَلَامِ او العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔
تَرَاجَمُوْا۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا ـــ بِالْكَلَامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اِرْتَجَمَ۔ الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا۔
الرَّجْمُ۔ مص۔ دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوْم۔ الرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو کہا جاتا ہے: "رَجْمًا بِالْغَيْبِ" اٹکل پچو۔ و "صَارَ فُلَانٌ رَجْمًا" فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔
الرَّجَمُ۔ کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام۔
الرُّجُمُ۔ ستارے کی مانند جو آسمان سے گرتے ہوئے معلوم ہوں کوئی علامت یا پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔ واحد (رُجْمَة)
الرُّجْمَةُ الرَّجْمَةُ۔ قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان کے لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ ج رُجَم و رِجَام
الرَّجِيْمُ۔ سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔
الرِّجَامُ۔ کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَة)
الرِّجَامَانِ۔ کنوئیں کی من پر کی دو لکڑیاں جن میں چرخی لگائی جاتی ہے۔
المِرْجَمُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط قوی مرد۔ فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔ حَدِيْثٌ (مُرَجَّمٌ) ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔
المِرْجَامُ۔ پتھروں کے پھینکنے کا آلہ ـــ مِنَ الْإِبِلِ: مضبوط اونٹ۔
المَرَاجِمُ۔ قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بِالْمَرَاجِمِ" انھوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔
رَجَنَ (ن) و رَجِنَ (س) و رَجُنَ (ک) رُجُوْنًا۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ـــ الحَيَوَانُ: مانوس ہونا۔
رَجَنَ (ن) رَجْنًا و رَجَّنَ و اَرْجَنَ الدَّابَّةَ: چارہ کھانے کیلئے گھر پر روکنا۔ رَجَنَ فُلَانًا: رم کرنا۔ و اَرْجَنَتِ النَّاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا
اِرْتَجَنَ۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ـــ الزُّبْدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا ـــ عَلَى الْقَوْمِ اَمْرُهُمْ۔ گڈمڈ و فاسد ہونا
الرَّجِيْنُ۔ مہلک زہر۔
الرَّجِيْنَةُ۔ جماعت۔
المَرْجُوْنَةُ۔ ٹوکرا۔ خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِي مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔
رَجَهَ (ض) رَجْهًا۔ ہلنا ـــ بِالشَّيْءِ: دانتوں سے پکڑنا۔
اَرْجَهَ۔ الاَمْرَ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔
رَجَا (ن) رَجَاءً و رَجْوًا و رَجَاةً و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً۔ پرامید ہونا ـــ الشَّيْءَ: امید کرنا۔ خوف کرنا ـــ الرَّجُلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔
رَجِيَ (س) رَجًا۔ کلام سے رک جانا۔
رُجِيَ۔ عَلَيْهِ: کلام منقطع ہونا۔
رَجَّى و تَرَجَّى و اِرْتَجَى۔ الشَّيْءَ: امید کرنا
رَجَّى و اَرْجَى فُلَانًا: امید لگانا۔ و اِرْتَجَى الشَّيْءَ: خوف کرنا۔
اَرْجَى۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا ـــ الصَّيْدَ: نہ پانا
اَرْجَى الْبِئْرَ: کنوئیں کا من بنانا۔ اَرْجَتِ النَّاقَةُ: جننے کے قریب پہونچنا۔
الرَّجَا و الرَّجَاءُ۔ کنارا۔ رَجَوَا الْبِئْرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاءُ: جھوٹا احتمال کہ دیکھنے میں تو احتمال معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔
الرَّجِيَّةُ۔ امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِيْ فِيْ فُلَانٍ رَجِيَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔
الاُرْجِيَّةُ۔ جو چیز مؤخر و ملتوی کی جائے
الرَّحَّةُ۔ سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو
الرَّحَحُ۔ کھر کی چوڑائی۔
الرُّحُحُ۔ چوڑے پیالے۔
الاَرَحُّ۔ بھرے کھرے والا۔ مؤنث رَحَّاء ج رُحٌّ۔
رَحِبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا و رَحَابَةً۔ المَكَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ و رَحِيْبٌ و رُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُبَكُمُ الاَمْرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے۔ (اور یہ شاذ ہے)
رَحَّبَ۔ المَكَانَ: کشادہ کرنا ـــ بہ مَرْحَبًا، بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔
اَرْحَبَ۔ المَكَانُ: کشادہ ہونا ـــ المَكَانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ يَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔
تَرَاحَبَ۔ کشادہ ہونا۔
الرَّحْبُ۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ رَحْبٌ و اَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ و "رَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الْفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و "رَحْبُ الْبَاعِ او الذِّرَاعِ" فیاض۔ سخی
الرُّحْبَى۔ سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَيَانِ: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔
الرَّحَبَةُ والرُّحْبَةُ۔ کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو۔ اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ ـــ مِنَ الدَّارِ: مکان کا صحن ـــ مِنَ الْوَادِي: وادی کی دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحَب و رَحَبَات و رَحْب و رَحْبَات
الرَّحِيْبُ۔ بہت کھانے والا۔
التَّرْحَابُ۔ خوش آمدید۔
رَحَائِبُ۔ النُّجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد

رَحِيضٌ۔

اَلْمَرْحَب۔ کشادگی۔ اور مسافر کی خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِکَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ "رَحَّبَکَ اللّٰہُ وَ مَسَّہَلَکَ" اللہ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اتارے۔ "اَہْلًا وَمَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں تم آئے ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ وحشت مت کرو۔ اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ "لَا مَرْحَبًا بِکَ"

رَحْرَحَ۔ مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا ــــ الشَّیْءَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا ــــ بِالْکَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّحْرَحُ والرَّحْرَاحُ والرَّحْرَحَانُ۔ پھیلا ہوا کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَحْرَحٌ وَرَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ وفراخ زندگی۔

رَحَضَ (ن) رَحْضًا وَاَرْحَضَ۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ۔ المَحْمُوْمُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ۔ الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحْضٌ) کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرُّحْضُ: مشک پرانا توشہ دان۔

الرُّحَاضُ۔ پسینہ کی آمد۔

الرُّحَاضَۃُ۔ وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرُّحَضَاءُ۔ بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو تر ابور کر دے۔

الرَّحِیْضُ۔ دھویا ہوا۔

اَلْمِرْحَاضُ۔ غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مخباط کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِیْضُ۔

اَلْمِرْحَضَۃُ والمِرْحَاضَۃُ۔ کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

اَرْحَفَ اِرْحَافًا۔ السِّکِّیْنَ: چھری تیز کرنا۔

الرُّحَاقُ والرَّحِیْقُ۔ شراب۔ الرَّحِیْقُ: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِیْقٌ: بے داغ حسب ــــ مِسْکٌ رَحِیْقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ (ف) رَحْلًا ورَحِیْلًا وَتَرْحَالًا۔ عَنِ الْمَکَانِ: ترکِ وطن کرنا ــــ اِلَی الْمَکَانِ: منتقل ہونا ــــ البَعِیْرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَہٗ نَفْسِیْ" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ــــ ہ بِالسَّیْفِ: کسی پر تلوار اٹھانا ــــ البِلَادَ: پھرنا۔ گھومنا۔

رَحَّلَہٗ۔ کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا ــــ الثَّوْبَ: نقش ونگار کرنا۔

رَاحَلَہٗ۔ کوچ کرنے میں مدد دینا۔

اَرْحَلَ۔ سواری کے بہت جانور والا ہونا ــــ الدَّابَّۃُ: چوپائے کا کمزوری ولاغری کے بعد موٹا ومضبوط ہونا ــــ ہ: سواری دینا۔ ــــ الاِبِلَ اَوِ النَّاقَۃَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ۔ القَوْمُ عَنِ الْمَکَانِ: منتقل ہونا ــــ فُلَانًا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ۔ عَنِ الْمَکَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا ــــ البَعِیْرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ ــــ الاَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَہٗ۔ سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا ــــ النَّاسَ نَفْسَہٗ: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْلُ۔ مص۔ کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ الْمُسَافِرُ اِلٰی رَحْلِہٖ" مسافر اپنے قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامانِ سفر۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَہٗ وَاَلْقٰی رَحْلَہٗ" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ واَرْحُلٌ۔ الرِّحَالُ: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِّحْلَۃُ۔ کوچ۔ تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفرنامہ۔

الرُّحْلَۃُ۔ جہتِ سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنَا" ہماری جہتِ سفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِمٌ رُحْلَۃٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِیْرٌ ذُوْ رُحْلَۃٍ ورِحْلَۃٍ: مضبوط وقوی اونٹ۔

الرَّحِیْلُ۔ مص۔ کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِیْلٌ ونَاقَۃٌ رَحِیْلَۃٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔

الرَّاحِلُ۔ فا۔ ج رَاحِلُوْنَ۔ ورُحَّلٌ ورُحَّالٌ۔

الرَّاحِلَۃُ۔ مِنَ الاِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر وباربرداری کے لئے مضبوط اونٹ واونٹنی (ۃ مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِلُ۔

الرِّحَالَۃُ۔ بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِلُ۔

الاَرْحَلُ۔ مِنَ الْخَیْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

الرَّحَّالُ۔ کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَۃٌ۔

الرَّحَّالَۃُ۔ بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُوْلُ۔ بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُوْلُ۔ کجاوہ۔

المَرْحَلَۃُ۔ مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِلُ۔

المُرْحِلُ۔ بہت سواری کے جانور والا۔ (ــــ والمِرْحَلُ) مِنَ الْجِمَالِ: مضبوط وقوی۔

المُرَحَّلُ۔ مِنَ الاِبِلِ: کجاوہ کسا ہوا اونٹ ــــ مِنَ الثِّیَابِ: کجاوہ کے مانند نقش ونگار والا کپڑا۔

مُرْتَحَلٌ۔ البَعِیْرِ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔

رَحِمَہٗ (س) رَحْمَۃً ومَرْحَمَۃً ورُحْمًا ورُحُمًا۔ نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ (س) ورَحُمَتْ (ک) رَحْمًا و

رَحْمًا و رَحَامَةً و رُحِمَتِ - الْمَرْأَةُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُوم و رَحِمَة و رَحْمَاء)

رَحَّمَ و تَرَحَّمَ - عَلَيْهِ: کسی کے متعلق "رَحِمَهُ اللّٰه" کہنا۔

تَرَاحَمَ - الْقَوْمُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا

اِسْتَرْحَمَهُ - مہربانی طلب کرنا۔

الرَّحِم و الرِّحْم (مؤنث) بچہ دانی - قرابت - رشتہ داری - کہا جاتا ہے "ذُو الرَّحِم" یعنی رشتہ دار - ج أَرْحَام -

الرُّحَام - بچہ دانی کے ایک مرض کا نام

الرَّحْمَة و الرُّحْمَىٰ و الرُّحْم - نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت و احسان ہے۔

الرَّحَمُوت - بڑی مہربانی۔

الرَّاحِم و الرَّحُوم - مہربانی کرنے والا۔

الرَّحِيم - مہربانی کرنے والا - جس پر مہربانی کی جائے - ج رُحَمَاء - الرَّحِيم - اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّحْمٰن - مہربانی کرنیوالا - یہ اسماء حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے۔

الْمَرْحَمَة - مہربانی - ج مَرَاحِم -

الْمُرَحَّم - جس پر مہربانی کی جائے (— و الْمَرْحُوم) مو ین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔

الرَّحَامِس - دلاور مرد۔

رَحَا يَرْحُو رَحْوًا و رَحَىٰ يَرْحِي رَحْيًا و تَرَحَّىٰ - الْحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔ رَحَا الرَّحَىٰ: چکی چلانا۔

الرَّحَىٰ (مؤنث) چکی - تثنیہ رَحَوَان و رَحَيَان ج أَرْحَاء و أَرْحِيَة و أَرْحٍ و رُحِيّ و رِحِيّ و أَرْحِيّ - الرَّحَىٰ: سینہ - گھمسان کی ج... - سردار قوم - کہا جاتا ہے "هُوَ رَحَىٰ قَوْمِهِ" وہ ... قوم کا سردار ہے - داڑھ - کہا جاتا ہے "طَحَنَهُ بِأَرْحَائِهِ" اس نے اس کو اپنی داڑھ سے پیس دیا - بادل - وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے - ج أَرْحَاء -

الْمُرَحِّي - چکی ساز۔

الْمُرْتَحَىٰ - گھمسان کا رن۔

رَخَّ (ن) رَخًّا - پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا — الشَّرَابَ: پانی ملانا۔

رَخَّ (ض) رَخًّا - الْعَجِينُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔

أَرَخَّ - فِي الأَمْرِ: مبالغہ کرنا — الْعَجِينَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔

اِرْتَخَّ - الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔

الرَّخَاخ - نرمی - سہولت -

الرُّخّ - ایک خیالی بڑے جانور کا نام (واحد) رُخَّة - شطرنج کے ایک مہرے کا نام - ج رِخَاخ و رِخَخَة -

الرَّخَاخ - نرم گھاس - عَيْشٌ رَخَاخٌ: آسودہ زندگی - رَخَاخُ الْعَيْشِ: زندگی کی فراخی و آسودگی - أَرْضٌ رَخَاخٌ: نرم زمین -

أَرْضٌ - (رَخَّاء) نرم زمین - ج رَخَاخِيّ -

الرُّخْت - زین - ج رُخُوت - (جدید)

الرَّخْرَخ و الرَّخْرَاخ - پتلا گارا -

تَرَخَّشَ و ارْتَخَشَ - ہلنا، مضطرب ہونا

الرُّخْشَة - اضطراب - حرکت -

رَخُصَ (ک) رُخْصًا - الشَّيْءُ: سستا ہونا صفت (رَخِيص) (— رَخَاصَةً و رُخُوصَةً) نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخْص و رَخِيص) مؤنث رَخْصَة - ج رِخَاص -

رَخَّصَ - السِّعْرَ: بھاؤ سستا کرنا — لَهُ كَذَا و فِي كَذَا: ممانعت کے بعد اجازت دینا

أَرْخَصَهُ - سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا

تَرَخَّصَ - فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا — فِي كَذَا: اجازت دیا جانا - فِي حَقِّهِ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔

اِرْتَخَصَهُ - سستا سمجھنا یا سستا خریدنا

اِسْتَرْخَصَ - الشَّيْءَ: سستا سمجھنا۔

الرُّخْصَة و الرُّخُصَة - تخفیف، آسانی - کہا جاتا ہے "لَكَ فِي هٰذَا الأَمْرِ رُخْصَةٌ" تم کو اس معاملہ میں آسانی ہے - پینے کی باری -

مَوْتٌ (رَخِيص) جلدی آنے والی موت۔

رَخِفَ (ن) رَخْفًا و رَخِفَ (س) رَخَفًا و رَخُفَ (ک) رَخَافَةً و رُخُوفَةً - الْعَجِينُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخْفٌ و رَاخِفٌ)

أَرْخَفَ - الْعَجِينَ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا - پانی بڑھانا۔

الرَّخْف و الرَّخْفَة - پتلا مکھن - گیلا گندھا ہوا آٹا - ج رِخَاف -

الرَّخْفَة و الرَّخِيف - نرم و پتلا پتھر -

الرِّخْل و الرَّخِل و الرِّخْلَة - بھیڑ کا مادہ بچہ ج أَرْخُل و رُخَال و رِخَال و رِخْلَان و رِخَلَة و رِخْلَة

الْمُتَرَخِّل - بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا

رَخُمَ (ن) رَخْمًا و رَخُمَ (ک) رَخَامَةً - الصَّوْتُ أَوِ الْكَلَامُ: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔ صفت (رَخِيم) — الْجَارِيَةُ: نرم گفتگو والی ہونا صفت (رَخِيمَة و رَخِيم)

رَخَمَتْ (ن) رَخْمًا و رَخَمًا و رَخَمَةً - الدَّجَاجَةُ الْبَيْضَ و عَلَى الْبَيْضِ (و أَرْخَمَتْ) عَلَى الْبَيْضِ: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (رَاخِم و مُرْخِم و مُرْخِمَة)

رَخِمَتْ (ن ن) رَخْمًا و رَخَمَةً و رَخْمَةً - الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: کھیل کود کرنا - لاڈ پیار کرنا و رَخِمَهُ: مہربانی کرنا۔

رَخِمَ - رَحِمَ میں ایک لغت ہے -

رَخَّمَ تَرْخِيمًا - الشَّيْءَ: دُم کاٹ دینا۔ اور اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادیٰ ہے - نرم آواز کر دینا — الدَّجَاجَةَ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

الرَّخَم - مم - گدھ - واحد (رَخَمَة) ج رُخُم نرمی و محبت - گاڑھا دودھ -

الرُّخَام - سنگ مرمر - ایک ٹکڑے کو (رُخَامَة) کہتے ہیں -

الرُّخَامَى - نرم ہوا - ایک قسم کی نباتات -
الأَرْخَم - مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو - مؤنث رَخْمَاء ج رُخْم -
التُّرْخُوم والیَرْخُم والیُرْخُوم - زرگدہ
رَخِيَ (س) رَخًا و رِخْوَةً و رَخْوًا (ک) رَخَاوَةً - نرم ہونا - آسان ہونا - آسودہ زندگی والا ہونا - صفت (رَخْو و رُخْو و رِخْو)
رَخَا (ن) و رَخِيَ (ف) و رَخِيَ (س) و رَخُوَ (ک) رَخَاءً - العَيْشُ: زندگی کا آسودہ ہونا - صفت (رَاخٍ و رَخِيّ)
رَاخَاهُ مُرَاخَاةً - دور کرنا - جیسے کہتے ہیں "خِلْتُ الفِرَارَ يُرَاخِي الأَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کر دے گی — الشَّيْءَ: نرم کرنا — العُقْدَةَ: گرہ کھولنا - کہا جاتا ہے "رَاخَى خِنَاقَهُ" اور "رِبَاقَهُ" یعنی اس نے اسے مہلت دی - رَاخَتِ المَرْأَةُ: بچہ جننے کے قریب ہونا -
أَرْخَى إِرْخَاءً - الشَّيْءَ: نرم کرنا — الفَرَسَ ولِلْفَرَسِ: گھوڑے کی رسی ڈھیلی کرنا کہا جاتا ہے "أَرْخِ لَهُ الحَبْلَ" اس کی رسی ڈھیلی کر دو - یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو — السِّتْرَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "أَرْخَى عِمَامَتَهُ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا — دَابَّتَهُ: جانور کو آزادانہ چلنے دینا — زِمَامَ النَّاقَةِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا -
رَخَّى - الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا -
تَرَاخَى تَرَاخِيًا - عَنْهُ: دور ہونا: پیچھے ہٹنا - دیر کرنا - کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السَّمَاءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی - تَرَاخَى الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا - کہا جاتا ہے "إِنَّ فِي الأَمْرِ تَرَاخِيًا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے -
اِرْتَخَى و اِسْتَرْخَى - نرم ہونا - اِسْتَرْخَتْ بِهِ حَالُهُ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہو گئی -
الرَّخَاءُ - مص - فراخی زندگی -
الرُّخَاءُ - نرم ہونا -
الأُرْخِيَّةُ - ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے - ج أَرَاخِيّ -
المِرْخَاءُ - تیز دوڑنے والا جانور - ج مَرَاخٍ (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے ہے) کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِرْخَاءٌ و أَتَانٌ مِرْخَاءٌ"
رَدَّهُ (ن) رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُودًا و رِدِّيدَى - عَنْ كَذَا: پھیرنا - واپس کرنا - لوٹانا — فُلَانًا: خطاکار ٹھہرانا — البَابَ: بھیڑ دینا — عَلَيْهِ الشَّيْءَ: پھیر دینا - قبول نہ کرنا — إِلَيْهِ جَوَابًا: جواب بھیجنا — هُ إِلَى بَيْتِهِ: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "مَا يَرُدُّ هٰذَا عَلَيْكَ شَيْئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دے گا — الشَّيْءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کر دینا جیسے "فَرَدَّ شُعُورَهُنَّ السُّودَ بِيضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کر دیا - رَدَّ القَوْلَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا
رَدَّدَ - القَوْلَ: بمعنی رَدَّ القَوْلَ (تشدید کثرت کے لئے ہے)
رَادَّهُ - الشَّيْءَ: واپس کر دینا — هُ فِي الكَلَامِ: بحث کرنا -
أَرَدَّ - البَحْرُ: جوش میں آنا — الرَّجُلُ: غصہ سے پھول جانا — الشَّاةُ: تھن والی ہونا - صفت (مُرِدّ)
تَرَدَّدَ - رد ہونا — فِي الأَمْرِ: شک و شبہ میں پڑنا — إِلَيْهِ: بار بار آنا (— و تَرَادَّ) فِي الجَوَابِ - زبان کا لڑکھڑانا -
تَرَادَّا - البَيْعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا - تَرَادَّ المَاءُ: رکاوٹ کی وجہ سے پیچھے ہٹنا -
اِرْتَدَّ - الشَّيْءَ: واپس کرنا - واپس کرنے کو کہنا — عَلَى أَثَرِهِ او عَنْ طَرِيقِهِ: لوٹنا — عَنْ دِينِهِ: دین کو چھوڑنا - دین سے پھر جانا - عَنْ هِبَتِهِ: ہبہ کو لوٹا لینا — إِلَى الصَّوَابِ: صواب کی جانب لوٹ جانا -
اِسْتَرَدَّ - الشَّيْءَ: واپس کرنے کو کہنا — هُ الشَّيْءَ: واپسی چاہنا — الهِبَةَ: ہبہ کو لوٹا لینا -
الرَّدُّ - مص - زبان کی لڑکھڑاہٹ - نباتات کی کثرت - کہا جاتا ہے "ضَيْعَةٌ كَثِيرَةُ الرَّدِّ" بہت نباتات والی جائداد - شَيْءٌ رَدٌّ: ردی چیز یا أَمْرٌ رَدٌّ: مخالف سنت کام - دِرْهَمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم - کہا جاتا ہے "لَا تُعْطِنِي مِنْ رُدُودِ الدَّرَاهِمِ" مجھے کھوٹے درہم مت دو -
الرِّدُّ - چیز کا سہارا -
الرَّدِّيُّ - طلاق دی ہوئی عورت -
الرَّدَّةُ - ردّ کا اسم مرۃ - کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی - کہا جاتا ہے "فِي وَجْهِهِ رَدَّةٌ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے
الرِّدَّةُ - ارتداد کا اسم - ٹھوڑی کا جھکنا - پہاڑ کی گونج - بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا - کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الإِبِلُ رِدَّةً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا -
الرَّدَادُ و الرِّدَادُ - واپسی -
الرَّدِيدُ - بادل جو برس چکا ہو -
التَّرْدَادُ - رد - تکرار -
الأَرَدُّ - نافع تر -
الرَّادَّةُ - المَرَدَّةُ - فائدہ - کہا جاتا ہے "لَا رَادَّةَ و لَا مَرَدَّةَ فِيهِ" اس میں کوئی فائدہ نہیں -
المُرِدُّ - فا - مدت تک سفر میں رہنے والا - یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا - غضبناک - سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی - اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو ج مَرَادُّ -
المِرَدُّ - مِنَ الرِّجَالِ: بہت رد کرنیوالا بہت حملہ کرنے والا -
المَرْدُودُ - مفع - مص - زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا - یا مدت تک سفر میں رہنے والا -
المَرْدُودَةُ - مردود کا مؤنث - استرا -
المُرَدَّدُ - حیران و سرگشتہ -
رَدَأَ (ف) رَدْءًا - الحَائِطَ: دیوار کو ٹیک لگانا -

—— الرَّجُلَ: مدد کرنا۔ رَدَأَهُ بحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
رَدُؤَ (ک) رَدَاءَةً ۔ ردی ہونا۔ صفت
(رَدِیٌ) ج أَرْدِيَاءُ و أَرْدِئَاءُ۔
أَرْدَأَ ۔ برا کام کرنا یا بری چیز پر پہونچنا —— ہ: خراب کرنا۔ بگاڑنا —— السِّتْرَ: لٹکانا —— الحَائِطَ: دیوار کو تھم لگانا —— فُلَانًا: تسکین دینا برقرار رکھنا —— ہ عَلَی مِائَةٍ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
تَرَادَأَ ۔ القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔
الرِّدْءُ ۔ مددگار۔ مدد۔ ایک جانب کا بھاری بوجھ جو جانور پر لادیں۔ ج أَرْدَاءٌ۔
تَرَدَّبَهُ ۔ نرمی سے پیش آنا۔
الرَّدْبُ ۔ راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔
الإِرْدَبُّ ۔ چوبیس ۲۴ صاع کا ایک بڑا پیمانہ سطح زمین پر بہنے والی۔ ج أَرَادِبُ۔
الإِرْدَبَّةُ ۔ چوبچہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَجَ ۔ (ن) رَدَجَانًا۔ جانا۔ گذرنا۔
الرَّدَجُ ۔ نوپید میمنے کی مینگنی۔ نوپید بچھڑے کی لید۔
الأَرْدَاجُ ۔ سیاہ چمڑا۔
رَدَحَ (ف) رَدْحًا ۔ ثابت قدم رہنا —— الشَّيْءَ: زمین پر پھیلا کر برابر کرنا۔ (وأَرْدَحَ) —— البَيْتَ: گاڑھا گارا لیپنا۔
رَدَّحَ ۔ الشَّيْءَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرُّدْحُ ۔ مع ۔ ہلکا درد۔
الرَّدَحُ ۔ لمبی مدت۔ کہا جاتا ہے "أَقَامَ رَدَحًا مِنَ الدَّهْرِ" اس نے زمانہ دراز تک اقامت کی۔
الرَّدَاحُ ۔ بہت بڑا لشکر۔ تاریکی بڑا درخت بڑا پیالہ —— مِنَ الكِبَاشِ: بڑی چکتی والا دنبہ ج ۔ رُدُحٌ۔
الرُّدْحَةُ ۔ خیمہ کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی۔ رُدْحَةُ الصَّائِدِ: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے ارد گرد کھڑا کرلے۔
الرُّدَاحَةُ والرِّدَاحَةُ ۔ بجو کے شکار کے لئے مکان۔

المُرْتَدَحُ ۔ گنجائش۔ کشادگی۔
الرُّدْحِيُّ ۔ دیہات کا سبزی فروش۔
رَدَخَ (ف) رَدْخًا ۔ رَأْسَهُ: سر توڑنا۔
رَدَسَ (ن ض) رَدْسًا ۔ القَوْمَ: پتھر مارنا —— الحَائِطَ: گرانا ڈھانا —— الرَّجُلَ: ذلیل کرنا —— الأَرْضَ: ہموار کرنا —— بالشَّيْءِ: لیجانا —— الحَجَرَ بالحَجَرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَهُ ۔ ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ ۔ مِنْ مَكَانِهِ: گرنا۔
المِرْدَسُ والمِرْدَاسُ ۔ پتھر توڑنے کا اوزار سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کیلئے ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوسٌ و رِدِّيسٌ) بہت دفع کرنے والا
رَدَعَهُ (ف) رَدْعًا ۔ عَنْ كَذَا: روکنا۔ ہٹانا —— ہ بالشَّيْءِ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ فَرَدَعَ بِهِ الأَرْضَ" اس نے لے کر زمین پر پٹک دیا۔ —— السَّهْمُ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کیلئے زمین پر مارنا —— المَرْأَةَ: جماع کرنا ——
رُدِعَ ۔ رَدْعَةً: خاموش ہونا اور چہرے کا رنگ زرد پڑجانا۔ رُدِعَ بِهِ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَهُ ۔ بالزَّعْفَرَانِ: زعفران میں لت پت کرنا۔
تَرَدَّعَ ۔ لت پت ہونا۔
تَرَادَعَ ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا
إِرْتَدَعَ ۔ باز رہنا —— بالطِّيبِ: خوشبو سے لت پت ہونا —— السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگ کر ٹوٹنا۔
الرَّدْعُ ۔ مع ۔ گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ رَدْعَهُ" جبکہ روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و "رَكِبَ البَعِيرُ رَدْعَهُ" جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف میں داخل ہوجائے۔
قَمِيصٌ (رَدِيعٌ) قمیص جس میں خوشبو کا اثر ہو۔
الرِّدَاعُ ۔ کیچڑ و پانی۔

الرُّدَاعُ ۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی
الرَّدِيعُ ۔ پچھاڑا ہوا۔ ثَوْبٌ رَدِيعٌ: زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔ سَهْمٌ (رَدِيعٌ و مُرْتَدِعٌ) تیر جس کا پھل رگ گیا ہو۔
المُرْتَدِعُ ۔ محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔ پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
الرِّدَعْلُ ۔ چھوٹے بچے۔
رَدَغَثَ (ن) رَدْغًا ۔ السَّمَاءُ: تھوڑی بارش برسانا۔ رَدَغَ بِهِ الأَرْضَ: پٹک دینا۔
أَرْدَغَ ۔ المَكَانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔ صفت (رَدِغٌ)
إِرْتَدَغَ ۔ کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغُ والرِّدَاغُ ۔ کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدَغَةُ والرَّدْغَةُ ۔ سخت کیچڑ۔ ج رَدَغٌ رِدَاغٌ و رِدَاغٌ و رَدَغَاتٌ۔ مَاءٌ رَدْغَةٌ: کیچڑ ملا ہوا پانی۔
الرَّدِيغُ ۔ پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المُرْدَغَةُ ۔ گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان کا حصہ۔ عمدہ پررونق باغ ۔ ج مَرَادِغُ۔
رَدَفَهُ (ن) و رَدِفَ لَهُ (س) رَدْفًا۔ پیچھے ہونا۔ رَدَفَهُ و رَدِفَ لَهُ: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف بننا۔ رَدِفَ الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
رَادَفَهُ ۔ ردیف بننا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرَادِفُ" جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
أَرْدَفَ ۔ پے در پے ہونا —— ہ: اپنے پیچھے سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ لَا تُرْدِفُ" جانور جو ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ أَرْدَفَ الشَّيْءَ و بالشَّيْءِ و عَلَيْهِ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو "أَرْدَفْتُ خَيْلًا عَلَى خَيْلٍ" میں نے اپنے گھوڑے کے پیچھے ایک گھوڑے کو کرلیا۔ أَرْدَفَ لَهُ: پیچھے آنا —— الأَمْرُ القَوْمَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا ۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ تَرَادَفَتِ الكَلِمَاتُ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔

اِرْتَدَفَہٗ: پیچھے ہونا۔ اِرْتَدَفَ العَدُوَّ: دشمن کو پیچھے سے پکڑنا — ہ: اپنے پیچھے سوار کرانا
تَرَدَّفَہٗ۔ پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَہٗ۔ پیچھے سوار کرنے کی درخواست کرنا۔
الرِّدْفُ۔ پیچھے سوار ہونیوالا۔ پیروی کرنے والا۔ کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر۔ فِی الجَاہِلِیَّۃِ: زمانۂ جاہلیت میں بادشاہ کا ہم نشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا۔ اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا۔ اور جب فوج واپس آتی تھی تو مالِ غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا۔ ج اَرْدَاف۔ الرِّدْف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الرِّدْفَان: رات دن
الرِّدْفُ والرِّدَافُ۔ مِنَ الدَّابَّۃِ: جانور کا چوتڑ۔
الرَّدِیْفُ۔ سوار کے پیچھے سوار ہونیوالا۔ ج رِدَاف و رُدَفَاء: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والرَّدِیْفُ فِی اصْطِلَاحِ الجُنْدِیَّۃِ: وہ فوجی جو آزاد کر دیا جائے اور ضرورت کے وقت بُلایا جائے۔
الرَّادِفَۃُ والرَّادُوْفُ۔ رَوَادِف کا واحد ہے اور رَوَادِف درختِ خرما کے اُس پودے کو کہتے ہیں جو درختِ خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں تہ بتہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اس کو رَوَاکِب کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جَزُوْرَہُمْ لَذَاتُ رَوَاکِبَ وَرَوَادِفَ"
الرَّوَادِفُ۔ سُرِیْن۔ پیچھے رہنے والی قوم
الرَّادِفَۃُ۔ بادشاہ کی قائم مقامی۔
الرُّدَافٰی۔ مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رُدَافٰی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔
الرَّدَقُ۔ جانور کے نوزائیدہ بچہ کا پاخانہ جو کچھ کھانے سے پہلے کرے۔

رَوْدَکَہٗ۔ آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
الرَّوْدَکُ۔ خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَکَۃٌ
رَدَمَ (ن) رَدْمًا۔ الثُّلْمَۃَ او البَابَ: رخنہ یا دروازہ بند کرنا — القَوْسَ: کمان کو کھینچکر آواز نکالنا — البَعِیْرُ: چھونا۔
رَدَمَ (ن) رَدْمًا۔ الشَّیْءُ: بہنا — السَّحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا — الحُمّٰی: ہمیشہ بخار رہنا — الشَّجَرُ: خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔ رُدِمَ الشَّیْءُ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا۔
اَرْدَمَ۔ السَّحَابُ: ہمیشہ گھرا رہنا — الحُمّٰی عَلَیْہِ: ہمیشہ بخار رہنا۔
رَدَّمَ۔ الثَّوْبَ: پیوند لگانا — النَّاقَۃُ عَلٰی وَلَدِہَا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔
تَرَدَّمَ۔ ثَوْبَہٗ: کپڑے میں پیوند لگانا — الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا — الخُصُوْمَۃُ: جھگڑے کا طویل ہونا ہ: درپے ہوکر حقیقت معلوم کرنا — النَّاقَۃُ عَلٰی وَلَدِہَا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا — القَوْمُ الاَرْضَ: زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔
الرَّدْمُ۔ مص۔ دیوار کا ملبہ۔ کمان کی آواز۔ (— والرُّدَامُ والمِرْدَامُ) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو
الرِّدَمُ۔ رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوْم۔
الرَّدِیْمُ۔ مِنَ الثِّیَابِ: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم۔
الاَرْدَمُ۔ ماہر ملاح۔ ج الاَرْدَمُوْن۔
ثَوْبٌ (مُرَدَّمٌ و مُتَرَدَّمٌ) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔
المُتَرَدَّمُ۔ پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانہ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "ہَلْ غَادَرَ الشُّعَرَاءُ مِنْ مُتَرَدَّمٍ" کا مطلب یہ ہو کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانیکی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔
رَدَنَ (ض) رَدْنًا۔ الاَشْیَاءَ: تہ بتہ رکھنا — المَرْأَۃُ: تکلے پر کاتنا — النَّارَ: آگ سُلگانا
رَدِنَ (س) رَدَنًا۔ الجِلْدُ: سکڑنا۔

رَدَّنَ واَرْدَنَ۔ القَمِیْصَ: آستین لگانا
اَرْدَنَتِ الحُمّٰی: بخار کا مدت تک رہنا۔
اِرْتَدَنَتْ۔ المَرْأَۃُ: تکلا بنانا۔
الرُّدْنُ۔ آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں دراہم و دنانیر رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہوگیا "ثَقُلَ رُدْنُہٗ" یعنی وہ مالدار ہوگیا۔ ج اَرْدَان۔
الرَّدَنُ۔ مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔
الرَّدَنُ۔ سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدَان۔
الرَّادِنُ۔ فا۔ زعفران۔
اَحْمَرُ (رَادِنِیٌّ) سُرخ جس میں زردی ملی ہو۔
الاُرْدُنُ۔ ایک قسم کا سُرخ رنگ کا ریشم۔
الرُّدَیْنِیُّ۔ نیزہ۔ رُدَیْنَہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزہ بنانے میں مشہور تھی۔
المِرْدَنُ۔ تکلا۔
المُرْدِنُ۔ تاریک۔ اندھیرے والا۔ عَرَقٌ مُرْدِنٌ: بدبودار پسینہ۔
خَیْطٌ (مُرَدَّنٌ) ملایا ہوا دھاگا۔
رَدَہَ۔ (ف) رَدْہًا۔ فلانًا بحجر: سنگسار کرنا — البَیْتَ: بڑا مکان بنانا۔
رَدُہَ۔ الرَّجُلُ: شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بنا۔
الرَّدْہَۃُ۔ پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہوجائے۔ سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رِدَہ و رِدَاہ و رُدَہ۔
رَدَیٰ (ض) رَدْیًا و رَدَیَانًا۔ الشَّیْءُ: توڑنا — ہ: دھکا دینا — ہ بحجر: پتھر مارنا — الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا — الجَارِیَۃُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچھلتے ہوئے چلنا — فُلَانٌ: جانا۔ تم کہتے ہو "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ رَدٰی" میں نہیں جانتا کہاں گیا — فِی البِئْرِ: کنوئیں میں گرنا — فلان: بلند پہاڑ سے گرنا — عَلَی الخَمْسِیْنَ مِنْ عُمْرِہٖ: زائد ہونا۔
رَدِیَ (س) رَدًی۔ ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدَّی ۔ الرَّجُلَ: ہلاک کرنا: چادر اُڑھانا۔ — ہ فِی البِئْرِ: کنوئیں میں گرانا — مَالُہٗ: زیادہ ہونا — عَلَی الخَمْسِینَ: زائد ہونا — الفَرَسَ: کدانا۔

رَادَی مُرَادَاۃً ۔ الرَّجُلَ: پھسلانا نرمی برتنا — عَنِ القَوْمِ: کسی قوم کی جانب سے دوسروں پر پتھراؤ کرنا۔

تَرَدَّی ۔ چادر اُڑھانا۔ تَرَدَّی فِی البِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔

اِرْتَدَی ۔ چادر اوڑھنا گلے میں تلوار لٹکانا اِرْتَدَتِ الجَارِیَۃُ: لڑکی کا ایک پاؤں اُٹھا کر دوسرے پاؤں سے اُچھلتے ہوئے چلنا۔

الرِّدَاءُ ۔ چادر۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی پوشش۔ قمیص۔ تلوار۔ کمان۔ عقل۔ نادانی باعث زینت۔ باعث عیب۔ رِدَاءُ الشَّبَابِ: جوانی کی رونق۔ رِدَاءُ الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ غَمْرُ الرِّدَاءِ" وہ فیاض اور بھلائی کرنے والا ہے "خَفِیفُ الرِّدَاءِ" وہ کم مقروض اور کم عیال والا ہے۔ ج اَرْدِیَۃٌ۔

الرِّدَاءَۃُ ۔ بڑی چادر۔

الرَّدَاۃُ ۔ چٹان۔ ج رُدًّی۔

الرَّدِی ۔ ہلاک ہونے والا۔

الرَّادِی ۔ گرجنے والا شیر۔

المِرْدَاۃُ ۔ لڑائی کا چکر۔ اور اسی سے ہے "طَحَنَتْہُ مِرْدَاۃُ طُحُونٍ" لڑائی کے چکر نے اسے پیس کر رکھ دیا (— والمِرْدِی) بڑی چادر۔ ازار پتھر توڑنے کا پتھر ج مَرَادِی۔ المَرَادِی: گھوڑے یا اونٹ کی ٹانگیں زمین پر پاؤں کو پٹکنے والا گھوڑا المَرَادِی: ہاتھی۔

المُرْدِیّ ۔ ملاح کا چپو۔ ج مَرَادِیّ۔

رَذَّتْ (ن) رَذًّا وأَرَذَّتْ ۔ السَّمَاءُ: پھوار برسانا۔ وأَرَذَّتِ القِرْبَۃُ: بہہ پڑنا۔

الرَّذَاذُ ۔ پھوار۔

الرَّوْذَق ۔ اتری ہوئی کھال۔ بھوننے کے لئے بالوں سے صاف کیا ہوا بکری کا بچہ۔ مسالہ ڈال کر پکا ہوا گوشت۔ ج رَوَاذِق۔

الرُّذُوکَۃ ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔ ج رَوَاذِک۔

رَذُلَ (ک) رَذِلَ (س) رَذَالَۃً ۔ قابل نفرت ہونا۔ قبیح ہونا۔ صفت (رَذْلٌ) ج أَرْذَالٌ رُذَال ورُذُول ورَذْلُون و (رَذِیلٌ) ج رُذَلَاء ورِذَال

رَذَلَہٗ (ن) رَذْلًا وأَرْذَلَہٗ ۔ حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا۔

أَرْذَلَ ۔ برا کام کرنا۔ کمینوں کا ساتھی ہونا — ہ: حقیر کرنا۔ ناپسند کرنا۔ حقیر سمجھنا الدَّرَاہِمَ: کھوٹے کر کے واپس کرنا۔

اِسْتَرْذَلَہٗ ۔ حقیر سمجھنا۔

الرُّذَال ۔ حقیر و کمینہ (— والرُّذَالَۃُ) چیز کا ردی حصہ۔ رُذَالَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا گھٹیا۔

الرَّذِیلَۃُ ۔ نالائق۔ بری عادت۔ ج رَذَائِل۔

الأَرْذَل ۔ اسم تفضیل۔ گھٹیا۔ ردی۔ ج أَرَاذِل وأَرْذَلُون۔

المُرْذِل ۔ رذیل ساتھیوں والا یا حقیر جانور والا۔

رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا ورَذَمَانًا ورَذِمَ (س) رَذَمًا وأَرْذَمَ ۔ الإِنَاءُ: لبالب ہو کر بہنا۔ صفت (رَذِم) وأَرْذَمَ عَلَی الخَمْسِینَ مِنْ عُمُرِہٖ: زائد ہونا۔

الرَّذْم والرَّذَمَان ۔ مِنَ النَّاسِ: متفرق جماعت۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ رَذْمًا مِنَ النَّاسِ" میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی۔ "وَکَانَ فِی رَذَمَانٍ مِنَ النَّاسِ" وہ ایسی جماعت میں تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے۔

الرُّذَام والرُّذْم ۔ کمزور جس میں مروت نہ ہو۔

الرَّذُوم ۔ بہنے والا۔ لبالب پیالہ جس میں سے گرے ج رُذُم ورُذَّم۔

رَذِیَ (س) رَذَاوَۃً وأَرْذَی ۔ بیماری سے نڈھال ہونا۔ صفت (رَذِیّ) رُذَاۃ۔ مؤنث رَذِیَّۃ۔

أَرْذَاہُ ۔ نڈھال کر دینا۔ پھینک دینا۔ صفت مفعولی (مُرْذًی)

الرَّذِیّ ۔ بیماری سے نڈھال۔ کمزور۔ لاغر۔

رَزَّتْ (ن ض) رَزًّا ۔ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کیلئے دُم کو زمین میں چبھونا۔ السَّمَاءُ: گرجنا۔ ہ: نیزہ مارنا — البَابَ: دروازہ میں کنڈی لگانا۔ السَّہْمَ فِی الحَائِطِ: تیر کو دیوار میں گاڑنا۔

أَرَزَّتْ ۔ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا۔

رَزَّزَ ۔ الوَرَقَ: کاغذ کو چکنا کرنا — الأَمْرَ: کسی معاملہ کو درست کرنا۔

أَرَزَّ ۔ السَّہْمُ فِی الحَائِطِ: تیر کا دیوار میں گڑ جانا البَخِیلُ عِنْدَ المَسْأَلَۃِ: بخیل کا سوال کے وقت بخل کرنا۔

الرُّزّ ۔ چاول (الأُرْز میں ایک لغت ہے)

الرِّزّ والرِّزِیزَی ۔ دور کی آواز۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔ بادل کی گرج۔ آواز۔

الرَّزَّۃُ ۔ زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا ہے کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں۔ ج رِزَاز ورَزَّات ورُزَز۔

الرُّزَّۃُ ۔ پیٹھ میں ایک قسم کا درد۔

الرَّزَاز ۔ ایضاً۔

الرَّزَّاز ۔ چاول کا سوداگر۔

الإِرْزِیز ۔ کپکپی۔ نیزہ کا گھسنا۔ چھوٹے اولے۔ لمبی آواز والا۔

الرُّزَیْز ۔ ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ رَزِیزُ الرَّعْدِ: گرج کی آواز۔

المُرَزَّز ۔ مِنَ الطَّعَامِ: چاول سے تیار کیا ہوا کھانا۔

المَرَزَّۃُ ۔ چاول اُگنے کی جگہ۔ یا وہ جگہ جہاں چاول جمع کیا جائے۔ یا جہاں چاول بہت ہو

رَزَأَ (ف) رُزْأً ومَرْزِئَۃً ۔ الرَّجُلَ مَالَہٗ: کچھ حاصل کرنا۔ کم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یُرْزَأُ" یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے ہیں (— ورَزِیَ (س) رُزْأً وارْتَزَأَ ۔ الرَّجُلُ: بھلائی حاصل کرنا۔ اِرْتَزَاءُ الشَّیْءِ: کم کرنا۔ و

اِرْزَأَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
الرُّزْءُ۔ ج اَرْزَاءٌ و (الرَّزِیْئَۃُ۔ والرَّزِیَّۃُ) ج رَزَایَا: بڑی مصیبت۔
المِرْزَأُ۔ فیاض سخی ج مَرَازِئُ۔
والمُرَزَّؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المُرْزِئَۃُ۔ بڑی مصیبت۔
رَزَبَہٗ (ن) رَزْبًا۔ چمٹے رہنا۔
الإِرْزَبُ۔ چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا۔
الإِرْزَبَّۃُ والمِرْزَبَۃُ۔ لوہے کی سلاخ لہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب۔
المِرْزَابُ۔ پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج مَرَازِیْبُ۔
المَرْزُبَانُ۔ فارسیوں کا رئیس ج مَرَازِبَۃٌ و (المَرْزُبَۃُ) فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ (ف) رَزْحًا و رُزُوْحًا و رُزَاحًا۔ الجَمَلُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا صفت (رَازِحٌ) ج رُزَّحٌ ـــ الرَّجُلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا ـــ الرَّجُلَ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا (ـــ وأَرْزَحَ) العِنَبُ: گرے ہوئے انگور اٹھانا (رَزَحَتْ و تَرَازَحَتْ) حَالُہٗ: برا حال ہونا۔
رَزَّحَ۔ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔
اِبِلٌ (رَزَاحَی و رَزْحَی و رُزَّحٌ و رَوَازِحُ) لاغر دگر ور اونٹ۔
المَرْزَحُ۔ ہموار زمین۔
المِرْزَحُ والمِرْزَحَۃُ۔ انگور کی بیل کو زمین سے اٹھانے کیلئے لکڑی۔ ج مَرَازِحُ۔ المِرْزَحُ: آواز۔
المِرْزَاحُ۔ مِنَ الإِبِلِ: بہت ہی لاغر اونٹ جو چلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیْحُ۔
رَزَخَہٗ (ن) رَزْخًا۔ بالرُّمْحِ: نیزہ چبھونا
الرَّزْدَقُ۔ لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار (جدید)
الرُّزْدَاقُ۔ دیہات اور اس کے ارد گرد کی زمینیں۔ ج رُزْدَاقَاتٌ و رَزَادِیْقُ۔

أَرْزَغَ۔ المَاءُ: پانی کم ہونا ـــ المَکَانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا ـــ الحَتْفُرُ: کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا ـــ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین کو تر کر دینا ـــ الرَّجُلَ: عیب آلودہ کرنا ـــ فِی فُلَانٍ: بہت تکلیف پہنچانا حقارت کرنا عیب لگانا طعن و تشنیع کرنا۔
رَازَغَہٗ۔ کشتی کرنا اور فریب دینا۔
اِسْتَرْزَغَہٗ۔ کمزور سمجھنا۔
الرَّزَغَۃُ۔ پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغٌ و رِزَاغٌ۔ الرَّزَغُ: تری۔
الرَّزِغُ والرَّازِغُ۔ کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَفَ (ض) رَزِیْفًا و رَزَفَانًا و أَرْزَفَ إِلَیْہِ: آگے بڑھنا ـــ الجَمَلُ: اونٹ کا جبلانا دوڑنا۔ رَزَفَ الأَمْرُ: قریب ہونا۔ أَرْزَفَ النَّاقَۃَ: دُلکی چلانا۔ أُرْزِفَ القَوْمُ: جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔
نَاقَۃٌ (رَزُوْفٌ) کشادہ قدم تیز رفتار اونٹنی۔
رَزَافَاتُ۔ البَلَدِ: شہر کے قریب کی جگہیں
رَزَقَہٗ (ن) رَزْقًا۔ روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے۔ رَزَقَہُ اللّٰہُ الغِنَی "اللہ اسے تونگری دے۔
رُزِقَ۔ روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا
اِرْتَزَقَہٗ۔ روزی مانگنا ـــ الجُنْدُ: روزی لینا۔
اِسْتَرْزَقَہٗ۔ روزی مانگنا۔
الرِّزْقُ۔ روزی۔ ج أَرْزَاقٌ۔ بارش۔
الرِّزْقُ الحَسَنُ: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی (ـــ والرِّزْقَۃُ) ج رِزَقَاتٌ۔ سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "أَخَذْتُ رِزْقَتِی ہٰذَا الشَّہْرَ أَوْ ہٰذَا العَامَ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الرَّازِقِیُّ۔ کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔
الرَّازِقِیَّۃُ۔ کتاں کے سفید کپڑے۔ شراب
الرَّزَّاقُ۔ روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)
المُرْتَزَقُ۔ مفع جس سے فائدہ اٹھایا جائے
المُرْتَزِقَۃُ۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کر لی ہو۔
المَرْزُوْقُ۔ مفع۔ خوش نصیب۔

رَزَمَ (ن) رَزْمًا۔ الشَّیْءَ: جمع کر کے باندھنا ـــ بالشَّیْءِ: پکڑنا ـــ عَلَی عَدُوِّہٖ: دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا ـــ الرَّجُلُ: مرنا ـــ الأُمُّ بِہٖ: جننا۔
رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا و رُزَامًا۔ البَعِیْرُ اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اٹھ نہ سکنا صفت (رَازِمٌ) ج رُزَّامٌ (ـــ رَزَمَۃٌ) الشِّتَاءُ: سرد ہونا۔
رَزَّمَ۔ الثِّیَابَ: کپڑوں کی گٹھری باندھنا۔ ـــ القَوْمُ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔
رَازَمَ۔ بَیْنَہُمَا: جمع کرنا ـــ فِی الطَّعَامِ: بدل بدل کر کھانا کھانا ـــ الدَّارَ: دیر تک رہنا۔
أَرْزَمَ۔ الرَّعْدُ: سخت گرجنا۔ أَرْزَمَتِ النَّاقَۃُ: بچہ کیلئے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "لَا أَفْعَلُہٗ مَا أَرْزَمَتْ أُمُّ حَائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا
اِرْزَأَمَّ اِرْزِئْمَامًا۔ غضبناک ہونا۔
الرَّزْمَۃُ۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الرِّزْمَۃُ۔ مِنَ الثِّیَابِ وَغَیْرِہَا: گٹھری ج رِزَمٌ
الرَّزَمَۃُ۔ بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز۔ اور اسی پر مثال ہے "لَا خَیْرَ فِی رَزَمَۃٍ لَا دِرَّۃَ فِیْہَا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہونچائے۔
غَیْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔
الرِّزَامُ۔ سخت مرد۔ ج رُزُمٌ۔

أَسَدٌ (رَزَّامَةٌ ورَزَّامٌ) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔

الرَّزِيمُ۔ شیر کی گرج۔

الرَّزَّامُ والمُرْزِمُ۔ اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا شیر۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِالمُرْزِمِ"۔

المِرْزَمُ۔ گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رَسّی۔ أُمُّ المِرْزَمِ: بادِ شمالی یا مطلقاً ہوا۔

المِرْزَمَانِ۔ دو ستارے جو دونوں شعریٰ کے ساتھ ہوتے ہیں۔ اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لَا خَيْرَ فِي الزَّمَانِ مَا طَلَعَ المِرْزَمَانِ" یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں۔

رَزَنَ (ن) رَزْنًا۔ الشَّيْءَ: ہاتھ سے اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا — بِالمَكَانِ: اقامت کرنا

رَزُنَ (ک) رَزَانَةً۔ سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت مذکر (رَزِينٌ) صفت مؤنث (رَزَانٌ) رزینہ نہیں بولا جاتا۔

رَازَنَ۔ الرَّجُلَ: دوست ہونا۔ ساتھ اترنا

تَرَازَنَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

تَرَزَّنَ۔ فِي الأَمْرِ وَفِي مَجْلِسِهِ: سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔

الرَّزْنُ والرِّزْنُ۔ بلند جگہ جس میں پانی رک جائے۔ ج رُزُونٌ ورِزَانٌ وأَرْزَانٌ۔ الرِّزْنُ: کنارہ۔

الرِّزْنَةُ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَانٌ۔

الأَرْزَنُ۔ سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں۔

الرَّزِينُ۔ ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَزِينُ الرَّأْيِ"

الرَّوْزَنَةُ۔ روشن دان۔ ج رَوَازِنُ۔

رَزَى (ض) رَزْيًا۔ فُلَانًا: احسان قبول کرنا

أَرْزَى إِرْزَاءً۔ إِلَيْهِ وَارْزَى إِلَيْهِ ظَهْرَهُ: سہارا لینا۔ پناہ لینا۔

رَسَّ (ن) رَسًّا۔ البِئْرَ: کنواں کھودنا — الشَّيْءَ: دھنسانا — رَسَّ الخَبَرَ: بیان کرنا — المَيِّتَ: میت کو دفن کرنا — خَبَرَهُمْ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا — بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا — (ضد) (— رَسًّا ورَسِيسًا وَارْتَسَّ) السُّقْمُ فِي جِسْمِهِ: بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔

رَاسَّهُ مُرَاسَّةً۔ بِالأَمْرِ: کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتدا کرنا۔

تَرَاسَّ۔ القَوْمُ الخَبَرَ: رازدارانہ کہنا۔

اِرْتَسَّ۔ الخَبَرُ فِي النَّاسِ: پھیلنا۔ ظاہر ہونا

الرَّسُّ۔ مص۔ پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن ہر چیز کی ابتدا۔ بخار کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بِهِ رَسٌّ حُمَّى" اُسے بخار کی ابتداء ہے۔ رَسُّ الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت کہا جاتا ہے "بَلَغَنِي رَسٌّ مِنَ الخَبَرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہونچا۔

الرَّسَّةُ۔ مضبوط ستون۔

الرُّسَّةُ والأُرْسُوسَةُ۔: ٹوپی۔

الرَّسِيسُ۔ مص۔ ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔ ج رُسُسٌ "رَسِيسٌ": نرم ہوا۔ رَسِيسُ الحُمَّى: بخار کی ابتداء۔ رَسِيسُ الحُبِّ: آغازِ محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔

الرَّسِّي۔ ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش۔

رَسَبَ ورَسُبَ (ن وک) رُسُوبًا ورَسْبًا۔ الشَّيْءُ فِي المَاءِ: تہ نشین ہونا — العَيْنُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔

أَرْسَبَهُ: نیچے اتارنا۔

الرَّاسِبُ والرَّسُوبُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔

الرَّسْبُ والرَّسَبُ والرَّسُوبُ و المِرْسَبُ۔ مِنَ السُّيُوفِ: اندر کو گھس جانے والی تلوار۔

الرَّوْسَبُ۔ بلا۔ مصیبت۔

الرُّسْتَاقُ۔ دیہات۔ ج رَسَاتِيقُ۔

رَسِحَ (س) رَسَحًا۔ دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (أَرْسَحُ) صفت مؤنث (رَسْحَاءُ) ج رُسْحٌ۔ اِمْرَأَةٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔

أَرْسَحَهُ۔ لاغر کرنا۔

رَسَخَ (ن) رُسُوخًا۔ گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الحِبْرُ فِي الصَّحِيفَةِ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "وَرَسَخَ العِلْمُ فِي القَلْبِ" علم دل میں جاگزیں ہو گیا۔ "وفُلَانٌ رَاسِخٌ فِي العِلْمِ" فلاں مضبوط علم والا ہے — الغَدِيرُ: تالاب کا پانی نیچے اتر گیا۔

أَرْسَخَهُ۔ گاڑ دینا۔ ثابت کرنا۔ مضبوط کرنا۔

تَرَسَّخَ۔ فِي التُّقَى: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔

الرَّسْدَاقُ والرُّسْدَاقُ۔ بمعنی الرُّزْدَقُ والرُّزْدَاقُ۔

رَسَعَ (ف) رَسْعًا۔ العُضْوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا — عَيْنُهُ: چپٹے ہوئے پپوٹے والی ہونا — الصَّبِيَّ: بچے کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

رَسِعَ (س) رَسَعًا۔ خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (أَرْسَعُ) — عَيْنُهُ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْعَاءُ) — بِهِ الشَّيْءُ: چمٹنا۔

رَسَّعَ۔ خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا — الشَّيْءُ: چپکانا — السَّيْرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اُس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا — الصَّبِيَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لئے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔

الرِّسَاعَةُ۔ ج رَسَائِعُ: تلوار کی پرتلے کے کھلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرُّسُوعُ۔ کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔

الرَّسِيعُ۔ چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔

رَسَغَ (ن) رَسْغًا۔ البَعِيرُ: اگلی ٹانگوں

کے گلے میں رسی باندھنا۔

رَسَغَ ۔ المَطَرُ: ٹخنے تک برسنا ——— العَیْشَ: وسیع کرنا ——— الکَلامَ: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔

تَرَاسَغَ ۔ گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔

اِرْتَسَغَ ۔ عَلیٰ عِیَالِہٖ: نفقہ میں وسعت کرنا

الرُّسْغ والرُّسُغ ۔ گٹا ۔ پہنچا ۔ جو اَرْسَاغ وَاَرْسُغ۔

الرَّسِیْغ ۔ مِنَ العَیْشِ: کشادہ زندگی مِنَ الطَّعَامِ: بہت خوراک۔

الرِّسَاغ ۔ وہ رسی جس کو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔

المُرْتَسَغ ۔ مِنَ الآرَاءِ: کمزور و نادرست رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا ورَسِیْفًا و رَسَفَانًا ۔ پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا

اَرْسَفَ ۔ الدَّابَّۃَ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ ۔ الشَّیْئُ: بلند ہونا۔

رَسِلَ (س) رَسَلًا ورَسَالَۃً ۔ الشَّعْرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا ——— البَعِیْرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا۔

رَسَّلَ ۔ فِی القِرَاءَۃِ: خوش آوازی کر پڑھنا ۔ آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا۔ ——— الفُصْلَانَ: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَہٗ ۔ فِیْ وعَلیٰ وبِالْاَمْرِ: خط وکتابت کرنا ۔ رَاسَلَہٗ الغِنَاءَ: گانے میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَلَہٗ ۔ بھیجنا ۔ چھوڑنا ۔ اَرْسَلَ القَوْلَ: بلاقید بولنا ——— فُلَانًا عَلَیْہِ: مسلط کرنا ۔ اَرْسَلَ بِہٖ اِلَیْہِ: پیغام کے ساتھ بھیجنا ——— قولہ مثلًا: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ ۔ نرمی کرنا ۔ آہستگی کرنا ۔ رسول ہونیکا دعوی کرنا ——— فِی الرُّکُوْبِ: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈالکر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا ——— فِی القُعُوْدِ: اِردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈالکر چارزانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ ۔ القَوْمُ: باہم خط وکتابت کرنا

اِسْتَرْسَلَ ۔ الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا لٹکنا ——— الشَّیْئُ: نرم ہونا ——— اِلَیْہِ: بے تکلفی برتنا ——— فِی الکَلَامِ: گفتگو میں وسعت کرنا۔

الرَّسْل ۔ مِنَ السَّیْرِ: نرم چال ——— مِنَ الشَّعْرِ: لٹکے ہوئے بال ——— مِنَ الاِبِلِ: نرم چال والا اونٹ۔

الرِّسْل ۔ نرمی ۔ آسودگی ۔ دودھ ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ ۔ جو اَرْسَال ۔ الرِّسَال: اونٹ کی ٹانگیں (الرِّسْل والرِّسْلَۃ) آہستگی، نرمی۔ کہا جاتا ہے "عَلیٰ رِسْلِکَ یَا رَجُلُ" یعنی اے شخص آہستہ وباوقار رہ ۔ الرِّسْلَۃ: جماعت کہا جاتا ہے "جَاؤُوْا رِسْلَۃً" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

الرَّسَل ۔ مص ۔ جماعت ۔ گروہ ۔ ریوڑ ۔ جو اَرْسَال۔

الرَّسْلَۃ ۔ کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فِیْہِ رَسْلَۃٌ" "نَاقَۃٌ رَسْلَۃٌ": نرم چال والی اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ فِیْ رَسْلَۃٍ مِنَ العَیْشِ" وہ لوگ نرمی وآسودگی میں ہیں ۔ الرَّسْلَۃ: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت اور لمبے لمبے بال ہوں

الرِّسَالَۃ والرَّسَالَۃ ۔ پیغام ۔ پیغامبری خط ۔ جو رَسَائِل ورَسَالَات۔

الرَّسُوْل ۔ بھیجا ہوا ۔ پیغامبر ۔ پیغامبری تیراندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو ۔ جو رُسُل ورُسْل واَرْسُل ورُسَلَاء ۔ الرَّسُوْل: چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

الرَّسِیْل ۔ بھیجا ہوا ۔ پیغامبر ۔ پیغامبری ۔ پیغام بھیجنے والا ۔ تیراندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو ۔ گھوڑدوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ ۔ ساتھ ۔ میٹھا پانی ۔ جو اَرْسُل ورُسُل ورُسَلَاء۔

الرُّسَیْلَۃ ۔ الرِّسْلَۃ کی تصغیر ۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَی الکَلَامَ عَلیٰ رُسَیْلَاتِہٖ" یعنی اس نے بے التفاتی کی۔

المُرْسَلَۃ ۔ لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو ۔ جو مُرْسَلَات ۔ المُرْسَلَات: ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

المِرْسَال ۔ چھوٹا تیر ۔ پیغامبر ۔ نَاقَۃٌ مِرْسَالٌ: نرم رفتار اونٹنی ۔ جو مَرَاسِیْل

رَسَمَ (ن) رَسْمًا ۔ المَطَرُ الدِّیَارَ: مٹاکر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا ——— لَہٗ کَذَا: حکم دینا ——— عَلیٰ کَذَا: لکھنا ——— الکِتَابَ: لکھنا ——— نَحْوَہٗ: دوڑتے ہوئے جانا ——— ہٗ الاُسْقُفُ: گرجا کا کوئی عہدہ دینا ۔ اسم "الرِّسَامَۃ" ہے

رَسَمَ (ض) رَسِیْمًا ۔ البَعِیْرُ: پاؤں کا نشان چھوڑنا ۔ تیز چلنا ۔ صفت (رَسُوْم)

رَسَّمَ ۔ الثَّوْبَ: دھاری دار بنانا ——— وَاَرْسَمَ النَّاقَۃَ: چلاکر پاؤں کے نشان ڈلوانا

تَرَسَّمَ ۔ الدَّارَ: گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا ——— الشَّیْئَ: یاد کرنا ——— البَانِیْ والحَافِرُ: عمارت بنانے یا کھودنے کیلئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ ۔ الاَمْرَ: فرمانبرداری کرنا ۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لَہٗ کَذَا فَارْتَسَمَہٗ" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجا لایا ——— لِلّٰہِ تعالیٰ: تکبیر کہنا اور دعا کرنا ——— الرَّجُلُ: گرجا کے کسی عہدہ پر پہونچنا۔

الرَّسْم ۔ مص ۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات مٹی میں دبا ہوا کنواں ۔ کسی چیز کا خاکہ ۔ علامت غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَیٰ وُدَّکُمْ رَسْمًا وَوُدِّیْ حَقِیْقَۃً" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں ۔ جو رُسُوْم وَاَرْسُم ۔ معاملہ ——— عِنْدَ اَہْلِ الجِبَایَۃِ: ٹیکس۔

الرَّاسِم ۔ فا ۔ بہتا ہوا پانی۔

الرَّسِیْم ۔ رفتار کی خوبی۔

الرَّاسُوم - ج رَوَاسِیم و الرُّوسَم) ج
رَوَاسِم : مُہر - مٹکے وغیرہ پر مہر کرنے کی چیز
کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلے کے ڈھیر پر
مہر کی جائے - الرُّوسَم : علامت - نشان -
مصیبت - الرَّوَاسِم : زمین پر پاؤں کو نشان
ڈال کر چلنے والے اونٹ - واحد (رَاسِم و رَاسِمَۃ)
المَرْسُوم - مفعو - لکھا ہوا - سرکلر - ج مَرَاسِم
و مَرَاسِیم -
الرَّسَّام - نقش کرنے والا - نقشہ بنانیوالا
الرَّسَمَان والمِرْسَم - زمین پر نشان
ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال -
رَسَنَ (ن ض) رَسْنًا و اَرْسَنَ - الدَّابَّۃَ :
جانور کے سر میں رسی ڈالنا - رَسَنَ و اَرْسَنَ الدَّابَّۃَ :
جانور کو چرنے کیلئے آزاد چھوڑ دینا - اور اسی
سے ہے "رَمَی بِرَسَنِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس نے اسکے
کندھے پر اس کی رسی ڈالدی یعنی اُسے بالکل
آزاد چھوڑ دیا - اَرْسَنَ المُہْرُ : بچھیرے کا تابع ہونا -
گردن میں رسی ڈالنے کے لئے سر دے دینا -
الرَّسَن - جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسی
ج اَرْسَان و اَرْسُن -
المَرْسِن والمِرْسَن - مِنَ الدَّابَّۃِ : رسی
ڈالنے کی جگہ ج مَرَاسِن - ناک -
رَسَا یَرْسُو رَسْوًا و رُسُوًّا - ٹھہرنا - ثابت
ہونا - استوار ہونا - صفت مذکر (رَاسٍ) صفت
مؤنث (رَاسِیَۃ) ج رَوَاسٍ و رَاسِیَات - رَسَتِ
السَّفِیْنَۃُ : لنگر انداز ہونا - رَسَا بَیْنَ القَوْمِ :
صلح کرانا --- عَنْہُ حَدِیْثًا : کسی سے روایت کرنا
لَہُ الحَدِیْثَ : کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا
--- الصَّوْمَ : روزے کی نیت کرنا -
رَاسَی - ہ : تیراکی میں مقابلہ کرنا -
اَرْسَی اِرْسَاءً - الشَّیْءُ : ٹھہرنا - ثابت ہونا
استوار ہونا --- السَّفِیْنَۃَ : کشتی کو لنگر انداز کرنا -
--- الوَتَدَ فِی الاَرْضِ : کھونٹے کو زمین میں گاڑنا
الرَّسْوُ - خبر کا ایک حصہ -
الرَّاسِی - فا - قِدْرٌ رَاسِیَۃٌ : ایک جگہ پر
رہنے والی بڑی دیگ -
الرَّوَاسِیْ - مضبوط پہاڑ -
الرَّسِیُّ - ثابت - خیمے کے درمیان کا تھم -
المَرْسٰی - بندرگاہ - ج مَرَاسٍ -
المُرْسٰی - مفعو - باری تعالٰی کے قول -
"یَسْاَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَۃِ اَیَّانَ مُرْسٰہَا"
کے معنی یہ ہیں کہ "لوگ آپ سے دریافت
کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی -
المِرْسَاۃ - کشتی کا لنگر - ج مَرَاسٍ - کہا
جاتا ہے "اَلْقٰی مَرَاسِیَہٗ" یعنی اُس نے اقامت کی
و "اَلْقَتِ السَّحَابُ مَرَاسِیَہَا" بادل جم کر برسا -
رَشَّ (ن) رَشًّا و تَرْشَاشًا - المَاءَ :
پانی چھڑکنا --- السَّمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا -
--- البَیْتَ : دھونا -
اَرَشَّتْ - السَّمَاءُ : آسمان کا پھوار برسانا -
--- الطَّعْنَۃُ : کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر
نکلنا --- الشِّوَاءُ : بھونے ہوئے گوشت سے
چربی ٹپکنا --- الفَرَسَ : گھوڑے کو دوڑا کر
پسینہ لانا -
تَرَشَّشَ - عَلَیْہِ المَاءُ : متفرق چھینٹے پڑنا - بہنا
الرَّشّ - مص - پھوار - ج رِشَاش - ہلکی بارش
الرَّشَاش - پانی خون وغیرہ کا چھینٹا -
المِرَشَّۃ - پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ -
رَشَأَ (ت) رَشْأً - الظَّبْیُ : ہرن کا قوی ہو کر
ماں کے ساتھ چلنا --- الظَّبْیَۃُ : ہرن کا جننا -
الرَّشَأ - ہرن کا بچہ - یا وہ جو چلنے لگے ج اَرْشَاء
الرُّشْمَۃ - مغز سے خالی ناریل جس سے
پانی نکالیں -
المِرْاشِب - مٹی جس سے مشکوں کا منہ
بند کردیں -
رَشَحَ (ف) رَشْحًا و رَشَحَانًا و اَرْشَحَ
و اِرْتَشَحَ - الاِنَاءُ : برتن کا ٹپکنا - رسنا ---
الجَسَدُ : بدن کا پسینہ والا ہونا و رَشَحَ الظَّبْیُ :
ہرن کا اچھلنا - کودنا - کہا جاتا ہے "لَمْ یَرْشَحْ لَہٗ
بِشَیْءٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا -
رَشَّحَتِ النَّاقَۃُ وَلَدَہَا تَرْشِیْحًا و اَرْشَحَتْہُ
و رَشَّحَتْہُ - اونٹنی کا اپنے بچہ کی دُم کی جڑ کو
اپنے سر سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر
جانا تاکہ بچہ اُس سے لاحق رہے - صفت
(رَاشِح و مُرَشِّح و مُرْشِح)
رَشِحَ - پسینہ سے تر ہونا -
رَشَّحَ - المَالَ : بہتر انتظام کرنا --- الوَلَدَ :
پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے
ہے "ہُوَ یُرَشَّحُ لِوِلَایَۃِ العَہْدِ" وہ ولیعہدی کیلئے
تیار کیا جارہا ہے --- الظَّبْیَۃُ وَلَدَہَا : جننے کے وقت
آلائش چاٹنا --- النَّاقَۃُ وَلَدَہَا : بمعنی رَشَّحَتْہُ -
--- الغَیْثُ النَّبَاتَ : بارش کا نباتات کو بڑھانا
تَرَشَّحَ - وَلَدُ النَّاقَۃِ : ماں کے ساتھ چلنے
کے لائق ہونا --- الظَّبْیَۃُ : جننے کے وقت
آلائش چاٹنا --- المَاءُ : پتھروں سے ٹپکنا -
--- الرَّجُلُ لِلْاَمْرِ : لائق ہونا - اہل ہونا -
اِسْتَرْشَحَ - النَّبَاتُ : بلند ہونا - بڑھنا -
--- النَّبَاتَ : چرانے کیلئے بڑھنے کا انتظار کرنا
الرَّشْح - مص - پسینہ -
الرَّاشِح - فا - پتھروں سے ٹپکنے والا پانی -
--- مِنَ الفُصْلَانِ : چلنے میں قوی - پہاڑ
جس کا نچلا حصہ تر ہو - زمین پر رینگنے والا کیڑا -
ج رَوَاشِح -
الرَّشِیْح - پسینہ - ایک قسم کی نباتات -
المِرْشَح و المِرْشَحَۃ - زین کے نیچے کا
خوگیر -
الاَرْشَح - بہت ذہین - ذکی - کہا جاتا ہے
"ہُوَ اَرْشَحُ فُؤَادًا" وہ تیز خاطر ہے -
رَشَدَ (ن) رُشْدًا و رَشَادًا و رَشِدَ
(س) رَشَدًا - ہدایت پانا - راہ راست پر چلنا
--- اَمْرَہٗ : ہدایت یافتہ ہونا -
رَشَّدَہٗ و اَرْشَدَہٗ - اِلٰی کَذَا و عَلَیْہِ
و لَہٗ : ہدایت کرنا - رَشَدَہٗ القَاضِی : سیدھے
راستہ پر چلنا -
اِسْتَرْشَدَ - لِاَمْرِہٖ : راہ راست پانا -

—— ہ: ہدایت طلب کرنا۔
الرُّشْد ۔ مص ۔ ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔
الرَّشْدَة والرِّشْدَة: حلال زادہ۔
الرُّشْدَی ۔ ہدایت۔
الرَّشِیْد ۔ سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔
الرَّشَاد والرَّشَد ۔ ایک قسم کی نباتات
الرَّشَادَة چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر ج رَشَاد
المَرَاشِد ۔ سیدھے و متوسط راستے۔ (جمع ہے واحد نہیں)
اُمّ (رَاشِد) چوہیا۔
رَشْرَشَ رَشْرَشَةً ۔ الشیءُ: ڈھیلا ہونا۔ —— البعیرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کیلئے سینہ سے زمین رگڑنا۔
تَرَشْرَشَ ۔ الماءُ: بہنا۔ خُبزٌ اَوْ عَظمٌ (رُشْرُش و رُشْرَاش) نرم روٹی یا ہڈی۔
رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا و رَشِیْفًا و تَرْشَافًا و رَشِفَ (س) رَشْفًا و رَشَفَانًا المَاءَ و نحوَہٗ: چوسنا —— الاِناءَ: پی کر خالی کرنا۔
رَشَّفَ و اَرْشَفَ و تَرَشَّفَ و ارْتَشَفَ المَاءَ: خوب چوسنا۔
الرَّشْف والرَّشَف ۔ حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَشَفٌ" بے پانی کا حوض
الرَّشَّاف ۔ بہت چوسنے والا۔
المِرْشَف ۔ پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف
المَرَاشِف: ہونٹ۔
رَشَقَہٗ (ن) رَشْقًا ۔ بالسَّہْمِ: تیر مارنا۔ —— بِبَصَرِہٖ: گھور کے دیکھنا —— ہ بِلِسَانِہٖ: طعن و تشنیع کرنا۔ اور اسی سے ہے "اِیَّاکَ و رَشَقَاتِ اللِّسَانِ" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔
رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً ۔ الغلامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابکدست ہونا۔ پھرتیلا ہونا صفت (رَشِیْق) ج رِشَاق۔
رَاشَقَہٗ مُرَاشَقَةً ۔ ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔
تَرَاشَقَ ۔ القومُ: باہم تیر اندازی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَرَاشَقُوْا بِاَلْسِنَتِہِمْ و تَرَاشَقُوْا بِاَعْیُنِہِمْ" انھوں نے اپنی زبانوں سے طعن تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا
رَشَقَ ۔ فی الاَمْرِ: تیز ہونا۔
اَرْشَقَ ۔ النظرَ اِلیہ: تیز نظر سے دیکھنا —— القومُ بِبَصَرِہٖ: نگاہ ڈالنا —— الظبیۃُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا —— الرامی: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْشَقَنِیْ مَقْصَدِیْ" اُس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا۔ و "مَا اَرْشَقَ ہٰذِہِ القوسَ" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔
الرَّشُوْق ۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ رَشِیْق کی جمع۔
الرَّشْق والرِّشْق ۔ قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ رَشْقَ قَلَمِہٖ" میں نے اسکے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْق: تیر اندازی ج اَرْشَاق۔
الاَرْشَق ۔ سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِیْدٌ اَرْشَقُ" کھڑی گردن۔
الرَّشِیْق: نازک اندام خوبصورت —— مِنَ اللَّفْظِ اَوِ الخَطِّ: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط
الرِّشْلَث ۔ گھنی داڑھی۔ گھنی داڑھی والا۔ بچھو۔
رَشَمَ (ن) رَشْمًا ۔ بَیْدَرَ الحِنْطَةِ: گیہوں کے کھلیان پر مہر کرنا۔ (—— و رَشَّمَ) لکھنا۔
رَشِمَ (س) رَشَمًا ۔ کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)
اَرْشَمَ ۔ الشجرُ: درخت کا پتے والا ہونا۔ —— الارضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا —— البرقُ: بجلی چمکنا —— الماشیۃُ: ابتدائی سبزی چرنا۔
(—— و اَرْشَمَ) الاناءَ: برتن پر مہر کرنا۔
الرَّشْم ۔ ابتدائی سبزی۔ بجو کے منہ کی سیاہی (—— و الرَّشَم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا اثر
الاَرْشَم ۔ والعُذار۔ کتا جو کہ اسکے نتھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہو) —— مِنَ الغَیْثِ: تھوڑی بارش۔ عَامٌ اَرْشَمُ: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔
الرَّوْشَم والرَّاشُوْم ۔ غلہ کے انبار پر مہر کرنے کی منقوش تختی۔
الرُّشْمَة ۔ بجو کے منہ کی سیاہی۔
رَشَنَ (ن) رَشْنًا و رُشُوْنًا ۔ بن بلائے مہمان بننا —— الکلبُ فی الاِناءِ: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔
الرَّشْن والرَّوْشَن ۔ پانی نکلنے کا دہانہ
الرَّاشِن ۔ فا۔ بن بلائے مہمان۔ کاریگر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "الحُلْوَان" بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّوْشَن ۔ روشن دان۔ ج رَوَاشِن۔
رَشَاہٗ (ن) رَشْوًا ۔ رشوت دینا۔
رَاشٰی مُرَاشَاةً ۔ فلانًا: رشوت دینا۔ مدد کرنا۔
اَرْشٰی ۔ الدَّلْوَ: ڈول میں رسی لگانا —— الشجرُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا —— القومُ فی دَمِہٖ: کسی کے خون میں شریک ہونا۔ اَرْشَوْا بِسِلَاحِہِمْ رِفْقًا: کسی کے مقابلہ کے لئے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔
تَرَاشٰی ۔ الرجلُ: باہم نرمی برتنا۔
اِرْتَشٰی ۔ رشوت لینا —— مِنْہُ رِشْوَةً: —— رشوت لینا۔
اِسْتَرْشٰی ۔ فی حُکْمِہٖ: رشوت مانگنا —— الفصیلُ: اونٹ کے بچہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا —— مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے دودھ نکالنا۔
الرُّشْوَة والرَّشْوَة والرِّشْوَة ۔ رشوت۔ ج رُشًی و رِشًی۔
الرِّشَاء ۔ رسی۔ ڈول کی رسی۔ ج اَرْشِیَة کہا جاتا ہے "اَتْبِعِ الدَّلْوَ رِشَاءَہَا" ڈول کے پیچھے رسی بھی کردو۔ اس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرانا ہو۔

واَرشِیۃُ النّبات: نباتات کی بیلیں۔

الرَّشَاۃ۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج رَشا۔

الرِّشِیّ۔ اونٹ کا بچہ۔

التَّرَشَّاء۔ ڈول کی رسی۔

رَصَّ (ن) رَصًّا۔ الشَّیْءَ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔۔۔ الدجاجۃُ بَیْضَتَہا: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کیلئے بچوں کو درست کرنا

رَصَّصَ۔ ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔

تَرَصَّصَ واِرْتَصَّ۔ باہم چمٹنا۔ جڑنا

الرَّصَاص۔ سیسہ۔ قلعی۔ واحد (رَصَاصَۃ)

الرَّصَاصِیّ۔ سیسہ کے رنگ کا۔

الرَّصَص۔ دانتوں کی پیوستگی۔

الرَّصِیص۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مؤنث رَصِیصَۃ۔ ج رَصَائِص۔ کہا جاتا ہے "رُصَّتْ عَلَی القَبرِ الرَّصَائِصُ" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرَّصِیص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔

الاَرَصّ۔ قریب قریب دانتوں والا۔ مؤنث رَصَّاء۔ ج رُصّ۔ فَخِذٌ رَصَّاء: ایک دوسری سے ملی ہوئی ران۔

الاُرْصُوصَۃ۔ خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی۔

الرَّصَّاصَۃ۔ بجلی۔ جاری چشمہ کا اردگرد کے پتھر۔ بُنیانٌ (مَرْصُوصٌ) مضبوط عمارت۔

الرَّصَب۔ انگشت شہادت۔ اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔

رَصِحَ (س) رَصَحًا۔ قریب قریب سرین صفت (اَرْصَحُ) مؤنث رَصْحَاء۔

رَصَخَ۔ فی الاَمْرِ: بمعنی رَسَخَ۔

رَصَدَہٗ (ن) رَصْدًا ورَصَدًا۔ انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔

رُصِدَ۔ المکانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُود)

رَاصَدَہٗ۔ نگہبانی کرنا۔

اَرْصَدَ۔ الرَّقِیبَ: گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا ۔۔۔ لَہٗ شَیْئًا: تیار کرنا۔ مہیا کرنا ۔۔۔ لِخَیْرٍ اَو شرٍّ: بدلہ دینا ۔۔۔ الحِسابَ: پیش کرنا ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔

اِرْتَصَدَہٗ وتَرَصَّدَہٗ۔ امید لگانا۔ تَرَصَّدَہٗ: گھات میں بیٹھنا۔

تَرَاصَدَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔

الرَّاصِدُ۔ فا۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد ورَصَد۔

الرَّصَد۔ راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد۔ گھات میں بیٹھنے والے لوگ (واحد جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے اور کبھی جمع کیلئے ارصاد بولتے ہیں)

الرَّصْدَۃ۔ بوچھار ج رِصَاد۔

الرُّصْدَۃ۔ تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔

الرَّصُود۔ پانی پینے کے لئے انتظار کرنے والی اونٹنی۔

الرَّصِید۔ گھات میں رہنے والا۔

المِرْصَاد۔ راستہ (۔۔ والمَرْصَد) گھات۔ ج مَرَاصِید ومَرَاصِد۔ مَرَاصِدُ الحَیّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مَرْصَدَۃٌ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔

رَصْرَصَ۔ البِنَاءَ: عمارت مضبوط بنانا ۔۔۔ فی المکانِ: ٹھہرنا۔ رہنا۔

الرَّصْرَاصَۃ۔ سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔

رَصَعَہٗ (ف) رَصْعًا۔ بیدہ: تھپڑ مارنا ۔۔۔ بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السِّنَانَ فی المطعون: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا ۔۔۔ الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (۔۔ رُصُوعًا) اقامت کرنا۔

رَصِعَ (س) رَصَعًا۔ بالشیءِ: چپکنا ۔۔۔ بالطیب: مہک اٹھنا ۔۔۔ المرأۃَ رَصَاعًا: جماع کرنا۔

رَصَّعَ۔ الشَّیْءَ: اندازہ کرنا اور بنانا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطَّائِرُ عُشَّہٗ بالقُضْبَانِ" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کرکے تیلیوں سے بنا ۔۔۔ الذَّہَبَ بالجَوَاہِرِ: سونے میں جواہر جڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَاجٌ مُرَصَّعٌ بالجَوَاہِرِ" جواہر کا جڑا ہوا تاج ۔۔۔ العِقْدَ بالجَوَاہِرِ: ہار میں جواہر پرونا۔

اَرْصَعَہٗ۔ بالرُّمْحِ: سخت نیزہ مارنا۔

اِرْتَصَعَ۔ الحَبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا ۔۔۔ بِہٖ: چپکنا ۔۔۔ الاَسْنَانُ: دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔

تَرَصَّعَ۔ جڑاؤ ہونا۔ شادماں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔

تَرَاصَعَتِ۔ العَصَافِیرُ: جفتی کرنا۔

الرَّصِیعَۃ۔ کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور۔ ج۔ رَصَائِع۔

الاَرْصَع۔ لاغر سرین والا۔ طَعْنٌ اَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔

الرَّصَّاع۔ بہت جماع کرنے والا۔

المِرْصَاع۔ لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو جوڑا کریں۔

الرُّصْغ۔ بند دست۔ گٹا۔

الرَّصَاغ۔ بمعنی الرِّسَاغ۔

رَصَفَ (ن) رَصْفًا۔ الحِجَارَۃَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا ۔۔۔ المُصَلِّی قَدَمَیْہِ او بَیْنَ قَدَمَیْہِ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا۔ اور کہا جاتا ہے کہ "ہٰذَا الاَمْرُ لَا یَرْصُفُ بِکَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔

رَصُفَ (ک) رَصَافَۃً۔ العَمَلُ: مضبوط ہونا

رَصِفَتْ (س) رَصَفًا ورَصِفَتْ رَصَفًا۔ الاَسْنَانُ: دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔

اَرْصَفَ۔ شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا

تَرَصَّفَتْ وتَرَاصَفَتْ واِرْتَصَفَتْ۔ الحِجَارَۃُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔

—— القَوْمُ فِي الصَّفِّ: ترتیب کے ایک دوسرے سے مل کر کھڑے ہونا —— اَسْنَانُہٗ: دانتوں کا ترتیب وار ہونا۔
اَلرَّصَفُ۔ پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کیساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَۃٌ) اَلرَّصَفَتَانِ: گھٹنوں کی ہڈیوں کے پیچھے گھٹنے۔ الرَّصَفُ: پانی کا بند۔ مَاءُ الرَّصَفِ: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔
اَلرِّصَافُ۔ پٹھا جو جڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ جو رُصُفٌ و رُصْفٌ۔
اَلرَّصِيفُ۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رَصِيفٌ: مضبوط کام۔ اور مولدین کے نزدیک رَصِيفٌ کا اطلاق پتھروں کے فرش کئے ہوئے راستہ پر ہوتا ہے۔
اَلرُّصَافَۃُ۔ پٹھا جو جڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہو۔ اطراف شہر کا سبزہ زار۔ اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔
اَلرُّصُوفَۃُ۔ ثابت قدمی۔
اَلْمِرْصَافَۃُ۔ ہتھوڑا۔
اَلْمُتَرَصِّفُ۔ شیر۔ رَجُلٌ مُتَرَصِّفُ الاَسْنَانِ: قریب قریب دانتوں والا مرد۔
اِرْتَصَفَ اِرْتِصَافًا۔ چپک کر مضبوط ہونا۔
رَصِمَ (س) رَصَمًا۔ پہاڑ کی تنگ گھاٹی میں داخل ہونا۔
رَصَنَ (ن) رَصْنًا۔ الاَمْرَ: پورا کرنا۔ مضبوط کرنا —— الدَّابَّۃَ: داغ لگانا —— ہٗ بِلِسَانِہٖ: گالی دینا۔
رَصُنَ (ک) رَصَانَۃً۔ العَقْلُ وغیرہٗ: سنجیدہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رَصِينٌ)
رَصَنَ۔ الشَّيْءَ مَعْرِفَۃً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے۔ رَصِّنْ لِي ہٰذَا الخَبَرَ: میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

اَرْصَنَہٗ۔ مضبوط کرنا۔ مکمل کرنا۔
اَلرَّصَنُ۔ ایک قسم کی نباتات۔
اَلرَّصِينُ۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کیلئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک۔
اَلْمِرْصَنُ۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔
رَصَا (ن) رَصْوًا۔ الشَّيْءَ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔
اَرْصٰى۔ بِالْمَكَانِ: جمکے رہنا۔
رَضَّہٗ (ن) رَضًّا۔ کوٹنا۔ دلنا۔
رَضْرَضَ۔ الشَّيْءَ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔
تَرَضْرَضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔
اَرَضَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا —— فِي الاَرْضِ: جانا۔ العَرَقُ الثَّعْبُ: پسینہ بہانا۔
اِرْتَضَّ۔ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔
الاَرَضُّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔
اَلرَّضِيضُ وَالْمَرْضُوضُ۔ کوٹا ہوا
اَلرُّضَاضُ۔ ریزے۔ چورہ۔
اَلْمُرِضَّۃُ وَالْمَرَضَّۃُ وَالرَّضُّ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں۔
اَلْمِرَضَّۃُ: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔
رَضَبَ (ن) رَضْبًا وَاَرْضَبَ۔ المَطَرُ: زور سے بارش ہونا —— السَّمَاءُ: آسمان کا برسانا (رَضَبَ وَتَرَضَّبَ) الرِّيقَ: تھوک چوسنا۔
اَلرَّاضِبُ۔ فا۔ مِنَ المَطَرِ: زور سے برسنے والی بارش۔
اَلرُّضَابُ۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے۔ اولے۔ مَاءُ رُضَابٍ: میٹھا پانی۔
اَلْمَرَاضِبُ وَالْمَرَاضِيبُ۔ خوش مزہ تھوک۔
رَضَحَ (ف) رَضْحًا۔ النَّوٰى اَوِ الحَصٰى: گٹھلی یا کنکری توڑنا —— رَاْسَہٗ بِالحَجَرِ: کچلنا۔
تَرَضَّحَ۔ الحَصٰى: کنکری کا ٹوٹنا —— الخُبْزَ: روٹی کا چورا کرنا۔

تَرَاضَحُوا۔ بِالنُّشَّابِ: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔
اِرْتَضَخَ۔ مِنَ الاَمْرِ: عذر کرنا۔
اَلرَّضْخُ۔ مص۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَنَا رَضْخٌ مِنَ الخَبَرِ" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔
اَلرُّضَّخُ۔ شکشکی۔
اَلرَّضِيخُ۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔
اَلرُّضَاخَۃُ۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ رَضْخَۃٌ مِنَ المَطَرِ" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ جو رِضَاخٌ۔
اَلْمِرْضَاخُ۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔
رَضَخَ (ض ف) رَضْخًا۔ النَّوٰى اَوِ الحَصٰى: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رَضَخَ لَہٗ مِنْ مَالِہٖ رَضْخًا" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا —— التُّيُوسُ: باہم سینگ مارنا۔ اور عوام کہتے ہیں "رَضَخَ لَہٗ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رَضَخَ لِلْحَقِّ" اس نے حق کا یقین کیا۔
رَاضَخَہٗ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا —— الشَّيْءَ: بادلِ ناخواستہ دینا —— مِنْہُ شَيْئًا: پانا۔ حاصل کرنا۔
اَرْضَخَ۔ لِلرَّجُلِ: بہت میں سے تھوڑا دینا۔
تَرَاضَخَ۔ القَوْمُ بِالْحِجَارَۃِ: باہم پتھراؤ کرنا۔
تَرَضَّخَ۔ الحَصٰى: کنکری کا ٹوٹنا —— الخُبْزَ: توڑ کر کھانا —— الخَبَرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔
اَلرَّضْخُ۔ مص۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔
اَلرَّضِيخُ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔
اَلرَّضِيخَۃُ وَالرُّضَاخَۃُ۔ تھوڑا عطیہ
اَلْمِرْضَاخُ۔ جو مَرَاضِيخُ (المِرْضَخَۃُ) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔
رَضَدَ (ن) رَضْدًا۔ المَتَاعَ: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔
اِرْتَضَدَ۔ المَتَاعُ: سامان ترتیب سے رکھا جانا۔

رَضْرَضَہٗ۔ توڑنا۔ چورہ کرنا۔

تَرَضْرَضَ۔ الحجرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔

الرَّضْرَاض۔ چھوٹی اور باریک کنکریاں۔ بہت گوشت والا مرد۔ مؤنث رَضْرَاضَۃ۔

رَضِعَ (س) ورَضَعَ (ن ض) رَضْعًا و رَضَعًا و رِضَعًا و رَضَاعًا و رِضَاعًا و رَضَاعَۃً و رِضَاعَۃً و ارْتَضَعَ۔ الوَلَدُ اُمَّہٗ: ماں کا دودھ پینا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔

رَضُعَ (ک) رَضَاعَۃً۔ لئیم ہونا۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع۔

رَاضَعَہٗ رِضَاعًا و مُرَاضَعَۃً۔ رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا۔ — اِبْنَہٗ: دائی پلائی کو دینا — الطِّفْلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔

اَرْضَعَہٗ۔ دودھ پلانا۔ اَرْضَعَتِ المَرْأَۃُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) (اس کلمہ میں تا علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے کہ یہ طبقہ اناث ہی کیلئے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَۃ) ہوگی۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِع)

اِسْتَرْضَعَ۔ دائی پلائی طلب کرنا۔ یا دودھ پلانے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المَرْأَۃَ وَلَدِیْ" عورت سے میں نے اپنے بچہ کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَع۔ کینٹل۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے۔ واحد (رَضَعَۃ)

الرَّاضِع۔ نا۔ دودھ والی۔ کمینہ۔ بخیل۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَۃ۔ راضع کا مؤنث۔ الرَّاضِعَتَان بچہ کے اگلے دو دانت۔ ج رَوَاضِع۔

الرَّضِیْع۔ ج رُضَعَاء والرَّضِع ج رُضُع دودھ پیتا بچہ۔ کمینہ۔ رَضِیْعُکَ: تمہارا رضاعی بھائی۔ اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہوگا اسلئے مراضع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَّاعَۃ۔ ج م۔ پچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا۔ (— والرَّضَاعَۃ) رضاع کا اسم۔

الرَّضُوْعَۃ۔ اپنے بچہ کو دودھ پلانیوالی عورت

الرَّضَّاع۔ بہت دودھ پلانیوالا۔ کمینہ۔

المَرَاضِیْع۔ کمینے۔

رَضَفَ (ض) رَضْفًا۔ داغ لگانا۔ رَضَفَ اللَّبَنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا — اللَّحْمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔

رَضَّفَہٗ۔ سخت غضبناک کردینا۔

الرَّضْف۔ گرم پتھر۔ واحد (رَضْفَۃ) کہا جاتا ہے "ہُوَ عَلَی الرَّضْفِ" یعنی وہ رنجیدہ ہے۔ الرَّضْف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں۔ اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَۃِ مَا عَلَیْہَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لے لو۔

الرَّضْفَۃ۔ گرم پتھر۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ۔ ج رَضْف و رَضَفَات۔

الرَّضِیْف۔ گرم پتھر (— والرَّضِیْفَۃ) گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ۔ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِیْفَۃَ" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔

الرَّضِیْف والمَرْضُوْف۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِیْفَۃ والمَرْضُوْفَۃ۔ اوجھ جس کو دھوکر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کاٹ کر اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کرکے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

المِرْضَافَۃ۔ داغ کرنے کا آلہ۔

مُطْفِئَۃُ (الرَّضْف) ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہوجائے جبکہ وہ اس پر سے گذرے۔

اَرْضَکَ۔ عَیْنَیْہِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا

رَضَمَ (ض) رَضْمًا۔ الاَرْضَ: زمین کو جوتنا۔ — البَیْتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا۔ صفت مفعول (رَضِیْم و مَرْضُوْم) — المَتَاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا — الشَّیْءَ: توڑنا — عَلَیْہِ الصَّخْرَ: ڈالنا۔ — رَضْمًا و رَضَمَانًا فِی المَشْیِ: سست چلنا۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا — بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ۔ المَتَاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام: بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں۔ رضم کا واحد (رَضْمَۃ)

الرُّضَام: ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔

رَضَاہٗ یَرْضُوْہٗ رَضْوًا۔ پسندیدگی میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِیْ فَرَضَوْتُہٗ" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب رہا

رَضِیَ (س) رُضًی و رِضًی و رِضْوَانًا و رُضْوَانًا و مَرْضَاۃً۔ عَنْہُ و عَلَیْہِ: خوش ہونا۔ راضی ہونا۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُوْن و رُضَاۃ و (رَضِیٌّ) ج رَضِیُّوْن و (رِضًی) ج اَرْضِیَاء و رُضَاۃ

رَضِیَ۔ الشَّیْءَ و رَضِیَ بِہٖ و فِیْہِ: پسند کرنا۔ تمنا کرنا۔ صفت مفعول (مَرْضِیّ و مَرْضُوّ) کہا جاتا ہے "رَضِیَ اللہُ عَنْ فُلَانٍ و رَضِیَ عَنْہُ" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش ہے "رَضِیْتُ مَعِیْشَتَہٗ": اس کی زندگی پسندیدہ ہے

رَاضَی رِضَاءً و مُرَاضَاۃً۔ الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔ پسندیدگی میں مقابلہ کرنا

اَرْضَی و رَضَّی۔ الرَّجُلَ: رضامند کرنا۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضَّی۔ الرَّجُلَ: رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضَی۔ القَوْمُ الشَّیْءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاہٗ۔ لِخِدْمَتِہٖ او لِصُحْبَتِہٖ: پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاہٗ۔ رضامندی طلب کرنا۔ و اِسْتَرْضَیْتُہٗ: کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو۔

رَجُلٌ وامْرَأَةٌ (رِضًى) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لئے مفرد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے یہی ہے) عِيشَةٌ (رَاضِيَةٌ) پسندیدہ و اچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)

رَضْوَى۔ مدینہ طیبہ اور ینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام۔ اور نسبت کے لئے رَضَوِيٌّ۔

الرِّضَاءُ۔ خوشنودی۔

الرِّضْوَةُ۔ خوشنودی۔ کہا جاتا ہے: مَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ إِلَّا عَنْ رِضْوَتِهِ "میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔

الرَّضِيُّ۔ عاشق۔ دُبلا۔ چھریرا۔

ارْطَ ارْطَاطًا۔ بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فِي مَقْعَدِهِ: جم کے بیٹھنا۔

اِسْتَرْطَ۔ بے وقوف سمجھنا۔

الرَّطِيطُ۔ شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف ج رِطَاط۔

الرَّطَائِطُ۔ بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لئے واحد نہیں)

رَطَأَ (ف) رَطْأً۔ القَوْمَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا۔ بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا۔ المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

اِسْتَرْطَأَ۔ الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔ الرَّجُلَ: بیوقوف سمجھنا۔

الرَّطَأُ۔ بیوقوفی۔

الرَّطِيءُ۔ بے وقوف۔ ج رِطَاءٌ مؤنث رَطِيئَةٌ ج رَطَاءٌ۔

رَطُبَ (ن) رَطَابَةً۔ البُسْرُ: پختہ ہونا بسر کھجور کا رطب ہونا۔

رَطَبَ (ن) رَطْبًا ورُطُوبًا۔ الدَّابَّةَ: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔

رَطِبَ (س) ورَطُبَ (ک) رُطُوبَةً ورَطَابَةً۔ تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔ رَطُبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔

رَطَّبَ وأَرْطَبَ۔ الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: تر کرنا۔

رَطَّبَ وأَرْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القَوْمَ: پختہ کھجور کھلانا۔ وأَرْطَبَتِ الأَرْضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ أَرْطَبَ النَّخْلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ أَرْطَبَ القَوْمُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔

تَرَطَّبَ۔ تر ہونا۔ اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لِسَانِي بِذِكْرِكَ" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔

الرَّطْبُ والرَّطِيبُ۔ تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَطِيبٌ" خوش حال زندگی۔

الرُّطْبُ والرُّطُبُ۔ سبز چارہ۔

الرُّطَبُ۔ پختہ تازہ کھجور۔ واحد (رُطَبَةٌ) ج رِطَابٌ وأَرْطَابٌ۔

المَرْطَبَةُ۔ کھاری کنوئیں کے درمیان میٹھا کنواں۔

الرَّطَابُ۔ بروزن نظام: عورتوں کے لئے ایک گالی۔

الرَّطْزُ۔ کمزور بال وغیرہ۔

الرُّطَازَاتُ۔ خرافات۔

رَطَسَ (ن ض) رَطْسًا۔ تھپڑ مارنا۔

اِرْطَسَّتْ۔ عَلَيْهِ الحِجَارَةُ: پتھروں کا تر بتر ہونا۔

رَطَعَ (ف) رَطْعًا۔ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

الرَّطْعُ۔ زکام۔

رَطَلَ (ن) رَطْلًا۔ الشَّيْءَ: ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا۔ الرَّجُلُ: دوڑنا۔

رَطَّلَ۔ الشَّعْرَ: تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا۔ الشَّيْءَ: رطل پیمانہ سے وزن کرنا (۔ وأَرْطَلَ) الرَّجُلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔

رَاطَلَ۔ رطل سے بیچنا۔

الرَّطْلُ والرِّطْلُ۔ بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۴۰ تولہ۔ ج أَرْطَال۔ الرَّطْلُ مِنَ الرِّجَالِ: بیوقوف سست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام قریب البلوغ لڑکا۔ سُبک رفتار گھوڑا۔

الرِّطْلَةُ۔ سبک رفتار گھوڑی۔

الرُّطَيْلَاءُ۔ رُتیلا کی تصغیر ہے۔

المُرَطِّلُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: نرم۔ لمبا۔

رَطَمَ (ن) رَطْمًا۔ کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا۔

رَطَمَ وأَرْطَمَ۔ فِي قُعُودِهِ: جم کے بیٹھنا۔ وأَرْطَمَ الرَّجُلُ: خاموش رہنا۔

رُطِمَ۔ البَعِيرُ: اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا

تَرَطَّمَ۔ السَّلْحُ: پاخانہ روکنا۔

اِرْتَطَمَ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا۔ فِي الأَمْرِ: کسی معاملہ میں پھنس جانا۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ الشَّيْءُ: ڈھیر لگنا۔

الرُّطْمَةُ۔ پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔

الرُّطَامُ۔ قبض۔

الرُّطُومُ۔ بیوقوف مرد۔

الرَّاطِمُ۔ کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔ امْرَأَةٌ (مَرْطُومَةٌ) بدی کیساتھ متہم عورت۔

رَطَنَ لَهُ (ن) رِطَانَةً ورَطَانَةً ورَاطَنَهُ مُرَاطَنَةً۔ عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

تَرَاطَنَ۔ القَوْمُ وتَرَاطَنُوا فِيمَا بَيْنَهُمْ: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔

الرُّطَيْنَى۔ کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَا رُطَيْنَاكَ هٰذِهِ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے

رَطَا (ن) رَطْوًا۔ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

رَعَثَ (ن) رَعْثًا۔ الرِّيحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔

الرَّعَاعُ۔ کمینے و رذیل لوگ۔

الرَّعَاعَةُ۔ شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔

رَعَبَ (ف) رَعْبًا ورُعْبًا۔ خوف کرنا۔ الرَّجُلَ: خوف دلانا (۔ رَعْبًا) الإِنَاءَ والحَوْضَ: برتن یا حوض کا بھرنا۔ السَّنَامَ ونَحْوَهُ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحَمَامَةُ:

کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَبَ تَرْعِیْبًا وَتَرْعَابًا - الرَّجُلَ: خوف دلانا — الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
السَّنَامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا — فُلَانًا: کسی کیلئے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
إِرْتَعَبَ - ڈرنا۔
الرَّعْبُ - جادو کا منتر - مقفیٰ نثر بُرا وعدہ
الرُّعْبُ وَالرُّعُبُ - گھبراہٹ - تیر میں پیکان لگانے کی جگہ - جہ رِعَبَۃٌ۔
الرَّعِیْبُ - خوفزدہ - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَعِیْبُ الْعَیْنِ وَمَرْعُوْبُ الْعَیْنِ" بزدل۔ جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّابُ - جادو کرنیوالا - مقفیٰ نثر بولنے والا۔
الرَّعَّابَۃُ - لوگوں کو بہت ڈرانے والا۔
الرُّعْبُوْبُ - بزدل - جہ رَعَابِیْبُ (— الرُّعْبُوْبَۃُ وَالرِّعْبِیْبُ) مِنَ الْجَوَارِی: نازک اندام لڑکی۔
المُرْعَبِبُ - موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِیْبَۃُ - کوہان کا ٹکڑا - جہ تَرَاعِیْبُ
المَرْعَبَۃُ - ڈرانے والی اُچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس میں جائے اور تم ڈر جاؤ۔
رَعْبَلَ - اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے کاٹنا۔ — الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ — الرَّجُلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ - اللَّحْمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا — الثَّوْبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا
الرَّعْبَلُ - مِنَ النِّسَاءِ: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَۃُ وَالرُّعْبُوْلَۃُ - پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ جہ رَعَابِلُ وَرَعَابِیْلُ۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ثَوْبٌ رَعَابِیْلُ" یعنی پرانا کپڑا۔

الرَّعْبَلَۃُ وَالرَّعْبَلِیْلُ - مِنَ الرِّیَاحِ: ایک رُخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُوْلَۃُ - پھٹا ہوا چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا
رَعَثَ (ف) **رَعْثًا وَرَعِثَ** (س) **رَعَثًا** - الْعَنْزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَ وَارْتَعَثَ - الْمَرْأَۃُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْثُ وَالرَّعَثُ - رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمَّانِ: انار کی کلی۔
الرَّعْثَۃُ وَالرَّعَثَۃُ - بالی۔ مرغ کی کلغی مرغ کی داڑھی۔ جہ رِعَاثٌ وجج رُعُثٌ۔
الرَّعْثَاءُ - بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں لمبے دانہ والا انگور۔
الرَّاعُوْثَۃُ - پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔ یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَ (ف) **رَعْجًا وَرَعَجَانًا وَأَرْعَجَ** - غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — أَرْعَجَ الرَّجُلُ: بہت مال و مویشی والا ہونا۔
رَعِجَ (س) **رَعَجًا** - الْمَالُ أَوِ الْعَدَدُ: بہت ہونا — الْوَادِی: وادی کا بھر جانا۔
إِرْتَعَجَ - الرَّجُلُ: کانپنا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَرَجُوْا وَلَهُمْ إِرْتِعَاجٌ" لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لئے اضطراب تھا — الْبَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا — الْوَادِی بھر جانا — الْمَالُ: بہت ہونا۔
الرَّعَجُ - بہت مویشی۔
رَعَدَ (ف ن) **رَعْدًا وَرُعُوْدًا** - السَّمَاءُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے۔ "رَعَدَ لِی فُلَانٌ وَبَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی۔ "رَعَدَتِ الْمَرْأَۃُ وَبَرَقَتْ" یعنی وہ عورت

بناؤ سنگار کے سامنے آئی۔
أَرْعَدَ - الرَّجُلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا گڑگڑاہٹ سننا — زَیْدًا: دھمکی دینا — ہ الْخَوْفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا لرزا دینا۔
أُرْعِدَ - کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ - حرکت کرنا۔ کانپنا۔
إِرْتَعَدَ - اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْدُ - مع - بادل کی گرج۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِذَاتِ الرَّعْدِ وَالصَّلِیْلِ" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرَّعْدَۃُ وَالرِّعْدَۃُ - کپکپی۔
الرَّعَّادُ - بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ اور اس کو "سَمَكَۃُ الرَّعْدِ" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَۃُ - بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَۃُ - گرجنے والا بادل۔ "صَلَفٌ تَحْتَ الرَّاعِدَۃِ" اس شخص کے لئے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ جہ رَوَاعِدُ۔ ذَاتُ الرَّوَاعِدِ: مصیبت۔
الرُّعْدِیْدُ - گیہوں کا پھوڑن۔
رَعْدَدَ - سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ - کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِیْدُ وَالرِّعْدِیْدَۃُ - بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نَبَاتٌ رَعْدِیْدٌ: نرم و نازک نباتات۔ جہ۔ رَعَادِیْدُ۔
رَعْرَعَ - الْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا — الْفَرَسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لئے سوار ہونا — ہ اللّٰهُ: اُگانا۔
تَرَعْرَعَ - الصَّبِیُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ — الْمَاءُ أَوِ السَّرَابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا — السِّنُّ: دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَعُ وَالرُّعْرُعُ وَالرَّعْرَاعُ - اچھے قد

اور اچھی جوانی والا - ج رَعَارِیعُ و رَعَارِیْعُ -
الرَّعْرَاعُ : بزدل - لمبا نرکل -
رَعَزَ (ف) رَعْزًا - الجَارِیَۃَ : جماع کرنا -
رَاعَزَ مُرَاعَزَۃً - سکڑنا -
المِرْعِزُّ والمِرْعِزَّی والمِرْعِزَاءُ - بھیڑ کے بالوں کے نیچے کے چھوٹے چھوٹے روئیں -
ثَوْبٌ (مُمَرْعَزٌ) چھوٹے چھوٹے روئیں سے بنا ہوا کپڑا -
مُرَاعِزٌ - غضبناک -
رَعَسَ (ف) رَعْسًا - کانپنا - تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا (— رَعْسًا و رَعَسَانًا رَاْسَہٗ : بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا -
أَرْعَسَہٗ - کپکپا دینا - لرزا دینا -
تَرَعَّسَ و ارْتَعَسَ - کانپنا -
نَاقَۃٌ (رَاعِسَۃٌ) اونٹنی جو نشاط میں ہو -
الرَّعُوْسُ - خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا -
الرَّعِیْسُ - چلنے میں لڑکھڑانے والا -
الرَّعَّاسُ - نرم نیزہ جس میں لچک ہو -
المِرْعَسُ - خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے -
رَعِشَ (س) رَعَشًا و ارْتَعَشَ - کانپنا - صفت (رَعِشٌ و رَعِیْشٌ)
أَرْعَشَہٗ و رَعَّشَہٗ - کپکپا دینا - لرزا دینا عاجز کرنا -
الرِّعْشُ والرِّعْشِیْشُ - بزدل - جلد باز
الرِّعْشَۃُ - جلد بازی -
الرُّعَاشُ - مرض کی وجہ سے کپکپی -
نَاقَۃٌ (رَعُوْشٌ) بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی -
الرَّعْشَاءُ - مِنَ النَّعَامِ : تیز رفتار شتر مرغ — مِنَ النُّوْقِ : تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی -
المُرَعَّشُ والمُرْعَشُ - ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے -

الرِّعْشِنُ - کانپنے والا - بزدل - جلدی کرنے والا -
رَعَصَ (ف) رَعْصًا و أَرْعَصَ - الشَّیْءَ : حرکت دینا - ہلانا - کھینچنا — عَلَیْہِ جِلْدُہٗ : کھال کا پھڑکنا -
تَرَعَّصَ و ارْتَعَصَ - عَلَیْہِ جِلْدُہٗ : کھال کا پھڑکنا — الجَدْیُ : بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا -
رَعَظَ (ف) رَعْظًا - السَّہْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا - پیکان کی جگہ توڑ دینا -
رَعَّظَہٗ - عَنْ کَذَا : سست کر دینا - جلدی کرانا — الوَتَدَ : اکھیڑنے کے لئے ہلانا -
أَرْعَظَ - السَّہْمَ : پیکان لگانے کی جگہ بنانا - — فُلَانًا : سُست کر دینا -
الرُّعْظُ - تیر میں پیکان لگانے کی جگہ - ج أَرْعَاظٌ - کہا جاتا ہے "کُسِرَ عَلَیْہِ أَرْعَاظُ النَّبْلِ" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لئے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا - الفَرَسُ الخَیْلَ : آگے بڑھ جانا -
رَعِفَ (س) رَعَفًا - الدَّمُ : نکسیر پھوٹنا (— و رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا و رُعَافًا) الرَّجُلُ : نکسیر والا ہونا - کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِہِ البَابُ" : یعنی وہ اچانک داخل ہوا -
أَرْعَفَہٗ - جلدی کرانا — القِرْبَۃَ : مشک کو لبالب بھرنا — القَلَمَ : قلم میں زیادہ روشنائی لگانا -
ارْتَعَفَ و اسْتَرْعَفَ - آگے بڑھنا - و اسْتَرْعَفَتِ الحَصَی رِجْلَہٗ : کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا -
الرَّعْفُ - مص - نیزہ مارنے کی پھرتی -
الرُّعَافُ - نکسیر - بہت بارش -
الرَّعَّافُ - بہت نکسیر والا - بہت آگے بڑھنے والا -

الرُّعَافِیُّ - بہت دینے والا - (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے)
الرَّاعِفُ - فا - نتھنے کا کنارہ - پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں کو آگے بڑھنے والا گھوڑا - ج رَوَاعِفُ -
الرَّوَاعِفُ - نیزے -
الرَّعُوْفُ والرَّاعُوْفُ والرَّاعُوْفَۃُ و الأُرْعُوْفَۃُ - مِنَ البِئْرِ : کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں -
الرُّعُوْفُ - ہلکی بارشیں -
المَرَاعِفُ - ناک اور اس کا اِرد گرد - کہا جاتا ہے "فَعَلْتُہٗ عَلَی الرَّغْمِ مِنْ مَرَاعِفِہٖ" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا -
المُسْتَرْعِفُ - مِنَ الخَیْلِ : آگے رہنے والا گھوڑا -
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا و رَعِیْقًا - بَطْنُ الدَّابَّۃِ : جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا -
رَعَلَ (ف) رَعْلًا - الشَّیْءَ : کشادہ پھاڑنا - — فُلَانًا : سخت نیزہ مارنا -
رَعِلَ (س) رَعَلًا - بیوقوف ہونا — النَّبَاتُ : لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا - صفت (أَرْعَلُ)
رَعَّلَ - الکَرْمُ : انگور کی کونپلیں پھوٹنا -
أَرْعَلَہٗ - سخت نیزہ مارنا -
اِسْتَرْعَلَتْ - الغَنَمُ : بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا - اِسْتَرْعَلَ الرَّجُلُ : جنگ میں آگے آگے چلنا -
الأَرْعَلُ - بیوقوف - مؤنث رَعْلَاءُ ج رُعْلٌ لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات - ضَرْبٌ أَرْعَلُ : گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب -
الرَّعْلُ - پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک - ج رُعُوْلٌ الرَّجُلُ : کپڑے -
الرَّعْلُ - شہد کی مکھی -
الرُّعَالُ - رینٹ - ناک کی رطوبت -
الرَّعَالَۃُ - بیوقوفی -
الرَّعْلَۃُ - شتر مرغ - بکری یا اونٹنی کے کان کے

پچھلے حصے کا کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔
گھوڑے گھوڑوں کا یا ٹڈیوں کا گلہ۔ ج رِعَال و
اَرْعَال و اَرَاعِیْل۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْکَ الْخَیْلُ
رِعَالًا و اَرَاعِیْل" "اَرَاعِیْلُ الرِّیَاحِ اَوِ السَّحَابِ":
ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُّعْلَۃُ۔ انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل۔
ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
اَبُوْ رِعْلَۃَ۔ بھیڑیا۔
الرَّعِیْل۔ آگے آگے رہنے والی جماعت
(گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال
المِرْعَل۔ شمشیر براں۔
المُرْعَل۔ عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل۔ گلہ سے نکلا ہوا جانور۔
گلہ بان۔ اونٹ والا۔
رَعَمَ (ن) رَعْمًا۔ الشَّیْءَ: نگہبانی کرنا۔
— الشَّمْسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا۔
رَعَمَتْ (ف) و رَعُمَتْ (ک) رُعَامًا و
اَرْعَمَتْ۔ الشَّاۃُ: بہت دبلی ہونا اور ناک
سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوْم)
رَعَمَ۔ الشَّاۃَ: بکری کی ناک کی رطوبت
صاف کرنا۔
الرَّعَام۔ نگاہ کی تیزی۔
الرُّعَام۔ رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج
اَرْعِمَۃ۔
الرُّعَامَۃ والرُّعَامِیُّ۔ ایک قسم کا درخت
الرُّعَامِیُّ۔ جگر کی زیادتی۔
الرِّعْم۔ چربی۔ اُمِّ رِعْمٍ: بجّو۔
الرُّعُوْم۔ نفس۔
الرَّعُوْم۔ نازک بدن عورت۔
رَعَنَ (ن) رَعْنًا و رَعِنَ (س) رَعَنًا و
رَعُنَ (ک) رُعُوْنَۃً۔ بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا
ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (اَرْعَن)
رَعَنَتْہُ (ن) رَعْنًا۔ الشَّمْسُ: دھوپ
لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔
الرَّعْن۔ معہ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج
رِعَان و رُعُوْن۔
الاَرْعَن۔ چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔
الرَّعُوْن۔ تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔
رات کی تاریکی۔
رَعَا یَرْعُوْ رَعْوًا و رَعْوَۃً و رَعُوَۃً و
رُعْوَۃً۔ غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرُّعْوٰی
والرُّعْیَا)
اِرْعَوٰی اِرْعِوَاءً۔ عَنِ الجَہْلِ: رُکنا۔ باز
رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا۔
رَعٰی یَرْعٰی رَعْیًا و رِعَایَۃً و مَرْعًی۔
الْمَاشِیَۃُ الکَلَاَ: جانور کا گھاس چرنا —
الْمَاشِیَۃَ: جانور کو گھاس چرانا — النُّجُوْمَ:
ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا — الاَمِیْرُ
رَعِیَّتَہٗ رِعَایَۃً: امیر کا انتظامِ مملکت کرنا —
عَلَیْہِ حُرْمَتَہٗ: پاس عزت کرنا — الاَمْرَ:
حفاظت کرنا۔
رَاعٰی مُرَاعَاۃً۔ النُّجُوْمَ: ستاروں کے غروب
کا انتظار کرنا — الاَمْرَ: حفاظت کرنا۔ انجام
پر غور کرنا — الرَّجُلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا
رَاعَتِ الْاَرْضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔
رَاعِنِیْ سَمْعَکَ: توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے
"ہُوَ لَا یُرَاعِیْ اِلٰی قَوْلِ اَحَدٍ" وہ کسی بات کی طرف
توجہ نہیں کرتا۔ الحِمَارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں
کے ساتھ چرنا۔
اَرْعٰی۔ الْمَاشِیَۃَ: جانور کو چرانا — المَکَانَ:
چراگاہ بنانا — عَلَیْہِ: شفقت۔ مہربانی کرنا
اَرْعِنِیْ سَمْعَکَ: بات سننا۔ اَرْعَتِ الْاَرْضُ:
بہت چراگاہ والی ہونا — اللّٰہُ الْمَاشِیَۃَ:
چری اُگانا۔
رَعَّاہُ تَرْعِیَۃً۔ کسی سے "رَعَاکَ اللّٰہُ" کہنا
اِرْتَعٰی و تَرَعّٰی۔ الْمَاشِیَۃُ: جانور کا چرنا۔
اِسْتَرْعٰی اِسْتِرْعَاءً۔ الْمَاشِیَۃَ: چرانے کو
دے کہنا — ہ مَاشِیَتَہٗ: رکھوالی کیلئے کہنا۔
اور اسی سے مثال ہے "مَنِ اسْتَرْعَی الذِّئْبَ
فَقَدْ ظَلَمَ" جس نے بھیڑیئے کو رکھوالی کیلئے
کہا۔ اُس نے ظلم کیا۔ اُس شخص کیلئے بولتے ہیں جو
خائن کو کسی چیز کا امین بنائے — ہ السَّمْعَ:
توجہ کرنے کو کہنا — ہ الشَّیْءَ: کسی چیز کی حفاظت
کرنے کے لئے کہنا۔
الرِّعْیَۃ۔ چرائی۔
الرُّعْیَا والرُّعْوٰی والرَّعْیَا والرَّعْوٰی۔
حفاظت۔
الرَّعْیُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَعْیًا لَکَ" یعنے
تمہاری حفاظت ہو۔
الرِّعْیُ۔ گھاس۔ ج اَرْعَاء۔ رِعْیُ الحَمَامِ
والاِبِل: دو گھاسوں کے نام۔
الرَّعِیَّۃ۔ چرنے والے جانور۔ جانور جو چرائے
جائیں۔ قوم۔ کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔
ج رَعَایَا۔ رَعِیَّۃُ الْمَلِکِ و رَعَایَاہُ: تابع فرمان
لوگ۔
الرَّعَاوٰی والرُّعَاوٰی۔ لوگوں کے
اردگرد چرنے والے مویشی۔
الرَّعَاوِیَّۃ۔ عوام کے مویشی۔
الاَرْعَاوِیَۃ۔ شاہی مویشی۔
الرَّاعِیْ۔ فا۔ بہت الفت کرنے والا۔ حاکم قوم
رَاعِی الْمَاشِیَۃِ: چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج
رُعَاۃ و رُعْیَان و رُعَاء و رِعَاء۔ مؤنث رَاعِیَۃ۔
ج رَوَاعٍ۔ رَاعِیَۃُ الشَّیْبِ و رَوَاعِیْہِ: بڑھاپے
کی ابتداء۔ رَاعِی الْجَوْزَاءِ و رَاعِی النَّعَائِمِ: دو ستاروں
کے نام۔ رَاعِی الْبُسْتَانِ و رَاعِیَۃُ الْاَبِنِ: ٹڈیوں
کی ایک قسم۔ رَاعِیَۃُ الرَّاْسِ: جوں۔
المَرْعٰی۔ مص۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ (—
والمَرْعَاۃ) چراگاہ۔
المَرْعِیّ۔ جو چرا جائے۔ جس کی حفاظت
کی جائے۔
رَغَبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا و رَغْبَۃً۔ فِیْہِ:
چاہنا۔ خواہش کرنا — عَنْہُ: اعراض کرنا۔
منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا۔
بِہٖ عَنْ غَیْرِہٖ: دوسرے پر فضیلت دینا۔
رَغِبَ (س) رَغَبًا و رَغْبٰی و رُغْبٰی

رُغْبَۃً وَرَغْبَۃً وَرَغَبُوْتًا وَرَغَبَاتًا وَرَغَبًا إِلَیْہِ: خواری وعاجزی ظاہر کرنا۔ خواری وذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَۃً۔ بہت کھاؤ ہونا — الوَادِیْ: فراخ وکشادہ ہونا

رَغَّبَہٗ وأَرْغَبَہٗ۔ فِی الشَّیْءِ: رغبت دلانا۔ رَغَّبَہٗ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَبَ اللّٰہُ قَدْرَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے

إِرْتَغَبَ۔ فِیْہِ: خواہش کرنا۔ چاہنا۔

تَرَاغَبَ۔ الوَادِیْ: کشادہ ہونا — النَّاسُ فِی الخَیْرِ: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَب۔ مرغوب۔

الرُّغْبُ والرَّغَابُ۔ مِنَ الأَرْضِ: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طَرِیْقٌ (رَغْبٌ) کشادہ راستہ۔ جو رُغُبٌ

الرَّغِیْبُ۔ بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے۔ "حَوْضٌ رَغِیْبٌ وَسِقَاءٌ رَغِیْبٌ" کشادہ حوض ومشک۔ حِمْلٌ رَغِیْبٌ: بھاری بوجھ۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِیْبُ الخُطْوَۃِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ جو رِغَاب۔

الرَّغُوْب۔ خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِیْبَۃ۔ رَغِیْب کا مؤنث۔ امر مرغوب۔ بہت عطیہ۔ جو رَغَائِب۔

المَرَاغِب۔ خواہشیں۔ وہ عورتیں جو معاش کے لئے مضطرب ہوں۔

الرُّغَابِیْ۔ جگر کی زیادتی۔

رَغَثَ (ف) رَغْثًا۔ الوَلَدُ أُمَّہٗ: ماں کا دودھ پینا — ہٗ: لگاتار نیزے مارنا — القَوْمُ فُلَانًا: سوال کرکے سارا مال ختم کر دینا۔

رُغِثَ۔ کسی سے بہت سوال کیا جانا۔ اور اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں درد ہونا۔

أَرْغَثَتْ۔ المَرْأَۃُ: دائی پلائی ہونا وَلَدَہَا: دودھ پلانا۔ صفت (رُغُوْثٌ ورَغُوْثَۃٌ) ومُرْغِثٌ: أَرْغَثَہٗ: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ بار بار نیزہ مارنا۔

إِرْتَغَثَ۔ الوَلَدُ أُمَّہٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُّغَثَاء۔ پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرْغَث۔ انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ (س) رَغَدًا ورَغُدَ (ک) رَغَادَۃً عَیْشُہٗ: آسودہ وخوش حال ہونا۔ عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغِدٌ ورَغِیْدٌ)

أَرْغَدَ۔ القَوْمُ: آسودہ زندگی والی ہونا — مَوَاشِیَہُمْ: جانوروں کو چرنے کیلئے آزاد چھوڑنا — اللّٰہُ عَیْشَہٗ: آسودہ بنانا۔

إِرْغَادَّ۔ رائے میں متردد ہونا — اللَّبَنُ: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

إِسْتَرْغَدَ۔ العَیْشَ: آسودہ زندگی پانا قَوْمٌ (رَغَدٌ) ونِسَاءٌ رُغْدٌ: آسودہ زندگی والی قوم۔ اور یہ رَاغِد کی جمع ہے جیسے خَادِم کی جمع خَدَم۔

الرُّغَیْدَاء۔ گیہوں کا پھوٹرن۔

الرَّغِیْدَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو جوش دیئے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔

المَرْغَدَۃ۔ باغ۔

رَغْرَغَ۔ آسودگی کی زندگی ہونا۔ آسودگی میں ڈوب جانا۔ رَغْرَغَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کا ہر روز جب جی چاہے گھاٹ پر آنا — الأَمْرَ: چھپانا۔

رَغَسَہٗ (ف) رَغْسًا وأَرْغَسَہٗ۔ اللّٰہُ مالًا وولدًا: بہت دینا۔

إِسْتَرْغَسَہٗ۔ نرم سمجھنا۔

الرَّغْس۔ نعمت برکت۔ نمو۔ جو أَرْغَاس

المُرْغِس۔ مِنَ العَیْش: فراخ زندگی۔

المَرْغُوْس۔ مبارک۔

المَرْغُوْسَۃ۔ المرغوس کا مؤنث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَشَ (ن) رَغْشًا۔ عَلَیْہِ: شور مچانا۔

رَغَفَ (ف) رَغْفًا۔ العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا — البَعِیْرَ: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

أَرْغَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا — إِلَیْہِ: تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَّغِیْف۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی، روٹی۔ جو أَرْغِفَۃ ورُغْف ورُغُف ورُغْفَان وتَرَاغِیْف۔

وَجْہٌ (مُرَغَّف)۔ سخت چہرہ۔

رَغَلَ (ن) رَغْلًا۔ الوَلَدُ أُمَّہٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

أَرْغَلَ۔ الرَّجُلُ: غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا — إِلَیْہِ: مائل ہونا — الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا — الشَّیْءَ: بے موقع رکھنا۔ — الجَدْیُ أُمَّہٗ: بکری کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا — المَکَانُ: رُغل نامی گھاس اگانا — المَاءُ: بہت گرانا۔

الرُّغْل۔ ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ جو أَرْغَال۔

الرَّغُوْل۔ اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ أَرْغَمُ رَغُوْلٍ" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الأَرْغَل۔ مِنَ العَیْش: فراخ زندگی۔

الرَّغِلَۃ۔ بکری۔ بھیڑ کا بچہ۔

رَغَمَہٗ (ف) رَغْمًا۔ مغلوب ومجبور کرنا۔ رَغَمَ الشَّیْءَ: ناپسند کرنا۔

رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورُغْمًا ورِغْمًا۔ أَنْفُہٗ لِلّٰہِ: ذلیل ہونا فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِم) الأَنْف۔ جو رُغْمُ الأُنُوْف۔ ورَغِمَہٗ: ناپسند کرنا۔

رَغَّمَہٗ۔ ذلیل کرنا اور رغمًا رغمًا کہنا

أَنْفَہٗ: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے: "رَغَّمَ اللّٰہُ أَنْفَہٗ" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے — فُلَانٌ أَنْفَہٗ: فروتنی کرنا۔

اَرْغَمَہٗ۔ ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا ــــــ ہ الذُّلُّ : خاک آلود کرنا۔ اَرْغَمَ اَہْلَہٗ : اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا۔ ــــــ اللُّقْمَۃَ مِنْ فِیْہِ : لقمہ کو مُنہ سے مٹی میں ڈالنا ــــــ اللّٰہُ اَنْفَہٗ : ذلیل کرنا۔ اَرْغَمَتِ الْغَنَمُ اَوِ الظِّبَاءُ : بکری، بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

رَاغَمَہٗ۔ باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ۔ عَلَیْہِ : غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمَتْ اِزْجَلُ : کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَّغْمُ والرُّغْمُ والرِّغْمُ۔ ناپسندیدگی مجبوری۔ ذلّت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے " اَتیٰ عَلیٰ رَغْمِہٖ " وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَّاغِمُ۔ فا۔ رَاغِمُ الْاَنْفِ : ذلیل۔ ج رُغَّمُ الْاُنُوْفِ۔

الرَّغَامُ۔ مٹی یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُّغَامُ۔ رینٹ۔ ج اَرْغِمَۃٌ۔

الرُّغَامَۃُ۔ حاجت مطلوب۔ کہا جاتا ہے " لِیْ عِنْدَ فُلَانٍ رُغَامَۃٌ " مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الرَّغْمَاءُ۔ مِنَ الشَّاءِ : ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

الْمَرْغِمُ والْمَرْغَمُ۔ ج مَرَاغِمُ و (الرُّغَامیٰ) ناک الرُّغَامیٰ : جگر کی زیادتی۔ پھیپھڑے کی رگیں۔

الْمُرَاغَمُ۔ مفعو۔ بھاگنے کی جگہ۔ جائے جگہ۔ کہا جاتا ہے " اِذْلِیْ عَنْ دَارِ الْہَوَانِ مُرَاغَمٌ " میرے لئے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔

الْمَرْغَمَۃُ۔ ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے " فَعَلْتُ ذٰلِکَ عَلیٰ مَرْغَمَتِہٖ " میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

الْمُرْغَامُ۔ غضب میں ڈالنے والا۔ مؤنث مُرْغَامَۃٌ۔

رَغَنَ (ف) رَغْنًا۔ بِہٖ : لالچ کرنا۔ اِلَیْہِ : کان لگانا۔

اَرْغَنَہٗ۔ طمع دلانا۔ اَرْغَنَ الْاَمْرَ : آسان کرنا ــــــ اِلَیْہِ : کان لگانا۔ اَرْغَنَ لِفُلَانٍ : اطاعت و فرماں برداری کرنا۔

الْاَرْغُنُ والْاَرْغُنُوْنُ۔ ارگن۔ (ایک باجہ کا نام)

رَغَا (ن) رُغَاءً۔ الْبَعِیْرُ اَوِ النَّعَامُ اَوِ الضَّبُعُ : بلبلانا۔ چیخنا ــــــ الصَّبِیُّ : بہت رونا۔ ــــــ الرَّعْدُ : زور سے گرجنا۔

رَغَا (ن) رَغْوًا و رَغَّیٰ تَرْغِیَۃً واَرْغیٰ اِرْغَاءً۔ اللَّبَنُ ونَحْوُہٗ : دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے " اَرْغَی الرَّجُلُ واَزْبَدَ " مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ واَتَیْتُہٗ فَمَا اَثْغیٰ ولَا اَرْغیٰ " میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی ہ : ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا و رَغّیٰ فُلَانًا : غضبناک کرنا۔

اِرْتَغیٰ۔ اللَّبَنَ : دودھ سے جھاگ اتار لینا ــــــ الرُّغْوَۃَ : جھاگ پینا۔

الرَّغْوَۃُ والرُّغْوَۃُ والرِّغْوَۃُ۔ ج رُغیً ورِغیً و (الرُّغَایَۃُ والرِّغَایَۃُ والرِّغَاوَۃُ والرُّغَاوَیٰ والرِّغَاوَیٰ) مِنَ اللَّبَنِ : دودھ کا جھاگ۔

الرَّاغِیَۃُ۔ اونٹنی۔ کہتے ہیں " مَالَہٗ ثَاغِیَۃٌ ولَا رَاغِیَۃٌ " نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی۔

الْمِرْغَاۃُ۔ کفگیر۔

الْمُرَغّیٰ۔ مِنَ الْکَلَامِ : مبہم گفتگو۔

رَفَّ۔ (ن ض) رَفًّا۔ بہت کھانا ــــــ ہ : خدمت کرنا۔ بھلائی و احسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا ــــــ النَّاسُ بِہٖ : گھیر لینا ــــــ بِہٖ : اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ ذَہَبَ مَنْ کَانَ یَحُفُّہٗ ویَرُفُّہٗ " وہ شخص چلا گیا جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا۔ الْبَیْتَ : گھر میں الگنی بنانا ــــــ اِلیٰ کَذَا ــــــ : خوش ہونا۔ رَفَّتْ عَیْنُہٗ : پھڑکنا ــــــ الْبَرْقُ : بجلی کا چمکنا ــــــ شَفَتُہٗ : ہونٹ کا چوسنا۔

ــــــ اللَّبَنَ : ہر روز دودھ پینا ــــــ ثَوْبَہٗ : دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشیدہ کرنا۔ الدَّابَّۃَ : بھوسہ کھلانا۔

رَفَّ (ض) رَفًّا ورَفِیْفًا واِرْتَفَّ۔ النَّبَاتُ : لہلہانا۔ رَفَّتِ الْعَیْنُ : پھڑکنا۔ رَفَّ الْبَرْقُ : بجلی چمکنا۔ رَفَّ لَوْنُہٗ : چمک اٹھنا۔

اَرَفَّ اِرْفَافًا۔ الطَّائِرُ : پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا۔

الرَّفُّ۔ مع۔ الگنی۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ، یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا۔ ج رُفُوْفٌ ورِفَافٌ۔

الرِّفُّ۔ اونٹوں کا گلہ۔ ہر دن کا پینا۔ کہا جاتا ہے " اَخَذَتْہُ الْحُمّیٰ رِفًّا " اس کو روزانہ بخار آیا۔

الرُّفُّ والرُّفَّۃُ۔ بھوسہ و بھوسہ کا چورہ۔

الرُّفَافُ۔ بھوسہ کا چورہ۔

الرَّفِیْفُ۔ مع۔ چھت۔ فراخ سالی ــــــ فتی رَفِیْفُ الْاَخْلَاقِ : اچھے اخلاق والا جوان۔

الرَّفَّافُ۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے " ثَغْرٌ رَفَّافٌ " سفید و شفاف دانت۔

رَفَاَ (ف) رَفْئًا۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو رفو کرنا۔ مرمّت کرنا ــــــ ہ : خوف سے تسکین دینا مدد دینا ــــــ بَیْنَہُمْ : صلح کرانا ــــــ السَّفِیْنَۃَ : کشتی کو کنارہ پر لانا۔

رَفَّاَہٗ تَرْفِئَۃً وتَرْفِیْئًا۔ مبارکباد دینا اور " بِالرِّفَاءِ والْبَنِیْنَ " کہنا۔ (بِالرِّفَاءِ والْبَنِیْنَ : شادی کرنے والے کیلئے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔

اَرْفَاَ۔ اِلَیْہِ : قریب ہونا اور پناہ لینا۔ الشَّیْءَ اِلَیْہِ : قریب کرنا ــــــ الرَّجُلُ : کنگھی کرنا۔ ــــــ السَّفِیْنَۃَ : کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا۔

اَرْفَاَہٗ ورَافَاَہٗ۔ مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔

اَلرِّفَاءُ - اتفاق۔
اَلرِّفَاءُ - رفوگر۔
اَلمَرْفَأُ والمُرْفَأُ - مِنَ البَحْرِ: بندرگاہ - جو
مَرَافِیُ۔
رَفَتَ (ن ض) رَفْتًا - الشَّیْءَ: توڑنا کوٹنا۔
چورہ کرنا (-- وانْرَفَتَ وتَرَفَّتَ - ٹوٹنا۔
چورہ ہونا -- العَظْمُ: ریزہ ریزہ ہونا۔
الحَبْلُ: رسی کا کٹ جانا۔
الرُّفَتُ - بھوسہ - ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرُّفَاتُ - چورہ - ریزہ - ہر وہ چیز جو ٹوٹ
جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رَفَثَ (ن ض) رَفْثًا ورَفِثَ (س) رَفَثًا
وأرْفَثَ - فِي كَلَامِهِ: فحش گوئی کرنا۔
الرَّفَثُ - مع - گندی گفتگو - جماع۔
رَفَّحَهُ - نئی شادی والے کو مبارکباد دینا۔
رَفْغٌ - عَيْشٌ رَافِغٌ: ناز و نعمت کی
آسودہ زندگی۔
الرَّفُوغُ - مصیبتیں۔
رَفَدَهُ (ض) رَفْدًا وأرْفَدَهُ - دینا - مدد
دینا - رَفَدَ الحَائِطَ: سہارا دینا - رَفَدَ الدَّابَّةَ و
عَلَيْهَا وأرْفَدَ لَهَا: چوپایہ کیلئے پالان بنانا۔
رَافَدَهُ - مدد دینا۔
رَفَّدَهُ - تعظیم کرنا - سردار بنانا۔
تَرَافَدَ - القَوْمُ: باہم مدد کرنا۔
إِرْتَفَدَ - المَالَ: کمائی کرنا - حاصل کرنا۔
إِسْتَرْفَدَهُ: عطیہ طلب کرنا - مدد طلب کرنا۔
الرَّفْدُ - مع حصہ، بڑا پیالہ - کہا جاتا ہے -
"أُرِيقَ رَفْدُهُ" اس کا انتقال ہو گیا۔
الرِّفْدُ - ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ
بڑھا دی جائے تاکہ اس کیلئے سہارا ہو جائے
عطیہ - مدد - بڑا پیالہ - جو أرْفَاد ورُفُود۔
الرِّفْدَةُ - لوگوں کی جماعت - جو رِفَد۔
الرَّافِدُ - فا - بادشاہ کی غیبوبت میں اس
کا قائم مقام - جو رُفَّد۔
الرَّافِدَانِ - دریائے دجلہ و فرات۔

الرَّافِدَةُ - پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔
عوام اسے "دُسْلَة" کہتے ہیں - جو رَوَافِد۔
الرِّفَادَةُ - زخم کی پٹی - زین - زین یا کجاوہ
کے سہارے کی چیز۔
نَاقَةٌ رَفُودٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں
پیالہ بھرنے والی اونٹنی - جو رُفُد۔
المِرْفَدُ والمَرْفَدُ - مدد - جو مَرَافِد۔
المِرْفَدُ - بڑا پیالہ - جو مَرَافِد۔
المَرَافِيدُ - بکریاں جن کا دودھ جاڑے
گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔
المُرْفِدُ - بازی گر۔
رَفْرَفَ - الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔
-- الشَّیْءُ: آواز کرنا۔
الرَّفْرَفُ - لکڑی وغیرہ جس کے دونوں
کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر
رکھ دیں - خیمہ کا دامن - زرہ کے کنارے زرہ
کا لٹکتا ہوا حصہ - درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی
شاخیں - ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دیا جائے -
فرش - بچھونا - تکیہ - باریک ریشمی کپڑا۔
کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے
نچلے حصہ میں سیتے ہیں - کہا جاتا ہے "ضَرَبَتِ
الرِّيحُ رَفْرَفَ الفُسْطَاطِ" ہوا نے خیمہ کے
دامن کو ادھر ادھر کر دیا - رَفْرَفُ الدِّرْعِ:
زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر
ڈال لیتے ہیں - جو رَفَارِف۔
الرَّفْرَافُ - ایک پرندہ جس کو "خَاطِف
ظِلِّه" بھی کہتے ہیں - زرشتر مرغ۔
رَفَزَهُ (ض) رَفْزًا - مارنا۔
الرَّافِزُ - حرکت کرنے والی رگ۔
رَفَسَهُ (ن ض) رَفْسًا ورِفَاسًا - سینہ
پر مارنا -- البَعِيرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا
-- اللَّحْمَ ونَحْوَهُ: گوشت کا قیمہ کرنا۔
الرِّفَاسُ - اونٹ کے پاؤں باندھنے
کی رسی۔
الرَّفْسَةُ - سینہ پر لات مارنا۔

نَاقَةٌ (رَفُوسٌ) دولتی مارنے والی اونٹنی۔
رَفَشَ (ن) رَفْشًا - کھانے پینے میں فائدہ
اٹھانا - خوب کھانا پینا -- القَمْحَ: گیہوں کو
بیلچہ سے اٹھا کر لیجانا -- الشَّیْءَ: کوٹنا (--
رُفُوشًا) فِي الأَمْرِ: کشادہ ہونا۔
رَفِشَ (س) رَفَشًا - چوڑے کانوں والا
ہونا - صفت (أَرْفَشُ) مؤنث رَفْشَاءُ - جو رُفْش۔
رَفَّشَ - لِحْيَتَهُ: داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الرَّفَّاشُ - گیہوں کو بیلچہ سے اٹھا اٹھا کر
ناپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔
الرَّفْشُ - مع - بیلچہ - کشتی کا چپو۔
المِرْفَشَةُ - بیلچہ۔
رَفَضَ - تَرَافَضُوا المَاءَ: باری باری پانی
پر آنا - ہر ایک آنے والے کو (رَفِيض) کہتے
ہیں - کہا جاتا ہے "هُوَ رَفِيضُكَ" وہ تمہارا
پانی پینے میں ساتھی ہے۔
إِرْتَفَضَ - السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔
الرُّفْصَةُ - پانی پینے کی باری۔
رَفَضَ (ن ض) رَفْضًا ورَفَضًا - الشَّیْءَ:
پھینکنا - چھوڑنا - صفت (رَافِض) جو
رَافِضُونَ ورَفَضَة ورُفَّاض - (-- وأرْفَضَ)
الإِبِلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا - رَفَضَ و
أَرْفَضَ الوَادِي: کشادہ ہونا۔
رَفَضَتْ (ن) رُفُوضًا - الإِبِلُ: چرواہے
کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔
تَرَفَّضَ - بکھرنا - متفرق ہونا - ٹوٹنا --
الدَّمْعُ: آنسو بہنا اور بکھرنا۔
إِرْفَضَّ - الدَّمْعُ: آنسو بہنا ٹپکنا --
الجُرْحُ: زخم سے پیپ بہنا -- الشَّیْءُ:
متفرق ہو کر جانا - اور اسی سے ہے "إِرْفَضَّ
النَّاسُ عَنْهُ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے --
الوَجَعُ: درد کا زائل ہونا۔
إِسْتَرْفَضَ - الوَادِي: کشادہ ہونا۔
الرَّفَضُ - مع -- رِفَاض و(الرُّفْضُ) جو
أَرْفَاض - اونٹنیوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ۔

کہا جاتا ہے" نَعَامٌ رَفَضٌ" تھوڑے متفرق شتر مرغ - چیز کا بکھرا ہوا حصہ - تھوڑی چیز - کہا جاتا ہے" فِی القِرْبَةِ رَفَضٌ مِنْ مَاءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔

الرَّافِضَةُ - جنگ وغیرہ میں اپنے قائد و رہنما کو چھوڑ دینے والی جماعت - ج رَوَافِض - اور اسی سے ہے" لَاخَیْرَ فِی الرَّوَافِضِ" الرَّافِضَةُ: شیعوں کی ایک جماعت اور نسبت کے لئے " رَافِضِیّ "

الرُّفَاض - پریشان راستے۔

الرُّفَاضُ - مِنَ الشَّیْءِ: ٹکڑے - ریزے رَجُلٌ (قُبُضَةٌ رُفَضَةٌ) قبضہ کرنے والا اور چھوڑ دینے والا مرد۔

الرُّفُوض - متفرق گھاس - رُفُوضُ النَّاسِ: لوگوں کے گروہ - رُفُوضُ الاَرْضِ: زمین جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو - زمین جو حمیٰ ہونے کے بعد چھوڑ دی گئی ہو۔

الرَّفِیض - چھوڑا ہوا - پسینہ - ٹوٹا ہوا نیزہ

الرَّفِیض والمَرْفُوض - چھوڑا ہوا۔

المَرْفَض - مِنَ الوَادِی: سیلاب بہنے کی جگہ - ج مَرَافِض۔

رَفَعَ (ف) رَفْعًا - الشَّیْءَ: اٹھانا —— فُلَانًا عَلٰی صَاحِبِہٖ فِی المَجْلِسِ: آگے بڑھانا —— الکَلِمَةَ: رفع کی علامت لگانا —— الشَّیْءَ: لینا —— الشَّیْءَ فِی خِزَانَتِہٖ: چھپانا —— الجَمَلُ فِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا —— القَوْمُ: ملکوں میں گھستے چلے جانا —— الجَمَلَ: تیز چلانا —— الحَدِیْثَ: پہلے قائل تک سند پہونچانا۔ (—— رَفْعًا ورَفَاعًا ورَفَاعَةً) القَوْمُ الزَّرْعَ: کاٹنے کے بعد کھلیان میں لے جانا (—— رُفْعًا ورُفْعَانًا) زَیْدًا اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کرانے کے لئے جانا —— ہ اِلَی السُّلْطَانِ: پیش کرنا. قریب کرنا - کہا جاتا ہے" ہٰذَا اَمْرٌ یَرْفَعُ الرَّاْسَ" یہ ایسا امر ہے جو سر کو بلند کر دیتا ہے یعنی باعث مجد و بزرگی ہے - " فُلَانٌ لَا یَرْفَعُ العَصَا عَنْ عَاتِقِہٖ" یعنی وہ بہت سفر کرتا ہے۔

رَفُعَ (ک) رِفْعَةً ورَفَاعَةً - عالی مرتبہ ہونا - صفت (رَفِیْعٌ) ورَفُعَ رَفَاعَةً: بلند آواز والا ہونا —— الثَّوْبُ: باریک ہونا۔ صفت (رَفِیْعٌ)

رُفِعَ - لَہُ الشَّیْءُ: دور سے دیکھنا۔

رَفَّعَہٗ - بلند کرنا - رَفَّعَ القَوْمَ: لڑائی سے دور کرنا۔

رَافَعَہٗ - اِلَی الحَاکِمِ: شکایت کر کے فیصلہ کے لئے حاضر کرانا —— ہ: قطع تعلق کرنا۔ —— بِہِمْ: رحم کرنا۔

تَرَفَّعَ - برتری ظاہر کرنا - کہا جاتا ہے - " تَرَفَّعَتْ بِی ہِمَّتِی عَنْ کَذَا" میری ہمت نے مجھ کو اس سے برتر بنا دیا ہے —— الشَّیْءَ والرَّجُلَ: بلند کرنا۔

تَرَافَعَا - ایک دوسرے کو بلند کرنا —— الخَصْمَانِ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے جانا۔

اِرْتَفَعَ - بلند ہونا —— السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا —— النَّہَارُ: دن کا چڑھنا —— دراز ہونا۔ —— مِنْ بَیْنِہِمُ الخِصَامُ: دشمنی زائل ہونا۔ —— الشَّیْءُ: بلند ہونا۔

اِسْتَرْفَعَ - الشَّیْءَ: اٹھانے کو کہنا —— الخِوَانُ: دسترخوان خالی ہونا اور اٹھانے کا وقت آنا۔

الرَّافِع - فا - بَرْقٌ رَافِعٌ: چمکنے والی بجلی

الرِّفْعَةُ - مص - بلندی مرتبہ۔

الرَّفَاع والرِّفَاع - کھیتی میں دانے کا موٹا ہونا - کٹی ہوئی کھیتی کا کھلیان میں لے جانا۔

الرَّفَاعَةُ والرُّفَاعَةُ والرِّفَاعَةُ - مِنَ الصَّوْتِ: آواز کی بلندی و شدت۔ الرِّفَاعَةُ والرُّفَاعَةُ: گدی جس کو عورتیں اپنے سُرِین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔

الرَّفِیْعَةُ - حاکم کے سامنے پیش کیا ہوا معاملہ

المَرْفُوعُ - مفعو - ایک قسم کی تیز دوڑ —— مِنَ الکَلَامِ: بلند گفتگو - والحَدِیْثُ المَرْفُوعُ عِنْدَ المُحَدِّثِیْنَ: وہ حدیث جس کی سند نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک متصل ہو۔

المِرْفَع - بلند کرنے کا آلہ۔

المَرْفَع والمَرَافِع - عِنْدَ المَسِیْحِیِّیْنَ: مسیحیوں کے روزہ سے پہلے کچھ مقررہ دن۔

رَفُغَ (ک) رَفَاغَةً - العَیْشُ: کشادہ و آسودہ ہونا - صفت (رَافِغٌ ورَفِیْغٌ واَرْفَغُ)

اَرْفَغَ - لَہُ المَعَاشَ: آسودہ و کشادہ بنانا۔

تَرَفَّغَ - آسودگی میں زندگی بسر کرنا۔ - جماع کے لئے عورت کی دونوں رانوں کے درمیان بیٹھنا۔

الرَّفْغ - ج اَرْفُغ ورِفَاغ: وادی کی بہت بری جگہ - بہت خاک والی زمین - کہا جاتا ہے " جَاءَ بِمَالٍ کَرَفْغِ التُّرَابِ" یعنی وہ بہت زیادہ مال لایا - گوشہ —— ج اَرْفَاغ ورُفُوغ - جسم میں میل جمع ہونے کی جگہ - جوار کا بھوسہ۔ اَرْفَاغُ النَّاسِ: نااہل و کمینے لوگ۔ (الرَّفْغ والرَّفَاغَة والرَّفَاغِیَة) آسودہ زندگی بِکُلِّ رَفْغٍ: نرم چونے کا گارہ - الرُّفْغُ: ناخن کا میل۔

الرُّفْغ - بغل - اندام نہانی کا ارد گرد۔ اور اسی سے ہے" اِذَا الْتَقَی الرُّفْغَانِ وَجَبَ الغُسْلُ" یعنی جب دونوں شرمگاہ مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔ الرُّفْغ: ناخن کا میل۔

المَرَافِغ - کنج ران و بغل و جمع ہے - اور اس کا واحد نہیں۔

المَرْفُوغَةُ - تنگ اندام نہانی والی عورت جس سے کوئی جماع نہ کر سکے۔

رَفَقَہٗ (ن) رَفْقًا - نفع پہونچانا - مدد کرنا. کہنی پر مارنا —— النَّاقَةَ: اونٹنی کے بازو کو باندھنا - العُنُقَ: مضبوطی سے کرنا۔

رَفُقَ ورَفِقَ (ن و ک) ورَفِقَ (س) رِفْقًا ومَرْفِقًا ومَرْفَقًا ومِرْفَقًا - بہ ولَہٗ وعَلَیْہِ:

مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
رَفِقَ (س) رَفَقًا۔ البَعِیرُ: پہلو سے مڑی ہوئی کہنی والا ہونا۔ صفت (اَرْفَق)
رَفُقَ (ک) رَفَاقَةً۔ الرَّجُلُ: ساتھی ہونا۔
رَافَقَهُ۔ رفیق ہونا۔ ساتھی ہونا۔ کہا جاتا "رَافَقَهُ فِی السَّفَرِ" وہ سفر میں اس کے ساتھ رہا۔
المِزْبَرُ۔ قلم۔

المُزْبَرُ۔ بڑے کندھے والا۔

أَرْضٌ (مَزْبَرَةٌ) بہت بھڑوں والی زمین۔

أَسَدٌ (مُزْبَرَانِيٌّ) بہت ایال والا شیر۔

بِئْرٌ۔ (مَزْبُوْرَةٌ) پتھروں سے من بنایا ہوا کنواں

زَبْرَجَ۔ الشَّيْءَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الزِّبْرِجُ۔ نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زَبَارِجُ۔

الزَّبَرْجَدُ۔ زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر ج زَبَارِجُ۔

زَبْرَقَ۔ الثَّوْبَ: سرخ یا زرد رنگنا۔

الزِّبْرِقَانُ۔ پوری رات کا چاند۔ سبک داڑھی والا مرد۔

زَبْزَبَ۔ غضبناک ہونا۔ شکست کھانا۔

الزَّبْزَبُ۔ بلی کی مانند ایک جانور۔ ایک قسم کی کشتی۔ ج زَبَازِبُ۔

زَبَطَ (ض) زَبْطًا و زَبِيْطًا۔ البَطُّ: کڑکڑانا

الزَّبَاطَةُ والزَّبَّاطَةُ۔ بط۔

تَزَبَّعَ۔ بد خلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزَّبِيْعُ۔ غصہ ور جھگڑالو۔

الزَّوْبَعُ۔ حقیر۔ پستہ قد۔

الزَّوْبَعَةُ ۔ بگولہ ۔ اس کو اُمّ زوبعۃ اور اَبُو زوبعۃ بھی کہا جاتا ہے ۔ ج زَوَابِع ۔ الزَّوَابِع : مصیبتیں ۔
الزِّنْبَاعَةُ ۔ چرمی موزے یا جوتے کی نوک ۔
الزَّبَعْبَق والزَّبَعْبَاق ۔ بدخلق ۔
الزَّبَعْبَث والزَّبَعْبَكِي ۔ شوخ چشم و بیباک مرد ۔
زَبْعَرا ۔ الزِّبَعْرَى : بدخلق ۔ سخت ۔ چہرے اور ابرو پر زیادہ بالوں والا ۔ مادہ گرمچھ ۔ اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں پر ہاتھی کو اٹھا لیتا ہے ۔
الزِّبَعْرِی ۔ لمبے پروالا تیر ۔
زَبَقَ (ض) زَبْقًا ۔ شَعْرَهُ : بال اکھیڑنا ۔ ۔ ہ فی السجن : قید کرنا ۔ تنگی ڈالنا ۔ ہ فی الشیءِ : داخل کرنا ۔ الشیءَ بالشیءِ : مخلوط کرنا ۔ ملانا ۔ ۔ القُفْلَ : تالا کھولنا ۔ المَرْأَةُ بولدها : پھینک دینا ۔
اِنْزَبَقَ ۔ فی البیتِ : گھر میں داخل ہونا ۔ ۔ فی الحِبَالَةِ : جال میں پھنسنا ۔ چھپنا ۔
الزَّاوُوقَةُ ۔ مِنَ البیتِ : مکان کا گوشہ ۔
الأَزْبَق ۔ بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ سے اپنی داڑھی کے بال نوچے ۔
المَزْبُوقَةُ والزَّبِیقَةُ ۔ مِنَ اللِّحَی : نوچی ہوئی داڑھی ۔
زَبَلَ (ض) زَبْلًا و زُبُولًا ۔ الأَرْضَ : زمین میں کھاد ڈالنا ۔ ۔ (ازْدَبَلَ) الشیءَ : اٹھانا ۔
الزَّابِل والزَّابَل ۔ پستہ قد ۔
الزُّبَال والزُّبَال ۔ وہ چیز جس کو چیونٹی منہ میں اٹھا کر لے جائے ۔ کہا جاتا ہے "ما أصَابَ منه زُبَالًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا ۔
الزِّبْل والزِّبْلَةُ والزِّبِیل ۔ گوبر ۔ کھاد
الزِّنْبِیل والزَّبِیل ۔ خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی وغیرہ رکھتی ہیں ۔
الزُّبْلَةُ ۔ لقمہ ۔

الزُّبَالَةُ ۔ تھوڑا پانی ۔ کہا جاتا ہے "ما فی البئر زُبَالَةٌ" کنوئیں میں تھوڑا پانی نہیں ہے ۔
الزَّبِیل ۔ ج زُبُل و زُبْلَان و (الزِّبِّیل) ج زَبَابِیل و (الزِّنْبِیل) والزِّنْبِیل ج زَنَابِیل : ٹوکرا ۔ برتن ۔ توشہ دان ۔
المَزْبَلَةُ والمَزْبُلَةُ ۔ کوڑا خانہ ج مَزَابِل
زَبَنَهُ (ض) زَبْنًا ۔ دفع کرنا ۔ ٹکر لگانا ۔ علیحدہ کرنا ۔ زَبَنَتِ النَّاقَةُ : اونٹنی کا دوہنے کے وقت زانو سے مارنا ۔ کہا جاتا ہے "زَبَنَ عَنَّا مَعْرُوفَهُ" اس نے ہم سے بہتر سلوک کو روک لیا ۔ زَبَنَ الثَّمَرَ : درخت پر پھل بیچنا ۔
أَزْبَنَ ۔ بَیْتَهُ عَنِ الطَّرِیقِ : راستہ سے ہٹ کر علیحدہ مکان بنانا ۔
زَابَنَهُ مُزَابَنَةً ۔ ایک دوسرے کو ہٹانا ۔ ایک دوسرے سے ٹکرانا ۔ درخت پر پھل بیچنا ۔
تَزَابَنَ ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے کو ہٹانا ۔
اِنْزَبَنَ ۔ القَوْمُ : علیحدہ ہونا ۔ کنارہ پر ہونا
تَزَبَّنَهُ ۔ زبردستی غلبہ کرنا ۔
اِسْتَزْبَنَهُ ۔ غالب ہونا ۔
الزَّبَن ۔ مع ۔ بَیْتٌ زَبَنٌ : گھروں سے علیحدہ گھر مَقَامٌ زَبَنٌ : تنگ مقام جہاں کھڑے نہ ہو سکیں ۔
الزَّبَن ۔ گوشہ ۔
الزَّبِن والزَّبُون ۔ بہت دفع کرنے والا
زُبَنْتَا ۔ النَّاقَةِ : اونٹنی کی دونوں ٹانگیں
الزَّبِین ۔ پیشاب پاخانہ کو روکنے والا ۔
الزِّبْنِیَةُ ۔ سخت ۔ جن و انسان میں سے سرکش ۔ سپاہی ج زَبَانِیَة ۔
الزَّبَانِیَةُ ۔ عِنْدَ العَرَبِ : سپاہی ۔ ان فرشتوں کو بھی کہتے ہیں جو گنہگاروں کو ہانک کر جہنم کی طرف لے جائیں گے ۔
الزَّبُون ۔ مِنَ النُّوقِ : دوہنے کے وقت بہت زانو مارنے والی اونٹنی ۔ حَرْبٌ زَبُونٌ : سخت لڑائی ۔ الزَّبُون : بیوقوف ۔ غبی (اس معنی میں فصیح نہیں)

الزَّبُّونَةُ والزُّبُّونَةُ ۔ گردن ۔ اور کہا جاتا ہے "فِیهِ زَبُّونَةٌ" اس میں تکبر ہے ۔
زُبَانَی ۔ العَقْرَبِ : بچھو کا ڈنک ۔
زُبَانَیَا ۔ العَقْرَبِ : بچھو کے سر کی جانب وہ دونوں حصے جو کیکڑے کے مانند ہوتے ہیں
المُزَابَنَةُ ۔ مع ۔ اندازہ سے بیع کرنا ۔
الزَّبَنْتَر ۔ پست قد مرد ۔ بدصورت و پست قد بلا و مصیبت ۔
الزَّبَنْتَرِی ۔ بلا و فتنہ ۔
زَبَی (ض) زَبْیًا و ازْدَبَی ۔ ہ : اٹھانا ۔ ہانکنا ۔ زَبَاهُ بِشَرٍّ : تہمت لگانا ۔
أَزْبَاهُ إِزْبَاءً ۔ اٹھانا ۔
زَبَّی ۔ فُلَانًا : ہانکنا ۔ ۔ اللَّحْمَ : شکار کے گڑھے میں گوشت بکھیرنا ۔
زَبَّی و تَزَبَّی ۔ الزُّبْیَةَ : شکار کا گڑھا کھودنا ۔ تَزَبَّی فِی الزُّبْیَةِ : شکار کیلئے گڑھے میں چھپنا ۔
تَزَابَی تَزَابِیًا ۔ تکبر کرنا ۔
الزُّبْیَةُ ۔ درندوں کے شکار کا گڑھا ۔ پشتہ جس پر پانی نہ چڑھے ۔ ج زُبًی ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبَی" یعنی معاملہ بہت سخت ہو گیا ۔
الأُزْبِیّ ۔ جلدی ۔ نشاط ۔ ایک قسم کی چال ۔ برائی ۔ بڑا معاملہ ۔ ج أَزَابِیّ ۔
زَتَّ (ن) زَتًّا ۔ آراستہ کرنا ۔
تَزَتَّتَ ۔ العَرُوسُ : دلہن کا آراستہ ہونا ۔
زَتَخَ (ن) زُتُوخًا ۔ الجَرَادُ : چوچری لگنا ۔
زَجَّ (ن) زَجًّا ۔ دوڑنا ۔ ہ : کسی کو نیزے کے پچھلے سرے کے لوہے سے مارنا ۔ زَجَّهُ بِالرُّمْحِ : کسی کو نیزہ مارنا ۔ ۔ بالشیءِ : کوئی چیز پھینکنا ۔
زَجَّ (س) زَجَجًا و ازْجَوَجَّ ۔ حاجبه : لمبی اور باریک ابرو والا ہونا ۔ صفت (أَزَجّ) مونث زَجَّاء ج زُجّ (ایسی بھوں کو بھی ازج کہتے ہیں)
زَجَّجَ ۔ الحَاجِبَ : ابرو کو لمبی اور باریک

بنانا — الموضعَ: درست وہموار کرنا۔ کہا جاتا ہے "نقرَ خشبۃً ثمَّ زَجَّجَ موضعَ النقرِ" اس نے لکڑی کو کھودا پھر کھدی ہوئی جگہ کو ہموار کیا۔

أَزَجَّ۔ الرُّمحَ: نیزے کا نچلا حصہ لگانا۔ نیزے کا نچلا حصہ نکالنا۔

الزُّجّ۔ نیزے کا نچلا لوہا (اس کے مقابل میں اوپر کا لوہا سنان ہے) مثل "فضّلَ الزُّجَّ قُدّامَ السِّنانِ" یعنی اس نے ادنیٰ کو اعلیٰ پر فضیلت دی۔ کہنی کی نوک۔ تیر کا پھل۔ ج زِجاج وأَزِجَّۃ وزِجَجَۃ۔ اور کبھی الزِجاج کو رماح کے معنی میں بھی مجازاً استعمال کرتے ہیں۔

الزَّجاج والزُّجاج والزِّجاج۔ شیشہ (زَجاجۃ زُجاجۃ زِجاجۃ) شیشہ کا ٹکڑا۔ شیشہ کا برتن۔ حَشیشۃُ الزُّجاج: ایک قسم کی گھاس جس سے شیشہ صاف کیا جاتا ہے۔

الزُّجاجی۔ شیشہ بیچنے والا۔

الزَّجّاج۔ شیشہ بنانے والا۔

الزِجاجۃ۔ شیشہ گری کا پیشہ۔

المُزَجَّج۔ پھل لگے ہوئے چھوٹے نیزے سدھائے ہوئے گدھے۔

الأَزَجّ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ لمبے لمبے قدم والا شترمرغ۔ مؤنث زَجّاء ج زُجّ۔

المِزَجّ۔ چھوٹا نیزہ۔ رُمحٌ (مُزَجّ) نچلا لوہا لگا ہوا نیزہ۔

المِزَجَّۃ۔ وہ چیز جس سے ابرو کو باریک اور لمبی کریں۔

الزُّجْجَبۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "ما سمعتُ منہ زُجْجَبۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَرَہٗ (ن) زَجْرًا۔ عن کذا: روکنا۔ منع کرنا ڈانٹنا۔ چلا کر دھتکارنا — الرِّیحُ السَّحابَ: ہوا کا بادلوں کو اٹھا کر لانا — الکلبَ وبالکلبِ: کتے کو ڈانٹنا۔ دھتکارنا — الطیرَ: شگون لینے کیلئے پرندہ کو اڑانا۔ (اگر داہنی جانب سے پرندہ اڑتا تو اچھا شگون لیتے تھے ورنہ برا) زَجَرَ الرجلُ: کہانت کرنا۔ کہتے ہیں "زجرت أن یکونَ کذا وکذا" یعنی میں نے ایسا ہونے سے ڈرایا تھا۔

اِزْدَجَرَہٗ۔ منع کرنا روکنا۔ چلا کر دھتکارنا (— وازدَجَرَ) رک جانا۔

تَزَاجَرَ۔ القومُ عن الشرِّ: ایک دوسرے کو برائی سے منع کرنا۔

الزَّجْر۔ مص۔ (— والزُّجَر) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج زُجُور۔

الزّاجِر۔ فا — زاجِرُ الإنسانِ: ضمیر۔ أبو زاجِر: کوا۔

الزَّجّار۔ بہت ڈانٹنے والا۔

ناقۃٌ (زَجُور) اونٹنی جو بغیر ڈانٹے ہوئے دودھ نہ دے۔

المَزْجَر۔ ڈانٹنے کی جگہ (— والمَزْجَرۃ) ڈانٹنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "ذِکرُ اللّٰہِ مَزْجَرَۃٌ للشَّیطانِ" اللہ کا ذکر شیطان کے ڈانٹنے کا وسیلہ ہے۔

زَجَلَ (ن) زَجْلًا۔ ہ وبہٖ: تیر مارنا۔ دفع کرنا — ہ: بالرُّمحِ: نیزہ مارنا — الحَمامَ: کبوتر کو دور جانے کیلئے روانہ کرنا۔ ایسے کبوتر کو حَمامُ الزّاجِل یا حَمامُ الزَّجّال کہتے ہیں۔

زَجِلَ (س) زَجَلًا۔ خوش ہونا۔ گانا۔ شور و فریاد کرنا۔ صفت (زَجِل وزاجِل) القومُ: کھیل کود کرنا۔

الزَّجَل۔ شعر کی ایک قسم۔ سَحابٌ ذو زَجَلٍ: گرجنے والا بادل۔ زَجَلُ الجنِّ: جنوں کی گنگناہٹ۔

الزَّجْلَۃ۔ لوگوں کا شور۔ ج زَجَلات۔

الزُّجْلَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ دونوں آنکھوں کے درمیان کی کھال۔ حالت۔ ج زُجَل۔

مَسافۃٌ (زَجُول) دور کی مسافت۔

الزّاجِل والزّاجَل۔ حلقہ کی مانند لکڑی جو رسی کے سرے پر باندھتے ہیں۔ نیزہ کے نچلے حصہ کے لوہے کا حلقہ۔ فوج کا سردار ج زَواجِل

الزَّجّالۃ۔ چھوٹے نیزے سے مارنے والے لوگ۔

المِزْجَل والمِزْجال۔ چھوٹا نیزہ۔

المَزْجَل۔ کبوتروں کے روانگی کی جگہ۔

ناقۃٌ (زِجْلاۃ) تیز رفتار اونٹنی۔

الزِّجْجیل۔ کمزور بدن والا مرد۔

الزُّواجِل۔ کمزور سست بدن والا مرد

الزَّنْجَبَجَل۔ آئینہ۔

زَجَمَ (ن) زَجْمًا۔ آہستہ بولنا۔ آہستہ بات سنانا۔ کہا جاتا ہے "سکتَ فما زَجَمَ بحرفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔

الزُّجْمۃ۔ ایک قسم کا پرندہ۔

الزَّجْمَۃ والزُّجْمَۃ۔ آہستہ بات۔ کہا جاتا ہے "لم أسمعْ لہٗ زَجْمَۃً" میں نے اس کی ایک بات بھی نہیں سنی۔ "ذَجولا یُخالفُ بزَجْمۃٍ": وہ اس کی ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزُّجْمَۃ: رطوبتیں جو بچہ کے ساتھ شکم مادر سے نکلیں۔

قوسٌ (زَجُوم) کمزور آواز والی کمان۔

الزَّجْنَۃ۔ نرم و خفی آواز۔ اس کا استعمال نفی میں ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "ما سمعتُ لہٗ زَجْنَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔

زَجَا (ن) زَجْوًا وزَجًی تَزْجِیَۃً و أَزْجیٰ إِزْجاءً واِزْدَجیٰ۔ ہ: ہانکنا۔ کہا جاتا ہے "کیفَ تُزْجی أیّامَکَ" تم اپنا زمانہ کس طرح بسر کرتے ہو؟ "زَجّیٰ فلانٌ حاجَتی" فلاں نے میری حاجت کے حصول کو آسان کردیا۔ أَزْجَی الأمرَ: مؤخر کرنا۔ أَزْجَی الدراہمَ: دراہم کا رائج کرنا۔

زَجا (ن) زَجْوًا وزُجُوًّا وزَجاءً۔ الأمرُ: کامیاب ہونا۔ آسان ہونا — الخراجُ: خراج کا آسانی سے جمع ہونا — فلانٌ: ہنسی منقطع ہونا۔

تَزَجّیٰ تَزَجِّیًا۔ بالشیءِ: اکتفا کرنا۔ قناعت کرنا۔

المُزْجیٰ۔ تھوڑی چیز۔ ردی چیز۔ مؤنث

مُزَجَاةٌ۔

اَلاَزْجیٰ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَزْجیٰ مِنْ فُلَانٍ بِھٰذَا الاَمْرِ" یعنی فلاں شخص اس کام کو فلاں سے زیادہ نافذ کرنے والا ہے۔

اَلمُزَجیّٰ۔ کمزور جس کو کاموں میں رغبت دلانے کی ضرورت ہو۔

زَحَّہٗ (ن) زَحًّا۔ دفع کرنا ہٹانا۔ یا جلدی سے کھینچنا ــــ عَنْ مَکَانِہٖ: علیحدہ کرنا۔

زَحَبَ (ف) زَحْبًا و زُحُوْبًا۔ اِلَیْہِ: نزدیک ہونا۔

زَحَرَ (ف،ض) زَحِیْرًا و زُحَارًا و زُحَارَۃً پیچش میں مبتلا ہونا۔ عمل یا سختی کی وجہ سے آہ بھرنا۔ زَحَرَتْ بِہٖ اُمُّہٗ: جننا۔ زَحَرَہٗ بِالرُّمْحِ: سر پر نیزہ مارنا۔

زُحِرَ۔ مبتلائے پیچش ہونا۔

زَحَّرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا۔

زَاحَرَہٗ۔ دشمنی کرنا۔

تَزَحَّرَ۔ پیچش میں مبتلا ہونا ــــ عَنْہُ اُمُّہٗ: جننا۔

اَلزُّحَارُ و الزَّحِیْرُ۔ پیچش۔

اَلزُّحَرُ و الزُّحَارُ و الزُّحْرَانُ۔ بخیل اس وجہ سے کہ وہ سوال کے وقت آہ بھرتا ہے۔

زَحْزَحَہٗ۔ عَنْ مَکَانِہٖ: دور کرنا۔ ہٹانا۔

تَزَحْزَحَ۔ دور ہونا۔ ہٹنا۔

اَلزُّحْزُحُ۔ دُوری۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِزُحْزُحٍ مِنْہُ" وہ اس سے دوری پر ہے۔

اَلزُّحْزَاحُ۔ دور۔

زَحَفَ (ف) زَحْفًا و زَحَفَانًا و زُحُوْفًا آہستہ آہستہ زانو یا سرین پر گھسٹنا ــــ اِلَیْہِ: چلنا۔ کہا جاتا ہے "زَحَفَ العَسْکَرُ اِلَی العَدُوِّ" لشکر دشمن کی طرف گیا گویا کثرت کی وجہ سے گھسٹ کر چلا ــــ الشَّیْءَ: آہستہ آہستہ کھینچنا۔ ــــ البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت مذکر۔ زَاحِفٌ و زَاحِفَۃٌ (ۃ مبالغہ کیلئے ہے)۔ صفت مؤنث زَاحِفَۃٌ ج زَوَاحِفُ و (زُحُوْفٌ) ج زُحُفٌ ــــ السَّھْمُ: تیر کا نشانہ سے ورے گرنا پھر گھسٹ کر نشانہ کو لگنا۔ صفت (زَاحِفٌ) ج زَوَاحِفُ۔

اَزْحَفَ۔ اپنے انتہائی مطلوب پر پہنچنا۔ ــــ ہٗ طُوْلُ السَّفَرِ: تھکا دینا ــــ البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا ــــ الرَّجُلُ: تھکے ہوئے اونٹ یا گھوڑے والا ہونا۔ اَزْحَفَ بَنُوْ فُلَانٍ: بڑا لشکر بننا۔

زَاحَفْنَاھُمْ۔ ایک دوسرے کی طرف گھسٹنا

تَزَحَّفَ و اِزْدَحَفَ۔ اِلَیْہِ: چلنا۔

تَزَاحَفَ۔ القَوْمُ فِی الحَرْبِ: بعض کا بعض کی طرف جانا اور قریب ہونا۔

اَلزَّحْفُ۔ مص۔ بڑا لشکر جو دشمن کی طرف جائے۔ ج زُحُوْفٌ۔

اَلزُّحَفَۃُ۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ جو دُور نہ جائے۔

اَلزِّحَافُ۔ فِی العُرُوْضِ: علم عروض کی اصطلاح میں وہ تغیر جو سبب خفیف یا ثقیل کے دوسرے حرف میں واقع ہو۔

اَلزَّحَّافُ۔ گھسٹنے والا۔ مؤنث زَحَّافَۃٌ۔

اَلزَّحَّافَاتُ مِنَ الحَیَوَانِ: رینگنے والے جانور۔

اَلمَزْحَفُ۔ گھسٹنے کی جگہ ج مَزَاحِفُ۔ مَزَاحِفُ الحَیَّاتِ: سانپوں کے رینگنے کی جگہ مَزَاحِفُ السَّحَابِ: قطرہ گرنے کی جگہ۔

بَعِیْرٌ (مِزْحَافٌ) اونٹ جس کو تھک جانے کی عادت ہو۔ ج مَزَاحِفُ و مَزَاحِیْفُ۔

زَحَکَ (ف) زَحْکًا۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ مِنْہُ: قریب ہونا ــــ عَنْہُ: بعید ہونا۔ ــــ البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔

اَزْحَکَ۔ تھکے ہوئے جانور والا ہونا۔

زَاحَکَہٗ۔ عَنْ نَفْسِہٖ: دور کرنا۔

تَزَاحَکَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے بعید ہونا۔ ایک دوسرے سے قریب ہونا (ضد)

زَحَلَ (ف) زُحُوْلًا۔ عَنْ مَکَانِہٖ: زائل ہونا۔ دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ صفت (زَاحِلٌ و زَحِلٌ)

زَحِلَ (ن) زَحَلًا۔ تھکنا۔

اَزْحَلَہٗ۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔

اَزْحَلَہٗ و زَحَّلَہٗ۔ دُور کرنا۔

تَزَحَّلَ۔ عَنْ مَکَانِہٖ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا۔

زُحَلُ۔ ایک ستیارہ کا نام جس کو بلندی اور بُعد کے لئے بطور مثال کے بیان کرتے ہیں ــــ و زَحِلٌ، زُحَلٌ: کام سے علیحدہ رہنے والا خواہ اچھا کام ہو یا بُرا۔

اَلزُّحَلَۃُ۔ کاموں سے علیحدہ رہنے والا۔ قریب قریب کا سفر کرنے والا۔ اپنے سوراخ میں دُم کی طرف سے داخل ہونے والا جانور۔ مَسَافَۃٌ (زَحُوْلٌ) دُور کی مسافت۔

اَلزُّحْلِیْلُ۔ تیز۔ علیحدہ رہنے والا۔ ــــ و الزُّحْلُوْلُ) تنگ پھسلنے کی جگہ۔ الزُّحْلُوْلُ: ہلکے پھلکے جسم والا۔

اَلمُزَحَّلُ۔ وہ جگہ جہاں کہیں سے علیحدہ ہو کر جائیں۔ زَحَلَ کا مصدر میمی۔ کہا جاتا ہے "اِذَا لَمْ یَکُنْ عَنْ شَفْرَۃِ السَّیْفِ مُزَحَّلٌ" جبکہ تلوار کی دھار سے علیحدہ ہونے کی جگہ نہ ہو۔

زَحْلَفَ۔ الشَّیْءَ: لڑھکانا۔ علیحدہ کرنا ــــ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔ زَحْلَفَ فِی الکَلَامِ: جلدی جلدی بولنا۔

تَزَحْلَفَ۔ لڑھکنا۔ علیحدہ ہونا۔ تَزَحْلَفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا مائل بغروب ہونا دوپہر میں ڈھلنا۔

اَلزُّحْلُوْفَۃُ۔ چکنی ڈھلواں جگہ جس پر لڑھکا جائے۔ ج زَحَالِفُ و زَحَالِیْفُ۔

اَلزُّحَالِفُ۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو چیونٹی کے مشابہ ہوتے ہیں۔

زَحْلَقَ و زَحْلَکَ و تَزَحْلَقَ و تَزَحْلَکَ و الزُّحْلُوْقَۃُ و الزُّحْلُوْکَۃُ۔ بمعنی زَحْلَفَ و تَزَحْلَفَ و الزُّحْلُوْفَۃُ۔

اَلزُّحْلُوْقَۃُ۔ لمبے تختے کا جھولا جس کے دونوں

جانب بیٹھ کر جھولیں۔

الزَّخِلُوق۔ تیز و تند ہوا۔

زَخَمَہٗ (ف) زَخْمًا و زِخَامًا۔ تنگی کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

زَاخَمَہٗ۔ تنگی کرنا۔ زَاخَمَ الخمسین: قریب ہونا

اِزْدَخَمَ و تَزَاخَمَ۔ القومُ: ایک دوسرے پر تنگی کرنا۔ ایک دوسرے کو دھکیلنا الأمواجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔

الزَّخَم۔ مع۔ بھیڑ کرنے والے لوگ۔

الزَّخْمَۃ۔ بھیڑ۔ تنگی۔

الزِّخَام۔ مع۔ یَوْمُ الزِّخَام: قیامت کا دن

المِزْخَم۔ بہت بھیڑ کرنیوالا (اَبُو مُزَاخِم) ہاتھی۔

زَخَمَ۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔

زَخَنَ (ف) زَخْنًا۔ دیر کرنا ــــ ہ عَنِ المَکَانِ: دور کرنا۔

تَزَخَّنَ۔ دیر کرنا۔ سمٹنا ــــ عَنْ مَکَانِہٖ: ہٹنا ــــ عَلَی الشَّیْءِ وعَنْہُ: ناپسندیدگی کے باوجود کرنا۔

رَجُلٌ زُخُنٌّ۔ پستہ قد مرد۔ مؤنث زُخُنَّۃٌ

الزُّخُنَّۃ۔ سخت گرمی۔ مع سازو سامان کے قافلہ۔ کہا جاتا ہے "لَہُمْ زُخُنَّۃٌ" ان لوگوں کے لئے دیر کا کام ہے "وَلَہٗ زُخُنَّۃٌ بَعْدُ" جبکہ سفر کا ارادہ کرے اور کوئی کام نکل آئے جس سے تاخیر ہوجائے۔

الزُّخْنَۃ۔ وادی کا موڑ۔

زَخَّ (ن) زَخًّا۔ غضبناک ہونا۔ بالإبل: اونٹوں کو تیز چلانا ــــ ہ: گڑھے میں دھکیلنا۔ ــــ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

زَخَّ (ن) زَخًّا و زَخِیخًا۔ الجمرُ: چنگاری کا تیز چمکنا۔

الزَّخّ۔ مع۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب۔

الزَّخَّۃ۔ کینہ۔ غصہ۔ غضب (ــ والمِزَخَّۃ والمِزَخَّۃ) بیوی۔

زَخْزَخَ۔ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

زَخَرَ (ف) زَخْرًا و زُخُورًا و تَزْخَارًا۔ البحرُ: دریا کا چڑھنا اور موج مارنا ــــ الوَادِی: لبی اور پانی سے بھری ہوئی ہونا ــــ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا ــــ القومُ: جنگ یا روانگی جنگ کیلئے پرجوش ہونا ــــ الحربُ اوالقدرُ: جوش مارنا ــــ ہ: بھرنا۔ موٹا کرنا۔ آراستہ کرنا۔ خوش کرنا ــــ بِمَا عِنْدَہٗ: فخر کرنا۔

زَاخَرَہٗ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَاخَرَہٗ فَزَخَرَہٗ" اس نے اس سے فخر کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَزَخَّرَ۔ البحرُ اوالوادِی: دریا یا وادی کا چڑھنا اور موج مارنا۔

تَزَاخَرَ۔ بِمَا عندہ: فخر کرنا۔

الزَّاخِر۔ فا۔ کریم۔ شادماں۔ بھرا ہوا۔ چھلکنے والا ــــ مِنَ الشَّرَفِ: بلند عزت۔

زَوَاخِرُ۔ الوادِی: وادی کی گھاس۔

الزَّخَّار۔ زَخَرَ کا اسم مبالغہ۔

نَبَاتٌ زُخُورِیٌّ و زُخَارِیٌّ و زَخْوَرِیٌّ۔ لمبا و گنجان پودہ۔ زُخَارِیُّ النَّبَاتِ: پودہ کی تروتازگی جبکہ گنجان ہو اور شگوفہ نکل آئے۔ کہا جاتا ہے "قَدْ اَخَذَتِ الاَرْضُ زُخَارِیَّہَا" جبکہ زمین کی نباتات لمبی و طویل ہوجائے۔ کَلَامٌ زَخْوَرِیٌّ: متکبرانہ دھمکی آمیز گفتگو۔

الزَّخْوَرِیّ۔ لمبا۔

زَخْرَفَہٗ۔ خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔ مزین کرنا ــــ الکَلَامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا

تَزَخْرَفَ۔ الرَّجُلُ: مزین ہونا۔

الزُّخْرُف۔ سونا۔ چیز کی خوبصورتی۔ زُخْرُفُ الکَلَامِ: جھوٹ سے آراستہ کی ہوئی گفتگو زُخْرُفُ الاَرْضِ: زمین کے سبزی کے رنگ۔ ج زَخَارِف۔ الزَّخَارِف: کشتیاں۔ پانی پر اڑنے والے کیڑے۔ زَخَارِفُ المَاءِ: پانی کے راستے۔

زَخَفَ (ن) زَخْفًا و زَخِیفًا۔ تکبر کرنا۔

زَخَفَ۔ فِی القَوْلِ: بہت بولنا۔

تَزَخَّفَ۔ مزین ہونا۔ آراستہ ہونا۔ خوبصورت بننا۔

المُزَخَّف۔ فخر کرنے والا متکبر۔

زَخَمَہٗ (ف) زَخْمًا۔ سختی سے ہٹانا۔

زَخِمَ (س) زَخَمًا و اَزْخَمَ۔ اللحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت (زَخِم)

اِزْدَخَمَ۔ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔

الزَّخَمَۃ۔ بدبودار گوشت۔

الزُّخْمَاء۔ بدبودار عورت۔

الزِّدْب۔ حصہ۔ ج اَزْدَاب۔

زَدَرَ۔ لوٹنا۔ (صَدَرَ میں ایک لغت ہے)

اَزْدَرَ۔ لوٹانا (اَصْدَرَ میں ایک لغت ہے)

الاَزْدَرَان۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے جَاءَ یَضْرِبُ اَزْدَرَیْہِ" یعنی وہ خالی ہاتھ آیا۔

اِزْدَرَم۔ نگلنا۔

زَدَعَ (ف) زَدْعًا۔ المَرْأَۃَ: جماع کرنا۔

المِزْدَع۔ کاموں کو جلدی سرانجام دینے والا۔

تَزَدَّغَ۔ تکیہ لگانا۔ تکیہ بنانا۔

المِزْدَغ۔ تکیہ (مِصْدَغ میں ایک لغت ہے)

اَزْدَفَ۔ اللیلُ: تاریک ہونا (اَسْدَفَ میں ایک لغت ہے)

الزِّدْق۔ سچائی (الصدق میں ایک لغت ہے)

زَدَا (ن) زَدْوًا۔ الصَّبِیُّ الجَوْزَ وبالجَوْزِ: بچے کا اخروٹ کو گڑھے میں پھینک کر کھیلنا۔

المِزْدَاۃ والمِزْدَاء۔ اخروٹ سے کھیلنے کا گڑھا۔

اَزْدَی اِزْدَاءً۔ سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔

زَرَّ (ن) زَرًّا۔ القَمِیصَ: کرتے میں گھنڈی لگانا۔ بٹن لگانا ــــ الشَّیْءَ: جمع کرکے باندھنا ــــ المتاعَ: سامان کو جھاڑنا ــــ الرَّجُلَ: دھتکارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ زَرَّہٗ بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ الشَّعَرَ: بال اکھیڑنا۔ نوچنا۔ عَیْنَہٗ: آنکھ تنگ کرنا۔

زَرَّ (س) زَرًّا۔ الرَّجُلُ: گھنڈی لگانا اپنے

مخالف پر سختی کرنا۔ عقل وتجربہ بڑھنا۔

زَرَّ (ض) زَرِیْرًا۔ سِنَانُ الرُّمْحِ: نیزہ کے پھل کا چمکنا ـــ العَیْنُ: آنکھ چمکیلی ہونا۔

أَزَرَّ۔ القَمِیْصَ: بٹن لگانا۔

زَرَّرَ۔ تَزْرِیْرًا: بٹن لگانا۔ بٹن بنانا۔

تَزَرَّرَ۔ القَمِیْصُ: بٹن لگا ہوا ہونا۔

الزِّرُّ۔ گھنڈی۔ بٹن۔ ج أَزْرَار وَزُرُوْر۔ دل کے نیچے کی چھوٹی ہڈی۔ گڑھا جس میں شانے کی ہڈی گھومتی ہے۔ سرین کا وہ کنارہ جو گڑھے میں ہے۔ خیمہ کی لکڑیوں میں سے ایک لکڑی زِرُّ السَّیْفِ: تلوار کی تیزی۔ زِرُّ الشَّیْءِ: وہ چیز جس پر کسی چیز کا مدار ہو۔ کہا جاتا ہے: "هُوَ زِرُّ مَالٍ" وہ مال کے مصالح کا جاننے والا ہے۔ "وَأَعْطَاهُ الشَّیْءَ بِزِرِّهٖ" اس نے اسکو ساری چیز دیدی۔ "وَجَاءَ فُلَانٌ بِزِرِّهٖ" فلاں شخص بذاتہ آیا۔

الزَّرَّةُ۔ دانت کا کاٹنا۔ تلوار کی دھار کا زخم۔

الزُّرَّةُ۔ دانت کے کاٹنے کا نشان۔ عقل

الزُّرَارَةُ۔ ہر وہ چیز جو دیوار پر پھینکی جائے۔ اور وہ اسے چمٹ جائے۔

الزُّرَّارُ والزِّرِّیْرُ۔ سریع الفہم۔ تیز خاطر۔

الزَّرِیْرُ: ایک قسم کی گھاس جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔ واحد (زَرِیْرَةٌ)

الزَّارَّةُ۔ جانوروں کو لگنے والی مکھی۔

حِمَارٌ (مِزَرٌّ) دانت سے کاٹنے والا گدھا۔

زَرَأَمَ إِزْرَأَمَ إِزْرِئْمَامًا وَإِزْدَأَمَ۔ إِزْرِئْمَامًا۔ کَلَامُهٗ، اَوْدَمُهٗ اَوْبَوْلُهٗ: گفتگو یا خون یا پیشاب کا منقطع ہونا۔

زَرَبَ (ن) زَرْبًا۔ المَوَاشِیَ۔ جانوروں کو باڑے میں داخل کرنا۔ لِلْغَنَمِ: بکریوں کے لئے باڑہ بنانا۔

زَرِبَ (س) زَرَبًا۔ المَاءُ: پانی کا بہنا۔

إِنْزَرَبَ۔ باڑہ میں داخل ہونا۔

إِزْرَبَّ۔ النَّبَاتُ۔ نباتات کا زرد ہونا۔

سبزی ملی ہوئی سرخ ہونا۔

الزَّرْبُ۔ مص۔ داخل ہونے کی جگہ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ (ـــ والزِّرْبُ) باڑہ۔ ج زُرُوْب۔

الزِّرْبُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔

الزَّارُوْبُ۔ عِنْدَ العَامَّةِ: لمبی پتلی گلی۔ فصیح لفظ الزُّقَبُ ہے۔

الزِّرْبِیُّ والزِّرْبِیَّةُ۔ مسند۔ گدے تکیے مخملی نہالچہ۔ ہر وہ چیز جو بچھائی جائے اور اس پر ٹیک لگائی جائے ـــ مِنَ النَّبْتِ: گھاس جو زرد ہو۔ یا سبزی آمیز سرخ ہو۔ ج زَرَابِیُّ۔

الزَّرْبِیَّةُ۔ جی حضوری۔

الزَّرِیْبَةُ: باڑہ۔ شیر کی جھاڑی شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج زَرَائِب وزَرَائِب۔

المِزْرَابُ۔ پرنالہ۔ ج مَزَارِیْب۔

الزُّرْبُوْن۔ جوتا۔

زَرَتَ (ف) زَرْتًا۔ گلا گھونٹنا۔

زَرْجَنَهٗ۔ فریب دینا ـــ القَوْمُ: شرکاء مکان میں سے کسی کا مکان لینا اور کسی کا زمین۔

الزَّرَجُوْنُ۔ انگور کی ٹہنیاں۔ واحد ـــ (زَرَجُوْنَةٌ) ایک قسم کا سرخ رنگ شراب (معرب)

المُزَرْنَجُ۔ مست۔ متوالا۔

زَرِحَ (س) زَرَحًا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹنا۔

الزَّارِحُ۔ فاچست۔ ج زُرَّاح۔

الزُّرْدُحُ والزُّرْدُحَةُ۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج زَرَادِح۔

المُزْدِحُ۔ پست زمین۔

زَرَدَهٗ (ن) زَرْدًا۔ گلا گھونٹنا الدِّرْعَ: زرہ بننا۔ کہا جاتا ہے "زَرَدَ عَیْنَهٗ عَلٰی صَاحِبِهٖ" وہ اپنے ساتھی پر غضبناک ہوا اور ترش روئی سے پیش آیا۔

زَرِدَ (س) زَرَدًا وإِزْدَرَدَ وتَزَرَّدَ۔ اللُّقْمَةَ: لقمہ کو جلدی نگلنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَزَرَّدَ

الیَمِیْنَ" اس نے لاپرواہی کے ساتھ قسم کھانے میں جلدی کی۔

الزَّرَدُ۔ بنی ہوئی زرہ جس کے حلقے ایک دوسرے میں داخل ہوں۔ ج زُرُوْد۔ حِمَارُ الزَّرَدِ: ایک جانور جو گدھے کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کے جسم پر دھاریاں ہوتی ہیں۔ گورخر۔

الزَّرِدُ۔ جلدی نگلنے والا۔

الزَّرْدَةُ۔ ایک مرتبہ نگلنے کی مقدار۔

الزِّرَادُ والمِزْرَدُ۔ اونٹ کا گلا گھونٹنے کی رسی۔ تاکہ کف سے سوار کو آلودہ نہ کرے۔

الزَّرَّادُ۔ گلا گھونٹنے والا۔ زرہ بنانے والا۔

الزِّرَادَةُ۔ زرہ بنانے کا پیشہ۔

المُزْرَدُ۔ گلا۔

المُزْدَرَدُ۔ مفع کہا جاتا ہے "أَخَذَهٗ بِمُزْدَرَدِهٖ" یعنی اس نے اس پر تنگی ڈالی۔

زَرْدَمَهٗ وزَرْدَمَةً۔ گلا گھونٹنا۔ الطَّعَامَ: کھانے کو نگلنا۔

الزَّرْدَمَةُ۔ سر اور گلے کے درمیان کا گوشت یا حلق میں نگلنے کی جگہ۔

زَرْزَرَ۔ الزُّرْزُوْرُ: زرزور پرندہ کا آواز کرنا ـــ الرَّجُلُ: ہمیشہ زرزور پرندہ کو کھانا۔ ـــ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

الزُّرْزُوْرُ۔ ایک قسم کا پرندہ جو چڑیا سے بڑا ہوتا ہے۔ بعض ان میں بالکل کالے ہوتے ہیں اور بعضوں میں سفید چتی ہوتی ہے۔ ج زَرَازِیْر و زَرَازِر۔

الزُّرْزَارُ والزُّرَازِرُ۔ سریع الفہم تیز خاطر۔ ج زَرَازِرَة۔

الزُّرْزُوْرِیُّ۔ وہ جو زرزور پرندہ کے رنگ کا ہو۔

زَرَطَ (ض) زَرْطًا۔ اللُّقْمَةَ: لقمہ کو نگلنا۔

الزِّرَاطُ۔ راستہ (الصراط میں ایک لغت ہے)

زَرَعَ (ف) زَرْعًا وإِزْدَرَعَ۔ بونا۔ بیج ڈالنا ـــ الأَرْضَ: جوتنا۔ زَرَعَ اللّٰهُ النَّبَاتَ: اگانا۔ کہا جاتا ہے "زُرِعَ لَهٗ بَعْدَ شَقَاوَةٍ" یعنی

اس کو فقر و حاجت کے بعد مال و دولت حاصل ہوئی۔

زَارَعَ مُزَارَعَۃً۔ بونا — فُلَانًا: بٹائی پر معاملہ کرنا۔

اَزْرَعَ۔ الزَّرْعُ: پتے نکلنا۔ کھیت کاٹنا — القَوْمُ: کھیتی کرنے پر قادر ہونا۔

تَزَرَّعَ۔ اِلَی الشَّرِّ: بدی کی طرف جلدی کرنا

الزَّارِعُ۔ فا۔ جہ زَارِعُوْنَ وزُرَّاعٌ۔ ایک کتے کا نام۔ اور اسی وجہ سے کتوں کو "اولاد زَارِعٍ" کہتے ہیں۔

الزَّرْعُ۔ مص۔ کھیت۔ اولاد۔ جہ زُرُوْعٌ۔

الزَّرْعَۃُ۔ بیج (— والزِّرْعَۃُ والزُّرْعَۃُ۔ الزُّرْعَۃُ) کھیتی۔ کہا جاتا ہے "مَا فِی ہٰذِہِ الْاَرْضِ زَرْعَۃٌ" اس زمین میں کھیتی کے قابل کوئی جگہ نہیں ہے — الزُّرْعَۃُ: چکور کا بچہ۔

الزِّرَاعَۃُ۔ کاشتکاری۔ کھیت۔

الزَّرِیْعَۃُ۔ بوئی ہوئی چیز۔ کھیتی۔

الزَّرَّاعُ۔ بہت کھیتی کرنیوالا۔ چغلخور (اس وجہ سے کہ وہ بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ بو دیتا ہے) جہ زَرَّاعُوْنَ وزَرَّاعَۃٌ۔

الزَّرَّاعَۃُ۔ زَرَّاعٌ کا مؤنث۔ کشت زار جہ زَرَّاعَاتٌ۔

الزَّرِیْعُ۔ صرف بارش سے سیراب ہونے والی کھیتی۔

الزَّرِیْعُ۔ وہ پودہ جو کھیتی کٹنے کے وقت گرے ہوئے دانے سے اُگ آئے۔

المَزْرَعَۃُ والمَزْرُعَۃُ۔ کھیتی۔ جہ مَزَارِعُ۔

المُزْدَرَعُ۔ کھیتی کرنیکی جگہ۔ کشت زار۔

الزَّرْغَبُ۔ کیمخت۔ مُردہ گدھے یا گائے کی کھال۔

زَرَفَ (ن) زَرْفًا۔ کودنا — فِی الْکَلَامِ: زیادتی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ (— زُرُوْفًا وزَرِیْفًا۔ اِلَیْہِ: قریب ہونا۔ دیر لگانا۔ جلدی کرنا (ضد)

زَرِفَ (س) زَرَفًا۔ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔

زَرَّفَہٗ۔ علیحدہ کرنا۔ دور کرنا — الشَّیْءَ: زیادہ کرنا — فِی الْکَلَامِ: کلام میں زیادتی کرنا اور جھوٹ بولنا — القَوْمَ: جدا جدا کرنا — الرُّمْحَ فِیْہِ: نیزہ بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "زَرَّفَ عَلَی السِّتِّیْنَ" وہ ساٹھ سے بڑھ گیا۔

اَزْرَفَ۔ آگے بڑھنا۔ جلدی کرنا۔

الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہونے کے بعد تازہ ہونا۔

— النَّاقَۃَ: اونٹنی کو اکسانا۔ تیز کرنا — الرَّجُلُ: زرافہ جانور خریدنا (دیکھئے لفظ زرافہ)

اِنْزَرَفَ۔ القَوْمُ: گھاس پانی کی تلاش میں جانا — الرِّیْحُ: گذر جانا — الشَّیْءُ: آر پار ہونا۔

الزَّرَافَۃُ والزُّرَافَۃُ والزَّرَّافَۃُ والزُّرَّافَۃُ ایک جانور کا نام جو اونٹ کے برابر ہوتا ہے۔ اور اس کی اگلی ٹانگیں لمبی اور پچھلی چھوٹی ہوتی ہیں اور اس کی گردن گھوڑے کی مانند اور کھال چیتے کی مانند ہوتی ہے اور اس کے دو چھوٹے چھوٹے سینگ بھی ہوتے ہیں۔ جہ زَرَافِیُّ زَرَافِیْ زَرَافَاتٌ۔ زَرَائِفُ۔

الزُّرَافَۃُ۔ بہت چھوٹا۔

الزَّرَافَۃُ والزَّرَّافَۃُ۔ دس یا بیس آدمیوں کا گروہ۔ جہ زَرَافَاتٌ۔ اور اسی سے ہے۔ "طَارُوْا اِلَیْہِ زَرَافَاتٍ وَّوُحْدَانًا"

الزَّرَّافَۃُ والزَّرَافَۃُ۔ وہ جگہ جہاں کھیت کیلئے پانی نکالا جائے۔ جہ زَرَّافَاتٌ زَرَافَاتٌ۔

المِزْرَافُ والزَّرُوْفُ والزَّرَّافُ۔ مِنَ النُّوْقِ: تیز رفتار اونٹنی۔

زَرْفَنَ۔ شَعْرَہٗ: بالوں کو زنجیر کی طرح بنانا۔

الزَّرْفِیْنُ۔ چھوٹی زنجیر۔ جہ زَرَافِیْنُ۔

زَرَقَ (ض ن) زَرْقًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ زَرَقَتْ عَیْنُہٗ نَحْوِیْ: کنکھیوں سے دیکھنا۔ — زَرَقَ الطَّائِرَ: پرندہ کو چھوٹے نیزے سے مارنا — الرَّجُلَ بِبَصَرِہٖ: گھورنا — النَّاقَۃُ الرَّحْلَ: اونٹنی کا کجاوہ پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

زَرِقَ (س) زَرَقًا۔ الرَّجُلُ: اندھا ہونا۔ — عَیْنُہٗ: نیلگوں ہونا — الشَّیْءُ: نیلگوں ہونا۔ آسمانی رنگ کا ہونا۔

اَزْرَقَتْ۔ عَیْنُہٗ نَحْوِیْ: آنکھ کا پھرنا اور سفیدی کا ظاہر ہونا — النَّاقَۃُ حَمْلَہَا: اونٹنی کا کجاوہ کو پیچھے کی جانب ڈال دینا۔

اِزْرَقَّ اِزْرِقَاقًا واِزْرَاقَّ اِزْرِیْقَاقًا۔ نیلگوں ہونا — عَیْنُہٗ نَحْوِیْ۔ یعنی اَزْرَقَتْ عَیْنُہٗ

اِنْزَرَقَ۔ پیچھے ہٹنا۔ چت لیٹنا — السَّہْمُ: آر پار ہونا۔

الزَّرَقُ والزُّرْقَۃُ۔ آسمانی رنگ۔ نیلگونی الزُّرْقُ: گھر کے کچھ اوپر کی سفیدی۔

الزَّرْقَۃُ۔ تعویذ کا مہرہ۔

الزُّرَّقُ۔ ایک شکاری پرندہ۔ جہ زَرَارِیْقُ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ تیز نظر والا۔

الاَزْرَقُ۔ نیلگوں۔ مؤنث زَرْقَاءُ۔ جہ زُرْقٌ۔ الاَزْرَقُ: باز۔ نَصْلٌ اَزْرَقُ: چمکیلا تیر کا پھل۔ مَاءٌ اَزْرَقُ: صاف پانی۔ عَدُوٌّ اَزْرَقُ: سخت دشمن (اور یہ اس وجہ سے کہ رومیوں اور دیلمیوں کی آنکھیں نیلگوں ہوتی ہیں اور ان میں اور عربوں میں سخت دشمنی تھی۔ اس وجہ سے ہر سخت دشمن کو عدو ازرق کہنے لگے) اور چونکہ نیزے اور بھالے میں بھی نیلگونی ہوتی ہے اسلئے ان پر بھی زُرق کا اطلاق کرتے ہیں۔

الزَّرْقَاءُ۔ اَزْرَقُ کا مؤنث۔ جہ زُرْقٌ۔ شراب۔ آسمان۔

الزُّرَیْقُ واَبُوْ زُرَیْقٍ۔ چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ۔

الزُّرَیْقَاءُ۔ دودھ اور زیتون کے تیل میں ترکیا ہوا ثرید۔ ایک جانور جو بلی کے مشابہ ہوتا ہے مگر اس کی ٹانگیں چھوٹی اور جسم لمبا ہوتا ہے۔

الزَّرَّاقَۃُ۔ والعَامَّۃُ تُسَمِّیْہَا الزَّرَّاقَۃَ: پچکاری (عوام اسے زَرُّوْقَہ کہتے ہیں)۔

الأَزَارِقَة - خارجیوں کا ایک گروہ جو نافع بن الازرق کے ساتھی تھے اور مخالفین کو قتل کرنا اور ان کی عورتوں کو قید کرنا جائز سمجھتے تھے - واحد (الأَزْرَقِيُّ)

المِزْرَاق - چھوٹا نیزہ —— مِنَ الإِبِلِ: پیچھے کی طرف بوجھ ڈالنے والا اونٹ - ج مَزَارِيق -

زَرْقَفَ وازْرَنْقَفَ - جلدی کرنا -

زَرْقَلَ زَرْقَلَةً - لِي بِحَقِّي: حق دینا - الشَّعْرَ: بالوں کو جھاڑنا -

الزُّرْقُم - بہت نیلگوں آنکھ والا (مذکر و مؤنث) ج زَرَاقِم -

الزَّرَاقِم - بہت سے سانپ -

زَرِكَ (س) زَرَكًا - بدخلق ہونا -

زَرَمَه (ن) زَرْمًا وزَرَّمَه وأَزْرَمَه - کاٹنا - کہتے ہیں: "زَرَمَتْه أُمُّه" اسکی ماں نے اس کو جنا - وزَرَمَه الدَّهْرُ: زمانہ نے اس سے خیر منقطع کر دیا -

زَرِمَ (س) زَرَمًا - الشَّيْءُ: منقطع ہونا -

إِزْرَأَمَ - نکلنا -

إِزْرَأَمَّ - غضبناک ہونا - سکڑنا -

الزَّرِم - ذلیل تھوڑے جتھے والا - بخیل تنگ حال -

الأَزْرَم - منقطع - بلی -

الزِّرْيَم - تھوڑے جتھے والا - ذلیل -

الزُّرْمُوج - جوتا -

الزُّرْمَانِقَة - بے آستین کا اونی جبہ -

الزَّرْنَب - ایک خوشبودار پودہ - جس کو رِجْلُ الجَرَادِ بھی کہتے ہیں - زعفران - نیل گائے -

الزَّرْنِيخ - ہڑتال -

زَرْنَقَ زَرْنَقَةً - الأَرْضَ: چھوٹی نہر سے پانی دینا - کنوئیں پر زرنوق لگانا - دیکھئے "زرنوق" —— فُلَانًا اللِّبَاسَ: کسی کو لباس پہنانا -

تَزَرْنَقَ - بالثِّيَابِ: کپڑے پہننا —— الرَّجُلُ: چھوٹی نہر سے اجرت پر آب کشی کرنا -

الزُّرْنُوق - چھوٹی نہر - چکی کا دستہ -

الزُّرْنُوقَانِ: کنوئیں کے منہ پر کے دو کھمبے جس میں چرخی لگی ہوئی ہوتی ہے -

الزَّرْنَقَة - مع - زیادتی حسن کا بل -

الزَّرْنِيق - ہڑتال -

الزَّرَاهِمَة - آزاد لونڈی —— نوجوان موٹی عورت -

زَرَى (ض) زَرْيًا وزُرْيًا وزِرَايَةً ومَزْرِيَةً ومَزْرَاةً وازْدَرَى وتَزَرَّى - عَلَيْهِ عَمَلَهُ: کسی کام پر عتاب کرنا - عیب لگانا - أَزْرَى بِالأَمْرِ: سستی کرنا - أَزْرَى بِه وأَزْرَاهُ: عیب لگانا - حق گھٹانا -

زَارَاهُ مُزَارَاةً - ایک دوسرے کو عتاب کرنا -

إِزْدَرَى واسْتَزْرَى - ہ: حقیر سمجھنا -

الزَّرِي - ناکارہ - ذلیل -

المِزْرَاء - لوگوں کو عیب لگانے والا -

زَطَّ (ن) زَطًّا - الذُّبَابُ: مکھی کا بھنبھنانا -

الزُّطّ - جاٹ (ہندوستان کی ایک قوم) واحد زُطِّيٌّ -

زَعَبَ (ف) زَعْبًا - الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا —— القِرْبَةَ: مشک بھری ہوئی اٹھانا - القِرْبَةُ: پانی گرانا —— السَّيْلُ: سیلاب کا وادی کو بھر دینا —— الوَادِي: وادی کا بھر جانا —— الشَّيْءَ: کاٹنا —— لَهُ مِنَ المَالِ: زَعْبًا وزُعْبَةً وزَعْبَةً - مال کا کچھ حصہ دینا —— المَرْأَةَ: جماع کرنا -

زَعَبَ (ف) زَعِيبًا - الغُرَابُ: —— کائیں کائیں کرنا -

تَزَعَّبَ - غضبناک ہونا - شاداں ہونا - —— فِي أَكْلِهِ وشُرْبِهِ: بہت کھانا پینا —— القَوْمُ المَالَ: قوم کا مال میں سے اپنا اپنا حصہ لینا

إِزْدَعَبَ - الشَّيْءَ: کاٹ لینا -

الزُّعْبَة والزُّعْبَة والزِّعْب - مال کا ایک حصہ -

الأَزْعَب - پستہ قد کمینہ - موٹا - مؤنث زَعْبَاءُ ج زُعْبٌ -

سَيْلٌ (زَاعِبٌ وزَعُوبٌ) وادی کو بھرنے والا سیلاب -

الزَّاعِب - اچھا رہبر -

زَعِيب - النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ

الزُّعْبُوب - پستہ قد کمینہ -

الزُّعْبُج والزِّعْبِج - سفید بادل پتلا بادل - ہر چیز میں کا خوبصورت - زیتون -

الزُّعْبُرِي - ایک قسم کا تیر -

زَعْبَقَ - القَوْمَ: پریشان و متفرق کرنا - —— الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا -

تَزَعْبَقَ - الشَّيْءُ مِنْ يَدِي: بکھر جانا اور متفرق ہو جانا -

زَعْبَل - بڑے پیٹ اور پتلی گردن والا - بڑا سانپ - گرگٹ - ڈول - روئی کا پودہ - ج زَعَابِل -

زَعَجَه (ف) زَعْجًا وأَزْعَجَه - بیقرار کرنا - ہٹانا - دھتکارنا - زَعَجَ الرَّجُلَ: چلانا - أَزْعَجَه إِلَى المَعْصِيَةِ: گناہ پر ابھارنا -

إِنْزَعَجَ - بیقرار ہونا - ہٹنا -

الزَّعَج - بیقراری -

المِزْعَاج - ایک جگہ پر نہ ٹھہرنے والی عورت -

الزُّعْجُلَة - بدخلقی -

زَعِرَ (س) زَعَرًا وازْعَرَّ وازْعَارَّ - شَعْرُهُ أَوْ رِيشُهُ: کم اور بکھرے ہوئے بال یا پر والا ہونا - زَعِرَ الرَّجُلُ: بے خیر ہونا -

الزَّعَارَة والزَّعَّارَة - بدخوئی و تند مزاجی -

الزَّعِر والأَزْعَر - کم اور متفرق بالوں والا - مَوْضِعٌ زَعِرٌ وأَزْعَرُ: کم پیداوار والی جگہ - مؤنث زَعِرَة وزَعْرَاءُ -

الزُّعَرَة - ہمیشہ مضطرب اور خوفزدہ رہنے والا ایک پرندہ -

22

الزُّغْزَان - نوجوان لوگ۔
الزُّعْرُوْر - ایک درخت جس کا پھل سرخ رنگ کا اور گٹھلی گول بڑی ہوتی ہے جس کی وجہ سے مغز کم ہوتا ہے۔ واحد (زُعْرُوْرَۃ) رَجُلٌ زُعْرُوْرٌ: بدخلق بے خیر مرد۔ جمع زَعَارِیْر۔ الزَّعَارِیْر: گوبر وغیرہ جو اُون میں لگ جائے اور جم جائے۔
الزَّعْرَاء - ایک قسم کا شفتالو۔
بَحْرٌ (زَعْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعْزَعَ۔ زَعْزَعَۃً - سخت حرکت دینا۔ — الْإِبِلَ فِي السَّيْرِ: ہانکنا۔
تَزَعْزَعَ - ہلنا۔
الزَّعْزَعَۃ مص۔ جمع زَعَازِع۔ الزَّعَازِع: زمانہ کے مصائب۔
رِیْحٌ (زَعْزَعٌ و زُعْزُعٌ و زَعْزَاعٌ و زُعَازِعٌ و زَعْزَعَان) آندھی۔ ہوا کا طوفان — جَرْیٌ زَعْزَعٌ: تیز دوڑ۔
بَحْرٌ (زَغْرَفٌ) بہت پانی والا سمندر۔
زَعَطَ (ف) زَعْطًا - گلا گھونٹنا — الْحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔
الزَّاعِط - فا۔ مَوْتٌ زَاعِطٌ: جلدی کی موت۔
زَعَفَ (ف) زَعْفًا و أَزْعَفَ و ازْدَعَفَ فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الْجَرِیْحَ و أَزْعَفَ عَلَیْہِ: زخمی کو فوراً مار ڈالنا۔ زَعَفَ الْحَدِیْثَ: زیادہ کرنا اور جھوٹ بولنا۔
سُمٌّ (زُعَافٌ) زہر قاتل۔
مَوْتٌ (مُزْعِفٌ) فوراً ہلاک کرنے والی موت۔
سَیْفٌ مُزْعِفٌ: فوراً ہلاک کرنے والی تلوار۔
الزُّعُوْف - ہلاکت کی جگہیں۔
الزُّعُوْفَۃ - پتھر جس کو کنوئیں کی تہ میں ڈال دیں اور اس پر بیٹھ کر کیچڑ وغیرہ صاف کریں۔
الْمِزْعَافَۃ - سانپ۔
زَعْفَرَہٗ - زعفران سے رنگنا — الطَّعَامَ: کھانے میں زعفران ڈالنا۔
تَزَعْفَرَ - زعفران سے خوشبودار ہونا۔ زعفران سے رنگا ہوا ہونا۔

الزَّعْفَرَان - زعفران۔ کیسر۔ جمع زَعَافِر۔ زَعْفَرَانُ الْحَدِیْدِ: لوہے کا زنگ۔
زَعْفَقَ - الزُّعَافِق: بخیل۔ بدخلق۔ جمع زَعَانِق
زَعَقَ (ف) زَعْقًا - چلانا۔ چیخنا — ہ و زَعَقَ بِہٖ: ڈرانا — بِالدَّابَّۃِ: تیز چلا کر ہانکنا۔ الرِّیْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا — ہ الْعَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا — الْقِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
زَعُقَ (ک) زَعَاقَۃً - الْمَاءُ: پانی کا بیحد کھاری ہونا۔
زَعِقَ (س) زَعَقًا - شادماں ہونا — و زُعِقَ و انْزَعَقَ) الرَّجُلُ: رات میں ڈرنا۔ انْزَعَقَ الْفَرَسُ: آگے بڑھنا اور تیز چلنا۔
أَزْعَقَہٗ - ڈرانا۔ خوف دلانا — السَّیْرَ: چلنے میں جلدی کرنا — الْقِدْرَ: ہانڈی میں بہت نمک ڈالنا۔
الزَّعِق - رات میں ڈرنے والا۔ شادماں جو کچھ گھبرایا بھی ہو۔
الزَّعْقَۃ - چیخ۔
الزُّعَاق - بہت کھاری پانی جو پیا نہ جا سکے۔
الزُّعُوْقَۃ - زُعَاق کا اسم۔
الزَّعَّاق - مِنَ الْخَیْلِ: بہت اور تیز چلنے والا گھوڑا۔ پیچھے پیچھے چلاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنے والا۔
الزَّعِیْق - خوف زدہ۔
الْمِزْعَق - زمین کھودنے کا اوزار۔
الزُّعْقُوْقَۃ - چکور کا چوزہ۔
الزُّعْکَۃ - دیر۔ اقامت۔ کہا جاتا ہے۔ "لَہُمْ زُعْکَۃٌ فِي الْمَکَانِ - ان کو جگہ میں کچھ ٹھہرنا ہے۔
الزُّعْکُوْک - موٹا اونٹ۔ پستہ قد حقیر۔ جمع زَعَالِک و زَعَالِیْک۔
الْأَزْعَکِي - پستہ قد حقیر۔
زَعِلَ (س) زَعَلًا - شادماں ہونا — مِنَ الْمَرَضِ وَغَیْرِہٖ - تنگ دل و مضطرب ہونا
أَزْعَلَہٗ - شادماں کرنا۔ مِنْ مَکَانِہٖ: ہٹانا۔

تَزَعَّلَ - شادماں ہونا۔
الزَّعِل و الزَّعْلَان و الإِزْعِیْل شادماں۔ الزَّعِل: بھوک سے بلبلانے والا۔
الزَّعْلَۃ - ایک سال کے ناغہ سے بچہ دینے والی۔ مادہ شتر مرغ۔
الزُّغْلُوْل - سبک۔
الزَّعْلَجَۃ - بدخلقی۔
الزُّعْلُوْق - شادماں۔
زَعَمَ (ف ن) زَعْمًا و زِعْمًا و زُعْمًا و مَزْعَمًا - سچ یا جھوٹ کہنا۔ اور اکثر مشکوک یا ایسی چیزوں میں جس کے جھوٹ ہونے کا یقین ہو استعمال کیا جاتا ہے (— زَعَامَۃً) — عَلَی الْقَوْمِ: سردار بننا۔
زَعُمَ (ف ن) زَعْمًا - بِالْمَالِ: کفیل ہونا ضامن ہونا — اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا۔
زَعِمَ (س) زَعْمًا بِغَیْرِہٖ: لالچ کرنا۔
أَزْعَمَ - الْأَمْرُ: ممکن ہونا — اللَّبَنُ: دودھ مزیدار ہونے لگنا — إِلَیْہِ: فرمانبردار ہونا تابع ہونا — عَلَی الْقَوْمِ: سردار بننا۔ الْأَرْضُ: سبزی کا پھوٹنا — ہ: کھلانا۔
أَزْعَمَہُ الْمَالَ: مال کا ضامن بنانا۔
زَاعَمَہٗ - بھیڑ کرنا۔
تَزَعَّمَہٗ - جھوٹی باتیں بیان کرنا۔
تَزَاعَمَ - الْقَوْمُ عَلَی الْأَمْرِ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ باہم غیر موثق باتیں کرنا۔
الزَّعِمَۃ - مِنَ الشِّوَاءِ: بہت چربی والا جس سے بھونتے ہوئے چربی آگ پر ٹپکے۔
الزُّعْمَۃ - زَعَمَ کا اسم مرۃ۔ جمع زُعُمَات کہا جاتا ہے "ہٰذَا وَلَا زَعَمَاتِکَ اور زَعْمَتَکَ" یعنی یہی صحیح ہے اور میں تمہارا گمان نہیں خیال کرتا ہوں۔
الزُّعْمِي - جھوٹا۔ سچا۔ ضد۔
الزَّعَامَۃ - مص۔ شرف۔ سرداری۔ ہتھیار زرہ۔ عمدہ مال یا اکثر مال۔ گائے۔

اَلزَّعُوم ۔ گفتگو میں عاجز ۔ چربی دار عورت ۔ کم چربی والی عورت (ضد)

اَلزَّعْمُوم ۔ گفتگو میں عاجز ۔

اَلزَّعِيم ۔ ضامن ۔ کفیل ۔ سردار ۔ رئیس ۔ ج زُعَمَاء ۔

اَلْمَزْعَم ۔ مع ۔ لالچ کی جگہ ۔ کہا جاتا ہے ۔ " ہٰذَا اَمْرٌ مَزْعَمٌ " یعنی یہ امر غیر موثق ہے کوئی کچھ کہتا ہے اور کوئی کچھ و " ہٰذَا اَمْرٌ فِيْہِ مَزَاعِمُ " یہ ایسا امر ہے جس میں جھگڑے ہیں ۔

اَلْمُزْعَامَۃ ۔ سانپ ۔

زَعْنَفَتِ ۔ اَلْمَاشِطَۃُ الْعَرُوْسَ : مشاطہ کا دلہن کو آراستہ کرنا ۔

اَلزِّعْنِفَۃ وَالزَّعْنَفَۃ ۔ پستہ قد مرد یا عورت ۔ ہر چیز کا ایک حصہ ۔ جسم کے اطراف مانند ہاتھ پیر کے ۔ ردی ۔ قبیلہ کا ایک ٹکڑا جو علیحدہ ہو یا دوسرے کے ساتھ مل جائے ۔ کپڑے کا ٹکڑا یا نچلا پھٹا ہوا حصہ ۔ مصیبت ۔ ج زَعَانِف الزَّعَانِف : مچھلی کے پر ۔ ہر وہ جماعت جن کی کوئی ایک اصل نہ ہو ۔

زَعَا يَزْعُو زَعْوًا ۔ منصف ہونا ۔ عادل ہونا ۔

زَغِبَ (س) زَغَبًا وَزَغَّبَ وَازْغَابَّ ۔ اَلصَّبِيُّ اَوِ الْفَرْخُ : بچہ یا چوزہ کا رُواں نکلنا ۔ صفت (زَغِب)

اَزْغَبَ ۔ اَلْكَرْمُ : انگور کی بیل میں پتے نکلنے لگنا ۔

اَلزَّغَب ۔ پروں یا بالوں کے رُوئیں ۔ واحد (زَغَبَۃ)

اَلزُّغَابِيّ وَالزُّغَابَۃ ۔ چھوٹے روئیں ۔ کہا جاتا ہے " مَا اَصَبْتُ مِنْہُ زُغَابَۃً " میں نے اس سے روئیں کے برابر بھی کچھ حاصل نہیں کیا ۔

اَلْاَزْغَب ۔ روئیں دار مؤنث زَغْبَاء ۔ ج زُغْب ۔ قطا کا چوزہ ۔

اَلزُّغْبَۃ ۔ گلہری ۔

اَلزُّغْبُب ۔ پستہ قد بخیل ۔

زَغْبَرَ ۔ اَلثَّوْبُ : روئیں دار ہونا ۔

اَلزَّغْبَر ۔ اَلزِّغْبِر وَالزِّغْبُر ۔ رُواں ۔ کہا جاتا ہے " اَخَذَ الشَّيْءَ بِزَغْبَرِہٖ " اس نے ساری چیز لے لی ۔

اَلزُّغْبُرَۃ ۔ عِنْدَ الْعَامَّۃِ : رُواں ۔ کلمہ محرف ہے صحیح لفظ الزَّغَب ہے ۔

اَلزُّغْبَد ۔ مکھن ۔

زَغَدَ (ف) زَغْدًا ۔ اَلسِّقَاءَ : مشک نچوڑنا ۔۔۔ فُلَانًا : گلا دبانا ۔۔۔ اَلْبَعِيْرُ : اونٹ کا سخت بلبلانا ۔۔۔ اَلنَّہْرُ : دریا کا چڑھنا ۔ موج مارنا ۔۔۔ ہ بِالْكَلَامِ : اُکسانا ۔ بھڑکانا ۔

اَزْغَدَتْ ۔ اَلْمَرْاَۃُ وَلَدَہَا ۔ عورت کا بچہ کو دودھ پلانا ۔

اَلزَّغْبَد وَالزَّغْبَدَۃ ۔ مکھن جو مشک کو دبانے سے اس کے منہ سے نکلے ۔

نَہْرٌ (زَغَّادٌ) بہت پانی والا چڑھا ہوا دریا ۔

اَلْمُزْغَئِد ۔ غضبناک ۔

زَغْدَبَ ۔ غضبناک ہونا ۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا ۔

اَلزَّغْدَب ۔ سخت آواز ۔ بہت جھاگ ۔ پگھلی ہوئی چربی ۔

اَلزُّغَادِب ۔ بہت جھاگ ۔ کریہ المنظر مرد ۔

زَغَرَ (ف) زَغْرًا ۔ اَلشَّيْءَ : چھین لینا ۔ زبردستی لینا ۔۔۔ اَلشَّيْءُ : بکثرت ہونا ۔۔۔ اَلْبَحْرُ : چڑھنا موج مارنا ۔

اَلزَّغَر ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : زیادتی ۔ افراط ۔

اَلزُّغَار ۔ کینچوا ۔

زَغْرَبَ ۔ ہنسنا ۔

اَلزَّغْرَب ۔ بہت پانی ۔ بِئْرٌ زَغْرَبٌ وَزُغْرُبَّۃٌ : بہت پانی والا کنواں ۔

زَغْرَدَ زَغْرَدَۃً ۔ اَلْبَعِيْرُ : اونٹ کا اپنے حلق میں آواز کو لوٹاتے ہوئے بلبلانا ۔

زَغْزَغَ ۔ اَلْكَلَامَ : رکیک گفتگو کرنا ۔۔۔ اَلشَّيْءَ : چھپانا ۔۔۔ بِالرَّجُلِ : تمسخر کرنا ۔ ٹھٹھا کرنا ۔

اَلزُّغْزُغ ۔ سبک و چست آدمی ۔ حسب و نسب میں مطعون ۔

اَلزُّغْزُغ ۔ پستہ قد حقیر ۔ ایک پرندہ ۔

اَلزُّغْزُغِيَّۃ ۔ عجم میں سے بعض لوگوں کی زبان ۔

اَلزَّغْزَغِيَّۃ ۔ ایک قسم کا کھانا جو گھی اور آٹے سے تیار کیا جاتا ہے ۔

زَغَفَ (ف) زَغْفًا ۔ اَلْمَاءُ : پانی بہت ہونا ۔۔۔ فِيْ حَدِيْثِہٖ : بہت بولنا اور جھوٹ بولنا ۔ کہا جاتا ہے " زَغَفَ كَلَامًا كَثِيْرًا " و " زَغَفَ لَنَا مَالًا كَثِيْرًا " اس نے بہت بکواس کی ۔ اور اس نے ہم کو بہت مال دیا ۔۔۔ ہ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا ۔

اِزْدَغَفَ ۔ اَلشَّيْءَ : سارا لے لینا ۔

اَلزَّغْف ۔ مع ۔ کشادہ اور لمبی زرہ ۔ بادل جو برس چکا ہو اور ابھی گھرا ہوا ہو ۔ دِرْعٌ (زَغِيْفٌ) کشادہ مضبوط اچھے حلقوں والی زرہ اور کہا جاتا ہے " دُرُوْعٌ زَغْفٌ وَزُغْفٌ وَاَزْغَافٌ وَزُغُوْفٌ "

اَلزَّغَف ۔ چھپٹیاں ۔ درخت کی کمزور شاخیں ۔

اَلزَّغَّاف ۔ بہت بولنے والا ۔

اَلزَّغْفَۃ وَالزَّغَفَۃ ۔ کشادہ یا مضبوط زرہ

اَلْمُزْغَف ۔ حریص بہت خواہش مند ۔

زَغْفَلَ زَغْفَلَۃً ۔ جھوٹ بولنا ۔

زَغَلَ (ف) زَغْلًا ۔ اَلْمَاءَ : پانی بار بار گرانا ۔۔۔ اَلشَّرَابَ : کلی کرنا ۔۔۔ اَلصَّبِيُّ اُمَّہٗ : بچہ کا دودھ پینا ۔

اَزْغَلَ ۔ اَلْمَاءَ : گرانا ۔۔۔ اَلْاُمُّ وَلَدَہَا : بچہ کو دودھ پلانا ۔۔۔ اَلطَّائِرُ فَرْخَہٗ : پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا ۔۔۔ اَلشَّرَابَ : کلی کرنا ۔

اَلزَّغَل ۔ دھوکا ۔

اَلزُّغَلِيّ ۔ دھوکا دینے والا ۔

اَلزُّغْلَۃ ۔ کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے ۔ ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار ۔

اَلزُّغْلُوْل ۔ بچہ ۔ ہلکا پھلکا جلد باز مرد ۔

ج زَغَالِيل۔
الزَّغَلِيَّة۔ بدخلقی۔ تندمزاجی۔
الزَّغْلَمَة والزُّغْلُمَة۔ گمان۔ وہم کینہ
دلی دشمنی۔
تَزَغَّمَ۔ الجَمَلُ: اونٹ کا جھاگ کو اپنے
جبڑوں میں پھرانا۔ اور اسی سے ہے "تَزَغَّمَ الرَّجُلُ"
یعنی اس نے غضبناک ہو کر گفتگو کی۔
الزَّغُوم والزَّغْمُوم۔ گفتگو کرنے میں
عاجز و درماندہ۔
الزُّغْمُل۔ کینہ۔ دلی دشمنی۔
زَغَا (ن) زَغْوًا۔ الصَّبِيُّ: بچہ کا رونا۔
زَفَّ (ض) زَفًّا و زَفِيفًا۔ تیز دوڑنا ــــ
الرِّيحُ: ہوا کا چلنا ــــ (زَفًّا و زَفِيفًا) الطَّائِرُ:
پرندہ کا پر پھیلا کر اترنا۔
زَفَّ (ن) زَفًّا و زِفَافًا۔ العَرُوسَ إلى زَوْجِهَا:
دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ــ البَرْقُ: چمکنا۔
أَزَفَّ۔ العَرُوسَ إلى زَوْجِهَا: دلہن کو شوہر
کے پاس بھیجنا ــ الرَّجُلُ: تیز دوڑنا ــ ہ:
تیز دوڑانا۔
إِزْدَفَّ۔ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا ــــ
العَرُوسَ: دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا۔
إِسْتَزَفَّ۔ السَّيْلُ: سیلاب کا بہا لیجانا۔
ــ ہ السَّيْرُ: سبک بنانا۔
الزِّفُّ۔ چھوٹے چھوٹے پر۔
الزَّفَف۔ پرندہ کے رُوئیں کا ایک پر
ایک چپکا ہوا ہونا۔
الزَّفَّة۔ زَفَّ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے۔
"جِئْتُهُ زَفَّةً أو زَفَّتَيْنِ" میں اس کے پاس
ایک بار یا دو بار آیا۔
الزُّفَّة۔ گروہ۔
الأَزَفّ۔ تیز رفتار۔ باریک پروں والا۔
الزَّفِيف والزَّفَّان والزَّفَّاف۔ سبک
تیز رفتار۔
الزَّفُوف۔ شتر مرغ ــــ مِنَ النُّوقِ:
عمدہ چال والی تیز رفتار اونٹنی۔ قَوْسٌ زَفُوفٌ:
آواز دینے والی کمان۔
المِزَفَّة۔ پالکی۔
زَفَتَ (ن) زَفْتًا۔ الإِنَاءَ: بھرنا ــــ
الرَّجُلَ: غیظ میں ڈالنا۔ منع کرنا۔ دھتکارنا۔
تھکانا۔ کہا جاتا ہے "زَفَتَ الحَدِيثَ فِي أُذُنِ الأَصَمِّ"
اس نے بہرے کے کان میں بات ٹھونس
دی۔
زَفَّتَ۔ السَّفِينَةَ: کشتی پر زفت ملنا۔
الزِّفْت۔ تارکول جیسی ایک چیز جس کو
کشتی وغیرہ پر ملا کرتے تھے۔
زَفَكَ (ن) زَفْكًا۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔
فَرَسٌ شَغِيرًا: گھوڑے کو بہت جو کھلانا۔
إِزْدَفَتَ۔ المَالَ: سارا لے لینا۔
زَفَرَتْ (ض) زَفْرًا و زَفِيرًا۔ النَّارُ: آگ
سے بھڑکنے میں آواز نکلنا ــ الأَرْضُ: نباتات
اگانا۔ زَفَرَ الرَّجُلُ: لمبی لمبی سانس لینا۔
الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا شروع کرنا۔ وزَفَرَ
الشَّيْءَ زَفْرًا: اٹھانا ــــ المَاءَ: پانی کھینچنا۔
إِزْدَفَرَ۔ الشَّيْءَ: اٹھانا۔
الزِّفْر۔ بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر کا
سامان۔ جماعت۔ یا دستہ فوج۔ ج أَزْفَار۔
الزَّفْر۔ درخت کے نیچے لگانے کی تھونی۔
الزُّفَر۔ شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت پانی
والا دریا۔ سخی۔ سردار۔ مشک کے اٹھانے
کیلئے مضبوط آدمی۔ بہت عطیہ۔ دستہ فوج
الزَّفِير۔ مہم مصیبت۔ گدھے کی آواز
کی ابتداء۔ اور انتہا کو الشہیق کہتے ہیں۔
الزَّفْرَة والزُّفْرَة۔ لمبی سانس۔ گرم
سانس۔ زُفْرَةُ الدَّابَّةِ و زُفْرَتُهَا: جانور کا پھولا
ہوا پہلو۔ الزَّفْرَة: زَفَرَ الرَّجُلُ أو الحِمَارُ کا اسم
ج زَفَرَات کبھی ضرورت شعری کی بنا پر فا کو
ساکن کر کے زَفْرَات کہتے ہیں۔ فَرَسٌ أَزْفَرُ
بڑے پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج زُفْر۔
الزَّافِرَة۔ جماعت۔ دستہ فوج۔ مصیبت
تیر کے پر کے علاوہ یا پیکان کی جانب دو ثلث
سے کم۔ کندھا اور اس کے گرداگرد۔ کمان۔ بڑا
سردار۔ زَافِرَةُ الرَّجُلِ: مرد کے اقارب انصار
زَافِرَةُ البِنَاءِ: عمارت کا تھم۔ ج زَوَافِر۔
الزَّوَافِر: پسلیاں۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ شَدِيدُ
الزَّوَافِرِ" مضبوط پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی لانے
والی لونڈیاں۔ انگور کی بیل اٹھانے کی ٹٹی۔
زَوَافِرُ المَجْدِ: بزرگی کے اسباب۔
المُزْدَفَر والمُزْدَفِر۔ لمبی سانس۔ سانس
لینے کی جگہ۔
المُزْفُور۔ مِنَ الدَّوَابِّ: مضبوط جوڑوں
والا جانور۔
زَفْزَفَ۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ عمدہ چال چلنا۔
ــ الطَّائِرُ: پر پھیلا کر اترنا ــ الرِّيحُ الحَشِيشَ:
ہوا کا گھاس کو حرکت دینا اور اس کو سائیں
سائیں کی آواز نکلنا ــ المَرْكَبُ: سواری کے
چلنے سے آواز سنائی دینا۔
الزَّفْزَف والزَّفْزَاف والزَّفْزَافَة۔
متواتر تیز چلنے والی ہوا۔ الزَّفْزَاف: شتر مرغ
ہلکا۔
زَفْقَلَ زَفْقَلَةً۔ تیز دوڑنا۔
الأَزْفَل۔ غصہ۔ تیزی۔
الأَزْفَلَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوا
أَزْفَلَةً و بِأَزْفَلَتِهِمْ" وہ سب مع اپنی جماعت
کے آئے۔
الإِزْفَلَّة۔ سبکی عقل۔
زَفَنَ (ض) زَفْنًا۔ ناچنا۔ سخت دھکا
دینا اور لات مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَنَوْتُ مِنْهُ
فَزَفَنَنِي" میں اس سے قریب ہوا اس
نے مجھے دھکا دیا۔
الزِّفْن۔ چھت کے اوپر کا سامان۔
النَّاقَةُ (الزَّفُونَةُ والزَّفُون) لنگڑی اونٹنی۔
الزَّفَّان۔ ناچنے والا۔
الإِزْفَنَّة۔ حرکت۔ رَجُلٌ إِزْفَنَّةٌ: متحرک
مرد۔
الزَّيْزَفُون۔ ایک درخت جس کے پھول

سفید ہوتے ہیں اور اس میں پھل نہیں آتا۔
نَاقَةٌ زَيْزَفُوْن: تیز رفتار اونٹنی۔
زَفَّ يَزِفُّ زَفِيفًا وَزَفِيَانًا۔ زَفَّ الْقَوْسُ: آواز دینا — الرِّيحُ السَّحَابَ وَالتُّرَابَ: ہوا کا بادل یا مٹی کو اڑانا — الرَّجُلُ: بِنَفْسِهِ: جان دینا۔
أَزْفَى۔ الشَّيْءَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا۔ اور اسی سے ہے "أَزْفَيْتُ الْعَرُوسَ" جبکہ میکہ سے دلہن کو سسرال لیجائیں۔
الزَّافِي۔ سبک تیز رفتار۔
الزَّفَيَان۔ مص۔ ہلکا پن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ زَفَيَانٌ: تیز رو اونٹنی۔
الْمُزْفِي وَالْمُزْفَى وَالْمُتَزَفِّي۔ ڈرایا ہوا
زَقَّ (ن) زَقًّا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
— فَرْخَهُ: چوزہ کو چوگا دینا — الْكَبْشَ: مینڈھے کی کھال اتارنا — الْجِلْدَ: بال کاٹنا۔
الزِّقّ۔ مشک۔ زِقُّ الْحَدَّادِ: لوہار کی بھٹی۔
جمع أَزْقَاق وَزِقَاق وَزُقَّان وَأَزُقّ۔
الزِّقّ۔ شراب۔ جمع زِقَقَة۔
الزَّقَّاقَة۔ چوزہ کو چوگا دینے والی فاختائیں چھوٹے بچوں کو تیار کرنے والے۔
الزُّقَاق۔ گلی۔ تنگ راستہ (مذکر و مؤنث) جمع أَزِقَّة وَزُقَّان۔ الزُّقَاق وَمَجْمَعُ الزُّقَاقِ: جبرالٹر کی آبنائے۔
الزُّقَّة وَالزُّقّ۔ پن ڈبی نامی ایک پرندہ
الزَّقَّاق۔ مشک بنانے والا۔
زَقَبَ (ن) زَقْبًا۔ الْجُرَذُ فِي الْجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ وَزَقَبَهُ فِي الْجُحْرِ: داخل کرنا (لازم و متعدی)
زَقَبَ۔ الْمُكَّاءُ: آواز کرنا (مکا، ایک پرندہ ہے)
اِنْزَقَبَ۔ الْجُرَذُ فِي الْجُحْرِ: چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔
الزَّقَب۔ تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے "رَمَيْتُهُ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے

تیر مارا۔
زَقَحَ (ت) زَقْحًا وَزُقَاحًا۔ الْقِرْدُ: بندر کا آواز کرنا۔
الزُّقْر۔ شکرا۔ (الصقر میں ایک لغت ہے)
الزَّقْر۔ دوزرغ (الصقر میں ایک لغت ہے)
زَقْزَقَ زَقْزَقَةً وَزِقْزَاقًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ چہچہانا — فَرْخَهُ: چوزہ کو چوگا دینا — الصَّبِيَّ: بچہ کو کدانا — الرَّجُلُ: آہستہ ہنسنا۔ ہلکا ہونا۔
الزَّقْزَاق۔ آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چڑیاں
زَقَعَ (ف) زَقْعًا وَزُقَاعًا۔ الدِّيكُ: مرغ کا ککڑوں کوں کرنا — الْحِمَارُ: گدھے کا زور سے گوز کرنا۔
زَقَفَ (ن) زَقْفًا وَتَزَقَّفَ وَازْدَقَفَ الشَّيْءَ: چھین لینا یا جلدی سے اچک لینا۔ اور اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الْكُرَةَ بِالصَّوْلَجَانِ" وہ گیند کو بلے سے جلدی سے لے گیا۔ تَزَقَّفَ وَازْدَقَفَ اللُّقْمَةَ: لقمہ نگلنا۔
الزُّقْفَة۔ ہر وہ چیز جو نگل لی جائے۔ ہر وہ چیز جو ہاتھ میں لی جائے۔
زَوْقَلَ۔ الْعِمَامَةَ: سر کے دونوں جانب کناروں کو لٹکانا۔
زَوَاقِيلُ۔ الْعِمَامَةِ: عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال۔
الزَّوْقَل وَالزَّوَاقِيل۔ چور۔ لٹیرے۔
الزُّقَيْلَة۔ تنگ گلی۔
زَقَمَ (ن) زَقْمًا وَازْدَقَمَ۔ نگلنا۔
أَزْقَمَ۔ الشَّيْءَ: نگلوانا۔
زَقَّمَ۔ تھوہڑ کھلانا۔
تَزَقَّمَ۔ لقمہ کرنا۔ نگلنا۔ تھوہڑ کھلانا۔ — اللَّبَنَ: دودھ بہت پینا۔
الزَّقُّوم۔ جہنم کے ایک درخت کا نام۔ تھوہڑ مہلک خوراک۔ ایک جنگلی گھاس جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے۔
الزَّقْمَة۔ زقم کا اسم مرۃ۔ طاعون۔

زَقَنَ (ن ض) زَقْنًا۔ الْحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔
أَزْقَنَهُ۔ اٹھانے میں مدد دینا۔
زَقَا يَزْقُو زَقْوًا وَزُقَاءً وَزَقِيًّا وَزُقُوًّا وَزَقَى (ض) زَقْيًا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) جمع زُوَاق۔ صفت مؤنث (زَاقِيَة) جمع زَوَاقٍ — الصَّبِيُّ: بچہ کا بہت رونا۔
أَزْقَاهُ۔ رلانا۔
الزُّقْيَة۔ روپے پیسوں کا ڈھیر۔
الزَّقْيَة۔ چیخ۔
زَكَّ (ن) زَكًّا وَزَكِيكًا۔ الشَّيْخُ: دوڑنے یا چلنے میں کمزوری کی وجہ سے قریب قریب قدم رکھنا۔ (— زَكًّا) الْغُلَامُ: دوڑنا — الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا — بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا۔
زَكَّ الْمَاءَ: آسودہ کرنا — عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔
زُكَّ۔ الرَّجُلُ: بوڑھا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور ہونا۔
أَزَكَّ۔ عَلَى الْأَمْرِ: اصرار کرنا — بِرَأْيِهِ: خود رائے ہونا۔
تَزَكَّكَ۔ ساز و سامان لینا یا ہتھیار اٹھانا
اِزْدَكَّ۔ الزَّرْعُ: سیراب ہونا۔
الزُّكّ۔ فاختہ کا چوزہ۔
الزِّكَّة۔ ہتھیار۔
الزُّكَّة۔ غم و غصہ۔
زَكَأَهُ (ف) زَكْأً۔ مارنا۔ زَكَأَهُ الدَّرَاهِمَ: نقد دینا یا جلدی نقد دینا — زَكَأَ حَقَّهُ: پورا کرنا — إِلَيْهِ: پناہ لینا۔
اِزْدَكَأَ۔ حَقَّهُ مِنْهُ: حق وصول کرنا۔
رَجُلٌ (زُكَأ وَزُكَأَة وَزُكَاءٌ) النَّقْدِ: جلدی نقد دینے والا۔
الْمَزْكَأ۔ جائے پناہ۔
زَكَبَ (ن) زَكْبًا وَزُكُوبًا۔ الْإِنَاءَ: برتن کو بھرنا — الْمَرْأَةُ: عورت کا ایک ہی مرد سے بچہ کو جننا — الْمَرْأَةَ: جماع کرنا۔

اِنْزَكَبَ۔ البَحْرُ: سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا۔
الزُّكْبَةُ۔ لڑکا۔ نطفہ۔
زَكَتَ (ن) زَكْتًا وأَزْكَتَ وزَكَّتَ۔ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
أَزْكَتَتْ۔ المَرْأَةُ بِغُلَامٍ: لڑکے کو جننا۔
المَزْكُوتُ۔ انڈوں سے بھری ہوئی مڈی۔ بھرا ہوا۔ غمگین۔
زَكَرَ (ن) زَكْرًا وزَكَّرَ۔ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا
زَكِرَ وتَزَكَّرَ۔ الإِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
الزُّكْرَةُ۔ شراب وغیرہ کیلئے چمڑے کا برتن۔ ج۔ زُكَرٌ۔
زَكْزَكَ۔ الشَّيْخُ: قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔
تَزَكْزَكَ۔ ہتھیار اٹھانا۔
زَكَمَ (ن) زَكْمًا وأَزْكَمَ۔ بتلائے زکام کرنا — القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَكَمَتْ بِهَا أُمُّهُ: جننا۔
زُكِمَ۔ زکام زدہ ہونا۔ صفت (مَزْكُومٌ)
الزُّكْمَةُ۔ زکام۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ زُكْمَةُ سُوءٍ" فلاں کی اولاد غیر صالح ہے۔
الزُّكْمَةُ۔ أُجُدٌ۔ آخری بچہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زُكْمَةُ وَلَدِ أَبِيهِ" وہ اپنے باپ کا آخری بچہ ہے
زَكِنَ (س) زَكْنًا۔ الأَمْرَ: تاڑ جانا۔ سمجھنا۔ گمان کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَكِنْتُ أَنَّهُ رَجُلُ سُوءٍ" میں نے جانا کہ وہ برا آدمی ہے — بِهِ عَدَاوَةً "کسی کی دشمنی کا علم ہونا (— زُكُونًا) إِلَيْهِ: پناہ لینا۔ ل جل جانا۔
زَكَّنَ۔ گمان کرنا — عَلَيْهِ: مشتبہ کرنا۔
زَاكَنَهُ۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الجَيْشُ يُزَاكِنُ الأَلْفَيْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے — ہٗ: قریب وہم نشین ہونا۔
أَزْكَنَهُ۔ الأَمْرَ: جتانا۔ سمجھانا — الشَّيْءَ: صحیح گمان کرنا۔

الزَّكَانَةُ والزَّكَانِيَةُ۔ صحیح گمان۔
رَجُلٌ (زَكِنٌ) سمجھدار مرد۔
رَجُلٌ (زُكَنٌ) اچھی یادداشت والا مرد۔
زَكَا يَزْكُو زَكَاءً وزُكُوًّا وزَكِيَ (س) زَكًى۔ الزَّرْعُ: بڑھنا — الرَّجُلُ: نیک صالح ہونا خوش عیش ہونا۔ زکی ہونا — الأَرْضُ: عمدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الأَمْرُ لَا يَزْكُو بِكَ" یہ تمہارے لائق نہیں۔
زَكَّى۔ بڑھنا۔ زائد ہونا۔ پیاسا ہونا۔ ہٗ اللّٰهُ: نشوونما کرنا۔ پاک کرنا۔ صالح بنانا۔ زکوٰۃ لینا۔ زَكَّى لَهُ: زکوٰۃ ادا کرنا — نَفْسَهُ: خودستائی کرنا۔
أَزْكَى۔ الزَّرْعُ: بڑھنا — ہٗ اللّٰهُ: نشوونما کرنا۔
تَزَكَّى۔ صدقہ ادا کرنا۔ زکی ہونا — الشَّيْءُ: بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔
الزَّكَا۔ جفت عدد۔ کہا جاتا ہے "أَخَسًا هٰذَا أَمْ زَكًا" یہ طاق ہے یا جفت۔
الزَّكَاةُ۔ چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوٰۃ۔ صدقہ۔ پاکیزگی۔ ج زَكًا وزَكَوَات۔
التَّزْكِيَةُ۔ زَكَّى کا مصدر۔
الزَّاكِي۔ فا۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج زُكَاةٌ۔
الزَّكِيُّ۔ اچھی نشوونما پانیوالا۔ ج أَزْكِيَاءُ مؤنث زَكِيَّةٌ۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ زَكِيَّةٌ" عمدہ زرخیز زمین۔
زَلَّ (ض س) زَلًّا وزَلَلًا وزُلُولًا وزَلِيلًا ومَزِلَّةً وزِلِّيلَى وزُلَيْلَاءَ۔ پھسل کر گرنا — عَنِ الحَقِّ أَوِ الصَّوَابِ: پھر جانا — عُمْرُهُ: گذر جانا — (زَلَّ زَلِيلًا وزُلُولًا) جلدی گزرنا۔
زَلَّ زُلُولًا۔ الدِّرْهَمُ: کم وزن ہونا۔ صفت (زَالٌّ) ج زُوَّالٌ۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ زُوَّالٌ" کم وزن والے درہم۔
زَلَّ (س) زَلَلًا۔ ہلکے سرین والا ہونا۔

صفت (أَزَلُّ) مؤنث زَلَّاءُ ج زُلٌّ۔
أَزَلَّهُ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔ کہا جاتا ہے۔ "أَزَلَّ إِلَيْهِ نِعْمَةً" اس نے اس کے ساتھ بہتر سلوک کیا اور نعمت دی۔ و "أَزَلَّ إِلَيْهِ مِنْ حَقِّهِ شَيْئًا" اس نے اس کو اپنے حق میں سے کچھ دیا۔ "أَزَلَّهُ إِلَى القَوْمِ" اس نے اس کو قوم کے سامنے پیش کیا۔
اِسْتَزَلَّهُ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
الزَّلَلُ۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "مَكَانٌ زَلَلٌ وأَرْضٌ زَلَلٌ"۔
الزَّلَلُ۔ مص۔ گناہ کا ارتکاب۔ کہا جاتا ہے "أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ زَلَلِي" میں اللہ سے اپنے ارتکاب گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہوں۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "فِي مِيزَانِهِ زَلَلٌ" اس کی ترازو میں نقصان ہے۔
الزَّلَّةُ۔ زَلَّ کا اسم مرۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔ گناہ ولیمہ۔ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھایا جائے۔ ج زَلَّات۔
الزِّلَّةُ۔ چکیلے پتھر واحد زِلٌّ۔
الزُّلَّةُ۔ احسان۔ ذمہ۔
مَاءٌ (زُلَالٌ وزَلُولٌ وزَلِيلٌ وزُلَازِلٌ) صاف میٹھا خوشگوار پانی۔ الزُّلَالُ: بہت پھسلنے والا الزَّلِيلُ: فالودہ۔ ہلکی چال۔
الأَزَلُّ۔ تیز رفتار۔ ہلکے سرینوں والا۔ مؤنث زَلَّاءُ۔ قَوْسٌ زَلَّاءُ: کمان جس کا تیر جلد نکل جائے۔
المَزَلَّةُ والمَزِلَّةُ۔ پھسلنے کی جگہ۔ ج مَزَالّ۔
المِزْلَالُ۔ فا۔ بہت بھلائی کرنے والا۔
زَلِبَ (س) زَلَبًا۔ بِهِ: لازم رہنا۔ چپٹ رہنا۔ جدا نہ ہونا۔
الزُّلْبَةُ۔ لقمہ۔ تیر۔
الزَّلَابِيَةُ۔ جلیبی۔
زَلَجَ (ض) زَلْجًا وزَلِيجًا وزَلَجَانًا۔ تیزی سے چلنا۔
زَلَجَ (ن) زَلْجًا وأَزْلَجَ۔ البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا (دیکھئے مَزَالِج)

زَلَجَ (ن) زَلَجَانًا۔ فُلَانًا: آگے ہونا۔
زَلِجَ (س) زُلُوجًا وتَزَلَّجَ۔ پھسلنا۔ اور اسی سے مِزْلَجٌ ہے۔ اُن سواریوں کو کہتے ہیں جن میں پہیے نہیں ہوتے اور برف پر پھسلتی ہیں جو مزالج۔ زَلَجَ الکَلَامُ مِن فِیہِ: بات کا مُنہ سے نکل پڑنا — المَاءُ عَنِ الحَنجَرَۃِ: پانی کا حلق سے پیٹ میں اُتر جانا۔
زَلَّجَ۔ الکَلَامَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔
— عَیشَہٗ: تھوڑی سی چیز پر زندگی بسر کرنا۔
تَزَلَّجَ۔ الشَّیءُ: پھسلنا۔ کہا جاتا ہے: تَزَلَّجَ السَّھمُ عَنِ القَوسِ "تیر کمان سے پھسل گیا۔"
النَّبِیذَ: نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔
مَکَانٌ (زَلَجٌ وزَلْجٌ وزَلِیجٌ) پھسلنے کی جگہ
الزَّالِجُ۔ فا۔ مصیبتوں سے نجات پانیوالا بہت پینے والا۔ سَھمٌ زَالِجٌ: تیر جو زمین پر پھسلتا ہوا جائے۔
الزَّلُوجُ۔ تیز رفتار۔ سَھمٌ زَلُوجٌ: کمان سے پھسلنے والا تیر۔ قَدَحٌ زَلُوجٌ: ہاتھ سے پھسل جانیوالا پیالہ۔ عَقَبَۃٌ زَلُوجٌ: دور دراز لمبی گھاٹی۔
الزُّلُجُ۔ چکنی چٹانیں۔
نَاقَۃٌ (زَلِجَی وزَلِیجَۃ) تیز رفتار اونٹنی۔
المِزْلَاجُ والمِزْلَاجُ والمِزْلَاخُ۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔
المُزَلَّجُ۔ کم بخیل۔ قوم میں اجنبی آدمی۔ بے مروت۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
زَلَحَ (ت) زَلْحًا وتَزَلَّحَ۔ چکھنا۔
الزَّلَحُ۔ باطل۔ کہا جاتا ہے "اَمرٌ زَلَحٌ" امر باطل۔
الزُّلُحُ۔ بڑے کشادہ پیالے۔
تَزَلْحَبَ۔ عَنہُ: پھسلنا۔
زَلْحَفَ۔ علیحدہ کرنا۔
تَزَلْحَفَ وازْلَحَفَّ۔ علیحدہ ہونا۔
الزُّلْحُفَۃُ۔ کچھوا (سلحفاۃ کی تحریف ہے)
الزَّلْخَلَحُ۔ ہلکا پھلکا مرد۔
الزَّلَخلَحَۃُ۔ پھلکا چپاتی۔ لگن۔
زَلِخَ (س) زَلَخًا۔ موٹا ہونا۔
زَلَخَ (ض) زَلْخَانًا وزَلَخَانًا۔ الرَّجُلُ: چلنے میں آگے ہونا — رِجلُہٗ: پھسلنا۔
زَلَخَ (ض ن) زَلْخًا۔ فُلَانًا بِالرُّمحِ: بھونکنا — رَاسَہٗ: زخمی کرنا۔
زَلَّخَہٗ۔ چکنا وہموار کرنا۔
اَزْلَخَ۔ البَابَ: دروازہ کو مزلاج سے بند کر دینا (دیکھئے مزلاج)
تَزَلَّخَ۔ پھسلنا۔
مَکَانٌ (زَلْخٌ وزَلِخٌ) پھسلنے کی جگہ۔
الزَّلُوخُ۔ تیز رفتار۔ بِئرٌ زَلُوخٌ: کنواں جس کے منہ پر پھسلن ہو۔
الزُّلَّخَۃُ۔ بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلْدَبَ زَلْدَبَۃً۔ اللُّقمَۃَ: لقمہ نگلنا۔
زَلِزَ (س) زَلَزًا۔ بے قرار ہونا۔
الزِّلَزُ والزِّلِزُ۔ سامان خانہ۔ آئینہ کا راستہ
زَلْزَلَ زَلْزَلَۃً وزِلْزَالًا وزَلْزَالًا۔ اللّٰہُ الاَرضَ: بھونچال لانا — ہ: ڈرانا خوف دلانا — الاِبِلَ: اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلْزَلَتِ۔ الاَرضُ: بھونچال ہونا۔
نَفسُہٗ: موت کے وقت جان کا گھڑ گھڑ ہونا۔
الزَّلْزَلَۃُ۔ مع۔ بھونچال۔ ج زَلَازِل۔
الزَّلَازِلُ: سختیاں۔ ہولناک چیزیں۔
الزُّلْزُلُ۔ ماہر طبلچی۔ نقارچی۔ غُلَامٌ زُلْزُلٌ: ہلکا پھلکا لڑکا۔
الزَّلْزَلُ۔ سامان خانہ۔
الزَّلَنْزَلُ۔ سبک ظریف۔ سبکی۔ جنگ جو بھی
الزَّلَطُ۔ تیز چال۔
الزَّلِیطُ۔ جلدی حلق سے اُترنیوالا لقمہ (مولد)
زَلِعَ (ف) زَلَعًا۔ الشَّیءَ: قریب سے چھیننا۔
— رِجلُہٗ: جلانا — المَاءَ مِنَ البِئرِ: پانی نکالنا
— رَاسَہٗ: سر پھاڑنا۔ تم کہتے ہو: زَلَعتُ لَہٗ مِن مَالِی زَلعَۃً "میں نے اپنے مال میں سے ایک ٹکڑا دیا"
زَلِعَتْ (س) زَلَعًا وزُلُوعًا وتَزَلَّعَتْ۔ قَدَمُہٗ: قدم کے ظاہر یا باطن کا پھٹنا — کَفُّہٗ: اوپر سے پھٹنا — الجُرحُ: خراب ہونا
تَزَلَّعَ رِیشُہٗ: پر کا گر جانا۔
زَلَعَتْ (ن) زُلُوعًا۔ الشَّمسُ: آفتاب طلوع ہونا — النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
اَزْلَعَہٗ۔ فِی الشَّیءِ: کسی چیز کا لالچ دلانا۔
اِزْدَلَعَ۔ الشَّیءَ: قریب سے چھیننا۔
حَقَّہٗ: کسی کا حق کاٹ لینا — الشَّجَرَۃَ: درخت کاٹنا۔
الزَّلَعَۃُ۔ خراب شدہ زخم۔
الاَزْلَعُ۔ پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزُّلَّیعُ۔ چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
المُزَلَّعُ۔ پھٹے ہوئے پیروں والا۔
اِزْلَعَبَّ۔ السَّحَابُ: گہرا ابھرنا۔
سَیلٌ (مُزْلَعِبٌّ) بڑا سیلاب۔
زَلَغَ (ن) زُلُوغًا۔ النَّجمُ: ستارہ طلوع ہونا — النَّارُ: آگ کا بلند ہونا۔
تَزَلَّغَتْ۔ رِجلُہٗ: پھٹنا۔ (جیسے لغت تزلعت ہے)
اِطْلَغَبَّ۔ الفَرخُ: چوزہ کے پر نکلنا الشَّعرُ: مونڈنے کے بعد اُگنا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَفًا وزَلِیفًا و تَزَلَّفَ وازْدَلَفَ۔ آگے ہونا۔ قریب ہونا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا وزَلَّفَ۔ الشَّیءَ: آگے کرنا۔ زَلَّفَ فِی الکَلَامِ: زیادہ کرنا۔
اَزْلَفَہٗ۔ نزدیک کرنا — الاَشیَاءَ: جمع کرنا — الدَّلِیلُ القَومَ: رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر برانگیختہ کرنا۔
الزَّلَفُ والزُّلْفَۃُ والزُّلْفٰی۔ نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔
الزَّلَفُ۔ باغ۔
الزُّلْفَۃُ۔ نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج زُلَفٌ وزُلُفَات و زُلْفَات اور بقول بعض الزُّلَفُ بمعنے رات دن ملنے کے اوقات۔
الزَّلَفَۃُ۔ بھرا ہوا حوض۔ سیپی۔ کپڑے دھونے

کالطشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج زُلَف۔
الْعَقَبَةُ (الزَّلُوفُ) دور دراز گھاٹی۔
الْمُزْدَلِفَة۔ آبادی جو بیابان اور کشت زار کے درمیان ہو۔ ج مُزَالِف۔ الْمَزَالِف: کوچ کرنے کی جگہیں۔ واحد مُزْلَفَة۔
زَلِقَتْ۔ (س) و زَلَقَتْ (ن) زَلَقًا۔ الْقَدَمُ: قدم پھسلنا۔ بِمَكَانِهٖ: طول ہو کر علیحدہ ہونا
زَلَقَهٗ (ض) زَلْقًا و زَلَّقَهٗ و أَزْلَقَهٗ: پھسلانا ۔ عَنْ مَكَانِهٖ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا ۔ رَأْسَهٗ: سر مونڈنا۔ زَلَّقَ الْمَوْضِعَ: پھسلنے والی جگہ بنانا زَلَّقَ بَدَنَهٗ: بدن پر تیل لگانا۔ أَزْلَقَهٗ و زَلَّقَهٗ بِبَصَرِهٖ: غصہ کی وجہ سے تیز نظر سے دیکھنا۔
أَزْلَقَتِ الْفَرَسُ: گھوڑی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَزَلَّقَ۔ اس طرح بنا سنورنا کہ چہرے کی رونق بڑھ جائے۔
الزَّلْقُ والزَّلَقُ والزَّلِقُ والزَّلَاقَة۔ پھسلن کی جگہ۔ أَرْضٌ زَلَقٌ: چکنی سپاٹ زمین جس میں کچھ نہ ہو۔
الزَّلِقُ۔ وہ شخص جس کو جماع کرنے میں دخول سے پہلے انزال ہو جائے۔
الزَّلَقَة۔ چکنی چٹان۔ آئینہ۔ نَاقَةٌ (زَلُوقٌ) تیز رفتار اونٹنی۔ عَقَبَةٌ زَلُوقٌ: دور دراز گھاٹی۔
الزَّلِيقُ۔ ناتمام گرا ہوا بچہ۔
الزُّلَيْقُ۔ ایک قسم کا شفتالو۔ واحد زُلَيْقَة۔
الْمِزْلَاقُ۔ ایک قسم کا تالا جو بغیر کنجی کے کھل جاتا ہے۔ ناتمام بچہ گرانے والی گھوڑی۔
الْمَزْلَقُ والْمَزْلَقَة۔ پھسلن کی جگہ۔
الزُّلْقُوم۔ گلا۔
زَلَمَ (ن) زَلْمًا۔ خطا کرنا ۔ الْإِنَاءَ: برتن بھرنا ۔ الْأَنْفَ: ناک کاٹنا ۔ الْعَطَاءَ: کم دینا۔
زَلَّمَهٗ۔ نرم کرنا۔ ہموار کرنا ۔ الرَّحَى: چکی کو گھمانا اور کناروں سے پکڑنا ۔ الْغَدَاءَ: کم دینا ۔ الْغِذَاءَ: بری خوراک دینا۔
إِزْدَلَمَ۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔ جڑ سے کاٹنا۔
إِزْلَأَمَّ ازْلِئْمَامًا۔ الشَّيْءُ: سیدھا کھڑا ہونا ۔ الْقَوْمُ: جلدی کوچ کرنا۔ إِزْلَأَمَّتِ الضُّحَى: چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔
الزَّلَم۔ کھر یا اس کا پچھلا۔ بے پر کا تیر۔ ج أَزْلَام: فال نکالنے کا تیر۔ الزَّلَم: ایک قسم کی بوٹی جس کے پھل پھول نہیں ہوتے اور اس کی جڑیں زمین کے بہت اندر اور گرہ دار ہوتی ہیں جس میں چوڑے تخم ہوتے ہیں۔ اور عوام کے نزدیک حب العزیز کے نام سے مشہور ہے۔
الزَّلَمَة والزُّلْمَة والزَّلَمَة۔ ہیئت وقد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الْعَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کے مشابہ ہے۔
الزَّلَمَة۔ بکری کے کان کا کٹا ہوا ٹکڑا جو لٹکتا ہے۔
الْأَزْلَمَة۔ الْأَبْرِيقُ عِنْدَ الْعَامَّةِ: لوٹی۔ فصیح لفظ مبتذل ہے۔
الْمُزَلَّم۔ پست قد۔ سبک چست۔ ظریف
الْمُزَلَّمُ والزَّلِيمُ۔ مِنَ السِّهَامِ: عمدہ بنا ہوا تیر۔
الْمُزَلَّمُ والْأَزْلَمُ۔ کٹے ہوئے کان والا
الزَّلْمَاء۔ الْأَزْلَم کا مؤنث۔ مادہ شکرا۔ پہاڑی بکری۔ عمدہ بنایا ہوا تیر۔
زَمَّهٗ (ن) زَمًّا۔ باندھنا ۔ الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ زَمَّ الْبَعِيرُ بِأَنْفِهٖ: ناک میں تکلیف کی وجہ سے سر اٹھانا ۔ الرَّجُلُ بِرَأْسِهٖ: سر بلند کرنا ۔ بِأَنْفِهٖ: تکبر و گردن کشی کرنا ۔ الْقَوْمَ: رفتار میں قوم سے آگے بڑھنا ۔ (و زَمَّمَ) الْجِمَالَ: اونٹ کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا ۔ الذِّئْبُ السَّخْلَةَ: بھیڑیے کا بکری کے بچے کو سر اونچا کر کے لے جانا۔
زَمَتَ (ن) زُمُوتًا۔ الْقِرْبَةَ: مشک کا بھرنا ۔ نَابُ الْبَعِيرِ: اونٹ کے دانت نکلنا۔
(۔ زَمِيتًا) الزُّنْبُورُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔
أَزَمَّ۔ النَّعْلَ: جوتے میں تسمہ لگانا۔
زَامَّهٗ مُزَامَّةً۔ تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔
إِنْزَمَّ۔ بندھنا۔
إِزْدَمَّ۔ تکبر سے سر بلند کرنا ۔ الذِّئْبُ السَّخْلَةَ: بھیڑیے کا بکری کے بچہ کو سر بلند کر کے لیجانا۔
الزِّمَام۔ جس سے کوئی چیز باندھی جائے۔ مہار۔ باگ۔ نکیل۔ لگام۔ ج أَزِمَّة۔ زِمَامُ النَّعْلِ: جوتے کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زِمَامُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم کا سردار و چودھری ہے۔ و "هُوَ زِمَامُ الْأَمْرِ" یعنی اس پر کام کا دار و مدار ہے۔ و "أَلْقَوْا فِي يَدِهٖ زِمَامَ الْأَمْرِ" لوگوں نے اپنا معاملہ اس کے ہاتھ میں دیدیا کہ جس طرح چاہے فیصلہ کرے۔ و "هُوَ عَلَى زِمَامِ أَمْرِهٖ" وہ اپنے کام کے پورا ہونے کے قریب ہے۔ و "هُوَ يَصْرِفُ أَزِمَّةَ الْأُمُورِ" وہ جس طرح چاہتا ہے امور میں تصرف کرتا ہے۔
الزَّامّ۔ فا۔ رَجُلٌ زَامٌّ: گھبرایا ہوا الامر دیہ زُمَّمٌ کہا جاتا ہے۔ "دَارِي مِنْ دَارِهٖ (زُمَمٌ)" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ و "أَمْرُ الْقَوْمِ زُمَمٌ" قوم کے معاملے قریب قریب ہیں۔ و "وَجْهِي زُمَمُ بَيْتِهٖ" میرا چہرہ اس کے گھر کے مقابل ہے
الزُّمَّام۔ اونچی گھاس۔
الْإِزْمِيم۔ مہینے کے آخر کا چاند۔
زَمُتَ (ک) زَمَاتَةً و تَزَمَّتَ۔ سنجیدہ و صاحب وقار ہونا۔ صفت (زِمِّيت) ج زُمَتَاءُ و (زِمِّيت)
زَمَتَهٗ (س) زَمْتًا۔ گلا گھونٹنا۔
زَمَجَ (ن) زَمْجًا۔ الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ الطَّعَامَ: بغیر چبائے ہوئے نگل کر کھانا۔
زَمِجَ (س) زَمَجًا۔ غضبناک ہونا۔ صفت (زَمِجٌ) کہا جاتا ہے۔ "أَخَذَهٗ (بِزَأْمَجِهٖ)" یعنی اس نے سارا لے لیا۔
الزُّمَّج۔ عقاب سے چھوٹا ایک سرخ رنگ کا شکاری پرندہ۔ ج زَمَامِيج۔ زُمَّجُ الْمَاءِ:

ایک آبی پرندہ جو صرف مچھلی کھاتا ہے۔

الزِمِجّیُ۔ پرندہ کی دُم کی جڑ۔

زِمِجَّۃُ۔ الظَّلِیمِ: شترمرغ کی چونچ۔

المُزْمَئِجُّ۔ غضبناک۔

زَمْجَرَ زَمْجَرَۃً۔ شور مچانا (— وتَزَمْجَرَ) الأَسَدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔

اِزْمَجَرَّ۔ آواز کرنا۔

الزَّمْجَرَۃُ۔ مع۔ بانسری۔ زَمْجَرَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی آواز۔ ج زَمَاجِرُ و زَمَاجِیرُ۔

الزَّمْجِیلُ۔ چیتا۔

الزُّمَّحُ الزُّوْمَّحُ۔ کمینہ۔ پستہ قد۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا۔ بدصورت و شریر۔

الزَّامِحُ۔ پھوڑا۔

الزِمِخْنُ۔ مرد بدخلق بخیل۔

زَمَخَ (ف) زَمْخًا۔ تکبر کرنا۔ صفت (زَامِخٌ) ج زُمَّخٌ۔

عَقَبَۃٌ (زَمُوخٌ و زَمُوخٌ) دور دراز و سخت گھاٹی۔

زَمْخَرَ۔ النَّمِرُ: چیتے کا غصہ سے دہاڑنا۔ — الغُصْنُ: شگوفہ والا ہونا اور بڑھنا۔ (— وازْمَخَرَّ) الصَّوْتُ: آواز کا تیز ہونا۔

تَزَمْخَرَ۔ النَّمِرُ: چیتے کا غضبناک ہونا اور دہاڑنا۔

الزَّمْخَرُ۔ بڑی بانسری۔ بہت گنجان درخت۔ رَجُلٌ زَمْخَرٌ: عالی مرتبہ مرد (— والزَّمْخَرِیُّ) کھوکھلی۔ ہڈی۔

الزَّمْخَرَۃُ۔ زانیہ عورت۔ زَمْخَرَۃُ الشَّبَابِ: بھرپور جوانی — الشَّجَرِ: درخت کا گنجان ہونا۔

الزِمْخِیرُ۔ تھوڑا۔

زَمَرَ (ض ن) زَمْرًا و زَمِیرًا۔ بانسری بجانا — بالحَدِیثِ: بات پھیلانا (— زَمْرًا) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا — فُلانًا بِفُلانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا (زَمَرَ (ض) زَمَرَانًا) الظَّبْیُ: ہرن کا بھاگنا۔ بدکنا (— زِمَارًا) النَّعَامُ: شترمرغ کا آواز کرنا۔

زَمِرَ (س) زَمَرًا۔ کم بالوں والا ہونا۔ بے مروت ہونا — الشَّاۃُ: کم اون والی ہونا۔

زَمَّرَ۔ بانسری بجانا — القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔

اِزْمَأَرَّ۔ غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا۔

اِسْتَزْمَرَ۔ الرَّجُلُ عِنْدَ الهَوَانِ: ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا۔

الزَّمْرُ۔ مص (— والزَّمَرُ) آواز۔ ج زُمُورٌ۔

الزَّمِرُ۔ بانسری بجانے والا۔ غِنَاءٌ زَمِرٌ: عمدہ گانا۔ کم بالوں یا کم اون والا۔ کم مروت والا۔ مؤنث زَمِرَۃٌ۔ عَطِیَّۃٌ زَمِرَۃٌ: تھوڑی داد و دہش۔

الزِّمَارُ۔ مص۔ شترمرغ کی آواز۔

الزِّمِرُّ۔ سخت و درشت۔

الزِّمِیرُ۔ مص۔ پستہ قد۔ ج زُمَّارٌ (— والزُّمُّورُ) خوبصورت لڑکا۔ غِنَاءٌ زَمِیرٌ: عمدہ گانا۔

الزُّمَیْرُ والزُّمَّیْرُ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کی پیٹھ پر کھڑے کانٹے ہوتے ہیں۔

الزَّمَّارُ۔ بانسری بجانے والا۔

الزَّمَّارَۃُ۔ بانسری۔ زَمَّارَۃُ الرَّاعِی: ایک قسم کی نباتات۔

الزُّمْرَۃُ۔ گروہ۔ جماعت۔ فوج۔ ج زُمَرٌ

الزَّوْمَرُ۔ گروہ۔ خوبصورت لڑکا۔

الزَّمَارَۃُ والزُّمُورَۃُ۔ کم مروتی۔

الزِّمَارَۃُ۔ بانسری بجانے کا پیشہ۔

المِزْمَارُ۔ بانسری (— المَزْمُورُ والمُزْمُورُ) گیت۔ ج مَزَامِیرُ۔ مَزَامِیرُ دَاوٗدَ: حضرت داؤد علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا۔ اور اس کے مجموعہ کا نام زبور ہے۔

الزُّمُرُّدُ والزُّمُرُّذُ۔ ایک سبز رنگ کا بیش قیمت پتھر۔ واحد (زُمُرُّدَۃٌ)

زَمْزَبَ۔ الوِعَاءَ: برتن کو اچھی طرح سے بھرنے کے لئے ہلانا۔

زَمْزَمَ زَمْزَمَۃً۔ الشَّیْءَ: دور کی گنگناہٹ سنائی دینا — النَّارُ: آگ کے بھڑکنے میں آواز نکلنا — المُغَنِّی: سُر سے گانا۔ العُلُوجُ: عجمی کافروں کا کھانے کے وقت حلق یا نتھنوں سے آواز نکالنا اور ایک کا دوسرے کے مفہوم کو سمجھنا۔ زَمْزَمَۃً: بکھری ہوئی چیز کو جمع کرنا — الشَّیْءَ: حفاظت کرنا۔

تَزَمْزَمَ۔ الجَمَلُ: بڑبڑانا۔ تَزَمْزَمَتْ بِہِ شَفَتَاہُ: حرکت کرنا۔

مَاءٌ (زَمْزَمٌ و زَمْزَامٌ و زُمَزِمٌ و زُمَازِمٌ) بہت پانی۔ کچھ کھاری پانی۔ زَمْزَمُ: کعبہ معظمہ حرسہا اللہ کے نزدیک ایک کنوئیں کا نام۔

الزَّمْزَمَۃُ۔ مص۔ بادل کی گرج۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔ شیر کی گونج۔ ج زَمَازِمُ۔

الزِّمْزِمَۃُ۔ اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ: ج زَمَازِمُ و زِمْزِمٌ۔

الزُّمْزُومُ والزِّمْزِمُ والزِّمْزِیمُ۔ مِنَ الإِبِلِ: عمدہ اونٹوں کی جماعت۔ اونٹوں کا گلہ ج زَمَازِیمُ

زَمِعَ (س) زَمَعًا۔ بہٖ: سرگشتہ و حیران ہونا۔ گھبرانا۔

زَمَعَ (ف) زَمْعًا و زَمَعَانًا۔ الأَرْنَبُ: خرگوش کا تیز چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔

أَزْمَعَ و زَمَّعَ۔ الأَمْرَ و عَلَیْہِ و بِہِ: ثابت قدم رہنا۔ پختہ ارادہ کرنا۔ وأَزْمَعَ الکَرْمُ: انگور کی شاخوں کا گرہ دار ہونا۔ زَمَّعَ الزُّنْبُورُ: بھڑ کا بھنبھنانا۔ أَزْمَعَتِ الأَرْنَبُ: خرگوش کا ہلکا پھلکا ہونا اور تیز دوڑنا۔

الزَّمَعُ۔ مص۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ کمینے و رذیل لوگ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنَ الزَّمَعِ والزَّمَعِ" وہ پست اور ادنیٰ لوگوں میں سے ہے۔ انگور کی شاخ کی گرہ۔ آہستہ سیلاب۔ آگلی کی مقدار معتاد سے زائد بیقراری۔ کسی کام کے سوچنے کے وقت کی کپکپی ج أَزْمَاعٌ (— والزَّمَاعُ) پختہ ارادہ۔

الزَّمَعَۃُ۔ ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے أَرْضٌ ذَاتُ زَمَعٍ

مِنَ النَّبتِ" زمین کہ اس میں گھاس کا ایک ٹکڑا ہے۔

الزَّمَعَةُ - ج زَمَع وزِمَاع: بکری یا ہرن کی ٹانگوں میں پچھلی جانب کے لٹکے ہوئے بال۔
— ج أَزْمَاع: چھوٹا ٹیلہ۔

الزَّمِعُ - خسیس - جلدی غصہ میں آجانے والا۔

الزُّمَّعُ - بے ڈھنگ کی بھڑ - وہ شخص جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔

الزَّمَّاعَةُ - دبر۔

الزَّمِيعُ - پختہ ارادہ والا بہادر - عمدہ رائے والا - ج زُمَعَاء (— والزُّمُوعُ) جلد باز۔

الأَزْمَعُ - چالاک مرد - مکروہ بات - ج أَزَامِعُ - رَجُلٌ أَزْمَعُ: زائد انگلی والا مرد۔

المُزْمِعُ - فا - ثابت قدم پختہ ارادہ والا۔

زَمَقَ (ن ض) زَمْقًا - القُفْلَ: تالا کھولنا۔
— اللِّحْيَةَ: داڑھی نوچنا - صفت مفعولی - (زَمِيقَةٌ ومَزْمُوقَةٌ) کہا جاتا ہے "مَا أَغْنَى عَنْهُ (زَمْقَةً)" یعنی اس نے کچھ فائدہ نہیں دیا۔

زَمَكَ (ن) زَمْكًا: چپ رہنا (— وزَمَّكَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا - زَمَكَهُ عَلَيَّ: بھڑکا کر غصہ دلانا۔

إِزْمَأَكَّ - سخت غضبناک ہونا۔

الزَّمَكُ - سخت غصہ - کسی چیز کا آپس میں گتھ جانا۔

الزُّمَكَةُ - مِنَ الرِّجَالِ: جلدی غضبناک ہونے والا - بیوقوف - پستہ قد - ج الزُّمَكُونَ:

الزِّمِكَّى والزِّمِكُّ - پرندہ کی دُم یا اس کی جڑ۔

زَمَلَ (ن ض) زِمَالًا - الأَعْرَجُ: لنگڑے کا ایک جانب جھکے ہوئے دوڑنا۔

زَمَلَتْ (ن) زَمْلًا وزَمَلًا وزِمَالًا وزَمَلَانًا - الدَّابَّةُ: نشاط کی وجہ سے لنگڑاتے ہوئے چلنا (— زُمُولًا) القَوْسُ: کمان کی آواز نکلنا (— زَمْلًا) الرَّفِيقَ: اپنے پیچھے سوار کرانا — الرَّجُلَ: پیروی کرنا — الشَّيْءَ: لادنا

زَمَّلَ - الشَّيْءَ: چھپانا — الشَّيْءَ بِثَوْبِهِ أو فِي ثَوْبِهِ: لپیٹنا۔

زَامَلَ - الرَّفِيقَ: محمل میں ایک جانب سوار کرانا۔

تَزَمَّلَ وازَّمَّلَ وازْدَمَلَ - بِثَوْبِهِ: لپٹنا - ازْدَمَلَ الحِمْلَ: ایک دفعہ میں لادنا۔

الزِّمْلُ - جانور پر پیچھے سوار ہونیوالا ساتھی - بوجھ۔

الزَّمَلُ والزَّمَلَةُ والأَزْمَلَةُ - عیال - بال بچے۔

الزَّمِلُ والزُّمَّلُ والزُّمَيْلُ والزُّمَيْلَةُ والزُّمَّلُ والزُّمَّالُ والزُّمَّالَةُ والزُّمَّيْلُ والزُّمَّيْلَةُ - کمزور - بزدل۔

الزُّمْلَةُ - ساتھی لوگ - جماعت - گروہ

الزَّامِلَةُ - الزَّامِلُ کا مونث - باربرداری کا جانور - ج زَوَامِلُ۔

الزَّمِيلُ - جانور پر پیچھے سوار ہونے والا ساتھی - آج کل کی زبان میں پیشہ میں شریک کے لئے مستعمل ہے۔

الأَزْمَلُ - مخلوط آواز - ج أَزَامِلُ أَزَامِيلُ تمام - سارا - کہا جاتا ہے "أَخَذَ الشَّيْءَ بِأَزْمَلِهِ و بِأَزْمُلِهِ" اس نے چیز کو تمام لے لیا۔

الإِزْمَلُّ - بزدل - کمزور۔

الأَزْمَلَةُ - کمان کی آواز - تمام سارا - کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ بِأَزْمَلَتِهِ" اس نے ساری چیز لے لی - اور کہا جاتا ہے "لَهُ عِيَالٌ أَزْمَلَةٌ" اس کے بہت بال بچے ہیں۔

الأُزْمُولَةُ والإِزْمَوْلَةُ - آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔

الإِزْمِيلُ - رانپی چھینی - ہتھوڑا - مضبوط مرد - کمزور مرد - (ضد)

المُزَّمِّلُ والمُتَزَمِّلُ - کپڑوں میں لپٹنے والا۔

المُزَّمِّلَةُ - المُزَّمِّلُ کا مونث - پانی سرد کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔

زَمِنَ (س) زَمَنًا وزُمْنَةً - لُنجا ہونا۔

أَزْمَنَ - الشَّيْءُ: دیر تک باقی رہنا — هُ اللّٰهُ: لُنجے پن میں مبتلا کرنا — بِالمَكَانِ: مدت تک اقامت کرنا - کہا جاتا ہے "أَزْمَنَ عَنِّي عَطَاؤُكَ"

الزَّمَنُ - ج أَزْمَانٌ وأَزْمُنٌ و (الزَّمَانُ) ج أَزْمِنَةٌ و (الزَّمَنَةُ) وقت - أَزْمِنَةُ السَّنَةِ: سال کی چاروں فصلیں یہ بہار - گرمی - برسات جاڑا - زَمَنٌ (زَامِنٌ) سخت زمانہ۔

الزَّمَانَةُ - آفت - لُنجاپن - قوتوں کی بے حسی - محبت۔

الزَّمِنُ - ج زَمِنُونَ و (الزَّمِينُ) ج زَمْنَى وزَمْنَة: لُنجا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ زَمِنُ الرَّغْبَةِ" فلاں کمزور خواہش والا ہے۔

عَامَلَهُ (مُزَامَنَةً) اس نے اس سے کچھ وقت کے لئے معاملہ کیا۔

المُزْمِنُ - فا - مَرَضٌ مُزْمِنٌ: پرانا مرض۔

زَمِهَ (س) زَمَهًا - الحَرُّ: گرمی تیز ہونا۔
— الرَّجُلُ بِالحَرِّ: گرمی تیز لگنا۔

زَمِهَتْ (س) زَمَهًا - الشَّمْسُ الرَّجُلَ: تیز دھوپ لگنا۔

زَمْهَرَتِ - العَيْنُ: آنکھ کا غصہ سے سُرخ ہونا۔

اِزْمَهَرَّ - اليَوْمُ: سخت سردی والا ہونا۔
— الوَجْهُ: چہرہ کا بگڑنا — الكَوَاكِبُ: ستاروں کا چمکنا — العَيْنُ: آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔

الزَّمْهَرِيرُ - سخت سردی۔

المُزْمَهِرُّ - سخت غضبناک، ہنسنے والا۔

اِزْمَهَلَّ - المَطَرُ: برسنا — الثَّلْجُ: برف کا پگھلنے کے بعد بہنا۔

زَنَأَ (ن) زَنْأً - عَصَبُهُ: پٹھے کا خشک ہونا۔
— الرَّجُلُ: ڈھیلے جوڑوں والا ہونا (زَنَّأَهُ وأَزْنَأَهُ) بِخَيْرٍ أَوْ شَرٍّ: نیک یا بدگمان کرنا — بِكَذَا:

تہمت لگانا۔
زَنِنَ۔ الرَّجُلُ: ہمیشہ ماش کھانا۔
الزِّنُّ۔ ماش۔
الزَّنَنُ۔ تنگ۔ مَاءٌ زَنَنٌ: تھوڑا پانی۔
ظِلٌّ (زَنَانٌ) تھوڑا سایہ۔
حِنْطَةٌ (زِنِّيَّةٌ) گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔
الزَّنِينُ۔ پاخانہ یا پیشاب روکنے والا۔
اَبُو زَنَّة۔ لنگور۔
زَنَأَ (ف) زَنْأً و زُنُوءًا۔ إِلَيْهِ: پناہ لینا
—— فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا —— الظِّلُّ: سایہ کا سمٹنا —— الرَّجُلُ: خوش ہونا۔ جلدی کرنا زمین سے چپٹنا —— بَوْلُهُ زَنْأً: پیشاب روکنا۔
—— بَوْلُهُ زُنُوءًا: پیشاب رکنا۔
زَنَّأَ عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔
أَزْنَأَهُ إِزْنَاءً۔ مجبور کرنا۔ چڑھانا۔ باز رکھنا۔
الزَّنَاءُ۔ پستہ قد۔ پیشاب پاخانہ روکنے والا۔ تنگ۔ قبر۔
الزَّنِئُ۔ چھوٹی مشک۔
زَنِبَ (س) زَنَبًا۔ موٹا ہونا۔
الأَزْنَبُ۔ موٹا پستہ قد۔
الزَّيْنَبُ۔ بزدل۔ ایک خوشبودار خوش منظر درخت۔
الزَّأْنَبِيُّ۔ آہستہ چال۔
زُنَابَى۔ الْعَقْرَبِ: بچھو کا ڈنک۔
تَزَنْبَرَ۔ عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔ ترشروئی کرنا۔
الزَّنْبَرُ۔ شیر۔
الزُّنْبُورُ۔ بھڑ۔ ایک درخت جو چنار کی مانند ہوتا ہے۔
الزَّنْبَرِيُّ۔ بھاری بھر کم مرد۔ بڑی کشتی کہا جاتا ہے "سَفِينَةٌ زَنْبَرِيَّةٌ"
أَرْضٌ (مُزَنْبِرَةٌ) بہت بھڑوں والی زمین۔
الزُّنْبُرُكُ۔ گھڑی کا اسپرنگ (یہ کلمہ فارسی ہے) اس کے مقابلہ میں "النَّابِضُ" کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
الزِّنْبَاعَةُ۔ چرمی موزہ یا جوتے کی نوک
الزَّنْبَقُ۔ سوسن سفید یا سفید چنبیلی۔ واحد زَنْبَقَةٌ۔ چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔ جـ زَنَابِقُ أُمُّ زَنْبَقٍ: شراب۔
الزُّنْبَاقُ۔ ایک قسم کا ساگ۔
الزُّنْبُلُ۔ پستہ قد مرد۔
تَزَنْتَرَ۔ ناز سے چلنا۔
الزَّنْتَرَةُ۔ تنگی۔ عسرت۔
زَنِجَ (س) زَنَجًا۔ پیاس سے آنتوں کا سکڑنا۔
زَانَجَهُ۔ برائی یا بھلائی کا بدلہ دینا۔
تَزَنَّجَ۔ عَلَيْهِ: دست درازی کرنا۔
الزَّنْجُ والزِّنْجُ۔ حبشی واحد (زَنْجِيٌّ) جـ زُنُوجٌ۔
الزُّنَاجُ۔ بدلہ۔
الزُّنْجُبُ والزُّنْجُبَانُ۔ کمربند۔
الزُّنْجُبَةُ۔ گدی جس کو عورتیں اپنے سرین پر بڑا معلوم ہونے کیلئے باندھتی ہیں۔
الزَّنْجَبِيلُ۔ سونٹھ۔ شراب۔
زَنْجَرَ۔ انگوٹھے کے ناخن کو انگشتِ شہادت کے ناخن سے مارنا۔
الزِّنْجَارُ۔ تانبے کا زنگ۔
الزِّنْجِيرُ والزِّنْجِيرَةُ۔ سپیدی جو جوانوں کے ناخن پر ہوتی ہے۔ الزِّنْجِيرُ: ناخن کا کٹا ہوا حصہ۔ زنجیر۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں (زَنْجَرْتُهُ فَتَزَنْجَرَ) یعنی اس نے اسے قید کیا اور وہ قید ہوگیا۔ اور عوام کہتے ہیں۔ جَنْزِيرٌ وجَنْزِيرَةٌ۔
الزِّنْجَفْرُ والزُّنْجُفْرُ۔ شنگرف۔
الزِّنْجِيلُ۔ کمزور دست بدن والا مرد
زَنَّحَهُ (ف) زَنْحًا۔ تعریف کرنا۔ دفع کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَحَهُ۔ ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَّحَ وتَزَنَّحَ۔ الْمَاءَ: بار بار پانی پینا
وتَزَنَّخَ الرَّجُلُ: کھل کر گفتگو کرنا۔ اپنے آپ کو مرتبہ سے زیادہ ظاہر کرنا۔ کسی معاملہ یا قرض میں تنگی برتنا۔
الزَّنَخُ۔ بدلہ۔
زَنِخَ (ف) زَنْخًا۔ الدُّهْنُ: تیل کا بگڑنا خراب ہونا۔ صفت (زَنِخٌ)
زَنَخَ (ن ض) زُنُوخًا۔ الْقُرَادُ: چیچڑی کا چمٹنا۔
زَانَخَهُ۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔
تَزَنَّخَ۔ تکبر کرنا۔ کھل کر گفتگو کرنا۔
إِبِلٌ (زَنِخَةٌ) پیاس کی وجہ سے سمٹے ہوئے پیٹ والے اونٹ۔
زَنْخَرَ۔ مُنْخَرَهُ: خراٹے لینا۔
زَنَدَ (ن ض) زَنْدًا۔ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
—— النَّارَ: چقماق سے آگ نکالنا۔
زَنِدَ (س) زَنَدًا۔ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔
زَنَّدَ۔ جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔
—— السِّقَاءَ۔ مشک بھرنا —— فِي الأَمْرِ: تنگ دل ہونا —— عَلَى أَهْلِهِ: سختی برتنا۔ کہا جاتا ہے۔
"مَا يُزَنِّدُكَ أَحَدٌ عَلَيْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا۔
أَزْنَدَ۔ الشَّيْءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے۔
"مَا يُزْنِدُكَ أَحَدٌ عَلَيْهِ" یعنی تمہارے لئے کوئی زیادہ نہیں کرے گا —— الرَّجُلُ فِي وَجَعِهِ: مرد کا اپنی بیماری میں دوبارہ مبتلا ہوجانا۔
تَزَنَّدَ۔ غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔
تم کہتے ہو "سَأَلْتُهُ مَسْأَلَةً فَتَزَنَّدَ" میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔
—— فِي الأَمْرِ كَذَا: تنگ دل ہونا۔
الزَّنْدُ۔ مذ۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الزَّنْدَةُ) اور دونوں کو (الزَّنْدَانِ) کہتے ہیں۔ جـ زِنَادٌ وأَزْنُدٌ وأَزْنَادٌ۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِي الزَّنْدِ" فلاں کامیاب ہے۔ "وفُلَانٌ كَابِي الزَّنْدِ" فلاں ناکامیاب ہے "وهُمَا كَزَنْدَيْنِ" وہ دونوں مساوی ہیں اسکا

استعمال عموماً دناءت وخست میں ہوتا ہے۔ اور ان دونوں آدمیوں کیلئے بھی بولتے ہیں جنکی وجہ سے حاجت پوری ہو۔ اور جو تمہاری مدد کرے اس کیلئے کہتے ہو "وَرِثْتُ بِكَ زِنَادِيْ" یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی

المُزَنَّد۔ تنگ۔ بخیل۔ منہ بولا بیٹا۔ کم چوڑا کپڑا۔ عَطَاءٌ مُزَنَّد: تھوڑی بخشش۔

الزَّنْدَبِیل۔ بڑا ہاتھی۔ (معرب)

تَزَنْدَقَ۔ بے دین ہونا۔ دو خدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ صفت زِنْدِیق۔ ج زَنَادِقَۃ وزَنَادِیق

الزَّنْدَقَۃ۔ ظاہری ایمان و باطنی کفر۔

رَجُلٌ زَنْدَقٌ وزَنْدَقِیّ: بہت بخیل۔

زَنَرَ (ن) زَنْرًا۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔ ــــ الغُلَامَ: لڑکے کو جنیو پہنانا۔

زَنْرَیَا۔ إِلَیْهِ بِعَیْنِهِ: گھور کر دیکھنا۔

تَزَنَّرَ۔ جنیو پہننا ــــ الشَّیْءُ: باریک ہونا۔

الزُّنَّار۔ ج زَنَانِیر والزُّنَّارَۃ) جنیو۔ الزَّنَانِیر: چھوٹی کنکریاں۔

الزَّنْزَلَخْت۔ ایک درخت کا نام۔

زَنِفَ (س) زَنَفًا وتَزَنَّفَ: غضبناک ہونا

زَنَقَ (ن ض) زَنْقًا وزَنَقَ۔ الفَرَسَ: گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔ ــــ البَغْلَ: خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔

(ــ وزَنَّقَ وأَزْنَقَ۔ عَلَیٰ أَوْلَادِهِ: اولاد پر نفقہ میں تنگی کرنا۔

الزَّنَق۔ نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ ج زُنُوق۔

الزَّنَقَۃ۔ تنگ گلی۔

الزِّنَاق۔ گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے کا تسمہ۔ خچر کا پائے بند۔ گلوبند۔ عورتوں کا ایک زیور۔ ج زُنُق۔

الزِّنَاقَۃ۔ گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے تسمہ کا حلقہ۔

الزَّنِیق۔ درست۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "رَأْیٌ زَنِیقٌ" درست رائے۔

المُزَنْوَق۔ مغموم۔ بند پیشاب والا۔

الزِّنْقِیر۔ تراشہ ناخن۔

زَنْقَلَ۔ فِی مَشْیِهِ: گرانبار ہو کر چلنا۔

الزَّنَاکِیّ۔ شوخ و بیباک۔

الزَّوَنَّك۔ بدصورت۔ پستہ قد متکبر اپنے مرتبے سے آپ کو زیادہ سمجھنے والا۔

زَنَّمَ۔ لَهُ الخَصْمَ: کسی کو وکیل خصومت بنا کر بھیجنا۔

الزَّنَمَۃ۔ کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے اور لٹکتا رہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت علامت۔ زَنَمَتَا الأُذُن: کان کی لو کے قریب ابھرا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فِی کَلَامِهِ زَنَمَۃُ خَیْرٍ أَوْ زَنَمَۃُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی علامت ہے۔

الزَّنِم۔ مِنَ الجِمَالِ: اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے۔ مؤنث زَنِمَۃ۔

الأَزْنَم۔ مِنَ الجِمَالِ: بمعنی الزَّنِم۔ مؤنث زَنْمَاء۔ ج زُنْم۔

الزُّنَام: مصیبت۔

الزَّنِیم۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا (ــــ والمُزَنَّم) اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم کے لوگ اس کے حاجتمند نہ ہوں۔ نَاقَۃٌ مُزَنَّمَۃ) اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے۔

زَنَا (ن) زُنُوًّا: تنگ ہونا۔ صفت (زَنِیّ)

زَنَّیٰ تَزْنِیَۃً۔ عَلَیْهِ: تنگی کرنا۔

زَنَیٰ (ض) زِنًی وزِنَاءً وزَانَیٰ مُزَانَاۃً وزِنَاءً۔ زنا کرنا۔ صفت (زَانٍ) ج زُنَاۃ۔ صفت مؤنث زَانِیَۃ ج زَوَانٍ۔

زَنَّیٰ۔ ہ: زنا کی نسبت کرنا۔ یا زانی کہنا۔

أَزْنَیٰ إِزْنَاءً۔ زنا کرنے پر اکسانا۔

الزَّانِیَۃ۔ زنا کرنیوالا۔ (ۃ مبالغہ کیلئے ہے)

الزَّنَّاءَۃ۔ بہت زنا کرنیوالی۔ بندریا۔

الزَّنْیَۃ۔ مرد کا آخری بچہ۔

زِهْ۔ کلمۂ استحسان بمعنی خوب۔ اور کبھی تہکم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے برائی کرنے والے کے لئے کہا جائے: "أَحْسَنْتَ"

الزِّهْب والزِّهْبَۃ۔ مال کا ایک حصہ۔

زَهَدَ وزَهِدَ (س ف) وزَهُدَ (ک) زُهْدًا وزَهَادَۃً۔ فِی الشَّیْءِ وعَنْهُ: بے رغبتی کر کے چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "زَهَدَ فِی الدُّنْیَا" اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لئے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاهِد) وصفت مفعولی (مَزْهُود) فِیهِ وعَنْهُ۔

زَهَدَ زَهْدًا۔ النَّخْلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

زَهَّدَهُ۔ فِی الشَّیْءِ وعَنْهُ: بے رغبت کرانا۔ (زَهَّدَ وأَزْهَدَ) النَّخْلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔

تَزَهَّدَ۔ عبادت کے لئے دنیا کو چھوڑ دینا۔

تَزَاهَدَ۔ القَوْمُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔

إِزْدَهَدَ۔ الشَّیْءَ: کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ زَهْدَ مَا یَکْفِیكَ" جتنا تم کو کافی ہو اسکو لے لو۔

الزُّهْد والزَّهَادَۃ۔ حقارت کی وجہ سے بے رغبتی۔

الزَّهَد۔ زکوٰۃ۔ ج زِهَاد۔

أَرْضٌ (زَهَادٌ) زمین جو بہت پانی بہنے کو بہا

الزَّاهِد۔ فا۔ آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔ تنگ خو۔ ج زُهَّد وزُهَّاد وزَاهِدُون۔

الزَّهِید۔ کم۔ حقیر۔ مؤنث زَهِیدَۃ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ زَهِیدُ الخُلُقِ" وہ تنگ خو ہے۔ "هُوَ زَهِیدُ العَیْنِ" وہ سیر چشم ہے۔ تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ وَادٍ زَهِیدٌ کم پانی کو لینے والی وادی۔ ج زُهْدَان۔

الزَّهِقِيْل - بہت بے رغبتی کرنے والا۔

المُزْهِل - کم بال والا۔

زَهَرَ (ف) زُهُوْرًا - السِّرَاجُ او القَمَرُ او الوَجْهُ: چمکنا۔ روشن ہونا ـــ الشَّيْءُ: صاف رنگ والا ہونا ـــ الزَّنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَهَرَتْ بِكَ زِنَادِي اَوْ نَارِي" تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔

زَهِرَ (س) زَهَرًا او زَهُرَ (ک) زُهُوْرَةً - الرَّجُلُ: خوبصورت و بارونق ہونا۔

اَزْهَرَ - النَّبَاتُ: کلی نکلنا ـــ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔

اِزْدَهَرَ - روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔ بِالاَمْرِ: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِزْدَهِرْ بِهٰذَا فَاِنَّ لَهُ شَاْنًا" اس کی حفاظت کرو اس لئے کہ اس کیلئے ایک خاص شان ہے۔

اِزْهَرَّ و اِزْهَارَّ - النَّبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔

تَزَاهَرَ - السِّرَاجُ و نَحْوُهُ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔

الزَّهْرُ و الزَّهَرُ - کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَهْرَة و زَهَرَة) زَهْرَةُ الدُّنْيَا: دنیا کی رونق و خوبی۔ ج اَزْهُرٌ و اَزْهَارٌ و زُهُوْرٌ۔ جج اَزَاهِرُ و اَزَاهِيْرُ۔ زَهْرُ النَّرْدِ: تاش۔

الزِّهْرُ و الزِّهْرَة - حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْهُ زِهْرِي و زِهْرَتِي" اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔

الزُّهْرُ - مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَرٌ)

الزُّهْرَة - خوبصورتی۔

الزُّهَرَة - ایک سیارہ کا نام۔ یونانیوں کے علم الاصنام میں اس کو حسن و جمال کی دیوی مانتے تھے۔

الزَّاهِرُ - فا۔ خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ زَاهِرٌ" بہت سرخ

الزَّاهِرِيَّة - ناز کی چال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي الزَّاهِرِيَّةَ" وہ ناز سے چلتا ہے۔

الاَزْهَرُ - روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَهْرَاءُ ج زُهْرٌ

الاَزْهَرَان - آفتاب و ماہتاب۔

الزَّهْرَاوَان - مِنْ سُوَرِ القُرْآنِ: سورۂ بقرہ و سورۂ آل عمران۔

الزَّهَّار - بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زَهَّارٌ و قَمَرٌ زَهَّارٌ"

المُزْهِر - فا۔ مہمانوں کیلئے آگ روشن رکھنے والا۔

المِزْهَر - ایک قسم کا باجا۔ ج مَزَاهِرُ۔

زَهْرَتَ - الشَّيْءَ: کھوٹا بنانا۔

زَهْزَقَ - الرَّجُلُ: بہت ہنسنا۔ زَهْزَقَتِ الاُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچہ کو گدگدانا۔

الزُّهْزُق - کمینہ۔ فرومایہ۔

زَهَفَ (ف) زُهُوْفًا - الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا ـــ بِالمَوْتِ او اِلَى المَوْتِ: قریب المرگ ہونا۔

زَهِفَ (س) زَهَفًا - الشَّيْءَ: جلدی کرنا۔ چست ہونا۔

اَزْهَفَ - اِلَيْهِ الطَّعْنَةَ: قریب کرنا۔ اَزْهَفَتْهُ الطَّعْنَةُ: قریب بہلاکت کرنا۔ اَزْهَفَ عَلَى الجَرِيْحِ: حملہ کرکے فوراً مار ڈالنا ـــ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغل خوری کرنا۔ برائی کی طرف جلدی کرنا ـــ فُلَانًا: ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ ہلاک کرنا ـــ الشَّيْءَ: ڈھیلا کرنا۔ جلدی کرانا۔ لیجانا۔ خراب کرنا ـــ ہ بِالشَّرِّ: برائی پر اکسانا ـــ بِمَا طَلَبَهُ: پورا کرنا ـــ بِالشَّيْءِ: تعجب کرنا ـــ الخَبَرَ: خبر میں زیادتی کرنا ـــ لَهُ حَدِيْثًا: جھوٹی بات بیان کرنا ـــ اِلَيْهِ حَدِيْثًا: قول ردی کی نسبت کرنا۔

اِنْزَهَفَتْ - الدَّابَّةُ: مار وغیرہ سے اچھلنا

تَزَهَّفَ - عَنْهُ: اعراض کرنا۔

اِزْدَهَفَ - اِلَى المَوْتِ: موت کے قریب ہونا ـــ عَنْهُ: اعراض کرنا ـــ الشَّيْءُ: منحرف ہونا ـــ هُ: جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا ـــ ہ الدَّابَّةُ: جانور کا گرا دینا ـــ الشَّيْءَ و بِهِ: لیجانا ـــ العَدَاوَةَ و بِهَا: دشمنی اختیار کرنا ـــ الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا ـــ فُلَانٌ: بدی میں گھسنا۔ گفتگو میں زیادتی کرنا ـــ فِي كَلَامِهِ: سختی کرنا اور آواز بلند کرنا۔

زَهَقَ (ف) زُهُوْقًا - العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پُر ہونا ـــ البَاطِلُ: نیست و نابود ہونا۔ کمزور ہونا (ـــ زُهُوْقًا و زُهُوْقًا) النَّفْسُ: ـــ روح کا جسم سے نکلنا (ـــ الرَّاحِلَةُ: سواری کا آگے بڑھنا ـــ الشَّيْءُ: تباہ ہونا۔ ہلاک ہونا ـــ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ سے گذر جانا۔

اَزْهَقَ - العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پُر ہونا ـــ الاِنَاءَ: برتن بھرنا ـــ البَاطِلَ: باطل کو نیست و نابود کرنا ـــ السَّهْمَ: تیر کا نشانہ سے گذارنا ـــ النَّاقَةُ السَّرْجَ: زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا ـــ فِي السَّيْرِ: تیز چلنا

زَاهَقَ - الحَقُّ البَاطِلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا ـــ الاِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔

اِنْزَهَقَ - آگے بڑھنا۔ اِنْزَهَقَتِ الدَّابَّةُ: مار وغیرہ سے اچھلنا۔

الزَّهَق - پست زمین (ـــ و الزَّهْق) گڑھا۔

الزَّاهِق - فا۔ موٹا جانور۔ قوی۔ لاغر (ضد) شکست خوردہ ـــ مِنَ السِّهَامِ: نشانہ سے تجاوز کرنیوالا تیر ـــ مِنَ المِيَاهِ: تیز بہنے والا پانی۔ ج زُهَّقٌ و زُهُقٌ (ـــ و الزُّهُوْق) ہلاک ہونیوالا باطل۔ گہرا کنواں۔

الزَّهِق - پھرتیلا۔ سبک۔ فَرَسٌ زَهِقٌ: سبقت لے جانے والا گھوڑا۔

الزَّاهِقَة - الزَّاهِق کا مؤنث۔ بِئْرٌ زَاهِقَةٌ: گہرا کنواں۔

الزُّهَاق والزِّهَاق - مقدار - تقریباً - کہا جاتا ہے "عِندِی زُهَاقُ مِائَةِ دِینَارٍ" میرے پاس تقریباً سو دینار ہیں۔

جَاءَتِ الخَیلُ (أزَاهِق و أزَاهِیق) گھوڑوں کی متفرق جماعتیں آئیں۔

الأُزهُوقَة - عجیب قسم کی دوڑ - جمع أزَاهِیق کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذَاتُ أزَاهِیق" عجیب قسم سے دوڑنے والا گھوڑا۔

المَزهَقَة - سبب بطلان - سبب ہلاکت کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مَزهَقَةٌ لِأَروَاحِ المَطِیّ" اونٹ سواریوں کی روح کیلئے باعث ہلاکت ہیں۔ یعنی سواریاں پوری کوشش کرتی ہیں اور اونٹوں کے ساتھ لاحق نہیں ہوتیں۔

زَهَکَ (ف) زَهکًا - کوٹنا — الرِّیحُ الأَرضَ: ہوا کا خاک کو اڑانا۔

زَهِلَ (س) زَهَلًا - الشَّیءُ: سفید و چکنا ہونا

زَهَلَ (ف) زَهلًا - عَنِ الشَّیءِ: دور ہونا۔

الزَّاهِل - فا - مطمئن دل والا۔

الزُّهلُول - چکنا - جمع زَهَالِیل۔

رَجُلٌ (زُهلُب) سبک داڑھی والا امرد۔

زَهلَجَ زَهلَجَةً - ایک دوسرے کے ساتھ نرمی کرنا۔

تَزَهلَجَ - الرُّمحُ: نیزے کا سیدھا لگنا

زَهلَفَ - الشَّیءَ: جاری کرنا - جائز رکھنا۔

زَهلَقَ - الشَّیءَ: چکنا و سفید کرنا - کہا جاتا ہے "زَهلَقَ لَہُ الحَدِیثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔

تَزَهلَقَ - چکنا و سفید ہونا و تَزَهلَقَ الحَیوَانُ: موٹا ہونا۔

الزِّهلِق - چکنا - ہلکا پھلکا تیز آدمی - تیز ہوا - جی کی لو کی جگہ - حِمَارٌ زِهلِقٌ: ہموار پیٹھ والا موٹا گدھا - جمع زَهَالِق۔

الزُّهلُوق - موٹا۔

زَهَمَ (ن) زَهمًا و أَزهَمَ - العَظمُ: ہڈی کا پرمغز ہونا - زَهَمَہُ عَن کَذَا: روکنا - زَهَمَ الرَّجُلَ عَلَیہِ: بہت باتیں کہنا۔

زَهِمَ (س) زَهَمًا - بدہضمی والا ہونا۔ صفت (زَهمَان) چکناہٹ والا چربی دار ہونا صفت (زَهِمٌ) مؤنث زَهِمَةٌ۔

زَاهَمَہُ - باہم دشمنی کرنا - باہم دوستی کرنا ایک دوسرے سے جدا ہونا - ایک دوسرے کے قریب ہونا (ضد)

الزُّهم - بدبودار ہوا - چربی - ایک خوشبو کا نام جو الزباد کے نام سے مشہور ہے (دیکھئے لفظ الزباد)

الزُّهمَة والزُّهُومَة والزَّهَم - سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔

زَهَا (ن) زَهوًا و زُهُوًّا و زُهَاءً - چمکنا - روشن ہونا - بڑھنا - نشوونما پانا — النَّخلُ: درخت خرما کا لمبا ہونا — البُسرُ: رنگ پکڑنا — الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا — النَّبتُ: پھل دار ہونا — الشَّاةُ بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا — الرِّیحُ: چلنا — الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا - تکبر کرنا - (زَهَا (ن) زَهوًا) فُلَانًا: حقارت کرنا — الکِبرُ فُلَانًا: خودپسند بنانا - زَهَا السِّرَاجَ: روشن کرنا — الرِّیحُ النَّبَاتَ: ترشدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا — الأَموَاجُ السَّفِینَةَ: موجوں کا کشتی کو بلند کرنا — فُلَانٌ بِالسَّیفِ: تلوار چمکانا — فُلَانًا بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا — السَّرَابُ الأَکَمَةَ یَزهَاهَا: نمایاں کرنا - (یَزهُوهَا مستعمل نہیں ہے)

زُهِیَ - الرَّجُلُ بِکَذَا: تکبر کرنا۔

أَزهَی: تکبر کرنا — النَّخلُ: لمبا ہونا — البُسرُ: رنگ اختیار کرنا۔

زَهَّی - البُسرُ: رنگ اختیار کرنا - زَهَّتِ المِروَحَةُ الرِّیحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا۔

إِزدَهَی - الرَّجُلَ: مغرور بنانا - حقارت سے دیکھنا — ہُ عَلَی الأَمرِ: مجبور کرنا۔ — ہُ و بِہِ: حقارت کرنا۔

الزُّهَاء - مص - مقدار - تقریباً - کہا جاتا ہے "عِندِی زُهَاءُ خَمسِینَ دِرهَمًا" میرے پاس تقریباً پچاس درہم ہیں۔

الزَّهو - مص - فخر - تکبر - غرور - جھوٹ و باطل ظلم - سرسبز نباتات - زرد یا سرخ پکی کھجور - (— والزُّهَا) تروتازگی و خوبصورتی زُهَا الدُّنیَا: دنیا کی زینت و آرائش۔

الزُّهُوّ - زرد یا سرخ پکی کھجور۔

الزَّاهِی - فا - پررونق چمکدار چہرے والا - مؤنث زَاهِیَةٌ۔

المُزدَهِی والمَزهُوّ - متکبر و مغرور۔

زَاءَ یَزُوءُ زَوءًا - بِہِ الدَّهرُ: — زمانہ کا پلٹ جانا۔

زَابَ یَزُوبُ زَوبًا - چپکے سے بھاگ جانا — المَاءُ: جاری ہونا۔

زَاجَ (ن) زَوجًا - بَینَہُم: بھڑکانا - فساد ڈالنا۔

زَوَّجَہُ - اِمرَأَةً أو بِامرَأَةٍ أو لِلاِمرَأَةِ: نکاح کرانا — الشَّیءَ بِالشَّیءِ و إِلَیہِ: ملانا۔

زَاوَجَہُ - باہم میل ملاپ رکھنا - باہم قریب ہونا (— وازدَوَجَ) بَینَهُمَا: قریب کرنا۔

تَزَوَّجَ - اِمرَأَةً و بِامرَأَةٍ: نکاح کرنا — فِی قَومٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا - کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَہُ النَّومُ" اس کو نیند آگئی۔

اِزدَوَجَ و تَزَاوَجَ - الکَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا — القَومُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔

الزَّاج - پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔

الزَّوج - شوہر - بیوی - ساتھی - جوڑا - کہا جاتا ہے "عِندِی زَوجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے - و "اشتَرَیتُ زَوجَی نِعَالٍ" میں نے ایک جوڑا جوتا خریدا - ہر چیز کی قسم - جمع أزوَاج و زِوَجَة - جمع أزَاوِیج۔

الزَّوْجَة - بیوی - ج زَوْجَات -

الزَّوَاج - شادی بیاہ -

زَاحَ يَزُوحُ زَوْحًا وَزَوَاحًا — عَنِ الْمَكَانِ : دُور ہونا - ہٹنا - جانا — الْعِلَّةُ : زائل ہونا (— زَوْحًا) الْإِبِلَ : پراگندہ کرنا - جمع کرنا - (ضد)

أَزَاحَهُ - جگہ سے ہٹانا — الْأَمْرَ : کام کو پورا کرنا - انجام کو پہونچانا - کہا جاتا ہے " أَزَاحَ اللّٰهُ الْعِلَلَ " اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں - وَأَزَحْتُ عِلَّتَهُ فِي مَا احْتَاجَ إِلَيْهِ " یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کر دی -

اِنْزَاحَ - زائل ہونا -

زَادَ يَزُودُ زَوْدًا - توشہ لینا -

أَزَادَهُ وَزَوَّدَهُ - توشہ دینا -

اِزْدَادَ وَاسْتَزَادَ - توشہ مانگنا -

تَزَوَّدَ - توشہ لینا - کہا جاتا ہے " تَزَوَّدَ مِنَ الْأَمِيرِ كِتَابًا إِلَى عَامِلِهِ " وہ امیر کا خط اس کے عامل کے پاس لے گیا تاکہ اس سے فائدہ اٹھائے وَتَزَوَّدَنِي طَعْنَةً بَيْنَ أُذُنَيْهِ " یعنی میری جانب سے اسکو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا -

الزَّاد - توشہ - زادراہ - ج أَزْوِدَة وَأَزْوَاد - الْمِزْوَدُ وَالْمَزَادُ وَالْمَزَادَة - توشہ دان - ج مَزَاوِد - ثُفَافَةُ الْمَزَاوِد : توشہ دان کا بچا کھچا - یہ خست کے لئے ضرب المثل ہے - وَهُمْ مِلَاءُ الْمَزَاوِد : وہ لوگ اغنیاء ہیں -

زَارَهُ يَزُورُهُ زِيَارَةً وَمَزَارًا وَزَوْرًا وَزُوَارًا وَزُوَارَةً وَازْدَارَهُ - ملاقات کیلئے جانا - صفت (زَائِر) ج زَائِرُونَ وَزُوَّرٌ وَزُوَّارٌ مؤنث زَائِرَة - ج زُوَّر وَزُوْر وَزَائِرَات -

زَارَ زَوَارًا - الْفَرَسَ : گھوڑے کے ہونٹوں میں زیار باندھنا - (دیکھئے لفظ زیار)

زَوِرَ يَزْوَرُ زَوَرًا - کج ہونا - ٹیڑھے سینہ والا ہونا -

زَوَّرَ - جھوٹ کو آراستہ کرنا — الْكَلَامَ : باطل ٹھہرانا - جھوٹ کی طرف نسبت کرنا — الشَّهَادَةَ : شہادت کو باطل قرار دینا — نَفْسَهُ : جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا — عَلَيْهِ : کسی پر جھوٹ باندھنا — عَنْهُ : کسی سے پھر جانا — فُلَانًا عَلَى نَفْسِهِ : کسی پر تہمت لگانا الشَّيْءَ : درست کرنا سیدھا کرنا — الشَّيْءَ لِنَفْسِهِ : کسی چیز کو پسند کرکے اپنے لئے خاص کر لینا — الزَّائِرَ : عزت و اکرام کرنا - تم کہتے ہو " زُرْتُهُمْ فَزَوَّرُونِي " میں نے اُن لوگوں سے ملاقات کی اور انھوں نے میری تعظیم کی — الْقَوْمُ صَاحِبَهُمْ : بھلائی کرنا

أَزَارَهُ - زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا — الشَّيْءَ : چلانا -

اِزْدَارَهُ - ملاقات کے لیے جانا -

تَزَوَّرَ - جھوٹ بولنا — الشَّيْءَ : کسی چیز کو پسند کرکے اپنے لئے خاص کر لینا -

تَزَاوَرَ - الْقَوْمُ : ایک دوسرے کی زیارت کرنا - کہا جاتا ہے " هُمْ يَتَزَاوَرُونَ وَبَيْنَهُمْ تَزَاوُرٌ " وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (— وَازْوَرَّ وَازْوَارَّ) عَنْهُ : انحراف کرنا -

اِسْتَزَارَهُ - ملاقات کے لئے کہنا -

الزَّوْر - مع - سینہ کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ - اور اسی کو ہے " فَرَسٌ عَرِيضُ الزَّوْرِ " چوڑے سینہ والا گھوڑا - اور کہا جاتا ہے " أَلْقَى زَوْرَهُ " یعنی اس نے اقامت کرلی - الزَّوْر : پختہ ارادہ عقل - خیال جو خواب میں آئے - زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے) کہا جاتا ہے - رَجُلٌ زَوْرٌ وَامْرَأَةٌ زَوْرٌ وَرِجَالٌ زَوْرٌ وَنِسَاءٌ زَوْرٌ - سردار - رئیس - درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں - پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں -

الزُّور - عقل - جھوٹ - باطل - اللہ کیساتھ شریک ٹھہرانا - قوت - کہا جاتا ہے " مَا لَهُ زَوْرٌ وَلَا صَبُّورٌ " نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے - رائے - سردار - رئیس - کھانے کی لذت - کپڑے کی نرمی و صفائی - راگ و گانے کی مجلس - یہودیوں و نصرانیوں کی عیدیں -

الزَّوَر - مع - کجی - سینہ کے بالائی حصہ کی کجی -

الزِّير - شکا - کتاں - باریک تانت - عادۃً عورتوں سے بغیر ارادہ بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا - ج أَزْوَار وَأَزْيَار وَزِيَرَة

الزِّيرَة - ملاقات کی ہیئت - کتاں کا ٹکڑا -

الزِّيَار - دو لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے - اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں " زَيَّرَ الْفَرَسَ (— وَالزِّوَار) ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو - سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی - ج أَزْوِرَة -

الزَّئِر - غضبناک -

الزَّائِرَة - اونٹوں کا گلہ - بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (— وَالزَّاوِرَة وَالزَّاوِرَة وَالزَّاوُوزَة) پوٹا - زَاوِرَةُ الْقَطَا : قطا پرندہ کا وہ حصہ جس میں وہ اپنے بچوں کیلئے پانی لے جائے -

الزَّوَّر - سخت چال - سخت - سفر کے لئے تیار کیا ہوا اونٹ - (— وَالزَّوِير وَالزُّوَّيْر) سردار قوم - رئیس قوم -

الزَّوْرَة - زار کا اسم مرة - دوری - اونٹنی جو شدت و صلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے -

الْأَزْوَر - ٹیڑھے سینے والا - باریک وسط سینہ والا - مائل ہونے والا - ترچھی نظر سے دیکھنے والا - مؤنث زَوْرَاء - ج زُور - کہا جاتا ہے " قَوْمٌ عَنْ مَوَاقِفِ الْحَقِّ زُورٌ " حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم -

الزَّوْرَاء - گہرا کنواں - کمان - پیالہ - چاندی کا برتن - شہر بغداد - دجلۂ بغداد - فَلَاةٌ زَوْرَاء : دور دراز بیابان - كَلِمَةٌ زَوْرَاء : گھٹیا بات - مَنَارَةٌ زَوْرَاء : ٹیڑھا منارہ -

الزَّوَّار والزُّوَّر - بہت ملاقات کرنیوالا۔
المَزَار - مص - ملاقات - زیارت کرنیکی جگہ
ج مَزَارات۔
الزَّوْرَق - ڈونگی - چھوٹی کشتی۔
الزَّوْش - کمینہ غلام۔
الأزْوَش - متکبر و مغرور۔
زَوَّطَ - بڑے لقمے بنانا۔
زَاعَ يَزُوعُ زَوْعًا - فلانًا: روکنا - آگے
دھکیلنا ــــ الدَّابَّةَ: جانور کو تیز چلانے کے
لئے لگام ہلانا ــــ الشَّيءَ: موڑنا لَہٗ مِنَ البِطِّيخِ
(زَوْعَةً) خربوزے کی قاش اُتار کر دینا (ــــ
وتَزَوَّعَ) اللَّحمُ: گوشت کا پٹھے سے اُتر جانا۔
تَزَوَّعَ - الإبِلَ: متفرق کرنا - پراگندہ کرنا۔
الزُّوعَةُ - لوگوں کی ایک جماعت ــــ
مِنَ البِطِّيخِ ونَحْوِهَا: خربوزہ وغیرہ کی پھانک قاش
ــــ مِنَ النَّبْتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک
ہونے لگے۔
الزَّاعَةُ - پولیس کی جماعت (جمع ہے
مثل باعة - وسادة کے)
الزُّوعُ والزُّوَعُ - بکری۔
زَاغَ يَزُوغُ زَوْغًا - الشَّيءَ: کسی چیز کو جھکانا
ــــ النَّاقَةَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا - (ــــ
زَوْغًا وزَوَغَانًا) مائل ہونا - ظلم کرنا ــــ البَصَرُ:
نگاہ میں خلل ہونا۔
أزَاغَهُ إزَاغَةً - جھکانا۔
الزَّاغُ - کوا۔
زَافَتْ تَزُوفُ زَوْفًا - الحَمَامَةُ: کبوتر کا
بازو و دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا ــــ الطَّائِرُ
فِي الهَوَاءِ: پرندہ کا فضا میں گولائی میں اُڑنا۔
ــــ الرَّجُلُ: مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء
ڈھیلے کرکے چلنا ــــ المَاءُ: پانی کا پھیلنے والا
ہونا ــــ (وتَزَاوَفَ) اپنے آپکو ہلکا پھلکا
کرنے کے لئے ورزش کی مشق کرنا۔
الزُّوُوف - چلنے میں ڈھیلا پن۔
الزُّوفَى والزُّوفَا - ایک دوا کا نام۔

موت (زُؤَاف) جلدی کی موت۔
زَوَّقَ - الكَلامَ: آراستہ کرنا - مزین کرنا
ــــ البَيْتَ: نقش و نگار کرنا ــــ الدِّرْهَمَ:
پارہ کا ملمع کرنا۔
الزَّوَاقُ - لڑکی کی زینت۔
الزَّوَّاقَةُ - گھروں میں نقش و نگار کرنیوالے۔
الزَّاوُوق والزَّاؤُوق - پارہ۔
زَاكَ يَزُوكُ زَوْكًا وزَوَكَانًا - مونڈھوں
کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو کشادہ کرنا - تکبر سے
چلنا۔
تَزَاوَكَ تَزَاوُكًا - شرم کرنا۔
الزَّوْكُ - مص - کوّے کی چال۔
زَالَ يَزُولُ زَوْلًا وزَوَالًا وزَوَلَانًا وزُؤُولًا
وزُؤُولًا وزَوِيلًا - جاتا رہنا - پھر جانا اور اسی
سے ہے: "زَالَ عَنْهُ مُلْكُهُ" اسکی سلطنت جاتی
رہی - جدا ہونا - ہلاک ہونا (ــــ زَوْلًا) حرکت
کرنا - اور اسی سے ہے "أرَى النُّجُومَ تَزُولُ ولا
تَغِيبُ" یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ ستارے
حرکت کر رہے ہیں اور غائب نہیں ہوتے۔
"فُلانٌ يَزُولُ فِي النَّاسِ" فلاں لوگوں میں
بہت چلتا پھرتا ہے۔
زَالَتْ (ن) زَوَالًا وزُؤُولًا وزَوَلَانًا و
زِيَالًا - الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا ــــ الخَيْلُ
بِرُكْبَانِهَا: لے کر اٹھنا اور اسی سے ہے "زِيلَ
بِنَعْشِهِ" یعنی اس کی نعش اٹھائی گئی - کہا جاتا
ہے "زَالَ زَائِلُ الظِّلِّ" یعنی دوپہر ہو گئی - و
"زَالَ إلَيْهِ زَوِيلُهُ وزَوَالُهُ" ڈر اور خوف کی وجہ
سے اس کی جانب جھک گئی۔
أزَالَهُ وزَوَّلَهُ وأزْدَالَهُ - ہٹانا - کہا جاتا
ہے "أزَالَ اللهُ زَوَالَهُ" یعنی اللہ اسے ہلاک
کرے - زَوَّلَ الشَّيءَ: کسی چیز کو لانا۔
زَاوَلَهُ - کوشش کرنا - قصد کرنا - تلاش
کرنا۔
تَزَوَّلَ - الشَّيءَ: کسی چیز کو لانا ــــ الغُلامُ:
لڑکے کا انتہائی زیرک و ظریف ہونا۔

تَزَاوَلَ - القَوْمُ: باہم کوشش کرنا۔
إنْزَالَ - عَنْهُ: جدا ہونا۔
إزْدَالَ إزْدِيَالًا - الشَّيءُ: زائل ہونا۔
الزَّوْلُ - مص - تعجب - عجیب - کہا جاتا ہے
"سَيْرٌ زَوْلٌ" یعنی عجیب سیر - "وقُفُوفُهُ زَوْلٌ"
عجیب سردی - الزَّوْلُ: وجود انسانی - فیاض
مرد سبک و ظریف و زیرک - بہادر - بلا - ج
أزْوَال۔
الزَّوَال - مص - سورج کا ڈھلنا - کہتے ہیں
"السَّاعَةُ الرَّابِعَةُ زَوَالِيَّةٌ"
الزَّائِلُ - فا - کہا جاتا ہے "لَيْلٌ زَائِلُ النُّجُومِ"
یعنی لمبی رات۔
الزَّوَّال - بہت حرکت کرنے والا۔
الزَّائِلَةُ - الزائل کا مونث - زندہ یا متحرک
چیز - ج زَوَائِل - الزَّوَائِلُ: ستارے -
عورتیں - شکار۔
الزَّوِيل - مص - حرکت - جانب۔
المِزْوَلَةُ - دھوپ گھڑی - ج مَزَاوِل۔
زَامَ يَزُومُ زَوْمًا - الرَّجُلُ: مرنا۔
الزَّامُ - ہر چیز کی چوتھائی - زَامٌ مِنَ النَّهَارِ:
دن کی چوتھائی زَامَانِ مِنَ النَّهَارِ: دن کا
نصف حصہ۔
الزَّامَةُ - جماعت - گروہ - ج زَامَات۔
الزُّومُ - عِنْدَ العَامَّةِ: عوام کے نزدیک کسی
چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا - اور اس کے لئے فصیح
لفظ النَّسْغ ہے - وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے
اور اس کیلئے فصیح لفظ الغُسَالَةُ ہے۔
الزَّوْمَحُ - ہر چیز کا ڈھیر۔
زَوْمَلَ - الإبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔
الزَّوْمَلَةُ - مص - گدھے مع بوجھوں کے - کہا
جاتا ہے "هُوَ ابْنُ زَوْمَلَتِهَا" وہ اس کا جاننے والا ہے
الزَّان - بڑھئی۔
الزُّون والزُّوَن والزِّوَن - پستہ قد
الزُّون: بت یا مندر۔
الزَّوْنَةُ - زینت - سمجھدار عورت۔

الزُّوَان والزُّوَان والزِّوَان۔ دیکھئے الزُّؤَان بالہمزۃ۔
زَوَی یَزْوِی زَوْیًا وزُوِیًّا۔ الشَّیءَ۔ جدا کرنا یکسو کرنا۔ روکنا۔ جمع کرنا۔ قبضہ کرنا — المَالَ وغیرہ: اکٹھا کرنا عَنْہُ السِّرَّ: راز کو پوشیدہ رکھنا — عَنْہُ حَقَّہٗ: کسی کا حق روک لینا۔
الدَّہْرُ القَوْمَ: زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا۔
زَوَّی وتَزَوَّی وانْزَوَی۔ گوشہ نشین ہونا تَزَوَّی وانْزَوَی: سکڑنا۔ زَوَّی الکَلَامَ: دل میں سوچنا۔ انْزَوَی القَوْمُ بَعْضُہُمْ إِلَی بَعْضٍ: سمٹنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔
الزَّاوِیَۃُ۔ مِنَ البَیْتِ: گوشہ۔ ج زَوَایَا۔ والزَّاوِیَۃُ: عِنْدَ المُہَارِیْنَ والنَّجَّارِیْنَ وغَیْرِہِمْ: دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح جڑا ہوا ہوتا ہے کہ ان کا درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے۔
تَزَیَّبَ۔ لَحْمُہٗ: گوشت کے لوتھڑے بننا۔
الزَّیْبُ۔ ہوا کی تیزی۔
رَجُلٌ (زَیْبٌ وأَزْیَبُ) بہادر و دلیر مرد۔
الأَزْیَبُ۔ شادماں۔ پست قدم۔ قریب قریب قدم رکھنے والا۔ کینہ۔ منہ بولا بیٹا۔ اجنبی۔ امر بد۔ بلا مصیبت۔ دشمنی۔ بہت پانی۔ شادمانی۔ سیہی۔ جنوبی ہوا۔
الإِزْیَبُّ۔ شدید۔ بخیل۔
الزِّیْبَقُ۔ پارہ۔
زَاتَ یَزِیْتُ زَیْتًا وزَیَّتَ۔ الطَّعَامَ: کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا — الشَّیءَ: کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا — القَوْمَ: لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا۔
أَزَاتَ إِزَاتَۃً۔ بہت تیل والا ہونا۔
إِزْدَاتَ إِزْدِیَاتًا۔ روغنِ زیتون ملنا۔
إِسْتَزَاتَ۔ روغنِ زیتون طلب کرنا۔
الزَّیْتُ۔ مع۔ زیتون کا تیل۔ ج زُیُوْت و(الزَّیَات) تیل۔ زیت کا اطلاق مطلقاً تیل کیلئے بھی ہوتا ہے۔ چاہے وہ کسی چیز کا ہو۔

الزَّیْتُوْنُ۔ زیتون کا درخت۔ زیتون کا پھل واحد زَیْتُوْنَۃٌ۔
الزَّیْتُوْنِیُّ۔ زیتون کے رنگ والا۔
المَزِیْتُ والمَزْیُوْتُ۔ جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو۔
الزِّیْجُ۔ معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔ علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو سیاروں کی رفتار بتاتی ہے۔ جنتری۔ ج زِیَجَات وزِیَجَۃ (دخیل)
زَاحَ یَزِیْحُ زَیْحًا وزُیُوْحًا وزِیُوْحًا وزَیَحَانًا وانْزَاحَ۔ دور ہونا۔ چلے جانا۔
زَاحَ اللِّثَامَ: نقاب اتارنا۔ کھولنا۔
أَزَاحَہٗ۔ دور کرنا۔ لیجانا۔
المَزَاحُ۔ دور چلے جانے کی جگہ۔
زَاخَ یَزِیْخُ زَیْخًا وزَیَخَانًا۔ ظلم کرنا۔ علیحدہ ہونا۔
أَزَاخَہٗ۔ علیحدہ کرنا۔
تَزَیَّخَ۔ فروتنی کرنا۔
زَادَ یَزِیْدُ زَیْدًا وزِیْدًا وزَیَدًا وزِیَادَۃً ومَزِیْدًا وزِیْدَانًا۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا — الشَّیءَ: بڑھانا زیادہ کرنا — فُلَانًا: زیادہ دینا۔
زَایَدَ۔ بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَزَیَّدَ۔ السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا — الرَّجُلُ فِی حَدِیْثِہٖ: واقعہ سے زیادہ بیان کرنا — فِی الشَّیءِ: بڑھانے میں تکلف کرنا۔
تَزَایَدَ۔ فِی حَدِیْثِہٖ: واقعہ سے زیادہ بیان کرنا تَزَایَدُوْا فِی ثَمَنِ السِّلْعَۃِ۔ ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔
إِزْدَادَ۔ زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا۔ زیادہ طلب کرنا۔
إِسْتَزَادَہٗ۔ زیادہ طلب کرنا۔ کوتاہی کرنیوالا سمجھنا اور شکایت کرنا۔
الزَّائِدُ۔ فا۔ مؤنث زَائِدَۃ۔ زَائِدَۃُ الکَبِدِ: جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک جانب میں ہوتا ہے۔ ج زَوَائِد۔ والزَّوَائِدُ مِنَ الأَسْنَانِ: کچلیوں کے قریب والے دانت۔

الزِّیَادَۃُ۔ مع۔ جو چیز بڑھائی جائے۔ ج زِیَادَات وزِیَادَۃ وزِیَادَۃُ الکَبِدِ: بمعنی زَائِدَۃُ الکَبِدِ۔
الزَّیْدُ والزِّیْدُ۔ زیادتی۔ بڑھاؤ۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ زِیْدٌ عَلَی مِائَۃٍ" وہ سو سے زائد ہیں۔
المَزِیْدُ۔ مص و مفعو۔ کہا جاتا ہے "لا مَزِیْدَ عَلَی ہٰذَا الأَمْرِ" یعنی اس معاملہ میں زیادہ گنجائش نہیں۔
المَزَادَۃُ۔ توشہ دان۔ چمڑے کے کئی ٹکڑے ملا کر ایک تھیلا سا بناتے ہیں جس میں پانی رکھتے ہیں۔
زَیْرٌ۔ دیکھئے مادہ (زور)
الزِّیْزُ۔ ایک کیڑا جو درختوں پر رہا کرتا ہے اور زیز زیز کی آواز نکالتا ہے۔
الزِّیْزَی والزِّیْزَاءُ والزِّیْزَاءُ والزِّیْزَاۃُ۔ چھوٹا ٹیلہ یا سخت زمین۔ پر یا اس کے کنارے ج الزَّیَازِی۔
الزَّیَازِیَۃُ۔ پپیہا۔
الزَّیْزَفُوْن۔ ایک درخت ہے جس کے پھول کو پانی میں بھگو کر دوا استعمال کرتے ہیں۔ اور امثال عرب میں سے ہے "ہُوَ کَالزَّیْزَفُوْنِ یُزْہِرُ ولَا یُثْمِرُ" وہ زیزفون کی مانند ہے پھول تو دیتا ہے پھل نہیں۔
زَاطَ یَزِیْطُ زَیْطًا وزِیَاطًا۔ شور مچانا اور بہت جھگڑنا۔ صفت (زَیَّاط)
زَاغَ یَزِیْغُ زَیْغًا وزَیَغَانًا وزُیُوْغًا وزَیْغُوْغَۃً: جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا — البَصَرُ: نگاہ کا تھکنا۔
زَیَّغَہٗ۔ ٹیڑھا کرنا۔ کجی درست کرنا۔
أَزَاغَہٗ۔ عَنِ الطَّرِیْقِ: بدراہ کرنا — الرَّجُلَ کجی میں ڈالنا۔
تَزَایَغَ۔ جھکنا۔
الزَّائِغُ۔ فا۔ ج زَاغَۃ وزُاغُوْن۔
الزَّاغُ۔ ایک قسم کا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ کے پر کچھ سفیدی مائل ہوتے ہیں۔ اور ایک قسم ہے

الزاغ الجبلی جو مُردار کھاتا ہے۔ ج زِیغَان۔
الزَّیْغ۔ مع۔ حق سے انحراف۔ شک۔
التَّزَیُّغ۔ جُھکاؤ۔
زَافَت (ض) زُیُوفًا۔ الدَّرَاہِمُ: کھوٹے ہونا
(زَافَ زَیْفًا) الدَّرَاہِمَ: کھوٹے کرنا یا کھوٹے
سمجھنا ـــ الحَائِطُ: دیوار پھاندنا ـــ زَیْفًا
وزَیَفَانًا) مٹک کر چلنا ـــ البَعِیْرُ: اونٹ کا
جھکتے ہوئے دوڑنا۔
زَیَّفَ۔ الدَّرَاہِمَ: کھوٹے بنانا یا سمجھنا۔
الرَّجُلَ: حقارت کرنا ـــ البِنَاءُ: بلند ہونا۔
تَزَیَّفَت۔ الدَّرَاہِمُ: کھوٹے ہونا۔
الزَّائِف۔ فا۔ شیر ـــ مِنَ الدَّرَاہِمِ: کھوٹا
درہم۔ ج زُیَّف وزُیُوف۔
الزِّیف۔ چھجہ جو دیوار کی حفاظت کیلئے
ہوتا ہے۔ کنگرہ۔ سیڑھی کے پایے۔ ج زِیَاف
وأَزْیَاف وزُیُوف۔ اور کہا جاتا ہے "دِرْہَمٌ زَیْفٌ"
کھوٹا درہم۔
الزَّیَّاف۔ مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔ مؤنث
زَیَّافَة۔
زَیَّقَ۔ الثَّوْبَ: کپڑے میں گوٹ لگانا۔
تَزَیَّقَتِ۔ المَرْأَةُ: زینت کرنا سرمہ لگانا
الزِّیق۔ مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کی گوٹ۔
معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری
کا اندازہ کرتے ہیں۔
زَاكَ (ض) زَیَكَانًا۔ ناز اور تکبر سے چلنا۔
الزِّئبَك۔ چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے
گرداگرد جڑے ہوئے ہوں۔
زَالَهُ یَزَالُهُ ویَزِیلُهُ زَیْلًا۔ عَنْ مَكَانِهِ:
ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ أَفْعَلُ"
میں ہمیشہ کرتا رہا۔ و"مَازِلْتُ بِزَیْدٍ ومَازِلْتُ زَیْدًا
حَتّٰی فَعَلَ" میں ہمیشہ زید کے ساتھ لگا رہا یہاں
تک کہ اس نے کر دیا۔ و"زِلْتُ أَفْعَلُ" بمعنی "مَا
زِلْتُ أَفْعَلُ" حرفِ نفی کی تقدیر سے۔ اور یہ
قلیل الاستعمال ہے۔
أَزَالَهُ إِزَالَةً وإِزَالًا۔ عَنْ مَكَانِهِ: ہٹانا۔
زَیَّلَهُ۔ متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
زَایَلَهُ۔ باہم دگر جُدا ہونا۔
تَزَایَلُوا وتَزَیَّلُوا۔ پراگندہ ہونا۔ جدا ہونا
ـــ عَنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَنَا أَتَزَایَلُ
عَنْكَ فَلَا أَتَجَاسَرُ عَلَیْكَ" میں تم کو شرم کرتا ہوں
اسلئے میں تمہارے سامنے دلیری نہیں کر سکتا۔
الزَّیَل۔ دونوں رانوں کے درمیان کی
دُوری۔
الأَزْیَل۔ دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا
رَجُلٌ (مِزْیَلٌ ومِزْیَالٌ) خوش طبع۔ زیرک۔
زَامَ یَزِیمُ ویَزَامُ زَیْمًا۔ بِفُلَانٍ فَاسْكَتَهُ:
ایک کلمہ بول کر خاموش کر دینا۔
تَزَیَّمَتِ۔ الخَیْلُ وغَیْرُہَا: گھوڑے وغیرہ کا
پراگندہ ہونا ـــ اللَّحْمُ: گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے
ہونا۔ آپس میں گتھا ہوا ہونا۔
الزِّیمَة۔ گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج زِیَمٌ۔
زَانَهُ یَزِینُهُ زَیْنًا۔ زینت دینا ـــ الشَّیْءَ:
خوبصورت بنانا۔ آراستہ کرنا۔
زَیَّنَهُ تَزْیِینًا وأَزَانَهُ إِزَانَةً وأَزْیَنَهُ
إِزْیَانًا۔ زینت دینا۔
تَزَیَّنَ تَزَیُّنًا وازْدَانَ ازْدِیَانًا وازْدَانَ
اِزْدِیَانًا وازْیَنَّ ازْیِنَانًا وازْیَانَّ
ازْیِینَانًا۔ آراستہ ہونا۔
الزَّائِن۔ فا۔ امْرَأَةٌ زَائِنٌ: آراستہ عورت
الزَّیْن۔ مع۔ آراستگی ج أَزْیَان۔ الزَّیْن:
ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔
زَیْنُ الدِّیكِ: مرغ کی کلغی۔
الزَّانَة۔ بد ہضمی۔
الزِّینَة۔ آراستگی جس سے زینت کی جائے
أَمْرَاضُ الزِّینَةِ عِنْدَ الأَطِبَّاءِ: بال یا کھال یا ناخن
کے امراض۔
الزَّیَّان۔ خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قَمَرٌ زَیَّانٌ"
خوبصورت چاند۔
الزِّیَان۔ ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے
المُزَیِّن۔ فا۔ نائی۔ (مولد)
زَیَّاهُ تَزْیِیَةً۔ پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے
"زَیِّهِ زَائِیَّ فَرَتِّبْهَا" یعنی اس کو حرف زاء سے پڑھو۔
تَزَیَّا۔ آراستہ ہونا ـــ بِزِیِّ القَوْمِ: قوم کا
لباس پہننا۔
الزِّیّ۔ ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا
ہے۔ "أَقْبَلَ بِزِیِّ العَرَبِ" وہ عرب کے لباس میں آیا
و"جَاءَنَا بِزِیٍّ غَرِیبٍ" وہ ہمارے پاس عجیب
لباس میں آیا۔ ج أَزْیَاء۔

س (۶۰)

السِّین۔ فعل مضارع کو مستقبل قریب کے
معنی کے لئے خاص کر دیتا ہے۔
سَأَبَهُ (ف) سَأْبًا۔ گلا گھونٹنا ـــ السِّقَاءَ:
مشک کو کشادہ کرنا (ـــ وسَئِبَ (س) سَأَبًا)
مِنَ الشَّرَابِ: آسودہ و سیراب ہونا۔
السَّأْب۔ مع۔ بڑی مشک۔ ج سُؤُوب۔
السُّؤْبَان۔ مال کا بہترین منتظم۔
المِسْأَب۔ بڑی مشک۔ بہت پانی پینے
والا۔
سَأَتَهُ (ف) سَأْتًا۔ گلا گھونٹنا۔ گلا
گھونٹ کر مار ڈالنا۔
السَّأْت۔ گلے کی ایک جانب۔
سَأَدَهُ (ف) سَأْدًا وسَأَدًا۔ گلا گھونٹنا۔
سُئِدَ۔ کھاری پانی کے پینے سے بیمار ہونا
صفت (مَسْئُود)
سَئِدَ (س) سَأْدًا۔ پینا ـــ الجُرْحُ:
زخم ٹوٹ کر بہنا۔ صفت (سَئِد)
أَسْأَدَ إِسْآدًا۔ ساری رات چلنا۔ کہتے

ہیں "أَسْعَدُ يَوْمَہٗ إِسْحَاقُ مَنْ أَسْأَدَ لَيْلَتَہٗ إِسْآدًا"
جو شخص ساری رات چلتا رہا اس نے اپنے دن کو کامیاب بنایا۔
السُّؤَادُ۔ کھاری پانی پینے کی وجہ کی بیماری
السُّؤْدَةُ۔ بقیہ جوانی۔
المِسْأَدُ۔ تیل یا شہد کی مشک۔
سَأَرَ (ف) سَأْرًا وأَسْأَرَ۔ الشَّارِبُ فِي الإِنَاءِ: کچھ باقی چھوڑنا۔ صفت (سَآرٌ) اور کہا جاتا ہے "أَسْأَرَ الحَاسِبُ فِي حِسَابِہٖ" حساب لگانے والے نے حساب کو پوری طرح سے نہیں کیا۔
سَئِرَ (س) سَأَرًا۔ الشَّيْءُ: باقی رہنا۔
تَسَأَّرَ۔ النَّبِيذَ: جھوٹا نبیذ پینا۔
السُّؤْرُ۔ جھوٹا پانی وغیرہ۔ بقیہ۔ ج أَسْآرٌ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ سُؤْرُ شَرٍّ" وہ شریر ہے۔
السُّؤْرَةُ۔ بقیہ جوانی۔ مِنَ المَالِ: عمدہ مال۔ ج سُؤَرٌ۔
السَّائِرُ۔ فا۔ مِنَ الشَّيْءِ: بقیہ۔
سَأْسَأَ سَأْسَأَةً۔ بِالحِمَارِ: گدھے کو روکنے کیلئے ڈانٹنا یا پینے یا چلنے کیلئے آواز دینا۔
تَسَأْسَأَتِ۔ الأُمُورُ: مختلف ہونا۔
سَأَفَتْ (ف) سَأْفًا وسَئِفَتْ (س) سَأَفًا يَدُہٗ: ناخن کے اردگرد پھٹنا۔ ہاتھ کی صفت (سَئِفَةٌ) (سَئِفَ وانْسَأَفَ) لِيفُ النَّخْلِ: پھٹنا۔ پراگندہ ہونا۔ چھلنا۔
السَّأَفُ۔ کھجور کی شاخ۔ دُم کے بال۔
السَّائِفَةُ۔ ریت کے تودے کے نیچے کی باریک ریت۔ ج سَوَائِفُ۔
سَأَلَ (ف) سُؤَالًا وسَآلَةً وسَأَلَةً ومَسْأَلَةً وتَسْآلًا۔ طلب کرنا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ جیسے "سَأَلْتُ اللّٰہَ نِعْمَةً" اور جب استخبار کے معنی میں ہو تو مفعول اول کی طرف بنفسہ اور مفعول ثانی کی طرف عن سے متعدی ہوتا ہے۔ جیسے "سَأَلْتُہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ" اور کبھی ہمزہ کی تخفیف ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "سَالَ يَسَالُ سَلْ" مثل خَافَ يَخَافُ خَفْ کے اور اسم مفعول "مَسُولٌ" مانند مخوف کے۔
سَاءَلَہٗ وسَايَلَہٗ مُسَاءَلَةً ومُسَايَلَةً وسِئَالًا عَنْہُ: بمعنی سَأَلَ۔
أَسْأَلَہٗ۔ سُؤْلَہٗ وسُؤْلَتَہٗ ومَسْأَلَتَہٗ: حاجت پوری کرنا۔
تَسَأَّلَ وتَسَوَّلَ۔ مانگنا۔
تَسَاءَلَ وتَسَاوَلَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے پوچھنا۔
السُّؤْلُ والسُّولُ والسُّؤْلَةُ والسُّولَةُ درخواست۔ التجا۔
السَّأَّالُ والسُّؤَلَةُ والسُّؤُولُ۔ بہت سوال کرنے والا۔
السَّائِلُ۔ فا۔ مانگنے والا۔ ج سَائِلُونَ وسُؤَّلٌ وسُؤَّالٌ وسَأَلَةٌ۔
المَسْأَلَةُ۔ حاجت۔ مطلب۔ ج مَسَائِلُ
المَسْئُولِيَّةُ۔ ذمہ داری۔
سَئِمَ (س) سَأْمَةً وسَأْمًا وسَآمَةً وسَأَمًا وسَآمَةً۔ الشَّيْءَ ومِنْہُ: کسی چیز سے ملول ہونا۔ اکتا جانا۔ صفت (سَؤُومٌ)
أَسْأَمَ إِسْآمًا۔ ملول کرنا۔ اکتا دینا۔
سَأَى (ف) سَأْيًا۔ دوڑنا — الشَّيْءَ: کسی چیز کی نیت کرنا۔ قصد کرنا — الرَّجُلَ: کسی کو غمگین کرنا — الثَّوْبَ: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔ بَيْنَہُمْ: لوگوں میں فساد ڈالنا۔
السَّأْوُ۔ مص۔ وطن۔ وہ جہت جہاں کا ارادہ کیا جائے۔ اور کہا جاتا ہے "ہُوَ بَعِيدُ السَّأْوِ" وہ بڑی ہمت والا ہے۔
سَبَّہٗ (ن) سَبًّا وسِبِّيبَى۔ سخت گالی دینا۔ بقصد میں نیزہ مارنا (سَبًّا) الحَبْلَ: رسی کو کاٹنا — الفَرَسَ: گھوڑے کو زخمی کرنا۔ کونچیں کاٹنا۔
سَبَّبَہٗ۔ بہت گالی دینا — الأَسْبَابَ: اسباب پانا — لِلْمَاءِ مَجْرًى: پانی کے لئے نالی درست کرنا — الأَمْرَ: سبب بننا۔
سَابَّہٗ مُسَابَّةً وسِبَابًا۔ گالی دینا۔
تَسَبَّبَ۔ اسباب ڈھونڈھنا — بِہٖ إِلَيْہِ: وسیلہ بننا — بِالأَمْرِ: سبب ہونا۔
تَسَابَّ۔ الرَّجُلَانِ: باہم قطع تعلق کرنا اور گالی گلوج کرنا۔
اسْتَبَّ۔ القَوْمُ: باہم گالی گلوج کرنا۔
اسْتَسَبَّ۔ لَہٗ: گالی کیلئے پیش کرنا۔
اسْتَتَبَّ لَہُ الأَمْرُ: کام کا درست ہونا۔
السِّبُّ والسُّبَّةُ والمِسَبُّ والمِسَبَّةُ بہت گالی دینے والا۔ السِّبُّ: ج سُبُوبٌ: رسی۔ عمامہ۔ کھونٹی۔ کتاں کا باریک ٹکڑا۔ پردہ۔
السَّبَّةُ۔ مِنَ الحَرِّ أَوِ البَرْدِ أَوِ الدَّہْرِ: عرصہ۔ مقعد۔
السَّبَّابَةُ۔ انگشت شہادت — عِنْدَ المُوَلَّدِينَ: ہفتہ۔
السُّبَّةُ۔ جس کو لوگ بہت گالی دیں۔ عار بے عزتی۔
السَّفْسَطَةُ والسِّفْسِطَةُ۔ استدلال و قیاس جس کی بنیاد مغالطہ پر ہو۔ ج سَفْسَطَاتٌ اور نسبت کیلئے (سَفْسَطِيٌّ و سُوفِسْطَائِيٌّ)

السُّوفِسْطَائِيَّةُ۔ ایک فرقہ جو محسوسات و بدیہیات کا انکار کرتا ہے۔

سَفْسَفَ - الدَّقِيقَ : آٹا چھاننا — العَمَلَ : کام کو اچھی طرح سے نہ کرنا۔ سَفْسَفَتِ الرِّيحُ سطح زمین سے اُڑانا۔

السَّفْسَافُ - ناکارہ وردی چیز۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَفْسَافُ الكَلَامِ" فلاں لغو گو ہے۔ امر حقیر — مِنَ الدَّقِيقِ : آٹے کا وہ باریک حصہ جو غبار کی طرح اُڑے — مِنَ التُّرَابِ : باریک مٹی — مِنَ الشِّعْرِ : ردی و ناقص شعر۔

المُسَفْسِفَةُ - ہوا جو غبار کو اُڑائے۔

المُسَفْسِفُ - مرد کم عطاء و لئیم۔

جُوعٌ سُفَاسِفٌ - سخت بھوک۔

سَفْسَقَ - الطَّائِرُ : پرندہ کا بیٹ کرنا۔

السَّفْسَقَةُ والسِّفْسِيقَةُ - مِنَ السَّيْفِ : تلوار کا جوہر۔ ج سَفَاسِقُ۔ کہا جاتا ہے "طَرِيقٌ وَاضِحُ السَّفَاسِقِ" واضح نشانات کا راستہ۔

السَّفَاسِقُ - ہر لمبی چیز۔

السُّفْسُوقَةُ - راستہ کا درمیان۔ شباہت کہا جاتا ہے "فِيهِ سُفْسُوقَةٌ مِنْ أَبِيهِ" اس میں اس کے باپ کی شباہت ہے۔ و سُفْسُوقَةُ السَّيْفِ : تلوار کا جوہر۔

سَفَطَ (ن) سَفْطًا - السَّمَكَةَ : مچھلی کے سفنے اتارنا۔

سَفُطَ (ن) سَفَاطَةً - سخی و پاکیزہ نفس ہونا

سَفَّطَ - الحَوْضَ : حوض کو درست کرنا اور بلند بنانا۔

تَسَفَّطَهُ - تھوڑا تھوڑا پینا۔ جذب کرنا۔

إِسْتَفَطَ - الشَّيْءَ : کل لے لینا۔ کل پی جانا

السَّفَطُ - مچھلی کا سفنا۔ ٹوکری۔ جامہ دان ج أَسْفَاطٌ۔

السَّفَّاطُ - ٹوکری بنانے والا۔

سُفَاطَةُ - البَيْتِ : سامان خانہ۔

السَّفِيطُ - پاکیزہ نفس سخی۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ سَفِيطُ النَّفْسِ" وہ سخی و پاکیزہ نفس ہے۔ کمینہ اور ہر بے قدر چیز (ضد) درخت سے گری ہوئی سبز کھجور۔

مُسَفَّطٌ - الرَّأْسِ : بڑے سر والا۔

سَفَعَهُ (ف) سَفْعًا - طمانچہ مارنا — الشَّيْءَ : نشان لگانا — بِنَاصِيَتِهِ : پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچنا (— و سَفَعَتْ) السَّمُومُ وَجْهَهُ لو کا چہرہ کو جھلس کر رنگ بدل دینا۔

سَفِعَ (س) سَفَعًا - سرخی مائل سیاہ ہونا

سَافَعَهُ - ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔ سینہ سے لگانا۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔ لڑائی کرنا۔

تَسَفَّعَ - بِالنَّارِ : آگ تاپنا۔

إِسْتَفَعَ - الرَّجُلُ : کپڑا پہننا۔

أُسْتُفِعَ - لَوْنُهُ : خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا۔

السَّفْعُ - مص - کپڑا - رنگا ہوا کپڑا ج سُفُوعٌ

السَّفَعُ والسُّفْعَةُ - سرخی مائل سیاہی

السُّفْعُ والسُّفْعَةُ - دانہ اندرائن۔

السُّفْعُ : آہنی دیگ دان۔

سُفَعُ - الشَّمْسِ : آفتاب کے سیاہ داغ۔ سُفَعُ الثَّوْرِ : بیل کے چہرہ کی سیاہ چتیاں۔

السَّوَافِعُ - لو کی لپٹیں - مفرد (سَافِعَةٌ)

الأَسْفَعُ - سرخی مائل سیاہ رنگ والا۔ مؤنث سَفْعَاءُ ج سُفْعٌ - شکرا - جنگلی بیل۔

السَّفْعَاءُ : دیگ دان کا ایک پایہ۔ حَمَامَةٌ سَفْعَاءُ : سبز گردن والا کبوتر۔

مَسْفُوعٌ - العَيْنِ : دھنسی ہوئی آنکھ والا۔ ثَوْرٌ مُسَفَّعٌ : چہرہ میں سیاہ چتیوں والا بیل۔ كَمِيٌّ مُسَفَّعٌ : آہن پوش بہادر جو لوہے کے زنگ سے کالا پڑ گیا ہو۔

سَفَقَهُ (ن) سَفْقًا - طمانچہ مارنا۔ سَفَقَ البَابَ : دروازہ بھیڑنا۔

أَسْفَقَ - البَابَ : دروازہ بند کرنا — الحَائِكُ الثَّوْبَ : جلاہے کا کپڑے کو گف بننا۔

سَفُقَ (ک) سَفَاقَةً - الثَّوْبُ : کپڑے کا گف ہونا۔

إِنْسَفَقَ - البَابُ : دروازہ کا بھیڑا جانا۔

السَّفْقَةُ - طمانچہ - تھپڑ۔

السَّفِيقُ - گف کپڑا - رَجُلٌ سَفِيقُ الوَجْهِ : بے حیا مرد۔

السَّفِيقَةُ - سونے وغیرہ کا باریک تار۔ لکڑی کا چوڑا لمبا ٹکڑا جس پر چٹائی وغیرہ لپیٹی جاتی ہے۔

سَفَكَ (ض) سَفْكًا - المَاءَ او الدَّمَ : پانی یا خون بہانا — الكَلَامَ : بہت بولنا۔

سَفَّكَهُ - کسی کے سامنے سُفْكَة پیش کرنا۔ (دیکھئے سُفْكَةٌ)

إِنْسَفَكَ - گرنا - بہنا۔

السَّفُوكُ والسَّفَّاكُ - بہت خون گرانے والا - اور کہا جاتا ہے "سَفُوكٌ او سَفَّاكٌ بِالكَلَامِ" وہ بڑا جھوٹا ہے۔

السَّفِيكُ - گرایا ہوا - بہایا ہوا۔ رَجُلٌ (مِسْفَكٌ) بڑا باتونی مرد۔

السُّفْكَةُ - وہ چیز جو مہمان کے سامنے غذا سے پہلے دل بہلاؤ اور وقت گذاری کے لئے پیش کی جائے۔

سَفَلَ (ن) و سَفِلَ (س) و سَفُلَ (ک) سُفُولًا و سَفَالًا - پست ہونا - نیچا ہونا۔ حقیر ہونا۔ صفت (سَافِلٌ) ج سَافِلُونَ و سَفَلَةٌ و سُفَّلٌ و سُفَّالٌ و سُفْلَانٌ - (سَفُلَ (ک) سَفْلًا و سُفْلًا و سَفَالًا) فِي عِلْمِهِ او خُلُقِهِ : ادنیٰ ہونا (— سُفُولًا) فِي الشَّيْءِ : نیچے اترنا۔

سَافَلَهُ - نیچے اتارنا (سَافَلَهُ) کمینگی کے افعال میں مقابلہ کرنا۔

تَسَفَّلَ - آہستہ آہستہ نیچے اترنا۔

إِسْتَفَلَ - اترنا۔

السِّفْلُ والسُّفْلُ - پستی۔

السِّفْلَةُ والسُّفَالَةُ - سب سے نچلا حصہ۔ سُفَالَةُ كُلِّ شَيْءٍ : تہ - پیندا - (سِفْلَةُ القَوْمِ و سِفْلَتُهُمْ) ادنیٰ درجہ کے لوگ۔ سُفَالَةُ الرِّيحِ : ہوا کے چلنے کی نچلی جگہ۔

السَّفَالَةُ - کمینگی و خسّت۔

السَّافِلَۃُ - دُبُر - مِنَ الرُّمْحِ : نیزے کا نچلا حصہ - کہا جاتا ہے "نَاوَلَہُ الرُّمْحَ کَسَافِلَتِہٖ" سَافِلَۃُ النَّہْرِ : ندی کا نشیبی حصہ - کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِعَالِیَۃِ النَّہْرِ وَسَافِلَتِہٖ" میرا گذر ندی کی بلند و پست جگہ پر ہوا۔

الْاَسْفَلُ - پست تر - جمع اَسَافِلُ - کہا جاتا ہے "ثُمَّ رَدَدْنَاہُ اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ" ہم اُس کو پستی کی حالت والوں سے بھی پست تر کر دیتے ہیں۔

السُّفْلِیُّ وَالسُّفْلِیَّۃُ وَالسُّفُوْلُ ضد العُلْوِیِّ وَالعُلْوِیَّۃِ وَالعُلُوِّ۔

المَسْفَلَۃُ - پست تر - کہتے ہو "اَنَا اَسْکُنُ فِی عَلَاوَۃِ المَدِیْنَۃِ وَفُلَانٌ فِی سُفْلَتِہَا" میں شہر کے بالائی حصہ میں اور فلاں نشیبی حصہ میں رہتا ہے۔

سَفَنَتْ (ن) وَسَفِنَتْ (س) سَفْنًا - الرِّیْحُ : ہوا کا سطح زمین پر چلنا۔

سَفَنَ (ن) سَفْنًا - الشَّیْءَ : چھیلنا۔

سَفَّنَہٗ - تراشنا اور نرم کرنا۔

السَّفَنُ - کھُردری کھال جس کو تلوار کے قبضہ پر لگاتے ہیں - چوب تراشی کا اوزار۔

السَّافِنَۃُ وَالسَّفُوْنُ - مِنَ الرِّیَاحِ : سطح زمین پر چلنے والی ہوا - جمع سَوَافِنُ۔

السَّفِیْنُ - چھتی۔ (دخیل)

السَّافِنُ - باطن - پشت کی ایک لمبی رگ کا نام جو دل کی رگوں کے ساتھ متصل ہے۔

السَّفِیْنَۃُ - کشتی - جمع سُفُنٌ وَسَفِیْنٌ وَسَفَائِنُ و (السَّفَّانُ) کشتی ساز و (السِّفَانَۃُ) کشتی سازی سَفَائِنُ البَرِّ : اونٹ۔

السَّفَانَۃُ - موتی۔

المِسْفَنُ - چوب تراشی کا اوزار۔

سَفْنَجَ - جلدی کرنا — بِفُلَانٍ النَّقْدَ : جلدی دینا۔

السَّفَنْجُ وَالسِّفَنْجُ وَالسُّفِنْجُ - اسفنج مردہ بادل۔

السَّفَنَّجُ - تیز لمبا - مؤنث سَفَنَّجَۃٌ۔

الْاِسْفَانَاخُ - پالک کا ساگ۔

الْاِسْفِنْطُ وَالْاِسْفَنْطُ - خوشبودار انگوری شراب۔ (دخیل)

سَفَہَ (ن) سَفْہًا - الرَّجُلَ : گالی دینے میں غالب آنا - بیوقوفی پر برانگیختہ کرنا — یا بے وقوفی کی طرف نسبت کرنا — نَفْسَہٗ : ذلیل کرنا - اپنے آپ کو ہلکا سمجھنا - سَفِہَ نَصِیْبَہٗ اپنا حصہ بھولنا۔

سَفِہَ (س) سَفَہًا - غیر بردبار یا جاہل یا ردی اخلاق والا ہونا - صفت (سَفِیْہٌ) - جمع سِفَاہٌ وَسُفَہَاءُ - مؤنث سَفِیْہَۃٌ جمع سِفَاہٌ وَسَفَائِہُ وَسَفِیْہَاتٌ - سَفِہَتِ الطَّعْنَۃُ : جلدی خون بہنا - سَفِہَ الشَّرَابَ : بہت پینا — نَصِیْبَہٗ : اپنا حصہ بھولنا۔

سَفُہَ (ک) سَفَاہَۃً وَسَفَاہًا - جاہل ہونا - بے وقوف ہونا۔

سَفَّہَ - الرَّجُلَ : بیوقوف بنانا - بے وقوفی کی طرف نسبت کرنا - کہا جاتا ہے "سَفَّہَ الجَہْلُ حِلْمَہٗ" اس کی جہالت نے اس کی عقل کو طیش میں مبتلا کر دیا۔

سَافَہَہٗ - گالی گلوج کرنا — الدَّنَّ : مٹکے کے پاس بیٹھ کر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا - پینے میں زیادتی کرنا اور اٹکل سے بغیر اندازہ کے پینا۔

اَسْفَہَ - اللہُ فُلَانًا المَاءَ : بہت پلانا اور سیر نہ ہونے دینا۔

تَسَفَّہَ - الرَّجُلُ : بتکلف بیوقوف بننا۔ — الرِّیْحُ : ہوا کا غیر ہموار چلنا — الرِّیْحُ الغُصُوْنَ : شاخوں کو جھکا دینا — فُلَانًا عَنْ مَالِہٖ : فریب دینا۔

تَسَافَہَ - عَلَیْنَا : نادانی کرنا - جہالت کا سلوک کرنا۔

السَّفَہُ - مص جہالت - عدم بردباری - بد اخلاقی۔

السَّافِہُ - فا - بیوقوف - بہت پیاسا۔

وَادٍ (مُسْفَہٌ) بھری ہوئی وادی۔

المَسْفَہَۃُ - بہت پانی پلانے والی خوراک کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَسْفَہَۃٌ"۔

سَفَا یَسْفُوْ سُفُوًّا - تیز چلنا یا تیز اُڑنا۔

سَفِیَ (س) سَفًا وَسَفَاءً - پیشانی میں کم بال والا ہونا — الرَّجُلُ : بیوقوف ہونا - صفت (سَفِیٌّ) سَفِیَتْ یَدُہٗ : ہاتھ کا پھٹنا۔

اَسْفَی - بیوقوف ہونا — فُلَانًا : طیش پر آمادہ کرنا — بِہٖ : برائی کرنا - اَسْفَتِ النَّاقَۃُ : دبلی ہونا - اَسْفَی الزَّرْعُ : خوشہ کے خشک اطراف والی ہونا — الرِّیْحُ : ہوا کا چلنا —

سَافَی - الرَّجُلَ : گالی دینا - علاج کرنا۔

السَّفَا - پیشانی میں بالوں کی کمی - مٹی - دُبلاپن - ہر خاردار درخت - واحد (سَفَاۃٌ) و السَّفَا مِنَ السُّنْبُلِ : خوشہ کا خار۔

السِّفَاءُ - دوا۔

بَغْلٌ (اَسْفَی) - پیشانی میں کم بال والا خچر - تیز رفتار - مؤنث سَفْوَاءُ - رِیْحٌ سَفْوَاءُ : غیر ہموار تیز چلنے والی ہوا۔

سَفَی یَسْفِی سَفْیًا وَاَسْفَی اِسْفَاءً - سَفَتْ وَاَسْفَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ : خاک اُڑانا صفت (سَافِیَۃٌ) جمع سَافِیَاتٌ وَسَوَافٍ۔

سَفِیَ یَسْفَی سَفًا - التُّرَابُ : غبار اُڑنا۔

السَّافِیَاءُ - غبار۔

السَّفِیُّ - ہوا جس کو اُڑائے۔

السَّفِیْحُ - پراگندہ غبار۔

الْاَسْفَی - مِنَ الخَیْلِ : پیشانی میں کم بال والا گھوڑا - مؤنث سَفْیَاءُ جمع سُفْیٌ۔

المُسْتَفِی - چغل خور۔

سَقِبَتْ (س) سَقَبًا وَسُقُوْبًا - الدَّارُ : قریب ہونا۔

اَسْقَبَتِ النَّاقَۃُ : اکثر نر بچے جننا۔

تَسَاقَبَتْ - البُیُوْتُ : قریب قریب ہونا۔

السَّقْبُ - جمع اَسْقُبٌ وَسِقَابٌ وَسُقُوْبٌ

سُقْبَان: اونٹنی کا نوزائیدہ بچہ۔ اور مثل میں بولا جاتا ہے "أَذَلُّ مِنَ السُّقْبَانِ بَيْنَ الْحَلَائِبِ" دودھ دینے والی اونٹنیوں کے درمیان نوزائیدہ بچوں سے زیادہ ذلیل — ج سِقْبَان و (السَّقِيبَة) خیمہ کا ڈنڈا۔ السَّقْب: لمبی موٹی سرسبز شاخ۔ مَنْزِلٌ (سَقْبٌ) قریب منزل۔

السَّاقِب۔ فا۔ قریب۔ دور۔ (ضد)

المِسْقَب والمِسْقَاب۔ نوزائیدہ اونٹ کے بچے کی ماں۔ المِسْقَاب: اکثر نر بچے جننے والی اونٹنی۔

سَقَدَ (ض) سَقْدًا و سَقَّدَ و أَسْقَدَ۔ الفَرَسَ: دُبلا کرنا۔ چھریرا کرنا۔

السُّقْدَة۔ ج۔ سُقَد و (السُّقَيْدَة) ج سُقَيْدَات: سُرخ رنگ کا ایک پرندہ جس کو فارسی میں زورک کہتے ہیں۔

السُّقْدُد۔ دُبلا کیا ہوا گھوڑا۔ چھریرا کیا ہوا گھوڑا۔

سَقَرَتْ (ن) سَقْرًا۔ الشَّمْسُ: جھلسنا۔

أَسْقَرَتِ۔ النَّخْلَةُ: درختِ خرما سے شیرہ بہنا۔

السَّقَر۔ مع۔ شکر۔ شیرہ۔

سَقَر۔ دوزخ کا عَلَم (کلمۂ غیر منصرف ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَ (بِالسَّقَرِ) والبَقَرِ و بِبَنَاتِ غَيْرٍ" اس نے سفید جھوٹ کہا۔

السَّقْرَة۔ سُورج کی سخت تپش۔ ج سَقَرَات

السَّاقُور۔ گرمی۔ جانوروں کو داغنے کا لوہا۔

السَّقَّار۔ غیر مستحق کو بہت لعنت کرنے والا کافر۔ ج سَقَّارَة۔

سَقْسَقَ۔ الطَّائِرُ: بیٹ کرنا۔

سَقَطَ (ن) سُقُوطًا و مَسْقَطًا۔ گرنا کہا جاتا ہے "سَقَطَ مِنْ عَيْنِي" وہ میری آنکھوں سے گر گیا۔ یعنی حقیر ہو گیا۔ سَقَطَ فِي الْكَلَامِ: غلطی کرنا — النَّجْمُ: غائب ہونا — الحَرُّ: گرمی پڑنا — الحَرُّ عَنَّا: دور ہونا — عَلَى ضَالَّتِهِ: موقع بازیافت سے مطلع ہونا — القَوْمُ إِلَيَّ: نازل ہونا۔ اترنا — الوَلَدُ مِنْ بَطْنِ أُمِّهِ: نکل باہر آنا۔ سُقِطَ فِي يَدِهِ: نادم ہونا۔ کہتے ہیں۔ "عَلَى الْخَبِيرِ سَقَطْتَ" حقیقت کار کے جاننے والے کے پاس تم پہونچے۔

سُقِطَ و أُسْقِطَ۔ فِي يَدِهِ: لغزش کرنا۔ غلطی کرنا۔ نادم ہونا۔ حیران ہونا۔

سَاقَطَهُ سِقَاطًا و مُسَاقَطَةً۔ گرانا یا پے بہ پے گرانا — ہ الحَدِيثَ: باری باری گفتگو کرنا — الفَرَسُ الخَيْلَ: دوڑ میں سبقت کرنا — الفَرَسُ العَدْوَ: گھوڑے کا سست دوڑنا۔

أَسْقَطَهُ۔ گرانا۔ أَسْقَطَتِ الْمَرْأَةُ السِّقْطَ: عورت کا ناتمام بچہ گرانا — ہ بِالْكَلَامِ: گالی دینا۔ بیہودہ بات کہنا — الرَّجُلَ: کسی کے ساتھ ایسی کارروائی کرنا جس سے وہ حقیر ہو جائے کر کوئی غلطی کر بیٹھے یا جھوٹ بولے۔ یا اپنے راز کو ظاہر کر دے۔ کہا جاتا ہے "مَا أَسْقَطَ فِي كَلِمَةٍ" اس نے کسی کلمہ میں غلطی نہیں کی۔

تَسَقَّطَهُ۔ لغزشوں کو ڈھونڈھنا۔ — الخَبَرَ: تھوڑی تھوڑی خبر حاصل کرنا۔

تَسَاقَطَ و اسَّاقَطَ۔ الشَّيْءُ: پے بہ پے گرنا۔

السَّقَط۔ برف یا شبنم۔ لیم (—— و السِّقْط و السُّقْط) ناتمام بچہ جو وقت سے پہلے گر جائے۔ السِّقْط: خیمہ کا گوشہ۔ پرندہ کا بازو۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ الطَّائِرُ سِقْطَيْهِ" پرندہ نے اپنے دونوں بازو اٹھائے۔ بادل کا کنارہ جو زمین پر گرتا ہوا دکھائی دے۔

السَّقْطَة۔ زور سے گرنا۔ ٹھوکر۔ لغزش

السَّقَط۔ ناکارہ و بے برکت چیز۔ ردی سامان۔ رسوائی۔ تحریر یا قول یا حساب کی غلطی۔ ج أَسْقَاط۔

السَّاقِط۔ فا۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ ج سُقَّاط و سِقَاط۔ مؤنث سَاقِطَة۔

السَّاقِطَة۔ کم عقل کمینہ۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ ج سَوَاقِط۔

السِّقَاط۔ مع سَاقِط کی جمع۔ لغزش۔ وہ پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ پرندہ کا بازو

السُّقَاط و السُّقَاطَة۔ گری ہوئی چیز۔

السَّقُوط۔ گرا ہوا۔

السَّقِيط۔ بیوقوف۔ کم عقل۔ مؤنث سَقِيطَة۔ برف۔ شبنم۔ یخ۔ اولہ۔

السَّقَّاط۔ بہت گرنے والا۔ بہت تیز تلوار جو مقطوع سے پہلے زمین پر گرے۔ (—— و السَّقَطِيّ) ردی سامان بیچنے والا۔ کباڑیا۔

السَّقَّاطَة۔ بہت گرنے والی۔ سَقَّاطَةُ الْبَابِ عِنْدَ الْمُوَلَّدِينَ۔ دروازہ کی چٹخنی۔

المَسْقِط و المَسْقَط۔ گرنے کی جگہ۔ ج مَسَاقِط۔ مَسْقَطُ رَأْسِ الرَّجُلِ: جائے پیدائش۔ المَسْقَط: پرندہ کا بازو۔

المَسْقَطَة۔ گرنے کا سبب۔

مُسْقِطَةُ۔ الأَحْبَالِ: بڑی مصیبت۔

الأُمُّ (المِسْقَاط) ناتمام بچہ گرانیوالی ماں۔

السِّقْطِرِيّ۔ ماہر نقاد۔

سَقَعَهُ (ف) سَقْعًا۔ کسی کو تھپڑ مارنا۔ کسی سے سخت سست کہنا۔ کسی کے ساتھ برائی سے پیش آنا۔ سَقَعَ الدِّيكُ: مُرغ کا بانگ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِي أَيْنَ سَقَعَ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا۔

أُسْتُقِعَ۔ لَوْنُهُ: رنگ کا بدل جانا۔

السُّقْع۔ گھر۔ زمین کا گوشہ۔ ج أَسْقَاع۔

السِّقَاع۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے کا چیتھڑا۔ برقع۔ اونٹنی کی ناک کو باندھنے کی چیز۔ (—— و المِسْقَع) لغت ہے صِقَاع و مِصْقَع میں۔

الأَسْقَع۔ چڑیا کی مانند ایک پرندہ جس کا سر سفید اور پر سبز ہوتے ہیں اور جو پانی کے قریب رہتا ہے۔ ج أَسَاقِع۔ دشمنوا۔ اور حاسدوں

سے دُور رہنے والا۔
السَّوْقَعَۃُ۔ ثرید کے اوپر کا حصہ ــــ
مِنَ الرِّدَاءِ اَوِ الخِمَارِ اَوِ العِمَامَۃِ: وہ حصہ جو سر
سے متصل ہو اور جلدی سے میلا ہو جائے۔
السَّقَعْطَرِیُّ۔ لمبا آدمی یا اونٹ۔
السِّقْطِمُ۔ چوہیا۔
سَقَفَ (ن) سَقْفًا وسَقَّفَ۔
البَیْتَ: چھت ڈالنا۔
سَقُفَ (ن ن) سِقِّیْفٰی وسُقِیْفَ و
تَسَقَّفَ۔ بشپ بننا۔
اُسْقِفَ وسُقِّفَ۔ عَلَیْہِمْ: بشپ بنانا۔
سَقِفَ (س) سَقَفًا۔ جھکاؤ کے ساتھ
لمبا ہونا۔ صفت (اَسْقَفُ) مؤنث سَقْفَاءُ
جمع سُقْفٌ۔ سَقِفَتِ الرِّجْلُ: پاؤں کا دائیں
جانب کو جھکنا۔
السَّقْفُ۔ مِنَ البَیْتِ: چھت۔ جمع سُقُوْف
آسمان۔
السَّقِیْفُ۔ چھت۔ جمع سُقُفٌ وسُقْف
السَّقِیْفَۃُ۔ چھت پاٹنے کا پتھر یا تختہ۔
سونے یا چاندی کا لمبا و باریک تار۔ اونٹ کی
پسلی۔ جمع سَقَائِفُ۔ کہتے ہیں "ہَرَمَ السَّفَرُ
سَقَائِفَ البَعِیْرِ" سفر نے اونٹ کی پسلیوں کو
توڑ دیا۔ السَّقِیْفَۃُ: ڈیوڑھی۔
الاَسْقَفُ۔ موٹی اور لمبی ہڈیوں والا۔
ــــ مِنَ الجِمَالِ: بے بال والا اونٹ۔
مِنَ الظِّلْمَانِ: ٹیڑھی گردن والا اشتر مرغ۔
الاُسْقُفُّ۔ بشپ پادری۔ جس کا درجہ
قسیس سے اونچا اور مطران سے کم ہوتا ہے
مطران۔ جمع اَسَاقِفَۃٌ و اَسَاقِفُ (کلمہ
یونانی ہے)
الاُسْقُفِیَّۃُ۔ بشپ کا درجہ۔ بشپ کی
رعیت۔ بشپ کی جانب منسوب۔
المُسَقَّفُ۔ مقعر۔ لمبا۔
السَّقُوْقُ۔ آدمیوں کی غیبت کرنے والا۔
سَقَلَہٗ (ن) سَقْلًا۔ صیقل کرنا۔ آئینہ

وغیرہ کو جلا دینا۔
سَقِلَ (س) سَقَلًا۔ البَعِیْرُ: کمر میں ایک
جانب کو کجی والا ہونا۔
السُّقْلُ۔ کمر۔
السَّقِلُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: پتلی کمر والا امرد۔
ــــ مِنَ الخَیْلِ: پیٹھ میں کم گوشت والا
گھوڑا۔
السِّیْقِلُ والسَّیْقِلُ والاِسْقَالُ
والاِسْقِیْلُ۔ جنگلی پیاز۔
الاِسْقَالَۃُ۔ اونچی جگہ پر پہنچنے کے لئے
پاڑھ۔ جمع اَسَاقِیْلُ۔
سَقْلَبَ۔ پچھاڑنا۔
السَّقْلَبُ۔ علاقہ خزر کے باشندوں
کی ایک جماعت جو بعد میں یورپ کے ملکوں
میں پھیل گئی تھی۔ واحد (سَقْلَبِیٌّ) جمع سَقَالِبَۃٌ
السِّقْلَاطُ۔ چنبیلی۔ ایک اونی کپڑا ہے
جس کو عورتیں ہودہ پر ڈالتی ہیں۔ کتان کا
منقش کپڑا جس پر انگوٹھی کا سا نقش ہو۔
سَقِمَ (س) وسَقُمَ (ک) سَقَمًا وسُقْمًا
وسَقَامًا وسَقَامَۃً۔ بیمار ہونا۔ یا دیر تک
بیمار رہنا۔ صفت (سَقِیْمٌ) جمع سِقَامٌ وسُقَمَاءُ
اَسْقَمَہٗ وسَقَّمَہٗ۔ بیمار ڈالنا۔ واَسْقَمَ
الرَّجُلُ: بیمار گھر والا ہونا۔
السَّقَمُ والسُّقْمُ۔ جمع اَسْقَامٌ و(السَّقَامُ)
بیماری۔
السَّقِمُ والسَّقِیْمُ۔ بیمار۔ کَلَامٌ سَقِیْمٌ:
نادرست کلام۔ مَکَانٌ سَقِیْمٌ: خوفناک جگہ۔
کہا جاتا ہے: "ہُوَ سَقِیْمُ الصَّدْرِ عَلٰی اَخِیْہِ" وہ اپنے
بھائی سے کینہ رکھتا ہے۔
المِسْقَامُ۔ بکثرت بیمار رہنے والا۔
اَرْضٌ (مَسْقَمَۃٌ) بہت بیماریوں والی زمین۔
السَّقَمُوْنِیَا۔ ایک دوا کا نام۔
اَسْقَنَ۔ سَیْفَہٗ: تلوار کو پورے طریقے
سے صیقل کرنا۔
الاَسْقَانُ۔ باریک کریں۔

السَّقَنْقُوْرُ۔ ایک جانور کا نام ہے۔
سَقٰی (ض) سَقْیًا۔ الرَّجُلَ: پلانا۔ کسی سے
"سَقَاکَ اللّٰہُ یا سَقْیًا لَکَ" کہنا۔ عیب لگانا
غیبت کرنا ــــ الثَّوْبَ: گہرا رنگنا۔
سَقَاہُ اللّٰہُ الغَیْثَ: بارش بھیجنا ــــ بَطْنُہٗ:
بیماری کی وجہ سے پیٹ میں پانی جمع ہونا۔
سُقِیَ۔ قَلْبُہٗ عَدَاوَۃً: دل کا دشمنی سے
بھرپور ہونا ــــ بَطْنُہٗ: بیماری کی وجہ سے
پیٹ میں پانی جمع ہونا۔
سَقّٰی تَسْقِیَۃً۔ الرَّجُلَ: بہت پلانا۔
کسی سے "سَقْیًا لَکَ" کہنا ــــ الثَّوْبَ:
کپڑے کو بار بار رنگ میں ڈبونا۔
اَسْقٰی اِسْقَاءً۔ الرَّجُلَ: پانی پینے کیلئے
دینا۔ پانی کی طرف رہنمائی کرنا۔ جانوروں کو یا
زمین کو سیراب کرنا۔ کسی سے "سَقَاکَ اللّٰہُ
یا سَقْیًا لَکَ" کہنا۔ اَسْقَاہُ اللّٰہُ الغَیْثَ:
بارش بھیجنا۔ اَسْقٰی فُلَانًا: عیب لگانا۔ غیبت کرنا۔
سَاقَاہُ وتَسَاقَیَا۔ ایک دوسرے کو پلانا۔
وسَاقَاہُ فِیْ اَرْضِہٖ: کسی کو زمین کی دیکھ بھال
کے لئے مقرر کرنا اس شرط پر کہ زمین کا
کچھ غلہ لے گا۔ اور اسی سے شرکۃ مُسَاقَاۃ ہے
تَسَقّٰی تَسَقِّیًا۔ سیراب ہونا۔ کہا جاتا ہے
"تَسَقَّی الصِّبْغَ" اس نے رنگ کو جذب کر لیا۔
اِسْتَقٰی اِسْتِقَاءً واسْتَسْقٰی۔
اِسْتِسْقَاءً۔ مِنْہُ: کسی سے پانی طلب کرنا
اِسْتَقٰی مِنَ النَّہْرِ۔ دریا سے پانی لینا۔ واِسْتَسْقٰی
الرَّجُلُ: بیماری کی وجہ سے پیٹ و جسم میں
پانی جمع ہونا۔ قے کرنا۔ اِسْتَسْقَی الرَّجُلَ: کسی
سے "سَقَاکَ اللّٰہُ یا سَقْیًا لَکَ" کہنا۔
السِّقْیُ والسِّقٰی۔ وہ پانی جو مرض کی وجہ
سے پیٹ میں جمع ہو جائے۔ السِّقْیُ: سیراب
کی ہوئی کھیتی یا زمین۔ پانی کا حصہ۔ کہا جاتا ہے
"کَمْ سِقْیُ اَرْضِکَ" تمہاری زمین کے لئے پانی
کا کتنا حصہ ہے۔ بادل۔ جمع اَسْقِیَۃٌ۔
سَقْیًا وسُقْیًا۔ لِفُلَانٍ: دعا کے موقع پر

بولتے ہیں۔ تقدیرِ عبارت یہ ہے: "سَقَاهُ اللّٰهُ سُقْيًا" اللہ اس کو سیراب کرے۔
السِقَاءُ۔ مشک۔ ج اَسْقِيَةٌ واَسْقِيَاتٌ و اَسَاقٍ۔
السِقَايَةُ والسَقَايَةُ۔ پانی پلانے کی جگہ پانی پینے کا برتن (— والسُقَايَةُ) پانی جمع کرنے کی جگہ۔ حوض۔
السَاقِي۔ فا۔ ج سُقَاةٌ و سَاقُونَ وسُقَّاءٌ و سُقِيٌّ۔
السَاقِيَةُ۔ الساقی کا مؤنث۔ چھوٹی ندی ج سَوَاقٍ وسَاقِيَاتٌ۔
السُقْيَا۔ اَلسَقْيُ والاِسْتِسْقَاءُ کا اسم۔
السَقِيُّ۔ دریاؤں کے پانی سے سیراب کیا ہوا۔ تیز بارش والا بادل۔ درخت خرما اور بردی۔ واحد (سَقِيَّةٌ)
السَقَّاءُ۔ بہت پلانے والا۔ مؤنث سَقَّاءَةٌ وسَقَّايَةٌ۔
الاِسْتِسْقَاءُ۔ پانی طلب کرنا — عِنْدَ الشَرْعِ: پانی طلب کرنے کیلئے نماز پڑھنا۔ اور دعا کرنا — عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: ایک بیماری کا نام
المَسْقَى۔ سیرابی کا وقت۔
المَسْقَوِيُّ۔ دریا کے پانی سے سیراب کی ہوئی کھیتی۔ (اور مَظْمَائِيٌّ بارش کے پانی سے سیراب کی ہوئی)
المِسْقَاةُ والمَسْقَاةُ۔ پانی پلانے کی جگہ
سَكَّ (ن) سَكًّا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ دروازے میں لوہے کی پتی لگانا — البِئْرَ: کنواں کھودنا — اُذُنَهُ: کان کو جڑ سے اکھیڑنا — النَعَامُ بِذَرْقِهِ: پتلی بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے: "مَا سَكَّ سَمْعِي مِثْلُ ذٰلِكَ الكَلَامِ" اس جیسی گفتگو میرے کانوں میں نہیں پڑی و "لَيْسَ بِسَكَّةٍ" تو کہاں جاتا ہے۔
سَكَّ (س) سَكَكًا۔ چھوٹے کانوں والا ہونا۔ صفت (اَسَكُّ) مؤنث سَكَّاءُ ج سُكٌّ کہتے ہیں "كُلُّ سَكَّاءَ تَبِيضُ وَكُلُّ شَرْفَاءَ تَلِدُ" ہر چھوٹے کان والی انڈے دیتی ہے اور ہر بڑے کان والی بچے جنتی ہے۔
اِسْتَكَّ اِسْتِكَاكًا۔ النَبْتُ: گنجان ہونا اِسْتَكَّتِ المَسَامِعُ: بہرا ہونا۔ البَيْتُ: بند کھڑکی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے: "مَا اسْتَكَّ فِي مَسَامِعِي مِثْلُهُ" میرے کانوں میں اس جیسی بات نہیں پڑی۔
السَكُّ والسُكُّ ج سِكَاكٌ وسُكُوكٌ: تنگ منہ کا کنواں۔ تنگ حلقوں والی زرہ۔ بند راستہ۔ السُكُّ: کیل۔ سیدھی و درست عمارت۔ السُكُّ: بدطبیعتی۔ بچھو کا سوراخ مکڑی۔ ایک قسم کی خوشبو۔ کہا جاتا ہے: "ضَرَبُوا بُيُوتَهُمْ سِكَاكًا" انھوں نے اپنے مکانات ایک قطار میں بنائے۔
السَكَكُ۔ مص۔ بہرا پن۔
السُكَّاءُ۔ تنگ حلقوں والی زرہ۔
السِكَّةُ۔ سیدھا راستہ۔ ہل کا پھار۔
السِكَّةُ۔ درختوں کی قطار۔ سکہ ڈھالنے کا سانچہ۔ پیغام رساں کا گھر۔ ج سِكَكٌ۔
اَصْحَابُ السِكَكِ: وہ وظیفہ یاب پیغام رساں جو اہم امور کے لئے بھیجے جاتے تھے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَنْصَبُ السِكَّةَ" فلاں سب کی عقل کی وجہ سے ایک پر نہیں ٹھہرتا۔
السِكِّيُّ۔ دینار۔ قاصد۔
السَكِّيُّ۔ کیل۔
السُكَاكُ۔ فضائے آسمانی۔ تیر میں پر کی جگہ۔
السُكُوكُ۔ تنگ منہ والا کنواں۔
السُكَاكَةُ۔ فضائے آسمانی۔ خودرائے چھوٹے کان والا۔
السَكَّاكُ۔ سکہ ساز۔
السَكَّاكَةُ۔ مسافرین۔
سَكَبَ (ن) سَكْبًا وتَسْكَابًا۔ المَاءَ ونَحْوَهُ: پانی وغیرہ بہانا۔ گرانا۔
سَكَبَ (ن) سُكُوبًا وانْسَكَبَ۔ المَاءُ: پانی بہنا۔
تَسَاكَبَ۔ الدَمْعُ: آنسو بہنا۔
السَكْبُ۔ مص۔ لگاتار بارش — مِنَ الخَيْلِ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ مَاءٌ سَكْبٌ: بہنے والا پانی۔ اَمْرٌ سَكْبٌ: امر لازم۔ رَجُلٌ سَكْبٌ: سبک روح چست و پھرتیلا مرد۔ (— والسُكْبُ) تانبا یا سیسہ۔ السَكَبُ: ایک خوشبودار درخت۔ واحد (سَكَبَةٌ)۔ السَكَبَةُ: سرکی بھوسی۔
السَكْبَةُ۔ سَكَبَ کا اسم مرۃ: کپڑے کا گول ٹکڑا جو سر کے لئے قطع کیا جائے۔ باریک جھلی جو جنین کے چہرے پر ہوتی ہے۔
السَاكِبُ والسَكُوبُ والسَكِيبُ و الاُسْكُوبُ۔ بہنے والا۔
الاُسْكُوبُ۔ لگاتار بارش۔ موچی۔ لوہار درخت خرما کی ایک قطار — مِنَ البَرْقِ: زمین کی جانب کوندنے والی بجلی۔
الاِسْكَافُ۔ موچی۔
الاُسْكُوبَةُ والاِسْكَابَةُ۔ لکڑی کا ٹکڑا جس کو مشک کے شگاف میں ڈال کر اس پر کچھ باندھ دیتے ہیں تاکہ اس میں سے کچھ نہ نکلے۔
الاُسْكُبَّةُ۔ چوکھٹ۔
المَسْكَبَةُ۔ بہانے یا بہنے کی جگہ۔ ج مَسَاكِبُ
السِكْبَاجُ۔ سالن جو سرکہ گوشت اور خوشبودار مسالہ سے تیار کرتے ہیں۔
سَكَتَ (ن) سَكْتًا وسُكُوتًا وسُكَاتًا وسَاكُوتَةً۔ چپ رہنا۔ مرنا — الغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا — الحَرُّ: ہوا رکنے کے ساتھ گرمی تیز ہونا — الحَرَكَةُ: ٹھہرنا۔
سُكِتَ۔ سکتہ لاحق ہونا۔ صفت (مَسْكُوتٌ)
اَسْكَتَ۔ کلام منقطع ہونا — عَنِ الشَيْءِ: اعراض کرنا (اَسْكَتَهُ وسَكَّتَهُ) چپ کرانا۔

سَاکَتَہٗ فَسَکَتَہٗ ۔ چُپ رہنے میں مقابلہ کرنا اور غالب رہنا۔

السَّکْتَۃُ ۔ ایک مشہور بیماری کا نام جس میں سارے اعضاء بے حس و حرکت ہو جاتے ہیں۔ سَکَتَ کا اسم۔

السُّکْتَۃُ ۔ برتن میں باقی ماندہ ۔ بچہ وغیرہ کو چُپ کرانے کی چیز۔ سَکَتَ کا اسم۔

السِّکْتَۃُ ۔ بچہ وغیرہ کو چُپ کرانے کی چیز۔

السُّکَات ۔ مع ۔ ایک بیماری جو بولنے سے روک دیتی ہے۔ السُّکَات مِنَ الحَیَّات : وہ سانپ جو بے خبری میں ڈس لے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَلٰی سُکَاتِ الْاَمْرِ" وہ کام کے پورا کرنے کے قریب ہے (۔۔۔ والسُّکَاتِیَّۃُ) مِنَ الْجَوَابِ : خاموش کر دینے والا جواب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِسُکَاتِہٖ وَصُمَاتِہٖ" اس نے اس کو خاموش کر دیا

السِّکِّتُ والسَّکُوْتُ والسَّاکُوْتُ و السَّاکُوْتَۃُ والسِّکِّیْتُ والسُّکَیْتُ و السُّکَیْتُ ۔ بہت چپ رہنے والا۔

السُّکَیْتُ : گھوڑ دوڑ کے میدان کا آخری گھوڑا۔

اَسْکَاتٌ ۔ القَوْمِ : قوم کے اوباش لوگ

الشَّیْءُ : چیز کا بقیہ ۔ گرمی کے آخر کے معتدل ایام۔

المُسَکِّتُ ۔ جوئے کے کھیل کا آخری تیر۔

سَکَرَ (ن) سَکْرًا ۔ الإِنَاءَ : برتن بھرنا۔ ۔۔۔ النَّهْرَ : دریا میں بند لگانا ۔۔۔ البَابَ : دروازہ بند کرنا ۔۔۔ (سُکُوْرًا و سَکَرَانًا) الرِّیْحُ : ہوا کا رُک جانا ۔۔۔ الحَرُّ : گرمی کا کم ہو جانا۔ (۔۔۔ وسُکِرَ و سُکِّرَ) بَصَرُہٗ : نگاہ دھندلی ہونا

سَکِرَ (س) سَکَرًا ۔ الحَوْضُ : حوض کا بھر جانا ۔۔۔ الرَّجُلُ عَلَیْہِ : غضبناک ہونا (۔۔۔ سُکْرًا و سُکْرًا و سُکُرًا و سَکَرًا و سَکْرَانًا) مِنَ الشَّرَابِ : مست ہونا ۔ مدہوش ہونا ۔ صفت مذکر (سَکِرٌ و سَکْرَانُ) و صفت مؤنث (سَکِرَۃٌ و سَکْرٰی و سَکْرَانَۃٌ) ج سَکْرٰی و سَکَارٰی و سُکَارٰی۔

سَکَّرَہٗ ۔ گلا گھونٹنا ۔۔۔ البَابَ : دروازہ بند کرنا۔

اَسْکَرَہٗ ۔ الشَّرَابُ : مدہوش کرنا ۔ مست کرنا

تَسَاکَرَ ۔ مستی ظاہر کرنا ۔ نشہ آور چیز استعمال کرنا۔

السَّکَرُ ۔ شراب اور ہر نشہ آور چیز ۔ سرکہ۔

السِّکْرُ ۔ دریا کا بند ۔ جس چیز سے دریا کو بند کیا جائے ۔ ج سُکُوْرٌ۔

السُّکْرُ ۔ مع ۔ نشہ ۔ مستی۔

سَکْرَۃٌ ۔ المَوْتِ او الہَمِّ : موت یا غم کی سختی ۔ ج سَکَرَات۔

السَّکْرَکَۃُ ۔ ایک قسم کا دانہ جو گیہوں کے کھیت میں ہوتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔

السُّکُرْکَۃُ ۔ شُکْر (سُکُرْکَۃٌ) اس سے خاص ہے

السَّاکِرُ ۔ فا ۔ لَیْلٌ سَاکِرٌ : بے ہوا والی رات مؤنث ۔ سَاکِرَۃٌ۔

السَّکَّارُ ۔ نشہ آور چیزوں کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

السِّکِّیْرُ والسَّکُوْرُ والمِسْکِیْرُ ۔ بہت نشے والا۔

السَّیْکَرَانُ ۔ ایک قسم کی گھاس جو ہمیشہ سبز رہتی ہے اور اس کے دانہ کو کھایا جاتا ہے۔

السُّکُرُّجَۃُ والسُّکُرُّجَۃُ ۔ چھوٹی پیالی

سَکْسَکَ ۔ کمزور ہونا ۔ دلیر ہونا۔

تَسَکْسَکَ ۔ اِلَیْہِ : عاجزی کرنا۔

سَکَعَ و سَکِعَ (ن س) سَکْعًا و سَکَعًا ۔ لاعلمی میں پھرنا ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ سَکَعَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔

تَسَکَّعَ ۔ فِیْ اَمْرِہٖ اَوْ سَیْرِہٖ : حیران پھرنا ۔ مدت تک باطل میں رہنا ۔۔۔ الظُّلْمَۃَ : اندھیرے میں ٹامک ٹوئیاں مارنا۔

السَّاکِعُ ۔ فا ۔ (۔۔۔ و السُّکَعُ) مرد مسافر اجنبی۔

رَجُلٌ (سُکَعٌ) متحیر مرد ۔ السُّکَعُ : ایک قسم کی نباتات۔

المَسْکَعَۃُ ۔ وہ معاملہ جس میں کوئی تدبیر سجھائی نہ دے۔

اَرْضٌ (مُسْکِعَۃٌ) بغیر کسی علامت و نشان کے زمین۔

سَکِفَ ۔ (س) سَکَفًا ۔ البَابَ : دروازہ میں چوکھٹ لگانا۔

تَسَکَّفَ ۔ البَابَ : چوکھٹ پر قدم رکھنا۔

اَسْکَفَ ۔ موچی بننا۔

السَّاکِفُ ۔ فا ۔ دروازہ کے اوپر والی لکڑی جو دہلیز کے مقابل ہوتی ہے۔

الأُسْکُفَّۃُ ۔ مِنَ العَیْنِ : پلکوں کے اُگنے کی جگہ ۔ بانچلا پوٹا ۔ کہا جاتا ہے "وَقَفَتِ الدَّمْعَۃُ عَلٰی اُسْکُفَّۃِ عَیْنِہٖ" آنسو اس کی آنکھوں میں پلک اُگنے کی جگہ ٹھہر گیا۔

الأُسْکُفَّۃُ والأُسْکُوْفَۃُ ۔ دہلیز۔

الأَسْکَفُ والإِسْکَافُ والأُسْکُوْفُ والسَّکَّافُ والسَّیْکَفُ ۔ موچی ۔ (الإِسْکَافَۃُ) موچی کا پیشہ۔

الإِسْکَلُ ۔ ایک قسم کی بڑی سیاہ مچھلی ۔ ج اَسْکَالٌ و سُکُوْلٌ۔

سَکَمَ (ن) سَکْمًا ۔ کمزوری سے چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ۔ صفت (سَکِیْمٌ)

الإِسْکِیْمُ ۔ راہب کا کپڑا ۔ یا راہب کا سر پر ڈالنے کا کپڑا ۔ (کلمہ معرب ہے)

سَکَنَ (ن) سُکُوْنًا ۔ ٹھہرنا ۔۔۔ اِلَیْہِ : آرام لینا ۔۔۔ عَنْہُ الوَجَعُ : درد کا دور ہونا ۔۔۔ الحَرْفُ : بغیر حرکت کے ہونا ۔ جزم والا ہونا ۔ (۔۔۔ سَکَنًا و سُکْنٰی) الدَّارَ وفِی الدَّارِ : اقامت کرنا ۔ رہنا۔ صفت (سَاکِنٌ) ج سُکَّانٌ و سَاکِنُوْنَ۔

سَکُنَ (ن) سُکُوْنًا و سَکَنَ (ک) سَکَانَۃً) مسکین ہونا۔

سَکَّنَ ۔ المُتَحَرِّکَ : ٹھہرانا ۔۔۔ الحَرْفَ : جزم دینا۔

سَاکَنَہٗ ۔ فِی دَارٍ وَاحِدَۃٍ : ساتھ بود و باش کرنا

أَسْكَنَ - الرَّجُلُ: مسکین ہونا ــــ ہ: غریب و مسکین بنانا ــــ ہ الدَّارَ: کسی کو بُود و باش کرانا ــــ الفَقْرُ فُلَاناً: بے حرکت بنانا۔

تَسَكَّنَ و تَمَسْكَنَ: مفلس و مسکین ہونا تَسَكَّنَ: مطمئن و صاحب وقار ہونا۔ (سکینہ سے ماخوذ ہے)

تَسَاكَنُوا - فِي الدَّارِ: باہم مل کر رہنا۔

اِسْتَكَانَ اِسْتِكَانَةً و اِسْتَكَنَ - ذلیل و عاجز ہونا۔

السَّكْنُ - گھر والے - گھر۔

السَّكَنُ - آگ - رحمت - برکت - ہر وہ چیز جس سے اُنس حاصل کیا جائے - الأَسْكَانُ کا واحد بمعنی غذا و خوراک (ــــ و السُّكْنَىٰ) رہنے والا - رہنے کی جگہ۔

السَّكِنَةُ - سر اور گردن کے اتصال کی جگہ ج سَكِنَات - اور کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُمْ عَلَىٰ سَكِنَاتِهِمْ" میں نے اُن کو اُن کی حالتِ سابقہ پر چھوڑ دیا۔

السَّكِينَةُ - وقار - اطمینان - ہیبت۔

السُّكَيْنُ - ہلکا - پھلکا تیز رفتار گدھا۔

السُّكَيْنَةُ - گدھی۔

السُّكُونُ - عدم حرکت - آرام - جزم۔

السُّكَّانُ - مِنَ السَّفِينَةِ: پتوار ج سُكَّانَات

السِّكِّينُ - چھری - ج سَكَاكِين - و السَّكَّانُ چھری بنانے والا۔

السِّكِّينَةُ - چھری - اطمینان - وقار۔

المَسْكِنُ و المَسْكَنُ - گھر - مکان - منزل ج مَسَاكِن۔

المَسْكَنَةُ - فقیری - ذلت - کمزوری۔

المِسْكِينُ - وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو یا وہ شخص جس کے پاس اتنا نہ ہو جو اس کے عیال کے لئے کافی ہو - ذلیل و مغلوب - ج مِسْكِينُون و مَسَاكِين مؤنث مِسْكِين و مِسْكِينَة

سَلَّ (ن) سَلًّا و اِسْتَلَّ - الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: کسی چیز میں سے آہستہ آہستہ نکالنا ــــ السَّيْفَ: تلوار سونتنا - کہا جاتا ہے۔

"اِنْسَلَّ فُلَانٌ بِكَذَا" فلاں شخص فلاں چیز کو چپکے سے لے گیا۔

سَلِعَ (س) سَلَعًا - گرے ہوئے دانتوں والا ہونا - صفت مذکر (أَسَلُّ) و صفت مؤنث (سَلَّاءُ)

سُلَّ - سِل کی بیماری میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا صفت (مَسْلُول)

أَسَلَّ إِسْلَالًا - اللّٰهُ فُلَانًا: سِل کی بیماری میں مبتلا کرنا ــــ الشَّيْءَ: چپکے سے چرانا

تَسَلَّلَ و اِنْسَلَّ - مِنَ الزِّحَامِ: بھیڑ میں چپکے سے کھسک جانا - کہا جاتا ہے "اِنْسَلَّ قِيَادُ الفَرَسِ مِنْ يَدِهِ" اس کے ہاتھ سے گھوڑے کی رسی نکل گئی۔

السَّلُّ - مص - عطر فروشوں کا ڈبہ - ج سِلَال

السِّلُّ و السُّلُّ و السُّلَال - لاغری سِل کی بیماری۔

السَّلَّةُ - پوشیدہ چوری - سِل کی بیماری حوض کا نقص - ٹوکری عطر فروشوں کا ڈبہ - ج سِلَال - کہا جاتا ہے - "أَتَيْنَاهُمْ عِنْدَ السَّلَّةِ وَعِنْدَ السِّلَّةِ" یعنی ان کے پاس ہم تلوار کھینچنے کے وقت پہونچے (سَلَّة بالفتح اسم مرۃ اور سِلَّة بالکسر اسم نوع ہے) و فَرَسٌ سَرِيعُ السَّلَّةِ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

السَّلِيلُ - کھینچا ہوا - سونتا ہوا - ولد - کہا جاتا ہے "هُوَ سَلِيلُ الأَكَارِمِ" وہ بزرگوں کی اولاد ہے - خالص شراب - حرام مغز - کوہان وادی میں پانی بہنے کی جگہ - گھوڑے کا مغز بچھیرا - ج سُلَّان۔

السَّلِيلَةُ - بیٹی - پیٹھ کے گوشت کا لمبا ٹکڑا - ایک قسم کی لمبی مچھلی۔

السُّلَالَةُ - کسی چیز سے نکالا ہوا - خلاصہ نسل و ولد - کہا جاتا ہے "هُوَ سُلَالَةٌ طَيِّبَةٌ و مِنْ سُلَالَةٍ طَيِّبَةٍ"

السَّالُّ - فا - چور - وادی میں پانی بہنے کی تنگ جگہ - ج سُلَّان و سَوَالّ۔

السَّلَّال - ٹوکری بنانے والا - چور۔

الأَسَلُّ - چور۔

المِسَلَّةُ - سوجا - ج مَسَالّ و مِسَلَّات و مَسَالّ فِرْعَوْن: لمبا مربع ستون جو فراعنہ کی یادگار ہیں۔

سَلَأَ (ف) سَلْأً و اِسْتَلَأَ - السَّمْنَ: گھی صاف کرنا - سَلَأَ السِّمْسِمَ: تل سے تیل نکالنا - کہا جاتا ہے "سَلَأَهُ مِائَةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے - سَلَأَ الجِذْعَ: تنے سے کانٹے دور کرنا۔

السِّلَاءُ - سَلَأَ کا اسم - صاف کیا ہوا گھی ج أَسْلِئَة۔

السُّلَّاءُ - کھجور کے درخت کا کانٹا۔ واحد (سُلَّاءَةٌ) درخت خرما کے کانٹے کی مانند تیر کا پھل - ایک قسم کا پرندہ۔

سَلَبَ (ن) سَلْبًا و سَلَبًا - الشَّيْءَ: زبردستی چھیننا ــــ القَصَبَةَ أَوِ الشَّجَرَةَ: چھیلنا ــــ السَّيْفَ: تلوار ننگی کرنا - صفت (سَالِبٌ) ج سُلَّاب و سَالِبُون مؤنث سَالِبَةٌ - ج سَالِبَات و سَوَالِب (ــــ و اِسْتَلَبَهُ) - ثَوْبَهُ: کپڑے کو چھین لینا۔

سَلِبَ (س) سَلَبًا - ماتم کے کپڑے پہننا

أَسْلَبَتْ - الشَّجَرَةُ: پتے یا پھل گر جانا۔ (ــــ و سَلَبَتْ) النَّاقَةُ أَوِ المَرْأَةُ: مرے ہوئے بچے والی ہونا یا ناتمام بچہ گرانا - صفت (سَلِيب و سَلُوب) ج سُلُبٌ و سَلَائِب و (سَالِبٌ و سَلَبٌ و مُسْلِبٌ و مُسْلَبٌ)

اِنْسَلَبَ - بہت تیز چلنا (اس کو عموماً ناقہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

السَّلْبُ - مص - ہلکی تیز چال - فَرَسٌ سَلْبُ القَوَائِمِ: پتلی ٹانگوں والا گھوڑا۔

السَّلَبُ - چھینی ہوئی چیز - تم کہتے ہو "أَخَذَ سَلَبَ القَتِيلِ" اس نے مقتول کے سامان کو لیا ج أَسْلَاب - لمبا درخت ــــ الذَّبِيحَةِ: ذبح شدہ جانور کا چمڑا یا کچھ اور پیٹ۔

—— مِنَ القَصَبَۃِ: نرکل کا چھلکا۔ السَّلَبُ: درخت کا ریشہ یا چھلکا جس سے رسّیاں بنائی جاتی ہیں۔

السَّلْبُ۔ لمبا۔ ہلکا۔

السُّلْبَۃُ۔ بر ہنگی۔

السَّلَّابُ۔ بہت چھیننے والا۔ رسّیوں کے لئے درخت سے ریشے نکالنے والا۔

السَّلَّابَۃُ والسَّلَبُوتُ۔ بہت چھیننے کا عادی (یہ مذکر مؤنث دونوں کے لئے ہیں)

السِّلَابُ۔ ماتمی سیاہ لباس۔ کہتے ہو "لَبِسَتِ الثَّکْلَیٰ السِّلَابَ" گم کردہ فرزند عورت نے ماتمی لباس پہنا۔ ج سُلُبٌ۔

السِّلْبُ۔ ہل کا ہتھا۔

السَّلِيْبُ۔ عقل یا مال کھویا ہوا۔ شَجَرَۃٌ سَلِيْبٌ: درخت جس کی شاخیں اور پتے دور کر دیئے گئے ہوں۔ ج سَلْبَیٰ۔

الأُسْلُوْبُ۔ طریقہ۔ راستہ۔ روش۔ ج أَسَالِيْبُ۔ الأُسْلُوْبُ: ناک کی بلندی اور اسی سے ہے "أَنْفُہُ فِي أُسْلُوْبٍ" اس کی ناک دائیں بائیں نہیں ہوتی۔ متکبر و مغرور کے لئے کہا جاتا ہے۔

سَلَتَ (ض ن) سَلْتًا۔ المِعَیٰ: آنتوں کو ہاتھ سے نکالنا —— الشَّعْرَ او الرَّأْسَ: بال یا سر مونڈنا —— المَرْأَۃُ الخِضَابَ عَنْ يَدِهَا: —— چھڑا دینا۔ اتار دینا —— الشَّيْءَ: کاٹنا۔ —— ہ کوڑے مارنا جیسے "سَلَتَہٗ مِائَۃَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے —— بِسَلْحِہٖ: بیٹ کرنا (—— واسْتَلَتَ) القَصْعَۃَ: پیالہ کو انگلی سے چاٹنا۔

اِنْسَلَتَ۔ چپکے سے بے خبری میں نکل جانا

السُّلْتُ۔ جو یا بغیر چھلکے کا جو۔

السُّلَاتَۃُ۔ وہ چیز جو دور کی جائے۔ یا نکال جائے۔ پیالہ کو صاف کرنے کے لئے انگلی سے جو چاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ "ذَہَبَ مِنِّي فَلْتَۃً و(سَلْتَۃً) وہ مجھ سے آگے بڑھ گیا۔

الأَسْلَتُ۔ وہ شخص جس کی پوری ناک کٹ گئی ہو۔ مؤنث سَلْتَاءُ ج سُلْتٌ۔ اِمْرَأَۃٌ سَلْتَاءُ: مہندی نہ لگانے والی عورت۔

المَسْلُوْتُ۔ مفع۔ سر مونڈا ہوا۔ جس سے گوشت علیحدہ کر دیا گیا ہو۔

السِّلْتِمُ۔ بلا۔ سختی۔ بھوت۔ سخت قحط سالی۔ بہت بوڑھا اونٹ۔ تھوڑی اور حقیر چیز۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا أَصَابَ مِنْہُ سِلْتِمًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

السِّلْتِيْنُ۔ کھجور کا درخت کہ جس کے ارد گرد گڑھا کھود دیا گیا ہو تاکہ اس میں پانی ٹھہر جائے۔

سَلِجَ (س) سَلْجًا وسَلَجَانًا۔ اللُّقْمَۃَ: لقمہ نگلنا (—— وسَلَجَتْ (ن) سُلُوْجًا۔ الإِبِلُ: سَلَجٌ گھاس کے چرنے سے پیٹ چلنا۔ سَلَجَ الفَصِيْلُ النَّاقَۃَ: دودھ پینا۔

تَسَلَّجَ۔ الطَّعَامَ: آسانی سے نگلنا۔

(—— واسْتَلَجَ) الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا۔

السَّلَجُ۔ مص۔ عطیہ۔

السُّلَجَۃُ۔ سمندر کی سیپی۔ ج سُلَجٌ۔

السُّلَّجُ۔ ایک قسم کی گھاس جس کو اونٹ چرتا ہے۔ ج سَلَالِيْجُ۔

السِّلِجَّانُ۔ حلق۔

السَّلِيْجَۃُ۔ مِنَ الأَکْلِ: لذیذ کھانا جو آسانی سے نگلا جائے۔

السَّلَجْلَجُ والسُّلَجْلِجُ۔ مِنَ الطَّعَامِ: خوش مزہ خوراک۔

السَّلْجَمُ۔ شلغم۔ گھنی ڈاڑھی لمبے جبڑوں والا سر۔ بہت پانی والا پرانا کنواں (—— والسَّلَاجِمُ) لمبا گھوڑا یا تیر کا لمبا پھل یا لمبا آدمی۔ بوڑھا اونٹ۔ ج سَلَاجِمُ۔

سَلَحَ (ن) سَلْحًا۔ بیٹ کرنا۔ پائخانہ کرنا (یہ پرندہ اور چوپائے کے لئے خاص ہے انسان کے لئے اس کا استعمال مجازاً ہے۔

سَلَّحَہٗ۔ ہتھیار پہنانا —— ہ السَّيْفَ و بِالسَّيْفِ: کسی کو تلوار باندھنا (—— واسْتَلَحَ) ہتھیار بند بنانا۔

تَسَلَّحَ۔ ہتھیار بند ہونا۔

السَّلْحُ۔ مص۔ پتلا پائخانہ۔ ج سُلُوْحٌ و سُلْحَانٌ۔

السُّلَحُ۔ ایک قسم کا شیرہ ہے جس کو گھی کی مشک پر ملتے ہیں۔

السَّلَحُ۔ تالابوں میں بارش کا پانی۔

السُّلَحُ۔ ج سِلْحَانٌ و(السُّلَحَۃُ) چکور کا بچہ۔

السِّلْحُ والسُّلْحَانُ۔ ہتھیار۔

السَّالِحُ۔ فا۔ ہتھیار بند (فاعل ذیکھنا ہے) مثل تامر ولابن کے)

السِّلَاحُ۔ ہتھیار (مذکر و مؤنث) ج أَسْلِحَۃٌ و سُلُحٌ و سُلْحَانٌ۔

السِّلَاحْدَارُ۔ ہتھیار بند۔ ج سِلَاحْدَارِيَّۃٌ (کلمۂ فارسی ہے سلاح اور دار سے مرکب ہے)

السُّلَاحُ۔ پائخانہ۔ اسہال۔

السِّلِيْحَۃُ۔ قاصد۔ پیغمبر (سریانیہ)

المَسْلَحَۃُ۔ میگزین۔ (دیدبانی کی جگہ) ج مَسَالِحُ۔ ہتھیار بند لوگ۔

سَلْحَبَ۔ اِسْلَحَبَّ الطَّرِيْقُ: راستہ کا سیدھا واضح دراز ہونا۔ صفت (مُسْلَحِبٌّ)

السَّلْحُوْتُ۔ بیباک عورت۔

السُّلَحْفَاۃُ والسِّلَحْفَاۃُ والسُّلَحْفَاءُ والسُّلَحْفَیٰ والسُّلَحْفِيَۃُ۔ کچھوا۔ ج سَلَاحِفُ (نر کو غَيْلَم کہا جاتا ہے)

سَلَخَ (ن ض) سَلْخًا۔ الخَرُوْفَ: بکری کے بچے کی کھال اتارنا —— المَرْأَۃُ دِرْعَهَا: عورت کا قمیص اتارنا —— الحَيَّۃُ: سانپ کا کینچلی سے نکلنا —— اللّٰہُ النَّہَارَ مِنَ اللَّيْلِ: دن کو رات سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا —— الشَّہْرَ: مہینہ ختم ہونا —— الرَّجُلُ الشَّہْرَ: آخر تک گذارنا۔

سَلَّخَ۔ الجِلْدَۃَ: کری کا کھال کو اتار دینا

اِنْسَلَخَ۔ مِنْ ثِيَابِہٖ: ننگا ہونا —— الشَّہْرُ

مِنْ سَنَتِہٖ : گذرنا — النَّہَارُ مِنَ اللَّیْلِ : علیحدہ ہونا — الحَیَّۃُ مِنْ قِشْرِہَا : سانپ کا کینچلی سے نکل جانا۔

تَسَلَّخَ ۔ جِلْدُہٗ : کھال کا اُتر جانا۔

اِسْلَخَ اِسْلِخَاخًا ۔ الرَّجُلُ : پہلو پر لیٹنا۔

سَلَخَ ۔ الشَّہْرُ (مُنْسَلَخُہٗ) : مہینے کا آخری دن (سَلَخُ الحَیَّۃِ) (وسِلْخُہَا وسُلْخُہَا) سانپ کی کینچلی ۔ السِّلْخُ : جانور کی اُتری ہوئی کھال۔

السَّلْخُ ۔ دھاگا جو تکلے کے اوپر ہو۔

السَّلِیْخُ ۔ جس کی کھال اتار لی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے " شَیٌٔ سَلِیْخٌ مَلِیْخٌ " بے مزہ چیز۔

السَّلَاخَۃُ ۔ فِی الشَّیْءِ : بے مزہ ہونا۔

السَّلِیْخَۃُ ۔ فرزند ۔ بان کے پھل کا تیل گاڑھا ہونے سے پہلے — مِنْ شَجَرِ الرِّمْثِ وَنَحْوِہٖ : خشک لکڑی جس پر پتے وغیرہ کچھ نہ ہوں۔

السَّالِخُ ۔ قا ۔ اونٹوں کی کھجلی ۔ سالخ کالے سانپ کے لئے صفت ہے اس لئے کہ وہ ہر سال کینچلی چھوڑ دیتا ہے ۔ مادہ سانپ کو (اَسْوَدَۃٌ) کہتے ہیں اس کی صفت سالخۃ نہیں آتی اور صفت کے موقع پر سالخ کا تثنیہ بھی نہیں آتا ۔ بلکہ کہا جاتا ہے ۔ اَسْوَدُ سَالِخٌ وَاَسْوَدَانِ سَالِخٌ اور جمع کے لئے اَسَاوِدُ سَالِخَۃٌ وسَوَالِخُ وسُلَّخٌ وسُلُوْخٌ۔

الاَسْلَخُ ۔ پیشانی پر گنجا ۔ گہرا سرخ۔

السَّلَّاخُ ۔ بہت کھال اُتارنے والا۔

المَسْلَخُ ۔ کھال اُتارنے کی جگہ۔

المُسْلَاخُ ۔ کینچلی ۔ کھال — مِنَ النَّخْلِ : جس کے کچے کھجور گر جائیں۔

السِّلْخَدُ والسَّلْخَدُ ا ق ۔ مضبوط اونٹنی ج سَلَاخِدُ۔

السِّلْخَفُ ۔ لاغر اور مضطرب ڈھانچے والا

المُسْلَحِمُّ ۔ متکبر گردن کش۔

السَّلَّذُ رِیُوْنُ ۔ ایک درخت کا نام جو بید کے مشابہ ہوتا ہے۔

السِّلَّوْرُ ۔ سمندر کی ایک مچھلی۔

سَلِسَتْ (س) سَلَسًا ۔ النَّخْلَۃُ : درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔ صفت (سَلِسٌ) ۔ اور اگر یہ بار بار ہوتا ہو تو ایسے درخت کو (مِسْلَاسٌ) کہتے ہیں۔ الخَشَبَۃُ : لکڑی کا بوسیدہ ہونا۔

سَلِسَ (س) سَلَسًا وسَلَاسَۃً وسُلُوْسًا ۔ آسانی سے تابع ہونا ۔ صفت (سَلِسٌ — وسَالِسٌ)۔ کہا جاتا ہے " سَلِسَ لِیْ بِحَقِّیْ " اُس نے آسانی سے میرے حق کو دیدیا۔

سُلِسَ سَلَاسًا وسَلْسًا وسَلَسًا کسی کی عقل کا زائل ہونا ۔ صفت (مَسْلُوْسٌ)۔

سَلَّسَ ۔ الحَلْیَ : زیور کو جوہر سے مزین و آراستہ کرنا۔

اَسْلَسَتْ ۔ النَّخْلَۃُ : درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا ۔ اَسْلَسَ قِیَادَہٗ : نرم اور آسان بنانا۔

تَسَلَّسَ ۔ الشَّیْءُ : لٹکنا۔

السَّلْسُ ۔ مص ۔ خرمہرہ وغیرہ پرونے کا دھاگا ۔ کان کی بالی ۔ ج سُلُوْسٌ ۔ السُّلُوْسُ : اوڑھنیاں۔

السَّلَسُ ۔ مص ۔ نرمی ۔ تابعداری ۔ پیشاب کا نہ رکنا۔

السَّلِسُ ۔ آسان ۔ نرم ۔ تابعدار ۔ سُمَارٌ سَلِسٌ : بجنے والی میخ ۔ شَرَابٌ سَلِسٌ : آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب ۔ کہا جاتا ہے " ہُوَ سَلِسُ البَوْلِ " اسے پیشاب کے روکنے کی طاقت نہیں۔

السَّلْسَبِیْلُ ۔ نرم ۔ ج سَلَاسِبُ وسَلَاسِیْبُ ۔ تُرْبَۃٌ سَلْسَبِیْلَۃٌ ۔ ج سَلْسَبِیْلَاتٌ ۔ شراب ۔ خوشگوار آسانی سے حلق سے اُترنے والا پانی ۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔

سَلْسَلَ سَلْسَلَۃً ۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ایک کو دوسرے سے جوڑنا اور اسی سے ہے۔

" سَلْسَلَ فُلَانًا اِلیٰ فُلَانٍ " اُس نے فلاں کی نسبت فلاں کی جانب کی — المَاءَ : پانی کو پست زمین میں بہانا ۔ اور کہا جاتا ہے ۔ " مَا سَلْسَلَ طَعَامًا " اس نے کھانا نہیں کھایا۔

تَسَلْسَلَ ۔ المَاءُ : پانی کا پست زمین میں بہنا — الثَّوْبُ : کپڑے کا پہننے سے پتلا پڑنا — فِرِنْدُ السَّیْفِ : تلوار کے جوہر کا چمکنا۔

السَّلْسَلُ والسَّلْسَالُ والسُّلَاسِلُ ۔ خوشگوار پانی ۔ آسانی سے حلق سے نیچے اترنے والی عمدہ شراب۔

السَّلْسَلَۃُ ۔ مص ۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا۔

السِّلْسِلَۃُ ۔ زنجیر ۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا ۔ ج سَلَاسِلُ البَرْقِ : چوڑائی میں کوندنے والی بجلی ۔ سَلَاسِلُ الکِتَابِ : کتاب کی سطریں۔

المُسَلْسَلُ ۔ مِنَ الثِّیَابِ : دھاری دار کپڑا ۔ شَعْرٌ مُسَلْسَلٌ : گھنگریالے بال ۔ سَیْفٌ مُسَلْسَلٌ چمکدار تلوار (— و المُتَسَلْسِلُ) مِنَ الثِّیَابِ : خراب بنا ہوا کپڑا یا بوسیدہ کپڑا۔

سَلِطَ (س) وسَلُطَ (ک) سَلَاطَۃً و سُلُوْطَۃً ۔ زبان دراز ہونا۔

سَلَّطَہٗ ۔ عَلَیْہِ : کسی پر غالب بنانا ۔ قدرت دینا ۔ قابض بنانا۔

تَسَلَّطَ ۔ عَلَیْہِ : کسی پر غالب ہونا ۔ قادر ہونا ۔ قابض ہونا۔

السَّلْطُ ۔ سخت ۔ زبان دراز ۔ لمبی زبان

السَّلِیْطُ ۔ تیر کا پھل جس کے بیچ میں اُبھار نہ ہو ۔ ج سِلَاطٌ۔

السُّلُطُ ۔ لمبی ٹانگیں۔

السُّلْطَۃُ ۔ حکومت ۔ قدرت۔

السِّلْطَۃُ ۔ باریک لمبا تیر ۔ گھاس بھوسہ باندھنے کا کپڑا ۔ ج سِلَطٌ وسِلَاطٌ۔

السَّلِیْطُ ۔ سخت ۔ ہر چیز میں سے تیز ۔ عمدہ زیتون کا تیل ہر قسم کے دانہ کا تیل۔

لِسَانٌ سَلِيطٌ: لمبی زبان۔ رَجُلٌ سَلِيطٌ: زبان دراز مرد۔ السَّلِيطُ: فصیح زبان آور (یہ صفت مرد کے لئے باعثِ مدح اور عورت کیلئے باعثِ مذمت ہے) اِمْرَأَةٌ سَلِيطَةٌ: زبان دراز اور بدزبان عورت۔

اِمْرَأَةٌ (سَلَطَانَةُ اللِّسَانِ وسِلِطَانَتُهُ) تیز زبان و زباں دراز عورت۔

السُّلْطَانُ۔ حجت۔ تم کہتے ہو "لَہٗ سُلْطَانٌ مُبِینٌ" اس کے لئے روشن حجت ہے۔ قبضہ۔ قدرت۔ بادشاہ۔ ج سَلَاطِینُ۔

سَلْطَنَہٗ سَلْطَنَةً۔ بادشاہ بنانا۔

تَسَلْطَنَ۔ بادشاہ بنا۔

المِسْلَاطُ۔ کنگھی کا دندانہ ج مَسَالِیطُ۔

رَجُلٌ مَسْلُوطٌ۔ اللِّحْیَةِ: سبک رخسار مرد

اِسْلَنْطَحَ۔ الوَادِي: وادی کا وسیع ہونا — الرَّجُلُ: منہ کے بل گرنا۔ یا چت گرنا۔ — الشَّیْءُ: لمبی چوڑی ہونا۔

السُّلَاطِحُ۔ چوڑا۔

السُّلْطُحُ۔ چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَحُ والمُسْلَنْطِحُ۔ کشادہ فضا

اِسْلَنْطَعَ۔ الرَّجُلُ: چت لیٹنا۔

السُّلْطُوعُ۔ چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَعُ۔ پاگل کی طرح گفتگو یا جہالت کرنے والا (— وا السِّلِنْطَاعُ) لمبا مرد۔

سَلَعَ (ف) سَلْعًا۔ الرَّأْسَ: سر پھاڑنا — جِلْدَہٗ بِالنَّارِ: کھال کو جلا کر داغدار کرنا۔

سَلِعَ (س) سَلَعًا۔ الرَّجُلُ: برص والا ہونا — قَدَمُہٗ: قدم کا پھٹنا۔

أَسْلَعَ۔ پھٹے ہوئے سر والا ہونا۔ جسم میں زخم والا ہونا۔

سَلَّعَہٗ۔ پھاڑنا۔

تَسَلَّعَ۔ عَقِبُہٗ: ایڑی کا پھٹنا۔

اِنْسَلَعَ۔ پھٹنا۔

السَّلْعُ۔ مع۔ پیر کی بوائی۔ ج سُلُوعٌ۔ واحد (سَلْعَةٌ) (— وا السِّلْعُ) مثل۔ ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا سِلْعُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے "غُلَامَانِ سِلْعَانِ" دو ہم عمر لڑکے۔ اور ایسا ہی غِلْمَانٌ أَسْلَاعٌ — فِي الجَبَلِ: دراڑ۔ ج أَسْلَاعٌ وسُلُوعٌ۔

السَّلَعُ۔ مع۔ ایک کڑوا درخت۔ ایک بدمزہ سبزی۔ ایک قسم کا ایلوا۔ جلد میں جلنے کا داغ۔

السَّلْعَةُ والسَّلَعَةُ۔ زخم جو جلد کو پھاڑ دے۔ ج سَلَعَاتٌ وسِلَاعٌ۔

السِّلْعَةُ۔ سامان و سامانِ تجارت۔ ج سِلَعٌ (— وا السَّلْعَةُ والسَّلَعَةُ والسِّلْعَةُ) بدن کا پھوڑا یا گوشت اور کھال کے درمیان غدود جیسی زیادتی۔ جونک۔

الأَسْلَعُ۔ برص کی بیماری والا۔ کوڑھا۔ پھٹے ہوئے پیر والا۔ کھال میں جلنے کا داغ۔ مؤنث سَلْعَاءُ ج سُلْعٌ۔

السَّلَوْلَعُ۔ کڑوا ایلوا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ أَمَرُّ مِنَ السَّلَوْلَعِ" وہ ایلوے سے زیادہ کڑوا ہے۔

السَّلِيقَةُ۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "إِنَّہٗ لَكَرِیمُ السَّلِيقَةِ" وہ شریف طبیعت ہے۔

المِسْلَعُ۔ رہبر و رہنما۔

المَسْلُوعُ۔ جسم پر پھوڑے والا یا غدود جیسی زیادتی والا۔

المَسْلُوعَةُ۔ واضح راستہ۔

سَمٌّ مُسَلَّعٌ۔ بہت تیز زہر۔

السِّلْعَافُ۔ بخیل لکڑیاں جن کو درخت کے ارد گرد لگا دیتے ہیں اور جن سے درندوں کا شکار کرتے ہیں۔

المُسْلَعِفُّ۔ سخت۔

السِّلْعَامُ۔ کشادہ حلق والا۔ بڑے پیٹ والا۔ لمبی ناک والا۔ بھیڑیا۔ أَبُو سِلْعَامَةَ: بھیڑیئے کی کنیت ہے۔

سَلْعَنَ۔ فِي عَدْوِہٖ: تیز دوڑنا۔

سَلَغَ (ف) سَلْغًا۔ رَأْسَہٗ: کسی کے سر کو کچل دینا۔

سَلَغَتْ (ف) سُلُوغًا۔ البَقَرَةُ أَوِ الشَّاةُ: گائے یا بکری کے کچلی کے دانت نکلنا۔ صفت (سَالِغٌ)

الأَسْلَغُ۔ گہرا سرخ۔ مرض برص والا۔ لَحْمٌ — مِنَ اللَّحْمِ: کچا گوشت۔

السِّلْغَدُ۔ بیوقوف۔ سست۔ غضبناک بھیڑیا۔ بہت کھانے پینے والا۔ الأمرد۔ اشقر گھوڑا مؤنث سِلْغَدَةٌ۔

سَلْغَزَ سَلْغَزَةً۔ تیز دوڑنا۔

سَلْغَفَہٗ۔ نگلنا۔

السِّلْغَافُ۔ بمعنی سِلْعَافٌ۔

سَلَفَ (ن) سَلْفًا۔ الأَرْضَ: زمین کو زراعت کے لئے بیلچے سے ہموار کرنا۔ المَزَادَةَ: توشہ دان پر تیل ملنا۔

سَلَفَ (ن) سَلَفًا وسُلُوفًا۔ گذرنا۔ آگے ہونا۔ تم کہتے ہو "سَلَفَ لَہٗ عَمَلٌ صَالِحٌ" اس سے عمل صالح کا صدور پہلے ہوا۔ و "سَلَفَ القَوْمَ" وہ قوم سے آگے ہو گیا۔

سَلَّفَہٗ۔ مَالًا: قرض دینا — الشَّیْءَ: پیشگی دینا — الضَّیْفَ: مہمان کے سامنے ناشتہ پیش کرنا — الرَّجُلُ: سلفہ کھانا۔ (دیکھئے سلفہ)

أَسْلَفَ۔ الأَرْضَ: زمین کو زراعت کیلئے بیلچے سے ہموار کرنا — ہٗ مَالًا: قرض دینا۔ — فِي الشَّیْءِ: قبضہ کرنا۔ الشَّیْءَ: کسی کو کوئی چیز سپرد کرنا۔ أَسْلَفَتِ المَرْأَةُ: پینتالیس سال کی ہونا۔ صفت (مُسْلِفٌ) (یہ عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے)

سَالَفَہٗ۔ فِي الأَمْرِ: برابری کرنا — ہٗ فِي الأَرْضِ: ساتھ ساتھ چلنا — الجَبَلُ: آگے بڑھنا۔

تَسَلَّفَ واسْتَسْلَفَ۔ المَالَ: قرض لینا تَسَلَّفَ الرَّجُلُ: سلفہ کھانا (دیکھئے سُلْفَة)

تَسَالَفَ - الرَّجُلَانِ : ہم زلف ہونا۔ یہ دونوں مرد (سِلْفَانِ) کہے جاتے ہیں۔

إِسْتَسْلَفَ - المَالَ : قرض لینا۔

السَّلْفُ - مم - توشہ دان - ج سُلُوْف و اَسْلُف۔

السِّلْفُ - چمڑا - سِلْفُ الرَّجُلِ : ہم زلف ج أَسْلَاف۔

السَّلَفُ - مم - قرض - ہر عمل صالح پیشکردہ السَّلَف : گزشتہ آباء و اجداد - وَمَذَاهِبُ السَّلَفِ: متقدمین کے مذاہب۔ ج أَسْلَاف۔

السَّلِيْفُ - چمڑا - ہم زلف - رَجُلٌ سَلِيْفٌ : گزرا ہوا مرد - ج أَسْلَاف - أَرْضٌ سَلِيْفَةٌ : کم درختوں والی زمین۔

السُّلَفُ - چکور کا چوزہ - ج سِلْفَان و سُلْفَان۔

السُّلْفَةُ - ہر وہ چیز جس کو غذا سے پہلے وقت گذاری کے لئے کھایا جائے - کھانا جس کو آنے والے کے لئے محفوظ رکھیں - جماعت متقدمین - چمڑی موزے کا استر جو باریک چمڑے کا ہو - ج سُلَف - ہینگے سے ہموار کی ہوئی زمین کہا جاتا ہے " جَاؤُوْا سُلْفَةً سُلْفَةً " وہ یکے بعد دیگرے آئے۔

السُّلَافُ والسُّلَافَةُ - نچوڑنے سے پہلے جو خود بخود بہے (یہ بہترین شراب ہے) سُلَافُ العَسْكَرِ : مقدمہ لشکر - سُلَافَةُ كُلِّ شَيْءٍ عُصِرَ : ہر نچوڑی ہوئی چیز کا ابتدائی حصہ ج سُلَافَات۔

الأُسْلُوفَةُ - دامادی - کہا جاتا ہے " بَيْنَهُمْ أُسْلُوفَةٌ " ان کے درمیان رشتہ داری ہے۔

السَّالِفُ - فا - گزرا ہوا - پیش رفتہ - تم کہتے ہو " كَانَ ذٰلِكَ فِي سَالِفِ الأَيَّامِ " یہ گزشتہ زمانہ میں تھا - ج سَلَف و سُلَّاف۔

السَّالِفَةُ - گزری ہوئی - گردن کا وہ حصہ جو بالی لٹکنے کی جگہ ہے - سَالِفَةُ الفَرَسِ : گردن کا اگلا حصہ - ج سَوَالِف۔

السَّلُوْفُ - مِنَ الإِبِلِ : گھاٹ پر جاتے ہوئے آگے آگے رہنے والا اونٹ — مِنَ الخَيْلِ : تیز رفتار گھوڑا - سَهْمٌ سَلُوْفٌ : لمبا تیر - ج سُلُف

السَّلِيْفُ - پیش رو - جماعت متقدمین - ج سُلُوْف۔

المُسْلِفُ - پینتالیس سالہ عورت۔

المِسْلَفَةُ - وہ اوزار جس کو زمین ہموار کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں اور جس کا نام ہینگا - چپٹیا - سراون ہے۔

المَسْلُوْفَةُ - ہموار کی ہوئی زمین۔

السَّلْفَعُ - دلیر و فراخ سینہ - بیباک و زبان دراز عورت۔

سَلَقَ (ن) سَلْقًا - البَيْضَ او البَقْلَ و انڈے یا سبزی اُبالنا - جوش دینا - سَلَقَهُ بِالكَلَامِ : بدزبانی سے تکلیف پہونچانا - قرآن مجید میں ہے " سَلَقُوْكُمْ بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ " تم کو وہ لوگ تیز تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں — بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا — بِالسَّوْطِ : مار کر کھال ادھیڑ دینا - سَلَقَ اللَّحْمَ عَنِ العَظْمِ : گوشت ہڈی سے جدا کرنا - علیحدہ کرنا - الشَّيْءَ بِالمَاءِ الحَارِّ : گرم پانی سے بال اون وغیرہ دور کرنا — الدَّابَّةَ الرَّاكِبُ : باطن ران کو چھیل دینا — المَزَادَةَ : توشہ دان پر تیل ملنا — البَرْدُ النَّبَاتَ : جلا دینا — الرَّجُلَ : چت پچھاڑنا - تم کہتے ہو " أَخَذْتُهُ فَسَلَقْتُهُ لِقَفَاهُ " میں نے اس کو پکڑا اور چت پچھاڑ دیا — العُوْدَ فِي العُرْوَةِ : کسی چیز کے دستے میں لکڑی لگانا — القَدَمُ فِي الطَّرِيْقِ : قدم کا راستے میں نشان ڈالنا۔ — الجِدَارَ : دیوار پر چڑھنا۔

سَلِقَ - السَّلِيْقَةَ وَعَلَيْهَا : سلیقہ پر پیدا کیا جانا۔

أَسْلَقَ - العُوْدَ فِي العُرْوَةِ : کسی چیز کے دستے میں لکڑی داخل کرنا - لگانا — الرَّجُلَ : مادہ بھیڑیئے کا شکار کرنا۔

تَسَلَّقَ - چت سونا — الجِدَارَ : دیوار پر چڑھنا - دیوار پھاندنا — فُلَانٌ فِرَاشَهُ : درد یا غم سے تڑپنا - بے قرار ہونا۔

إِنْسَلَقَ - اللِّسَانُ : زبان کا چھل جانا۔

سَلْقَيْتُهُ سِلْقَاءً - چت لٹانا - سَلْقَيْتُهُ بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا۔

إِسْتَلْقَى إِسْتِلْقَاءً وَاسْلَنْقَى اسْلِنْقَاءً چت لیٹنا - (تفعلی و افتعلی و افنعلی کے اوزان ملحقات رباعی سے ہیں۔

السَّلْقُ - مم - (— والسَّلَقُ) زخم کا داغ - والسَّلَقُ : ہموار و عمدہ زمین - کشادہ راستہ - ج أَسْلَاق و سُلْقَان و سِلْقَان۔

السِّلْقُ - چقندر - پانی بہنے کی جگہ - بھیڑیا - ج سُلْقَان و سِلْقَان۔

السِّلْقَةُ - مادہ بھیڑیا - ج سِلَق و سِلَق - السِّلْقَةُ : زبان دراز و بدزبان عورت - مڈی جو کہ انڈے دے چکی ہو۔

السَّالِقَةُ - مِنَ النِّسَاءِ : دوہتڑ مارنے والی واویلا کرنے والی عورت - ج سَوَالِق۔

السُّلَاقُ - زبان کی جڑ کی پھنسیاں یا دانت کی جڑوں کی خراش - پپوٹوں کی موٹائی سرخی و زخم کے ساتھ۔

السَّلَاقَةُ - بدزبانی۔

السُّلَاقَةُ - دواؤں کا جوشاندہ۔

السَّلَائِقُ - راستہ پر قدم وغیرہ کے نشانات

السَّلُوْقِيُّ والسَّلَاقِيُّ - مِنَ الكِلَابِ : ایک خاص قسم کا شکاری کتا۔

السَّلُوْقِيَّةُ - السلوقی کا مؤنث - جہاز کے کپتان کے بیٹھنے کی جگہ - السَّلُوْقِيَّةُ مِنَ الدُّرُوْعِ : وہ زرہیں جو یمن کے ایک علاقہ سلوق کی جانب منسوب ہیں۔

السَّلَّاقُ - اسم مبالغہ - خَطِيْبٌ سَلَّاقٌ (و مِسْلَق و مِسْلَاق) بلیغ مقرر۔

السُّلَّاقُ - نصرانیوں کی ایک عید - (کلمہ سریانیہ ہے)

السَّلِيْقُ - چھوٹے درختوں کے گرے ہوئے

پتے چھتے کی بناوٹ میں شہد کی ایک مقدار۔ سُلُوقُ الطَّرِیقِ: راستہ کا پہلو۔ ج سُلُق۔

السَّلِیقَۃُ۔ طبیعت۔ ج سَلَائِق۔ اُبالی ہوئی سبزی۔

السَّلِیقِیُّ۔ سلیقہ کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے: "فُلَانٌ یَتَکَلَّمُ بِالسَّلِیقِیَّۃِ" وہ بغیر سیکھے ہوئے بالطبع گفتگو کرتا ہے۔ و "اِضْطَرَبَ کَلَامُ الْعَرَبِ وَغَلَبَتِ السَّلِیقِیَّۃُ" یعنی وہ لوگ سلیقہ سے گفتگو کرتے ہیں۔ بغیر اس کے کہ اعراب کا قصد کریں اور غلطی سے بچنے کا ارادہ کریں۔

السَّلِیقُ۔ تیز رفتار اونٹنی۔

سَلْقَدَ۔ الْفَرَسَ: دُبلا کرنا۔

الْمُسَلْقَدُ۔ دُبلا کیا ہوا گھوڑا۔

السَّلْقَعُ۔ سخت جگہ۔ نر شتر مرغ۔

اِسْلَنْقَعَ۔ اِسْلِنْقَاعًا۔ الْبَرْقُ: بجلی کا پراگندہ کوندنا ـــــ الحصٰی: کنکریوں کا آفتاب سے گرم ہونا۔

الْمُسْلَنْقِعُ۔ پراگندہ کوندنے والی بجلی۔

سَلْقَمَ سَلْقَمَۃً۔ دانت کرکرانا۔

السَّلْقَمُ۔ شیر۔ سخت ٹھوڑی اور لمبی ناک والا اونٹ۔

السِّلْقَامَۃُ۔ مادہ بھیڑیا۔

السُّلَاقِمُ۔ شیر۔

سَلَکَ (ن) سُلُوکًا وسَلْکًا۔ الْمَکَانَ: داخل ہونا ـــــ الطَّرِیقَ: راستہ کی اتباع کرتے ہوئے چلنا (ـــــ و اَسْلَکَ) الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: کسی چیز کو کسی چیز میں داخل کرنا۔ سَلَکُوا الْمَکَانَ و اَسْلَکَہُ الْمَکَانَ و فِیہِ و عَلَیْہِ: کسی جگہ میں داخل کرنا۔ و مِنْ کَلَامِ الْمُوَلَّدِینَ: سَلَکَ الْغَزْلَ: سوت کو چرخہ پر چڑھانا۔

اِنْسَلَکَ۔ فِی الشَّیْءِ: کسی چیز میں داخل ہونا۔

الْمِسْلَکُ۔ لڑی۔ ج مَسَالِکُ و اَسْلَاکٌ۔

السُّلَکُ۔ تیتر یا چکور کا چوزہ۔ مؤنث سُلَکَۃٌ۔ ج سِلْکَانٌ۔

السِّلْکَۃُ۔ سلائی کا دھاگا۔ ج سِلْکٌ جج اَسْلَاکٌ و سُلُوکٌ۔

السُّلْکَیٰ۔ نیزہ کی سیدھی ضرب۔ اور کہا جاتا ہے "اَمْرُہُمْ سُلْکَیٰ" یعنی اُن کا معاملہ ایک طریقہ پر ہے۔

الْمَسْلَکُ۔ راستہ۔ ج مَسَالِکُ۔

الْمُسْلَکَۃُ۔ دھجی جو کپڑے کے کنارے سے پھاڑی جائے۔

الْمِسْلَکَۃُ۔ چرخہ۔ (مولد)

الْمُسَلَّکُ۔ نحیف و لاغر۔

سَلِمَ (س) سَلَامَۃً و سَلَامًا۔ مِنْ عَیْبٍ اَوْ آفَۃٍ: نجات پانا۔ بری ہونا۔ لَہُ الْمَالُ: مخصوص ہونا۔ اور کہتے ہیں "لَا وَالَّذِی سَلَّمَکَ مَا کَانَ کَذَا" یعنی نہیں۔ قسم ہے اس ذات کی جو تمہیں محفوظ رکھتی ہے، ایسا نہیں تھا۔ اور مخاطب کے تثنیہ و جمع، تذکیر و تانیث کے لحاظ سے "بِذِی تَسْلَمَانِ و تَسْلَمُونَ و تَسْلَمِینَ" استعمال کرتے ہیں۔ اور علی ہذا القیاس "اِذْہَبْ بِذِی تَسْلَمُ" یعنی سلامتی کے ساتھ جاؤ۔

سَلَمَتْہُ (ن) سَلْمًا۔ الْحَیَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔

سَلَمَ (ض) سَلْمًا۔ الْجِلْدَ: کھال کو سلم درخت کے پتوں سے دباغت دینا۔ الدَّلْوَ: ڈول بنانے سے فارغ ہونا اور مضبوط و عمدہ بنانا۔

سَلَّمَہُ۔ و سَلَّمَ عَلَیْہِ: السلام علیک کہنا ـــــ و مِنَ الْآفَۃِ: محفوظ رکھنا ـــــ و اِلَی فُلَانٍ: سپرد کر دینا۔ سَلَّمَ بِالْاَمْرِ: راضی ہونا ـــــ الْاَمْرَ: فرمانبردار ہونا ـــــ الشَّیْءَ: خالص کرنا۔ سَلَّمَہُ الشَّیْءَ فَتَسَلَّمَہُ: کسی کو کوئی چیز سپرد کرنا اور اس کا قبول کر لینا۔

سَالَمَہُ۔ مصالحت کرنا۔

اَسْلَمَ۔ فرمانبردار ہونا۔ دین اسلام اختیار کرنا۔ بیع سلم کرنا ـــــ الْعَدُوَّ: دشمن کو چھوڑ دینا ـــــ اَمْرَہُ اِلَی اللّٰہِ: سپرد کر دینا اور تم کہتے ہو "اَسْلَمْتُہُ وَسَلَّمْتُہُ" جبکہ تم کسی کو چھوڑ دو اس وقت جبکہ کوئی شخص تکلیف پہونچانا چاہتا ہو۔

اُسْلِمَ۔ سانپ سے ڈسا جانا۔

تَسَلَّمَ۔ مسلمان بننا ـــــ الشَّیْءَ: قبضہ کرنا ـــــ مِنْہُ: بیزار ہونا۔

تَسَالَمَ۔ الْقَوْمُ: باہم مصالحت و موافقت کرنا۔ تَسَالَمَتِ الْخَیْلُ: بغیر لڑے بھڑے ساتھ ساتھ چلنا۔

اِسْتَلَمَ۔ الْحَجَرَ: چھونا (سَلِمَۃٌ بمعنے پتھر سے ماخوذ ہے) بوسہ دینا۔ اور بسا اوقات پتھر کے علاوہ دوسری چیزوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ تم کہتے ہو "اِسْتَلَمْتُ یَدَہُ" میں نے اس کے ہاتھ کو چھوا یا بوسہ دیا۔ ـــــ الزَّرْعُ: خوشہ نکلنا۔

اِسْتَسْلَمَ۔ فرماں بردار ہونا۔

تَمَسْلَمَ۔ مسلمان کہلانا (یہ مسلم سے ماخوذ ہے جیسے مسکین سے تمسکن)

السَّلْمُ۔ مع۔ ایک گوشہ والا ڈول۔ ج اَسْلُمٌ و سِلَامٌ۔ سلم میں ایک لغت۔

السِّلْمُ۔ صلح کرنے والا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَنِی وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَنِی" میں صلح کرنے والوں کے لئے صلح جو اور لڑنے والوں کیلئے لڑاکا ہوں۔ قَوْمٌ سِلْمٌ و سَلْمٌ: صلح کرنے والی قوم۔ سلامتی۔ اسلام۔

السَّلَمُ۔ سلامتی۔ تابعداری۔ قید۔ قیدی۔ ایک قسم کا کانٹے دار درخت جس کے پتوں سے دباغت دی جاتی ہے۔ اور اسی سے وہ سلم نام رکھا گیا ہے۔ واحد (سَلَمَۃٌ)

السُّلَّمُ۔ سیڑھی۔ (مذکر و مؤنث) ج سَلَالِمُ و سَلَالِیمُ۔ وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "اِتَّخَذَہُ سُلَّمًا اِلَی حَاجَتِہِ" اس نے اس کو اپنی حاجت کے لئے وسیلہ بنایا۔

السَّلِیمَۃُ۔ پتھر۔ ج سِلَامٌ۔ نازک انگلیوں والی عورت۔

السَّلَامَۃُ - مص - تسلیم کا اسم جیسے تکلیم کا کلام طاعت و فرمانبرداری کے لئے جھکنا - السَّلَامُ : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اس لئے کہ باری تعالیٰ نقائص و عیوب وغیرہ سے پاک ہیں۔ دارُ السَّلَامِ : جنت - مَدِیْنَۃُ السَّلَامِ : بغداد - نَہْرُ السَّلَامِ : دریائے دجلہ (— و السِّلَامُ) ایک قسم کا کڑوا درخت - واحد (سَلَامَۃٌ و سِلَامَۃٌ)

السَّلَامَۃُ - مص - عیوب و آفات سے پاکی

السُّلَامَی : چھوٹی ہڈیوں میں سے ہر جوڑ دار ہڈی جیسے انگلیوں کی ہڈیاں - پھر توسعاً ہر ہڈی اور ہڈی کے جوڑوں پر اطلاق ہونے لگا - ج سُلَامِیَاتٌ۔

السَّلَامَی - دکھنی ہوا۔

السُّلَیْمَانِیُّ - ایک قسم کا زہر جس کا جزوِ اعظم پارہ ہے۔

اَبُوْ سُلَیْمَانَ - گبریلا۔

اَبُوْ سَلْمَی - گرگٹ۔

السَّالِمُ - فا - آنکھ اور ناک کے درمیان کی کھال۔

السَّلِیْمُ - ج - سَلْمَی : ڈسا ہوا - سخت زخمی جو قریب بہلاکت ہو (ان دونوں کو تفاؤلاً سلیم کہتے ہیں) — ج سُلَمَاءُ : آفات سے محفوظ

الْاَسْلَمُ - آفات سے بہت محفوظ۔ مؤنث سُلْمَی۔

الْاُسَیْلِمُ - چھوٹی انگلی اور اس کے پاس والی انگلی کے درمیان کی ایک رگ۔

الْاِسْلَامُ - مص - بغیر کسی پس و پیش کے امر و نہی کی فرمانبرداری کر لینا - مذہب اسلام اور کبھی مسلمانوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

الْمُسْلِمُ - دینِ اسلام کا پیرو - ج مُسْلِمُوْنَ مؤنث مُسْلِمَۃٌ - ج مُسْلِمَاتٌ۔

اَرْضٌ مَسْلُوْرَاءُ - بہت درخت سلم والی زمین۔

السَّلْمَجُ - تیر کا باریک پھل - ج سَلَامِجُ۔

اِسْلَہَبَّ - الْفَرَسُ : گھوڑے کا لمبا ہونا۔

السَّلْہَبُ - لمبا - ج سَلَاہِبُ و سَلَاہِبَۃٌ۔

السَّلْہَبَۃُ مِنَ النِّسَاءِ : بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

السِّلْہَابَۃُ - دلیر عورت۔

السَّلْہَجُ - لمبا۔

اِسْلَہَمَّ اِسْلِہْمَامًا - رنگ بدل جانا۔ صفت (مُسْلَہِمٌّ)

السَّلْہَمُ - لاغر - لمبا - بیماری کی وجہ سے ناتواں۔

سَلَا یَسْلُوْ سَلْوًا و سُلُوًّا و سُلْوَانًا و سَلِیَ یَسْلَی سُلِیًّا - الشَّیْءَ و عَنْہُ : بھول جانا تسلی پانا - بے غم ہونا۔

اَسْلَی اِسْلَاءً - الْقَوْمُ : درندوں سے مامون ہونا - اَسْلَاہُ عَنْ ہَمِّہٖ : بے غم کر دینا۔

سَلَّی تَسْلِیَۃً - بتکلف تسلی ظاہر کرنا - تسلی پانا - کہا جاتا ہے "سَلَّاہُ وَ اَسْلَاہُ فَتَسَلَّی" اس نے اسے تسلی دی اور اُسے تسلی حاصل ہو گئی (— و انْسَلَی) الْہَمُّ : غم زائل ہونا۔

السَّوَاخُ والسُّوَاخُ والسَّوَاخِيُ والسَّوَاخِيَةُ بہت کیچڑ - کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتَّى صَارَتِ الأَرْضُ سَوَاخِيَ" ہمارے اوپر بارش ہوئی - یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہو گئی - وبِلَادٌ سَوَاخِيُ " سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے۔

سَادَ يَسُودُ سِيَادَةً وسُودَدًا وسُودُدًا وسَيْدُودَةً وسُوْدًا - شریف ہونا - بزرگ ہونا۔

—— قَوْمَهُ: سردار ہونا —— ہ: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا - صفت (سَائِدٌ) ج سَادَةٌ: جج سَادَات —— الرَّجُلُ: کسی سے راز کی بات کہنا - (—— سَوَادًا) الرَّجُلُ: زرد کائی جمی ہوئی پانی کو پینا۔

سَوِدَ يَسْوَدُ سَوَدًا واسْوَدَّ اسْوِدَادًا واسْوَادَّ اسْوِيدَادًا - کالا ہونا۔

سَوَّدَ - دلیر ہونا —— ہ: سردار بنانا۔ —— الشَّيْءَ: کالا کرنا —— الرَّجُلُ: سرداروں کو قتل کرنا۔

سَاوَدَهُ - مکر و فریب کرنا - رات کے اندھیرے میں ملنا - سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا - راز کی بات کہنا - سَاوَدَ الأَسَدَ: شیر کو ہٹانا - ہانکنا۔

أَسْوَدَتْ إِسْوَادًا وأَسَادَتْ إِسَادَةً المَرْأَةُ: کالا بیٹا جننا - سردار جننا۔

تَسَوَّدَ - نکاح کرنا - سردار ہونا - کالا ہونا۔

اِسْتَادَ - القَوْمَ: سردار قوم کو قتل کرنا - یا قید کرنا —— فِي بَنِي فُلَانٍ: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا۔

السَّوْدُ - سیاہ پتھروں والا ہموار میدان - ج أَسْوَاد - ایک قطعہ کو (سَوْدَةٌ) کہتے ہیں۔ السَّوْدَةُ: کھجور کے درختوں والی زمین۔

السُّوْدُ - مع - سرداری - ایک قسم کی نباتات

السَّوَادُ - سیاہی - وجود - تم کہتے ہو "رَأَيْتُ سَوَادًا" میں نے وجود کو دیکھا - ج أَسْوِدَةٌ - جج أَسَاوِدُ - بہت مال - بہت تعداد - سَوَادُ البَلْدَةِ: شہر کے اردگرد کی آبادیاں - سَوَادُ اللَّيْلِ: پوری رات - سَوَادُ النَّاسِ: عام لوگ سَوَادُ العَسْكَرِ: اسلحہ و سامانِ فوج - سَوَادُ العَيْنِ: آنکھ کا سیاہ حصہ - پتلی - سَوَادُ القَلْبِ: دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوَادُ - رازدارانہ گفتگو - دانتوں کی ایک بیماری - رنگ کی زردی۔

السِّوَادُ - آواز۔

السَّوَادِيَّةُ والسُّودَانِيَّةُ - بھنگا۔

السُّودَانُ - سوڈان کا باشندہ - واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔

السِّيدُ - بھیڑیا - شیر - ج سِيدَان - السِّيدَةُ: مادہ بھیڑیا۔

السِّيدَانَةُ - بھیڑیا۔

السَّيِّدُ - سردار - تخفیفاً (سَيْدٌ) بھی ایک لغت ہے - ج أَسْيَادٌ وسَادَةٌ وسَيَائِدُ عِنْدَ المُسْلِمِينَ: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں۔ السَّيِّدَانِ: حضرت حسنین - رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

السَّائِدُ - فا - ج سَادَةٌ - جج سَادَات۔

أَسْوَدُ - ج سُودٌ وسُودَانٌ - مؤنث سَوْدَاءُ: کالا —— مِنَ العَيْنِ: آنکھ کی پتلی مِنَ القَوْمِ: بزرگتر - کہا جاتا ہے "هُوَ أَسْوَدُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے بزرگتر ہے - تصغیر أُسَيْوِدُ و أُسَيِّدُ - الأَسْوَدَانِ: کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو - والأَسْوَدُ: مؤنث أَسْوَدَةٌ ج أَسَاوِدَةٌ بڑا کالا سانپ جس کو حنش بھی کہتے ہیں۔ السَّهْمُ الأَسْوَدُ: مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے - گویا بہت ہاتھوں کے پڑنے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَسْوَدُ الكَبِدِ" فلاں دشمن ہے - وعَلَى هٰذَا القِيَاسِ "هُمْ سُودُ الأَكْبَادِ"

السَّوْدَاءُ والسُّوَيْدَاءُ - عِنْدَ الأَطِبَّاءِ: ایک خلط کا نام - مالیخولیا کی بیماری - الحَبَّةُ السَّوْدَاءُ: کلونجی - سَوْدَاءُ القَلْبِ وسُوَيْدَاؤُهُ: دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوْدَدُ والسُّودُدُ - مرتبہ بلند - سرداری ج (مَسْوَدَةٌ)

المَسْوُودُ - مرضِ مالیخولیا کا بیمار۔

المُسَوَّدَةُ والسَّوَادُ - عِنْدَ الكُتَّابِ: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو - اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَيَّضَة کہتے ہیں۔ —— عِنْدَ الطَّبَّاعِينَ: پروف را المُسَوَّدَة و

(السُّوْدَة) مِنَ الْأَيَّامِ: سخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔

السَّوْذَق والسُّوْذَق والسَّوْذَانِق۔ والسَّوْذَنِيق۔ شکرا یا شاہین۔

سَارَ يَسُوْرُ سَوْرًا۔ الْحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا پھاندنا (۔۔ سَوْرًا و سُؤُوْرًا) إِلَيْهِ: کودنا ۔۔۔ الشَّرَابُ فِيْ رَأْسِهِ: شراب کا سر کو چکرانا۔

سَوَّرَ۔ الْمَدِيْنَةَ: شہر پناہ بنانا ۔۔ الْمَرْأَةَ کنگن پہنانا ۔۔ الْحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔

سَاوَرَهٗ سِوَارًا و مُسَاوَرَةً۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَاوَرَتِ الْحَيَّةُ الرَّاكِبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا ۔۔ ہ الشَّرَابُ: سر کو چکرانا۔

تَسَوَّرَ: کنگن پہننا ۔۔ الْحَائِطَ وَعَلَيْهِ: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔

السُّوْر۔ شہر پناہ۔ ج أَسْوَار و سِيْرَان۔ السُّوْر: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهٗ سُوْرٌ مِنَ الْإِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔

سُوْرِيَّة و سُوْرِيَة۔ ملک شام۔

السَّوْرَة۔ سَارَ کا اسم مرۃ۔

سَوْرَة ۔ الْخَمْرِ (سُوَارُهَا) شراب کی تیزی سَوْرَةُ السُّلْطَانِ: بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَةُ الْمَجْدِ: بزرگی کا اثر۔ سَوْرَةُ الْبَرْدِ: سردی کی تیزی۔

السُّوْرَة۔ مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عِنْدَكَ سُوْرَةٌ" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "وَلَهٗ سُوْرَةٌ فِي الْمَجْدِ" اس کے لئے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيْكَ سُوْرَةٌ" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت لمبی خوبصورت عمارت ۔۔۔ مِنَ الْكِتَابِ: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّوْرَة بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوْرٌ و سُوَرٌ و سُوْرَات و سُوَرَات۔

السِّوَار والسُّوَار والأُسْوَار۔ کنگن ج سُوْرٌ و أَسْوِرَة و أَسَاوِر و أَسَاوِرَة و سُؤُوْر۔

الْأَسَاوِرَة: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آ کر رہ پڑی تھی۔

السَّوَّار۔ وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ كَلْبٌ سَوَّارٌ: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔ السَّوَّار: شیر۔

الأُسْوَار والإِسْوَار۔ گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیر انداز ۔۔۔ عِنْدَ الْفُرْسِ: فوجی افسر۔ ج أَسَاوِر و أَسَاوِرَة۔

السَّوَّارِيّ۔ بلندی۔

الْمِسْوَر والْمِسْوَرَة۔ چمڑے کا تکیہ ج مَسَاوِر

الْمُسَوَّر۔ کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔

لَكَ سُوَّرٌ: طاقت در بادشاہ۔

السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان۔ ایک دوا کا نام۔ جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَةً۔ الدَّوَابَّ: دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا ۔۔۔ الْقَوْمَ: امور کی تدبیر و انتظام کرنا ۔۔۔ الْأَمْرَ: انتظام کرنا۔ صفت (سَائِسٌ) ج سَاسَة و سُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْ سَاسَ وَسِيْسَ عَلَيْهِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ يَسَاسُ وسَوِسَ يَسْوَسُ وسِيْسَ يَسَاسُ سَوْسًا و تَسَوَّسَ۔ الطَّعَامُ: گھن پڑنا ۔۔۔ الشَّاةُ: بکری کا بہت جوں والی ہونا۔

سَوَّسَ۔ الطَّعَامُ: گھن پڑنا ۔۔ لَهٗ أَمْرًا: مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فُلَانٌ أَمْرَ الْقَوْمِ" فلاں قوم کے امور کا مالک بنایا گیا۔

أَسَاسَ۔ الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔ أَسَاسَهُ النَّاسُ: رئیس و سردار بنا لینا۔ أَسَاسَتِ الشَّاةُ: بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِيْس)

السَّاس۔ منتظم۔ دانت کی جڑ جسکو کیڑوں نے کھا لیا ہو (اس کی اصل سَائِس ہے مثل هَارٍ و هَائِرٍ و صَافٍ صَائِفٍ کے)

السُّوْس۔ اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَة) کسی چیز کا کھانے والا۔ السُّوْس: اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الْفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِهٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ ملیٹھی کا درخت

السُّوَس۔ ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔

السُّوَاس۔ گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کر دیتی ہے۔

السِّيَاسَة۔ مع۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ السِّيَاسَةُ الْمَدَنِيَّةُ: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔

السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان۔ ایک خوشبودار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَة) ج سَوَاسِن۔

سَاطَ يَسُوْطُ سَوْطًا۔ کوڑے مارنا۔ ۔۔۔ الشَّيْءَ: مخلوط کرنا ۔۔۔ الْحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا ۔۔۔ الْأَمْرَ: تہ و بالا کر دینا (۔۔ سَوْطًا) نَفْسُهٗ: جی کا متلانا۔

سَوَّطَ۔ الْكُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا ۔۔۔ الْأَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا ۔۔ الْحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔

إِسْتَوَّطَ۔ الْأَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

السَّوْط۔ کوڑا۔ چابک۔ ج أَسْوَاط و سِيَاط السَّوْط: حصہ۔ سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے "هُمَا يَتَعَاطَيَانِ سَوْطًا وَاحِدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّيَاط گندنا کی شاخیں۔

السَّوَّاط۔ سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔

السَّوِيْط۔ گڈمڈ۔ ملا ہوا۔

الْمِسْوَاط۔ بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (۔۔ والْمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔

الْمِسْيَاط۔ پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے

سَوْطَرَ۔ دیکھئے سَیْطَرَ۔

سَاعَ یَسُوْعُ سَوْعًا۔ ضائع ہونا۔ سَاعَتِ الْاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔

سَاوَعَہٗ مُسَاوَعَۃً وَسِوَاعًا۔ گھنٹہ بھر کے لئے معاملہ کرنا۔۔۔ الرَّجُلُ۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

اَسَاعَ اِسَاعَۃً۔ الشَّیْئَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔

اَسْوَعَ اِسْوَاعًا۔ ایک گھنٹہ موخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

السَّوْعُ والسُّوَاعُ۔ رات کا ایک حصہ۔

السَّائِعُ۔ ہلاک ہونے والا۔ ج سَاعَۃٌ۔

السَّاعَۃُ۔ گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے: "اِقْضِنِیْ حَقِّیْ السَّاعَۃَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدۃ) ج سَاعَات وسَاعٌ۔ السَّاعَۃُ الرَّمْلِیَّۃُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَۃُ الشَّمْسِیَّۃُ: دھوپ گھڑی۔

سَاعَۃٌ سَوْعَاءُ۔ سخت وقت۔

السُّوَیْعَۃُ۔ ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔

رَجُلٌ (مِسْیَاعٌ ومِسْیَعٌ) لِلْمَالِ: مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ مِضْیَاعٌ مِسْیَاعٌ ومِضْیَعٌ مِسْیَعٌ"

السُّوَاعُ والسُّوَعَاءُ۔ مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے فی السُّوَعَاءِ الْوُضُوْءُ۔ السُّوَاعُ: ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی۔ اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔

الْمُسَوَّعُ۔ جائز۔

سَاغَ (ن) سَوْغًا وسَوَاغًا وسَوَغَانًا۔ الْاَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغٌ) الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغٌ و سَیِّغٌ و سَوْغٌ) کہا جاتا ہے: "سَاغَ لِیَ الشَّرَابُ" سَاغَتْ بِہٖ الْاَرْضُ: دھنسا دینا۔

سَاغَ یَسُوْغُ سَوْغًا وسَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا۔ الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جیسے لغت (اَسَاغَہٗ) ہے۔

سَوَّغَ۔ الْاَمْرَ: جائز کرنا۔۔۔ لَہٗ کَذَا: دینا کسی کے لئے خاص کر دینا۔

اَسَاغَ۔ الطَّعَامَ اَوِ الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا۔ اور کہا جاتا ہے: "اَسِغْ لِیْ غُصَّتِیْ" یعنی مجھے مہلت دے۔

اَسْوَغَ اِسْوَاغًا۔ الصَّبِیُّ اَخَاہُ: ساتھ پیدا ہونا۔ یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مونث (سَوْغٌ و سَوْغَۃٌ و سَیِّغٌ) کہا جاتا ہے: "ھٰذَا سَوْغُ ھٰذَا وھُوَ اَخُوْہُ سَوْغُہٗ وھِیَ اُخْتُہٗ سَوْغُہٗ وھُوَ اَخُوْہُ سَیْغُہٗ وھِیَ اُخْتُہٗ سَیْغَتُہٗ" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔

اِسْتَسَاغَ۔ الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔

السَّیِّغُ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب

السِّوَاغُ۔ حلق کے پھندے کو دور کرنیوالی چیز۔ کہا جاتا ہے: "الْمَاءُ سِوَاغُ الْغُصَصِ" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔

سَافَ یَسُوْفُ ویَسَافُ سَوْفًا۔ الْمَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔

سَافَ یَسُوْفُ سَوْفًا۔ عَلَیْہِ: صبر کرنا۔ (۔۔۔ واِسْتَافَ اِسْتِیَافًا) الشَّیْئَ: سونگھنا۔

سَوَّفَہٗ۔ ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ۔۔۔ ہ الْاَمْرَ: پورا اختیار دینا۔

سَاوَفَہٗ مُسَاوَفَۃً۔ سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔

اَسَافَ اِسَافَۃً۔ مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِیْفٌ) اور اولاد کو (مُسَافٌ) کہتے ہیں۔ اَسَافَہُ اللّٰہُ: ہلاک کرنا۔

سَوْفَ۔ مبنی بر فتحہ: حرفِ استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے۔ اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے: "فُلَانٌ یَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔

السَّائِفَۃُ۔ باریک ریت اور ریتلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔

السَّوَافُ والسُّوَافُ۔ جانوروں کی بیماری وہلاکت۔ کہا جاتا ہے: "وَقَعَ فِی الْمَالِ السَّوَافُ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی۔ اور اسی سے مثل ہے۔ "اَسَافَ حَتّٰی مَا یَشْتَکِی السَّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔

السَّافُ والسَّافَۃُ۔ مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُف وسَافَات۔ کہا جاتا ہے: "بَنٰی سَافَیْنِ اَوْ ثَلَاثَ سَافَاتٍ" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السَّافُ: ایک شکاری پرندہ۔

السَّافَۃُ والسُّوْفَۃُ۔ ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوُوْف وسُوَف۔

الْمَسَافَۃُ والْمَسَافُ۔ ج مَسَاوِفُ و (السِّیْفَۃُ) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو: "کَمْ مَسَافَۃُ ھٰذِہِ الْاَرْضِ ومَسَافَتُھَا وسِیْفَتُھَا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ "وبَیْنَھُمْ مَسَاوِفُ مَرَاحِلَ" ان کے درمیان بہت بُعد ہے۔ الْمَسَافُ: ناک۔

الْمُسِیْفَانُ۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔

الْمُسْتَافُ۔ قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔

الْمُسَوَّفُ۔ فا۔ صابر۔ خود مختار۔

الْمِسْوَفُ۔ عطردان۔

سَاقَ یَسُوْقُ سَوْقًا وسِیَاقًا وسِیَاقَۃً ومَسَاقًا واَنْسَاقَ واِسْتِیَاقًا۔ الْمَاشِیَۃَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِقٌ) ج سَاقَۃٌ وسُوَّاقٌ وسَائِقُوْنَ۔ صفت مفعول (مَسُوْقَۃٌ) اور کہا جاتا ہے: "سَاقَ مَسَاقَ غَیْرِہٖ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ الْحَدِیْثَ: بیان کرنا۔

سَاقَہٗ يَسُوْقُہٗ سَوْقًا وسِيَاقًا۔ پنڈلی پرمارنا۔ سَاقَ اِلَيْہِ الْمَالَ : بھیجنا۔ پیش کرنا — مَہْرَ اِمْرَأَتِہٖ : مہر دینا — اَلْمَرِيْضُ نَفْسَہٗ عِنْدَ الْمَوْتِ وسِيْقَ عَلَی الْمَجْہُوْلِ : جانکنی ہونا۔

سَوِقَ يَسْوَقُ سَوَقًا۔ اچھی اور پُرگوشت پنڈلی والا ہونا۔

سَوَّقَ۔ اَلنَّبْتُ : تنہ دار ہونا — ہ الْاَمْرَ: مالک بنانا — اَلْمَاشِيَۃَ : جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔

سَاوَقَہٗ۔ ہانکنے میں فخر کرنا۔

اَسَاقَہٗ اِسَاقَۃً واسْتَسَاقَہٗ اِسْتِسَاقَۃً الْمَاشِيَۃَ : ہانکنے کے لئے دینا۔

تَسَوَّقَ۔ خرید و فروخت کرنا۔

تَسَاوَقَتِ۔ الْمَاشِيَۃُ : قطار میں چلنا چلنے میں بھیڑ کرنا۔

اِنْسَاقَ۔ ہانکا جانا — الْاِبِلُ : قطار میں چلنا۔

اَلسَّاقُ۔ پنڈلی (مؤنث) ج سُوْقٌ وسِيْقَان واَسْوُق۔ سَاقُ الشَّجَرَۃِ : درخت کا تنہ۔ سَاقُ الْحَمَامِ وسَاقُ الْغُرَابِ : دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍّ: نر قمری۔ کہا جاتا ہے "كَشَفَ الْاَمْرُ عَنْ سَاقٍ" یعنی معاملہ سخت ہو گیا۔ و "قَامَتِ الْحَرْبُ عَلٰی سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ و "وَلَدَتِ الْمَرْأَۃُ ثَلَاثَۃَ بَنِيْنَ عَلٰی سَاقٍ وَاحِدَۃٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔

اَلسَّاقَۃُ۔ ج سُوَّقٌ۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِیْ سَاقَۃِ الْجَيْشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔

اَلسُّوْقُ۔ بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاقٌ۔ سُوْقُ الْحَرْبِ: میدان جنگ۔

اَلسَّوَقُ۔ پنڈلی کی لمبائی۔

اَلسُّوْقَۃُ۔ رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع مذکر و مؤنث)

اَلسَّيِّقُ۔ مِنَ السَّحَابِ : بادل جس کو ہوا اڑا دے۔

اَلسَّيِّقَۃُ۔ جانور جن کو دشمن ہانک کر لیجائے کہا جاتا ہے "اَلْمَرْءُ سَيِّقَۃُ الْقَدَرِ" مرد تابع قضا و قدر ہے۔ اَلسَّيِّقَۃُ : شکاری کی اوٹ۔ ج سَيَائِقُ ۔ وسَيِّقَات۔

اَلسَّوِيْقُ۔ ستو۔ ج اَسْوِقَۃٌ۔ شراب۔

اَلسِّيَاقُ۔ مص۔ عورت کا مہر۔ سِيَاقُ الْكَلَامِ : اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ ہٰذِہِ الْعِبَارَۃُ فِیْ سِيَاقِ الْكَلَامِ" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔

اَلسَّوَّاقُ۔ ہانکنے والا۔ ستر بیچنے والا۔ یا بنانے والا۔

اَلْاَسْوَقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاءُ ج سُوْقٌ۔

اَلسُّوَاقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔

اَلْمِسْوَقُ۔ لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔

اَلْمُنْسَاقُ۔ تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔

سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا وسِوَاكًا۔ اَلشَّیْءَ: رگڑنا ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاكَ الْاِنْسَانُ بِالْعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔

سَاكَ سَوَاكًا وتَسَاوَكَ۔ آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔

تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا واسْتَاكَ اِسْتِيَاكًا مسواک کرنا۔

اَلسِّوَاكُ۔ مص۔ ج سُوْكٌ و (اَلْمِسْوَاكُ) ج مَسَاوِيْكُ۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواک۔

سَالَ يَسَالُ سُوَالًا وسَوَالًا۔ سَأَلَ کا ایک لغت۔

سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلًا۔ ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَلُ۔ مؤنث سَوْلَاءُ ج سُوْلٌ۔

سَوَّلَ۔ ہ الشَّيْطَانُ : گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لئے رونق تاز ملنا۔ کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا مِنْ تَسْوِيْلَاتِ الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَہٗ نَفْسُہٗ كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا

تَسَوَّلَ۔ الْبَطْنُ : ڈھیلا پڑنا۔

اَلسُّوْلُ۔ السُّؤْلُ کا مخفف۔

اَلسُّوَلَۃُ۔ بہت پوچھنے والا۔

اَلسَّوْلَاءُ۔ اَسْوَلُ کا مؤنث۔ بڑا ڈول

اَلسَّوِيْلُ۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِيْلُكَ فِیْ ہٰذَا الْاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔

سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا وسَوَامًا۔ السِّلْعَۃَ: فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔ — اَلْمُشْتَرِیْ السِّلْعَۃَ : بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِہٖ كَذَا وَكَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔ سَامَتِ الْمَاشِيَۃُ : جانور کا چراگاہ میں جانا۔ سَامَہٗ الْاَمْرَ: تکلیف دینا۔ سَامَہٗ خَسْفًا : ذلیل کرنا — الطَّيْرُ عَلَی الشَّیْءِ : پرندہ کا منڈلانا۔ — الرِّيْحُ : ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔ سَامَ النَّاقَۃَ عَلَی الْحَوْضِ : اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔

سَوَّمَہٗ۔ الْاَمْرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔ — ہ فِیْ مَا يَمْلِكُ : حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا — فُلَانًا : کسی کو اس کے منشا پر چھوڑ دینا کر جو چاہے کرے۔ امثال عرب میں سے ہے۔ "عَبْدٌ وَمُسَوَّمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں۔ جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو — الْخَيْلَ : گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا — عَلَيْہِمْ : لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا — الْفَرَسَ : گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا ومُسَاوَمَۃً۔ بِالسِّلْعَۃِ :

سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَ۔ السِّلْعَۃَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا — فِی السِّلْعَۃِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

اَسَامَ اِسَامَۃً۔ المَاشِیَۃَ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا — اِلَیْہِ بَصَرَہٗ: نظر ڈالنا۔

اِسْتَامَ۔ فُلَانًا السِّلْعَۃَ: قیمت دریافت کرنا — بِہَا: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ۔ علامت لگانا۔

السَّام۔ موت۔ زہل۔ واحد (سَامَۃٌ)

السَّامَۃ: موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ جو سِیَمٌ۔

السِّیمَۃ والسُّومَۃ والسِّیمَا والسِّیمٰی علامت ہیئت۔ کہا جاتا ہے۔ "فِیْہِ سُوْمَۃُ الصَّلَاحِ وَسِیْمَۃٌ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔

السِّیْمِیَا والسِّیمِیَاء۔ علامت۔ خوبصورتی

السَّائِم۔ فا۔ خودسری سے چلنے والا۔ چرواہا

السَّائِمَۃ والسَّوَام۔ چرنے والا اونٹ جانور۔ جو سَوَائِمُ۔

السُّوَام۔ مع۔ ایک پرندہ۔

المُسَام۔ جلدی گذرنا۔

المُسَامَۃ۔ چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔

المُسَوَّم۔ خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ اَلْخَیْلُ المُسَوَّمَۃ۔ چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سَوِیَ یَسْوٰی سِوًی۔ الرَّجُلُ: درست کام والا ہونا۔

سَوّٰی۔ الشَّیْءَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا کہا جاتا ہے: "سَوَّیْتُ المُعْوَجَّ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقاً بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے اللّٰہ یُسَوِّی الْاَبْرَ۔

(— وسَاوٰی) بَیْنَہُمَا وسَوَّاہ وسَاوَاہ بہ: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّیَتْ عَلَیْہِ الْاَرْضُ" یعنی وہ ہلاک ہو گیا اور دفن کر دیا گیا۔ وسَاوَی الشَّیْءَ: برابر ہونا۔ سَاوَی الرَّجُلُ قِرْنَہٗ: ہم مثل ہونا۔ قدر و قیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے: "ہٰذَا لَا یُسَاوِی دِرْہَمًا"۔ ایک درہم کی برابر نہیں۔

اَسْوٰی اِسْوَاءً۔ رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ درست امور والا ہونا — الشَّیْءَ: ہموار کرنا۔

— اَسْوَاہ: برابر کرنا۔

تَسَوّٰی۔ ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِہِ الْاَرْضُ" یعنی وہ ہلاک ہو گیا اور دفن کر دیا گیا

تَسَاوَیَا۔ فِی کَذَا: ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوٰی۔ الشَّیْءُ: معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الشَّیْءَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی — الرَّجُلُ: درست امور والا ہونا پوری جوانی کو پہونچنا — عَلَیْہِ: غالب ہونا۔ — عَلٰی ظَہْرِ الدَّابَّۃِ: جم کے بیٹھنا: "اِسْتَوٰی عَلٰی سَرِیْرِ المُلْکِ" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے — اِلَی الشَّیْءِ: قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِہِ الْاَرْضُ: ہلاک و مدفون ہونا۔ اِسْتَوَی الطَّعَامُ: پک کر تیار ہونا۔

السَّوِیُّ۔ ارادہ۔

السَّوَاء۔ برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَہٗ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ و "لَقِیْتُہٗ فِی سَوَاءِ النَّہَارِ" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی۔ اور سوا غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاؤُوْا سَوَاءَ زَیْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَکَانٌ سَوَاءٌ وثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ و "سَوَاءُ السَّبِیْلِ" سیدھا راستہ۔ وہٰذَا دِرْہَمٌ سَوَاءٌ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی

السَّوَاء: مثل، مانند: "ہُمَا فِی ہٰذَا الْاَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءَانِ بھی کہہ سکتے ہو۔ اور جمع کی صورت میں ہُمْ سَوَاءٌ یا ہُمْ اَسْوَاءٌ اور خلاف قیاس "ہُمْ سَوَاسِیَۃٌ و سَوَاسِیَۃٌ و سَوَاسُوَۃٌ" بھی کہہ سکتے ہو۔ ولَیْلَۃُ السَّوَاءِ: تیرھویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے۔ "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ وَالْعَدَمُ" میرا گذر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہو۔ اور جب سواء کے بعد ہمزۂ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَزَیْدٌ جَاءَ اَمْ عَمْرٌو" میرے لئے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَیَّ اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ" میرے لئے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو۔ اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعہ ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قُمْتَ اَوْ قَعَدْتَ" اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف وَاوْ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَیَّ قِیَامُکَ اَوْ قُعُوْدُکَ وقِیَامُکَ وقُعُوْدُکَ"

السِّوٰی والسُّوٰی۔ برابر۔ وسط۔ غیر۔ مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاؤُوْا سِوٰی زَیْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِیْ رَجُلٌ سِوَاکَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوًی وَالْعَدَمُ" میرا گذر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ہُمَا عَلٰی سِوًی" یعنی اُن کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَّوِیُّ۔ ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف مَکَانٌ سَوِیٌّ: بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِیٌّ: بے عیب لڑکا۔ جو اَسْوِیَاء۔

السَّوِیَّۃ۔ السَّوِیُّ کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے: "ہُمْ عَلٰی سَوِیَّۃٍ فِی ہٰذَا الْاَمْرِ" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَیْنَہُمَا بِالسَّوِیَّۃِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ جو سَوَایَا۔

السِّیُّ۔ بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا سِیَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ بکان

بِیّ: ہموار جگہ۔ اور مؤنث کے لئے کہا جاتا ہے "اِیْ بِیْتِیْ لَکِ وَلَیْسَتِ الْمَرْأَۃُ لَکِ بِسِیِّ ذٰلِکَ بِأُخْتِہَا" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں۔ اور "لَا سِیَّمَا" سِیّ اور مَا سے مرکب ہے اور کلمۂ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور "لَا سِیَمَا" تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

الأَسْوٰی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے: "ہٰذَا الْمَکَانُ أَسْوٰی بَیْنَہُمْ الاَیَکُنَّہُ"

الإِسْتِوَاءُ۔ مص۔ درستی۔ اعتدال۔ (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِیِّیْنَ: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصوں شمالی وجنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَیَّأَتْ وتَسَیَّأَتْ۔ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بغیر دوہنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَسَیَّأَتْ عَلَیَّ الأُمُوْرُ" میرے اوپر امور مختلف ہو گئے۔ "وتَسَیَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّیْ" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

إِنْسَیَأَ۔ اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوہنے کے بہنا۔

السِّیْءُ والسِّیْءُ۔ دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوہے ہوئے نکلے۔ ج أَسْیَاءٌ۔

سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا۔ الْمَاءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا ——— الرَّجُلُ: تیز چلنا ——— فِیْ کَلَامِہٖ ——— بغیر غور و فکر کے بولنا ——— الدَّابَّۃُ: جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَیَّبَہٗ۔ چھوڑ دینا ——— الْعَبْدَ: غلام کو آزاد کر دینا۔

إِنْسَابَ إِنْسِیَابًا۔ تیز چلنا۔ إِنْسَابَتِ الْحَیَّۃُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔ ——— فُلَانٌ نَحْوَنَا۔ لوٹنا۔

السَّیْبُ۔ مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپّو۔ ج سُیُوْبٌ۔

السِّیْبُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُیُوْبٌ سِیْبٌ۔ (فارسی)

السِّیَابُ والسَّیَابُ والسُّیَابُ۔ کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بَلَح۔ اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سِیَابَۃٌ وسَیَابَۃٌ۔ السُّیَابَۃُ: شراب۔

السِّیْسَبَانُ۔ سِبْسَبان کا مرادف کلمہ ہے۔ بعض جوں کے انڈے۔

السَّائِبَۃُ۔ چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانۂ جاہلیت میں نذر وغیرہ کیلئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچّے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے اسکے بچّے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا۔ اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔ ج سُیَّبٌ وسَوَائِبُ۔

سَیَّجَ۔ الْکَرْمَ: انگور میں باڑ لگانا۔

السِّیَاجُ۔ دیوار۔ باڑ۔ ج سِیَاجَاتٌ۔ وأَسْوِجَۃٌ وسُوْجٌ۔

السَّیْجَانُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔

سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا وسَیَحَانًا۔ الْمَاءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت "مَاءٌ سَائِحٌ" (وسَیْحٌ) کہا جاتا ہے: "ہٰذِہِ الأَرْضُ تُسْقٰی بِالْمَاءِ سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے ——— الظِّلُّ: پھرنا۔ ہٹ جانا (سَیْحًا وسَیَحَانًا وسِیَاحَۃً وسُیُوْحًا) زمین میں عبادت کے لئے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا صفت (سَائِحٌ) ج سُیَّاحٌ وسَائِحُوْنَ۔

سَیَّحَہٗ وأَسَاحَہٗ۔ بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَیَّحَ تَسْیِیْحًا کَثِیْرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ أَسَاحَ الْفَرَسُ بِذَنَبِہٖ: گھوڑے کا دُم کو لٹکانا۔

إِنْسَاحَ۔ بَطْنُہٗ: پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا ——— الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا ——— بَالُہٗ: کشادہ دل ہونا۔ إِنْسَاحَتِ الصَّخْرَۃُ: چٹان کا پھٹ جانا۔

السَّیْحُ۔ مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاریدار کمبل۔ ج سُیُوْحٌ وأَسْیَاحٌ۔

السَّائِحُ۔ مسجد میں رہنے والا روزہ دار۔

السَّیَّاحُ۔ ملکوں میں بہت پھرنے والا۔

المِسْیَاحُ۔ برائی اور چغلی کو پھیلانے والا۔ ج مَسَایِیْحُ۔

المُسَیَّحُ۔ مِنَ الثِّیَابِ: دھاریدار کپڑا۔

سَاخَ یَسِیْخُ سَیْخًا وسَیَخَانًا۔ مضبوط ہونا۔ سَاخَتْ قَدَمُہٗ فِی الطِّیْنِ: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

السِّیْخُ۔ بڑی چھری۔ (فارسی)

السِّیَاخُ۔ مٹی کی عمارت۔ ج سُیُوْخٌ۔

سَارَ (ض) سَیْرًا وتَسْیَارًا ومَسِیْرًا ومَسِیْرَۃً وسَیْرُوْرَۃً۔ جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ——— ہٖ وبِہٖ: چلانا ——— الدَّابَّۃَ: جانور پر سوار ہونا ——— السُّنَّۃَ: عمل کرنا۔ جیسے "و اَوَّلُ رَاضٍ سُنَّۃً مَنْ یَسِیْرُہَا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے: "سِرْ عَنْکَ" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے: "سِرْ وَدَعْ عَنْکَ الشَّکَّ" و "المَرْأَۃُ ——— سَارَ الْکَلَامُ أَوِ الْمَثَلُ فِی النَّاسِ: مشہور ہونا۔

سَیَّرَ وأَسَارَ۔ الرَّجُلَ: چلانا ——— الْجُلَّ عَنْ ظَہْرِ الدَّابَّۃِ: اتار دینا۔ سَیَّرَ الثَّوْبَ او السَّہْمَ: دھاری ڈالنا۔ سَیَّرَ الْمَثَلَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَیَّرَ سِیْرَۃً: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَیَّرَہٗ مِنْ بَلَدِہٖ: جلاوطن کرنا۔ نکال دینا۔

سَایَرَہٗ۔ ساتھ چلنا۔
تَسَیَّرَ۔ الجِلْدُ: چھل جانا۔
تَسَایَرَا۔ باہم مل کر چلنا۔ تَسَایَرَ عَنْ وَجْہِہِ الغَضَبُ: زائل ہونا۔
اِسْتَارَ اِسْتِیَارًا۔ زادِ راہ خریدنا۔ بِسِیْرَۃِ فُلَانٍ: کسی کی سیرت وعادت پر چلنا۔
سَارُ۔ الشَّئِ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَّیْرُ۔ تسمہ۔ ج سُیُوْرٌ وسُیُوْرَۃٌ واَسْیَارٌ
السِّیْرَۃُ۔ سار کا اسم۔ عادت۔ طریقہ طرزِ زندگی۔ ہیئت۔ سِیْرَۃُ الرَّجُلِ: سوانح عمری لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت۔ کہا جاتا ہے: "ہُوَ حَسَنُ السِّیْرَۃِ" وہ اچھی عادت والا ہے۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مَنْ طَابَتْ سَرِیْرَتُہٗ حُمِدَتْ سِیْرَتُہٗ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔
ج سِیَرٌ۔
السِّیَرَاءُ۔ دھاری دار چادریں۔ یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی نباتات۔ گٹھلی سے چپٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔
السَّائِرُ۔ فا۔ سَائِرُ الشَّئِ: چیز کا بقیہ۔ اَلْمَثَلُ السَّائِرُ:
السَّیَّارُ والسَّیِّرَۃُ والسَّیُوْرُ۔ بہت چلنے والا۔
السَّیَّارَۃُ۔ السَّیَّار کا مؤنث۔ قافلہ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ۔ جیسے زحل، مشتری، مریخ، زمین، زہرہ، عُطارد وغیرہ۔ ج سَیَّارَات۔ السَّیَّارَۃُ: موٹرکار
التَّسْیَارُ۔ مص۔ سیر کا مبالغہ۔
المَسُوْرُ۔ مفو۔ قیاس کے لحاظ سے مَسِیْرٌ ہے۔ مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا۔ طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمد ورفت والا راستہ۔
المَسِیْرَۃُ۔ مص۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے: "بَیْنَہُمَا مَسِیْرَۃُ یَوْمٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔
المُسَیَّرُ۔ مِنَ الثِّیَابِ: دھاری دار کپڑا۔
السِّیْرَجُ۔ تل کا تیل۔

سَیِسَ یَسْیَسُ سَیَسًا۔ الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔
سَاسَاہُ۔ شرم دلانا۔ عار دلانا۔
السِّیْسُ۔ چنبیلی کا پودہ۔
السِّیْسَاءُ۔ ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ۔ سِیْسَاءُ الظَّہْرِ مِنَ الدَّوَابِّ: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ۔

سَیْطَرَہٗ سَیْطَرَۃً وتَسَیْطَرَ۔ نگہبان ہونا۔ داروغہ ہونا۔

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا وسُیُوْعًا۔ الشَّئُ: ضائع ہونا۔ ـــ وانْسَاعَ وتَسَیَّعَ: المَاءُ: پانی کا اِدھر اُدھر بہنا۔ اِنْسَاعَ الجَامِدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔
سَیَّعَ۔ الحَائِطَ بِالطِّیْنِ: دیوار کا مٹی سے لیپنا ـــ الشَّئَ: تیل وغیرہ ملنا۔
اَسَاعَ۔ الشَّئَ: ضائع کرنا۔
السَّیْعُ۔ مص۔ سطحِ زمین پر بہنے والا پانی
السِّیَاعُ۔ گارا۔ کہگل۔
السِّیْعَاءُ والسِّیَعَاءُ۔ رات کا حصہ کہا جاتا ہے: "خَرَجْتُ بَعْدَ سِیْعَاءٍ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گذر جانے کے بعد میں نکلا۔
المِسْیَعَۃُ۔ کرنی۔ کہگل کرنے کا اوزار۔
نَاقَۃٌ مِسْیَاعٌ۔ بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی۔

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا۔ الشَّرَابُ: خوش گوار بنانا۔
السَّیْغُ۔ مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا۔ الیَدُ: ناخن کے اِردگرد پھٹنا۔
سَافَہٗ یَسِیْفُہٗ سَیْفًا۔ تلوار سے مارنا
تَسَیَّفَہٗ۔ تلوار سے مارنا۔
سَایَفُوْا وتَسَایَفُوْا واسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا باہم تلوار بازی کرنا۔ واُسْتِیْفَ القَوْمُ: تلوار سے مارا جانا۔
السَّیْفُ۔ تلوار۔ ج اَسْیَافٌ وسُیُوْفٌ واَسْیُفٌ ومَسِیْفَۃٌ و(السَّائِفُ) تلوار سے مسلح۔ سَیْفُ الجَبَّارِ تین ستاروں کے نام۔ سَیْفُ الرِّیَاحِ: ایک قسم کی نباتات۔
السَّیْفُ والسِّیْفُ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے۔ السِّیْفُ: سمندر کا کنارہ۔ یا ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْیَافٌ وہ چیز جو کھجور کے ڈنٹھل کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔
السَّیْفَانُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا وپتلا مرد۔ مؤنث سَیْفَانَۃٌ۔ اور بقول بعض عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔
السَّیَّافُ شمشیرزن۔ ج سَیَّافَۃٌ۔ رَجُلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد۔ سَیَّافُ الاَمِیْرِ: جلّاد۔
الاُسْیَافُ۔ پارٹیاں۔
المُسَایِفُ۔ خشک سال۔ قحط۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْہُمُ المُسَایِفُ" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔
المُسِیْفُ۔ تلوار سے مسلح۔ دلیر۔ فقیر۔
المُسَیَّفُ۔ مِنَ الدَّرَاہِمِ: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں ـــ مِنَ البُرُوْدِ: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو۔ یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔
السِّیْکَاہُ۔ فن موسیقی کا ایک راگ (جدید)

سَالَ (ض) سَیْلًا وسَیَلَانًا ومَسِیْلًا ومَسَالًا۔ المَاءُ: بہنا۔ سَالَتْ غُرَّۃُ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔
اَسَالَ اِسَالَۃً وسَیَّلَ تَسْیِیْلًا۔ المَاءَ: جاری کرنا۔ بہانا۔ اَسَالَ الجَامِدَ: پگھلانا۔
اَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔
تَسَایَلَ۔ القَوْمُ: ہر طرف سے آنا۔

السَّائِلَة - مِنْ غُرَّةِ الْخَيْلِ: گھوڑے کی ناک تک پیشانی کی سفیدی - ج سَوَائِل -
السَّيْل - ج - بہنے والا - کہا جاتا ہے "مَاءٌ سَيْلٌ" بہنے والا پانی - السیل: سیلاب - ج سُيُول -
السَّيْلَة - پانی بہنے کی جگہ - سال کا اسم مرۃ
السِّيلَة - پانی کا بہاؤ -
السِّيلَان - ایک قیمتی پتھر - تلوار کا وہ حصہ

جو میان میں داخل ہو - ج سَيَالِين -
السَّوَائِل - مِنَ الْمَعَادِنِ وَغَيْرِهَا: بہنے والی چیزیں -
السَّيَال - سفید لمبے کانٹوں والا ایک پودہ کہ جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے - واحد - سَيَالَة -
السَّيَّال - زور سے بہنے والا - مؤنث سَيَّالَة
السَّيَّال: ایک قسم کی مچھلی -

مَسِيلٌ - الْمَاءِ: پانی بہنے کی جگہ - ج مَسَايِل ومُسُل وأَمْسِلَة ومُسْلَان -
الْمَسَال - مِنَ الْوَجْهِ: ڈاڑھی نکلنے کی ایک جانب -
السِّيمُونِيَّة - سیمون جادوگر کی طرف منسوب مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش -
سِيَةُ - الْقَوْسِ: کمان کا سرا - ج سِيَات

ش (۳۰۰)

الشُّؤْبُوب - بارش کی بوچھار - دھوپ کی تیزی - ہر چیز کی حد - ہر چیز کی شدت ودفع - آغازِ حسن - ج شَآبِيب - کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ شَآبِيبِ الْوَجْهِ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے -
الشَّئِيت - ٹھوکر کھانے والا گھوڑا -
شَأَجَهُ يَشْأَجُهُ - الْأَمْرُ: غمگین کرنا -
شَئِزَ (س) شَأْزًا وشُؤُوزَةً وشُؤَازًا - الْمَكَانُ: سخت اور بلند ہونا - ناہموار ہونا - صفت (شَأْزٌ وشَئِزَةٌ) (— وشَئِزَ) بے آرام ہونا - ڈرنا -
شَأَزَ (ف) شَأْزًا - الْجَارِيَةَ: جماع کرنا -
أَشْأَزَهُ - رنجیدہ کرنا - بے آرام کرنا - ڈرانا
أَشْأَزَ الرَّجُلُ: عَنْ كَذَا: بلند ہونا -
إِشْتَأَزَ - بدکنا -
الشَّأْزَة - اسم مرۃ - خَيْلٌ شَأْزَةٌ: موٹا گھوڑا
الْمَشْؤُوز والْمُشْأَز - بے آرام - بے قرار خوف زدہ -
شَئِسَ (س) شَأْسًا - الشَّيْءُ: سخت ہونا — الرَّجُلُ: مرض یا غم سے بے قرار ہونا — الْمَكَانُ: سخت وسنگریزہ دار ہونا - مَكَانٌ شَئِسٌ (وشَأْسٌ) سخت وسنگریزہ والی جگہ - ج شُئُس وشُؤُوس -
شَأْشَأَ شَأْشَأَةً وشَأْشَاءً - الرَّاعِي

الْغَنَمَ أو الْحِمَارَ وبِهَا: شَأْ شَأْ یا شُؤْشُؤْ کہہ کر ہانکنا - النَّخْلَةَ: درخت خرما میں گابھا لگنا -
تَشَأْشَأَ - الْقَوْمُ: متفرق ہونا - بکھرنا -
الشَّأْشَاء - ج - ایک قسم کی ردی کھجور - کھجور کے لمبے درخت -
شَئِفَتْ (س) شَأَفًا - الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا - صفت (مَشْؤُوفَةٌ) شَئِفَتْ أَصَابِعُهُ: ناخنوں کے اردگرد پھٹنا - (— شَأْفًا وشَآفَةً) فُلَانًا ولِفُلَانٍ: بغض رکھنا -
شُئِفَ - خوف زدہ ہونا - ڈرایا جانا - صفت (مَشْؤُوف) شُئِفَتِ الرِّجْلُ: آبلہ پڑنا -
إِسْتَشْأَفَتْ - الْقَرْحَةُ: خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا -
شَأَفَ - الْجُرْحُ: زخم کی خرابی -
الشَّأْفَة - جڑ - پھوڑے کا زخم - کہا جاتا ہے "إِسْتَأْصَلَ شَأْفَتَهُ" اس نے اسے جڑ سے کھود دیا - "وَبَيْنَهُمْ شَأْفَةٌ" ان کے درمیان عداوت ہے - "إِسْتَأْصَلَ اللهُ شَأْفَتَهُمْ" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے - شَأْفَةُ الرَّجُلِ: اہل ومال -
رَجُلٌ (شَأْفَةٌ) - معزز و بلند مرتبہ مرد -
شَأَمَ (ف) شَأْمًا - الْقَوْمَ وعَلَيْهِمْ: بدبختی ڈالنا - صفت (شَائِم)
شَؤُمَ (ك) شَآمَةً وشُؤْمًا - عَلَيْهِمْ: منحوس ونامبارک ہونا -

شَأَمَهُمْ - ملک شام کی طرف روانہ کرنا -
شَاءَمَ مُشَاءَمَةً - بِهِ: بائیں طرف لینا - الرَّجُلُ: ملک شام میں آنا -
أَشْأَمَ - ملک شام کا ارادہ کرنا - ملک شام میں آنا - سر اٹھائے ہوئے گزرنا -
تَشَاءَمَ وتَشَأَّمَ - ملک شام کی جانب منسوب ہونا - بائیں طرف ہونا -
تَشَاءَمَ وإِسْتَشْأَمَ - بِهِ: بدفالی کرنا - بدشگون لینا -
الشُّؤْم - نحوست - کالے اونٹ -
الشَّأْم والشَّام - ملک شام -
الشَّامِيّ والشَّآمِي والشَّآمِيّ - ملک شام کی جانب منسوب -
الشَّائِم - فا - نحوست لانے والا -
الشَّأْمَة والْمَشْأَمَة - نحوست -
الشِّيمَة والشِّيْمَة - خلق - طبیعت عادت - ج شِيَم -
الْأَشْأَم - اسم تفضیل - اور اسی سے ہے - "أَشْأَمُ كُلِّ امْرِئٍ بَيْنَ لَحْيَيْهِ" ہر آدمی کی بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے یعنی زبان - بدبختی لانے والا - مؤنث شُؤْمَى -
وَالْيَدُ الشُّؤْمَى: بایاں ہاتھ -

الاَشَائِم۔ اِشأم کی جمع۔

المَشئُوم والمَشئُوم۔ منحوس۔ بدبخت۔ ج مَشَائِم۔

شَأَنَ (ف) شَأْنًا۔ صاحب عزت و مرتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے: "شَأَنَ شَأْنَکَ" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا۔ "مَا شَأَنَ شَأْنَکَ" اس نے تمہارے کام کی پرواہ نہیں کی۔ "وَاشْأَنْ شَأْنَکَ" اپنی حالت پر رہو۔

اِشْتَأَنَ۔ شَأْنَکَ: کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا۔

الشَّأْن۔ ج شُؤُون وشِئَان وشِئِین: بڑے بڑے امور و احوال۔ معاملہ۔ حالت کہا جاتا ہے: "مِنْ شَأْنِہٖ کَذَا اَوْ اَنْ یَّفْعَلَ کَذَا" اس کی طبیعت ہے کہ ایسا کرے۔ "مَا شَأْنُکَ" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ج شُؤُون وشُؤُون: سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے: "بَلَغَتِ الرَّائِحَۃُ اِلٰی شُؤُونِ رَأْسِہٖ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اُگیں ــــ شُؤُون واَشْؤُن: رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں۔ کہا جاتا ہے۔ "فَاضَتْ شُؤُونُہٗ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہو گئیں ــــ الشُّؤُون: حاجتیں۔ کہا جاتا ہے: "کَفِّنِیْ شُؤُونَکَ" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کرو ــــ شُؤُونُ الخَمْرِ: شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے۔

شَأَیَ یَشْأُو شَأْوًا واشْتَأَی اِشْتِئَاءً۔ القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ شَأَی التُّرَابَ مِنَ البِئْرِ: کنوئیں سے مٹی نکالنا۔

شَاءَیٰ مُشَاءَاۃً۔ القَوْمَ: آگے بڑھنا آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَشَاءَیٰ تَشَائِیًا۔ القَوْمُ: ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَاءَیٰ مَا بَیْنَہُمَا: فاصلہ پر ہونا۔

الشَّأْوُ۔ مع۔ مدت۔ غایت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدُ الشَّأْوِ" یعنی فلاں عالی ہمت ہے۔ "عَدَا شَأْوًا" وہ ایک چکر دوڑا۔ الشَّأْوُ: اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ زنبیل۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔

المِشْأَاۃ۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی۔ ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے۔ ج المَشَائِی۔

اَلشَّبَاۃُ۔ تالے کی جھڑ۔

شَبَّ (ض) شَبَابًا وشَبِیْبَۃً۔ الغُلَامُ: جوان ہونا۔ کہتے ہیں "مِنْ شَبَّ اِلٰی دَبَّ": جوانی سے بڑھاپے تک۔

شَبَّ (ن ض) شَبِیْبًا وشِبَابًا وشُبُوْبًا۔ الفَرَسُ: اگلی ٹانگوں کو اُٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔ عرب کا مقولہ ہے "اَلجَوْہَرُ یَشُبُّ بَعْضُہٗ بَعْضًا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے۔

شَبَّ (ن) شَبًّا وشُبُوْبًا۔ النَّارَ: آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا ــــ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔ بڑھنا۔

شُبَّ۔ الشَّیْءُ: زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا۔ شُبَّتِ النَّارُ: روشن ہونا۔ شُبَّ لَہٗ الشَّیْءُ: اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔

شَبَّبَ وتَشَبَّبَ۔ جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا ــــ الشَّاعِرُ بِالفَتَاۃِ: عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا۔ شَبَّبَ قَصِیْدَۃً: عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے: "شَبَّبَ قَصِیْدَتَہٗ بِفُلَانَۃٍ" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتداء میں تشبیب کیا کرتے تھے پھر ہر چیز کی ابتداء کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو۔ شَبَّبَ الکِتَابَ: کتاب شروع کرنا۔ تَشَبَّبَتِ النَّارُ: آگ روشن ہونا۔ بھڑکنا۔

اَشَبَّ۔ الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَّجُلُ: جوان اولاد والا ہونا ــــ اللّٰہُ الغُلَامَ: لڑکے کو جوان کرنا ــــ الفَرَسَ: گھوڑے کو اکسانا ــــ الثَّوْرُ: بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت (مُشِبٌّ ومُشَبٌّ وشَبَبٌ ومِشَبٌّ)

اُشِبَّ۔ لَہٗ کَذَا: مقدر کیا جانا۔

الشَّبُّ۔ پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے۔ جوان۔ شَبُّ اللَّیْلِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشَّبَاب والشَّبِیْبَۃ۔ مص۔ جوانی۔ بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ۔ ابتداء، جیسے "شَبَابُ النَّہَارِ" دن کی ابتداء۔ الشَّبَابُ بمعنی تشبیب کہا جاتا ہے: "قَصِیْدَۃٌ حَسَنَۃُ الشَّبَابِ" اچھی تشبیب والا قصیدہ۔ اور شبیبہ کی جمع شَبَائِب۔

الشَّبُوْب۔ عمدہ بنانے والا۔ آراستہ کرنیوالا کہا جاتا ہے: "ہٰذَا شَبُوْبٌ لِکَذَا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے۔ مثلاً "اَلخِمَارُ شَبُوْبٌ لِوَجْہِہَا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے (ــــ والشِّبَاب) جس سے آگ جلائی جائے۔

الشَّبَّابَۃ۔ ایک قسم کی بانسری (مولدۃ) عوام اسے زنجیرۃ کہتے ہیں۔

الشَّابّ والشَّبّ۔ جوان۔ ج شُبَّان و شَبَاب و شِبَاب و شَبَبَۃ۔ مونث شَابَّۃ و شَبَّۃ۔ ج شَابَّات و شَبَّات و شَوَابّ و شَبَائِب۔

المِشَبّ۔ شیر۔

المَشْبُوْب۔ مِنَ الرِّجَالِ: تیز خاطر مرد۔ المَشْبُوْبَان: زہرہ و مشتری۔ نَارٌ مَشْبُوْبَۃٌ: بھڑکائی ہوئی آگ (نَارٌ شَابَّۃٌ نہیں بولتے)

الشِّبِت۔ سوئے کا ساگ۔

شَبِثَ (س) شَبَثًا وتَشَبَّثَ۔ بِکَذَا: چمٹنا۔ متعلق ہونا۔

رَجُلٌ شَبِثٌ۔ اپنے مقابل کو چمٹنے والا۔

الشِّبِث۔ ایک قسم کی ترکاری۔

الشَّبَث ۔ مکڑی ۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں ۔ ج اَشْبَاث و شِبْثَان ۔ رَجُلٌ شَبِثٌ : چمٹنے والی طبیعت والا مرد ۔

الشِّبَاث والشَّبُوث ۔ ٹیڑھے سرے والی سیخ ۔ ج شَبَابِیث ۔

اَشْبَجَ ۔ الباب : دروازہ بھیڑنا ۔

الشَّبَج ۔ بلند دروازہ ۔ یا دروازہ ۔ واحد (شَبَجَۃٌ)

شَبَجَ (ن) شَبْجًا ۔ الشَّیْءَ : پھاڑنا ۔ چیرنا ۔ ۔۔۔ الجِلْدَ : کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا ۔۔۔ الرَّجُلَ : گھسیٹنا ۔۔۔ الدَّاعِی : دعا کے لئے ہاتھ پھیلانا ۔۔۔ فُلَانًا لَہٗ : کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا ۔

شَبُجَ (ک) شَبَاجَۃً ۔ لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا ۔

شَبَّجَ ۔ بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا ۔۔۔ الشَّیْءَ : چھیلنا ۔ چوڑا کرنا ۔

تَشَبَّجَ ۔ الحِرْبَاءُ عَلَی العُوْدِ : گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا ۔

الشَّبْجُ والشَّبَجُ ۔ شخص ۔ بلند عمارت کا دروازہ ۔ ج شُبُوْج و اَشْبَاج ۔ اَشْبَاجُ المَالِ : نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے بکری وغیرہ ۔

الشَّبْجَۃُ ۔ اسم مرۃ ۔ کہا جاتا ہے : "نَزَعَ سَقْفَ بَیْتِیْ شَبْجَۃً شَبْجَۃً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی ۔ ۔۔۔ عِنْدَ المُوَلِّدِیْن : گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسّی ۔

الشَّبْحَان ۔ لمبا ۔

الشَّبَحَان ۔ مِنْقَلَۃ کھیل کی دو لکڑیاں ۔ (دیکھیے مِنْقَلَۃ)

الشَّبْخ ۔ دودھ دوہنے کی آواز ۔

الشِّبْدِع والشِّبْدَع والشِّبْدِعَۃ ۔ بچھو ۔ مصیبت ۔ زبان ۔ ج شَبَادِع ۔

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا ۔ الثَّوْبَ وَنَحْوَہٗ : بالشت سے ناپنا ۔ شَبَرَہٗ مَالًا : کسی کو مال دینا

شَبِرَ (س) شَبَرًا ۔ الرَّجُلُ : اکڑنا ۔ اترانا

شَبَّرَ ۔ الشَّیْءَ : اندازہ کرنا ۔۔۔ فُلَانًا : تعظیم کرنا ۔

اَشْبَرَ ۔ فُلَانًا : فضیلت دینا ۔۔۔ ہٗ مَالًا : دینا ۔۔۔ الرَّجُلُ : لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا پستہ قد بیٹوں والا ہونا ۔

تَشَابَرَ ۔ الفَرِیْقَانِ فِی الحَرْبِ : ایک دوسرے کے قریب ہونا ۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے ۔

تَشَبَّرَ ۔ بڑا ہونا ۔

الشَّبْر ۔ مع ۔ مہر ۔ کہا جاتا ہے : "تَزَوَّجَہَا وَلَمْ یُعْطِہَا شَبْرًا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا ۔ نکاح ۔ عمر قد و قامت ۔

الشِّبْر ۔ عمر ۔ بالشت ۔ ج اَشْبَار ۔ کہا جاتا ہے : "ہُوَ قَصِیْرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے ۔

الشَّبَر ۔ عطیہ ۔ خیر ۔

الشَّبْرَۃ ۔ قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)

الشِّبْرَۃ ۔ عطیہ ۔

الشَّبُّوْر ۔ بگل ۔ ج شَبَابِیْر و شَبُّوْرَات (کلمۂ عبرانی ہے)

الشَّابُوْرَۃ ۔ خلیج ۔ کہر ۔ (جدید)

شَابُرُ ۔ المِیْزَان : چور ۔

فُلَانٌ اَشْبَرُ مِنْکَ : فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے ۔

الاُشْبُوْرُ ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔

المَشَابِر ۔ نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہے ۔ واحد (مَشْبَر و مَشْبَرَۃ)

شَبْرَقَ ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ شَبْرَقَ اللَّحْمَ : پارہ پارہ کرنا ۔ شَبْرَقَتِ الدَّابَّۃُ فِیْ مَشْیِہَا ۔۔۔ جانور کا دور دور قدم رکھنا ۔۔۔ البَازِیْ الصَّیْدَ : نوچنا اور پھاڑنا ۔۔۔ الثَّوْبَ : بُرا بُننا ۔

الشَّبَارِق والشُّبَارِق ۔ ٹکڑے ۔ کہا جاتا ہے : "ثَوْبٌ شَبَارِق و شُبَارِق و شَبَارِیْق و شِبْرِق و شِبْرَاق" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا ۔

الشِّبْرِق ۔ بلی کا بچہ ۔ ج شَبَارِق ۔

الشِّبْرِقَۃ ۔ کپڑے کا ٹکڑا ۔

الشِّبْرَاق ۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ : سختی ۔

ثَوْبٌ مُشَبْرَق ۔ بُرا بُنا ہوا کپڑا ۔

الشُّبْرُم ۔ پستہ قد ۔

الشُّبْرُمَۃ ۔ بلی ۔

الشَّبْزَق ۔ آسیب زدہ ۔

تَشَبَّصَ ۔ الشَّجَرُ : آپس میں گتھا ہوا ہونا ۔

الشَّبَص ۔ درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا ۔ سختی ۔

شُبَاط ۔ ترکی مہینہ ۔ مطابق فروری ۔

الشُّبُّوْط والشَّبُّوْط والشَّبُوْط ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے ۔ ج شَبَابِیْط ۔

شَبِعَ (س) شَبْعًا و شِبَعًا ۔ مِنَ الطَّعَامِ : شکم سیر ہونا ۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ مِنْ ہٰذَا الاَمْرِ و رَوِیْتُ" جبکہ تم کسی معاملے سے ملول ہو جاؤ ۔

شَبُعَ (ک) شَبَاعَۃً ۔ عَقْلُہٗ : بہت عقل والا ہونا ۔

شَبَّعَتْ ۔ غَنَمُہٗ : آسودگی کے قریب ہونا

اَشْبَعَہٗ ۔ کھلا کر شکم سیر کرنا ۔۔۔ الشَّیْءَ : زیادہ کرنا ۔۔۔ الثَّوْبَ مِنَ الصَّبْغِ : خوب گہرا رنگنا ۔۔۔ الکَلَامَ : مکمل کرنا ۔

تَشَبَّعَ ۔ بہ تکلف شکم سیر ہونا ۔ ظاہر کرنا بہت کھانا ۔

الشِّبْعُ والشِّبَعُ ۔ کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے ۔

الشُّبَاعَۃ ۔ آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا ۔

الشُّبْعَۃ ۔ ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار ۔

الشَّبْعَان ۔ شکم سیر ۔ مؤنث شَبْعٰی و شَبْعَانَۃ

ج شِبَاعٌ وشُبَاعَى۔ کہا جاتا ہے: "هُوَ شَبْعَى الذِّرَاعِ" وہ پُر گوشت بازو والا ہے۔ "وَشَبْعَى الْخَلْخَالِ أوِ السِّوَارِ وَالدِّمْلُجِ" یعنی موٹی۔

الشَّبِعَةُ۔ شکم سیر عورت۔

الشَّبِيعُ۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِيعُ الْغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ "وَرَجُلٌ شَبِيعُ الْعَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ "وَحَبْلٌ شَبِيعٌ" بہت لڑوں والی رسی۔ ج شُبُعٌ۔

شَبِقَ (س) شَبَقًا۔ بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مؤنث شَبِقَةٌ۔ — مِنَ اللَّحْمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔

الشُّوبَقُ۔ بیلن۔ ج شَوَابِقُ (کلمہ فارسی ہے) مشہور شوبک ہے فتحۂ شین اور کاف سے۔ چوبک کا معرب ہے۔

شَبَكَتْ (ض) شَبْكًا۔ الأُمُورُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَكَهُ عَنْهُ: غافل کر دینا (شَبَّكَ وشَبَّكَ) الشَّيْءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَكْتُ أَصَابِعِي بَعْضَهَا فِي بَعْضٍ" یا "شَبَّكْتُ بَيْنَ أَصَابِعِي" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔

أَشْبَكَ۔ الْقَوْمُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ "أَشْبَكَ الْمَكَانُ": قریب کنوئیں والی ہونا۔

شَابَكَ۔ بَيْنَ الأَصَابِعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَكَتْ۔ الأُمُورُ: باہم مختلط ہونا۔

إِشْتَبَكَ وتَشَبَّكَ۔ مختلط ہونا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا — الْكَلامُ أَوِ الأُمُورُ: پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَكَةُ۔ شکاری کا جال۔ ج شَبَكٌ وشِبَاكٌ وشَبَكَاتٌ۔ الشَّبَكَةُ: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔

الشُّبْكَةُ۔ قرابت۔

طَرِيقٌ (شَابِكٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔ ج شَوَابِكُ۔

الشَّبَّاكُ۔ جال بنانے والا۔

الشُّبَّاكُ۔ دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیاں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِيكُ۔ الشَّبَابِيكُ: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ یہ شابک کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قراء۔

الشَّبَائِكُ۔ جھگڑے۔

الْمُشَبَّكُ۔ ایک قسم کا کھانا۔

شَبَلَ (ن) شُبُولًا۔ الْغُلامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِلٌ) — فِي بَنِي فُلانٍ: پرورش پانا۔

أَشْبَلَ۔ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ أَشْبَلَتِ الْمَرْأَةُ عَلَى أَوْلادِهَا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا۔

الشِّبْلُ۔ شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج أَشْبَالٌ وشِبَالٌ وأَشْبُلٌ وشُبُولٌ۔ أَبُو الأَشْبَالِ: شیر۔ لَبُؤَةٌ (مُشْبِلٌ) بچوں والی شیرنی۔ مَكَانٌ (مَشْبُولٌ) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبَمَ (ن) شَبْمًا وشَبَّمَ۔ الْجَدْيَ: بکری کے بچے کے منہ میں تھوتھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَمًا۔ الْمَاءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا

الشَّبَمُ۔ سردی۔

الشَّبِمُ۔ صبح۔ شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔ الشَّبِمُ: ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَامُ والشِّبَمُ۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔

الشِّبَامُ۔ برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

الْمُشَبَّمُ۔ تھوتھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا۔

شَبَنَ (ن) شَبْنًا۔ الْغُلامُ: لڑکے کا نازک اندام و پُر گوشت ہونا۔ (شُبُونًا) الشَّيْءُ: قریب ہونا۔

الشَّابِنُ۔ مِنَ الْغِلْمَانِ: نازک اندام پُر گوشت لڑکا۔

الشَّبِينُ والإِشْبِينُ۔ دولہا کا خدمتگار۔ شَبِينَةٌ وإِشْبِينَةٌ: دلہن کی خدمتگار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَّبَانِيُّ والأُشْبَانِيُّ والشَّبَانِيُّ۔ سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّهَهُ۔ إِيَّاهُ وشَبَّهَهُ بِهِ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّهَ عَلَيْهِ الأَمْرَ: مشتبہ کرنا۔ شُبِّهَ الشَّيْءُ: مشکل ہونا۔

شُبِّهَ۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ: مشتبہ کیا جانا۔

أَشْبَهَهُ وشَابَهَهُ۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ کہتے ہیں: "أَشْبَهَ فُلانٌ أُمَّهُ" فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے۔ یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّهَ۔ بِهِ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا۔

تَشَابَهَ۔ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا — الأَمْرُ: متشابہ یعنی غیر محکم ہونا۔

إِشْتَبَهَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ إِشْتَبَهَ فِي الأَمْرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا — الأَمْرُ عَلَيْهِ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْهُ والشَّبَهُ۔ مثل۔ مانند۔ ج أَشْبَاهٌ ومَشَابِهُ جیسے (حسن ومحاسن) الشَّبَهُ: مشابہت۔ ایک خاردار نباتات جس کے پھول سرخ ہوتے ہیں (الشِّبْهُ والشَّبَهُ والشَّبَهَانُ والشُّبْهَانُ) پیتل۔

الشُّبْهَةُ۔ مثل۔ التباس۔ شک۔ جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَهٌ وشُبُهَاتٌ۔

الشَّبِيهُ۔ مثیل۔ ایک جیسے۔ ج أَشْبَاهٌ۔

الْمُشْتَبِهُ والْمُشَبَّهَةُ۔ مِنَ الأُمُورِ: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے: "إِيَّاكَ وَالْمُشَبَّهَاتِ" اپنے آپ کو امورِ مشکلہ سے بچاؤ۔

شَبَا يَشْبُو شَبْوًا۔ الشَّيْءُ: بلند ہونا — الْفَرَسُ: گھوڑے کا دونوں ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ — الْوَجْهُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا — النَّارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

أَشْبَى إِشْبَاءً۔ الرَّجُلَ: دینا — عَلَيْهِ:

مہربان ہونا — ہٗ: تعظیم واکرام کرنا۔ مصیبت
میں ڈالنا — الشجرُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔
— الشیءَ: ہٹانا — الرجلُ: زمین بچھوں
والا ہونا۔ صفت (مُشْبِی و مُشْبٍ)
الاَوْلَادُ اٰبَاءَہُمْ: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا
الشَّبَاۃُ۔ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دُو
ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا — مِنَ السَّیْفِ:
دھار۔ بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبَاۃ و
شَبَوَات۔ بیوقوف مرد۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا رَجُلٌ
شَبَاۃٌ" یہ بیوقوف مرد ہے۔
شَبْوَۃُ۔ بچھو کے لئے علم ہے۔ اور علیّت
تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ اور کبھی اس
پر الف لام بھی آتا ہے۔
الشَّبْوُ۔ دکھ۔ تکلیف۔
شَتَّ (ض) شَتًّا وشَتَاتًا وشَتِیْتًا
متفرق ہونا — (شَتَّتَ و اَشَتَّ) الاَشْیَاءَ:
متفرق کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بِیْ قَوْمِیْ"
میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔
تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ۔
الشَّمْلُ: متفرق ہونا۔
الشَّتُّ۔ مص۔ پراگندگی۔
اَمْرٌ (شَتٌّ وشَتَاتٌ) پراگندہ و متفرق۔
کام (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشْتَات
کہا جاتا ہے "جَاءُوْا اَشْتَاتًا وجَاءُوْا اَشْتَاتَ
شَتَاتَ" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے۔
نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔
شَتَّانَ۔ مبنی علی الفتح اور کبھی نون مکسور
ہوتا ہے۔ اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنی میں۔ کہا
جاتا ہے "شَتَّانَ بَیْنَہُمَا وَمَا بَیْنَہُمَا" و "مَا زَیْدٌ و
اَخُوْہُ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔
الشَّتِیْتُ۔ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّٰی
(جیسے مریض و مرضٰی) ثَغْرٌ شَتِیْتٌ: چھدرے
دانت۔
اُنَاسٌ (شَتّٰی وشُتُوْتٌ) مختلف قبائل کے
لوگ۔ اَشْیَاءُ شَتّٰی: مختلف چیزیں۔ اور کہا

جاتا ہے "وتَفَرَّقُوْا فِیْ اَمْرٍ شَتّٰی" وہ لوگ متفرق امور
میں پڑ گئے۔
شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الرجلَ: زخمی کرنا —
العَیْنَ: پلک الٹنا۔
شَتِرَ (س) شَتَرًا۔ کٹنا۔ نیچے کے پھٹے
ہوئے ہونٹ والا ہونا — بِہٖ: گالی دینا۔
(— وشُتِرَ) الٹی ہوئی پلک والا ہونا۔ یا نیچے
کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔
شَتَّرَ۔ عَیْنَہٗ: پلک الٹنا۔ گالی دینا۔
عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔
اِنْشَتَرَتْ۔ عَیْنُہٗ: الٹی ہوئی پلک والی ہونا
الشَّتَرُ۔ مص۔ کٹنا۔ پلک کا الٹنا۔ عیب۔
نقص۔
الشُّتْرَۃُ۔ دو انگلیوں کے درمیان کا
فاصلہ۔
الشِّتِّیْرُ۔ بہت عیب و برائی والا۔ بدخلق
الاَشْتَرُ۔ الٹی ہوئی پلک والا۔ پھٹی ہوئی پلک
والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا۔ نیچے کے
پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مؤنث شَتْرَاءُ۔ ج شُتْرٌ
الشَّوْتَرَۃُ۔ بڑے سُرین کی عورت۔
شَتِعَ (س) شَتَعًا۔ بیماری یا بھوک کی
وجہ سے گھبرا اٹھنا۔
شَتَغَہٗ (ض) شَتْغًا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا
اَشْتَغَہٗ۔ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔
المَشَاتِغُ۔ ہلاکتیں۔
شَتَمَہٗ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَۃً و
مَشْتِمَۃً ومَشْتُمَۃً وتَشْتَامًا۔ گالی دینا
(شَتَمَہٗ) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے
"شَاتَمَہٗ فَشَتَمَہٗ" اس نے اس سے گالی دینے
میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
شَتُمَ (ک) شَتَامَۃً۔ بدصورت و کریہ المنظر
ہونا۔ صفت (شَتِیْمٌ) الشَّتِیْمُ۔ غضبناک شیر۔
شَتَّمَہٗ۔ بہت گالی دینا۔
شَاتَمَہٗ۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَشَاتَمَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
تَشَتَّمَ۔ گالی سننے کے درپے ہونا۔
الشَّتَامَۃُ۔ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن
کی درشتی۔
الشَّتِیْمَۃُ۔ گالی۔ ج شَتَائِمُ۔
الشُّتَامُ والشُّتَامَۃُ۔ برے چہرہ والا
بدخلق۔
الشَّتَّامُ والشَّتَّامَۃُ۔ بہت گالی دینے
والا۔ الشَّتَّامُ۔ شیر غضبناک۔
شَتَنَ (ن) شَتْنًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے
کو بننا۔ صفت (شَاتِنٌ)
الشَّثْنُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَثْنُ
الکَفِّ" سخت ہتھیلی والا مرد۔
الشَّتُوْنُ۔ بننے والا۔
شَتَا یَشْتُوْ شَتْوًا وشَتّٰی تَشْتِیَۃً
وتَشَتّٰی تَشَتِّیًا۔ بِالْبَلَدِ: کسی شہر میں جاڑے
میں قیام کرنا۔ شَتَا وتَشَتّٰی المَکَانَ: بزمانۂ سرما
قیام کرنا۔ یَشْتَاۃُ: زمانۂ سرما کے لئے کافی ہونا۔
شَتَا یَشْتُوْ شَتْوًا وشُتِیَ واَشْتٰی
القَوْمُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں
قحط سالی کی تکلیف اٹھانا اور کہا جاتا ہے۔
"ہٰذَا شَیْءٌ یُشْتِیْنِیْ" یہ زمانۂ سرما میں میرے
لئے کافی ہوگی۔ شَتَا الشِّتَاءُ: سردی پڑنا۔
شَاتٰی مُشَاتَاۃً وشِتَاءً۔ الرجلَ:
جاڑے بھر کے لئے معاملہ کرنا۔
الشِّتَاءُ۔ مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِیَۃٌ و
شُتِیٌّ اور نسبت کے لئے (شَتَوِیٌّ وشَتْوِیٌّ)
الشَّتْوِیُّ: جاڑے کی بارش۔ فَاکِہَۃُ الشِّتَاءِ:
آگ۔
الشِّتَاءُ والشِّتَا۔ قحط۔
الشَّتَاۃُ والشَّتْوَۃُ۔ جاڑا۔ صاحب
الشَّتْوَۃِ: وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں
پناہ لیں۔
الشَّتِیُّ۔ جاڑے کی بارش۔
المَشْتٰی والمَشْتَاۃُ۔ جاڑے کا زمانہ

یا جاڑے کی جگہ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ۔ ج المَشَاتِي۔ کہا جاتا ہے۔ "هٰذِهٖ مَشَاتِينَا وَمَصَايِفُنَا وَمَرَابِعُنَا" یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں۔

الشَّثُّ۔ چھوٹے سیب کی طرح خوشبودار کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اُس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں جنگلی اخروٹ۔ شہد کی مکھیاں۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے۔ ج شِثَاث۔ واحد (الشَّثَّةُ) الشَّثُّ: ہر چیز کی بہت تعداد۔

شَثِرَتْ (س) شَثَرًا۔ عَيْنُهُ: آنکھ موٹی ہونا۔

الشِّثْرُ۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شُثُورٌ۔ قَنَاةٌ (شَثِرَةٌ) نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اُڑیں۔

شَثِلَتْ (س) شَثَلًا و شَثُلَتْ (ک) شُثُولَةً۔ اَصَابِعُهُ: موٹی ہونا۔

شَثِلٌ۔ الأَصَابِعِ: سخت اور موٹی انگلیوں والا۔

قَدَمٌ شَثْلَةٌ۔ موٹا اور سخت قدم۔ شَثْنٌ۔ بمعنی شَثِلٌ۔

شَجَّ (ن ض) شَجًّا۔ الرَّأسَ: زخمی کرنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ يَشُجُّ مَرَّةً وَيَاسُو مَرَّةً" فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے۔ شَجَّ المَفَازَةَ: بیابان طے کرنا۔ — المَرْكَبُ البَحْرَ: جہاز کا سمندر کو پھاڑنا۔ — الشَّرَابَ بِالمَاءِ: ملونی کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَجَّ الأَرْضَ بِرَاحِلَتِهٖ" یعنی بہت تیز چلایا۔

شَجَّ (س) شَجَجًا۔ سر میں زخم یا نشانِ زخم والا ہونا۔ صفت (أَشَجُّ و شَجِيجٌ) ج شُجٌّ و (شُجُوجٌ و شُجَجٌ) الشَّجِيجُ والشَّجُّ: میخ۔ کھونٹی

شَجَّجَهٗ۔ سر کو بہت زخمی کرنا۔ شَجَّجَ عَلَى الأَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔

شَاجَّ مُشَاجَّةً و شِجَاجًا و تَشَاجَّ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا۔

الشَّجَاجُ۔ فضائے آسمانی۔

الشَّجَّةُ۔ سر کا زخم۔ ج شِجَاجٌ۔

الشَّجَجُ۔ مص۔ پیشانی میں زخم کا نشان

الشَّجَّاجُ۔ سر کو بہت زخمی کرنے والا۔

شَجَبَهٗ (ن) شَجْبًا۔ ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا کھینچ کر مشغول کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "إِنَّكَ لَتَشْجُبُنِي عَنْ حَاجَتِي" تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے۔ "شَجَبَ القِنِّينَةَ بِشِجَابٍ" اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی۔

شَجَبَ (ن) شَجْبًا و شُجُوبًا و شَجِبَ (س) شَجَبًا۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔ غمگین ہونا۔ صفت (شَجِبٌ و شَاجِبٌ) — الشَّيْءُ: جانا۔

شَجَبَ (ن) شَجِيبًا۔ الغُرَابُ: کوّے کا جدائی کے لئے آواز کرنا۔

أَشْجَبَهٗ۔ غمگین کرنا۔

تَشَاجَبَ۔ الشَّيْءُ: خلط ملط ہونا بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَشَجَّبَ۔ غمگین ہونا۔

الشَّجْبُ۔ مص۔ حاجت۔ غم۔ ستون خانہ۔ مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنا لیں ج شُجُوبٌ و أَشْجَابٌ۔

الشَّجَبُ۔ مص۔ رنج و تکلیف جو مرض یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو۔ ج شُجُوبٌ۔

الشَّاجِبُ۔ بہت بک بک کرنے والا۔ مِنَ الغِرْبَانِ: بہت کائیں کائیں کرنیوالا کوّا۔

الشِّجَابُ۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ۔ ج شُجُبٌ (—. و الشَّجْبُ و المِشْجَبُ) لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھتے اور پھیلائے جاتے ہیں۔

الشَّجْبَاءُ۔ مشک۔

الشَّجْذَةُ۔ نرم بارش۔

المِشْجَاذُ۔ گرجن۔

الشَّائِلَۃ - الشائل کا مونث — مِنَ الاِبِل : اونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے سات مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہو گیا ہو۔
ج شَوْل - و اَشْوَال و شَوَائِل -
شَوَّال - قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کرکے الشَّوَّال بھی کہا جاتا ہے -
ج شَوَّالات - و ج شَوَاوِیل -
المِشْوَل - چھوٹی درانتی -
المِشْوَال - پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اُٹھایا جائے -
شَانَ یَشُونُ شَوْنًا - الرُّؤُوسَ : دماغ کے کیڑے نکالنے کے لئے سر کو کھولنا -
تَشَوَّنَ - کم عقل ہونا -
الشَّوْنَۃ - بیوقوف عورت -
الشُّوْنَۃ - غلہ جمع کرنے کی جگہ - جنگی جہاز -
ج شُوَان -
الشَّوَّان - غلہ جمع کرنے والا -
شَاہَ یَشُوہُ شَوْھًا و شُوھَۃً - الوَجْہُ : چہرہ بد شکل ہونا — الرَّجُلَ : خوفزدہ کرنا - گھبرا دینا - حسد کرنا - نظر بد لگانا - کہا جاتا ہے " شَاھَتْ نَفْسُہٗ اِلٰی کَذَا " اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی -
شَوِہَ یَشْوَہُ شَوَھًا - الوَجْہُ : چہرہ کا بدشکل ہونا — العُنُقُ : گردن لمبی ہونا - چھوٹی ہونا (ضد)
شَوَّہَ - اللّٰہُ وَجْہَہٗ : چہرہ کا بدشکل بنانا - کہا جاتا ہے " لَا تُشَوِّہْ عَلَیَّ " مجھے نظر بد نہ لگاؤ -
تَشَوَّہَ - بدشکل ہونا - تَشَوَّہَ الرَّجُلُ شَاۃً : شکار کرنا — لِفُلَانٍ : اپنے آپ کو کسی کیلئے ناشناسا کرنا - نظر بد لگانے کیلئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا کہا جاتا ہے " ھُوَ یَتَشَوَّہُ اَمْوَالَ النَّاسِ لِیُصِیْبَھَا بِالعَیْنِ " وہ نظر بد لگانے کیلئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے -
الشَّوْہَۃ - مع - بدشکل - خوبصورتی (ضد) گردن کی لمبائی و بلندی - سر بلند کرنا -
الشَّوْھَۃ - دوری - بدشکل -

الشَّاہ - بادشاہ - نسبت کیلئے (شاہی و شاھانی)
الشَّائِہ - فا - حسد کرنے والا - ج شُوَّہ -
شَاہ بَنْدَر - سوداگروں کا رئیس -
شَاہ بَلُّوط - شاہ بلوط کا درخت -
رَجُلٌ شَاہُ البَصَرِ و شَاہِیْ و شَاھِیۃٌ : تیز نظر والا
الشَّاۃ - بکری - بکرا - جنگلی گائے - ج شَاءٌ و شِیَاہ و شِوَاہ و اَشَاوِہ و شَیْہ و شَوِیّ اور شاۃ کی تصغیر شُوَیْۃ و شُوَیْھَۃ ج شُوَیْھَات اور نسبت کے لئے شَاوِیّ جیسے سَمَاءٌ سے سَمَاوِیّ -
الشَّاھِیّ - بکری والا -
الاَشْوَہ - بدشکل - جلدی نظر بد لگانے والا - متکبر - مونث شَوْھَاء - ج شُوْہٌ - الشَّوْھَاء : ترش رو عورت - بدشکل عورت - خوبصورت عورت (ضد) منحوس عورت - فَرَسٌ شَوْھَاء : تیز نگاہ والا گھوڑا -
اَرْضٌ (مَشَاھَۃ) بہت بکریوں والی زمین -
المُشَوَّہ - بدشکل : ناہموار شکل و صورت والا
شَوَی یَشْوِی شَیًّا - اللَّحْمَ : گوشت کو آگ میں بھوننا - صفت مفعول (مَشْوِیّ) — المَاءَ : پانی گرم کرنا -
شَوَّی و اَشْوَی - القَوْمَ : بھنا ہوا گوشت کھلانا — الرَّجُلَ : جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو - اَشْوَی السَّھْمُ : تیر کا نشانہ سے چوک جانا - اَشْوَی الزَّرْعُ : بھوننے کے قابل ہونا — الرَّجُلُ : رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا - گھٹیا مال جمع کرنا - اَشْوَی السَّعَفُ : درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا - اور اسی سے ہے " مَا اَحْیَاہُ وَمَا اَشْوَاہُ " وہ کس قدر کمزور ہے
اِنْشَوَی اِنْشِوَاءً و اِشْتَوَی اِشْتِوَاءً - بھن جانا - اِشْتَوَی الرَّجُلُ : بھوننا -
الشَّوَی - گھٹیا مال - آسان معاملہ - ہاتھ پیر جسم کے اطراف - وہ اعضا جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو — الشَّوَاۃ کھوپڑی کا چمڑا -
الشِّوَاء و الشُّوَاء - بھنا ہوا گوشت وغیرہ - و الشِّوَاۃ و الشُّوَاۃ و الشَّوَاۃ (بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا -

الشَّوَّاء - گوشت بھوننے والا -
الشُّوَایَۃ و الشَّوَایَۃ و الشِّوَایَۃ و الشَّوِیَّۃ مِنَ المَالِ : ردی مال - ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ ج شَوَایَا - سَعَفَۃٌ (شَاوِیَۃٌ) درخت خرما کی خشک شاخ -
الشَّوِیّ - بھنا ہوا گوشت -
المِشْوَاۃ - گوشت بھوننے کا آلہ - ج مَشَاوٍ
شَاءَہٗ یَشَاءُہٗ شَیْئًا و مَشِیْئَۃً و مَشَاءَۃً و مَشَائِیَۃً - چاہنا - صفت فاعلی (شَاءٍ) اور صفت مفعولی (مَشِیٌّ) — اللّٰہُ الشَّیْءَ : مقدر کرنا - تعجب کے موقع پر " مَا شَاءَ اللّٰہُ " کہا جاتا ہے -
شَیَّأَہٗ - عَلَی الاَمْرِ : برانگیختہ کرنا - شَیَّأَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ : چہرہ کا بدشکل بنانا -
اَشَاءَہٗ اِلَیْہِ اِشَاءَۃً - مجبور کرنا -
تَشَیَّأَ تَشَیُّؤًا - غصہ ٹھنڈا ہونا -
الشَّیْءُ - مع - چیز جس کیساتھ علم و خبر کا تعلق ہو سکے - ج اَشْیَاءُ ج ج اَشَاوِیُّ و اَشْیَاوَات و اَشَاوَاتٌ و اَشَایَا - اور تصغیر شُیَیْءٌ و شِیَیْءٌ اور اَشْیَاءُ کا کلمہ غیر منصرف ہے -
المَشِیْئَۃ - شَاءَ کا اسم (— و المَشِیَّۃ) ارادہ
المُشَیَّأ - بدشکل - ناہموار صورت والا -
شَابَ یَشِیْبُ شَیْبًا و شَیْبَۃً و مَشِیْبًا سفید بالوں والا ہونا - بوڑھا ہونا - صفت مذکر (اَشْیَبُ و شَائِبٌ) صفت مونث (شَائِبَۃٌ) (مونث کی صفت میں شَیْبَاء نہیں بلکہ شَمْطَاء آتا ہے) کہا جاتا ہے " شَابَتْ رُؤُوسُ الآکَامِ " ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہو گئیں -
اَشَابَ - الرَّجُلُ : بوڑھی اولاد والا ہونا -
اَشَابَ و شَیَّبَ - الحُزْنُ فُلَانًا و بِفُلَانٍ : غم کا بوڑھا کر دینا -
الاَشْیَب - سفید سر والا — مِنَ الاَیَّامِ : برف و بادل والا دن - ج شِیْبٌ و شُیُبٌ -
الشُّیُب : برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ -
الشَّائِب - فا - سفید سر والا - مونث شَائِبَۃٌ - ج شُیَّب - مبالغہ کے طور پر " شَیْبٌ شَائِبٌ " کہا جاتا ہے

مانند کیل لائن کے۔

یَوْمٌ (شَیبان) اولے برف بادل کا دن (۔۔۔ و شِیبان) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولے کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔

الشَّیْبِیَۃ۔ اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ ہے جس کا نام افسنتین ہے۔

الشِّیْتَان۔ ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔

شَاحَ یَشِیْحُ شَیْحًا۔ عَلٰی حَاجَتِہٖ: چوکنا رہنا۔ کوشش کرنا۔

شَیَّحَہٗ۔ ڈرانا۔ شَیَّحَ خَصْمَہٗ: تنگ نگاہوں سے دیکھنا

اَشَاحَ اِشَاحَۃً۔ فِی اَمْرِہٖ: کوشش کرنا۔ چوکنا رہنا۔ محتاط رہنا۔۔۔ وَجْہَہٗ و بِوَجْہِہٖ و اَشَاحَ عَنْہُ وَجْہَہٗ: نفرت سے منہ پھیر لینا۔۔۔ المَکَانُ: شیح نامی گھاس اگانا۔۔۔ الفَرَسُ بِذَنَبِہٖ: گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔

شَایَحَ مُشَایَحَۃً وشِیَاحًا۔ جنگ کرنا۔ فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔

الشِّیْحُ۔ ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شِیْحَۃٌ) ۔۔۔ مِنَ الرِّجَالِ: کاموں میں کوشش کرنیوالا۔ چوکنا رہنے والا۔

الشِّیَاحُ۔ مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط

الشَّیْحَانُ والشِّیْحَانُ والمُشِیْحُ۔ لمبا غیرت مند محتاط۔

شَاخَ یَشِیْخُ شَیْخًا وشَیْخُوخَۃً وشَیُوخَۃً وشِیُوخِیَّۃً وشُیُوخِیَّۃً وشَیْخُوخَۃً و شَیْخُوخِیَّۃً۔ بوڑھا ہونا۔

شَیَّخَ۔ بوڑھا ہونا۔۔۔ ہ: تعظیم کیلئے یا شیخ کہہ کے پکارنا۔۔۔ عَلَیْہِ: عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا ۔۔۔ بِہٖ: رسوا کرنا۔

تَشَیَّخَ۔ بوڑھا ہونا۔

الشَّیْخُ۔ بڈھا۔ ج شُیُوخٌ و شِیُوخٌ و اَشْیَاخٌ و شِیْخَۃٌ و شِیَخَۃٌ و شِیْخَانٌ۔ و شُیُوخَۃٌ۔ و مَشْیَخَۃٌ و ج مَشَایِخُ و اَشَایِخُ۔ مؤنث شَیْخَۃٌ اور شیخ کی تصغیر شُیَیْخٌ و شِیَیْخٌ۔ شَیْخُ المَرْأَۃِ: شوہر اور شیخ کا اطلاق استاد، عالم، سردار قوم اور ہر اس شخص پر کہ جو لوگوں کے نزدیک علم فضیلت مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔ شَیْخُ النَّارِ: ابلیس سے کنایہ ہے

الشَّیْخُوْنُ۔ بڈھا۔

شَادَ یَشِیْدُ شَیْدًا وشَیَّدَ۔ البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔۔۔ الحَائِطَ: دیوار پر گچ کرنا۔۔۔ جِلْدَہٗ بِالطِّیْبِ: جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شِیَادًا) اونٹوں کو بلانا۔

اَشَادَ اِشَادَۃً۔ ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِکْرِہٖ: تعریف کرکے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ قَبِیْحًا و بِقَبِیْحٍ: بدنام کرکے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ: کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا۔ المُغَنِّی: گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَہٗ و بِصَوْتِہٖ: برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ الضَّالَّۃَ: گم شدہ چیز کی تعریف کرنا۔۔۔ البُنْیَانَ: لمبا کرنا۔

الشِّیْدُ۔ گچ وغیرہ کا پلستر۔

المَشِیْدُ۔ مفعو۔ پلستر کیا ہوا۔ (۔۔۔ والمُشَیَّدُ) بلند کیا ہوا۔

الشِّیَارُ۔ یوم شنبہ۔ ج اَشْیُرٌ و شُیُرٌ و شِیَرٌ۔

شَیَّزَہٗ۔ البَرْدُ: سرخی سے دھاری بنانا۔

الشِّیْزُ والشِّیْزٰی۔ آبنوس کی لکڑی۔ یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔

اَشَاشَتِ۔ النَّخْلَۃُ: نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا

الشِّیْشُ۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِّیْشُ عِنْدَ العَامَّۃِ: گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّود ہے۔

شَیَّصَ۔ القَوْمَ: رنج و تکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخْلَۃُ: ردی کھجور والا ہونا۔

الشِّیْصُ۔ ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِیْصَۃٌ)

الشِّیْصُ۔ بدخلق۔

الشِّیْصَاءُ۔ نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِیْصَاءَۃٌ)

المُشَایَصَۃُ۔ ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔

شَاطَ یَشِیْطُ شَیْطًا وشِیَاطَۃً وشَیْطُوطَۃً۔ الشَّیْءُ: جلنا۔ شَاطَتِ القِدْرُ: ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَاطَ الزَّیْتُ: زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَاطَتِ الذَّبِیْحَۃُ: ذبیحہ کا گوشت تقسیم ہوکر ختم ہوجانا۔۔۔ فُلَانٌ: ہلاک ہونا۔۔۔ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا۔۔۔ دَمُہٗ: بیکار رہ جانا۔۔۔ فُلَانٌ الدِّمَاءَ: ملانا یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔

شَیَّطَ و اَشَاطَ۔ الشَّیْءَ النَّبْتَ والدَّوَاءَ الجُرْحَ: جلانا۔۔۔ الرَّاسَ والکُرَاعَ: سری یا پاؤں کے بالوں کو جلانے کے لئے بھسنا۔۔۔ القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔ اَشَاطَ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَّحْمَ فِی القَوْمِ: گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ السُّلْطَانُ دَمَہٗ و بِدَمِہٖ: قتل کرنے کے لئے سامنے لانا۔

تَشَیَّطَ۔ جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔

اِسْتَاطَ اِسْتِیَاطًا۔ عَلَیْہِ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔۔۔ الحَمَامُ: کبوتر کا خوش ہوکر اڑنا۔۔۔ مِنَ الاَمْرِ: ہلکا ہونا۔۔۔ فِی الحَرْبِ: اپنے آپ کو قتل کے لئے پیش کرنا۔

الشِّیَاطُ۔ روئی اون وغیرہ جلنے کی بو۔

التَّشْیِیْطُ والمُشَیَّطُ۔ گوشت جو قوم کے لئے بھونا جائے۔

الشَّیْطِیُّ۔ غبار جو فضا میں بلند ہو۔

المُسْتَشِیْطُ۔ بہت بننے والا۔ موٹا اونٹ

شَیْطَنَ و شَیْطَانُ۔ (دیکھو مادہ شطن)

شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا۔ بِالخَبَرِ: خبر کو پھیلانا۔۔۔ الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔

شَاعَ یَشِیْعُ شَیْعًا وشُیُوْعًا ومَشَاعًا وشَیَعَانًا وشَیْعُوْعَۃً۔ الخَبَرُ: پھیلنا ۔۔۔ فِیْہِ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

شَایَعَہٗ شِیَاعًا۔ پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے: شَاعَکُمُ السَّلَامُ وشَاعَکُمُ اللّٰہُ بِالسَّلَامِ یعنی سلامتی تمہارے ساتھ ہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔

اَشَاعَ اِشَاعَۃً۔ الخَبَرَ و بِالخَبَرِ: پھیلانا۔ اور کہا جاتا ہے: اَشَاعَکُمُ اللّٰہُ السَّلَامَ و بِالسَّلَامِ۔ اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَاعَ بِالاِبِلِ:

پیچھے رہے ہوئے اونٹ کو بلانا۔
تَشْيِيْعٌ۔ رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کیلئے ہمراہ جانا۔ شَيَّعَ شَهْرَ رَمَضَانَ: شش عید کے روزے رکھنا ـــ الرَّجُلَ: جرأت دلانا۔ قوی کرنا ـــ النَّارَ: آگ تیز کرنے کے لئے لکڑیاں ڈالنا ـــ الشَّيْءَ بِالنَّارِ: جلانا
الرَّجُلُ: شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ـــ الشَّيْءَ: کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔
شَايَعَهُ۔ کام کے لئے کسی کے ہمراہ جانا شَايَعَ بِهِمُ الدَّلِيْلُ: رہنما کا لوگوں کو پکارنا ـــ بِالْإِبِلِ: پکارنا آواز دینا۔
تَشَيَّعَ۔ شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ـــ اللَّبَنُ فِي النَّارِ: بھڑنا ـــ ہ الْغَضَبُ: دل میں غصہ بھڑکنا ـــ فُلَانٌ فِي الشَّيْءِ: کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ـــ ہ الشَّيْبُ: بڑھاپا نمایاں ہونا۔
تَشَايَعَ تَشَايُعًا۔ الْقَوْمُ: مختلف گروہ ہونا تَشَايَعُوْا عَلَى الْأَمْرِ: باہم موافق ہونا۔ تَشَايَعُوْا فِي الدَّارِ: شریک ہونا۔ تَشَايَعَتِ الْإِبِلُ: متفرق ہونا۔
إِشْتَاعَ اِشْتِيَاعًا۔ فِي الدَّارِ: شریک ہونا۔
الشَّيْعُ۔ مم۔ مقدار۔ مثل۔ ج أَشْيَاعٌ۔ کہا جاتا ہے: "هٰذَا شَيْعُ ذَاكَ" یہ اسکے مثل ہے۔ اور اسی سے ہے: "كَمَا فُعِلَ بِأَشْيَاعِهِمْ" یعنی جیسا ان کے امثال کیساتھ کیا گیا۔ "وَأَقَمْتُ عِنْدَهُ شَهْرًا أَوْ شَيْعَ شَهْرٍ" میں نے اسکے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینہ کے بقدر اقامت کی۔ "وَكَانَ مَعَهُ مِائَةُ رَجُلٍ أَوْ شَيْعُ ذٰلِكَ" اسکے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ "نَزَلُوْا مَوْضِعَ كَذَا أَوْ شَيْعَهُ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اترے۔ "آتِيْكَ غَدًا أَوْ شَيْعَهُ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔
الشَّاعَةُ۔ بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں۔ اور یہ شائع کی جمع ہے۔
شِيْعَةُ۔ الرَّجُلِ: پیرو مددگار۔ ج شِيَعٌ و أَشْيَاعٌ و الشِّيْعَةُ: فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبۂ استعمال ان لوگوں کیلئے ہے جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِيْعِيٌّ)
الشَّيِّعُ۔ حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے: "هٰذَا شَيِّعُ هٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُيَعَاءُ۔ مؤنث شَيِّعَةٌ۔ کہا جاتا ہے: "الدَّارُ شَيِّعَةٌ بَيْنَهُمَا" گھران دونوں کے درمیان مشترک ہے۔
الشِّيَاعُ۔ آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔
الشَّيُوْعُ۔ آگ سلگانے کی چیز۔
الشَّائِعُ۔ فا۔ حَدِيْثٌ شَائِعٌ وَشَاعٌ بمعنی پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ وَشَاعٌ: مشترک غیر منقسم حصہ۔
الْمُشَاعُ والْمَشَاعُ۔ پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے: "مَشَاعُ الْقُرَى" وہ چیزیں جن میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔
الْمُشَيَّعُ۔ بھرا ہوا برتن کینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔
الْمُشَيِّعَةُ۔ ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔
الْمُشَيَّعُ۔ مفع۔ بہادر۔ جلد باز۔
الْمِشْيَاعُ۔ تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔
رَجُلٌ مِشْيَاعٌ: راز کو پھیلانے والا مرد۔
الْمُتَشَايِعُ والْمُشْتَاعُ۔ شریک۔
شَاقَهُ يَشِيْقُهُ شَيْقًا۔ إِلَيْهِ: کھینچ کر باندھنا۔ کہا جاتا ہے: "شَاقَ الطُّنُبَ إِلَى الْوَتِدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کر میخ سے باندھا۔
الشِّيْقُ۔ پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِّيْقُ: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِيْقَةٌ)
الشَّيَّالُ۔ تل۔ بوجھ اٹھانے والا۔ و (الشِّيَالَةُ) بوجھ اٹھانے کا پیشہ۔
شَامَ يَشِيْمُ شَيْمًا۔ بدن میں تل والا ہونا صفت (أَشْيَمُ) مؤنث شَيْمَاءُ۔ ج شِيْمٌ و شُوْمٌ۔
السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا (ضد) ـــ الْبَرْقَ: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا کہا جاتا ہے: "شَامَ مَخَايِلَ الشَّيْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی (۔ شِيَمًا و شُيُوْمًا) الرَّجُلَ: جم کے حملہ کرنا ـــ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا۔ الشَّيْءَ فِي الشَّيْءِ: چھپانا ـــ الشَّيْءَ: تخمینہ و اندازہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: "شِمْ مَا بَيْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔
شَيَّمَ و أَشَامَ و اِنْشَامَ و اِشْتَامَ۔ فِي الشَّيْءِ أَوِ الْأَمْرِ: داخل ہونا۔ شَيَّمَ يَدَيْهِ فِي رَأْسِ فُلَانٍ أَوْ لِحْيَتِهِ لڑائی کرنے کے لئے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ اِنْشَامَ الرَّجُلُ: منظور نظر ہونا۔
تَشَيَّمَ۔ أَبَاهُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا ـــ الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: داخل ہونا ـــ الشَّيْبُ فُلَانًا: بڑھاپا غالب ہونا۔
الشَّامَةُ۔ تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اونٹنی۔ ج شَامٌ و شَامَاتٌ۔ کہا جاتا ہے: "سَارُوْا شَامَاتٍ فِي الْبِلَادِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔
الشِّيْمَةُ والشِّيْمَةُ۔ عادت۔ طبیعت ج شِيَمٌ۔
الشَّيِّمُ۔ ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔
الشَّيَّامُ۔ نرم زمین۔ مٹی۔
الشِّيَامُ۔ مٹی۔ چوہا۔ ج شِيَمٌ۔
الْمَشِيْمُ والْمَشُوْمُ والْمَشْيُوْمُ۔ تل والا۔
الْمَشِيْمَةُ۔ بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِيْمٌ و مَشَائِمُ۔
شَانَهُ يَشِيْنُهُ شَيْنًا۔ عیب لگانا۔
شَيَّنَ۔ حرف "ش" لکھنا۔
الْمَشَائِنُ۔ عیوب۔
شَاهَهُ يَشِيْهُهُ شَيْهًا۔ نظر بد لگانا۔
الشَّيُوْهُ۔ نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے: "هُوَ شَيُوْهٌ مِنْ أَشْيَهِ النَّاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔
الشِّيَةُ۔ (دیکھو وش ی) الشَّايُ۔ چائے۔

ص

صَئِبَ (س) صَأْبًا۔ مِنَ الشَّرَابِ: شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَئِبَ وَأَصْأَبَ الرَّأْسُ: سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُّؤَابَةُ۔ جوں کے انڈے۔ ج صُؤَاب و صِئْبَان۔ الصِّئْبَان: چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے۔

الصُّؤْبَةُ۔ غلہ کا ڈھیر۔

المِصْأَبُ۔ شراب سے بھرا ہوا۔

صَأْصَأَ۔ الجَرْوُ: پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا — الرَّجُلُ: مرد کا بزدل ہونا — مِنْ فُلَانٍ: ڈرنا — تَصَأْصَأَ مِنْهُ: خوف کرنا۔ تابع ہونا۔

الصِّئْصَاءُ۔ ردی کھجوریں۔

صِئْصِئَةُ۔ الدِّيكِ: مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِكَ (س) صَأْكًا۔ بدبودار پسینہ نکلنا — الدَّمُ: خون جمنا — ہ چپکنا۔

صَاءَكَ مُصَاءَكَةً۔ سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔

الصَّئِكُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط آدمی۔

صَؤُلَ (ک) يَصْؤُلُ صَآلَةً۔ البَعِيرُ: اونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِلٌ وَصَؤُولٌ۔

صَأَلَ يَصْئِلُ صَئِيلًا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا۔ الجَيْشُ عَلَى القَوْمِ: لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ يَصْأَمُ صَأَمًا۔ بہت پانی پینا۔

الصَّائِمُ۔ پیاسا۔

صَأَى يَصْئِي وَيَصْأَى صُؤِيًّا صَئِيًّا صِئِيًّا تَصْآءً۔ الفَرْخُ: پرند کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اسی کو ضرب المثل کہ "يَلْدَغُ وَيَصْئِي" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ جَاءَ بِمَا صَأَى وَصَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔

أَصْأَى۔ چوں چوں کرانا۔

صَبَّ (ن) صَبًّا۔ المَاءَ: پانی انڈیلنا — فِي الوَادِي: وادی میں اترنا — الدِّرْعَ: زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَى فُلَانٍ: میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے۔ صَبَّ عَلَيْهِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ: اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ۔ رِجْلَهُ فِي القَيْدِ: یعنی بیڑی پہنادی۔

صَبَّ (ض) صَبًّا۔ المَاءُ: پانی گرنا۔

صُبَّ۔ الشَّيْءُ: مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ (س) صَبَابَةً۔ إِلَيْهِ: عاشق ہونا۔

أَصَبَّ إِصْبَابًا۔ القَوْمُ: قوم کا نیچے اترنا۔

اِنْصَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا — عَلَيْهِ: اترنا۔ کہا جاتا ہے اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الوَادِي۔ اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصْطَبَّ۔ المَاءُ: پانی گرنا۔

اِصْطَبَّ وَتَصَابَّ۔ المَاءَ: بچا ہوا پانی پینا۔

اِصْطَبَّ وَتَصَابَّ۔ العَيْشَ: بقیہ زندگی گزارنا۔

تَصَبَّبَ۔ المَاءُ وَنَحْوُهُ: پانی بہنا۔

الصَّبُّ۔ عاشق ج صَبُّونَ۔ مؤنث صَبَّةٌ ج صَبَّاتٌ۔ مَاءٌ صَبٌّ: پانی بہا ہوا۔

الصُّبُّ وَالصُّبَّةُ۔ گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّةُ۔ آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے اونٹ بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔

الصَّبَبُ۔ نشیب۔ ج أَصْبَابٌ۔

الصُّبَابَةُ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبَابَاتٌ کہا جاتا ہے "لَمْ أُدْرِكْ مِنَ العَيْشِ إِلَّا صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَّبَابَةُ۔ عشق۔ سوزش عشق۔

الصَّبِيبُ۔ زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے۔ وَضَعْتُ صَبِيبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المَصَبُّ۔ گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابُّ۔

المِصَبُّ۔ حروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المَصْبُوبُ۔ گرایا ہوا۔ المَصْبُوبُ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔

صَبَأَ (ف) صُبُوءًا (ک) صَبْأً وَصُبُوءًا تبدیل مذہب کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا۔ صفت صَابِئٌ — عَلَيْهِمْ: اچانک پہونچ جانا۔ — العَدُوَّ عَلَيْهِمْ: دشمن کی رہنمائی کرنا — وَأَصْبَأَ إِصْبَاءً۔ النَّابُ وَالنَّبَاتُ: دانت نکلنا۔ نباتات اگنا وَأَصْبَأَ القَوْمَ: قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصَّابِئُونَ وَالصَّابِئَةُ۔ ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصَّبَاؤُتُ وَالصَّبَاؤُوتُ۔ جمع صَبْءٍ عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں۔ اور اسی سے ہے رَبُّ الصَّبَاؤُتِ یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ (ف) صَبْحًا۔ القَوْمَ: صبح کے وقت آنا — عَنِ الحَقِّ: حق ظاہر کرنا۔

صَبِحَ (س) صَبَحًا وَصُبْحَةً۔ چمکدار روشن ہونا — الشَّعْرُ: بال کا چمکدار ہونا — الحَدِيدُ: لوہے کا چمکدار ہونا۔

صَبُحَ (ک) صَبَاحَةً۔ الوَجْهُ: چہرے کا

روشن وچمکدار ہونا — الغلامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُباحٌ صَبِیحٌ۔

صَبَّحَہٗ۔ صبح کے وقت آنا صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ القَومَ المَاءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا — الرَّجُلُ: صبح کا سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ صَبَّحَکَ اللّٰہُ بِخَیرٍ۔

اَصْبَحَ۔ صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا — المِصْبَاحَ: چراغ جلانا۔ الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔

اَصْبِحْ۔ یَا رَجُلُ: اے شخص چوکنا رہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے۔ صَبَاحُ اللّٰہِ لَا صَبَاحُکَ۔

تَصَبَّحَ۔ صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِہٖ: صبح کے وقت ملنا۔

تَصَابَحَ۔ بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں تکلف خوبصورت وحسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ۔ چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلشَّمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِہٖ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے — الرَّجُلُ: صبح کی شراب پینا۔

اِصْبَاحَّ اِصْبِیحَاحًا۔ الشَّعرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔

اِسْتَصْبَحَ۔ الرَّجُلُ: چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔

الصُّبْحُ۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاحٌ

الصُّبْحَۃُ ج م۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ مائل بسرخی (— والصُّبْحَۃُ) صبح کی نیند۔

الصَّبَاحُ والصَّبِیحَۃُ الاُصْبُوحَۃُ دن کا ابتدائی حصہ۔ اور وہ شام کا ضد ہے تم کہتے ہو "آتِیہِ صَبَاحَ مَسَاءَ" دونوں جزا کو مبنی کر کے اور "آتِیہِ ذَا صَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ یَومُ الصَّبَاحِ: لوٹ کا دن۔

الصُّبَاحُ۔ قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَۃٌ ج صِبَاحٌ۔

الصُّبَاحِیَّۃُ۔ چوڑا نیزہ۔

الصُّبَاحِیُّ۔ بہت سرخ خون۔

الاَصْبَحُ۔ شیر۔ بال جس میں خلقۃً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ ج صُبْحٌ۔

الصَّبُوحُ۔ جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُہٗ ذَا صَبُوحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔

الصَّبِیحُ۔ خوبصورت۔ ج صِبَاحٌ۔ مؤنث صَبِیحَۃٌ ج صِبَاحٌ۔

الصَّبْحَانُ۔ خوبصورت۔ مؤنث صَبْحَی۔ ج صَبَاحَی۔ وہ شخص جو صبح کی شراب پیئے۔

رَجُلٌ صَبْحَانٌ۔ جلدی صبح کی شراب پینے والا۔

الصَّبَاحِیَّۃُ۔ خوبصورتی۔

المُصْبَحُ۔ صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت صبح کرنے کا مقام۔

المِصْبَحُ۔ بڑا پیالہ۔ چراغ۔

المِصْبَاحُ۔ چراغ۔ چوڑا نیزہ۔ بڑا پیالہ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیحُ۔

صَبَرَ (ض) صَبْرًا۔ عَلَی الاَمرِ: دلیری کرنا بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیرٌ صَبُورٌ — عَنِ الشَّیْءِ: رک جانا — الدَّابَّۃَ: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا — ہ: مجبور کرنا اور لازم کر دینا — ہٗ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا۔ بند کر دینا (کام سے) اسی سے ہے "صَبَرْتُ نَفْسِی عَنْ کَذَا" یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ "وَصَبَرْتُ عَلَی مَا اَکْرَہُ وَصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ" جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کیلئے بند کیا گیا۔ "حُلِفَ صَبْرًا" قسم کھانے کے لئے بند کیا گیا۔

صَبَرَ (ن) صَبْرًا وَصَبَارَۃً بِہٖ: ضامن ہونا — ہ: ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے "اَصْبِرْنِی" یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَہٗ۔ صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا — المَیِّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تا کہ بدبودار نہ ہوئے۔ صَبَّرَ الکَاْسَ: پیالہ کو لبالب بھرنا۔

اَصْبَرَ۔ اللَّبَنُ: کھٹے پن کا انتہا تک پہنچ جانا ایلوے کے مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا — الرَّجُلُ: ام صبور یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا — القَاضِی فُلَانًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صَابَرَہٗ صِبَارًا ومُصَابَرَۃً۔ صبر کرنے میں غالب رہنا۔

تَصَبَّرَ۔ تکلف سے صبر ظاہر کرنا — عَلَیہِ: صبر کرنا۔

اِصْطَبَرَ واصْبَرَ عَلَیہِ: صبر کرنا — مِنْہُ: بدلہ لینا۔

اِصْبَارَّ اِصْبِیرَارًا۔ عَلَیہِ: صبر کرنا۔

اِسْتَصْبَرَ۔ الشَّیءُ: موٹا ہونا۔ سخت ہونا تہ بتہ ہونا۔

الصَّبْرُ۔ بہادری۔ مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔ شَہْرُ الصَّبْرِ: رمضان کا مہینہ۔ یَمِینُ الصَّبْرِ: وہ قسم جس کو کھانے کے لئے قید کر دیا جائے۔

الصِّبْرُ والصُّبْرُ۔ کنارہ۔ سفید بادل۔ ج اَصْبَارٌ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیءَ بِاَصْبَارِہٖ" یعنی پورا لے لیا۔ "وَمَلَأَ الکَاْسَ اِلَی اَصْبَارِہَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔

الصُّبْرُ والصَّبْرُ۔ کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔

الصَّبْرُ۔ برف۔ ج اَصْبَارٌ۔

الصَّبِرُ۔ ایلوا۔ ج صُبُورٌ۔ واحد صَبِرَۃٌ۔ اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔

الصُّبْرَۃُ۔ غلہ کا ڈھیر۔ سخت پتھروں کا ڈھیر جمع صِبَارٌ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ صُبْرَۃً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے لے لیا۔

الصَّابِر ۔ نا ۔ أَبُوصَابِر: نمک ۔

الصَّابُوْرَةُ ۔ بوجھ جو سواری یا کشتی جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ ادھر ادھر نہ جھکنے پائے

الصَّبْرَةُ والصَّبَارَّةُ ۔ سخت سردی صَبْرَةُ الشِّتَاءِ: سردی کا درمیانی زمانہ ۔

الصِّبَار ۔ کاگ ۔ ایک کھٹے درخت کا پھل ۔

الصَّبَارَةُ ۔ ضمانت ۔ سردی کی شدت ۔ (ـــ والصُّبَارَةُ ۔ چکنے پتھر ۔

الصُّبَّار والصَّبَّار ۔ ائی ۔ ناگ پھنی ۔ واحد صُبَّارَةٌ ۔ صَبَّارَةٌ ۔

الصَّبَّارَةُ ۔ بنجر سخت زمین ۔

الصَّبُوْر ج صُبُر ۔ بردبار ۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (ـــ والصَّبَّار) بہت زیادہ صبر کرنے والا ۔

الصَّبُوْرَةُ ۔ مِنَ الرِّجَالِ: قتل کے لئے قید کیا ہوا ۔

الصَّبِیْرُ ۔ صبر کرنے والا ۔ ضامن ۔ قوم کا چودھری ۔ ج صُبَرَاءُ ۔

الصَّبِیْرُ والصَّبِیْرَةُ ۔ چوڑی روٹی ۔

أُمُّ صَبَّار وأُمُّ صَبُّوْرَةَ ۔ مصیبت ۔

المَصْبُوْر ۔ قتل کے لئے قید کیا ہوا ۔ ڈھیر مؤنث مَصْبُوْرَةٌ ۔

صَبْصَبَ ۔ متفرق کرنا ۔

تَصَبْصَبَ ۔ متفرق ہونا ۔ تَصَبْصَبَ اللَّیْلُ: رات کا اکثر حصہ گزر جانا ـــ الحَرُّ: گرمی زیادہ ہونا ـــ عَلَیْنَا فُلَانٌ: بہت جرأت کرنا ۔

الصَّبْصَاب والصَّبْصَب و الصُّبَاصِب ۔ سخت مضبوط ۔

صَبَعَ (ف) صَبْعًا ۔ بہ وعَلَیْہِ: انگلی سے اشارہ کرنا ـــ فُلَانًا عَلَیْہِ: اشارہ سے رہنمائی کرنا ۔

صَبَعَ (ف) صَبْعًا ومُصْبَعَةً ۔ متکبر بنانا ۔ اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاہُ السُّلْطَانُ صَبَعَہُ الشَّیْطَانُ" جسکو سلطان والی بنا دیتا ہے شیطان اس کو متکبر بنا دیتا ہے ۔ انگلی پر مارنا ۔ صَبَعَ الشَّیْءَ: کسی چیز میں انگلی داخل کرنا ـــ بَیْنَ القَوْمِ: کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتا دینا ـــ فِی الطَّعَامِ: کھانے میں انگلی ڈالنا ۔

الأَصْبَع الإِصْبِع الأُصْبُع الأَصْبَع الإِصْبَع الأُصْبَع الأَصْبِع الإِصْبَع الأُصْبِع ۔ انگلی ۔ مؤنث سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے ج أَصَابِع ۔ أَصَابِعُ الفَتَیَاتِ: ایک پھول کی قسم ، فرنجمشک ۔ أَصَابِعُ العَذَارَیٰ اور أَصَابِعُ العَرُوْسِ: انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے ۔

المَصْبَعَةُ ۔ غرور تکبر ۔ گھمنڈ ۔

المَصْبُوْع ۔ گھمنڈی ۔ متکبر ۔

صَبَغَ (ن ف ض) صَبْغًا وصِبْغًا ۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو رنگنا ـــ یَدَہُ فِی المَاءِ: پانی میں ہاتھ ڈبونا ـــ یَدَہُ بِالعَمَلِ: کام میں مشغول ہونا ۔ فُلَانًا بِالنِّعَمِ: نعمتوں سے چھپا دینا ۔ صَبَغَہُ بِالمَاءِ فَاصْطَبَغَ: پانی سے بپتسمہ دینا ۔ کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِیْ فِیْ عَیْنِکَ" یعنی انھوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کرکے میری کیفیت بدل دی ۔

صَبَغَ (ن) صُبُوْغًا ۔ ضَرْعُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا ۔

صَبَّغَ ۔ گہرا رنگنا (ـــ وأَصْبَغَ) کھجور کا پکنے لگنا أَصْبَغَ عَلَیْہِ النِّعْمَةَ: کامل کرنا ۔

تَصَبَّغَ ۔ فِیْ دِیْنِہِ: دین میں کامل و پختہ ہو جانا ۔

اِصْطَبَغَ ۔ سالن لگانا ۔ کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالخَلِّ أَوْ فِی الخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا ۔ بِکَذَا: رنگین ہونا ۔

الصِّبْغ والصِّبَغ ج أَصْبَاغ والصِّبَاغ ج أَصْبِغَة والصِّبْغَة ۔ رنگ ۔

الصِّبْغ ۔ سالن ۔

الصِّبْغَةُ ۔ نوع ۔ ملت ۔ دین ۔ بپتسمہ کا رنگ ۔

الصُّبْغَةُ ۔ ادھ کچری کھجور ۔

الصِّبَاغَةُ ۔ رنگریزی کا پیشہ ۔

الصَّابِغ ۔ رنگنے والا ۔ لقب ہے یوحنا کا

الصَّبِیْغ ۔ رنگا ہوا ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِیْغٌ" ثِیَابٌ صُبُغٌ"

الصَّبَّاغ ۔ رنگریز ۔ جھوٹا ۔

الأَصْبَغ ۔ بڑا سیلاب ـــ مِنَ الطَّیْرِ والشَّاءِ: پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو ـــ مِنَ الخَیْلِ: گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں ۔ مؤنث صَبْغَاءُ ج صُبْغٌ ۔

المَصْبَغَةُ ۔ رنگنے کی جگہ ۔

صَبَنَ (ض) صَبْنًا ۔ الشَّیْءَ عَنْہُ: روک دینا ۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ـــ المُقَامِرُ الکَعْبَیْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لئے درست کرنا ۔

اِنْصَبَنَ واصْطَبَنَ ۔ عَنْہُ: رک جانا ۔ پھر جانا ۔

الصَّابُوْن ۔ صابن ۔ کلمہ فارسی الاصل ہے عربی میں غاسول کہتے ہیں ۔ ایک ٹکڑے کو صابونہ کہتے ہیں ۔ اور اس کے بیچنے والے اور بنانے والے کو صَبَّان وصَابُوْنِیّ کہتے ہیں ۔

الصَّابُوْنِیَّةُ ۔ ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے ۔

المَصْبَنَةُ ۔ صابن کا کارخانہ ۔

صَبَا یَصْبُو صَبْوَةً وصُبُوَّةً وصُبُوًّا ۔ إِلَیْہِ وَلَہُ: مشتاق ہونا ۔

صَبَا یَصْبُو صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبًا وصَبَاءً ۔ بچپنے کی طرف مائل ہونا ۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا ۔ صفت صَابٍ مؤنث صَابِیَةٌ ۔

صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا ۔ الرِّیْحُ: پروائی ہوا کا چلنا ۔

صُبِیَ وأَصْبَیٰ ۔ القَوْمُ: پروائی ہوا کا لگنا ۔

أَصْبَیٰ ۔ الرَّجُلُ: بچے والا ہونا ۔ أَصْبَی الشَّیْءُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا ۔ کہا جاتا ہے "أَصْبَتْہُ المَکَارِمُ": اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا ۔

صَبِیَ یَصْبَیٰ صَبَاءً واسْتَصْبَیٰ ۔ بچوں جیسا کام کرنا ۔ صَبِیَ إِلَیْہِ: مشتاق ہونا ۔

اِسْتِصْبَاء: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔

صَابٰی مُصَابَاۃً۔ نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لئے جھکانا ـــ السَّیْفَ: تلوار کو میان میں الٹی طرف سے کرنا ـــ الکَلَامَ: ـــ بے قاعدہ بولنا ـــ بَیْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا

تَصَبّٰی تَصَبِّیًا وتَصَابٰی تَصَابِیًا کھیل کود کی طرف مائل ہونا ـــ المَرْأَۃَ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاہُ الشَّیْءُ: شوق میں ڈالنا۔

الصَّبَا۔ پُروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُور ہے تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَیَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔

الصِّبَا۔ شوق۔

الصِّبَاء والصَّبَاء۔ بچپنا۔ کہا جاتا ہے رَأَیْتُہٗ فِی صِبَاہُ اور فِی صَبَائِہٖ۔ یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔

الصَّبْوَۃ۔ بچپن۔ جوانی کی نادانی۔

الصَّبِیّ۔ بچہ۔ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ ج صُبْیَان وصِبْیَان وصُبْوَان وصِبْوَان واَصْبِیَۃ وصِبْیَۃ وصَبْیَۃ وصُبْیَۃ وصِبْوَۃ واَصْب مؤنث صَبِیَّۃ ج صَبَایَا۔ الصَّبِیَّۃ: لڑکی۔ الصَّبِیّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ وَجَعٌ فِی صَبِیِّ قَدَمِہٖ" اس کے پنجے میں درد ہے۔

الصَّبِیَّان۔ ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔

الصُّبَیَّۃ الاُصَیْبِیَۃ۔ صَبِیّ کی جمع صِبْیَۃ اور اَصْبِیَۃ کی تصغیر ہے۔

الصَّابِیَۃ۔ پُروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔

المُصَابِیَۃ۔ مصیبت۔

صَتَّہٗ (ن) صَتًّا۔ زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا ـــ بِکَلَامٍ اَوْ بِدَاہِیَۃٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔

صَاتَّہٗ مُصَاتَّۃً وصِتَاتًا۔ جھگڑا کرنا۔

تَصَاتَّ۔ القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔

الصَّتُّ والصِّتُّ والصُّتَّۃ۔ جماعت

الصِّتُّ والصُّتَّۃ: ضد۔ ہٹ۔

الصِّتَیْت۔ درپے۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ بِصِتِّہٖ" وہ اس کے درپے ہے۔

الصَّتِیْت۔ جماعت۔ آواز۔ شور۔

المُصْتِیْت۔ اپنے کاموں میں مستعد۔

صَتَعَہٗ (ن) صَتْعًا۔ پچھاڑ دینا ـــ لَہٗ: کسی کا قصد کرنا۔

تَصَتَّعَ۔ کسی کام میں تردد کرنا۔

الصَّتَع۔ مضبوط جوان۔ گورخر۔

صَتَّمَ۔ الشَّیْءَ: مکمل کرنا۔

تَصَتَّمَ۔ تیز دوڑنا۔

الصُّتْم والصَّتَم۔ سخت مضبوط۔ کامل مضبوط۔

الصُّتْمُ والصَّتِیْمَۃ۔ سخت پتھر۔

المُصَتَّم۔ کل یا وادی جو غیر نا قدہ ہو۔

صَتَّجَ (ن) صَتْجًا۔ لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔

الصُّتْجُج والصِّتْجِیْج۔ لوہے پر لوہا گرنے کی آواز جھنکار۔

صَحَّ (ض) صُحًّا وصِحَّۃً وصَحَاحًا۔ تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا ـــ الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِیْح وصَحَاح۔ کہا جاتا ہے "صَحَّ لِیْ عَلٰی فُلَانٍ کَذَا" یعنی میرے لئے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔

صَحَّحَ۔ المَرِیْضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا ـــ الکِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔

اَصَحَّ اِصْحَاحًا۔ تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔

تَصَحَّحَ۔ بِکَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔

اِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِہٖ: مرض سے تندرست ہونا ـــ الکَلَامَ: صحیح پانا۔

الصِّحَّۃ۔ مع۔ تندرستی۔

الصَّحَاح۔ مع۔ مِنَ الطَّرِیْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔

الصَّحِیْح۔ تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری بھروسہ کے قابل ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّۃ وصَحَائِح۔

المَصَحّ۔ صحت کی جگہ۔

المَصَحَّۃ والمَصِحَّۃ۔ صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے۔ الصَّوْمُ مَصَحَّۃٌ یعنی روزہ صحت دینے والا ہے۔ یا صحت کا حافظ ہے "وَاَرْضٌ مَصَحَّۃٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَۃً وصَحَابَۃً وصِحَابَۃً وصَاحِبَۃً مُصَاحَبَۃً۔ ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا۔ المَذْبُوْحَ: کھال اتارنا

اَصْحَبَ۔ الرَّجُلُ: ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا ـــ المَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا۔ ـــ فُلَانًا: محفوظ رکھنا ـــ ہٗ عَنْ کَذَا: روک دینا ـــ ہُ الشَّیْءَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ۔ مِنْہُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا یَتَصَحَّبُ مِنْ شَیْءٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ۔ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَہٗ۔ ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لئے کہنا۔ ساتھی بنا۔ اِسْتَصْحَبَہُ الشَّیْءَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لئے کہنا ـــ الشَّیْءَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَّاحِب۔ ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے صَاحِبُ حَمَاۃ یعنی حاکم حماۃ اور "یَا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے ج صَحْب واَصْحَاب و

صُحْبَۃٌ وصِحَاب وصُحْبَان وصِحَابَۃ وصَحَابَۃ اور اَصْحَاب کی جمع اَصَاحِیْب۔

الصَّاحِبَۃ۔ صاحب کا مؤنث۔ بیوی ج صَاحِبَات وصَوَاحِب۔

الصَّحَابَۃ۔ وہ حضرات جو سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے ہوں اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

الصَّحَابِیُّ۔ جو صحابۂ کرام کی طرف منسوب ہو نیز صحابۂ کرام میں سے فردِ واحد۔

المُصَاحِب۔ ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

المُصْحَب۔ پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُودٌ مُصْحَبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِیْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کیے گئے ہوں۔

المُصْحِب والمِصْحَاب۔ فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِیْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہو۔ عُودٌ مُصْحِبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

المَصْحُوب۔ مفعو۔ ادیم مصحوب: وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اتارے گئے ہوں۔ عُودٌ مَصْحُوبٌ وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت وعافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ (ف) صَحْرًا۔ اللَّبَنَ: دودھ کو ابالنا۔ صَحَرَتْہُ الشَّمْسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ (ن) صَحِیْرًا وصُحَارًا۔ الحِمَارُ: گدھے کا زور سے رینکنا۔

صَحِرَ (س) صَحَرًا۔ سرخی مائل مٹیالا ہونا۔ صفت اَصْحَرُ مؤنث صَحْرَاء ج صُحْرٌ اور رنگ کا نام صُحْرَۃ

اَصْحَرَ۔ جنگل کی طرف جانا — المَکَانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا — الاَمْرَ وبالاَمْرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُصْحِرْہُ اَمْرَکَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو۔ اور "اَصْحِرْ بِمَا فِیْ نَفْسِکَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو — الرَّجُلُ: کانا ہونا۔

اِصْحَارَّ اِصْحِیْرَارًا۔ سرخی مائل مٹیالے رنگ والا ہونا۔

الصُّحْرَۃ۔ سرخ سفید رنگ۔

الصَّحْرَاء۔ بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارِیُّ وصَحَارٍ وصَحَارَی وصَحْرَاوَات۔

الصَّحِیْرَۃ۔ دودھ جو ابالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔

المُصَاحِر۔ وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔

المُصْحِرُ۔ شیر۔

صَحْصَحَ۔ الاَمْرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

الصَّحْصَح والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِح۔ التُّرَّہَاتُ الصَّحَاصِحُ و تُرَّہَاتُ الصَّحَاصِحِ: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔

الصُّحْصُح والصُّحْصُوح۔ مِنَ الرِّجَالِ: مرد باریک بیں۔

المُصَحْصِح۔ خالص محبت والا۔ باطل کوش

صَحَّفَ۔ الکَلِمَۃَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ۔ الکِتَابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ۔ القَارِیُٔ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَیْہِ الصَّحِیْفَۃُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔

الصَّحْفَۃ۔ بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَاف۔ الصِّحَاف: چھوٹے چھوٹے چشمے۔

الصِّحَافَۃ۔ اڈیٹری۔ عَالَمُ الصِّحَافَۃِ: محررینِ اخبار۔

الصَّحِیْفَۃ۔ لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِیْفَۃُ الوَجْہِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے "صُنْ صَحِیْفَۃَ وَجْہِکَ": اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائِف وصُحُف۔

الصُّحَیْفَۃ۔ چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

الصَّحِیْف۔ روئے زمین۔

الصَّحَّاف۔ پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصُّحُفِیُّ۔ بغیر استاذ کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔ (— والصَّحَفِیُّ) پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔

المُصْحَف والمِصْحَف والمَصْحَف مجلد کتاب۔ مَصَاحِف۔ جمع۔

المُصَحَّف۔ تغیر کیا ہوا۔

صَحِلَ (س) صَحَلًا صَوْتُہُ: پڑی ہوئی آواز والا۔ اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صَحِلٌ واَصْحَلُ۔

اِصْطَخَمَ۔ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اِصْحَامَّ اِصْحِیْمَامًا۔ النَّبَاتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی کو ملنا۔ صفت اَصْحَمُ مؤنث صَحْمَاء۔ رنگ صُحْمَۃ — الاَرْضُ: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا — الزَّرْعُ: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔

صَحَنَہُ (ف) صَحْنًا۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے "صَحَنَہُ عِشْرِیْنَ سَوْطًا" اس نے اس کو بیس کوڑے مارے۔ صَحَنَہُ بِرِجْلِہِ: پیر سے مارنا — الرَّجُلَ: کسی کو پیالے میں کچھ دینا۔ صَحَنَہُ دِیْنَارًا: دینار دینا — بَیْنَہُمْ: اصلاح کرنا۔

الصَّحْن۔ چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ الصَّحْنِ" صَحْنُ الدَّارِ: انگنائی، الصَّحْنُ مِنَ الاَرْضِ: ہموار زمین۔ ج صُحُوْن، الصَّحْنَانِ۔ جھانجھ ایک قسم کا باجا۔ صَحْنَا۔ الاُذُنَیْنِ: کان کے اندرونی حصے۔

فَرَسٌ صَحُوْنٌ۔ لات مارنے والا گھوڑا۔

الصَّحْنَی والصَّحْنَاۃ والصِّحْنَاء والصِّحْنَاءَۃ۔ چھوٹی نمک لگی ہوئی مچھلی۔

المِصْحَنَۃ۔ برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو

صَحَا یَصْحُو صَحْوًا وصُحُوًّا وصَحِیَ یَصْحَی صَحًا واَصْحَی اِصْحَاءً۔ الیَوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صَحْوٌ وصَاحٍ ومُصْحٍ — السَّکْرَانُ:

نشہ اتر جانا — الرَّجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ۔ ج صَاحُونَ صُحَاةٌ۔ مؤنث صَاحِيَةٌ ج صَاحِيَاتٌ وصَوَاحٍ۔ أَصْحَاهُ: ہوش میں لانا۔ أَصْحَى الْقَوْمُ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصَّحْوُ۔ کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ وَيَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں۔ اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

الْمَصْحَاةُ۔ باعثِ افاقہ۔ کہا جاتا ہے "خَمْرٌ مَسْلَاةٌ بَيْنَ كَرْبِ الْهَمِّ وَمَصْحَاةٌ بَيْنَ سُكْرِ الْهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشہ غم سے افاقہ ہے۔

الْمِصْحَاةُ۔ برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صَخَّ (ن) صَخًّا۔ الْحَدِيدَ بِالْحَدِيدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا — الصَّوْتُ الْأُذُنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا (— صَخًّا صَخِيخًا) الْحَدِيدُ: لوہے کا آواز کرنا — لِحَدِيثِهِ: کان لگانا۔

الصَّخَّةُ۔ اسم مرۃ۔ باری (— والصَّخِيخُ و الصَّخِيخُ) پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصَّخِيخُ۔ خوف زدہ کوّے کی آواز۔

الصَّاخَّةُ۔ سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔

صَخِبَ (س) صَخَبًا۔ شور مچانا۔

صَاخَبَهُ مُصَاخَبَةً۔ ایک دوسرے پر شور مچانا۔

تَصَاخَبَ۔ الْقَوْمُ: باہم شور مچانا اور ریپٹ کرنا۔

اِصْطَخَبَتِ۔ الطَّيْرُ او الضِّفْدَعُ: پرند یا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔

الصَّخَبُ۔ مص۔ شور۔

الصَّاخِبُ الصَّخِبُ والصَّخَّابُ الصَّخُوبُ والصَّخِبَانُ۔ شور مچانے والا۔ مؤنث صَخِبَةٌ وصَخُوبَةٌ وصَخَّابَةٌ وصَخُوبٌ وصَخْبَى۔

صَخِدَ (س) صَخْدًا وصَخَدَانًا — الْيَوْمُ: سخت گرم ہونا۔

صَخَدَتْهُ (ف) صَخْدًا۔ الشَّمْسُ: جلانا۔

الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔

صَخَدَ (ف) صُخُودًا۔ إِلَيْهِ: کان لگانا۔

أَصْخَدَ۔ الْحَرُّ: گرمی تیز ہونا — الرَّجُلُ: گرمی میں داخل ہونا — الْحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔

الصَّاخِدَةُ۔ دوپہری۔

الصَّخْدَانُ والصَّخَدَانُ۔ سخت گرمی کا دن۔

صَيْخَدٌ۔ الشَّمْسُ: گردۂ آفتاب۔ هَاجِرَةٌ صَيْخُودٌ۔ سخت گرم دوپہری۔ ج صَيَاخِيدُ۔ صَيَاخِيدُ الْحَرِّ: گرمی کی تیزی۔

الْمَصْخَدَةُ۔ دوپہر ج مَصَاخِدُ۔

الْمُصْطَخِدُ۔ دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔

صَخَرَهُ۔ فرمانبردار کرنا۔

أَصْخَرَ۔ الْمَكَانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخِرٌ۔

الصَّخْرُ الصَّخْرَةُ۔ ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان ج صُخُورٌ وصُخْرٌ وصُخُورٌ وصُخُورَةٌ وصَخَرَاتٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الْوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے۔

الصَّخِرُ۔ مِنَ الْأَمْكِنَةِ: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الْوَجْهِ اوصَخْرُ الْوَجْهِ" یعنی وہ بے حیا ہے۔

الصَّاخِرُ۔ لوہے پر لوہے کی جھنکار۔

الصَّاخِرَةُ: پینے کے لئے مٹی کا پیالہ۔

صَخَفَ (ن) صَخْفًا۔ الْأَرْضَ: زمین کھودنا۔

الْمِصْخَفَةُ۔ زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال پھاوڑا۔

صَخَمَتْهُ (ن) صَخْمًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔

اِصْطَخَمَ۔ الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

صَخِيَ يَصْخَى صَخًا۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صَخٍ

الصَّخَاةُ۔ میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔

صَدَّهُ (ن) صَدًّا۔ عَنْ كَذَا: روک دینا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صُدَّ السَّبِيلُ" یعنی راستہ کے ورے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہو گئی۔

صَدَّ (ن ض) صَدًّا وصُدُودًا۔ عَنْهُ: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ۔ جمع صُدَّادٌ مؤنث صَادَّةٌ جمع صَوَادُّ وصُدَّادٌ۔

صَدَّ (ن ض) صَدِيدًا۔ مِنَ الشَّيْءِ: — چیخ پڑنا۔ چلانا۔

صَادَّهُ۔ مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَ يُصَادُّهُ وَيُصَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔

صَدَّدَ۔ تالی بجانا — الْجُرْحُ: پیپ دینا۔

أَصَدَّهُ۔ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا — الْجُرْحُ: پیپ دینا یا بھر پڑنا۔

تَصَدَّدَ لَهُ: در پے ہونا۔

اِصْطَدَّتِ۔ الْمَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔

الصُّدُّ۔ مص — الصُّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ ج أَصْدَادٌ وصُدُودٌ۔

الصَّدَدُ۔ در پے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ

الصِّدَادُ۔ پردہ ج أَصِدَّةٌ۔

الصَّدُودُ۔ روکنے والا (مفعول بمعنے فاعل) پھوٹی کرتی۔

الصَّدِيدُ۔ مص۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔ صَدِيدُ الْفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔

الصُّدَّادُ۔ سانپ۔ چھپکلی۔ پانی پر جانیکا راستہ۔ ج صَدَادِيدُ۔

صَدِئَ (س) صَدَأً وصُدُوءًا (ک) صَدَاءَةً۔ الْحَدِيدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ مؤنث صَدِئَةٌ — الشَّيْءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت أَصْدَأُ مؤنث صَدْآءُ — الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا اور دیکھنا۔

صَدَأَ (ف) صَدْأً وصَدَّأَ تَصْدِئَةً۔ الشَّيْءَ: زنگ دور کرنا — الْمِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔

أَصْدَأَہٗ۔ مورچہ والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ لَہٗ: درپے ہونا۔
الصَّدَأُ۔ زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔
الصَّدِیُّ۔ جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے: رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدْأَۃُ۔ مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ (ن) صَدْحًا وصُدَاحًا۔ الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت صَادِحٌ وصَدَّاحٌ وصَیْدَحٌ وصَیْدَاحٌ وصُدَّحٌ وصَیْدَحِیٌّ ومِصْدَحٌ ومِصْدَاحٌ۔
الصَّدَحُ۔ عَلَم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلا ٹیلہ۔ شَیْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَانٌ۔
الصُّدْحَۃُ والصُّدَحَۃُ والصَّدَحَۃُ مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا ومَصْدَرًا عَنِ المَکَانِ وعَنِ المَاءِ: واپس ہونا ــ إِلَی المَکَانِ: متوجہ ہونا ــ الرَّجُلُ عَنْ کَذَا: واپس کر دینا۔ (ــ صُدُوْرًا) الأَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا ــ بِہٖ: ظاہر ہونا ــ عَنْہُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَہٗ صَدْرًا۔ سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ۔ سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ
صَدَّرَہٗ۔ واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الکِتَابَ بِکَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا ــ الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
أَصْدَرَہٗ عَنْ کَذَا: واپس کرنا۔ أَصْدَرَ الأَمْرَ ظاہر کرنا ــ الرَّجُلُ: بیجانا۔ کہا جاتا ہے: "فُلَانٌ یُوْرِدُ وَلَا یُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔
صَادَرَہٗ۔ عَلَی الشَّیْءِ وبِہٖ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ۔ صدر مجلس میں بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا ــ الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے کو سینہ نکالنا
تَصَادَرُوْا۔ عَلَی مَا شَاؤُوْا: صدروا۔
الصَّدْرُ۔ ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا تم کہتے ہو "أَخَذْتُ صَدْرًا مِنْہُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس الصَّدْرُ الأَعْظَمُ: وزیر اعظم ج صُدُوْرٌ۔
بَنَاتُ الصَّدْرِ۔ افکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ۔ سینہ کی ایک بیماری کا نام۔ صُدُوْرُ الوَادِی: وادی کا اگلا اور اعلیٰ حصہ کہا جاتا ہے: "أَخَذَ الشَّیْءَ بِصَدْرِہٖ" یعنی اوّل حصہ کو لے لیا۔ "فُلَانٌ بَعِیْدُ الصَّدْرِ" یعنی غیر مہربان۔
الصَّدَرُ۔ پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی صَادِرٌ کا اسم جمع۔
الصَّادِرُ۔ فا۔ لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے یعنی پانی پر آنے والا۔ اور اسی سے "مَا لَہٗ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِیْقٌ صَادِرٌ: پانی پر لیجانے والا راستہ طَرِیْقٌ وَارِدٌ وصَادِرٌ: ایسا راستہ جس کے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔
الصُّدْرَۃُ۔ مِنَ الإِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔
التَّصْدِیْرُ۔ تنگ اونٹ کے سینے کا۔
الصِّدَارُ۔ صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔
الصَّدَارَۃُ۔ تقدم۔ وزارت عظمیٰ کا عہدہ (والصَّدِیْرَۃُ) سینے کا اوپر کا حصہ ج صَدَائِرُ۔
الأَصْدَرُ۔ مضبوط بڑے سینے والا۔
الأَصْدَرَانِ: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔
المَصْدَرُ۔ جائے صدور ج مَصَادِرُ اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لئے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل وجڑ ہیں۔
المُصْدِرُ۔ فا۔ رَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔
المُصَدَّرُ۔ قوی اور بڑے سینہ والا آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
صَدَعَ (ن) صُدُوْعًا۔ إِلَی کَذَا: مائل ہونا۔
صَدَعَ (ف) صَدْعًا۔ الشَّیْءَ: اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو ــ القَوْمَ: متفرق کر دینا ــ الأَمْرَ: ظاہر کرنا ــ بِالحَقِّ: حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا ــ فِی الأَمْرِ: کر گذرنا ــ الأَمْرَ بِالحَقِّ: حق کا فیصلہ کرنا ــ فُلَانًا: قصد کرنا۔ صَدَعَہٗ عَنْ کَذَا: روک دینا ــ النَّہْرَ: کاٹ دینا ــ فِی المَکَانِ: گذرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے: "ہٰذَا الطَّرِیْقُ یَصْدَعُ فِی أَرْضِ کَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گذرتا ہے ــ اللَّیْلَ: رات میں چلنا۔
صُدِعَ وصُدِّعَ۔ دردِ سر میں مبتلا ہونا صفت مَصْدُوْعٌ۔
صَدَّعَ۔ الشَّیْءَ: پھاڑنا ــ الفَلَاۃَ او النَّہْرَ: بیابان یا نہر کو طے کرنا۔
تَصَدَّعَ۔ القَوْمُ: متفرق ہونا تَصَدَّعَتِ الأَرْضُ بِہٖ: وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہوگیا۔
تَصَدَّعَ وانْصَدَعَ۔ الشَّیْءُ: پھٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ تَصَدَّعَتْ وانْصَدَعَتِ الأَرْضُ بِالنَّبَاتِ یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔ انْصَدَعَ الصَّبَاحُ: صبح کی روشنی پھیلنا۔
الصَّادِعُ۔ فا۔ قاضی۔ جَبَلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وَادٍ صَادِعٌ: دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سَبِیْلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبْحٌ صَادِعٌ: روشن صبح۔
الصَّدْعُ۔ شگاف۔ ج صُدُوْعٌ۔
الصَّدْعُ والصَّدَعُ۔ ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صَدَعُ الحَدِیْدِ: لوہے کا مورچہ زنگ کہا جاتا ہے: "النَّاسُ مُعَلِّمُہُمْ صَدَعٌ" اِجْدٌ زنگ

ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔
الصِّدْعُ - آدمیوں کی جماعت - دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔
الصَّدْعَۃُ - اسم مرۃ - پھٹن - پراگندگی تفرق - ج صَدَعَات - کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ بَيْنَهُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات "وَاَصْلِحُوْا مَا بَيْنَكُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہو جاؤ اور متفرق مت ہو۔
الصِّدْعَۃُ - ج صِدَعٌ والصَّدِيْعُ ج صُدُعٌ - بکریوں کا ریوڑ - اونٹوں کا گلہ - دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ - صدیع بمعنے مصدوع ہے - پھٹا ہوا کپڑا - وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔
الصُّدَاعُ - دردِ سر۔
التَّصَدُّعُ - تفرق۔
المَصْدَعُ - سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مَصَادِعُ۔
المِصْدَعُ - نیزہ - تیر چھری کا چوڑا پھل - خَطِيْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ - بلیغ خطیب۔
صَدَغَہٗ (ن) صَدْغًا - عَنِ الْاَمْرِ: باز رکھنا - روکنا - سیدھا کرنا - النَّمْلَۃَ: چیونٹی کو مارنا۔
صَدَغَہٗ (ف) صَدْغًا - مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنا۔
صَدَغَ (ن) صَدْغًا وصُدُوْغًا - اِلَى الشَّيْءِ: مائل ہونا۔
صَدُغَ (ک) صَدَاغَۃً - کمزور ناتواں ہونا۔
صُدِغَ - کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔
صَادَغَہٗ - مونڈھے سے مونڈھا ملا کر چلنے میں مقابلہ کرنا۔
الصُّدْغُ - کنپٹی - کنپٹی کے بال - ج اَصْدَاغٌ
الصَّدَغُ - کجی - ٹیڑھا پن۔
الصِّدَاغُ - کنپٹی پر نشان۔
الصَّدِيْغُ - کمزور - تین دن کا بچہ۔
الاَصْدَغَان - دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں

المِصْدَغَۃُ - تکیہ۔
بَعِيْرٌ مُصَدَّغٌ ومَصْدُوْغٌ - کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔
صَدَفَ (ن ض) صَدْفًا وصُدُوْفًا - پھر جانا۔
صَدَفَ (ض) صَدْفًا - عَنْہُ: اعراض کرنا — فُلَانًا: پھیر دینا - ہٹانا۔
صَدِفَ (س) صَدَفًا - گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔
اَصْدَفَہٗ - عَنْہُ: پھیر دینا - ہٹا دینا۔
صَادَفَہٗ - پانا۔
تَصَادَفَ - ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
الصَّدَفُ - سیپی۔
الصَّدَفَۃُ - ایک سیپی ج اَصْدَاف۔
صَدَفَۃُ الْاُذُنِ: کان کا اندرونی حصہ۔
الصَّدَفُ - فِي الْخَيْلِ: رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری - الصَّدَفُ الصَّدَفَۃُ: جانب کنارہ۔
الصَّدَفُ والصُّدُفُ والصُّدَفُ والصَّدُفُ - پہاڑ کا کنارہ - الصَّدَفُ: زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔
فَرَسٌ اَصْدَفُ - وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور دور ہوں۔
الاَصْدَافُ - سمندر کی موجیں۔
الصِّدْفَۃُ - ملاقات۔
الصَّدُوْفُ - گندہ دہن - بہت اعراض کرنے والا۔
المَصْدُوْفُ - مغموم - چھپا ہوا۔
صَدَقَ (ن) صَدْقًا وصِدْقًا ومَصْدُوْقَۃً وتَصْدَاقًا - سچ بولنا — فِيْ وَعْدِہٖ وَوَعِيْدِہٖ: پورا کرنا — فِي الْحَمْلَۃِ: بہادری ظاہر کرنا - کہا جاتا ہے "صَدَقُوْا الْقِتَالَ وصَدَقَ فُلَانٌ الْقِتَالَ" سخت جنگ کی — ہ النَّصِيْحَۃَ او الْمَحَبَّۃَ: خالص نصیحت یا محبت کرنا — ہ الْحَدِيْثَ: سچی بات بیان کرنا - سچی خبر دینا۔

صَدَّقَہٗ - سچا جاننا - سچا سمجھنا۔
صَادَقَہٗ صِدَاقًا ومُصَادَقَۃً - دوست بننا - صَادَقَہُ الْمَوَدَّۃَ: خالص دوستی کرنا
اَصْدَقَ - الْاِبْنَۃَ: بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ - صدقہ دینا — عَلَى الْفَقِيْرِ بِكَذَا فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔
تَصَادَقَا - محبت کرنا - دوستی کرنا - تَصَادَقَا الْحَدِيْثَ او الْمَوَدَّۃَ او فِيْہِمَا: ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔
الصَّدْقُ - ج م - سیدھا ٹھوس نیزہ ہو - یا کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْقٌ وقَنَاۃٌ صَدْقَۃٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ - کامل - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِّقَاءِ والنَّظَرِ" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص ج صُدُقٌ وصُدْقٌ وصَدْقُوْنَ - مؤنث صَدْقَۃٌ ج صَدْقَاتٌ۔
الصِّدْقُ - سچ - فضیلت - صلاح - سختی - مضبوطی - کہا جاتا ہے "ہُوَ رَجُلُ صِدْقٍ وصَدِيْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے - یعنی کامل ہے۔
الصَّدَقَۃُ - خیرات - ج صَدَقَاتٌ۔
الصَّدُقَۃُ والصُّدْقَۃُ والصَّدْقَۃُ والصُّدُقَۃُ - مہر۔
الصَّدَاقُ والصِّدَاقُ - مہر ج اَصْدِقَۃٌ وصُدُقٌ۔
الصَّدَاقَۃُ - سچی دوستی۔
الصَّادِقُ - سچا - تَمْرٌ صَادِقُ الْحَلَاوَۃِ - بہت میٹھی کھجور - نِيَّۃٌ صَادِقَۃٌ: خالص نیت - حَمْلَۃٌ صَادِقَۃٌ: شدید حملہ۔
الصَّدُوْقُ - ہمیشہ سچ بولنے والا - ج صُدُقٌ وصُدْقٌ۔
الصَّدِيْقُ - پیارا دوست ج اَصْدِقَاءُ وصُدَقَاءُ وصُدْقَانٌ - جج اَصَادِقُ مؤنث صَدِيْقَۃٌ۔
الصِّدِّيْقُ - بہت سچا - سچائی میں کامل - عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا - حضرت ابوبکرؓ کا لقب۔

الْمِصْدَاق۔ کسی کی سچائی کا گواہ۔ کہا جاتا ہے "إِنَّہٗ لَذُوْ مَصْدَقٍ اور ذُوْ مِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔
الْمَصْدُوْقَۃُ۔ سچائی۔
صَدَمَہٗ (ض) صَدْمًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا آپڑنا۔ کہا جاتا ہے "صَدَمَہٗ أَمْرٌ شَدِیْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی "صَدَمَتْہٗ حُمَیَّا الْکَأْسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔
صَادَمَہٗ مُصَادَمَۃً۔ مارنا۔
اِصْطَدَمَ و تَصَادَمَ۔ الْفَارِسَانِ: ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا
الصِّدَام۔ جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔
الصَّدْمَۃ۔ اسم مرۃ۔ دفعۃً واحدۃً۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ بِصَدْمَۃٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا "أَعْطَاہُ رِزْقَ شَہْرَیْنِ بِصَدْمَۃٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دیدی۔
الصَّدْمَتَان والصَّدْمَتَانِ۔ پیشانی کے دونوں جانب۔
الْأَصْدَم۔ وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ۔ جنگجو بہادر۔
صَدَّ یَصُدُّ و یَصِدُّ صَدًّا و صَدِیْدًا۔ بِیَدَیْہِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
صَدِیَ یَصْدَیٰ صَدًی۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ و صَادٍ و صَدْیَان۔ مؤنث صَدْیَا و صَادِیَۃ ج صَوَادٍ۔ کہا جاتا ہے "أَنَا صَدْیَانُ إِلَیٰ حَدِیْثِکَ وَإِلَیٰ أَخْبَارِکَ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشتاق ہوں
صَدِيَ الشَّيْءُ: لمبا ہونا۔
صَادَاہٗ مُصَادَاۃً۔ مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
صَدّٰی تَصْدِیَۃً۔ بِیَدَیْہِ: دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔
أَصْدَیٰ إِصْدَاءً۔ مرنا۔ الْجَبَلُ: گونجنا

آواز بازگشت آنا۔
تَصَدّٰی لَہٗ: درپے ہونا — لِلْأَمْرِ: کسی معاملے کے لئے متوجہ ہونا۔
الصَّدٰی۔ سخت پیاس۔ آواز بازگشت گونج۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج أَصْدَاء کہا جاتا ہے "ہُمُ الْیَوْمَ أَعْدَاءٌ وَہُمْ غَدًا أَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مردہ ہونگے۔ "مَنَعْتُ صَدَاہُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا "صَمَّ صَدَاہُ" یعنی ہلاک ہوگیا۔ "أَصَمَّ اللّٰہُ صَدَاہُ" یعنی ہلاک کردے۔
الصَّدٰی۔ الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو اُدھر ہی وہ اپنے سر کو پھراتا ہے اور وہ اجاڑ تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔
زمانۂ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے سر سے نکلتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ اور اسی وجہ سے اس کو صدی کہا جاتا ہے۔
صَرَّ (ن) صَرًّا۔ الصُّرَّۃَ: تھیلی کو باندھنا — الدَّرَاہِمَ فِي الصُّرَّۃِ: تھیلی میں رکھنا — الْفَرَسُ أُذُنَہٗ و بِأُذُنِہٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا — النَّاقَۃَ و بِالنَّاقَۃِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔
صَرَّ (ض) صَرًّا و صَرِیْرًا۔ الشَّيْءُ: چرچرانا — الرَّجُلُ: زور سے چیخنا چلانا۔ پیاسا ہونا — الْأُذُنُ: کان بجنا۔
صُرَّ۔ النَّبَاتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔
صَرَّتِ النَّاقَۃُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّرَ أُذُنَہٗ سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔
صَارَّہٗ مُصَارَّۃً۔ عَلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔
أَصَرَّ۔ عَلَی الْأَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا۔ اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ "أَصَرَّ عَلَی الذَّنْبِ" جب کہ باز نہ آئے۔ قرآن

میں ہے: "کَانُوْا یُصِرُّوْنَ عَلَی الْحِنْثِ الْعَظِیْمِ" یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے۔ — السُّنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا — الْفَرَسُ أُذُنَہٗ و بِأُذُنِہٖ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔
الصِّرُّ والصِّرَّۃ۔ سردی۔ رِیْحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصَّرَّۃ چیخ۔
الصَّرَّۃ۔ شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔
الصُّرَّۃ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر۔
یَمِیْنٌ صِرِّی۔ سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "ہِيَ مِنِّي صِرِّي" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔
الصَّرَر۔ خوشہ کا خار۔ واحد صَرَرَۃ۔
الصَّارّ۔ نا۔ شَجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔
الصَّارَّۃ۔ الصَّارّ کا مؤنث۔ حاجت پیاس ج صَوَارّ۔
الصَّرُوْرُ والصَّارُوْرُ والصَّرُوْرِيُّ والصَّارُوْرِيُّ۔ جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد و جمع دونوں کے لئے)
الصَّرَارِيُّ۔ ملاح ج صَرَارِیُّوْن۔
الصِّرَار۔ دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج أَصِرَّۃ۔
الصَّرَّار۔ صَارّ کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّیْلِ: جھینگر۔
الصَّرَارَۃ والصَّرُوْرَۃ والصَّارُوْرَۃ و الصَّارُوْرَاء۔ وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)
الصَّرَّارَۃ۔ عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔
الصَّرِیْرَۃ۔ تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم ج صَرَائِر۔
الْمَصَارّ۔ آنتیں۔
الْمَصْرُوْر۔ منع۔ بندھا ہوا قیدی۔
ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا۔ کاٹنا، کمانا، دودھ کو

ترش بنانا۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا —— الصَّبِیُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ (س) صَرَبًا۔ اللَّبَنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔

أَصْرَبَ۔ إِلَيْهِ مَالًا: دینا۔

صَرَّبَ۔ ترش دودھ پینا۔

إِصْطَرَبَ۔ اللَّبَنَ فِی الْوَطْبِ: دودھ کو ترش ہونے کے لئے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

إِصْرَأَبَّ۔ الشَّيْءُ: صاف اور چکنا ہونا۔

الصَّرْبُ والصَّرَبُ۔ بہت زیادہ ترش دودھ۔ سُرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَةٌ وصَرَبَةٌ۔

الصِّرْبُ۔ غریب عربوں کے تھوڑے مکانات۔

الصَّرِيبُ۔ کھٹا دودھ۔ ج صُرُبٌ۔

المُصْطَرَبُ مفعو جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِضْرَبُ۔ برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَضَارِبُ۔

صَارَجَ۔ الْحَوْضَ: حوض کو چونا مٹی ملا کر بنانا الْحَوْضَ بِالنُّورَةِ: حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَّارُوجُ۔ چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً وصُرُوحَةً۔ صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِيحٌ جمع صُرَحَاءُ مؤنث صَرِيحَةٌ۔

صَرَحَ (ف) صَرْحًا۔ الأَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ۔ الْمُتَكَلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِي نَفْسِهِ: ظاہر کرنا —— الأَمْرَ: واضح کرنا الأَمْرُ: واضح ہونا۔ لازم ومتعدی ہے —— النَّهَارُ دن کا بے بادل کا ہونا —— الْخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا بے جھاگ کے ہونا۔ مثال ہے صَرَّحَ الْحَقُّ عَنْ مَحْضِهِ "یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ: خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِي: تیر انداز کا خطا کرنا۔

أَصْرَحَ۔ الأَمرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهُ صِرَاحًا وصُرَاحًا ومُصَارَحَةً کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتَمَهُ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رُو در رُو گالی دی۔ صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَا فِي نَفْسِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

إِنْصَرَحَ۔ الْحَقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ۔ الزَّبَدُ عَنِ الْخَمْرِ: شراب سے جھاگ دُور ہونا۔

الصَّرْحُ۔ قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوحٌ۔

الصَّرْحَةُ۔ سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ: گھر کا صحن۔ ج صَرَحَاتٌ۔

الصَّرِحُ والصَّرَاحُ والصِّرَاحُ والصُّرَاحُ خالص۔

الصَّرَاحَةُ والصُّرُوحَةُ۔ خلوص۔ وضاحت

الصُّرَاحِيَّةُ۔ مِنَ الْخَمْرِ: خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "كَذِبٌ صُرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔

الصُّرَاحِيُّ۔ واضح۔ ظاہر۔

يَوْمٌ مُصَرِّحٌ ومُصَرَّحٌ۔ بے بادل کا دن۔

صَرَخَ (ن) صُرَاخًا وصَرِيخًا۔ سخت چیخنا۔ فریاد کرنا —— الْقَوْمَ: فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔

أَصْرَخَهُ۔ فریادرسی کرنا۔ مدد کرنا۔

تَصَرَّخَ۔ بتکلف چیخنا۔

تَصَارَخَ واصْطَرَخَ۔ الْقَوْمُ: چیخ پکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصْطَرَخَ بمعنے صَرَخَ

الصَّارِخُ۔ فا۔ مرغ۔

الصَّارِخَةُ۔ الصَّارِخُ کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ داد خواہی۔ داد خواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ صَارِخَةَ الْقَوْمِ" میں نے قوم کی داد خواہی کی آواز سُنی۔

الصَّرَّاخُ۔ بہت زیادہ چیخنے والا۔ مورد۔

الصَّرِيخُ۔ مم۔ فریادرس۔ دادخواہ۔ ج صُرَخَاءُ۔

صَرِدَ (س) صَرَدًا۔ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا —— الرَّجُلُ: سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا —— السِّقَاءُ: جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلْبِي عَنْهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

30

صَرَدَ (ن) صَرْدًا وأَصْرَدَ۔ الرَّامِي السَّهْمَ: نشانہ لگانا۔ أَصْرَدَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔

صَرَّدَ۔ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا —— الْعَطَاءَ: کم دینا —— الرَّجُلَ: سیرابی سے کم پلانا۔

الصَّرْدُ۔ محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الْخَمْرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ "أُحِبُّهُ حُبًّا صَرْدًا" خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ يَوْمٌ صَرْدٌ: ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدت سردی سے مرگیا۔ أَرْضٌ صَرْدٌ سرد ملک۔ ج صُرُودٌ۔ اس کے خلاف أَرْضٌ جُرُومٌ ہے۔ یعنی گرم ممالک۔

الصَّرَدُ۔ بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جاوے۔

الصَّارِدُ۔ فا۔ سَهْمٌ صَارِدٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔

الصَّوَارِدُ۔ ٹھنڈی ہوائیں۔

الصُّرَدُ۔ لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِرْدَانٌ۔

الصُّرَدَانِ۔ زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔

الصَّرِدُ۔ مِنَ الْخَيْلِ: وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو —— مِنَ الرِّجَالِ: سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى يَوْمٌ صَرِدٌ: سخت ٹھنڈا دن۔

الصُّرَّادُ والصُّرَّيْدُ۔ بے پانی کا پتلا بادل نَعْجَةٌ صَرِيدَةٌ۔ سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِدُ۔

المِصْرَادُ۔ بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهْمٌ مِصْرَادٌ۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔

سَهْمٌ مُصَرِّدٌ۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔

المُصْطَرِدُ۔ سخت غضبناک۔

صَرْصَرَ۔ الصُّرَدُ او الصَّقْرُ: آواز کرنا — الرَّجُلُ: چیخنا — الشَّیْءُ: چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرْصَرُ۔ مِنَ الرِّیَاحِ: تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ ر — الصُّرْصُرُ) جمع صَرَاصِرُ۔ الصُّرْصُورُ جمع صَرَاصِیرُ۔ جھینگر۔ بجیرا۔ الصُّرْصُورُ: کشتی۔

الصِّرَاطُ۔ راستہ۔ جمع صُرُطٌ۔

الصُّرَاطُ۔ لمبی تیز تلوار۔

صَرَعَہٗ (ف) صَرْعًا وصِرْعًا ومَصْرَعًا پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا — الشِّعْرَ: دو مصرعے بنانا — البَابَ: دو کواڑ لگانا۔

صُرِعَ۔ مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔

صَرَّعَہٗ۔ سخت پچھاڑنا — الشِّعْرَ: مصرعے لگانا — البَابَ: کواڑ لگانا۔

صَارَعَہٗ صِرَاعًا ومُصَارَعَۃً۔ کشتی لڑنا۔

تَصَارَعَ واِصْطَرَعَ۔ الرَّجُلَانِ: باہم کشتی لڑنا۔

اِنْصَرَعَ۔ پچھاڑا جانا۔

تَصَرَّعَ۔ لِصَاحِبِہٖ: تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ أَتَصَرَّعُ لَہٗ وَإِلَیْہِ حَتّٰی أَجَابَنِی" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔

الصَّرْعُ مص۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ صَرْعُ کَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے جمع اَصْرُعٌ وصُرُوْعٌ۔ والصَّرْعَانِ: رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "أَتَیْتُہٗ صَرْعَیِ النَّہَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "ہُوَ ذُو صَرْعَیْنِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَکْتُہُمْ صَرْعَیْنِ" یعنی میں نے ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

الصِّرْعُ مص۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ جمع اَصْرُعٌ وصُرُوْعٌ۔ کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا صِرْعَانِ" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَۃُ۔ اسم مرۃ۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ یَفْعَلُہٗ عَلٰی کُلِّ صَرْعَۃٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّرْعَۃُ۔ جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَۃُ والصَّرَّاعُ والصُّرَّاعَۃُ والصِّرِّیْعُ والصَّرُوْعُ۔ لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے: قَوْمٌ صُرَعَۃٌ۔ یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَۃُ: حلیم وبردبار۔ اسلئے کہ اس کی بردباری غضب وغصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔ الصُّرُعُ جمع صَرُوْعٌ کی ہے۔

الصِّرَاعَۃُ۔ کشتی کا فن۔

الصَّرِیْعُ۔ زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ جمع صَرْعٰی۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِیْعَ الْکَاْسِ"۔ یعنی مجنوں ہو کر رات گذاری۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ جمع صُرُعٌ۔

المَصْرَعُ مص۔ پچھاڑنے کی جگہ جمع مَصَارِعُ

المِصْرَاعُ مِنَ البَابِ: دروازے کا ایک پٹ — مِنَ الشِّعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ جمع مَصَارِیْعُ

صَرَفَہٗ (ض) صَرْفًا۔ پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰہُ قُلُوْبَہُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَّرَابَ: خالص شراب پینا — الدَّرَاہِمَ "بالدَّنَانِیْرِ" دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا — المَالَ: خرچ کرنا — الکَلِمَۃَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔

صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا۔ بِنَابِہٖ: دانت پیسنا — البَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔

صَرَّفَہٗ۔ مبالغہ کیساتھ صرف کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّیْءَ: بیچنا — الدَّرَاہِمَ: تبدیل کرنا — الخَمْرَ: خالص شراب پینا — الکَلَامَ: بات سے بات نکالنا — ہٗ فِی الْاَمْرِ: سپرد کر دینا — صَرَّفَ المَاءَ: جاری کر دینا — اللّٰہُ الرِّیَاحَ ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔

صَارَفَہٗ۔ مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَہٗ عَنِ الشَّیْءِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔

اَصْرَفَہٗ۔ عَنْ کَذَا: رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔ اَصْرَفَ الشَّرَابَ: کچھ نہ ملانا۔

تَصَرَّفَ۔ فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِہِ الْاَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آجانا۔

اِنْصَرَفَ۔ الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الکَلِمَۃُ: منصرف ہونا۔

اِصْطَرَفَ۔ کمائی کرنیکے لئے پھرنا — الدَّرَاہِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ ہٰذِہِ الدَّرَاہِمَ بِدِیْنَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ۔ اللّٰہَ المَکَارِہَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔

الصَّرْفُ۔ ایک علم کا نام ہے جس میں کلماتِ عربیہ کے صیغوں کی وضع وہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّہْرِ و صُرُوْفُہٗ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الحَدِیْثِ اوالکَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ المَالِ: خرچ کرنا۔

الصِّرْفُ۔ خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔

الصَّرْفَانِ الصِّرْفَانِ۔ رات دن۔

الصَّرَفَانُ۔ موت۔ پیتل۔ سیسہ۔

الصِّرَافَۃُ۔ صرافی کا پیشہ۔

الصَّرْفَۃُ۔ اسم مرۃ۔ گردش۔ مہرہ منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دوہ کر اگلی صبح تک کیلئے چھوڑ دینا۔

الصَّرُوْفُ۔ وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔

الصَّرِیْفُ۔ مص۔ چاندی خالص۔ صَرِیْفُ البَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِیْفُ القَلَمِ:

قلم چلنے کی آواز (— والمَصْرُوف) ہر شے خالص
درخت کی خشک شدہ شاخ۔
الصَّرِيْفَة۔ الصَّرِيْف کا مؤنث۔ درخت خرما
کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُفٌ و صَرَائِفُ و صَرِيْفٌ
تَصَارِيْفُ۔ الدَّهْرِ: مصائب زمانہ۔
الصَّرَّاف والصَّيْرَف والصَّيْرَفِيّ۔
روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَيَارِفَة۔
الصَّرَّاف والصَّرْفِيّ۔ علم صرف کا جاننے والا
المُتَصَرِّف۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِيَّة۔ ملک کا ایک حصہ۔ ملک
کے ایک حصہ کا حاکم۔
الصَّرِيْقَة۔ چپاتی۔ ج صَرِيْقٌ و صُرُقٌ و صَرَائِقُ
صَرْقَعَ۔ أَصَابِعَه: انگلیاں چٹخانا۔
صِرْقَاعَة۔ گوپھن۔ گوپھن کا وہ کنارہ جس
سے آواز نکلے۔
صَرُمَ (ک) صَرَامَة۔ السَّيْفُ: کاٹنا۔
الرَّجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا۔ الحَبْلَ: توڑنا
— الشَّيْءَ: کاٹنا — فُلَانًا: چھوڑنا۔ گفتگو
بند کرنا — فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔
صَرَّمَهُ۔ صرم کا مبالغہ ہے۔
صَارَمَهُ مُصَارَمَة۔ مقاطعہ کرنا۔
علیحدہ ہونا۔
أَصْرَمَ۔ الرَّجُلُ: محتاج ہونا — النَّخْلُ:
پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔
تَصَرَّمَ۔ الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔
تَصَرَّمَ و انْصَرَمَ۔ کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
تَصَرَّمَتْ و انْصَرَمَتِ السَّنَةُ: سال ختم ہونا۔
تَصَارَمَ۔ القَوْمُ: قطع تعلق کرلینا۔
اِصْطَرَمَ۔ الشَّيْءَ: کاٹنا۔
الصَّرْم۔ مم۔ کھال (معرب چرم) الصَّرَّام:
چرم فروش۔
الصِّرْم۔ جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم
چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج أَصْرَام و أَصَارِم
و أَصَارِيْم و صُرْمَان۔

الصُّرَام۔ مم۔ بے تعلقی۔
الصِّرْمَة۔ قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا
چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم۔
الصَّارِم۔ فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار
ج صَوَارِم۔
الصَّرَامَة۔ مم۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل رائے
دھن کا پکا۔
الصَّرُوْم۔ کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح
کاٹنے والا۔
الصِّرَام۔ جنگ۔ مصیبت۔ رَجُلٌ صُرُمٌ صُرَّامٌ:
کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَّرِيْم۔ کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ
صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھی
جائے تاکہ دودھ نہ پیئے۔ زمین جس کی کھیتی کٹ
چکی ہو۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِيْمَا اللَّيْلِ:
رات کا اول و آخر حصہ۔ أَمْرٌ صَرِيْمٌ: لازمی امر۔
الصَّرِيْمَة۔ عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّيْرَمُ۔ پختہ رائے والا۔ مصیبت۔
دن میں ایک بار کھانا۔
الأَصْرَم۔ جس کے کانوں کے کنارے کٹے
ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (—
والمُصْرِم) بہت بال بچے والا مفلس۔
الأَصْرَمَان۔ رات دن۔ کوا و بھیڑیا۔ کہا
جاتا ہے: "تَرَكْتُهُ بِوَحْشِ الأَصْرَمَيْنِ" یعنی ایسے جنگل
میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں
الصَّرْمَاء۔ الأَصْرَم کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل
ہانڈی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
المَصْرِم۔ ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی
سیلاب آجائے۔
المِصْرَم۔ درانتی۔
الصُّرْنَايَة۔ بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَايَضَ و أَصْرَوْا۔ إِلَيْهِ: دیکھنا۔
صَرَى يَصْرِي صَرْيًا۔ الشَّيْءَ: دفع کرنا
ہٹانا۔ دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَى اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ"
اللہ اس سے شر کو دور کرے۔ صَرَى بَوْلَهُ: پیشاب کو روکنا۔

— فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا
— الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ نیچے ہونا — القَوْمُ: آگے
بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا — بَيْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِيَ يَصْرَى صَرًى۔ المَاءُ: دیر تک
ٹھہرنے سے متغیر ہونا — اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ
بدل جانا — فُلَانٌ فِي يَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا
کسی کے ہاتھ میں قید ہونا — الدَّمْعُ: آنسو کا
بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِيَتْ و أَصْرَتْ۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کے
تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّى تَصْرِيَةً۔ الشَّاةَ: دودھ زیادہ
معلوم ہونے کے لئے تھن میں روک دینا۔
الصَّرَى۔ باقی ماندہ (— الصِّرَى) پانی جو
دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًى" وہ
دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِي۔ فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاءٌ و صَرَارِيُّ
و صَرَارِيُّوْن۔ بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ۔
الصَّارِيَة۔ الصَّارِي کا مؤنث۔ کنواں جس کا
پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہوگیا ہو۔
الصَّرَاة والصُّرَى والمُصَرَّاة۔ مِنَ الشَّاءِ
أَوِ النُّوْقِ: وہ بکری یا اونٹنی جس کے تھن میں دودھ
کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمَصْطَبَة۔ چبوترہ۔
المِصْطَب۔ لوہار کی نہائی۔
المِصْطَح۔ خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلہ کی گہائی
کے لئے ہموار کی جائے ج مَصَاطِح۔
صَطَرَ (ن) صَطْرًا۔ لکھنا۔
صَيْطَرَ۔ داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔
المِصْطَع۔ فصیح و بلیغ۔
الأُصْطُمَّة۔ چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی
جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ (ک) صُعُوْبَة۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار
ہونا۔ صفت صَعْبٌ۔ مؤنث صَعْبَةٌ ج صِعَاب
أَصْعَبَ۔ الأَمْرُ: مشکل ہونا — الشَّيْءَ: مشکل
پانا — الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا

صَاعَبَہٗ مُصَاعَبَۃً ۔ سختی کرنا۔

صَعَّبَہٗ ۔ دشوار بنانا۔

تَصَعَّبَ ۔ دشوار ہونا۔ مشکل ہونا الأمرَ: دشوار بنانا۔

تَصَاعَبَ ۔ باہم سختی کرنا۔

إِسْتَصْعَبَ ۔ مشکل ہونا ـــ الشَّیْءَ: مشکل پانا۔

الصَّعْبُ ۔ مم ۔ دشوار ۔ مشکل ۔ خوددار ۔ شیر ۔

الصَّعُوْبُ ۔ دشوار ج صُعُبٌ ۔

الصُّعْبُوْبُ ۔ دشوار ۔

المَصَاعِبُ ۔ سختیاں ۔ مشقتیں ۔

المُصْعَبُ ۔ سانڈ ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو ج مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ ۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِیْبُ" سرکش اونٹ ۔

صَعْتَرَ ۔ الحَلْوُ : پہاڑی پودینہ کھانا ـــ الرَّجُلُ الشَّیْءَ : مزین کرنا۔

الصَّعْتَرُ ۔ پہاڑی پودینہ ۔

الصَّعْتَرِیُّ ۔ چالاک ۔ کریم ۔ بہادر ۔

صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فی السُّلَّمِ : سیڑھی پر چڑھنا ـــ بہٖ : چڑھانا (صُعُوْدًا) المَکَانَ : نیچے جھانکتے ہوئے چڑھنا ـــ

صَعَّدَ ۔ فی وعلی الجَبَلِ : پہاڑ پر چڑھنا ـــ فی الوَادِی : وادی میں اترنا ۔

صَعَّدَ فِیْہِ النَّظَرَ : اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا ۔

أَصْعَدَ ۔ مکہ کو جانا ـــ فی الأَرْضِ : اونچی زمین کی طرف جانا ـــ فی الوَادِی : وادی میں اترنا ـــ فی العَدْوِ : تیز دوڑنا ـــ ہٗ : چڑھانا ۔

أَصْعَدَتِ السَّفِیْنَۃُ : بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا ۔

تَصَعَّدَ وتَصَاعَدَ ۔ چڑھنا ۔ تَصَعَّدَہٗ وتَصَاعَدَہُ الأَمْرُ : دشوار و مشکل ہونا ۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ : مشکل سے سانس نکلنا ۔

إِصَّعَّدَ ۔ چڑھنا ۔

الصَّاعِدُ ۔ فا ۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ کَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر ۔ اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے ۔

الصَّعَّادُ ۔ بہت چڑھنے والا ۔

الصُّعُدُ ۔ بلندی ۔ کہا جاتا ہے "ہَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا و "ہٰذَا النَّبَاتُ یَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے ۔ ایک درخت ہے جس سے تار کول پگھلایا جاتا ہے ۔

الصَّعَدُ ۔ مشقت ۔ عَذَابٌ صَعَدٌ : سخت عذاب ۔

الصَّعِیْدُ ۔ مٹی ۔ قبر ۔ راستہ ۔ زمین کا بلند حصہ کہا جاتا ہے "صَارَتِ الحَدِیْقَۃُ صَعِیْدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہو گیا جس میں درخت وغیرہ نہیں ۔ ج صُعُدٌ وصُعُدَاتٌ وصُعْدَانٌ ۔ مصر میں چند شہروں کا نام صعید ہے ۔

الصُّعُوْدُ ۔ چڑھائی ۔ خَمِیْسُ الصُّعُوْدِ : جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام آسمان پر تشریف لے گئے ۔

الصَّعُوْدُ ۔ چڑھائی ۔ چڑھتا ہوا راستہ ۔ دشوار گذار گھاٹی ج صُعُدٌ وأَصْعِدَۃٌ وصَعَائِدُ کہا جاتا ہے "لَأُرْہِقَنَّکَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا ۔

الصُّعَدَاءُ ۔ غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس ۔

الصَّعْدَاءُ ۔ مشقت ۔

الصَّعْدَۃُ ۔ اسم مرۃ ۔ سیدھا نیزہ ۔ ج صِعَادٌ وصَعَدَاتٌ ۔

الصَّعُوْدَاءُ ۔ دشوار گذار گھاٹی ۔

المُصَعَّدُ ۔ مِنَ الأَشْرِبَۃِ : آگ سے گرم کیا ہوا ۔

جَبَلٌ مُصَعِّدٌ ۔ بلند پہاڑ ۔

المِصْعَادُ ۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی ۔

صَعِرَ (س) صَعَرًا ۔ وَجْہُہٗ : ٹیڑھا ہونا ۔ ایک جانب کو جھکنا ۔ صفت أَصْعَرُ ۔ مؤنث صَعْرَاءُ ج صُعْرٌ ـــ رَأْسُہٗ : سر کا چھوٹا ہونا ۔

صَعَّرَ وصَاعَرَ وأَصْعَرَ ۔ تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا ۔ اور کبھی خلقۃً ہوتا ہے ۔

تَصَعَّرَ وتَصَاعَرَ ۔ تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا ۔

صَعْرَرَ ۔ الشَّیْءَ : گھمانا ۔

تَصَعْرَرَ ۔ گھومنا ۔

إِصْعَنْرَرَ وإِصْعَرَّرَ ۔ پیچ و تاب کھانا ۔

إِصْعَرَّتِ ۔ الإِبِلُ : تیز دوڑنا ۔

الصَّعَّارُ ۔ مغرور ۔ متکبر ۔

الصُّعْرُوْرُ والصُّعْرُوْرُ ۔ درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے ۔ ج صَعَارِیْرُ ۔

الصُّعْرُوْرَۃُ ۔ گبریلا کی گولی ۔

صَعْصَعَ ۔ القَوْمَ : متفرق کر دینا ـــ الشَّیْءَ : حرکت دینا ـــ مِنْ فُلَانٍ : خوف کرنا ـــ رَأْسَہٗ بِالدُّہْنِ : سر کو تیل سے چکنا کرنا ۔

تَصَعْصَعَ ۔ متحرک ہونا ۔ متفرق ہونا ۔ الرَّجُلُ : بزدل ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔ عاجزی کرنا ۔ کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِہِمُ الدَّہْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا ۔ "تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُہُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہو گئیں ۔

الصَّعْصَعُ ۔ متفرق (د ـــ والصُّعْصُعُ) ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں ۔ ج صَعَاصِعُ ۔ کہا جاتا ہے "ذَہَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے ۔

صَعِفَ صَعَفًا ۔ کپکپی لاحق ہونا ۔ صفت مَصْعُوْفٌ ۔

أَصْعَفَ ۔ الزَّرْعُ : کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جا سکے ۔

الصَّعْفَۃُ ۔ کپکپی ۔ سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے ۔

الصَّعْفَقُ والصَّعْفُوْقُ والصَّعْفَقِیُّ وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کیلئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کیساتھ شریک ہو جائے ۔ کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو ۔ الصَّعْفُوْقُ : کمینہ ۔ ج صَعَافِیْقُ وصَعَافِقَۃٌ ۔

صَعَقَتْ (ن) صَاعِقَةً - السَّمَاءُ الْقَوْمَ بجلی گرانا۔ صُعِقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ (س) صَعْقًا - الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا — الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (— وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا) گرج سے غش طاری ہو جانا۔ صفت صَعِقٌ۔ مزا صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

أَصْعَقَتْ - السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔ أَصْعَقَهُ: قتل کرنا۔

الصَّعْقُ - مص - چیخ - موت۔

الصُّعَاقُ - بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَةُ - مص - آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔ موت ہر مہلک عذاب - عذاب کی چیخ - ج صَوَاعِقُ۔

الْمَصْعُوقُ - غشی والا - اچانک مرنے والا۔

الصعفُ - مچھلی کے انڈے۔

صَعِلَ (س) صَعَلًا و اصْعَالَ - چھوٹا سر اور پتلی گردن والا ہونا۔ صفت أَصْعَلُ۔ مؤنث صَعْلَاءُ ج صُعْلٌ۔

الصَّعْلُ - چھوٹے سر والا (آدمی یا شتر مرغ یا کھجور) لمبا - گدھا جس کے بال گر گئے ہوں۔

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً - محتاج بنانا۔ دُبلا کرنا۔

تَصَعْلَكَ - فقیر و محتاج ہونا۔

الصُّعْلُوكُ - فقیر و محتاج - کمزور - ج صَعَالِكُ وصَعَالِيكُ - صَعَالِيكُ الْعَرَبِ: عرب کے چور اور فقراء۔

أَصْعَنَ - الرَّجُلُ: چھوٹے سر والا اور کم عقل ہونا۔

إِصْعَنَّ - الشَّيْءُ: باریک اور نازک ہونا۔

صَعَا يَصْعُو صَعْوًا - باریک اور چھوٹا ہونا۔

الصَّعْوُ - چھوٹے چڑے - واحد صَعْوَةٌ ج صَعَوَاتٌ - ممولا ج صِعَاءٌ و أَصْعَاءٌ نیز صَعْوَةٌ۔

چھوٹے سر والی اونٹنی۔

الصُّغْبُ - جوں کے انڈے۔

صَغِرَ (س) وصَغُرَ (ک) صَغَرًا و صَغَارَةً و صِغَرًا و صُغْرَانًا - چھوٹا ہونا صَغُرَ (ک) صِغَرًا و صُغْرًا و صَغَارًا و صَغَارَةً و صُغْرَانًا - ذلیل ہونا۔ صَغُرَتِ الشَّمْسُ: غروب کی طرف مائل ہونا۔

صَغَرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغْرًا - الْقَوْمَ: قوم میں چھوٹا ہونا۔

صَغَّرَ و أَصْغَرَهُ - چھوٹا بنانا - ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَغَّرَهُ فِي أَعْيُنِ النَّاسِ" یعنی لوگوں کی نگاہ میں ذلیل کیا۔ "أَصْغَرَتِ الْأَرْضُ" زمین چھوٹے پودے والی ہوئی۔ أَصْغَرَ الْقَوْمُ: — چھوٹے چھوٹے بچے پیدا کرنا۔

تَصَاغَرَ - الرَّجُلُ: حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَصَاغَرَتْ إِلَيْهِ نَفْسُهُ" یعنی اس کا نفس حقیر و بے قدر ہو گیا۔

إِسْتَصْغَرَهُ - چھوٹا پانا - چھوٹا سمجھنا — فُلَانٌ: چھوٹا طلب کرنا۔

الصِّغْرَةُ - اولاد میں سب سے چھوٹا - قوم میں سب سے چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صِغْرَةُ أَبَوَيْهِ و صِغْرَةُ أَوْلَادِ أَبَوَيْهِ" وہ اپنے ماں باپ کی اولاد میں سب سے چھوٹا ہے۔ قوم کے چھوٹے چھوٹے کہا جاتا ہے "أَنَا ابْنُ الصِّغْرَةِ" یعنی میں چھوٹے چھوٹے لوگوں میں سے ہوں۔

الصَّغَارُ و الصُّغْرُ - ذلت - ظلم۔

الصَّغَارَةُ - چھوٹا پن - اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ صغارت مرتبہ میں چھوٹا ہونا اور صغر جسامت میں چھوٹا ہونا۔

الصُّغَارُ و الصُّغْرَانُ - چھوٹا۔

الصَّاغِرُ - ذلیل - بے قدر - جو ذلت اور ظلم پر راضی رہے ج صَغَرَةٌ و صَاغِرُونَ۔

الصَّغِيرُ - چھوٹا (مرتبہ یا جسامت میں) ج صِغَارٌ و صُغَرَاءُ۔

الْأَصْغَرُ - اسم تفضیل ج أَصَاغِرُ و أَصَاغِرَةٌ و الْأَصْغَرُونَ - مؤنث صُغْرَى ج صُغَرٌ۔

الْأَصْغَرَانِ - دل و زبان - اور اسی کر مثل ہے "الْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ" آدمی کی وقعت دو چھوٹی چیزوں یعنی دل و زبان سے وابستہ ہے۔

صَغَا يَصْغُو و يَصْغَى صَغْوًا و صَغِيَ يَصْغَى صَغًى و صُغِيًّا - إِلَيْهِ: جھکنا — النُّجُومُ او الشَّمْسُ: ڈوبنے لگنا۔ صفت صَاغٍ اور جمع صَوَاغٍ۔

أَصْغَى إِصْغَاءً - إِلَى حَدِيثِهِ: کان لگانا — إِلَيْهِ: سننے کے لئے جھکنا — الْإِنَاءَ: جھکانا — الشَّيْءَ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ تم کہو گے۔ أَصْغَى حَقَّهُ: جبکہ حق گھٹا دیا۔

الصِّغْوُ - کنوئیں کا کنارہ - ڈول کا کنارہ جو دو ہرا ہو۔ صِغْوُ الْكَفِّ او الْمِغْرَفَةِ: ہتھیلی یا چمچہ کا گڑھا۔ ج أَصْغَاءٌ۔

صَاغِيَةُ - الرَّجُلِ: ماتحت لوگ۔ کہتے ہیں "أَكْرِمُوا الرَّجُلَ فِي صَاغِيَتِهِ" یعنی اسکے ماتحت لوگوں کے سامنے آدمی کا اکرام کرو۔

صَفَّ (ن) صَفًّا و صَفَّفَ - الشَّيْءَ: صف بنانا — الْقَوْمَ: میدان جنگ میں صف بندی کرنا — صَفَّ الْقَوْمُ: صف بستہ کھڑا ہونا — الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پر پھیلانا اور حرکت نہ دینا — الْإِبِلُ قَوَائِمَهَا: اونٹوں کا اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں رکھنا — اللَّحْمَ: طول میں کاٹنا — السَّرْجَ: گدی بنانا۔

صَافَّ مُصَافَّةً - الْقَوْمَ فِي الْقِتَالِ: میدان جنگ میں صف بستہ کھڑا ہونا — فُلَانٌ فُلَانًا: کسی کے چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔ بنانے والا "مصافی" کہلاتا ہے۔

أَصَفَّ - السَّرْجَ: زین کے لئے گدی بنانا۔

تَصَافَّ - الْقَوْمُ: صفوں میں اکٹھا ہونا۔

إِصْطَفَّ - الْقَوْمُ: صفوں میں کھڑا ہونا۔

الصَّفُّ - سیدھی قطار - کلاس - صف بستہ قوم ج صُفُوفٌ۔

الصَّفِيف ـ زرہ کے نیچے کا لباس ـ

الصُّفَّة ـ ہتھیلی پر رکھے ہوئے دانے ـ صُفَّةُ السَّرج او الرَّحل : زین یا کجاوہ کی گدی صُفَّةُ المَسجِد : مسجد کا سایہ دار چبوترہ ـ الصُّفَّة : گرمی کے لئے مکان جس کی چھت گھاس پھوس سے پٹی ہوئی ہو ـ صُفَّةٌ مِنَ الدَّهر : زمانے کی ایک مدت ج صُفَف و صُفَّات و صِفَاف ـ

الصَّافّ ـ فا ـ الصافّة من الابل : جو اپنی ٹانگوں کو ایک صف میں کئے کھڑے ہوں ـ ج صَافَّات و صَوَافّ ـ الصَّافَّات : فرشتے ـ

نَاقَةٌ صَفُوفٌ ـ بہت دودھ دینے والی اونٹنی جو کثرتِ دودھ کی وجہ سے برتنوں کی صف لگا دے اور یا جو اپنی اگلی ٹانگوں کو دودھ دوہنے کے وقت ایک صف میں کرلے ـ

الصَّفِيف ـ خشک ہونے کے لئے دھوپ میں یا بھوننے کے لئے آگ پر صف لگائی ہوئی چیز ـ

المَصَفّ ـ صف باندھنے کی جگہ ـ میدانِ جنگ ـ مطلقاً کھڑے ہونے کی جگہ ـ ج مَصَافّ

تَصَفَّتَ ـ الرَّجُلُ : قوی و مضبوط ہونا ـ

الصِّفت والصِّفِتَّان والصِّفِتَان بھاری بھرکم جسم والا ـ قوی سخت اندام ـ

صَفَحَ (ف) صَفحًا ـ عَنهُ : روگردانی کرنا ـ اعراض کرنا ـ چھوڑ دینا ـ گناہ معاف کرنا ـ صَفَحَ السَّائِلَ عَن حَاجَتِهِ : حاجت پوری نہ کرنا ـ تم کہتے ہو " أَتَيتُهُ فِي حَاجَتِهِ فَصَفَحَنِي " میں اسکے پاس ایک حاجت سے آیا اس نے حاجت پوری نہیں کی ـــ ہ بِالسَّيفِ : تلوار کی چوڑائی کیطرف سے مارنا ـــ الشَّيءَ : چوڑا کرنا ـــ النَّاسَ : لوگوں میں مقابلہ کرکے ان کی حالت دیکھنا ـــ وَرَقَ المُصحَف : ایک ایک ورق کو پیش کرنا ـــ فِي الأَمرِ : غور کرنا ـ

صَفَحَتْ (ن) صُفُوحًا ـ النَّاقَةُ وغيرها دودھ کا ختم ہو جانا ـ صفت صَافِح ـ

صَفَّحَ ـ الشَّيءَ : لمبا چوڑا کرنا ـ المَكَانَ : مکان میں چوڑے پتھروں کا فرش لگانا ـ صَفَّحَ بِيَدَيهِ : تالی بجانا ـ

أَصفَحَ ـ السَّائِلَ : محروم واپس کر دینا ـ الشَّيءَ : الٹنا پلٹنا ـ

صَافَحَهُ مُصَافَحَةً وصِفَاحًا ـ ہاتھ ملانا ـ مصافحہ کرنا ـ

تَصَفَّحَ ـ الشَّيءَ : تامل کرنا ـ دیر تک دیکھنا ـــ القَومَ : چہروں کو غور سے دیکھنا تا کہ حالات کا اندازہ ہو سکے ـ حالات کا جائزہ لینا ـ

تَصَافَحَ ـ القَومُ : باہمدگر مصافحہ کرنا ـ کہا جاتا ہے " تَصَافَحَتِ الأَجفَانُ " یعنی پلک لگ گئی ـ

إِستَصفَحَهُ ـ الذَّنبَ : گناہ کی معافی چاہنا ـ

الصَّفحُ ـ جانب ـــ مِنَ الوَجهِ : رخسارہ ـــ مِنَ الإِنسَانِ : پہلو ـــ مِنَ السَّيفِ چوڑا پہلو ج صِفَاح ـ کہا جاتا ہے " ضَرَبَ عَنهُ صَفحًا " یعنی اعراض کیا ـ

الصَّفحَة ـ مِنَ الشَّيءِ : جانب ـ چہرہ ـــ مِنَ الكِتَابِ : ورق کا ایک جانب ـ صَفحَةُ الرَّجُلِ سینہ کی چوڑائی ج صَفَحَات ـ

الصَّفحَانِ والصَّفحَتَانِ ـ رخسارے

الصُّفح ـ چہرے اور تلوار کی چوڑائی ـ

الصِّفَاحُ والصَّفَح ـ رخسارہ یا پیشانی کی بہت زیادہ چوڑائی ـ کہا جاتا ہے " لَقِيَهُ صِفَاحًا " وہ اس سے اچانک ملا ـ

الصَّفِيح ـ آسمان ـ ہر چوڑی چیز کا ظاہر

الصَّفِيحَة ـ چوڑی تلوار ـ چوڑا پتھر ـ ہر چوڑی چیز کا ظاہر ـ صَفِيحَةُ الوَجهِ : چہرے کی کھال ج صَفِيح و صَفَائِح ـ الصَّفَائِح : سر کی چار ہڈیاں ـ دروازے کے تختے ـ

الصُّفَّاح ـ پتلے چوڑے پتھر ـ اونٹ جن کے کوہان بڑے ہوں ج صُفَّاحَات صَفَافِيح ـ

الصَّفَّاح والصَّفُوح ـ معاف کرنیوالا ـ الصَّفُوح بمعنے کریم ـ

المُصَفَّح ـ چوڑا ـ الٹا جھکا ہوا ـــ مِنَ الوُجُوهِ : ملائم و خوبصورت ـــ مِنَ الأُنُوفِ ستواں ناک ـــ مِنَ الرُّؤُوسِ : کنپٹیوں کی طرف تنگ اور پیشانی اور گدی کے درمیان طویل ـــ مِنَ القُلُوبِ : جس میں ایمان و نفاق دونوں جمع ہوں ـــ مِنَ النَّاسِ : جو کافرے کا فرانہ طریقہ سے ملے اور مومن سے مومنانہ طریقے سے ـ

المُصَفَّح ـ چوڑا ـ جس پر چوڑے پتھر لگے ہوئے ہوں ـ أَنفٌ مُصَفَّحٌ : ستواں ناک ـ

المُصَفِّحَة والمُصَفَّحَة ـ تلوار ـ ج مُصَفِّحَات و مُصَفَّحَات ـ

صَفَدَهُ (ض) صَفدًا و صُفُودًا و صَفَّدَهُ ـ قید کرنا ـ ہتھکڑی لگانا ـ

أَصفَدَهُ ـ قید کرنا ـــ مَالًا : دینا ـ

الصَّفَد ـ بخشش ـ بندھن ج أَصفَاد کہا جاتا ہے " الصَّفَدُ صَفَدٌ " یعنی داد و دہش قید ہے ـ

الصِّفَاد ـ ہر وہ چیز جس سے قیدی کو باندھا جائے ـ بندش ـ

صَفَرَ (ض) صَفِيرًا ـ ہونٹوں سے سیٹی بجانا ـ صَفَرَ بِالفَرَسِ عِندَ وُرُودِهِ : گھوڑے کو پانی پلانے کے لئے بلانا ـ

صُفِرَ صَفَرًا ـ پیٹ میں صُفَار جمع ہونا ـ صفت مَصفُور (دیکھیے صُفَار)

صَفِرَ (س) صَفَرًا و صُفُورًا و صُفُورَةً ـ الإِنَاءُ : برتن کا خالی ہونا ـ کہا جاتا ہے " صَفِرَ وِطَابُهُ او إِنَاؤُهُ " یعنی ہلاک ہو گیا ـ

صَفَّرَ ـ الشَّيءَ : زرد کرنا ـــ الثَّوبَ : زرد رنگنا ـــ البَيتَ : خالی کرنا ـــ لِلدَّابَّةِ : ہونٹوں سے جانور کے لئے سیٹی بجانا ـــ بِالدَّابَّةِ : جانور کو پانی پینے کے لئے بلانا ـ

أَصفَرَ ـ محتاج ہونا ـــ الإِنَاءُ : خالی ہونا ـــ البَيتَ : خالی کرنا ـ

إِصفَرَّ إِصفِرَارًا ـ زرد رنگ ہونا ـ

الصَّفْرُ والصِّفْرُ والصُّفْرُ۔ خالی۔ کہا جاتا ہے "بَیْتٌ صِفْرٌ مِنَ الْمَتَاعِ" گھر سامان سے خالی ہے "ہُوَ صِفْرُ الْیَدِ" وہ خالی ہاتھ ہے۔
الصُّفْرُ۔ سونا۔ پیتل۔
الصِّفْرُ۔ زیرو۔ اہلِ حساب کا وہ نقطہ جو عدد نہ ہونے پر دلالت کرے۔
صَفَرٌ۔ قمری مہینوں میں سے دوسرا مہینہ کبھی غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔ ج اَصْفَارٌ۔
الصَّفَرَانِ۔ عربی سال کے دو مہینے جن میں سے پہلے کا نام ظہورِ اسلام کے بعد محرم ہو گیا اور دوسرا نام اپنی حالت پر باقی رہا۔
الصَّفَرُ۔ مص۔ یرقان۔ بھوک۔ کہا جاتا ہے "عَضَّ عَلٰی شُرْسُوفِهِ الصَّفَرُ" یعنی بھوکا ہوا عقل۔ کہا جاتا ہے "لَا یَنَاطُ ہٰذَا بِصَفَرِیْ" یہ میری عقل میں نہیں آتا۔ میرے دل میں نہیں چپکتا۔
الصَّفِرُ۔ خالی۔ ج اَصْفَارٌ۔ کہا جاتا ہے اِنَاءٌ اَصْفَارٌ: خالی برتن
الصَّفْرَةُ۔ ایک مرتبہ بھوکا ہونا۔
الصُّفْرَةُ۔ زردی۔ سیاہی۔
الصِّفْرِیْتُ۔ کثیر العیال محتاج ج صَفَارِیْتُ
الصَّفَرِیُّ والصَّفَرِیَّةُ۔ فصلِ خریف کی بارش۔ ایک پودہ جو فصلِ خریف میں ہوتا ہے۔
الصُّفَارُ۔ آواز۔ زرد رنگ کا پانی جو پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے۔ کینچوا۔ پیٹ کے کیڑے۔ زردی جو رنگ پر غالب ہو (۔۔۔ والصِّفَارُ) جانوروں کے دانتوں میں گھاس کا بقیہ۔
الصُّفَارَةُ۔ مرجھایا ہوا پودہ۔
الصَّفِیْرُ۔ ہر آواز جو لمبی ہو اور حروف سے خالی ہو۔ حُرُوْفُ الصَّفِیْرِ: زای معجمہ سین و صاد مہملہ ہیں۔
الصَّفَّارُ۔ ٹھٹھیرا۔
الصَّفَّارَةُ۔ سیٹی۔ مقعد۔
الصُّفَارِیَّةُ۔ زرد پروں کا پرندہ۔
الصَّافِرُ۔ سیٹی بجانے والا چور۔ ایک پرندہ ہے جو رات میں آواز کرتا رہتا ہے اس خوف سے کہ کہیں سوتے میں پکڑ نہ لیا جائے۔ مثال ہے "ہُوَ اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ" وہ صافر پرندہ سے زیادہ بزدل ہے۔ ہر ایک پرندہ جو شکار نہ کرے۔ ہر ایک آواز کرنے والا پرندہ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ صَافِرٌ" گھر میں کوئی آواز کرنے والا نہیں یعنی کوئی نہیں۔
الْاَصْفَرُ۔ زرد رنگ والا۔ مؤنث صَفْرَاءُ ج صُفْرٌ۔
الصُّفْرُ۔ دنانیر۔
الْاَصْفَرَانِ۔ زعفران اور سونا۔
الصَّفْرَاءُ۔ مؤنث اَصْفَرُ۔ سونا۔ پتا۔ وہ ٹڈی جو انڈے دے چکی ہو۔ ایک قسم کا پودہ جس کے پتے خس کے مانند ہوتے ہیں۔
الْمُصْفِرُ۔ فا۔ محتاج۔
الْمَصْفُوْرُ والْمُصَفَّرُ۔ بھوکا۔
الصِّفْرِدُ۔ ایک پرندہ جس کی بزدلی کی مثال دی جاتی ہے۔
صَفْصَفَ۔ الرَّجُلُ: بیابان میں اکیلا چلنا ۔۔۔ الْعُصْفُوْرُ: چڑیا کا چہچہانا۔
الصُّفْصُفُ۔ چڑیا۔
الصَّفْصَفَةُ۔ بیابان۔
الصَّفْصَافُ۔ بید اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ بید اس کی ایک قسم ہے۔ واحد صَفْصَافَةٌ
صَفَعَهُ (ف) صَفْعًا۔ تھپڑ مارنا۔
صَافَعَهُ وتَصَافَعًا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔
الصَّفْعَانُ والْمَصْفَعَانِیُّ۔ جس پر کثرت سے تھپڑ لگائے جائیں۔
صَفَقَهُ (ن ض) صَفْقًا۔ تھپکی لگانا۔ تالی بجانا۔ صَفَقَ الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔ کھولنا۔ (ضد) ۔۔۔ الرَّجُلَ عَنْ مُرَادِهِ: کسی کو اس کے ارادہ سے باز رکھنا ۔۔۔ الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندہ کا بازو دل کو پھڑپھڑانا ۔۔۔ عَیْنَهُ: آنکھ بند کر دینا ۔۔۔ الْعُوْدَ: بربط کے تاروں کو حرکت دینا ۔۔۔ الْقَدَحَ پیالہ بھرنا ۔۔۔ الشَّرَابَ: صفائی کیلئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا ۔۔۔ لَهُ بِالْبَیْعِ وَعَلٰی یَدِهِ وصَفَقَ یَدَهُ بِالْبَیْعَةِ: سودا کرنے کیلئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: جانا ۔۔۔ هُ بِالسَّیْفِ تلوار مارنا ۔۔۔ الرِّیْحُ الْاَشْجَارَ: ہوا کا درختوں کو حرکت دینا۔ کہا جاتا ہے "صَفَقَتْ عَلَیْنَا صَافِقَةٌ" یعنی ہمارے پاس ایک جماعت آئی۔
صَفُقَ (ک) صَفَاقَةً۔ الرَّجُلُ: بے حیا ہونا ۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا گف ہونا۔
اَصْفَقَهُ۔ باز رکھنا۔ اَصْفَقَ الْبَابَ والْقَدَحَ والشَّرَابَ بمعنے صَفَقَ ۔۔۔ الْحَوْضَ: حوض میں پانی جمع کرنا ۔۔۔ لِلْقَوْمِ: اتنا کھانا لانا جس سے آسودگی ہو جائے ۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو گف بننا۔ کہا جاتا ہے "اَصْفَقُوْا عَلٰی قَوْلٍ وَاحِدٍ" یعنی ایک قول پر سب کا اتفاق کرنا ۔۔۔ الْقَوْمُ مضطرب و پریشان ہوئے۔
صَفَّقَ۔ الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْهِ: پرندے کا بازو پھڑپھڑانا ۔۔۔ الرَّجُلُ بِیَدَیْهِ: تالی بجانا ۔۔۔ حَوْلَ الشَّیْءِ: طواف کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: جانا ۔۔۔ الشَّرَابَ: صفائی کے لئے ایک برتن سے دوسرے برتن میں کرنا۔
صَافَقَ۔ الرَّجُلَانِ عِنْدَ الْبَیْعِ: بیع کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ صَافَقَ الرَّجُلُ بَیْنَ جَنْبَیْهِ: ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا ۔۔۔ بَیْنَ ثَوْبَیْنِ: ایک کپڑے کو دوسرے کے اوپر پہننا۔
تَصَافَقَ۔ الْقَوْمُ: خرید و فروخت کرنا۔
تَصَفَّقَ۔ الرَّجُلُ: تردد کرنا ۔۔۔ لِلْاَمْرِ: ۔۔۔ درپے ہونا۔
اِنْصَفَقَ۔ واپس ہونا پھر جانا ۔۔۔ الْقَوْمُ عَلَیْهِ: متوجہ ہونا۔
اِصْطَفَقَ۔ الْعُوْدُ: بربط کے تاروں کا متحرک ہونا ۔۔۔ الْبَحْرُ: موجوں کا متلاطم ہونا ۔۔۔ الْقَوْمُ: مضطرب ہونا ۔۔۔ الْاَشْجَارُ: حرکت کرنا ۔۔۔ النِّسَاءُ عَلَی الْمَیِّتِ: عورتوں کا میت پر نوحہ و بین کرنا۔
الصَّفْقُ۔ گوشہ۔ جانب۔ دروازہ کا کواڑ

صَفْقَا الْعُنُقِ : گردن کی دونوں جانبیں۔ صَفْقَا الْفَرَسِ : گھوڑے کے رخسارے۔ صَفْقُ الْجَبَلِ : پہاڑ کی سطح۔ ج صُفُوْق۔

الصِّفْقُ ۔ دروازے کا کواڑ۔ پٹ۔

الصَّفْقَةُ ۔ خرید و فروخت میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ عقد بیع۔ کہا جاتا ہے "صَفْقَةٌ رَابِحَةٌ" نفع بخش عقد بیع۔ "صَفْقَةٌ خَاسِرَةٌ" نقصان عقد بیع "رَبِحَتْ صَفْقَتُكَ" تمہارا عقد بیع نفع بخش ہے۔

الصَّفَقُ ۔ گوشہ۔ دماغ کا آخری حصہ۔

الصِّفَاقُ ۔ کھال کے نیچے کی جھلی۔ پیٹ پر کی جھلی۔ وہ کھال جو لکڑی کی بنی ہوئی ڈھال پر مڑھ دیتے ہیں۔ ج صُفُقٌ۔

الصَّافِقَةُ ۔ نازل ہونے والی جماعت۔ مصیبت۔

الصَّفَّاقُ ۔ صافق کا اسم مبالغہ۔ بہت زیادہ تجارت کے لئے سفر کرنیوالا اور لین دین کرنے والا۔

الصَّفُوْقُ ۔ بلند پہاڑ جس پر چڑھنا دشوار ہو۔ بلند چکنی چٹان۔ نرم کمان۔ ج صُفُقٌ

الصَّفَائِقُ ۔ آنے جانے والے قافلے۔

الصَّفَائِقُ وَالصَّوَافِقُ ۔ مصیبتیں۔ حوادث

الصَّفِيْقُ ۔ بے حیا۔ بے شرم۔ کہا جاتا ہے "وَجْهٌ صَفِيْقٌ" بے شرم چہرہ "ثَوْبٌ صَفِيْقٌ" گف کپڑا

الْمَصْفَقُ ۔ راستہ۔

الْمُصَافِقُ ۔ فا۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے والا۔ — مِنَ الْإِبِلِ : جو ایک مرتبہ ایک پہلو پر سوئے اور دوسری مرتبہ دوسرے پہلو پر۔

صَفَنَ (ض) صُفُوْنًا ۔ الْفَرَسُ : گھوڑے کا تین ٹانگوں اور چوتھے کے کھر پر کھڑا ہونا — الرَّجُلُ ۔ دونوں قدم کو ایک قطار میں کرنا — بِالْأَرْضِ : زمین پر دے مارنا (صَفْنًا) الطَّائِرُ الْحَشِيْشَ أوِ الْوَرَقَ : پرندہ کا اپنے بچے کے لئے گھاس یا پتوں کو تہ بتہ رکھنا — الرَّجُلَ : خصیتین کی تھیلی کو پھاڑ دینا۔

صَافَنَ ۔ الْقَوْمُ : قوم کے مقابل کھڑا ہونا الْمَاءَ بَيْنَهُمْ : پانی کو آپس میں تقسیم کرنا۔ اور یہ اس طریقہ سے کہ برتن کی تہ میں کوئی کنکری وغیرہ رکھ دیتے تھے اور پھر اس میں پانی ڈالتے تھے جس سے کنکری تہ آب ہو جائے پھر ایک آدمی پیتا تھا پھر پانی ڈالتے تھے تو دوسرا پیتا تھا اور پھر اسی طرح کرتے رہتے تھے تاکہ ہر ایک کو برابر برابر پانی مل جائے اور یہ طریقہ پانی کی کمی کی وجہ سے سفر میں اختیار کیا کرتے تھے۔

تَصَافَنَ ۔ الْقَوْمُ الْمَاءَ : مذکورہ بالا طریقہ سے پانی تقسیم کرنا۔

الصَّفْنُ ۔ خصیہ کی تھیلی۔ چمڑے کا دسترخوان، مستی کے وقت اونٹ کے منہ کے جھاگ ج صُفُنٌ وَاَصْفَانٌ وَصُفْنَانٌ۔

الصُّفْنُ ۔ چمڑے کی چھاگل۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصُّفْنَةُ ۔ ایک مرتبہ بمقدار حصص پانی تقسیم کرنا۔ دسترخوان۔ مستی کے وقت اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ چرواہے کا توبرہ۔

الصَّفَنُ ج اَصْفَانٌ وَصُفْنَانٌ الصَّفَنَةُ خصیہ کی تھیلی۔

الصَّافِنُ ۔ پنڈلی کے نچلے حصہ میں ایک رگ۔ مِنَ الْخَيْلِ : وہ گھوڑا جو تین ٹانگوں پر کھڑا ہو اور چوتھے پاؤں کا صرف کھر زمین پر لگائے۔ ج صَافِنَاتٌ وَصَوَافِنُ وَصُفُوْنٌ۔

صَفَا يَصْفُوْ صَفْوًا وَصَفَاءً وَصُفُوًّا صاف ہونا — الْجَوُّ : فضا کا بے ابر و باد ہونا۔ الْقِدْرَ : دیگ کا خالص حصہ لے لینا۔ صَفَتْ تَصْفُوْ صَفْوًا وَصُفُوْتْ صَفَاوَةً النَّاقَةُ : بہت دودھ والی ہونا۔

صَفَّى تَصْفِيَةً ۔ الشَّيْءَ : صاف ستھرا کرنا

اَصْفَى اِصْفَاءً ۔ فُلَانًا الْوُدَّ : وَاَصْفَى لَهُ الْوُدَّ خالص محبت کرنا — الَّذِيْ يَحْفِرُ : کھودتے ہوئے پتھر تک پہنچ جانا جو آئندہ کھودنے سے روک دے۔ اَصْفَتِ الدَّجَاجَةُ : مرغی کا انڈے دینے سے رک جانا — الشَّاعِرُ : شعر کہنے سے رک جانا۔ اور

اسی سے ضرب المثل ہے "اَنَا شَاكِرُكَ الَّذِيْ يَصْفِيْ وَشَاعِرُكَ الَّذِيْ لَا يُصْفِيْ" یعنی میں تمہارا ایسا شکر گذار ہوں جو خالص محبت کرتا ہے اور ایسا شاعر ہوں جو شعر کہنے میں رکتا نہیں۔ اَصْفَى مِنَ الْمَالِ مال سے خالی ہونا — ہ بِكَذَا : مخصوص کرنا۔ راضی کر دینا — الشَّيْءَ : کل لے لینا۔

صَافَى مُصَافَاةً ۔ فُلَانًا : خالص محبت کرنا۔

تَصَافَى ۔ الْقَوْمُ : بعض کا بعض سے خالص محبت کرنا۔

اِسْتَصْفَى ۔ الْمَالَ : کل لے لینا — الرَّجُلَ : خالص دوست بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَصْفَاهُ وَاِصْطَفَاهُ" یعنی چن لینا۔

الصَّفْوُ ۔ مص۔ خالص محبت (— الصَّفْوَةُ وَالصِّفْوَةُ وَالصُّفْوَةُ) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : خالص اور عمدہ۔

الصَّافِيْ ۔ صاف ستھرا۔ يَوْمٌ صَافٍ : بے ابر و باد کا دن۔ كَلَأٌ صَافٍ : بغیر کوڑا کرکٹ کی گھاس۔

الصَّافِيَةُ ۔ زمین جس کے باشندے چلے گئے ہوں یا مر گئے ہوں اور کوئی اس کا وارث نہ ہو ج صَوَافٍ۔

الصِّفْوَةُ ۔ خالص دوست۔ طرز صفائی۔ الصِّفْوَةُ مِنَ الْمَاءِ وَنَحْوِهِ : تھوڑا سا پانی وغیرہ۔

الصَّفَا ۔ جمع صَفَاةٌ کی بمعنے پتھر۔ اور لقب ہے پطرس کا (کلمہ سریانی ہے)

الصَّفَاةُ ۔ ج صَفًا وَصَفَوَاتٌ جج اَصْفَاءٌ وَصُفِيٌّ وَصِفِيٌّ۔

الصَّفْوَانَةُ ۔ ج صَفْوَانٌ وَصِفْوَانٌ وَالصَّفْوَاءُ ٹھوس بڑا پتھر۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا تَنْدَى صَفَاتُهُ" مراد ہے کہ کنجوس ہے "وَ فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهُ صَفَاةٌ" یعنی کوئی اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

الصَّفْوَانُ ۔ چکنا پتھر۔ يَوْمٌ صَفْوَانٌ : صاف دن۔

الصَّفِيُّ ۔ مخلص دوست ج اَصْفِيَاءُ۔

مؤنث صَفِیَّۃٌ - ہر چیز کا خالص حصہ۔

الصَّفِیُّ والصَّفِیَّۃ - مالِ غنیمت کا وہ حصہ جو سردار اپنے لئے خاص کرلے۔

الصَّفِیَّۃ - زیادہ دودھ والی اونٹنی۔ بہت پھلدار کھجور۔ ج صفایا۔

المِصْفَاۃ - چھننا ج مَصَافٍ۔

المُصْطَفٰی - برگزیدہ - چنا ہوا۔

صَقِبَ (س) صَقَبًا۔ المَکَانُ: قریب ہونا - بعید ہونا۔

صَقَبَ (ن) صَقْبًا۔ تھپڑ مارنا — الشَّیْءَ: جمع کرنا — البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا الطَّائِرُ: پرندہ کا آواز کرنا۔

صَاقَبَ صِقَابًا ومُصَاقَبَۃً - قریب کرنا - کہا جاتا ہے۔ لَقِیْتُہٗ صِقَابًا - یعنی رُو در رُو ملاقات کی۔

أَصْقَبَ - نزدیک کرنا - أَصْقَبَ الشَّیْءُ: قریب ہونا - کہا جاتا ہے۔ "أَصْقَبَکَ الصَّیْدُ" یعنی شکار تم سے قریب ہے جس پر نشانہ لگانا ممکن ہے۔

الصَّقْبُ - مکان کے اندر سب سے لمبا کھمبا ج صُقُوب — لمبا ج صِقَابٌ وصُقْبَان۔

الصَّقَبُ والصَّقِبُ - قریب - نزدیک کہا جاتا ہے "دَارِیْ مِنْ دَارِہٖ بِصَقَبٍ" میرا گھر اس کے گھر کے قریب ہے۔ "الجَارُ أَحَقُّ بِصَقَبِہٖ" پڑوسی اپنی قربت کی وجہ سے زیادہ حق دار ہے۔

الصَّیْقَبَانِیُّ - عطر فروش۔

الصَّقَحُ والصَّقْحَۃُ - گنج - سر کے اگلے حصہ کے بال گرجانا۔

الأَصْقَحُ - گنجا - مؤنث صَقْحَاءُ ج صُقْحٌ۔

صَقَرَ (ن) صَقْرًا - بالعَصَا: لاٹھی سے مارنا اسی سے ہے "صَقَرَنِیْ بِکَلَامِہٖ" اس نے مجھ کو اپنی گفتگو سے تکلیف پہنچائی — ہٖ الأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا — الحِجَارَۃَ: ہتوڑے سے پتھر توڑنا۔

صَقْرٌ وصَقَرٌ - النَّارَ: آگ کو جلانا۔

صَقَرَتْ (ن) صَقْرًا وصَقْرَۃً وأَصْقَرَتِ الشَّمْسُ أَوِ النَّارُ: آفتاب یا آگ کا تیز گرم ہونا۔ صَقَرَتْہُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔

صَقَرَ (ن) صَقْرًا وأَصْقَرَ اللَّبَنُ: دودھ کا زیادہ کھٹا ہونا۔

تَصَقَّرَ - شکرہ سے شکار کرنا — بِالمَکَانِ: مکان میں ٹھہرنا۔ تَصَقَّرَتْ واصْطَقَرَتِ النَّارُ: آگ کا جلنا۔

الصَّقْرُ - گدھ اور عقاب کے علاوہ ہر پرندہ جو شکار کرے - شکرہ ایک پرندہ ہے جس سے شکار کیا جاتا ہے جس کو فارسی میں چرغ کہتے ہیں۔ ج أَصْقُرٌ وصُقُورٌ وصُقُورَۃٌ وصِقَارٌ وصِقَارَۃٌ وصُقُرٌ۔ کہا جاتا ہے "صَقْرٌ صَاقِرٌ" یعنی تیز نگاہ والا۔

الصَّقْرُ - بہت کھٹا دودھ - سڑا ہوا پانی۔ ج صُقُورٌ وصِقَارٌ۔

الصَّقْرُ والصَّقَرُ شیرہ - ترکھجور کا ہو یا خشک انگور کا - کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا التَّمْرُ أَصْقَرُ مِنْ ذَاکَ" مراد یہ ہے کہ اس میں شیرہ زیادہ ہے۔

الصَّقْرَۃُ - بہت کھٹا دودھ۔

صَقَرُ - طبقہ جہنم کا نام - یہ کلمہ غیر منصرف ہے اور سقر میں ایک لغت ہے۔

الصَّقِرُ - مِنَ الرُّطَبِ أَوِ الزَّبِیْبِ: ترکھجور یا خشک انگور جو رس نکالنے کے قابل ہو۔

اِمْرَأَۃٌ صَقِرَۃٌ: بہت تیز نگاہ والی عورت - کہا جاتا ہے۔ "جَاءَ بِالصُّقَرِ والبُقَرِ او بِالصُّقَارَی والبُقَارَی" یعنی سفید جھوٹ بولا۔

الصُّقْرَۃُ - پرندہ کی سبزی یا سیاہی کا سرخی یا زردی سے ملنا۔

الصَّقَرَۃُ - حوض کا بقیہ پانی۔

الصَّاقُورُ - ہتوڑا جس سے پتھر توڑا جائے کدال (ــ والصَّاقُرَۃ) مصیبت بڑی مصیبت۔

الصَّاقُورَۃُ - کھوپڑی کا اندرونی حصہ۔

الصَّقَّارُ - چغلخور - کافر - غیر مستحقین کو لعنت کرنے والا - شیرہ کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

صَقَعَہٗ (ف) صَقْعًا - سر پہ مارنا۔ صَقَعَ ہٖ الأَرْضَ: پچھاڑ دینا — الرَّجُلُ: جانا - کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِیْ أَیْنَ صَقَعَ" یعنی میں نہیں جانتا کہاں گیا - راستہ سے ہٹ جانا - یا بھلائی اور کرم کے راستہ سے ہٹ جانا — الحِمَارَ بِکَیٍّ: گدھے کے منہ یا سر پر داغ لگانا - کہا جاتا ہے "صُقِعَتْہُ الصَّاعِقَۃُ" بمعنے "صُعِقَتْہُ الصَّاعِقَۃُ" یعنی اس کے اوپر بجلی گری۔

صَقَعَ (ف) صَقْعًا وصُقَاعًا وصَقِیْعًا الدِّیْکُ: مرغ کا بانگ دینا (ــ صَقْعًا وصُقَاعًا) بِصَوْتِہٖ: آواز بلند کرنا۔

صَقِعَ (س) صَقَعًا۔ الرَّجُلُ: بیہوش ہونا الفَرَسُ أَوِ الطَّائِرُ: سر کے درمیان سفید ہونا۔ صفت أَصْقَعُ - صَقِعَتِ البِئْرُ: کنواں گرجانا۔

صُقِعَ وأُصْقِعَ - المَکَانُ: یخ والا ہونا - پالا پڑنا۔

صَقَّعَ - لِفُلَانٍ: کسی کے لئے قسم کھانا۔

أَصْقَعَ - الرَّجُلُ: یخ پر چلنا — أَصْقَعَتِ الأَرْضُ یخ پڑنا۔

الصُّقْعُ - جانب - گوشہ - ج أَصْقَاعٌ۔

الصَّقَعُ - سر میں بال کم ہونا یا بالکل نہ ہونا۔

الصَّقِعُ - گنجا - غائب آدمی جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ کہاں ہے - مَکَانٌ صَقِعٌ: پالا زدہ جگہ۔

الصُّقْعَۃُ - گھوڑوں اور پرندوں کے وسط سر میں سپیدی۔

الصَّقْعَاءُ - مؤنث أَصْقَعُ کا - آفتاب۔

الصَّاقِعُ - جھوٹا - کہتے ہیں "صَہٍ صَاقِعُ" یعنی اے جھوٹے چپ رہ۔

الصَّاقِعَۃُ - مؤنث صَاقِعٌ کا - بجلی۔

الصِّقَاعُ - برقع - اوڑھنی کو تیل سے بچانے کے لئے چیتھڑا - وہ چیز جس سے اونٹنی کی ناک کو باندھ دیں - اونٹ کی گدی پر داغ - صِقَاعُ الخِبَاءِ وہ رسی جس کو خیمہ کے اوپر ڈالدیں اور اسکے دونوں کناروں کو دو طرف کھونٹے میں باندھ دیں اور ایسا اس وقت کرتے ہیں جب کہ ہوا کی تیزی کی وجہ سے خیمہ کے اکھڑ جانے کا خوف ہو۔

الصَّقِیْعُ - یخ - پالا - ایک قسم کی بھڑ۔

المِصْقَعُ - فصیح بلیغ - بلند آواز والا۔

وہ شخص جس کو اپنے کلام میں التباس نہو ج مَصَاقِع

صَوْقَعَہٗ۔ سر پر مارنا۔

الصَّوْقَعَۃ۔ عمامہ۔ سر کا درمیانی حصہ۔ اوڑھنی کو تیل سے بچانے والا کپڑا۔

الصَّقْعَبُ۔ لمبا۔ آواز نکالنے والا۔ (دانتوں سے یا دروازے سے)

صَقْعَرَ۔ فِیْ اُذُنِہٖ: کان میں چلّانا۔

الصُّقْعُرُ۔ ٹھنڈا پانی۔ سڑا ہوا پانی۔

صَقَلَ (ن) صَقْلاً وصِقَالاً۔ الشَّیْئَ: صاف کرنا۔ چکنا کرنا۔ زنگ دور کرنا۔ صفت صَاقِلٌ ج صَقَلَۃٌ۔ صفت مفعولی مَصْقُوْلٌ ـــ الدَّابَّۃَ: دبلا کرنا ـــ ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا ـــ بِہِ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

صَقِلَ (س) صَقَلاً۔ صاف شدہ ہونا۔

الصَّقَلُ۔ گھوڑے کے پہلو کی لمبائی۔

الصُّقْلُ۔ پہلو۔ جانوروں میں ہلکا پھلکا۔

الصُّقْلُ والصُّقْلَۃُ۔ کمر۔

الصَّقِلُ۔ مختلف چال والا۔ کم گوشت کا گھوڑا۔ فَرَسٌ صَقِلٌ: لمبے پہلو کا گھوڑا۔

الصَّیْقَلُ۔ صَاقِلٌ کا مبالغہ۔ تلواروں کو تیز کرنے والا۔ ج صَیَاقِلُ وصَیَاقِلَۃٌ۔

الصَّقِیْلُ۔ صاف کیا ہوا۔ تلوار۔

الصَّقَّالُ۔ صَاقِلٌ کا مبالغہ۔

صِقِلِّیَۃُ وصَقَلِّیَۃُ۔ جزیرہ سسلی جو اٹلی کے جنوب مغرب میں ہے۔

الْمِصْقَلُ۔ مِنَ الْخُطَبَاءِ: فصیح بلیغ۔

الْمِصْقَلَۃُ۔ جس سے صیقل کیا جائے۔

الصَّقْلَبُ والصَّقْلَبِیُّ والصَّقَالِبِیُّ ایک قوم جو بلغار اور قسطنطنیہ کے درمیان رہا کرتی تھی اور بعد میں یورپ میں پھیل گئی۔

صَکَّہٗ (ن) صَکًّا۔ زور سے مارنا۔ طمانچہ مارنا۔ صَکَّ الْبَابَ: دروازہ بند کر دینا۔

صَکِکَ (س) صَکَکًا۔ الرَّجُلُ اوالفَرَسُ: چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کا ٹکرانا۔ صفت اَصَکُّ اِصْطَکَّتْ رُکْبَتَاہُ: چلنے میں گھٹنوں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ اِصْطَکَّ الْقَوْمُ بِالسُّیُوْفِ: تلوار سے لڑنا۔

تَصَاکَّتِ۔ الرُّکَبُ: زانو کا رگڑ کھانا۔

الصَّکُّ۔ چک۔ اقرار نامہ ج اَصُکٌّ و صُکُوْکٌ وصِکَاکٌ۔

الْاَصَکُّ۔ چلنے میں گھٹنے اور ایڑیوں کو ٹکرانے والا۔ لمبے ہوئے ڈاڑھ اور دانت والا قوی۔ مؤنث صَکَّاءُ ج صُکٌّ۔

الصَّکَّاکُ۔ زور سے طمانچہ مارنے والا۔ چک لکھنے والا۔ چک کی حفاظت کرنے والا۔

الصَّکِیْکُ۔ کمزور۔

الْمِصَکُّ۔ مضبوط۔ جس سے دروازہ کو بند کیا جائے۔

الْمَصْکُوْکَاتُ۔ دراہم و دنانیر۔

صَکَمَہٗ (ن) صَکْمًا۔ مارنا۔ صَکَمَ الْفَرَسُ عَلٰی لِجَامِہٖ: گھوڑے کا لگام کو چبانا۔

الصَّکْمَۃُ۔ صدمۂ شدیدہ۔

الصَّوَاکِمُ۔ مصائب۔ حوادث۔ کہا جاتا ہے۔ صَکَمَتْہُ صَوَاکِمُ الدَّھْرِ۔ اسکے اوپر زمانہ کی مصیبتیں پڑیں۔

صَلَّ (ض) صَلِیْلاً۔ السِّلَاحُ: جھنکار ہونا ـــ الشَّیْئُ: آواز دینا ـــ الْمِسْمَارُ: ٹھونکا جانا اور کسی چیز میں زبردستی داخل کرنا ـــ الْاِبِلُ: اونٹ کی آنتوں کا پیاس سے خشک ہونا جس سے پانی پیتے ہوئے آواز سنائی دے ـــ السِّقَاءُ: مشک کا خشک ہونا (ـــ صُلُوْلاً) اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ـــ الْمَاءُ: پانی کا متغیر ہونا۔

صَلَّ (ن) صَلاًّ۔ الشَّرَابَ: صاف کرنا۔ ـــ الْحَبَّ الْمُخْتَلِطَ بِالتُّرَابِ: پانی ڈال کر دانہ کو مٹی سے جدا کرنا ـــ الْخُفَّ: چرمی موزہ پر استر لگانا کہا جاتا ہے۔ صَلَّتْھُمُ الصَّالَّۃُ: یعنی ان کو مصیبت لاحق ہوگئی۔

اَصَلَّ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ـــ الْقِدَمُ الْمَاءَ: دیر تک ٹھہرنے سے پانی کو متغیر کر دینا۔

الصُّلُّ۔ گوشت وغیرہ جو متغیر ہو جائے۔

الصِّلُّ۔ خبیث قسم کا سانپ۔ مصیبت۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا صِلُّ ذَاکَ" یعنی اسکے مماثل ہے۔ تلوار ج اَصْلَالٌ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ صِلُّ اَصْلَالٍ" یعنی وہ بڑا مکار خبیث ہے۔

الصِّلُّ والصَّلُّ والصَّلَّۃُ۔ تھوڑی متفرق بارش۔

الصَّلَّۃُ۔ دباغت سے پہلے خشک چمڑا، بدبودار چمڑا۔ جوتا۔ چوتڑ۔ شدید بارش۔ تازہ گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ تری۔

الصُّلَّۃُ۔ بدبودار ہوا۔ بقیہ پانی۔

الصَّالَّۃُ۔ مصیبت۔

الصِّلَالَۃُ۔ چرمی موزے کا استر۔ ج اَصِلَّۃٌ۔

صُلَالَۃُ۔ الْحَبِّ: غلے کا کوڑا کرکٹ۔

الصَّلِیْلُ۔ جھنکار لوہے کی یا تلوار کی۔

الصَّلْصَالُ والْمِصْلَالُ۔ مِنَ الطِّیْنِ خشک مٹی جو لوہے کی مانند آواز دے۔ مَاءٌ صَلَالٌ: متغیر پانی۔

الصِّلِّیَانُ۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد صِلِّیَانَۃٌ۔

الْمُصَلِّلُ۔ سردار۔ شریف۔ خالص النسب کثیر بارش۔

صَلَبَہٗ (ن ض) صَلْبًا۔ سولی دینا ـــ اللَّحْمَ: گوشت بھوننا ـــ الْعِظَامَ: ہڈیوں سے گودا نکالنا۔ صَلَبَتْہُ الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلس دینا۔ صَلَبَتْ عَلَیْہِ الْحُمّٰی: بخار کا ہمیشہ اور تیز رہنا۔

صَلُبَ (ک س) صَلَابَۃً۔ سخت ہونا۔ عَلَی الْمَالِ: بخل کرنا۔

صَلَّبَ۔ الشَّیْئَ: سخت کرنا ـــ الشَّیْئُ: سخت ہونا اور خشک ہونا ـــ اللِّصَّ: چور کو سولی دینا۔ ـــ النَّصْرَانِیُّ: ہاتھ سے صلیب کا نشان بنانا۔

اَصْلَبَتِ۔ النَّاقَۃُ: بچہ کو دودھ پلاتے ہوئے اونٹنی کا اپنی گردن کو آسمان کی طرف اٹھانا۔

تَصَلَّبَ۔ سخت ہونا۔

اِصْطَلَبَ - العِظَامَ: ہڈیوں کو گودا نکالنا۔

الصَّلَبُ - ریڑھ کی ہڈی - چربی - گودا - سخت زمین ج صِلَبَۃٌ و اَصْلَاب - ان زمینوں کو جو ایک زمانے سے جوتی نہ گئی ہوں ان کے لئے کہتے ہیں۔ اِنَّہَا لَاَصْلَابٌ مُنْذُ اَعْوَامٍ "

الصُّلْبُ - سخت - کہا جاتا ہے "ہُوَ صُلْبٌ فِیْ دِیْنِہٖ" وہ اپنے دین میں سخت ہے۔ رُبَّ صُلْبُ العَصَا" جبکہ اونٹوں پر سختی کرتا ہو - ریڑھ کی ہڈی ج اَصْلَاب و اَصْلُب و صِلَبَۃ - اور کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ صُلْبِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی نسل اور اولاد سے ہے

الصُّلْبُ - قوۃ - حسب - سخت پتھریلی جگہ۔ ج صِلَبَۃ۔

الصُّلْبُ - ایک پرند ہے۔

الصَّالِبُ - تا - حُمّٰی صَالِبٌ: تیز بخار جس میں کپکپی بھی ہو۔

الصَّالِبُ والصَّالَبُ - ریڑھ کی ہڈی۔

الصُّلَّبُ - سخت - سان رکھنے کا پتھر - ریڑھ کی ہڈی -

الصُّلَّبَۃُ - سان رکھنے کا پتھر۔

الصُّلَّبِیُّ - سخت - جس سے سان رکھا جائے سِنَانٌ صُلَّبِیٌّ: تیز نیزے۔

الصُّلَّبِیَّۃُ - بمعنے صُلَّبِیٌّ - تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الصَّلِیْبُ - وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے گمان کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو سولی دی گئی - ہر وہ جو دو خط کی شکل پر ہو جو آپس میں تقاطع کرتے ہوں جس پر سولی دی جائے ج صُلْبَان و صُلُب - قوی - سولی دیا ہوا - چربی - گودا - کہا جاتا ہے "اِسْتَخْرَجَ صَلِیْبَ العَظْمِ" یعنی ہڈی کا گودا نکال لیا - جھنڈا - لَیْلَۃٌ صَلِیْبٌ مِنَ الاَزْدَاءِ مُنْتَصِب - اونٹ کا داغ ج صُلُب - خالص نسب والا - کہا جاتا ہے "ہُوَ عَرَبِیٌّ صَلِیْبٌ" وہ خالص عربی ہے - ذُو الصَّلِیْب لقب ہے الاخطل نصرانی شاعر کا۔

الصَّلِیْبِیُّ - واحد الصَّلِیْبِیَّۃ - کا یہ ایک قوم یورپ کی تھی جس نے بیت المقدس پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے فوج کشی کی تھی اور ان کا نام یہ اس وجہ سے رکھا گیا کہ انھوں نے اپنے جھنڈوں پر اور اپنے لباس پر صلیب کا نشان بنا رکھا تھا۔

ثَوْرٌ مُصَلَّبٌ و مَصْلُوْبٌ جس پر صلیب جیسا داغ: مؤنث مُصَلَّبَۃٌ و مَصْلُوْبَۃٌ - سِنَانٌ مُصَلَّبٌ: تیز نیزے - خُمُرٌ مُصَلَّبٌ عَلَیْہِ: جس پر صلیب جیسا نشان ہو - ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ: جس کپڑے پر صلیب کا نشان ہو۔

صَلَتَ (ن) صَلْتًا - الفَرَسَ: گھوڑے کو ایڑ مارنا۔

صَلُتَ (ک) صُلُوْتَۃً - الرَّجُلُ: کشادہ پیشانی والا ہونا۔

اَصْلَتَ - السَّیْفَ: تلوار سونتنا۔

اِنْصَلَتَ - فِیْ عَدْوِہٖ: دوڑ میں آگے نکل جانا۔

الصَّلْتُ - کشادہ ہموار ابھری ہوئی پیشانی کہا جاتا ہے "جَبِیْنٌ صَلْتٌ" کشادہ پیشانی۔

الصَّلْتُ والصُّلْتُ - بڑی چھری۔ ج اَصْلَات۔

الصَّلْتُ والصَّلْتَان والاِصْلِیْت والاَصْلَتِیّ والاِصْلَات والمِصْلَت و المِصْلَات والمُنْصَلِت - مِنَ الرِّجَالِ: بہادر آدمی - کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ مَصَالِیْتِ الرِّجَالِ" وہ بہادر آدمیوں میں سے ہے - الصَّلْتُ والاِصْلِیْت والمُنْصَلِت مِنَ السُّیُوْفِ: صیقل شدہ تیز تلوار۔

المُصَالَتَۃُ - باہم دگر تلوار بازی کرنا - شاعر کا کسی دوسرے کے شعر کو لفظاً و معنیً لے لینا۔ اور یہ سرقاتِ شعریہ میں قبیح ترین ہے۔

صَلَجَ (ن) صَلْجًا - الفِضَّۃَ: چاندی پگھلانا صَلَجَ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

صَلِجَ (س) صَلَجًا - سَمْعُہٗ: بہرا ہونا۔

تَصَالَجَ - الرَّجُلُ: بہرا بننا۔

الصُّلْجُ - کھرے درہم۔

الصُّلْجَۃُ - ریشم کے کیڑے کا خول - ج صُلَج۔

الصَّلِیْجَۃُ - پگھلی ہوئی صاف خالص چاندی کا ٹکڑا۔

الصَّوْلَجَان والصَّوْلَجَانَۃ - ٹیڑھے سرے کی لاٹھی ج صَوَالِجَۃ۔

الصَّوْلَجُ - خالص چاندی - کان کا سوراخ - ٹیڑھی لکڑی۔

الاَصْلَجُ - سخت چکنا - بہرا۔

صَلَحَ (ک ف ن) صَلَاحًا و صُلُوْحًا و صَلَاحِیَۃً - درست ہونا - فساد کا زائل ہونا کہا جاتا ہے "صَلُحَتْ حَالُ فُلَانٍ" فلاں کا حال درست ہو گیا ـــ الرَّجُلُ: نیک ہونا ـــ فِیْ عَمَلِہٖ: کام میں درست ہونا - کہا جاتا ہے۔ "ہٰذَا یَصْلُحُ لَکَ صَلَاحًا" یعنی تمہارے موافق ہے، تمہارے لائق ہے۔

صَالَحَہٗ صِلَاحًا و مُصَالَحَۃً - موافق ہونا - صلح کرنا۔

اَصْلَحَ - الشَّیْءَ: درست کرنا ـــ بَیْنَہُمْ: صلح کرانا ـــ اِلَیْہِ: اچھا کرنا - کہا جاتا ہے "اَصْلَحَ اللّٰہُ فِیْ ذُرِّیَّتِہٖ وَمَالِہٖ"

تَصَالَحَ و اصْتَلَحَ و اصَّالَحَ و اصَّلَحَ القَوْمُ: رضامند ہونا۔

اِسْتَصْلَحَ - الشَّیْءَ: درستی چاہنا۔

الصُّلْحُ - سلامتی - درستی - مصالحت کا اسم ہے (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "ہُمْ لَنَا صُلْحٌ" یعنی صلح کرنے والے ہیں - کہا جاتا ہے "قَوْمٌ صُلُوْحٌ" یعنی رضامند ہیں - مصدر کے ساتھ وصف بیان کیا گیا ہے۔

الصَّلَاحِیَۃُ - وہ حالت جس سے کوئی چیز درست ہو۔

الاِصْطِلَاحُ - عرف خاص - یعنی کسی جماعت خاص کا کسی چیز پر یا کسی کلمہ کے وضع پر اتفاق کر لینا ج اِصْطِلَاحَات۔

الصَّالِحُ - نیک - ٹھیک - درست - حقوق و واجبات کا پورا کرنے والا - کہا جاتا ہے "ہُوَ صَالِحٌ لِکَذَا" یعنی اس کے اندر فلاں کام کی اہلیت و

قابلیت ہے اور بسا اوقات کثیر سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں "لَہٗ حَظٌّ صَالِحٌ مِنَ الْاَدَبِ" یعنی اس کیلئے ادب کا حصہ کثیر ہے ج صَالِحُوْنَ وصُلَّاحٌ۔

الصَّالِحَۃُ۔ مؤنث صَالِح کا۔ کہا جاتا ہے "اَتَتْنِیْ صَالِحَۃٌ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں کی طرف سے مجھے بہت نعمت یا بڑی بھلائی پہنچی۔

الصَّلِیْحُ۔ بمعنے صَالِح ج صُلَحَاءُ۔

المَصْلَحَۃُ۔ جو صلاح پر برانگیختہ کرے۔ نیکی ج مَصَالِح۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ اَہْلِ الْمَفَاسِدِ لَا الْمَصَالِحِ"

صَلِخَ (س) صَلَخًا۔ سَمْعُہٗ: سخت بہرا ہونا

تَصَالَخَ۔ بہرا بننا۔

اِصْلَخَّ۔ لیٹنا۔

الصَّالِخُ۔ بمعنے السَّالِخ یعنی خارش۔ کہا جاتا ہے۔ جَرَبٌ صَالِخٌ وسَالِخٌ کالا سانپ۔

الاَصْلَخُ۔ بہت بہرا ــــ مِنَ الْجِمَالِ: خارشی اونٹ۔ مؤنث صَلْخَاءُ ج صُلْخٌ۔

الصَّلَخُ۔ بہراپن۔ خارش۔ دَاہِیَۃٌ صَلُوْخٌ ہلاک کرنے والی مصیبت۔

اِصْلَخَدَّ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

الصَّلْخَدُ والصِّلَخْدُ والصِّلْخِدُ والصِّلَخْدَدُ والصُّلَاخِدُ والصَّلَخْدَی قوی۔ ذہین۔ دلیر۔ ج صَلَاخِد۔

الصَّلَخْدَمُ۔ مِنَ الْاِبِلِ: قوی اونٹ۔

صَلَدَ (ض) صُلُوْدًا۔ الزَّنْدُ: چقماق کا بغیر آگ نکلے ہوئے آواز کرنا ــ صَلَدَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سخت ہونا ــ صَلْعَتُہٗ: سر کے گنج کا چمکنا۔

صَلَدَتْ (ض) صَلْدًا۔ الدَّابَّۃُ: جانور کا کھڑا ہونا۔ دوڑنے میں پاؤں کو زمین پر مارنا ــ الرَّجُلُ فِی الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔ صَلَدَ السَّائِلَ: کچھ نہ دینا ــ بِیَدَیْہِ: تالی بجانا۔

صَلُدَ (ک) صَلَادَۃً وصَلَّدَ تَصْلِیْدًا بخل کرنا۔

اَصْلَدَ۔ الزَّنْدُ: بغیر آگ نکلنے کے چقماق کا آواز کرنا۔ اَصْلَدَتِ الْاَرْضُ: سخت ہونا۔ اَصْلَدَ الزَّنْدَ: بغیر آگ کے چقماق سے آواز نکالنا۔

الصَّلْدُ۔ ٹھوس چکنا۔ وہ زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ کہا جاتا ہے۔ اَرْضٌ صَلْدٌ ومَکَانٌ صَلْدٌ ج اَصْلَادٌ۔ فَرَسٌ صَلْدٌ: وہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے اور یہ صفت مذموم ہے۔ رَاْسٌ صَلْدٌ: جس سر پر بال نہ نکلیں۔ جَبِیْنٌ صَلْدٌ: سخت پیشانی۔ رَجُلٌ صَلْدٌ: بخیل مرد۔

الاَصْلَدُ۔ بخیل۔ مؤنث صَلْدَاءُ ج صُلْدٌ۔

الصَّالِدُ۔ فا۔ وہ چقماق جس میں آگ نہ نکلے۔

الصَّالِدَۃُ۔ مؤنث صالد کا۔ دانت جس کے پیسنے میں آواز نکلے ج صَوَالِد۔

الصَّلُوْدُ۔ آگ نہ دینے والا چقماق۔ ٹھوس اکیلا۔ بہت بخیل۔ خشک۔ فَرَسٌ صَلُوْدٌ: وہ گھوڑا جس کو دیر میں پسینہ آئے۔ قِدْرٌ صَلُوْدٌ: وہ ہانڈی جسے دیر میں جوش آئے۔ اِمْرَاَۃٌ صَلُوْدٌ: بے برکت عورت۔

الصَّلَوْدَدُ۔ ٹھوس چکنا۔

الصَّلِیْدُ۔ اکیلا۔

عُوْدٌ صَلَّادٌ ومِصْلَادٌ۔ نہ سلگنے والی لکڑی۔ نَاقَۃٌ مِصْلَادٌ: بے دودھ کے بچے والی اونٹنی۔

الصِّلْدَاءُ والصِّلْدَاءَۃُ۔ سخت ٹھوس زمین۔

الصَّلْدَحُ۔ چوڑا پتھر۔

الصَّلَوْدَحُ۔ سخت قوی۔

الصِّلْدِمُ۔ ٹھوس۔ سخت کمر۔ شیر۔ ج صَلَادِم۔

الصِّلَّوْسُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔

صَلْصَلَ صَلْصَلَۃً۔ الحَلْیُ اَوِ اللِّجَامُ: زیور یا لگام سے آواز نکلنا ــ الرَّعْدُ: صاف گرجنا۔ الجَرَسُ: آواز کو دہرانا ــ فُلَانًا: دھمکی دینا۔

تَصَلْصَلَ۔ اللِّجَامُ اَوِ الحَلْیُ: لگام یا زیور سے آواز نکلنا۔

الصُّلْصُلُ۔ گھوڑے کی پیشانی۔ گھوڑے کی پیٹھ کی سفید جگہ۔ چھوٹا پیالہ۔ برتن میں بقیہ پانی یا اور کوئی چیز۔ ماہر چرواہا۔ فاختہ۔

الصَّلْصَالُ۔ کھنکھنانے والی خشک مٹی (ـــ والصُّلَاصِلُ والمُصَلْصَلُ) آواز دینے والا گدھا۔

الصَّلْصَالَۃُ۔ زمین جس میں کوئی نہ ہو۔

المُصَلْصَلُ۔ مصدر میمی۔ خالص النسب، شریف سردار۔

اِصْلَنْطَحَتِ۔ البَطْحَاءُ: کشادہ ہونا۔

الصُّلَاطِحُ والمُصْلَنْطِحُ۔ چوڑا کشادہ۔

صَلِعَ (س) صَلَعًا سر کے اگلے حصے کے بالوں کا گر جانا۔ صفت اَصْلَعُ ج صُلْعٌ وصُلْعَان کہا جاتا ہے۔ "صَلِعَتِ الشَّجَرَۃُ" یعنی ٹہنیوں کے پتے گر گئے۔

صَلَعَتْ وتَصَلَّعَتْ وانْصَلَعَتْ الشَّمْسُ: آفتاب کا بادل سے نکل آنا ــ الحَیَّۃُ سانپ کا صاف ستھرا بغیر مٹی کے نکلنا۔ تَصَلَّعَتِ السَّمَاءُ: بادل کا چھٹ جانا۔

صِلَاعُ۔ الشَّمْسِ: آفتاب کی گرمی۔

الصُّلْعَۃُ والصَّلَعَۃُ۔ سر کا وہ حصہ جہاں سے بال گر گئے ہوں۔

الصَّلْعَاءُ۔ اَصْلَع کا مؤنث۔ خالی بیابان مصیبت۔ رَمْلَۃٌ صَلْعَاءُ: بغیر درخت کے ریتلا میدان۔ ج صُلْعٌ۔

الصُّلَّعُ والصَّلِیْعُ والصُّلَاعُ۔ چوڑا پتھر۔ مِنَ الْاَکَمَۃِ: بنجر زمین۔ رَاْسٌ صَلِیْعٌ: سر جس کے اگلے حصے کے بال گر گئے ہوں۔

صلعم۔ صلی اللہ علیہ وسلم کا اختصار۔

صَلِفَ (س) صَلَفًا۔ ڈینگ مارنا۔ صفت صَلِفٌ ج صَلِفُوْنَ صُلَفَاءُ وصَلَافَی ــــ بِصَاحِبِہٖ: غیر پسندیدہ باتیں کرنا ــ المَرْاَۃُ عِنْدَ زَوْجِہَا: شوہر کے نزدیک بے وقعت ہونا۔ صفت صَلِفَۃٌ ج صَلِفَاتٌ وصَلَائِفُ ــ السَّحَابُ: زیادہ گرجنا اور پانی کم برسنا۔

اَصْلَفَ۔ بے برکت ہونا۔ گراں جان ہونا۔ فُلَانًا: بغض رکھنا۔

تَصَلَّفَ۔ بہ تکلف ڈینگ مارنا۔ چاپلوسی کرنا ــ القَوْمُ: سخت زمین میں پڑنا۔

الصَّلَفُ۔ درخت خرما میں خالی ہونا۔ صَلَفَۃٌ مَاعِکَۃٌ

اَلصَّلِفُ - بے مزہ کھانا۔ بھاری برتن۔ اناءٌ صَلِفٌ: کم پانی لینے والا برتن۔ سَحَابٌ صَلِفٌ: زیادہ گرج اور کم بارش کا بادل۔ اَرْضٌ صَلِفَةٌ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔

اَلصَّلِيْفُ - گردن کا پہلو۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَهٗ بِصَلِيْفِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔ طَعَامٌ صَلِيْفٌ: بے مزہ کھانا۔

اَلْاَصْلَفُ - زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے جو اَصَالِفُ۔

اَلصَّلْفَاءُ والصِّلْفَاءُ والصَّلْفَاءَةُ والصِّلْفَاءَةُ - زمین کا وہ حصہ جو سخت ہو اور کچھ نہ اُگے۔ جو اَلصَّلَافِيُّ۔

اَلْمُصْلِفُ - بیوی کی بے قدری کرنے والا۔

صَلْقَعَ - مفلس ہونا ــــ رَاْسَهٗ: مونڈ دینا۔

صَلَقَ (ن) صَلْقًا - الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔ صَلَقَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ صَلَقَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا گرمی سے تکلیف پہنچانا۔

صَلَقَ (ن) صَلْقًا - نَابَهٗ: دانت پیسنا۔

اَصْلَقَ - الرَّجُلُ: مصیبت میں چیخنا چلانا۔ ــــ النَّابُ: دانت پیسنے میں آواز نکالنا۔

تَصَلَّقَ - الْمَرِيْضُ: درد کی وجہ سے مریض کا مضطرب و بے چین ہونا ــــ الْمَرْاَةُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔

اِصْطَلَقَ - الْبَعِيْرُ بِنَابِهٖ: اونٹ کا دانت پیسنا۔

اَلصَّلَاقَةُ - پانی جو ایک جگہ میں دیر تک رہے۔

اَلصَّلْقُ - سخت آواز۔

اَلصَّلَقُ - ہموار زمین جو اَصْلَاقٌ۔ جج اَصَالِيْقُ۔

اَلصَّلِيْقُ - چکنا۔

اَلصَّلِيْقَةُ - پتلی روٹی۔ چپاتی۔ گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا جو صَلَائِقُ۔

اَلْمِصْلَقُ والْمِصْلَاقُ - مِنَ الْخُطَبَاءِ: بلیغ خطیب جو مَصَالِقُ و مَصَالِيْقُ۔

اَلْمَصَالِيْقُ - بڑے بڑے پتھر، لمبے پچکے اونٹ۔

صَلْقَعَ - مفلس ہونا ــــ رَاْسَهٗ: سر مونڈنا ــــ صَوْتَهٗ: آواز تیز کرنا۔

اَعْذَرَهٗ فِی او عَلٰی مَا صَنَعَ: الزام سے بری کرنا ـــ الرَّجُلُ: عذر ظاہر کرنا ـــ مِنْ نَفْسِهٖ بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا ـــ فِی الأَمْرِ: کوتاہی کرنا اور کوشش کرنے کے باوجود کوشش کرنیوالا سمجھنا ـــ الفَرَسَ: پوزی باندھنا یا گندور باندھنا ـــ الغُلَامَ: لڑکے کا ختنہ کرنا ـــ ہ فِی ظَهْرِهٖ: مار کر بدھی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے ضَرَبَہٗ حَتّٰی اَعْذَرَ مَتْنَہٗ " مارا یہاں تک کہ پیٹھ پر زخم کے نشانات ڈال دیئے ـــ بِفُلَانٍ: زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے ضُرِبَ فُلَانٌ فَاُعْذِرَ " یعنی مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ اَعْذَرَتِ الدَّارُ: بکثرت پلیدی والا ہونا۔

عَاذَرَ مُعَاذَرَةً۔ عذر ثابت ہونا۔

تَعَذَّرَ۔ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ باز رہنا ـــ عَنِ الأَمْرِ: پیچھے ہٹنا ـــ الرَّسْمُ: مٹنا ـــ الرَّجُلُ: اپنے لئے حجت کرنا۔ بھاگنا ـــ الشَّيْءُ: پلیدی سے لتھڑنا ـــ فُلَانٌ مِنَ الذَّنْبِ گناہ سے بری ہونا۔

اِعْتَذَرَ عَنْ و مِنْ فِعْلِهٖ: عذر بیان کرنا ـــ عَنْ فُلَانٍ: کسی کے عذر قبول کرنیکو کہنا ـــ الرَّجُلُ: صاحبِ عذر ہونا ـــ اِلَيْهِ: عذر پیش کرنا ـــ الرَّسْمُ: نشان مٹنا۔

اِسْتَعْذَرَ اِلَيْهِ: عذر پیش کرنا۔

العُذْر۔ حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے ج اَعْذَار۔ غلبہ۔ کامیابی۔ اور اسی سے ہے جو جنگ کے موقع پر کہا جاتا ہے لِمَنِ العُذْرُ " یعنی کس کے لئے غلبہ ہے اور کہا جاتا ہے ہُوَ اَبُو عُذْرِ هٰذَا الكَلَامِ " وہ اس کلام کا پہلا بولنے والا ہے الهَوَى العُذْرِيّ " پاکیزہ محبت۔

العِذَار۔ پوزی۔ یا گندور ج عُذُر رخسارہ رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیا۔ کہا جاتا ہے خَلَعَ عِذَارَہٗ " و ہُوَ خَلِيعُ العِذَارِ " یعنی وہ اپنی خواہشات کا پابند ہے اور گمراہیوں میں منہمک ہے اور اپنے قول و فعل میں کوئی پروا نہیں کرتا گویا کہ بلا رسی کے جانور ہے۔ " اَلْقٰى عِذَارَہٗ " یعنی نافرمانی کی العِذَارُ مِنَ النَّصْلِ: تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔ العِذَار: ختنہ کا یا تعمیرِ مکان کا کھانا۔

العِذْرَة۔ عذر ج عِذَر۔

العُذْرَة۔ بکارت۔ کوئی علامت جو تیز رفتار گھوڑے کو نظرِ بد سے بچانے کیلئے اس کی پیشانی پر باندھا جائے۔ بالوں کا گچھا گھوڑے کی گردن کے بال۔ العُذْرَة: پیشانی۔ ختنہ کا چمڑا۔ ایک ستارہ کہ جب وہ نکلتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے۔ حلق کا درد ج عُذَر۔

العَذِرَة۔ پاخانہ۔ ردی حصہ جو گیہوں سے نکلے۔ مکان کے سامنے کا صحن ج عَذِرَات۔

العَاذِر فا۔ نشان زخم (ـــ و العَاذِرَة) پاخانہ العَاذِر: وہ رگ جس سے استحاضہ کا خون آتا ہے

العَذِيْر۔ بمعنے عَاذِر۔ مددگار ج عُذُر مؤنث عَذِيرَة۔ العَذِيْر و العَذِيْرَة۔ کسی نئی خوشی کا کھانا۔ العَذِيْرَة: نشان زخم۔

العَاذُوْر۔ گلے کا درد۔ علامت ج عَوَاذِيْر۔

الإِعْذَار۔ کسی نئی خوشی کا کھانا۔

العَذْرَاء۔ باکرہ۔ دوشیزہ ج عَذَارَى و عَذَارٍ و عَذْرَاوَات۔ لقب سیدہ مریم علیہا السلام کا۔

العُذْرَى و المَعْذَرَة و المَعْذُرَة و المَعْذِرَة۔ عذر۔ بہانہ۔ ج مَعَاذِر۔

المِعْذَار۔ عذر۔ بہانہ ج مَعَاذِيْر۔

عَذَفَ (ض) عَذْفًا مِنَ الطَّعَامِ: چکھنا

تَعَذَّفَ۔ الطَّعَامَ: کھانا۔ کہا جاتا ہے۔ مَا ذُقْتُ عَذْفًا و لَا عَذُوْفًا و لَا عِذَافًا " یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔

سَمٌّ عُذَافٌ۔ زہر قاتل۔

العُذَافِر۔ شیر۔ مضبوط اونٹ۔ ج عَذَافِرَة

عَذَوْفَر مضبوط اونٹ۔

عَذَقَ (ض) عَذْقًا و عَذَقَ النَّخْلَةَ: درخت خرما کی شاخ کاٹنا۔ عَذَقَ فُلَانًا بِشَرٍّ: کسی کو تہمت لگانا۔ عذقہ إلی کذا: منسوب کرنا۔ عَذَقَ اَعْذَقَ الشَّاةَ: بکری کے رنگ کے خلاف کسی دوسرے رنگ کے اون سے نشان لگانا۔

اِعْتَذَقَ۔ دو گچھے لٹکانا۔ اِعْتَذَقَہٗ بِکَذَا کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔

العَاذِق۔ فا۔ وہ شخص جو درخت خرما کی دیکھ بھال اور خدمت کرے۔ ج عَاذِقُوْن و عُذَّاق

العَذْق۔ پھل دار کھجور کا درخت ج اَعْذُق و عِذَاق۔

اَلعِذْق ۔ انگور کا گچھا ۔۔۔ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا خوشہ ج عُذُوق و اَعْذَاق ۔ العِذق : شاخ دار ٹہنی ۔ عزت ۔ کہا جاتا ہے " فِی بَنِی فُلَانٍ عِذْقُ کَمَّلٍ " بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے ۔

العَذِق ۔ ہوشیار ۔ چرب زبان ۔

طِیْبٌ عَذِقٌ : تیز خوشبو ۔

العَذْقَۃ و العِذْقَۃ ۔ بکری کے رنگ کے خلاف اون کا نشان ۔

عَذَلَہٗ (ن ض) عَذْلًا و عَذَلًا : ملامت کرنا صفت عَاذِل ج عُذَّل و عُذَّال و عَذَلَۃ و عَاذِلُون مؤنث عَاذِلَۃ ج عَوَاذِل و عَاذِلَات

تَعَاذَلَ ۔ القوم : ایک دوسرے کو ملامت کرنا ۔

تَعَذَّلَ و اِعْتَذَلَ ۔ اپنے آپکو ملامت کرنا ۔ ملامت سے متاثر ہونا ۔ اِعْتَذَلَ الْیَوْمُ : دن کا سخت گرم ہونا ۔ اِعْتَذَلَ الرَّجُلُ عَلَی الشَّیْ ءِ پختہ ارادہ کرنا ۔

العَذْل و العَذَل و التَّعْذَال ۔ ملامت کرنا ۔ اَیَّامٌ مُعْذِلَات و مُعْتَذِلَات : سخت گرم دن ۔

العُذَلَۃ و العَذُول و العَذَّال و العَذَّالَۃ ۔ بہت ملامت کرنیوالا ۔

العَذَّالَۃ ۔ مؤنث عَذَّالٌ ۔ سرین ۔

العَاذِل فا ۔ رگِ خون استحاضہ ۔

المُعَذَّل ۔ منعم ۔ فیاضی کی وجہ سے ملامت کردہ شدہ ۔

عَذَمَ ۔ السِّقَاءَ : مشکیزہ بھرنا ۔۔۔ الوَلَدَ و غَیْرَہٗ : لڑکے کو اچھی غذا دینا ۔

عَیْشٌ عَذْلَجٌ ۔ خوشگوار زندگی ۔

العُذْلُوج ۔ اچھی غذا سے تربیت یافتہ بچہ

المُعَذْلَج ۔ پرگوشت ۔ خوبصورت جسم والا ۔ مؤنث مُعَذْلَجَۃ ۔

عَذَمَ (ض) عَذْمًا الفَرَسُ : گھوڑے کا کاٹ کھانا ۔۔۔ الرَّجُلَ : اپنے آپ سے دفع کرنا ۔۔۔ ہ : ملامت کرنا ۔

عَذِمَ (س) عَذَمًا ۔ گالی دینا ۔

اَعْذَمَہٗ ۔ عَنْ نَفْسِہٖ : روکنا ۔ منع کرنا ۔

العَذُوم ۔ بہت کاٹ کھانے والا ۔ بہت ملامت کرنے والا ج عُذُم ۔

العَذَّام ۔ بہت کاٹ کھانے والا ۔ بہت ملامت کرنیوالا ۔

العَذِیْمَۃ ۔ ملامت ۔ بغیر گٹھلی کی کھجور کا درخت ۔ ج عَذَائِم ۔

عَذَا یَعْذُو عَذْوًا و عَذِیَ یَعْذَی عَذًی و عَذُوَ یَعْذُو و عَذَاوَۃً المَکَانُ اچھی ہوا والا ہونا ۔ پانی اور امراض وبائیہ سے دور ہونا ۔

اِسْتَعْذَی المَکَانُ : اچھی ہوا والا سمجھنا ۔

اَرْضٌ عَاذِیَۃٌ و عَذِیَّۃٌ و عَذِیَۃٌ و عَذَاۃٌ ۔ عمدہ آب و ہوا والی زمین ۔

العِذْی ۔ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش سے ہو ۔ ج اعذاء ۔

عَرَّ (ن ض) عَرًّا و عُرًّا الجَمَلُ : خارشی ہونا صفت عَرٌّ و اَعَرُّ و عَارٌّ و مَعْرُور ۔

عَرَّہٗ (ن) عَرًّا ۔ غمگین کرنا ۔ سائل بنکر آنا عَرَّہٗ بِشَرٍّ : برائی سے ملوث کرنا ۔۔۔ و عَرَّ الاَرْضَ : زمین میں کھاد ڈالنا ۔

عَرَّ (ض) عِرَارًا و عَارَّ مُعَارَّۃً و عِرَارًا الظَّلِیْمُ : شتر مرغ کا چیخنا ۔

اَعَرَّتِ الدَّارُ : مکان کا گندگی والا ہونا ۔

تَعَارَّ ۔ نیند سے بولتے ہوئے بیدار ہونا ۔

اِعْتَرَّہٗ و اَعْتَرَّ بِہٖ اِعْتِرَارًا ۔ بغیر سوال کے بخشش کے لئے آنا ۔

اِسْتَعَرَّھُمُ الجَرَبُ : خارش پھیلنا ۔

العَارُور و العَارُورَۃ ۔ منحوس مرد ۔ قوم پر بے عزتی لانیوالا ۔ بے کوہان کا اونٹ ۔

العُرّ و العُرُور ۔ خارش ۔

العَرّ ۔ خارشی ۔ خارش ۔ عیب ۔ برائی ۔ جلدی دودھ چھڑایا ہوا بچہ ۔

العَرَّۃ ۔ اسم مرۃ ۔ مؤنث العَرّ ۔ جنگ کی سختی ۔ بُری عادت ۔ عیب ۔

العُرّ ۔ خارش ۔ پرندے کی بیٹ ۔ لڑکا ۔

العُرَّۃ ۔ خارش ۔ لڑکی ۔ پرندے کی بیٹ ۔ مینگنی ۔ گوبر ۔ کوہان کی چربی ۔ مکروہ بات پہنچنا گناہ ۔ جنون جو انسان کو لاحق ہو ۔ کہا جاتا ہے " بِہٖ عُرَّۃٌ " یعنی اس کے ساتھ جنون ہے ۔

الاَعَرّ ۔ خارشی مرد یا اونٹ ۔ مؤنث عَرَّاء ج عُرّ ۔ العَرَّاءُ : لڑکی ۔

العَرَار ۔ ایک پھول خوشبودار جس کا نام گاؤچشم ہے ۔ جنگلی نرگس ۔ واحد عَرَارَۃ ۔

العَرَارَۃ ۔ قصاص ۔ خون کا بدلہ ۔

العُرَار ۔ گناہ ۔ قصور ۔

العَرَارَۃ ۔ بلندی ۔ سختی ۔ بلندی ۔ بدخلقی ۔

العَرِیْر ۔ اجنبی ۔

المَعَرَّۃ ۔ گناہ ۔ تکلیف ۔ بدی ۔ تاوان ۔ قصور ۔ عیب ۔ امر قبیح ۔ سختی ۔ گالی ۔ غصہ سے چہرے کے رنگ کی تبدیلی ۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ ۔ نام ایک شہر کا ۔ مَعَرَّۃُ الجَیْشِ : لشکر جو لاعلمی سے قوم کی کھیتی کھالے ۔

المُعْتَرّ ۔ فقیر ۔ بغیر سوال کئے ہوئے بخشش کے درپے ہونے والا ۔

عَرُبَ (ک) عُرُوبَۃً و عُرُوبِیَّۃً و عَرَابَۃً و عُرُوبًا و عُرُوْبًا ۔ فصیح عربی زبان بولنا ۔ فصیح عربی ہونا ۔

عَرِبَ (س) عَرَبًا ۔ بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا ۔۔۔ المَعِدَۃُ : معدہ کا فاسد ہونا ۔۔۔ الجُرْحُ سوجنا اور پیپ والا ہونا ۔۔۔ البِئْرُ : کنوئیں میں پانی بہت ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ : لکنت کے بعد فصیح ہونا ۔

عَرَبَ (ن) عَرْبًا ۔ الطَّعَامَ : کھانا ۔

عَرَّبَ ۔ المَنْطِقَ : اعرابی غلطی سے پاک کرنا ۔۔۔ الکِتَابَ و نَحْوَہٗ : عربی میں ترجمہ کرنا ۔۔۔ عَلَیْہِ فِعْلَہٗ : قباحت بتانا ۔۔۔ قَوْلَہٗ : رد کر دینا ۔ عَنْ لِسَانِہٖ : فصیح ہونا ۔ مراد کو ظاہر کرنا ۔۔۔ عَنْ صَاحِبِہٖ : اپنے صاحب کیطرف سے بولنا اور حجت

بیان کرنا — الرَّجُلُ: عربی گھوڑا لینا: المُشتَرِی بیعانہ دینا — الرَّجُلُ: قبیح بات بولنا — بِحُجَّتِہٖ: دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا — الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی کر دینا۔

أَعْرَبَ الشَّیْءَ: ظاہر کرنا — عَنْ حَاجَتِہٖ: صاف بیان کرنا — کَلَامَہٗ: فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا — بِالکَلَامِ: بیان کرنا۔ بِحُجَّتِہٖ: عمدہ دلیل لانا — الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ: عربی بنا دینا — الکَلِمَۃَ: اعراب لگانا — الفَرَسَ: دوڑانا — الفَرَسَ العَرَبِیَّ: ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی سے ممتاز کرنا۔ أَعْرَبَ الرَّجُلُ اونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا — المُشتَرِی: بیعانہ دینا — الرَّجُلُ: کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات بولنا۔

تَعَرَّبَ۔ اخلاقِ عرب کو اختیار کرنا۔ انکی مشابہت کرنا۔ دیہات میں اقامت کرنا۔ اور اعرابی بننا۔

إِسْتَعْرَبَ۔ عربوں میں داخل ہو جانا۔ قبیح بات بولنا۔

العُرْبُ والعَرَبُ۔ باشندگانِ ملکِ عرب ج أَعْرُبٌ وعُرُوبٌ۔

العَرَبُ والعَرْبَاءُ والعَارِبَۃُ والعَرِبَۃُ والعَرْبِیَّۃُ۔ خالص عربی لوگ۔ اور لفظ عرب اس قوم پر طائفہ کی تاویل میں مؤنث ہے۔

العَرَبُ والمُتَعَرِّبَۃُ والمُسْتَعْرِبَۃُ۔ غیر ملکی لوگ جو عرب میں آ کر آباد ہو گئے ہوں۔

العَرَابَۃُ والعِرَابَۃُ۔ فحش و بدگوئی۔

العَرَبُ والعَرِبُ۔ مِنَ المَاءِ: کثیر صاف پانی۔ رَجُلٌ عَرِبٌ: تیز زبان مرد۔ بِئْرٌ عَرِبَۃٌ: بہت پانی والا کنواں۔ مَعِدَۃٌ عَرِبَۃٌ: فاسد معدہ۔

رَجُلٌ عَرْبَانُ۔ فصیح مرد۔

رَجُلٌ عَرْبَانِیُّ اللِّسَانِ: فصیح مرد۔

العَرَبِیُّ۔ خالص عرب کا باشندہ۔ اگرچہ قیام کسی دوسرے ملک میں ہو۔

العَرَبِیَّۃُ۔ مؤنث العَرَبِیِّ۔ اللُّغَۃُ العَرَبِیَّۃُ عربی زبان۔

الاَعْرَابِیُّ۔ عرب کا دیہاتی۔

الاَعْرَابُ۔ عرب دیہات کے باشندے واحد اَعْرَابِیٌّ۔

العَرَبَۃُ۔ تیز بہنے والی نہر۔ نفس۔ ج عَرَبٌ وعَرَبَاتٌ۔ العَرَبَاتُ۔ وہ کشتیاں جو عباسیوں کے دور میں دجلہ میں بندھی ہوئی رہتی تھیں جن سے پل کا کام لیا جاتا تھا اور اب اس لفظ کا اطلاق بگی پر ہوتا ہے۔

العَرَّابُ۔ عِنْدَ النَّصَارٰی: جب کسی کو بپتسمہ دیا جاتا ہے تو عیسائی رسم کے مطابق ایک مقدس شخص اس کا باپ بنتا ہے وہ عَرَّابٌ اور جو ماں بنتی ہے وہ عَرَّابَۃٌ کہلاتی ہے جنھیں انگریزی میں

Goodfather & good Mather

کہتے ہیں۔

الاَعْرَابِیَّۃُ: عربی دیہاتیت۔ کہا جاتا ہے ہُوَ اَعْرَبُہُمْ اَحْسَابًا: حسب کے لحاظ سے خالص وَاَعْرَبُہُمْ اَلْسِنَۃً: اور زبان کے لحاظ سے فصیح خَیْلٌ اَوْ اِبِلٌ عِرَابٌ وَاَعْرُبٌ: خالص عربی گھوڑے یا اونٹ۔

العُرْبَانُ عرب۔

العَرُوبُ والعَرُوبَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت ہنسنے والی۔ زوج کی نافرمان۔ عُرُبٌ۔ عَرُوبَۃٌ اور یَوْمُ العَرُوبَۃِ: جمعہ کا دن۔ کہا جاتا ہے مَا بِالدَّارِ عَرِیبٌ او عَرِیبٌ یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

الاِسْمُ المُعَرَّبُ۔ عربی بنایا ہوا اسم۔ جیسے ریشم سے ابریسم۔

عَرْبَدَ عَرْبَدَۃً۔ بدخلق ہونا۔ صفت عِرْبِیدٌ ومُعَرْبِدٌ۔

العِرْبَدُ والعِرْبِدُ۔ ہر ایک سخت چیز کہا جاتا ہے غَضِبَ غَضَبًا عِرْبِدًا یعنی سخت غضبناک ہوا۔ نرسانپ۔

عَرْبَنَہٗ۔ بیعانہ دینا۔

العُرْبُونُ والعَرَبُونُ والعُرْبَانُ۔ بیعانہ۔ سائی ج عَرَابِینُ۔ عوام رُعْبُونٌ کہتے ہیں۔

عَرَتَ (ض ن ف) الرُّمْحُ: نیزے کا سخت ہونا — البَرْقُ وَنَحْوُہٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ بَرْقٌ اور رُمْحٌ عَرَّاتٌ: بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔

العَرْتَبَۃُ۔ ناک یا ناک کا نرم حصہ۔ اوپر کے ہونٹ کے بیچ کا گڑھا۔

العَرْتَمَۃُ۔ ناک کا اگلا حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ فَعَلَ عَلٰی عَرْتَمَتِہٖ یعنی اس کے مزاج کے خلاف کیا

عَرَجَ (ض ن) عُرُوجًا ومَعْرَجًا فِی السُّلَّمِ سیڑھی پر چڑھنا — عَلَی الشَّیْءِ وفِیہِ: چڑھنا۔ عُرِجَ بِہٖ: چڑھایا جانا۔

عَرَجَ وعَرِجَ (ن س) عَرَجًا۔ لنگڑا ہونا صفت أَعْرَجُ ج عُرْجٌ وعُرْجَانٌ مؤنث عَرْجَاءُ۔

عَرِجَتْ (س) وعَرُجَتْ (ک) عَرَجًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔

عَرَّجَ۔ ٹھہرنا۔ ایک جانب سے دوسری جانب جھکنا — عَنِ الشَّیْءِ: چھوڑنا اور تجاوز کرنا — الثَّوْبَ: پیچیدہ دھاری دار بنانا — البِنَاءَ او النَّہْرَ۔ جھکاؤ کے ساتھ بنانا — الرَّجُلُ: آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یُعَرَّجُ عَلٰی قَوْلِہٖ" یعنی فلاں آدمی کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا — وتَعَرَّجَ) جھکنا — عَلَی المَکَانِ: سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔

أَعْرَجَ۔ آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ أَعْرَجَہُ اللّٰہُ: لنگڑا کر دینا۔

تَعَارَجَ۔ بتکلف لنگڑا بننا۔

إِنْعَرَجَ۔ الشَّیْءُ: مڑنا۔ ٹیڑھا ہونا — الطَّرِیقُ: جھکنا — عَنِ الشَّیْءِ: تجاوز کرنا، چھوڑ دینا — القَوْمُ عَنِ الطَّرِیقِ: بھٹک جانا۔

العَرَجُ والعَرَجَانُ۔ لنگڑاہٹ، لنگڑے کی چال۔

العَرْجَاءُ۔ مؤنث الاَعْرَجِ۔ لنگڑی عورت ج عُرْجٌ۔

العَرْجَنۃ والعُرْجَنۃ جس پر توقف کیا جائے
اَمْرٌ عَرِیْجٌ غیر مستحکم کام۔
العَرِیْجَاءُ۔ دوپہر۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا
المِعْرَجُ والمَعْرَجُ والمِعْرَاجُ۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ ج مَعَارِج و مَعَارِیج۔
المُنْعَرَجُ مِنَ الوَادِی: وادی کا موڑ۔
عَرَّجَ الثَّوْبَ: کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔
العُرْجُوْن۔ کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کو کاٹنے پر درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے ج عَرَاجِیْن۔
العُرْجُدُ والعُرْجُدُّ۔ بمعنے عرجون۔
عَرَدَ (ن) عَرْدًا الحَجَرَ: پتھر کو دور پھینکنا۔
(— عُرُوْدًا و اَعْرَدَ) النَّبَاتُ او النَّابُ: پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا — الشَّجَرُ: درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔
عَرِدَ (س) عَرَدًا و عُرُوْدًا۔ بھاگنا۔ مرض کے بعد جسم کا قوی ہونا۔ عَرَدَ السَّهْمُ فِی الرَّمِیَّةِ: تیر کا پار ہو جانا۔ عَرَدَ النَّجْمُ: ستارے کا بلند ہونا۔ آسمان کے وسط میں پہنچنے کے بعد ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔ عَرَدَ الرَّجُلُ: راستہ کو چھوڑ کر مڑ جانا
العَرْدُ والعَرِدُ والعُرُدُّ۔ بہت سخت۔
العَرَادَۃ: مادہ ٹڈی۔ حالت اور اسی کو ہے ہُوَ فِی عَرَادَۃِ خَیْرٍ وہ اچھی حالت میں ہے۔
العَرَّادَۃ۔ پتھر پھینکنے کا آلہ ج عَرَّادَات۔
العِرْزِیْن۔ طور طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے ہٰذَا عِرْزِیْدُہٗ یہ اس کی عادت ہے۔
عَرْدَسَہٗ۔ پچھاڑنا۔
العَرَنْدَس۔ بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔ عِزٌّ عَرَنْدَسٌ: ثابت رہنے والی عزت۔
عَرَزَ (ض) عَرْزًا۔ الشَّیْءَ: سختی سے کھینچنا الرَّجُلَ: کسی کو ملامت کرنا (— و عَرِزَ (س) عَرَزًا) الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ سکڑنا۔
عَرَّزَ۔ سکڑنا — الشَّیْءَ: پوشیدہ کرنا۔
عَارَزَہٗ۔ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

عَارَزَ و تَعَارَزَ الشَّیْءُ: سکڑنا۔
اَعْرَزَ۔ الشَّیْءَ: فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔
تَعَرَّزَ عَلَیْہِ: دشوار ہونا۔
اِسْتَعْرَزَ۔ الشَّیْءُ: سکڑنا — الرَّجُلُ: سخت ہونا۔
العِرْزَال۔ شیر کا مسکن۔ فالیز والے کا مچان۔ جنگ کے موقع پر بادشاہ کے لئے چھوٹا سا مکان۔ سانپ کی بمی۔ ٹٹی۔ دوکان لوگوں کی جماعت۔ مشکیزے کا منہ۔ قَوْمٌ عَرَازِیْلُ چوروں کا گروہ۔
العِرْزِم۔ پرانا سانپ۔
العِرْزَم و العَرَازِم و العِرْزَام: شیر
عَرِسَ (ن) عَرَسًا۔ خوشی میں رہنا — عَنْہُ: پھر جانا (— عُرْسًا و عُرُسًا) جماع کرنا —
عَرَسَ (ن ض) عَرْسًا۔ البَعِیْرَ: اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے بیٹھنے کی حالت میں باندھنا۔
عَرِسَ (س) عَرَسًا۔ الرَّجُلُ: اکڑنا — بِہٖ: لازم ہونا۔ محبت کرنا — مِنْہُ: بیخود ہونا۔ صفت عَرِسٌ — الشَّیْءُ: سخت ہونا الشَّرُّ بَیْنَہُمْ: ہمیشہ رہنا — عَنْہُ: بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا — عَلٰی مَا عِنْدَہٗ: باز رہنا اور بخل کرنا۔
اَعْرَسَ۔ دلہن لانا — الشَّیْءَ: لازم ہونا اور محبت کرنا — الرَّجُلُ: چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کیلئے رکھنا — بِاَہْلِہٖ: جماع کرنا (— و عَرَّسَ) القَوْمُ: سفر میں آخر رات میں آرام کے لئے اترنا۔
تَعَرَّسَ لِامْرَأَتِہٖ: فریفتہ ہونا۔
اِعْتَرَسَ القَوْمُ مِنْ سَفَرِہِمْ: متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔
العَرْس مم۔ رسی۔ خیمہ کے بیچ کا کھمبا (— والعُرْس) چھوٹا بچہ اونٹ کا۔ ج اَعْرَاس۔
العِرْس۔ دلہن۔ عِرْسُ المَرْأَۃِ: دولھا۔ ج اَعْرَاس۔ اِبْنُ عِرْسٍ نیولا ج بَنَاتُ عِرْسٍ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)

العُرْس والعُرُس۔ زفاف۔ ولیمہ کا کھانا ج اَعْرَاس و عُرُسَات۔
العِرَاس۔ رسی جس سے اونٹ کو باندھا جائے
العَرُوْس۔ دولھا دلہن۔ جمع کے لئے کہا جاتا ہے ہُمْ عُرُسٌ و ہُنَّ عَرَائِس۔ اور التباس کے دفع کرنے کے لئے عورت پر عَرُوْسَۃ کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج عَرَائِس۔
العَرِیْس۔ عِنْدَ المُوَلَّدِیْنَ: دلہن۔
العِرِّیْس والعِرِّیْسَۃ۔ شیر کی جھاڑی۔
العَرَّاس والمِعْرَس والمِعْرَاس اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔
المُعَرَّس والمُعْتَرَس۔ آخر رات میں آرام لینے کے لئے اترنے کی جگہ۔
عَرَشَ (ن ض) عَرْشًا۔ لکڑی کا مکان بنانا — البَیْتَ: گھر بنانا — العَرْشَ: چھت بنانا تخت بنانا — البِئْرَ: کنوئیں کے نچلے حصہ کو قد کے برابر پتھر سے بنا کر بقیہ کو لکڑی سے بنانا (— عَرْشًا و عُرُوْشًا) الکَرْمَ: انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔
عَرَشَ (ض) عُرُوْشًا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔
عَرِشَ (س) عَرَشًا و عُرْشًا تحیر ہونا — بِغَرِیْمِہٖ: سخت پکڑنا عَنْہُ: پھرنا۔ چھوڑ دینا۔
عَرَّشَ الکَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھنا — الکَرْمَ: انگور کی بیل کا ٹٹی پر چڑھانا۔ — البَیْتَ: چھت بلند کرنا — الطَّائِرُ: بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا (— و اَعْرَشَ) ٹٹی بنانا سایہ لینے کے لئے پھولداری بنانا۔
تَعَرَّشَ و تَعَرْوَشَ بِالاَمْرِ: چمٹا رہنا — بِالمَکَانِ: ثابت رہنا۔ تَعَرْوَشَ الدَّابَّۃَ: سوار ہونا۔
اِعْتَرَشَ۔ ٹٹی بنانا۔ سایہ لینے کے لئے پھولداری بنانا۔ اِعْتَرَشَتِ الدَّوَالِیْ عَلَی الخَشَبِ انگور کی بیل کا چڑھنا اور لٹکنا (— و اِعْرَوْرَشَ) الدَّابَّۃَ: سوار ہونا۔

العَرْش۔ تخت شاہی۔ العَرْش: کسی چیز کا رکن۔ کسی چیز کا قوام۔ کہا جاتا ہے "ثُلَّ عَرْشُہٗ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی اور اس کا معاملہ کمزور ہو گیا۔ العَرْشُ مِنَ الْبَیْتِ: چھت ۔ مِنَ الْقَوْمِ: رئیس۔ سردار۔ العَرْش: لکڑی میں سے کنوئیں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے ظل۔ قدم کی پشت پر بلند حصہ۔ کنوئیں کا من عَرْشُ الطَّائِرِ: گھونسلا۔ عَرْشُ الْکَرْمِ: انگور کی ٹٹی ج اَعْرَاش و عُرُوْش و عُرُش و عِرَشَۃ۔

العَرِیْش۔ جھونپڑی۔ چھولداری۔ جانوروں کو سردی سے بچانے کا باڑہ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج عُرُش (۔۔۔ والعَرِیْشَۃ) پالکی۔

عَرَصَ (ض) عَرْصًا و عَرِصَ (س) عَرَصًا البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ صفت عَرِصٌ عَرِص —— الرَّجُلُ: نشاط میں ہونا۔

عَرَّصَ البَعِیْرَ: اونٹ سدھالینا —— اللَّحْمَ: گوشت کو میدان میں خشک ہونے کیلئے ڈالنا۔

اِعْرَصَ الشَّیْءُ: مضطرب ہونا۔

تَعَرَّصَ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔

اِعْتَرَصَ۔ الغُلَامُ: کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا —— الجِلْدُ: کھال کا پھڑکنا —— البَرْقُ: بجلی کا پراگندہ چمکنا —— الرَّجُلُ: اچھلنا۔ کودنا۔

العَرْصَۃ۔ گھر کا صحن۔ ہر وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج عِرَاص و اَعْرَاص و عَرَصَات

العَرَّاص۔ بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔

المِعْرَاص۔ نیا چانہ۔

عَرْصَفَ عَرْصَفَۃً: کھینچ کر لمبا پھاڑ دینا

العُرْصُوْف والعِرْصَاف۔ پالان کی میخ ج عَرَاصِیْف۔ العِرْصَاف: پٹھے کا کونا۔ سونڈ کی نرم ہڈی۔

العَرَصَّم۔ بہت کھانے والا۔ خرم و شادمان

العِرْصَمّ۔ لاغر۔ مضبوط قوی۔ شیر —— العُرْصَام والعُرَاصِم) شیر۔

العُرْصُوْم۔ بخیل۔

عَرَضَ (ض) عَرْضًا۔ الشَّیْءَ بِفُلَانٍ: پیش کرنا —— الشَّیْءَ عَلَیْہِ: دکھلانا —— المَتَاعَ لِلْبَیْعِ: سامان کو فروخت کے لئے خریداروں کے سامنے کرنا —— الجُنْدَ: فوج کا جائزہ لینا —— لَہٗ مِنْ حَقِّہٖ ثَوْبًا: حق کے بدلے میں دینا۔ عُرِضَ لَہٗ عَارِضٌ مِنَ الْحُمّٰی: بخار لاحق ہونا —— القَوْمَ عَلَی السَّیْفِ: قوم کو تلوار سے مارنا —— الحَصِیْرَ: چٹائی بچھانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضَ عَنْ عَرْضٍ او عُرْضٍ فُلَانٍ" وہ فلاں کی چال چلا۔ "لَا تَعْرِضْ عِرْضَ فُلَانٍ": فلاں کو برائی سے یاد نہ کرو۔ عُرِضَ الرَّجُلُ: بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرنا —— الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے لگنا۔ عَرَضَ لِیْ عَارِضٌ: مجھے ایک مانع نے روک دیا

عَرَضَ (ض) و عَرِضَ (س) عَرَضًا ظاہر ہونا اور ہمیشہ نہ رہنا۔

عَرَضَ (ض ن) عَرْضًا العُوْدَ عَلَی الْاِنَاءِ برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔

عُرِضَ۔ مجنوں ہونا۔

عَرَضَ (ن) عَرْضًا۔ مکہ مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا —— الکِتَابَ: زبانی پڑھنا۔

عَرُضَ (ک) عِرَضًا و عَرَاضَۃً۔ چوڑا ہونا۔ صفت عَرِیْض و عُرَاض۔

عَرَّضَ (لَہٗ و بِہٖ): تعریض کرنا۔ کسی دوسرے پر ڈھال کے بات کہنا —— الشَّیْءَ: چوڑا کرنا۔ —— المَتَاعَ: سامان کو دراہم و دنانیر کے علاوہ سامان کے بدلے فروخت کرنا —— الکَاتِبُ: مبہم لکھنا —— الشَّیْءَ لِلشَّیْءِ: مقابل کرنا کہا جاتا ہے "عَرَّضْتَ مَالَکَ لِلْہَلَاکِ" تم نے اپنے مال کو برباد ہونے کیلئے پیش کر دیا —— ہٗ مِنْ مَالِہٖ بِکَذَا: بدلہ دینا —— فُلَانٌ: عمدہ رائے والا ہونا۔

اَعْرَضَ عَنْہُ: روگردانی کرنا —— الشَّیْءُ: چوڑا کرنا —— المَسْاَلَۃَ: لمبا چوڑا سوال کرنا فِی الْمَکَارِمِ: بہت فیاض ہونا —— الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُہٗ فَاَعْرَضَ" یعنی میں نے اسے ظاہر کیا پس وہ ظاہر ہو گیا۔ —— الثَّوْبُ: وسیع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْرَضَ لَکَ الْخَیْرُ" یعنی تمہیں خیر کرنے کی قدرت ہے و "اَعْرَضَ لَکَ الظَّبْیُ فَارْمِہٖ" تمہارے سامنے ہرن ظاہر ہوا پس اسے تیر مارو۔

عَارَضَہٗ مُعَارَضَۃً و عِرَاضًا۔ پھر جانا یکسو ہونا۔ عَارَضَ الْکِتَابَ بِالْکِتَابِ: کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا —— الرَّجُلَ: کلام پر نقض وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا —— ہٗ فِی الْمَسِیْرِ: چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ: راستہ میں ایک جانب ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَارَضْتُہٗ فَعَرَضْتُہٗ" اس سے معارضہ کرنے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَعَرَّضَ الاَمْرَ و لِلْاَمْرِ و اِلَی الْاَمْرِ: درپے ہونا طلب کرنا —— الشَّیْءُ: ٹیڑھا ہونا۔ ایک جانب ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔

تَعَارَضَ۔ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتَرَضَ۔ چوڑائی میں ہونا —— لَہٗ: منع کرنا —— البَعِیْرَ: سرکش اونٹ پر سوار ہونا —— لَہٗ بِسَہْمٍ: سامنے آکر تیر مارنا —— عِرْضَہٗ: عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا —— دُوْنَ الشَّیْءِ: حائل ہونا۔ روک بننا —— القَائِدُ الْجُنْدَ: ایک ایک کرکے پیش کرنا —— عَلَیْہِ مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ: اعتراض کرنا۔ خطا کی جانب منسوب کرنا —— الشَّیْءَ: —— تکلف کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَضْتُہٗ فَاعْتَرَضَ" اس نے اس کو پیش کیا پس وہ پیش ہوا۔

اِسْتَعْرَضَ۔ چوڑی چیز طلب کرنا —— الشَّیْءَ: پیش کرنے کو کہنا —— ہٗ: کسی سے کہنا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے دکھاؤ —— القَوْمَ: بغیر دریافت حال کے قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَعْرَضَ یُعْطِیْ مَنْ اَقْبَلَ اَوْ اَدْبَرَ" یعنی بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔

اِسْتَعْرِضِ الْعَرَبَ: عربوں میں سے جس سے چاہو دریافت کرلو۔

اَلعَرْضُ - اسباب - سامان - ج عُرُوْض پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو - بڑا لشکر چوڑائی - وسعت جنون - وادی - بہت ٹڈیاں - بادل —— مِنَ اللَّیْلِ: رات کا ایک حصہ ج عُرُوْض و اَعْرَاض و اَعْرَاض - جزا سزا کا دن۔

اَلعَرْضُ - التجا - گذارش - کہا جاتا ہے۔ الشَّیْءُ عَرْضَ عَیْنِیْ: یعنی چیز میری نگاہ کے سامنے ہے اِشْتَرَیْتُ الْمَتَاعَ بِعَرْضٍ " سامان کو سامان سے خریدا - وعَرْضُ الْحَالِ عِنْدَ الْکُتَّابِ: حاکم کے پاس شکایت کے لئے یا کسی فائدہ کے حاصل کرنے کی غرض سے درخواست دینا اور جمع کے لئے عُرُوْضُ الْاَحْوَالِ بولا جاتا ہے اَعْرَاضُ الشَّجَرِ: درخت کی پھنگیاں۔

اَلعِرْضُ - اچھی عادت - آبرو - باعث فخر و عزت ج اَعْرَاض - کہا جاتا ہے " ھُوَ نَقِیُّ الْعِرْضِ " وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے " ذُو وَالْعِرْضِ مِنَ الْقَوْمِ " یعنی قوم کے اشراف و " ھُوَ عَرِبُ الْعِرْضِ " وہ کمینہ خاندان کا ہے۔ الْعِرْضُ نَفْس - کہا جاتا ہے " اَکْرَمْتُ عَنْهُ عِرْضِیْ " یعنی میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا - جسم جسم کی بو - مسامات - وادی یا شہر کا کنارہ - وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو - ج عِرْضَان - بہت ٹڈیاں - بڑا لشکر - بڑا بادل - الْعِرْضُ مِنَ النَّاسِ: لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والا۔

اَلعُرْضُ - جانب - کنارہ - دامن کوہ - —— مِنَ الْبَحْرِ اوالنَّهَرِ: سمندر یا دریا کا وسط —— مِنَ الْحَدِیْثِ: بہتر و بڑی بات مِنَ السَّیْفِ اوالعُنُقِ: تلوار یا گلے کی ایک جانب - کہا جاتا ہے " نَظَرَ اِلَیْهِ عَنْ عُرْضٍ و کَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ ": گوشہ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر گفتگو کی - و خَرَجُوا یَضْرِبُوْنَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ: یعنی قتل کرنا شروع کر دیا اور یہ پرواہ نہیں کی کہ کس کو مار رہے ہیں اور کیوں مار رہے ہیں۔ و اِضْرِبْ بِهٖ عُرْضَ الْحَائِطِ: یعنی دیوار کے ایک گوشہ پر پھینک دو اور اعراض کرو - و ھُوَ مِنْ عُرْضِ النَّاسِ: وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

اَلعَرَضُ - متاع - سامان - عارضہ غیر دائمی چیز - کہا جاتا ہے " ہٰذَا الْاَمْرُ عَرَضٌ " یعنی یہ امر زائل ہونے والا ہے - بخشش - غنیمت —— مِنْ کُلِّ شَیْءٍ جو قائم بالذات نہ ہو بلکہ جوہر کے ساتھ قائم ہو ج اَعْرَاض - کہا جاتا ہے " فَعَلَهٗ عَرَضًا " یعنی بغیر سوچے سمجھے ہوئے کیا۔

اَلعِرْضَةُ - پیش کرنے کی نوعیت الْعِرْضُ کا مؤنث - یعنی لوگوں سے بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

اَلعُرْضَةُ - ہمت - کشتی لڑانے کا داؤ - ارادہ - نشانہ - قوت - کہا جاتا ہے " ھُوَ عُرْضَةٌ لِکَذَا " وہ اس کی طاقت رکھتا ہے " ھُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ " وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے " ھُوَ عُرْضَةٌ لِلْکَلَامِ " وہ لوگوں کے اعتراضات کا نشانہ ہے " وَجَعَلْتُهٗ عُرْضَةً " میں نے اس کو نشانہ بنایا۔

اَلعُرْضِیُّ - جو زین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الْاِبِلِ - سرکش اونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

اَلعِرَاضُ - جانب - گوشہ - کنارہ - حصہ اونٹ کی ران میں چوڑائی میں علامت یا لکیر - عِرَاضُ الْحَدِیْثِ: بڑی اور بہتر بات ج عُرُض۔

اَلعُرَاضُ و اَلعَرِیْضُ - چوڑا۔

اَلعُرَاضَةُ - عُرَاض کا مؤنث - ہدیہ جو سفر سے آنے والا پیش کرے۔

اَلعِرِّیْضُ - وہ جو لوگوں سے شر کے ساتھ پیش آئے۔

اَلعَرُوْضُ - اشعار کا وزن - مصرعہ اولیٰ کا جزء اخیر - سرکش اونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو ج اَعَارِیْض: مکہ اور مدینہ اور ان کے مضافات - گوشہ - دامن کوہ میں راستہ - بادل بہت چیز - چلنے میں سامنے کی جگہ مِنَ الْکَلَامِ مضمون - کہا جاتا ہے " ہٰذِهِ الْمَسْاَلَةُ عَرُوْضُ ہٰذِهِ " یعنی یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

اَلعَرُوْضِیُّ - علم عروض کا جاننے والا۔

اَلعَارِضُ - فا - رخسارہ - بادل - پہاڑ - عارضی چیز - کہا جاتا ہے " عَرَضَ عَارِضٌ " یعنی مانع نے روک دیا۔

اَلعَارِضَةُ - مؤنث العارض - دانت جو منہ کے عرض میں ہیں یا وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں - پیش آنے والی چیز - دروازہ کے اوپر کی لکڑی جس میں دروازہ گھومتا ہے رخسارہ - گوشہ - حاجت ج عَوَارِض - الْعَوَارِضُ مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں الْعَارِضَةُ: عمدہ رائے اور کلام کی تنقیح - کہا جاتا ہے " فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ " فلاں صاحب بیان اور فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے

اَلعَرِیْضُ - چوڑا - ج عِرَاض - دعاءِ عریض بہت زیادہ دعا " ھُوَ عَرِیْضُ الْبِطَانِ " یعنی وہ مالدار اور غنی ہے - الْعَرِیْضُ: خصی بکرا۔

اَلعَرِیْضَةُ - مؤنث العریض - کیفیت کا پیش کرنا۔

اَلتَّعْرِیْضُ فِی الْکَلَامِ: دوسری پڑھا کے بات کرنا۔

اَلمِعْرَاضُ - توریہ کرنا —— مِنَ الْکَلَامِ: مضمون - بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو ج مَعَارِیْض۔

اَلمَعْرِضُ - پیش کرنے کی جگہ - مصنوعات و مخترعات کے نمائش کی جگہ - کہا جاتا ہے - " ذَکَرَهٗ فِیْ مَعْرِضِ کَذَا "

اَلمِعْرَضُ - دلہن کی شب عروسی کا کپڑا۔

— اَلکَلَامُ الْمُعَرَّضُ - مبہم کلام ج مَعَارِض و مَعَارِیْض - کہا جاتا ہے " اِنَّ فِی الْمَعَارِیْضِ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْکَذِبِ " تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

اَلمَعْرُوْضُ - حکام کے سامنے پیش کرنے

کی عرضی۔

عَرَظَ (ن) عَرْظاً و اِعْتَرَظَ بِعِرْضِ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔ اِعْتَرَظَ الرَّجُلُ: دور چلا جانا

عِرْنَظ و اُمُّ عِرْنَیظ و اُمُّ العِرْنَیط: خارپشت۔

العَرْطَنِیثَا۔ ایک درخت کی جڑ جس کا نام بخور مریم ہے۔

عَرْعَرَ۔ القَارُورَةَ: شیشی بند کرنا۔ کاگ لگانا۔ کاگ علیحدہ کرنا ـــ العَیْنَ: آنکھ پھوڑ دینا

العَرْعَر۔ سرو کے مانند ایک درخت واحد عَرْعَرَة۔

العُرَعِر۔ بدخلقی۔ کہا جاتا ہے رکِبَ عُرْعُرَه: یعنی بدخلق ہوا۔ دونوں نتھنوں کے بیچ کا حصہ پیڑو۔

العُرْعُرَة و العَرْعَرَة۔ شیشی یا بوتل کی ڈاٹ عُرْعُرَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی جمع عَرَاعِر۔

العُرَاعِر۔ شریف۔ سردار ـــ مِنَ الاِبِلِ: موٹا اونٹ جمع عَرَاعِر۔ العَرَاعِر: کوہان کے کنارے۔

العَارُفُرَة۔ منحوس مرد۔ گندا مرد۔ بے کوہان کا اونٹ۔

عَرَفَ (ض) عِرْفَةً و عِرْفَاناً و عِرِفَّاناً و مَعْرِفَةً الشَّیْءَ: پہچاننا۔ جاننا ـــ بِذَنْبِهِ: اقرار کرنا ـــ ہ: بدلہ دینا ـــ لِلْاَمْرِ: صبر کرنا۔

عَرَفَ (ن) عِرَافَةً۔ عَلَی القَوْمِ: چودھری ہونا۔ قوم کے معاملات کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا (ـــ عَرْفاً) الفَرَسَ: گھوڑے کے ایال کاٹنا۔

عَرُفَ (ک) عَرَافَةً۔ چودھری ہونا (ـــ عُرْفاً و عَرَافَةً) بہت خوشبو لگانا۔ عمدہ خوشبو ہونا

عَرِفَ (س) عَرَفاً۔ خوشبو ترک کر دینا۔ عُرِفَ الرَّجُلُ: ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت معروف۔

عَرَّفَ۔ الشَّیْءَ: خوشبودار کرنا۔ عَرَّفَهُ الاَمْرَ واقف کرا دینا۔ عَرَّفَ بِفُلَانٍ: نام بتا دینا۔ عَرَّفَ الضَّالَّةَ: گمشدہ کو ڈھونڈنا ـــ الطَّعَامَ: سالن زیادہ کرنا ـــ الاِسْمَ: اسم نکرہ کو معرفہ بنانا ـــ الحُجَّاجُ: حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرنا (ـــ و اَعْرَفَ) فلاناً: خطا پر مطلع کرنا اور معاف کر دینا و اَعْرَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔

تَعَرَّفَ الاِسْمُ: اسم نکرہ کا معرفہ ہونا ـــ الشَّیْءَ: طلب کرنا یہاں تک کہ پہچان لینا ـــ الضَّالَّةَ: گمشدہ کو تلاش کرنا ـــ بِفُلَانٍ: آشنا ہونا ـــ اِلَیْهِ: واقف کرنا۔

تَعَارَفَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو پہچاننا۔

اِعْتَرَفَ۔ بِالشَّیْءِ: اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔ تابعدار ہونا ـــ الشَّیْءَ: پہچاننا ـــ بِهِ: رہنمائی کرنا ـــ الرَّجُلُ: دریافت کرنا ـــ اِلَیْهِ: نام اور حال کی اطلاع دینا ـــ لِلْاَمْرِ: صبر کرنا ـــ الضَّالَّةَ: گمشدہ کا مالک ظاہر کرنے کے لئے اوصاف بتانا۔

اِسْتَعْرَفَ۔ الشَّیْءَ: پہچاننا ـــ اِلَی فُلَانٍ: واقفیت کے لئے نسبت بیان کرنا۔

اِعْرَوْرَفَ۔ لِلشَّرِّ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔ ـــ الفَرَسُ: گھوڑے کا ایال والا ہونا ـــ البَحْرُ: سمندر کی موجوں کا بلند ہونا ـــ النَّخْلُ: درخت خرما کا گنجان ہونا ـــ الدَّمُ: خون کا جھاگ والا ہونا ـــ الرَّاکِبُ الفَرَسَ: سوار کا گھوڑے کے ایال پر سوار ہونا ـــ الرَّجُلُ: درخت خرما پر چڑھنا۔

العَرْف۔ بو۔ اکثر خوشبو کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَطْیَبَ عَرْفَهُ" اس کی خوشبو کیسی اچھی ہے۔

العُرْف۔ جود۔ بخشش۔ بھلائی۔ عطیہ۔ اقرار۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَیَّ اَلْفٌ عُرْفاً" اس کے میرے اوپر ہزار ہیں مجھے اقرار ہے۔ ایال۔ مرغ کی کلغی۔ نیکی۔

العُرْف۔ موج۔ اونچی جگہ۔ آگے پیچھے۔ کہا جاتا ہے جَاءَ القَوْمُ عُرْفاً یعنی قوم آگے پیچھے آئی جمع عُرُوف و اَعْرَاف۔ العُرْف: اصطلاح تسلیم کردہ باتیں۔ عُرْفُ اللِّسَانِ: اصطلاح لغوی۔ عُرْفُ الشَّرْعِ: اصطلاح شرعی۔

العُرْف و العِرْف۔ صبر۔

العُرُف۔ ایال۔ ریت کی اونچی جگہ۔

العَرْفَة۔ ہوا۔ ہتھیلی کا زخم (ـــ و العِرْفَة) دریافت۔ سوال۔

العُرْفَة۔ دو چیزوں کے درمیان کی حد۔ ریت کی اونچی جگہ۔ جمع عُرَف۔

عَرَفَة۔ مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام نویں ذی الحجہ۔

عَرَفَات۔ مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لئے نویں تاریخ ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے اور نسبت کے لئے عَرَفِیّ۔

العِرَافَة: نجومی کا پیشہ۔

العَرَّاف۔ نجومی۔ طبیب۔

العِرْفَان مص۔ معروف۔

العِرِفَّان و العُرُفَّان۔ اقرار کرنے والا بتانے والا۔

الاِعْتِرَاف مص۔ پادری کے سامنے گناہ کا اقرار کرنا۔

العَارِف۔ فا۔ صبر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ عَارِفٌ" یعنی معروف ہے۔

العَارِفَة۔ مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ جمع عَوَارِف۔

العَرُوف۔ بمعنے عارف۔ صبر کرنے والا۔ جمع عُرُف۔

العَرُوفَة۔ جاننے والا۔ عالم۔

العَرِیف۔ جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے کم مرتبہ کا ہوتا ہے اور اسی سے ہے عَرِیفُ المَکَاتِبِ اسکول کا مانیٹر۔ جمع عُرَفَاء۔ اَمْرٌ عَرِیفٌ: امر معروف

الاَعْرَف۔ اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔ عَرْنٌ اَعْرَفُ۔ بلند جگہ۔

العَرْفَاء۔ مؤنث الاَعْرَف۔ جمع عُرْف۔ عُرْفَاء۔

بلند چوٹی جو عُرُف۔

الاَعْرَاف۔ دوزخ اور بہشت کے درمیان ایک مقام۔ ایک قسم کی کھجور کا درخت۔ اَعْرَافُ الرِّیَاحِ والسَّحَابِ: ابتدائی ہوائیں۔ بلند بادل اَعْرَافُ الحِجَابِ اَوِ الرَّمْلِ: حجاب اور ریت کی بلندیاں۔ الاَعْرَاف: قرآن پاک کی ایک سورت کا نام۔

المَعْرِفَة۔ حقیقت کو پالینا۔

المَعْرَف والمَعْرِف۔ چہرہ۔ چہرے کے محاسن جو مَعَارِف۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ غُرُّ المَعَارِفِ شُمُّ المَرَاعِفِ" وہ روشن چہرہ اور اونچی ناک والے ہیں۔ المَعَارِف: علوم۔ مَعَارِفُ الرَّجُلِ: شناسا لوگ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنَ المَعَارِفِ" وہ مشہور لوگوں میں سے ہے۔

المَعْرَفَة۔ ایال کے اُگنے کی جگہ۔ جو مَعَارِف۔

المَعْرُوف۔ نفع۔ مشہور۔ خیر۔ رزق۔ احسان اَرْضٌ مَعْرُوفَةٌ: اچھی بو والی زمین۔

العَرْفَج۔ ایک قسم کا درخت جو نرم زمین میں ہوتا ہے جو عَرَافِج۔ العَرَافِج: ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

عَرَقَ (ن) عَرْقًا ومَعْرَقًا۔ العَظْمَ: ہڈی پر سے سارا گوشت کھا لینا۔ کہا جاتا ہے "عَرَقَتْهُ الخُطُوبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح سے گھیر لیا۔ ــ الطَّرِيقَ: قطع مسافت کرنا۔ ــ عَرْقًا وعُرُوقًا فِي الأَرْضِ: سفر کرنا۔

عَرُقَ عَرَاقَةً۔ دبلا ہونا۔ کم گوشت ہونا

عَرِقَ (س) عَرَقًا۔ پسینہ آنا۔ صفت عَرْقَان ــ الحَائِطُ: دیوار کا تر ہونا ــ الرَّجُلُ: کاہل ہونا۔

عَرَّقَ۔ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الخَمْرَ: شراب میں تھوڑا پانی ملانا۔ عَرَّقَ واَعْرَقَ الإِنَاءَ: برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرَّجُلُ: عراق میں جانا۔ خاندانی شریف ہونا۔

اِعْتَرَقَ۔ الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا ــ العَظْمَ ہڈی پر جو کچھ گوشت ہو کھا لینا ــ القَوْمُ: عراق میں جانا۔ کہا جاتا ہے "تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوبُ" حوادث نے اس کو پوری طرح گھیر لیا۔

اِسْتَعْرَقَ۔ پسینہ لانے کیلئے گرمی کے درپے ہونا ــ الشَّجَرُ: لمبی جڑ والا ہونا۔

العَرْق۔ ہڈی جس پر سے گوشت اتار لیا گیا ہو جو عِرَاق وعُرَاق۔

العِرْق۔ ہر چیز کا اصل ــ مِنَ البَدَنِ رگ بدن۔ دشوار گذار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ۔ تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ بہت اولاد۔ ریت کی باریک اور لمبی دھاری جو عُرُوق و اَعْرَاق وعِرَاق۔ دَاءُ عِرْقِ النَّسَا: وجع مفاصل کی ایک قسم جو ران سے شروع ہوتی ہے اور ٹخنے یا قدم تک پہنچتی ہے۔

العَرَق مع۔ پسینہ۔ دیوار کی تری۔ دودھ اسلئے کہ رگوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے۔ دیواریں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار اور عام لوگ اسے "مِدْمَاک" کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے۔ ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہا جاتا ہے "جَرَى الفَرَسُ عَرَقًا اَوْ عَرَقَيْنِ": گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا ــ مِنَ التَّمْرِ: کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَالِ: دوست کا عطیہ۔ عرق کا اطلاق شراب پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُ مِنْهُ عَرَقَ القِرْبَةِ" و "جَشِمْتُ إِلَيْكَ عَرَقَ القِرْبَةِ" مشقت اور شدت سے کنایہ ہے۔ مراد یہ ہے کہ میں نے ایسی مشقت اٹھائی ہے جیسے کہ مشک کا اٹھانے والا کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔

العَرَقِيَّة۔ عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔

العُرَق والعُرَقَة۔ بہت پسینہ والا۔

العَرْقَة۔ اسم مرة۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑ میں راستے۔

العِرْقَة۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ جو عِرَق وعِرْقَات۔

العَرْقَاة والعِرْقَاة۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔

العَرْقَاة والعَرْقُوَة۔ ڈول کے منہ کی لکڑی جو العَرَاقِي۔

العَرَقَة۔ دیواریں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر۔ دھجی۔ خیمہ کے اردگرد کا پھندنا جو عَرَق وعَرَقَات۔

العَرِيق والمُعْرِق۔ خاندانی شرافت یا کمینگی غُلَامٌ عَرِيقٌ: دبلا لڑکا (ــ والاَعْرَق) صاحب اصل۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ اَعْرَقُ مِنْكَ فِي كَذَا" وہ فلاں چیز میں تم سے زیادہ صاحب اصل ہے

العِرَاق۔ طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف ــ من الدار: گھر کا صحن ــ مِنَ الظُّفُرِ: ناخن کے گرداگرد گوشت ــ من الاذن: کان کا گھیرہ مِنَ النَّهْرِ: ندی کا کنارہ جو اَعْرِقَة وعُرُق وعُرُق والعِرَاق: ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔

العِرَاقَانِ: کوفہ وبصرہ۔

العُرَاق۔ ہڈی جس کا گوشت کھا لیا گیا ہو۔ کثیر بارش۔ عُرَاقُ الغَيْثِ: بارش کے بعد کی روئیدگی

العَرَاقَة۔ کثیر بارش۔

العَوَارِق۔ داڑھیں۔

المِعْرَق چھری وغیرہ جس سے ہڈی پر سے گوشت اتارا جاتا ہے۔ رَجُلٌ مُعْرَقٌ ومَعْرُوقُ العِظَامِ: دبلا۔

عَرْقَبَ۔ الرَّجُلُ: حیلہ کرنا ــ الدَّابَّةَ: کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کیلئے کونچیں اٹھانا

تَعَرْقَبَ۔ حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ (دیکھو لفظ عُرْقُوب) ــ عَنِ الاَمْرِ: باز رہنا۔ پہاڑ پر تنگ راستوں میں چلنا ــ لِخَصْمِهِ: دشمن کے لئے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرْقُوب۔ کونچ۔ ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ۔ پہاڑی راستہ۔ حیلہ جو عَرَاقِيب عَرَاقِيبُ الاُمُورِ: مشکل کام۔ عُرْقُوب نام ایک شخص کا جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں ضرب المثل تھا

عَرْقَصَ الغُلَامُ: لڑکے کا ناچنا۔ عُرْقِصَتِ الحَيَّةُ: سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ - توسط سے ہٹ جانا — الْأَمْرَ: دشوار کردینا — عَلَيْهِ الْكَلَامَ: ٹیڑھا کرنا۔
تَعَرْقَلَ الْأَمْرُ: پیچیدہ ہونا — الْكَلَامُ: ٹیڑھا ہونا۔
الْعِرْقَالُ - گمراہ۔ کج رو۔
الْعِرْقِيلُ - انڈے کی زردی۔
الْعَرَاقِيلُ - مصیبتیں۔ عَرَاقِيلُ الْأُمُورِ: دشوار امور۔
الْعَرْقَلَى - نازو تبختر کی چال۔
عَرَكَ (ن) عَرْكًا - الْأَدِيمَ: چمڑے کو ملنا — هُ الدَّهْرُ: زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنادینا — الشَّيْءَ: رگڑتے رگڑتے مٹادینا — الْمَاشِيَةُ النَّبَاتَ: جانوروں کا ساری نباتات کو کھاجانا — الْمَاشِيَةُ الْأَرْضَ: چارے سے خالی کردینا (— عَرْكًا وَعِرَاكًا وَعُرُوكًا) الْمَرْأَةُ: عورت کا حائضہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَرَكَ الْأَذَى بِجَنْبِهِ" یعنی اس نے مشقت اٹھائی۔
عَرِكَ (س) عَرَكًا - سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِكٌ۔
عَارَكَهُ مُعَارَكَةً وَعِرَاكًا - مقابلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَوْرَدَهَا الْعِرَاكَ" یعنی وہ سارے اونٹوں کو پانی پر لایا۔
تَعَرَّكَ الشَّيْءُ: ملا جانا۔
تَعَارَكَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
إِعْتَرَكُوا - آپس میں جنگ کرنا۔ إِعْتَرَكَ النَّاسُ فِي الْمَعْرَكَةِ أَوِ الْخُصُومَةِ: لوگوں کا میدان جنگ میں کش و قتال کیلئے پل پڑنا — الْإِبِلُ فِي الْوِرْدِ: اونٹوں کا گھاٹ پر اترنے میں بھیڑ کرنا — الرِّجَالُ فِي الْحَرْبِ: انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔
الْعَرْكُ وَالْعَرَكُ - آواز۔
الْعَرَكِيُّ - مچھلی کا شکاری۔ ج عَرَكٌ۔ ج عُرُوكٌ۔
الْعَرْكَةُ - بار بار۔ کہا جاتا ہے لَقِيتُهُ عَرْكَةً وَعَرَكَاتٍ۔
الْعَرِكَةُ - مشقت برداشت کرنے والا۔
الْعَرِيكَةُ - کوہان۔ نفس۔ طبیعت عادت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَيِّنُ الْعَرِيكَةِ" یعنی نرم خو ہے۔ "هُوَ شَدِيدُ الْعَرِيكَةِ" یعنی وہ سخت مزاج ہے۔ ج عَرَائِكُ۔
الْمَعْرَكُ وَالْمَعْرَكَةُ وَالْمَعْرُكَةُ - میدان جنگ ج مَعَارِكُ۔
الْمُعْتَرَكُ - میدان جنگ۔ مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا انسان کی عمر سے ساٹھ اور ستر سال کے درمیان
الْمُعَارِكُ فا - جنگجو۔ سخت حملہ آور۔
الْمَعْرُوكُ مفعو ما مَعْرُوكٌ: جس پانی پر بھیڑ زیادہ ہو۔ ارض معروکۃ: جس زمین کو جانوروں نے چرکے صاف کردیا ہو۔ رَمْلٌ مُعْرَوْرِكٌ وَعَرِيكٌ" جمع شدہ ریت ایک دوسرے میں داخل
عَرْكَسَ - الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا — الشَّيْءَ: تہ بتہ کرنا
إِعْرَنْكَسَ - جمع ہونا اور تہ بتہ ہونا — الشَّعْرُ: بالوں کا سخت کالا ہونا۔
عَرَمَ (ن ض) عَرْمًا - الْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت اتارلینا — الصَّبِيُّ أُمَّهُ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا — الْإِبِلُ الشَّجَرَ: اونٹ کا درخت سے پتے کھانا — فُلَانًا: تکلیف پہنچانا۔
عَرَمَ (ن ض) عُرَامًا وَعَرِمَ (س) وَعَرُمَ (ک) عَرَامَةً - شدید و سخت ہونا۔ شوخ ہونا۔ بہت خوش ہونا۔ بدخلق ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت عَارِمٌ وَعَرِمٌ۔
عَرَّمَ الشَّيْءَ: خلط ملط کرنا۔
أَعْرَمَ - ناکردہ گناہ پر تہمت لگانا۔
تَعَرَّمَ - الْعَظْمَ: ہڈی سے گوشت اتار لینا — عَلَيْنَا: بہت زیادہ خوش ہونا اور اکڑنا۔
إِعْتَرَمَ - الْفَرَسُ: گھوڑے کا دور دور قدم رکھنا۔ منہ زور ہونا — الصَّبِيُّ ثَدْيَ أُمِّهِ: بچہ کا ماں کے پستان کو چوسنا۔
الْعَارِمُ - فا - بدخلق۔ موذی ج عُرَّمٌ مونث عَارِمَةٌ ج عَوَارِمُ وَعَارِمَاتٌ۔ يَوْمٌ عَارِمٌ: نہایت ٹھنڈا دن۔
الْعَرَمُ - چکناہٹ۔ ہانڈی کا بقیہ۔
الْعَرَمُ وَالْعُرْمَةُ - سیاہی سپیدی ملی ہوئی چھوٹے چھوٹے سیاہ سفید نقطے۔ بکری کے ہونٹ کی سفیدی۔ بکری کو عَرْمَاءُ اور بکرے کو أَعْرَمُ کہتے ہیں (— وَالْعَرَمَةُ) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں کرنیکے بعد بھوسہ نکالنے کیلئے جمع کیا جاتا ہے۔ الْعُرْمَةُ: کھانے کی بو۔ الْعَرَمُ: ہانڈی کا میل۔
الْعَرِمَةُ - پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو۔ ج عَرِمٌ اور یا عَرِمٌ کا لفظ جمع ہے بغیر واحد کے۔ الْعَرِمُ نرچوہا۔ شدید بارش۔ وادی۔ وادی کے پشتے۔
الْمُعْرَمُ - قطا یعنی سنگخوار پرندے کا انڈا۔
الْعُرَامُ - مِنَ الْجَيْشِ: فوج کی تیزی و کثرت — مِنَ الرَّجُلِ: بدخلقی۔ کہا جاتا ہے "بِهِ شِرَّةٌ وَعُرَامٌ" اس میں تیزی و بدخلقی ہے۔ ہانڈی کا میل
الْعُرَامُ - مصیبت ج عُرُمَانٌ۔
الْأَعْرَمُ - رنگ برنگ۔ غیر مستقل۔ بھیڑ یا بکری کا ریوڑ۔ غیر مختون ج عُرْمَانٌ جج عَرَامِينُ۔
الْعَرْمَاءُ - مونث۔ أَعْرَمُ: چتی دار سانپ
الْعَرَمْرَمُ - سخت۔ بے شمار لشکر۔
الْعَرْمِيسُ - چٹان۔ مضبوط اونٹنی۔
الْعَرْمَضُ وَالْعِرْمَاضُ - کائی۔
عَرَنَ (ن ض) عَرْنًا السَّهْمَ: تیروں کو ترتیب سے رکھنا — فِي الشَّيْءِ: کسی چیز کا عادی ہونا — الْبَعِيرَ: اونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔
عَرِنَتْ (س) عَرَنًا - الدَّابَّةُ: عُرْنَة کی بیماری لاحق ہونا (دیکھو لفظ عُرْنَة) صفت مذکر عَرِنٌ اور صفت مونث عَرُونٌ وَعَرِنَةٌ (— عَرَانًا) الدَّارُ: گھر کا دور ہونا۔
عَرَّنَ الرُّمْحَ: نیزے میں میخ لگانا۔
أَعْرَنَ - الرَّجُلُ: ہمیشہ گوشت کھانا۔
الْعَرْنُ مص پکا ہوا گوشت۔ دھواں۔
الْعَرَنُ وَالْعِرَانُ وَالْعُرْنَةُ - ایک بیماری ہے جس سے جانور کے پچھلے پیر کے بال گرجاتے ہیں۔ یا جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَان - لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈالی جاتی ہے۔ دوری۔ بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ۔ ہمسر۔ جنگ۔

العِرِین - گھر کا صحن۔ جھاڑی۔ گوشت۔ آواز۔ شیر وغیرہ کا بھاڑا ہوا۔ عزت ج عُرُن۔ (ــــ والعِرِینَۃ) شیر بجو بھیڑئے کی جھاڑی۔ سانپ کی بمی۔

العِرْنِین - ناک۔ ناک کا سخت حصہ۔ سردار ــــ مِنْ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج عَرَانِین

العِرْنَاس - پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ کبوتر کے مانند ایک پرندہ۔ لکڑی یا لوہا جس میں کاتنے والی روئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹا۔ عوام عَرْنُوس کہتے ہیں ج عَرَانِیس۔

عَرَایُعُرُو عَرْوًا۔ فُلَانًا اَمْرٌ: پیش آنا۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے قصد کرنا۔ صفت فاعل عار اور صفت مفعول مَعْرُوٌّ ــــ القَمِیصَ کرتے میں کاج بنانا (ــــ وعُرِیَ) بخار کی سردی لاحق ہونا۔ صفت عَارٍ ج عُرَاۃٌ۔ اور مَعْرُوٌّ۔ وعُرِیَ الرَّجُلُ خوف کی کپکپی لاحق ہونا۔

اَعْرٰی وعَرّٰی القَمِیصَ: کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرٰی صَاحِبَہٗ: چھوڑ دینا۔

اِعْتَرٰی اِعْتِرَاءً۔ فُلَانًا: عطیہ مانگنے کیلئے جانا۔ اِعْتَرَاہُ اَمْرٌ: لاحق ہونا۔

العِرْوُ - گوشہ۔ وہ جو امور کا اہتمام نہ کرے لوگوں کی جماعت ج اَعْرَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عِرْوٌ مِنْ کَذَا" میں فلاں چیز سے خالی ہوں "وبِہَا اَعْرَاءٌ مِنَ النَّاسِ" اسکے ساتھ جماعتیں ہیں۔

العُرَوَاءُ - بخار کی سردی۔

العُرْوَۃُ مِنَ الاِبْرِیقِ ونَحْوِہٖ: چھاگل لوٹے کا دستہ۔

العُرْوَۃُ والعُرْیٰ والعِرٰی: کاج۔

العُرْوَۃُ - گنجان درخت۔ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا عُرْوَۃٌ مِنْہُ" میں اس سے خالی ہوں۔ "اَلْقَی اِلَیْہِ العُرَی" یعنی اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِیَ یَعْرٰی عُرْیَۃً وعُرْیًا مِنْ ثِیَابِہٖ: ننگا ہونا۔ صفت مذکر عَارٍ وعُرْیَان ج عُرَاۃٌ۔ صفت مؤنث عَارِیَۃٌ وعُرْیَانَۃٌ ج عَوَارٍ وعَارِیَاتٌ۔ عَرِیَ مِنَ العَیْبِ وغَیْرِہٖ: عیب وغیرہ سے پاک صاف ہونا۔ صفت عَرٍ (ــــ عَرِیٌّ) اللَّیْلَۃُ: رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاہُ یَعْرُوہُ عَرْوًا۔ الاَمْرُ: پیش آنا۔

عَرّٰی تَعْرِیَۃً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ ننگا کرنا ــــ ہٗ مِنَ الاَمْرِ: علیحدہ کرنا۔ چھڑا لینا۔ ــــ الرَّجُلَ: بیکار کر دینا۔ چھوڑ دینا ــــ الشَّیْئَ: دستہ لگانا۔ کہا جاتا ہے "عَرَّاہُ بِعُرْیٍ وَثِیقَۃٍ" مضبوط دستہ لگانا۔

اَعْرٰی اِعْرَاءً الرَّجُلَ الثَّوْبَ ومِنَ الثَّوْبِ ننگا کرنا۔ کپڑے اتار لینا ــــ فُلَانًا النَّخْلَۃَ: کسی کو ایک سال کے لئے پھل ہبہ کرنا ــــ فُلَانًا صَدِیقُہٗ دور ہونا اور مدد نہ کرنا ــــ الرَّجُلُ: رات کی ٹھنڈک لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا یا اقامت کرنا۔

تَعَرّٰی تَعَرِّیًا مِنْ ثِیَابِہٖ: کپڑے اتار لینا ننگا ہونا۔

اِعْرَوْرٰی اِعْرِیرَاءً۔ تنہا سفر کرنا ــــ الفَرَسَ: ننگی پیٹھ پر سوار ہونا ــــ اَمْرًا قَبِیحًا: قبیح کام کرنا۔

العَرٰی - گوشہ۔ میدان۔ سردی۔

العَرَاءُ - کھلا میدان۔ ج اَعْرَاءٌ۔

العَرَاۃُ - میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُرْیٌ - ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔ بلا زین کے گھوڑا ج اَعْرَاءٌ۔

الاَعْرَاءُ - آزاد ولاپروا لوگ۔ واحد عُرْیٌ۔

العُرْیَۃُ والعِرْیَۃُ - ننگاپن۔

العَارِیَۃُ - ادھار لی ہوئی چیز۔

العُرْیَان - ننگا۔ عُرْیَانُ النُّجِیِّ: جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

العَرِیُّ - ٹھنڈی ہوا۔

العَرِیَّۃُ - ٹھنڈی ہوا۔ کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کیلئے دیدیا ہو۔ ج عَرَایَا۔ کہا جاتا ہے "نَخْلُہُمْ عَرَایَا" یعنی ان کے درخت خرما ہبہ شدہ ہیں کرم کی وجہ سے دوسروں کو پھل کھانے کیلئے دیدیتے ہیں۔

المَعْرٰی والمَعْرَاۃُ - ننگاپن۔ بدن کا وہ حصہ جو کپڑے سے نہ چھپایا جائے جیسے ہاتھ چہرہ وغیرہ ج مَعَارٍ۔ المَعَارِی: بجز مقامات نہ چھونے

عَزَّ (ض) عِزًّا وعِزَّۃً وعَزَازَۃً۔ عزیز ہونا۔ قوی ہونا۔ ضعیف ہونا ــــ الشَّیْئُ: قلیل ہونا۔ کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا ــــ المَاءُ: بہنا۔ عَزَّ عَلَیَّ عِزًّا۔ کریم ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَزَّ عَلَیَّ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" میرے اوپر سخت اور دشوار ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّہٗ (ن) عَزًّا۔ قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرنا۔

عَزَّزَہٗ - مدد کرنا۔ تعظیم کرنا۔ معزز بنانا۔

عَازَّہٗ مُعَازَّۃً۔ حصول عزت میں مقابلہ کرنا۔ گفتگو میں غالب ہونا۔

اَعَزَّہٗ اِعْزَازًا۔ عزیز بنانا۔ محبت کرنا۔ اَعَزَّتِ البَقَرَۃُ: گائے کا وضع حمل دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اُعْزِزْتُ بِمَا اَصَابَکَ" جو کچھ تم پر گذرا ہے اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔

اِعْتَزَّ۔ قوی ہونا ــــ بِہٖ: اپنے آپ کو طاقتور و قوی سمجھنا۔ فخر کرنا ــــ عَلٰی فُلَانٍ: بزرگی جتانا۔ غالب آنا۔

تَعَزَّزَ۔ قوی ہونا ــــ بِہٖ: فخر کرنا ــــ لَحْمُہٗ: سخت اور ٹھوس ہونا۔

اِسْتَعَزَّ۔ عَلَیْہِ: سختی کرنا۔ غالب ہونا۔ ــــ اللّٰہُ بِفُلَانٍ: وفات دینا۔ کہا جاتا ہے "اُسْتُعِزَّ بِی" یعنی میرے اوپر غالب آگیا "واُسْتُعِزَّ بِالعَلِیلِ" یعنی بیماری بڑھ گئی اور اس کی عقل پر غالب آگئی۔

العَزَازُ۔ عزت۔ سخت بارش۔
رَجُلٌ عَزٌّ۔ قوی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ عزًّا بزًّا اس کو جس طرح سے ہو لے آؤ۔
العَزَّۃُ۔ ہرن کا مادہ بچہ۔
العِزَّۃُ۔ حصولِ عزت کے مقابلہ میں غالب ہونا۔ حمیت۔
العَزِیزُ۔ شریف۔ قوی۔ نادر۔ معزز۔ بادشاہ بلند کہ اس کا حصول دشوار ہوا اور وہ مغلوب نہ ہوا اور کوئی اس کو عاجز نہ کر سکے اور اس کے مانند کوئی نہ ہو۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے ج عِزَازٌ و اَعِزَّاءُ و اَعِزَّۃٌ۔ حاکمِ مصر کا لقب۔
الاَعَزُّ۔ اسم تفضیل۔ عزیز۔
العُزّٰی۔ عزیزہ۔ شریفہ۔ اَعَزُّ کا مؤنث۔ قریش کے ایک بت کا نام۔
العَزَّاءُ۔ شدت۔ سخت سال۔ بڑی بوندکی بارش۔
المِعْزَازُ۔ سخت مرض والا۔
المُعْزُوْزَۃُ۔ سختی۔ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو۔
عَزَبَ (ن) عُزُوْبَۃً و عُزُوْبَۃً۔ بے زوج کے ہونا۔ مجرد رہنا۔
عَزَبَ (ن ض) عُزُوْبًا۔ دور ہونا۔ غائب ہونا۔ پوشیدہ ہونا۔ صفت عَازِبٌ عَزَبَتِ الاَرْضُ: زمین کا ویران ہونا۔
عَزَّبَ۔ دیر تک غائب رہنا۔ شروع کئے ہوئے کو چھوڑ دینا۔
اَعْزَبَ۔ دور ہونا — ہ: دور کرنا۔ بے زوج کر دینا۔
تَعَزَّبَ۔ مجرد رہنے کے بعد گھر بسانا۔
العَازِبُ۔ فا۔ دور کی چراگاہ۔
العَازِبَۃُ۔ مؤنث عَازِبٌ۔ مرد کی بیوی ج عَوَازِبُ۔
العَزَبُ۔ وہ مرد یا عورت جس کے زوج نہ ہو۔ اور کہا گیا ہے کہ عَزَبٌ مرد کیلئے اور عَزَبَۃٌ مؤنث کیلئے۔ ج عُزَّاب و اَعْزَاب۔
الاَعْزَبُ۔ جس کے اہل و عیال نہ ہوں وہ شخص جو اپنے اہل و مال سے دور ہو گیا ہو مؤنث عَزْبَاءُ ج عُزْبٌ۔
المُعْزَبَۃُ۔ باندی۔ لونڈی (ــــ و المُعْزِبَۃُ) بیوی۔
المِعْزَابُ و المِعْزَابَۃُ۔ وہ شخص جو اپنے جانوروں کو دور چرانے کے لئے لیجائے المِعْزَابَۃُ جسکے اہل نہ ہوں۔ جس کا کنوارپن دیر تک رہے۔
عَزَجَ (ن) عَزْجًا الرَّجُلَ: دفع کرنا ــــ الاَرْضَ بِالمِسْحَاۃِ: بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا۔ جماع کرنا۔
عَزَدَ (ن) عَزْدًا۔ جماع کرنا۔
عَزَرَہٗ (ض) عَزْرًا۔ ملامت کرنا اعانت کرنا۔ جماع کرنا ــــ ہ عَنْ کَذَا: منع کرنا واپس کرنا ــــ ہ عَلَی الاَمْرِ: خبر دینا ــــ ہ عَلَی الفَرَائِضِ وَ الاَحْکَامِ فرائض اور احکام سے واقف کرا دینا۔
عَزَّرَہٗ۔ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ سخت مارنا۔ تعظیم و توقیر کرنا۔ اعانت و مدد کرنا۔
العَزَوَّرُ و العَزَوَّرُ۔ بدخلق۔
العَزَوَّرَۃُ۔ مؤنث۔ عُزُوْر۔ ٹیلہ۔
العَزَائِزُ: لکڑیاں۔ درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)
العَزِیْرُ و العَزَائِرُ۔ کٹی ہوئی گھاس کی قیمت
عِزْرَائِیْلُ۔ فرشتہ ملک الموت کا نام۔
عَزْعَزَہٗ۔ عزت میں غالب آنا۔
عَزَطَ (ن) عَزْطًا۔ جماع کرنا۔
عَزَفَ (ن ض) عَزْفًا و عُزُوْفًا نَفْسُہٗ عَنِ الشَّیْءِ: بے رغبتی کرنا اور ملول ہونا (ــــ عَزْفًا) نَفْسَہٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا (ــــ عَزْفًا و عَزِیْفًا) آواز دینا۔ گانا۔
عَزَّفَ۔ آواز دینا۔
اَعْزَفَ۔ ہوا کی سرسراہٹ سننا۔
تَعَازَفُوْا۔ ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
اِعْزَوْزَفَ۔ الشَّیْءُ: برائی کیلئے آمادہ ہونا۔
العَازِفُ آلاتِ لہو سے کھیلنے والا۔ گویا۔
العَزِیْفُ۔ جن کی آواز۔ ہوا کی سرسراہٹ
العُزُفُ۔ جنگلی کبوتر۔
العَزُوْفُ و العَزُوْفَۃُ۔ جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ کہا جاتا ہے کہ ہُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّہْوِ وہ کھیل کود سے کنارہ کش ہے۔ ج عُزُفٌ عَزُوْفَۃٌ میں تا مبالغہ کی ہے تانیث کی نہیں۔
التَّعْزَافُ۔ بمعنی عَزْفٌ۔ مصدر۔
العَزَّافُ۔ بہت باجا بجانیوالا۔ بہت گانے والا۔ سَحَابٌ عَزَّافٌ: بہت گرجنے والا بادل۔
المِعْزَفُ و المِعْزَفَۃُ۔ گانے بجانے کے آلات ج مَعَازِفُ۔
عَزَقَ (ن) عَزْقًا۔ تیز دوڑنا ــــ الخَیْرَ عَنِّی: روک لینا ــــ ہ ضَرْبًا: مارنے میں مبالغہ کرنا۔
عَزَقَ (ض) عَزْقًا الاَرْضَ: زمین کو کھودنا۔ کھود کر پانی نکالنا۔
عَزِقَ (س) عَزَقًا بِہٖ: چپکنا۔
العَزِقُ۔ بدخلق ج عُزُقٌ۔
العَزْوَقُ و العَزَوَّقُ۔ بے مغز کا پستہ۔ رَجُلٌ عَزْوَقٌ: سخت مزاج بخیل و بدخو مرد۔
العَزِیْقُ۔ مِنَ الاَرْضِ: پست زمین۔
المِعْزَقُ و المِعْزَقَۃُ۔ ہوا میں گیہوں صاف کرنے کا آلہ۔ کھودنے کے آلات جیسے پھاوڑا۔ کدال۔ بیلچہ۔ ج مَعَازِقُ۔
المُتَعَزِّقُ۔ بدخلق۔
عَزَلَہٗ (ض) عَزْلًا۔ عَنْ کَذَا: جدا کر دینا ــــ فُلَانًا عَنْ مَنْصِبِہٖ: علیحدہ کر دینا۔ معزول کر دینا ــــ ہ عَنْ حَقِّہٖ: باز رکھنا۔
عَزَّلَہٗ۔ ایک جانب کر دینا۔
تَعَزَّلَ و اِعْتَزَلَ۔ الشَّیْءَ وَ عَنْہُ: جدا ہو جانا۔
تَعَازَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔
العَزَلُ۔ بے ہتھیار و سامان ہونا۔ عَزَلُ الحِمَارِ گدھے کا پچھلا حصہ۔ العَزْلَاءُ: سرین کی ہڈی کا سرا جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔

الْعُزْلُ والعِزَالُ - کمزوری -

الْعُزْلَۃ - جدائی - گوشہ نشینی -

الْعُزُلُ - بے ہتھیار مرد ج اَعْزَال -

الاَعْزَلُ - علیحدہ ریت کا ڈھیر بے بارش کا بادل - بے ہتھیار ج عُزْل واَعْزَال ومُعْزُل وعُزْلَان - مؤنث عَزْلَاء - الاَعْزَلُ مِنَ الدَّوَابِّ دم کو جھکا ہوا رکھنے والا ــــ مِنَ الطَّیْرِ: پرندہ جو اڑنے پر قادر نہ ہو - الاَعْزَلُ: نام دو ستاروں میں سے ایک کا کہ دوسرے کا نام "رَامِحٌ" ہے

الْعَزْلَاءُ - الاَعْزَلُ کا مؤنث - ڈول - مشک کا منہ ج العَزَالِیْ والعَزَالیٰ - کہا جاتا ہے "اَرْسَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِیْھَا" یعنی آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے - اشارہ ہے شدت بارش کی جانب کہا جاتا ہے "ھُوَ عَنِ الْحَقِّ بِمَعْزِلٍ" یعنی وہ حق سے بعید و جدا گانہ ہے -

المُعْتَزِلَۃ والمُعْتَزِلُ - قدریہ کی ایک جماعت جو اپنے خیال سے اہل سنت والجماعت اور خوارج دونوں کو گمراہ سمجھ کر جدا ہو گئے تھے -

المِعْزَال - علیحدہ چرانے والا - سفر میں علیحدہ اترنے والا - خود رائے - بے ہتھیار - کمزور احمق ج مَعَازِیْل -

عَزْلَبَ عَزْلَبَۃً - جماع کرنا -

عَزَمَ (ض) عَزْمًا وعُزْمًا ومَعْزَمًا ومَعْزِمًا وعَزِیْمًا وعَزْمَۃً وعَزِیْمَۃً وعُزْمَانًا الامرَ وعلیہ پختہ ارادہ کرنا ــــ الرَّجُلُ: کوشش کرنا ــــ الاَمْرُ: واجب ہونا ــــ فُلَانٌ عَلیٰ فُلَانٍ: قسم دینا کہا جاتا ہے "عَزَمْتُ عَلَیْکَ لَتَفْعَلَنَّ او اَلَّا تَفْعَلَنَّ او لَمَّا فَعَلْتَ" یعنی قسم دیتا ہوں (ــــ وعَزَّمَ) الرَّاقِیْ: منتر پڑھنا -

اِعْتَزَمَ الامرَ وعلیہ: ارادہ کرنا ــــ الطَّرِیْقَ بغیر ٹھہرے ہوئے گذر جانا ــــ الفَرَسُ فِی عِنَانِہٖ سرکشی کرنا -

تَعَزَّمَ - الاَمْرَ وعَلَی الاَمْرِ: ارادہ کرنا -

العَزْمُ - پختہ ارادہ -

العَزْمَۃ - خاندان - قبیلہ - ج عُزُم -

العَزْمَۃ حق - واجب ج عَزَمَات - عَزَمَاتُ اللّٰہِ وعَزَائِمُ اللّٰہِ: اللہ کے حقوق فرائض - کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ عَزْمَۃٌ" اس کیلئے ثبات و صبر نہیں -

العَزْمِیُّ - کھلی بیچنے والا - وفادار - عہد کو پورا کرنے والا -

اُمُّ العِزْمِ والعِزْمَۃِ واُمُّ عِزْمَۃٍ - دبر -

العِزْیَمُ - تیز دوڑ -

العَزِیْمَۃ - موکد ارادہ - منتر ج عَزَائِم -

العَازِمُ - فا - ج عَزَمَۃ وعَازِمُوْن - اَمْرٌ عَازِمٌ کام جس کا پختہ ارادہ ہو -

العَزْوَمُ - ہمیشہ اپنے عزم پر رہنے والا - بڑھیا - دبر - ج عُزُم -

العَزَّامُ - صیغہ مبالغہ - شیر -

المُعَزِّمُ فا - منتر پڑھنے والا -

عَزَا یَعْزُوْ عَزْوًا - الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلیٰ فُلَانٍ: نسبت کرنا (ــــ عَزَاءً) الرَّجُلُ: صبر کرنا -

عَزَا یَعْزُوْ عَزْوًا وتَعَزّٰی تَعَزِّیًا اِعْتَزٰی اِعْتِزَاءً بِفُلَانٍ والیٰ فُلَانٍ: منسوب ہونا - سچ یا جھوٹ دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرنا اسم عَزَاء ہے - اور اسی سے ہے "اِعْتَزٰی بِعَزَاءِ الجَاھِلِیَّۃِ"

العِزَۃ - لوگوں کی جماعت ج عِزًی وعِزُوْن

العِزْوَۃ - انتساب - صبر -

عَزِیَ یَعْزِیْ عَزْیًا الشَّیْءَ او فُلَانًا اِلیٰ فُلَانٍ نسبت کرنا -

عَزِیَ یَعْزیٰ عَزَاءً - مصیبت پر صبر کرنا - صفت مذکر عَزٍ - صفت مؤنث عَزِیَّۃ -

عَزّٰی تَعْزِیَۃً - الرَّجُلَ: تسلی دینا -

تَعَزّٰی تَعَزِّیًا - اِلَیْہِ: منسوب ہونا ــــ عَنْہُ: صبر کرنا - تسلی حاصل کرنا -

تَعَازٰی تَعَازِیًا - القَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا -

العَزِیُّ - صابر -

العِزْیَۃ - انتساب -

الاِعْتِزَاءُ - دعویٰ کرنا - جنگ میں کوئی خاص علامت -

عَسَّ (ن) عَسًّا وعَسَسًا رات میں پاسبانی میں پھرنا ــــ الخَبَرَ: دیر سے پہنچنا -

عَسَّسَ - القومَ: تھوڑا سا کھلانا -

اِعْتَسَّ - رات میں مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا - ــــ الشَّیْءَ: رات میں طلب کرنا یا قصد کرنا ــــ البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا اور احوال کو مطلع ہونا

العَسَس - رات کے چوکیدار - یہ جمع ہے عَاسّ کی -

العُسّ - بڑا پیالہ - بڑا برتن - ج عِسَاس و عِسَسَۃ واَعْسَاس وعُسُس -

العَاسّ - رات کا چوکیدار ج عَسَس وعُسَّس

العَسَّاس - رات کا چوکیدار -

العَسُوْس - دودھ دوہنے کے وقت بدکنے والی اونٹنی - بے برکت مرد - شکار کو ڈھونڈنے والا -

المَعَسّ - مطلب -

اَعْسَبَ - الذِّئْبُ: بھیڑیئے کا بھاگنا -

اَعْسَبَہٗ جَمَلًا: اونٹ عاریت پر دینا -

اِسْتَعْسَبَ مِنْہُ: ناپسند کرنا ــــ فُلَانًا جَمَلًا: اونٹ عاریت پر لینا -

العَسْب - نسل - کہا جاتا ہے "قَطَعَ اللّٰہُ عَسْبَہٗ" اللہ اس کی نسل کو منقطع کر دے -

العَسْبَۃ - اسم مرۃ - پہاڑ میں شگاف -

العَسُوْب - رئیس اعظم -

العَسِیْب - دم کی ہڈی یا اس پر بال اگنے کی جگہ - پشت پا - کھجور کی ٹہنی جس سے پتے دور کر دیئے گئے ہوں - پہاڑ کا شگاف ج عُسُب وعُسْب وعُسْبَان -

الیَعْسُوْب - شہد کی نر مکھی - شہد کی مکھیوں کا بادشاہ - الیَعْسُوْب: رئیس اعظم - کہا جاتا ہے - "ھُوَ یَعْسُوْبُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے ایک چھوٹا سا پرندہ - گھوڑے کے چہرے کی سفیدی ج یَعَاسِیْب -

العُسْبُرُ - چیتا ج عَسَابِر -

اَلعُسْبُرَۃ - مادہ چیتا - تیز رفتار اصیل اونٹنی

اَلعِسْبَار - بجو کے مانند ایک درندہ - اکثر افریقہ میں پایا جاتا ہے - بھیڑیے کا بچہ -

اَلعُسْبُوْر وَالعُسْبُوْرَۃ - کتے کا بچہ مادہ بھیڑیا سے -

عَسَنَجَ (ن ض) عَسْنَجًا و عَسَنَجَانًا و عَسِیْجًا چلنے میں گردن اٹھانا -

اِعْسَنْجَ الشَّیْخُ : بڈھے کا خمیدہ کمر ہونا -

اَلعَوْسَجُ - ایک کانٹے دار درخت - واحد - عَوْسَجَۃ -

اَلعَسْجَد - سونا - جوہر مانند موتی یا قوت وغیرہ - مضبوط موٹا اونٹ -

اَلعَسْجَدِیَّۃ - شاہی سواریاں - اور اصل میں ان اونٹوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کیلئے آراستہ کئے جاتے تھے -

عَسْجَرَ الطَّعَامَ : کھانے میں نمک ڈالنا - الرَّجُلُ : بہت تیز نظر سے دیکھنا -

اَلعَسْجَر - نمک -

عَسَدَ (ض) عَسْدًا - الحَبْلَ : رسی مضبوط بٹنا - جَارِیَۃً : جماع کرنا -

اَلعِسْوَدُ - بہت مضبوط - سانپ -

عَفَا يَعْفُو عَفْوًا عَنْهُ وَ لَهُ ذَنْبَهُ، و عَفَا عَنْ ذَنْبِهِ درگذر کرنا - معاف کرنا - سزا کو چھوڑ دینا ـــ اللّٰہ عنہ: گناہوں کو معاف کرنا ـــ عَنِ الشَّيْءِ: رکنا ـــ عَنِ الْحَقِّ: ساقط کرنا ـــ الشَّيْءُ: زیادہ کرنا ـــ عَلَيْهِ فِي الْعِلْمِ: بڑھ جانا ـــ الصُّوفُ: اون کا ٹنا ـــ فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کیلئے جانا۔ عَفَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سبزی سے ڈھک جانا ـــ الشَّيْءُ: زیادہ اور لمبا ہونا۔ عَفَتِ الرِّيحُ الْاَثَرَ و الْمَنْزِلَ: مٹا دینا (عَفَا عَفْوًا و عَفَاءً و عُفُوًّا) الْاَثَرُ و الْمَنْزِلُ: مٹنا ـــ اَثَرُ فُلَانٍ: ہلاک ہونا - مرنا۔

عَفَا يَعْفُو عَفْوًا و عَفَى يَعْفِي عَفْيًا الشَّعْرَ: بالوں کو چھوڑ دینا یہاں تک کہ لمبے اور زیادہ ہو جائیں۔ عَفَّى تَعْفِيَةً بالوں کا لمبا اور زیادہ ہونا۔ عَفَّتِ الرِّيحُ الْمَنْزِلَ: مٹا دینا ـــ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ: بگاڑ کے بعد درست کرنا۔ عَفَّتِ الْعِلَّةُ صَاحِبَهَا: ہلاک کرنا۔

عَافَى مُعَافَاةً و عِفَاءً و عَافِيَةً اللّٰہ فُلَانًا: صحت دینا بلا اور برائی سے بچانا۔

اَعْفَى اِعْفَاءً اللّٰہ فُلَانًا: عافیت دینا ـــ الشَّعْرَ: بالوں کو بڑھنے کیلئے چھوڑ دینا۔

ـــ الرَّجُلُ: بہت مال دار ہونا - زائد مال کو خرچ کرنا ـــ ہ مِنَ الْاَمْرِ: بری کر دینا ـــ زَيْدًا بِحَقِّهِ: حق کو پورے طریقہ سے ادا کر دینا ـــ الرَّجُلَ: دینا ـــ الْمَرِيضُ: بیمار کا صحتیاب ہونا۔

تَعَفَّى تَعَفِّيًا - مٹنا اور مضمحل ہونا۔

تَعَافَى تَعَافِيًا - عافیت پانا ـــ الشَّيْءَ چھوڑنا۔

اِعْتَفَى اِعْتِفَاءً: فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے آنا۔ اِعْتَفَتْ و اِسْتَعْفَتِ الْاِبِلُ الْيَبِيسَ: اوپر اوپر سے خشک گھاس کو چرنا۔ اِسْتَعْفَى الرَّجُلُ مُكَلِّفَهُ: اِسْتَعْفَى دینا۔ معافی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے اِسْتَعْفَى مِنَ الْخُرُوجِ فَاَعْفَاهُ" یعنی فلاں نے نکلنے سے معافی مانگی اور اس نے معاف کر دیا۔

اَلْعَفَاءُ - مٹی - بارش - گھروں کی بربادی - ہلاکت - آنکھ کا پھولا۔

اَلْعِفَاءُ - زیادہ لمبے بال - شتر مرغ کے پر اونٹ کے بال۔

اَلْعَفْوُ - عمدہ چیز - فضل و معروف مِنَ الْمَالِ: خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو - زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔

اَلْعَفَا و اَلْعَفْوُ و اَلْعِفْوُ و اَلْعُفْوُ - گدھے کا بچہ - ج عِفَاءٌ و عِفْوَةٌ۔

اَلْعَفُوَّةُ: دیت - گدھے کا مادہ بچہ - ج عَفْوٌ۔

اَلْعَفْوَةُ و اَلْعِفْوَةُ و اَلْعُفْوَةُ - ہانڈی کا جھاگ عفوة الشَّيْءِ: چیز کا خالص۔ عَفْوَةُ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ: عمدہ کھانا پانی - اَلْعِفْوَةُ و اَلْعُفْوَةُ ردے سر کے بال۔

اَلْعِفَاوَةُ - شوربے کا اچھا حصہ جو کسی معزز کو دیا جائے۔

اَلْعُفَاوَةُ - دیگ کا نچلا شوربہ۔

اَلْعِفَاوَةُ و اَلْعَفَاوَةُ و اَلْعُفَاوَةُ ہانڈی کا جھاگ۔

اَلْعَفُوُّ - معاف کرنے والا، بہت معاف کرنیوالا۔

اَلْعَافِي - فا بخشنے والا - درگذر کرنے والا - لمبے بال والا - مٹنے والا ج عُفِيٌّ - دیگ کا نچلا شوربہ - گھاس پانی طلب کرنے والا - گھاٹ پر اترنے والا مہمان - ہر طالب بخشش و رزق - ج عُفَاةٌ و عُفِيٌّ و عَافِيَةٌ۔ کہا جاتا ہے "كَثُرَتْ عَلَى الْكَرِيمِ عَافِيَتُهُ" کریم پر بخشش کے طلب کرنیوالے بہت ہوئے۔

اَلْعَافِيَةُ - عافی کا مصدر یا اسم - کامل صحت ہر طالب رزق ج عَافِيَاتٌ و عَوَافٍ۔

اَلْمُعْتَفِي فا - سائل جو سلوک کا طالب ہو۔

عَقَّ (ن) عَقًّا الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ عَقَّتِ الرِّيحُ الْمُزْنَ: بارش برسانا ـــ الدَّلْوُ کنوئیں سے بھرا ہوا ڈول نکلنا (ـــ عُقُوقًا و مَعَقَّةً) الْوَلَدُ وَالِدَهُ: والد کی نافرمانی کرنا اور شفقت نہ کرنا اور استخفاف کرنا۔ صفت عَقٌّ و عَاقٌّ ج عَقَقَةٌ و اَعِقَّةٌ و اَعُقٌّ و عُقُقٌ۔

عَقَّ (س) عَقَقًا - پھٹنا۔

عَقَّتْ (ض) عَقَقًا و عَقَاقًا و عِقَاقًا الْفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوقٌ۔

عَاقَّ مُعَاقَّةً آبَاهُ: مخالفت کرنا۔

اَعَقَّ الْكَرْمُ: انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخ نکلنا ـــ فُلَانٌ: نافرمانی کرنا۔ اَعَقَّتِ الْفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوقٌ۔

اِنْعَقَّ - الْوَادِي: وادی گہری ہونا ـــ الْغُبَارُ: غبار بلند ہونا ـــ الْعُقْدَةُ: گرہ مضبوط ہونا ـــ الْبَرْقُ: بجلی کا بادل میں چھپ جانا (ـــ و اِعْتَقَّ) پھٹنا۔ اِعْتَقَّ السَّيْفَ: تلوار سونتنا ـــ الْمُعْتَذِرُ: عذر بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔

اَلْعَاقُّ اسم فاعل ج عَاقُّونَ و عَقَقَةٌ و اَعِقَّةٌ مؤنث عَاقَّةٌ ج عَوَاقُّ و عَاقَّاتٌ۔

اَلْعَقُّ و اَلْعَقَّةُ - گہرا گڑھا۔

اَلْعُقُّ و اَلْعُقَاقُ - مِنَ الْمَاءِ: کڑوا پانی

اَلْعِقَّةُ - نوزائیدہ بچے کے بال ج عِقَقٌ۔

العَقُوق مِنَ الخَیل : حاملہ گھوڑی ۔ غیر حاملہ گھوڑی ۔ ج عُقُق ج ج عِقَاق ۔

العَقِیق ۔ سُرخ مہرے ۔ واحد عَقِیقَۃ : وادی اور ہر پانی بہنے کی جگہ جسکو سیلاب نے وسیع کر دیا ہو ج اَعِقَّۃ : نوزائیدہ بچے کے بال ۔ عرب میں چند مقامات کے نام ۔

العَقِیقَۃ ۔ نوزائیدہ بچے کے بال ۔ توشہ دان ۔ نہر ۔ بکری جو پیدائش کے ساتویں دن بال مونڈتے وقت ذبح کی جائے تیر جسکو زمانہ جاہلیت میں سہم الاعتذار کہتے تھے ۔ اور خون کے بدلے کا فیصلہ کرنیکے لئے آسمان کی طرف پھینکتے تھے ۔ اگر خون میں لت پت واپس آتا تھا تو قصاص لیتے تھے اور اگر صاف آتا تھا تو دیت پر مصالحت کر لیتے تھے

عِقَّان الکَرم او النَّخِیل : شاخیں جو انگور کی بیل یا درخت خرما کی جڑ سے نکلیں ۔

عَقَبَ (ض ن) عَقْبًا ۔ ایڑی مارنا ۔ عَقَبَ القَوسَ او السَّہمَ : پٹھا لپیٹنا ۔ ـــــ عَقْبًا و عُقُوبًا و عَاقِبَۃً) الرَّجُلَ او مَکَانَ الرَّجُلِ پیچھے آنا ۔ جانشین ہونا ۔ کہا جاتا ہے " عَقَبَ الشَّیبُ " یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی ۔

عَقِبَ عَقَبًا ۔ ایڑی میں درد ہونا ۔

عَقَّبَہٗ ۔ پیچھے آنا ۔ پیچھے لانا ۔ عَقَّبَ الصَّلٰوۃَ نماز پوری کرنیکے بعد دعا وغیرہ کیلئے بیٹھنا کہا جاتا ہے " عَقَّبَ الشَّیبُ " یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی ـــــ فِی الاَمرِ : کسی چیز کے طلب کرنیکے لئے کوشش کرنا اور آمد و رفت رکھنا ـــــ الحَاکِمُ عَلٰی حُکمِ سَلَفِہٖ : حاکم کا اپنے سلف کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنا ـــ عَلَیہِ : بدنام کرنا اور غلطیوں کو بیان کرنا ۔

عَاقَبَہٗ مُعَاقَبَۃً ۔ پیچھے آنا ۔ عَاقَبَہٗ فِی الرَّاحِلَۃِ : نوبت بنوبت سوار ہونا ۔

عَاقَبَہٗ عِقَابًا و مُعَاقَبَۃً ۔ بِذَنبِہٖ و عَلٰی ذَنبِہٖ ۔ مواخذہ کرنا ۔ سزا دینا ۔ اسم العُقُوبَۃ

اَعقَبَہٗ ۔ جانشین ہونا ۔ اچھا بدلہ دینا ۔ عرب کہتے تھے " اَعقَبتُ الرَّجُلَ " یعنی بہترین بدلہ دیا اور عَاقَبتُہٗ " یعنی برا بدلہ دیا ۔ عَاقِبَۃ اچھے بدلے کو اور عِقَاب برے بدلے کو کہتے ہیں ۔ اَعقَبَہٗ فِی الرَّاحِلَۃِ ۔ نوبت بنوبت سوار ہونا ۔ اَعقَبَ فُلَانٌ : مرنا اور اولاد چھوڑ جانا ـــــ الاَمرُ : اچھا انجام ہونا ـــــ الرَّجُلُ : برائی سے بھلائی کی طرف لوٹنا ۔ اَعقَبَتِ الاَرضُ : زمین کا چرے جانے کے بعد پھر سرسبز ہونا ۔ کہا جاتا ہے " اَعقَبَ عِزُّہٗ ذُلًّا " یعنی اس کی عزت ذلت سے بدل گئی ۔

تَعَقَّبَہٗ ۔ تلاش کرنا ۔ نقائص تلاش کرنا پیروی کرنا ۔ جرم پر گرفت کرنا ۔ تَعَقَّبَ عَنِ الخَبَرِ شک کی وجہ سے خبر کو دوسری مرتبہ پوچھنا ۔ تَعَقَّبَ مِن اَمرِہٖ : نادم ہونا ۔

تَعَاقَبَ ۔ الرَّجُلَانِ او اللَّیلُ و النَّہَارُ : ایک دوسرے کے پیچھے ہونا ۔ تَعَاقَبَا الرَّاحِلَۃَ : نوبت بنوبت سوار ہونا ـــ القَومُ فِی الشَّیءِ او الاَمرِ : باری باری کرنا ۔ تَعَاقَبُوا عَلٰی فُلَانٍ بِالضَّربِ کسی کو مارنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ۔

اِعتَقَبَ البَائِعُ السِّلعَۃَ : قیمت پر قبضہ کرنے کے لئے سامان کو روک لینا ـــــ الرَّجُلَ : قید کرنا ـــ مِن کَذَا نَدَامَۃً : انجام میں ندامت اٹھانا ـــ القَومُ عَلَیہِ : مدد کرنا ۔

اِستَعقَبَہٗ ۔ عیوب و نقائص کو تلاش کرنا

العَقَب ۔ ہر پیچھے آنے والی چیز ۔

العَقْب و العَقِب ۔ ایڑی ۔ بیٹا ۔ پوتا ج اَعقَاب ۔ اَعقَابُ الاُمُورِ : امور کے انجام ۔ کہا جاتا ہے " جَاءَ عَقِبَہٗ و بِعَقِبِہٖ " جانشین ہوا ۔ رَجَعَ عَلٰی عَقِبِہٖ " وہ جلدی سے اسی راستے سے واپس گیا جس سے آیا تھا " وَطِیَٔ عَقِبَہٗ " وہ اس کے نشان قدم پر چلا " سَافَرَ عَلٰی عَقِبِ الشَّہرِ " اس نے مہینے کے آخر میں سفر کیا ۔

العُقُب و العُقْب ۔ انجام ۔ نتیجہ ۔ ج اَعقَاب ۔

العَقَب پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے ج اَعقَاب ۔

العُقْبَۃ ۔ باری ۔ بدل ۔ تم کہتے ہو " تَمَّت عُقبَتُکَ " تمہاری باری پوری ہو گئی اَخَذتُ مِن اَسِیرِی عُقبَۃً " میں نے اپنے قیدی کو بدلہ لے لیا ۔ العُقبَۃُ مِنَ الجَمَالِ : حسن کا اثر ۔

العُقَبَۃ : کھانے کے بعد جو میٹھی چیز کھائی جائے شوربے کا بقیہ حصہ جو ہانڈی والے کو دیا جائے رات دن ۔ اس لئے کہ یہ باری باری آتے ہیں کہا جاتا ہے " ہُوَ عُقبَۃُ بَنِی فُلَانٍ " وہ بنی فلاں کا آخری ہے ج عُقَب ۔ اَبُو عُقبَۃَ : سور ۔

العِقبَۃ ۔ حسن کا اثر ۔

العَقَبَۃ ۔ دشوار گذار گھاٹی ۔ پہاڑ کی دشوار راستہ ج عِقَاب و عَقَبَات ۔

العُقبٰی ۔ کام کا بدلہ ۔ ہر چیز کا آخر ۔ آخرت

العُقُوبَۃ و العِقَاب و المُعَاقَبَۃ ۔ بدی کا بدلہ ۔ سزا ۔

العُقَاب ۔ ایک قوی شکاری پرندہ ج عِقبَان و اَعقُب ج ج عَقَابِین ۔ العُقَاب : ایک ستارے کا نام ۔ حوض کی طرف پانی کی نالی ۔ ٹیلہ ۔ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے ۔

العَقِیب ۔ پیرو ۔ پیچھے آنیوالا ۔ کہا جاتا ہے " ہُوَ عَقِیبُہٗ " وہ اس کے پیچھے پیچھے آتا ہے ۔

العَقُوب ۔ امور خیر میں پیروی کرنیوالا اچھا جانشین ۔

العَاقِب ۔ فا ۔ نائب ۔ اچھا جانشین ۔

العَاقِبَۃ ۔ مؤنث عاقب ۔ نسل ۔ ہر چیز کا آخر ۔ اچھا بدلہ ۔ ج عَوَاقِب ۔

العُقَیبَان ۔ بمعنے عاقبت ۔

العُقَیعِب ۔ ایک شکاری پرندہ جو چوہے اور خرگوش وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کو مُرزَۃ بھی کہتے ہیں ۔

المِعقَب ۔ ہانکنے میں ماہر ۔ اوڑھنی ۔ بالی

المِعقَاب ۔ وہ عورت جس کی عادت ہو کہ ایک بار لڑکا جنے اور دوسری مرتبہ لڑکی ۔

وہ مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔

المُعَاقِب فا۔ بدلہ لینے والا۔

المُعَقِّبَات۔ رات دن کے فرشتے۔ تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔

الیَعْقُوب۔ نرچکور۔ ج یَعَاقِیب۔ یا زائدہ ہے۔

العُقْبُول والعُقْبُولَۃ۔ بخی۔ بیماری یا عداوت کا بقیہ۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقَابِیل۔

عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ: گرہ لگانا البَیعَ او الیَمِینَ: بیع یا قسم کو پکا کرنا ـــ الحَاسِبُ: حساب لگانا ـــ ہ علَی الشَّیءِ: معاہدہ کرنا ـــ لَہٗ الشَّیءَ: ضامن ہونا ـــ الخَیطَ: دھاگے میں گرہ لگانا ـــ البَنَّاءُ: معمار کا محراب بنانا ـــ البِنَاءَ بالجِصِّ: عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا ـــ الزَّہرُ: پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا ـــ العَسَلُ ونحوُہٗ: شہد کا گاڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِیَتَہٗ" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کیلئے تیار ہوا۔ "عَقَدَ عُنُقَہٗ اِلَیہِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَہٗ الرِّئَاسَۃَ فِی قَومِہٖ" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنا دیا "عَقَدَ لَہٗ عَلَی الجَیشِ" یعنی اسکو لشکر کا سردار بنا دیا۔

عَقِدَ (س) عَقَدًا۔ گرہ دار زبان والا ہونا ـــ اللِّسَانُ: زبان کا رکنا۔ صفت اَعْقَد و عَقِد۔

عَقَّدَ۔ البَیتَ: محراب بنانا ـــ الیَمِینَ: قسم کو پکا کرنا ـــ الحَبْلَ: رسی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا ـــ الکَلَامَ: مبہم کلام کرنا (ـــ و اَعْقَدَ) الدِّبْسَ ونحوَہٗ: شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔

عَاقَدَہٗ مُعَاقَدَۃً۔ معاہدہ کرنا۔

تَعَقَّدَ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا ـــ الرَّملُ: ریت کا تہ بتہ ہونا ـــ السَّحَابُ: بادل کا محراب کے مانند ہونا ـــ الاَمرُ: دشوار ہونا ـــ الاِخَاءُ: مضبوط ہونا۔

اِنْعَقَدَ۔ گرہ لگنا ـــ الاَمرُ بِفُلَانٍ: خالص ہونا ـــ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا ـــ الزَّہرُ: پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔

تَعَاقَدَ۔ القَومُ: ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔

اِعْتَقَدَ المَالَ: جمع کرنا ـــ الاَمرَ: تصدیق کرنا۔ نہایت پختہ یقین رکھنا۔ دین بنانا ـــ الشَّیءُ: سخت ہونا۔ اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوَی" جبکہ گٹھلی سخت ہو جائے ـــ الاِخَاءُ بَینَہُمَا: پکی ہونا۔ ثابت ہونا۔ باندھنا ـــ الدُّرَّ ونحوَہٗ: موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔

العَقْد۔ محراب ج اعقاد و عقود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس بیس تیس نوّے تک۔

العِقْد۔ ہار ج عُقُود۔

العَقِد والعَقَد۔ ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَۃ و العَقَدَۃ۔

العُقْدَۃ گرہ۔ جائداد۔ شہر کی حکومت حاکموں کی بیعت ـــ مِن کُلِّ شَیءٍ: ہر چیز کی مضبوطی۔ اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔ بہت درختوں والی جگہ۔ جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقْدَتُہٗ" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

العَاقِد فا۔ ج عُقَّد۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَاقِدًا عُنُقَہٗ" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔

العَاقِدَۃ۔ مؤنث عاقد۔ ج عَاقِدَات و عَوَاقِد۔

العَاقِدَات: جادوگرنیاں۔

العُقْدَۃ۔ زبان کی جڑ۔

العَقَّاد۔ بہت عقد کرنے والا۔ دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔

العِقَادَۃ۔ دھاگہ گھنڈی بنانیکا پیشہ۔

العَقِید۔ معاہدہ کرنیوالا ـــ مِنَ الدِّبْسِ: گاڑھا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَقِیدُ الکَرَمِ او اللُّؤمِ" یعنی فلاں آدمی طبعًا کریم یا لئیم ہے۔

العَقِیدَۃ۔ جس پر پختہ یقین کیا جائے جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ ج عقائد۔

الاَعْقَد۔ وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔ جس میں گرہیں ہوں۔ کتا یا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔ مؤنث عَقْدَاء ج عُقْد۔

العُنْقُود والعِنْقَاد مِنَ العِنَبِ ونحوِہٖ گچھا۔ ج عَنَاقِید۔

المَعْقِد۔ گرہ بندھنے کی جگہ۔ جوڑ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنِّی مَعْقِدَ الاِزَارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعَاقِد۔

المَعَاقِد: وہ منازل جہاں بار بار لوٹ لوٹ کر آئیں۔

المِعْقَاد۔ بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔

المُعَقِّد۔ فا۔ جادوگر۔

المُعْتَقَد۔ اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔

عَقَرَہٗ (ض) عَقْرًا۔ زخمی کرنا۔ ذبح کرنا عَقَرَ الاِبِلَ: کونچیں کاٹنا۔ عَقَرَ بِہٖ: چلنے سے روک دینا ـــ بالصَّیدِ: شکار کے پیچھے لگنا۔

عُقِرَتْ (ض)، عَقْرًا وعُقْرًا وعُقَارًا وعَقُرَتْ (ک)، عُقْرًا وعَقَارَۃً وعِقَارَۃً وعُقِرَتْ۔ المَرأۃُ او النَّاقَۃُ: بانجھ ہونا۔ صفت العَاقِر۔

عَقُرَ (ک) عَقْرًا۔ الاَمرُ: بے نتیجہ ہونا۔

عَقِرَ (س) عَقَرًا۔ دہشت زدہ ہونا۔ متحیر ہونا۔ کانپنا۔

عَقَّرَ الاِبِلَ: اونٹ کو بہت زخمی کرنا۔

عَاقَرَ مُعَاقَرَۃً۔ الشَّیءَ: لازم کرنا۔ چپکی رہنا ـــ الخَمرَ: شراب پینے میں مداومت کرنا ـــ ہ: گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ ہجو کرنا۔ اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔

اَعْقَرَہٗ۔ دہشت زدہ کرنا۔ اَعْقَرَ اللّٰہُ المَرأۃَ عورت کو بانجھ کر دینا۔

تَعَقَّرَ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا — شَحْمُ النَّاقَةِ: چربی کا گھٹا ہوا ہونا — الرَّجُلُ جائداد زیادہ ہونا — الغَیْثُ: لگاتار بارش ہونا (— و اِعْتَقَرَ و انْعَقَرَ) ظَهْرُ الدَّابَّةِ مِنَ الرَّحْلِ او السَّرْجِ: کجاوہ یا زین سے جانور کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ اِنْعَقَرَتْ قَوَائِمُ البَعِیْرِ: کونچیں کٹ جانا۔

تَعَاقَرَ الرَّاعِیَانِ: اونٹ کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔

العَقْرُ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ محلہ۔ قوم۔ بلند عمارت۔ اترنے کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔

العُقْرُ۔ عورت کا مہر۔ قوم کے اترنے کی جگہ۔ حوض کا پچھلا حصہ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ گھر میں عمدہ جگہ۔ بہترین گھاس۔ قصیدے کا بہترین شعر محل۔ ج اَعْقَار۔ بیضۃ العُقْرِ: مرغی کا پہلا انڈا العُقْرُ: بانجھ (— و العُقُرُ) بڑی آگ۔

العَقْرَۃُ و العُقْرَۃُ و العَقَارَۃُ۔ بانجھ پن

العَقْرَاءُ۔ مؤنث الأَعْقَرِ۔ اونچا ٹیلہ۔

العَقَارُ۔ گھر کا سامان۔ جائداد ہر غیر منقول چیز۔ سرخ رنگ ج عَقَارَات۔

العُقَارُ۔ گھر کا سامان۔ عمدہ مال۔ بہترین گھاس۔ شراب۔

العُقَرُ و العُقَرَۃُ و المِعْقَرُ۔ جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ اِمْرَأَۃٌ عَقِرَۃٌ: رحم کی بیماری والی عورت۔

العَقَّارُ۔ بہت زخمی کرنے والا۔ درخت۔ جڑی بوٹی سے علاج کرنے والا۔ دوا۔ ج عَقَاقِیْرُ۔

العِقِّیْرُ۔ صیغہ مبالغہ۔ درخت۔

العَقُوْرُ۔ کاٹ کھانے والا جانور ج عُقُرٌ۔

العُقَرَۃُ و العَاقُوْرُ و المِعْقَرُ و المِعْقَارُ و المُعْقِرُ۔ مِنَ السُّرُوْجِ: پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین

العَقِیْرُ۔ زخمی۔ دہشت زدہ ج عَقْرَیٰ رَجُلٌ عَقِیْرٌ: بے اولاد مرد۔

العَقِیْرَۃُ۔ زخمی شکار۔ کٹی ہوئی پنڈلی۔ گانے والے یا رونے والے یا پڑھنے والے کی آواز۔ کہا جاتا ہے رَفَعَ عَقِیْرَتَہٗ آواز بلند کی۔ نَخْلَۃٌ عَقِیْرَۃٌ کٹے ہوئے سر کا درخت خرما۔

العَاقِرُ۔ بانجھ عورت ج عُقَّرٌ و عَوَاقِرُ۔ رَجُلٌ عَاقِرٌ: بے اولاد مرد ج عُقَّرٌ۔

الأَعْقَرُ۔ اونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں مؤنث عَقْرَاءُ ج عُقْرٌ۔

العَقْرَیٰ۔ جائداد۔

المُعْقِرُ۔ بہت جائداد والا۔

اَرْضٌ مَعْقَرَۃٌ۔ بہت بچھوؤں والی زمین

العَقْرَبُ۔ بچھو۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور غالب تانیث ہے۔ اُمُّ عِرْيَطٍ اور اُمُّ سَاهِرَةٍ کنیت ہے اور کہا جاتا ہے کہ نر کو عقربان کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مادہ کو عقربۃ کہتے ہیں۔ ج عَقَارِبُ۔ العَقْرَبُ: آسمان کے ایک برج کا نام۔ العَقَارِبُ: سختیاں۔ چغلیاں۔ کہا جاتا ہے دَبَّتْ عَقَارِبُہٗ۔ و دَبَّتْ مِنْہُ عَقَارِبُ السَّعَایَۃِ و اِنْتَدَبَتْ عَقَارِبُہٗ یعنی وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عَیْشٌ ذُوْ عَقَارِبَ: سختی و تنگی کی زندگی۔ عَقَارِبُ الشِّتَاءِ: ٹھنڈک کی سختی۔ عُقْرُبُ السَّاعَةِ: گھڑی کی سوئی۔

العَقْرَبَاءُ۔ مادہ بچھو۔

اَرْضٌ مُعَقْرِبَۃٌ۔ بہت بچھوؤں والی زمین۔

المُعَقْرَبُ۔ موڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔ گٹھا ہوا مضبوط جسم۔ کامل مددگار۔

العُقْرُطُلُ و العِقْرِطْلُ۔ مادہ ہاتھی

عَقَشَ (ن) عَقْشًا۔ العُوْدَ: لکڑی کو موڑنا — المَالَ: جمع کرنا۔

عَقَصَ (ض) عَقْصًا۔ الشَّعْرَ: بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا — المَرْأَۃُ شَعْرَہَا: عورت کا جوڑا باندھنا۔

عَقِصَ (س) عَقَصًا۔ التَّیْسُ: مینڈھے کا پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا — الرَّجُلُ: بخیل ہونا۔ بدخلق ہونا۔ مڑی ہوئی انگلی والا ہونا۔

العَقِصُ: بخیل۔ بدخلق۔ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

العُقْصَۃُ۔ مِنَ القَرْنِ وغیرہ: سینگ وغیرہ کی گرہ ج عُقَصٌ۔

العِقْصَۃُ۔ چوٹی ج عِقَصٌ و عِقَاصٌ۔

العَقِیْصَۃُ۔ چوٹی ج عَقَائِصُ و عِقَاصٌ

العِقَاصُ۔ موباف ج عُقُصٌ۔

الأَعْقَصُ۔ وہ شخص جس کی انگلیاں مڑی ہوئی ہوں جس کے دو اگلے دانت اندر کو گھسے ہوئے ہوں۔ بخیل — مِنَ التُّیُوْسِ: مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ مؤنث عَقْصَاءُ ج عُقْصٌ۔

المِعْقَصُ۔ ٹیڑھا تیر۔ ج مَعَاقِصُ۔

المِعْقَاصُ۔ مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ بکری۔

عَقْعَقَ عَقْعَقَۃً الطَّائِرُ بِصَوْتِہٖ: گٹکری کرنا۔

العَقْعَقُ۔ کوّے کی شکل کا ایک پرندہ۔ کوا۔ عوام اسے قعق کہتے ہیں اور عرب اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

عَقَفَ (ض) عَقْفًا و عَقَّفَ العُوْدَ و نَحْوَہٗ: تَعَقَّفَ و انْعَقَفَ: کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔ پس مڑ جانا اور ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت اَعْقَفُ و مَعْقُوْفٌ۔

العَقْفَاءُ۔ مؤنث اعقف۔ لکڑی یا لوہا جس کے کنارے پر کجی ہو مڑے ہوئے سینگ کی بکری ج عُقْفٌ (— و العُقَیْفَاءُ) ایک گھاس ہے جس سے بکریاں مر جاتی ہیں۔

العَقُوْفُ۔ مِنْ ضُرُوْعِ البَقَرِ: گائے کا تھن کہ دوہتے وقت دودھ سیدھا نہ نکلے۔

العُقَافُ۔ بکریوں کا ایک مرض جس سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں ایسی بکری کو عاقف کہتے ہیں اور اس کی جمع عَوَاقِفُ ہے۔

العُقَّافَۃُ۔ لکڑی جس کے ایک طرف کجی ہو

شُوَيْكَةٌ عَقِيفَةٌ ۔ مڑا ہوا کانٹا۔

المَعْقُوفُ ۔ مڑا ہوا ۔ وہ جانور جسکو عُقَاف کی بیماری ہو۔ شَيْخٌ مَعْقُوفٌ : خمیدہ کمر بڈھا

عَقَلَ (ن ض) عَقْلاً ۔ الدَّوَاءُ بَطْنَهُ : دوا کا قبض کر دینا ۔۔۔ البَعِيرَ : ٹانگ ران ملاکر رسی سے باندھنا ۔۔۔ المَرْأَةُ شَعْرَهَا : بالوں میں کنگھا کرنا ۔۔۔ القَتِيلَ : مقتول کی دیت ادا کرنا ۔۔۔ عَنْ فُلَانٍ : کسی کی جانب سے تاوان یا دیت ادا کرنا ۔۔۔ لِدَمِ فُلَانٍ : دیت پر راضی ہو جانا اور قصاص کو چھوڑ دینا۔

عَقَلَ (ض) عَقْلاً وَمَعْقُولاً الغُلَامُ : لڑکے کا سمجھدار ہونا ۔ دانا ہونا ۔۔۔ فُلَانٌ بَعْدَ الصِّبَا غلطی کو پہچان لینا ۔۔۔ عَقْلاً الشَّيْءَ : سمجھنا ۔ تدبر کرنا ۔ صفت عَاقِلٌ ۔ ج عَاقِلُونَ و عُقَلَاءُ و عُقَّالٌ ۔ صفت مؤنث عَاقِلَةٌ ج عَاقِلَاتٌ و عَوَاقِلُ۔

عَقَلَ (ض) عَقْلاً وعُقُولاً المُصَارِعُ خَصْمَهُ : ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرانا ۔۔۔ الوَعْلُ : بلند پہاڑ پر چڑھ جانا اور محفوظ ہو جانا ۔ إِلَيْهِ : پناہ لینا۔

عَقِلَ (س) عَقَلاً البَعِيرُ : اونٹ کا ٹیڑھی ٹانگوں والا ہونا ۔ صفت أَعْقَلُ مؤنث عَقْلَاءُ ج عُقْلٌ۔

عَقَّلَ ۔ الغُلَامُ : لڑکے کا عقل مند ہونا ۔ الغُلَامَ : لڑکے کو عقل مند بنانا ۔۔۔ البَعِيرَ : اونٹ کی ٹانگ ران ملاکر باندھنا ۔۔۔ الرَّجُلَ عَنْ حَاجَتِهِ : روک دینا۔

عَاقَلَهُ مُعَاقَلَةً ۔ سمجھ بوجھ میں مقابلہ کرنا

أَعْقَلَهُ ۔ عقل مند پانا ۔ أَعْقَلَ الرَّجُلُ : سال کی زکوٰۃ واجب ہونا۔

تَعَقَّلَ الغُلَامُ : لڑکے کا سمجھ دار ہونا ۔ بتکلف عقل مند بننا ۔ تَعَقَّلَهُ : منع کرنا ۔ روکنا تَعَقَّلَ الرَّجُلُ : پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا ۔۔۔ الرَّجُلُ أَوِ السَّرْجَ : کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا

تَعَاقَلَ ۔ بتکلف عقلمند بننا ۔ تَعَاقَلُوا دَمَ القَتِيلِ : دیت کے ادا کرنے میں شریک ہونا۔

إِعْتَقَلَ الرُّمْحَ : نیزہ کو رکاب اور پنڈلی کے درمیان رکھنا ۔۔۔ البَعِيرَ : اونٹ کی ٹانگ ران ملاکر باندھنا ۔۔۔ الرَّحْلَ أَوِ السَّرْجَ : کجاوہ یا زین پر پاؤں موڑ کر رکھنا ۔۔۔ مِنْ دَمِ فُلَانٍ : دیت لینا ۔۔۔ الدَّوَاءُ بَطْنَهُ : دوا کا قبض کرنا الرَّجُلَ : پاؤں موڑ کر سرین پر رکھنا ۔ إِعْتَقَلَهُ : روکنا ٹانگ میں ٹانگ لگا کر پچھاڑنا ۔۔۔ الشَّاةَ : بکری کی ٹانگ کو اپنی ران اور پنڈلی کے درمیان دبا کر دوہنا۔

أُعْتُقِلَ ۔ لِسَانُهُ : زبان بند ہو جانا۔

العَقْلُ ۔ روحانی نور جس سے غیر محسوس چیزوں کا ادراک ہوتا ہے ۔ دل ۔ دیت ج عُقُولٌ۔

العَقْلِيُّ ۔ عقل کی طرف نسبت ۔ جس میں حسِ باطنی کو دخل نہ ہو۔

العُقْلَةُ ۔ زبان کی روک۔

العُقْلَةُ ۔ جس سے باندھا جائے ج عُقَلٌ۔

العِقَالُ ۔ رسی جس سے اونٹ کے زانو کو باندھا جائے ۔ سر پر باندھنے کی رسی ۔ العِقَالُ اونٹ یا بکری کی ایک سال کی زکوٰۃ ۔ کہا جاتا ہے ۔ أَدَّيْتُ عِقَالَ سَنَةٍ یعنی ایک سال کی زکوٰۃ میں نے ادا کر دی ۔ عِقَالُ المِئِينَ : وہ شریف جو قید کیا جائے تو دو سو اونٹوں کا فدیہ ادا کرے۔

العَاقِلُ ج ۔ سمجھ دار ج عُقَلَاءُ و عَاقِلُونَ و عُقَّالٌ اور عورت کو بھی عاقل کہا جاتا ہے۔ العَاقِلُ : پہاڑی بکرا ۔ دیت ادا کرنے والا ج عَاقِلَةٌ

العَاقِلَةُ ۔ مؤنث عاقل ۔ سمجھنے کی قوت ۔ عَاقِلَةُ الرَّجُلِ : باپ کی طرف کے رشتہ دار۔

العَقُولُ ۔ سمجھ دار ۔ قابض دوا۔

العَقِيلُ ۔ معقول۔

العَاقُولُ ۔ دریا کا بڑا حصہ ۔ موج ۔ وادی یا نہر کا موڑ ۔ بے نشان زمین ۔ مبہم امور ۔ ج عَوَاقِيلُ۔

العُقَّالُ ۔ جانوروں کی ٹانگ کی بیماری۔

العَقِيلَةُ ۔ مِنَ النِّسَاءِ : شریف پردہ نشین عورت ۔۔۔ مِنَ الإِبِلِ : عمدہ قسم کے اونٹ ۔۔۔ مِنَ القَوْمِ : سردار ۔۔۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز کا عمدہ حصہ ۔ عَقِيلَةُ البَحْرِ : موتی ج عَقَائِلُ۔

المَعْقِلُ ۔ جائے پناہ ۔ اونٹ باندھنے کی جگہ ۔ بلند پہاڑ ج مَعَاقِلُ۔

المَعْقُلَةُ ۔ خون بہا ۔ تاوان ۔ کہا جاتا ہے صَارَ دَمُهُ مَعْقُلَةً عَلَى قَوْمِهِ یعنی اس کا خون تاوان ہو گیا جس کو وہ ہر سال ادا کرتے ہیں ۔ ج مَعَاقِلُ۔

المَعْقُولُ ۔ سمجھا ہوا ۔ عقل ج مَعْقُولَاتٌ علم المَعْقُولَاتِ : وہ علم جس میں عقلی چیزوں سے بحث کی جائے۔

عَقَمَتْ (ن) عَقْماً وعُقْماً وعَقِمَتْ (ک) عَقْماً وعُقِمَتْ (ض) عَقْماً وعُقْماً وعُقِمَتْ عَقْماً وعُقْماً المَرْأَةُ أَوِ الرَّحِمُ : بانجھ ہونا ۔ صفت عَقِيمٌ ۔ عَقِمَتْ مَفَاصِلُهُ : جوڑوں کا خشک ہونا۔

عَقِمَ (س) عَقَماً ۔ خاموش ہونا۔

عَقَمَ (ض) عَقْماً وأَعْقَمَ وعَقَّمَ اللّٰهُ المَرْأَةَ : بانجھ کرنا ۔ عَقَّمَهُ : خاموش کرنا ۔ عَقَمَ الشَّيْءَ : جراثیم کو مار دینا۔

عَاقَمَهُ مُعَاقَمَةً ۔ جھگڑا کرنا ۔ خصومت کرنا گالی دینا۔

إِعْتَقَمَ إِلَيْهِ : آنا جانا ۔۔۔ فِي الأَمْرِ : دخل دینا

العَقْمُ والعَقْمَةُ والعِقْمَةُ ۔ سرخ کپڑا ۔ نقش و نگار کی ایک قسم۔

المَرْأَةُ العَقِيمُ ۔ بانجھ عورت ج عَقَائِمُ و عُقُمٌ

الرَّجُلُ العَقِيمُ ۔ بے اولاد مرد ج عُقَمَاءُ و عِقَامٌ و عَقْمَى ۔ عَقْلٌ عَقِيمٌ : عقل جس میں کوئی خیر نہ ہو ۔ حَرْبٌ عَقِيمٌ : سخت لڑائی ۔ کہا جاتا ہے الدُّنْيَا عَقِيمٌ یعنی دنیا بے برکت ہے۔

حَرْبٌ عُقَامٌ وعِقَامٌ ۔ سخت لڑائی ۔ دَاءٌ عُقَامٌ : لاعلاج مرض ۔ يَوْمٌ عَقَامٌ : سخت دن ۔ العُقَامُ : بے اولاد ۔ بدخلق۔

العَقِيمَةُ ۔ مِنَ الأَرْحَامِ : بانجھ ج عَقَائِمُ۔

العُقْمِيُّ والعِقْمِيُّ مِنَ الكَلَامِ : پوشیدہ کلام

المُعْرَقِي: خاندانی شرافت والا۔
المُعَقِّم۔ ہڈیوں کا جوڑ۔ ریڑھ کی ہڈی کے مہرے ج مَعَاقِم۔ مَعَاقِمُ الخَيْلِ: گھوڑے کے جوڑ
المَعْقُوم۔ مِنَ الرِّجَالِ: بے اولاد۔
عَقَا يَعْقُو عَقْوًا و اِعْتَقَى اِعْتِقَاءً کنواں کھودنا اور ایک جانب سے سرت نکالنا
عَقَا العَلَمُ: جھنڈا بلند ہونا۔ عَقَا الأَمْرَ: مکروہ جاننا — فلانًا: روکنا۔ اِعْتَقَى الرَّجُلُ: رکنا۔
عَقَاءً و عَقَاقَاءً: روکنا۔
العَقْوَة۔ گھر کا گرداگرد۔ میدان۔ محن ج عِقَاء
عَقِيَ يَعْقَى عَقْيًا۔ الأَمْرَ: مکروہ جاننا۔ (و عَقَّى) الوَلَدَ: بچے کو گھٹی پلانا۔ عَقَّى الطَّائِرُ: اڑنے میں بلند ہونا۔
أَعْقَى إِعْقَاءً ا۔ کڑوا ہونا — الشَّيْءَ: مکروہ جاننا۔
العِقْي۔ نوزائیدہ بچے کا پاخانہ ج أَعْقَاء۔
العِقْيَان۔ خالص سونا۔
عَكَّ (ن ض) عَكًّا اليَوْمُ: سخت گرمی مع گھٹن کے ہونا۔ صفت عَكّ و عَكِيك۔ عَكَّتْهُ الحُمَّى: لگاتار بخار رہنا — الرَّجُلُ: حق کا ٹال مٹول کرنا۔ عَكَّهُ عَنْ حَاجَتِهِ: باز رکھنا — ہ بالحُجَّةِ: مغلوب کرنا — ہ بالأَمْرِ او بالقَوْلِ: بار بار بات کہہ کے تھکا دینا — ہ بالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا — ہ بِشَرٍّ: بار بار کرنا — الكَلَامَ: وضاحت کرنا
عُكَّ۔ گرمی سے جوش مارنا — الرَّجُلُ: سخت بخار چڑھنا۔
عَاكَّهُ۔ مخالفت، مائل کرنا۔
العَكَّة و العِكَّة و العُكَّة و العَكَاكُ و العَكِيك۔ گھٹن کے ساتھ سخت گرمی۔ العَكَّة و العُكَّة: تیز بخار۔ گرم ریت۔ العُكَّة: گھی کا ڈبہ ج عُكَك و عِكَاك۔ اور اسی سے ہے ہٰذِهِ العُكَّة حَتَّى صَارَ كَالعُكَّةِ: بچہ موٹا ہوا یہاں تک کہ مانند ڈبے کے ہو گیا۔ لَيْلَةٌ عَكَّةٌ: سخت گرمی والی رات۔ يَوْمٌ عَكِيكٌ: سخت گرم دن ج عُكُك
عَكَبَتْ (ن) عُكُوبًا الإِبِلُ: اژدھام کا بھیڑ کرنا۔

— القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ عَكَبَ الرَّجُلُ: ٹھہرنا۔
عَكِبَ (س) عَكَبًا موٹے ہونٹ اور جبڑے والا ہونا۔ پیر کی قریب قریب انگلی والا ہونا۔ صفت أَعْكَبُ مؤنث عَكْبَاءُ ج عُكْب۔
عَكَبَتِ النَّارُ: دھوئیں والی آگ ہونا۔
تَعَكَّبَتْهُ۔ الهُمُومُ: تفکرات اور غموں کا ہجوم کرنا۔
اِعْتَكَبَ الغُبَارُ: غبار اٹھنا — الغُبَارُ: غبار اڑانا — المَكَانُ: غبار والا ہونا — الإِبِلُ: کسی جگہ میں جمع ہونا اور غبار اڑانا۔
العَكَبُ و العَكُوبُ و العَاكُوبُ و العُكَاب غبار و العُكَاب: دھواں۔ ہانڈی کی بھاپ۔
العَاكِب فا۔ بھیڑ۔ انبوہ ج عُكُوب۔
الأَعْكَب و العِكَاب و العُكَب عنکبوت بمعنی مکڑی کا اسم جمع۔
العَكُوب۔ غبار۔ ایک قسم کی خاردار سبزی جو کچی اور پکی دونوں طرح سے کھائی جاتی ہے۔
العِكْبِر۔ ایک چیز جس کو شہد کی مکھی اپنے بازو وغیرہ پر لگا کر لاتی ہے اور اس کو شہد کی جگہ میں رکھتی ہے۔
عَكْبَشَهُ۔ مضبوط باندھنا۔
تَعَكْبَشَ۔ — الغُصْنُ: ٹہنی کا لٹک جھکنا۔
عَكَدَ (ض) عَكْدًا و اِعْتَكَدَ إِلَيْهِ: پناہ لینا۔ عَكَدَ الأَمْرُ فُلَانًا: ممکن ہونا۔
عَكِدَ (س) عَكَدًا ا۔ الضَّبُّ: بجو کا موٹا ہونا۔ صفت عَكِد۔
عَكَدَ بِهِ و اِعْتَكَدَهُ لازم ہونا۔
اِسْتَعْكَدَ الضَّبُّ: بجو کا موٹا ہونا — المَاءُ: پانی کا جمع ہونا۔
عُكْدَةُ الشَّيْءِ: چیز کا درمیان۔ کہا جاتا ہے عُكْدَةُ هٰذَا الأَمْرِ یعنی فلاں امر تمہارے لئے کفایت ہے۔
العُكْدَة۔ دُمْ کی ہڈی کی جڑ۔ اگرہ کا سوراخ
عُكْدَة۔ اللِّسَانِ: زبان کی جڑ۔
عَكَرَ (ن ض) عَكْرًا و عُكُورًا عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔

پھرنا۔ مڑنا۔ مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے عَكَرَ عَلَيْهِ الزَّمَانُ بِخَيْرٍ زمانہ اس پر خیر و برکت کے ساتھ مائل ہوا۔
عَكِرَ (س) عَكَرًا۔ المَاءُ و نَحْوُهُ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت عَكِر۔
عَكَّرَ و أَعْكَرَ المَاءَ: پانی کو گدلا کرنا۔
و أَعْكَرَ اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ أَعْكَرَ الرَّجُلُ: مرد کا دوبارہ حملہ کرنا۔
اِعْتَكَرَ۔ عَلَيْهِ: حملہ کرنا — اللَّيْلُ: رات کا سخت تاریک ہونا — المَطَرُ: سخت بارش ہونا
اِعْتَكَرَتِ الرِّيحُ: ہوا کا غبار اڑانا۔ (و تَعَاكَرَ) القَوْمُ فِي الحَرْبِ: گھمسان کی جنگ کرنا۔
العَكَر۔ تلوار کا مورچہ — مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: تلچھٹ
العِكْر۔ اصل۔ جڑ۔ کہا جاتا ہے رَجَعَ فُلَانٌ إِلَى عِكْرِهِ یعنی فلاں اپنی اصل کی طرف لوٹ گیا۔ عادت۔
العَكْرَة و المَعْكَر۔ بھاگنے کے بعد دوبارہ حملہ
العَكَرَة۔ اونٹوں کا گلہ۔ زبان کی جڑ ج عَكَر۔ اختلاط و التباس۔ کہا جاتا ہے وَقَعُوا فِي عَكَرَةٍ یعنی وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔
العَكَّار۔ بہت زیادہ حملہ کرنے والا
غُلَامٌ عُكْرُدٌ۔ موٹا تازہ لڑکا۔
العِكْرِشَة۔ خرگوش مادہ۔
عِكْرِمُ اللَّيْلِ: رات کی تاریکی۔ عِكْرِمَة۔ مشہور صاحب علم۔ اور العِكْرِمَة: کبوتری یا مادہ فاختہ
عَكَزَ (ن) عَكْزًا ا۔ الرُّمْحَ: نیزہ گاڑنا — بالشَّيْءِ: راستہ پانا۔ (و تَعَكَّزَ) عَلَى العُكَّازَةِ: ڈنڈے پر سہارا لینا۔ تَعَكَّزَ بِهِ۔ اکانا کو سہارا لینا
عَكِزَ (س) عَكَزًا۔ سکڑنا۔
عَكَّزَ الرُّمْحَ: نیزے میں پھل لگانا۔
العِكْز۔ بخیل۔ بدخلق۔
العُكَّاز و العُكَّازَة۔ ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عَكَاكِيز و عُكَّازَات۔ العُكَّازِيل۔ شیر کا بچہ۔
عَكَسَ (ض) عَكْسًا الكَلَامَ و نَحْوَهُ: کلام کو الٹ دینا — الشَّيْءَ: آخر کو اول کی طرف کر دینا۔

زمین کی طرف جھٹکا دیکر کھینچنا اور پٹک دینا۔ — البَعِیْرَ: اونٹ کو نکیل لگا کر رسی کو ٹانگ سے باندھ دینا — رَاسَ البَعِیْرِ: اونٹ کے سر کو موڑنا — ہٗ عَنِ الاَمْرِ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا — عَلٰی فُلَانٍ اَمْرَہٗ: کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا — الطَّعَامَ: کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔

عَکِسَ (س) عَکَسًا: تنگ خو ہونا۔

عَاکَسَ مُعَاکَسَۃً وعِکَاسًا الکَلَامَ: کلام کو پلٹ دینا — ہٗ: ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا

تَعَکَّسَ فِی مِشْیَتِہٖ: رینگ کر چلنا۔

تَعَاکَسَ واِعْتَکَسَ وانْعَکَسَ: پلٹ جانا۔ اِنْعَکَسَ: دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔

عِکَاسُ البَعِیْرِ: نکیل کی رسی جو اونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں۔

العُکَّاس: زنکوڑی۔

العَکِیْس: دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے۔ رسی جس سے اونٹ کو روکتے ہیں۔ درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت نکلتا ہے۔

العَکِیْسَۃُ: بہت سے اونٹ۔ تاریکیاں ج عکائس ت

عَکِشَ (س) عَکَشًا۔ الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا — النَّبتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔

عَکَشَ (ض) عَکْشًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ صفت عَکِش۔ صفت مفعول معکوش — الرَّجُلَ: مضبوط باندھنا — عَلَیْہِ: حملہ کرنا۔

تَعَکَّشَ الاَمْرُ: دشوار ہونا — الشَّیْءُ: سکڑنا — الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا

العَکِش۔ مِنَ الشَّعْرِ: پیچیدہ اور تہ بتہ بال۔ بیکار وفضول آدمی۔ شَجَرَۃٌ عَکِشَۃٌ: بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔

العُکَّاش والعُکَّاشُ والعُکَاشَۃ والعُکَّاشَۃ: کوڑی یا کڑی کا جالا۔

عَکَصَہٗ (ض) عَکْصًا عَنْ حَاجَتِہٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عَکِصَ (س) عَکَصًا: بدخو ہونا۔ صفت عَکِص عَکِصَتِ الدَّابَّۃُ: سرکشی کرنا۔

تَعَکَّصَ بِکَذَا عَلَیْہِ: بخل کرنا۔

رَمْلَۃٌ عَکِصَۃٌ: دشوار گذار تودہ ریت۔

عَکَظَہٗ (ض) عَکْظًا: مغلوب کرنا۔ فخر کو رد کر دینا۔ روکنا — الشَّیْءَ: رگڑنا — الاَدِیْمَ: چمڑے کو دباغت کیلئے رگڑنا۔ عَکَظَ بِالشَّیْءِ: فخر کرنا۔ عَکَظَہٗ وعَکَّظَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: ہٹانا پھیر دینا۔

عَاکَظَہٗ مُعَاکَظَۃً: ٹالدینا۔

تَعَکَّظَ عَلَیْہِ الاَمْرُ: دشوار ہونا — القَوْمُ: اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

تَعَاکَظَ۔ القَوْمُ: مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

العَکِظ والعَکِیْظ: چھوٹے قد والا۔

عُکَاظ: عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع وفروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر ومؤنث ہے)

عَکَفَہٗ (ن ض) عَکْفًا عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا — ہٗ عَلَی الاَمْرِ: کسی چیز پر روکے رکھنا (عَکْفًا وعُکُوْفًا) القَوْمُ حَوْلَہٗ وبِہٖ: گرداگرد چکر لگانا۔ عَکَفَ عَلَی الاَمْرِ: ہمیشہ لازم رہنا (واِعْتَکَفَ وتَعَکَّفَ) فِی المَکَانِ: بند رہنا۔ عَکَّفَ الجَوْہَرَ: تہ بتہ رکھنا — الشَّعْرَ: بالوں کو گھنگھریالا کرنا — ہٗ عَنْ کَذَا: روکنا۔ منع کرنا

عَاکَفَہٗ مُعَاکَفَۃً: لازم رہنا۔

العَکِف مِنَ الشَّعْرِ: گھنگھریالے بال۔

العَاکِف فا مقیم ج عَاکِفُوْنَ وعُکَّف وعُکُوْف شَعْرٌ مَعْکُوْفٌ: کنگھی چوٹی کئے ہوئے بال۔

المُعَکَّف مغموم مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔

عَکَلَ (ن ض) عَکْلًا۔ الشَّیْءَ: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا — المَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا — الرَّجُلَ: پچھاڑنا — البَعِیْرَ: اونٹ کو رسی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ عَکَلَ فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا — فُلَانٌ: مرنا — (واَعْکَلَ واِعْتَکَلَ) عَلَیْہِ: مشکل ومشتبہ ہونا۔ اِعْتَکَلَ الرَّجُلُ: جدا ہونا — الثَّوْرَانِ: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔

العُکُل والعِکْل: لئیم۔ کمینہ ج اَعْکَال۔

العَاکِل فا بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُکَّل۔

العِکَال: اونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔

المِعْکَل: چرواہے کی سوئی جس کو وہ درخت سے بنا لیتا ہے۔ ج مَعَاکِل۔

عَکَمَ (ض) عَکْمًا۔ المَتَاعَ: سامان کی گٹھری باندھنا — عَلَیْہِ: حملہ کرنا — الرَّجُلَ: انتظار کرنا — عَنِ الاَمْرِ: پیچھے ہٹنا — ہٗ عَنْ زِیَارَتِہٖ: ہٹانا — البَعِیْرَ: اونٹ پر باندھنا — لِاَرْضٍ کَذَا: قصد کرنا۔

عُکِمَ عَنْہُ: ہٹایا جانا۔

عَکِمَتِ۔ الاِبِلُ: اونٹوں کا موٹا ہونا۔

اَعْکَمَہٗ: باندھنے میں مدد دینا۔ بندھوانا۔

عَاکَمَہٗ مُعَاکَمَۃً عَلٰی فُلَانٍ: مدد کرنا۔

اِعْتَکَمَ الشَّیْءُ: ڈھیر لگنا۔

العِکْم ج اعکام وعکوم۔ العکام ج عکم: گٹھری۔

العِکْم: بوری۔ بنڈل۔ گٹھر۔ کنوئیں کی چرخی عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ عِکْمٌ عَنْ کَذَا" یعنی اس کیلئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔

المُعْکَم: پُرگوشت۔

تَعَکَّنَ۔ البَطْنُ: موٹاپے کی وجہ سلوٹ پڑنا

العُکْنَۃ: پیٹ کی سلوٹ ج عُکَن واَعْکَان۔

ودِرْعٌ ذَاتُ عُکَنٍ: وسیع وکشادہ زرہ۔

العِکَان: گلا۔

العَکْنَاءُ مِنَ النُّوْقِ اوالشَّاۃِ: موٹے تھن والی اونٹنی یا بکری۔

العَوْکَنَان: بہت اونٹ۔ بہت شتر مرغ۔

عَکَا یَعْکُو عَکْوًا۔ ذَنَبَ الدَّابَّۃِ: جانور کی دُم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ مَعْکُوٌّ یعنی دُم مڑا ہوا گھوڑا — ہٗ فِی الْحَدِیْدِ: قید کرنا اور باندھنا۔ عَکَتِ الْاِبِلُ: موٹا ہونا۔ عَکَا الضَّبُّ بِذَنَبِہٖ: گوہ کا اپنی دُم کو موڑنا — الدُّخَانُ: دھوئیں کا اوپر چڑھنا — عَلٰی قَوْمِہٖ: مائل ہونا — بِاِزَارِہٖ: ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔

العَکْوَۃُ و العُکْوَۃُ۔ جانور کی دُم کی جڑ۔ زبان کی جڑ۔ ازاربند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ، ہر چیز کی موٹائی۔ العُکْوَۃُ: بکلا۔ ج عُکًا و عِکَاءٌ۔

العَکِیُّ مِنَ الْاَلْبَانِ الضَّاْنِ: ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔

الاَعْکٰی۔ سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا مؤنث عَکْوَاءُ۔

عَکِیَ یَعْکٰی عَکْیًا و عَکٰی و اَعْکٰی۔ مرنا۔ عَکٰی بِاِزَارِہٖ: ازاربند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا — بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت عَاکٍ ج عُکَاۃٌ۔ اَلْعَکَاۃُ: مضبوط۔ باندھنا۔ عَکَی الدُّخَانُ: دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔

عَلَّ (ن ض) عَلًّا و عَلَلًا و تَعِلَّۃً: دوسری مرتبہ پینا — ہٗ: دوسری مرتبہ پلانا — ہٗ ضَرْبًا: لگاتار مارنا۔

عُلَّ عِلَّۃً۔ مریض ہونا۔

عَلَّلَہٗ۔ بار بار پلانا — ہٗ بِکَذَا: مشغول کرنا کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشَّیْءَ: علت بیان کرنا دلیل سے ثابت کرنا — الکَلِمَۃَ: کلمہ کی تعلیل کی وجہ بیان کرنا۔ تعلیل کرنا — الثَّمَرَۃَ: بار بار پھل توڑنا — المَالَ: بہترین انتظام کرنا — ہٗ: علاج کرنا۔

اَعَلَّ۔ الرَّجُلُ: گھونٹ گھونٹ پلانا — ہٗ اللّٰہُ: بیمار کرنا — الکَلِمَۃَ: تعلیل کرنا۔

تَعَلَّلَ۔ حجت ظاہر کرنا — بِکَذَا: مشغول رہنا

تَعَلَّلَتْ و تَعَالَّتْ۔ المَرْأَۃُ مِنْ نِفَاسِہَا: — نفاس سے پاک ہوجانا۔ تَعَالَّ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ: بچے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔

اِعْتَلَّ۔ مریض ہونا — بِالْاَمْرِ: مشغول رہنا عذر بیان کرنا۔ اِعْتَلَّتِ الرِّیْحُ: نرم ہونا — ہٗ: بہتان لگانا۔ اِعْتَلَّتِ الکَلِمَۃُ: حرف علت والا ہونا — الرَّجُلُ: دوسری مرتبہ پینا — عَنْہُ: اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔

العَلُّ۔ موٹا بڑا بکرا۔ بڑی عمر کا لاغر۔ بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت — ج اَعْلَالٌ۔

العَلَّۃُ۔ بیلادہ۔ سوکن ج عَلَّاتٌ۔ کہا جاتا ہے بنو علات: یعنی ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولادِ اخیاف کہتے ہیں۔

عَلِّ۔ لعل میں ایک لغت ہے۔

العِلَّۃُ۔ بیماری۔ مشغول کر دینے والا واقعہ۔ اور اسی سے ہے "لَا یَعْدَمُ شَاحِجٌ عِلَّۃً" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الید کے بچانے کیلئے منع کر دیتا ہے — عِلَّۃُ الشَّیْءِ: سبب ج عِلَّاتٌ و عِلَلٌ جج اَعْلَالٌ۔

العِلَّاتُ: حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جَرٰی عَلٰی عِلَّاتِہٖ" یعنی ہر حال میں۔ یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ و العِلَّۃُ فِی الْعَرُوْضِ: وہ تغیر جو اشعار کے عروض و ضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حرف العلۃ: الف، واو، یا

العَلَلُ۔ دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے "عَلَلٌ بَعْدَ نَهَلٍ" پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔

العُلَالَۃُ و التَّعِلَّۃُ۔ بیلادہ۔ العُلَالَۃُ: پہلی مرتبہ دودھ دوہنے کی مہلت کے بعد دوہا ہوا دودھ بقیہ دودھ نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی، دوڑ کا بقیہ۔

العَلِیْلُ۔ مریض ج اَعِلَّاءُ۔

المُعَلُّ و المَعْلُوْلُ۔ مریض۔

العَلِیْلَۃُ۔ مؤنث عَلِیْل: عورت جو بار بار خوشبو لگائے ج عَلِیْلَات و عَلَائِل۔

الیَعْلُوْلُ۔ سفید حوض۔ پانی کا بلبلا۔ سفید بادل تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اونٹ ج یَعَالِیْلُ۔ یا زائدہ ہے۔

عَلَبَ (ن) عَلْبًا و عَلَّبَ الشَّیْءَ: کاٹنا۔ نشان لگانا۔ خراش لگانا۔

عَلِبَ (ن) عَلْبًا و عَلِبَ (س) عَلَبًا سخت ہونا۔ صفت عَلِبٌ۔

عَلَّبَ و عَلِبَ و اِسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ: سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السَّیْفُ: دندانہ دار ہونا۔

العَلْبُ۔ مار کا نشان (— والعِلْبُ العَلِبُ) سخت زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔ سخت چیز ج عُلُوْب۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلْبٌ" سخت ظالم آدمی

العُلْبَۃُ۔ چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن ج عِلَاب و عُلَب۔

العِلْبَۃُ۔ درخت کی موٹی گرہ ج عِلَب۔

العِلْبَاءُ گردن کے پہلو کا پٹھا ج عَلَابِی۔ کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلْبَاؤُہٗ" وہ بوڑھا ہو گیا۔

عَلَثَ (ض) عَلْثًا۔ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔ کہا جاتا ہے عَلَثَ البُرَّ بِالشَّعِیْرِ گیہوں کو جو میں ملا دیا — الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا

عَلِثَ (س) عَلَثًا القَوْمُ: آپس میں لڑائی کرنا

تَعَلَّثَ کَذَا اَلذَّنُوْبَ: حیلہ کرنا۔ مکر کرنا — بِہٖ: چمٹنا — الشَّیْءَ: اچھی طرح نہ بنانا۔

اِعْتَلَثَ۔ بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا۔

العَلَثُ۔ گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (— والعَلِیْثَۃُ) گیہوں جو سے ملا ہوا۔

العُلَاثَۃُ۔ دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز ادھر اُدھر سے جمع کرنے والا آدمی۔

اَلعَلَّاثُ۔ الزَّادُ: جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔

العَلِیْثُ۔ جو گیہوں کی روٹی۔

العَلِثُ و المُعْتَلِثُ۔ جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔

عَلَجَہٗ (ن) عَلْجًا۔ معالجہ میں غالب آنا۔

عَلِجَ (س) عَلَجًا۔ مضبوط ہونا۔

عَالَجَہٗ مُعَالَجَۃً و عِلَاجًا مشق کرنا — المَرِیْضَ: بیمار کا علاج کرنا۔

تَعَلَّجَ الرَّمْلُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔

تَعَالَجَ۔ علاج کرنا — القَومُ: آپس میں جنگ کرنا
اِعْتَلَجَ القَومُ: لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔ اِعْتَلَجَتِ الوُحُوشُ: ایک دوسرے کو مارنا — الأرضُ: لمبے لمبے سبزہ والی ہونا — الأمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے اِعْتَلَجَتِ الهُمُومُ فِي صَدْرِهٖ: غم اسکے سینہ میں موج مارنے لگے الرَّمْلُ: ریت کا جمع ہونا۔

اِسْتَعْلَجَ جِلْدُهٗ: کھال کا موٹا ہونا فُلَانٌ: داڑھی نکلنا۔

العِلْجُ۔ گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر۔ اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔ ج عُلُوجٌ و اَعْلَاجٌ و عِلَجَةٌ۔

رَجُلٌ عَلِجٌ و عِلَّوْجٌ و عُلَجٌ و عُلَجَةٌ۔ مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔

العِلَاجُ۔ دوا۔ مشق۔ دفاع۔

العَلَجُ۔ چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔

العَلُوجُ۔ پیغام۔ پیغامبر۔

العُلَّجَانُ۔ کانٹے دار درخت۔

العَلَنْجَدُ۔ لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا نالا

العُلْجُمُ و العُلْجُومُ۔ بہت سیاہ۔

العُلْجُومُ۔ بہت کھجور و الاماخ۔ سمندر کی موج رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر بطخ۔ نر شتر مرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج عَلَاجِمُ۔

عَلِدَ عَلَدًا۔ سخت مضبوط ہونا۔ صفت عَلْدٌ۔

العَلْدُ۔ گردن کا پٹھا۔ ج اَعْلَادٌ۔

العَلَنْدَى و العُلَنْدَى مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: سخت و موٹا ج عَلَانِدُ و عَلَادِي۔

العَلَنْدَدُ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: سخت و موٹا۔

العَلَنْدَسُ۔ بہت سخت۔ العَلَنْدَسَةُ مؤنث

العَلَنْدَمِيُّ۔ پیٹو۔ بندۂ شکم۔

عَلِزَ (س) عَلَزًا و عَلَزَانًا۔ بے چین ہونا۔ صفت عَلِزٌ۔ عَلِزَ اِلَى الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ مشتاق ہونا — مِنْ كَذَا: بہ تکلف مریض بننا۔

اَعْلَزَهٗ۔ عاجز کرنا — الوَجَعُ: بے چین کر دینا

عَلَسَ (ض) عَلْسًا المَاءَ: پینا — الإبِلُ: اونٹ کا کھانے کیلئے کچھ نہ پانا۔

عَلَّسَ۔ الدَّاءُ: مرض کا سخت ہونا — الرَّجُلُ: شور مچانا۔ کہا جاتا ہے مَا عَلَّسُوهُ تَعْلِيسًا انھوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔

العَلْسُ و العَلَاسُ و العَلُوسُ۔ خوراک کھانا۔

العَلَسُ۔ گیہوں کی ایک قسم۔ مسور۔ ایک قسم کی چیونٹی۔ چچڑی۔

المُعَلَّسُ۔ تجربہ کیا ہوا۔

العِلَّوْشُ۔ گیدڑ۔ بھیڑیا۔

عَلِصَتِ التُّخَمَةُ فِي مَعِدَتِهٖ: بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔

عَالَصَهٗ عِلَاصًا۔ ایک دوسرے کو مارنا

اِعْتَلَصَ مِنْهُ شَيْئًا: تھوڑا سا لینا۔

العُلْصَةُ۔ تھوڑا سا۔

العِلَّوْصُ۔ بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ عِلَّوْصٌ بدہضمی والا مرد۔

عَلَضَهٗ (ض) عَلْضًا۔ الوَتِدَ و نَحْوَهٗ: کھونٹی کو اکھیڑنے کیلئے ہلانا۔

عَلَطَ (ن ض) عَلْطًا و عَلَّطَ النَّاقَةَ: اونٹنی پر داغ لگانا — هٗ بِشَرٍّ: بدگوئی کرنا۔ عَلَطَ البَعِيرَ: اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔

تَعَلَّطَ۔ القَوْسَ: تانت چڑھانا۔

اِعْتَلَطَ۔ الرَّجُلُ وبه: جھگڑا کرنا۔

اِعْلَوَّطَ۔ البَعِيرَ: اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا — الاَمْرَ: بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔

العُلُطُ مِنَ النُّوقِ: بے نشان بے مہار اونٹنی ج اَعْلَاطٌ۔ اَعْلَاطُ الكَوَاكِبِ: بے نام کے ستارے۔

العُلْطَةُ۔ گردن کا پٹہ ج عُلَطٌ۔

العِلَاطُ۔ گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی و جھگڑا۔ اونٹ کی گردن کی رسی ج اَعْلِطَةٌ و عُلُطٌ (— والإعْلِيطُ) اونٹ کی گردن کا نشان۔

عَلَفَ (ض) عَلْفًا و عَلَّفَ و اَعْلَفَ۔ الدَّابَّةَ: جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ الرَّجُلُ: بہت پینا

اَعْلَفَ و عَلَّفَ الطَّلْحُ: پھلی نکلنا۔

تَعَلَّفَ۔ چارہ ڈھونڈنا۔

اِعْتَلَفَتِ الدَّابَّةُ: چارہ کھانا۔

اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّةُ: ہنہنا کر چارہ مانگنا۔

العِلْفُ۔ بہت کھانے والا۔

العَلِيفُ۔ چارہ ہی کھانیوالا ج عَلَائِفُ۔

المَعْلُوفَةُ۔ چارہ ہی کھانے والا۔

العَلَفُ۔ چارہ ج عُلُوفَةٌ و اَعْلَافٌ و عِلَافٌ

العَلَّافُ۔ چارہ بیچنے والا ج عَلَّافَةٌ۔

العَلِيفَةُ۔ چارہ ہی کھانیوالا جانور ج عَلَائِفُ

العَلُوفَةُ۔ چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد و جمع) العُلُوفَةُ: چارہ ج عُلُفٌ۔

المَعْلَفُ و المِعْلَفُ۔ تھان۔ چارہ کھانیکی جگہ ج مَعَالِفُ۔

عُلَّفٌ۔ ببول کی پھلی۔

عَلْقَطَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔

عَلَقَ (ن) عَلْقًا و عُلُوقًا البَعِيرُ و نَحْوُهٗ الشَّجَرَ و مِنَ النَّبَاتِ: اوپر اوپر سے چرنا — الظَّبْيُ: الحَبَائِلَ: چرسنا (— عَلْقًا) الرَّجُلَ: گالی دینا — هٗ بِلِسَانِهٖ: بدگوئی کرکے تکلیف پہنچانا۔

عَلِقَتْ (س) عُلُوقًا المَرْأَةُ و كُلُّ اُنْثَى بِالوَلَدِ: حاملہ ہونا — الوَحْشُ بِالحِبَالَةِ: وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا — الدَّابَّةُ: جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا — الشَّوْكُ بِالثَّوْبِ: کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا (— عَلْقًا) الإبِلُ فِي الوَادِي چرنے کے لئے جانا۔

عَلِقَ (س) عُلُوقًا و عِلْقًا و عَلَقًا و عَلَاقَةً فُلَانًا و بِهٖ: محبت کرنا — حُبُّهُ بِقَلْبِهٖ: محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے عَلِقَ مِنْهُ كُلَّ مَعْلَقٍ یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہوگئی عَلِقَ دَمَ فُلَانٍ: قتل کرنا۔ ہر وہ چیز جو لٹکنے پر واقع ہو اس کیلئے عَلِقَ مَعَالِيقَهٗ بولتے ہیں (— عِلْقًا) اَمْرَهٗ: جاننا۔ عَلِقَ يَفْعَلُ كَذَا: کرنے لگا۔

عُلِّقَ الرَّجُلُ: گلے میں جو منکا لگایا جاتا جسکو لگایا جائے اس کو مَعْلُوق کہتے ہیں۔

عَلِقَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ وَعَلَیْہِ وَمِنْہُ: لٹکانا — الامرَ: چمٹ جانا — البابَ: دروازہ بند کرنا — بَابًا عَلٰی دَارِہٖ: دروازہ لگانا۔

عُلِّقَہٗ۔ دل کا مائل ہونا۔

أَعْلَقَ الرَّجُلُ: جونک لگانا — القوسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا — الصَّائِدَ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا — ظُفُرَہٗ بِالشَّیْءِ: ناخن چبھو دینا — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: لٹکا دینا

تَعَلَّقَ الشَّیْءُ: لٹکانا — الشَّوْکُ بِالثَّوْبِ: کانٹے کا کپڑے سے الجھنا — الصَّیْدُ بِالْحِبَالَۃِ: شکار کا جال میں پھنسنا — وَاِعْتَلَقَ فُلَانًا وَبِہٖ: محبت کرنا۔

العَلَقُ مص ۔ اور کہا جاتا ہے فِی ثَوْبِہٖ عَلَقٌ یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے الجھنے سے پھٹن ہے (— وَالعِلْقُ) ہر چیز کا نفیس ۔ تھیلا ۔ ج أَعْلَاقٌ وَعُلُوقٌ ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ عِلْقُ عِلْمٍ یعنی وہ علم کا شائق ہے۔

العَلَقُ مص ۔ خون ۔ ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی لٹکائی ہوئی چیز ۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے ۔ جونک ۔ واحد عَلَقَۃٌ۔

العِلْقَۃُ۔ لٹکانے کی نوعیت ۔ بغیر آستینوں کے قمیص ۔ بہترین کپڑا۔

العُلْقَۃُ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے ۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں ۔ تھوڑی سی چیز ۔ تعلق ج عُلَقٌ کہا جاتا ہے لِی فِی ہٰذَا المَالِ عُلْقَۃٌ یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے لَمْ یَبْقَ عِنْدَہٗ عُلْقَۃٌ اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔

العَلُوقُ ۔ موت ۔ جماعت کثیرہ ۔ اشغال۔

العَلَاقُ ۔ درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے، وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔

العَلَاقَۃُ مص ۔ دوستی ۔ دشمنی ۔ موت ۔ گذر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد ۔ تعلق ۔ محبت ج عَلَائِقُ ۔ کہا جاتا ہے لِی فِی ہٰذَا الاَمْرِ عَلَاقَۃٌ یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔

العِلَاقَۃُ ۔ ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز ۔ ج عَلَائِقُ۔

العَلُوقُ ۔ مصیبت ۔ موت ۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو ۔ بہت چمٹنے والا ۔ دائی پلائی

العَوْلَقُ ۔ بھوت ۔ چھلاوہ ۔ کتیا ۔ بھیڑیا ۔ بھوک ۔ دُم۔

العَلِیقُ ۔ جانوروں کا چارہ جیسے جو وغیرہ۔

العُلَّیْقُ وَالعُلَّیْقَیٰ ۔ ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔

التَّعْلِیقَۃُ ۔ کتاب کا حاشیہ ۔ ج تَعَالِیقُ۔

المُعَلَّقَۃُ ۔ مؤنث معلق ۔ وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو گیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔

المُعَلَّقَاتُ ۔ زمانہ جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔

المِعْلَقُ ۔ پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔

المِعْلَاقُ ۔ زبان ۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے ج مَعَالِیقُ ۔ وَرَجُلٌ مِعْلَاقٌ: جھگڑالو ۔ عوام کے نزدیک مِعْلَاقٌ کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے جگر دل پر ہوتا ہے اور فصیح سَحَارَۃٌ ہے۔

عَلْقَمَ الشَّیْءُ: کڑوا ہونا — الطَّعَامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔

العَلْقَمُ ۔ اندرائن ۔ حنظل ۔ ہر کڑوی چیز

عَلَکَ (ن ض) عَلْکًا ۔ الشَّیْءَ وَنَحْوَہٗ: چبانا — اللِّجَامَ: دانت پیسنا۔

عَلَّکَ الجِلْدَ: کھال کی اچھی طرح سے دباغت کرنا — یَدَہٗ عَلٰی مَالِہٖ: بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا

العِلْکُ ہر گوند جو چبایا جائے ۔ ج عُلُوکٌ وَأَعْلَاکٌ ۔ ایک ٹکڑے کو العِلْکَۃُ کہتے ہیں۔

العِلْکَۃُ ۔ وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔

العَلِکُ ۔ لیس دار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے

العُلَاکُ وَالعَلَاکُ ۔ جو چیز چبائی جائے

العَلَّاکُ ۔ بہت چبانے والا ۔ گوند بیچنے والا

عَلَمَہٗ (ن ض) عَلْمًا ۔ نشان لگانا ۔ عَلَمَ الشَّفَۃَ: ہونٹ چیرنا۔

عَلِمَ (س) عِلْمًا الرَّجُلُ: حقیقت علم کو پا لینا ۔ الشَّیْءَ: پہچاننا ۔ یقین کرنا — الشَّیْءَ وَبِہٖ: جاننا ۔ ادراک کرنا — الاَمْرَ: مضبوط کرنا۔

عَلِمَ (س) عَلَمًا اوپر کا ہونٹ پھٹنا ۔ صفت أَعْلَمُ۔

عَلَّمَہٗ تَعْلِیمًا وَعِلَّامًا الصَّنْعَۃَ وَغَیْرَہَا: سکھانا — عَلَّمَ لَہٗ عَلَامَۃً: پہچاننے کیلئے علامت مقرر کرنا۔

أَعْلَمَہٗ الاَمْرَ وَبِالاَمْرِ: جتا دینا ۔ اطلاع دینا — أَعْلَمَ الفَرَسَ: لڑائی میں نکلے ہوئے اون کا نشان گھوڑے پر لگانا — الثَّوْبَ: کپڑے پر نشان بنانا نقش و نگار کرنا — نَفْسَہٗ: لڑائی کی علامت لگانا — عَلٰی کَذَا مِنَ الکِتَابِ وَغَیْرِہٖ: علامت لگانا۔

عَالَمَہٗ ۔ علم میں غلبہ کرنا۔

تَعَلَّمَ ۔ سیکھنا — الاَمْرَ: مضبوط کرنا ۔ اور تَعَلَّمْ صیغہ امر اِعْلَمْ کے معنے میں ہے۔

اِعْتَلَمَ ۔ المَاءُ: پانی بہنا — الشَّیْءَ: جاننا — البَرْقُ: پہاڑ میں بجلی کا چمکنا۔

تَعَالَمَ القَوْمُ الشَّیْءَ: جاننا۔

اِسْتَعْلَمَہٗ الخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔

العَلَمُ ۔ کپڑے کا نقش ۔ جھنڈا ۔ قوم کا سردار ج أَعْلَامٌ — العَلَمُ: راستہ کا نشان ۔ اونچا پہاڑ ۔ علامت نشان ۔ منارہ ج اعلام و عِلَامٌ۔

العِلْمُ ۔ مص ۔ حقیقت شی کا ادراک ۔ یقین و معرفت ج عُلُومٌ۔

عَلَامَ ۔ علی حرف جر اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے الف حذف کر دیا گیا ہے۔

العَلَامَۃُ ۔ نشان ۔ راستہ کا نشان ۔ ج عَلَامٌ وَعَلَامَاتٌ۔

العَالَمُ ۔ ساری مخلوق ۔ ماسوی اللہ ۔ ج عَوَالِمُ وَعَالَمُونَ وَعَلَالِمُ۔

العَالِم۔ فا۔ ج عُلَّام وعَالِمُون (— والعَلِیم) موصوف بالعلم ج عُلَمَاء۔

العَلَّام والعُلَّام والعَلَّامَة والتِعْلَامَة مبالغہ کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔

العُلَّام والعُلَام۔ شکرہ۔ باز۔

العَلَامِیُّ۔ سبک روح۔ تیز فہم۔

العَلَم۔ مع۔ عالم۔

الاَعْلَم۔ اسم تفضیل۔ وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔ مؤنث عَلْمَاء ج عُلْم العَلْمَاء زرہ۔

الاُعْلُومَة۔ علامت ج اَعَالِیم۔

العُلْمَة والعَلَمَة۔ اوپر کے ہونٹ کی پھٹن

العَیْلَم۔ سمندر۔ بہت پانی کا کنواں۔ مینڈک مؤنث۔ نازک بدن (— والعَیْلَام) ازنجو ج عَیَالِم وعَیَالِیم۔

المَعْلَم۔ راستہ کی نشانی۔ معلم الشی: چیز کے پائے جانے کی جگہ ج معالم۔ کہا جاتا ہے خَفِیَتْ مَعَالِمُ الطَّرِیْق: راستہ کی نشانیاں مخفی ہوگئیں۔

المَعْلُومِیَّة۔ معلوم کی طرف نسبت۔

العِلْمَاد والعِلْمَادَة۔ جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ ج عَلَامِدَة وعَلَامِید۔

عَلَنَ (ن ض) وعَلُنَ (ک) وعَلِنَ (س) عَلْنًا وعَلَانِیَة وعُلُوْنًا واَعْلَنَ واسْتَعْلَنَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ صفت عَالِنٌ وعَلْنٌ وعَلِینٌ۔

عَالَنَ مُعَالَنَة وعِلَانًا العَدَاوَةَ وبالعَدَاوَة کھلم کھلا دشمنی کرنا۔

عَالَنَہ واَعْلَنَہ الامرَ وبالامر وعَلَّنَہ الیہ: ظاہر کرنا۔

اِسْتَعْلَنَ۔ الاَمْرَ وبالاَمْر: ظاہر کرنے کے درپے ہونا۔

العَلَانِیَة مع کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ عَلَانِیَة یعنی اس کا امر ظاہر ہے۔ ج عَلَانُون۔

العَلَانِیُّ وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو۔ ج عَلَانِیُّون۔

العُلَنَة جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے

عَلِہَ (س) عَلَهًا۔ منہمک ہونا۔ متحیر ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ قابل ملامت ہونا گھبراہٹ سے آ جانا۔ بدفطرت ہونا۔ صفت مذکر عَلْہَان ج عِلَاہ صفت مؤنث عَلْہَیٰ ج عَلَاہیٰ

العَلِہ۔ وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو وہ شخص جو متحیر ہوکر آئے جائے۔

العَالِہ۔ شتر مرغ۔ عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے۔ مختلف قسم کے ارادے کرے۔

العَلَہ۔ مع۔ برائی۔ غم۔

عَلَا یَعْلُو عُلُوًّا وعَلِیَ یَعْلَیٰ عَلَاءً واَعْتَلَیٰ الشَّیْءُ او النَّہَارُ: بلند ہونا۔ عَلَا الرَّجُلَ: غالب ہونا — ہُ بالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا — المَکَانَ وبہ چڑھنا — الدَّابَّةَ: جانور پر سوار ہونا۔ عَلَا فِی الاَرْضِ: تکبر کرنا۔ عَلَا بِہ: بلند کرنا — الاَمْرَ وَاَرَّ: طاقت رکھنا۔ صفت عَالٍ بالاَمْرِ: مستقل ہونا و قِرْنَہ: ہمسر پر غالب آنا۔ عَلَتْ بِہِ العَیْنُ عَنْ فُلَانٍ: کسی سے نگاہ کا نا موافق ہونا۔ عَلَا وعَلِیَ فِی المَکَارِم درجہ میں بلند ہونا۔ اِعْتَلَیٰ الشَّیْءُ: قوی ہونا۔ غالب ہونا۔

عَلَّیٰ واَعْلَیٰ الشَّیْءَ: چڑھنا۔

عَلَّیٰ واَعْلَیٰ وعَالَیٰ الشَّیْءَ: بلند کرنا۔ عَلَّیٰ الکِتَابَ عنوان لکھنا۔ عَلَّیٰ واَعْلَیٰ المَتَاعَ عَنِ الدَّابَّة اتارنا۔ عَلَّیٰ اللّٰہُ فُلَانًا: اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا۔ عَالَیٰ الشَّیْءَ وبہ: چڑھنا۔ کہا جاتا ہے عَالِ عَنِّی یعنی مجھ سے دور ہو۔

تَعَلَّیٰ الرَّجُلُ: آہستہ آہستہ چڑھنا۔ تَعَلَّتِ المَرْاَةُ مِنْ مَرَضِہَا: صحت پانا۔

تَعَالَیٰ۔ بلند ہونا۔ تَعَالَتِ المَرْاَةُ مِنْ مَرَضِہَا صحت پانا۔ تَعَالَ: آجا (فعل امر)

اِسْتَعْلَیٰ النَّہَارُ: بلند ہونا — ہ: غالب ہونا (— واعْلَوْلَیٰ) الشَّیْءَ: چڑھنا۔

عَلٰی اسم ہے بمعنی فوق۔ جب معرفہ ہو تو مِنْ عَلُ بمنی علی الضم اور نکرہ کی صورت میں مِنْ عَلٍ کہا جاتا ہے اور اَتَیْتُہ مِنْ عَلَا بھی کہا جاتا ہے۔

العَلَاء والعُلَیٰ۔ بلندی۔ شرافت۔

العَلْیَاءُ والعَلَایَة۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے ہُمْ عِلْیَةُ القَوْمِ: یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں۔

عَلْوُ الشَّیْءِ وعُلْوُہٗ وعِلْوُہٗ وعُلَاوَتُہٗ۔ بلندی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ عَلْوًا" یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔

العِلَاوَة مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز میں سے زیادہ بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے۔ سر یا گردن کا اوپر کا حصہ ج عَلَاوِیٰ وعَلَاوِیٌّ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَیْتُکَ اَلْفَ دِیْنَارٍ ودِیْنَارًا عِلَاوَةً" میں نے تجھ کو ہزار دینار دیئے اور ایک دینار زائد دیا۔

العَلَاةُ نہائی۔ بلند او نٹنی ج عَلَوَات وعَلًا

العَلِیُّ۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام۔ بلند۔ شریف۔ سخت ج عَلِیُّونَ وعِلْیَة۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ عِلْیَةُ القَوْمِ" یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں۔

العِلِیُّ۔ بلندی۔

العَلَوِیُّ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی جانب نسبت ج عَلَوِیَّة۔

العُلِّیَّة والعِلِّیَّة۔ بالاخانہ ج عَلَالِیُّ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مِنْ عِلِّیَّةِ قَوْمِہٖ و عِلِّیِّہِمْ و عِلْیَتِہِمْ و عُلْیَتِہِمْ یعنی وہ اپنی قوم میں صاحب رفعت و شرف ہے۔

العَالِی فا رَجُلٌ عَالِی الکَعْبِ: شریف۔ کہا جاتا ہے اَتَیْتُہٗ مِنْ عَالٍ یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔

العَالِیَة۔ مؤنث عالی۔ نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلیٰ ج عَالِیَات وعَوَالٍ۔ العَوَالِی نیزے۔ العَوَالِی: مدینہ طیبہ کے اردگرد کے گاؤں اور ان کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عَالِیٌّ وعُلْوِیٌّ کہتے ہیں۔ عَالِیَةُ الشَّیْءِ: چیز کا بلند حصہ۔ عَالِیَةُ الوَادِی وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے۔

الاَعْلَیٰ اسم تفضیل: زیادہ بلند۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ اَعْلَیٰ بِہِمْ عَیْنًا" یعنی وہ لوگوں کے احوال و کوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے۔ مؤنث عُلْیَا ج عُلًی۔

المُعْتَلِی۔ شیر۔

العُلْیَا والعَلْیَا - ہر بلند جگہ - کہا جاتا ہے
قُنَّۃٌ عُلْیَا و عَلْیَاء - العَلْیَاء: پہاڑ کی چوٹی - آسمان
العِلِّیُّوْن - اعلیٰ جنت کا نام اور یہ جمع عِلِّی کی
ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں - اور
تونگر اور اہل شرافت کو اہل عِلِّیِّیْن کہتے ہیں -
پست درجے کے لوگوں کو سِفْلِیُّوْن -
العِلْیَان والعَلْیَان - موٹا لمبا - کہا جاتا ہے
رَجُلٌ عِلْیَان و اِمْرَأَۃٌ عِلْیَان - نر و مادہ -
العِلْیَان والعِلِّیَّان - بلند آواز -
العُلْیَان - کتاب کا عنوان -
المَعْلَاۃ - شرف و بلندی ج مَعَالٍ -
المُعَلّٰی - جوئے کا ساتواں تیر -
الحُرُوْفُ المُسْتَعْلِیَۃ خ - ص ض ط ظ غ ق
عَلْوَنَ عَلْوَنَۃً و عَلْوَانًا - الکِتَابَ: خط پر پتہ لکھنا -
عُلْوَانُ الکِتَاب: سرنامہ -
عَلِیَ یَعْلٰی عَلْیًا و عُلِیًّا السَّطْحَ: چڑھنا
العَلِیُّ والعِلِیُّ والعُلْیَا والعَلْیَاء والعِلْیَا والعُلْیَان والعَلَانِیَۃ والعِلْیَۃ والعَلِیُّ والعِلِّیُّ - مادہ ع ل و میں ذکر ہو چکا -
عَلٰی - حروف جر میں سے ہے - مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے -
(۱) استعلاء: جیسے حُمِلَ عَلَی الدَّابَّۃِ (وہ جانور پر لادا گیا)
(۲) مصاحبت جیسے بَذَلَ المَالَ عَلَی الفَقْرِ: (مال کو باوجود فقر کے خرچ کیا)
(۳) مجاوزۃ بمعنی عن جیسے رَضِیَ عَلَیْہِ اَیْ رَضِیَ عَنْہُ: یعنی وہ اس سے راضی ہوا -
(۴) تعلیل جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِیْ (کس وجہ سے تم مجھ کو مار رہے ہو)
(۵) ظرفیت جیسے دَخَلَ المَدِیْنَۃَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَۃٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہوا)
(۶) موافقت باء جیسے اِرْکَبْ عَلَی اسْمِ اللّٰہِ (اللہ کے نام سے سوار ہو)
(۷) استدراک جیسے عَلٰی اَنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَیْرٌ مِّنَ البُعْدِ (لیکن گھر کا قرب دوری سے بہتر ہے)
(۸) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن کے بعد ہو جیسے اَقَامَ مِنْ عَلٰی جَنَاحِ الہَیْکَلِ (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَیَّ کَذَا و کَذَا یعنی مجھ کو اتنا دو - عَلَیْکَ زَیْدًا - یعنی زید کیساتھ لازم رہو عَلَیْکَ بِکَذَا - یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو - اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے -
عَمَّ (ن) عُمُوْمًا الشَّیْءُ: عام ہونا — المَطَرُ الاَرْضَ: بارش کا ساری زمین کو عام ہونا — عَمَّا القَوْمَ بِالعَطِیَّۃِ: سب کو شامل کرنا — عُمُوْمَۃً: چچا ہونا
عُمَّ رَأْسُہٗ عَمًّا و عَمَمًا - پگڑی لپیٹا جانا -
عُمِّمَ الرَّجُلُ: سردار بنایا جانا -
اَعَمَّ - معزز چچوں والا ہونا -
عَمَّمَ - عام کرنا — ہ: عمامہ بندھوانا —
ہ الاَمْرَ: کسی امر کا قلادہ ڈالنا -
اِعْتَمَّ و تَعَمَّمَ و اسْتَعَمَّ - عمامہ باندھنا
کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ الشَّابُّ: طویل ہو گیا - تَعَمَّمَتِ الاَکَامُ بِالنَّبْتِ: ٹیلے نباتات سے بھر گئے - گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے - تَعَمَّمَ - چچا کہہ کے پکارنا
اِسْتَعَمَّہٗ: چچا بنانا -
العَمُّ م - جماعت کثیرہ و چچا ج عُمُوْمَۃٌ و اَعْمَامٌ و اَعُمٌّ - اور نسبت کیلئے عَمِّیٌّ —
والعُمُّ: لمبے لمبے کھجور کے درخت -
العَمَّۃ - پھوپی ج عَمَّات -
العِمَّۃ - عمامہ باندھنے کی ہیئت -
رَجُلٌ عَمِّیٌّ عام -
الکَلْبُ او الذِّئْبُ و ابنُ آوَی : بھونکنا - کہا جاتا ہے
فُلَانٌ مَا یَعْوِیْ وَ مَا یَنْبَحُ جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا
ہے - القَوْمَ اِلَی الفِتْنَۃِ : بلانا - عَوَّاہُ
یَعْوِیْہِ عَیًّا عَنِ الشَّیْءِ : باز رکھنا - و عَوَی
القَوْسَ و عَوَّاہَا : کمان کو جھکانا - الحَبْلَ او الشَّعْرَ :
رسی یا بال کو موڑنا - عَنِ الرَّجُلِ : جواب دینا
اور غیبت کرنے والے کی تکذیب کرنا۔
اِعْتَوَی اِعْتِوَاءً الشَّیْءَ : موڑنا - الکَلْبُ
کتے کا بھونکنا۔
عَاوَی - الکِلَابَ مُعَاوَاۃً - بھونک کر کتے
کو اکسانا۔
تَعَاوَی تَعَاوِیًا القَوْمُ عَلَی فُلَانٍ : کسی پر ہجوم
کرنا۔
اِنْعَوَی اِنْعِوَاءً - مڑنا۔
اِسْتَعْوَی اِسْتِعْوَاءً القَوْمَ : فریاد کرنا -
فتنہ پر ابھارنا - ہٗ : بھونکوانا۔
العَوَّاء - بہت بھونکنے والا کتا۔
العَوَّۃ مص - آواز - شور (- العُوَّۃ) چوتڑ
المُعَاوِیَۃ - کتیا - لومڑی کا بچہ۔
عَابَ یَعِیْبُ عَیْبًا الشَّیْءَ : عیب دار ہونا
صفت فاعل عَائِب اور صفت مفعول مَعِیْب یعوب
فُلَانًا : عیب کی طرف منسوب کرنا - عَابَ
الشَّیْءُ : عیبناک ہونا - صفت عَائِب۔
عَیَّبَ و تَعَیَّبَ الرَّجُلَ : عیب کی نسبت
کرنا - الشَّیْءَ : عیب دار بنانا۔
تَعَایَبَ - القَوْمُ : ایک دوسرے کا عیب
بیان کرنا۔
العَیْب مص - برائی - ج عُیُوْب۔
العَیْبَۃ - ایک مرتبہ عیب جوئی - العَیْبَۃ
چمڑے کی زنبیل - کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا
صندوق - ج عِیَب و عِیَاب و عَیْبَات و العَیْبَۃُ

مِنَ الرَّجُلِ : بھید کی جگہ ۔

اَلعَابُ ۔ عیب ۔ برائی ۔

اَلعَیَّابُ العَیَّابَۃُ والعُیَبَۃُ ۔ بڑا عیب جو

المَعَابُ والمَعَابَۃُ ۔ عیب ۔ برائی ۔ جمع مَعَایِبُ ۔

المَعِیبُ والمَعیُوبُ ۔ عیب دار ۔

المُعَیِّبُ ۔ زنبیل بنانے والا ۔

عَاثَ یَعِیثُ عَیثًا وعُیُوثًا وعَیَثَانًا الشَّیْءَ : فاسد کرنا ۔ فِیْ مَالِہٖ : فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا ۔ صفت مذکر عَیثَان صفت مؤنث عَیثیٰ ۔

عَیَّثَ ۔ اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا ۔ اور کہا جاتا ہے ۔ عیث یفعل کذا یعنی وہ ایسا کرنے لگا ۔

تَعَیَّثَتِ الاِبِلُ : سیرابی سے کم پینا ۔

العَیُوثُ والعَیَّاثُ ۔ بہت زیادہ فساد کرنے والا (۔۔۔ والعَائِثُ) شیر ۔

العَیثَۃُ ۔ ایک مرتبہ فساد انگیزی ۔ نرم زمین

عَابَہٗ یَعِیجُ عَیجًا بالشَّیْءِ : پروا کرنا ۔ کہا جاتا ہے لَا اَعِیجُ بِکَلَامِہٖ یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا ۔ وَمَا عِجْتُ بِالشَّیْءِ : یعنی میں اس پر راضی نہیں ۔ وَشَرِبْتُ الدَّوَاءَ فَمَا عِجْتُ بِہٖ یعنی میں نے دوائی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ نفی ہی میں مستعمل ہوتا ہے)

عَارَ یَعِیرُ عَیرًا ۔ حیرانی کیساتھ آنا جانا ۔ ۔۔۔ الفَرَسُ : گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے ۔ اسم العِیَارُ ۔۔۔ فلانًا : عیب لگانا ۔ عَارَتِ القَصِیدَۃُ : قصیدہ کا مشہور ہونا ۔

عَیَّرَ فلانًا : عار کی طرف نسبت کرنا ۔ فعل کی برائی بیان کرنا ۔ کہا جاتا ہے ۔ عَیَّرَہُ الکَذَا وَعَیَّرَہٗ بِکَذَا ۔ عَیَّرَ الدِّینَارَ : کامل والا ہونا ۔

عَایَرَ وُمُعَایَرَۃً وعِیَارًا المِکیَالَ والمِیزَانَ اندازہ کرنا ۔ جانچنا ۔ عَایَرَ فُلَانًا : ایک دوسرے پر فخر کرنا ۔

اَعَارَ اِعَارَۃً الفَرَسَ : چرنے کے لئے چھوڑنا ۔ موٹا کرنا ۔

تَعَایَرَ القَومُ : ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا ۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا ۔

العَارُ ۔ عیب ۔ ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے جمع اَعیَارٌ ۔

العَیرُ مع ۔ گدھا یا گورخر ۔ اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے جمع اَعیَارٌ وعِیَارٌ وعُیُورٌ وعُیُورَۃٌ وعِیَارَاتٌ مؤنث عَیرَۃٌ ۔ مَا العَیرُ : ہری بھری چیز آنکھ کی پتلی یا پلک ، کھونٹی ۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے ۔ پہاڑ ۔ سردار ۔ بادشاہ ۔ ڈھول ۔ عَیرُ القَدَمِ : قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ ۔ عَیرُ النَّصلِ : تیر کے پھل کا درمیانی حصہ عَیرُ الوَرَقَۃِ : پتے کے درمیان کا خط ۔

العِیرُ ۔ قبیلہ حمیر کا قافلہ ۔ پھر ساری قافلوں پر بولا جانے لگا جمع عِیَرَاتٌ وعِیْرَاتٌ ۔

العَائِرُ ۔ حیران ۔ مزدور ۔ چکر لگانیوالا ۔ سَہْمٌ عَائِرٌ جس تیر کا چلانے والا معلوم نہ ہو ۔ شَاۃٌ عَائِرَۃٌ : بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کر کدھر جائے ۔

العِیَارُ ۔ جمع عُیُرٌ ۔ عِیَارُ الشَّیْءِ : ہر چیز کا اندازہ جمع عِیَارَاتٌ ۔ عِیَارُ الدَّرَاہِمِ اَوِ الدَّنَانِیرِ : دراہم اور دنانیر کا ٹھپہ ۔

العَیَّارُ ۔ بہت پھرنے والا ۔ آوارہ گرد ۔ فَرَسٌ عَیَّارٌ : تیز رفتار گھوڑا ۔

المِعیَارُ ۔ کسوٹی ۔ جمع مَعَایِیرُ ۔

المِعَارُ ۔ مِنَ الخَیلِ : گھوڑا جو بیچ سوار کے راستے سے ایک طرف ہو جائے ۔

المَعَایِرُ ۔ عیوب ۔

المُستَعیِرُ ۔ جو گدھے کے مشابہ ہو ۔ موٹا گھوڑا ۔

اَعْیَسَ اِعْیَاسًا الزَّرْعُ : کھیتی کا مرجھانا خشک ہونا ۔

تَعَیَّسَتِ الاِبِلُ : بھورے رنگ کا ہونا ۔

العَیَسُ والعِیسَۃُ ۔ بھورے رنگ کا اونٹ

العِیسُ ۔ بھورے رنگ کا اونٹ ۔ واحد مذکر اَعیَسُ واحد مؤنث عَیسَاءُ ۔ العِیسُ : عمدہ قسم کے اونٹ ۔ العَیسَاءُ : مادہ ٹڈی ۔

عِیسٰی ۔ عبرانی لفظ ہے نام ایک نبی کا ہے نسبت کے لئے عیسوی اور عیسیّ ۔

عَاشَ یَعِیشُ عَیشًا وعِیشَۃً ومَعَاشًا ومَعِیشًا ومَعِیشَۃً وعَیشُوشَۃً ۔ زندہ رہنا

عَیَّشَہٗ واَعَاشَہٗ واِعَاشَۃً ۔ زندہ رکھنا ۔

عَایَشَہٗ ۔ ساتھ زندگی بسر کرنا ۔

تَعَیَّشَ ۔ اسباب زندگی کیلئے کوشش کرنا ۔

تَعَایَشُوا ۔ بِالاُلفَۃِ والمَوَدَّۃِ : محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا ۔

العَائِشُ فا ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے ۔

العَیشُ ۔ مع زندگی ۔ کھانا ۔ روٹی (۔۔۔ والعِیشَۃُ) زندگی کی حالت ۔

العَیَّاشُ ۔ روٹی بیچنے والا ۔ کھانا بیچنے والا عائش کا مبالغہ ۔

المَعَاشُ والمَعِیشَۃُ ۔ کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے ۔ زندگی کا ذریعہ المَعَاشُ ۔ زندگی کے گذران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ جمع مَعَایِشُ ۔

المُتَعَیِّشُ فا جس کے پاس کچھ گذر بسر کے قابل ہو ۔

العِیصُ ۔ گنجان درخت ۔ اچھے درختوں کے اُگنے کی جگہ ۔ اصل ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ عِیصٍ کَرِیمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے ۔ جمع اَعیَاصٌ وعِیصَانٌ ۔

المَعِیصُ ۔ درخت کے اُگنے کی جگہ ۔

عَاطَت تَعِیطُ عَیطًا ۔ العُنُقُ : گردن لمبی ہونا ۔

عَیِطَ یَعیَطُ عَیَطًا الرَّجُلُ : لمبی گردن کا ہونا ۔ صفت مذکر اَعیَطُ اور صفت مؤنث عَیطَاءُ ، جمع عِیطٌ ۔

عَیَّطَ تَعیِیطًا چیخنا ۔ چلانا ۔

تَعَیَّطَ ۔ غضبناک ہونا ۔۔۔ القَومُ : چیخنا شور مچانا ۔ تَعَیَّطَتِ العُنُقُ : گردن لمبی ہونا ۔ تَعَیَّطَ العُودُ : لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند

بن جانا۔

العِیَاط۔ چیخ۔ شور۔

العَائِط فا۔ چیخنے والا ج عُوُط وعِیط وعُیَّط وعُوَطَط وعِیطَات۔ اور مبالغہ کے لئے کہا جاتا ہے عَائِطٌ عِیطٌ وعُوطٌ وعُوَطَطٌ۔

ہَضْبَۃٌ عَیْطَاءُ اونچا ٹیلہ۔

عَافَ یَعِیفُ ویَعَافُ عَیْفًا وعِیَافًا وعَیَفَانًا۔ الطَّعَامَ وغَیْرَہٗ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔

عَافَ یَعِیفُ عِیَافَۃً۔ الطَّیْرَ: پرندہ اُڑا کر شگون لینا۔

عَافَتْ تَعِیفُ عَیْفًا الطَّیْرُ: منڈلانا اور اسم عَیْفَۃٌ۔

اَعَافَ اِعَافَۃً۔ القَوْمُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔

اِعْتَافَ اِعْتِیَافًا۔ سفر کیلئے توشہ لینا۔ — الطَّعَامَ وغَیْرَہٗ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔

العَائِف۔ فا۔ شگون لینے والا۔

العَیْفَۃ۔ ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَیْفَۃُ الطَّائِرِ: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔

العِیفَۃ۔ کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔

العَیُفَان والعَیُوف۔ شگون لینے والا نسور عَوَائِفُ مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔

العَیْفَان۔ نفرت کرنے کا عادی۔

المَعِیف۔ مکروہ۔

المُتَعَیِّف۔ شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔

عَاقَ یَعِیقُ عَیْقًا بمعنے عَاقَ یَعُوقُ عَوْقًا۔

عَاکَ یَعِیکُ عَیْکًا نا مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

عَالَہٗ یَعِیلُہٗ عَیْلًا ومَعِیلًا۔ الشَّیْءُ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عَالَ فِی مَشْیِہٖ: نازو انداز سے چلنا۔

عَالَ یَعِیلُ عَیْلًا وعَیُولًا وعُیُولًا فِی الْاَرْضِ: جانا اور پھرنا۔

عَالَ یَعِیلُ عَیْلًا وعَیْلَۃً وعُیُولًا ومَعِیلًا۔ محتاج ہونا۔ صفت عَائِل مؤنث عَائِلَۃٌ اسم عَیْلَۃٌ۔ عَالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔

عَیَّلَ۔ کثیر العیال ہونا — عِیَالَہٗ: معاش کی کفالت کرنا — القَوْمَ: عیال بنا لینا۔ بیکار چھوڑ دینا — فَرَسَہٗ: مہمل کر دینا۔ بے کار چھوڑ دینا۔

اَعْیَلَ اِعْیَالًا۔ کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعْیِل۔ صفت مؤنث مُعْیِلَۃ۔

تَعَیَّلَ فِی الْمَشْیِ: نازو انداز سے چلنا۔

العَائِل فا۔ محتاج ج عَالَۃٌ وعُیَّل وعُیْل وعَیْلٰی۔

العَیَلَان۔ نر بجو۔

عَیِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَیَائِل۔

عَیِّلَۃُ الرَّجُلِ وعَائِلَتُہٗ۔ گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے اَعْیَلْتُ اَعَاعَیْلَۃً یعنی فقیر و محتاج ہو گیا۔

العَالَۃ۔ فاقہ۔

العَیَّال۔ ناز سے چلنے والا۔

العِیَالَۃ والمَعَالَۃ۔ لِلْبِرْذَوْنِ وغَیْرِہٖ: چارہ۔

رَجُلٌ مُعَیَّلٌ صاحب عیال۔ اہل و عیال والا۔

عَامَ یَعَامُ ویَعِیمُ عَیْمًا وعَیْمَۃً دودھ کا خواہش مند ہونا۔

اَعَامَ اِعَامَۃً۔ اللَّبَنَ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔ اَعَامَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ — القَوْمُ: دودھ کم ہونا۔

اِعْتَامَ اِعْتِیَامًا۔ عمدہ مال چھانٹ لینا۔

العَیْمَۃ۔ دودھ کی بہت زیادہ خواہش

العِیمَۃ۔ عمدہ مال۔

العَیَام۔ دن۔ کہا جاتا ہے سِرْنَا العَیَامَ کُلَّہٗ یعنی سارے دن چلتا رہا۔

العَیْمَان۔ دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَیْمٰی ج عِیَامٰی۔

عَانَ یَعِینُ عَیْنًا۔ الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عَائِن۔ صفت مفعول مَعِینٌ ومَعْیُونٌ — (عَیْنًا وعَیَانًا وعَیَنَانًا) المَاءُ والدَّمْعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عَانَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ حَفَرْتُ حَتّٰی عِنْتُ۔ یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔ (— عِیَانَۃً) القَوْمَ: خبر لانا — عَلَی القَوْمِ جاسوس بننا۔

عَیِنَ یَعْیَنُ عَیَنًا وعِیْنَۃً۔ آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔

عَیَّنَ تَعْیِینًا۔ الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا — التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدہ پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا — العَیْنَ: عین کو لکھنا — اللُّؤْلُؤَۃَ: بیندھنا — القِرْبَۃَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں — الحَرْبَ بَیْنَنَا: لڑائی جاری کرا دینا — الشَّیْءَ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا — فُلَانًا: برائیوں کو رو در رو کہہ دینا — عَلٰی فُلَانٍ: جاسوسی کرنا — عَلَی السَّارِقِ: متہمین میں سے چور کو متعین کرنا — الشَّیْءَ لِفُلَانٍ: کسی کے لئے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے مَا عَیَّنَ لِی بِشَیْءٍ ومَا عَیَّنَنِی بِشَیْءٍ یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔

اَعَانَ اِعَانَۃً۔ دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے حَفَرْتُ حَتّٰی اَعَنْتُ یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ میں پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔ وَمَا اَعْیَنَہٗ وہ کتنا بد نظر ہے۔

عَایَنَہٗ عِیَانًا ومُعَایَنَۃً۔ خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔

تَعَیَّنَہٗ۔ نظر بد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُلُ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیْءَ: دیکھنا — الجِلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا — الرَّجُلُ: کسی شے کے حاصل کرنے کیلئے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْہِ الشَّیْءُ معین چیز لازم ہونا — السِّقَاءُ: کہنگی کی وجہ سے

چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔

إِعْتَانَ۔ الشَّيْءَ: عمدہ لے لینا۔ ادھار خریدنا ــ القَوْمَ: خبر لانا ــ بِفُلَانٍ مَنْزِلًا: تلاش کرنا۔

العَائِنُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "شَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

العَائِنَةُ۔ مؤنث عائن۔ کہا جاتا ہے۔ "لَقِيتُهُ أَوَّلَ عَائِنَةٍ۔ وَأَدْنَى عَائِنَةٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَةُ بَنِي فُلَانٍ: مال و محافظین مال۔

العَيْنُ مم۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے اور پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمۂ مؤنث ہے جمع أَعْيُنٌ وعُيُونٌ وعُيُونٌ وأَعْيَانٌ وجمع الجمع أَعْيُنَاتٌ۔ اور تصغیر عُيَيْنَةٌ۔

العَيْنُ۔ اہل شہر۔ اہل مکان۔ بدنظری۔ کہا جاتا ہے "بِهِ عَيْنٌ" یعنی وہ بدنظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَيْنٌ" یعنی کوئی نہیں خالص واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَكَرَ الحَقَّ بِعَيْنِهِ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس عزت۔ جھنڈا۔ عَيْنُ الإِبْرَةِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجود وہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُهُ عَيْنًا بِعَيْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود ذات شیٔ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ هُوَ عَيْنًا و بِعَيْنِهِ"۔ سود سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ جمع أَعْيُنٌ وعُيُونٌ۔ ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ۔ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَيْنٌ عَلَى فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے "هُوَ عَبْدُ عَيْنٍ او صَدِيقُ عَيْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے "لَقِيتُهُ عَيْنَ عُنَّةٍ" میں اسکو ایسی حالت میں "اکہ اس نے مجھے نہیں دیکھا "لَقِيتُهُ أَوَّلَ عَيْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا أَطْلُبُ أَثَرًا بَعْدَ عَيْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کیلئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "مَا أَخْبَرَ أَبْعَدُ عَيْنٍ" "وَأَنْتَ عَلَى عَيْنِي" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "هُوَ عُرْضُ عَيْنٍ" یعنی وہ قریب ہے۔ "فَعَلَهُ عَلَى عَيْنٍ وَعَلَى عَيْنَيْنِ وَعَمْدًا عَيْنٍ وَعَمْدَ عَيْنَيْنِ وَعَمْدًا عَلَى عَيْنٍ" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی "وَفَقَأَ عَيْنَهُ" یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "أَنْعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

العِيْنُ۔ نیل گائے۔

العَيَنُ مم۔ اہل شہر۔ جماعت۔

العِيَانُ مم۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ عِيَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اسکو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں

العِيَانُ ہل کا پھل جمع عُيُنٌ وأَعْيِنَةٌ۔

العِينَةُ۔ عمدہ مال۔ عِينَةُ الخَيْلِ: عمدہ گھوڑے۔ العِينَةُ مِنَ النَّعْجَةِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد۔ عِينَةُ الحَرْبِ: مادۂ جنگ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ عِينَةٌ": خوشنما کپڑا۔ بَيْعُ العِينَةِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا۔

العِيَانِيُّ مِنَ الشُّهُودِ: عینی گواہ۔

العَيْنِيَّةُ۔ عین کی طرف منسوب۔

العَيُونُ۔ بہت نظر لگانے والا۔ جمع عِينٌ وعُيُنٌ۔

الأَعْيَنُ۔ وہ شخص جس کی تپلی بڑی اور چوڑی ہو۔ مؤنث عَيْنَاءُ جمع عِينٌ۔ الأَعْيَنُ: جنگلی بیل۔ العَيْنَاءُ: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "أَرْضٌ عَيْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔

المُعَايَنَةُ مم۔ برادری۔

المَعَانُ۔ منزل۔ کہا جاتا ہے "هُمْ مِنْكَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

العَيَّانُ والمِعْيَانُ۔ بہت نظر لگانیوالا۔

المَاءُ المَعِينُ والمَعْيُونُ۔ جاری پانی۔ عَيْنٌ مَعْيُونَةٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

المُعَيَّنُ فَا فِي الهَنْدَسَةِ: شکل مسطح متساوی الاضلاع۔

المُعَيَّنُ مفع۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ "نِيَّةٌ مُعَيَّنَةٌ وَمُعَيِّنَةٌ" یعنی نیت ظاہرہ۔

المُعْتَانُ۔ گھاس پانی تلاش کرنیوالا۔

عَاهَ يَعِيهُ عَيْهًا آفت پہنچنا۔

العَاهِهَةُ۔ شور و چیخ۔

العَاهَةُ۔ آفت۔

أَرْضٌ مَعْيُوهَةٌ۔ آفت رسیدہ زمین

عَيَّ يَعِيُّ وعَيِيَ يَعْيَى عَيًّا و عَيَاءً بِأَمْرِهِ وعَنْ أَمْرِهِ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا ــ الأَمْرَ: جاہل ہونا۔

عَيِيَ يَعْيَى عِيًّا۔ فِي المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَيٌّ وعَيِيٌّ۔

عَيَّا تَعْيِيَةً وعَايَا مُعَايَاةً۔ الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَايَا صَاحِبَهُ: پیچیدہ گفتگو کرنا۔

أَعْيَا إِعْيَاءً الْمَاشِي: چلنے والے کا تھکنا۔ أَعْيَاهُ: تھکانا۔ أَعْيَا الدَّاءُ الطَّبِيبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا ــ الأَمْرُ عَلَيْهِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَايَا الأَمْرُ عَلَيْهِ وتَعَيَّا عَلَيْهِ وتَعَايَاهُ۔ عاجز کرنا۔

تَعَايَا وتَعَيَّا واسْتَعْيَا بِالأَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔

العَيَاءُ مم۔ عاجزی۔ دَاءٌ عَيَاءٌ: ناقابل علاج مرض۔

العَيُّ۔ تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ جمع أَعْيَاءٌ۔

العَيِيُّ تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز جمع أَعْيِيَاءُ وأَعْيِيَةٌ

العَيَّانُ۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔

الأُعْيِيَّةُ۔ پیچیدہ کلام۔

المُعْيِي۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔

غ

غَبَّ (ن) غِبًّا وغَبًّا چند دن کے بعد ملاقات کرنا عَنْهُ: ایک دن ناغہ دے کر آنا غَبَّتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا غَبَّ عِنْدَهُ: رات بسر کرنا — الرَّأْيَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًّا وغِبًّا وغُبُوبًا وغُبُوبَةً۔ الطَّعَامُ کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا غَبَّتِ الأُمُورُ کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا وغِبًّا وغُبُوبًا الماشِيَةُ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دیکر پانی پینا۔ صفت غَابَّةٌ ج غَوَابُّ وغَابَّات۔

أَغَبَّ۔ الماشِيَةَ: جانوروں کا ایک دن ناغہ دیکر پانی پلانا — القَوْمَ: ایک دن ناغہ دیکر ملاقات کو آنا۔ أَغَبَّتْهُ الحُمّٰى وأَغَبَّتْ عَلَيْهِ: تیسرے دن بخار آنا۔ أَغَبَّ الطَّعَامُ: کھانے کا بدبودار ہونا — عِنْدَهُ: رات بسر کرنا۔

غَبَّبَ۔ الشَّيْءُ: فاسد ہونا — فِي الأَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا — عَنْهُمْ: دفع کرنا — الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

الغَابُّ۔ فا۔ باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌّ: ثابت ستارہ۔

الغِبُّ مع نتیجہ انجام۔ بمعنے بعد حُمَّى الغِبِّ: تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمَّى غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔ مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج أَغْبَاب۔

الغُبُّ۔ لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پست زمین۔ ج أَغْبَاب وغُبُوب وغُبَّان۔

الغُبَّةُ۔ زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سامان

الغَبَبُ۔ مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت ج أَغْبَاب۔

الغَبِيبُ۔ باسی گوشت۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمینی۔

الغُبَيْبَةُ۔ صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔

التَّغْبِيبَةُ۔ جھوٹی شہادت۔

المُغِبُّ۔ شیر۔

المَغَبَّةُ۔ انجام۔

المُتَغَبِّبُ۔ انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا۔ الجُبْنَ بِالسَّمْنِ: پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

إِغْبَثَّ۔ مٹیالا رنگ کا ہونا۔ صفت أَغْبَثُ

الغُبْثَةُ۔ مٹیالا رنگ۔

غَبَجَ (ض) غَبْجًا۔ الماءَ: لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

الغُبْجَةُ۔ گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُورًا۔ گذرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا۔ الجُرْحُ: زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا۔ اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت غَبِرٌ غبار لگنا۔

غَبَّرَ۔ غبار اڑانا — الشَّيْءَ: غبار میں لتھیڑنا — الرَّجُلُ: لا إله إلا الله کہنا۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے۔ غَبَّرَ فِي وَجْهِ فُلَانٍ اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔

أَغْبَرَ۔ غبار اڑانا۔ گرد آلود ہونا فِي الأَمْرِ کوشش ہونا اور کوشش کرنا۔ أَغْبَرَتِ السَّمَاءُ: زور سے برسنا

إِغْبَرَّ۔ گرد آلود ہونا — اليَوْمُ: بہت غبار والا ہونا۔

الغُبْرُ۔ چیز کا بقیہ ج أَغْبَار۔

الغُبَّرُ۔ چیز کا بقیہ ج غُبَّرَات۔ کہا جاتا ہے غُبَّرُ المَرَضِ یعنی مرض کا بقایا۔

الغُبْرَةُ۔ خاکستری رنگ۔

والغُبْرَةُ۔ والغُبَار۔ مٹی۔ خاک۔

الغَبَرُ۔ بقاء۔ دَاهِيَةُ الغَبَرِ: منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت۔ مبتی۔

الغَبَرَةُ۔ گرد۔ غبار۔

الغَبِرُ۔ گرد غبار۔ ناسور۔ جُرْحٌ غَبِرٌ: خراب شدہ زخم۔

الأَغْبَرُ۔ خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے والا کہا جاتا ہے لا يَغُرَّنَّكَ عِزُّ الدُّنْيَا فَإِنَّهُ أَغْبَرُ دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لئے کہ وہ جانیوالی ہے ج غُبْرٌ۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے کہا جاتا ہے الجُوعُ الأَغْبَرُ والمَوْتُ الأَحْمَرُ۔

الغَبْرَاءُ۔ مؤنث أَغْبَر۔ مادہ چکور۔ زمین۔ کہا جاتا ہے مَا أَظَلَّتِ الخَضْرَاءُ ولا أَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَانٍ۔ مثل فلاں پر نہ تو آسمان نے سایہ ڈالا اور نہ زمین نے اٹھایا۔ بَنُو غَبْرَاءَ وبَنُو الغَبْرَاءِ: فقراء سَنَةٌ غَبْرَاءُ: خشک سال۔

الغُبَيْرَاءُ۔ چینا کی شراب۔ ایک قسم کا پودہ

الغُبَيْرَان۔ ایک غلاف میں دو کھجور۔

الغَابِرُ۔ فا۔ گذرا ہوا۔ باقی۔ کہا جاتا ہے هُوَ مِنْ غَابِرِ بَنِي فُلَانٍ وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔ ج غُبَّرٌ وغَابِرُونَ۔ غُبَّرُ الشَّيْءِ: چیز کا بقیہ۔ غُبَّرُ اللَّيْلِ: رات کا آخری حصہ۔ غُبَّرُ النَّاسِ: رتبہ کے لحاظ سے آخری۔

الغُوبَرُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔

المُغْبَارُ۔ مِنَ النَّخْلِ وغَيْرِهَا: گرد آلود: درخت خرما وغیرہ۔

المُغَبِّرَةُ۔ وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں

غَبَسَ (ن) غَبْسًا وأَغْبَسَ وأَغْبَسَ واغْبَاسَّ۔ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (أَغْبَسُ) ج غُبْس۔ اغْبَسَّ الشَّيْءُ: خاکستری رنگ کا ہونا۔

الغُبْسَةُ والغَبَس۔ خاکستری رنگ رات کی ابتدائی تاریکی۔

غَبَشَ (ن) غَبْشًا وأَغْبَشَ۔ اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط ہونا۔

تَغَبَّشَہٗ - دھوکا دینا، ظلم کرنا، جھوٹا دعویٰ کرنا
الغَابِش - دھوکا باز - فریبی، ظالم -
الغَبَش - رات کا بقیہ - آخری رات کی تاریکی جمع اَغْبَاش -
الغُبْشَۃ - رات کا بقیہ - لَیلٌ اَغْبَشُ وَ غَبِشٌ (تاریک رات - وَلَیْلَۃٌ غَبْشَاءُ جمع غُبْش
غَبِصَتْ (س) غَبَصًا - العَیْنُ : ہمیشہ رونے کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا -
الغَبَص - آنکھ کی کیچڑ - کہا جاتا ہے فِی عَیْنِہٖ غَبَصٌ " اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے -
غَبَطَ (ض) غَبْطًا - الکَبْشَ : مینڈھے کا موٹا پا معلوم کرنے کیلئے ہاتھ سے ٹٹولنا -
غَبَطَہٗ (ض) وَغَبِطَ (ن) غَبْطًا وَغِبْطَۃً کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لئے بھی تمنا کرنا - صفت (غَابِط) جمع غُبَّط -
غَبَّطَہٗ - رشک دلانا -
اَغْبَطَ - السَّمَاءُ : لگاتار بارش ہونا - کہا جاتا ہے اَغْبَطَ عَلَیْنَا المَطَرُ " النَّبَاتُ : زمین کو ڈھانپ لینا - اُغْبِطَتِ الحُمّٰی عَلَیْہِ : بخار کا لگاتار رہنا
اِغْتَبَطَ وَ اُغْتُبِطَ - خوشی اور اچھی حالت میں رہنا -
الغَبْط وَالغَبِط - کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے جمع غُبُوط -
الغِبْطَۃ - حسن حال، خوشی، رشک، پادری کا لقب -
الغَبِیط - کجاوہ - پست زمین جسکے دونوں طرف بلندی ہو - پانی کی لہر جو زمین کی بلندی کو کاٹ دے - جمع غُبُط -
الغَبُوط - مِنَ النُّوقِ : اونٹنی جس کی چربی بغیر ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو -
سَمَاءٌ (غَبْطِیٌ) لگاتار برسنے والا بادل -
اَرْضٌ (مُغْبِطَۃٌ) نباتات سے گھری ہوئی زمین
الغَبْغَب - گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت -
غَبَقَہٗ (ن ض) غَبْقًا وَغَبَقَہٗ شام کو پینے کی چیز پلانا غَبَقَ الغَنَمَ : بکری کو شام کو پلانا یا دوہنا -
اِغْتَبَقَ - شام کو پینے کی چیز پینا ——— الخَمْرَ : شام کے وقت شراب پینا (——— وَتَغَبَّقَ النَّاقَۃَ : شام کے وقت دوہنا - (الغَبُوق) شام کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے - وہ جو شام کو دوہا جائے (الغَبُوق وَالغَبُوقَۃ) اونٹنی جو شام کو دوہی جائے - جمع غَبَائِق - تم کہتے ہو لَقِیْتُہٗ ذَا صَبُوحٍ وَذَا غَبُوقٍ یعنی میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی -
الغَبَقَۃ - وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے ہیں -
الغَبْقَان - شام کے وقت پینے والا - کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَبْقَانُ اِمْرَأَۃٌ غَبْقَی جمع غِبَاق -
غَبَنَ (ن) غَبْنًا - الثَّوْبَ : کپڑے کو تنگ یا چھوٹا کرنے کیلئے موڑ کر سینا ——— الرَّجُلَ : کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ دیکھے نہ اسے علم ہو ——— الطَّعَامَ : کھانے کو حاجت کے وقت کے لئے چھپانا -
غَبَنَہٗ (ن) غَبْنًا وَغَبَنًا - فِی البَیْعِ او الشِّرَاءِ : دھوکا دینا ——— فُلَانًا : قیمت وغیرہ میں نقصان پہنچانا - صفت (غَابِنٌ) صفت مفعولی (مَغْبُون)
غَبِنَ (س) غَبْنًا وَغَبَنًا - الشَّیْءَ وَفِیْہِ : بھولنا - غلطی کرنا (غَبْنًا وَغَبَانَۃً) رَأْیَہٗ : کم سمجھ ہونا - کند ذہن ہونا -
تَغَابَنَ - بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا -
اِغْتَبَنَ - الشَّیْءَ : بغل میں چھپانا -
الغَبْن وَالغَبَن - خرید و فروخت میں دھوکا ——— وَالغَبَانَۃ - کند ذہنی، بھول چوک
الغُبْن : کپڑے کی کترن -
الغَابِن - فا - کام سے سستی کرنیوالا - کام چور
الغَبِین وَالمَغْبُون - کم سمجھ -
الغَبِینَۃ - دھوکا -
المُغَابَنَۃ - خرید و فروخت میں نقصان -
المَغْبِن - بغل - جسم کی لوٹ جمع مَغَابِن -
غَبِیَ یَغْبَی غَبًا وَغَبَاوَۃً - الشَّیْءَ وَعَنْہُ : نا سمجھ ہونا - کند ذہن ہونا ——— الشَّیْءُ عَلَیْہِ : مخفی رہنا ——— عَنِ الخَبَرِ : جاہل ہونا - غافل ہونا -
مِنْہُ الشَّیْءُ : مخفی ہونا -
تَغَابَی عَنْہُ تَغَابِیًا وَتَغَابَاۃً - غفلت برتنا -
تَغَبَّاہُ وَاسْتَغْبَاہُ - غبی جاننا - غبی سمجھنا -
الغَبْیَاء - زمین کی پوشیدگی ——— مِنَ التُّرَابِ بلند غبار -
الغَبْوَۃ وَالغُبْوَۃ - غفلت -
الغَبَاوَۃ وَالغَبِیّ - جہالت، ناسمجھی، غفلت
الغَبِیّ - کم سمجھ، جاہل جمع اَغْبِیَاء وَ اَغْبَاء -
غَبَّی تَغْبِیَۃً - الشَّیْءَ : چھپانا ——— الشَّعْرَ بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا -
اَغْبَی - السَّحَابُ : کم برسانا، بوچھار برسانا -
الغَبْیَاء - مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار -
الغَبْیَۃ - کم کم بارش یا بوچھار - مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار کہا جاتا ہے جَاءَ عَلَی غَبْیَۃٍ مِنَ الشَّمْسِ یعنی آفتاب کے غائب ہونیکے وقت آیا -
الاَغْبَی مِنَ الاَغْصَانِ : گنجان ٹہنی - مونث غَبْیَاء، جمع غُبْیٌ شَجَرَۃٌ غَبْیَاءُ : گنجان درخت -
المَغْبَاۃ - درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا جمع مَغَابٍ -
غَتَّ (ن) غَتًّا - الطَّعَامَ اوالکَلَامَ : خراب ہونا ——— الشَّیْءَ فِی المَاءِ : پانی میں ڈبونا ——— فُلَانًا : غمگین کرنا - گلا گھونٹنا ——— فُلَانًا بِالاَمْرِ : تھکانا اور غمگین کرنا ——— ہ بِالکَلَامِ : سرزنش کرنا - غت الضحک : ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا ——— المَاءَ : برتن کو منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا -
غَتَّتَ وَاَغَتَّ - الطَّعَامَ : کھانے کو خراب کرنا - بگاڑنا -
غَتِلَ (س) غَتَلًا - المَکَانُ : بہت درخت والا ہونا - صفت (غَتِل)

أَغْشَمَ - الزِّيَارَةَ: زیادہ ملاقات کرکے طول کرنا۔

الغَشَمُ - سخت گرمی جس سے دَم گھٹنے۔

الغُشْمَةُ - گفتگو میں رکاوٹ۔

الأَغْشَمُ والغَشِمِي - جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے - کہا جاتا ہے رَجُلٌ أَغْشَمُ وقَوْمٌ غُشْمٌ وأَغْشَامٌ وامْرَأَةٌ غَشْمَاءُ۔

غَشَثَ (ض - س) غَثَاثَةً وغُثُوثَةً الشَّاةُ: بکری کا دبلا ہونا - کمزور ہونا - صفت (غَثَّةٌ) --- اللَّحْمُ: لاغر ہونا --- حَدِيثُ القَوْمِ ردی ہونا - فاسد ہونا۔

غَثَّ (ض) غَثًّا وغَثِيثًا - عَلَيْهِ المَكَانُ: ناموافق ہونا --- الجُرْحُ: زخم سے پیپ وغیرہ بہنا - کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا يَغِثُّ عَلَيْهِ شَيْءٌ۔ یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہو تاکہ اس کو چھوڑ دے۔

أَغَثَّ - دبلا ہونا - فاسد ہونا --- فِي الكَلَامِ بیکار گفتگو کرنا --- اللَّحْمُ: دبلا گوشت خریدنا۔

إِغْثَثَّتِ - الخَيْلُ: موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا

تَغَثَّثَ - الشَّيْءُ: کم سمجھنا۔

إِسْتَغَثَّ - الجُرْحُ: علاج کرکے پیپ وغیرہ نکالنا۔

الغَثُّ - دبلا مِنَ الكَلَامِ: ردی کلام۔

الغَثِيثُ - دبلا۔

غَثِيثُ الجُرْحِ وغَثِيثَتُهُ - پیپ خون وغیرہ۔

الغَثِيثَةُ - بے فائدہ چیز - عقل کا فتور۔

غَثَرَ (ن) غَثْرًا - المَكَانُ بِالنَّبَاتِ: سبزی سے لہلہانا۔

أَغْثَرَ - الشَّجَرُ: درخت سے گوند بہنا۔

إِغْثَارَّ - الثَّوْبُ: زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (أَغْثَرُ)

الغَثَرُ - کپڑے کا رواں والا ہونا۔

الغُثْرُ والغَثَرَةُ والغَثْرَاءُ والغَيْثَرَةُ کمینے لوگ۔

الغَثْرَةُ - ارزانی و تر و تازگی۔

الغُثْرَةُ - سبزی مائل بھورا یا سُرخ رنگ۔

الأَغْثَرُ - سبزی مائل بھورا یا سُرخ رنگ والا مؤنث (غَثْرَاءُ) ج غُثْرٌ - زیادہ اون کا کمبل - بھیڑیا - کیچڑ - جاہل۔

المِغْثَرُ والمِغْثَارُ والمُغْثُورُ - بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِيرُ۔

أَرْضٌ (مُغْثَرَةٌ) سبزہ سے لہلہانیوالی زمین

غَثَمَ (ن) غَثْمًا لَهُ: یکبارگی عمدہ مال دینا

الغَثْمَةُ - اوجھ کا وہ حصہ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔

الغُثْمَةُ - سیاہی مائل سفید رنگ

الأَغْثَمُ - سیاہی مائل سفید رنگ والا۔

المَغْثُومُ - مخلوط۔

الغَثِيمَةُ - ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔

غَثَا يَغْثُو غَثْوًا وغُثُوًّا وأَغْثَى - الوَادِي: زیادہ کوڑے کرکٹ والا ہونا السَّيْلُ المَرْتَعَ: سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔

الغُثَاءُ والغُثَّاءُ - جھاگ - کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔

غَثِيَ يَغْثَى غَثْيًا - الوَادِي: زیادہ کوڑے کرکٹ والا ہونا --- الكَلَامَ: مخلوط کرنا۔

غَثَتْ تَغْثِي غَثْيًا وغَثَيَانًا وتَغَثَّتِ النَّفْسُ: متلی آنا غَثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَابِ: آسمان پر بادل چھا جانا۔

غَثَى يَغْثِي غَثْيًا - الكَلَامَ: مخلوط کرنا۔

غَدَّ (س) غَدًّا وغُدَّ - البَعِيرُ: اونٹ کا غدود والا ہونا۔

غَدَّ وغُدَّ وغَدِدَ وأُغِدَّ - غدود والا ہونا - صفت (مُغَدٌّ)

غَدَّدَ - نَصِيبَهُ: حصہ لینا۔

أَغَدَّ - غدود والا ہونا - عَلَيْهِ: غصہ سے پھولنا۔

الغُدَدُ - اونٹوں کا طاعون ج غِدَادٌ۔

الغُدَّةُ - مال کا ایک حصہ سامان ج غُدَدٌ (--- والغُدَّةُ) اونٹوں کا طاعون گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے - ج غُدَدٌ وغَدَائِدُ۔

المِغْدَادُ - بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)

غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا وغَدَرَانًا خیانت کرنا - عہد توڑنا۔

غَدِرَ (س) غَدَرًا المَكَانُ: بہت پتھر والا ہونا --- عَنْ أَصْحَابِهِ: اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا --- الرَّجُلُ: تالاب کا پانی پینا۔ --- اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

أَغْدَرَهُ - پیچھے چھوڑنا - آگے بڑھ جانا - باقی رکھنا - کیچڑ میں پھینکنا - أَغْدَرَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔

غَادَرَهُ غِدَارًا ومُغَادَرَةً - چھوڑ دینا باقی رکھنا۔

تَغَدَّرَ - پیچھے رہ جانا۔

إِغْتَدَرَ - الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔

إِسْتَغْدَرَ - المَكَانُ: تالابوں والا ہونا۔

الغَدَرُ (مص) - پتھر والی جگہ - درخت والے پتھر - کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔

الغَدَرُ والغَدَرَةُ والغَدَارَةُ - جو چھوڑا جائے۔

الغَدِيرُ - نہر - تالاب - پانی جسکو سیلاب چھوڑ جائے - سبزی کا ٹکڑا - ج غُدُرٌ وغُدْرٌ وغُدْرَانٌ وأَغْدِرَةٌ۔

الغَدِيرَةُ - چوٹی ج غَدَائِرُ - الغُدَيْرَةُ سبزی کا ٹکڑا - ج غُدْرَانٌ۔

الغَادِرُ - فا - خیانت کرنیوالا ج غَادِرُونَ و غَدَرَةٌ وغُدَّارٌ مؤنث غَادِرَةٌ ج غَادِرَاتٌ وغَوَادِرُ

الغَدْرَاءُ - تاریکی - لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ وغَدِرَةٌ ومُغْدِرَةٌ) تاریک رات۔

الغُدَرُ والغُدَرَةُ والغَدِيرُ والغَدَّارُ والغَدُورُ - بہت غدر کرنے والا - کہا جاتا ہے رَجُلٌ غَدُورٌ وامْرَأَةٌ غَدُورٌ - ج غُدُرٌ - اور مذکر

کی گالی میں یا غُدَرُ بمعنے یا غَادِرُ اور جمع میں یا آلَ غُدَرَ مستعمل ہے۔
یَا غَدَارِ۔ مبنی علی الکسرۃ عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَّفَ۔
لَہٗ فِی العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ۔ اللَّیْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا ـــ الشَّبَکَۃَ عَلَی الصَّیْدِ: شکار پر جال ڈالنا ـــ البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا ـــ المَرْأَۃُ قِنَاعَھَا عَلٰی وَجْھِھَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ۔ مِنْہُ: زیادہ لے لینا ـــ الثَّوْبَ: کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ۔ اللَّیْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔
الغَادِفُ۔ ملاح۔
الغُدَافُ۔ لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَانٌ۔
الغَدَفُ۔ نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ فِی غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَفُ والغَادُوفُ۔ چپو۔
الغِدَفْلُ۔ کامل لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِلُ۔
غَدِقَ (س) غَدَقًا واَغْدَقَ و اِغْدَوْدَقَ۔ المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا ـــ عَیْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا صفت (غَدِقَۃٌ) اَغْدَقَ العَیْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا المَکَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِقٌ)
تَغَدَّنَ۔ الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ۔ النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا ـــ الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا ـــ الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (مُغْدَوْدِنٌ)
الغَدَنُ۔ نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن۔ سستی ـــ والغُدُنَّۃُ۔ نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَانُ۔ شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِیُّ۔ نازک بدن جوان۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا۔ صبح کے وقت جانا۔ جا بمعنی صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا یَغْدُو غُدُوًّا وغُدْوَۃً و اِغْتَدٰی۔ عَلَیْہِ: سویرے آنا۔
غَدِیَ یَغْدٰی غَدًا وتَغَدّٰی۔ صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "ھَلْ لَکَ اَنْ تَتَغَدّٰی بِہٖ قَبْلَ اَنْ یَتَعَشّٰی بِنَا" یعنی کیا تیرے لئے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اس کو ہلاک کرے۔
غَدّٰی۔ الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا
غَادٰی مُغَادَاۃً۔ الرَّجُلَ: صبح کے وقت آنا
الغَدُ۔ آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو نسبت کے لئے (غَدِیٌّ و غَدَوِیٌّ)
الغُدْوَۃُ۔ صبح فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان، دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًی وغُدُوٌّ۔
الغَدَاۃُ۔ صبح فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ، ج غَدَوَاتٌ، کہا جاتا ہے "ھُوَ ابْنُ غَدَاتَیْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِیَّۃُ بمعنی غُدْوَۃٌ وغَدَاۃٌ ج غَدَایَا وغَدِیَّاتٌ۔
الغُدَیَّۃُ۔ غداۃ کی تصغیر۔
الغَدَاءُ۔ صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عَشَاء ہے ج اَغْدِیَۃٌ
الغَادِی۔ فا۔ شیر۔
الغَادِیَۃُ مؤنث غَادِی۔ بادل جو صبح کو وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ و غَادِیَاتٌ۔
الغَدْیَانُ۔ صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْیَا۔
المَغْدٰی والمَغْدَاۃُ۔ صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا۔ الشَّیْءُ: کم کرنا۔ گھٹانا ـــ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا۔ السَّیْرَ وفِی السَّیْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ـــ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذُّ۔ فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ جس۔
الغَذِیْذَۃُ۔ زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا۔ لَہٗ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
وغَذِمَ (س) غَذْمًا وتَغَذَّمَ و اِغْتَذَمَ الشَّیْءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ الفَصِیْلُ مَا فِی ضَرْعِ اُمِّہٖ: اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَۃُ۔ مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَمٌ ـــ والغَذِمَۃُ۔ بہت دودھ۔ ج غُذُمٌ۔
بِئْرٌ غَذِیْمَۃٌ۔ وسیع کنواں۔
الغُذَمُ والمُتَغَذِّمُ۔ بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَۃً غضبناک ہونا۔ ـــ الشَّیْءَ: جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ اٹکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ۔ فِی المَجْلِسِ: غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَۃُ۔ مع تہور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غَذَامِرُ۔
غَذَا یَغْذُو وغَذْوًا۔ الرَّجُلَ بِالطَّعَامِ: خوراک دینا ـــ الطَّعَامُ الصَّبِیَّ: بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا ـــ العِرْقُ: خون بہانا ـــ الرَّجُلُ: جلدی کرنا ـــ الفَرَسُ: تیز گذرنا۔
غَذّٰی تَغْذِیَۃً۔ الرَّجُلَ: غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّی العِرْقُ: خون بہانا۔
تَغَذّٰی تَغَذِّیًا و اِغْتَذٰی اِغْتِذَاءً خوراک کھانا۔
اِسْتَغْذٰی اِسْتِغْذَاءً ـ الرَّجُلُ: سخت پچھاڑنا۔

الغِذَاء - خوراک ج اَغْذِیَة -
الغَاذِي - فا - غَاذِي المَالِ: مال کا منتظم - ج غُذَاة و غَاذُون مونث غَاذِیَة ج غَوَاذٍ -
الاَغْذَی - اسم تفضیل -
الغَذِيّ - رحم کا بچہ (بکری کیلئے خاص ہے) ج غِذَاء - جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے
الغَذَوِيّ - رحم کا بچہ -
الغَذَوَان - بدزبان - تیز رفتار گھوڑا -
غَرَّهٗ (ن) غَرًّا و غُرُورًا و غِرَّةً و غُرُورًا - دھوکا دینا - بیہودہ امید دلانا - کہا جاتا ہے "مَا غَرَّكَ بِفُلَانٍ" یعنی تونے اس پر دلیری کیونکر کی ؟ غَرَّ المَاءَ: پانی گرانا -
غَرَّ غِرَارًا - الطَّائِرُ فَرْخَهٗ: پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا — الرَّجُلُ: غرغر پرندہ کھانا — الرَّاعِي: اونٹ کو چرانا — المَاءُ: پانی کا پایاب ہونا -
غَرَّ (ن) غَرًّا و غِرَارًا و غَرَارَةً (س) غَرَارَةً - شریف ہونا - ناتجربہ کار ہونا -
غَرَّ (ض) غَرًّا و غَرَارَةً - تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا -
غَرَّ (س) غَرَرًا و غُرَّةً و غَرَارَةً الوَجْهُ: خوبصورت سفید رنگ والا ہونا الشَّيْءُ: سفید ہونا -
غَرَّرَ تَغْرِيرًا و تَغِرَّةً - بِالشَّيْءِ: ہلاکت کیلئے پیش کرنا — الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کیلئے پر پھیلانا — القِرْبَةُ: مشک بھرنا غَرَّرَتْ ثَنِيَّةُ الغُلَامِ: بچہ کے اگلے دانت نکلنا
غَارَّتْ غِرَارًا و مُغَارَّةً - السُّوقُ: بازار کا ماند پڑجانا - غَارَّ التَّحِيَّةَ: کم کرنا - غَارَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا -
تَغَرَّرَ - الفَرَسُ: گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا
اِغْتَرَّ و اِسْتَغَرَّ - بِكَذَا: دھوکا کھانا -
اِغْتَرَّهٗ و اِسْتَغَرَّهٗ - بے خبری میں آنا - و اغْتَرَّهٗ: بے خبری کا طالب ہونا -
الغَرُّ مع - زمین میں شگاف - کپڑے یا کھال کی شکن کہا جاتا ہے طَوِيتُ الثَّوبَ عَلٰی غَرِّهٖ یعنی میں نے کپڑے کو اس کی پہلی تہ پر لپیٹا - چھوٹی ندی ج غُرُور -
الغِرَارُ و الغِرَارُ - تلوار کی دھار - الغِرَارُ نیند وغیرہ کی کمی، کساد بازاری - اونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّة کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَلٰی غِرَارٍ" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا - الغِرَارُ: تیر بنانیکا نمونہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلٰی غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں - کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً بَنِينَ عَلٰی غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں - "لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ" قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی -
الغَرَارَةُ - غفلت - نوعمری - کہا جاتا ہے کَانَ ذٰلِكَ عَلٰی غَرَارَتِي یعنی یہ میری نوعمری کے زمانہ میں تھا -
الغُرَّةُ - گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ — مِنَ القَوْمِ: شریف — مِنَ الرَّجُلِ: چہرہ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے - تَبَدَّتْ غُرَّتُهٗ غلام - باندی - ج غُرَر - الغُرَرُ: مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی دوسری تیسری رات - عرب - مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر دوسری تین راتوں کو نُفَل اور اس کے بعد تُسَع پھر عُشَر پھر بِيض پھر دُرَع پھر ظُلَم پھر حَنَادِس پھر دَآدِي پھر مُحَاق کہتے ہیں -
الغِرُّ - ناتجربہ کار جوان مونث غِرٌّ و غِرَّةٌ ج اَغْرَار -
الغَرَّى - اپنے قبیلہ میں سردار عورت -
الغِرَّةُ مع - غفلت - ناتجربہ کاروں کی جماعت ج غِرَر -
الغُرَّةُ - مہینے کا پہلا دن - ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ -
الغَرَرُ - ہلاکت کے درپے - کہا جاتا ہے "اَنَا غَرَرٌ مِنْكَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں -
الغُرُورُ - دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے - کہا جاتا ہے "اَلدُّنْيَا الغُرُورُ" غرغرہ کی دوائیں -
الغُرُورُ مع - بیہودہ باتیں -
الغَارُّ - فا - غافل - کنواں کھودنے والا - مونث غَارَّة -
الغَرَّارُ - بہت دھوکہ دینے والا -
الغَرِيرَةُ - اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِيرُهٗ وَ اَقْبَلَ هَرِيرُهٗ" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بری عادت آگئی - اچھی زندگی - ج غُرَّان - ضامن - دھوکا زدہ - ناتجربہ کار جوان - ج اَغِرَّة و اَغْرَار مونث غَرِيرَة ج غَرِيرَات و غَرَائِر -
الغُرَيْرُ - کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور، اور عرب کے امثال میں ہے "اَحْسَنُ مِنْ غُرَيْرٍ" اور اسکا نام نِغْرٌ اور غَرْغُور بھی ہے -
الاَغَرُّ - خوبصورت - ہر چیز کا سفید - فیاض سردار شریف — مِنَ الاَيَّامِ: سخت گرم دن مِنَ الخَيْلِ: پیشانی پر سفیدی والا - مونث غَرَّاء ج غُرٌّ و غُرَّان -
الغِرَارَةُ - بورا - تھیلا - ج غَرَائِر -
الغُرْغُرَانُ - پانی کے بلبلے - کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرْغُرَانِهٖ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا -
المُغَارُّ - کم دودھ والی اونٹنی - ج مَغَارّ - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُغَارُّ الكَفِّ" یعنی بخیل ہے -
المَغْرُورُ - مفع - فریب خوردہ -
غَرَبَ (ن) غَرْبًا - جانا — فُلَانٌ عَنَّا: جدا ہونا - علیحدہ ہونا — فِي سَفَرِهٖ: طویل سفر کرنا (— غُرُوبًا) الرَّجُلُ: دور ہونا — النَّجْمُ: ستارہ کا غائب ہونا - ڈوبنا -
غَرُبَ (ن) غُرْبَةً و غَرْبًا و غَرَابَةً - پردیسی ہونا - وطن سے علیحدہ ہونا -
غَرُبَ (ک) غَرَابَةً - الکَلَامُ: مخفی ہونا پوشیدہ ہونا — الشَّيْءُ: غیر مانوس ہونا -

غَرَبَ (س) غَرَبًا۔ لُو سے چہرہ کالا ہونا۔ غَرُبَ۔ دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا ــــ ہ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلا وطن کرنا ــــ فِی الْأَرْضِ: دور تک لے جانا۔

أَغْرَبَ۔ مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا ــــ فِی الضَّحِکِ وَنَحْوِہٖ: مبالغہ کرنا ــــ الْحَوْضَ: حوض کو بھرنا ــــ الْفَرَسُ فِی جَرْیِہٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا ــــ الْفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے ــــ ہٗ: علیحدہ کرنا أُغْرِبَ وَأُغْرِبَ الْمَرِیْضُ: تکلیف زیادہ ہونا۔ أَغْرَبَ عَلَیْہِ وَبِہٖ: برا سلوک کرنا۔

تَغَرَّبَ۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔

إِغْتَرَبَ۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔

إِسْتَغْرَبَ۔ الشَّیْءَ: نادر پانا یا سمجھنا ــــ الدَّمْعُ: آنسو بہنا۔ ــــ وَاسْتُغْرِبَ۔ فِی الضَّحِکِ: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔

الْغَرْبُ۔ مص۔ پچھم۔ ہر چیز کا اول۔ دھار نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "إِنِّیْ أَخَافُ عَلَیْکَ غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا اگلا حصہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَہْمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَہْمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْبٌ۔

الْغُرْبَۃُ۔ دوری۔

الْغَرَبُ۔ مص۔ سونا۔ چاندی کا پیالہ، شراب، پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے کہا جاتا ہے "سَہْمُ غَرَبٍ وَسَہْمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ "وَبِعَیْنِہٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔

الْغُرَابُ۔ کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غراب اسود۔ ابقع۔ زاغ ج أَغْرُبٌ وَغُرُبٌ وَغِرْبَانٌ وَأَغْرِبَۃٌ جج غَرَابِیْنُ۔ کہا جاتا ہے "طَارَ غُرَابُہٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اسکے بال سفید ہو گئے۔ و "أَرْضٌ لَا یَطِیْرُ غُرَابُہَا" یعنی سرسبز ہے۔ الْغُرَابُ اولہ دیرف۔ سر کا پچھلا حصہ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کی ابتدا۔ اور دھار۔ جیسے غُرَابُ الْفَأْسِ اور کوّے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اُٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَکَرْتُ بُکُوْرَ الْغُرَابِ" کوّے کی مانند صبح سویرے اٹھا "فُلَانٌ أَحْذَرُ مِنَ الْغُرَابِ" فلاں کوّے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ ھٰذَا شَیْبُ الْغُرَابِ" اس سے کم کوّے کی سیاہی ہے "أَغْرِبَۃُ الْعَرَبِ": عرب کے سیاہ لوگ۔ الْغُرَابُ: پرانی قسم کی ایک کشتی۔

الْغُرَابَانِ۔ دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہیں۔

الْغَارِبُ۔ فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَوَارِبُ اور اسی سے ہے غَوَارِبُ الْمَاءِ۔ بلند موجیں۔

الْغَرِیْبُ۔ مسافر۔ وطن سے دور۔ اجنبی ج غُرَبَاءُ۔ عجیب وغیرمانوس مِنَ الْکَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَرِیْبَۃٌ ج غَرَائِبُ

الْغُرَّابُ۔ بمعنے غریب۔

الْمُغْرَبُ صح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ عَنْقَاءُ مُغْرِبٌ و مُغْرِبَۃٌ) دیکھئے لفظ "عَنْقَاءُ"۔

الْمَغْرِبُ۔ پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ ممالکِ افریقہ اور بزبانِ حال ممالک یورپ۔ مَغْرِبَانُ۔ الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع غروب کی جگہ۔

الْمَغْرِبِیُّ ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغَارِبَۃٌ۔

الْغِرْبِیْبُ۔ سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "أَسْوَدُ غِرْبِیْبٌ"

غَرْبَلَ غَرْبَلَۃً الْحِنْطَۃَ: گیہوں چھاننا ــــ الْبَلَدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھوجنا ــــ فِی الْأَرْضِ: جانا ــــ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا ــــ الْقَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

الْغِرْبَالُ۔ چھلنی۔ دف۔ چھلنور ج غَرَابِیْلُ

الْمُغَرْبَلُ۔ نغم کمشیا۔ پھولا ہوا مقتول زوال پذیر ملک۔

الْغُرْبِیْلُ۔ چھلنی۔ دف۔ چھلنور۔

غَرِثَ (س) غَرَثًا۔ بھوکا ہونا۔ صفت (غَرْثَانُ) ج غَرْثَی وَغَرَاثَی وَغِرَاثٌ مؤنث (غَرْثَی) ج غِرَاثٌ۔

غَرَّثَ۔ الْکَلْبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔

الْغَرِثُ وَالْغَارِثُ۔ بھوکا۔

غَرِدَ (س) غَرَدًا وَغَرَّدَ وَأَغْرَدَ وَتَغَرَّدَ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور ٹکڑی کرنا أَغْرَدَہُ الطَّائِرُ: گا کر خوش کرنا۔

إِسْتَغْرَدَہٗ۔ گانے پر برانگیختہ کرنا۔

الْأُغْرُوْدُ وَالْأُغْرُوْدَۃُ۔ پرندہ کی سریلی آواز ج أَغَارِیْدُ۔

الْغَرِدُ وَالْغَرْدُ وَالْغِرِّیْدُ۔ گانے والا۔

غَرَزَہٗ (ض) غَرْزًا۔ بِالْإِبْرَۃِ وَنَحْوِہَا: سوئی وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الْإِبْرَۃَ فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔ الرَّاکِبُ رِجْلَہٗ فِی الْغَرْزِ: رکاب میں پاؤں ڈالنا غُرُوْزًا بِالْأَرْضِ: زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غَرَزَتِ الْجَرَادَۃُ انڈا دینے کے لئے زمین میں دم چبھونا۔ صفت (غَارِزٌ وَغَارِزَۃٌ)

غَرَّزَ۔ الْإِبْرَۃَ فِی الشَّیْءِ: داخل کرنا۔ غَرَّزَتِ الْجَرَادَۃُ: انڈا دینے کے لئے زمین میں دم چبھونا۔ الْغَنَمَ: بکری کو موٹی ہونے کے لئے دوہنے سے چھوڑ دینا۔

أَغْرَزَ - الإِبْرَةَ: بمعنے غَرَزَ ـــ الوَادِي: غرز نامی پودہ اگانا ـــ فِي الشَّيءِ: داخل ہونا

إِغْتَرَزَ السَّيْرُ: روانگی قریب ہونا ـــ فُلَانٌ السَّيْرَ: روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا ـــ الرَّاكِبُ رِجْلَهُ فِي الغَرْزِ: سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔

الغَرْزُ مع - رکاب - زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی ج غُرُوزٌ - کہا جاتا ہے "اِلْزَمْ غَرْزَ فُلَانٍ" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "اُشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهِ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دو۔

الغَرَزُ - ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔

الغَرِيزَةُ - طبیعت ج غَرَائِزُ۔

الغَارِزُ - فا - اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو - عُيُونٌ (غَوَارِزُ) نہ بہنے والے چشمے۔

التَّغْرِيزُ - کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے منتقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِيزُ۔

المَغْرِزُ - گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِزُ۔

غَرَسَ (ض) غَرْسًا وغِرَاسَةً الشَّجَرَ: درخت کا پودہ لگانا۔

إِنْغَرَسَ - پودہ لگنا۔

الغَرِيسُ - مع - پودہ لگایا ہوا - ج غِرَاسٌ وأَغْرَاسٌ۔

الغِرْسُ - پودہ - پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کرا - ج أَغْرَاسٌ۔

الغَرِيسُ - پودا لگایا ہوا - بھیڑ۔

الغَرِيسَةُ - کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو - گٹھلی جو بوئی جائے - انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو - پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غَرَائِسُ وغِرَاسٌ۔

الغِرَاسُ - پودہ - پودہ لگانے کا وقت - کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الغِرَاسِ" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الحَصَادِ"

المَغْرِسُ - پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِسُ۔

الغِرْشُ - مِنَ المَسْكُوكَاتِ: ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے ج غُرُوشٌ۔

غَرِضَ (س) غَرَضًا - إِلَيْهِ: مشتاق ہونا صفت (غَرِضٌ) ـــ مِنْهُ: تنگدل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔

غَرَضَ (ض) غَرْضًا - الإِنَاءَ: برتن بھرنا کم بھرنا ـــ الشَّيءَ: تازہ چننا۔ وقت کو جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (ـــ غَرِيضًا) لَهُ: تازہ دودھ پلانا۔

غَرُضَ (ک) غَرَاضَةً - اللَّحْمُ: گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِيضٌ) ج أَغَارِيضُ۔

غَرَّضَ - مزاج کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔ ـــ الشَّيءَ: تازہ چننا ـــ فِي سِقَائِهِ: مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا يُغَرَّضُ" یعنی فلاں آدمی سمندر کے مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا: نشانہ بنانا۔

أَغْرَضَ - فُلَانًا: تنگدل کرنا ـــ الغَرَضَ: نشانہ پر ٹھیک مارنا ـــ الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔

غَارَضَ - الإِبِلَ: اونٹوں کو تڑکے گھاٹ پر لے جانا۔

تَغَرَّضَ وَانْغَرَضَ - الغُصْنُ - شاخ کا ٹوٹنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔

إِغْتَرَضَ - الشَّيءَ: کسی چیز کو اپنی غرض بنانا - أُغْتُرِضَ فُلَانٌ" جوان مرنا۔

الغَارِضُ - فا - تڑکے پانی پر جانیوالا - لمبی ناک کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتدا میں۔

الغَرِيضُ مع - وادی کی ناقص شاخ ج غُرْضَانٌ وغِرْضَانٌ وأَغْرِضَةٌ ـــ کجاوہ کا تنگ ج أَغْرَاضٌ وغُرُوضٌ۔

• الغُرْضَةُ - کجاوہ کا تنگ ج غُرَضٌ وغُرُضٌ

الغَرَضُ - مع - مطلوب - حاجت - قصد - کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَكَ" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا - نشانہ جس پر گولی ماری جائے ج أَغْرَاضٌ۔

الغَرِيضُ - طرب انگیز گیت - بہترین گویا - ہر سفید تازہ بارش کا پانی - پانی جس پر تڑکے آیا جائے - تازہ گوشت۔

الإِغْرِيضُ - شگوفہ - ہر سفید تر و تازہ - ج أَغَارِيضُ۔

المَغْرِضُ - اونٹ کا تنگ ج مَغَارِضُ۔

المُغْرَوْرِضُ - مفعو بارش کا پانی۔

الغُرْضُوفُ - نرم ہڈی جیسے کان - ناک کی ج غَرَاضِيفُ - الغُرْضُوفَانِ: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں۔

غَرْغَرَ غَرْغَرَةً - غرغرہ کرنا - غَرْغَرَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔ غَرْغَرَهُ: ذبح کرنا - غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا ـــ الرَّجُلُ: آواز گلو گیر نکالنا - موت کے وقت خرخر کرنا ـــ اللَّحْمُ: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔

تَغَرْغَرَ - بِالمَاءِ أَوِ الدَّوَاءِ: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَغَرْغَرَتِ العَيْنُ بِالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔

الغِرْغِرُ - ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔ واحد (غِرْغِرَةٌ)

الغُرْغُورُ - بمعنے الغُرْغُرَةُ (دیکھئے الغُرْغُرَةُ)

الغُرْغُرَةُ - نرخرہ - پیشانی کی سفیدی - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے

غَرَفَ (ض) غَرْفًا - الشَّيءَ: کاٹنا - نَاصِيَتَهُ: پیشانی کے بال کترنا۔

(د) اغترف - المَاءَ بِيَدِهِ: پانی کا چلو لینا

تَغَرَّفَ مَا - کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔

إِنْغَرَفَ - الشَّيءُ: کٹنا - مڑنا اور ٹوٹنا ـــ العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا ـــ فُلَانٌ: مرنا۔

الغَرْفُ - مع (ـــ والغَرَفُ) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔

الغِرْفَةُ - چلو لینے کی ہیئت - جوتی - ج غِرَفٌ۔

الغَرْفَةُ - چلو ج غِرَافٌ ـــ کوٹھری

کے اندر کوٹھری، بالاخانہ، بالوں کا گچھا - ج غُرَف وغُرُفات وغُرَفات وغُرْفات -
الغَارِفَۃُ - مؤنث غارف اسم فاعل -
— مِنَ النُّوقِ: تیز دوڑنے والی اونٹنی - ج غَوَارِف -
الغَرَّاف - ایک قسم کا بڑا پیمانہ -
الغَرَّاف - بہت چلو بھرنے والا ہو غَرَّافٌ: بہت پانی کی نہر - غَیْثٌ غَرَّافٌ: بہت بارش -
الغَرُوف - مِنَ الآبار: وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے -
الغَرِیف - مِنَ الشَّجَرِ: گھنا درخت - بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی -
الغَرِیفَۃُ گھنا درخت - جوتی - تلوار کے پرتلے کے نچلے حصہ کا چمڑا -
المِغْرَف - تیز رفتار گھوڑا اور فارس مُغْرَفٌ بھی کہا جاتا ہے - ج مَغَارِف -
المِغْرَفَۃ - چمچہ - ڈوئی - ج مَغَارِف -
غَرِقَ (س) غَرَقًا - فِی الْمَاءِ: ڈوبنا - صفت (غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِیقٌ) ج غَرْقَی
غُرِّقَ فُلَانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا - سستی ہونا -
غَرَقَ (ن) غَرْقًا - مِنَ اللَّبَنِ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا -
أَغْرَقَ - فِی الْأَمْرِ: مبالغہ کرنا -
أَغْرَقَہٗ وغَرَّقَہٗ - ڈبو دینا - أَغْرَقَ وغَرَّقَ فِی الْقَوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا أَغْرَقَ وغَرَّقَ اللِّجَامَ بِالْفِضَّۃِ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا - کہا جاتا ہے "أَغْرَقَ أَعْمَالَہٗ بِالْمَعَاصِی" یعنی اپنے اعمال صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا -
غَارَقَہٗ - قریب ہونا - کہا جاتا ہے "غَارَقَتْنِی الْمَنِیَّۃُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی -
إِغْتَرَقَ - النَّفَسَ: بہت ہانپنا
تَغْتَرِقُ التَّصْدِیرُ: اونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا
الفَرَسُ الْخَیْلَ: گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا - کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَغْتَرِقُ الْعَیْنَ": یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا -
إِسْتَغْرَقَ - الشَّیْءَ: کل لے لینا ——
الغَایَۃَ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا ——
فِی النَّوْمِ: گہری نیند سونا — فِی الضَّحِکِ: کھلکھلا کر ہنسنا -
إِغْرَوْرَقَتْ - الْعَیْنُ: ڈبڈبا آنا -
الغُرْقَۃُ - دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق -
الغَارِیقُونُ والْأَغَارِیقُونُ - ایک پودہ کی جڑ ہے اور یہ زہر کیلئے تریاق ہے اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں -
غَرْقَأَتِ - الدَّجَاجَۃُ بَیْضَتَہَا: مرغی کا کچا انڈا دینا — البَیْضَۃُ: کچا انڈا گرنا -
الغِرْقِئُ - انڈے کے سفیدی کی جھلی - انڈے کی سفیدی -
غَرِلَ (س) غَرَلًا - الصَّبِیُّ: بچے کا غیر مختون ہونا - صفت (أَغْرَلُ) مؤنث غَرْلَاءُ ج غُرْلٌ -
الغَرِل - ڈھیلا ڈھالا آدمی - بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ -
الأَغْرَل - ارزانی کا سال - خوش عیش زندگی -
الغُرْلَۃ - چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں -
الغِرْیَل - غبار - تالاب جس میں کیچڑ ہی کیچڑ ہوں جس کو پیا نہ جا سکے - خشک یا تر مٹی جس کو سیلاب بہا کر لائے اور سیلاب کے چلے جانے کے بعد زمین پر پھٹ پھٹ کر رہ جائے - شیشی کے نیچے کی تلچھٹ -
غَرِمَ (س) غُرْمًا وغَرَامَۃً ومَغْرَمًا - الدَّیْنَ ونَحْوَہٗ: قرض وغیرہ ادا کرنا -
فِی التِّجَارَۃِ: تجارت میں نقصان اٹھانا -
أَغْرَمَہٗ وغَرَّمَہٗ الدَّیْنَ: قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا - کہا جاتا ہے "غُرِّمَ السَّحَابُ" یعنی بارش ہوئی -
أُغْرِمَ - بِالشَّیْءِ: بہت خواہش مند ہونا -
تَغَرَّمَ - تاوان برداشت کرنا -
إِغْتَرَمَ - تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا -
الغَرَامَۃُ والغُرْمُ - تاوان - مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو - ضرر - مشقت -
الغَرَام - اشتیاق - محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو - ہلاکت - عذاب -
الغَرِیمُ - قرضخواہ - قرضدار - مخالف - ج غُرَمَاءُ وغُرَّام -
المَغْرَم - تاوان - ج مَغَارِم -
الغُرْمُول - عضو تناسل -
غَرِنَ (س) غَرَنًا - العَجِینُ: گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا -
الغَرِن - کمزور -
الغِرْیَنُ والغِرْیَن - تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہکر آئے اور زمین پر رہ جائے - پیوتی -
الغُرْنَیْقُ والغِرْنِیقُ والغُرْنُوقُ والغِرْنَاقُ - ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے - سفید خوبصورت جوان کیلئے بھی بولا جاتا ہے - کہا جاتا ہے "شَابٌّ غُرَانِقٌ وصَبِیَّۃٌ غُرَانِقَۃٌ" ج غَرَانِیقُ وغَرَانِقَۃٌ وغَرَانِقُ
غَرَا یَغْرُو غَرْوًا - الرَّجُلُ: تعجب کرنا —
الجِلْدَ: سریش سے جوڑنا — السِّمَنُ قَلْبَہٗ: چربی کا دل پر چھا جانا -
غَرِیَ یَغْرَی غَرًا وغَرَاءً وغَرًی والغَرَی - بِکَذَا: بہت خواہشمند ہونا بہت رغبت رکھنا - غَرِیَ الْغَدِیرُ: تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا — فلان: بہت زیادہ غضبناک ہونا (— غَرَاۃً) بہ: چمٹنا - لازم ہونا -
غَرَّی تَغْرِیَۃً - الشَّیْءَ: سریش سے جوڑنا
أَغْرَی - الرَّجُلَ بِکَذَا: برانگیختہ کرنا - أَغْرَی الْعَدَاوَۃَ بَیْنَہُمْ: دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا -

غَارَى غِرَاءً و مُغَارَاةً - فُلَانًا: سخت جھگڑا کرنا ـــــ بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔

اَلْغَرَاءُ و الْغِرَاءُ - ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی - الغَرَاءُ: خوبصورتی -

اَلْغَرَاءُ و الْغَرْوِي - خواہش مندی - کہا جاتا ہے " لَا غَرْوَ و لَا غَرْوِيَ مِنْ كَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں -

اَلْغَرِيُّ - خوبصورت - عمدہ عمارت -

اَلْغَرِيَّانِ - دو مشہور عمارتیں جو حیرہ کی قریب تھیں -

اَلْمِغْرَاةُ - ریشم کو جھلانے کا آلہ -

غَزَّ (ن) غَزًّا و اَغْتَزَّ - بِفُلَانٍ: خاص کرنا ـــــ الْإِبِلُ او الضَّبُّ: اونٹ یا بچھو پر نظر بد سے حفاظت کیلئے رنگی ہوئی اون لٹکانا -

غَازَّهُ مُغَازَّةً کرنا - جھگڑنا -

اَغَزَّ - الشَّجَرُ: درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا - اَغَزَّتِ الْبَقَرَةُ: گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا -

تَغَازَّ - الْقَوْمُ الشَّيْءَ: آپس میں جھگڑا کرنا -

اَلْغُزُّ - جبرا - ترکوں کی ایک قوم - واحد (غُزِّيٌّ)

غَزُرَ (ک) غُزْرًا و غَزَارَةً و غُزُرًا - الْمَاءُ وغیرہ: پانی وغیرہ کثیر ہونا - غَزُرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا -

تَغَزَّرَ - الرَّجُلُ: زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا

غَازَرَ و اَسْتَغْزَرَ - زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا -

اَلْغَزَرُ - مص کھجور کے پتوں کی بکری -

ـــــ و الْغَزَارَةُ - کثرت -

اَلْغَزِيرُ - ہر چیز کا بہت - ج غِزَار -

اَلْغَزِيرَةُ - مؤنث غزیر ـــــ مِنَ النُّوقِ: بہت دودھ والی اونٹنی ـــــ مِنَ الْعُيُونِ: بہت آنسوؤں والی آنکھ ـــــ مِنَ الْآبَارِ والیَنَابِيعِ: بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار -

اَلْمِغْزَارُ - مِنَ الْإِبِلِ: بہت دودھ والی اونٹنی - مَكَانٌ (مَغْزُورٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ -

غَزَلَ (ض) غَزْلًا و اغْتَزَلَ - الصُّوفَ: اون کاتنا -

غَزِلَ (س) غَزَلًا بِالنِّسَاءِ: عورتوں کو باتیں کرنا - عشقبازی کرنا - عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا -

غَازَلَ - الْمَرْأَةَ: عورت سے بات کرنا اور پھسلانا - کہا جاتا ہے " غَازَلَ فُلَانٌ الْاَرْبَعِيْنَ مِنَ الْعُمْرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہو گیا " هُوَ يُغَازِلُ رَغَدًا مِنَ الْعَيْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے -

اَغْزَلَتْ - الظَّبْيَةُ: ہرنی کا بچے والی ہونا ـــــ الْمَرْأَةُ: عورت کا تکلا گھمانا -

تَغَزَّلَ - فُلَانٌ: بتکلف عشق بازی کرنا -

تَغَازَلَ - الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا -

اَلْغَزْلُ - مص کاتا ہوا -

اَلْغَزَلُ - مص عورتوں کے ساتھ کھیل کود -

اَلْغَزَالُ - ہرن کا بچہ ج غِزْلَةٌ و غِزْلَانٌ -

دَمُ الْغَزَالِ - نام ایک نباتات کا -

اَلْغَزَالَةُ - غزال کا مؤنث - چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَةُ الضُّحٰی و غَزَالَةُ: چاشت کی ابتداء -

اَلْغَزِلُ - عورتوں سے بات کرنے والا - عشقبازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو -

اَلْغَازِلَةُ - کاتنے والی ج غُزَّل و غَوَازِل

اَلْغِزِّيلُ - عورتوں سے باتیں کرنے والا -

اَلْغَزَّالُ - بہت کاتنے والا -

اَلْاَغْزَلُ - غزل کا اسم تفضیل مِنَ الْحُمّٰی: بار بار آنے والا بخار -

اَلْمِغْزَلُ و الْمُغْزَلُ و الْمَغْزَلُ - تکلا ج مَغَازِل -

اَبُو الْمَغَازِلِ - سارنگ -

اَلْمُغَيْزِلُ - مغزل کی تصغیر چھوٹا تکلا - باریک رسی -

غَزَاهُ يَغْزُوهُ غَزْوًا - طلب کرنا - قصد کرنا - کہا جاتا ہے " عَرَفْتُ مَا يُغْزٰى مِنْ هٰذَا الْكَلَامِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا -

غَزَا غَزْوًا و غَزَاوَةً و غَزَوَانًا - الْقَوْمَ: کسی قوم سے جنگ کیلئے چلنا - جہاد کیلئے نکلنا -

غَزّٰى و اَغْزٰى - فُلَانًا: جہاد کیلئے بھیجا جانا سامان دینا یا برانگیختہ کرنا ـــــ ہٗ: مہلت دینا مطالبہ کو مؤخر کر دینا -

اِغْتَزٰى اِغْتِزَاءً - فُلَانًا: قصد کرنا ـــــ بہ: مخصوص کرنا -

اَلْغَزْوَةُ - غزا کا اسم مرۃ - ج غَزَوَات -

اَلْغَازِي - فا - ج غُزَاة و غُزًّى و غَزِيٌّ و غُزَّاء مؤنث غَازِيَةٌ ج غَوَازٍ و غَازِيَات -

قَحَلَ (ف) قُحُولًا و قَحِلَ (س) قَحَلًا و قُحُولًا و قَحِلَ۔ الشَّیْءُ: خشک ہونا۔ صفت قَاحِلٌ و قَحْلٌ و قَحِلٌ و اِنْقَحْلٌ اور اسی سے ہے قَحَلَ الشَّیْخُ یعنی ہڈیوں پر کھال خشک ہو گئی اور بہت بوڑھا ہو گیا "کَیْفَ نَرُدُّ شَیْخَکُمْ وَقَدْ قَحَلَ" یعنی ہم تمہارے شیخ کو کیسے واپس کر سکتے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مر گیا اور اس کی کھال خشک ہو گئی
اَقْحَلَ الشَّیْءَ: خشک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَقْحَلَہُ الصَّوْمُ": روزہ نے اس کی کھال کو خشک کر دیا۔
قَاحَلَہٗ مُقَاحَلَۃً۔ لازم ہونا۔
تَقَحَّلَ۔ الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے خشک کھال والا ہونا۔ تَقَحَّلَ فِیْ لُبْسِہٖ وَحَالِہٖ: بُرے لباس اور حال والا ہونا۔
اَلْقَاحِلُ۔ فا — مِنَ الْجُلُوْدِ: خشک کھال
اَلْقُحَالُ۔ بکریوں کی ایک بیماری جس سے کھال خشک ہو جاتی ہے۔
اَلْقُحُوْلَۃُ۔ خشکی۔
اَلْمُتَقَحِّلُ۔ مِنَ الرِّجَالِ: خشک کھال والا۔ بدحال۔
قَحَمَ (ن) قُحُوْمًا و قُحُوْمًا فِی الْاَمْرِ: کسی معاملہ میں بلا سوچے سمجھے گھس پڑنا — اِلَیْہِ: قریب ہونا
قَحَمَ (ف) قَحْمًا۔ الْمَفَاوِزَ: بیابان طے کرنا
قَحَّمَہٗ و اَقْحَمَہٗ۔ فِی الْاَمْرِ: معاملہ میں بلا سوچے سمجھے داخل کرنا۔ "قَحَّمَ الْفَرَسُ رَاکِبَہٗ" گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا۔ اَقْحَمَ فَرَسَہُ النَّہْرَ: گھوڑے کو نہر میں زبردستی داخل کرنا — الْکَلِمَۃَ: کسی کلمہ کو دو متلازم کلمے مثلاً مضاف مضاف الیہ کے درمیان داخل کرنا جیسے رِجْل کا لفظ یہ اور مِنْ کے درمیان اس قول میں۔ "قَطَعَ اللّٰہُ یَدَ وَرِجْلَ مَنْ قَالَہَا"۔ اس لئے کہ اصل ترکیب یوں ہے۔ "قَطَعَ اللّٰہُ یَدَ مَنْ قَالَہَا وَرِجْلَہٗ"۔

أُقْحِمَ - الْقَوْمُ: قحط سالی کی وجہ سے اپنے ملک کو چھوڑ کر کسی سرسبز و شاداب جگہ میں چلا جانا۔

تَقَحَّمَ - الْفَرَسُ النَّهْرَ: گھوڑے کا نہر میں داخل ہونا۔ گھسنا ——— الْفَرَسُ رَاكِبَهُ: گھوڑے کا سوار کو چہرے کے بل گرانا ——— الْأَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا۔

إِقْتَحَمَ - الْأَمْرَ: کسی معاملہ میں اپنے کو مشقت کے ساتھ ڈال دینا ——— فُلَانًا: حقارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِقْتَحَمَتْهُ عَيْنِي" میری آنکھوں نے اسکو ذلیل سمجھا۔ اقتحم المنزلَ: ہجوم کرنا ——— النَّجْمُ: ستارے کا غائب ہونا۔ غروب ہونا ——— وَاقْتَحَمَ بے سوچے سمجھے گھس پڑنا۔

الْقَحْمُ - مم۔ بہت بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ دُبلا مؤنث قَحْمَةٌ جمع قِحَام۔

الْقُحْمَةُ - دشوار کام۔ ہلاکت۔ قحط جمع قُحَم ——— الْقُحَمَ: بے سوچے کام میں مشغول ہونا۔ بے سوچے سمجھے سفر کو چل پڑنا۔ قُحَمُ الطَّرِيقِ: راستہ کی دشواریاں۔ الْقُحَمُ مِنَ الْخُصُومَاتِ: وہ جوانسان کو مکروہات پر برانگیختہ کریں۔ کہا جاتا ہے لِلْخُصُومَةِ قُحَمٌ ——— الْقُحَمُ مِنَ الشَّهْرِ: مہینے کی آخری تین آتیں

الْقِحَامَةُ وَالْقُحُومَةُ - بہت بڑھاپا۔

الْقَحُومُ - بہت بوڑھا۔

الْمِقْحَامُ - قاحم کا اسم مبالغہ۔ وہ شخص جو سخت مصیبتوں میں گھس پڑے جمع مَقَاحِيمُ۔

الْمَقَاحِمُ - ہلاکتیں۔ اور مفرد مَقْحَمَة یہ جمع خلاف قیاس ہے جیسے مَلَامِحُ جمع لَمْحَة کی۔

الْمُقْحَمُ - مفم۔ کمزور۔ وہ اعرابی جس کی پرورش جنگل میں ہوئی ہو۔

قَحَا يَقْحُو قَحْوًا - الدَّوَاءَ: دوا میں گل بابونہ ڈالنا ——— وَاقْتَحَى الْمَالَ: کل مال لے لینا

أَقْحَتِ - الارض: گل بابونہ والی ہونا۔

الْمَقْحَاةُ - پھاوڑا۔

الْقُحْوَانُ وَالْأُقْحُوَانُ - گل بابونہ۔ واحد قُحْوَانَةٌ وَأُقْحُوَانَةٌ - جمع أَقَاحِيُّ وَأَقَاحٍ اور اس کی تصغیر أُقَيْحِيَانٌ ہے اور اسکا واحد أُقَيْحِيَانَةٌ

أُقْحُوَانَة سے دانتوں کو تشبیہ دیا کرتے ہیں۔ أَقَاحِيُّ الْأَمْرِ: کام کے اوائل۔

قَدْ - معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) بمعنے حَسْبُ جیسے قَدْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ اور کبھی معرب ہوتا ہے جیسے قَدُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ یعنی زید کے لئے ایک درہم کافی ہے اور قَدِي دِرْهَمٌ بغیر نون وقایہ کے جیسے حَسْبِي دِرْهَمٌ۔

(۲) اسم فعل بمعنی کفی یا يَكْفِي جیسے قَدْنِي دِرْهَمٌ بمعنی يَكْفِينِي دِرْهَمٌ - ان سب صورتوں میں قد اسم ہے

(۳) مضارع کیساتھ توقع کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ يَقْدَمُ الْغَائِبُ الْيَوْمَ۔ توقع ہو کہ غائب آج آجائے اور کبھی تقلیل کا جیسے قَدْ يَصْدُقُ الْكَذُوبُ۔ جھوٹا آدمی کبھی سچ بولتا ہے۔

اور ماضی کے ساتھ تحقیق کا فائدہ دیتا ہے جیسے قَدْ أَفْلَحَ مَنِ اتَّقَى اللهَ: جو اللہ سے ڈرا اس نے یقینا فلاح پائی۔ قرآن میں ہے۔ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا۔ قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ۔

اور حال سے قریب کرنے کیلئے جیسے قَدْ قَامَ فُلَانٌ۔ جبکہ قیام زمانہ قریب میں ہی ہو چکا ہو۔ اور کبھی مضارع کے ساتھ تکثیر کا فائدہ دیتا ہے۔ جیسے قَدْ أَشْهَدُ الْغَارَةَ الشَّعْوَاءَ تَحْمِلُنِي۔ مراد یہ ہے کہ میں لوٹ میں بہت حاضر ہوا کرتا ہوں۔

قَدَّ (ن) قَدًّا وَقَدَدًا - الشَّيْءَ: چڑے کا کاٹنا لمبائی میں پھاڑنا یا کاٹنا۔ تم کہتے ہو۔ قَدَدْتُ الشَّيْءَ بِنِصْفَيْنِ اور کبھی مفعول ثانی پر با کی زیادتی کی جاتی ہے اور کہا جاتا ہے قَدَدْتُ الشَّيْءَ بِنِصْفَيْنِ۔ قَدَّ الْمُسَافِرُ الْفَلَاةَ: بیابان طے کرنا۔ قَدَّ الْكَلَامَ: بات کاٹنا۔ قَدَّدَ اللَّحْمَ: ٹکڑے کرنا اور خشک کرنا

قُدَّ - درد شکم والا ہونا۔

تَقَدَّدَ - پھٹنا ——— الْقَوْمُ: قوم کا متفرق ہونا ——— الشَّيْءُ: خشک ہونا ——— الثَّوْبُ: کٹ جانا اور پرانا ہونا ——— الْقَوْمُ: مختلف الرائے فرقے ہونا ——— الثَّوْبُ عَلَيْهِ: کپڑے کا اندازہ اور طول کے مطابق ہونا۔

إِنْقَدَّ - پھٹنا۔

إِقْتَدَّ - الشَّيْءَ: بمعنے قَدَّهُ ——— الشَّيْءُ: پھٹنا ——— الْأُمُورَ: تدبیر کرنا۔ تمیز کرنا۔

إِسْتَقَدَّ - الْأَمْرُ: برابر ہونا۔ ہمیشہ ہونا۔

الْقَدُّ - مم۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلَى قَدِّ ذَاكَ" یعنی اس کے مقدار ہے۔ قامت۔ چابک۔ بکری کے بچہ کی کھال۔ جمع أَقُدٌّ وَقُدُودٌ وَقِدَادٌ وَأَقِدَّةٌ۔

الْقِدُّ - چمڑے کا برتن۔ تسمہ۔ کاٹی ہوئی چیز۔ چابک۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهُ قِدٌّ وَلَا قِحْفٌ" اس کے پاس نہ تو چمڑے کا برتن ہے اور نہ لکڑی کا۔ جو کنایہ ہے اس بات سے کہ اس کے پاس کچھ نہیں۔ جمع أَقُدٌّ

الْقُدُّ - ایک سمندری مچھلی جس کی ایک قسم سے تیل نکالا جاتا ہے۔

الْقِدَّةُ - تسمہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ مختلف الرائے فرقے۔ جمع قِدَدٌ وَأَقِدَّةٌ۔ قرآن مجید میں ہے "كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا" یعنی ہم مختلف الرائے فرقے تھے۔

الْقَدَادُ - جنگلی چوہا۔ سیہی۔

الْقُدَادُ - پیٹ کا درد۔

الْقَدِيدُ - کاٹا ہوا اور خشک کیا ہوا گوشت پرانا کپڑا۔

الْقُدَيْدُ - چھوٹا ٹاٹ۔

الْقَدِيدِيُّونَ - فوج کے توابع۔ جیسے درزی نائی وغیرہ۔

الْمَقَدُّ - راستہ۔ ہموار جگہ۔

الْمِقَدُّ وَالْمِقَدَّةُ وَالْمُقَدُّ - کاٹنے کی چھری

الْقَيْدُودُ - لمبی پیٹھ کی اونٹنی۔ جمع قَيَادِيدُ۔

قَدَحَ (ف) قَدْحًا - فِي عِرْضِهِ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "قَدَحَ فِي سَاقِ أَخِيهِ" اس نے اپنے بھائی کو دھوکا دیا "قَدَحَ الشَّيْءُ فِي صَدْرِي" اس چیز نے میرے دل میں اثر کیا۔ "قَدَحَ خِتَامَ الْخَابِيَةِ" مٹکے کی مہر کو توڑ دیا ——— الدُّودُ فِي الْأَسْنَانِ أَوِ الشَّجَرِ: دانت یا درخت میں کیڑا لگنا۔ قَدَحَتِ الْعَيْنُ: آنکھ کا دھنس جانا ——— الشَّيْءَ: چلو لینا ——— الطَّبِيبُ الْعَيْنَ: ——— آنکھ کے اندرونی حصہ سے پانی نکالنا

فِي القِدْحِ: تیر کے پھل میں سوراخ کرنا۔

قَدَحَ واقْتَدَحَ - بِالزَّنْدِ: چقماق سے آگ نکالنا۔ عرب کے امثال میں سے ہے اِمْحِ لِي اَقْدَحْ لَكَ یعنی تم میرے لئے ہو جاؤ میں تمہارے لئے ہو جاؤں گا۔ قَدَحَ واقْتَدَحَ المَرَقَ: شوربا نکالنا — القِدْرَ: چمچہ سے نکالنا — واقْتَدَحَ الاَمْرَ: معاملہ کی تدبیر کرنا۔

قَدَّحَ - الفَرَسَ: گھوڑے کو دبلا کرنا۔

قَدَّحَتِ العَيْنُ: آنکھ کا دھنسنا۔

قَادَحَهُ وتَقَادَحَا - ایک دوسرے پر طعن تشنیع کرنا۔

اِسْتَقْدَحَ - زِنَادَهُ: چقماق سے آگ نکالنے کی کوشش کرنا۔

القَدْحُ - مع دانت یا لکڑی کا کیڑا۔

القِدْحُ - تیر بغیر پر اور نصل کے جوئے کا تیر ج قِدَاحٌ و اَقْدُحٌ و اَقْدَاحٌ و قُدْحَانٌ و جج اَقَادِيحُ - کہا جاتا ہے صَدَقَهُمْ وَسْمَ قِدْحِهِ یعنی ان سے سچ کہا۔

القَدَحُ - پینے کا برتن - چھوٹے اور بڑے دونوں کیلئے بولا جاتا ہے اور قدح خالی برتن کو کہتے ہیں۔ اور جب اس میں پینے کی کوئی چیز ہو تو اس کو کاس کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے لَا تَجْعَلُونِي كَقَدَحِ الرَّاكِبِ یعنی مجھ کو آخری مت بناؤ۔ اس لئے کہ سوار سارے سامان کے رکھنے کے بعد پیالہ کو آخر میں لٹکاتا ہے۔ اور القَدَحُ الفَرْدُ کنایہ ہے بے باک سے۔ ج اَقْدَاحٌ۔ القَدَّاحُ اسم ہے۔ اِقْتِدَاحُ النَّارِ سے۔

القُدْحَةُ - قدح کا اسم نوع۔

القُدْحَةُ - مِنَ المَرَقِ: چمچہ بھر۔

القِدَاحَةُ - پیالہ بنانے کا پیشہ۔

القَادِحُ - فا۔ دانت یا درخت کی سیاہی یا کیڑا۔ لکڑی میں شگاف۔

القَادِحَةُ - قادح کا مونث۔ درخت یا دانت کا کیڑا ج قَوَادِحُ۔ کہا جاتا ہے حُمَّى قَادِحَةٌ بہت تیز بخار۔

القَدَّاحُ - کاسہ گر۔ تر و تازہ پودے کے اطراف۔ نباتات کے شگوفے کھلنے سے پہلے (— والقَدَّاحَةُ) چقماق کا لوہا۔

القَدِيحُ - شوربا یا وہ جو ہانڈی کی تلی میں رہ جائے اور مشکل سے چمچہ سے نکلے۔

الاُقْدُحُ والقَدُوحُ - مکھی۔ رَكِيٌّ قَدُوحٌ: وہ کنواں جس میں سے ہاتھ سے پانی لیا جا سکے۔

المِقْدَحُ والمِقْدَاحُ - چقماق۔ آگ نکالنے کا پتھر یا لوہا۔

المِقْدَحُ والمِقْدَحَةُ - چمچہ۔

اِقْدَحَرَّ اِقْدِحْرَارًا - الرَّجُلُ: بدی یا گالی گلوچ یا لڑائی جھگڑے کیلئے تیار ہونا۔

القِنْدَحْرُ - مرد بد خو۔

القُدَاحِسُ - مرد دلاور۔ و بد خو۔ بیباک۔ شیر۔

قَدَرَ (ن ض) وقَدِرَ (س) قَدْرًا وقُدْرَةً ومَقْدِرَةً ومَقْدَرَةً ومَقْدُرَةً و مِقْدَارًا وقَدَارَةً وقُدُورَةً وقُدُورًا و قِدْرَانًا وقَدَارًا وقِدَارًا عَلَى الشَّيءِ: توانا ہونا قوی ہونا۔

قَدَرَ (ض) قَدْرًا - الاَمْرَ: تدبیر کرنا۔ الشَّيءَ بالشَّيءِ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق کرنا۔ — قَدَارَةً، الشَّيءَ: تیار کرنا۔ وقت معین کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا - الاَمْرَ كَذَا: غور و فکر کرنا۔

قَدَرَ (ن ض) قَدْرًا وقَدَرًا - اللهَ: تعظیم کرنا (— وقَدَّرَ) اللهُ عَلَيْهِ الاَمْرَ وقَدَّرَ لَهُ الاَمْرَ: فیصلہ کرنا۔ حکم لگانا۔ قَدَرَ الرِّزْقَ: تقسیم کرنا۔

قَدَرَ وقَدَّرَ عَلَى عِيَالِهِ: اہل و عیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنا۔ قَدَّرَ عَلَى الشَّيءِ: قادر ہونا اور منع کرنا۔ وقَدَّرَ الرَّجُلُ: معاملہ کی درستی میں غور و فکر کرنا۔ وقَدَّرَ الشَّيءَ بالشَّيءِ: اندازہ کرنا۔ مقدار کے مطابق بنانا۔

قَدِرَ (س) قَدَرًا - چھوٹی گردن والا ہونا۔ — عَلَى الشَّيءِ: قدرت رکھنا۔

قَدَّرَ واَقْدَرَ اللهُ فُلَانًا عَلَى كَذَا: قادر بنانا واَقْدَرَ الاِنْسَانُ: ہانڈی میں پکانا۔

قَادَرَهُ مُقَادَرَةً - توانائی میں مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔ دوسرے کے کام کے مانند کام کرنا۔ — بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: ایک کا دوسرے سے مقدار معلوم کرنے کیلئے اندازہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ يُقَادِرُنِي یعنی فلاں میرے ساتھ مساوات کا طالب ہے۔

تَقَدَّرَ - الثَّوْبُ عَلَيْهِ: کپڑے کا مقدار کے مطابق ہونا — لَهُ كَذَا: آمادہ ہونا۔

تَقَادَرَ الرَّجُلَانِ: ہر ایک کا دوسرے کی مساوات کا طالب ہونا۔

اِنْقَدَرَ - اندازہ کے موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے قَدَّرْتُ الثَّوْبَ فَانْقَدَرَ یعنی میں نے کپڑے کا اندازہ کیا اور وہ اندازے کے موافق ہو گیا۔

اِقْتَدَرَ عَلَيْهِ: قوی ہونا۔ قدرت پانا — الرَّجُلُ: ہانڈی میں پکانا — الشَّيءَ بِالشَّيءِ: اندازہ کرنا۔

اِسْتَقْدَرَ - اللهَ خَيْرًا: خدا سے نیکی کا حصہ مانگنا

القَدْرُ - مع چیز کی انتہا۔ بغیر کمی زیادتی کے برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا قَدْرُ ذَاكَ" یہ اس کے مماثل اور مساوی ہے۔ طاقت و قوت۔ عزت و وقار۔ تونگری۔ کندھے کا سرا۔ ج اَقْدَارٌ۔ لَيْلَةُ القَدْرِ: رمضان شریف کے آخری عشرہ میں کوئی طاق رات۔

القِدْرُ - (ہانڈی۔ مونث) ج قُدُورٌ اور اس کی تصغیر قُدَيْرَةٌ و قُدَيْرٌ۔

القَدَرُ - مع چیز کی انتہا۔ طاقت و قوت۔ تقدیر الٰہی ارادہ کا تعلق اشیاء کے ساتھ انکے اوقات میں۔ ج اَقْدَارٌ۔

القَادِرُ - فا۔ ہانڈی میں پکانیوالا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَيْنَنَا لَيْلَةٌ قَادِرَةٌ ہمارے درمیان ایسی رات ہے جس میں چلنا آسان ہے۔

القَدَرِيَّةُ - ایک جماعت ہے جو تقدیر الٰہی کا انکار کرتی ہے اور کہتی ہے کہ بندے اپنے افعالِ اختیاریہ کے خود خالق ہیں اور جبریہ اسکے خلاف ہے۔

القُدْرَةُ - فعل یا ترک فعل کی طاقت۔

القَدَرَة - چھوٹی کشتی - دو درختوں کے درمیان کا فاصلہ -

القَدَار و القِدَار - قدرت -

القُدَار - میانہ قد مرد - چست و چالاک لڑکا باورچی - ہانڈی میں پکانے والا - بڑا اژدہا -

القَدَّار - پتھر جو پانی کے بہنے کی جگہ پر لگایا جائے

القَدَارَة و القُدُورَة - مصادر - اقتدار قوت - توانگری -

التَّقدِیر - مص --- عند النحاة: کلمہ کو حذف کرنا اور نیت میں باقی رکھنا --- عند المتکلمین ہر مخلوق کو اس کے اندازہ کے مطابق کرنا - تقدیر الٰہی - ج تقادیر -

القَدِیر - قدرت والا - اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے - ہانڈی میں پکا ہوا گوشت -

الاَقدَر - اسم تفضیل - پستہ قد - اور کہا گیا ہے کہ چھوٹی گردن والا -

القَدرَاء - اقدر کا مؤنث - کان نہ بڑا نہ چھوٹا - بنو قُدَرَاء: اغنیاء -

المِقدَار - توانائی - اندازہ - پیمانہ ج مقادیر

المُقتَدِر - ہانڈی کا پکانے والا - کام کا ساتھی - ہر چیز کا وسط - کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُقتَدِرُ الطُّولِ" مرد میانہ قامت -

المَقَادِرَة - تنگ مکان -

المَقدُور - مفعول فیصل شدہ معاملہ - کہا جاتا ہے "اَمرٌ مَقدُورٌ عَلَیہِ" یعنی ایسا امر جس کے کرنے پر انسان قادر ہو -

المَقدَرَة و المَقدُرَة و المَقدِرَة - قوت و توانگری --- المَقدَرَة: قضا و قدر - تقدیر الٰہی -

قَدُسَ (ن) قُدُسًا و قُدسًا - پاک ہونا - بابرکت ہونا -

قَدَّسَ - اللّٰہُ فلانًا: پاک کرنا - بابرکت کرنا --- الرجلُ اللّٰہَ: تنزیہ کرنا - قدوس ہونے کی صفت بیان کرنا --- الکاہنُ عند النصاریٰ عشاء ربانی ادا کرنا --- الرجلُ: بیت المقدس میں آنا - قَدَّسَ لِلّٰہِ: پاک بیان کرنا - اسی سے ہے "نَحنُ نُسَبِّحُ بِحَمدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ"

تَقَدَّسَ - پاک ہونا - القَدَاسَة - پاکی

القُدس و القُدُس - مصادر و القُدُس: بیت المقدس - و رُوحُ القُدُس - حضرت جبرئیل علیہ السلام - و حظیرۃ القدس: جنت

القَدَس - وہ پتھر جو پانی کی قلت و کثرت معلوم کرنے کے لئے کنوئیں میں ڈالا جائے -

القُدس و القَدَس - چھوٹا پیالہ -

القَادِس - بڑی کشتی - پتھر جو اونٹ کے پانی پینے کی جگہ میں تقسیم کے لئے ڈالا جائے - ج قَوادِس - بیت حرام - اندلس کا ایک جزیرہ -

القَادُوس - چکی میں دانے ڈالنے کا برتن عوام اسے کوزہ کہتے ہیں - نہر سے پانی نکالنے کا برتن - ج قَوادِیس -

القُدَاس - اونٹوں کے حوض کے پانی کا اندازہ کرنے کا پتھر - چاندی کا بنا ہوا موتی بڑی شرافت -

القَدِیس - موتی -

القَدُوس - سخت اقدام کرنے والا - سخت حملہ کرنے والا -

القُدُّوس و القَدُّوس باری تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے یعنی ہر نقص و عیب سے پاک -

القِدِّیس - باصطلاح نصاریٰ - مقبولِ عند اللّٰہ - مؤنث قِدِّیسَة -

المَقدِس - مکان مقدس - پاک جگہ - بَیتُ المَقدِس و البَیتُ المُقَدَّس: یروشلم نسبت کیلئے مَقدِسِی و مُقَدَّسِی - اَرضٌ مُقَدَّسَة مبارک زمین - الاَرضُ المُقَدَّسَة: فلسطین -

المُقَدِّس - ف - یہودی عالم - راہب -

قَدَعَ (ف) قَدعًا الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑنا --- الاَمرَ: کر گذرنا --- فرسَہُ باللجام: گھوڑے کو لگام سے روکنا --- السفینۃَ: کشتی کھینا --- الخمسین من عمرہ: تجاوز کرنا --- من الشراب: گھونٹ گھونٹ پینا --- الذبابَ عنہ بکذا: کسی چیز سے مکھی کو دفع کرنا - قَدَعَہُ و اَقدَعَہُ عن کذا: روکنا - اَقدَعَ الرجلُ: گالی دینا -

قَدِعَ (س) قَدَعًا - رکنا - باز رہنا - قَدِعَت عَینُہُ: زیادہ دیکھنے سے کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے "قَدَّعَت لَہُ الخَمسُونَ" میں تقریباً پچاس کی عمر کو پہنچ گیا -

قَادَعَ بَحرَہُ: کلیلیں کرنا -

تَقَدَّعَ لَہُ بِالشَّرِّ: آمادہ بدی ہونا -

تَقَادَعَ القَومُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا اور کھینچنا --- بالرماح: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا - تَقَادَعَ عَلَی الشَّیءِ و فیہ: جوق جوق گرنا - کہا جاتا ہے "تَقَادَعَ الذُّبَابُ فِی المَرَقِ" شوربے میں مکھیاں پے بہ پے گریں --- القَومُ: پے بہ پے مرنا -

اِنقَدَعَ - رکنا --- عَنِ الشَّیءِ: شرم کرنا -

القَدِع - بہت رونے والا - ماءٌ قَدِعٌ: پانی جو کھاری ہونے کی وجہ سے پیا نہ جا سکے -

اِمرَاَۃٌ قَدِعَة و قَدُوع - شرمیلی کم بولنے والی عورت -

القَدَع - بزدلی - کثرت گریہ سے نگاہ کی کمزوری

القِدعَة - چھوٹا سینہ بند - انگیا -

القُدُوع - کسی چیز پر گرنے والا - ذلیل -

المِقدَع - جھری دار -

المِقدَعَة - مور چھل - مکھی ہانکنے کی چھوٹی لاٹھی جس سے ہانکا جائے -

قَدَفَ (ن) قَدفًا - الماءَ: چلو لینا - گرانا -

القَدَاف - مٹی کا گھڑا - بڑا پیالہ -

القَندَفِیل و القَندَوِیل - بڑے سر والا

قَدَمَ (ن) قَدمًا و قُدُومًا - القومَ: قوم سے سابق ہونا -

قَدِمَ (س) قُدُومًا و مَقدَمًا و قِدمَانًا المدینۃَ: شہر میں آنا --- من سفرہ: سفر سے واپس ہونا --- اِلَی الاَمرِ: قصد کرنا -

قَدُمَ (ن) و قَدِمَ (س) قِدَمًا و قَدَامَة

قُدُوْمًا و اَقْدَمَ عَلٰی قِرْنِہٖ: جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ قَدِمَ و اَقْدَمَ عَلَی الْاَمْرِ: بہادری کرنا۔ قَدِمَ و اَقْدَمَ عَلَی الْعَیْبِ: عیب پر راضی ہونا۔ اَقْدَمَ یَمِیْنًا: قسم کھانا۔ اَقْدَمَ فُلَانًا: آگے بڑھانا۔ اَقْدَمَہُ الْبَلَدَ: شہر کے آنے پر برانگیختہ کرنا۔

قَدُمَ (ک) قِدَمًا وقَدَامَۃً۔ پرانا ہونا۔ حدث کا ضد ہے۔ صفت قَدِیْمٌ و قُدَامٌ۔

قَدَّمَ الْقَوْمَ: قوم سے سابق ہونا۔ قَدَّمَہٗ: آگے کرنا۔ قَدَّمَ یَمِیْنًا: قسم کھانا ــــ بَیْنَ یَدَیْہِ: آگے بڑھنا ــــ اِلَیْہِ بِکَذَا: حکم دینا ــــ قَدَّمَہٗ اِلَی الْحَائِطِ: قریب کرنا۔

تَقَادَمَ۔ بمعنے قَدُمَ: پرانا ہونا۔

تَقَدَّمَ۔ آگے بڑھنا۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا۔ مقدم ہونا ــــ الْقَوْمَ: قوم کو سابق ہونا ــــ اِلَیْہِ بِکَذَا: حکم دینا۔ کہا جاتا ہو "فُلَانٌ یَتَقَدَّمُ بَیْنَ یَدَیْ اَبِیْہِ" فلاں اپنے باپ کے سامنے پیش قدمی کرتا ہے۔

اِقْتَدَمَ۔ بمعنے تَقَدَّمَ۔ آگے بڑھنا۔

اِسْتَقْدَمَ۔ بہت پیش قدمی کرنے والا ہونا ــــ الرَّجُلَ: آنے کو کہنا ــــ الْقَوْمَ: آگے کو بڑھ جانا۔

اَلْقَدَمُ۔ خاندانی شرافت۔ سُرخ کپڑا۔

اَلْقِدَمُ۔ پرانا زمانہ۔ کہا جاتا ہو "کَانَ کَذَا قِدَمًا" یعنی ایسا پرانے زمانہ میں تھا۔

اَلْقِدَمُ۔ حدوث کا ضد۔ اوّلیت۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ قِدَمٌ فِیْ ہٰذَا الْاَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اوّلیت ہے۔

اَلْقَدَمُ۔ پاؤں (مؤنث ہو اور کبھی مذکر بھی مستعمل ہوا) ج اَقْدَامٌ و قِدَامٌ اور تصغیر قُدَیْمَۃٌ۔ اَلتَّقَدُّمُ۔ آگے بڑھنا۔ اوّلیت چاہے خیر میں ہو یا شر میں۔ کہا جاتا ہو "لِفُلَانٍ فِیْ کَذَا قَدَمُ صِدْقٍ اَوْ قَدَمُ سُوْءٍ" یعنی فلاں کیلئے اس معاملہ میں اچھی اوّلیت یا بری اوّلیت ہے "وَلِفُلَانٍ عِنْدَ فُلَانٍ قَدَمٌ" یعنی فلاں کا فلاں پر احسان ہے۔ "وَضَعَ قَدَمَہٗ فِی الْعَمَلِ" یعنی شروع کر دیا "جَعَلَ دِمَاءَہُمْ تَحْتَ قَدَمَیْہِ" ان کے خون کو اپنے قدم کے نیچے کر دیا یعنی معاف کر دیا "وَاجْعَلْ ذٰلِکَ تَحْتَ قَدَمَیْکَ" اس کو اپنے قدم کے نیچے کر دو یعنی معاف کر دو۔ وَالْقَدَمُ فِی الْقِیَاسِ: پاؤں کے انگوٹھے کے کنارے سے ایڑی کے کنارے تک۔ اَلْقَدَمُ: بہادر (مذکر و مؤنث مفرد و جمع) کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَدَمٌ" "اِمْرَأَۃٌ قَدَمٌ" "رِجَالٌ قَدَمٌ" "وَنِسَاءٌ قَدَمٌ"، اور کہا جاتا ہے "ہُوَ ذُوْ قَدَمٍ" یعنی وہ بہادر ہے۔

اَلْقَدِمُ، بہت اقدام کرنیوالا، سخت سنگستان،

اَلْقُدُمُ وَالْقُدُمُ۔ دلیر۔ اَلْقُدُمُ: آگے گذرنے والا، کہا جاتا ہے "مَضٰی قُدُمًا" وہ سیدھا گیا ادھر اُدھر نہیں مڑا (مذکر و مؤنث دونوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔

اَلْقُدْمَۃُ۔ دلیری۔ معاملہ میں اوّلیت۔

اَلْقُدْمِیَّۃُ۔ مغرورانہ چال۔

اَلْقُدُوْمُ۔ دلیر بہت پیش قدمی کرنے والا۔ ج قُدُمٌ اَلْقَدُوْمُ۔ کلہاڑا مؤنث ہے، ج قُدُمٌ وَقَدَائِمُ (اور قَدُّوْمٌ ضعیف لغت ہے)

اَلتَّقْدِمَۃُ۔ بم۔ قدم کا: ہدیہ۔ ج تَقَادِمُ۔

اَلْقَادِمُ۔ فا ج قُدُوْمٌ وقُدَّامٌ وقَادِمُوْنَ، قَادِمُ الْاِنْسَانِ: انسان کا سر۔ ج قَوَادِمُ، قَادِمُ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ اَلْعَامُ الْقَادِمُ۔ آئندہ سال اَلْقَادِمَانِ مِنَ الْاَطْبَاءِ وَالضَّرْعِ: اونٹنی اور گائے کے تھن کی اگلی بالھ۔

اَلْقَادِمَۃُ۔ مؤنث قادم۔ لشکر۔ اَلْقَادِمَۃُ: بازو کے اگلے پر جو بڑے ہوتے ہیں، ج قَوَادِمُ و قُدَامٰی اور چھوٹے پروں کو خوافی کہتے ہیں جو قوادم کے نیچے ہوتے ہیں، وَقَادِمَۃُ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ۔ ج قَوَادِمُ، وَقَادِمَۃُ الْعَسْکَرِ: فوج کا اگلا دستہ،

اَلْقَدِیْمُ وَالْقُدَامُ۔ پرانا ج قُدَمَاءُ و قُدَامٰی و قُدَّامٌ مؤنث قَدِیْمَۃٌ ج قَدِیْمَاتٌ وقَدَائِمُ۔ اَلْقُدَامٰی: فوج کا اگلا دستہ۔

قُدَّامُ۔ آگے۔ مؤنث ہے، اور اس کی تصغیر قُدَیْدِیْمَۃٌ اور کبھی مذکر مستعمل ہوتا ہے اس کی تصغیر قُدَیْدِیْمٌ آتی ہے۔ کہا جاتا ہو "لَقِیْتُہٗ قُدَّامَ ذَاکَ اَوْ قُدَیْدِیْمَۃَ ذَاکَ" یعنی میں نے اس سے اسکے پہلے یا کچھ پہلے ملاقات کی۔

اَلْقُدَّامُ وَالْقَدَّامُ وَالْقِدِّیْمُ، شرافت کی وجہ سے لوگوں میں آگے رہنے والا۔ سردار۔ بادشاہ۔ اَلْقُدَّامُ: قصائی۔

اَلْقَدَمَۃُ۔ مِنَ الْغَنَمِ: چرنے میں جو بکری سب سے آگے ہو۔ سخت سنگستان۔

اَلْقَیْدُوْمُ وَالْقَیْدَامُ اگلا حصہ۔ قَیْدُوْمُ الْجَبَلِ: پہاڑ کا آگے کو نکلا ہوا حصہ۔

اَلْاَقْدَمُ۔ اسم تفضیل۔ بشیر۔

اَلْمَقْدَمُ۔ آنے کا وقت۔

اَلْمُقْدِمُ وَالْمُقَدَّمُ۔ مِنَ الْعَیْنِ: ناک سے ملا ہوا آنکھ کا گوشہ ــــ مِنَ الْوَجْہِ: چہرہ کا وہ حصہ جو سامنے ہو ــــ مِنَ الرَّحْلِ: کجاوہ کا اگلا حصہ ج مَقَادِیْمُ۔

اَلْمُقَدِّمَۃُ وَالْمُقَدَّمَۃُ۔ مِنَ الْجَیْشِ: فوج کا اگلا دستہ۔ ہراول ــــ مِنَ الْکِتَابِ: دیباچہ وَالْمُقَدَّمَۃُ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا شروع۔ پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ موقوف علیہ چاہے عقلی ہو یا عادی یا وضعی۔

اَلْمِقْدَامُ وَالْمِقْدَامَۃُ۔ بہت پیش قدمی کرنیوالا ت مبالغہ کیلئے ہو ج مَقَادِیْمُ۔ کہا جاتا ہے ہو کہتی ہیں (اَلْقُدْمِیَّۃُ وَالْیَقْدُمِیَّۃُ وَالتَّقْدُمِیَّۃُ) جبکہ میدانِ جنگ میں چلے اور دشمن پر حملہ کرنے میں پیش قدمی کرنے والا ہو یا جب کہ مکارم و فضائل میں سبقت کرے اور اس کی تقدیر یوں ہے کہ "مَشٰی الْمِشْیَۃَ الْمَنْسُوْبَۃَ اِلٰی قَوْلِ النَّاسِ یَقْدُمُ وَتَقَدَّمَ"

اَلْقُدْمُوْسُ وَالْقِدْمَاسُ، پرانا۔ کہا جاتا ہو "عِزٌّ اَوْ حَسَبٌ قُدْمُوْسٌ وَقِدْمَاسٌ" خاندانی عزت۔

اَلْقُدْمُوْسُ وَالْقُدْمُوْسَۃُ۔ بڑی چٹان

اَلْقُدْمُوْسُ وَالْقُدَامِسُ۔ سخت۔ اَلْقُدْمُوْسُ: ہراول۔ لشکر کا اگلا حصہ ج قَدَامِیْسُ جیسے قَمْعُوْسٌ برا۔ اَلْقُدْمُوْسَۃُ: بڑے ڈیل ڈول کی عورت

اَلْقَدَنُ۔ کانی۔ کہا جاتا ہو "قَدَنٌ لِزَیْدٍ دِرْہَمٌ" زید کیلئے ایک درہم کافی ہے۔

قَدَا یَقْدُوْ قَدْوًا۔ قریب ہونا۔ سفر سے واپس ہونا ــــ بِہٖ فَرَسُہٗ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

قَدِیَ يَقْدِی قَدًا وقَدُوًّا وقَدِیَ يَقْدَی قَدًی
وقَدَاةً وقَدَاوَةً - الطعامُ: کھانےکا مزیدار و
خوشبودار ہونا. صفت قَدٍ و قَدِیٌّ - تم کہتے ہو.
شَمِمْتُ قَدَاةَ القِدْرِ ہانڈی کی خوشبو کو میں
نے سونگھا -
أَقْدَی إِقْدَاءً - خیر اور ورد وغیرہ میں استقامت
اختیار کرنا: بوڑھا ہونا اور موت کے قریب
پہنچنا --- مِنَ السفرِ: سفر سے واپس آنا -
المِسْكَ: مشک کی خوشبو کا بھڑکنا -
تَقَدَّی تَقَدِّيًا - عَلَی دَابَّتِہِ: چوپایہ پر سوار
ہوکر وسط راستہ میں چلنا --- تَقَدَّتْ الدَّابَّۃُ بِرَاكِبِہَا
چوپایہ کا سوار کو وسط راستہ پر لیجانا -
إِقْتَدَی إِقْتِدَاءً بِفُلانٍ فِی كَذَا: پیروی
کرنا -
القَدَا - مع - خوشبو -
القِدْوُ - جڑ جس سے شاخیں نکلیں -
القَدْوَی - استقامت - پائداری -
القِدَةُ والقَدْوَةُ والقِدْوَةُ والقُدْوَةُ
والقِدْیَةُ - پیشوا - اسوہ - جیسے لِی بِكَ
قُدْوَةٌ: میرے لئے تمہارے اندر اسوہ ہے -
کہا جاتا ہے مَا أَقْدَی طَعَامَ فُلانٍ یعنی فلاں کا
کھانا کس قدر مزیدار و خوشبودار ہے -
قَدِیَ يَقْدِی قَدْيًا الطَّعَامُ: یعنی قَدَا يَقْدُو
مزیدار و خوشبودار ہونا - اور کہا جاتا ہے قَدَتْ قَادِیَۃٌ
قحط زدہ قوم کا دیہات سے آنا (--- قَدْيًا تا)
الفرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا -
قَادَی مُقَادَاةً - الرجلَ: مقابلہ کرنا -
تَقَدَّی - ناز سے چلنا -
القِدَةُ - ایک قسم کا سانپ ج قِدَات -
القُدَةُ: پیشوا -
القَدَی والقِدَی - مقدار - اندازہ -
کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا قَدَی رُمْحٍ ان دونوں کے
درمیان ایک نیزہ کی مقدار ہے -
القِدْیَۃُ - قَدِیَ کا اسم نوع - روش - طریقہ
سیرۃ - کہا جاتا ہے خُذْ فِی هِدْيَتِكَ وقِدْيَتِكَ
اپنی روش و طریقہ پر لو -

القَادِیَۃُ - دیہات سے آنے والی قحط زدہ
قوم ج قَوَادٍ -
المُتَقَدِّی - فا - شیر -
القِدِّيَّۃُ - ہدیہ -
قَذَّ (ن) قَذًّا - الرِّيشَ: تیر کے پر کے اطراف
کاکاٹنا اور ہموار کرنا --- الرجلَ: گدی پر مارنا
--- الحجرَ وكلَّ غليظٍ: پتھر اور ہر قسم کی سخت
چیز پھینکنا (--- وقَذَّذَ) الشعرَ: بال کاٹنا اور
برابر کرنا - قَذَّذَ وأَقَذَّ السَّهْمَ: تیر میں پر لگانا -
تَقَذَّذَ القومُ: قوم کا متفرق ہونا -
القُذَّةُ - تیر کا پر - القُذَّۃُ: گھوڑے اور
انسان کا کان - ج قُذَذٌ وقِذَاذٌ - پسو - ج قِذَّانٌ
وقُذَذٌ -
القُذَاذَةُ - پر کا تراشہ - سونے وغیرہ کا ریزہ
ج قُذَاذَاتٌ - کہا جاتا ہے إِنَّ لِی قُذَاذَاتٍ و
جُذَاذَاتٍ قُذَاذَات سونے کے ٹکڑے - اور
جُذَاذَات چاندی کے - کہا جاتا ہے فُلانٌ لَا يَدَعُ
شَاذَّةً وَلَا فَاذَّةً یعنی وہ دلاور جس کو دیکھتا ہے
مار ڈالتا ہے -
سَهْمٌ أَقَذُّ - پروار تیر - بے پر کا تیر ج قُذٌّ جو
قِذَاذٌ - کہا جاتا ہے مَالَهُ أَقَذُّ وَلَا مَرِيشٌ یعنی
اس کے پاس کچھ نہیں -
القُذَّانُ - بڑھاپے کی وجہ سے دونوں کنپٹی
کی سفیدی - پرندہ کے بازوؤں کی سفیدی -
المَقَذُّ - گدی - سر کے بالوں کے نکلنے کی
انتہائی جگہ پیچھے کی طرف یا آگے کی طرف - سر کے
بالوں کے کاٹنے کی جگہ آگے یا پیچھے کی طرف -
المِقَذُّ والمِقَذَّةُ - پر تراشنے کا آلہ -
المَقْذُوذُ والمُقَذَّذُ - بال تراش کر ہموار
کیا ہوا - ہر چیز ہموار اور لطیف - آراستہ و پیراستہ
المُقَذَّذَةُ والمَقْذُوذَةُ - گول کان -
تَقَذْقَذَ فِی الجبلِ: پہاڑ پر چڑھنا ---
فِی الرَّكِيَّۃِ: کنوئیں میں گرنا اور مرنا --- الرجلُ
خود رائے ہونا -
قَاذَحَ مُقَاذَحَةً - گالی گلوج کرنا -
تَقَاذَحَ بِفُلانٍ بِالشَّرِّ: شرارت کرنا -

قَذِرَ (ن) وقَذُرَ (ک) وقَذِرَ (س) قَذَرًا
وقَذَارَةً - گندا ہونا - میلا ہونا - صفت قَذِرٌ
وقَذُرٌ وقَذْرٌ وقَذِرٌ -
قَذِرَ (ن) قَذَرًا وقَذِرَ (س) قَذَرًا و
قَذَّرَ الشیءَ: گندا کرنا - وقَذِرَ الشیءَ: مکروہ جاننا
پرہیز کرنا - گندا سمجھنا -
أَقْذَرَ - گندا پانا --- أَقْذَرَ فُلانًا: تنگدل
کرنا - بہت بولنا -
تَقَذَّرَ الشیءَ ومِنْہُ: میل کچیل کی وجہ سے
مکروہ سمجھنا -
القَذَرُ - مع - میل کچیل - اور کبھی پاخانہ کے لئے
بولا جاتا ہے - ج أَقْذَار اور مَقَاذِر خلاف قیاس -
القَاذُورَةُ - بدی - فاحشہ ج قَاذُورَات
القَاذُورَةُ والقَذُورُ والقَاذُورُ و
ذُو قَاذُورَةٍ - جو بدخلقی کی وجہ سے لوگوں سے
نہ ملے جو کسی چیز کو بوجہ نفرت کے نہ کھائے والقَذُورُ
مِنَ النِّسَاءِ: مردوں سے الگ تھلگ رہنے والی -
شک و شبہ سے دور -
رَجُلٌ قَذَرَةٌ - ملامت سے دور مرد -
رَجُلٌ مَقْذَرٌ - مرد جس سے لوگ پرہیز کریں -
المَقَاذِرُ - گندگیاں -
المُقْذِرُ - فواحش کا ارتکاب کرنے والا -
ج مُقْذِرُون -
القُذْرُوفُ - عیب ج قَذَارِيفُ -
قَذَعَهُ (ف) قَذْعًا - گالی دینا - بیہودہ بکنا
أَقْذَعَ - فُلانًا: گالی دینا --- لِفُلانٍ: سخت
سست کہنا --- القولَ: برا کہنا
الرجلُ: فواحش کا ارتکاب کرنا -
قَاذَعَ - گالی گلوچ کرنا -
قَذَّعَ - ثَوْبَہُ: کپڑے کو گندا کرنا میلا کچیلا کرنا -
تَقَذَّعَ - لَہُ بِالشَّرِّ: تیاری کرنا --- الرجلُ:
ناپسند کرنا -
القَذَعُ - گندا - بے حیائی و فحش -
القَذِعُ - گندگی والا - بے حیا - فحش کا ارتکاب
کرنے والا - کہا جاتا ہے رَمَاهُ بِالمُقْذِعَاتِ اور المُقَذِّعَات
اس نے اس پر فواحش کی تہمت لگائی -

اَلقُذْعُلُ۔ بے قدر۔ ذلیل۔
اَلقَذَعْمَلُ۔ موٹا اونٹ۔ اَلقُذْعُمِلُ: بہت بوڑھا۔
اَلقَذَعْمَلَۃُ۔ پست قامت خسیس عورت اور کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ قَذَعْمَلَۃٌ" اس کے پاس کچھ نہیں "وَمَا فِی السَّمَاءِ قُذَعْمَلَۃٌ" آسمان میں کچھ بھی بادل نہیں۔
قَذَفَ (ض) قَذْفًا۔ قے کرنا ــــ المَلَّاحُ: چپو سے کشتی چلانا۔ قَذَفَ بِقَوْلٍ: بغیر سمجھے بوجھے بک دینا ــــ الحَجَرَ و بِالحَجَرِ: پتھر پھینکنا۔ قَذَفَہٗ: تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "ہُمْ بَیْنَ حَاذِفٍ وَقَاذِفٍ" وہ لوگ ڈھیلا پھینکنے والے اور لاٹھی مارنے والے کے درمیان ہیں (ــــ و اِسْتَقْذَفَ)
فُلَانًا بِالحَجَرِ: پتھر مارنا ــــ الرَّجُلَ: تہمت لگانا۔
قَاذَفَہٗ۔ ایک دوسرے کو تہمت لگانا اور گالی دینا۔
تَقَاذَفَ المَاءُ: پانی کا تیز بہنا ــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا ــــ القَوْمُ: آپس میں گالی گلوچ کرنا۔ تَقَاذَفُوْا بِالحِجَارَۃِ: ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔ تَقَاذَفَتْ بِہٖ الاَمْوَاجُ: تھپیڑے مارنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَقَاذَفَتْ بِہٖ الاَبْوَابُ" دروازوں نے دھکا دیا۔ یعنی کوئی شخص کسی دروازے میں داخل ہونا چاہتا تھا کہ مالکِ مکان نے دروازہ بند کر دیا اور وہ شخص دوسرے دروازہ پر جانے کے لیے مجبور ہوا اور وہاں بھی یہی معاملہ پیش آیا۔
اِنْقَذَفَ۔ پھینکا جانا۔
اَلقُذْفُ والقَذَفُ والقُذُفُ۔ جانب۔ گوشہ۔
اَلقُذْفُ والقَذَفُ۔ پھسلن کی جگہ۔
اَلقُذْفُ والقَذَفُ والقَذُوْفُ و القَذِیْفُ۔ دور۔ کہا جاتا ہے "فَلَاۃٌ قَذِیْفٌ و قُذُفٌ و قُذْفٌ" دور کا بیابان۔ "بَلْدَۃٌ قَذُوْفٌ" دور دراز کا شہر "قَوْسٌ قَذُوْفٌ" تیر کو دور پھینکنے والی کمان۔
نَاقَۃٌ قَاذِفٌ وقِذَافٌ و قَذُوْفٌ و
قَذُوْفٌ۔ تیز دوڑنے والی اونٹنی۔
اَلقُذْفَۃُ۔ جانب۔ گوشہ۔ کنگرہ۔ پہاڑ کا گوشہ جو نکلا ہوا ہو۔ ج قِذَافٌ و قُذَفٌ و قُذُفَاتٌ و قُذُفَانٌ۔
اَقْذَافُ القَصْرِ: محل کے کنگرے۔
اَلقَذِیْفَۃُ والقِذَافُ۔ ہر وہ چیز جو پھینکی جائے۔ ج قَذَائِفُ اور اسی سے ہے قَذَائِفُ المَدَافِعِ: توپ کے گولے۔ القِذَافُ: تیز روی
اَلقَذَافُ۔ تھوڑا پانی۔
اَلقَذَّافُ۔ اسم مبالغہ۔ سواری۔ ترازو۔ گوپھن۔ منجنیق۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو دور تک پھینکا جائے۔
اَلمُقَذَّفُ۔ لعنت کیا ہوا۔ پُر گوشت۔ کہا جاتا ہے "فَارِسٌ مُقَذَّفٌ" جنگ آزمودہ شہسوار۔
اَلمِقْذَفُ۔ چپو۔ ج مَقَاذِفُ۔ المَقَاذِفُ: ہلاکتیں۔
اَلمِقْذَافُ۔ چپو۔ ج مَقَاذِیْفُ۔
فَرَسٌ مُتَقَاذِفٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ "سَیْرٌ مُتَقَاذِفٌ" تیز چال۔
اَلقِذِّیْفٰی۔ سنگ اندازی۔ دشنام دہی۔
قَذَلَہٗ (ن) قَذْلًا۔ گدی پر مارنا۔ عیب لگانا۔ پیچھا کرنا۔ قَذَلَ فُلَانٌ: برگشتہ ہونا اور ظلم کرنا ــــ فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔
اَلقَذَلُ۔ عیب۔
اَلقَذَالُ۔ گدی۔ سر کا پچھلا حصہ۔ ج قُذُلٌ و اَقْذِلَۃٌ۔
قَذَمَ (ن) قَذْمًا۔ لَہٗ مِنَ المَالِ: مال بے جا رگی دینا۔
قَذِمَ (س) قَذْمًا المَاءَ: پانی کا گھونٹ لینا۔
اِنْقَذَمَ۔ تیز دوڑنا۔
اَلقُذْمَۃُ۔ پانی کا گھونٹ۔
اَلقُذَمُ والقَذِمُ۔ بہت دینے والا اسراف
اَلقِذَمُّ والقُذَامُ مِنَ الآبَارِ: بہت پانی والا کنواں۔
بِئْرٌ قَذُوْمٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج قُذُمٌ
اَلقَذِیْمَۃُ۔ مال کا ایک حصہ جو آدمی کسی کو دے۔ ج قَذَائِمُ۔
اَلقُذْمُوْرُ۔ چاندی کا دسترخوان۔
اَلقَذَامِلُ۔ چوڑا۔ کشادہ۔
اَقْذَنَ۔ الرَّجُلُ: بہت عیب دار ہونا۔
قَذِیَ یَقْذٰی قَذًی و قَذْیًا نًا و قَذَیَانًا۔ آنکھ میں تنکا پڑنا۔ آنکھ کی صفت (قَذِیَۃٌ و قَذِیَّۃٌ و مَقْذِیَّۃٌ) ــــ الشَّرَابُ: پینے کی چیز میں تنکا پڑنا۔
قَذٰی یَقْذِیْ قَذْیًا و قَذٰی و قُذِیًّا و قُذِیَانًا۔ آنکھ کا کیچڑ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "قَذَتْ قَاذِیَۃٌ" لوگوں کی جماعت آئی۔
اَقْذٰی عَیْنَہٗ: آنکھ میں خس و خاشاک ڈالنا۔
قَذّٰی عَیْنَہٗ: آنکھ سے خس و خاشاک نکالنا۔
قَاذٰی مُقَاذَاۃً الرَّجُلَ: بدلہ دینا۔
اِقْتَذٰی۔ الطَّائِرُ: سر کھجلاتے ہوئے آنکھ سے تنکا نکالنا۔
اَلقَذٰی۔ تنکا۔ خس و خاشاک۔ محاورہ ہے "فُلَانٌ یُغْضِیْ عَلَی القَذٰی" یعنی فلاں ظلم برداشت کرتا ہے اور شکایت نہیں کرتا۔ "صَارَ الاَمْرُ قَذًی فِیْ عَیْنِہٖ" یعنی معاملے نے اس کو تکلیف پہنچائی اور اس نے اس کے ازالہ کی کوشش کی۔ اور امثالِ عرب میں سے ہے "یُبْصِرُ اَحَدُکُمُ القَذٰی فِیْ عَیْنِ اَخِیْہِ وَیَعْمٰی عَنِ الجِذْعِ فِیْ عَیْنِہٖ": دوسرے کی آنکھ کا تنکا دیکھتا ہے اور اپنی آنکھ میں شہتیر نہیں دیکھتا۔ یعنی دوسرے کے تو چھوٹے چھوٹے عیوب پر نظر رکھتا ہے مگر اپنے بڑے بڑے عیوب کو نظر انداز کرتا ہے۔
اَلقَذَاۃُ۔ تنکا۔ خس و خاشاک۔
اَلقَوَاذِیْ۔ جمع ہے قَاذِیَۃٌ کی۔ قَاذِیَۃٌ لوگوں کی جماعت جو اول تمہارے پاس آئے۔
اَلقَذِیُّ۔ باریک خاک۔ ج قُذْیٌ و اَقْذَاءٌ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَذِیُّ العَیْنِ": وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو۔
اَلاَقْذَاءُ۔ معمولی درجہ کے لوگ۔
قَرَّ (س ن ض) قَرًّا۔ الیَوْمُ: دن کا ٹھنڈا ہونا (قَرَّ (ن ض) قَرًّا) القِدْرُ: ہانڈی میں ٹھنڈا

پانی ڈالنا — عَلَيْہِ المَاءَ: ٹھنڈا پانی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے قَرَّ الکَلَامَ فِي أُذُنِہٖ کان سے منہ لگا کر بات کی۔

قَرَّتْ (ن) قَرِيرًا۔ الحَيَّۃُ: سانپ کا پھنکارنا (— قَرًّا و قَرِيرًا) الدَّجَاجَۃُ: مرغی کی کڑکڑاہٹ کا بند ہونا۔

قَرَّتْ (س ض) قُرَّۃً و قَرَّۃً و قُرُورًا و قَرَارَۃً عَيْنُہٗ: خوشی کی وجہ سے آنکھیں ٹھنڈی ہونا۔ شخص کی صفت قَرِيرٌ اور آنکھ کی صفت قَرِيرَۃٌ۔

قَرَّ (س ض) قَرَارًا و قُرُورًا و قَرًّا و تَقْرَارًا و تَقِرَّۃً۔ فِي المَكَانِ اور عَلَى الأَمْرِ: قرار پکڑنا۔ ثابت رہنا۔ ٹھیرنا۔

قُرَّ قَرًّا و قُرًّا۔ سردی زدہ ہونا۔

قَرَّرَہٗ۔ بِالأَمْرِ: اقرار کرانا — ہٗ عَلَى الحَقِّ: حق منوانا — ہٗ فِي المَكَانِ اور عَلَى العَمَلِ: ٹھیرانا۔ باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے قَرَّرْتُ عِنْدَہُ الخَبَرَ حَتَّى اسْتَقَرَّ یعنی میں نے اس کے پاس خبر کو ثابت کیا۔

قَارَّہٗ مُقَارَّۃً الرَّجُلَ: موافقت کرنا۔ قَارَّ فِي الصَّلَاۃِ: سکون اختیار کرنا۔ حرکت وغیرہ نہ کرنا۔

أَقَرَّ إِقْرَارًا۔ فُلَانًا فِي المَكَانِ: ٹھیرانا — العَامِلَ عَلَى العَمَلِ: کام پر باقی رکھنا — بِالحَقِّ: مان لینا۔ اقرار کرنا — الكَلَامَ لَہٗ: بیان کرنا — الطَّائِرَ فِي عُشِّہٖ: پرندہ کو گھونسلے میں باقی رکھنا — اللّٰہُ عَيْنَہٗ و بِعَيْنِہٖ: آنکھیں ٹھنڈی کرنا یعنی خواہش کے مطابق دینا اور کامیاب کرنا — الرَّجُلُ: ٹھیرنا۔ تابعدار ہونا۔ ٹھنڈک میں داخل ہونا — اللّٰہُ الرَّجُلَ: سردی پہنچانا۔ سردی زدہ کو خلاف قیاس مَقْرُورٌ کہتے ہیں اور مُقَرٌّ نہیں کہا جاتا — القِدْرَ: ہانڈی سے چمٹی ہوئی چیز کو اتارنا۔ أَقَرَّتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا حمل ٹھیرنا۔ صفت مُقِرٌّ۔

تَقَرَّرَ: ثابت ہونا۔ تَقَرَّرَ القُرَّۃَ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو لینا اور سالن بنانا۔

تَقَارَّ۔ فِي المَكَانِ: ٹھیرنا اور ثابت رہنا۔

اِقْتَرَّ۔ فُلَانًا فِي العَمَلِ و عَلَيْہِ: باقی رکھنا — الرَّجُلُ: ہانڈی کی چمٹی ہوئی چیز کو سالن بنانا۔ ٹھنڈے پانی سے نہانا۔

اِقْتَرَّتْ و تَقَرَّرَتِ الإِبِلُ: آسودہ ہونا بہت موٹا ہونا۔

اِسْتَقَرَّ۔ بِالمَكَانِ: ٹھیرنا۔ ثابت رہنا۔

القَرُّ۔ مص۔ مردوں کی سواری جو کجاوہ اور زین کے درمیان ہوتی ہے اور کہا گیا ہے کہ ہودج کو کہتے ہیں۔ قَرُّ الثَّوْبِ: کپڑے کی تہ۔ يَوْمُ القَرِّ ماہ ذی الحجہ کی گیارہویں تاریخ کہ اس روز حاجی منیٰ میں ٹھیرتے ہیں۔ يَوْمٌ قَرٌّ: ٹھنڈا دن لَيْلَۃٌ قَرَّۃٌ و قِرَّۃٌ: ٹھنڈی رات۔ القَرَّانِ: صبح شام

القُرُّ۔ ٹھنڈک۔ کسی جگہ میں قرار۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ اور اسی سے ہے وَقَعْتَ بِقُرِّكَ یعنی جس چیز کے تم خواہش مند اور امیدوار تھے اس کو تم نے پالیا۔ مثلاً طالب قصاص سے جب کہ وہ قصاص لے لے تو کہا جاتا ہے۔

القُرُّ: ایک لمبا سا کیڑا جو پانی کی سطح پر چلتا رہتا ہے اور اس سے قُرْ قُرْ کی آواز نکلتی ہے اسی وجہ سے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔

القَرَارِيُّ۔ درزی۔ قصائی۔ شہری جو کسی کا احسان نہ لے اور ہر پیشہ ور۔

القَرَارُ و القَرَارَۃُ۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ سکون و اطمینان حاصل ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے صَارَ الأَمْرُ إِلَى قَرَارِہٖ یعنی انتہا کو پہنچ گیا۔ القَرَارُ: کسی مسئلہ میں جس پر رائے ٹھیرے۔ أَہْلُ القَرَارِ: شہری لوگ کہ وہ اپنے مکانوں میں قیام کرتے ہیں۔ بخلاف اہل بدو کے کہ وہ خانہ بدوش ہوتے ہیں دَارُ القَرَارِ: دار آخرۃ۔ القَرَارَۃُ: پستہ قد گول گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

القُرَّۃُ۔ قُرٌّ کا اسم نوع۔ ٹھنڈک۔ عرب کے امثال میں سے ہے حَرَّۃٌ تَحْتَ قُرَّۃٍ اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو ضمیر کے خلاف ظاہر کرے۔

القُرَّۃُ۔ اور قُرَّۃُ العَيْنِ: ایک قسم کی گھاس جو پانی کے بہنے کی جگہ میں ہوتی ہے اور ہر چیز کے علاوہ ہے اس لئے کہ ہر چیز کڑوی اور یہ میٹھی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے ہُوَ قُرَّۃُ عَيْنِي وہ میری آنکھوں کے لئے ٹھنڈک ہے۔ أَبُو قُرَّۃَ: گرگٹ کی کنیت۔ اس لئے کہ سردی کا غلبہ اس پر بہت ہوتا ہے اور اسی وجہ سے یہ ہمیشہ آفتاب کے سامنے رہتا ہے۔

القُرَّۃُ و القِرَّۃُ و القُرَّۃُ۔ مینڈک۔

القُرَّۃُ و القُرَارَۃُ و القُرَّۃُ و القُرَارَۃُ ہانڈی کی تلی میں جو لگ جائے۔ ہانڈی کی کھرچن

القُرِّيُّ۔ سخی جو پرہیز کرنے کے باوجود واقع ہو جائے۔

القُرَّۃُ و القِرَارَۃُ و القُرَارَۃُ و القُرَارَۃُ و القُرُورَۃُ۔ پانی جو پکا لینے کے بعد ہانڈی میں ڈالا جائے تاکہ جلنے نہ پائے۔

القُرُورُ۔ ٹھنڈا پانی۔

القَارُورَۃُ۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ تر یا خشک کھجوروں کا برتن۔ شراب کا برتن ج قَوَارِيرُ۔

التَّقْرَارُ و التَّقِرَّۃُ۔ ثبوت۔ سکون۔

القَارُّ۔ قَا — يَوْمٌ قَارٌّ: ٹھنڈا دن۔

القَارَّۃُ۔ مؤنث قَارٌّ۔ عَيْنٌ قَارَّۃٌ: ٹھنڈی آنکھ۔ کنایہ ہے مسرور ہونے سے۔

الأَقَرُّ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے أَيُّ الأَيَّامِ أَقَرُّ کون سا دن ٹھنڈا ہے۔

المَقَرُّ۔ ٹھیرنے کی جگہ ج مَقَارُّ۔ مَقَرُّ البِئْرِ: کوئیں کی تلی میں گڑھا جس میں پانی جمع ہوتا ہے

المَقَرَّۃُ۔ پانی کا حوض۔ گھڑا۔

المَقْرُورُ۔ ٹھنڈا۔ سردی زدہ۔

قَرَأَ (ف ن) قَرْءًا و قِرَاءَۃً و قُرْآنًا و بِالكِتَابِ و اقْتَرَأَ الكِتَابَ: پڑھنا۔ قَرَأَ (ف۔ ن) قِرَاءَۃً عَلَيْہِ السَّلَامَ: سلام پہنچانا۔ اور امر کی صورت میں اِقْرَأْ عَلَيْہِ السَّلَامَ کہا جاتا ہے۔ اور اس کا تعدیہ بنفسہ غلط ہے اس واسطے أَقْرِأْہُ السَّلَامَ نہیں کہنا چاہئے۔ قَرْءًا و قُرْآنًا) الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا — النَّاقَۃُ اونٹنی کا حاملہ ہونا — الحَامِلُ: حاملہ کا جننا۔

قَارَأَہٗ قِرَاءً و مُقَارَأَۃً۔ شریک درس ہونا

أَقْرَأَہٗ إِقْرَاءً۔ الرَّجُلَ: پڑھانا — ہٗ السَّلَامَ: سلام پہنچانا۔ أَقْرَأَ مِنَ السَّفَرِ: سفر سے واپس ہونا — الأَمْرُ: قریب ہونا — عَنْہُ: پھرنا۔

— النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا — الرَّجُلُ: عبادت کرنا — الحَاجَۃَ: ضرورت کو مؤخر کرنا۔ أَقْرَأَتِ الرِّيَاحُ: ہوا کا وقت پر چلنا — زیادہ پیچھے ہٹنا — الحَاجَۃُ: حاجت کا مؤخر ہونا

تَقَرَّأَ۔ عبادت کرنا۔ فقیہ ہونا۔ عالم ہونا۔

اِسْتَقْرَأَ اِسْتِقْرَاءً۔ فُلَانًا: پڑھنے کے لئے کہنا — الأُمُورَ: معرفت احوال کے لئے تتبع و تلاش کرنا۔

القِرَاءَۃُ۔ مص۔ پڑھنے کی کیفیت ج قِرَاءَات

القَرْءُ۔ وقت۔ قافیہ۔ ج أَقْرَاءٌ و قُرُوْءٌ و أَقْرُؤٌ أَقْرَاءُ الشِّعْرِ: شعر کے انواع اور بحریں اور شعر کے مقاصد۔

القِرْأَۃُ۔ وبا۔

القُرْآنُ۔ کلام اللہ

القَارِئُ۔ فا۔ عبادت گذار ج قُرَّاءٌ و قَارِئُوْنَ و قَرَأَۃٌ۔

الأَقْرَأُ۔ عمدہ طریقہ سے پڑھنے والا۔ زیادہ پڑھنے والا۔

القَرَّاءُ۔ اچھا پڑھنے والا۔ ج قَرَّاءُوْنَ۔

القُرَّاءُ۔ عبادت گذار ج قُرَّاءُوْنَ و قَرَارِيُّ

المَقْرُوْءُ و المَقْرِيُّ و المَقْرَاءُ۔ جو چیز پڑھی جائے۔

المِقْرَأُ۔ پڑھنے کے وقت جس پر کتاب رکھی جائے جیسے ڈسک۔ رحل وغیرہ۔

المُتَقَرِّیْ۔ عبادت گذار۔

القَرْءُ و القُرْءُ۔ حیض۔ طہر۔ وقت حیض۔ وقت طہر۔ ج أَقْرَاءٌ و قُرُوْءٌ و أَقْرُؤٌ یا قُرُوْءٌ بمعنے طہر کی جمع قُرُوْءٌ اور قُرُوْءٌ بمعنی حیض کی جمع أَقْرَاءٌ۔

قَرُبَ (س)، و قَرُبَ (ک)، قُرْبًا و قُرْبَانًا و قِرْبَانًا۔ قریب ہونا قَرُبَہٗ و قَرُبَ مِنْہُ و إِلَيْہِ: قریب ہونا۔

قَرِبَ (س)، قَرَبًا۔ کوکھ کے درد والا ہونا

قَرَبَ (ن)، قَرْبًا۔ السَّيْفَ: تلوار کو میان میں داخل کرنا۔ میان بنانا۔ صفت قَارِبٌ اور صفت مفعول مَقْرُوْبٌ۔

أَقْرَبَ الإِنَاءَ: برتن کا بھرنے کے قریب کرنا۔ أَقْرَبَتِ الحَامِلُ: حاملہ کا جننے کے قریب ہونا۔

— قِرَابًا: میان بنانا — الرَّاعِي الإِبِلَ: گھاٹ پر پہنچنے کے لئے رات کو لے کے چلنا۔ راعی کو قَارِبٌ کہتے ہیں۔ مُقْرِبٌ نہیں۔ اور اونٹوں کو قَوَارِب کہتے ہیں مُقْرِبَۃ نہیں۔

قَرَّبَہٗ۔ قریب کرنا — ہ الأَمِيْرُ: خاص لوگوں میں کر بنا لینا۔ قَرَّبَ القُرْبَانَ لِلّٰہِ: قربانی کرنا۔ قَرَّبَ فُلَانًا: حَيَّاكَ اللّٰہُ و قَرَّبَ دَارَكَ کہنا — الفَرَسُ: دلکی چلنا — الرَّجُلُ: کوکھ کے درد والا ہونا۔

قَارَبَہٗ مُقَارَبَۃً۔ قریب ہونا۔ خوش کلامی کرنا۔ قَارَبَ فِي الأَمْرِ: غلو کو چھوڑ دینا اور میانہ روی اختیار کرنا۔

تَقَرَّبَ تَقَرُّبًا و تِقِرَّابًا إِلَى اللّٰہِ بِالقُرْبَانِ قربت ڈھونڈنا — الرَّجُلُ: کوکھ پر ہاتھ رکھنا۔ اور کہا جاتا ہے تَقَرَّبْ يَا رَجُلُ یعنی جلدی کر۔ اور کہا گیا ہے کہ یہ امر ہی کے ساتھ خاص ہے۔

تَقَارَبَا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ تَقَارَبَ الزَّرْعُ: کھیتی کا پکنے کے قریب ہونا۔

تَقَارَبَہٗ۔ قریب ہونا۔

اِقْتَرَبَ الوَعْدُ: قریب ہونا — الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

اِسْتَقْرَبَ الشَّيْءَ: قریب سمجھنا۔

القُرْبُ و القُرَابُ۔ نزدیکی۔

القُرْبُ و القُرُبُ۔ کوکھ۔ ج أَقْرَابٌ۔

القَرَبُ۔ کنواں جس کا پانی قریب ہو ج أَقْرَابٌ (— و القِرَابَۃُ) گھاٹ پر پہنچنے کیلئے رات میں چلنا۔

القُرْبَۃُ و القُرُبَۃُ۔ نیک افعال جن کر اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو۔ ج قُرَبٌ و قُرُبَات القُرْبَۃُ: جگہ اور مرتبہ کی نزدیکی۔

القِرْبَۃُ۔ مشک ج قِرَبٌ و قِرْبَات و قِرَبَات و قِرِبَات اور مثل ہے لَقِيْتُ مِنْہُ عَرَقَ القِرْبَۃِ یعنی مجھے اس سے بہت تکلیف ہوئی۔

القِرَابُ۔ میان ج قُرُبٌ و أَقْرِبَۃٌ۔

قِرَابُ الشَّيْءِ و قُرَابُہٗ۔ اندازے میں برابر

القُرَابُ و القُرَابَۃُ: قریب۔ کہا جاتا ہے مَا ہُوَ بِشَبِيْہِكَ وَلَا بِقُرَابَۃٍ مِنْكَ نہ تو وہ تمہارے مشابہ ہے اور نہ تم سے قریب ہے۔

القُرْبَى و القَرَابَۃُ و القُرَابَۃُ۔ رشتہ داری اور کہا جاتا ہے فِي الإِنَاءِ قُرْبَۃٌ جب کہ بھرنے کے قریب ہو۔

القُرْبَانُ۔ ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے۔ چاہے ذبیحہ ہو یا کچھ اور بادشاہ کا خاص ہم نشین۔ ج قَرَابِيْنُ۔

القُرْبَانُ مِنَ الآنِيَۃِ: برتن جو بھرنے کے قریب ہو۔ مؤنث قُرْبَى ج قِرَابٌ القُرْبَانُ: بادشاہ کا خاص ہم نشین

القَارِبُ۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی ج قَوَارِبُ۔ القَارِبُ: رات کو پانی ڈھونڈنے والا۔

القَرِيْبُ۔ نزدیک۔ رشتہ دار ج أَقْرِبَاءُ و قُرَابَى۔ مؤنث قَرِيْبَۃٌ ج قَرَائِبُ۔ القَرِيْبُ: اشعار کی ایک بحر کا نام ہے جو عجمیوں کا استعمال میں ہے۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا قُرَابَى وہ سب قریب قریب آئے اور یہ قریب کی جمع خلاف قیاس ہے۔

الأَقْرَبُ۔ اسم تفضیل۔

أَقْرِبَاءُ الرَّجُلِ و أَقَارِبُہٗ و أَقْرَبُوْہُ۔ قریبی رشتہ دار۔

القَرَنْبَى۔ لمبی ٹانگوں کا کیڑا جو گبریلا کے مشابہ ہوتا ہے۔

التَّقْرِيْبُ۔ مص۔ ایک قسم کی دوڑ۔

المُقْرَبُ۔ مفعو مِنَ الخَيْلِ: عمدہ گھوڑا جس کی خوبی کی وجہ سے تھان قریب بنایا جائے۔ مؤنث مُقْرَبَۃٌ۔

المَقْرَبُ و المَقْرَبَۃُ۔ مختصر راستہ۔ المَقْرَبُ: رات میں چلنا۔

المُقْرِبُ۔ فا — مِنَ الحَوَامِلِ: جس کے جننے کا زمانہ قریب ہو۔ ج مَقَارِبُ و مَقَارِيْبُ۔

المَقْرَبَۃُ و المَقْرِبَۃُ و المَقْرُبَۃُ۔ رشتہ داری

المُقَارِبُ۔ فا۔ جید اور ردی کا درمیانہ۔ متوسط الحال۔

المُقَارِب۔ مغم۔ مِنَ الشَّائِعِ: سستا سامان

المُتَقَارِب۔ فا۔ ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فعولن آٹھ مرتبہ ہے۔ پستہ قد مرد۔

القَرَبُوتُ والقَرَبُوس۔ زین کا آگے پیچھے بلند حصہ۔ ج قَرَابِیس۔

القُرْبَجُ والقُرْبُق۔ شراب فروش کی دکان القُرْبُق: سبزی فروش کی دکان۔

القُرْبُز۔ حیلہ ساز۔

القَرَبُشُوش۔ گھر کا سامان۔

القُرْنُبضَة۔ پست قد عورت۔

قَرَثَ (ن ض) قَرْثًا وقُرُوثًا وقَرِثَ (س) قَرَثًا الدَّمُ: تر بتر خون خشک ہونا۔ زخم میں خون کا بگڑ جانا۔ مار کی وجہ سے بدھی پڑنا۔ قَرِثَ الظُّفُرُ: خون کا ناخن میں بگڑ جانا ۔۔۔ (الرَّجُلُ) غم یا غصہ کی وجہ سے چہرہ کا متغیر ہونا۔

قَرِتَ (ن) قُرُوتًا الرَّجُلُ: خاموش ہونا۔

القَارِت والمُقْتَرِت۔ جو چیز ملے اس کو کھانیوالا۔ دَمٌ قَارِتٌ: کھال اور گوشت کے درمیان خشک ہونے والا خون۔

القَارِتُ والقَرَّاتُ۔ عمدہ مشک۔

القَرَّت۔ مع۔ برف۔

قَرِثَ (س) قَرَثًا الرَّجُلُ: محنت کرنا اور کمانا

قَرُثَ (ض) قَرَثًا الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ سخت ہونا۔

القَرِیثُ۔ پھل کی ایک قسم۔

القَرْثُ۔ چھوٹا کوزہ۔

القَرْثَع۔ بے حیا عورت۔ بیوقوف عورت۔ شترمرغ۔ شیر۔ ایک دریائی جانور کا نام ہے جسکے بدن پر غلاف ہوتا ہے۔ نالائق مرد۔ عورت جس نے ایک آنکھ میں سرمہ لگایا ہو۔

القَرْثَل۔ پستہ قد۔ مؤنث قَرْثَلَة۔ چھوٹی پکھال

قَرَحَهُ (ف) قَرْحًا وقَرَّحَهُ۔ زخمی کرنا۔

قَرَحَ وقَرَّحَ البِئْرَ: جہاں پانی نہ نکلتا ہو کنواں کھودنا قَرَحَهُ بِالحَقِّ: حق سے پیش آنا۔ قَرَحَ النَّبَاتُ: کونپل نکلنا ۔۔۔ الأَرْضُ: سبزہ نکلنا شروع ہونا۔

قَرَحَ (ف) قُرُوحًا وقِرَاحًا وقَرِحَ (س) قَرَحًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پانچ سال کا ہونا۔

قَرِحَتْ (ف) قُرُوحًا وقِرَاحًا۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا حمل ظاہر ہونا۔ صفت قَارِحٌ۔

قَرِحَ (س) قَرْحًا۔ پھوڑوں والا ہونا۔ کہا جاتا ہے قَرِحَ قَلْبُهُ مِنَ الحُزْنِ اس کا دل غم سے زخمی ہو گیا قَرِحَتْ بِنْتُ الغُلَامِ: لڑکے کے دانت نکلنے کے قریب ہوئے۔

قَارَحَهُ مُقَارَحَةً۔ رو در رو ہونا۔

أَقْرَحَ الفَرَسُ: گھوڑے کا پنج سالہ ہونا۔

أَقْرَحَ القَوْمُ: آبلے ڈالنا۔ پھوڑے نکالنا۔

تَقَرَّحَ لِلأَمْرِ: تیاری کرنا ۔۔۔ الجَسَدُ: پھوڑے والا ہونا۔

اِقْتَرَحَ الخُطْبَةَ: فِي البَدِیهِ خطبہ دینا۔ الأَمْرَ: بغیر کسی نمونہ کے ایجاد کرنا ۔۔۔ الشَّیْءَ: بغیر سننے کے اپنی طرف سے استنباط کرنا۔ چننا اختیار کرنا ۔۔۔ البَعِیرَ: جس اونٹ پر کوئی سوار نہ ہوا سوار ہونا ۔۔۔ عَلَیْهِ كَذَا أو بِكَذَا: سختی سے اور بغیر سمجھے بوجھے سوال کرنا ۔۔۔ عَلَیْهِ كَذَا: بنوانے کی خواہش کرنا۔ کہا جاتا ہے اِقْتَرَحَ عَلَیْهِ صَوْتَ كَذَا اس سے اس نے فلاں آواز کی خواہش کی ۔۔۔ البِئْرَ: جہاں پانی نہ ہو کنواں کھودنا۔

القَرْحُ۔ مع۔ زخم۔ پھوڑا۔ سخت کھجلی جو اونٹ کے بچوں کو ہلاک کر دے۔ ج قُرُوحٌ۔

القَرْحُ۔ ہر چیز کا اول۔ نئے کنوئیں کا پہلا پانی۔ مہینے کی ابتدائی تین راتیں۔

القَرَحُ۔ مع۔ اونٹ کو خارش اور انسان کو چیچک نہ ہونے کی حالت۔

القُرْحَةُ والقَرْحَة۔ پرانا پھوڑا جس میں پیپ جمع ہو۔ قُرْحَةُ الشِّتَاءِ أو الرَّبِیعِ: جاڑے یا بہار کی ابتدا۔ القُرْحَةُ فِي وَجْهِ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی۔ کہا جاتا ہے هُوَ قُرْحَةُ أَصْحَابِهِ وہ اپنے ساتھیوں میں ممتاز ہے۔

القَرِحُ۔ پھوڑوں والا۔

القَرَاحُ۔ خالص پانی۔ بے پانی اور درخت کی زمین۔ ج أَقْرِحَة۔

القُرْحَانُ۔ شیر۔

القُرْحَانُ مِنَ الإِبِلِ: اونٹ جس کو کبھی خارش نہ ہوئی ہو ۔۔۔ مِنَ النَّاسِ: وہ شخص جس کو چیچک نہ ہوئی ہو۔

القُرْحَانُ والقُرَاحِيُّ۔ جو جنگ میں کبھی شریک نہ ہوا ہو۔ کہا جاتا ہے أَنْتَ قُرْحَانٌ وقُرَاحِيٌّ مِنَ الأَمْرِ: تم معاملہ سے علیحدہ ہو۔ صفت مؤنث قُرَاحِيَّةٌ۔ القُرَاحِيُّ: جو ہمیشہ بستی میں رہے اور جنگل کی طرف نہ جائے۔

القَرَاحِيَّتَانِ۔ دونوں کوکھ۔

القَارِحُ۔ فا۔ مِنْ ذِي الحَافِرِ: جس کے آرے دانت نکل آئے ہوں۔ ج قَوَارِحُ وقُرَّحٌ وقُرْحٌ ومَقَارِيحُ مؤنث قَارِحٌ وقَارِحَةٌ ج قَارِحَاتٌ وقَوَارِحُ۔

القَارِحُ: شیر۔ کمان جو تانت سے دور ہو۔ قَارِحُ الفَرَسِ: وہ دانت جس کے نکلنے کے بعد اس کو قارح کہا جائے۔

القَرِیحُ۔ زخمی۔ ج قَرْحَى وقَرَاحَى۔ خالص پانی وغیرہ۔ پہلا بادل جو ظاہر ہو۔ قَرِیحُ السَّحَابَةِ: بارش بوقت نزول۔

القَرِیحَةُ۔ ہر چیز کا اول۔ کنوئیں کا پہلا پانی ۔۔۔ مِنَ الإِنْسَانِ: طبیعت۔ قَرِیحَةُ الشَّاعِرِ والكَاتِبِ: ملکۂ راسخہ۔ ج قَرَائِحُ۔

الأَقْرَحُ۔ اسم تفضیل ہے۔ فَرَسٌ أَقْرَحُ: وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں درہم کے برابر یا اس سے کم سفیدی ہو مؤنث قَرْحَاءُ ج قُرْحٌ۔ رَوْضَةٌ قَرْحَاءُ: سبزہ زار۔ سفید پھولوں والا باغ۔

المُقَرَّحُ۔ مفع ۔۔۔ مِنَ الطُّرُقِ: واضح راستہ (۔۔۔ والمُقْرَحُ) پھوڑوں والا۔ کہا جاتا ہے لَقِیتُهُ مُقَارَحَةً یعنی میں اس سے رو در رو ملا۔

القِرْحِیَاءُ۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔

القِرْوَاحُ۔ لمبے پاؤں کی اونٹنی۔ ج قَرَاوِیحُ القِرْوَاحُ: زمین مقابل آفتاب۔ زمین جو زراعت یا پودہ لگانے کے لئے خاص ہو۔

قَرِدَ (س) قَرَدًا۔ الأَدِیمُ: ادھوڑی کا کرم خوردہ ہونا ۔۔۔ الكُحْلُ فِي العَیْنِ: سرمہ کا پراگندہ ہونا ۔۔۔ أَسْنَانُهُ: چھوٹا ہونا اور مسوڑھے سے

طنا — الطَّعَامُ: بدمزہ ہونا — وتَقَرَّدَ الشَّعَرُ: بالوں کا گھنگریالے ہونا - ایک پر ایک جم کر نمدہ جیسا ہو جانا -

قَرِدَ واَقْرَدَ وقَرَّدَ - درماندگی سے خاموش ہنا زمین کو چپٹنا - قَرَّدَهُ - دھوکا دینا - قَرَّدَ البَعِيرَ: اونٹ کی چچڑی نکالنا - قَرَّدَ واَقْرَدَ إِلَيْهِ: تابعدار ہونا اَقْرَدَ المُتَحَرِّكُ: ساکن ہونا - اَقْرَدَ البَعِيرُ: چچڑی والا ہونا ایسی نرم چال چلنا جس سے سوار کو حرکت نہ ہو -

قَرَدَ (ض) قَرْدًا - المَالَ: جمع کرنا - کمائی کرنا — فِي السِّقَاءِ: مشکیزہ میں دودھ یا گھی جمع کرنا

القَرْدُ - مع پستہ قد - گردن -

القُرَادُ والقِرْدَانُ: چچڑی واحد - قُرَادَةٌ وقُرَادَةٌ جمع قِرْدَانٌ - القُرَادُ: پستان کا سرا - کہا جاتا ہے نَزَعْتُ قُرَادَ فُلَانٍ یعنی میں نے اس کو فریب دیا -

القِرْدُ - بندر، لنگور، جمع اَقْرَادٌ واَقْرُدٌ وقُرُودٌ و قِرَدٌ وقِرَدَةٌ وقِرْدَةٌ - مؤنث القِرْدَةُ - جمع قِرَدٌ -

القِرْدُ - مصاوٗن یا کتان کا ردی حصہ -

بٹی اتاری ہوئی کھجور کی شاخ - واحد قِرْدَةٌ -

القَرَدُ: زبان کا ہکلاپن - بادل کے متفرق چھوٹے چھوٹے ٹکڑے -

القَرِدُ - مِنَ الإِبِلِ: بہت چچڑی والا اونٹ گھنگھور کھنا - رَجُلٌ قَرِدُ الفَمِ: ایسا شخص جسکے دانت پیدائشی چھوٹے ہوں -

رَجُلٌ قَرُودٌ - ساکن مرد -

القَرَّادُ - بندر والا -

قَرْدَحَ قَرْدَحَةً - اقرار کرلینا - تابع و فرمانبردار ہونا اور باستعمال عوام ہتیار بنانا اور درست کرنا -

القَرْدَاحِيُّ والقِرْدَحِيُّ - ہتیار بنانے اور درست کرنے والا -

اِقْرَنْدَحَ لَهُ: جستجوئے گناہ کرنا -

القِرْدَحُ والقُرْدُوحُ - لنگور - بڑا بندر -

القَرْدَحَةُ والقُرْدُوحَةُ: نوجوان کے گلے کا ٹیٹوا -

المُقْرَنْدِحُ - فا - آمادۂ شرارت -

القَرْدَدُ - سخت اور بلند زمین جمع قَرَادِدُ - کہا جاتا ہے جَاءَ بِالحَدِيثِ عَلَى قَرْدَدِهِ" اس نے بات کو اپنے موقع پر کہا -

القُرْدُودُ - سخت اور بلند زمین - جمع قَرَادِيدُ القُرْدُودُ: انسان کی پیٹھ کا وسط -

القُرْدُودَةُ - سخت اور بلند زمین -

قُرْدُودَةُ الشِّتَاءِ: جاڑے کی شدت - قُرْدُودَةُ الظَّهْرِ: پیٹھ کا اعلیٰ حصہ -

القَرْدِيدَةُ - کلام کی سختی - پیٹھ کے درمیان کا خط - مرد کا سر - پہاڑ کی چوٹی - جمع قَرَادِيدُ -

قَرْدَسَ قَرْدَسَةً - مضبوط بانڈھنا -

قَرْدَسَ جِرْوَ الكَلْبِ: کتے کے پلے کو بلانا -

القَرْدَسَةُ - مع سختی - شدت -

القَرْدَعَةُ - خواری - ذلت -

القِرْدَعَةُ - گردن - کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِقِرْدِعَتِهِ" اس نے اس کی گردن پکڑلی -

القُرْدُوعُ - چھوٹی جوں -

القُرْدُوعَةُ - پہاڑ کی دراڑ کا گوشہ -

القَرْذَعُ - نادان عورت -

قَرَزَهُ (ن) قَرْزًا - کھرچنا - قَرَزَ التُّرَابَ و نَحْوَهُ: انگلیوں سے لینا -

القَرَزُ - مع - ٹیلہ - سخت زمین -

القُرْزُ - تیل کی شیشی -

القُرْزَةُ - ہر چیز کی ایک مٹھی -

القِرْزَحَةُ - پستہ قد عورت -

قَرْزَلَتِ المَرْأَةُ قَرْزَلَةً - بالوں کا جوڑا بنانا -

القِرْزِلُ - نالائق - کمینہ -

قَرْزَمَ الشَّاعِرُ شِعْرَهُ: ردی شعر کہنا -

القِرْزَامُ - گھٹیا شاعر -

المُقَرْزَمُ - حقیر - لئیم - فرومایہ - رَجُلٌ مُقَرْزَمٌ: گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد مرد -

القُرْزُومُ - موچی یا موزہ بنانے والوں کا فرمہ

قَرِسَ (س) قَرَسًا - المَاءُ: پانی کا منجمد و سرد ہونا — البَرْدُ: تیز جاڑا ہونا — المَقْرُورُ: سخت سردی کی وجہ سے کام نہ کر سکنا -

قَرُسَ (ک) قَرَسًا - البَرْدُ: تیز جاڑا ہونا -

الرَّجُلُ: ٹھٹھرنا -

اَقْرَسَ - العُودُ: لکڑی کی تری کا اس کے اندر جم جانا - اَقْرَسَ البَرْدُ أَصَابِعَهُ: سردی کا انگلیوں کو سُن کردینا -

اَقْرَسَ وقَرَّسَ - البَرْدُ فُلَانًا: ٹھٹھرا دینا

اَقْرَسَ وقَرَّسَ المَاءَ: جما دینا -

القَرْسُ والقَرَسُ والقَرِيسُ - سخت سردی

القَرِسُ والقَرِيسُ: جما ہوا - کہا جاتا ہے اَصْبَحَ المَاءُ قَرِيسًا: پانی جم گیا -

القِرْسُ - چھوٹے مچھر -

القَارِسُ - فا - سخت سردی - شَيْءٌ قَارِسٌ و قَرِيسٌ: پرانی چیز -

القُرَاسُ والقُرَاسِيَةُ: مِنَ الإِبِلِ وَغَيْرِهَا: موٹا و مضبوط - کہا جاتا ہے لَهُمْ مُلْكٌ قُرَاسِيَةٌ و عِزٌّ قُرَاسِيَةٌ" ان کے لئے مضبوط مملکت اور پائدار عزت ہے -

القَرَاسِيَا - ایک درخت ہے جس کا پھل کالے انگور کی مانند ہوتا ہے - صاد سے بھی لکھا جاتا ہے دخیل -

القَرَسْطُونُ - روپیہ تولنے کا پیمانہ -

قَرَشَهُ (ن ض) قَرْشًا - کاٹنا - قَرَشَ الجَيْشَ بِالرِّمَاحِ: نیزہ مارنا — الشَّيْءَ: اِدھر اُدھر سے اکٹھا کرنا اور ملانا — مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا پانا — وقَرَشَ وتَقَرَّشَ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا - وقَرَّشَ بَيْنَهُمْ: برانگیختہ کرنا - اکسانا - چغل خوری کرنا وقَرَّشَهُ: قریش کی طرف منسوب کرنا -

اَقْرَشَ - بِهِ: چغلی کھانا - عیوب ظاہر کرنا -

اَقْرَشَتِ الشَّجَّةُ: بغیر چورہ ہونے کے ہڈی ٹوٹنا -

تَقَرَّشَ - المَالَ: جمع کرنا — عَنِ السَّيِّئَاتِ: برائیوں سے پرہیز کرنا - بچنا — الشَّيْءَ: اوّل اوّل لینا — الشَّيْءَ: چھینا - تَقَرَّشَ القَوْمُ: قوم کا جمع ہونا - تَقَرَّشَتْ وتَقَارَشَتِ الرِّمَاحُ: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا - تَقَارَشَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا اور اس کی جھنکار پیدا ہونا -

اِقْتَرَشَ - لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا - اِقْتَرَشَتِ الرِّمَاحُ: لڑائی میں نیزوں کا آپس میں گتھنا -

بہ چغل کھانا۔ نقصان پہنچانے کے لئے
کوشش کرنا۔
القَرِیش۔ جو ادھر اُدھر سے جمع کیا جائے
جہ قُرُوش — قَرِشُ الشَّیْءِ: چیز کی آواز۔
القِرش۔ پیاسٹر۔ ایک ترکی سکہ مساوی ۲؍
(دخیل)
القِرش والقُرَیش۔ ایک قسم کی مچھلی جسکو
کلبُ البحر بھی کہتے ہیں جو پانی کے اندر جانوروں
کو اپنے دانت سے تلوار کی طرح کاٹ دیتی ہے۔
قُرَیش۔ عرب کا مشہور قبیلہ اور نسبت
کے لئے قُرَشِیّ و قُرَیشِی۔
بناتُ قُوارِش۔ لڑائی میں گھسے ہوئے نیزے
جبنٌ قَرِیشٌ۔ سخت خشک پنیر۔
المُقْرَشَة مِنَ السِّنِین: سخت قحط کا سال
قَرَصَ (ن) قَرْصًا لَحْمَہٗ: چٹکی لینا — ہٗ
بِلِسانِہٖ: تکلیف دہ کلمات کہنا — الثَّوبَ
بالماءِ: انگلیوں کے پوروں سے دھونا —
البُرغُوثُ: پسو کا کاٹنا — قَرَصَتْہُ الحَیَّۃُ: سانپ
کا ڈسنا۔ قَرَصَ وقَرَّصَ الشَّیْءَ: کاٹنا —
العَجِینَ: گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے بنانا۔
قَارَصَہٗ و مُقَارَصَۃً۔ ایک دوسرے کو
چٹکی لینا۔
قَرِصَ (س) قَرَصًا۔ ہمیشہ غیبت کرنا اور
تکلیف دہ کلمات بولنا۔
القُرْص۔ روٹی کی ٹکیا۔ قُرْصُ الشَّمْسِ:
آفتاب کا گردہ۔ کہا جاتا ہے غابَ قُرْصُ الشَّمْسِ
آفتاب کی ٹکیہ غائب ہوگئی۔ جہ أَقْرَاص وقِرَصَۃ
وقِرَاص۔
القُرْصَۃ۔ روٹی کی ٹکیہ۔ جہ قُرَص۔
القَرِیص۔ کشتی کا لنگر۔
القُرَّاص۔ ایک روئیں دار گھاس جسکے
چھونے سے جلن ہوتی ہے۔ واحد قُرَّاصَۃ۔
القُرَّاص: بابونہ اور کہا جاتا ہے أَحْمَرُ قُرَّاصٌ
یعنی بہت سرخ۔
لجامٌ قُرَّاصٌ وقَرُوص۔ وہ لگام جو جانور
کو تکلیف دے۔

القَارِص۔ فا۔ مچھر کی مانند ایک جانور۔
القَارِصَۃ۔ قارِص کا مؤنث۔ کلمۃٌ قارِصۃٌ!
تکلیف دہ کلمہ۔ جہ قَوارِص۔
القُرُوصَۃ۔ چڑچڑاہٹ۔
المِقْرَاص۔ ٹیڑھے سر کی چھری۔
المُقَرَّص۔ مفعو — مِنَ الحُلِيّ وغیرِہا: ٹکیہ
کے مانند گول زیور۔
القُرْصَان۔ بحری ڈاکو (دخیل)
القَرَاصِیَا۔ بمعنی قراسیا۔
قَرْصَبَہٗ قَرْصَبَۃً۔ کاٹنا۔
القُرْصُد۔ وہ خوشہ جو دائیں کرنیکے بعد
باقی رہ جائے۔
قَرْصَعَ قَرْصَعَۃً۔ سکڑنا۔ پوشیدہ ہونا
بخل کی وجہ سے تنہا کھانا۔ باریک لکھنا۔ اور
سطروں کو قریب قریب کرنا — فی بَیْتِہٖ: بیٹھنا
اور سمٹنا — زَیْدًا فی ثِیابِہٖ: لپیٹنا۔
تَقَرْصَعَتِ المَرْأَۃُ: بری چال چلنا۔
اِقْرَنْصَعَ الرَّجُلُ: کپڑوں میں لپٹنا۔ سکڑنا
اور چھپنا۔
القَرْصَعْنَۃ۔ ایک خاردار درخت جس کو
شوکۃ ابراہیم بھی کہتے ہیں اور اس کی چند قسمیں
ہیں۔ ایک قسم سفید ہے جس میں پتے زیادہ اور
کانٹے تیز ہوتے ہیں۔
القُرْصَعْنَۃ۔ ایک قسم کی ترکاری جس میں
سرکہ اور زیتون کا تیل ملا کر کھاتے ہیں۔
تَقَرْصَفَ و اِقْرَنْصَفَ۔ جلدی کرنا۔
المُقْرَنْصِف۔ جلدی کرنے والا۔ شیر۔
القُرْصَافَۃ۔ پھرکی۔
القُرْصُوف۔ کاٹنے والا۔
قَرْصَمَہٗ۔ کاٹنا۔ توڑنا۔
قَرَضَہٗ (ض) قَرْضًا۔ بدلہ دینا۔ قرض
دینا۔ قَرَضَ الشِّعْرَ: شعر کہنا — الوادِیَ:
وادی کو طے کرنا — ہٗ: مقابلہ کرنا —
قَرَضَ فی سَیْرِہٖ: چلنے میں دائیں بائیں ہونا۔
— المَکانَ: علیحدہ ہونا۔ کہا جاتا ہے قَرَضَ
رِباطَہٗ یعنی مرگیا — وقَرَّضَ الشَّیْءَ: کاٹنا

قَرَضَ الفَارُ الثَّوبَ: چوہے کا کپڑے کو کترنا۔
قَرَّضَ فلانًا۔ مدح کرنا۔ مذمت کرنا۔
قَرِضَ (س) قَرَضًا۔ مرنا۔
قَارَضَہٗ قِرَاضًا و مُقَارَضَۃً۔ بدلہ دینا
برائی کا برائی سے مقابلہ کرنا — ہٗ فی المالِ:
مضاربت کرنا۔
أَقْرَضَہٗ۔ قرض دینا۔ اِقْرَضَ مِنْہُ: قرض لینا
تَقَارَضَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے کو برائی
یا بھلائی کا بدلہ دینا۔ تَقَارَضَا الشِّعْرَ: اپنے اپنے
اشعار کا پڑھنا۔ تَقَارَضَا الثَّناءَ: ہر ایک کا
دوسرے کی تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے تَقَارَضَ
القَرِینانِ النَّظَرَ یعنی ہر ایک نے دوسرے کو
کڑوی نگاہ سے دیکھا۔
اِنْقَرَضَ۔ ختم ہونا۔ کٹنا — القومُ: سب کا
ہلاک ہوجانا اور کسی کا باقی نہ رہنا۔
اِقْتَرَضَ۔ مِنْہُ: قرض لینا — عِرْضَہٗ:
غیبت کرنا۔
اِسْتَقْرَضَ مِنْہُ: قرض مانگنا۔
القَرْض والقِرْض۔ اچھا یا برا عمل جو پیش
کیا جائے جو مال تم کسی کو اس شرط پر دو کہ وہ
وقت معینہ پر تم کو واپس کردے۔ جہ قُرُوض۔
القُرَاضَۃ۔ کاٹنے میں جو گرے جیسے سونے
کے ذرات۔ کپڑے کی دھجی وغیرہ۔ قُرَاضَۃُ المالِ
ردی مال۔
التَّقْرِیض۔ شاعری۔
القَرِیض۔ کاٹا ہوا۔ شعر۔ جگالی۔
القَرَّاضَۃ۔ لوگوں کی غیبت کرنے والا۔
کیڑا جو اون کو چاٹ جاتا ہے۔
اِبْنُ مِقْرَض۔ نیولے کے مانند ایک جانور
جو اس سے بڑا اور سفید زردی مائل ہوتا ہے
اور چوہے خرگوش اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔
المِقْرَاض۔ قینچی۔ ایک پھل ہو جب تو
قَرَضْتُہٗ بالمِقْراضِ بولتے ہیں اور اگر دونوں پھل
ہوں تو قَرَضْتُہٗ بالمِقْراضِ نہیں کہتے بلکہ
قَرَضْتُہٗ بالمِقْراضَیْنِ کہتے ہیں۔ جہ مَقَارِیض
المَقَارِض۔ تھوڑی کھیتی۔ بڑے گھڑے۔

شراب کے برتن۔
القَاصِدَةُ - قاصد کا مؤنث - کہا جاتا ہے بَيْنَنَا وبَيْنَ المَاءِ لَيْلَةٌ قَاصِدَةٌ ہمارے اور پانی کے درمیان ایک رات کی مسافت ہے جس میں نہ تعب ہے اور نہ تاخیر ج قَوَاصِدُ۔

المُقْصَدُ - مفعو جو شخص بیمار ہو اور فوراً مر جائے۔

المَقْصِدُ - مکان - قصد - تم کہتے ہو إِلَيْكَ مَقْصِدِي تمہارا دروازہ میرے لئے جائے قصد ہے - ج مَقَاصِدُ۔

رَجُلٌ مُقْصِدٌ و مُقْتَصِدٌ - درمیانے جسم

کا نہ موٹا نہ لاغر۔

المُقَصِّلَۃُ ۔ مفعو۔ علامت جو اونٹوں کے کان میں ہوتی ہے۔

القَصْدِیرُ ۔ رانگا۔ ایک معدنی چیز ہے جس سے جڑائی اور قلعی کا کام لیا جاتا ہے۔ ایک ٹکڑے کو قَصْدِیرَۃٌ کہتے ہیں۔

قَصَرَ (ن) قُصُورًا الشَّیءُ : ناقص ہونا۔ ارزاں ہونا — عَنِ الشَّیءِ : رکنا اور عاجزی کی وجہ سے چھوڑ دینا — عَنہُ الغَضَبُ او الوَجَعُ : غضب یا درد میں سکون ہونا — السَّہمُ عَنِ الہَدَفِ : تیر کا نشانہ پر نہ پہنچنا — بِہِ البُغْیَۃُ : مقصود کو نہ پہنچانا — الطَّعَامُ : بڑھنا — السِّعرُ : گراں ہونا — قَصْرًا قَیدَ البَعِیرِ : تنگ کرنا — الصَّلاۃَ ومِنَ الصَّلاۃِ : چار رکعت کے بجائے دو رکعت پڑھنا — الشَّیءَ : روکنا — السِّتْرَ : پردہ لٹکانا — ہ اللَّیلُ : روکنا — الدَّارَ : گھر کو دیواروں سے محفوظ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے قَصَرَتْ بِکَ کَذا نَفْسُکَ : جبکہ تم شی قلیل کر مانگو۔

قَصَرَہٗ (ض) قَصْرًا ۔ فِی حَبْسِہِ : قید کرنا ہ عَلَی الاَمرِ : لوٹانا۔ واپس کرنا۔ قَصَرَ الشَّیءَ عَلَی کَذا : منحصر کرنا۔ محدود کرنا۔ قَصَرَ نَفْسَہٗ عَلَی کَذا : دوسری کی طرف نگاہ نہ اٹھانا — الکَلامُ : مختلط ہونا۔ وَقَصَرَ عَلَی نَفْسِہِ نَاقَۃً : اپنے لئے خالص کر لینا۔ ناقہ کو مَقْصُورَۃٌ کہیں گے — الشَّیءَ : چھوٹا کرنا

قَصُرَ (ک) قِصَرًا و قِصَارًا و قَصَارَۃً ۔ چھوٹا ہونا۔

قَصِرَ (س) قَصَرًا ۔ خشک گردن والا ہونا۔ گردن میں درد ہونا۔ صفت قَصِرٌ و اَقْصَرُ ۔ مؤنث قَصِرَۃٌ و قَصْرَاءُ ۔

قَصَّرَ الشَّیءَ : چھوٹا کرنا — الثَّوبَ : کپڑے کو پیٹنا اور سفید کرنا — فِی الحَاجَۃِ : کم کرنا — فِی الاَمرِ : کوتاہی کرنا۔ قَصَّرَ عَنِ الاَمرِ : باوجود قدرت کے رکنا — مِن شَعرِہِ : بال چھانٹنا — عَنِ الشَّیءِ : طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے چھوڑنا — عَنہُ الوَجَعُ او الغَضَبُ : درد یا غصہ میں سکون ہونا۔

اَقْصَرَہٗ ۔ چھوٹا کرنا۔ طول کم کرنا — فُلانٌ : شام کے وقت داخل ہونا۔ اَقْصَرَتِ المَرْأَۃُ : چھوٹے چھوٹے بچے جننا۔ اَقْصَرَ المَطَرُ : بارش رک جانا — الکَلامَ : مختصر کلام کرنا — مِنَ الصَّلاۃِ : بجائے چار کے دو رکعت پڑھنا — وَتَقَاصَرَ عَنِ الاَمرِ : باوجود قدرت کے باز رہنا۔ تَقَاصَرَ الرَّجُلُ : کوتاہی ظاہر کرنا۔ تَقَاصَرَ الظِّلُّ : سایہ کا سمٹنا۔ تَقَاصَرَتْ نَفْسُہٗ : بتکلف چھوٹا بننا۔

تَقَصَّرَ بِفُلانٍ : مشغول ہونا۔

اِقْتَصَرَ عَلَی کَذا : اکتفا کرنا — القَصَرَۃَ : گردن کی جڑ پکڑنا۔

اِسْتَقْصَرَہٗ ۔ کوتاہ یا کوتاہی کرنیوالا سمجھنا

القَاصِرُ ۔ فا — ہ قَاصِرٌ : گھاس سے دور اور بقول بعض نزدیک۔ کَلأٌ قَاصِرٌ : گھاس کہ اس کے اور پانی کے درمیان میں کتے کی آواز کے پہنچنے کا فاصلہ ہو۔

القَاصِرَۃُ ۔ قاصر کا مؤنث۔ امْرَأَۃٌ قَاصِرَۃُ الطَّرْفِ : عورت جو اپنی نگاہ کو صرف اپنے شوہر ہی پر مرکوز رکھے

القَصْرُ ۔ بہت بڑا گھر۔ محل۔ قَصْرُ المَجْدِ : مجد و شرافت کی کان۔ ج قُصُورٌ۔

القِصَرُ ۔ چھوٹا پن۔

القُصْرُ والقُصَارُ والقُصَارَی والقُصَارَۃُ : غایت۔ انتہا۔ کہا جاتا ہے قُصْرُکَ اور قُصَارُکَ اور قُصَارَکَ اور قُصَارَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذا : تمہاری انتہائی طاقت یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔ کہا جاتا ہے ہُوَ ابنُ عَمِّی قُصْرَۃً اور قُصْرَۃً : وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔

القَصَرُ والقَصَرَۃُ والقُصَارَی والقِصْرَی والقُصَارَۃُ ۔ غلہ کا کوڑا کرکٹ جو بھوسی میں باقی رہ جائے۔ دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانہ باقی رہ جائے۔

القُصَیرَی والقُصَرَی ۔ سانپ کی ایک قسم۔ والقُصْرَی ۔ آخر امر۔

القُصْرَیَان ۔ پسلی کی دو ہڈیاں جو جنب گردن کے قریب ہیں۔

القُصْرِیُّ والقَصَرِیُّ ۔ دائیں کرنے کے بعد خوشہ میں جو دانے باقی رہ جائیں۔ اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ قُصْرِیٌّ یعنی خاص اور اسی کی نظیر ہے رَجُلٌ جُمْعِیٌّ یعنی عام۔

القَصَرَۃُ ۔ لکڑی کا ٹکڑا۔ پرندہ کی دم کی جڑ۔ گردن کی موٹی جڑ۔ ج قَصَرٌ و اَقْصَارٌ و قَصَرَاتٌ۔ القَصَرَۃُ : کاہلی۔ سستی۔

القَصَارَۃُ ۔ کشادہ۔ مضبوط مکان۔ قُصَارَۃُ الاَرضِ : زمین کا زرخیز ٹکڑا۔

القِصَارَۃُ ۔ دھوبی کا پیشہ۔ پست قد عورت۔ کہا جاتا ہے امْرَأَۃٌ قِصَارَۃٌ یعنی پست قد عورت۔

قَیْصَرُ ۔ شاہان روم کا لقب ج قَیَاصِرَۃٌ۔

التِّقْصَارُ والتِّقْصَارَۃُ ۔ ہار۔ مالا ج تَقَاصِیرُ

القَصِیرُ ۔ چھوٹا۔ چھوٹے قد والا۔ السَّیلُ القَصِیرُ : سیلاب جو وادی کو نہ بھرے۔ قَصِیرُ العِلمِ : کم علم۔ ج قِصَارٌ و قُصَرَاءُ ۔ مؤنث قَصِیرَۃٌ ج قِصَارٌ و قَصِیرَاتٌ و قَصَائِرُ ۔ الاَحادِیثُ القِصَارُ : جامع اور مفید باتیں۔

القَصِیرَۃُ والقُصُورَۃُ والمَقْصُورَۃُ مِنَ النِّسَاءِ : وہ عورت جسکو گھر سے باہر نکلنے کی اجازت نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے ہُوَ ابنُ عَمِّی قَصِیرَۃً : وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔

القَصَّارُ ۔ اسم مبالغہ۔ دھوبی۔

الاَقْصَرُ ۔ اسم تفضیل۔ ج اَقَاصِرُ و اَقْصَرُونَ مؤنث قُصْرَی ج قُصَرٌ و قُصْرَیَاتٌ۔

الاُقَیْصِرُ ۔ بعض عرب کے ایک بت کا نام

المِقْصَرُ والمِقْصَرَۃُ ۔ دھوبی کا تختہ۔

المَقْصِرُ والمَقْصَرُ والمَقْصَرَۃُ ۔ شام۔ ج مَقَاصِرُ و مَقَاصِیرُ ۔ مَقَاصِیرُ الطُّرُقِ : راستے کے اطراف۔ واحد مَقْصَرَۃٌ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ جَارِی مُقَاصِرِی یعنی اس کا محل میرے محل کے مقابل ہے۔

المَقَاصِرُ ۔ درخت کی جڑیں۔ واحد مَقْصُورٌ ۔

المَقْصُورَۃُ ۔ مضبوط کشادہ مکان۔ حویلی۔ دلہن کا مخصوص کمرہ۔ مَقْصُورَۃُ البِنَاءِ : کمرہ ج مَقَاصِیرُ اور کہا جاتا ہے ہُوَ ابنُ عَمِّی مَقْصُورَۃً : وہ میرا قریبی چچازاد بھائی ہے۔

قَصَعَ (ف) قَصْعًا ۔ پانی کے گھونٹ نگلنا

— الْقَمْلَةَ بِظُفُرِهٖ : جوں کا ناخن سے مار ڈالنا قَصَعَتِ الرَّحَى الْحَبَّ : چکی کا دانہ کو پیسنا۔ — الرَّجُلَ : ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔ قَصَعَ الرَّجُلَ اَوْ دَمَاغَهٗ : سر پر پتھر مارنا۔

قَصِعَ وَقَصَّعَ الْبَيْتَ : لازم رہنا — الْمَاءُ عَطَشَهٗ : بجھانا۔ کہا جاتا ہے قَصَعَ اَوْ قَصَّعَ الشَّيْطَانُ فِي قَفَاهُ یعنی غضبناک ہوا اور بدخلق ہوا۔ قَصَّعَ وَ قَصَّعَ الْجُرْحُ بِالدَّمِ : زخم کا خون سے بھرنا — النَّاقَةُ بِجِرَّتِهَا : جگالی کو لوٹا دینا۔ قَصَّعَ الرَّجُلُ فِي ثَوْبِهٖ : کپڑے میں لپٹنا۔ قَصَّعَ الضَّبُّ : گوہ کا سوراخ کے منہ کو بند کر دینا۔ قَصَّعَ الزَّرْعُ مِنَ الْاَرْضِ : اُگنا

قَصِعَ (س) قَصَعًا وَقَصُعَ (ک) قَصَاعَةً الْغُلَامُ : جوان ہونے میں تاخیر ہونا۔

تَقَصَّعَ الْجُرْحُ بِالدَّمِ : زخم کا خون سے بھرنا — الْبَيْتَ : لازم رہنا — الْيَرْبُوعُ التُّرَابَ : جنگلی چوہے کا سوراخ سے مٹی نکالنا۔

الْقَصْعَةُ - پیالہ۔ ج قِصَعٌ وَقِصَاعٌ وَقِصْعَاتٌ

الْقَصَّاعُ - کاسہ ساز۔ پیالہ بنانے والا۔

الْقُصَعَةُ - ج قُصَعٌ (و الْقُصَعَةُ وَالْقُصَعَاءُ وَالْقُصَاعَةُ وَالْقَاصِعَاءُ) ج قَوَاصِعُ وَالْقُصَيْعَاءُ جنگلی چوہے کا بل۔

الْغُلَامُ الْقَصِيعُ - مؤنث قَصِيعَةٌ وَقَصِعٌ وَ الْقَصِعُ مؤنث قَصِعَةٌ وَالْمَقْصُوعُ : مؤنث مَقْصُوعَةٌ : دیر میں جوان ہونے والا۔

الْمِقْصَعُ مِنَ السُّيُوفِ : شمشیر براں۔

اِقْصَعَلَّتِ الشَّمْسُ : آفتاب کا وسطِ آسمان میں پہنچنا

الْقُصْعُلُ - کمینہ۔ نااہل۔ بچھو۔ بچھو کا بچہ۔ بھیڑیے کا بچہ۔

قَصَفَ (ض) قَصْفًا الشَّيْءَ : توڑنا — الشَّيْءُ : ٹوٹنا — قَصْفًا وَقَصِيفًا) الرَّعْدُ : بادل کا زور سے گرجنا — الْبَعِيرُ : اونٹ کا دانت پیسنا اور بڑبڑانا۔

قَصَفَ (ن) قَصْفًا وَقُصُوفًا - کھانے پینے کھیل کود میں زیادہ مشغول رہنا۔

قَصِفَ (س) قَصَفًا الْعُودُ : کمزور و ضعیف ہونا۔ صفت اَقْصَفُ وَقَصِفٌ — النَّبْتُ : لمبے ہونے کی وجہ سے جھک پڑنا — الرَّجُلُ : کمزور و ضعیف ہونا — الرُّمْحُ : نیزہ کا عرض میں پھٹ جانا — النَّابُ : دانت کا آدھا ٹوٹنا — الْقَنَاةُ : بغیر جدا ہوئے ٹوٹنا۔

قَصَّفَهٗ - توڑ دینا۔

اَقْصَفَ - الْعُودُ : نرم و باریک ہونا — اَقْصَفُوْا عَنْهُ : عاجز ہو کر چھوڑ دینا۔

تَقَصَّفَ - ٹوٹنا — عَلَيْهِ الْقَوْمُ : قوم کا اکٹھا ہونا — الْقَوْمُ : قوم کا جھگڑے یا دھمکی میں شور مچانا۔

تَقَاصَفَ الْقَوْمُ : اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔

اِنْقَصَفَ - ٹوٹنا — السَّيْلُ : سیلاب کا رواں ہونا — الْقَوْمُ عَنْهُ : سستی کی وجہ کر چھوڑ دینا — عَلَيْهِ : پے در پے آنا۔

الْقَصْفُ وَالْقُصُوفُ - کھیل کود کھانے پینے میں مشغولیت۔ الْقَصْفُ : باجہ کی آواز۔ شور کھیل کود کا اعلان۔

الْقُصُوفُ وَالْقَصَفَةُ - اونٹ کی بڑبڑاہٹ، اونٹ کے دانتوں کی آواز۔

الْقَصَفَةُ - شہسواروں کی جماعتوں کا ایک دوسرے پر دباؤ۔ سیڑھی کا پایہ — مِنَ الْقَوْمِ : بھیڑ۔ ہجوم ج قَصَفٌ وَقِصْفَانٌ۔

الْقَاصِفُ - فا۔ رَعْدٌ قَاصِفٌ : بہت گرجنے والا بادل۔ رِيْحٌ قَاصِفٌ اَوْ قَاصِفَةٌ : بہت تیز ہوا۔

الْقَصِفُ - مرد سریع الانکسار۔ الْقَصِفُ الْبَطْنِ : بھوک کی تاب نہ رکھنے والا — (و الْقَصِيفُ) دو برابر حصوں میں ٹوٹا ہوا۔ الْقَصِيفُ : درخت کا ٹوٹا ہوا حصہ۔

الْاَقْصَفُ - وہ شخص جس کا دانت آدھے حصہ سے ٹوٹ جائے۔

الْمَقْصَفُ - کھانے پینے کھیل کود کی جگہ ج مَقَاصِفُ (مولدة)

قَصْفَلَ قَصْفَلَةً - الطَّعَامَ : سب کھا لینا

قَصْقَصَ - الشَّيْءَ : توڑنا — بِالْجَرْوِ : کتے کے پلے کو بلانا۔

تَقَصْقَصَ - اَثَرَهٗ : پیروی کرنا — كَلَامَهٗ : یاد کرنا۔

حَيَّةٌ قُصَقَاصٌ وَقُصَاقِصٌ خبیث سانپ

اَسَدٌ اَوْ رَجُلٌ قُصَاقِصٌ ج قَصَاقِصُ وَ قُصَاقِصَاتٌ (و قُصْقُصٌ وَقُصْقُصَةٌ وَقَصْقَاصٌ) موٹا یا پستہ قد شیر یا مرد۔

الْقُصْقُصُ - سینہ میں بال نکلنے کی جگہ۔ آواز۔

قَصَلَ (ض) قَصْلًا الشَّيْءَ : کاٹنا۔ صفت فاعل قَاصِلٌ۔ اور صفت مفعول قَصِيلٌ وَمَقْصُولٌ — الْحِنْطَةَ : گیہوں کا دائیں کرنا — الدَّابَّةَ وَعَلَيْهَا : جانور کو گھاس کھلانا۔ چارہ دینا — عُنُقَهٗ : گردن پر مارنا۔

تَقَصَّلَ وَانْقَصَلَ - کٹنا۔

اِقْتَصَلَ الشَّيْءَ : کاٹنا — الشَّيْءُ : کٹنا۔

اِقْتَصَلَ بِهٖ : قبضہ کرنا — بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔

الْقَصَلُ - مع (— و الْقِصْلُ وَالْقُصَّلُ وَالْقُصَالُ) گیہوں کا ردی حصہ جو پھینک دیا جائے یا دوبارہ دائیں کیا جائے۔ الْقِصْلُ : بے خبر۔ بیوقوف۔ کمزور۔ مؤنث قِصْلَةٌ۔

الْقَصَلَةُ وَالْقِصْلَةُ - اونٹوں کا گلہ۔

سَيْفٌ قَاصِلٌ وَقَصَّالٌ وَمِقْصَلٌ۔ شمشیر براں۔ لِسَانٌ مِقْصَلٌ : تیز زبان۔ الْقَصَّالُ : شیر۔

الْقَصِيلُ - سبز جو۔ جو کاٹ کر جانوروں کو چارہ دیا جائے۔ جماعت۔ ج قُصْلَانٌ۔ فقہاء کی اصطلاح میں قصیل وہ کھیتی جو ابھی تیار نہ ہوئی ہو۔

الْمِقْصَلَةُ - مار ڈالنے کا ایک آلہ جس میں چھری ہوتی ہے اور مجرم کے سر پر گرتی ہے۔

الْقُصْلُبُ - قوی۔ توانا۔

قَصَمَ (ض) قَصْمًا الشَّيْءَ : توڑنا۔ — الرَّجُلَ

ہلاک کرنا — فُلَانٌ: سفر توڑ دینا اور واپس آنا۔ اور کہا جاتا ہے قَصَمَ اللّٰہُ ظَهْرَ الظَّالِمِ اللہ ظالم کی پیٹھ کو توڑ دے یعنی اس پر کوئی مصیبت نازل کرے وقَصَمَ اللّٰہُ عُمُرَ الْكَافِرِ اللہ نے کافر کی زندگی ختم کردی۔

قَصِمَتْ (س) قَصَمًا۔ سِنُّهٗ: اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔

تَقَصَّمَ وانْقَصَمَ۔ ٹوٹنا۔

الْقَصَمُ۔ اگلے دانت کا نصف سے ٹوٹنا۔ ٹڈی کے انڈے۔ واحد قَصَمَةٌ۔

الْقِصْمَةُ والْقُصْمَةُ۔ ٹکڑا۔

الْقَصْمَةُ۔ قَصَمَ کا اسم مرۃ۔ سیڑھی کا پایہ ٹکڑا کہا جاتا ہے نَزَلَتْ بِهِمْ قَاصِمَةُ الظَّهْرِ یعنی ان پر ہلاکت واقع ہوئی۔

الْقَصِمُ والْقَصِيمُ۔ جلدی ٹوٹنے والا کمزور۔

الْقَصِيمَةُ۔ قَصِيمٌ کا مؤنث۔ ریتلی زمین جس میں کثرت سے غضا کے درخت ہوں۔ ج قُصُمٌ وقَصَائِمُ۔ کہا جاتا ہے ذَهَبُوا يَحْتَطِبُونَ فِي الْقَصِيمِ وہ لوگ غضا درخت کی لکڑیوں کو چن رہے تھے۔

الْقُصَمُ۔ ہر چیز کو توڑ دینے والا۔

الْاَقْصَمُ۔ وہ شخص جس کا اگلا دانت ٹوٹا ہوا ہو۔ مؤنث قَصْمَاءُ ج قُصْمٌ۔ الْقَصْمَاءُ مِنَ الْمَعْزِ: بکری جس کا سینگ ٹوٹ کر علیحدہ ہو گیا ہو۔

قَصْمَلَ الرَّجُلُ: چلنے میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا — ہٗ: پچھاڑ دینا — الشَّيْءَ: کاٹنا — الطَّعَامَ: سب کھا جانا (— یُقَصْمِلُ) الْقَصِيلُ: قصل کی بیماری والا ہونا (قَصْلٌ) ایک بیماری ہے جو اونٹوں کے بچوں کو ہوتی ہے جس سے وہ مر جاتے ہیں۔

الْقَصْمَلُ والْقَصِمْلُ۔ مضبوط مرد۔ الْقَصِيلُ: شیر۔ کہا جاتا ہے اِنْتَقَرَ الْقَصْمَلَ یعنی بہت حرص سے کھایا۔

قَصَا يَقْصُو قَصْوًا وقُصُوًّا وقَصَاءً و

قَصَاءً وقَصِيَ يَقْصَى قَصًا الْمَكَانُ: دور ہونا — الرَّجُلُ مِنَ الْقَوْمِ: علیحدگی اختیار کرنا۔

قَصَا يَقْصُو قَصْوًا النَّاقَةَ او الشَّاةَ: اونٹنی یا بکری کے کان کا تھوڑا سا کنارہ کاٹ دینا۔

قَصَّى تَقْصِيَةً النَّاقَةَ: بمعنے قَصَا يَقْصُو — الْاَظْفَارَ: ناخن تراشنا۔

قَاصَى مُقَاصَاةً الرَّجُلَ: دور کرنا۔ کہا جاتا ہے قَاصَانِي فَقَصَوْتُهٗ اس نے مجھ سے دور ہونا چاہا میں اس سے زیادہ دور ہو گیا اور یہ افعالِ مغالبہ میں سے ہے۔ نَحْنُ اَقَاصِيكَ اَيُّنَا اَبْعَدُ مِنَ الشَّرِّ آؤ تم سے مقابلہ کریں دیکھیں ہم میں سے شر سے کون بعید ہے۔

اَقْصَى فُلَانًا عَنْهُ: دور کرنا — الشَّيْءَ: انتہا پر پہنچانا۔ کہا جاتا ہے نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا يُقْصِيهِ الْبَصَرُ ہم ایسی جگہ میں اترے جس کی انتہا حد بصر سے خارج ہے۔

تَقَصَّى تَقَصِّيًا۔ دور ہونا (— وَاسْتَقْصَى) الْمَسْاَلَةَ وفِيهَا: مسئلہ کی تہ کو پہنچنا۔ وتَقَصَّاهُمْ: بعید لوگوں میں سے ایک ایک کو بلانا۔

الْقَصَا۔ مص۔ دور کا نسب۔ کنارہ۔ کہا جاتا ہے خُطِّي الْقَصَا یعنی مجھ سے دور ہو جا — و ذَهَبْتُ قَصَاهُ میں اس کی طرف چلا۔ الْقَصَا: اونٹنی یا بکری کے کان کے کنارے سے تھوڑا سا کٹا ہوا حصہ (— والْقَصَاءُ) گھر کے سامنے کا صحن۔

الْقَصْوَةُ۔ کان کے اوپر کے حصہ پر داغ۔

الْقَصِيُّ۔ دور۔ ج اَقْصَاءٌ مؤنث قَصِيَّةٌ ج قَصَايَا۔ کہا جاتا ہے رَمَيْتُ الْمَرْمَى الْقَصِيَّ یعنی تم گمان اور تاویل میں بہت دور چلے گئے۔ الْقَصِيَّةُ: اصیل اونٹنی۔ بد اصل اونٹنی۔

الْقَاصِي۔ فا۔ دور۔ بعید۔ قَاصُونَ واَقْصَاءٌ

الْقَاصِيَةُ۔ قاصی کا مؤنث۔ کنارہ۔ ج قَوَاصٍ۔ قَاصِيَةٌ: بورھی بھیڑ۔ الْقَاصِيَةُ مِنَ الشَّاءِ: ریوڑ سے علیحدہ ہونے والی بکری۔

الْاَقْصَى۔ مؤنث قُصْوَى و(الْمُقْصَوُّ والْمَقْصِيُّ والْمُقْصَى) مِنَ الْجِمَالِ: اونٹ جس کے

کان کا کنارہ ذرا سا کٹا ہوا ہو۔ اور ایسے ہی شَاةٌ مَقْصُوَّةٌ ومُقْصَاةٌ۔

الْاَقْصَى۔ اسم تفضیل۔ زیادہ دور۔ ج اَقَاصٍ مؤنث قُصْوَى وقُصْيَا۔

الْقُصْوَى والْقُصْيَا۔ وادی کا کنارہ دور کی حد۔

قَضَّ (ن) قَضًّا الشَّيْءَ: سوراخ کرنا۔ کوٹنا — الْوَتِدَ: کھونٹی اکھیڑنا — الْحَائِطَ: دیوار کو زور سے ڈھانا — عَلَيْهِمُ الْخَيْلَ: کسی جماعت پر گھوڑوں کو بھیجنا اور متفرق کرنا — الطَّعَامَ: کھانے میں کوئی خشک چیز مثلاً گڑ یا شکر ڈالنا

قَضَّ (ض) قَضِيضًا الصَّغِيرُ او الْوَتَرُ: — چرچرانا۔ چیخنا۔

قَضَّ (س) قَضَضًا الْمَكَانُ او الطَّعَامُ: جگہ یا کھانے کا کنکری دار ہونا — عَلَيْهِ الْمَضْجَعُ: خواب گاہ کا سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے قَضَّ الرَّجُلُ جبکہ نیند نہ آئے اور آسودگی حاصل نہ ہو۔

اَقَضَّ الْمَكَانُ او الطَّعَامُ: بمعنی قَضَّ الْمَضْجَعُ: خواب گاہ کا سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے اَقَضَّ عَلَيْهِ الْمَضْجَعُ یعنی خواب گاہ خاک آلود اور سخت ہو گئی۔ واَقَضَّ عَلَيْهِ الْهَمُّ: یعنی اس پر غم نازل ہوا — اللّٰہُ مَضْجَعَهٗ: خوابگاہ کو کھردرا کرنا — الرَّجُلُ: باریک امور کے درپے ہونا۔

اِنْقَضَّ۔ ٹوٹنا — الْجِدَارُ: دیوار کا پھٹنا گرنا۔ اِنْقَضَّتِ الْخَيْلُ عَلَى الْقَوْمِ: گھوڑوں کا منتشر ہونا۔ کہا جاتا ہے تَقَضَّضْنَا عَلَيْهِمُ الْخَيْلَ فَانْقَضَّتْ عَلَيْهِمْ۔ ہم نے ان پر گھوڑے دوڑائے پس وہ ان پر ٹوٹ پڑے (— وتَقَضَّضَ) الطَّائِرُ: پرندہ کا نیچے اترنا اور کہا جاتا ہے تَقَضَّى تَقَضِّيًا۔ دوسرے ضاد کو یاء سے بدل کر جیسا تَظَنَّنَ سے تَظَنَّى۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ قَضَّ سے تفعل کے وزن پر یاء سے بدل کر ہی استعمال ہوتا ہے۔

اِنْقَاضَ الْجِدَارُ: دیوار کا پھٹنا۔ گرنا۔

اِسْتَقَضَّ الْمَضْجَعَ: خوابگاہ کو کھردرا پانا۔

— الطَّعامُ والمَکانُ: کنکری دار ہونا۔
اِستَقَضَّ الہَمُّ: غم کا زوال چاہنا۔
اِقتَضَّ۔ بکارت زائل کرنا۔
القَضُّ والقَضَضُ۔ مصادر۔ کنکری۔ القَضَضُ: خاک جو بچھونے پر پڑ جائے۔
القَضُّ والقَضِیضُ والاَقَضُّ۔ جس میں کنکری ہو اور کہا جاتا ہے جاءَ القومُ قَضُّهم بِقَضِیضِهم وقَضَّهم وقَضِیضَهم وقَضُّهم وقَضِیضُهم و بِقَضِیضِهم یعنی سب آئے۔ قَضّ کا نصب مصدر یا حال کی بنا پر اور رفع تاکید کی وجہ سے کلّهم کے قائم مقام ہو کر۔
القَضَّۃ۔ قَضّ کا اسم مرۃ۔ اِقتِضاض کا واحد بمعنی تر بتر پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ۔ کنکری۔ چیز کا بقیہ۔ دھاگے کی چھوٹی انٹی۔ اَرضٌ قَضَّۃٌ: کنکری والی زمین
القِضَّۃ۔ جنس چھوٹی کنکریاں ج قِضَاتٌ
القِضَّۃُ: دوشیزگی۔
القِضَۃ والقِضَّۃ۔ عیب۔
قَضِیَ یَقضَی قَضًا الشَّیئُ: کھانا — السِّقاءُ: مشک کا خراب ہونا۔ بدبودار ہونا۔ — العَینُ: آنکھ کا سرخ ہونا — الثَّوبُ او الحَبلُ: کپڑے یا رسی کا بوسیدہ ہونا اور ٹکڑے ٹکڑے ہونا (— قَضًا وقَضَاءۃً) خَبُثَ: تباہ ہونا — اَقضَاہُ۔ کھلانا — کہا جاتا ہے تَقَضَّاہُ مِن فُلانٍ اَن یَتَزَوَّجَہٗ یعنی اس کے حسب کو ذلیل سمجھا اور نکاح کرنے سے انکار کر دیا۔
القَضَاۃُ والقُضَاۃُ۔ عیب۔ فساد۔ عار
القَضِیُّ۔ خراب بدبودار۔ کہا جاتا ہے سِقَاءٌ قَضِیٌّ وقِربَۃٌ قَضِیَۃٌ۔ خراب اور بدبودار مشک
قَضَبَ (ض) قَضبًا الشَّیئَ: کاٹنا — الرَّجُلَ: کسی کو شاخ سے مارنا — النَّاقۃَ: اونٹنی پر سدھانے سے قبل سوار ہونا۔
قَضَّبَ الشَّیئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الکَرمَ: موسم بہار میں انگور کی شاخیں تراشنا (— وتَقَضَّبَ) شُعاعُ الشَّمسِ: آفتاب کی کرن کا پھیلنا۔ تَقَضَّبَ الشَّیئُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اَقضَبَتِ الاَرضُ: زمین کا سبزہ زار ہونا ساگ پات اگانا۔
اِنقَضَبَ۔ کٹنا — الکَوکَبُ مِن مَکانِہٖ: ستارے کا اپنی جگہ سے ہٹنا۔
اِقتَضَبَ الشَّیئَ: کاٹنا — الکَلامَ: فی البدیہہ کہنا — النَّاقَۃَ: اونٹنی پر سدھانے سے قبل سوار ہونا — فلانًا: اچھی طرح سے کام کرنے کی صلاحیت سے قبل اسکے کرنے کی تکلیف دینا
القَضَّابُ۔ لمبی اور پتلی ہوئی شاخوں والا درخت۔ ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے کمان بنایا کرتے تھے۔ کٹی ہوئی شاخیں۔ واحد قَضَبَۃ۔
القَضبَۃ۔ شاخ۔ درخت نبع کا بے بنا ہوا تیر۔ ج قَضَبات۔ القَضبَۃ: ساگ تر و تازہ جو کھایا جائے ج قَضب۔
القِضبَۃ۔ اونٹوں یا بکریوں کا گلہ۔ سبک اور لطیف (مرد یا اونٹنی)
القَضِیبُ۔ کٹی ہوئی شاخ۔ بغیر سدھائی ہوئی اونٹنی۔ ج قُضبان وقِضبان۔ القَضِیبُ: شمشیر براں۔ کمان جو درست شاخ سے بنائی ہوئی ہو۔
سَیفٌ قَاضِبٌ ج قَوَاضِب وقُضَّابٌ وقَضَّابَۃٌ ومِقضَبٌ۔ بہت تیز کاٹنے والی تلوار رَجُلٌ قَضَّابَۃٌ: امور کا اچھی طرح طے کرنے والا۔
القَاضِبَۃ۔ قاضب کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے مَالِیَ قَاضِبَۃٌ یعنی میرے منہ میں کوئی دانت نہیں
القُضَابَۃ۔ کاٹی ہوئی چیز کے ٹکڑے۔
المِقضَبُ۔ درانتی۔
المِقضَابُ۔ درانتی۔ بہت کاٹنے والا۔
اَرضٌ مِقضَابٌ: سبزہ زار زمین۔ ساگ پات اگانے والی زمین۔
المَقضَبَۃ۔ ساگ پات اگنے کی جگہ۔ ج مَقَاضِب ومَقَاضِیب۔
المُقتَضَب۔ کام کی صلاحیت نہونے کے پہلے اسکے کرنے کی تکلیف دیا ہوا۔ اور ان شعر میں ایک بحر کا نام — مِنَ الشِّعرِ والکَلامِ: فی البدیہہ شعر یا کلام۔

قَضَعَ (ف) قَضعًا: مغلوب کرنا۔ مقہور کرنا
اِنقَضَعَ عَنہُ: دور ہونا (— وتَقَضَّعَ) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ جدا جدا ہونا۔
القَضعُ والقُضَاعُ والتَّقضِیعُ۔ پیٹ کا درد اور مروڑ۔
القُضَاعُ والقُضَاعَۃ۔ آٹے کی گرد۔ دیوار کی جڑ میں جو جھڑ کر گرے۔ القُضَاعَۃ: تیندوا
القَضعَمُ۔ بڈھا جس کے دانت گر گئے ہوں پوپلا۔
قَضُفَ (ک) قَضَفًا وقَضَافَۃً: نحیف و لاغر ہونا۔ صفت قَضِیف ج قِضَاف وقُضفان وقُضَفاء۔
اِنقَضَفَ۔ ٹوٹنا۔
القَضَفُ۔ پتلے پتھر۔
القَضَفَۃ۔ ٹیلہ جو ایک پتھر کا معلوم ہو۔ زمین کا ٹکڑا جو ابھرا ہوا ہو اور کچھ لمبا ہو۔ ایک پرندہ کا نام۔ ج قَضَف وقِضَاف وقَضَفان وقِضفان۔
القِضفَۃ۔ ریت کا ٹکڑا جو بڑے حصہ کو علیحدہ ہو گیا ہو۔
القَضِیفَۃ۔ مِنَ النِّساءِ: کم گوشت دبلی پتلی عورت۔
قَضقَضَ قَضقَضَۃً العَظمُ: ہڈی کا ٹوٹنے کے وقت چٹخنا — الاَسَدُ فَرِیسَتَہٗ: شیر کا اپنے شکار کو توڑنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَقَضقَضَ۔ ٹوٹنا۔ جدا جدا ہونا۔
القَضقَاضُ والقُضقَاضُ و القُضَاقِضُ۔ شیر۔
القِضقَاضُ۔ ہموار زمین۔
القِضلَامُ۔ اونٹ وغیرہ جو ہر چیز کو کاٹ کھائے اور توڑ دے۔
قَضِمَ (س) وقَضَمَ (ض) قَضمًا الشَّیئَ: دانت کے اطراف سے کاٹنا اور کھانا۔ کہا جاتا ہے ہو یَقضِمُ الدُّنیا قَضمًا جبکہ بے رغبتی کرے اور معمولی پر

راضی ہو جائے۔

قَضِمَتْ (س) قَضَمًا السِّنُّ: دانت کے اطراف کا ٹوٹنا۔ قَضِمَ الرَّجُلُ: دانت کے ٹوٹے ہوئے اطراف والا ہونا۔ قَضِمَ السَّيْفُ: تلوار پرانی ہونے کی وجہ سے دھار خراب ہونا۔

قَاضَمَ مُقَاضَمَةً۔ تھوڑا تھوڑا بیچنا یا خریدنا

أَقْضَمَ الدَّابَّةَ: جانور کو جَو کا چارہ دینا (— واسْتَقْضَمَ) الْقَوْمُ: قحط میں تھوڑا غلہ لینا۔

الْقَضِمُ مِنَ الْأَسْنَانِ: اطراف گرے ہوئے دانت۔ الْقَضِمُ مِنَ الرِّجَالِ: جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔ الْقَضِمُ مِنَ السُّيُوفِ: پرانی ہونیکی وجہ سے خراب دھار والی تلوار۔

الْأَقْضَمُ۔ جس کے دانت کے اطراف ٹوٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث قَضْمَاءُ ج قُضْمٌ۔

الْقَضْمُ۔ مم۔ تلوار۔

الْقُضَمَةُ والْقُضَامُ والْمَقْضَمُ۔ جو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے کہا جاتا ہے مَا ذُقْتُ قُضَمَةً وقُضَامًا ومَقْضَمًا یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا

الْقَضِيمُ۔ جس کو دانت کے اطراف سے کاٹا جائے۔ ٹوٹی ہوئی دھار کی تلوار۔ گٹھری۔ نامہ (— والْقَضِيمَةُ) چمڑے کا فرش جو مجرم کے نیچے بچھا دیتے تھے تاکہ خون سے زمین خراب نہ ہو۔ چمڑا۔ سفید چمڑا جس پر لکھا کرتے تھے۔ جانوروں کے لیے جَو۔ چاندی ج قُضُمٌ وقُضْمٌ وأَقْضِمَةٌ۔

الْقَضَّامُ۔ کھجور کا لمبا درخت کہ اس کے پھل خشک ہو گئے ہوں۔ ج قَضَاضِيمُ۔

قَضَى يَقْضِي قَضَاءً الشَّيْءَ: مضبوطی کر بنانا — حَاجَتَهُ: پوری کرنا اور فارغ ہونا — وَطَرَهُ: مراد کو پہنچنا — عَبْرَتَهُ: تمام آنسو بہا دینا — الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا — الصَّلَاةَ: نماز ادا کرنا — الْأَمْرَ إِلَيْهِ: پہنچانا — الْعَهْدَ: نافذ کرنا — عَلَيْهِ عَهْدًا: وصیت کرنا۔ قَضَى الرَّجُلُ وقَضَى نَحْبَهُ وقَضَى أَجَلَهُ وقُضِيَ عَلَيْهِ: مرنا۔ اور کہا جاتا ہے ضَرَبَهُ فَقَضَى عَلَيْهِ یعنی مار ڈالا۔ وقَضَى مِنْهُ الْعَجَبَ: بہت زیادہ تعجب کیا۔ وَلَا أَقْضِي مِنْهُ الْعَجَبَ یعنی تعجب کا حق ادا کرنا ممکن نہیں کہ معاملہ بہت عظیم الشان ہے۔

قَضَى يَقْضِي قَضَاءً وقَضْيًا وقَضِيَّةً بَيْنَ الْخَصْمَيْنِ: فیصلہ کرنا — الْأَمْرَ لَهُ أَوْ عَلَيْهِ: موافق یا مخالف فیصلہ کرنا — الشَّيْءَ: جتانا، بیان کرنا۔

قَضَّى تَقْضِيَةً وقِضَّاءً۔ وَطَرَهُ: حاجت پوری کرنا۔ مراد بر لانا — الْأَمْرَ: معاملہ کو نافذ کرنا — فُلَانًا: قاضی بنانا (— تَقْضِيَةً) مرنا۔

قَاضَى مُقَاضَاةً۔ فُلَانًا إِلَى الْحَاكِمِ: فیصلہ کے لیے لے جانا — هُ عَلَى مَالٍ: صلح کرنا۔

تَقَضَّى الْبَازِي: باز کا ٹوٹ پڑنا۔ اس کی اصل تَقَضَّضَ ہے ضاد اخیرہ کو تخفیف کے لیے یاء سے بدل دیا گیا ہے (— وانْقَضَى) الشَّيْءُ: فنا ہونا۔ ختم ہونا۔

تَقَاضَيَا إِلَى الْحَاكِمِ: دونوں کا حاکم کے پاس فیصلہ کیلئے جانا۔ تَقَاضَاهُ الدَّيْنَ وغَيْرَهُ وبِالدَّيْنِ: قرض کا تقاضا کرنا۔

اقْتَضَى اقْتِضَاءً الْحَالُ كَذَا: چاہنا۔ لازم کرنا۔ اقْتَضَاهُ الدَّيْنَ وغَيْرَهُ: تقاضا کرنا۔ طلب کرنا۔ واقْتَضَى الْأَمْرُ الْوُجُوبَ: صیغۂ امر کا وجوب پر دلالت کرنا۔ کہا جاتا ہے اِفْعَلْ مَا يَقْتَضِيهِ كَرَمُكَ "وہ کر جو تمہارے کرم کا تقاضا ہو۔"

اسْتَقْضَى اسْتِقْضَاءً فُلَانًا الدَّيْنَ: قرض ادا کرنیکا مطالبہ کرنا۔ اسْتَقْضَى السُّلْطَانُ فُلَانًا عَلَيْنَا: قاضی بنانا — هُ: فیصلہ کیلئے طلب کرنا واسْتُقْضِيَ فُلَانٌ: قاضی بنایا جانا۔

الْقَضْيُ والْقَضَاءُ۔ حکم۔ ادا۔ ج أَقْضِيَةٌ۔ مصباح میں ہے کہ علماء قضا کا استعمال اس عبادت کیلئے کرتے ہیں جو شرعی حیثیت سے معین وقت کے علاوہ میں ادا کی جائے۔ اور ادا وہ ہے جو وقت معین میں کی جائے اور یہ وضع لغوی کیخلاف ہے لیکن دونوں وقتوں میں تمیز کے لیے اصطلاح ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ قضا مراد ہے عالم عقل میں تمام موجودات کے وجود سے جو مجتمع بطریق ابداع کے ہو اور قدر مراد ہے وجود خارجی سے جو منفصل ایک کے بعد ایک ہو۔

الْقَضِيُّ۔ موت۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ قَضِيٌّ مرد جلد فیصلہ کرنے والا۔

الْقَضِيَّةُ: مم۔ قضیٰ کا اسم ہے — عند المنطقیین: وہ قول جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکے۔ ج قَضَايَا۔

الْقَضَةُ۔ ایک ترش قسم کی گھاس ج قَضٌ وقَضَاتٌ وقَضُونَ۔

الْقَاضِي۔ فا۔ حاکم شرعی۔ ج قُضَاةٌ۔ قَاضِي الْقُضَاةِ: قاضیوں کا رئیس۔ چیف جسٹس۔ سَمٌّ قَاضٍ: زہر قاتل۔

الْقَاضِيَةُ۔ قاضی کا مؤنث۔ موت۔ کہا جاتا ہے أَتَتْ عَلَيْهِ الْقَاضِيَةُ "اسے موت آئی۔"

الْقَضَّاءُ۔ اسم مبالغہ۔ مضبوط زرہ۔

قَطَّ (ن) قَطًّا واقْتَطَّ۔ الْقَلَمَ ونَحْوَهُ: قلم پر قط لگانا — الْبَيْطَارُ حَافِرَ الدَّابَّةِ: سلوتری کا چوپایہ کے کھر تراشنا۔

قَطَّ (ن ض) قَطًّا وقُطُوطًا وقَطَّ السِّعْرُ: بھاؤ گراں ہونا۔ صفت قَطٌّ وقَاطٌّ وقَاطِطٌ۔

قَطَّ وقَطِطَ (س) قَطَطًا وقَطَاطَةً الشَّعْرُ: بال چھوٹے اور گھنگھریالے ہونا۔ صفت قَطٌّ وقَطَطٌ۔

قَطَّطَ الْخَرَّاطُ الْخَشَبَةَ: خرادی کا لکڑی کو تراشنا اور ہموار کرنا۔

اِقْتَطَّ وانْقَطَّ الشَّيْءُ: منقطع ہونا۔

قَطْ۔ حسب کے معنی میں آتا ہے جیسے قَطِي وقَطْكَ وقَطْ زَيْدٍ دِرْهَمٌ بمعنی حَسْبِي وحَسْبُكَ وحَسْبُ زَيْدٍ دِرْهَمٌ۔ فرق یہ ہے کہ قط مبنی ہے اور حسب معرب۔ اور اسم فعل ہو کر بمعنی يَكْفِي بھی مستعمل ہے۔ اس صورت میں نون وقایہ کے ساتھ بناء علی السکون کی حفاظت کیلئے قَطْنِي کہا جاتا ہے۔ اگر تقلیل کا ارادہ ہو تو ساکن کر دیتے ہیں۔ جیسے مَا عِنْدِي إِلَّا هٰذَا قَطْ "اور اگر ہمزۂ وصل کے ساتھ ملے تو آخر کو کسرہ

دیدیتے ہیں۔ جیسے ما علمتُ الا ہذا قطُّ الدہر،
اور کبھی تحسین لفظ کیلئے اس کے شروع میں فا بھی
داخل کرتے ہیں۔ جیسے رأیتُہ مرۃً فقطْ یعنی میں
نے اس کو صرف ایک ہی مرتبہ دیکھا۔
قَطُّ۔ ظرف زمان ہے اور استغراق ماضی
کے لئے آتا ہے اور نفی کیساتھ مختص ہے جیسے
ما فعلتُ ہٰذا قَطُّ اور کبھی قُطُ اور قَطُ بھی کہا
جاتا ہے۔
القِطّ۔ بلی۔ جہ قِطَاط وقِطَطَۃ۔ قطُّ الزباد:
دیکھئے لفظ الزباد۔ واحد قِطَّۃٌ۔ القِطّ: حصہ
رات کا ایک حصہ۔ حساب کا رجسٹر۔ چک۔
چٹھی۔ جہ قُطُوط۔
رَجُلٌ قَطٌّ وقَطَطٌ۔ چھوٹے گھنگھریالے
بال والا۔ جہ قَطُّون وقِطَاطٌ واَقْطَاط وقَطَطُون
وامْرأۃٌ قَطَّۃٌ وقَطَط: گھنگھریالے بال والی عورت۔
قَطَاطِ اسم فعل بمعنی حسبُ۔
القَطَوْطَی۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے والا۔
القِطَاط۔ بالوں کا گھنگھریالا پن۔ بمعنی گھیرا
پہاڑ کا کنارہ۔ نمونہ کہ جسکو دیکھ کر کوئی چیز قطع کریں
جہ أَقِطَّۃ ۔۔۔ والقَطِيطَۃ: غار کا بالائی کنارہ
جہ قَطَائِط اور کہا جاتا ہے جَاءَتِ الخَيْلُ قَطَائِطَ
گھوڑے گروہ گروہ آئے۔
القَطَّاط۔ اسم مبالغہ۔ خراد کرنے والا۔
سِعْرٌ قَاطٌّ وقَاطِطٌ ومَقْطُوطٌ۔ گراں بھاؤ
المِقَطّ والمِقَطَّۃ۔ قط زن۔
المَقَطّ۔ گھوڑے کے پہلو کی ہڈی کے سرے
کا منتہا۔
قَطَبَ (ض) قَطْبًا الشَّيْءَ: کاٹنا۔ جمع کرنا۔
۔۔۔ الشَّرَابَ: ملونی کرنا ۔۔۔ الإِنَاءَ: برتن بھرنا
۔۔۔ الرَّجُلَ: غضبناک کرنا ۔۔۔ الجُوَالِقَ: گون
کے دونوں گوشوں کو ملانا ۔۔۔ القَوْمُ: جمع ہونا۔
قَطَبَ (ض) قَطْبًا وقُطُوبًا وقَطَّبَ
الرَّجُلُ: ترش روئی کرنا۔ صفت قَطِبٌ وقَطَّبَ
الشَّرَابَ: ملونی کرنا۔
اَقْطَبَ الشَّرَابَ: ملونی کرنا ۔۔۔ القَوْمُ جمع ہونا۔

القُطْب والقِطْب والقُطُب والقَطْب
جہ أَقْطَاب۔ القُطْبَۃ جہ قُطَب: چکی کی کیل جس پر
چکی گھومتی ہے۔
القُطْب۔ فرقدین اور جدی کے درمیان
ایک ستارہ کا نام جس سے قبلہ کی تعیین کرتے ہیں۔
مدار کار۔ کہا جاتا ہے ہُوَ قُطْبُ ذٰلِکَ الأَمْرِ و
صَاحِبُ الجَيْشِ قُطْبُ رَحَى الحَرْبِ سردار قوم۔
کہا جاتا ہے فُلَانٌ قُطْبُ بَنِي فُلَانٍ جہ أَقْطَاب
وقُطُوب وقِطَبَۃ ۔۔۔ عند الجغرافیین: زمین کے
محور کا کنارہ اور وہ دو ہیں قطب شمالی اور قطب
جنوبی۔
القَطْب۔ کسی چیز کو لینے کے بعد باقی کو اٹکل
سے بغیر وزن کے لینا۔ کہا جاتا ہے أَخَذَہُ قَطْبًا
اس نے اسے اٹکل سے بغیر وزن کے لے لیا۔
القُطْبَۃ۔ چکی کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے
ایک قسم کی گھاس۔ القُطْبَۃ عند الجغرافیین:
زمین کے محور کا کنارہ۔
القِطْبِيّ۔ ایک قسم کی گھاس جس سے رسی
بنائی جاتی ہے۔
القُطْبَان۔ ایک قسم کی گھاس۔
القِطَاب۔ ملونی۔ گریبان کے ملنے کی جگہ۔
القُطَابَۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔
القَطِيبُ والمَقْطُوب۔ ملایا ہوا۔ القَطِيب
والقَطِيبَۃ: اونٹنی اور بکری کا دودھ ملایا ہوا۔
القَاطِب والقَطُوب۔ ترش رو۔ شیر
کہا جاتا ہے جَاءُوا قَاطِبَۃً وقَطِيبَتَہُم یعنی سب
آئے اور قاطبۃً حالیت کی بنا پر منصوب ہے
قَطَجَ (ن) قَطْجًا۔ کشتی کے رسّے کو مضبوط
بٹنا۔ کنوئیں سے کشتی کی رسی سے پانی نکالنا۔
القَطَّاج والقِطَاج۔ کشتی کی رسی۔
قَطَرَہُ (ن) قَطْرًا۔ سخت پچھاڑنا۔ قطر
البَعِيرَ: اونٹ پر قطران ملنا ۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے
کو سینا۔ اور کہا جاتا ہے مَا أَدْرِي مَنْ قَطَرَہُ اومَنْ
قَطَرَ بِہِ مجھے نہیں معلوم کہ اس کو کون لے گیا۔
(اور یہ نفی کیساتھ خاص ہے) ۔۔۔ قُطُورًا الرَّجُلُ:

دانہ وغیرہ کو وزن سے لینا اور باقی کو اسی حساب
سے اندازے سے بغیر وزن کے لینا ۔۔۔
قُطُورًا فِي الأَرْضِ: جانا ۔۔۔ قَطْرًا وقُطُورًا و
قَطَرَانًا المَاءُ: پانی کا بہنا اور قطرہ قطرہ ٹپکنا
۔۔۔ الصَّمْغُ مِنَ الشَّجَرَۃِ: درخت سے گوند نکلنا۔
قَطَرَ (ن) قَطْرًا وقَطَّرَ واَقْطَرَ الإِبِلَ:
اونٹوں کو ایک قطار میں کرنا۔ کہا جاتا ہے قَطَرَ
البَعِيرَ إِلَى البَعِيرِ ایک اونٹ کو دوسرے اونٹ
کے قریب کر دیا۔ قَطَّرَ واَقْطَرَ المَاءُ: ایک ایک
قطرہ ٹپکانا۔ قَطَّرَ الدَّوَاءَ: کشید کرنا۔ قَطَّرَ الثَّوْبَ:
کپڑے کو عود کی دھونی دینا۔ اَقْطَرَ النَّبْتُ:
نباتات کی خشکی شروع ہونا ۔۔۔ الشَّيْءُ: ٹپکنے کا
وقت قریب ہونا اور کہا جاتا ہے طَعَنَہُ فَأَقْطَرَہُ
نیزہ مارا اور ایک جانب پر گرا دیا۔ واَقْطَرَ المَاءَ:
پانی کا بہنا۔
تَقَطَّرَ۔ عود کی دھونی دیا ہوا ہونا ۔۔۔
المَاءُ: پانی کا قطرہ قطرہ بہنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: اپنے
آپ کو اوپر سے پھینک دینا۔ گرنا ۔۔۔ عَنْ
کَذَا: پیچھے رہنا ۔۔۔ بِہِ: ایک جانب گرا دینا۔
تَقَاطَرَ القَوْمُ: گروہ گروہ کا پے در پے آنا
المَاءُ: پانی کا بہنا اور ایک ایک قطرہ
گرنا وتَقَاطَرَا: کناروں کا مقابل ہونا۔
اِقْطَرَّ واِقْطَارَّ۔ خشک ہونے لگنا ۔۔۔
النَّاقَۃُ: اونٹنی کا دم اور سر اٹھانا۔ واِقْطَارَّ
الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
اِسْتَقْطَرَ المَاءَ وغیرہ: ٹپکانا۔ کشید کرنا۔
بارش طلب کرنا۔
القَطْر۔ مص۔ بارش۔ کسی بہنے والی چیز کا
قطرہ جہ قِطَار۔
القِطْر۔ تانبا۔ تانبے کی ایک قسم۔ پگھلا ہوا
تانبا۔ ایک قسم کی چادر۔
القُطْر۔ اقلیم۔ گوشہ۔ جانب جہ أَقْطَار۔ أَقْطَارُ
الدُّنْيَا۔ دنیا کی چاروں جہتیں۔ وقُطْرُ الدَّائِرَۃِ فِي
الهَنْدَسَۃِ: وہ خط مستقیم جو دائرہ کو تقسیم کردے
اور مرکز سے گذر کر محیط پر ختم ہو۔ وقُطْرُ المُرَبَّعِ

والمُستطیلِ والمُعَیَّن: اس خط مستقیم کو کہتے ہیں جو دو مقابل زاویے کے اندر ہو۔

القُطُر والقُطْر۔ عود۔ اگر۔

القَطْر۔ غلے وغیرہ کو وزن سے لینا اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیہ کو اسی حساب سے بلا وزن کے اٹکل سے لینا۔

القَطْرَة۔ قطر کا اسم مرۃ۔ نقطہ۔ ج قَطَرات کہا جاتا ہے رَمَاهُ اللّٰهُ بِقَطْرَةٍ اللہ اس پر مصیبت نازل کرے۔

القُطْرَة والقُطَیْرَة۔ معمولی چیز جیسی چیز۔

القَطْرَان والقِطْرَان والقَطِرَان۔ کولتار کی مانند ایک چیز جو بعض درختوں سے بنایا جاتا ہے۔

القُطَار والقَطُور والمِقْطَار۔ بہت ٹپکنے والا بادل۔ القُطَار: زہر جو کثرت کی وجہ سے ٹپکے

القُطَارَة۔ قطرہ۔ تھوڑا پانی۔

القِطَار۔ مِنَ الإِبِلِ: اونٹوں کی قطار ج قُطُر و قُطُرات۔ ٹرین۔

القِطَارَة۔ اونٹوں کو ایک قطار میں ایک کے پیچھے ایک باندھنا۔ کہا جاتا ہے مَرَّتْ بِهِ قِطَارَةُ جِمَالٍ اس کے اوپر اونٹوں کی قطار گذری۔

القُطَارِیّ والقُطَارِیَّة۔ سانپ۔

القَاطِر۔ ٹپکنے والا گوند۔ دم الاخوین۔

القَاطِرَة۔ قاطر کا مؤنث۔ انجن۔

المِقْطَر والمِقْطَرَة۔ دھونی دینے کی انگیٹھی ج مَقَاطِر۔ المِقْطَرَة: قیدیوں کے پیر میں ڈالنے کی لکڑی۔

المُقَاطَرَة۔ غلے وغیرہ کو وزن کر لینا۔ اور جب تھوڑا سا باقی رہ جائے تو بقیہ کو اسی حساب سے بلا وزن اٹکل سے لینا اور کہا جاتا ہے جَاؤُوا مُقَاطَرَةً یعنی آمد و رفت کے لئے گرا کیا۔

المَقْطُور بفعم قطران ملا ہوا۔ اَرْضٌ مَقْطُورَةٌ: بارش شدہ زمین۔

قَطْرَبَ۔ جلدی کرنا ـــ ہٗ: پچھاڑنا۔

تَقَطْرَبَ۔ سرگرم حرکت دینا۔

القُطْرُب۔ چوہے جیسا۔ بال گرا ہوا بھیڑیا۔ بھوت۔ چھوٹے جن۔ ایک کیڑا جو ہر وقت حرکت کرتا ہے۔ جاہل۔ بزدل۔ سفیہ۔ پھاڑا ہوا۔ مالیخولیا کی ایک قسم۔ چھوٹے کتے۔ ایک خاردار پودہ جو گذرنے والے سے الجھتا ہے۔

القُطْرُبُوس۔ سخت ڈنک مار زہریلا بچھو۔ تیز رفتار مضبوط اونٹنی۔

قَطْرَنَ البَعِیرَ: اونٹ پر قطران ملنا۔

قَطَعَ (ف) قَطْعًا و مَقْطَعًا و تِقِطَّاعًا الشَّیْءَ: کاٹنا۔ جدا کرنا ـــ ہٗ عَنْ حَقِّهِ: منع کر دینا قَطَعَ الصَّلوٰةَ: باطل کرنا ـــ فِی القَوْلِ: یقین کرنا ـــ الطَّرِیقَ عَلَی السَّالِکِینَ: چلنے والوں کو راستے سے روکنا اور خوفناک بنانا۔

قَطَعَ (ف) قَطْعًا و قُطُوعًا النَّهْرَ: نہر عبور کرنا ـــ ہٗ بِالقَطِیعِ او السَّوْطِ: قمچی یا کوڑے سے مارنا ـــ ہٗ بِالحُجَّةِ: خاموش کر دینا۔ لاجواب کر دینا ـــ لِسَانَهٗ: احسان کرکے زبان بندی کرنا

قَطَعَ (ف) قَطْعًا و قَطِیعَةً رَحِمَهٗ: رشتہ داروں سے جدائی اختیار کرنا (ـــ قَطِیعَةً) الصَّدِیقَ: دوست کو چھوڑ دینا۔

قَطَعَ (ف) قَطْعًا الحَوْضَ: حوض کو آدھے تک بھر کر پانی روک دینا ـــ فُلَانٌ الحَبْلَ او بِالحَبْلِ: اپنے آپ رسی سے گلا گھونٹنا ـــ عُنُقَ دَابَّتِهٖ: بیچنا ـــ لَهٗ قِطْعَةً مِنَ المَالِ: مال کر دینے کیلئے اس کا ایک حصہ جدا کرنا (ـــ قَطِیعَةً) السَّیِّدُ عَلَی عَبِیدِهٖ: مالک کا اپنے غلام پر ٹیکس مقرر کرنا۔ کہا جاتا ہے قَطَعَنِی الثَّوْبُ کپڑا میرے قد کے لئے کافی ہے۔

قَطَعَ (ن) قُطُوعًا و قِطَاعًا و قَطَاعًا۔ مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا یا کم ہونا۔ قَطَعَتِ الطَّیْرُ: پرندوں کا ٹھنڈے ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔ صفت قَوَاطِع۔

قَطُعَ (ک) قَطَاعَةً۔ کلام پر قادر نہ ہونا ـــ لِسَانُهٗ: زبان کی تیزی کا جاتا رہنا۔

قَطِعَتْ (س) قَطَعًا و قُطْعًا و قَطَعَةً و قُطَاعًا یَدُهٗ: مرض کی وجہ سے یا کاٹنے سے جدا ہونا۔

قُطِعَ النَّفَسُ: سانس کٹ جانا ـــ الرَّجُلُ: عاجز ہونا یا ناامید ہونا ـــ بِهٖ: آرزو پوری ہونے سے پہلے روکا جانا۔ صفت مَقْطُوعٌ بِهٖ۔

قَطَّعَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا ـــ الخَمْرَ بِالمَاءِ: شراب میں پانی ملانا ـــ الفَرَسُ الخَیْلَ: گھوڑے کا سبقت کرنا ـــ اللّٰهُ عَلَیْهِ العَذَابَ: گوناگوں عذاب دینا ـــ الفَرَسُ الجَرْیَ: نشاط کی وجہ کر قسم قسم کی چال چلنا اور کہا جاتا ہے قَطَّعَنِی الثَّوْبُ کپڑا میرے قد کیلئے کافی ہے وَهٰذَا الثَّوْبُ یُقَطِّعُكَ قَمِیصًا یہ کپڑا تمہارے کرتے کے لئے کافی ہے۔ کہا جاتا ہے قُطِّعَ فِی بَطْنِهٖ: اس کے پیٹ میں مروڑ ہوا۔

قَاطَعَهٗ مُقَاطَعَةً۔ قطع تعلق کرنا۔ قَاطَعَ الأَجِیرَ عَلَی کَذَا و کَذَا مِنَ الأَجْرِ و العَمَلِ: اُجرت پر کام طے کرنا ـــ فُلَانٌ فُلَانًا بِسَیْفَیْهِمَا: ایک دوسرے کو تلوار دکھلانا کہ کس کی تلوار عمدہ ہے وَتَقَاطَعُوا لُحُومَهُمْ بِالسَّیْفِ: ایک دوسرے کے گوشت کو کاٹنا۔

أَقْطَعَ الرَّجُلُ: لاجواب ہونا ـــ عَنْ أَهْلِهٖ: اپنے اہل سے جدا ہونا ـــ مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا ـــ فُلَانًا: نہر عبور کرانا ـــ ہٗ القَضْبَ: لکڑی کاٹنے کی اجازت دینا ـــ ہٗ بِالحُجَّةِ: دلیل سے خاموش کر دینا ـــ الأَمِیرُ الجُنْدَ البَلَدَ: جاگیر دینا۔ أَقْطَعَكَ الشَّیْءُ: منقطع ہونا۔ أَقْطَعَتِ السَّمَاءُ بِمَوْضِعِ کَذَا: بارش رک جانا۔ أَقْطَعَ القَوْمُ: قوم سے بارش کا منقطع ہونا ـــ الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈے دینے سے رکنا۔ کڑک ہونا اور کہا جاتا ہے أَقْطَعَنِی الثَّوْبُ کپڑا میرے قامت کے لئے کافی ہے۔

تَقَطَّعَ۔ کٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ـــ تَقَطَّعَ الظِّلُّ: سمٹنا۔ کم ہونا۔ تَقَطَّعُوا أَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ: اپنے درمیان معاملہ میں تفریق کر لینا۔ کہا جاتا ہے تَقَطَّعَتْ عَلَی هٰذَا الجَوَادِ أَعْنَاقُ الخَیْلِ: یعنی اس

گھوڑے سے گھوڑوں کی گردنیں نہیں ملیں۔

اِنْقَطَعَ۔ کٹنا۔ وقت ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ اِنْقَطَعَ الحَرُّ والبَرْدُ۔ گرمی یا سردی ختم ہو گئی۔ اِنْقَطَعَ السَّیْفُ: تلوار کا ٹوٹنا ــــ مَاءُ البِئْرِ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا ــــ الغَیْثُ: بارش کا رکنا ــــ الکَلَامُ: کلام کا رک جانا ــــ النَّهْرُ: نہر کا خشک ہونا یا روک دیا جانا ــــ اللَّبَنُ: دودھ میں پانی کا حصہ خشک ہو جانا ــــ لِسَانُهُ: زبان کی تیزی کا جاتا رہنا ــــ اِلٰی فُلَانٍ: خاص تعلق رکھنا۔

اُنْقُطِعَ بِالمُسَافِرِ: سواری کے جانور کا ہلاک ہونا یا زادِ راہ کا ختم ہونا۔ صفت مُنْقَطَعٌ بِہٖ۔

تَقَاطَعَا۔ ایک دوسرے سے قطع تعلق کرنا۔ تَقَاطَعَ الشَّیْءُ: جدا جدا ہونا۔

اِقْتَطَعَ مَالَ فُلَانٍ: اپنے لئے لینا ــــ مِنَ المَالِ قِطْعَةً: کچھ لینا ــــ مَا فِي الإِنَاءِ: برتن کا سب کچھ پی لینا۔

اِسْتَقْطَعَهُ بَلَدًا او ثَوْبًا: جاگیر دینے کو کہنا۔ کپڑا قطع کرنے کو کہنا۔

اِقْطَوْطَعَتِ الطَّیْرُ: پرندوں کا سرد ممالک سے گرم ممالک کی طرف جانا۔

القَطْعُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے: اَلْأَمْرُ وَاقِعٌ قَطْعًا یعنی امر یقیناً واقع ہے۔ وَاِنِّي اَقْطَعُ بِذٰلِکَ قَطْعًا: میں اس کا یقین رکھتا ہوں۔

القِطْعُ۔ درخت کا کاٹا ہوا ٹکڑا۔ نیزے کا چوڑا اور چھوٹا پھل ج اَقْطَاعٌ اَقْطُعٌ وقِطَاعٌ۔ سوار کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ایک قسم کا منقش کپڑا۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج قُطُوعٌ واَقْطَاعٌ۔ کہا جاتا ہے: ثَوْبٌ قِطْعٌ او اَقْطَاعٌ: کٹا ہوا کپڑا۔

القُطْعُ۔ پیٹ کا درد اور مروڑ۔ سانس پھولنا ــــ (والقُطْعَةُ) گرمی کی وجہ سے کنوئیں کے پانی کا خشک ہونا۔

القُطْعُ فِي الفَرَسِ: گھوڑے کی بعض رگوں کا کٹنا۔

القُطْعُ والقُطْعَةُ۔ رشتہ داروں کو قطع تعلق کرنے والا۔

القَطِعُ۔ جس کی آواز بند ہو جائے۔

القِطْعَةُ۔ چیز کا حصہ۔ ج قِطَعٌ۔ والقِطْعَةُ مِنَ الشِّعْرِ: دس یا سات یا اس سے کم اشعار کی نظم

القُطْعَةُ۔ زمین کا ٹکڑا۔ جو کسی کو دینے کے لئے جدا کیا جائے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ سفید آٹا۔ سفید آٹے کی بھوسی۔ کتاب کی فصل۔ ج قُطَعٌ وقُطُعَاتٌ (ــــ والقَطَعَةُ) کاٹنے کی جگہ۔ کٹے ہوئے ہاتھ کا بقیہ۔ ج قُطَعٌ وقُطُعَاتٌ۔ قُطُعَاتُ الشَّجَرِ وقُطُعَاتُهَا وقُطَعَاتُهَا۔ درخت کی گرہ کے اطراف کہ جن کے کاٹ دینے کے بعد پھر دوبارہ نکلے

القِطَاعُ۔ کاٹنے کا آلہ۔ ج قُطُعٌ ــــ (والقَطِیعُ) رات کی پہلی تہائی۔ القِطَاعُ والقَطْعُ دراہم۔

القُطَاعَةُ۔ کاٹنے میں جو گرے۔ کاٹا ہوا ٹکڑا۔ لقمہ جس میں سے آدھا کھا لیا جائے اور آدھا رہنے دیا جائے۔

القِطَاعَةُ۔ فِي اصطلاح عامة النصاریٰ: گوشت اور بعض کھانے کی چیزوں سے بعض مخصوص دنوں میں پرہیز۔

القَطِیعُ۔ بکریوں اور چوپایوں کا گلہ۔ ج قُطْعَانٌ وقِطَاعٌ واَقْطَاعٌ وجج اَقَاطِیعُ ــــ چھڑ جس سے تیر بنایا جائے۔ درخت یا ٹہنی سے جو کاٹا جائے۔ ج قُطْعَانٌ وقِطَاعٌ واَقْطِعَةٌ واَقْطُعٌ واَقَاطِیعُ وقُطُعٌ وقُطُعَاتٌ ــــ : نظیر۔ شبیہ۔ جیسے ھُوَ قَطِیعُهُ وہ خلقت اور قد میں اس کے مشابہ ہے ج قُطَعَاءُ واَقْطِعَاءُ۔ کہا جاتا ہے: ھُوَ قَطِیعُ القِیَامِ وہ بوجہ ضعف یا فربہی کے اٹھنے سے عاجز ہے۔ وامْرَأَةٌ قَطِیعُ الکَلَامِ کم سخن عورت۔ رَجُلٌ قَطِیعٌ سانس پھولا ہوا مرد۔ مؤنث قَطِیعٌ۔ اِمْرَأَةٌ قَطِیعٌ وقَطُوعٌ: کھڑے ہونے میں سست عورت۔ کہا جاتا ہے: اِتَّقُوا القَطِیعَةَ: قطع تعلقات سے بچو۔

القَطِیعَةُ۔ جدائی۔ وظیفہ۔ قطع تعلقات ٹیکس۔ جاگیر۔ ج قَطَائِعُ۔

الإِقْطَاعَةُ۔ جاگیر۔ ج اِقْطَاعَاتٌ۔

التَّقْطِیعُ۔ مص۔ پیٹ میں مروڑ۔ تَقْطِیعُ الرَّجُلِ: قد و قامت۔ ج تَقَاطِیعُ۔

الأُقْطُوعَةُ۔ قطع تعلقات کی علامت جو ایک دوسرے کو بھیجے۔

القَاطِعُ۔ فا۔ روکنے والا۔ کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر کپڑا وغیرہ قطع کیا جائے۔ کہا جاتا ہے قَطَعَ الأَدِیمَ عَلَى القَاطِعِ۔ لَبَنٌ قَاطِعٌ: کھٹا دودھ۔ بُرْهَانٌ قَاطِعٌ: ایسی دلیل جو سارے شکوک و شبہات کا ازالہ کرنے والی ہو۔ سَیْفٌ قَاطِعٌ: شمشیر براں۔ قَاطِعُ الطَّرِیقِ: چور ڈاکو ج قُطَّعٌ وقُطَّاعٌ۔

القَاطِعَةُ۔ قاطع کا مؤنث ج قَوَاطِعُ۔ طَیْرٌ قَوَاطِعُ: جاڑے اور گرمی میں ایک جگہ نہ رہنے والے پرندے۔

القَطَّاعُ۔ اسم مبالغہ۔ القَطَّاعُ فِي اصطلاح البنائین: پتھر کاٹنے والا۔

القَطُوعُ۔ بہت کاٹنے والا ــــ مِنَ النُّوقِ: اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔

الأَقْطَعُ۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ بہرا۔ مؤنث قَطْعَاءُ ج قُطْعٌ وقُطْعَانٌ۔ رَحِمٌ قَطْعَاءُ: قطع تعلق

المَقْطَعُ۔ کاٹنے یا کٹنے کی جگہ ج مَقَاطِعُ۔ کہا جاتا ہے: شَرَابٌ لَذِیذُ المَقْطَعِ پینے کی چیز جس کا آخر خوش گوار ہو۔ مَقَاطِعُ الأَنْهَارِ: نہروں میں جہاں گذر سکیں۔ مَقَاطِعُ الکَلَامِ: وقف کرنے کے مواقع مَقْطَعُ الحَقِّ: جس سے باطل منقطع ہو جائے۔ المَقْطَعُ: حرکت کرنے والا حرف۔ یا دو حرف جس میں دوسرا ساکن ہو۔ مَقْطَعُ الحَرْفِ: حرف کا مخرج۔

المُقْطِعُ جس کی حجت منقطع ہو گئی ہو۔ دلیل سے عاجز و خاموش۔

المُقْطَعُ۔ اجنبی۔ مسافر۔ عورتوں کی خواہش نہ رکھنے والا۔ وہ شخص جس کا نام دیوانِ وظائف میں نہ ہو یا وہ شخص جس کے ہمسروں کو ملے اور وہ محروم رہے۔ مَقْطَعُ النَّهْرِ: دریا کی پایاب جگہ۔

المِقْطَعُ۔ کاٹنے کا آلہ۔ نمونہ جس پر کپڑا وغیرہ کاٹا جائے۔ سَیْفٌ مِقْطَعٌ: شمشیر براں۔

المِقْطَاعُ ۔ بھائی چارہ برقائم نہ رہنے والا۔ بِئرٌ مِقْطَاعٌ: کنواں جس کا پانی جلد ہی نیچے اتر جائے مِقْطَاعُ الکَلَامِ: وہ شخص جو لوگوں کو لاجواب کردینے کا عادی ہو۔

المَقْطَعَۃ ۔ کاٹنے کی جگہ۔ کاٹنے کا سبب کہا جاتا ہے الہَجْرُ مَقْطَعَۃٌ لِلْوُدِّ یعنی جدائی دوستی کے قطع کا سبب ہے۔

المُقَطَّعَۃ والمُقَطَّعَات ۔ چھوٹے کپڑے اور یہ اسم جنس ہے اس کیلئے مفرد نہیں۔ بلکہ سارے چھوٹے چھوٹے کپڑوں کو مُقَطَّعَات و مُقَطَّعَۃ کہتے ہیں۔ و مُقَطَّعَاتُ الشَّیءِ: کسی چیز کے وہ طریقے جن کی طرف اس کی تحلیل و ترکیب ہو۔ المُقَطَّعَاتُ مِنَ الشِّعْرِ: چھوٹے اشعار یا رجز۔ مُقَطَّعُ الاَسْحَارِ و مُقَطَّعَۃُ الاَسْحَارِ و مُقَطَّعَۃُ القُلُوبِ: خرگوش۔

المُنْقَطَع مِنَ الوَادِی و نَحْوِہٖ: وادی کا آخری سرا۔

المُنْقَطِع فا۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مُنْقَطِعُ القَرِیْنِ وہ معدوم النظیر ہے ہُوَ مُنْقَطِعُ العِقَالِ فِی الشَّرِّ یعنی کوئی اس کا روکنے والا نہیں۔

المُتَقَطِّع فا۔ پستہ قد۔ غُرَّۃٌ مُتَقَطِّعَۃٌ: پیشانی کی سپیدی نتھنوں سے آگے بڑھ کر آنکھ تک پہنچنے والی۔

اِقْطَعَرَّ اِقْطِعْرَارًا۔ سانس پھولنا۔

اِقْطَعَنَّ اِقْطِعْنَانًا۔ سانس پھولنا۔

قَطَفَہٗ (ض) قَطْفًا و قَطَفَہٗ: خراش کرنا چھیلنا۔

قَطَفَ و قَطَّفَ و اِقْتَطَفَ الثَّمَرَ: پھل چننا جمع کرنا ــــ الشَّیءَ: اچک لینا۔ قَطَّفَ مُعَسِّلَۃً: شہد نکالنا۔ اِقْتَطَفَ الکَلَامَ: کلام کا خلاصہ کرنا۔

قَطَفَ (ن ض) قِطَافًا و قُطُوفًا الفَرَسُ وَغَیْرُہٗ: گھوڑے کا آہستہ چلنا۔

اَقْطَفَ الکَرْمُ: انگور توڑنے کے قابل ہونا ــــ الرَّجُلُ: سست رفتار جانور کا مالک ہونا۔

القَطْف مص۔ خراش ج قُطُوف۔

القَطَف ۔ اثر۔ نشان ج قُطُوف۔ ایک سبزی ایک پہاڑی درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے۔ واحد قَطَفَۃٌ۔

القِطْف ۔ توڑا ہوا پھل۔ انگوروں کا خوشہ ج قِطَاف و قُطُوف۔

القَطَفَۃ ۔ ایک خاردار سبزی جسکا اندرونی حصہ سرخ اور پتے اس کے خاکستری ہوتے ہیں۔

القِطَاف والقَطَاف ۔ میوہ توڑنے کا موسم۔ قَطَافِ بروزن قَطَامِ بمعنے لونڈی۔

القُطَافَۃ ۔ میوہ توڑتے وقت جو گر پڑے۔

القَطُوف مِنَ الدَّوَابِّ: سست رفتار جانور ج قُطُفٌ۔

القَطِیْف و المَقْطُوف ۔ توڑا ہوا۔

القَطِیْفَۃ ۔ جھالردار چادر ج قُطُفٌ و قَطَائِف۔ القَطَائِف: ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے اور وہ چونکہ جھالر کے مشابہ ہوتا ہے اس وجہ سے اس کو قطائف کہتے ہیں۔

القُطَیْف ۔ ایک قسم کی گھاس ہے جس کو سَالِفُ العَرُوْسِ بھی کہتے ہیں۔

المِقْطَف ۔ ٹوکری جس میں پھل چنا جائے ج مَقَاطِف۔

المِقْطَف ۔ پھل توڑنے کا آلہ۔ خوشہ کی جڑ ج مَقَاطِف۔

المُقَطَّفَۃ ۔ پستہ قد۔

قَطْقَطَ قَطْقَطَۃً السَّحَابُ: اولے برسانا۔ باریک بارش برسانا۔ قَطْقَطَتِ القَطَاۃُ: چکور کا آواز کرنا۔

تَقَطْقَطَ الرَّجُلُ فِی الاَمْرِ: مرد کا معاملات میں خود سر ہونا ــــ فِی البِلَادِ: جانا۔ سفر کرنا۔ ــــ الدَّلْوُ اِلَی البِئْرِ: ڈول کا کنوئیں میں اترنا۔ ــــ الرَّجُلُ: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔

القِطْقِط ۔ اولے یا چھوٹے قطرہ کی بارش۔

القُطْقَاط ۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے جَاءَتِ الخَیْلُ قَطَائِطَ یعنی گھوڑے گروہ گروہ آئے۔

قَطَلَ (ن ض) قَطْلًا و قَطَّلَ الشَّیءَ: کاٹنا قَطَلَ عُنُقَہٗ: گردن پر مارنا۔ و قَطَّلَہٗ: پچھاڑنا۔ یا ایک پہلو پر گرادینا۔

تَقَطَّلَ الجِذْعُ: تنہ کا جڑ سے کٹنا۔

القُطْل والقَطِیْل مِنَ الشَّجَرِ و نَحْوِہٖ: کٹا ہوا کہا جاتا ہے نَخْلَۃٌ قَطِیْلٌ و جِذْعٌ قُطْلٌ و قَطِیْلٌ یعنی جڑ سے کٹا ہوا۔

القَطِیْلَۃ جھاڑن جس سے پانی وغیرہ صاف کیا جائے۔

المُقَطَّل ۔ مفعو۔ پکا ہوا۔

المِقْطَل ۔ کاٹنے کا لوہا ج مَقَاطِل۔

القَطْلَب ۔ ایک درخت ہے جس میں انگور کے مانند سبز دانے آتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو سرخ ہو جاتے ہیں اور میٹھے ہوتے ہیں۔ واحد قَطْلَبَۃٌ۔

قَطَمَہٗ (ض) قَطْمًا۔ دانت سے کاٹ کر چکھنا۔ قَطَمَ العُوْدَ: دانت سے کاٹ کر سختی نرمی معلوم کرنا ــــ الشَّیءَ: کاٹنا ــــ اللَّحْمَ و غَیْرَہٗ: گوشت وغیرہ کا خواہش مند ہونا ــــ الصَّقْرُ اِلَی اللَّحْمِ: شکرہ کا گوشت کا خواہش مند ہونا۔

قَطِمَ (س) قَطَمًا۔ گوشت وغیرہ کا خواہشمند ہونا۔ صفت قَطِمٌ۔

قُطِمَ الشَّارِبُ: پینے والے کا چکھنا اور منھ بنانا۔

القَطَام ۔ شکرا۔ گوشت کا خواہش مند شکرا۔

القَطَامِیّ والقُطَامِیّ ۔ تیز نظر کا شکرا جو شکار کی طرف نظر اٹھائے ہوئے ہو۔ القَطَامِیّ والقُطَامِیّ: تیز شراب۔ رَجُلٌ قَطَامِیٌّ: معاملات میں خود سر مرد۔

القُطَامَۃ ۔ جو منھ سے کاٹا جائے پھر پھینک دیا جائے۔

القَطِم ۔ غضبناک۔

القَطِیْمَۃ ۔ دودھ جس کا مزہ متغیر ہو گیا ہو ٹکڑا۔ غلہ کا ایک لپ۔ کہا جاتا ہے شَیءٌ مُرٌّ المَقْطَمِ مزے کے لحاظ سے کھٹ مٹھی چیز۔

المِقْطَم - چنگل ج مَقَاطِم -

المُقَطَّم - مصر کے ایک پہاڑ کا نام -

القِطْمِيْرُ والقِطْمَارُ - کھجور کی گٹھلی کے شگاف کا باریک چھلکا - یا کھجور کی گٹھلی کے اوپر باریک چھلکا - کہا جاتا ہے "مَا أَصَبْتُ مِنْهُ قِطْمِيْرًا" یعنی میں نے اس کو کچھ نہیں پایا - القِطْمِيْر: اصحاب کہف کے کتے کا نام - اور ابن کثیر مفسر رحمہ اللہ کے نزدیک قطمور ہے -

قَطَنَ (ن) قُطُوْنًا - فِي المَكَانِ وبِہٖ: اقامت کرنا - وطن بنانا — الرَّجُلَ: خدمت کرنا -

قَطِنَ (س) قَطَنًا - ظَهْرُهٗ: پیٹھ کا جھکنا - صفت اَقْطَنُ -

قَطَّنَہٗ بِالمَكَانِ: اقامت کرانا - قَطَّنَ الكَرْمُ انگور کی بیل کا شگوفہ دار ہونا -

القَطَنُ - مص - اقامت کی جگہ - پرندہ کی دم کی جڑ - دونوں سرینوں کے درمیان - پشت انسانی کا پست اور ہموار حصہ - ج اَقْطَان -

القُطْنُ والقُطُنُ - روئی - ایک ٹکڑے کو قُطْنَۃ کہتے ہیں - اور قُطْن اسم جنس ہے اور کبھی اس کی جمع اَقْطَان آتی ہے -

القِطْنَۃُ والقَطِنَۃُ - اوجھ کا پرت دار حصہ - القِطْنَۃ: سرینوں کے درمیان کا گوشت

القَطَّان - ہودج کی لکڑی - ج قُطُنٌ -

القَطَانَۃُ - ہانڈی - دیگ -

القُطْنِيَّۃُ والقِطْنِيَّۃُ - دانے جو پکائے جائیں - جیسے مسور چنا وغیرہ ج قَطَانِيُّ - روئی کے بنے ہوئے کپڑے -

القَاطِنُ فا - ج قُطَّان وقَاطِنَۃ وقُطِيْن

القَطِيْنُ - بمعنے قَاطِن - جمع قاطن گھر کے لوگ - خادم - نوکر چاکر (واحد و جمع) یا ج قُطُن - کہا جاتا ہے "ہٰؤُلَاءِ قَطِيْنُ فُلَانٍ" یعنی یہ لوگ فلاں کے نوکر چاکر ہیں قَطِيْنُ اللّٰهِ اللہ کے حرم کے رہنے والے لوگ -

القَطِيْنَۃُ - گھر کے رہنے والے -

القَطَّان - روئی کا بیچنے والا -

قَاطِنَاتُ مَكَّۃَ وقُطَّنُهَا - مکہ کے کبوتر -

القِيْطَان - ریشم وغیرہ سے جو رسی کی مانند بنا جائے -

المَقْطَنَۃُ - زمین جس میں روئی بوئی جائے

اليَقْطِيْنُ - بیل والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ - کدو کیلئے اکثر مستعمل ہو واحد يَقْطِيْنَۃ

القَيْطُوْنُ - بڑے کرہ میں چھوٹا کمرہ -

قَطَا يَقْطُوْ قَطْوًا - بوجھل چال سے چلنا القَطَا: قطا کا آواز کرنا — الماشي: آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا -

تَقَطّٰى - دیر کرنا — الفَرَسَ: گھوڑے کے پچھے پر سوار ہونا — بِالأَصْحَابِ: ساتھیوں کو فریب دینا — وَجْهَهٗ عَنْہُ: روگردانی کرنا اعراض کرنا -

اِقْطَوْطٰى - آہستہ چلنا یا نشاط سے چلنا -

القَطَاۃ - کبوتر کے برابر ایک پرندہ - ج قَطًا وقَطَوَات وقَطَيَات - القَطَاۃُ مِنَ الدَّابَّۃِ: چوتڑ - ردیف کے بیٹھنے کی جگہ - دونوں سرینوں کے درمیان - کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا فِي الأَرْضِ يَقَقًا" زمین میں متفرق ہو گئے -

القَطَوَانُ والقَطَوَانُ والقَطَوْطٰى: آہستہ چلنے والا - القَطَوْطٰى: لمبی ٹانگوں والا -

القَطِيَا - ناریل کی چھال کی رسی -

قَعَہٗ (ن) قَعًّا - بے باکی سے گفتگو کرنا -

أَقَعَّ القَوْمُ: کھودنا اور کھاری پانی پر پہنچ کرنا

القُعُّ والقُعَاعُ مِنَ المِيَاہِ: بہت زیادہ کھاری پانی کہ اس سے زیادہ کھاری پانی نہ ملے

قَعَّبَ الحَافِرُ: سم کا گنبد دار ہونا —— فُلَانٌ فِي الكَلَامِ: حلق کے انتہائی حصہ سے بولنا

القَاعِبُ - بلبلانے والا بھیڑیا -

القَعْبُ - بڑا پیالہ ج أَقْعُب وقِعَاب وقِعَبَۃ قَعْبُ الكَلَامِ: کلام کی گہرائی -

القَعْبَۃُ - پہاڑ کا گڑھا -

القِعِيْبُ - عدد کثیر -

القَعْبَلُ والقِعْبِلُ - سانپ کی چھتری کی ایک قسم - القَعْبَلُ: دودھ دوہنے کا پیالہ -

مرد درشت خو -

قَعَثَ (ن) قَعْثًا وقَعْثَۃً لَہٗ مِنَ الشَّيْءِ: لپ بھر دینا — وقَعَثَ الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا -

أَقْعَثَ فِي مَالِہٖ: فضول خرچی کرنا — لَہٗ العَطِيَّۃَ: بہت دینا -

اِقْتَعَثَ الحَافِرُ: کھودنے والے کا کنوئیں کو بہت مٹی نکالنا — لَہٗ العَطِيَّۃَ: بہت دینا -

اِنْقَعَثَ - جڑ سے اکھڑنا — الحَائِطُ: دیوار کا جڑ سے گرنا -

القَعِيْثُ - آسان - موسلا دھار بارش - بڑا سیلاب -

قَعَدَ (ن) قُعُوْدًا ومَقْعَدًا - کھڑے سے بیٹھنا — قُعُوْدًا کھڑا ہونا - قَعَدَ بِہٖ: بٹھانا - قَعَدَ عَنْ حَاجَتِہٖ: پیچھے رہنا — فُلَانٌ بِقِرْنِہٖ: ہمسر ہونا - اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ بِيْ عَنْكَ شُغْلٌ" مجھ کو تم سے کام کاج نے روک دیا — لِلْحَرْبِ: جنگ کیلئے لوگوں کو مہیا کرنا - قَعَدَتِ النَّخْلَۃُ: دوسرے سال پھل دینا — الفَسِيْلَۃُ: پودے کا تنہ والا ہونا — المَرْأَۃُ: عورت کے شوہر کا لاپتہ ہونا - اور صبار اور طلق کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "قَعَدَ يَشْتِمُنِيْ" وہ مجھے گالی دینے لگا -

قَعَّدَہٗ - خدمت کرنا - کہا جاتا ہے "قَعَّدَ أَبَاہُ" اس نے اپنے باپ کو بٹھا دیا - یعنی اس کی کمائی اس کے باپ کے لئے بھی کافی ہو - قَعَّدَہٗ عَنْ كَذَا: روک دینا -

أَقْعَدَہٗ - بٹھانا - أَقْعَدَہٗ عَنِ الأَمْرِ: روک دینا أَقْعَدَ بِالمَكَانِ: اقامت کرنا — الرَّجُلَ: گھر کرنا - خدمت کرنا — أَبَاہُ: کمائی کی شفقت کے لئے کافی ہونا — البِئْرَ: کنواں بیٹھنے کے لائق کھودنا اور پانی تک نہ پہنچنا - أُقْعِدَ: قُعَاد کی بیماری والا ہونا (قُعَاد ایک بیماری ہے جس میں آدمی چلنے پھرنے سے معذور رہتا ہے)

تَقَعَّدَ - توقف کرنا — ہٗ: مال مشغول کرنا - کام کا انتظام کرنا — تَقَعَّدَ عَنِ الأَمْرِ: طلب کرنے کو چھوڑ دینا -

تَقَاعَدَ مُقَاعَدَةً - دوسرے کے ساتھ بیٹھنا۔
تَقَاعَدَ بِہٖ فُلَانٌ: حق ادا نہ کرنا۔
اِقْتَعَدَ الدَّابَّۃَ: چوپایہ کو سواری بنانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَقْعَدَكَ عَنَّا" کس چیز نے تم کو اس سے روکا۔
القَعَد - وہ لوگ جو شریک جنگ نہ ہوں۔ فوجی لوگ جن کی تنخواہ مقرر نہ ہو۔ خوارج۔
القَعْدَة قعد کا اسم مرۃ۔ انسان کے لئے سواری، غالیچہ (ـــ والقِعْدَة) اتنی جگہ جو بیٹھنے میں گھرے۔ القِعْدَة: بیٹھنے کی ہیئت۔ بطن قعدة انسان کے بیٹھنے کی مقدار کا گڑھا۔ ذُو القَعْدَة وذُو القِعْدَة: قمری مہینوں میں سے گیارھواں مہینہ۔
القُعْدَة - بیٹھنے کی چیز۔ گدھا ـــ مِنَ الإِبِلِ: چرواہے کے لئے ہر حاجت میں سواری کا اونٹ جمع قُعَدات۔
القَعَدَة - سواری۔ غالیچہ۔
القُعَدَة - بہت بیٹھنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ قُعَدَةٌ ضُجَعَةٌ" وہ بہت بیٹھنے والا لیٹنے والا ہے۔ یعنی بہت کاہل ہے۔
الإِقْعَاد والقُعَاد - ایک بیماری ہے جس کو یہ لاحق ہوتی ہے وہ چلنے پھرنے سے معذور ہوتا ہے۔
القِعَاد - بیوی۔
القَاعِد - جمع قُعُود۔ حیض سے بیٹھی ہوئی عورت - عورت جس کے لڑکا اور شوہر کوئی نہ ہو۔
القَاعِدَة۔ قاعد کا مؤنث۔ قَوَاعِد۔ قَاعِدَةُ التِّمْثَال: وہ بلند چبوترہ وغیرہ جس پر مجسمہ نصب کیا جائے۔ والقَاعِدَةُ مِنَ البَيْتِ: بنیاد ـــ مِنَ الهَوْدَجِ: ہودہ کی لکڑی ـــ مِنَ البِلَادِ: بڑا شہر جمع قواعد۔ والقَاعِدَةُ فِي الاصْطِلَاحِ: اصل کلی جو سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
القُعْدِيُّ والقُعْدِيَّة والقِعْدِيَّة: بہت بیٹھنے والا۔ القُعْدِيّ: عاجز۔ کہا جاتا ہے

"رَجُلٌ قُعْدِيٌّ ضُجَعِيٌّ" بہت بیٹھنے اور لیٹنے والا مرد۔
القَعُود والقَعُودَة مِنَ الإِبِلِ: چرواہے کا ہر حاجت میں سواری کا اونٹ۔ القَعُود: اونٹ کا بچہ۔ جوان اونٹ۔ جمع أَقْعِدَة وقُعُد وقِعْدَان وقَعَائِد۔
القَعِيد (واحد جمع مذکر مؤنث) ہم نشین۔ نگہبان۔ ٹڈی کہ ابھی اس کے پر اچھی طرح نہ نکلے ہوں۔ پرندہ یا ہرن جو تمہارے پیچھے سے آئے اور اس سے بدفالی لی جائے (اور یہ نطیح کے خلاف ہے) قَعِيدَا كُلِّ أَمْرٍ: دائیں بائیں کے محافظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ قَعِيدُ النَّسَبِ" فلاں قریب النسب ہے۔
القُعَيْد۔ قعود کی تصغیر۔ اور اسی سے مثل ہے "اِتَّخَذُوهُ قُعَيْدَ الحَاجَاتِ" جب کہ کسی شخص سے ساری ضرورتوں میں کام لیں۔
الأَقْعَدُ النَّسَبِ: مورثِ اعلیٰ سے قریب النسب۔
القَعِيدَة - عورت۔ بیٹھنے کی چیز۔ بورا۔ جمع قَعَائِد۔
المَقْعَد - بیٹھنے کی جگہ۔ جمع مَقَاعِد۔
المَقْعَدَة - بیٹھنے کی جگہ۔ شخص کا نچلا حصہ۔ پاخانہ کرنے کا برتن۔
المُقْعَد - قعاد کی بیماری والا۔ اپاہج۔ ابھری ہوئی پستان۔ گدھ کا بچہ۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ مُقْعَدُ الأَنْفِ" یعنی اس کے نتھنے کشادہ ہیں۔ "وَفُلَانٌ مُقْعَدُ الحَسَبِ" فلاں شریف نہیں ہے۔
المُقْعَدَة - مقعد کا مؤنث۔ کنواں کھودا جائے اور بغیر پانی نکلے ہوئے چھوڑ دیا جائے۔
المُقْعَدَات - مینڈکیں۔ قطا کے بچے اڑنے سے پہلے۔
القُعْدُدُ والقُعْدَدُ والقُعْدُوْدُ مورثِ اعلیٰ سے قریب النسب۔ مورثِ اعلیٰ کا بعید النسب (ضد) القُعْدُد: بزدل۔ کمینہ۔ مکارمِ اخلاق سے باز رہنے والا۔ گمنام۔ "رَجُلٌ قُعْدُدَةٌ" بزدل۔

قَعَرَ (ن) قَعْرًا - پھاڑنا۔ قَعَرَ الشَّجَرَةَ: درخت کو جڑ سے اکھیڑنا ـــ الإِنَاءَ: برتن سے سب کچھ پی لینا ـــ البِئْرَ: کنوئیں کی گہرائی میں اترنا۔ گہرا کرنا۔ قَعَرَتِ الشَّاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔
قَعُرَ (ک) قَعَارَةً المَاءُ: پانی بہت گہرائی میں ہونا۔
قَعَّرَ البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا ـــ فِي كَلَامِهِ: حلق سے بولنا ـــ الرَّجُلُ: چیخنا ـــ الشَّيْءَ: گہرا بنانا۔ وقَعَّرَتِ الشَّاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا۔
أَقْعَرَ البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا ـــ النَّجْمُ: ستارہ کا برتن کے پیندے میں ظاہر ہونا۔
تَقَعَّرَ - گہرا ہونا۔ اکھڑنا۔ منقلب ہونا ـــ فِي كَلَامِهِ: حلق سے بولنا ـــ الشَّيْءُ: گہرا ہونا۔
اِنْقَعَرَ - اکھڑنا۔ مرنا۔
القَعْر - جمع ـــ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: گہرائی۔ القَعْر: بڑا پیالہ۔ پست زمین۔ عقل کامل۔ قَعْرُ الفَمِ: منہ کا اندرونی حصہ جمع قُعُور۔ اور کہا گیا ہے۔ "مَا فِي هٰذَا القَعْرِ مِثْلُهُ" یعنی اس شہر میں اس جیسا کوئی نہیں۔ "وَجَلَسَ فُلَانٌ فِي قَعْرِ بَيْتِهِ" کنایہ ہے ہمیشہ گھر میں رہنے سے۔
القُعْرَة والقَعْرَة - جو چیز پیالہ کے گڑھے کو چھپالے۔ القَعْرَة: پست زمین۔ کہا جاتا ہے۔ "إِنَاءٌ قَعْرَانُ وَمِقْعَارٌ" زیادہ گہرا پیالہ "وقَصْعَةٌ قَعْرِيٌّ": پیالہ جس میں کوئی چیز ہو جو اس کے گڑھے کو چھپالے۔ وقَدَحٌ قَعْرَانُ: گہرا پیالہ۔
القَعُور والقَعِير - زیادہ گہرا۔
القَيْعَر والقَيْعَار والمِقْعَار - حلق سے بولنے والا۔ قَعْبٌ مِقْعَارٌ: زیادہ گہرا بڑا پیالہ۔
المُقَعَّر - گہرا۔ المُقَعَّرُ مِنَ الخُطُوطِ: دھنسی ہوئی لکیریں۔
القَعْوَر - گہرا کنواں۔
قَعْطَرَ قَعْطَرَةً - اجاڑنا۔ ویران کرنا۔ ڈھانا۔
قَعَزَ (ن) قَعْزًا - الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا ـــ مَا فِي الإِنَاءِ: برتن سے سب کچھ پی جانا۔
قَعِسَ (س) قَعَسًا وتَقَعْنَسَ: سینہ

نکلنا اور پیٹھ دھنسنا۔ صفت قَعِس جمع قُعْسَان
وَاَقْعَس مؤنث قَعْسَاء جمع قُعْس۔
قَعَسَ (ن) قَعْسًا۔ سینہ ابھار کر اور پیٹھ
دھنسا کر چلنا ـــــ الشَّیْءَ: موڑنا۔
قَعِسَ (ض) قَعْسًا۔ بتکلف سینہ ابھار کر
اور پیٹھ دھنسا کر چلنا۔
اِقْعَنْسَسَ۔ تونگر ہونا۔
تَقَاعَسَ۔ سینہ نکالنا ـــــ عَنِ الْاَمْرِ: پیچھے
ہٹنا ـــــ فُلَانٌ: سینہ نکالنے والے کے مشابہ
ہونا ـــــ الْفَرَسُ وَغَیْرُہٗ: ہانکنے والے کے تابع
نہ ہونا ـــــ الْعِزُّ: عزت کا پائدار ہونا۔
الْقُعَاس۔ ایک بیماری جس سے بکریاں
بہت مرتی ہیں۔
الْاَقْعَس۔ بلند۔ عِزٌّ اَقْعَس: عزت ثابت
مؤنث قَعْسَاء جمع قُعْس وعِزَّۃٌ قَعْسَاءُ: عزت
پائدار۔ لَیْلٌ اَقْعَسُ: لمبی رات۔ بَعِیْرٌ اَقْعَسُ:
سر پیٹھ گردن جھکا ہوا اونٹ۔ فَرَسٌ اَقْعَسُ:
پست پیٹھ کا گھوڑا۔
الْمُقْعَنْسِس۔ فا۔ سخت۔ جمع مَقَاعِس و
مَقَاعِیس۔
تَقَعْوَسَ الشَّیْخُ: بہت بوڑھا ہونا ـــــ
الْبَیْتُ: گرنا ـــــ الرَّجُلُ: پیچھے ہٹنا اور آگے
نہ بڑھنا۔
الْقَعْوَس۔ بہت بوڑھا۔ مضبوط پیٹھ والا
قَعْسَبَ قَعْسَبَۃً: خوف کی وجہ سے تیز
دوڑنا۔
الْقُعَاسِب۔ بلند قامت۔
قَعْسَرَ قَعْسَرَۃً۔ مضبوطی سے پکڑنا۔ تَقَعْسَرَ عَلَیْہِ:
قوی ہونا ـــــ الشَّیْءُ: سخت ہونا۔
الْقَعْسَرِی۔ مضبوط اونٹ۔ چکی کا ہتھا۔
عِزٌّ قَعْسَرِیٌّ: عزت قدیم۔ اصلی عزت۔
قَعَشَ (ف) قَعْشًا۔ الْحَائِطَ: دیوار گرانا
ڈھانا ـــــ الشَّیْءَ: جمع کرنا۔
اِنْقَعَشَ۔ گرنا ـــــ الْقَوْمُ: جانا۔
الْقَعْش۔ مم۔ ہودہ کی مانند عورتوں کی سواری
جمع قُعُوش۔
قَعَصَہٗ (ف) قَعْصًا وَاَقْعَصَہٗ۔ جگہ پر
قتل کرنا۔ جگہ پر مار ڈالنا۔
قُعِصَتِ الشَّاۃُ۔ قُعَاص کی بیماری ہونا۔
(دیکھو قعاص) دودھ دوہنے میں مار نیوالی ہونا۔
اِنْقَعَصَ۔ جگہ ہی پر مرنا ـــــ الشَّیْءُ: مڑنا۔
الْقُعَاص۔ ایک بیماری ہے جو سینہ میں
ہوتی ہے اور گردن کو توڑ دیتی ہے۔
الْقَعْص جمع۔ فی الفور موت۔ منہدم شدہ مکان
الْقَعَّاص والْمِقْعَص والْمِقْعَاص۔
شیر جو شکار کو فوراً مار ڈالے۔
الْقَعُوص۔ بکری جو دوہنے والے کو مارے
اور دوہنے نہ دے۔
قَعَضَ (ن) قَعْضًا الْغُصْنَ: شاخ کو موڑنا
اِنْقَعَضَ۔ جھکنا۔
قَاظَ یَقِیْظُ قَیْظًا۔ اَلْیَوْمُ: سخت گرم ہونا۔ ـــ (وَقَیَّظَ وَتَقَیَّظَ وَاِقْتَاظَ) اَلْقَوْمُ بِالْمَکَانِ: گرمی کا زمانہ گذارنا۔ قِیْظُوْا: لوگوں پر گرمی کی بارش ہونا۔ قَیَّظَ الشَّیْءُ: گرمی کے زمانہ کے لئے کافی ہونا۔

قَایَظَہٗ قِیَاظًا وَمُقَایَظَةً۔ گرمی کا زمانہ ساتھ گذارنا۔ موسم گرما بھر کا معاملہ کرنا۔

اَلْقَیْظ۔ گرمی کی شدت۔ گرمی کا موسم۔ ج اَقْیَاظ وَقُیُوْظ۔

اَلْقَائِظ وَالْقَیِّظ۔ سخت گرمی والا۔ یَوْمٌ قَائِظٌ: سخت گرمی کا دن۔ قَیْظٌ قَائِظٌ: سخت گرمی۔

اَلْقَیْظِیّ۔ جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔

اَلْمَقَاظ وَالْمَقِیْظ وَالْمُقَیَّظ۔ گرمی کا زمانہ بسر کرنے کی جگہ۔

المقیظۃ۔ گرمی تک سبز رہنے والی سبزی۔
قاعَ یقیعُ قیعًا۔ الخنزیرُ: سور کا آواز نکالنا۔
قَیَّفَ وتقیّفَ الاثرَ: تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔
القِیافۃ۔ کھوج۔ تلاش۔
قاقت تقیق قیقًا الدجاجۃُ: مرغی کا کڑکڑانا
القِیق۔ بیوقوف۔ کبوتر کے برابر ایک پرندہ جس کے بازو مخطط اور دُم کالی ہوتی ہے اور بہت بولتا رہتا ہے اور جس کو اَبُو زُرَیْق بھی کہتے ہیں۔
قِیقِیۃُ البیضۃ: انڈے کے سخت چھلکے کے نیچے کا باریک چھلکا۔
القِیقاۃ والقِیقاءۃ۔ سخت زمین۔ جـ قَوَاقٍ وقَیَاقٍ وقِیق۔
القَیْقَب۔ ایک درخت کا نام۔ زین کا تسمہ وہ لوہا جس کے وسط میں وہ حصہ ہوتا ہے جو گھوڑے کے منھ میں ہوتا ہے (— والقَیْقَبان) زین۔ ایک لکڑی جس سے زین بنائے جاتے ہیں۔
القَیْقاب۔ کپڑے کو چکنا کرنے کا مہرہ۔
قالَ یقیلُ قَیْلًا وقائلۃً وقَیْلُولۃً ومَقالًا ومَقِیلًا۔ دوپہر میں سونا (— قَیْلًا) دوپہر میں دودھ دوہنا اور پینا۔
قَیَّلَہٗ۔ دوپہر میں پلانا۔
قایَلَہٗ۔ معاوضہ میں دینا۔ تبادلہ کرنا۔
أقالَ إقالۃً البیعَ: بیع توڑنا
اللہُ عثرتَک: گرنے سے اٹھانا۔ درگزر کرنا۔
أقالَ الابلَ: دوپہر میں پلانا۔
تَقَیَّلَ۔ دوپہر میں سونا — آباہ: باپ کے مشابہ ہونا — الماءُ: پانی کا جمع ہونا۔
تقیّلتِ الابلُ: اونٹوں کا دوپہر میں پینا۔
تقایلَ الرجلانِ البیعَ: بیع کو فسخ کرنا۔
اِقْتالَ شیئًا بشیءٍ: تبدیل کرنا۔
اِسْتَقالَہٗ۔ اِستقالۃً البیعَ: بیع فسخ کرنے کو کہنا۔ اِستقالہٗ عثرتَہٗ: لغزش معاف کرنے کو کہنا۔
القَیْل۔ مع رئیس۔ حمیر کے بادشاہوں کا لقب۔ اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے
القَیْل والقَیُول۔ دودھ جو دوپہر میں پیا جائے۔
القَیْلۃ والقَیُولۃ۔ اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔
القِیْلۃ والقِیَلۃ۔ خصیہ کا سوجن۔
القائل۔ دوپہر میں سونے والا۔ جـ قُیَّل وقُیُل وقُیّال۔
القائلۃ۔ قائل کا مؤنث۔ دوپہر۔
القائلۃ والقَیْلُولۃ۔ دوپہر میں سونا۔ دوپہر میں لیٹنا۔
رجلٌ قَیّال۔
الاِقالۃ۔ مع عقد کا فسخ کرنا۔
المَقِیل۔ مع قیلولہ کرنے کی جگہ۔ دوپہر میں سونا یا لیٹنا۔
المِقْیَل۔ دودھ دوہنے کا بڑا برتن جس میں دوپہر کے وقت دوہا جائے۔
دوحۃٌ مِقْیال۔ بڑا درخت جس کے نیچے بہت زیادہ لیٹا جائے۔
قانَ یقینُ قَیْنًا الحدیدۃَ: لوہے کو برابر کرنا — الاناءَ: برتن کو درست کرنا — الشیءَ: جمع کرنا — اللہُ فلانًا علی کذا: پیدا کرنا — المرأۃَ: المرأۃَ: بناؤ سنگار کرنا۔
قانَ یقینُ قِیانۃً وقِیانۃً۔ لوہار ہونا۔
قَیَّنَہٗ۔ مزین کرنا۔
تَقَیَّنَ۔ مزین ہونا — النبتُ: اچھا ہونا
اِقْتانَ اِقْتیانًا النبتُ: اچھا ہونا۔ الروضۃُ: باغ کا سرسبز و شاداب ہونا الرجلُ: مزین ہونا۔
القان۔ ایک درخت ہے جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔ واحد قانۃ۔
القَیْن۔ غلام۔ جـ قِیان — لوہار اور ہر کاریگر جـ قُیُون واَقْیان۔
القَیْنۃ۔ باندی۔ لونڈی۔ گانے والی۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نچلا حصہ۔ جـ قِیان۔
المُقَیِّنۃ۔ مُقَیِّن کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔

ل

ك۔ مخاطب اور مخاطبہ کیلئے ضمیر منصوب اور مجرور کے طور پر مستعمل ہے جیسے ضربکَ وکتابکَ وضربکِ وکتابکِ وضربکما وکتابکما وضربکم وکتابکم وضربکنّ وکتابکنّ۔
(۲) حرف جار کبھی تشبیہ کیلئے جیسے زیدٌ کالاسد اور کبھی تعلیل کیلئے جیسے اُذکروا اللہ کما ہداکم۔ یعنی اللہ کو یاد کرو اس لئے کہ اس نے تمہاری ہدایت کی اور کبھی تاکید کے لئے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے لیس کمثلہٖ شیءٌ۔
(۳) حرف غیر جار اور اس صورت میں معنی خطاب کے ہوتے ہیں اور اسم اشارہ اور ضمیر منصوب منفصل اور بعض اسماء افعال کیساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے ذٰلک وتلک وایاک وایاکما ورُوَیدک
کَئِبَ (س) کَأْبًا وکَأْبۃً وکَآبۃً۔ غمگین ہونا۔ شکستہ دل ہونا۔ صفت کَئِبٌ وکَئِیبٌ، اور مجازًا کہا جاتا ہے ارضٌ کئیبۃُ الوجہِ۔
اَکْأَبَ الرجلُ۔ غمگین ہونا۔ ہلاکت میں پڑنا — الرجلَ: غمگین کرنا۔
اِکْتَأَبَ۔ غمگین ہونا۔
الکَأْباءُ۔ سخت غم۔ امرأۃٌ کأباءُ: شکستہ دل غمگین عورت۔ کہا جاتا ہے ما اکْأَبَہٗ: اس کا غم

کس قدر شدید ہے۔
المُکْتَئِبُ۔ غمگین۔ کہا جاتا ہو رَمَادٌ مُکْتَئِبُ
اللَّوْنِ یعنی راکھ سیاہی مائل۔
الکَوْثَبَۃُ۔ ہر وہ چیز جس سے شرم کی جائے۔
کَأبِجَ (ن) کَأبْجًا۔ الرَّجُلُ: حماقت زیادہ ہونا
الکَنَابِجُ۔ حماقت۔ بے وقوفی۔
کَأدَ (ن) کَأدًا۔ شکستہ دل و غمگین ہونا۔
غم سے بدحال ہونا۔
تَکَأَّدَ و تَکَاءَدَ الاَمْرُ فُلَانًا: دشوار ہونا —
— الاَمْرَ: مشقت اٹھانا۔
اِکْوَأَدَّ الشَّیْخُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا
الکَأدَاءُ۔ غم۔ سختی۔ پرہیز۔ تاریک رات
عَقَبَۃٌ کَأدَاءُ و کَؤُوْدٌ۔ دشوار گذار گھاٹی۔
الکُؤَدَاءُ۔ غم یا تھکن کی وجہ سے ٹھنڈی سانس۔
الکَأسُ۔ پیالہ (مؤنث) ج کُؤُوْسٌ و اَکْؤُسٌ
و کَاسَاتٌ و کِیَاسٌ۔ کَأسُ الزَّہْرَۃِ: کلی کا غلاف
الکَأسُ: شراب۔
کَأشَ (ن) کَأشًا الطَّعَامَ: کھانا۔
کَأصَہٗ (ن) کَأصًا ذلیل کرنا۔ مغلوب
کرنا — الشَّيْءَ: بہت کھانا یا پینا۔ کہا جاتا ہے
کَأصْنَا عِنْدَہٗ مِنَ الطَّعَامِ مَا شِئْنَا یعنی ہم نے
اس کے پاس جو کچھ چاہا کھایا۔
کَأکَأَ کَأکَأَۃً۔ کمزور ہونا۔ بزدل ہونا۔
پیچھے ہٹنا۔
تَکَأکَأَ۔ بزدل ہونا اور پیچھے ہٹنا —
القَوْمُ عَلَیْہِ: قوم کا کسی پر جمع ہونا — فِی الکَلَامِ:
گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔
الکَأکَاءُ۔ بزدلی۔ چور کی بھاگنے کے
وقت کی دوڑ۔
المُتَکَاکِیْ۔ نا۔ پستہ قد۔
کَألَ (ن) کَأْلًا و کَأْلَۃً و کُؤُوْلًا: قرض
کے بدلے میں قرض خریدنا یا بیچنا۔ مثلاً تمہارا قرض
کسی کے ذمہ ہو تو تم اپنے قرض کو اس کے قرض
سے بیچ لو۔
اِکْوَأَلَّ اِکْوِئْلَالًا۔ پستہ قد ہونا۔

کَأنَ (ن) کَأْنًا الرَّجُلُ: مضبوط ہونا۔
کَأنَّ۔ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم
کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع۔ اور معانی ذیل
میں مستعمل ہے۔
(۱) تشبیہ۔ جیسے کَأنَّ زَیْدًا اَسَدٌ گویا زید
شیر ہے اور اکثر استعمال اسی میں ہوتا ہے۔
(۲) شک و ظن جیسے کَأنَّ زَیْدًا قَائِمٌ
شاید زید کھڑا ہے۔
(۳) تقریب جیسے کَأنَّکَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ
قریب ہے کہ تم جاڑے میں پہنچو۔
کَأَی یَکْأَی کَأْیًا الرَّجُلُ: گفتگو سے
رنجیدہ کرنا۔
اَکْأَی عَنْہُ: ناپسند کرنا۔
کَأَیِّنْ و کَأَیٍّ۔ کاف تشبیہ اور ای سے
مرکب ہے۔ کم خبریہ کی طرح اکثر تکثیر کے معنوں میں
مستعمل ہے۔ جیسے۔ کَأَیِّنْ رَجُلٍ اور کَأَیٍّ رَجُلًا
رَأَیْتُ میں نے بہت سے آدمی دیکھے۔ اور قلت
کے ساتھ استفہام کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے
حضرت ابی بن کعب کا قول حضرت ابن مسعود
رضوان اللہ علیہم کے لئے کَأَیٍّ تَقْرَأُ سُوْرَۃَ
الاَحْزَابِ یعنی تم نے کتنی مرتبہ سورہ احزاب
کی تلاوت کی تو انھوں نے جواب دیا۔ تہتر مرتبہ
کَبَّ (ن) کَبًّا الاِنَاءَ: برتن کو اوندھا کر دینا
— الرَّجُلَ عَلٰی وَجْہِہٖ و لِوَجْہِہٖ: پچھاڑنا —
الغَزْلَ: کاتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا —
الشَّيْءُ: بھاری ہونا۔ بوجھل ہونا۔
کَبَّبَ۔ کباب بنانا۔
اَکَبَّ۔ فُلَانًا: پچھاڑنا — الرَّجُلُ: پچھڑ
جانا۔ سرنگوں ہونا — عَلَی العِلْمِ وَغَیْرِہٖ: ہمہ
تن مشغول ہونا۔ اَکَبَّ عَلَیْہِ: کسی کو بچانے کے
لئے اس پر چھا جانا۔
تَکَبَّبَ۔ کپڑے میں لپٹنا — الرَّمْلُ
او الشَّجَرُ: تہ بتہ ہونا۔ تَکَبَّبَتِ الاِبِلُ: اونٹوں
کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔
تَکَابَّ القَوْمُ عَلَی الشَّيْءِ: بھیڑ کرنا۔

اِنْکَبَّ عَلَی الاَمْرِ: لازم ہونا۔
الکُبُّ۔ ایک قسم کی کڑوی گھاس۔
الکُبَّۃُ۔ گھوڑوں یا آدمیوں کی جماعت
بڑا اونٹ۔ بوجھ۔ کُبَّۃُ الغَزْلِ او الخُیُوْطِ:
کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ ج کُبَبٌ۔
الکَبَّۃُ و الکُبَّۃُ۔ حملہ۔ اور کہا جاتا ہے۔
کَانَتْ لَہُمْ کَبَّۃٌ فِی الحَرْبِ یعنی انھوں نے لڑائی
میں شور کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ
الکُبَّۃُ: لوگوں کی جماعت۔ کُبَّۃُ النَّارِ: آگ کا
بڑا حصہ۔ کَبَّۃُ الشِّتَاءِ: سردی کا یکبارگی آنا۔
سردی کی شدت۔
الکَبَابُ۔ کباب۔
الکُبَابُ۔ بہت اونٹ بکری۔ چکنے والی
مٹی۔ تہ بتہ ریت۔
المِکَبُّ۔ دھاگا لپیٹنے کی ریل۔ ج مِکَبَّاتٌ
و مَکَابُّ۔
المُکِبُّ و المِکْبَابُ۔ زمین کی طرف نظر
رکھنے والا۔
کَبَتَہٗ (ض) کَبْتًا۔ پچھاڑنا۔ رسوا کرنا۔
پھیرنا۔ توڑنا۔ ذلیل کرنا۔ غصہ سے رد کرنا۔ کہا
جاتا ہے کَبَتَہٗ لِوَجْہِہٖ یعنی اس نے اس کو منہ کے
بل پچھاڑ دیا۔ و کَبَتَ فُلَانٌ غَیْظَہٗ فِی جَوْفِہٖ یعنی
فلاں نے غصہ کو چھپایا۔ "کَبَتَ اللہُ العَدُوَّ"
یعنی اللہ دشمن کو رسوا و ذلیل کرے۔
اِنْکَبَتَ۔ پچھاڑا جانا۔ رسوا ہونا۔ پھرنا۔
لوٹنا۔
المُکْتَبِتُ۔ غم سے بھرا ہوا۔
کَبِثَ (س) کَبَثًا اللَّحْمُ: گوشت کا خراب
اور بدبودار ہونا۔ صفت کَبِیْثٌ و مَکْبُوْثٌ۔
کَبْتَثَ السَّفِیْنَۃَ: کشتی کو زمین کی طرف
کھینچ لانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں
رکھنا۔
کَبَحَ (ن) کَبْحًا الدَّابَّۃَ بِاللِّجَامِ: چوپائے کو
لگام کھینچ کر ٹھیرانا۔ کَبَحَہٗ عَنِ الحَاجَۃِ: باز رکھنا۔
کَبَحَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا۔ کَبَحَ الحَائِطَ السَّہْمُ:

دیا اس کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔

أَكْبَحَ الدَّابَّةَ بِاللِّجَامِ: چوپایہ کو لگام کھینچ کر ٹھیرانا۔

كَابَحَهُ مُكَابَحَةً۔ گالی گلوچ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

أَكْبَحَ الْمَكَانُ: بلند ہونا۔ صفت كُبَّحٌ و كُبُّحٌ

الْكَابِحُ فا۔ بدشگونی کی چیز۔ جو كَوَابِحُ۔

بَعِيرٌ أَكْبَحُ۔ مضبوط اونٹ۔

كَبَدَهُ (ن ض) كَبْدًا۔ جگر پر مارنا۔ كَبَدَ الْأَمْرَ: ارادہ کرنا ——— الْبَرْدُ الْقَوْمَ: سردی کا تکلیف دہ ہونا۔

كَبِدَ (س) كَبَدًا و كُبَادًا۔ دردِ جگر والا ہونا۔ صفت كَبُود۔

كَابَدَ كِبَادًا و مُكَابَدَةً الْأَمْرَ: مشقتیں برداشت کرنا ——— الْمُسَافِرُ اللَّيْلَ: رات کے خوف اور صعوبت کے باوجود سفر کرنا۔

كَبَّدَتِ الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسطِ آسمان میں پہنچنا۔

تَكَبَّدَ الْأَمْرَ: ارادہ کرنا۔ مشقت برداشت کرنا ——— الْمَكَانَ: وسط میں پہنچنا ——— الشَّمْسُ السَّمَاءَ: آفتاب کا وسطِ آسمان میں پہنچنا۔ اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔

الْكَبْدُ و الْكِبْدُ و الْكَبِدُ مِنَ الْأَمْعَاءِ: جگر کلیجہ (مذکر و مؤنث) جو أَكْبَادٌ و كُبُودٌ: الْكَبِدُ: اندرون۔ پہلو۔ وسطِ شئ۔ معظم شئ۔ كَبِدُ الْقَوْسِ: علاقہ۔ کمان کے دونوں طرف کا درمیان۔ كَبِدُ الْأَرْضِ: معدنی چیزیں جیسے چاندی سونا وغیرہ کہا جاتا ہے فُلَانٌ تُضْرَبُ إِلَيْهِ أَكْبَادُ الْإِبِلِ یعنی فلاں کی طرف لوگ سفر کر کرکے آتے ہیں۔

الْكَبْدُ و الْكَبَدُ و الْكَبْدَاءُ و الْكُبَيْدَاءُ و الْكُبَيْدَاةُ مِنَ السَّمَاءِ: وسطِ آسمان۔

الْكَبْدَاءُ: ہتھ چکی۔ ریت کا تودہ کہ جس کا درمیانی حصہ بڑا ہو۔ کمان کہ جس کا قبضہ ہتھیلی کو بھر دے۔

الْكَبَدُ: پیٹ کی بڑائی۔ مشقت۔ فضاء آسمانی سختی۔ ریت کا درمیانی حصہ۔

الْكَبْدَةُ۔ كَبَدَ کا اسم مرۃ۔ دوستی و محبت کا مہرہ۔

الْكُبَادُ۔ دردِ جگر۔

الْكُبَّادُ۔ چکوترہ۔

الْأَكْبَدُ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث كَبْدَاءُ جو كُبْدٌ۔

الْكَابِدُ۔ فا۔ مشقت کی برداشت۔

كَبِرَ (س) كِبَرًا و مَكْبِرًا فِي السِّنِّ: عمر رسیدہ ہونا

كَبَرَ (ن) كَبْرًا فُلَانًا بِالسِّنِّ: کسی سے بڑا ہونا (عمر میں)

كَبُرَ (ك) كِبَرًا و كُبْرًا و كَبَارَةً فِي الْقَدْرِ: مرتبہ میں بڑا ہونا۔ كَبُرَ عَلَيْهِ الْأَمْرُ: دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔

كُوبِرَ الرَّجُلُ فِي مَالِهِ: ظلم سے لیا جانا۔ صفت مُكَابَرٌ عَلَيْهِ۔

كَبَّرَ تَكْبِيرًا و كِبَّارًا۔ اللہ اکبر کہنا ——— الشَّيْءَ: بڑا بنانا۔

كَابَرَهُ۔ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ غلبہ کرنا ——— عَلَى حَقِّهِ: حق کا انکار کرنا۔

أَكْبَرَ الْأَمْرَ: بڑا سمجھنا ——— الرَّجُلَ: بڑا شمار کرنا۔ تعظیم کرنا۔

تَكَبَّرَ و تَكَابَرَ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ تَكَابَرَ الرَّجُلُ: اپنے آپ کو بزرگ ظاہر کرنا۔

إِسْتَكْبَرَ۔ متکبر ہونا ——— الْأَمْرَ: بڑا سمجھنا بڑا شمار کرنا۔

الْكِبْرُ۔ غرور۔ بڑا گناہ۔

الْكِبْرُ و الْكُبْرُ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شرف۔ رفعت۔ الْكُبْرُ: کفر و شرک۔

الْكِبَرُ و الْكَبْرَةُ و الْكِبْرَةُ۔ بڑھاپا۔ و الْكِبْرَةُ: بڑا گناہ۔ کہا جاتا ہے هُوَ كُبْرُهُمْ و كِبْرَتُهُمْ و كُبْرُ هُمْ و كُبُرَّتُهُمْ و إِكْبِرَّتُهُمْ و أَكْبَرُهُمْ: وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے و فُلَانٌ كُبْرَةُ وَلَدِ أَبِيهِ: فلاں اپنے باپ کی اولاد میں سب سے بڑا ہے۔ اس میں واحد جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

الْكَبَرُ۔ ڈھول۔ جو كِبَارٌ و أَكْبَارٌ (دخیل) ایک درخت کا نام۔

الْكِبْرِيَاءُ۔ بزرگی۔ عظمت۔ غرور۔

الْكُبَارُ و الْكُبَّارُ و الْكَابِرُ۔ بڑا۔ الْكَابِرُ: بلند مرتبہ سردار۔ مورثِ اعلیٰ۔

الْكَبِيرُ۔ بڑا۔ جو كِبَارٌ و كُبَرَاءُ۔ معظم۔ رئیس۔ اور كَبِيرٌ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے

الْكَبِيرَةُ۔ كبير کا مؤنث۔ بڑا گناہ۔ جو كَبِيرَاتٌ و كَبَائِرُ۔

الْأَكْبَرُ۔ اسم تفضیل۔ اور کہا جاتا ہے الْأَكْبَرُ و الْأَصْغَرُ بمعنے كَبِيرٌ و صَغِيرٌ جو أَكَابِرُ و أَكْبَرُونَ۔ أَكَابِرُ الْقَوْمِ: شرفاء قوم۔ کہا جاتا ہے أَتَانِي فُلَانٌ أَكْبَرَ النَّهَارِ: فلاں میرے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا

الْإِكْبِرُ و الْأَكْبَرُ۔ ایک مومی چیز ہے خشک حلوے کی مانند۔ جس کو شہد کی مکھی جمع کرتی ہے۔ اور یہ شہد اور موم کے علاوہ ہے۔

الْكُبْرَى۔ اکبر کا مؤنث۔ جو كُبَرٌ و كُبْرَيَاتٌ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْجَارِيَةُ مِنْ كُبْرَى بَنَاتِ فُلَانٍ" یہ لڑکی فلاں کی لڑکیوں میں سے بڑی ہے

الْمَكْبِرُ و الْمَكْبِرَةُ و الْمَكْبُرَةُ۔ عمر کی بڑائی۔

الْمَكْبُورَاءُ۔ اسم جمع بمعنے كُبَرَاءُ۔

كَبْرَتَ الشَّيْءَ: کسی چیز پر گندھک ملنا۔

الْكِبْرِيتُ۔ گندھک۔ سرخ سونا۔ سرخ یاقوت۔ کہا جاتا ہے ذَهَبٌ كِبْرِيتٌ و فِضَّةٌ كِبْرِيتٌ خالص سونا چاندی۔

كَبَسَ (ض) كَبْسًا عَلَى الشَّيْءِ: حملہ کرنا اور دبوچنا ——— الْبِئْرَ: کنویں کو مٹی سے پاٹنا ——— رَأْسَهُ فِي الثَّوْبِ: سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔ الْقَوْمَ دَارَهُ: اچانک حملہ کرنا ——— السَّنَةَ يَوْمًا: سال میں ایک دن زائد کرنا ——— النَّاصِيَةُ جَبْهَتَهُ: پیشانی کو چھپا لینا۔

كَبِسَ (س) كَبَسًا۔ بڑے سر والا ہونا۔ صفت أَكْبَسُ مؤنث كَبْسَاءُ۔ جو كُبْسٌ۔

كَبَّسَ الْجَسَدَ: جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔

— عَلَی الشَّیْ: گھس پڑنا۔
تَکَبَّسَ وَاِنْکَبَسَ النَّہْرُ وَالْبِئْرُ: نہر یا کنویں کا مٹی سے بھر جانا۔ تَکَبَّسَ الرَّجُلُ: سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ تَکَبَّسَ عَلَی الشَّیْ: گھس پڑنا۔
اَلْکِبْسُ۔ کنواں پاٹنے کی مٹی۔ بڑا سر۔ پہاڑ کی جڑ میں غار۔ خزانہ۔ اصل۔ مٹی کا گھر۔
اَلْکِبَاسَۃُ۔ کھجوروں کا گچھا۔ ج کَبَائِسُ۔
جِبَالٌ کُبْسٌ وَکُبَّسٌ۔ سخت پہاڑ۔
اَلْکَابُوْسُ۔ ایک بیماری ہے جس میں آدمی کو نیند کی حالت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز اس کو دبائے ہوئے ہے اور وہ حرکت پر قادر نہیں ہوتا اور یہ مرگی کا مقدمہ ہے۔
اَلْکُبَاسُ۔ سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ بڑے سر والا۔ پُر گوشت۔ ہَامَۃٌ کُبَاسٌ: موٹی گول کھوپڑی۔
اَلْکَبْسَۃُ۔ اچانک حملہ۔
اَلْکَابِسَۃُ۔ کابس کا مؤنث۔ اَرْنَبَۃٌ کَابِسَۃٌ اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔ نَاصِیَۃٌ کَابِسَۃٌ: پیشانی پر لٹکے ہوئے بال۔
اَلْکَبِیْسُ۔ ایک قسم کی کھجور۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوتی ہے۔ اَلسَّنَۃُ الْکَبِیْسَۃُ: وہ سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے اور یہ ہر اس سال میں ہوتا ہے جو چار پر برابر برابر تقسیم ہو جائے۔ جیسے ۱۹۴۰ء و ۱۹۴۴ء۔
اَلْمِکْبَسُ ج مَکَابِسُ وَالْمِکْبَاسُ ج مَکَابِیْسُ اون یا اوراق وغیرہ دبانے کا آلہ۔ اَلْمَکَابِیْسُ: وہ لوگ جو لوگوں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں۔
اَلْمُکْتَبِسُ فا۔ سر نیچے رکھنے والا۔ اچانک آنے والا اور دبانے والا۔
کَبَشَ (ن) کَبْشًا الشَّیْ: مٹھی بھر کر لینا۔
اَلْکَبْشُ۔ مینڈھا جب کہ دو سال کا ہو۔ اور بقول بعض چار سال کا۔ ج کِبَاشٌ وَاَکْبَاشٌ وَاَکْبُشٌ وَکُبُوْشَۃٌ۔ اَلْکَبْشُ: سردار قوم۔ بڑا پتھر جو دیوار پر شکست کرنے کیلئے لگایا جائے۔ ایک جنگی آلہ جو حصار کے موقع پر قلعوں پر پتھر پھینکنے کے کام آتا ہے۔
اَلْکِبَاشُ۔ جواں مرد لوگ۔
اَلْکَبَّاشُ۔ مینڈھوں والا۔
اَلْکُبَاصُ وَالْکُبَاصَۃُ۔ مضبوط وقوی اونٹ یا گدھا۔
کَبَعَ (ف) کَبْعًا الشَّیْ: کاٹنا — ہٗ عَنْ کَذَا: منع کرنا روکنا — الدَّرَاہِمَ: دراہم پرکھنا اور وزن کرنا۔
کَبَعَ (ف) کُبُوْعًا۔ ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔
کَبَّعَ الشَّیْ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَلْکُبَعُ۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی جسکو جمل البحر بھی کہتے ہیں۔
کَبْکَبَ کَبْکَبَۃً وَکِبْکَابًا الشَّیْ: الٹنا پچھاڑنا — المَوَاشِیَ الشَّارِدَۃَ: بھاگے ہوئے جانوروں کو جمع کرنا — الشَّیْ: گڑھے میں پھینکنا
تَکَبْکَبَ فِیْ ثِیَابِہٖ: لپٹنا — القَوْمُ: جمع ہونا۔
اَلْکَبْکَبُ اَلْکِبْکِبُ۔ ایک قسم کا کھیل
اَلْکَبْکَبَۃُ بتثلیث الکافین وَالْکُبْکُوْبُ وَالْکُبْکُوْبَۃُ: لوگوں یا گھوڑوں کی بھیڑ۔ اَلْکُبَاکِبُ وَالْکُبَاکِبُ: گٹھے بدن والا۔
اَلْکِبْکِبَۃُ وَالْکِبْکِبُ۔ کاتے ہوئے دھاگے کا گولہ۔
کَبَلَہٗ (ض) کَبْلًا وَکَبَّلَہٗ۔ بیڑی ڈالنا قید کرنا۔
کَبَّلَہٗ وَکَابَلَہٗ مُکَابَلَۃً الدَّیْنَ: قرض کی ادائگی میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا — کَابَلَ الدَّارَ: مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خرید لے اور پھر شفعہ کر کے لینا
تَکَبَّلَ۔ بیڑی ڈالا جانا۔ قید ہونا۔
اِکْتَبَلَ الاَسِیْرَ: بیڑی ڈالنا — الکِیْسَ: تھیلی کو باندھنا — ہٗ: خیرَہٗ: روکے رکھنا۔
اَلْکَبْلُ وَالْکِبْلُ۔ بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج کُبُوْلٌ وَاَکْبُلٌ: اَلْکَبْلُ: ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا کنارہ جہاں چمڑا مڑا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین
اَلْکَبَلُ وَالْکَابِلِیُّ۔ تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے فَرْوٌ کَبَلٌ اور کَابِلِیٌّ۔
اَلْکَابُوْلُ۔ شکاری کا جال۔
اَلْمَکْبُوْلُ۔ مفع قیدی۔
اَلْکَابُلِیُّ۔ پستہ قد۔
اَلْکَبُوْلَاءُ۔ ایک قسم کا کھانا۔
کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو اندر کو موڑ کر سینا — الشَّیْ: غائب کرنا — عَنِ الشَّیْ: بددل ہونا۔ باز رہنا — عَنْہُ لِسَانَہٗ: زبان روکنا — ہٗ بِیَدِہٖ: روک لینا۔
کَبَنَ (ض) کَبْنًا وَکُبُوْنًا الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا — الرَّجُلُ: سامنے والے اوپر یا نیچے کے اندر گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ بزدلی کو چھوڑ کر دوسرے سے سلوک کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ موٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔
اَکْبَنَ لِسَانَہٗ عَنْہُ: زبان روکنا۔
اِکْبَنَّ اِکْبِنَانًا۔ سمٹنا۔ سکڑنا الظَّبْیُ: ہرن کا زمین سے چمٹنا — الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔
اَلْکُبْنُ۔ مص ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔
اَلْکُبُنُّ وَالْکُبُنَّۃُ: بخیل۔ کنجوس۔ اَلْکُبُنَّۃُ خشک روٹی۔
اَلْکُبَانُ۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
اَلْمَکْبُوْنُ۔ مفع کبان کی بیماری والا اونٹ — مِنَ الْخَیْلِ: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ ج مَکَابِیْنُ۔ رَجُلٌ مَکْبُوْنُ الاَصَابِعِ: سخت اور موٹی انگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَۃٌ۔ اَلْمَکْبُوْنَۃُ: جلد باز عورت۔
کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا وَکُبُوًّا لِوَجْہِہٖ: منہ کے بل گرنا — الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ کَبَتِ النَّارُ: آگ کا راکھ میں چھپنا — النُّوْرُ: روشنی کم ہونا۔ — النَّبْتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا — الغُبَارُ: غبار کا اوپر کو چڑھنا — الجَمْرُ: بلند ہونا

— تُوَنَ الصُّبْحُ اوالشمسُ: تاریک ہونا —— السَّہْمُ: تیر کا نشانہ پر نہ لگنا —— بِاِنَائِی الوِعَاءِ: پانی کو برتن میں گرانا۔ بکھیرنا — الکُوزَ: کوزہ سے گرا دینا — الشَّیْءَ: صاف کرنا — البَیْتَ: جھاڑو دینا۔

کَبّٰی تَکْبِیَۃً النَّارَ: آگ کو راکھ میں چھپانا ثَوْبَہٗ بِالکِبَاءِ: کپڑے کو کباء سے دھونی دینا (دیکھئے کَبَاء)

اَکْبٰی اِکْبَاءً۔ الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔ دھوئیں والا ہونا۔ اَکْبٰی وَجْہَہٗ: متغیر کرنا۔

کابٰی مُکَابَاۃً السَّیْفَ: تلوار کو میان میں رکھنا۔

تَکَبّٰی عَلَی المِجْمَرَۃِ: عود دان پر کپڑے کو ڈالنا۔

اِکْتَبٰی بِالعُوْدِ: دھونی دینا۔

اِنْکَبٰی۔ منہ کے بل گرنا۔

الکُبَاءُ۔ بلند۔

الکِبَاءُ والکِبٰی ج اَکْبَاء والکُبَۃ: ج کُبُوْن: کوڑا کرکٹ۔

الکِبَاءُ۔ زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں۔ پانی کے ادھر ادھر غلیظ جھاگ۔

الکِبَاءُ۔ دھونی کی لکڑی۔ ج کُبِیّ۔

الکَبْوَۃُ۔ کَبَا کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔

الکُبْوَۃُ۔ دھونی دینے کی انگیٹھی۔

الکَابِی۔ فا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَابِی الرَّمَادِ" فلاں بہت راکھ والا ہے۔ کنایہ ہے بہت مہمان نواز ہونے سے۔ الفَحْمُ الکَابِی: بجھا ہوا کوئلہ۔ رَجُلٌ کَابٍ: باوجود دعوت کے خیر کیطرف متوجہ نہ ہونے والا مرد۔ غبار کابٍ: بلند غبار۔

الکَابِیَۃُ۔ کابِی کا مؤنث جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَۃٌ: راکھ میں چھپی ہوئی آگ۔

کَتَّ (ن) کَتًّا۔ شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَتَانَا بِجَیْشٍ مَا یُکَتُّ" وہ ہمارے اوپر غیر محصور فوج لیکر آیا۔

کَتَّ وَاَکَتَّ وَاکْتَتَّ الکَلَامَ فِی اُذُنِہٖ: چپکے چپکے کہنا۔

کَتَّ (ن) کَتِیْتًا۔ آہستہ چلنا۔

کَتَّ (ض) کَتًّا البَعِیْرُ: اونٹ کا آہستہ آہستہ بڑبڑانا۔ کَتَّتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ ابلنا۔ کَتَّ الرَّجُلَ: ذلیل کرنا۔ غمگین کرنا۔

اِکْتَتَّ الحَدِیْثَ: بات سننا۔

تَکَاتَّ النَّاسُ: شور کے ساتھ بھیڑ کرنا۔

الکَتُّ۔ مع۔ دُبلا (مذکر و مؤنث) ——

الکَتَّۃُ۔ کَتَّ کا اسم مرۃ۔ زمین کی سبزی۔

الکُتَّۃُ۔ ردی مال۔

الکَتِیْتُ۔ مص۔ ہانڈی ابلنے کی آواز۔ جوش شراب کی آواز۔ جوان اونٹ کی آواز۔ بخیل۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَتِیْتُ الیَدَیْنِ" یعنی بخیل مرد۔

الکَتِیْتَۃُ۔ ایک قسم کا کھانا۔

کَتَبَ (ن) کَتْبًا وکِتَابًا وکِتْبَۃً وکِتَابَۃً الکِتَابَ: لکھنا۔ کَتَبَ عَلَیْہِ کَذَا: واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ اللّٰہُ عَلٰی عِبَادِہٖ ... کَتَبَ عَلٰی نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ" یعنی اللہ تعالیٰ نے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو لازم کیا ہے۔ کَتَبَ القِرْبَۃَ کَتْبًا: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا۔

کَتَّبَ الکِتَابَ: لکھنا — الوَلَدَ: لکھنا سکھانا — الجُنُوْدَ: فوج کے دستے بنانا اور تیار کرنا۔

کَاتَبَہٗ مُکَاتَبَۃً۔ خط و کتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔ کَاتَبَ العَبْدَ: مال معینہ کی ادائگی کی شرط پر آزاد کرنا۔

اَکْتَبَہٗ۔ لکھنا سکھانا۔ لکھنے والا پانا۔ اَکْتَبَہُ القَصِیْدَۃَ: لکھوانا۔ اَکْتَبَ القِرْبَۃَ: مشک کا منہ باندھنا۔

تَکَتَّبَ الرَّجُلُ: کپڑے سمیٹ کر ہوشیار ہونا۔ تَکَتَّبَتِ الکَتَائِبُ: فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔

تَکَاتَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے خط و کتابت کرنا۔

اِکْتَتَبَ الکِتَابَ: لکھنا۔ املا کرانا۔ لکھوانا۔ لکھنے کو کہنا — الغُلَامَ: لکھنا سکھانا —— القِرْبَۃَ: مشک کو دوہرے تسمہ سے سینا — بَطْنُہٗ: بند ہونا — الرَّجُلُ: رجسٹر میں اپنا نام لکھنا۔ اور اسی سے ہے "اِکْتَتَبَ بِمَالٍ او اِعَانَۃٍ"

اِسْتَکْتَبَہُ الشَّیْءَ: لکھنے کو کہنا —— ؛ القَصِیْدَۃَ: قصیدہ املا کرانے کو کہنا —— الغُلَامَ: کاتب بنانا۔

الکِتْبَۃُ۔ مص۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ یا رزق میں رجسٹرڈ ہونا۔

الکُتْبَۃُ۔ سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔

الکِتَابُ۔ مص جس میں لکھا جائے۔ خط۔ صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج کُتُبٌ وکُتْبٌ۔ والکِتَابُ عَلَی الاِطْلَاقِ: ہر وہ کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ اَہْلُ الکِتَابِ: وہ لوگ جن کے پاس آسمانی کتاب ہو۔ اُمُّ الکِتَابِ: اصل کتاب۔ سورۂ فاتحہ۔

الکُتُبِیُّ۔ کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔

الکِتَابَۃُ۔ مص۔ لکھا ہوا۔ مال معین کی ادائگی پر غلام کو آزاد کرنا۔

الکَتِیْبُ۔ بندھن کو بندھی ہوئی مشک۔

الکَتِیْبَۃُ۔ لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔ سواروں کا دستہ۔ ج کَتَائِبُ۔

الکَاتِبُ فا۔ عالم۔ محرر۔ ج کاتِبُوْنَ کَتَبَۃٌ وکُتَّابٌ۔

الکُتَّابُ۔ جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج کَتَاتِیْبُ

المَکْتَبُ۔ تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج مَکَاتِبُ۔

المَکْتَبَۃُ۔ لائبریری۔ کتب خانہ۔ ج مَکَاتِبُ۔

المُکْتِبُ۔ فا۔ رَجُلٌ مُکْتِبٌ: کتابیں نقل کرانے والا۔

اَلْمُکَتِّب فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔

اَلْمَکْتُوْب ۔ بمعنٰی خط۔ ج مَکَاتِیْب ۔

کَتَحَ (ف) کَتْحًا اَلطَّعَامَ : شکم سیر ہو کر کھانا۔ کَتَحَتِ الرِّیْحُ : ہوا کا غبار اڑانا۔ الدَّبٰی الْاَرْضَ : کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔

اَلْکَتَدُ وَالْکَتِدُ ۔ دونوں کندھوں کے درمیان کا حصہ۔ ج اَکْتَاد و کُتُود اور کہا جاتا ہے خَرَجُوْا عَلَیْنَا اَکْتَادًا اَکْتَادًا " وہ ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔

اَلْاَکْتَدُ ۔ کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ والا۔

اَلْکَتَرُ وَالْکِتْرُ وَالْکَتْرُ وَالْکَتَرَۃُ ۔ بلند کوہان اَلْکَتْرُ : بلند عمارت۔ اندازہ۔ چھوٹا ہو وہ ہر چیز کا درمیان۔

اَلْکَتْرُ وَالْکَتْرَۃُ ۔ لڑکھڑاہٹ کی چال۔

اَلْکِتْرَۃُ ۔ قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔

کَتَشَ (ن) کَتْشًا لِاَھْلِہٖ : کمائی کرنا۔

کَتِعَ (س) کَتَعًا ۔ سکڑنا۔ لمبا ہونا — فِی الْعَمَلِ : مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔

کَتَعَ (ف) کَتْعًا بِہٖ : لے جانا (— کُتُوْعًا) فِی الْاَرْضِ : دور ہونا اور بھاگنا۔

کَتَّعَ اللَّحْمَ : گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کَاتَعَہُ ۔ اللّٰہُ : تباہ و برباد کرنا۔

تَکَاتَعَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔

اَلْکُتَعُ ج کِتْعَان وَالْکُتَیْعُ : لئیم و ذلیل اَلْکُتَعُ : مرد ہلکا پھلکا چست۔ لمبا۔ راستہ کا واقف ۔ لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ اَلْکُتَیْعُ : اکیلا منفرد۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ کُتَیْعٌ اَوْ کَتَاعٌ " یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حَوْلٌ کَتِیْعٌ : پورا سال

اَلْکُتْعَۃُ ۔ ج کِتَاع وَالْکُتْعَۃُ ج کُتَع وَالْکُتْعَۃُ ج کُتَع : ڈولچی۔

کُتَعُ ۔ کَتْعَاءُ کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے اِشْتَرَیْتُ ہٰذِہِ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ " میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ رَأَیْتُ اَخَوَاتِکَ جُمَعَ کُتَعَ " میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا۔ اور کُتَعُ وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور کُتَعُ کو جُمَعُ پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جُمَعُ کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اسلئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

اَلْاَکْتَعُ ۔ لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ اَجْمَعُ کے توابع میں سے ہے۔ اور بغیر اَجْمَعُ کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے " رَأَیْتُہُمْ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ " یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث کَتْعَاءُ ۔

اَلْکَتْعَاءُ ۔ باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کیلئے جَمْعَاءُ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے اِشْتَرَیْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ میں نے سارا مکان خرید لیا

رَأْیٌ مُکْتَعٌ ۔ قوی رائے۔ کہا جاتا ہے جَاءَ مُکْتَعًا وَمُکَوْتِعًا یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

کَتَفَ (ض) کَتْفًا وَ کَتِیْفًا ۔ آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔ — فِی الْاَمْرِ : نرمی برتنا (— کَتْفًا وَ کِتَافًا) الرَّجُلَ : مشکیں کسنا : کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا — السَّرْجُ الدَّابَّۃَ : زین کا کندھے کو زخمی کرنا — الْاِنَاءَ : برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا — الْاَمْرَ : ناپسند کرنا (— کَتْفًا وَ کَتَفَانًا) اَلطَّائِرُ : پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اڑنا۔

کَتِفَ (س) کَتَفًا ۔ چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ درد مند مونڈھے والا ہونا۔ کَتِفَ الرَّجُلُ : آہستہ چلنا۔

کَتَّفَ الرَّجُلَ : مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا — الْاِنَاءَ : برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا — اللَّحْمَ تَکْتِیْفًا : گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا — الْفَرَسُ : گھوڑے کا چلنے میں مونڈھو کو ہلانا۔

تَکَتَّفَ ۔ سینے پر ہاتھ باندھنا۔ تَکَتَّفَتِ الْخَیْلُ : گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا

اَلْکَتِفُ وَالْکِتْفُ وَالْکَتْفُ ۔ شانہ کندھا مؤنث ۔ ج کِتَفَۃٌ و اَکْتَاف اور عرب کے امثال میں سے ہے "اِنَّہٗ لَیَعْلَمُ مِنْ اَیْنَ تُؤْکَلُ الْکَتِفُ " اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

اَلْکَتَفُ ۔ بمعنٰی درد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

اَلْکُتَاف ۔ درد شانہ۔

اَلْکِتَاف ۔ مشکیں کسنے کی رسی ج اَکْتِفَۃٌ و کُتُف و کُتْف ۔

اَلْکَاتِف ۔ فا : ناپسند کرنے والا۔

اَلْاَکْتَفُ مِنَ الْخَیْلِ وَالْجِمَالِ : درد شانہ والا۔ مؤنث کَتْفَاءُ ج کُتْف ۔ اَلْاَکْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ : مرد جس کے شانہ میں درد ہو مِنَ الْخَیْلِ : گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

اَلْکَتِیْفُ ۔ لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج کُتُف ۔

اَلْکَتِیْفَۃُ ۔ دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج کَتَائِف ۔

اَلْکُتْفَانُ وَالْکِتْفَانُ ۔ ٹڈی جو پہلی مرتبہ اڑے۔ واحد کُتْفَانَۃٌ ۔

اَلْمَکْتُوْف ۔ جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

کَتْکَتَ الرَّجُلُ : بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔ (— وَتَکَتْکَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

اَلْکَتْکَات ۔ جلدی جلدی بولنے والا۔

کَتَلَہٗ (ن) کَتْلًا ۔ قید کرنا۔ باز رکھنا۔

کَتِلَ (س) کَتَلًا ۔ چمٹنا۔ صفت کَتِلٌ — الْحِمَارُ : گدھے کا زمین پر لوٹنے سے گرد آلود ہونا۔

کَاتَلَہُ اللّٰہُ : تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

كَتَلَ الشَّيْءَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَكَتَّلَ القَصِيرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا ـــــ الشَّيْءُ: جمع ہونا تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

إِنْكَتَلَ۔ گذرنا۔ جانا۔

الكُتْلَةُ مِنَ الطِّينِ وَنَحْوِهِ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا جمع كُتَل۔

الكَتَالُ۔ نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (ـــــ والكَتِيل) موٹاپا اور کہا جاتا ہے أَلْقَى عَلَيْهِ كَتَالَهُ اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

الكَتِيلَةُ۔ درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ جمع كَتَائِل۔

الأَكْتَلُ۔ سخت۔ مصیبت۔

المِكْتَلُ والمِكْتَلَةُ۔ کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ جمع مَكَاتِلُ۔ المِكْتَلُ: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الكَاثُولِيكُ۔ رومن کیتھولک عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولکی جمع کاثولیکیون (دخیل)

(كَتَمَ (ن) كَتْمًا وكِتْمَانًا وكَتَّمَ واكْتَتَمَ الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا چھپانا۔ اور کبھی اکتم کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے۔ كَتَمْتُ زَيْدًا الحَدِيثَ (میں نے زید کو بات چھپائی) اور مفعول اول میں مِن کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الحَدِيثَ كَتَّمَ الشَّيْءَ: چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ وا كَتَمَ الشَّيْءُ: زرد ہونا۔

كَتَمَ (ن) كُتُومًا وكِتَامًا الإِنَاءُ: بہنے سے روکے رکھنا۔

كَاتَمَهُ مُكَاتَمَةً السِّرَّ: چھپانا کہا جاتا ہے كَاتَمَهُ العَدَاوَةَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔

تَكَاتَمَ الرَّجُلَانِ الحَدِيثَ: ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔

إِنْكَتَمَ۔ چھپنا۔

إِسْتَكْتَمَ السِّرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا

الكُتْمَةُ۔ پوشیدگی۔

الكَتَمُ والكِتْمَانُ وسمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دیکر روشنائی تیار کرتے ہیں۔

الكَاتِمُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ كَاتِمٌ بمعنی مَكْتُوم یعنی چھپا ہوا بھید۔ قَوْسٌ كَاتِمٌ کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔

الكَتْمَةُ۔ کتم کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے مَا رَاجَعْتُهُ كَتْمَةً میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔

الكَتُومُ والكَتَّامُ والكَتَّامَةُ بھید کو بہت چھپانے والا۔

الكَتُومُ۔ بھید کو چھپانے والا ـــــ و (الكَتِيمُ) مِنَ القِسِيِّ: ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ كَتِيمٌ: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔

الأَكْتَمُ۔ بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔

المُكْتَتِمُ۔ فا۔ سَحَابٌ مُكْتَتِمٌ: بادل جس میں گرج نہ ہو۔

كَتِنَ (س) كَتَنًا۔ الوَسَخُ عَلَى الشَّيْءِ: میل کا چسپاں ہونا ـــــ الشَّيْءُ: میل کچیل لگنا ـــــ دھوئیں سے سیاہ ہونا ـــــ النَّخْلُ: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا ـــــ فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔

كَتَّنَ وأَكْتَنَ الشَّيْءَ: چپکانا۔

تَكَتَّنَتِ المَرْأَةُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔

الكَتَنُ۔ ہونٹ کی سیاہی۔ دلوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چسپیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔

الكَتِنُ والكَتِنُ۔ پیالہ۔ سِقَاءٌ كَتِنٌ: میل کچیل مشک۔

الكَتَّانُ۔ السی کا پودہ۔ الكَتَّانُ: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے لَبِسَ المَاءُ كَتَّانًا یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔

الكَتُّونَةُ۔ کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے (دخیل)

الكَتَّانُ۔ کھٹمل۔

كَتَا يَكْتُو كَتْوًا۔ چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔

أَكْتَى إِكْتَاءً۔ دشمن پر غالب آنا۔

إِكْتَوَى إِكْتِيتَاءً۔ غصہ سے بھر جانا بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔

كَثَّ (ض) كَثَاثَةً وكُثُوثَةً وكَثَّ (س) كَثَثًا۔ گاڑھا ہونا ـــــ الشَّعْرُ: بالوں کا گھنا ہونا ـــــ اللِّحْيَةُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا ـــــ بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا۔

أَكَثَّ الرَّجُلُ: گھنی ڈاڑھی والا ہونا۔

صفت كَثٌّ۔ جمع كِثَاثٌ وأَكَثُّ مؤنث كَثَّاءُ۔ جمع كُثٌّ۔

الكَثُّ والكَثِيثُ۔ گھنی۔ کہا جاتا ہے۔ هُوَ كَثُّ اللِّحْيَةِ وكَثِيثُهَا وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ وامْرَأَةٌ كَثَّةٌ وكَثَّاءُ گھنے بال والی عورت۔

الكَثُّ: میلا کچیلا۔

الكَثِيثُ۔ سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔

الكَاثُّ۔ کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اگ آئے۔

كَثَأَ (ف) كَثْأً وكَثَأً وكُثُوءًا اللَّبَنُ ونَحْوُهُ: دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا ـــــ القِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا ـــــ اللِّحْيَةُ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا ـــــ الزَّرْعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا ـــــ القِدْرَ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا ـــــ الرَّجُلُ: بالائی کھانا ـــــ أَوْبَارُ الإِبِلِ ـــــ اونٹ کے بال کا نکلنا ـــــ

أَكْثَأَتِ اللِّحْيَةُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔

الكَثْأَةُ والكَثْأَةُ مِنَ اللَّبَنِ: بالائی

—— مِنَ الْمَاءِ: پانی کی سطح پر جو آجائے۔ کہا جاتا ہے خُذْ كُثَاةَ قِدْرِكَ اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔

كَثَبَ (ن ض) كَثْبًا الشَّيْءَ: جمع کرنا —— الشَّيْءُ: جمع ہونا —— الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا —— فِي الْمَكَانِ: داخل ہونا —— الْمَاءَ: پانی گرانا —— التُّرَابَ: مٹی اڑانا —— عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔ —— الصَّيْدُ فُلَانًا: شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے كَثَبَكَ الصَّيْدُ فَارْمِهِ شکار تمہارے قریب ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ يَكْثِبُهُ: وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ كَثَبَ لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کا دودھ کم ہوا۔

كَثَّبَ الشَّيْءُ: کم ہونا۔

كَاثَبَ الْقَوْمَ: قوم سے قریب ہونا۔

أَكْثَبَ الرَّجُلُ وَإِلَيْهِ وَمِنْهُ وَلَهُ: قریب ہونا —— فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔

اِنْكَثَبَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔

الْكَثَبُ۔ قرب۔ کہا جاتا ہے رَمَاهُ مِنْ كَثَبٍ اَوْ عَنْ كَثَبٍ یعنی اس نے اسکو نزدیک سے مارا۔

الْكُثْبَةُ۔ تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج كُثَب۔

الْكَاثِبَةُ: کاثب کا مؤنث —— مِنَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج كَوَاثِب۔

الْكَثَّاب۔ بہت۔

الْكَثَّاب وَالْكُثَّاب۔ بے پیکان و بے پر کا تیر۔

الْكَثِيب۔ ریت کا ٹیلہ۔ ج كُثُب وَكُثْبَان وَأَكْثِبَة۔

الْكَثْبَاءُ۔ مٹی۔

كَثَجَ (ض) كَثْجًا مِنَ الطَّعَامِ: بقدر کفایت کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لیجانا۔

كَثَحَ (ف) كَثْحًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔

كَثَحَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ عَلَيْهِ: غبار ڈالنا۔ كَثَحَ مِنَ الْمَالِ: خواہش کے موافق لینا —— وَكَثَحَ عَنْ كَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے كَثَحَتْهُ الرِّيحُ، یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔

تَكَاثَحَ الْقَوْمُ بِالسُّيُوفِ: تلوار بازی کرنا

تَكَثَّحَ بِالْحَصَى: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔

الْكُثْحَةُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔

رَجُلٌ كَثْحَمُ اللِّحْيَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا امرد۔ كُثْحُمَةٌ مِنْ دَرِينٍ: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثْحُمَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔

كَثُرَ (ک) كَثْرَةً وَكَثَارَةً۔ بہت ہونا صفت كَثْرٌ وَكَثِيرٌ وَكُثَارٌ وَكَاثِرٌ وَكَيْثَرٌ۔

كَثَرَ (ن) كَثْرًا۔ الرَّجُلَ: کثرت میں غالب ہونا۔

كَثَّرَهُ: زیادہ کرنا۔

أَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ —— الشَّيْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا —— النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ اور کہا جاتا ہے أَكْثَرَ اللّٰهُ فِينَا مِثْلَكَ اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر داخل کرے۔

كَاثَرَهُ: کثرت میں غالب آنا۔ کثرت مال یا کثرت عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔

تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا —— مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا —— بِالْكَلَامِ: بہت گفتگو کرنا —— فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔

تَكَاثَرَ الْقَوْمُ۔ کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا —— الشَّيْءَ: بہت سمجھنا۔

اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا —— مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا

الْكِثْرُ وَالْكُثْرُ۔ بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ وَالْكُثْرِ قلت و کثرت پر اللہ کا شکر ہے۔

الْكَثْرَةُ۔ بہتات۔ زیادتی۔

الْكِثْرَةُ۔ کثرت بفتح کاف میں ایک لغت ردیہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسے کہ کہا جاوے الْقِلَّةُ وَالْكِثْرَةُ۔

الْكُثْرَى مِنَ النَّبِيذِ وَنَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔

الْكَثِيرُ۔ بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيرٌ وَكَثِيرَةٌ وَكَثِيرُونَ۔ وَنِسَاءٌ كَثِيرٌ وَكَثِيرَةٌ وَكَثِيرَاتٌ اور کہا جاتا ہے كَثِيرًا مَا يَفْعَلُونَ كَذَا ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لئے ہے۔ اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے۔ اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کیلئے مانتے ہیں۔

الْكُثَار۔ بہت (—— وَالْكِثَار) جماعتیں کہا جاتا ہے فِي الدَّارِ كُثَارٌ وَكِثَارٌ مِنَ النَّاسِ یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لئے مستعمل ہیں۔

الْكَيْثَرُ۔ بہت فیاض مرد۔

الْمُكْثِرُ۔ مال دار۔

الْمِكْثَارُ وَالْمِكْثِيرُ۔ بہت بولنے والا (مذکر و مؤنث)

الْمَكْثُورُ۔ مغم۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

كَثَعَ (ف) كَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كُثُوعًا الْغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔

كَثِعَتْ (ف) كَثْعًا وَكُثُوعًا وَكَثِعَتْ (س) كَثَعًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ الٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِعَة اور ایسے ہونٹ والے کو أَكْثَعُ کہتے ہیں۔

كَثَّعَ اللَّبَنُ اور الْغَنَمُ: بمعنے كَثَعَ۔ كَثَّعَتِ الْأَرْضُ:

روئیدگی کا ظاہر ہونا — القِدرُ: ہانڈی کا بھاگ پھینکنا — الجُرحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا — لِحیۃُ فلانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا فلانٌ السِّقاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔

الکَثعَۃ والکُثعَۃ۔ بالائی۔ ہانڈی کے جھاگ۔ الکُثعۃ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا

الکَثعَۃ۔ گارا۔ کیچڑ۔

المُکثِع۔ فا۔ اِمراۃٌ مُکثِعۃٌ: ہونٹوں یا مسوڑھوں میں بہت خون والی عورت۔

الکَثعَم۔ چیتا۔ اور بقول بعض تیندوا۔

کَثُفَ (ک) کثافۃً وتکاثُفًا۔ موٹا ہونا بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت کثیفٌ۔

کَثَّفَہٗ۔ موٹا کرنا۔

اَکثَفَ منہ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔

اِستَکثَفَ الشیءُ: گاڑھا ہونا — الشیءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا — الامرُ: بلند ہونا۔

الکَثَف۔ جماعت۔

الکَثِیف۔ گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رجلٌ کثیفٌ یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا الامر (والکثاف) بہت۔

کَثکَثَ الرجلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔

الکِثکِث والکَثکَث۔ مٹی۔ سنگریزے

کَثَلَ (ن) کَثلاً الشیءَ: جمع کرنا۔

الکُثلَۃ۔ گروہ۔ گیہوں کا انبار۔

الکَوثَل والکَوثَلۃ۔ دنبالہ کشتی

الکَاثُولِیک۔ دیکھیے کاثولیک۔

کَثَمَ (ض) کَثمًا الشیءَ: جمع کرنا — الاثرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا — الشیءَ: منھ میں رکھ کر توڑنا — ہ عن الامر: باز رکھنا

کَثِمَ (س) کَثَمًا۔ شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَکثَمُ۔

کاثَمَہٗ۔ قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔

اَکثَمَ القِربۃَ: مشک بھرنا — فی بیتہ: روپوش ہونا۔ اَکثَمَہ الصیدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقع دینا۔

تَکَثَّمَ۔ حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔

اِنکَثَمَ۔ غمگین ہونا — عن وجہ کذا: پھر جانا۔

الکَثِم والکاثِم من الطین ونحوہ: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔

کَثَمُ الطریقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے رماہ عن کثمٍ اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔

الاَکثَم۔ کشادہ راستہ "وطبٌ اکثمُ" بھرا ہوا دودھ کا برتن۔

الکُثنَۃ۔ گل دستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔

الکَثنَب۔ سخت۔

الکُثُو۔ مٹی کا ڈھیر۔ تھوڑا دودھ۔ سنگ خوار پرندہ۔

کَجَّ (ن) کَجًّا الغلامُ: لڑکے کا گیند کھیلنا

الکُجَّۃ۔ گیند۔

الکَجکَجَۃ۔ ایک کھیل ہے کہ اس کو است الکلبہ بھی کہتے ہیں۔

الکُحّ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "ہو عربیٌ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔

کَحَبَ الکرمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔

الکَحب۔ کچا انگور واحد کَحبَۃٌ — دبر (الکاحِب)۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "عندہ دراہم کاحبۃٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔

الکاحِبَۃ: آگ جس کا شعلہ بلند ہو۔

الاَکحَت۔ پستہ قد۔

کَحَثَ (ف) کَحثًا لہ من المال: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔

کَحتَلَ کَحتَلَۃً۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔

الکَحتَلَۃ۔ پیٹ کی بڑائی۔

کَحَصَ (ف) کُحُوصًا الاثرُ: نشان مٹنا — الظلیمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھلائی نہ دے — الرجلُ: پشت دے کر بھاگنا (— کحصًا) اللیلی فلانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔ — برجلہ: پاؤں سے کریدنا — الارضَ: زمین سے غبار اڑانا — الشیءَ: کوٹنا — (کحصًا وکحص) الاثرَ: نشان مٹانا۔

الکاحِص۔ فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث کاحصۃ جمع کَواحِص۔ اطلال کواحص: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔

کَحَطَ (ف) کَحطًا العامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت کاحِط۔

الکَحُوف۔ جسم کے اعضاء۔

کَحَلَ (ن ن) کَحلاً وکَحَّلَ العینَ: آنکھ میں سرمہ لگانا — فلانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت کاحِلٌ وکحّالٌ اور کہا جاتا ہے کحل السہادُ عینَہ کنایہ ہے بے خوابی سے۔

کَحَلَ (ف) کَحلاً واَکحَلَ العامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ کَحَلَت السنونُ القومَ: قحط لاحق ہونا۔

کَحَّلَ واکحَلَ وتکحّل واکتحل واِکحالّ المکانُ بالخضرۃ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔

کَحِلَت (س) کَحَلاً واکحالّت العینُ آنکھ کا سرمگیں ہونا۔ وکحل الرجلُ: سرمگیں آنکھ والا ہونا۔

تَکَحّلَ واکتَحَلَ۔ آنکھوں میں سرمہ لگانا۔

اِکتَحَلَ فلانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔ اِکتحل السہادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا — وجہُہٗ بالہم: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "ما اکتحلتُ عینی بک" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔

الکَحَلُ۔ مؤ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)

کَحلُ وکُحلُ وکَحلَۃُ۔ تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے ضرحت کحل جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔

الکُحل۔ سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔

الکَحَل۔ خلقۃً آنکھوں کا سرمگیں ہونا۔

الکِحال۔ سنگ سرمہ۔ سرمہ (— والکُحل

والکُحلۃ) مہرہ تعویذ اور بقول بعض مہرۂ نظر بد
عَیْنٌ کَحِیْلٌ وکَحِیْنٌ وکَحِیْلَۃٌ: سرمگیں آنکھ ج کُحْلٰی وکَحَائِلُ۔
اَعْیُنٌ کَحْلَاءُ۔ سرمگیں آنکھیں۔
الکَحِیْلُ۔ نفط۔ قطران۔
الاَکْحَلُ۔ مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الکَحْلَاءُ الاَکْحَلُ کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج کُحْل۔
الکَحْلَاءُ والکُحَیْلَاءُ گاؤزبان۔
الکَحَّالُ۔ سرمہ بنانے والا۔
المِکْحَلُ والمِکْحَالُ۔ سرمہ کی سلائی۔
المُکْحُلَۃُ۔ سرمہ دانی۔
الکَحْمَۃُ۔ آنکھ۔
کَخِیَ یَکْخَی کَخْیًا الشَّیْءُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا
کَخَّ (ن) کَخًّا وکَخِیْخًا فِی نَوْمِہٖ: خراٹے لینا۔
کَخْمَہٗ (ف) کَخْمًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکَیْخَمُ۔ بڑا۔
کَدَّ (ن) کَدًّا۔ کام میں محنت کرنا۔ کوئی طلب کرنا۔ انگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا — الرَّجُلَ: تھکانا — الرَّاْسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجلانا — الشَّیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
کَدَّدَہٗ۔ سختی سے ہٹانا۔
تَکَدَّدَ۔ مشقت برداشت کرنا۔
اَکَدَّ واکْتَدَّ۔ کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا واکْتَدَّ الشَّیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِکْتَدَّہٗ واسْتَکَدَّہٗ۔ کام میں محنت کرانا
الکَدُّ۔ مص جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے لَیْسَ ہٰذَا مِنْ کَدِّکَ وَلَا کَدِّ اَبِیْکَ یعنی یہ تمہاری محنت و کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الکَدَّۃُ والکَدِیْدُ۔ سخت زمین۔ الکَدِیْدَۃُ: موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الکُدَادَۃُ والکُدَّدَۃُ والکَدَّدَۃُ۔ ہانڈی کا باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔ کُدَادَۃُ السَّمْنِ: گھی کا تلچھٹ۔ کُدَادَۃُ الکَلَاءِ: تھوڑی گھاس۔
الکَدُوْدُ۔ بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْرٌ کَدُوْدٌ: کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔
الاَکْدُوْدَۃُ۔ چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَوْمٌ اَکْدَادٌ واَکَادِیْدُ۔ شکست خوردہ قوم (ان کیلئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے رَاَیْتُہُمْ اَکْدَادًا واَکَادِیْدَ میں نے ان کو گروہوں میں دیکھا وَاِبِلٌ اَکْدَادٌ: تیز چلنے والا اونٹ۔
المِکَدُّ۔ کنگھی۔
المَکْدُوْدُ مص مغلوب۔ اَرْضٌ مَکْدُوْدَۃٌ: کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
کَدَا وکَدِیَ (ف س) کَدْوًا وکُدُوًّا النَّبْتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔
کَدِیَ (س) کَدًی الغُرَابُ: کوّے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا — البَقْلُ: چھوٹا ہونا اور تباہ ہونا — الاِبِلُ: اونٹ کا کم بال والا ہونا۔
کَدٰی واَکْدٰی البَرْدُ النَّبَاتَ: زمین پر چھا دینا اور اگنے نہ دینا۔
اَرْضٌ کَادِیَۃٌ۔ دیر سے اگنے والی یا اگانے والی زمین۔ اِبِلٌ کَادِیَۃُ الاَوْبَارِ: کم بال والے اونٹ۔
الکُدْبُ والکُدُبُ والکَدَبُ و الکَدِبُ بچوں کے ناخن کی سپیدی واحد کَدَبَۃٌ۔ دَمٌ کَدِبٌ: تازہ خون۔
کَدِجَ (س) کَدَجًا الرَّجُلُ: بقدر کفایت پینا۔
کَدَحَ (ف) کَدْحًا فِی العَمَلِ: محنت کرنا۔ مشقت اٹھانا۔ کَدَحَ لِعِیَالِہٖ: کمائی کرنا رَاْسَہٗ بِالمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ کرنا — (وکَدَّحَ) الوَجْہَ: چہرہ پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِکْتَدَحَ لِعِیَالِہٖ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔
تَکَدَّحَ الجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَکَدَّحَ چھت سے گر پڑا پس خراش لگ گئی۔
الکَدْحُ۔ مص۔ خراش۔ ج کُدُوْحٌ۔
کَدَرَ (ن) وکَدُرَ (ک) وکَدِرَ (س) کَدَرًا وکَدَارَۃً وکُدُوْرًا وکُدُوْرَۃً وکُدْرَۃً۔ تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا ہونا۔ کہا جاتا ہے کَدِرَ عَلٰی فُلَانٍ: غضبناک ہوا۔ کَدِرَ العَیْشُ: زندگی تلخ ہوئی۔
کَدَّرَ الشَّیْءَ: تیرہ گوں کرنا۔ کہا جاتا ہے کَدَّرَ عَیْشَ فُلَانٍ فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔
تَکَدَّرَ واکْدَرَّ الشَّیْءُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنْکَدَرَ فِی السَّیْرِ: تیز دوڑنا — عَلَیْہِ القَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْکَدَرَتِ النُّجُوْمُ: بکھر جانا۔
الکُدْرَۃُ مص — مِنَ الاَلْوَانِ: مٹیالا۔
الکُدَرَۃُ مِنَ الحَوْضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ایک گٹھا ج کُدَرٌ — والکُدَرِیُّ والکُدَارِیُّ) پتلا بادل۔
الکَدَرُ والکَدِرُ والکَدِیْرُ مِنَ العَیْشِ او الاَلْوَانِ وغیر ذلک: غیر صاف۔ تکلیف دہ۔
الکُنْدُرُ۔ موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ کُنْدُرٌ: موٹا گدھا۔ مؤنث کُنْدُرَۃٌ۔
الکُدَارَۃُ۔ ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الاَکْدَرُ۔ مٹیالا۔ مؤنث کَدْرَاءُ۔ ج کُدْرٌ۔ سخت سیلاب۔ عَیْشٌ اَکْدَرُ: تلخ زندگی۔
کَدَسَہٗ (ض) کَدْسًا وکُدَاسًا۔ دفع کرنا ہٹانا۔ کَدَسَ بِہِ الاَرْضَ: پچھاڑنا۔ کَدَسَتِ الدَّابَّۃُ: چوپائے کا چھینکنا — الثَّقِیْلُ فِی سَیْرِہٖ: گرانبار آدمی کا دوڑنا — الخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے کے اوپر چڑھنا (— کَدَسَ) بدفالی لینا (— وکَدَّسَ) الحَصِیْدَ: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔

تَکَدَّسَ - ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ تَکَدَّسَتِ الْخَیْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَکَدَّسَ الرَّجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ ابھار کر چلنا ـــــ الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔

اَلْکُدْسَۃ والکُدَاس - جانوروں کی چھینک اور کبھی انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے والکُدَاسُ مِنَ الثَّلْجِ او الحَصِیدِ ونَحْوِہِ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔

اَلْکُدْسُ ج اَکْدَاس والکُدَاس ج کَدَادِیس کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ اَکْدَاسُ الرَّمْلِ: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔

اَلْکُدَاسَۃ - ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا ڈھیر۔

اَلْکَادِس - فا - جس سے بدفالی لی جائے۔ ج کَوَادِس۔

اَلْمُتَکَادِس - فا - مِنَ الشَّجَرِ: گنجان درخت

کَدَشَ - (ض) کَدْشًا - خراش لگانا۔ تلوار یا نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا ہٹانا۔ کَدَشَ لِعِیَالِہِ: حیلہ کرنا اور محنت مشقت سے کمائی کرنا (ـــــ واکْدَشَ واکْتَدَشَ) مِن فُلَانٍ عَطَاءً: حاصل کرنا۔ اکْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔

تَکَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیے جانے کی وجہ سے گرنا۔

اَلْکَدْش - زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کَدِیشٌ" خراش زدہ کھال۔

اَلْکَدَّاش - بہت کمائی کرنے والا۔ بامرار مانگنے والا۔

کَدَعَہٗ - (ف) کَدْعًا - ہٹانا - دفع کرنا۔

اَلْکُدْعَۃ - ذلیل و رسوا۔

اَکْدَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔

اَلْکَدَفَۃ - ٹاپ یا چاپ کی آواز۔

کَدْکَدَ الرَّجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدْکَدَۃً وتَکَدْکُدًا - سختی سے ہٹانا۔

اَلْکَدْکَدَۃ - مص سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز۔

کَدَمَ (ض ن) کَدْمًا - اگلے دانتوں سے کاٹنا ـــــ الصَّیْدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِی غَیْرِ مَکْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔

کَادَمَتِ الدَّابَّۃُ الْحَشِیشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔

اَکْدَمَ الاَسِیرَ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا

تَکَادَمُوا - بِالاَفْوَاہِ: ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔

اَلْکَدْم - مص اثر - نشان - ج کُدُوم۔

اَلْکَدَم - دانت کاٹنے کا نشان۔

اَلْکُدَم - دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا - سبز سر والی کالی ٹڈی - واحد کُدَمَۃ۔

اَلْکَدْمَۃ - کَدَمَ کا اسم مرۃ - داغ - نشان

اَلْکَدَمَۃ - حرکت۔

اَلْکُدُوم والکَدَّام - دانت کاٹنے والا

اَلْکُدَام - گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اگ آئیں - بوڑھا مرد۔

اَلْکُدَامَۃ - کھائی ہوئی چیز کا بقیہ - دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔

اَلْکُدَامَۃ والکُدَام - کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔

اَلْمَکْدَم - دانت کاٹنے کی جگہ۔

اَلْمُکْدَم - مِنَ الحِبَالِ والاَکْسِیَۃِ: مضبوط بٹی ہوئی - قَدَحٌ مُکْدَمٌ: موٹے دل کا شیشے کا پیالہ۔ اَسِیرٌ مُکْدَمٌ: رسی سے بندھا ہوا قیدی۔

اَلْمُکَدَّم - دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مُکَدَّمٌ جنگ کا زخمی شدہ۔

کَدَنَ (ن) کَدْنًا - بِالثَّوْبِ: پٹکا باندھنا

اَلْکَدَن والکِدْن - کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے - پالکی - کجاوہ - جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں۔ ج کُدُون۔

اَلْکِدْنَۃ - کوہان۔

اَلْکِدْنَۃ والکُدْنَۃ چربی اور گوشت کی کثرت۔

اَلْکَدَانَۃ - نااہلی - فرومائگی۔

اَلْکَدِن - بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَۃ ج کَدِنَات۔

اَلْکَدَّن - مٹیالا۔

اَلْکَدَّان - نرم پتھر (اور یہ کذّان کی تحریف ہے)

اَلْکَدَّانَۃ - نرم پتھر کا ٹکڑا۔

کَدَّہٗ (ن) کَدًّا وکَدَّدَہٗ - الشَّیْءَ: توڑنا ـــــ بِالحَجَرِ: پتھر سے سخت رگڑنا ـــــ عَلَیْہِ: غالب ہونا ـــــ ہٗ الہَمُّ: مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مَکْدُودٌ مِنَ الہَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے ـــــ بِالیَدِ: مشقت سے کمائی کرنا ـــــ شَعْرَہٗ بِالمُشْطِ: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔

تَکَدَّدَہٗ - لوٹنا۔

اَلْکَادِد - فا - توڑنے والا - ج کُدَّد۔

اَلْکَدّ - مص - خراش - پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُود۔

کَدَا یَکْدُو کَدْوًا وکُدُوًّا - الزَّرْعُ: خراب فصل ہونا ـــــ الاَرْضُ: دیر سے اگنا (ـــــ کَدَاءً) الشَّیْءَ: کاٹنا - منع کرنا۔

کَدِیَ یَکْدَی کَدًی - بِالعَظْمِ: ہڈی کا گلے میں اٹکنا ـــــ المِسْکُ: بے خوشبو ہونا۔ صفت کَدٍ وکَدِیٌّ - کَدِیَتْ اَصَابِعُہٗ: انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔

تَکَدَّی تَکَدِّیًا مشقت برداشت کرنا۔

کَدَّی یُکَدِّی کَدْیًا الرَّجُلَ: روک کر مشغول کرنا ـــــ الوَجْہَ: چہرے میں خراش لگانا ـــــ الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔

اَکْدَی اِکْدَاءً الرَّجُلُ: حاجت میں ناکام

رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاهُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا
منع کرنا۔ اَکْدَی المَعْدِنُ: جوہر نہ بنانا
الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور
آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلَهُ فَاَکْدَی"
یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اسکو سخت
زمین کی مانند پایا ــــ النَّبْتُ: سردی کی
وجہ سے چھوٹا ہونا ــــ العَامُ: خشک سالی
ہونا ــــ المَطَرُ: بارش کم ہونا ــــ الرَّجُلُ:
غنا کے بعد محتاج ہونا۔

کَدَّی تَکْدِیَۃً۔ سوال کرنا۔ خیرات مانگنا

تَکَدَّی تَکَدِّیًا۔ عطیہ طلب کرنا۔

الکُدْیَۃُ۔ سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت
چٹان۔ ج کُدًی۔ الکُدْیَۃ: طلب عطیہ۔ باصرار
مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی۔ (ــــ والکُدَاۃُ
والکُدَایَۃُ) مٹی یا غلے کا ڈھیر۔

الکَادِیَۃُ۔ زمانہ کی سختی۔

کَذَّ (ن) کَذًّا۔ کھردرا ہونا۔

اَکَذَّ۔ نرم پتھر پر چلنا۔

الکَذَّانُ۔ نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَۃٌ

کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکِذْبَۃً
وکَذْبَۃً وکِذَابًا وکِذَّابًا۔ جھوٹ بولنا
جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔ کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا
دینا۔ کَذَبَ الرَّأْیُ: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے۔
"کَذَبَتْکَ عَیْنُکَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا
دیا۔ وکَذَبَ السَّیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔
وکَذَبَ القَوْمُ السُّرَی: لوگ رات کو چلنے پر قادر
نہیں ہوئے اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی
ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَہُ الحَدِیْثَ" جب
غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور
مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی
مفعول آتا ہے۔

کُذِبَ الرَّجُلُ: جھوٹی خبر دیا جانا۔

کَذَّبَہُ۔ جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت
کرنا۔ کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَہُ: رک جانا ــــ
الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا ــــ عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی
طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا کَذَّبَ
اَنْ فَعَلَ کَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی
کَذَّبَ نَفْسَہُ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (ــــ
تَکْذِیْبًا وکِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَذَّبَ
بِاٰیَاتِ رَبِّہٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا
انکار کیا۔

اَکْذَبَہُ۔ جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔
جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَکْذَبَ نَفْسَہُ: جھوٹ بولنے کا
اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَکْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ
آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر
کرے کہ گویا سویا ہوا ہے اس کا اسم الاِکْذَاب ہے

کَاذَبَہُ کِذَابًا ومُکَاذَبَۃً۔ کسی کو یہ
کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔

تَکَذَّبَ۔ بتکلف جھوٹ بولنا ــــ
فُلَانًا وعَلَیْہِ: جھوٹا سمجھنا۔

تَکَاذَبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔

الکِذَابُ۔ بتثلیث الکاف والکُذْبٰی و
الکُذْبَانُ: جھوٹ۔

الاُکْذُوْبَۃُ۔ جھوٹ۔ ج اَکَاذِیْبُ۔

الکَاذِبُ۔ فاجر کَذَبَۃٌ وکُذَّابٌ وکُذُبٌ۔

الکَاذِبَۃُ۔ کاذب کا مؤنث ج کَاذِبَات
وکَوَاذِبُ۔ جھوٹ۔

الکَذُوْبُ۔ ج کُذُبٌ والکَذْبَانُ والکَیْذُبَانُ
والکَیْذَبَانُ: بڑا جھوٹا۔ الکَذُوْبُ: نفس۔

الکُذَّابُ والکُذَّبَۃُ والکُذْبُذُبَۃُ و
الکَیْذَابُ والمَکْذَبَانُ والمَکْذَبَانَۃُ
بڑا جھوٹا۔ الکَذُوْبَۃُ: نفس۔

المَکْذَبَۃُ والمَکْذُبَۃُ۔ ج مَکَاذِبُ و
المَکْذُوْبُ والمَکْذُوْبَۃُ ج مَکَاذِیْبُ: جھوٹ

التَّکَاذِیْبُ۔ جھوٹی باتیں۔ لغو و باطل
باتیں۔

کَذَا۔ دو طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) یہ کہ دونوں کلمے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم
اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے "رَاَیْتُ زَیْدًا
فَاضِلًا وَرَاَیْتُ عَمْرًا کَذَا" اور اس صورت میں
ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "ہٰکَذَا"۔
(۲) یہ کہ کلمہ انھیں دونوں کلموں سے مرکب ہو
اور کنایہ ہو عدد سے جیسے "قَبَضْتُ کَذَا وکَذَا دِرْہَمًا"
یا غیر عدد سے جیسے "بِمَکَانِ کَذَا وکَذَا"۔

الکَاذِیُ۔ کیوڑہ۔

کَرَّ (ن) کَرًّا وکُرُوْرًا۔ لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے۔
"اِنْہَزَمَ عَنْہُ ثُمَّ کَرَّ عَلَیْہِ" یعنی اس نے فلاں سے
شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے
لئے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت کَرَّارٌ۔ اور
اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ یَصْلُحُ لِلْکَرِّ والفَرِّ" گھوڑا
گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
ــــ اللَّیْلُ والنَّہَارُ: رات دن کا باری باری
آنا (ــــ کَرًّا) الرَّجُلُ: لوٹانا (ــــ کَرًّا و
کُرُوْرًا وتَکْرَارًا) الفَارِسُ عَلَی العَدُوِّ: شہسوار کا
دشمن پر حملہ کرنا اور لوٹ پڑنا۔

کَرَّ (ن) کَرِیْرًا۔ المَرِیْضُ: جان دینا۔

کَرَّ (س ن) کَرًّا صَدْرُہُ: گلا گھونٹتے ہوئے
کی طرح آواز نکلنا۔

کَرَّرَ تَکْرَارًا وتَکْرِیْرًا وتَکْرِرَۃً۔ الشَّیْءَ: بار
بار کرنا۔

تَکَرَّرَ۔ بار بار ہونا۔

الکَرُّ۔ مع کھجور کے پتوں کی رسی۔ درخت خرما
پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج کُرُوْرٌ (ــــ
والکُرُّ) کنواں۔ ج کِرَارٌ۔

الکُرُّ۔ نماز پڑھنے کے لئے مصلی۔ ج اَکْرَارٌ
وکُرُوْرٌ۔

الکُرُّ۔ ایک پیمانہ کا نام۔ چادر ج اَکْرَارٌ۔

الکَرَّۃُ۔ لڑائی میں حملہ ــــ عند المولدین
من المحاسبین: ایک لاکھ ج کَرَّاتٌ۔ الکُرَّۃُ:
سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف
کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو کَرَّتَانِ
اور قَرَّتَانِ کہتے ہیں۔

الکَرِّیُّ۔ لڑائی میں حملہ۔

الکَرِیْرُ۔ مع گلا گھونٹتے ہوئے والے کی
طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔

الکَرّار والمِکَرّ - لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا - کہا جاتا ہے فَرَسٌ مِکَرٌّ مِفَرٌّ یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا ہو کر حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لیکر بھاگ جائے - نَاقَةٌ مِکَرَّةٌ : اونٹنی جسکو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے -

المَکَرّ - حملہ کی جگہ -

کَرَبَ (ن) کَرْبًا الحَبْلَ : رسی بٹنا ـــ القَیْدَ عَلَی المُقَیَّدِ : قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا - ـــ ہ الاَمْرُ : دشوار ہونا ـــ ہ الغَمُّ : سخت غم ہونا - کَرَبَ الدَّلْوَ : ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسی باندھنا ـــ فُلَانٌ : درخت خرما کے تنہ سے ملی ٹہنی کی جڑ لینا (ـــ کُرُوْبًا) قریب ہونا النَّارُ : آگ بجھنے لگنا - کَرَبَتِ الشَّمْسُ : آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ فُلَانٌ : کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا - کَرَبَ النَّاقَةُ : بوجھل کرنا - اور کہا جاتا ہے کَرَبَ یَفْعَلُ یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے (ـــ کِرَابًا وکِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَّرْعِ : کھیتی کے لئے زمین جوتنا -

کَرِبَ (س) کَرَبًا الدَّلْوُ : ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسی والا ہونا -

کُرِبَ - غم لاحق ہونا -

اَلْکَہْرُبَاءُ واَلْکَہْرَبَا۔ ایک درخت کا گوند ہے کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا ہے (دخیل) (اصل میں کاہ رُبا تھا۔ یعنی گھاس کو کھانے والا۔ الْکَہْرَبَاءُ: بجلی۔

اَلْکَہْرَبَائِیَّۃُ واَلْکَہْرَبِیَّۃُ: بجلی کی قوت

تَکَہَّفَ الْجَبَلُ: غاروں والا ہونا۔

اِکْتَہَفَ۔ غار میں داخل ہونا۔

اَلْکَہْفُ۔ کھوہ۔ غار (غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے پناہ۔ جمع کُہُوْفٌ۔

اَلْکَہْکَبُ۔ بیگن۔

اَلْکَہْکَمُ واَلْکَہْکَمَۃُ۔ بیگن۔ عمر رسیدہ بڈھا۔ خوفناک مرد۔

کَہْکَہَ۔ الْمَقْرُوْرُ: سردی زدہ کا سانس سے ہاتھوں کا گرم کرنا — الْاَسَدُ والْبَعِیْرُ: کہکہ کی آواز نکالنا — الشَّیْءُ: گرم ہونا۔

تَکَہْکَہَ۔ عَنْہُ: ضعیف و کمزور ہونا۔

اَلْکَہْکَہَۃُ۔ مص۔ گرمی۔ شیر یا اونٹ کی آواز کی نقل۔

اَلْکَہْکَاہُ واَلْکَہْکَاہَۃُ۔ کمزور۔ خوفناک

کَہَلَ (ف) کُہُوْلًا وکَہُلَ (ک) کُہُوْلَۃً۔ ادھیڑ عمر کا ہونا۔

کَاہَلَ مُکَاہَلَۃً الرَّجُلُ: شادی کرنا ادھیڑ عمر کا ہونا۔

اِکْتَہَلَ۔ ادھیڑ عمر کا ہونا (— وَتَکَہَّلَ) النَّبَاتُ: پوری لمبائی کا ہونا۔

اَلْکُہُوْلَۃُ واَلْکُہُوْلِیَّۃُ۔ ادھیڑ پن۔

اَلْکَہْلُ۔ ادھیڑ عمر کا۔ تیس سے پچاس سال تک کی عمر والا۔ جمع کَہْلُوْنَ وکُہُوْلٌ وکِہَالٌ وکُہْلَانٌ وکُہَّلٌ۔

اَلْکَہْلَۃُ۔ کَہْلٌ کا مؤنث جمع کَہْلَاتٌ وکَہَلَاتٌ

اَلْکَاہِلُ۔ فا۔ گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ۔ جمع کَوَاہِلُ۔ کَاہِلُ الْقَوْمِ: قوم کا معتمد کہا جاتا ہے فُلَانٌ شَدِیْدُ الْکَاہِلِ فلاں صاحب شوکت و قوت ہے۔

اَلْکُہُوْلُ واَلْکَہُوْلُ۔ کڑی۔

اَلْکُہْلُوْلُ۔ بہت ہنسنے والا۔ مرد فیاض

کَہَمَتْ (ن) کَہْمًا۔ الشَّدَائِدُ فُلَانًا: خوف دلانا۔ آگے بڑھنے سے بزدل بنانا۔

کَہِمَ (س) وکَہُمَ (ک) کَہَامَۃً وکُہُوْمًا کمزور ہونا — السَّیْفُ: کند ہونا۔

کَہُمَ (ک) وکَہِمَ (ن) کَہَامَۃً وتَکَہَّمَ الرَّجُلُ: لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔

اِکْہَمَّ بَصَرُہٗ: نگاہ کمزور ہونا۔

اَلْکَہَامُ واَلْکَہِیْمُ۔ سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اور جمع کی صورت میں بھی قَوْمٌ کَہَامٌ کہا جاتا ہے۔

کَہْمَسَ الرَّجُلُ: چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اڑانا۔

اَلْکَہْمَسُ۔ شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔

اَلْکَہْمَلُ۔ ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔

کَہَنَ (ف۔ ن) کَہَانَۃً وتَکَہَّنَ تَکَہُّنًا وتَکْہِیْنًا لِفُلَانٍ: غیب کی باتیں بتلانا

کَہُنَ (ک) کَہَانَۃً کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔

کَاہَنَ مُکَاہَنَۃً۔ عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔

اَلْکِہَانَۃُ۔ کاہن کا پیشہ۔

اَلْکَہَنُوْتُ۔ کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ کاہن کا درجہ۔

اَلْکَاہِنُ۔ فا۔ غیب دانی کا مدعی — عِنْدَ الْیَہُوْدِ وَعَبَدَۃِ الْاَوْثَانِ: پروہت — عِنْدَ النَّصَارٰی: جو کہنوت کے درجہ پر ہو۔ جمع کَہَنَۃٌ وکُہَّانٌ الْکَاہِنُ: دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔

كَهِيَ يَكْهَى كَهًى ۔ چہرے پر چھائیں والا ہونا گندہ دہن ہونا ۔ بزدل و کمزور ہونا ۔

كَاهَى مُكَاهَاةً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا ۔

أَكْهَى ۔ انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا ــــ عَنِ الطَّعَامِ : باز رہنا ۔

إِكْتَهَاهُ إِكْتِهَاءً ۔ تعظیم و اجلال کرنا ۔

الأَكْهَى ۔ چہرے میں چھائیں والا ۔ گندہ دہن بزدل و کمزور ۔ الأَكْهَى : بے شگاف کا پتھر ۔

الأَكْهَاءُ ۔ شرفاء ۔

كَاءَ يَكُوءُ كَوْءًا وَكَاوًا عَنْهُ ۔ خوف کرنا ۔ بزدل ہونا ۔

أَكَاءَهُ إِكَاءً وَإِكَاءَةً ۔ کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا ۔

الكَاءُ وَالكَاءَةُ وَالكُيُّ وَالكَيْئَةُ ۔ کمزور دل والا ۔ بزدل ۔

كَابَ يَكُوبُ كَوْبًا وَاكْتَابَ ۔ بے دستہ کے کوزہ سے پینا ۔

كَوَّبَ الشَّيْءَ : بجے سے کوٹنا ۔

الكُوبُ ۔ بے دستے کا کوزہ ۔ ج أَكْوَابٌ ۔

الكُوبَةُ ۔ فوت شدہ پر حسرت و افسوس ۔

الكُوبَةُ ۔ شطرنج ۔ نرد ۔ ڈگڈگی ۔ بربط ۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا ۔

كَوَّثَ الزَّرْعُ : چار پانچ پتوں والی ہونا ۔

الكُوثُ ۔ جوتا ۔

الكُوثَةُ ۔ فراخ سالی ۔

تَكَوْثَرَ ۔ الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا ۔

الكَوْثَرُ ۔ بہت اور تہ بتہ ۔ بہت اور تہ بتہ غبار ۔ بہت بڑا فیاض سردار ۔ جنت کی ایک نہر ۔

الكَوْثَلُ وَالكَوْثَلَةُ ۔ جہاز کا پچھلا حصہ ۔

كَاحَهُ يَكُوحُهُ كَوْحًا وَكَوَحَهُ وَكَاوَحَهُ مُكَاوَحَةً وَأَكَاحَهُ إِكَاحَةً ۔ لڑائی میں غالب آنا ۔ كَاحَ الشَّيْءَ : پانی میں ڈبونا ۔ مٹی میں دبانا ۔ كَوَّحَهُ : غالب بنانا ۔ كَوَّحَ فُلَانًا : ذلیل کرنا ۔ رد کرنا ۔ كَوَّحَ الزِّمَامُ البَعِيرَ : مغلوب کرنا ۔ كَاوَحَهُ : گالی گلوچ کرنا ۔ أَكَاحَهُ : ہلاک کرنا ۔

تَكَاوَحَ الرَّجُلَانِ : باہم جنگ و جدال کرنا ۔

الكَاخُ وَالكِيخُ دامن کوہ ۔ ج أَكْوَاخٌ و أَكْيَاخٌ ۔ کہا جاتا ہے رَجَعَ إِلَى كُوخِهِ یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا ۔

الكُوخُ وَالكَاخُ ۔ جھونپڑی ۔ اور اسی سے ہے كُوخُ الصَّائِدِ ۔ کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشتکار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کیلئے بنا لیا کرتے ہیں ۔ ج أَكْوَاخٌ وَكُوخَانٌ وَكِيخَانٌ وَكُوَخَةٌ ۔

لَيْلَةٌ كَاخِيَةٌ : تاریک رات ۔

الكَاخِيَةُ عِنْدَ أَرْبَابِ السِّيَاسَةِ : والی کا معتمد ۔ محافظ اسرار ۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا ۔ ج كَوَاخٍ (دخیل)

كَادَهُ يَكُودُهُ كَوْدًا ۔ روکنا ۔ كَادَ بِنَفْسِهِ جان دینا ۔

كَادَ يَكَادُ كَوْدًا وَمَكَادًا وَمَكَادَةً ۔ فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا جیسے كَادَ يَضْرِبُ مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں ۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف أَنْ بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے أَكَادُ أُخْفِيهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا ۔ اور عَرَفْتُ مَا يُكَادُ مِنْهُ یعنی جو ارادہ کیا جائے ۔ اور كَادَ کے عوض میں كَيْدَ يَفْعَلُ كَذَا بھی سنا گیا ہے اور کبھی كَادَ زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا معنی میں لَمْ يَرَهَا کے ۔

كَوَّدَ الشَّيْءَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا ۔

إِكْوَادَّ إِكْوِيدَادًا ۔ بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا ۔

الكُودَةُ ۔ مٹی وغیرہ کا تودہ ۔

المَكَادَةُ ۔ مص ۔ کہا جاتا ہے لَا هَمَّ لِي وَلَا مَكَادَةَ ۔ نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں ۔

الكَوْدَنُ وَالكَوْدَنِيُّ ۔ غیر اصیل گھوڑا ۔ احمق ۔ خچر ۔ ٹٹو ۔ كَوَادِنُ کی جمع كَرَادِينُ ۔

كَوَّدَ الإِزَارُ : ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا ۔

الكَاذَةُ ۔ ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت ۔

الكَاذِيُّ ۔ کیوڑہ ۔

كَارَ يَكُورُ كَوْرًا ۔ العِمَامَةَ وَنَحْوَهَا عَلَى رَأْسِهِ : سر پر پگڑی باندھنا ــــ الأَرْضَ : زمین کھودنا ــــ فِي مَشْيِهِ : تیز چلنا ــــ الحِمَارُ الكَارَةَ : گٹھری اٹھانا (کیارا) الفَرَسُ ذَنَبَهُ : گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا ۔

كَوَّرَ العِمَامَةَ : سر پر پگڑی باندھنا ــــ ہ پچھاڑنا ۔ نیزہ مار کر گرا دینا ــــ المَتَاعَ : تہ بتہ رکھنا ــــ اللّٰهُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ : ایک کو دوسرے میں داخل کرنا ۔

كُوِّرَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا ۔

أَكَارَ إِكَارَةً عَلَيْهِ : ضعیف و کمزور سمجھنا ۔ ذلیل کرنا ۔

تَكَوَّرَ ۔ گرنا ۔ پچھاڑا جانا ۔ تیز گذر جانا ۔

إِكْتَارَ إِكْتِيَارًا ۔ عمامہ باندھنا ــــ الفَرَسُ : دوڑنے میں دم اٹھانا ــــ الشَّيْءُ : بعض کو بعض پر رکھنا ــــ الرَّجُلُ : تیز چلنا ۔ پچھاڑا جانا ۔ گرنا ۔ کہا جاتا ہے كَوَّرَهُ فَتَكَوَّرَ یعنی اس نے اسے پچھاڑا ۔ وہ گر گیا ــــ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ : گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا ۔

إِسْتَكَارَ إِسْتِكَارَةً ۔ تیز دوڑنا ۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا ۔

الكَارُ اَيْضًا کا جہاز ۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج كَارَاتٌ

الكُورُ ۔ مص ۔ عمامہ کا پیچ ۔ بڑی جماعت ۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ ۔ زیادتی ۔ ج أَكْوَارٌ ۔ الكَوْرُ : طبیعت ۔ عادت ۔ کہا جاتا ہے إِنَّهُ لَكَرِيمُ الكَوْرِ اس کی طبیعت اچھی ہے ۔

الكُورُ ۔ مٹی کی انگیٹھی ۔ ج أَكْوَارٌ وَأَكْوُرٌ وَكِيرَانٌ وَكُورَانٌ ۔ الكُورُ : بھڑوں کا چھتہ ۔ لوہار کی بھٹی ۔ (ــــ وَالمَكْوَرُ) اونٹ کا کجاوہ ۔ کجاوہ مع سامان ۔

الكَارَةُ مِنَ الثِّيَابِ : دھوبی کی کپڑوں کی گٹھری ۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم ۔ ج كَارَاتٌ ۔

الکُوْرَۃُ ۔ ضلع ۔ ج کُوَر

الکُوَارَۃُ والکِوَارَۃُ والکُوَّارَۃُ ۔ شہد کی مکھیوں کیلئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ ۔ شہد مع موم کے ۔ الکِوَارَۃُ : عمامہ ۔ پگڑی ۔ والکُوَارِیُّ تیز دوڑ ۔

المِکْوَرُ والمِکْوَرَۃُ ۔ عمامہ ۔

المُکَوَّرِیُّ والمِکْوَرِیُّ ۔ فرومایہ ۔ کمینہ چوڑے بدن کا پستہ قد ۔

کَازَ یَکُوْزُ کَوْزًا ۔ کوزے سے پینا ۔۔۔ الشَّیْءَ : جمع کرنا ۔

تَکَوَّزَ ۔ القَوْمُ : قوم کا اکٹھا ہونا ۔

اِکْتَازَ ۔ کوزے سے پینا ۔۔۔ المَاءَ : کوزے سے لینا ۔

الکُوْزُ ۔ کوزہ ۔ ج اَکْوَاز وکِیزَان وکِوَزَۃ ۔ (دخیل)

مُکَوَّزُ الرَّاْسِ : لمبے سر والا ۔

کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسًا البَعِیْرُ : ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا فِی السَّیْرِ : آہستہ چلنا ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَکُوْسُ فِی السَّیْرِ فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے ۔۔۔ عَلٰی رَاْسِہٖ : سر کے بل الٹ پڑنا ۔۔۔ فِی البَیْعِ : قیمت گھٹانا ۔ کہا جاتا ہے لَا تَکُسْنِیْ یَا فُلَانُ فِی البَیْعِ اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا ۔۔۔ الحَیَّۃُ : کنڈلی مارنا ۔

کَاسَہٗ وَاَکَاسَہٗ اِکَاسَۃً ۔ پچھاڑنا ۔

کَوَّسَ الشَّیْءَ عَلٰی رَاْسِہٖ : سرنگوں کرنا ۔

تَکَوَّسَ الرَّجُلُ : سرنگوں ہونا ۔

تَکَاوَسَ لَحْمُہٗ : گوشت کا تہ بتہ ہونا ۔۔۔ العُشْبُ : گھاس کا گنجان اور بہت ہونا ۔

اِکْتَاسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ : روکنا ۔

الکَاسُ ۔ کأس کا مخفف ۔ بمعنی پیالہ ۔

الکُوْسُ ۔ مص ۔ دریا کا تلاطم ۔ ڈوبنے کے قریب ہونا ۔

الکُوْسُ ۔ ڈھول ۔ ایک مثلث پیمانہ جسکو بڑھئی استعمال کرتے ہیں ۔ ج کُوْسَات (دخیل)

کَوَّسَ کَوْسَاءُ ۔ خشک گھاس کا گٹھا ۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا ۔ ج کُوْس ۔ رِمَالٌ کُوْسٌ : ریت تہ بتہ جما ہوا ۔

الکَوْسِیُّ مِنَ الخَیْلِ : چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا ۔ مؤنث کَوْسِیَّۃٌ ۔

المَکَاسُ ۔ سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ ۔

المِکْوَسُ ۔ چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مَکَاوِس ۔

کَوِسَجَ وتَکَوْسَجَ الرَّجُلُ : کوسج ہونا ۔

الکَوْسَجُ ۔ صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا ۔ کم دانتوں والا ۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا ۔ ج کَوَاسِج ۔ الکَوْسَجُ : ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے ۔

کَاشَ یَکُوْشُ کَوْشًا عَنْ : وہ بہت گھبرایا الجَارِیَۃَ : جماع کرنا ۔

کَوِعَ (س) کَوَعًا ۔ بڑے بند دست والا ہونا مڑے ہوئے بند دست والا ہونا ۔ صفت اَکْوَعُ مؤنث کَوْعَاءُ ج کُوْعٌ ۔

کَاعَ یَکُوْعُ کَوْعًا الکَلْبُ : گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا ۔ زخمی ہونے کی وجہ کو بند دست پر چلنا ۔

کَوَّعَہٗ بِالسَّیْفِ : تلوار مارنے سے بند دست کا ٹیڑھا کرنا ۔

تَکَوَّعَتْ یَدُہٗ : بند دست کا ٹیڑھا ہونا ۔

الکَاعُ والکُوْعُ ۔ انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ ۔ ج اَکْوَاع ۔

الکَوَعُ ۔ مص ۔ بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ ۔

کَافَ یَکُوْفُ کَوْفًا الاَدِیْمَ : چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا ۔

کَوَّفَ الاَدِیْمَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔۔۔ الشَّیْءَ : علیحدہ کرنا ۔۔۔ الکَافَ : حرف کاف لکھنا الرَّجُلُ : کوفہ میں آنا ۔

تَکَوَّفَ القَوْمُ تَکَوُّفًا وکُوْفَانًا عَلٰی غَیْرِ القِیَاسِ جمع ہونا ۔۔۔ الرَّجُلُ : اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا ۔

الکُوْفَۃُ ۔ عراق کے ایک شہر کا نام ۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ ۔

الکُوْفِیُّ ۔ کوفہ کی جانب منسوب ۔ اور اسی کو ہے خط کوفی ۔

الکُوْفِیُّوْنَ ۔ کوفہ کے نحوی حضرات ۔

الکُوْفِیَّۃُ ۔ کوفی کا مؤنث ۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکَفِیَّۃ کہتے ہیں ۔

الکُوْفَانُ والکَوْفَانُ والکُوَّفَانُ والکُوْفَانُ : گول تودہ ریت ۔ گول چیز ۔ عزت وشوکت ۔ بلندی مشقت ۔ زکل بانس ۔ لکڑی کا جھنڈ ۔ اور کہا جاتا ہے ظَلُّوْا فِیْ کُوْفَانٍ مِّنْ اَمْرِہِمْ ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا وَہُمْ فِیْ کُوْفَانٍ مِّنْ ذٰلِکَ وہ لوگ اس سے عزت وشوکت میں ہیں ۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں ۔ کہا جاتا ہے اَلنَّاسُ فِیْ کُوْفَانٍ مِّنْ اَمْرِہِمْ :

کَوْکَبَ الحَدِیْدُ : چمک اٹھنا ۔ جھم جھم کرنا ۔

الکَوْکَبُ ۔ ستارہ ۔ تلوار ۔ پانی ۔ گرمی کی سختی ۔ لوہے کی چمک دمک ۔ لمبی نباتات ۔ سردار قوم ۔ شہسوار قوم ۔ شیخ ۔ قید خانہ ۔ ہتھیار بند ۔ قریب البلوغ لڑکا ۔ باغ کی کلی ۔ فرج ۔ پہاڑ ۔ آنکھ کا پھولا چیز کا بڑا حصہ ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو ۔ کَوْکَبُ البِئْرِ : کوئیں کا سوت ۔ ج کَوَاکِب ۔ کہا جاتا ہے ذَہَبُوْا تَحْتَ کُلِّ کَوْکَبٍ یعنی متفرق ہوگئے وَیَوْمٌ ذُوْ کَوَاکِبَ سختیوں والا دن ۔

الکَوْکَبَۃُ ۔ ایک ستارہ ۔ ایک کلی ۔ جماعت

المُکَوْکَبُ ۔ آنکھ کے پھولے والا ۔

کَوْکَیٰ کَوْکَاۃً ۔ الرَّجُلُ : تیز چلنے میں جھومنا ۔ پستہ قد کا دوڑنا ۔

الکَوْکَاۃُ والکَوَاکِیَۃُ ۔ پستہ قد ۔

المُکَوْکَیٰ ۔ بے برکت ۔ کیکڑا ۔

تَکَوَّلَ القَوْمُ : اکٹھا ہونا ۔۔۔ وانْکَالَ (اِنْجَالَ) القَوْمُ عَلَیْہِ : مار پیٹ گالی گلوچ کے لئے کسی پر ٹوٹ پڑنا ۔

تَکَاوَلَ الرَّجُلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔
الکُوَلَانُ والکُوْلَانُ۔ بردی نام کی ایک گھاس واحد کُوْلَانَۃٌ۔
الاَکْوَلُ۔ پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ جمع اَکَاوِلُ۔
الکَوَالِلُ۔ پستہ قد۔
کَامَ (ن) کَوْمًا وَکُوْمَۃً الجَارِیَۃَ: جماع کرنا ۔۔۔ الفَرَسُ وغیرہٗ: جفتی کرنا۔
کَوِمَتْ (س) کَوَمًا النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
کَوَّمَ تَکْوِیْمًا التُّرَابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا۔ ۔۔۔ المَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا ۔۔۔ ثِیَابَہٗ فِی ثَوْبٍ وَاحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔
اِکْتَامَ اِکْتِیَامًا الرَّجُلُ: پیرکی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔
الکَوْمُ۔ اونٹوں کا گلہ۔ جمع اَکْوَامٌ: بلند جگہ۔ ٹیلہ جمع کِیْمَانٌ۔
الکُوْمَۃُ والکَوْمَۃُ۔ مٹی کا ڈھیر۔ جمع کُوَمٌ وَاَکْوَامٌ۔
الاَکْوَمُ۔ بلند۔ بڑے کوہان والا اونٹ۔ مؤنث کَوْمَاءُ جمع کُوْمٌ۔
کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا وَکِیَانًا وَکَیْنُوْنَۃً الشَّیْءُ: نو پیدا ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ کَانَ افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لئے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے فَکَانَ اللّٰہُ یَکُنْ لَمْ یَکُنْ اور ثبوت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے کَانَ اللّٰہُ وَلَا شَیْءَ مَعَہٗ اور حصر کے معنی میں بھی جیسے اِنْ کَانَ ذُوْ عُسْرَۃٍ فَنَظِرَۃٌ اِلٰی مَیْسَرَۃٍ اور وقوع کے معنی میں جیسے مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ اور ینبغی کے معنی میں جیسے مَا کَانَ لَکُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَہَا اور استقبال کے معنی کے لئے جیسے یَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّہٗ مُسْتَطِیْرًا اور زمانہ ماضی کے لئے جیسے کَانَ اَبِی الکَرْمُ زَبِیْطًا اور زمانہ حال کیلئے جیسے کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے کَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا۔ اور کہا جاتا ہے صَارَ اِلٰی کَانَ یعنی مرگیا اور مثنٰی اور جمع میں کہا جاتا ہے صَارَا اِلٰی کَانَا۔ صَارُوْا اِلٰی کَانُوْا اور کُنْتُ الکُوْفَۃَ یعنی میں کوفہ میں تھا و مَنَازِلُ اُقْفِرَتْ کَانَ لَمْ یَکُنْ بِہَا اَحَدٌ یعنی منازل خالی ہوگئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ وکُنَّا ہم بمعنے کَنَّا ہُمْ
کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا وَکِیَانًا عَلٰی فُلَانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔
کَوَّنَ تَکْوِیْنًا الشَّیْءَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔
تَکَوَّنَ۔ پیدا ہونا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا
اِکْتَانَ اِکْتِیَانًا بِفُلَانٍ وَعَلَیْہِ: ضامن ہونا ذمہ دار بننا۔
اِسْتَکَانَ اِسْتِکَانَۃً لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔
الکَوْنُ۔ مص۔ عالم وجود۔
الکَوْنِیُّ۔ کون کی جانب منسوب۔
الکُوْنِیُّ۔ عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔
الکِیَانُ۔ مص۔ طبیعت۔ فطرت۔
الکِیَانَۃُ۔ ضمانت۔ کفالت۔
التَّکْوِیْنُ۔ مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سِفْرُ التَّکْوِیْنِ: بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔
الکَائِنُ۔ فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔
الکَائِنَۃُ۔ مؤنث کائن۔ حادثہ جمع کَائِنَاتٌ وَکَوَائِنُ۔ الکَائِنَاتُ: موجودات۔
الکُنْتِیُّ والکُنْتُنِیُّ۔ بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول کُنْتُ فِی شَبَابِی کَذَا وَکَذَا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ تم کہتے ہو اَصْبَحْتُ کُنْتِیًّا یعنی میں بڑی عمر والا ہوگیا۔ جمع کُنْتِیُّوْنَ وکُنْتُنِیُّوْنَ اور کُنْتُنِیُّ میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہوجائے جس طرح کہ ضَرَبَنِی میں فتحہ ظاہر ہونے کیلئے نون لاتے ہیں۔
المَکَانُ۔ کسی شے کے ہونے کی جگہ جمع اَمَاکِنُ وَاَمْکِنَۃٌ۔ وَاَمْکُنٌ (اخیر نادر ہے)
المَکَانَۃُ۔ موضع۔ جگہ۔ مرتبہ جمع مَکَانَاتٌ
المَکِیْنُ۔ مرتبہ والا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَکِیْنٌ عِنْدَ فُلَانٍ فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مَکُوْنٌ فِیْہِ: یعنی موجود۔
کَوِہَ (س) کَوَہًا۔ متحیر ہونا۔
کَاہَ یَکُوْہُ کَوْہًا الشَّیْءَ: منہ سونگھ کر معلوم کرنا
کَوَّہَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَکَوَّہَ عَلَیْہِ الاَمْرُ: پراگندہ و پریشان ہونا۔
کَوَّی فِی دَارِہٖ کُوَّۃً: روشن دان بنانا۔
تَکَوَّی تَکَوِّیًا الرَّجُلُ: تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔
الکَوُّ والکَوَّۃُ والکُوَّۃُ۔ روشن دان۔ جمع کِوَاءٌ و کِوًی و کَوَّاتٌ و کُوَّاتٌ۔ کُوَی النَّہْرِ: دریا کے نالے۔
کَوَی یَکْوِی کَیًّا فُلَانًا: لوہے وغیرہ سے داغ دینا۔ کَوَتِ العَقْرَبُ فُلَانًا: بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو کَوَانِی بِعَیْنِہٖ یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔
اَکْوَی اِکْوَاءً۔ زبان سے تکلیف پہنچانا۔
کَاوَی مُکَاوَاۃً۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
اِکْتَوَی۔ داغ لگنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا اُن صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔
اِسْتَکْوَی فُلَانًا: داغ لگانے کو کہنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔
الکَیَّۃُ۔ کوی کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ
الکَوَّاءُ۔ اسم مبالغہ۔ بدزبان۔ بہت گالی بکنے والا۔
المِکْوَاۃُ۔ داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا۔ جمع مَکَاوٍ۔
المِکْوَاۃُ والمِکْوَدِیَۃُ۔ بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔
کَیْ۔ حرف تعلیل ہے۔ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر اَن کی وجہ سے نصب دیتا ہے

جیسے تجاؤزکی اَلنَّسُنَ یعنی آیا اگر رپچھے اور استفہام پر داخل ہوتا ہے جیسے کَیۡہٗ جِئۡتَ یعنی تم کیوں آئے۔ تو اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔

وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کَیۡمَہۡ جیسا کہ لِمَہۡ کہا جاتا ہے اور مَا مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے یَرۡجُو اَلۡفَتٰی کَیۡمَا یَضُرُّ وَیَنۡفَعُ ۔

اور اَنۡ مصدریہ مقدرہ پر وجوبا داخل ہوتا ہے جیسے جِئۡتُكَ کَیۡ تُکۡرِمَنِیۡ ۔ میں تمہارے پاس اسلئے آیا کہ تم میرا اکرام کرو۔ اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئۡتُ لِکَیۡ تُکۡرِمَنِیۡ ۔

کَاءَ یَکِیۡءُ کَیۡئًا عَنِ الۡاَمۡرِ : اعراض کرنا۔

اَلۡکَاءُ وَالۡکَیۡءُ وَالۡکَاءَۃُ وَالۡکَیۡأَۃُ ۔ بزدل۔

کَیَّتَ الۡوِعَاءَ : برتن بھرنا — الۡجَہَازَ : سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔

کَیۡتَ وَکَیۡتَ ۔ اور کبھی کَیۡتِ وَکَیۡتِ کسرہ کے ساتھ کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو قَالَ فُلَانٌ کَیۡتَ وَکَیۡتَ یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا۔ اور کَیۡتَ کَیۡتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں۔ اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

کَاحَ یَکِیۡحُ کَیۡحًا السَّیۡفُ فِیۡہِ : تلوار کا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا کَاحَ فِیۡہِ السَّیۡفُ یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔

اَکَاحَہٗ اِکَاحَۃً ۔ ہلاک کرنا۔

اَلۡکِیۡحُ ۔ مٹا۔ ذکر و مونث ہر ج اَکۡیَاحٌ : کھردرا۔ موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے یَوۡمٌ اَکۡیَحُ ۔

اَلۡکَیَحُ ۔ سختی۔ موٹاپا۔

کَادَہٗ یَکِیۡدُہٗ کَیۡدًا ۔ مکر کرنا۔ فریب کر کے کھلانا۔ جنگ کرنا۔ برا ارادہ کرنا — الزَّنۡدُ : چقماق کا آگ نکالنا۔ کَادَ بِفُلَانٍ : حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَکِیۡدُ اَمۡرًا مَا اَدۡرِیۡ مَا ہُوَ جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے وَ کَادُوۡا الۡاَمۡرَ الَّذِیۡ کَادُوۡا یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انھوں نے حاصل کر لیا — بِنَفۡسِہٖ : جان دینا

—— الشَّیۡءَ : تیار کرنا —— الرَّجُلُ : قے کرنا۔

کَایَدَہٗ مُکَایَدَۃً ۔ مکر و فریب کرنا۔

تَکَایَدَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کیساتھ مکر کرنا۔

اِکۡتَادَ اِکۡتِیَادًا ۔ حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا

اَلۡکَیۡدُ ۔ مص ۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے ہو کِیَادٌ ۔ کہا جاتا ہے غَزَا فَلَمۡ یَلۡقَ کَیۡدًا یعنی اس نے مقابلہ نہیں کیا وَ لَا کَیۡدًا وَلَا ہَمًّا یعنی نہ تو کوشش کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔

اَلۡکَیَّادُ ۔ بہت مکر کرنے والا۔

اَلۡمَکِیۡدَۃُ ۔ اسم ہے کاید کا۔ مکر۔ دھوکا۔ مونث ہو مَکَایِدُ ۔ کید کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے تو اس سے مراد مہلت دینی یا مکاروں کو ان کے فعل پر سزا دینی ہوتی ہے۔

کَارَ یَکِیۡرُ کَیۡرًا ۔ الۡفَرَسُ : دوڑنے میں دم اٹھانا۔

اَکَارَ عَلَیۡہِ یَضۡرِبُہٗ : متوجہ ہونا۔

تَکَایَرَا ۔ ایک دوسرے کو مارنا۔

اَلۡکِیۡرُ ۔ لوہار کی بھٹی۔ ہو اَکۡیَارٌ وَکِیَرَۃٌ ۔

اَلۡکَیِّرُ ۔ دوڑنے میں دم اٹھانے والا۔

کَاسَ یَکِیۡسُ کَیۡسًا وَکِیَاسَۃً الۡغُلَامُ : زیرک ہونا۔ ذہین ہونا — فُلَانًا : دانائی میں غالب آنا — الۡجَارِیَۃَ : جماع کرنا۔

کَیَّسَہٗ تَکۡیِیۡسًا ۔ زیرک و ذہین بنانا۔

کَایَسَہٗ مُکَایَسَۃً ۔ دانائی میں مقابلہ کرنا —— ہٗ فِی الۡبَیۡعِ : بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَکَاسَ اِکَاسَۃً وَاَکۡیَسَ اِکۡیَاسًا ۔ ذہین اولاد والا ہونا۔

تَکَیَّسَ ۔ دانائی ظاہر کرنا۔ بتکلف دانا بننا۔

اَلۡکَیۡسُ ۔ مص ۔ عقل، سمجھ، دانائی۔ زیرکی۔ بخشش۔ جماعت۔ کاموں میں سنجیدگی۔

اَلۡکِیَاسَۃُ ۔ مص ۔ جو چیز نافع ہو اس کے استخراج کی قدرت۔

اَلۡکِیۡسُ ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ہو اَکۡیَاسٌ وَکِیَسَۃٌ ۔ تھیلی جس میں کچھ رہتا ہے۔

اَلۡکَیِّسُ ۔ دانا۔ سمجھ دار۔ اچھی سمجھ بوجھ والا ہو اَکۡیَاسٌ وَکَیۡسٰی مونث کَیِّسَۃٌ ہو کَیِّسَاتٌ ۔

اَلۡمُکَیَّسُ ۔ سمجھ دار۔

کَیۡسَانُ ۔ بغیر الف لام کے اسم ہے غدر کے لئے۔ جب کوئی بے وفائی کرے تو کہا جاتا ہے رَکِبَ فُلَانٌ کَیۡسَانَ ۔

اَلۡاَکۡیَسُ ۔ اسم تفضیل۔ مونث کُوۡسٰی و کِیۡسٰی ہو کِیۡسٌ ۔

اَلۡمِکۡیَاسُ مِنَ النِّسَاءِ : وہ عورت جو عقلمند بچوں کو جنے۔ ہو مَکَایِیۡسُ ۔

کَاصَ یَکِیۡصُ کَیۡصًا وَکُیُوۡصًا وَکِیَصَانًا کسی چیز سے عاجز ہونا — الطَّعَامَ : تنہا کھانا۔ — مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ : بہت کھانا پینا۔ — الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے مَرَّ یَکِیۡصُ یعنی جلدی کرتا ہوا گذرا وَ کِصۡنَا عِنۡدَہٗ : مَا شِئۡنَا ہم نے اس کے پاس جو کچھ جی میں آیا کھایا۔

کَایَصَ مُکَایَصَۃً الۡاَمۡرَ اَوِ الۡعَمَلَ : مشق کرنا۔

اَلۡکَیۡصُ ۔ مص ۔ سخت بخیل۔ درشت خو۔ گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد۔

کَیۡصٌ وَکِیۡصِیٌّ وَکُیَّصِیٌّ وَکَیۡصٰی ۔ تنہا اترنے والا۔ تنہا کھانے والا اور کسی کا خیال نہ کرنے والا

اَلۡکَیِّصُ وَالۡکَیۡصُ مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط گٹھے والا۔

کَاعَ یَکِیۡعُ کَیۡعًا وَکَیۡعُوۡعَۃً عَنۡہُمۡ : بزدل ہونا خائف ہونا۔ صفت کَائِعٌ وَکَاعٍ ہو کَاعَۃٌ ۔

کَافَ یَکِیۡفُ کَیۡفًا الشَّیۡءَ : کاٹنا۔

کَیَّفَ الشَّیۡءَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کیفیت معلوم بنانا۔

تَکَیَّفَ ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ کسی کیفیت پر ہونا۔

اِنۡکَافَ اِنۡکِیَافًا الشَّیۡءُ : کٹنا۔

کَیۡفَ اسم مبہم مبنی عَلَی الۡفَتۡحِ ہے اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لئے ہوتا ہے جیسے کَیۡفَ زَیۡدٌ اور کبھی شرط کے لئے آتا ہے کبھی ماکے ساتھ

اور کبھی نہیں جیسے کَیْنَا تَقْنَعُ اَمْنَعُ وَکَیْفَ تَصْنَعُ اَصْنَعُ اور کہا جاتا ہے کَیْفَ بِیْ بِفُلَانٍ اس کے جواب میں تم کہتے ہو کُلَّ الْکَیْفِ جر کے ساتھ۔ مثل دوسرے معربات کے اور فتح کے ساتھ اپنی حالت پر باقی رہتے ہوئے۔

کَیْفِیَّۃُ الشَّیْءِ: صفت۔ حالت ج کَیْفِیَّاتٌ

اَلْکَیْفَۃُ۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے دامن کے اگلے حصہ میں پیوند لگائیں۔ ج کِیَفٌ

اَلْکَیْکَۃُ۔ انڈا۔ ج اَلْکَیَاکِیْ اور تصغیر کُیَیْکَۃٌ و کُیَیْکِیَۃٌ۔

کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا وَمَکِیْلًا وَمَکَالًا وَکَیْلَ الْقَمْحَ وغیرہ۔ ناپنا اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے کِلْتُ زَیْدًا الطَّعَامَ اور کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے۔ جیسے کِلْتُ لِزَیْدٍ الطَّعَامَ۔ کَالَ الدَّرَاھِمَ: تولنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے ھٰذَا الطَّعَامُ لَا یَکِیْلُنِیْ یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لئے کافی نہیں

کَالَ یَکِیْلُ کَیْلًا الزَّنْدُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔

کَیَّلَ الْقَمْحَ: گیہوں ناپنا — الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔

کَایَلَہُ مُکَایَلَۃً۔ دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا۔ گالی دینا اور بڑھ جانا اور کہا جاتا ہے کَایَلْتُ فُلَانًا یعنی اس نے میرے لئے اور میں نے اس کے لئے ناپا۔ دونوں مُکَایِلَانِ کہے جائیں گے وَکَایَلَ الْفَرَسُ الْفَرَسَ فِی الْجَرْیِ

یعنی ایک گھوڑے نے دوسرے گھوڑے کا دوڑنے میں مقابلہ کیا اور کہا جاتا ہے کَایَلْنَاھُمْ صَاعًا بِصَاعٍ یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا۔

تَکَیَّلَ الرَّجُلُ: میدان جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا۔

تَکَایَلَ الرَّجُلَانِ: گالی اور کینہ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ ایک کا دوسرے کیلئے ناپنا۔

اِکْتَالَ اِکْتِیَالًا مِنْہُ وَعَلَیْہِ: اپنے لئے ناپنا۔

اَلْکَالُ۔ ایک ٹیڑھا سا آلہ ہے جو قلعہ کے گرانے میں کام آتا ہے۔

اَلْکَیْلُ۔ مص۔ ناپنے کا آلہ۔ چنگاری جو چقماق سے گرے۔ ج اَکْیَالٌ۔

اَلْکَیْلَۃُ۔ کال کا اسم مرۃ۔ ناپنے کا برتن فِیْ بَرِّ الشَّامِ: دودھ کا پیمانہ۔ ج کَیْلَاتٌ۔ اور عرب کے امثال میں سے ہے۔ اَحَشَفًا وَسُوْءَ کِیْلَۃٍ۔ اس وقت بولا کرتے ہیں جب کہ دو بری باتوں کو کوئی جمع کرے۔ مراد یہ کہ بری کھجور بھی اور پھر اس پر بری تول بھی۔

اَلْکِیْلَۃُ۔ کال کا اسم۔ اور اسم نوع۔

اَلْکِیَالَۃُ۔ ناپنے کا پیشہ۔ ناپنے کی اجرت۔

اَلْکَیَّالُ۔ وہ شخص جو ناپنے کا پیشہ اختیار کرے

اَلْکَیُّوْلُ۔ میدان جنگ کی آخری صف۔ اونچی زمین۔ بزدل (— والکَیُّوْلُ) چنگاری جو چقماق سے جھڑے۔

اَلْمِکْیَلُ وَالْمِکْیَلَۃُ ج مَکَایِلُ وَالْمِکْیَالُ۔

ج مَکَایِیْلُ: جس سے ناپا جائے۔

اَلْمَکِیْلُ وَالْمَکْیُوْلُ۔ ناپا ہوا۔

اَلْکِیْمِیَاءُ وَالْکِیْمِیَا۔ اکسیر۔ جس کے متعلق خیال تھا کہ اس سے سونا چاندی بن جایا کرتا ہے عِلْمُ الْکِیْمِیَاءِ اَوِ الْکِیْمِیَا عِنْدَ الْقُدَمَاءِ: وہ علم ہے جس میں اس سے بحث کی جاوے کہ کس طرح ایک معدنی چیز کو دوسرے کی طرف خصوصاً سونے کی طرف تبدیل کر سکتے ہیں۔ اور یا تمام امراض کیلئے دوا کا استنباط — عِنْدَ الْمُتَاَخِّرِیْنَ: وہ علم ہے جس میں اجسام کے طبائع و خواص سے بواسطہ تحلیل و ترکیب کے بحث ہو۔ اور نسبت کے وقت کِیْمِیٌّ و کِیْمَاوِیٌّ کہتے ہیں۔ ج کِیْمِیُّوْنَ و کِیْمَاوِیُّوْنَ۔

کَانَ یَکِیْنُ کَیْنًا لِفُلَانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔

اَکَانَہُ اِکَانَۃً اللّٰہُ: عاجز کر دینا۔ مطیع کرنا۔ فرماں بردار بنانا۔

اِکْتَانَ اِکْتِیَانًا۔ غمگین ہونا اور غم کو چھپانا۔

اِسْتَکَانَ۔ کون کے مادہ میں مذکور ہے۔

اَلْکِیْنَۃُ۔ بیری۔ ضمانت۔

اَلْکِیْنَۃُ۔ سختی۔ ذلت۔ حالت۔ کہا جاتا ہو بَاتَ فُلَانٌ بِکِیْنَۃِ سُوْءٍ یعنی اس نے بری حالت میں رات گذاری۔

اَلْکِیْنَا۔ کونین۔ (دخیل)

کَاوَہُ یَکِیْہُ کَیْھًا فُلَانًا: منہ سونگھ کر معلوم کرنا۔

اَلْکَیِّہُ: وہ شخص جو اپنے حیلہ سے عاجز ہو چکا ہو

ل

اللام۔ تین قسمیں ہیں۔

(۱) عامل لجر (۲) عامل لجزم (۳) غیر عامل۔

(۱) جارہ۔ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِزَیْدٍ وَلِیْ اور مستغاث بیا اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یَا لَزَیْدٍ وَلَکَ وَلَنَا وَلَہٗ۔

یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والا کئی معنوں میں آتا ہے۔

(۱) اختصاص جیسے اَلْجَنَّۃُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ جنت مومن کے لئے خاص ہے۔

(۲) استحقاق جیسے اَلْعِزَّۃُ لِلّٰہِ عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے۔

(۳) ملکیت جیسے لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان و زمین میں ہیں۔

(۴) تبلیغ جیسے قُلْتُ لَہٗ وَفَسَّرْتُ لَہٗ میں نے اس سے کہد یا میں نے اس سے بیان کر دیا۔

(۵) تعدیہ جیسے مَا اَضْرَبَ زَیْدًا لِعَمْرٍو زید کو عمرو

سے کتنی شدید محبت ہے۔

(۶) قسم جیسے لِلّٰہِ لَاَفْعَلَنَّ کذا قسم اللہ کی میں اسکو ضرور کروں گا۔

(۷) صیرورت جیسے وُلِدَ الْاِنْسَانُ لِحَیٰوۃٍ اَبَدِیَّۃٍ انسان ہمیشہ کی زندگی کیلئے پیدا کیا گیا ہے اور اس کو لام عاقبت اور لام المآل بھی کہتے ہیں۔

(۸) تعلیل جیسے وَیَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارٰی مَطِیَّتِیْ اور اس دن کہ باکرہ چھوکریوں کیلئے میں نے اپنی اونٹنی کو ذبح کیا۔

(۹) موافقت الیٰ جیسے بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَہَا۔

(۱۰) موافقت علیٰ جیسے یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ۔

(۱۱) موافقت فی جیسے وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَۃِ۔

(۱۲) بمعنی عند جیسے کَتَبْتُہٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ پانچویں تاریخ کے گذر نے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اسکو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔

(۱۳) موافقت بعد جیسے اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ۔

(۱۴) موافقت مع جیسے فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا کَاَنِّیْ وَمَالِکًا لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَیْلَۃً مَعًا۔

(۱۵) موافقت مِن جیسے سَمِعْتُ لَہٗ صُرَاخًا میں نے اس سے چیخ سنی۔

(۱۶) موافقت عَن جیسے قَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْکَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَا اِلَیْہِ۔

(۱۷) زائدہ جیسے ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ میں نے زید کو مارا اور فعل پر داخل ہونے والا۔ تقدیر اَنْ سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور اَن مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور بالّلام کی تاویل میں ہوتا ہے اور یہ یا تو تعلیل کے لئے ہوتا ہے جیسے جِئْتُکَ لِتُعَلِّمَنِیْ میں تیرے پاس اس لئے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے ۔ اور یا تاکید نفی کے لئے۔ اور اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لام جحود کہتے ہیں جیسے مَا کَانَ زَیْدٌ لِیُکْرِمَکَ زید ہرگز تیری تعظیم کے لئے نہ تھا۔

(۲) لام جازمہ ۔ اور وہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے جیسے لِیُنْفِقْ ذُوْ سَعَۃٍ اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور واؤ اور فا کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے جیسے فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ اور ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے ثُمَّ لْیَقْضُوْا۔

(۳) غیر عاملہ ۔ اور یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور وہ لام ابتداء ہے جیسے لَزَیْدٌ قَائِمٌ ۔ و اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ ۔

اور لام جواب بعد لَوْ و لَوْلَا و قسم جیسے لَوْ قَدِمْتُمْ لَقَدِمْنَا ۔ وَلَوْلَا زَیْدٌ لَہَلَکْنَا ۔ وَاللّٰہِ لَزَیْدٌ کَرِیْمٌ ۔ اور لام زائدہ جیسے اَرَاکَ لَشَاتِمِیْ۔

اور من جملہ انھیں غیر عاملہ کے وہ لام ہے جو بُعد پر دلالت کرنے کیلئے اسماء اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصلاً یہ ساکن ہوتا ہے جیسے تِلْکَ میں مگر ذٰلِکَ میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا ہے۔

لَا ۔ تین طرح پر ہے۔

(۱) نافیہ ۔ اور یہ چار طرح پر مستعمل ہے۔

(الف) نفی جنس کے لئے۔ اس صورت میں اس کا اسم مبنی بر فتح ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ گھر میں کوئی مرد نہیں ۔ وَلَا غُلَامَ رَجُلٍ حَاضِرٌ مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں۔

(ب) بمعنی لَیْسَ ۔ اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کے لئے ہے جیسے لَا رَجُلٌ قَائِمًا مرد قائم نہیں ۔ اور لا نفی جنس اور لا بمعنی لیس میں فرق یہ ہے کہ جب تم لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ کہو گے تو اب اس کے بعد بَلْ رَجُلَیْنِ اَوْ رِجَالٌ کہنا صحیح نہیں ہوگا۔ اسلئے کہ اس مثال میں جنس رجال کی نفی کر دی گئی ہے۔ بخلاف لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ کے کہ وہاں پر بَلْ رَجُلَانِ اَوْ رِجَالٌ کہنا صحیح ہوگا اس لئے کہ لا بمعنی لیس صرف واحد کی نفی کرتا ہے ماسوا کی نہیں۔

(ج) لَا نافیہ عطف کے لئے جیسے جَاءَ زَیْدٌ لَا عَمْرٌو زید آیا نہ کہ عمرو

(د) حرف جواب نقیض نعم جیسے کوئی پوچھے اَجَاءَ زَیْدٌ تو تم اس کے جواب میں کہو لَا۔

(۲) طلب ترک فعل کے لئے اور اس کا نام لا نہی ہے اور یہ صرف مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے جیسے لَا تَخَفْ مت ڈر۔

(۳) زائدہ ۔ اور یہ تقویت معنی کیلئے ہوتا ہے حذف کر دینے سے خلل واقع نہیں ہوتا جیسے مَا مَنَعَکَ اَنْ لَا تَقُوْمَ بمعنی مَا مَنَعَکَ اَنْ تَقُوْمَ۔

لَاتَ ۔ حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے جیسے نَدِمَ الْبُغَاۃُ وَلَاتَ سَاعَۃَ مَنْدَمٍ بمعنی لَاتَ السَّاعَۃُ سَاعَۃَ مَنْدَمٍ یعنی باغی پشیمان ہوئے مگر وقت اب پشیمانی کا نہیں رہا۔

اَلْمُلْتَئِبُ ۔ سیدھا۔

اَللَّازَوَرْدُ ۔ لاجورد ۔ ایک مشہور معدنی چیز ہے جو آرمینیا اور فارس کے پہاڑوں میں ہوتا ہے اور عمدہ وہ ہوتا ہے جو صاف شفاف نیلگوں مائل بہ سرخی یا سبزی ہو ۔ زیورات میں لگایا جاتا ہے اور بہت مفید چیز ہے۔

اَللَّازَوَرْدِیُّ ۔ جو لاجورد کے رنگ کا ہو۔

لَأَطَ (ن) لَأْطًا ۔ اصرار سے کسی کام کے لئے کہنا۔ لَأَطَ عَلٰی فُلَانٍ : سختی کرنا ۔ لَأَطَہٗ بِسَہْمٍ : تیر مارنا ۔ لَأَطَ فُلَانٌ فِیْ حُضْرِہٖ : بغیر ادھر ادھر التفات کے تیز بھاگنا ـــــ فُلَانًا : دیر تک دیکھتے رہنا یہاں تک کہ نظر سے غائب ہو جائے ـــــ ہٗ بِالْعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔

لَأَظَ (ن) لَأْظًا ۔ غمگین کرنا ۔ دھتکارنا مقابلہ کرنا ـــــ فُلَانًا فِی التَّقَاضِیْ : تقاضا کرنے میں سختی و اصرار کرنا۔

لَأَفَ (ن) لَأْفًا الطَّعَامَ : اچھی طرح سے کھانا۔

اَلْأَلْکُ ، اَلْأَلُوْکَۃُ اِلٰی فُلَانٍ : پیغامبری کرنا۔ کہا جاتا ہے اَلِکْنِیْ اِلٰی فُلَانٍ یعنی میرا پیغام اس کو پہنچا دو (اصل اَلْأَکَ ہے)

اِسْتَلْأَکَ اَلْ : پیغام لے جانا۔

الملأك والملأكة ۔ پیغام ۔ پیغامبری ۔

الملأك والملاك ۔ فرشتہ جو اللہ کے احکام بندوں تک پہنچاتے ہیں جو ملائکۃ و ملائک و آملاک ۔ اور مفرد مَلَاك اور جمع مَلَائِكَة بنائی جاتی ہے ۔

لألأ لألأة النجمُ او البرقُ : ستارہ یا بجلی کا چمکنا ۔ لألأت النارُ : آگ کا روشن ہونا ۔ بھڑکنا ۔ لألأ الثور بذنبه : بیل کا دُم ہلانا ۔ لألأت النوائحُ : بین کرنے والی عورتوں کا ہاتھوں کو الٹنا پلٹنا ۔ لألأ الدمعَ : آنسو بہانا ۔

تلألأ النجمُ والبرقُ او النارُ : بمعنی لألأ ۔ وَجْهُهُ : چہرہ کا دمک اٹھنا ۔

اللؤلؤ ۔ موتی ۔ واحد لؤلؤة جو لآلی ۔

اللؤلئی واللؤلؤانی ۔ موتی کے رنگ کا ۔

اللِئالة ۔ موتی فروشی کا پیشہ ۔

اللألاء ۔ بہت زیادہ خوشی ۔ لألاء السراج : چراغ کی روشنی (ــــ واللألال واللأّال) موتی فروش ۔

لأم (ن) لأمًا ولأَّم تلئيمًا الرجلَ : کمینگی کی طرف نسبت کرنا ـــــ السهمَ : تیر پر پر لگانا ۔ الجرحَ : زخم باندھنا (ـــ لأم (ف) لأمًا ولأم تلئيمًا وآلأم إلآمًا) الشیءَ : درست کرنا ۔ جمع کرنا اور باندھنا ۔ آلأم الرجلُ : کمینے بچوں کا باپ ہونا ۔ ایسا کام کرنا جس سے لوگ کمینہ کہیں ۔

لؤم (ک) لؤمًا وملأمة ولآمة ۔ ذنی الاصل ہونا : بخیل ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔ صفت لئیم جو لئام ولؤماء ۔

لاءم ملاءمة الشیءَ : درست کرنا ۔ جمع کرنا لاءمه الشیءُ : موافقت کرنا ۔ لاءم بين القوم : صلح کرانا ۔

تلاءم وتلاءمه ۔ الشیءُ الفاسدُ : درست ہونا ۔ تلأّم لأمة اي درعه : زرہ پہننا ۔

التأم الفاسدُ : درست ہونا ـــــ الشیءُ : ملنا اور چپٹ جانا ـــــ الجرحُ : انگور بننا اور اچھا ہونا ـــــ القومُ : اکٹھا ہونا ـــــ الشیئان : متفق ہونا ـــــ الفریقان : مصالحت کرنا ۔

استلأم استلامًا ۔ زرہ پہننا ۔ کمینوں میں شادی کرنا ـــــ اصهارًا : کمینوں کو داماد بنانا ـــــ الحجرَ الاسودَ : چومنا ـــــ الأبَ کمینہ باپ والا ہونا ۔

اللأم مع ۔ جمع لأمة بمعنے زرہ ۔ شخص ہر سخت چیز ۔ کہا جاتا ہے شیءٌ لأمٌ : مجتمع چیز ۔ سهمٌ لأمٌ : پر لگا ہوا تیر ۔

اللئم ۔ جو آلام ولئام ۔ واللِّئمة ۔ مثل ۔ مانند ۔ اللئم : لوگوں کے درمیان اتفاق ۔ تلوار شهد اللئمة : تین سے لیکر دس تک مردوں کی جماعت ۔ جو لئات ۔ کہا جاتا ہے هو لِئْمُهٗ : وہ اس کی مانند ہے ۔

اللُّؤام ۔ حاجت ۔

اللأمة ۔ زرہ جو لأم ولؤم ۔

اللؤمة ۔ اوزار کاشتکاری ۔ ہر نفیس چیز جس پر تجمل کیا جائے ۔ دوسروں کے فعل کی نقل کرنے والا ۔

اللئيم ۔ کمینہ ۔ بخیل ۔ دنی الاصل ۔ بہت زیادہ حریص ۔ ذلیل ۔ جو لئام ولؤماء ۔

الملأم والملأم والملأم ۔ کمینوں کی عذر خواہی کرنے والا ۔ ندا کے موقع پر یا ملأم بمعنی یا لئیم کہا جاتا ہے ۔

اللأمان واللؤمان والملأمان ۔ دنی الطبع ۔ اور یہ ندا کے لئے مخصوص ہے ۔

المستلئم ۔ زرہ پہننے والا ۔ رجلٌ ملأّم : کمینگی کی طرف منسوب مرد ۔

الملائم ۔ کمینہ ۔ کمینوں کے پاس آنے جانے والا ۔

لأى يلأى لأيًا ۔ دیر کرنا ۔ رکنا ۔ الآى إلآء : سختی میں پڑنا ۔

التأى التئاءً ۔ دیر کرنا ۔ تنگ گذران والا ہونا ۔ مفلس ہونا ۔

اللأى واللأى واللأواء ۔ سختی ۔ رنج و تکلیف ۔ اللأى : ڈھال ۔ جنگلی بیل ۔ مؤنث لآة ۔ جو آلآء ۔

لبّ (ن) لبًّا بالمكان : اقامت کرنا ـــــ الدابةَ : جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا ـــــ اللوزةَ : بادام توڑ کر گری نکالنا ـــــ الرجلَ : سینہ پر مارنا ۔

لبِب (س) لبَبًا ولبًّا ولُبًّا ولبابةً عقلمند ہونا ۔ لبب يلبب بھی بیان کیا گیا ہے مگر یہ مضاعف میں نادر ہے ۔

لبّ (ض س) لبًّا ولبابةً ۔ عقلمند ہونا ۔ اور لبِبتَ ولبُبتَ تلبّ بھی آیا ہے مگر باب فعُل يفعُل سے اس کے سوا کوئی نہیں اور حقیقت میں یہ باب تداخل سے ہے ۔

لبّب تلبيبًا الحبّ : دانہ کا گودے دار ہونا ـــــ فلانًا : گریبان پکڑ کر کھینچنا ـــــ في الامر : تردد کرنا ۔

ألبّ بالمكان : اقامت کرنا ـــــ على الامر : لازم ہونا ـــــ الدابةَ : جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا ـــــ السرجَ : زین کا تنگ بنانا ـــــ لہٗ الشیءُ : پیش آنا ۔ اور کہا جاتا ہے داری فلان تلبّ داري " فلاں کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے ۔

تلبّب للقتال : مستعد ہونا ۔ کمر کسنا ـــــ الرجلان : ہر ایک کا دوسرے کے گریبان کو پکڑ کر کھینچنا ۔

استلبّ ۔ زیدًا : عقل کی آزمائش کرنا ۔

اللبّ ۔ قریبی مہربان ۔ مؤنث لبّة ۔ جو لباب ۔ رجلٌ لبٌّ على الامر : کام سے لازم رہنے والا مرد ۔ امٌّ لبّة : مہربان ماں ۔

اللُّبّ ۔ ہر چیز کا خالص ۔ خالص عقل ۔ جو وہم وغیرہ کی آمیزش سے پاک ہو ۔ یا تیز فہمی ۔ اسلئے لب پر عقل کا اطلاق ہوگا مگر عقل پر لب کا اطلاق ضروری نہیں ۔ اللبّ : دل ۔ زہر ۔ جو ألباب وألبّ وألبُب (آخری جمع صرف اشعار میں آتی ہے) اللبّ من الجوز واللوز ونحو ذلك :

بادام اخروٹ وغیرہ کی گری۔ ج لُبُوب۔

اللَّبَّة۔ لَبَّ کا اسم مرة۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ شوہر کے ساتھ اچھی طرح گذر بسر کرنے والی عورت۔ ج لَبَّات۔

اللَّبَب۔ مع۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ۔ باریک ریت۔ گھوڑے وغیرہ کے سینہ پر باندھنے کا تنگ۔ ج اَلْبَاب۔ اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي لَبَبٍ رَخِيٍّ" فلاں آسودہ حال ہے۔ اللَّبَب: دل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَخِيُّ اللَّبَبِ" وہ کشادہ دل ہے۔

اللُّبَاب۔ تھوڑی گھاس۔ کہا جاتا ہے۔ "لَبَابِ لُبَابٌ" کوئی حرج نہیں۔

اللُّبَاب۔ ہر چیز کا خالص۔ برگزیدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُبَابُ قَوْمِهِ وَهُمْ لُبَابُ قَوْمِهِمْ وَهِيَ لُبَابُ قَوْمِهَا" فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے۔ حَسَبٌ لُبَابٌ وَعَيْشٌ لُبَابٌ: خالص حسب۔ خالص زندگی۔ لُبَابُ الْجَوْزِ وَنَحْوِهِ: اخروٹ وغیرہ کی گری۔

اللَّبَابَة۔ لباس جو لڑائی کے وقت کپڑوں پر پہنا جائے۔

اللَّبِيب۔ عقلمند۔ ج اَلِبَّاء مؤنث لَبِيبَة ج لَبِيبَات ولَبَائِب۔ رَجُلٌ لَبِيبٌ: کام سے چمٹے رہنے والا۔ سستی نہ کرنے والا

بَنَاتُ اَلْبُب۔ دل کی چند رگوں کا نام جو مرکز لطف و مہربانی ہیں کہا جاتا ہے "أَنَا أُحِبُّكَ مِنْ بَنَاتِ أَلْبُبِي" میں تجھ سے تہ دل سے محبت کرتا ہوں۔ اور اَلْبُب کی جمع اَلْأَلُبّ اور تصغیر اُلَيْب۔

التَّلْبِيب۔ مع۔ گریبان ج تَلَابِيب

التَّلَبُّب: بتکلف عقل کا اظہار۔

الْأُلْبُوب۔ بیری کی گٹھلی۔

کہا جاتا ہے "لَبَّيْكَ" میں حاضر ہوں میں موجود ہوں میں تمہاری طاعت پر قائم ہوں۔ تثنیہ تاکید کے لئے ہے اور نصب مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے۔ اور اس کی اصل اُلِبُّ لَكَ اِلْبَابًا بمعنی اَلْبَاب ہے۔

الْمَلْبُوب۔ جودت عقل سے متصف۔

الْمُتَلَبَّب۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔

لَبِيبَة۔ بغیر آستینوں کی قمیص۔

لَبَأَ (ف) لَبْأً الشَّاةَ: بکری کی پیوسی دوہنا۔ لَبَأَتِ الْأُمُّ وَلَدَهَا: ماں کا بچے کو پیوسی پلانا۔ لَبَأَ الزَّرْعَ: پہلی بار پانی دینا۔ وَأَلْبَأَ الْقَوْمَ: پیوسی کھلانا ۔۔ اللِّبَأَ: پیوسی تیار کرنا۔ أَلْبَأَتِ الشَّاةُ: پیوسی اتارنا ۔۔ الْجَدْيُ: بکری کے بچہ کا خود پیوسی پی لینا۔ أَلْبَأَ الْقَوْمُ: بہت پیوسی والا ہونا ۔۔ الْفَصِيلَ: پیوسی پینے کے لئے تھن سے لگا دینا۔

لَبَأَتْ تَلْبِئَةً۔ الشَّاةُ: بکری کے تھن میں پیوسی اترنا۔ صفت مُلَبِّئٌ۔ لَبَّأَ بِالْحَجِّ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ کہنا (مانند لَبَّى مُلَبِّي ناقص یائی کے۔ اور اصل میں ہمزہ نہیں بلکہ یا ہے)

اِلْتَبَأَ۔ الشَّاةَ: بکری سے پیوسی دوہنا ۔۔ اللِّبَأَ: پیوسی پینا۔ (وَاسْتَلْبَأَ) الْجَدْيُ الشَّاةَ: پیوسی پینا۔

اللِّبَأُ۔ پیوسی۔ کھیس۔

اللَّبْأَة واللَّبَاءَة واللَّبُوءَة واللَّبْوَة واللَّبُوَة واللَّبْئَة واللَّبَاة واللَّبْ: شیرنی۔ ج لَبَآت ولِبَا ولَبُوء ولَبُوَات۔

لَبَتَ (ن) لَبْتًا يَدَهُ: ہاتھ اینٹھنا مروڑنا ۔۔ فُلَانًا: کسی کے سینہ، پیٹ، کمر پر لاٹھی سے مارنا۔

لَبِثَ (س) لَبْثًا ولُبْثًا ولَبَثًا ولَبَاثًا ولُبَاثًا ولَبَاثَةً ولَبَثَانًا ولَبِيثَةً۔ بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا اقامت کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا لَبِثَ أَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی۔

لَبَّثَ وأَلْبَثَ فُلَانًا فِي الْمَكَانِ: ٹھہرانا۔ مقیم کرانا۔

تَلَبَّثَ بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا۔

اِسْتَلْبَثَ۔ سست پانا۔ سست سمجھنا

اللَّابِث واللَّبِيث بِالْمَكَانِ: اقامت کرنے ٹھہرنے والا۔

اللُّبْثَة۔ تھوڑی دیر۔

اللَّبِيثَة۔ مع۔ مختلف قبائل کی جماعت۔ ج لَبَائِث۔

لَبَجَ (ن) لَبْجًا بِهِ الْأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا اور پچھاڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے لُبِجَ بِالرَّجُلِ او الْبَعِيرِ یعنی مرض یا تھکن کی وجہ سے گر پڑنا صفت لَبِيج ۔۔ ه بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

اللُّبْجَة واللَّبْجَة۔ شاخ دار لوہا جس سے بھیڑیے کو شکار کیا جاتا ہے۔ ج لُبَج ولِبَج۔

اللَّبَاج۔ بیوقوف۔ کمزور عقل والا۔

لَبِخَ (س) لَبْخًا ولَبَخًا واَلْبَخَ الرَّجُلُ: بڈھا ہونا۔

اللَّبَخ۔ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بہادری۔

لَبَخَ (ف) لَبْخًا فُلَانًا: مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا ۔۔ الرَّجُلَ: پکڑنے کے لئے حیلہ کرنا ۔۔ الشَّيْءَ: لینا۔ (۔۔ لُبُوخًا) جَسَدُهُ: بہت گوشت والا ہونا۔ صفت لَبِيخ۔

لَابَخَهُ لِبَاخًا ومُلَابَخَةً۔ باہم طمانچہ مارنا۔ باہم مار پیٹ کرنا۔

تَلَبَّخَ۔ مشک لگانا۔

اللَّبَخ۔ ایک درخت ہے جس کے پتے اخروٹ کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں۔ واحد لَبَخَة۔

اللَّبِيخ۔ زیادہ گوشت والا۔

اللَّبِيخَة۔ مشک کا نافہ۔

لَبَدَ (ن) لُبُودًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ۔۔ الْقَوْمُ بِالرَّجُلِ: لازم ہونا ۔۔ بِالشَّيْءِ: چمٹنا ۔۔ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: گرہ جانا ۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

لَبِدَ (س) لَبَدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَبَدَ (ض) لَبْدًا الصُّوفَ: اون کو پانی میں تر کرکے نمدہ بنانا ۔۔ لَبَّدَ الصُّوفَ بمعنی لَبَدَهُ ۔۔ الْكِسَاءَ: پیوند لگانا ۔۔ الشَّيْءَ: نمدہ جیسا ہونا ۔۔ الْمَطَرُ الْأَرْضَ: تر کرنا ۔۔ شَعْرَهُ: لیس دار چیز یا گوند سے چپکانا۔

اَلْبَدَ بِالْاَرْضِ: چمٹ جانا ــــ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا ــــ السَّرْجَ: زین کے لئے نمدہ بنانا ــــ الفَرَسَ: گھوڑے پر نمدہ باندھنا ــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چپکانا ــــ الرَّجُلُ رَاْسَہٗ: دروازہ میں داخل ہونے کے وقت سر جھکانا ــــ الخِرَقَ: پیوند لگانا ــــ بَصَرَہٗ اِلَی المُصَلّٰی: سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا۔

تَلَبَّدَ الصُّوْفُ وَنَحْوُہٗ: نمدہ بننا ــــ الطَّائِرُ بِالْاَرْضِ: پرندہ کا زمین پر بیٹھنا ــــ الرَّجُلُ: دیکھ کر معلوم کرنا۔ تَلَبَّدَتِ الْاَرْضُ بِالْمَطَرِ: بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا۔

اِلْتَبَدَ الْوَرَقُ وَنَحْوُہٗ: آپس میں چمٹنا ــــ الشَّجَرَۃُ: بہت پتوں والا ہونا۔

اللَّبَدُ۔ مص۔ نمدہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

اللَّبِدُ۔ تہ بتہ شدہ بال۔

اللَّبِدُ وَاللُّبَدُ۔ جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے۔ اَبُوْ لُبَدٍ: شیر۔

اللَّبِیْدُ۔ بال یا اون تہ بتہ شدہ۔ اون کا بچھونا۔ نمدہ۔ ج لُبُوْدٌ و اَلْبَادٌ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَجِفُّ لِبْدُہٗ" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔

اللُّبَّادَۃُ۔ اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا۔

اللِّبْدَۃُ۔ تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے۔ ران کا اندرونی حصہ۔ ج لِبَدٌ۔

اللُّبْدَۃُ۔ تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔

اللِّبْدَۃُ وَاللُّبْدَۃُ: شیر کے ایال۔ ج لِبَدٌ و لُبَدٌ و اَلْبَادٌ و لُبُوْدٌ۔

اللَّابِدُ۔ فا۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لَابِدٌ" یعنی بہت مال۔

اللَّبَّادُ۔ نمدے بنانے والا۔

اللَّبُوْدُ۔ چچڑی۔

اللُّبَیْدُ۔ توبرہ۔ چھوٹا بورا ــــ وَاللُّبَادٰی وَاللُّبَادَی وَاللُّبَّدٰی) ایک قسم کا پرندہ۔ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی کو چمٹا رہتا ہے۔ اللُّبَّدٰی: جمع شدہ لوگ۔

المُلْبِدُ۔ فا۔ زمین پر ٹپک دینے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْبِدٌ اَیْ فَقِیْرٌ مُدْقِعٌ" یعنی بہت زیادہ فقیر ہے۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا۔

المَلْبُوْدُ والمُلْبَدُ والمُلَبَّدُ: پیوند لگا ہوا۔ تَیْسٌ مَلْبُوْدٌ: ٹھوس گوشت والا بکرا۔

لَبَزَہٗ (ض) لَبْزًا۔ بہت سخت مارنا۔ لَبَزَ الشَّیْءَ: بہت تیز کھانا۔ توڑنا ــــ فُلَانًا: عیب لگانا۔ برا لقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔

لَبَسَ (ض) لَبْسًا عَلَیْہِ الْاَمْرَ: مشتبہ کر دینا گڈ مڈ کر دینا۔

لَبَسَہٗ (ن) لَبْسًا۔ شبہ میں ڈالنا۔ تم کہتے ہو "لَبَسْتَنِیْ" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اپنے معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔

لَبِسَ (س) لُبْسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا ــــ فُلَانًا: مدت تک کسی کی معاشرت و مصاحبت سے فائدہ اٹھانا ــــ فُلَانًا عَلٰی مَا فِیْہِ: برداشت کرنا۔ قبول کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَبِسْتُ عَلٰی فُلَانٍ اُذُنِیْ" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا اور میں نے گفتگو نہیں کی "وَلَبِسْتُ لِفُلَانٍ اُذُنِیْ" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔

لَبَّسَ عَلَیْہِ الْاَمْرَ: خلط ملط کرنا ــــ الشَّیْءَ: عیب چھپانا۔

اَلْبَسَہٗ۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ــــ ہ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔

لَابَسَہٗ۔ ملانا۔ اندرونی حالت معلوم کرنا ــــ لَابَسَ الْاَمْرَ: ہمیشہ کرنا۔

تَلَبَّسَ بِالْاَمْرِ وَبِالثَّوْبِ: کام میں لگنا۔ کپڑا پہننا ــــ الطَّعَامُ بِالْیَدِ: چپکنا۔ تَلَبَّسَ بِیَ الْاَمْرُ: تعلق ہونا ــــ عَلَی الْاَمْرِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا کہا جاتا ہے "تَلَبَّسَ حُبُّہٗ بِدَمِیْ" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہو گئی۔ وَتَلَبَّسَ لِبَاسًا حَسَنًا: عمدہ لباس پہننا۔

اِلْتَبَسَ عَلَیْہِ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ وَالْتَبَسَ بِعَمَلِ کَذَا: ملانا۔ اِلْتَبَسَتْ بِہَا الْخَیْلُ: لاحق ہونا۔

اللَّبْسُ واللُّبْسُ واللُّبْسَۃُ وَالْاِلْتِبَاسُ واللَّبُوْسَۃُ واللُّبُوْسَۃُ۔ شبہ۔ دشواری۔ عدم وضاحت۔ اللَّبْسُ واللُّبْسُ: تاریکی کا ملنا۔ اللُّبْسُ: ایک قسم کا کپڑا۔

اللِّبْسُ۔ لباس۔ ج لُبُوْسٌ۔ لِبْسُ الْہَوْدَجِ وَنَحْوِہٖ: ہودہ کا کپڑا۔ کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبْس کا اطلاق ہوتا ہے۔

اللِّبَاسُ۔ جو کپڑا پہنا جائے۔ ج لُبُسٌ وَاَلْبِسَۃٌ۔ شوہر و بیوی۔ مختلط ہونا۔ اجتماع۔ لِبَاسُ الزَّہْرَۃِ: کلی کا غلاف۔ لِبَاسُ التَّقْوٰی: حیا۔ ستر عورت وغیرہ۔

اللِّبْسَۃُ۔ ایک قسم کا کپڑا۔ لَبِسَ کا اسم نوع۔

اللَّبُوْسُ۔ لباس۔ زرہ۔ بہت پہننے والا۔

اللَّبِیْسُ۔ کپڑا۔ ج لُبُسٌ لُبْسٌ: بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل و نظیر۔

التَّلْبِیْسُ۔ مص۔ کتمان حقیقت۔ اخفاء حقیقت۔

اللَّبَّاسُ۔ بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔

المَلْبَسُ والمِلْبَسُ۔ لباس۔ ج مَلَابِسُ۔ المَلْبَسُ: رات۔

المُلَبَّسُ۔ مص ــــ عِنْدَ المُوَلَّدِیْنَ: بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔

لَبَطَ (ض ن) لَبْطًا بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ لُبِطَ بِہٖ: گرایا جانا کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آ جانے کی وجہ سے گر پڑنا۔ زکام والا ہونا۔

لَبَطَ (ض) لَبْطًا وَتَلَبَّطَ وَالْتَبَطَ۔ البَعِیْرُ او البَغْلُ: اونٹ یا خچر کا زمین پر لات مارنا۔ دوڑنے میں لات پٹکنا۔ اِلْتَبَطَ وَتَلَبَّطَ الرَّجُلُ: زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔ متحیر ہونا ــــ فِی الْاَمْرِ: کوشش کرنا۔

حیلہ کرنا۔

اللَّبْطَۃ۔ لَبَط کا اسم مرۃ۔ زکام۔

اللَّبَطَۃ۔ اِلْتِبَاط کا اسم۔ لنگڑے کی دوڑ۔

الْاَلْبَاط۔ کھالیں۔ واحد لَبْط۔

الْمَلْبُوْط۔ مفع۔ رَجُلٌ مَلْبُوْطٌ بِہٖ: اپنے کام میں متحیر مرد۔

اللَّبْع۔ رائگاں۔

لَبَقَ (ن) لَبْقًا ولَبَقَ الشَّیْءَ: نرم کرنا۔

لَبِقَ (س) لَبَقًا ولَبُقَ (ک) لَبَاقَۃً۔ حاذق ہونا۔ ذہین ہونا۔ نرم اخلاق والا ہونا۔ لَبِقَ وَلَبَقَ الثَّوْبُ وَنَحْوُہٗ بِفُلَانٍ: چپکنا۔

اللَّبِقُ واللَّبِیْقُ۔ نرم اخلاق والا۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ ذکی۔ ذہین۔ مؤنث لَبِقَۃٌ ولَبِیْقَۃٌ۔

لَبَکَ (ن) لَبْکًا ولَبَّکَ الْاَمْرَ والشَّیْءَ: ملانا — الثَّرِیْدَ: کھانے کیلئے جمع کرنا — الْقَوْمَ بَیْنَ الشَّاءِ: بکریوں کو ملا دینا۔

لَبِکَ (س) لَبَکًا والْتَبَکَ وتَلَبَّکَ الْاَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

اَلْبَکَ۔ فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا

اللَّبْکُ واللَّبْکَۃُ۔ مخلوط چیز۔

اَمْرٌ لَبِکٌ ولَبِیْکٌ۔ گڑبڑ معاملہ۔ مشتبہ معاملہ

اللَّبْکَۃُ۔ ثرید کا ایک لقمہ۔ ثرید کا ایک حصہ

اللُّبَاکَۃُ واللَّبِیْکَۃُ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے وَقَعَ فِیْ لُبَکَۃٍ ولَبِیْکَۃٍ۔ یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔

لَبْلَبَتِ الْمَرْاَۃُ بِوَلَدِہَا: عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔ مہربان ہونا — الشَّاۃُ بِوَلَدِہَا بَعْدَ الْوَضْعِ: بکری کا بچے کو جننے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا۔ تَلَبْلَبَ الْقَوْمُ: قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔

اللَّبْلَبُ واللُّبْلُبُ۔ اپنے لوگوں پر مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔

لَبَالِبُ الْغَنَمِ: بکریوں کا شور اور انکی آواز۔

اللَّبْلَابُ۔ عشق پیچہ۔ (ایک پھول دار بیل جو جھاڑیوں پر پھیلتی ہے، اس کا پتہ لوبیا کے پتہ کے مشابہ ہوتا ہے)

لَبِمَ (س) لَبَمًا۔ کندھوں کا مختلف ہونا۔

لَبَنَ (ن ض) لَبْنًا الرَّجُلَ: دودھ پلانا فُلَانًا بِالْعَصَا: سخت لاٹھی مارنا (لَبَنَ ض)

لَبْنًا الرَّجُلُ: بہت کھانا۔

لَبِنَ (س) لَبَنًا الرَّجُلُ: تکبر کی وجہ سے درد گردن والا ہونا — الشَّاۃُ: بکری کا دودھ والی ہونا۔

اَلْبَنَ الْقَوْمُ: بہت دودھ والی ہونا۔ صفت لَابِنُوْنَ ومُلْبِنُوْنَ — النَّاقَۃُ: تھن میں دودھ اترنا — الرَّجُلُ: تَلْبِیْنَۃ بنانا (دیکھئے تَلْبِیْنَۃ)

لَبَّنَ۔ اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے لئے مجلس بنانا — الشَّیْءَ: چوکور بنانا۔

تَلَبَّنَ الرَّجُلُ: دیر کرنا۔

اِلْتَبَنَ۔ اپنا دودھ چوسنا۔

اِسْتَلْبَنَ۔ دودھ طلب کرنا۔

اللَّبَنُ۔ مہ۔ دودھ جمع اَلْبَان۔ تھوڑے سے کو لَبَنَۃ کہتے ہیں۔ لَبَنُ الشَّجَرَۃِ: درخت کا دودھ۔

اللَّبِنُ واللِّبْنُ واللِّبِنُ۔ کچی اینٹیں۔ واحد لَبِنَۃ۔

اللَّبِنُ واللَّبُوْنُ۔ دودھ کا خواہشمند۔ دودھ پینے والا۔ لَبِنُ الْقَمِیْصِ: کرتے کی کلی۔ مَجْلِسٌ لَبِنٌ: فیصلے کی مجلس۔ اللَّبِنَۃُ واللَّبِیْنَۃُ۔ دودھ والی۔

اللَّبَانُ۔ سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کیلئے ہوتا ہے۔

اللِّبَانُ۔ دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے ہُوَ اَخُوْہُ بِلِبَانِ اُمِّہٖ اور بِلَبَنِ اُمِّہٖ نہیں کہا جاتا۔

اللُّبَانُ۔ صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام میں آتا ہے۔

اللُّبَانَۃُ۔ حاجت۔ ضرورت جمع لُبَانَات ولُبَان۔

لُبْنَان۔ ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔

اللَّابِنُ۔ فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا کو دودھ پلانے والا۔ مؤنث لَابِنَۃ جمع لَابِنَات ولَوَابِن۔ اللَّوَابِن: تھن۔

اللَّبُوْنُ واللَّبُوْنَۃُ۔ دودھ والی۔ جمع لِبَان ولُبْن ولُبُن ولَبَائِن۔ کہا جاتا ہے کَمْ لُبْنُ غَنَمِکَ تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔

اللَّبِیْنُ۔ دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لَبِیْنَۃ۔ کرتے کی کلی۔

اللُّبْنٰی۔ ایک درخت ہے جس سے شہد کی مانند دودھ نکلتا ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے۔ عَسَلُ اللُّبْنٰی: اللُّبْنٰی درخت کا دودھ

اللَّبَّانُ والمُلَبِّنُ۔ اینٹیں بنانیوالا۔

التَّلْبِیْنُ والتَّلْبِیْنَۃُ۔ بھوسی دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔

الْمِلْبَنُ۔ دودھ صاف کرنے کا چھننا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجائیں

الْمَلْبُوْنُ۔ دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔

الْمُلْبَنَۃُ۔ چمچہ۔

عُشْبٌ مَلْبَنَۃٌ۔ زیادہ دودھ والی گھاس۔

اللَّبُوَۃُ واللَّبْوَۃُ۔ شیرنی، اس کو لَبُؤَۃ اور لَبَاءَۃ اور لَبَاۃ بھی کہا جاتا ہے (لبأ کے مادہ میں ذکر ہو چکا ہے)

لَبِیَ یَلْبٰی لَبْیًا مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا

لَبّٰی تَلْبِیَۃً الرَّجُلَ: جواب دینا۔ لبیک کہنا کہا جاتا ہے بَیْنَہُمُ الْمُلَبِّیَۃُ ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔

لَتَّ (ن) لَتًّا۔ الشَّیْءَ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا — السَّوِیْقَ: ستو کو پانی کو تر کرنا۔ گھی ملانا — الْمَاءُ الثِّیَابَ وَغَیْرَہَا: تر کرنا۔ صفت لَاتٌّ۔

لَتَّ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چمٹنا۔

أَلَتَّ - الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔

اللَّاتُ واللَّاتُ - زمانہ جاہلیت کے ایک بُت کا نام۔

اللَّتُّ - مع - کلہاڑی - بڑا کلہاڑا۔

اللُّتَاتُ - درخت کی چھال جو باریک کیجائے کہا جاتا ہے "مَا اَبْقَىٰ مِنِّي الْمَرَضُ إِلَّا لُتَاتًا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَتَأَ (ف) لَتْأً - فُلَانًا فِي صَدْرِهِ: دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَتَأَتْ بِهِ أُمُّهُ" اس کی ماں نے اسکو جنا — ہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا - لَتَأَ اِلَيْهِ بِعَيْنِهِ: گھورنا تیز نظر سے دیکھنا — الشَّيْءَ: کم کرنا — الْجَارِيَةَ: جماع کرنا - لَتَأَ: گوز کرنا۔

اللَّتِيْءُ - ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔

لَتَبَ (ن) لَتْبًا ولُتُوبًا بِهٖ: چپکنا — بِغَيْرِهٖ: ثابت رہنا — فِي نَحْرِ النَّاقَةِ: بھالا مارنا (— ولَتَّبَ) السَّرْجَ عَلَى الْفَرَسِ: زین کسنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَتَبَ عَلَيْهِ ثَوْبَهٗ" جب کہ کپڑا پہنے اور اتارنا نہ چاہے۔

أَلْتَبَ عَلَيْهِ الْأَمْرَ: واجب کرنا۔

تَلَاتَبَ الْقَوْمُ: قوم کا باہم ملنا — بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اِلْتَتَبَ - الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔

اللَّاتِبُ - چپکنے والا - ثابت رہنے والا۔

الْمِلْتَبُ - ہمیشہ گھر میں رہنے والا - گوشہ نشین۔

الْمَلَاتِبُ - پرانے کپڑے۔

لَتَحَهٗ (ف) لَتْحًا - کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا — هٗ بِبَصَرِهٖ: نگاہ ڈالنا — فُلَانًا: سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا — الْجَارِيَةَ: جماع کرنا - لَتَحَهٗ بِيَدِهٖ: ہاتھ سے مارنا۔

لَتِحَ (س) لَتَحًا - بھوکا ہونا - صفت لَتْحَانُ مونث لَتْحَىٰ۔

رَجُلٌ لَتِحٌ ولَاتِحٌ ولَتَّاحٌ ولُتَحَةٌ - چالاک عقل مند ہوشیار - کہا جاتا ہے "هُوَ اَلْتَحُ شَعْرًا مِنْهُ"

وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔

لَتَخَهٗ (ن) لَتْخًا - آلودہ کرنا — الشَّيْءَ: پھاڑنا تَلَتَّخَ بِالشَّيْءِ: آلودہ ہونا۔

لَتَدَ (ض ن) لَتْدًا فُلَانًا بِيَدِهٖ: مکا مارنا۔

لَتَزَهٗ (ض ن) لَتْزًا مکا مار کر دفع کرنا۔

لَتَغَ (ف) لَتْغًا فُلَانًا: ڈسنا — هٗ بِيَدِهٖ: ہاتھ سے مارنا۔

اللَّتْلَتَةُ - جھوٹی قسم۔

لَتَمَهٗ (ن ض) لَتْمًا - مارنا نتھنے پر نیزہ مارنا لَتَمَ السَّهْمَ: تیر پھینکنا — هٗ بِسَهْمٍ: تیر مارنا — فُلَانٌ بِشَفْرَتِهٖ فِي لَبَّةِ بَعِيرِهٖ: اونٹ کے سینے پر چھری چلانا - لَتَمَتِ الْحِجَارَةُ رِجْلَ الْمَاشِي: پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔

اللَّتْمُ - زخم۔

اللَّتِنُ - میٹھا۔

اللَّتْنِيَةُ - سیپی۔

اَلَّتِي وَاللَّتِ واللَّتْ - اَلَّذِيْ کا مؤنث ج اللَّاتِي واللَّاتِ واللَّوَاتِي واللَّوَاتِ واللَّوَا واللَّائِي واللَّاءِ واللَّاآت اور تثنیہ کے لئے اللَّتَانِ واللَّتَانِّ - تشدید نون کے ساتھ۔ واللَّتَا بغیر نون کے حالت رفعی میں واللَّتَيْنِ حالت نصبی وجری میں۔

اللَّتَيَّا واللُّتَيَّا - اَلَّتِي کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں اللَّتَيَّانِ واللُّتَيَّانِ اور جمع کیلئے اللَّتَيَّاتُ واللُّتَيَّاتُ - کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي اللَّتَيَّا وَالَّتِي" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وَبَعْدَ اللَّتَيَّا وَالَّتِي صَارَ كَذَا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا۔

لَثَّ (ن) لَثًّا وأَلَثَّ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا — الْمَطَرُ: چند روز تک برسنا — عَلَيْهِ: اصرار کرنا ولَثَّ الشَّجَرُ: درخت کو تری پہنچنا۔

اللَّثُّ - مع - تری۔

لَثَأَ (ف) لَثْأً الْكَلْبُ: کتے کا منہ ڈالنا۔

اللَّثَأُ - وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے۔

لَثَدَ (ض) لَثْدًا - الْمَتَاعَ: سامان ترتیب رکھنا

اللَّثَدَةُ - جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے

لَثَطَ (ض) لَثْطًا فُلَانًا: آہستہ آہستہ مارنا — هٗ: آہستہ کر پھینکنا - آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

اللِّثَةُ - دانت کی جڑوں سے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ۔

الْأَلْثَغُ - ہکلا - مؤنث لَثْغَاءُ ج لُثْغٌ۔

لَثِغَ (س) لَثَغًا وتَلَاثُغًا - ہکلا پن ہونا۔ صفت أَلْثَغُ - مؤنث لَثْغَاءُ ج لُثْغٌ۔

اللُّثْغَةُ - سین کی جگہ میں ثاء - راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا - ہکلا پن۔

اللَّثْغَةُ - منہ۔

لَثِقَ (س) لَثَقًا الْيَوْمُ: بند ہوا والا - اور نمناک ہونا — الطَّائِرُ: کیچڑ میں پڑنا — ثِيَابُهٗ: کپڑوں کا تر ہونا — الطَّائِرُ: پروں کا تر ہونا - صفت لَثِقٌ۔

لَثَّقَ الشَّيْءَ: خراب کرنا - فاسد کرنا - تباہ کرنا

أَلْثَقَ الشَّيْءَ: تر کرنا۔

اِلْتَثَقَ وتَلَثَّقَ - تر ہونا۔

اللَّثَقُ - تری - کیچڑ - گارا - کہا جاتا ہے "مَشَيْنَا فِي لَثَقٍ" ہم کیچڑ میں چلے۔

اللَّثِقُ چپکنے والی مٹی "يَوْمٌ لَثِقٌ" بند ہوا اور نمناک دن۔

اَمَرَّ فُلَانًا بِکَذَا: گذارنا ــــ الحَبْلَ: رسی بٹنا اور اسی سے ہے "مَا زَالَ فُلَانٌ یُمِرُّ عَلَیْہِ" فلاں اس کیساتھ پیٹتا رہا تاکہ اسے پٹکنے "وَفُلَانٌ ذُو نَقْضٍ وَاِمْرَارٍ" یعنی فلاں صاحب حل وعقد ہے اَمَرَّ الشَّیءُ: کڑوا ہونا ــــ الشَّیءَ: کڑوا کرنا۔
اَمَرَّہٗ عَلَی الجِسْرِ: اس نے اسے پل پر سے گذارا ــــ یَدَہٗ عَلَی الشَّیءِ: ہاتھ پھیرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَمَرَّ فُلَانٌ وَمَا اَحْلَی" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی "وَمَا یُمِرُّ وَمَا یُحْلِی" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔
مَارَّہٗ مِرَارًا ومُمَارَّۃً عَلَی الاَرْضِ: کھینچنا ــــ الرَّجُلَ: پچھاڑنے کیلئے لپٹنا۔ ساتھ گذرنا۔
اِمْتَرَّ بِہٖ وعَلَیْہِ: گذرنا۔
تَمَارَّ القَوْمُ: بعض کا بعض کیساتھ گذرنا۔ تَمَارُّوا بَیْنَہُمْ: ایک دوسرے کیساتھ بغض ودشمنی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "ہُمَا یَتَمَارَّانِ" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔

اِسْتَمَرَّ۔ گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہمیشگی کرنا — بِہٖ عَلٰی کَذَا: باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا — الرَّجُلُ: درست معاملہ ہونا — الشَّیْءُ: کڑوا پانا — بِالشَّیْءِ: حملہ کرنے میں قوی ہونا۔

اَلْمَرُّ۔ مص۔ رسی۔ پھاوڑی۔

اَلْمُرُّ۔ کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے۔ اور بُو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارٰی: اندرائن۔

اَلْمَرَّةُ۔ ایک بار۔ ج مَرٌّ و مِرَارٌ و مِرَرٌ و مُرُوْرٌ و مَرَّاتٌ۔

اَلْمِرَّةُ۔ مص وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسّی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔ ج مِرَرٌ۔ جج اَمْرَارٌ۔ صفرا یا سودا۔ ج مِرَارٌ۔ اَلْمِرَّةُ۔ بٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ حَبْلٌ شَدِیْدُ الْمِرَّةِ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ ذو مرۃ: لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا۔

اَلْمُرَّةُ۔ اَلْمُرُّ کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مُرَارٌ۔ بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ و اَمْرَارٌ۔ اَبُوْ مُرَّةَ: کنیت ابلیس عَلَیْہِ اللَّعْنُ۔ کہا جاتا ہے لَقِیَ مِنْہُ الْاَمَرَّیْنِ شر کو اور بڑے امر کو۔

اَلْمَرَارَةُ۔ پتا۔ ج مَرَائِرُ و مَرَارَاتٌ۔ تلخی۔

اَلْمُرَیْرَاءُ۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی۔

اَلْمَارُوْرَةُ۔ نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

اَلْمُرِّیُّ۔ سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا

اَلْمُرَارُ۔ ایک درخت ہے جس کو عوام اَلْمُرَیْرُ کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اسکے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

اَلْمَرِیْرُ و الْمَرِیْرَةُ۔ پختہ ارادہ — مِنَ الْحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ اَمْرٌ مَرِیْرٌ: مضبوط معاملہ رَجُلٌ مَرِیْرٌ: قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے۔ اِسْتَمَرَّ مَرِیْرُہٗ یعنی ضعف کے بعد قوی ہوگیا۔ وَاسْتَمَرَّتْ مَرِیْرَتُہٗ عَلٰی کَذَا جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہوجائے۔ اَلْمَرِیْرَةُ: عزتِ نفس۔

رسی کی لڑی۔ ج مَرَائِرُ۔

اَلْاَمَرُّ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مُرّٰی۔ اَلْاَمَرُّ: گوبر جمع ہے کیونکہ آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے) اَلْاَمَرَّانِ: فقر اور بڑھاپا یا انھیں کے مانند۔ کہا جاتا ہے لَقِیَ مِنْہُ الْاَمَرَّیْنِ یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔

اَلْمَمَرُّ۔ مص۔ گذرگاہ۔

اَلْمُمَرُّ۔ مفعو۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ قِرْبَةٌ مُمَرْمَرَةٌ۔ بھری ہوئی مشک۔

مَرَأَ و مَرِیَٔ (س) و مَرُؤَ (ک) مَرَاءَةً۔ الطَّعَامُ: خوشگوار ہونا۔ اور ہَنَأَنِیْ وَ مَرَأَنِی الطَّعَامُ اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہَنَأَنِیْ کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِیْ باب افعال سے کہا جائیگا۔

مَرَأَ (ف) مَرْءًا۔ الرَّجُلُ: کھانا (— وَ اَمْرَأَ) الطَّعَامُ فُلَانًا: نافع و مفید ہونا۔

مَرِیَٔ (س) مَرَءًا۔ بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔

مَرُؤَ (ک) مُرُوْءَةً۔ صاحب مروت ہونا (مَرَاءَةً) الْمَکَانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔

مَرَّأَہٗ۔ کسی کو ہَنِیْئًا مَرِیْئًا کہنا۔

تَمَرَّأَ۔ بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ یَتَمَرَّأُ بِنَا فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعہ نخوت چاہتا ہے۔

اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔

اَلْمَرْءُ مثلثۃ المیم: مرد۔ ج رِجَالٌ (من غیر لفظہ) اور مَرْءُوْنَ بھی سنا گیا ہے۔ اور نسبت کیلئے مَرَئِیٌّ مؤنث مَرْأَةٌ و مَرَةٌ۔

اَمْرُؤٌ۔ مرد۔ ہمزہ وصل کیساتھ اور راء کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جَاءَ امْرُؤٌ رَأَیْتُ امْرَأً مَرَرْتُ بِامْرِئٍ۔ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَةٌ۔ ج نِسَاءٌ و نِسْوَةٌ (من غیر لفظہا) اور جب تصغیر بنائینگے تو ہمزۂ وصل ساقط ہوجائیگا۔ کہا جائے گا مُرَیْئٌ

و مُرَیْئَةٌ۔ اور اَمْرِیٌّ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأَةٌ پر داخل ہونا نادر ہے۔

اَلْمَرْأَةُ۔ مَرَأَ کا اسم مرۃ۔ مَرِیْءُ الطَّعَامِ کا اسم۔

اَلْمُرُوْءَةُ۔ نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَةٌ ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں۔ اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کردیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّةٌ۔

اَلْمَرِیْءُ۔ نرخرہ۔ ج مُرُؤٌ و اَمْرِئَةٌ۔ صاحب مروت۔ کہا جاتا ہے طَعَامٌ مَرِیْءٌ خوشگوار کھانا۔ وَکَلَأٌ مَرِیْءٌ بدہضمی نہ کرنیوالی گھاس۔ وَ ہَنِیْئًا مَرِیْئًا۔ کھانے پینے والے کیلئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔

اَلْمَرِیْئَةُ۔ مَرِیْءٌ کا مؤنث۔ اَرْضٌ مَرِیْئَةٌ: اچھی ہوا والی زمین۔

مَرَتَ (ن) مَرْتًا۔ الشَّیْءَ: نرم و چکدار کرنا۔

اَلْمَرْتُ۔ مص (— و الْمَرُوْتُ) جنگل جس میں سبزی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے اَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج اَمْرَاتٌ و مُرُوْتٌ و اَمَارِیْتُ رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَرْتُ الْجَسَدِ: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہوں۔ غُلَامٌ مَرْتُ الْعِذَارِ: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔ اَرْضٌ مِمْرَاتٌ۔ زمین سبزی سے خالی۔

اَلْمَرُوْتَةُ۔ اَلْمَرْتُ کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن۔

مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّیْءَ: نرم کرنا — الصَّبِیُّ اِصْبَعَہٗ: بچے کا انگلی چبانا — ثَدْیَ اُمِّہٖ: چوسنا — الرَّجُلُ الرَّجُلَ: مارنا — الدَّوَاءَ فِی الْمَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التَّمْرَ بِیَدِہٖ فِی الْمَاءِ: بھگونا۔ اور ریزہ ریزہ ہونے کے لئے ہلانا۔

مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَی الْخِصَامِ: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِثٌ و مَرْثٌ۔ ج مَمَارِثُ۔

مَرَّثَ الثَّرِیْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔

مَرِجَ (س) مَرَجًا الْاَمْرُ و الْعَہْدُ و الْاَمَانَةُ و الدِّیْنُ: خراب ہونا۔ فاسد ہونا — الْخَاتَمُ فِی الْاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔

مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کیلئے چھوڑنا۔ مَرِجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے مَرَجَ لِسَانَہٗ فِيْ اَعْرَاضِ النَّاسِ: اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَرَجَ الْکَذِبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا ـــ الشَّیْطَانُ رَعِیَّتَہٗ: فساد کرنے دینا۔ مَرِجَ الْاَمْرُ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا ـــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔

اَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا ـــ الشَّیْءَ: ملانا ـــ الْعَہْدَ: پورا نہ کرنا۔ اَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔

الْمَرْجُ ـ مص ـ چراگاہ ـ ج مُرُوْجٌ۔

الْمَارِجُ ـ فا ـ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے دھوئیں کا انگارہ۔

الْمَرَّاجُ ـ باتوں میں زیادتی کرنے والا۔ اور جھوٹ بولنے والا۔

الْمَرْجَانُ ـ چھوٹے موتی ـ واحد مَرْجَانَةٌ ـ مونگا۔

الْمَرِیْجُ ـ سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے ـ ج اَمْرِجَةٌ ـ اَمْرٌ مَرِیْجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ ـ سَہْمٌ مَرِیْجٌ: ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِیْجٌ: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔

الْمِمْرَاجُ ـ وہ شخص جس کے امور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے۔ نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ: وہ اونٹنی جسکو جنین گرا دینے کی عادت ہو گئی ہو۔

مَرِحَ (س) مَرَحًا و مَرَحَانًا الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا ـــ السَّحَابُ: بادل کا برسنا۔ مَرِحَتْ عَیْنُہٗ: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا ـــ الْعَیْنُ بِمَائِہَا و قَذَاہَا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا ـ اترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ ـ ج مَرْحٰی و مَرَاحٰی۔ دِعْصٌ مَرِحٌ ـ ج مَرِحُوْنَ ـ کہا جاتا ہے لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِکَ: اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔

مَرَّحَ الْجِلْدَ: کھال پر تیل ملنا ـــ الْمَزَادَةَ: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے ـــ الْبُرَّ: گیہوں صاف کرنا ـــ الْمُہْرَ: بچھیرے کو سدھانا ـــ الرَّجُلَ: بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

اَمْرَحَ ـ اترانے پر برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الْکَلَأُ الْفَرَسَ: نشاط میں ڈالنا۔

الْمِرَاحُ ـ نشاط و شادمانی ـ اتراہٹ ـ خرام ناز۔

مَرْحٰی ـ کلمہ تعجب ہے جو تیر انداز کے لئے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے ـ اور اسی کے مانند ہے مَرْحَیًا۔

الْمَرْحٰی ـ بڑی لڑائی (مادہ رحی سے)

الْمَرْحَةُ ـ مرح کا اسم نوع ـ خشک انگور کا ڈھیر۔

الْمِرْوَحُ ـ شراب ـ چست و چالاک گھوڑا۔ قَوْسٌ مِرْوَحٌ: اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان

الْمِمْرَحُ و الْمِمْرَاحُ ـ چست ـ خوش و خرم ـ الْمِمْرَاحُ: بہت آنسوؤں والی آنکھ ـ بہت جلد اگانے والی زمین۔

الْمُمَرَّحُ ـ مفع ـ کَرْمٌ مُمَرَّحٌ: مٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

التِّمْرَاحَةُ ـ بہت خوش و خرم ـ کہا جاتا ہے ہُوَ لِعَّابَةٌ تِمْرَاحَةٌ: وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔

مَرْحَبَ فُلَانًا و بِہٖ: مرحبا کہنا ـ خوش آمدید کہنا ـــ اللّٰہُ فُلَانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا ـــ ہٗ: وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ (ف) مَرْخًا ـ مذاق کرنا ـــ جَسَدَہٗ بِالدُّہْنِ: جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ (س) مَرَخًا ـ الْعَرْفَجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا ـ صفت مَرِخٌ۔

مَرَّخَہٗ ـ تیل ملنا ـ مَرَّخَ و اَمْرَخَ الْعَجِیْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بِالدُّہْنِ: اپنے آپ کو تیل ملنا۔

الْمَرْخُ ـ ذ ـ ایک قسم کا درخت جو جلد آگ پکڑ لیتا ہے۔

الْمِرْوَخُ ـ مالش کرنے کی چیز۔

الْمَارِخُ ـ فا ـ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی ـ رَجُلٌ مَارِخٌ: پانی بہانے والا مرد۔

الْمَرِخُ و الْمِرِّیْخُ ـ بہت تیل لگانے والا بے وقوف ـــ مِنَ الشَّجَرِ: نرم و پتلا ـ الْمِرِّیْخُ: سبعہ سیارہ میں سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔

الْمَرْخَةُ ـ کچی کھجور ـ ج مَرْخٌ۔

الْمُرْخُ ـ نرم ـ بودا۔

الْمِرِّیْخُ ـ سینگ کے اندر چھوٹا سینگ ـ ج اَمْرِخَةٌ۔

ثَوْرٌ اَمْرَخُ ـ سپید سرخ داغ والا بیل۔

الْمَرْخَاءُ ـ چست تیز چلنے والی اونٹنی۔

مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا و مُرُوْدًا (ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَةً ـ سرکشی کرنا ـ نافرمانی کرنا ـ ہمسروں سے سبقت لیجانا۔ مَرَدَ عَلَی النِّفَاقِ و نَحْوِہٖ: نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔

مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّیْءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا ـ کاٹنا ـــ فُلَانًا: ہتک عزت کرنا ـــ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا ـــ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ: ہاتھوں سے ملنا ـــ الْمَلَّاحُ السَّفِیْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا ـــ الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ: پانی میں ملنا ـــ الْغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔

مَرِدَ (س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً ـ الْغُلَامُ: لڑکے کا مدت تک بے داڑھی کے رہنا ـــ الرَّجُلُ: دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔

مَرَّدَ تَمْرِیْدًا و تِمْرَادًا الْغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا ـــ الْبِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا ـ لمبی کرنا ـــ الْحَمَامَ تِمْرَادًا: کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔

تَمَرَّدَ ـ مدت تک بے داڑھی کے رہنا ـ نافرمانی کرنا ـــ عَلَی النَّاسِ: سرکشی کرنا ـــ الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا ـ تکبر کرنا ـ سرکشوں کے پاس آنا۔

المَزَاد والمِزَاد - گردن - ج مَزَازِيد -
المَزْد - پیلو کا تازہ پھل -
المُزْدِيّ - کشتی چلانے کا چپو - ج مَزَادِيّ -
المَارِد - نافرمان سرکش - بلند - کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَة و مَارِدُون و مُرَّاد -
المَرِيد - سخت سرکش - بڑا شریر - ج مُرَدَاء - المَرِيد : دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور -
الأَمْرَد - بے داڑھی کا جوان - فَرَسٌ أَمْرَد : گھوڑا جس کے کھر کے ارد گرد بال نہ ہوں - مؤنث مَرْدَاء ج مُرْد - کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلَى جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان -
المَرْدَاء - بے پتوں کا درخت - بنجر ریگستان - بنجر زمین - ج مَرَادٍ -
المَرَّاد - کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے - ج مَرَازِيد -
المُرِّيد - سخت سرکش -
المَرْدَقُوش - دونا مروا - زعفران - رَجُلٌ مَرْدَقُوش : نرم کان والا مرد -
مَرَخَ (ن) مَرْخًا - الخُبْزَ : روٹی کو نرم کرنے کے لئے ملنا -
مَرَزَهُ (ن) مَرْزًا - کاٹنا - آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو - اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں ——— الرجلَ : عیب لگانا - ہاتھ سے مارنا ——— الشئَ : ٹکڑا کرنا ——— الصَّبِيُّ ثَدْيَ أُمِّهِ : بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا -
مَارَزَهُ مُمَارَزَةً - مشق کرنا - مہارت پیدا کرنا -
إِمْتَرَزَ عِرْضَهُ : عیب لگانا ——— شَرِيكَهُ : شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا ——— مِنْ مَالِهِ مَرْزَةً : کچھ لے لینا -
المَرْزَة والمِرْزَة - حصہ - ٹکڑا -
المِرْزَتَان - لوسے اوپر ابھرا حصہ -

المَزْرَقَة - ایک شکاری پرندہ جس کو عُقیب بھی کہتے ہیں -
عِرْضٌ مَرْزِيٌّ - آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو -
المَرْزُبَان عِنْدَ الفُرْسِ : رئیس - سردار - چودھری ج مَرَازِبَة - والمَرْزُبَةُ عِنْدَهُمْ : سرداری -
المَرْزَنْجُوش - دونا مروا -
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ : پانی میں بھگونا اور ملنا ——— الصَّبِيُّ إِصْبَعَهُ : بچے کا انگلی منہ میں ڈال کے چوسنا ——— يَدَهُ بِالمِنْدِيلِ : رومال سے پونچھنا ——— حَبْلُ البَكَرَةِ : چرخی سے اتر کر ایک جانب ہو جانا -
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا البَكَرَةُ : رسی کا چرخی اور ادھر ادھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا - کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهُمْ" یعنی اس کے امور گڈمڈ ہو گئے - مَرِسَ الرَّجُلُ : کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا -
مَارَسَ مُمَارَسَةً ومِرَاسًا الأَمْرَ : مشق کرنا - محنت کرنا - ہمیشگی کرنا - مہارت پیدا کرنا - خود کو کسی کام میں لگانا -
أَمْرَسَ - حَبْلَ البَكَرَةِ : چرخی پر رسی کو دوبارہ چڑھانا -
تَمَرَّسَ وامْتَرَسَ بِالشَّئِ : رگڑنا - تَمَرَّسَ بِالطِّيبِ : خوشبو سے لت پت ہونا ——— بِالرَّجُلِ : برائی کے درپے ہونا ——— بِدِينِهِ : دین سے کھیلنا ——— بِالشَّئِ : مارنا ——— بِالنَّوَائِبِ والخُصُومَاتِ : حوادث اور جھگڑوں کا عادی ہونا - إِمْتَرَسَ الخُطَبَاءُ والأَلْسُنُ فِي الخُصُومَةِ : خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا -
تَمَارَسَ القَوْمُ فِي الحَرْبِ : باہم جنگ و پیکار کرنا -
المَرْس - مع - لگاتار چال -
المَرِس - کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا - جنگ آزمودہ - رسی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے - کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى مَرَسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں - ج أَمْرَاس -

المَرَسَة - رسی - ج مَرَس و ج أَمْرَاس - أَمْرَاسُ المَرَاكِبِ : سواری کی رسیاں -
المِرَاس والمَرَاسَة - طاقت - سختی - کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ المِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے - اور اس کے مقابلہ میں "صَعْبُ المِرَاسِ" کہا جاتا ہے -
المَرَّاس - مضبوط - طاقتور - کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مَرَّاسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات -
المَرُوس - چرخی جس سے رسی ایک طرف کو گر گئی ہو -
المَرِيس - پانی میں بھگوئی ہوئی کھجور وغیرہ -
المَارَسْتَان والمَارِسْتَان - شفاخانہ ج مَارَسْتَانَات - (دخیل)
مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهُ : چہرہ نوچنا - کھرچنا - منہ سے کاٹنا - چٹکی لینا ——— هُ : کلام سے ایذا پہنچانا - مَرَشَ المَاءُ : پانی بہنا -
إِمْتَرَشَ الشَّئَ : کھینچنا - اچک لینا ——— لِعِيَالِهِ : کمائی کرنا ——— الشَّئَ : جمع کرنا -
المَرْش - مع - بارش سے صاف شدہ زمین وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہ نکلے - ج مُرُوش وأَمْرَاش - المَرْش : پہاڑ کا پست حصہ -
الأَمْرَش - بہت شریر - مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش - المَرْشَاء : ہر پاگل کٹ کھنا جانور - مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین -
المَرَّاش - بہت کماؤ -
التَّمْرِيش - تھوڑی بارش -
مَرَصَ (ن) مَرْصًا الثَّدْيَ ونَحْوَهُ : پستان کو انگلیوں سے دبانا -
مَرِصَ (س) مَرَصًا الرَّجُلُ : سبقت کرنا - آگے بڑھ جانا -
تَمَرَّصَ القِشْرُ عَنِ الشَّجَرِ ونَحْوِهِ : چھال وغیرہ سے چھلکا اتر جانا -
المَرُوص - تیز رفتار اونٹنی -
مَرِضَ (س) مَرَضًا ومَرْضًا - بیمار ہونا - صفت مَرِضٌ ومَرِيضٌ ومَارِضٌ -
مَرَّضَهُ : علاج کرنا - تیمارداری کرنا - مریض

کردینا۔ تَمَرَّضَ فِی الْاَمْرِ: کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا ـــــ الْبُرُّ: گیہوں بکھرنا۔

اَمْرَضَ۔ مریض ہونا ـــــ الشَّیْءُ فُلَانًا: مریض بنانا ـــــ ہٗ: مریض پانا۔ کہا جاتا ہے اَتَیْتُ زَیْدًا فَاَمْرَضْتُہٗ: میں زید کے پاس آیا اور میں نے اس کو مریض پایا ـــــ اَجْفَانَہٗ: پلکوں کو پست کرنا۔ ـــــ الرَّجُلُ: حاجت برآری کے قریب ہونا۔ الْقَوْمُ: مریض چوپائے والے ہونا۔

تَمَرَّضَ۔ کام میں کمزور ہونا۔

تَمَارَضَ۔ بتکلف مریض بننا ـــــ فِیْ اَمْرِہٖ: کمزور ہونا۔

الْمَرَضُ والْمَرْضُ۔ بیماری ج اَمْرَاض۔ کہا جاتا ہے بِہٖ مَرْضَۃٌ شَدِیْدَۃٌ: یعنی اسے سخت مرض ہے۔

الْمَرِیْضُ۔ ج مَرْضٰی والْمَرِضُ ج مِرَاض بیمار۔ قَلْبٌ مَرِیْضٌ: کمزور دین والا۔ رَأْیٌ مَرِیْضٌ: کمزور رائے۔ عَیْنٌ مَرِیْضَۃٌ: کمزور آنکھ۔ رِیْحٌ مَرِیْضَۃٌ: سست ہوا۔ لَیْلَۃٌ مَرِیْضَۃٌ: رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ اَرْضٌ مَرِیْضَۃٌ: تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ وجدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِیْضَۃٌ: بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِیْضَۃٌ کی جمع مِرَاض ومَرْضٰی۔

الْمِمْرَاضُ۔ بہت بیماری والا۔

الْمَمْرُوْضُ والْمُتَمَرِّضُ۔ بیمار۔

مَرَطَ (ن) مَرْطًا ومَرَّطَ۔ الشَّعْرَ والرِّیْشَ: بال یا پر نوچنا ـــــ الشَّیْءَ: جمع کرنا ـــــ بِسَلْحِہٖ: پائخانہ کرنا۔ مَرَطَتِ الْمَرْأَۃُ بِوَلَدِہَا: جننا (ـــــ مَرْطًا ومُرُوْطًا) الرَّجُلُ: جلدی کرنا ـــــ فُلَانًا: تھکا دینا۔ مَرَّطَ الثَّوْبَ: آستینوں کو چھوٹا کرکے چادر کی مانند بنانا۔

مَرِطَ (س) مَرَطًا۔ کم بالوں والا ہونا۔

اَمْرَطَ الشَّعْرُ: بال کا نوچنے کے قابل ہونا

اَمْرَطَتِ النَّخْلَۃُ: درخت خرما سے کچی کھجوریں گرانا ـــــ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا چلنے میں تیز ہونا۔

مَارَطَہٗ مُمَارَطَۃً۔ ایک دوسرے کے بال نوچنا۔

تَمَرَّطَ وامَّرَطَ وانْمَرَطَ الشَّعْرُ: بال گرنا تَمَرَّطَ السَّہْمُ: تیر کا پر سے خالی ہونا۔

اِمْتَرَطَ۔ الشَّیْءَ: اچک لینا۔

الْمِرْطُ۔ ہر بے سلا ہوا کپڑا۔ اون یا ریشم کی چادر۔ ج مُرُوْط۔

الْاَمْرَطُ۔ کم بال والا۔ بھیڑیا جس کے بال نچے ہوئے ہوں۔ چور۔ مؤنث مَرْطَاءُ ج مُرْط شَجَرَۃٌ مَرْطَاءُ: بے پتوں کا درخت۔

سَہْمٌ مَرِیْطٌ ومِرَاطٌ واَمْرَطُ۔ بے پر کا تیر الْمُرُطُ مِنَ السِّہَامِ: بے پر کا تیر۔ کہا جاتا ہے سَہْمٌ مُرُطٌ۔ ج اَمْرَاط ومِرَاط۔

الْمُرَاطَۃُ۔ جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں گرے

الْمِرْوَطُ۔ تیز رفتاری۔ فَرَسٌ مَرَطٰی: تیز رفتار گھوڑا۔

الْمِمْرَطَۃُ مِنَ النُّوْقِ: تیز رفتار اونٹنی۔ ج مَمَارِط۔

الْمُرَیْطٰی۔ حلق کا کوا۔

الْمُرَیْطَاءُ۔ ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان بغل۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔

الْمُرَیْطَاوَانِ۔ داڑھی بچہ کے گرداگرد۔

مَرَعَ (ف) مَرْعًا رَاْسَہٗ بِالدُّہْنِ: سر پر تیل ملنا ـــــ شَعْرَہٗ: بال میں کنگھی کرنا۔

مَرِعَ (س) مَرَعًا ومَرُعَ (ک) مَرَاعَۃً الْمَکَانُ: سرسبز ہونا ـــــ الرَّجُلُ: خوش حال ہونا مَرِعَ (س) مَرَعًا ـــــ الرَّجُلُ: سبزہ زار میں پہنچنا۔

اَمْرَعَ الْمَکَانُ: سرسبز ہونا ـــــ رَاْسَہٗ بِالدُّہْنِ: خوب تیل ملنا ـــــ الْقَوْمُ: سرسبز جگہ پانا۔

تَمَرَّعَ۔ جلدی کرنا۔ گھاس طلب کرنا۔

اِمْتَرَعَ فِی الْبِلَادِ: جانا۔ سیر کرنا۔

الْمَرْعُ۔ گھاس۔ ج اَمْرُعٌ واَمْرَاعٌ۔

مَکَانٌ مَرِعٌ۔ سبزہ زار جگہ۔ رَجُلٌ مَرِعٌ: سبزہ زار ڈھونڈھنے والا مرد۔

الْمُرَعَۃُ والْمِرَاعُ۔ چربی۔

الْمُرَعَۃُ والْمُرَعَّۃُ۔ ایک پرندہ تیتر کے مانند۔ ج مُرَعٌ ومِرْعَانٌ۔

مَکَانٌ مَرِیْعٌ۔ سبزہ زار جگہ۔ ج اَمْرَاعٌ واَمْرُعٌ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَرِیْعُ الْجَنَابِ: فلاں بہت سخی وفیاض ہے۔

الْاَمْرُوْعَۃُ۔ سبزہ زار زمین۔ ج اَمَارِیْع۔

الْمِمْرَاعُ۔ سبزہ زار۔

مَمَارِیْعُ الْاَرْضِ: عمدہ زمینیں (اس کا واحد نہیں)

الْمِرْعِزُّ والْمِرْعِزّٰی والْمَرْعِزّٰی والْمِرْعِزَاءُ والْمَرْعِزَاءُ۔ بکری کے بالوں کے نیچے کا رُواں نرم اُون۔

مَرَغَ (ف) مَرْغًا الْحَیَوَانُ الْعُشْبَ: چارہ چرنا ـــــ فِی الْعُشْبِ: چرنے کیلئے ٹھہرنا ـــــ الْبَعِیْرُ: اونٹ کا جھاگ ڈالنا۔

مَرِغَ (س) مَرَغًا۔ عِرْضُہٗ: عزت پر دھبہ لگنا مَرَّغَہٗ تَمْرِیْغًا وتَمْرَاغًا فِی التُّرَابِ: مٹی میں لوٹانا۔ مَرَّغَ الْعِرْضَ: آبرو کو داغدار کرنا ـــــ رَاْسَہٗ: خوب تیل لگانا۔

مَارَغَہٗ۔ فریب دینا ـــــ ہٗ فِی التُّرَابِ: مٹی میں چپکانا۔

اَمْرَغَ۔ سونے میں رال بہنا۔ بہت بکواس کرنا ـــــ الْعَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھاکر نرم کرنا ـــــ عِرْضَہٗ: آبرو کو داغدار کرنا۔

تَمَرَّغَ۔ فِی التُّرَابِ: مٹی میں لوٹنا ـــــ فِی الْاَمْرِ: تردد کرنا ـــــ عَلٰی فُلَانٍ: دیر لگانا۔ الْحَیَوَانُ: جانور کا جھاگ نکالنا۔ تَمَرَّغَتِ السَّائِمَۃُ چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا ـــــ الرَّجُلُ: برائی سے دور رہنا۔ بدن کو چکیلا اور نرم کرنا۔ درد کی وجہ سے تلملانا ـــــ فِی النَّعِیْمِ: نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا۔

الْمَرْغُ۔ بمعنی لعاب۔ باغ۔ تیل کی خوب مالش۔

الْمَارِغُ۔ فا۔ بے وقوف۔

الْمَرِغُ مِنَ الشَّعْرِ: بہت تیل جذب کرنے والے بال۔

المَرَاغ والمَرَاغَة والمُتَمَرَّغ ۔ جانور کے لوٹنے کی جگہ۔

المَرْغَة ۔ مرغ کا اسم مرۃ ۔ باغ ۔

الاَمْرَغ ۔ افعالِ رذیلہ میں آلودہ ۔ مؤنث مَرْغَاءُ جمع مُرْغ ۔

المِمْرَغَة ۔ ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی کہتے ہیں۔

مَرَقَ (ن) مُرُوقًا السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ: تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا ــــ مِنَ الدِّينِ: گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا۔

مَرَقَ (ن ض) مَرْقًا القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا ــــ الجِلْدَ: کھال سے اون اکھیڑنا ــــ هُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ــــ الطَّائِرُ: پرند کا بیٹ کرنا

مَرِقَتْ (س) مَرَقًا البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہو کر پانی بننا ــــ النَّخْلَةُ: درختِ خرما کے زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا۔

اَمْرَقَ القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا ــــ الجِلْدُ: اون اکھیڑنے کے قابل ہونا ــــ النَّخْلَةُ: زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گرنا ۔ اسم المَرَق ہر۔

مَرَّقَ ۔ گانا ــــ القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا۔

تَمَرَّقَ الشَّعْرُ: بال اکھڑ جانا ۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے بال جھڑ جانا ــــ الثَّوْبُ: کپڑے کا عصفر سے رنگا جانا۔

اِمَّرَقَ وامْرَقَّ السَّهْمُ: چھید کر پار ہونا ــــ الشَّعْرُ: بال گرنا۔

اِمْتَرَقَ الشَّيْءُ: جلدی سے گذر جانا ــــ السَّيْفَ مِنْ غِمْدِهِ: تلوار کو میان سے سونتنا

المَرْق ۔ مص ۔ دھنکی ہوئی اون ۔ بدبودار اون یا کھال ۔ خوشہ کے خار ۔ جمع اَمْرَاق ۔ کہا جاتا ہے اَصَابَهُ ذٰلِكَ فِي مَرَقِكَ یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی۔

المَرِق ۔ بدبودار اون یا کھال ۔

المَرَق والمَرَقَة ۔ شوربا۔

المُرَاقَة ۔ اکھڑی ہوئی اون ۔ تھوڑی سی اکھڑی ہوئی گھاس۔

المَارِق ۔ دین سے نکل جانیوالا ۔ جمع مَارِقُون ومُرَّاق ۔ المَارِق: چھید کر کے پار ہو جانیوالا۔

المَارِقَة ۔ المارق کا مؤنث ۔ خوارج ۔

المَرِيق والمُرِّيق ۔ عصفر ۔ ثَوْبٌ مُمَرَّق: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔

المُمْتَرَق ۔ نکلنے کی جگہ ۔ روشندان ۔

لَحْمٌ مُمَرَّق ۔ بہت چکنا گوشت ۔ المُمْرِق: گویا۔

مَرْمَرَ ۔ غضبناک ہونا ــــ المَاءَ: سطحِ زمین پر پانی بہانا۔

تَمَرْمَرَ الرَّمْلُ: ریت کا موج مارنا ــــ الجِسْمُ: جسم کا تھلتھلانا ــــ عَلَى اَصْحَابِهِ: امیر ہونا

المَرْمَر ۔ سنگِ مرمر ۔ واحد مَرْمَرَة (ــــ و المَرْمَار) بہت رس والا انار ۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔

المَرَامِر ۔ باطل ۔ نازک بدن ۔ تھلتھلانیوالا۔

المَرْمَرَة ۔ مص ۔ بہت بارش ۔

المَرْمَرِيس ۔ چکنا ۔ سخت ۔ مصیبت لمبی گردن ۔

المِرْمِيس ۔ گینڈا۔

مَرَنَ (ن) مُرُونَةً ومُرُونًا ومَرَانَةً تھوڑی سختی کیساتھ نرم ہونا ــــ يَدُهُ عَلَى العَمَلِ ووَجْهُهُ عَلَى الاَمْرِ: سخت ہونا ــــ مُرُونًا ومَرَانَةً عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا۔

مَرَنَ (ن) مَرْنًا الجِلْدَ: کھال کو نرم کرنا ــــ مِنْ عَدُوِّهِ: دشمن سے بھاگنا ــــ بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

مَرَّنَ الشَّيْءَ: نرم کرنا ــــ فُلَانًا عَلَى الاَمْرِ: عادی بنانا ــــ بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔

تَمَرَّنَ ۔ بتکلف دانا و زیرک بننا ۔ مہربان ہونا ــــ عَلَى الشَّيْءِ: عادی ہونا۔

تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ: دودھ دینے سے رک جانا

المَرْن ۔ مص ۔ ایک قسم کا کپڑا ۔ نرم کھال ۔ لباس پوستین ۔ عطیہ ۔ جانب ۔ جمع اَمْرَان ۔ مَرْنَا الاَنْفِ: ناک کے دونوں جانب ۔

المَرَان ۔ مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔

المَرِن ۔ ملائم و سخت ۔ عادت ۔ کہا جاتا ہے هُمْ عَلَى مَرِنٍ وَاحِدٍ جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں ۔ حال ۔ کہا جاتا ہے مَا زَالَ ذٰلِكَ مَرِنِي ہمیشہ میری یہ حالت رہی ۔ المَرِن: شور و جنگ

المُرَّان ۔ ٹھوس و لچک دار نیزے ۔ ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں ۔ واحد مُرَّانَة۔

المَارِن ۔ فا ۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ جمع مَوَارِن ۔ رُمْحٌ مَارِنٌ: ٹھوس لچکدار نیزہ ۔

المَيْرُون ۔ عِنْدَ النَّصَارٰى: عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے ۔

اَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کا پٹھا۔

مَرِهَتْ (س) مَرَهًا عَيْنُهُ: سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا ۔ صفت مَرِهَةٌ واَمْرَهُ ۔ رَجُلٌ مَرِهُ الفُؤَادِ: مرد بیمار دل ۔ سَحَابٌ اَمْرَهُ: سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔

المَرْهَاء ۔ الاَمْرَه کا مؤنث ۔ شَاةٌ مَرْهَاءُ: سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو ۔ جمع مُرْهٌ ۔ اَرْضٌ مَرْهَاءُ: کم درخت والی زمین ۔

المُرْهَة ۔ سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو ۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔

مَرْهَمَ مَرْهَمَةً الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا۔

المَرْهَم ۔ زخم پر لگانے کی دوا ۔ جمع مَرَاهِم ۔

المَرْو ۔ ایک سخت قسم کا پتھر جسکو صوان بھی کہتے ہیں ۔ واحد المَرْوَة ۔ کہا جاتا ہے قَرَعَ الدَّهْرُ مَرْوَتَهُ یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی ۔ المَرْو: ایک خوشبودار پودہ ۔

المَرْوَة ۔ مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام ۔

مَرَى يَمْرِي مَرْيًا النَّاقَةَ: دودھ آنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا ــــ الدَّمَ ونَحْوَهُ: خون نکالنا ــــ حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا ــــ الرِّيحُ:

السّحاب: ہوا کا بادل سے بارش برسانا ـــــ الشّیءُ: نکالنا ـــــ الفرسَ: کوڑے وغیرہ سے مارکر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے مَرَیْتُ مَرْیَ ذَابِسٍ بِسَاقِہٖ "وہ گذرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کو دکھلا رہا تھا۔ ـــــ فلانًا بِالسَّوطِ: کوڑے مارنا۔ مَرَیَ الفرسُ: گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔

أمْرَتِ النَّاقۃُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

مَارَیٰ مِرَاءً و مُمَارَاۃً ۔ جھگڑا کرنا۔

تَمَارَیَا۔ باہم جھگڑا کرنا۔

اِمْتَرَیٰ فِی الشّیءِ: شک کرنا ـــــ وامْتَرَیٰ اللّبنَ وغیرہٗ: دودھ دوہنا۔ نکالنا۔

تَمَرَّیٰ تَمَرِّیًا۔ بکذا: آراستہ ہونا۔

المِرْیَۃ والمُرْیَۃ۔ جھگڑا۔ کہا جاتا ہے مَا فِیہِ مِرْیَۃٌ۔ یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک

المَرِیَّۃ: دودھ جو اونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے اَخَذْتُ مَرِیَّۃَ النَّاقَۃِ اونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا

المَرِیّ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَایَا۔ المَرَایَا: جمع مِرْآۃ بمعنے آئینہ اور بجائے ہَنِیْئًا مَرِیْئًا کے ہَنِیْئًا مَرِیًّا بھی کہا جاتا ہے۔

المَرِیَّۃ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

المَارِیّ۔ سفید چکنا بچھڑا۔ مؤنث مَارِیَّۃ۔ چھوٹی دھاری دار کملی۔ قطا پرندہ کا شکاری۔

المَارِیَّۃ والمُمَرِّیَّۃ۔ سفید چکنے بچھڑے والی گائے۔

اَمْرُ مَمْہا۔ سیدھا معاملہ۔

مَزَّ (س) مَزَازَۃً الرّجلُ: فضیلت والا ہونا ـــــ الشّیءُ: بہت ہونا۔ صفت مَزِیْزٌ (ـــــ مَزَازَۃً و مُزُوْزَۃً) الطعمُ: کھٹ مِٹھا ہونا۔

مَزَّ (ن) مَزًّا۔ الشّیءَ: چوسنا۔

مَازَّ مُمَازَّۃً ۔ بینہما: دور دور کرنا۔

مَزَّزَہٗ ۔ فضیلت والا سمجھنا ـــــ بکذا: فضیلت دینا۔

تَمَازَّتِ البُیُوتُ بہٖ: دور ہونا۔

تَمَزَّزَ الشّرابَ: چوسنا۔ گھونٹ گھونٹ کھانا یا پینا

المُزّ۔ دشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے ہٰذَا اَمْرٌ مُزٌّ۔ یہ سخت کام ہے۔

المِزّ۔ مرتبہ و فضل۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے شَیءٌ مِزٌّ۔ فاضل چیز۔

المُزّ۔ کھٹمٹھا۔ مؤنث مُزَّۃ۔

المُزّ والمُزَّاءُ والمُزَّۃ۔ خوشگوار شراب

المَزَّۃ: ایک مرتبہ چوسنا۔ کہا جاتا ہے مَا بَقِیَ فِی الإنَاءِ إلّا مَزَّۃٌ برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا

المَزْز۔ کثرت۔ اور کہا جاتا ہے فَعَلْتُہٗ عَلیٰ مَزْزٍ یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔

المَزِیْز۔ فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دشوار۔

الأمَزّ۔ فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاء ج مُزّ۔

مَزَجَ (ن) مَزْجًا و مِزَاجًا الشّرابَ بالماءِ: پانی ملانا ـــــ فلانًا علیٰ فلانٍ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

مَازَجَہٗ مُمَازَجَۃً ۔ مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔

مَزَّجَ السُّنْبُلُ: سبزی کے بعد زرد ہونا۔ فلانًا: کچھ دینا۔

تَمَازَجَا۔ باہم ایک دوسرے کا ملنا۔

اِمْتَزَجَ بہٖ: ملنا۔

المِزْج والمَزْج۔ شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔

المِزَاج۔ مع۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج اَمْزِجَۃ۔

رَجُلٌ مَزَّاجٌ۔ جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔

المُمَزَّج۔ ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔

مَزَحَ (ف) مَزْحًا۔ مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا

مَزَّحَ السُّنْبُلُ اوالعِنَبُ: رنگ پکڑنا۔

مَازَحَہٗ مِزَاحًا و مُمَازَحَۃً ۔ ہنسی مذاق کرنا

تَمَازَحَا۔ باہم ہنسی مذاق کرنا۔

تَمَزَّحَ بہٖ: فخر کرنا۔

المَزْح۔ مع۔ خوشہ۔

المُزَاحَۃ والمُزَاح۔ ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی

المِزَاح۔ بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔

المُزَّاح مِنَ النَّاسِ: ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔

المَزْد۔ سردی۔

مَزَرَ (ن) مَزْرًا۔ مِنَ اللّبنِ: تھوڑا سا پینا۔ ـــــ اللبنَ: دودھ کو چکھنے کیلئے پینا ـــــ ہٗ: آہستہ سے چٹکی لینا۔ غصہ دلانا۔ (و مَزَّرَ)

القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔

مَزُرَ (ک) مَزَارَۃً ۔ ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔

تَمَزَّرَ النّبیذَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔

المَزْر۔ مع مرد ظریف۔

المِزْر۔ جو یا گیہوں کی شراب۔ بیوقوف اصل۔ کہا جاتا ہے ہُوَ کَرِیْمُ المِزْرِ "وہ شریف الاصل ہے۔

المَزِیْر۔ ظریف۔ سخت دل۔ ج اَمَازِر۔

الأمْزَر۔ اسم تفضیل ہے مزر سے مؤنث مَزْرَاء ج مُزْر و اَمَازِر۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مِنْ اَمَازِرِ النَّاسِ وہ افاضل ناس میں سے ہے۔

المَزْرَۃ۔ ایک مرتبہ چوسنا۔

مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْیُ وغیرہٗ: ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (ـــــ و مَزَّعَ) القطنَ: روئی تومنا۔ مَزَّعَ الشّیءَ: متفرق کرنا۔

تَمَزَّعَ۔ جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوا الشّیءَ بینہم: انھوں نے چیز آپس میں تقسیم کرلی اور کہا جاتا ہے ہُوَ یَتَمَزَّعُ غَیْظًا "وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔

المِزْعَۃ۔ روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مِزَع (ـــــ والمُزْعَۃ) مِنْ لحمٍ او شحمٍ: گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔ ـــــ مِنَ الماءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَع و مُزَع

المَزَّاع۔ بہت دوڑنے والا۔ سیہی۔

المُزَاعَۃ مِنَ الشّیءِ: روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو

توٹتے وقت گرے۔

المزاعی۔ چغل خور۔

فرس ممزع۔ تیز رفتار گھوڑا۔

مزق (ن ض) مزقا و مزقۃ الثوب: پھاڑنا — عرضہم: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت مزِق۔ ج مزقون۔ جیسے اتانی انہم مزقون عرضی مجھ کو یہ اطلاع ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں — الطائر بسلحہ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

مزّق الثوب: چیر پھیر کرنا۔ کہا جاتا ہے مزقہم اللہ کل ممزق اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔

مازقہ۔ دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔

تمزّق۔ پھٹنا — القوم: متفرق ہونا

انمزق۔ پھٹنا۔

المزقۃ۔ کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا۔ اور کہا جاتا ہے ثوب مزق و مزِق و مزیق: پھٹا ہوا کپڑا۔ ناقۃ او فرس مزاق۔ تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے

مزمزہ۔ اکھڑنے کیلئے ہلانا۔

تمزمز۔ حرکت کرنا — للقیام: اٹھنے کے لئے تیار ہونا۔

مزن (ن) مزنا و مزونا۔ چلا جانا — وجہہ: چہرہ کا چمک اٹھنا — من العدو: دشمن سے بھاگنا (— و مزّن) القربۃ: مشک بھرنا — فلانا: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا

تمزّن۔ چلا جانا — علی القوم: مہربانی و سخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا — علی الامر: عادی ہونا۔

المزن۔ بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حب المزن: اولہ۔

المزنۃ۔ بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ ابن المزنۃ: نیا چاند۔

المزن۔ عادت۔ طریقہ۔ حال۔ کہا جاتا ہے مازال علی ہذا المزن ہمیشہ اس حالت پر رہا۔

المازن۔ فا۔ چیونٹی کے انڈے۔

مزینۃ۔ مضر کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لئے مزنی۔

مزہ (ف) مزھا۔ ہنسی مذاق کرنا۔

مزا یمزو مزوا۔ تکبر کرنا۔

مزاہ تمزیۃ۔ تعریف کرنا۔ فضیلت دینا کہا جاتا ہے مزیت متاعہ حتی نفقتہ او میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کر دیا۔

تمازی القوم: قوم میں سے ہر ایک کا اپنی فضیلت کا دعوی کرنا۔

المزو والمزیۃ۔ ج مزایا و المازیۃ۔ ج مازیات۔ علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔ خوبی۔ عمدگی۔

مزی یمزی۔ تکبر کرنا۔

مزّی تمزیۃ الرجل: تعریف کرنا۔ کہا جاتا ہے: قعد عنی مازیا و متمازیا: یعنی مجھ سے دور مخالف ہو کر بیٹھا۔

المزاۃ۔ سرکش لوگ۔ مفرد مازی۔

المازیۃ۔ ج مازیات۔ و المزیۃ۔ ج مزایا۔ علم۔ کرم۔ شجاعت شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔

المزی۔ مرد خوش طبع۔ زیرک۔

مس (ن س) مسا و مسیسا و مسیسی الشیء: چھونا۔ پہنچنا — المرض او الکبر فلانا: لاحق ہونا۔ مست الحاجۃ الی کذا مجبور کرنا — مسنی الشیطان بنصب و عذاب: شیطان نے مجھ کو ایذا و تکلیف پہنچائی۔ اور کہا جاتا ہے مست فلانا تواس الخیر او الشر یعنی فلاں کو خیر یا شر پیش آئے۔ و مست بک رحم فلان جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔

مس مسا۔ جنون لاحق ہونا۔ صفت ممسوس۔

ماسہ مماسۃ و مساسا۔ چھونا۔ جماع کرنا

امسہ الشیء: چھوانا۔ اور کہا جاتا ہے امس وجہہ الماء او بدنہ الطیب چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔

تماس الشیئان: ایک دوسرے کو چھونا۔

الماس فا۔ حاجۃ ماسۃ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے بینہم رحم ماسۃ ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔

مساس۔ اسم فعل بمعنے امر یعنی چھو۔ اور کہا جاتا ہے لا مساس یعنی مت چھو۔

المسوس من الماء: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ کلا مسوس: چرنے والے جانوروں کے لئے مفید گھاس۔

المس۔ تانبا۔

الامس اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے ہو امس من ذاک بکذا:

الماسوس والممسوس۔ پاگل۔ مجنون دیوانہ۔

مسیس الحاجۃ: حاجت کا مجبور کرنا۔

المساس۔ بہت چھونے والا۔ کہا جاتا ہے بینہم رحم مساسۃ یعنی ان کے درمیان بہت زیادہ قرابت قریبہ ہے۔

مسا (ن) مسوا و مسوءا۔ بیباک ہونا — الماشی: دیر کرنا — الحق: حق کو دیر میں ادا کرنا — الطریق: راستے کے درمیان میں چلنا علی الشیء: عادی ہونا — الرجل بالقول وغیرہ: کسی کو گفتگو سے نرم کر دینا۔ دھوکا دینا (— و امسا) بین القوم: فساد ڈالنا۔

تمسا الثوب: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

مسح (ف) مسحا الشیء: پونچھنا۔ مریض کے لئے دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے مسح اللہ ما بک من علۃ یعنی اللہ تعالی تمہیں عافیت دیں اور مرض کو زائل کر دیں — ہ بالدہن:

تیل ملنا — ہٗ بالسیفِ: تلوار سے کاٹنا — ذَوَائِبَ المَرأۃِ: کنگھی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے مَسَحَہٗ او مَسَحَ رَأسَہٗ یعنی اس نے فریب دینے کیلئے نرم باتیں کیں۔ مَسَحَ القَومَ قَتلاً: قوم کو خوب اچھی طرح قتل کیا۔ مَسَحَہُ اللّٰہُ: اللہ نے اس کو مبارک پیدا کیا۔ اللہ نے اس کو ملعون پیدا کیا۔ مَسَحَ فُلاناً: مارنا — عُنُقَہٗ: گلا کاٹنا — الاِبِلَ: اونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا — سَیفَہٗ: تلوار سونتنا — المَرأۃَ: جماع کرنا۔

مَسَحَ (ف) مَسحاً و مِسَاحَۃً: پیمائش کرنا — مَسحاً و تَمسَاحاً) جھوٹ بولنا۔

مَسَحَ (ف) مُسُوحاً فی الاَرضِ: چلنا۔

مَسِحَ (س) مَسَحاً۔ کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ سے رانوں کا چھل جانا۔

مُسِحَ بالعِتقِ او الکَرَمِ: کسی پر شرافت یا کرم کا اثر ہونا۔

مَسَّحَ الشَّیئَ: پونچھنا۔ مَسَّحَہٗ بالدُّھنِ: تیل ملنا — مَسَّحَ فُلاناً: فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا — الاِبِلَ: اونٹ کو تھکانا اور لاغر کرنا۔

مَاسَحَہٗ مُمَاسَحَۃً۔ فریب دینے کیلئے اچھی بات کہنا۔ مصافحہ کرنا — ہٗ علیٰ کذا: معاہدہ کرنا۔

تَمَسَّحَ بالمَاءِ و مِنَ المَاءِ: غسل کرنا — الشَّیئَ: پونچھنا۔ و تَمَسَّحَ بالمَاءِ او الدُّھنِ: نہلانا یا تیل ملنا۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ یُتَمَسَّحُ بِہٖ: فلاں اس کی بزرگی کی وجہ سے برکت حاصل کرتا ہے۔

تَمَاسَحَا۔ اتفاق کرنا۔ خرید و فروخت کرنے میں ایک دوسرے کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ کہا جاتا ہے تَمَاسَحَا علیٰ کذا یعنی فلاں چیز پر دونوں نے عہد و پیمان کیا وَاتَّفَقُوا فَتَمَاسَحُوا وہ سب ملے اور باہم مصافحہ کیا۔

اِمتَسَحَ السَّیفَ: تلوار سونتنا۔

المِسحُ۔ ٹاٹ۔ کمبل۔ ادنیٰ لباس جسکو زاہد لوگ تقشف کی بنا پر پہنا کرتے تھے۔ راستہ کا وسط ج اَمسَاح و مُسُوح۔

المَسحَۃُ۔ مسح کا اسم مرۃ۔ کیلئے ہاتھ کا نشان۔

اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے عَلَیہِ مَسحَۃٌ مِن جَمَالٍ او ہُزَالٍ اس کے اوپر جمال یا لاغری کا کچھ اثر ہے۔

المَسَحُ۔ مص کپڑے کے کھردرے پن کی وجہ کر ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش۔

المِسَاحَۃُ۔ مصدر یا مَسَحَ الاَرضَ کا اسم ہے علم المِسَاحَۃِ: وہ علم ہے جس میں مقادیر خطوط و سطوح و اجسام سے بحث کرتے ہیں۔

المَسِیحُ۔ تیل لگا ہوا۔ ج مُسَحَاء و مَسحیٰ۔ لقب حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کا۔ بہت سیاحت کرنیوالا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ پسینہ بہت سچا۔ کانا۔ گز۔ بہت جھوٹا۔ خوبصورت۔ بدصورت۔ بہت جماع کرنے والا — مِنَ الدَّرَاھِمِ: گھسا ہوا درہم۔

المَسِیحِیُّ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تابع۔

المَسِیحَۃُ۔ سر کے دونوں جانب کے بال۔ گیسو۔ کنپٹی اور پیشانی کا درمیان۔ کمان چاندی کا ٹکڑا۔ ج مَسَائِحُ۔

المَاسِحُ۔ فا۔ بڑا جھوٹا۔ بہت قتل کرنیوالا۔

المَاسِحَۃُ۔ الماسح کا مؤنث۔ کنگھی چوٹی کرنے والی۔ ج مَوَاسِحُ۔

المَسَّاحُ۔ زمین کی پیمائش کرنے والا۔

المِسِّیحُ۔ بڑا سیاح۔

الاَمسَحُ۔ کھردرے کپڑے کی رگڑ سے ران یا گھٹنے کے اندرونی حصہ میں سوزش والا۔ ہموار تلوے والا۔ بڑا جھوٹا — مِنَ الاَرضِ: ہموار زمین ج اَمَاسِحُ: بڑا سیاح۔ کانا۔ مؤنث مَسحَاءُ

المَسحَاءُ۔ کنکریوں والی ہموار زمین۔ سرخ زمین ج المِسَاحُ والمَسَاحِیُّ: چھوٹے پستانوں والی عورت۔ کہا جاتا ہے اِمرَأۃٌ مَسحَاءُ الثَّدیِ۔

التِّمسَحُ۔ بڑا جھوٹا۔ فریب دینے کیلئے نرم بات کہنے والا۔ بڑا سرکش (— والتِّمسَاحُ) مگرمچھ ج تَمَاسِحُ و تَمَاسِیحُ۔

المِمسَحُ والمِمسَحَۃُ۔ جس سے پونچھا جائے

مَسَخَہٗ (ف) مَسخاً۔ بری صورت میں بدلدینا اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے مَسَخَہُ اللّٰہُ قِرداً اللہ نے اس کو بندر کی صورت میں بدل دیا۔ صفت مفعول مَسخٌ و مَسِیخٌ ج مُسُوخٌ — الکَاتِبُ: لکھنے میں بہت غلطی کرنا — النَّاقَۃَ: اونٹنی کو لاغر کرنا — لَحمَ اللَّحمِ: گوشت کو بے مزہ کرنا۔

اَمسَخَ الوَرَمُ: ورم کا تحلیل ہونا۔

تَمَسَّخَ الغَزلُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِمسَخَّت واِمسَاخَّت العَضُدُ: کم گوشت والا ہونا۔ اسم المَسَخ۔

اِمتَسَخَ السَّیفَ: تلوار سونتنا۔

المَاسِخِیُّ۔ کمان ساز۔

المَسِیخُ۔ بدشکل — مِنَ الطَّعَامِ: بے مزہ یا بے نمک۔ بے وقوف۔

الاُمسُوخُ۔ ایک قسم کی نباتات جس کا دانہ چنے کے برابر ہوتا ہے۔

المَمسُوخُ۔ مفو فَرَسٌ مَمسُوخٌ: سرین پر کم گوشت والا گھوڑا۔

مَسَدَ (ن) مَسداً الحَبلَ: رسی بٹنا۔ یا مضبوط بٹنا — فی السَّیرِ: تھکانا۔

مَسَدَ البَطنُ: پیٹ کا نرم و ہموار ہونا۔

مَسَّدَ الشَّیئَ و عَلَی الشَّیئِ: سختی سے ہاتھ پھیرنا۔

المَسَدُ: کھجور کے ریشہ کی رسی۔ یا مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کھجور کا ریشہ۔ لوہے کا دھرا۔ ج مِسَاد و اَمسَاد۔

المِسَادُ۔ شہد کا مشکیزہ۔ درستگی۔ کہا جاتا ہے ھُوَ اَحسَنُ مِسَادِ شَعرٍ مِنکَ اس کے بالوں کی درستگی تیرے بالوں سے اچھی ہے۔

المَمسُودُ مفو رَجُلٌ مَمسُودٌ: گٹھے بدن کا مرد۔ سَاقٌ مَمسُودَۃٌ۔ اچھی ہموار پنڈلی۔

مَسَرَہٗ (ن) مَسراً: کھینچنا اور تنگی سے باہر نکالنا — النَّاسَ: نکتہ چینی کرنا۔ ورغلانا۔

مَسَطَ (ن) مَسطاً انگلی ڈال کر آنت میں سے نکالنا — الثَّوبَ: تر کرنا۔ پھر نچوڑنا — فُلاناً بالسِّیَاطِ: کوڑے سے مارنا — البَقَّارُ:

مشکیزہ سے جما ہوا دودھ انگلی سے نکالنا۔
الماسیط۔ فا۔ کھاری پانی جو پیٹ کو صاف کرے۔ ایک قسم کی گھاس جو گرمی کے زمانہ میں ہوتی ہے کہ جب اس کو اونٹ چرتا ہے تو اس کا پیٹ صاف ہوتا ہے۔
المَسِيطُ۔ گارا۔ گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔
المَسِيطَۃ۔ گدلا پانی۔ تھوڑا پانی بہانے والی وادی۔
المِسعَ۔ شمالی ہوا۔
المَسْعِيُّ۔ بہت سیر و سفر کرنے والا مرد۔
اَمْسَغَ وامْتَسَغَ الرَّجُلُ: علیحدہ ہونا۔
مَسَكَ (ن ض) مَسْكًا۔ چمٹنا۔ متعلق ہونا۔ بالنار: زمین میں گڑھا کھود کر راکھ سے آگ کو دبا دینا۔
مَسُكَ (ک) مَسَاكَۃً السِّقَاءُ: مشکیزہ کا پانی کو گرنے نہ دینا۔
مَسَّكَ بِہٖ: چمٹنا۔ مَسَّكَہٗ: مشک سے خوشبودار کرنا۔
اَمْسَكَہٗ: روکنا۔ اَمْسَكَ بِہٖ: چمٹنا — الشَّيْءَ عَلٰی نَفْسِہٖ: اپنے لئے حفاظت کرنا — اللّٰہُ الغَيْثَ: بارش روکنا — عَنِ الْاَمْرِ: رُکنا۔ باز رہنا — عَنِ الْكَلَامِ: خاموش رہنا۔
تَمَسَّكَ وتَمَاسَكَ وامْتَسَكَ بِہٖ: چمٹنا۔ اور کہا جاتا ہے۔ مَا تَمَاسَكَ اَنْ قَالَ كَذَا یعنی وہ فلاں بات کہنے سے نہیں رکا "وَغَشِيَنِيْ اَمْرٌ مُقْلِقٌ فَمَا تَمَاسَكْتُ" میرے اوپر ایک رنجیدہ معاملہ آپڑا اس لئے میں رک گیا۔ "وَمَا بِہٖ تَمَاسُكٌ" اس کے اندر کوئی خیر نہیں "وَاِمْتَسَكَ فِي الْبَلَدِ" وہ شہر میں ٹھیرا رہا۔
اِسْتَمْسَكَ بِہٖ: چمٹنا — عَنْ كَذَا: باز رہنا — بَوْلُہٗ: پیشاب بند ہونا — الرَّجُلُ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ: جم کر بیٹھنا۔
المَسْكُ۔ مع کھال۔ ج مُسُك ومُسُوك۔ ایک ٹکڑے کو مَسْكَۃ کہتے ہیں۔
المَسَكُ۔ پانی روکنے کا بند۔ زمین کے طبقات ہاتھی دانت یا ہڈی کے کنگن یا پازیب۔ کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی۔ واحد مَسَكَۃ۔

المُسْكُ۔ بقاء بدن کے مقدار کھانا پانی عقل کامل۔
المِسْكُ۔ مُشک۔ کستوری۔ یہ ایک جانور کا خون ہے جو اس کی ناف میں جمع ہوتا ہے۔ اور اس جانور کو غَزَالُ الْمِسْكِ کہتے ہیں۔ اور مشک کے ٹکڑے کو مِسْكَۃ کہتے ہیں۔ ج مِسَك۔ مِسْكُ البَرِّ ومِسْكُ الجِنِّ: دو قسم کی نباتات۔ لفظ مِسک فراء کے نزدیک مذکر ہے اور دوسرے ائمۂ لغت کے یہاں مذکر و مؤنث دونوں۔
المُسْكَۃ۔ جس سے تعلق کیا جائے۔ بقاء بدن کی مقدار کھانا پانی۔ عقل تام و رائے کامل سخت کنواں جس میں من بنانے کی ضرورت نہ ہو ج مُسَك۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيْہِ مُسْكَۃٌ" یعنی اس میں کوئی خیر نہیں "وَلَيْسَ لِاَمْرِہٖ مُسْكَۃٌ" یعنی اس امر کے لئے کوئی اصل نہیں جس پر اعتماد کیا جائے۔ "وَفِيْہِ مُسْكَۃٌ مِنْ خَيْرٍ" اس کے اندر خیر کا کچھ بقیہ ہے۔ "وَمَا فِيْ سِقَائِہٖ مُسْكَۃٌ مِنْ مَاءٍ" اس کے مشکیزہ میں تھوڑا سا بھی پانی نہیں۔
المُسُكَۃ والمُسْكَۃ۔ بخل۔
المُسَكَۃ۔ بخیل۔ وہ شخص جو کسی چیز سے چمٹے تو اس سے چھٹکارا نہ پا سکے۔ وہ شخص کہ جب کوئی اس کے مقابل ہو تو وہ بھاگ کھڑا ہو۔ ج مُسَك۔
المَسَاكُ۔ پانی روکنے کا بند۔ بخل۔
المِسَاكُ۔ بخل۔ روکنے والی چیز۔ تلوار وغیرہ کا دستہ اور کہا جاتا ہے "مَا فِيْہِ مِسَاكٌ" یعنی اس کے اندر خیر نہیں۔
المَسَاكَۃ والمِسَاكَۃ۔ بخل۔
المَسَاكَات۔ وہ مقامات جہاں پانی کی حفاظت کی جائے۔
المُسْكَان۔ بیعانہ۔ ج مَسَاكِين۔
المِسْكِيْنُ والمَسْكَنَۃ۔ دیکھو مادہ س کن
المُسُكُ والمَسَّاكُ والمُمْسِكُ۔ بخیل۔
المُسِّيكُ ج مُسُك والمِسِّيكُ بخیل

کہا جاتا ہے سِقَاءٌ مَسِيكٌ ومِسِّيكٌ مشک جو پانی کو روکے بہنے نہ دے "وَمَا فِيْہِ مَسِيكٌ" اس کے اندر خیر نہیں۔
الاِمْسَاكُ۔ مع بخل۔
المَسِيكَۃُ والاَرْضُ المَسِيكَۃُ: زمین جو سختی کی وجہ سے پانی کو جذب نہ کرے۔
المَسِيكَۃُ والمِسْكِيَّۃُ۔ ایک قسم کی نباتات
مَسَلَ (ن) مَسْلًا المَاءُ: پانی بہنا۔
اِمْتَسَلَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
المَسَلُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج اَمْسِلَۃ ومُسُلٌ ومُسْلَانٌ ومَسَائِلُ۔
مُسَالَا الرَّجُلِ: مرد کے دونوں بازو یا داڑھی کے دونوں جانب یا مرد کے دونوں پہلو۔
مَسَالَۃُ الوَجْہِ: حسن کے ساتھ چہرے کی لمبائی۔
المَسِيلُ۔ بہاؤ۔ دودھ وغیرہ کا آبی حصہ۔ ترشی۔ ج مُسُل واَمْسِلَۃ۔ مَسِيلُ المَاءِ: پانی بہنے کی جگہ س، ی، ل کے مادہ میں مذکور ہے۔
مَسْمَسَ مَسْمَسَۃً ومِسْمَاسًا الاَمْرُ: مختلط ہونا۔ ملتبس ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مِنْ اَمْرِہٖ فِيْ مِسْمَاسٍ" وہ اپنے معاملہ میں اشتباہ میں ہے۔
مُسْمِسَ الرَّجُلُ: جنونی کیفیت لاحق ہونا۔
المَسْمَاس۔ ہلکا۔
مَسَنَ (ن) مَسْنًا الرَّجُلُ: مبارک ہونا۔ ہٗ: مارتے مارتے گرا دینا — الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ: کھینچنا۔
مَسَا يَمْسُو مَسْوًا۔ الحِمَارُ: گدھے کا اڑنا (— وَمَسَّی تَمْسِيَۃً) الرَّجُلُ: کسی چیز کا وعدہ کرکے ٹالنا۔
مَسَّاہُ تَمْسِيَۃً۔ شام کے بہتر ہونے کی دعا دینا۔ یہ کہنا کہ تم نے شام کس طرح بسر کی۔ اور کہا جاتا ہے مَسَّی بِہِ اللَّيْلُ جبکہ کوئی شخص شام کے وقت آئے۔
اَمْسٰی اِمْسَاءً ومُمْسًی۔ شام میں داخل ہونا۔

کان کی طرح فعل ناقص ہوکر بھی مستعمل ہے۔ جیسے
اَمْسٰی زَیْدٌ ضَاحِکًا یعنی زید شام کے وقت ہنس
رہا تھا۔ یا زید ہنس رہا تھا۔
اَمْسَاهُ اِمْسَاءً۔ کسی چیز سے مدد کرنا۔
وعدہ کرکے ٹالنا۔
مَاسَاهُ مُمَاسَاةً۔ مخول کرنا۔
اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً مَا عِنْدَ فُلَانٍ: کل لے لینا
الْمَسَاءُ ج اَمْسِیَةٌ والْمُسٰی والْمِسٰی شام
ظہر سے مغرب تک کا وقت۔
الْاُمْسِیَّةُ۔ شام۔ کہا جاتا ہے اَتَیْتُہٗ اُمْسِیَّةَ
اَمْسِ میں کل گذشتہ شام کے وقت اس کے
پاس آیا۔
الْمُمْسٰی۔ مص۔ شام بسر کرنے کی جگہ۔
مَسٰی یَمْسِیْ مَسْیًا الشَّیْءَ: ہاتھ کر کھینچنا
— الْحَرُّ الْمَاشِیَةَ: گرمی کا جانور کو لاغر کرنا —
السَّیْفَ: تلوار سونتنا — الرَّجُلُ: برے خلق
والا ہونا۔
تَمَاسٰی وتَمَسّٰی الشَّیْءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اِمْتَسٰی اِمْتِسَاءً۔ پیاسا ہونا۔
الْمَاسِیْ۔ فا۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت
نہ سنے۔ رَجُلٌ مَاسٍ: ہلکا پھلکا مرد۔
التَّمَاسِیْ۔ مع۔ مصیبتیں (اس کا مفرد نہیں)
مَشَّ (ن) مَشًّا الْعَظْمَ: ہڈی کے اطراف کو
چوسنا — النَّاقَةَ: اونٹنی کو دوہنا اور کچھ چھوڑ
دینا۔ سارا دودھ دوہنا — مَالَ فُلَانٍ: تھوڑا
تھوڑا کرکے لے لینا — یَدَہٗ: ہاتھ سے چکناہٹ
دور کرنے کیلئے پونچھنا — فُلَانًا: دشمنی کرنا جھگڑا
کرنا — الشَّیْءَ: پانی میں حل کرنے کیلئے بھگونا
مَشْمَشَ وتَمَشْمَشَ الْعَظْمَ: ہڈی چوس
کے گودا نکالنا۔
اَمَشَّ الْعَظْمُ: ہڈی کا گودے والی ہونا۔
اِمْتَشَّ لَہُ الشَّیْءُ: حاصل ہونا۔
اِمْتَشَّ الثَّوْبَ: کپڑا اتار لینا —
مَا فِی الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا — مِنْ
مَالِ فُلَانٍ: حصہ پانا — الْعَظْمَ: چبائی ہوئی
ہڈی کو چوسنا — الْمُتَغَوِّطُ: پاخانہ کرنیوالے
کا پتھر یا ڈھیلے سے استنجا کرنا۔
الْمَشَاشُ۔ مُشَاشَةٌ کی جمع۔ نرم زمین۔ اصل
نفس۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَیِّنُ الْمَشَاشِ:
فلاں نرم اخلاق ہے۔ ومُشَاشُ الرَّجُلِ: سفر و
حضر کے خدام۔
الْمُشَاشَةُ۔ نرم ہڈی کا سرا۔ راستہ کہ جس
میں خاک اور نرم سنگ ریزے ہوں۔ پہاڑ کہ
جس میں چشمے ابل رہے ہوں۔ ج مُشَاشٌ۔
مُشَاشَةُ الْقَوْمِ: قوم کے بہترین لوگ۔
الْمَشُّ۔ مص۔ کہا جاتا ہے اَطْعَمَہٗ مَشًّا مَشًّا
اس نے اسے عمدہ خوراک کھلائی۔
الْمُشْمُشُ۔ سفیدی جو اونٹ کی آنکھ میں
ہوجاتی ہے۔
الْاَمَشُّ۔ مِنَ الْاِبِلِ: آنکھ میں سفیدی والا
اونٹ۔ مؤنث مَشَّاءُ ج مُشٌّ۔
الْمَشُوْشُ۔ ہاتھ پونچھنے کا کپڑا جیسے رومال
تولیہ وغیرہ۔
مَشَجَ (ن) مَشْجًا بِکَذَا: ملانا۔ کہا جاتا
ہے۔ مَشَجَ بَیْنَہُمَا۔
الْمَشَجُ والْمَشِیْجُ والْمَشْجُ والْمِشْجُ مخلوط
ج اَمْشَاجٌ۔ الْاَمْشَاجُ: میل کچیل جو ناف میں
جمع ہوجائے۔
اَمْشَحَتِ السَّمَاءُ: بادل کا کھل جانا —
السَّنَةُ: خشک سالی ہونا۔
مَشَرَ (ن) مَشْرًا الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔
مَشِرَ (س) مَشَرًا۔ اترانا۔ اکڑباز ہونا۔
مَشَّرَ ومَشَرَ واَمْشَرَ وتَمَشَّرَ الشَّجَرُ: شاخیں نکلنا۔
مَشَّرَہٗ: پہنانا۔ مَشَّرَ الشَّیْءَ: تقسیم کرنا۔ واَمْشَرَ الرَّجُلُ
کھل کر دوڑنا — بَدَنُہٗ: بدن کا پھولنا —
الْاَرْضُ: سبزی اگانا۔ وتَمَشَّرَ الرَّجُلُ: مستغنی ہونا یا
دولت کا اثر ظاہر ہونا۔ تَمَشَّرَ لِاَہْلِہٖ شَیْئًا: کمائی
کرنا یا اپنے اہل کے لئے لباس خریدنا —
الشَّجَرُ: سرسبز ہونا — الْقَوْمُ: کپڑے پہننا۔
اِمْتَشَرَ الرَّاعِیْ وَرَقَ الشَّجَرِ: چرواہے کا
لکڑی سے درخت کے پتوں کو کھینچنا۔
الْمَشِرُ مِنَ الرِّجَالِ: سخت سرخ مرد۔
الْمَشْرُ۔ نشان۔ کہا جاتا ہے اَذْرَیْتُہٗ مَشْرًا
یعنی اس نے اس کو گالی دی۔ ہجو کیا۔ یا گالی
سنائی۔
الْمَشْرَةُ۔ نئی نکلی ہوئی نرم سبز ٹہنی۔ نیا نکلا ہوا
پتا لکڑی سے جھکائے ہوئے پتے۔ نئی نئی نکلی ہوئی
گھاس اور کہا جاتا ہے عَلَیْہِ مَشْرَةُ غِنًی یعنی اسکے
اوپر دولت مندی کا اثر ہے۔
مَشْرَةُ الْاَرْضِ ومَشْرَتُہَا۔ سبزی یا نئی
نکلی ہوئی سبزی۔
اَرْضٌ مَاشِرَةٌ۔ بارش سے سیراب اور
سبزی نکلی ہوئی زمین۔
الْاَمْشَرُ۔ چست و چالاک۔
الْمَوْشُوْرُ۔ دیکھئے مادہ و ش ر۔
مَشَطَ (ض ن) مَشْطًا ومَشَّطَ الشَّعْرَ
بالوں میں کنگھی کرنا۔ مَشَطَ الشَّیْءَ: ملانا — الْبَعِیْرَ:
اونٹ پر کنگھی جیسے آلے سے داغ لگانا۔
مَشِطَتْ (س) مَشَطًا یَدُہٗ: کام کرنے
سے کھردرا ہونا یا پھانس چبھنا۔ ومَشِطَتِ
النَّاقَةُ: دونوں پہلوؤں میں کنگھی جیسی چربی چڑھنا
اِمْتَشَطَ۔ کنگھی کیا ہوا ہونا۔ اِمْتَشَطَتِ
الشَّعْرَ: کنگھی کرنا۔
الْمُشْطُ والْمَشْطُ والْمِشْطُ والْمُشُطُ
والْمِشَطُ والْمُشُّطُ۔ کنگھی ج اَمْشَاطٌ ومِشَاطٌ
الْمُشْطُ۔ کپڑا بننے کا ایک آلہ جو کنگھی کے
مانند ہوتا ہے۔ اونٹ کے بدن پر داغ کرنے کا
کنگھی کے مانند آلہ۔ پست قدم کی پتلی ہڈیاں
اور کبھی پورے قدم پر اطلاق ہوتا ہے۔ والْمُشْطُ
ایک دریائی مچھلی جسکو مُشَیْطٌ بھی کہتے ہیں۔
الْمِشْطَةُ۔ مَشَطَ کا اسم نوع۔
الْمِشَاطَةُ۔ مشاطہ گری۔
الْمُشَاطَةُ۔ کنگھی کرنے میں گرے ہوئے بال۔
الْمَشَّاطُ۔ شانہ ساز۔
الْمَاشِطَةُ والْمَشَّاطَةُ۔ کنگھی کرنا پیشہ کرنیوالی

المَشِيط۔ کنگھی کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے شَعَرٌ مَشِيطٌ ولِمَّةٌ مَشِيطٌ۔ کنگھی کئے ہوئے بال۔ کنگھی کی ہوئی زلف۔

المِمْشَط۔ کنگھی۔

المَمْشُوط۔ مفعو رَجُلٌ مَمْشُوطٌ: پتلا ولمبا مرد۔

مَشِظَ (س) مَشْظاً ومَشَظاً۔ پھانس چبھنا۔ کہا جاتا ہے مَشِظَتْ يده: یعنی اسکے ہاتھ میں پھانس چبھ گئی۔ مَشِظَتِ الدابّةُ: گوشت سے نمایاں پٹھوں والا ہونا۔

مَشَظَ (ن) مَشْظاً۔ البَلَدَ: شہر کو اقامت کے لئے پسند کرنا —— فُلاناً: چھو لے لینا۔

المَشْظ والمَشْظة۔ پھانس۔ کانٹا جو ہاتھ میں چبھ جائے۔ کلہاڑی کو مضبوط کرنیکا پچر

المَشْظة: مَشْظ کا اسم مرۃ —— مِنَ الأخبار مخفی خبریں جن کی تحقیق نہ ہو۔

قَناةٌ مَشِظَةٌ۔ نیا سخت نیزہ کہ جو لے اسی کا ہاتھ چھل جائے۔

مَشَعَ (ف) مَشْعاً الشَّيءَ: کمانا۔ اچک لینا —— القُطْنَ: روئی توڑنا —— الغَنَمَ: بکری دوہنا —— بِبَوْلِهِ: پیشاب کرنا —— فُلاناً بالحَبْلِ وغيره: رسی وغیرہ سے مارنا —— الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔

مَشَّعَ الشَّيءَ: صاف کرنا۔ پونچھنا —— القَصْعَةَ: پیالہ میں سے سب کھا لینا۔

اِمْتَشَعَ ثَوْبَ صَاحِبِهِ: چھین لینا۔ مَا فِي الضَّرْعِ او مَا فِي يَدِ فُلانٍ: سب دودھ دوہنا یا سب کچھ ہاتھ سے لے لینا —— السَّيْفَ: جلدی سے سونتنا —— و تَمَشَّعَ) الرَّجُلُ: اپنے آپ سے گندگی کو دور کرنا۔ پتھر سے استنجا کرنا

المُشَعَة والمُشَيْعَة۔ تومی ہوئی روئی کا ٹکڑا۔

المَشُوع۔ بہت کمائی کرنیوالا —— ذِئْبٌ مَشُوعٌ: بہت اچکنے والا بھیڑیا۔

مَشَغَ (ف) مَشْغاً۔ مارنا۔ عیب لگانا —— الرُّطَبَ: ککڑی وغیرہ آہستہ آہستہ کھانا۔

مَشَّغَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا —— عِرْضَ فُلانٍ: آبرو میں داغ لگانا۔

المِشْغ۔ گیرو۔

المُشْغَة۔ بوسیدہ کپڑے کا ٹکڑا۔

مَشَقَ (ن) مَشْقاً۔ جلدی نیزہ مارنا۔ جلدی کام کرنا —— هُ بالسَّوْطِ: کوڑے کو مارنا۔ —— الشَّعْرَ: بالوں میں کنگھی کرنا —— الكَتّانَ ونحوه: رانچھ میں ڈال کر خراب وردی حصہ کو علیحدہ کرنا۔ —— الشَّيءَ: دراز ہونے کیلئے کھینچنا —— الثَّوْبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا —— النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھوڑا سا دوہنا —— فِي الكِتابَةِ: بڑے بڑے حروف لکھنا۔ لکھنے میں جلدی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے مَشَقُوا ارجُلَهم یعنی انھوں نے کوچ کرنے میں جلدی کی۔

مَشُقَ مَشْقاً۔ پتلا ولمبا ہونا۔ دبلا اور کم گوشت والا ہونا۔ صفت مَشِقٌ ومَشِيقٌ ومَمْشُوق

مَشِقَ (س) مَشَقاً۔ رانوں کی رگڑ سے زخمی ہونا۔ صفت مَشِقٌ وأمْشَقُ اور اسم المَشْقَة۔

مَاشَقَهُ مُماشَقَةً۔ گالی گلوچ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مَاشَقَ الشَّيءَ: کسی سے چیز کو کھینچنا۔

أمْشَقَهُ بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔ أمْشَقَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

مَشَّقَ تَمْشِيقاً الإبِلَ الكَلأَ: اونٹ کو گھاس چرانا۔

تَمَشَّقَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا —— النَّفْسُ: جی کا چھلنا —— اللَّيْلُ: رات کا ختم ہونا۔

اِمْتَشَقَ۔ چھین لینا۔ اچک لینا —— مَا فِي الضَّرْعِ: سارا دودھ دوہنا —— السَّيْفَ: تلوار سونتنا —— فِي الشَّيءِ: داخل ہونا —— الكَتّانَ: رانچھ میں ڈال کر خراب ردی حصہ کو علیحدہ کرنا —— الشَّيءَ: اپنے لئے لینا —— مَا فِي يَدِ الرَّجُلِ: سارا لے لینا۔

المِشْق۔ مم۔ گیرو۔ اور کہا جاتا ہے فِي قَدِّهِ مَشْقٌ اس کے قد میں لمبائی اور پتلا پن ہے۔

المِشْقَة والمُشَاقَة۔ رانچھ کا نکلا ہوا خراب وردی حصہ۔ المُشْقَة: روئی کا گالا۔ پرانا کپڑا ج مُشَق۔

المَشْقَة۔ نئے کپڑے کی دھجی۔

المَشِيق۔ پہنا ہوا کپڑا —— مِنَ الخَيْلِ دبلا گھوڑا۔

المَاشِق۔ فا۔ ج مُشَّق۔

فَرَسٌ مَشّاق۔ تیز چلنے والا گھوڑا۔

ثَوْبٌ مِشْقٌ ومُمَشَّقٌ وأمْشَاق۔ گیرو سے رنگا ہوا کپڑا۔

المَشْقَة۔ مَشْق کا اسم مرۃ۔ جانور کی ٹانگ میں رسی کا نشان۔

المَمْشُوق۔ مفعو۔ کم گوشت کا مرد —— مِنَ الخَيْلِ: دبلا گھوڑا —— مِنَ القُضْبانِ: پتلی لمبی شاخ۔ کہا جاتا ہے قَدٌّ مَمْشُوقٌ لمبا پتلا قد مؤنث مَمْشُوقَة۔

التَّمَاشِق۔ جھگڑا۔

المِمْشَقَة۔ رانچھ۔ کتان وغیرہ کو صاف کرنے کا کنگھی کے مانند ایک آلہ۔ ج مَمَاشِق۔

مَشَلَ (ن) مُشُولاً لَحْمُهُ: گوشت کم ہونا (—— مَشْلاً) اللَّبَنَ: دودھ کم دوہنا (—— و أمْشَلَ) السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

المَاشِل والمَمْشُول۔ دبلا پتلا کم گوشت

المَشْل۔ کم دوہائی۔

المِمْشَل۔ تیزی سے دوہنے والا۔

المِشْلَوْز۔ میٹھی گٹھلی کا زرد آلو (یہ کلمہ مِشْمِش اور لَوْز سے مرکب ہے۔)

المِشْمِش۔ زرد آلو۔ واحد مِشْمِشَة۔

مَشَنَ (ض) مَشْناً۔ خراش لگانا۔ مَشَنَهُ بالسَّوْطِ: کوڑا مارنا —— هُ بالسَّيْفِ: تلوار مار کر کھال چھیلنا۔ مَشَنَ الجارِيَةَ: جماع کرنا (—— وامْتَشَنَ) النَّاقَةَ: سارا دودھ دوہنا صفت مَاشِن ج مُشَّن۔ وامْتَشَنَ السَّيْفَ: تلوار سونتنا —— الشَّيءَ: اچک کر اپنے لئے لے لینا —— ثَوْبَهُ: کپڑا چھین لینا۔

مَشَّنَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بدکتے ہوئے دودھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَمَاشَنَا جِلْدَ الظَّرِبَانِ: بدترین قسم کی آپس میں گالی گلوچ کرنا۔

المِشَان والمُشَّان۔ ایک قسم کی کھجور یا عمدہ کھجور۔

اِسْتَمْشَى الرَّجُلُ: مسہل دوا پینا۔ اور کہا جاتا ہے اِسْتَمْشَى بِهٰذَا جبکہ کوئی شخص مسہل لے۔

المَشْو والمَشُوّ والمَشِيّ والمَشَاء۔ دست آور دوا۔

مَشَى (ض) مَشْيًا وتَمْشَاءً۔ چلنا۔ بہت مویشی والا ہونا — زَيْدٌ: ہدایت پانا اور اسم المِشْيَۃ (— مَشَاءً) المَرْأَۃُ او المَاشِيَۃُ: بہت بچوں والی ہونا — بِالنَّمِيمَۃِ: چغل خوری کرنا۔ بَطْنُہٗ: پیٹ چلنا۔

مَشَّى تَمْشِيَۃً۔ چلنا — الرَّجُلَ: چلانا۔

اَمْشَى الرَّجُلَ: چلانا۔ اَمْشَاہُ الدَّوَاءُ: دست لانا — و(اَمْشَى) بہت مویشی کے بچوں والا ہونا۔

مَاشَاہُ مُمَاشَاۃً۔ ساتھ چلنا۔

تَمَشَّى۔ چلنا۔

تَمَاشَيَا۔ باہم مل کے چلنا۔

المِشْيَۃ۔ چال۔

المَشِيئَۃ۔ ارادہ۔ خواہش۔

المَاشِي ج مُشَاۃٌ ومَاشُونَ۔ چوپائے والا۔ المَشَّاۃ: چغل کھانے والے — مِنَ العَسْكَرِ: پیدل دستہ۔

المَاشِيَۃ۔ ماشی کا مؤنث۔ مویشی۔ ج مَوَاشِي۔

المَشَّاء۔ بہت چلنے والا۔ چغل خور۔

المُتَمَشَّى۔ چلنے کی جگہ۔ غلام گردش ج تَمَاشٍ

مَصَّ (س ن) مَصًّا وتَمَصَّصَ وامْتَصَّ چوسنا۔

اَمَصَّ اللَّبَنَ: چوسانا۔

المَصّ۔ مع قَصَبُ المَصِّ: گنا۔

المُصَّۃ والمُصَاص مِنَ الشَّيْءِ: خالص۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ كَرِيمُ المُصَاصِ وہُوَ مُصَاصُ قَوْمِہٖ جبکہ نسب کے لحاظ سے خالص ہو۔ اور اس میں واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب برابر ہیں۔

المُصَاصَۃ۔ جو چیز چوسی جائے۔

المَصَّاص۔ بہت چوسنے والا۔ پچھنے لگانے والا۔

المَصَّان۔ کمینہ۔ کمینگی کی وجہ سے بھیڑ بکری کے تھن میں منہ لگا کر چوسنے والا۔ اور گالی کے موقع پر مرد کے لئے یَا مَصَّان اور عورت کیلئے یَا مَصَّانَۃ کہا جاتا ہے۔ المَصَّان: پچھنے لگانیوالا۔

المُصَّان۔ گنا۔

المَصُوص۔ پختہ گوشت جو سرکہ میں ڈالا جائے۔

المَصِيصَۃ۔ پیالہ۔

مَصِيصُ الثَّرَى: نمناک مٹی یا ریت۔

المِمَصّ۔ چوسنے کا آلہ۔

مَصَتَ (ن) مَصْتًا الجَارِيَۃَ: جماع کرنا۔ النَّاقَۃَ: ہاتھ ڈال کر بچہ دانی کو صاف کرنا۔

مَصَحَ (ف) مَصْحًا ومُصُوحًا الشَّيْءُ: جاتا رہنا۔ منقطع ہونا — بِالشَّيْءِ: لیجانا۔ مَصَحَتِ الدَّارُ: گھر کا نشان مٹ جانا۔ مَصَحَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا ہونا — النَّبَاتُ: نباتات کا مرجھانا — الكِتَابُ: کتاب کا مٹنا یا مٹنے کے قریب ہونا — لَبَنُ النَّاقَۃِ: اونٹنی کے دودھ کا ختم ہونا۔ مَصِحَ (ف) ومَصِحَ (س) مَصَحًا الظِّلُّ: کم یا تنگ ہونا صفت اَمْصَح۔

مَصَحَ ومَصَّحَ واَمْصَحَ اللّٰہُ مَرَضَكَ: صحت دینا۔ مرض کو زائل کرنا۔

المُصَاحَات۔ اونٹنی کے بچوں کی کھالیں جن میں کچھ بھر کر اونٹنی کے سامنے کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ وہ سمجھے کہ اپنا ہی بچہ کھڑا ہے۔

مَصَخَ (ن) مَصْخًا الشَّيْءَ: کھینچنا۔

تَمَصَّخَ وامْتَصَخَ الشَّيْءَ: کھینچ کر نکالنا۔

وامْتَصَخَ الشَّيْءُ مِنَ الشَّيْءِ: جدا ہونا۔

اِمْتَصَخَ الوَلَدُ: ماں کے پیٹ سے جدا ہونا۔

الاُمْصُوخَۃ۔ بردی کا سفید گودا۔ ثمام اور نصی کے پتے ج اُمْصُوخ وأمَامِيخ (بردی، ثمام اور نصی یہ سب نباتات کی قسمیں ہیں)

المَصْوُوخَۃ۔ بکری جس کے تھن کی جڑ ڈھیلی پڑ گئی ہو۔

المُصَّاخ۔ ایک قسم کی نباتات جس کے چھلکے پیاز کے مانند ہوتے ہیں۔

مَصَدَ (ن) مَصْدًا الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّہٖ: بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا — الشَّيْءَ: چوسنا الرَّجُلَ: مطیع و فرماں بردار کرنا۔

المَصَاد بلندپشتہ۔ پہاڑ کی چوٹی ج اَمْصِدَۃ ومُصْدَان۔

المَصْد والمَصَد۔ گرمی کی شدت بڑی کی زیادتی۔ بادل کی گرج۔ بارش۔ بلندپشتہ۔

المَصْدَۃ۔ بارش۔

مَصَرَ (ن) مَصْرًا النَّاقَۃَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

مَصَّرَ العَطِيَّۃَ: بند کر دینا یا تھوڑا تھوڑا دینا مَصَّرُوا المَكَانَ: شہر بنانا — الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا۔

تَمَصَّرَ المَكَانُ: شہر ہونا — الشَّيْءُ او العَطَاءُ: کم ہونا — القَوْمُ: پراگندہ ہونا — الشَّيْءَ: پیچھا کرنا۔ تلاش کرنا — وامْتَصَرَ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو انگلیوں کے اطراف سے دوہنا۔

المَاصِر۔ نا۔ دو چیزوں کے درمیان روک نَاقَۃٌ او شَاۃٌ مَاصِرٌ: کم دودھ والی اونٹنی یا بکری یا وہ جس کا دودھ دیر میں نکلے۔

المِصْر۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ دو ملکوں کے درمیان کی سرحد۔ شہر۔ گوشہ۔ ج اَمْصَار ومُصُور ومِصْر: ملک مصر۔ المِصْرَان: کوفہ و بصرہ۔

المِصْرِيّ۔ منسوب اِلَى مِصْر۔ مصر کا رہنے والا مؤنث مِصْرِيَّۃ ج مَصَارٍ ومَصَارِيّ۔ کہا جاتا ہے حُمُرٌ مَصَارٍ ومَصَارِيّ۔

المَصُور مِنَ الإِبِلِ او الشَّاءِ: وہ اونٹنی یا بکری جس کا دودھ دیر میں نکلے۔ ج مِصَار ومَصَائِر عَطَاءٌ مَصُورٌ: تھوڑا عطیہ۔

الْمَصِيْرُ۔ آنت۔ ج اَمْصِرَةٌ و مُصْرَان۔ جج مَصَارِيْن۔
الْمُمَصَّرُ۔ گیرو سے رنگا ہوا۔
الْمُمَصَّرَةُ۔ الْمُمَصَّر کا مؤنث۔ کتے ہوئے سوت کا گولا۔
مَصْطَكَ الدَّوَاءَ: دوا میں مصطگی ملانا۔
الْمَصْطَكِي والْمُصْطَكِي والْمُصْطَكَاء مصطگی۔ ایک مشہور دوا کا نام ہے (دخیل)
مَصَعَ (ن) مَصْعًا الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ الدَّابَّةُ بِذَنَبِهَا: چوپایہ کا دم ہلانا — فُلَانًا: کوڑا وغیرہ مارنا — الْفَرَسُ: آہستہ سے گذرنا۔ الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا — الْمَرْأَةُ بِالْوَلَدِ: بچہ گرا دینا — فُؤَادُ فُلَانٍ: جلد بازی یا خوف سے دل کا پراگندہ ہونا — هُ: ملنا (— مُصُوْعًا) لَبَنُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دودھ کم ہونا یا سوکھ جانا۔ ناقہ کی صفت مَاصِعٌ و مَاصِعَةٌ — مَاءُ الْحَوْضِ: حوض کا پانی کم ہونا — الرَّجُلُ فِي الْأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔
اَمْصَعَ الطَّائِرُ بِذَرْقِهِ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔ — الْعَوْسَجُ: درخت عوسج کا پھل نکلنا — الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا: تھوڑا دودھ پلانا و اَمْصَعَتْ بِهِ: بچہ گرا دینا — الْقَوْمُ: بے دودھ والی اونٹنیوں والا ہونا — لِفُلَانٍ بِحَقِّهِ: اقرار کرنا۔
مَصَّعَ الْقَضِيْبَ: چھال کو ٹہنی پر خشک ہونے کے لئے چھوڑ دینا۔
مَاصَعَ مِصَاعًا و مُمَاصَعَةً۔ جنگ کرنا۔ مقابلہ کرنا — ہٗ بِہٖ: تلوار وغیرہ سے مارنا — بِلِسَانِهِ: تہمت لگانا۔
تَمَاصَعَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: باہم جنگ کرنا
اِمَّصَعَ و اِمْتَصَعَ فِي الْأَرْضِ: جانا۔ سفر کرنا۔ اِمْتَصَعَ الْحِمَارُ: گدھے کا کان کھڑے کرنا
الْمَصْع مص۔ اٹکنا۔ پھینکا جانا۔
الْمُصْعَةُ و الْمُصَعَةُ۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ عوسج درخت کا پھل۔ ج مُصَعٌ و مُصَعٌ۔
الْمَاصِعُ۔ فا۔ کھاری پانی۔ کم۔ گدلا۔ چمکیلا۔

پشت پھیرنے والا۔ مؤنث مَاصِعَةٌ۔
الْمِصْعُ۔ تلوار باز۔ لڑکا جو بچے ہوئے کپڑوں سے کھیل رہا ہو۔
الْمَصُوْعُ۔ خوف زدہ مرد۔
مَصَلَ (ن) مَصْلًا اللَّبَنَ: پانی ٹپکنے کے لئے کپڑے میں لٹکانا — مَالَهُ: مال کو لغویات میں خرچ کرنا (— مَصْلًا و مُصُوْلًا) الْجُبْنُ وَنَحْوُهُ: ٹپکنا — الْجُرْحُ: زخم کا رسنا۔
اَمْصَلَ مَالَهُ: مال تباہ کرنا۔ لغویات میں خرچ کرنا — الْغَنَمُ: سارا دودھ دوہ لینا۔
اَمْصَلَتِ الْمَرْأَةُ: ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْصِلٌ
الْمَصْلُ۔ مص (— والْمُصَالَةُ والْمُصَالَةُ) مِنَ اللَّبَنِ وَنَحْوِهِ: دودھ وغیرہ سے ٹپکا ہوا پانی الْمُصَالَةُ: تھلیا یا مٹکے سے جو ٹپکے۔
الْمَاصِلُ۔ فا۔ تھوڑا دودھ یا تھوڑا عطیہ۔
الْمَصْلَاءُ۔ باریک بازوؤں والی عورت
الْمِمْصَلُ۔ دودھ وغیرہ سے پانی ٹپکانے کا برتن۔ لغویات میں مال کو تباہ کرنے والا۔
مَصْمَصَ الْمَاءَ: زبان کے کنارے سے حرکت دینا — الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔ صاف کرنا
الْمُصَامِصُ۔ ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے إِنَّهُ لَمُصَامِصٌ فِي قَوْمِهِ: وہ اپنی قوم میں خالص النسب ہے۔
مَضَّ (س ن) مَضًّا و مَضِيْضًا الْجُرْحُ فُلَانًا: دردمند کرنا۔ تکلیف پہنچانا — الْكُحْلُ الْعَيْنَ بِحِدَّتِهِ: سرمہ کا آنکھ میں جلن پیدا کرنا — الْخَلُّ فَاهُ: سرکہ کا منہ کو جلا دینا — الشَّيْءُ فُلَانًا: تکلیف دہ غم میں مبتلا کرنا (— مَضًّا) الشَّيْءَ: چوسنا
مَضَّ (س) مَضَضًا مِنَ الشَّيْءِ: دردمند ہونا (— مَضَضًا و مَضَاضَةً و مَضِيْضًا) مصیبت کے دکھ سے دردمند ہوا۔
اَمَضَّهُ الْأَمْرُ: دردمند کرنا۔ جلن پیدا کر دینا
اَمَضَّهُ الْجُرْحُ وَنَحْوُهُ: دردمند کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ اَمَضَّنِيْ كَلَامُ فُلَانٍ: فلاں کی گفتگو نے مجھ کو تکلیف پہنچائی اَمَضَّ جِلْدَهُ: اسکی کھال کھجلائی

مَاضَّهُ مِضَاضًا۔ لعنت ملامت کرنا۔
مَضْمَضَ تَمْضِيْضًا۔ بہت کھاری پانی پینا۔ کھٹا دودھ پینا۔
تَمَاضَّ الْقَوْمُ: باہم جھگڑا کرنا۔
الْمَضُّ۔ مص۔ كُحْلٌ مَضٌّ: تیز جلن پیدا کرنے والا سرمہ۔ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْبِ: تکلیف دہ مار پیٹ والا مرد۔
الْمِضُّ۔ ہونٹوں سے نہیں کے مانند کلمہ نکالنا اور کچھ امید بھی دلانا۔
مِضٍّ و مِضِّ و مِضٌّ بِنِیْ و مِضًّ مع التنوین: کلمہ ہے جو لا نفی کے معنی میں مستعمل ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ کچھ امید بھی ہو۔
الْمَضَّةُ اسم مرۃ۔ مؤنث الْمَضّ۔ اِمْرَأَةٌ مَضَّةٌ: عورت جو کسی مکروہ و مصیبت کو برداشت نہ کرسکے۔ أَلْبَانٌ مَضَّةٌ: کھٹے دودھ۔
الْمَضَضُ۔ مص۔ مصیبت کی تکلیف۔ کھٹا دودھ۔
الْمَضَاضُ۔ جلن۔
الْمُضَاضُ۔ خالص۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مِنْ مُضَاضِ الْقَوْمِ فلاں قوم کا خالص ہے۔ بہت کھاری پانی جو پیا نہ جاسکے۔ آنکھ کی جلن۔
الْمَضَّاضُ۔ جلانے والا۔
مَضَحَ (ف) مَضْحًا و اَمْضَحَ عِرْضَهُ: عیب لگانا۔ مَضَحَ عَنْهُ: دفع کرنا — الشَّمْسُ: شعاع پھیلنا — الْإِبِلُ: اونٹوں کا منتشر ہونا — الْمَزَادَةُ: رسنا۔
مَضِدَ (س) مَضَدًا۔ کینہ رکھنا۔
مَضَرَ (ن) و مَضُرَ (ک) و مَضِرَ (س) مَضْرًا و مَضَرًا و مُضُوْرًا النَّبِيْذُ و اللَّبَنُ: نبیذ یا دودھ کا کھٹا ہونا۔
مَضَّرَهُ قبیلہ مضر کی طرف نسبت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے مَضَّرَ اللّٰهُ الثَّنَاءَ: اللہ نے اس کی تعریف اچھی بنائی۔ مَضَّرَ مُضَرَ: ہلاک کرنا۔
تَمَضَّرَ قبیلہ مضر کی طرف منسوب یا اس کے مشابہ ہونا۔ قبیلہ مضر کی جنبہ داری کرنا۔ تَمَضَّرَتْ

المَدِيْشَةُ: جانور کا موٹا ہونا۔
لَبَنٌ مَضِرٌ وَمَاضِرٌ وَمَضِيْرٌ۔ کھٹا دودھ
وَعَيْشٌ مَضِرٌ: آسودہ زندگی اور کہا جاتا ہے ذَهَبَ
دَمُهُ خِضْرًا مِضْرًا اور خَضِرًا مَضِرًا یعنی اس کا خون
رائیگاں گیا۔ اَخَذَهُ خِضْرًا مِضْرًا وَخَضِرًا مَضِرًا
یعنی اس نے اس کو تر و تازہ لیا یا بلا قیمت لیا۔
المَضِيْرَةُ۔ ایک قسم کا کھانا جو کھٹے دودھ کر
تیار کیا جاتا ہے۔
المُضَارَةُ مِنَ اللَّبَنِ: کھٹے دودھ کا پانی
مَضَغَ (ن ف) مَضْغًا الطَّعَامَ: چبانا۔
مَاضَغَهُ القِتَالَ او الخُصُوْمَةَ: دیر تک
لڑنا یا جھگڑنا۔
اَمْضَغَهُ و مَضَّغَهُ۔ چبوانا۔ اَمْضَغَ الثَّمَرُ:
پھل کا چبانے کے قابل ہونا۔ اَمْضَغَ اللَّحْمُ: گوشت
کا لذیذ ہونا اور کھایا جانا۔
المَضَاغُ: چبانا۔ — والمُضَاغَةُ: جو چیز
چبائی جائے۔ کہا جاتا ہے مَا عِنْدَنَا مَضَاغٌ ہمارے
پاس چبانے کے لئے کوئی چیز نہیں۔ المُضَاغَةُ:
چباتے چباتے آخر میں جو منہ میں باقی رہ جائے۔
المَاضِغُ۔ فا۔ ج مُضَّغٌ۔
المُضْغَةُ۔ گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مُضَغٌ
وَمُضَغُ الاُمُوْرِ والجِرَاحَاتِ: معمولی اور چھوٹے
چھوٹے کام۔
المَضِيْغَةُ۔ ہڈی سے لگا ہوا گوشت۔ جبڑا
عضلہ۔ ج مَضِيْغٌ و مَضَائِغُ۔
المَضَّاغَةُ۔ بیوقوف۔ بہت چبانے والا۔
المَاضِغَانِ و المَاضِغَتَانِ۔ دونوں جبڑے
المَوَاضِغُ۔ ڈاڑھیں۔
مَضْمَضَ مَضْمَضَةً و مِضْمَاضًا و
مَضْمَاضًا المَاءَ فِي فِيْهِ: پانی کو منہ میں پھرانا —
الثَّوْبَ وغیرہ: دھونا — و تَمَضْمَضَ النُّعَاسُ
فِي عَيْنَيْهِ: اونگھ کا اثر آنکھوں میں ہونا۔ تَمَضْمَضَ
الكَلْبُ فِي اَثَرِهِ: کسی کے پیچھے کتے کا بھونکنا۔
المِضْمَاضُ۔ جلن۔ ہلکا پھلکا مرد۔ نیند۔
المَضْمَضَةُ۔ مص۔ سانپ وغیرہ کی آواز۔ کلی

مَضَى يَمْضِي مَضَاءً يَمْضُو مُضُوًّا و
مُضِيًّا الشَّيْءُ: گذر جانا — مَضَى سَبِيْلَهُ و
لِسَبِيْلِهِ: مرنا۔
مَضَى يَمْضِي يَمْضُو مَضَاءً و مُضُوًّا
عَلَى الاَمْرِ: مداومت کرنا۔ جاری کرنا اور پورا کرنا۔
جس امر کو پورا کیا جائے اس کو مَمْضُوٌّ عَلَيْهِ کہتے ہیں۔
عَلَى البَيْعِ: بیع کو جائز رکھنا۔ مَضَى مَضَاءً السَّيْفُ:
کاٹنا۔
اَمْضَى اِمْضَاءً الاَمْرَ: انجام کو پہنچانا۔ کہا
جاتا ہے اَمْضَى الحَاكِمُ حُكْمَهُ: حاکم نے اپنے فیصلہ کو نافذ
کیا — البَيْعَ: بیع کو جائز رکھنا۔ اور اسی سے
ہے اِمْضَاءُ الصُّكُوْكِ والرَّسَائِلِ یعنی دستخط کرنا۔
اور کہا جاتا ہے اَمْضَيْتُ لَهُ یعنی میں نے اس کو
تھوڑی غلطی پر چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ انتہائی
غلطی میں مبتلا ہو گیا پھر ایسے موقع پر اسکو سزا دی
گئی کہ اسکے لیے کوئی عذر باقی نہ رہا۔
مَضَّى تَمْضِيَةً الاَمْرَ: نافذ کرنا۔
تَمَضَّى الاَمْرُ: نافذ ہونا۔ پورا ہونا —
الرَّجُلُ: آگے بڑھنا۔
المُضُوَاءُ۔ آگے بڑھنا۔ کہا جاتا ہے مَضَى
عَلَى مُضُوَائِهِ وہ اپنی پیش قدمی میں آگے رہا۔
المَاضِي۔ فا: گذشتہ زمانہ — عِنْدَ النُّحَاةِ
وہ فعل جو گذرے ہوئے زمانہ پر وضعا دلالت کرے
المَاضِي: تلوار۔ ج مَوَاضٍ۔
المِضْيَاءُ۔ پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے۔
اَنْتَ مِضْيَاءٌ عَلَى مَا عَزَمْتَ عَلَيْهِ تم اپنے ارادہ کو پورا
کرنے والے ہو۔
مَطَّ (ن) مَطًّا الشَّيْءَ: پھیلانا — الدَّلْوَ:
ڈول کھینچنا — خَدَّهُ: تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
مَطَّ شِدْقَهُ اس نے گفتگو میں چرب زبانی کی
الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ: پرندہ کا بازو پھیلانا — خَطْوَهُ
او خُطْوَتَهُ: دراز کرنا۔
مَطْمَطَ الشَّيْءَ: سخت کھینچنا — الرَّجُلُ: ٹال دینا
تَمَطْمَطَ۔ کھینچنا۔ چھٹنا۔ کہا جاتا ہے نَبِيذٌ وَدِبْسٌ
يَتَمَطْمَطُ لِخُثُوْرَتِهِ شیرہ ہے جو گاڑھا ہونے کی وجہ کر

چھٹتا ہے۔ — فِي الكَلَامِ: رنگ برنگ کی گفتگو کرنا۔
المَطَاطُ۔ اونٹ کا گاڑھا کھٹا دودھ۔
المُطَّاطُ۔ ربڑ۔
المُطَيْطَى والمُطَيْطَاءُ والمِطِيْطَاءُ۔
مغرورانہ چال۔ چلنے میں دونوں ہاتھ کا پھیلانا۔
المَطِيْطَةُ۔ گدلا۔ گاڑھا پانی۔ ج مَطَائِطُ۔
مَطَأَ (ف) مَطْأً الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَطَحَ (ف) مَطْحًا بِيَدِهِ: مارنا۔
تَمَطَّحَ و اِمْتَطَحَ الوَادِي: بہت اور بلند
پانی والی ہونا۔
مَطَخَ (ف) مَطْخًا العَسَلَ: شہد چاٹنا —
الرَّجُلَ بِيَدِهِ: مارنا — عِرْضَهُ: آبرو کو داغدار
کرنا۔
المَاطِخُ۔ فا۔ سست رفتار گھوڑا۔
المَطَّاخُ۔ بیوقوف۔ مغرور۔ فحش گو۔ جھوٹا
اور جھوٹے سے کہا جاتا ہے مَطِّخْ مَطِّخْ اور مَطِّخْ مَطِّخْ۔
یعنی تیرا قول باطل ہے۔
مَطَرَتْ (ن) مَطْرًا و مَطَرًا اَمْطَرَتْ
السَّمَاءُ: بارش ہونا — السَّمَاءُ القَوْمَ: پانی برسانا
و اَمْطَرَ الرَّجُلُ: پیشانی پر پسینہ والا ہونا۔ بارش میں
ہونا۔ کہا جاتا ہے كَلَّمْتُ فُلَانًا فَاَمْطَرَ وَاسْتَمْطَرَ
میں نے فلاں سے گفتگو کی تو اس نے سر جھکا لیا
اور اس کی پیشانی پر پسینہ آ گیا۔ اَمْطَرَ المَكَانَ:
بارش شدہ پانا۔
مَطَرَ (ن) مُطُوْرًا و مَطْرًا۔ الفَرَسُ:
گھوڑے کا تیز دوڑنا — القِرْبَةَ: مشک کو بھرنا
— الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اترنا کہا جاتا ہے
ذَهَبَ وَلَا اَدْرِي مَنْ مَطَرَ بِهِ: وہ گیا اور میں نہیں
جانتا کہ اس کو کس نے پکڑ لیا — مُطُوْرًا
فِي الاَرْضِ: جانا — العَبْدُ: بھاگنا — الشَّيْءُ:
بلند ہونا۔
تَمَطَّرَ۔ بارش کے سامنے ہونا۔ بارش طلب
کرنا — الرَّجُلُ فِي الاَرْضِ: جانا —
الطَّيْرُ: پرندہ کا تیزی سے اترنا — بِهِ فَرَسُهُ:
لے کے تیز دوڑنا۔ تَمَطَّرَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا

تیزی سے آنا اور سبقت کی کوشش کرنا۔
اِسْتَمْطَرَ اللّٰہَ: بارش طلب کرنا ــــ المَکَانُ اَو الزَّرْعُ: بارش کے قابل ہونا ــــ الرَّجُلُ: بارش سے چھپنا۔ خاموش رہنا ــــ ثَوْبَہٗ: برساتی پہننا۔ اِسْتَمْطَرَ فُلَانًا و مِنْ فُلَانٍ: عنایت و کرم کی التجا کرنا ــــ لِلسِّیَاطِ: کوڑوں کے درپے ہونا اور صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے لَا تَسْتَمْطِرِ الخَیْلَ: گھوڑوں کے درپے مت ہو۔
المَطَرُ۔ بارش ج اَمْطَار۔
المُطْرُ۔ چینا کا خوشہ۔ عادت۔
المَطْرَۃُ۔ بارش کی ایک بوچھار ــــ (والمُطْرَۃُ والمَطَرَۃُ) عادت۔ المَطَرَۃُ: مشک۔ حوض کا وسط
المَطَّارُ والمَطَّارَۃُ مِنَ الاَبَارِ: چوڑے منہ کا کنواں۔
المِطَّارُ مِنَ الخَیْلِ: بہت تیز رفتار گھوڑا۔
المَطِرُ والمَاطِرُ والمَطِیْرُ۔ بارش والا۔
المَطِیْرُ: جس پر بارش ہو۔
سَحَابٌ مِنْطَارٌ۔ موسلا دھار برسنے والا بادل۔
المِمْطَرُ والمِمْطَرَۃُ۔ برساتی۔ عوام مشمع کہتے ہیں۔
المُتَمَاطِرُ۔ بادل جو تھوڑی دیر برسے اور پھر رک جائے۔
المُتَمَطِّرُ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ تیز رفتار گھوڑے کا سوار۔ بارش کے بعد سیر کو نکلنے والا۔ کہا جاتا ہے خَرَجَ مُتَمَطِّرًا یعنی بارش کے بعد سیر کو چلا۔
المُسْتَمْطِرُ۔ فا۔ بارش کا منتظر۔
المُسْتَمْطَرُ۔ مفع۔ بارش کیلئے کھلا میدان
المَطْرَانُ والمِطْرَانُ۔ پادریوں کا ایک بڑا عہدہ ج مَطَارِنَۃٌ و مَطَارِیْنُ۔
مَطَزَ (ن) مَطْزًا الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔
مَطَسَ (ض) مَطْسًا العَذِرَۃَ: یکبارگی پاخانہ کرنا ــــ وَجْہَہٗ: چہرہ پر طمانچہ مارنا۔
مَطَعَ (ف) مَطْعًا و مُطُوْعًا فِی الاَرْضِ: جانا اور گم ہونا ــــ الشَّیْءَ: اگلے دانتوں سے کھانا۔

المَاطِعُ۔ فا۔ خالص۔ کہا جاتا ہے بَیَاضٌ مَاطِعٌ نَاطِعٌ: خالص سفید۔
تَمَطَّقَ الطَّعَامَ: چکھنا ــــ الرَّجُلُ: چٹخارہ لینا۔ تَمَطَّقَتِ القَوْسُ: کمان کا پھٹنا۔
المُطْقَۃُ۔ مٹھاس۔ کہا جاتا ہے تَمْرٌ لَہٗ مُطْقَۃٌ ان کے چھوارے میں مٹھاس ہے کہ کھانیوالا چٹخارہ لیتا ہے۔
مَطَلَ (ن) مَطْلًا الحَبْلَ: رسی تاننا ــــ الحَدِیْدَۃَ: لوہے کو کوٹ کے بڑھانا۔ پگھلا کر چوڑا کرنا ــــ ہٗ حَقَّہٗ و بِحَقِّہٖ: ٹال مٹول کرنا ــــ الدَّیْنَ: قرض کی ادائگی میں تاخیر کرنا۔
اِمْتَطَلَہٗ حَقَّہٗ: ٹال مٹول کرنا۔ اِمْتَطَلَ السَّحَابُ: لمبا اور گنجان ہونا۔
اِمْطَلَّ الشَّیْءُ: دراز ہونا۔
المُطْلَۃُ والمَطْلَۃُ۔ حوض کی تہ میں بقیہ پانی
المُطْلَۃُ۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ جو مشک سے گرے۔
المِطَالَۃُ۔ لوہے کے پگھلانے کا پیشہ۔
المَطَّالُ۔ لوہے کو پگھلانے اور چوڑا کرنے والا (ــــ والمَطُوْلُ) بہت ٹالنے والا۔
المَطِیْلَۃُ۔ کوٹ پیٹ کے چوڑا کیا ہوا لوہا۔
المِمْطَلُ۔ چور۔ لوہار کا گھن۔
المَمْطُوْلُ۔ مفع۔ لمبا کیا ہوا۔ پھیلایا ہوا ٹالا ہوا۔
مَطْمَطَ۔ گفتگو یا لکھنے میں سستی کرنا۔
تَمَطْمَطَ المَاءُ: گاڑھا ہونا۔
مَطَا یَمْطُوْ مَطْوًا۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ بِالقَوْمِ: دیر تک چلانا۔
مَطِیَ یَمْطَیٰ مَطًا۔ پھیلنا اور لمبا ہونا۔
اَمْطَی الدَّابَّۃَ: جانور پر سوار ہونا۔ سواری بنانا۔ اَمْطَاہُ الدَّابَّۃَ: سوار کرانا۔
اِمْتَطَی الدَّابَّۃَ: سوار ہونا۔
تَمَطَّی۔ پھیلنا اور لمبا ہونا ــــ الرَّجُلُ: چلنے میں ہاتھوں کو پھیلانا اور انگڑائی لینا۔
المَطَا۔ مع پیٹھ۔ تثنیہ مَطَوَان ج اَمْطَاءٌ۔

المَطْوُ والمِطْوُ۔ شاخ جس کو چیر کر گٹھا باندھا جائے۔ ج مِطَاءٌ و اَمْطَاءٌ و مُطِیٌّ۔ المِطْوُ: ساتھی۔ نظیر۔ کھجور کا گچھا۔ چینا کی بالی ج مِطَاءٌ و
المُطَوَاءُ۔ بروزن غُلَوَاءُ۔ انگڑائی۔ لمبائی
المَطْوَۃُ۔ مطا کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے مَضَتْ مَطْوَۃٌ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا کچھ حصہ گذر گیا۔
المَطِیَّۃُ۔ سواری۔ مذکر مؤنث دونوں کے لئے ہے بعیر اور ناقہ دونوں کو مطیۃ کہتے ہیں۔ ج مَطَایَا و مَطِیٌّ۔
الاَمْطِیُّ۔ سیدھے لمبے قد والا۔ ایک قسم گوند کی جو کھایا جاتا ہے۔
مَظَّہٗ (ن) مَظًّا۔ ملامت کرنا۔
مَاظَّہٗ مِظَاظًا و مُمَاظَّۃً۔ جھگڑا کرنا۔ گالی دینا۔ مَاظَّ الخَصْمَ: چمٹے رہنا۔
اَمَظَّہٗ۔ گالی دینا۔
تَمَاظُّوا۔ باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔
المَظُّ۔ مع۔ جنگلی انار کا درخت۔ ایک قسم کے گوند کا سرخ رنگ کا عصارہ۔
المَظْمَظَۃُ۔ سختی و بدمزاجی۔
مَظَعَ (ف) مَظْعًا و مَظَّعَ الوَتَرَ: تانت کو خشک اور چکیلا کرنا۔
تَمَظَّعَ الاَکُوْلُ: سب کا سب چاٹ جانا۔ ــــ الظِّلَّ: سایہ ڈھونڈھتے پھرنا ــــ فِی الرَّعْیِ: چرانے کے وقت سے دیر کرنا۔
المُظْعَۃُ۔ گھاس کا بقیہ۔
المُظْعَۃُ۔ باقی ماندہ گفتگو۔
مَعَ و مَعْ۔ اسم ہے جو مضاف ہو کر مستعمل ہے اور ظرف ہے اور اس وقت اس کے تین معانی ہوتے ہیں۔
(۱) اجتماع اور مصاحبت جیسے اَللّٰہُ مَعَکُمْ اور اَفْعَلُ ہٰذَا مَعَ ہٰذَا۔
(۲) وقت اجتماع جیسے جِئْتُکَ مَعَ العَصْرِ۔
(۳) بمعنے عند۔ جیسے جِئْتُ مِنْ مَعِ القَوْمِ۔ اور بلا مضاف ہوتے بھی مستعمل ہے اس وقت اس پر تنوین آتی ہے اور حال واقع ہوتا ہے اور یہی تثنیہ

اور جمع کے لئے بھی آتا ہے۔ جیسے جَاءَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو مَعًا۔ چنانچہ مَعًا اور نسبت کے لئے مَعِیّ اور اسی کو واوِ معیت ہے۔

مَعَّ (ن) مَعًّا الشَّحْمُ: چربی کا پگھلنا۔

مَعَتَ (ن) مَعْتًا الشَّیْءَ: مَلنا دلنا۔

مَعَجَ (ن) مَعْجًا الفَرَسُ: نرمی کے ساتھ تیز رفتار ہونا۔ صفت مَعُوج۔ مَعَجَ البَحْرُ: سمندر کا موج مارنا ـــ السَّیْلُ: سیلاب کا تیز بہنا ـــ بِالقَلَمِ فِی الدَّوَاةِ: قلم کو روشنائی لگنے کیلئے دوات میں ہلانا ـــ الفَصِیْلُ ضَرْعَ اُمِّہٖ: اونٹ کے بچہ کا دودھ اتارنے کے لئے تھن پر سر مارنا۔ اور کہا جاتا ہے اَلرِّیْحُ تَمْعَجُ فِی النَّبَاتِ ہوا پودوں کو ادھر اُدھر کر رہی ہے ـــ الجَارِیَةَ: جماع کرنا ـــ الرَّجُلَ: جنگ کرنا۔ تلوار مارنا۔ تَمَعَّجَتِ النَّبَاتُ: لہلہانا۔

تَمَعَّجَ السَّیْلُ او الحَیَّةُ: سیلاب یا سانپ کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔

المَعْج مص۔ اضطراب۔ مقاتلہ۔ نرمی سے ہوا کا چلنا۔

المَعْجَة۔ مَعَجَ کا اسم مرۃ۔ جوانی کا آغاز۔ کہا جاتا ہے فَعَلَ ذٰلِکَ فِی مَعْجَةِ شَبَابِہٖ اس نے یہ اپنی جوانی کے شروع میں کیا۔

المَعَّاج اسم مبالغہ۔ حِمَارٌ مَعَّاجٌ: دوڑنے میں اِدھر اُدھر ہونے والا گدھا۔

رِیْحٌ مَعُوْجٌ۔ تیز چلنے والی ہوا۔

فَرَسٌ مِمْعَجٌ۔ نرمی کیساتھ تیز رفتار گھوڑا۔

مَعَدَ (ف) مَعْدًا الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔ لیجانا ـــ الشَّیْءَ: جلدی سے کھینچنا ـــ الرُّمْحَ: مرکز سے کھینچنا ـــ فِی الاَرْضِ: دور تک جانا ـــ الشَّیْءُ: تباہ ہونا ـــ لَحْمَہٗ: گوشت کو اگلے دانتوں سے کھانا ـــ السَّیْفَ: تلوار سونتنا ـــ الرَّجُلَ: معدہ پر مارنا ـــ مَعْدًا ومُعُوْدًا بِالشَّیْءِ: لیجانا ـــ الدَّلْوَ دَلْوًا بِہَا: ڈول کھینچنا اور کنوئیں سے نکالنا۔

مُعِدَ۔ درد معدہ والا ہونا۔ صفت مَمْعُوْد۔

اِمْتَعَدَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا لیجانا

المَعْد۔ مص۔ موٹا۔ نرم سبزی۔ تر و تازہ پھل تیز رفتار اونٹ۔ کہا جاتا ہے مَا لَہٗ مَعْدٌ وَلَا مَعْدٌ۔ اس کے پاس نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

المَعَد۔ پیٹ۔ پہلو۔

المَعِدَة والمِعْدَة۔ آنتوں میں پہنچنے سے پہلے کھانا ہضم ہونے کی جگہ۔ ج مِعَد و مَعِد۔

المُتَمَعِّدَة۔ مِنَ الرُّطَبِ: تر و تازہ۔

تَمَعْدَدَ الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا ـــ المَرِیْضُ: بیمار کا صحتیاب ہونا ـــ المَہْزُوْلُ: موٹا ہونے لگنا۔

مَعِرَ (س) مَعَرًا الرَّأْسُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا ـــ النَّاصِیَةُ: پیشانی کے سب بال گرجانا ـــ الظُّفُرُ: ناخن کا چوٹ وغیرہ لگنے سے گرجانا

مَعَرَ: مفلس ہونا ـــ وَجْہُہٗ: چہرہ کا غصہ سے بدلنا۔

اَمْعَرَ الرَّأْسُ او الشَّعْرُ: بال کم ہونا ـــ الرَّجُلُ: محتاج ہوجانا۔ اَمْعَرَتِ الاَرْضُ: کم نباتات والی ہونا ـــ الرَّجُلَ: مال چھین کر فقیر بنا دینا ـــ القَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ بے سبزی والی زمین میں پڑنا ـــ الجَوَاشِیُّ الاَرْضَ: چر کر صاف کر دینا۔

تَمَعَّرَ وَجْہُہٗ: چہرے کا رنگ بدل جانا ـــ رَأْسُہٗ: سر کے بال گرجانا۔

المَعَارَة۔ بدخلقی۔ غصہ کی وجہ سے ترشروئی۔

المَعِر۔ کم بال یا کم پروں والا۔ چوٹ لگنے سے گرنیوالا۔ ناخن۔ بے برکت بخیل مرد۔ کم گوشت والا۔ اَرْضٌ مَعِرَةٌ: کم نباتات والی زمین

الاَمْعَر۔ کم بال والا۔ کم نباتات والی جگہ چمڑے کا موزہ جس کے بال گر گئے ہوں۔ مؤنث مَعْرَاء۔ ج مُعْر۔ نَاصِیَةٌ مَعْرَاءُ: بے بال کی پیشانی

المُتَمَعِّر۔ مص۔ غصہ کی وجہ سے ترش رو۔

مَعِزَ (س) مَعَزًا الشَّیْءُ: سخت ہونا۔ صفت مَعِزٌ وَمَاعِزٌ ـــ الرَّجُلُ: اپنے کام میں کوشش کرنا ـــ وَاَمْعَزَ الرَّجُلُ: بہت بکریوں والا ہونا۔

مَعَزَ (ف) مَعْزًا۔ الرَّاعِی المِعْزَی عَنِ الضَّأْنِ: بکریوں کو بھیڑوں سے جدا کرنا۔

تَمَعَّزَ وَجْہُہٗ: چہرہ کا سکڑنا ـــ البَعِیْرُ: تیز دوڑنا

اِسْتَمْعَزَ۔ کام میں کوشش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا اَمْعَزَہٗ مِنْ رَجُلٍ یعنی کس قدر قوی اور سخت ہے وَمَا اَمْعَزَ رَأْیَہٗ وہ کس قدر مضبوط رائے والا ہے

المَعْز والمَعَز۔ بکری۔ یہ اسم جنس ہے۔ واحد مَاعِز ج اَمْعُز و مَعِیْز۔ المَعَز: زمین کی سختی۔

الاُمْعُوْز ج اَمَاعِز و اَمَاعِیْز والمَعِیْز و المِعْزَی والمَعَاز۔ بکری۔ الاُمْعُوْز: تیس سے چالیس تک ہرنوں کی جماعت۔

المَاعِز۔ فا۔ معز کا واحد جیسے صاحب و صحب بمعنے بکرا بکری۔ اور کبھی بکری کو مَاعِزَة کہتے ہیں۔ جمع مَوَاعِز۔ المَاعِز والمَعِز والمُسْتَمْعِز: اپنے کام میں کوشش کرنیوالا۔ والمَاعِز: بکری۔ بکری کی کھال۔ مرد تیز طبیعت چالاک دوسروں کو منع کرنے والا۔

المِعْزَاة۔ بکری۔

الاَمْعَز۔ بہت کنکر پتھر والی سخت جگہ مؤنث مَعْزَاء ج مُعْز و مَعْزَاوَات و اَمَاعِز۔

المَعَّاز۔ بکری والا۔ بکریوں کا چرواہا۔

المِعْزَی: بخیل جو مال جمع کرے اور سائل کو منع کرے۔

رَجُلٌ مُمَعَّزٌ۔ خلقہٗ سخت کھال والا مرد۔

مَعَسَ (ف) مَعْسًا الشَّیْءَ: سخت ملنا ـــ الرَّجُلَ: بے عزتی کرنا۔ نیزہ مارنا۔

المَعْس۔ دودھ۔ حرکت۔

المِعَاس والمُتَمَعِّس۔ لڑائی میں پیشقدمی کرنے والا۔

مَعِصَ (س) مَعَصًا الرَّجُلُ: موچ والا ہونا یا بہت چلنے سے پٹھوں میں درد والا ہونا۔ صفت مَعِصٌ و مَعِیْصٌ۔

تَمَعَّصَ بَطْنُہٗ: پیٹ کا دردمند ہونا ـــ الرَّجُلُ: شرمندہ ہونا۔

مَعِضَ (س) مَعَضًا و اِمْتَعَضَ مِنَ الاَمْرِ: غضبناک ہونا اور کام کا دشوار ہونا۔ صفت مَعِضٌ و مَاعِضٌ۔

مَعَضَہٗ و اَمْعَضَہٗ - غضبناک کرنا - دردمند کرنا - اَمْعَضَ الشَّیْءُ: جلانا -

مَعَطَ (ن) **مَعْطًا الشَّیْءَ**: کھینچنا — الرِّیْشَ: پر اکھیڑنا — بِحَبْلِ فُلَانٍ: ساتھ دینا — (والسَّیْفَ) واستعط السَّیْفَ: تلوار سونتنا - مَعَطَ الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا — الْجَسَدُ: جسم کا بے بال ہونا -

مَعِطَ (س) **مَعَطًا و تَمَعَّطَ الذِّئْبُ**: بھیڑیئے کا گرے ہوئے بال والا ہونا - صفت مَعِطٌ و اَمْعَطُ -

تَمَعَّطَ و اِمَّعَطَ و انْمَعَطَ و امْتَعَطَ الشَّعْرُ: بیماری کی وجہ سے بال گرجانا - اِمَّعَطَ و امْتَعَطَ النَّہَارُ: دن کا دراز ہونا - اِمْتَعَطَ رُمْحَہٗ: نیزہ کھینچنا -

الْمَعِطُ و الْاَمْعَطُ جسم پر بے بال والا - مؤنث مَعْطَاءُ ج مُعْطٌ - ولِصٌّ اَمْعَطُ: بھیڑیئے کے مشابہ چور - رَمْلٌ اَمْعَطُ: بغیر نباتات کے ریگستان - اَرْضٌ مَعْطَاءُ: بغیر نباتات والی زمین -

مَعَقَہٗ (ن) **مَعْقًا** - ڈگڈگا کے پینا - مَعَقَ السَّیْلُ الْاَرْضَ: سیلاب کا زمین کو بہالے جانا -

مَعِقَ مَعَقًا - الرَّجُلُ: فاسد معدہ والا ہونا -

مَعُقَ (ک) **مَعْقًا و مَعَاقَۃً** النَّہْرُ: گہرا ہونا صفت مَعِیْقٌ مؤنث مَعِیْقَۃٌ -

اَمْعَقَ الْبِئْرَ: کنواں گہرا کھودنا -

تَمَعَّقَ - گہرا ہونا - کہا جاتا ہے تَمَعَّقَ الرَّجُلُ عَلَیْنَا یعنی اس نے ہم سے بدخلقی کی -

الْمَعْقُ و الْمَعَقُ و الْمُعُقُ - گہرائی - ج اَمْعَاقٌ و اَمَاعِقُ و اَمَاعِیْقُ - الْمَعَقُ: بدخلقی - بے نباتات والی زمین -

مَعَکَ (ن) **مَعْکًا الشَّیْءَ**: ملنا — الرَّجُلَ: ذلیل کرنا - بے عزتی کرنا — فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ: غالب آنا - مَعَکَہٗ دَیْنَہٗ و بِدَیْنِہٖ: قرض کی ادائگی کو ٹالنا -

مَعُکَ (ک) **مَعَاکَۃً** - بیوقوف ہونا -

مَعَّکَہٗ - زمین میں لوٹانا -

تَمَعَّکَ - زمین میں لوٹنا -

مَاعَکَہٗ مُمَاعَکَۃً بِدَیْنِہٖ: قرض کی ادائگی کو ٹالنا

الْمَعِکُ - بیوقوف - سخت جھگڑالو (— والْمُمَاعِکُ) قرض کو ٹالنے والا -

اِبِلٌ مَعْکَیٰ - بہت اونٹ -

الْمَعْکُوْکَاءُ گرد و غبار - شور و غوغا - بدی -

مَعَلَ (ت) **مَعْلًا الشَّیْءَ**: چھین لینا - اچک لینا — الْخَشَبَۃَ: لکڑی چیرنا — اَمْرَہٗ: کام کو ساتھیوں سے پہلے کرلینا — الرَّجُلُ: تیز چلنا — الْحِمَارَ: گدھے کو خصی کرنا - مَعَلَ و اَمْعَلَ عَنِ الشَّیْءِ: جلدی سے ہٹا دینا -

اِمْتَعَلَ الرَّجُلُ: پے در پے نیزہ مارنا -

الْمَعِلُ مِنَ النَّاسِ: پھرتیلا جلد باز -

الْمَعْلُ - مع - کہا جاتا ہے مَالَکَ مِنْہُ مَعْلٌ تیرے لئے ضروری ہے -

الْمَعَالَۃُ - بدی -

حِمَارٌ مَمْعُوْلٌ - خصی کیا ہوا گدھا -

مَعْمَعَ - جلدی کام کرنا — الشَّیْءُ الْمُحْتَرِقُ: جلتی ہوئی چیز سے آواز نکلنا — الْقَوْمُ: سخت جنگ کرنا - سخت گرمی میں چلنا — الرَّجُلُ: گفتگو میں لفظ مع اکثر بولنا — السَّمَاءُ الْمَطَرَ عَلَی الْاَرْضِ: سخت بارش گرانا اور زمین کو صاف کردینا -

الْمَعْمَعُ - تیز خاطر عورت - اور کہا جاتا ہے ہُوَ ذُوْ مَعْمَعٍ وہ امور پر صبر کرنے والا ہے -

الْمَعْمَعَۃُ - مع - بانس وغیرہ جلنے کی آواز - لڑائی میں بہادروں کا شور - گرمی کی شدت ج مَعَامِعُ - الْمَعَامِعُ: لڑائیاں اور فتنے -

الْمَعْمَعِیُّ جس کی اپنی کوئی رائے نہ ہو اور ہر ایک سے کہے کہ میں تمہارے ساتھ ہوں -

الْمَعْمَعَانُ و الْمَعْمَعَانِیُّ مِنَ الْاَیَّامِ: سخت گرم - الْمَعْمَعَانُ: سخت گرمی یا سردی - کہا جاتا ہے جَاءَ فِی مَعْمَعَانِ الصَّیْفِ یعنی وہ سخت گرمی میں آیا - وفِی مَعْمَعَانِ الشِّتَاءِ یعنی وہ سخت جاڑے میں آیا -

مَعَنَ (ن) **مَعْنًا النِّعْمَۃَ**: نعمت کی ناشکری کرنا — بِالْحَقِّ: حق کا انکار کرنا - حق کا اقرار کرنا - (ضد)

مَعَنَ (ف) **مَعْنًا و مَعُنَ** (ک) **مُعُوْنًا** الْمَاءُ: آہستہ آہستہ بہنا - صفت مَعِیْنٌ - مَعَنَ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دور تک دوڑنا — الْمَطَرُ الْاَرْضَ: پے در پے بارش ہوکر سیراب کردینا -

مَعِنَ (س) **مَعَنًا الْمَکَانُ** او النَّبْتُ: پانی سے سیراب ہونا -

اَمْعَنَ فِی الطَّلَبِ: ڈھونڈھنے میں بہت مبالغہ کرنا — فِی الْاَمْرِ: معاملے کی گہرائی میں پہنچنا - الضَّبُّ فِی جُحْرِہٖ: گوہ کا سوراخ کے انتہائی حصے میں غائب ہونا — الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں دور دور تک پہنچنا — النَّظَرَ فِی الْاَمْرِ: نہایت غور کے ساتھ سوچنا — الْوَادِیْ: زیادہ بہتے ہوئے پانی والی ہونا — مَالُہٗ: بہت ہونا کم ہونا — بِالْحَقِّ: حق کا انکار کے بعد اقرار کرنا انکار کرنا — الْمَاءَ: پانی کا آہستہ آہستہ بہنا — فُلَانٌ الْمَاءَ: پانی بہانا - اَمْعَنَتِ الْاَرْضُ: زمین کا سیراب ہونا -

تَمَعَّنَ - ذلیل و حقیر ہونا -

الْمَعْنُ - مع - ہر نفع اٹھانے کی چیز - بہت کم - آسان - لمبا - کوتاہ - ادھوڑی - سرخ کھال جو ڈوکری وغیرہ پر لگائی جاتی ہے - بہت مال والا کم مال والا - ذلت - کھلے میدان کا پانی -

الْمَعْنَۃُ - مَعَنَ کا اسم مرۃ - کہا جاتا ہے مَالَہٗ مَعْنَۃٌ وَلَا مَعْنَۃٌ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں -

الْمَعْنِیُّ - بہت مال والا - کم مال والا -

الْمَعَانُ - منزل -

الْمَاعُوْنُ - بارش - پانی - ہر وہ خانگی سامان جس سے خود نفع اٹھایا جائے اور دوسروں کو عاریت پر دیا جائے - (جیسے ہانڈی چمچہ - ڈول رسی وغیرہ وغیرہ) بھلائی - فرمانبرداری - زکوٰۃ — بِعِنْدَ الْعَامَّۃِ: کاغذ کا دستہ یا رم -

الْمَعِیْنُ - بہتا ہوا پانی - اور کہا جاتا ہے مَاءٌ مَعِیْنٌ: جاری پانی - سِقَاءٌ مَعِیْنٌ بہتے ہوئے پانی والا مشکیزہ ج مُعُنَاتٌ و مُعُنٌ -

الْمُعْنَانُ و الْمُعْنَانُ - پانی بہنے کی جگہ، وادی

میں پانی کے نالے۔
کَلأٌ مُمْغُوْن۔ گھاس جس میں پانی جاری ہو
رَوْضٌ مَمْغُوْن: جاری پانی سے سیراب کیا ہوا باغ
تَمَغْنَی یَتَمَغْنَی۔ معنی سمجھنا معنے بیان کرنا۔
مَغَا یَمْغُو مُغَاءً السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
أَمْغَی النَّخْلُ: پکنے کے بعد کچھ خشک کھجوروں والا ہونا ـــ البُسْرُ: گدر کھجور کا خوش مزہ ہونا۔
تَمَغَّی السِّقَاءُ: مشکیزہ کا تن جانا ـــ الشَّرْيَنُ النَّاسَ: برائی کا پھیلنا۔
المَغْوُ۔ تر کھجور جو کچھ خشک ہونے لگے۔ اونٹ کے نچلے ہونٹ کی پھٹن۔
المَغْوُ والمِعَی جو أَمْغَاء۔ والمِعَاءُ جو أَمْعِیَة آنت مذکر ہے اور کبھی مؤنث بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
مَغَثَ (ن) مَغْثًا الدَّوَاءَ فِي المَاءِ: دوا کو پانی میں نرم کرنا ـــ الرَّجُلَ: غیر تکلیف دہ مارنا، پچھاڑنا۔ کہا جاتا ہے مُغِثْتُهُمْ بِلا كُلَّةٍ ان کو پچھاڑ دیا گیا۔ مَغَثَهُ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا۔ مَغَثَ الشَّيْءَ: گدلا کرنا ـــ عِرْضَ فُلَانٍ: عیب لگانا۔
مُغِثَ الرَّجُلُ: بخار زدہ ہونا۔
مَاغَثَهُ مِغَاثًا ومُمَاغَثَةً۔ جھگڑا کرنا
المَغْث۔ مص۔ انگلیوں سے مل کر نرم کرنا۔ برائی۔ مقاتلہ جو مِغَاث۔
المِغْث۔ سخت قسم کا پہلوان۔
المَغِيْث۔ گھاس جس کو بارش نے پچھاڑ دیا ہو شریر مرد۔
المُغَاث۔ چوڑے پتوں اور سفید پھولوں کا ایک درخت۔
المَمْغُوث۔ بخار زدہ۔ بارش سے پچھی ہوئی گھاس۔
مَغَجَ (ن) مَغْجًا الرَّجُلُ: دوڑنا، چلنا
مَغَدَ (ن) مَغْدًا الشَّيْءَ: چوسنا۔
الفَصِيْلُ أُمَّهُ: اونٹ کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا ـــ النَّبَاتُ: نباتات لمبی ہونا ـــ الرَّجُلُ فِي عَيْشِهِ: آسودہ زندگی گزارنا ـــ شَعْرَهُ: بال اکھیڑنا ـــ العَيْشُ البَدَنَ: موٹا تازہ کر دینا ـــ فُلَانٌ: کامل جوان ہونا ـــ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَغَدَ (ن)، ومَغِدَ (س) مَغْدًا البَدَنُ: بدن کا موٹا ہونا۔
أَمْغَدَ۔ دیر تک پینا ـــ الصَّبِيَّ: بچے کو دودھ پلانا۔
المَغْد۔ مص۔ عَيْشٌ مَغْدٌ: آسودہ زندگی۔ المَغْدُ: ببول کا گوند، بیری کا گوند ـــ بیروج الصنم: (ایک دوا کا نام) اور بقول بعض بیگن۔ ایک پھل جو ککڑی کے مشابہ ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے باریک نازک اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ بڑا ڈول۔ گھوڑے کی پیشانی پر سفیدی کی جگہ۔ ہر موٹی لمبی چیز۔ موٹا اونٹ۔
مَغَرَ (ن) مَغْرًا فِي البِلَادِ: تیز جانا ـــ بِهِ بَعِيْرُهُ: لے کے تیز دوڑنا۔
مَغَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا
أَمْغَرَهُ بِالسَّهْمِ: آر پار کر دینا۔ أَمْغَرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا مرض کی وجہ سے سرخ دودھ والی ہونا صفت مُمْغِر۔
المَغْرَة والمَغَرَة۔ گیرو۔
المَغْر والمُغْرَة۔ غیر خالص سرخی کا رنگ۔
المُغَارَة۔ دیکھیے مادہ غور۔
الأَمْغَر۔ غیر خالص سرخ رنگ والا۔ وہ شخص جس کے چہرہ میں خالص سفیدی میں سرخی جھلکتی ہو۔
لَبَنٌ مَغِيْرٌ۔ سرخ دودھ خون ملا ہوا۔
المَمْغَرَة۔ وہ زمین جہاں سے گیرو نکلے۔
مَغَسَ (ن) مَغْسًا بِيَدِهِ: چھونا ـــ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ـــ المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔
مُغِسَ۔ آنتوں میں درد والا ہونا۔
مَغِصَ (س) مَغْصًا ومُغِصَ مَغْصًا آنتوں میں درد اور مروڑ ہونا۔ صفت مَمْغُوص۔
أَمْغَصَهُ۔ مروڑ اور اینٹھن والا کرنا۔
تَمَغَّصَ بَطْنُهُ: مروڑ اور اینٹھن لاحق ہونا۔ دردناک کرنا۔ کہا جاتا ہے تَمَغَّصَ بَطْنِي یعنی درد میں مبتلا کیا۔ مَغَّصَنِي الشَّيْءُ و تَمَغَّصْتُ بِهِ: اس نے مجھے تکلیف دی۔
المَغْص۔ مص آنتوں میں مروڑ اور اینٹھن
المَغَص۔ عمدہ اونٹ جو أَمْغَاص۔ واحد مَغْصَة۔
مَغَطَ (ن) مَغْطًا ومَغَّطَ الشَّيْءَ: لمبا ہونے کے لئے کھینچنا۔
تَمَغَّطَ و امَّغَطَ الشَّيْءُ: کھنچنا، دراز طویل ہونا۔ تَمَغَّطَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں اگلے پیروں کو پھیلانا ـــ الفَرَسُ: بہت زیادہ دوڑنا۔
إِمْتَغَطَ۔ کھنچنا اور طویل ہونا ـــ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔
المُمَّغِط۔ انتہائی لمبا۔
مَغَلَ (ن) مَغْلًا ومَغَالَةً بِالرَّجُلِ: چغلخوری کرنا۔
مَغِلَتْ (س) مَغْلًا عَيْنُهُ: خراب ہونا۔
الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: زمانہ حمل میں دودھ پلانا۔
مَغَلَتْ (ن) ومَغِلَتْ (س) مَغْلًا الدَّابَّةُ: چوپایہ کے پیٹ میں مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے درد ہونا۔ صفت مَغِلَة ومَمْغُولَة اور اسم المَغْلَة۔
أَمْغَلَ القَوْمُ: مٹی ملی ہوئی گھاس وغیرہ کھانے سے پیٹ میں درد والے جانور کا مالک ہونا ـــ الحَامِلُ وَلَدَهَا: زمانہ حمل کا دودھ پلانا ـــ بِهِ عِنْدَ السُّلْطَانِ: چغل خوری کرنا۔
المَغْل و المُغْل۔ زمانہ حمل میں عورت کا دودھ
المَغَل: آنکھ کا کیچڑ۔ جو أَمْغَال۔
المُغْل۔ ایک قوم کا نام۔ جو مُغُوْل۔
المَغْلَة۔ مَغْل کا اسم مرۃ: فساد۔ سال میں دو مرتبہ بچے جننے والی بھیڑ یا بکری۔ جو مِغَال
المُغَالَة۔ مص خیانت۔ فریب۔
مَغْمَغَ اللَّحْمَ: گوشت کو نرم نرم چبانا۔ الكَلَامَ: مبہم کہنا ـــ الشَّيْءَ: گدلا کرنا ـــ

— فِي عَمَلِهِ: ناقص وردی طریقے سے کرنا — الأَمْرُ: خلط ملط ہونا — الكَلْبُ فِي الإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

المَغْنَطِيس والمَغْنَاطِيس۔ چمک پتھر

مَغَا يَمْغُو مَغْوًا السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔

المُغَاء والمُغُوّ۔ بلی کی آواز۔

مَغِيَ يَمْغَى مَغْيًا۔ غیر مفہوم گفتگو کرنا۔

تَمَغَّى الأَدِيمُ: چمڑے کا ڈھیلا پڑنا۔

المَغِيُّ مع — فِي الأَدِيمِ: چمڑے کا ڈھیلا پن فِي الإِنْسَانِ: مذاقاً یا واقعی طور پر وہ کچھ کہنا جو اس کے اندر نہ ہو۔

مَفَجَ (ن) مَفَاجَةً الرَّجُلُ: بیوقوف ہونا۔

رَجُلٌ مَفَاجَةٌ۔ بے وقوف مرد۔

مَقَّ (ن) مَقًّا الشَّيْءَ: چیز کو کھولنا — الشَّيءُ عَيْنَهُ: اکھیڑنا۔

مَقَّ الطَّائِرُ فَرْخَهُ: پرندہ کا بچہ کو چوگا دینا — عَلَى عِيَالِهِ: فقیری یا بخل سے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔

تَمَقَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا پینا — مَا فِي العَظْمِ: ہڈی سے سارا گودا نکال لینا — وامْتَقَّ الفَصِيلُ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

المَقَقُ۔ پتلے پن کے ساتھ بہت لمبائی۔ ہر دو چیزوں کے درمیان دوری۔

المَقَقَةُ۔ دودھ پینے والے میمنے۔ جاہل لوگ تھوڑی تھوڑی شراب پینے والے۔

الأَمَقُّ۔ پتلے پن کیساتھ بہت لمبا۔ مؤنث مَقَّاء ج مُقٌّ۔ بَلَدٌ أَمَقُّ: وسیع شہر۔ فَخِذٌ مَقَّاءُ: گوشت سے خالی ران۔ ج مُقٌّ۔

مَقَتَ (ن) مَقْتًا ومَقَاتَةً الرَّجُلَ: بہت بغض رکھنا۔

مَقُتَ (ک) مَقَاتَةً فُلَانٌ إِلَيَّ: ناپسند ہونا۔

مَقَّتَهُ۔ بہت بغض رکھنا۔ مَقَّتَ إِلَيَّ فُلَانًا: مبغوض کر دینا۔

تَمَقَّتَ إِلَى: ناپسند ہونا۔

تَمَاقَتُوا۔ بعض کا بعض کیساتھ بغض رکھنا

المَقْتُ۔ مع — زَوَاجُ المَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔

المَقْتِيُّ۔ باپ کی بیوہ سے شادی کرنیوالا۔

المَقِيت والمَمْقُوت۔ ناپسند۔

مَقَرَ (ن) مَقْرًا عُنُقَهُ: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا — السَّمَكَةَ المَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔

مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّيْءُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِرٌ۔

أَمْقَرَ السَّمَكَةَ المَالِحَةَ: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا — الشَّيْءُ: کڑوا ہونا — اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔

اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔

اِمْقَرَّ امْقِرَارًا۔ الرَّجُلُ: ابھری ہوئی رگ والا ہونا۔

المَقْرُ والمَقِرُ۔ ایلوا یا اسکے مشابہ کڑوی چیز

المَمْقُورُ۔ سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی

المُمْقِرُ۔ کم پانی والا کنواں۔

مَقَسَ (ن) مَقْسًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا — الشَّيْءَ فِي المَاءِ: پانی میں ڈبونا — المَاءُ: پانی کا جاری ہونا — فُلَانٌ فِي الأَرْضِ: جانا۔

مَقِسَتْ (س) مَقَسًا وتَمَقَّسَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

مَاقَسَهُ مُمَاقَسَةً۔ باہم ڈبونا۔ غوّاصی میں مقابلہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے هُوَ يُمَاقِسُ الحُوتَ: وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے

مَقَطَهُ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا۔ مَقَطَهُ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّيْءَ: باندھنا مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا — عُنُقَهُ: توڑ دینا — الكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا — هُ بِالإِيمَانِ: قسم دلانا — الحَبْلَ: رسی بٹنا — الشَّيْءَ: گھونٹ لگانا۔ مَقَطَ بِالقِرْنِ ومَعَطَ ومَقَّطَ: پچھاڑنا

— مَقَطَ بِالإِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔

المَاقِط۔ فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا ڈول کی رسی۔

المِقَاط۔ مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسی۔ ج مُقُط

المَقَط۔ چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔

المُقَّط۔ پرندہ پھنسانے کا دھاگہ۔ ج أَمْقَاط

مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا — هُ بِشَرٍّ: تہمت لگانا — الفَصِيلُ أُمَّهُ: اونٹ کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اِمْتَقَعَ الفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ أُمِّهِ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

أُمْتُقِعَ۔ غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔

المَقَعُ۔ مع۔ ٹھہرا ہوا پانی۔ ج أَمْقُعٌ۔

مَقَلَهُ (ن) مَقْلًا۔ دیکھنا۔ کہا جاتا ہے مَقَلَتْهُ عَيْنِي: میری آنکھ نے اس کو دیکھا۔ ومَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهُ: میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔

— هُ: پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِي المَاءِ: غوطہ لگانا۔

— المَقْلَةَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آ جائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سبکو برابر برابر پانی مل جائے۔

مَاقَلَهُ۔ ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

تَمَاقَلَا۔ باہم غوطہ زنی کرنا۔

اِمْتَقَلَ۔ بار بار غوطہ لگانا۔

المَقْلُ۔ مع۔ کنوئیں کی تہ، کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔

المُقْل۔ گوگل کا پھل۔ گوگل۔

المَقْلَةُ۔ مقل کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ کی کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آ جاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔

المُقْلَةُ۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَل۔

مَقْمَقَ الشَّيْءُ: نرم اور آسان ہونا — الشَّيْءَ: ذلیل کرنا — الوَلَدُ أُمَّهُ: زور سے چوسنا

المُقَامِق۔ حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا

مَقِہَ (س) مَقَھًا۔ سُرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَہُ۔

اَلْمَقَہُ۔ سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔

الاَمْقَہُ۔ دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔ خود سر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْہَاءُ۔ ج مُقْہٌ۔

مَقَا یَمْقُو مَقْوًا و مَقَی یَمْقِی مَقْیًا السَّیْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الفَصِیْلُ اُمَّہٗ: زور سے دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔

مَکَّ (ن) مَکًّا و تَمَکَّکَ و اِمْتَکَّ العَظْمَ: ہڈی سے سارا گودا چوس لینا۔ مَکَّ الشَّیْئَ: ہلاک کرنا برباد کرنا ــــ غَرِیْمَہٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔ اِمْتَکَّ و تَمَکَّکَ الفَصِیْلُ مَا فِی ضَرْعِ اُمِّہٖ: سب کچھ چوس لینا۔

مَکَّکَ عَلٰی غَرِیْمِہٖ: قرض دار سے اصرار کرنا۔

المُکَاکُ والمُکَاکَۃُ۔ ہڈی کا گودا۔

المَکُّوْکُ۔ پینے کا پیالہ ۱½ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَکَاکِیْکُ۔

مَکَتَ (ن) مَکْتًا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔

اِسْتَمْکَتَ۔ پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔

مَکَثَ (ن) مَکْثًا و مُکْثًا و مُکُوْثًا و مَکَثَانًا و مِکِّیْثَی و مِکِّیْثَاءَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ صفت مَاکِثٌ اور اسم المُکْثُ والمِکْثُ۔

مَکُثَ (ک) مَکَاثَۃً۔ ٹھہرنا۔

اَمْکَثَہٗ۔ ٹھہرانا۔

تَمَکَّثَ۔ انتظار کرنا اور ٹھہرنا ــــ بِالمَکَانِ: ٹھہرنا ــــ فِی الاَمْرِ: جلد بازی نہ کرنا۔

المَکِیْثُ۔ ٹھہرنے والا۔ سنجیدہ۔ ج مُکَثَاءُ و مَکِیْثُوْنَ۔

مَکَدَ (ن) مَکْدًا و مُکُوْدًا بِالمَکَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاکِدٌ۔ مَاءٌ مَاکِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَۃٌ مَاکِدَۃٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَۃٌ مَکُوْدٌ و مُکُوْدٌ۔ ج مُکُدٌ و مَکَائِدُ۔

المِکَدُّ۔ کنگھا۔

مَکَرَ (ن) مَکْرًا۔ الرَّجُلَ و بِہٖ: دھوکا دینا ــــ اللّٰہُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَکَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ــــ ہٗ: رنگنا ــــ الاَرْضَ: سیراب کرنا۔

مَکِرَ (س) مَکَرًا۔ سُرخ ہونا۔

مَاکَرَہٗ۔ فریب دینا۔

مَکَّرَ۔ گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔

اَمْکَرَہٗ۔ دھوکا دینا ــــ ہٗ اللّٰہُ: مکر کی سزا دینا۔

تَمَاکَرُوْا۔ بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔

اِمْتَکَرَ و اِمْتُکِرَ۔ گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔

المَکْرُ مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔

المَکْرَۃُ۔ مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَکْرٌ و مُکُوْرٌ۔

المَاکِرُ۔ فریب کرنے والا۔ ج مَکَرَۃٌ و مَاکِرُوْنَ۔

المَکَّارُ والمَکُوْرُ۔ بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔

مَکَسَ (ض) مَکْسًا۔ ٹیکس جمع کرنا ــــ فِی البَیْعِ: قیمت گھٹانا ــــ ہٗ: ظلم کرنا۔

مُکِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔

مَاکَسَہٗ مِکَاسًا و مُمَاکَسَۃً۔ قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔

تَمَاکَسَ الرَّجُلَانِ فِی البَیْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔

المَکْسُ۔ مص محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُکُوْسٌ

المَاکِسُ والمَکَّاسُ۔ ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب مکس بھی کہا جاتا ہے۔

مَکْمَکَ الرَّجُلُ: چلنے میں رکنا ــــ المُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔

مَکُنَ (ک) مَکَانَۃً عِنْدَ الاَمِیْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔

مَکِنَتْ (س) مَکْنًا الجَرَادَۃُ و نَحْوُہَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَکُوْنٌ۔ ج مُکُنٌ۔

مَکَّنَہٗ و اَمْکَنَہٗ مِنَ الشَّیْئِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔

اَمْکَنَ الاَمْرُ فُلَانًا و لِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَا یُمْکِنُہُ النُّہُوْضُ فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔ و اَمْکَنَنِی الاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آ گیا۔ اَمْکَنَتِ الجَرَادَۃُ: ٹڈی کا انڈا دینا۔

تَمَکَّنَ عِنْدَ الاَمِیْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا ــــ المَکَانَ و بِہٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ ــــ و اِسْتَمْکَنَ مِنَ الاَمْرِ: قادر ہونا یا قدرت مند ہونا۔

المَکْنُ والمَکِنُ۔ ٹڈی وغیرہ کے انڈے واحد مَکْنَۃٌ و مَکِنَۃٌ ج مَکْنَات و مَکِنَات۔

المُکْنَۃُ۔ قوت۔ طاقت۔

المَکِنَۃُ۔ قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَکِنَات۔

المَکَانُ۔ موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْکِنَۃٌ و اَمْکُنٌ۔ ج ج اَمَاکِنُ۔ اور کہا جاتا ہے۔ ہُوَ مِنَ العِلْمِ بِمَکَانٍ اس کے لئے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے و ہٰذَا مَکَانُ ہٰذَا یہ اس کے بدلے میں ہے۔

المَکَانَۃُ۔ مص مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلٰی مَکَانَتِکَ یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَکَانَات۔

المَکِیْنُ۔ صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مَکِیْنٌ عِنْدَ الاَمِیْرِ اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے و ہُوَ اَمْکَنُ مِنْ غَیْرِہٖ بہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُکَنَاءُ۔

المُکَیْنَۃُ۔ آہستگی۔ کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلٰی مُکَیْنَتِکَ یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔

المُتَمَکِّنُ فِی عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔

والمُتَمَکِّنُ الاَمْکَنُ۔ اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔

والمُتَمَکِّنُ غَیْرُ الاَمْکَنِ۔ اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔

غَیْرُ المُتَمَکِّنِ۔ وہ اسم جو مبنی الاصل کیساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے کَیْفَ و اَیْنَ۔

مَكَا يَمْكُو مُكَاءً وَمُكُوًّا۔ منہ سے سیٹی بجانا۔
مَكِيَتْ تَمْكَى مَكًا يَدُهُ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔
مَكِيَ تَمْكِيًا الفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔
المَكِيُّ والمَكْوُ۔ خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج أمْكَاء۔
المُكَّاءُ۔ سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَكَاكِيّ۔
المَكْوَةُ۔ دبر۔

مَلَّ (ن) مَلًّا الثَّوْبَ: کپڑے پر ٹانکا کرنا۔ کچا کرنا ـــ الشَّيْءَ فِي الجَمْرِ: انگاروں میں گھنا صفت فاعل مَلَّال صفت مفعول مَمْلُولٌ ومَلِيلٌ۔ ـــ السَّهْمَ بالنَّارِ: تیر کو آگ سے سیدھا کرنا ـــ اللَّحْمَ أو الخُبْزَ: گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا ـــ فِي الشَّيْءِ: تیز دوڑنا ـــ عَلَيْهِ السَّفَرُ: سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلَلًا۔ ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ـــ الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا ـــ المَحْمُومُ: بخار زدہ کا تلملانا۔
مَلَّ (س) مَلَلًا ومَلَالًا ومَلَّةً ومَلَالَةً الشَّيْءَ ومِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِيلًا الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔
أمَلَّ عَلَيْهِ السَّفَرُ: طویل ہونا۔ أمَلَّهُ الأمْرُ وأمَلَّ عَلَيْهِ الأمْرُ: دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔ أمَلَّ الشَّيْءَ: بھوبھل میں ڈالنا۔
أمْلَلْتُ إمْلَالًا وأمْلَيْتُ إمْلَاءً الكِتَابَ عَلَى الكَاتِبِ: املا کرانا۔
تَمَلَّلَ۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا ـــ فِي الشَّيْءِ: تیز دوڑنا ـــ بِمِلَّةِ كَذَا: مذہب اختیار کرنا ـــ الخُبْزَةَ: روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔
إمْتَلَّ۔ کھینچا جانا۔ نکل آنا۔
إسْتَمَلَّ الشَّيْءَ: زچ ہونا۔
المَلُّ۔ مص۔ رَجُلٌ مَلٌّ: اکتایا ہوا مرد۔
المَلَّةُ۔ اسم مرۃ، چنگاری، بھوبھل، بخار کا پسینہ۔ تنگدلی، وخُبْزُ المَلَّةِ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی، اور کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَلَّةٌ: بہت جلدی ملول ہونیوالا۔
المِلَّةُ۔ مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَل۔
المُلَّةُ۔ کچی سلائی۔ ج مُلَل۔
المَلِيُّ۔ بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔
المَلَلُ والمَلَالُ۔ تنگ دلی۔
المُلَالُ۔ مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ٹھری کے اندر کی گرمی بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔
المَلُولُ والمَلُولَةُ والمَلَّالَةُ والمَالُولَةُ تنگدل۔ مذکر و مؤنث تا مبالغہ کے لئے ہے۔
المَلِيلُ والمَمْلُولُ۔ بھوبھل میں بھنا ہوا۔ الشَّيْءُ المَمْلُولُ: باعث ملال۔ المَلِيلُ: کرپٹی۔ رَجُلٌ مَلِيحٌ: آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔
المَلِيلُ والمُمَلُّ مِنَ الطُّرُقِ: بہت چلا ہوا راستہ ـــ المَلِيلَةُ: اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔

مَلَأَهُ (ف) مَلْأً ومِلْأَةً ومِلَاءَةً۔ بھرنا ـــ الإنَاءَ مَاءً وبِالمَاءِ ومِنَ المَاءِ: برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعول مَمْلُوءٌ۔ اور کہا جاتا ہے مَلَأَهُ عَلَى الأمْرِ: اس کی اس نے مدد کی۔ وَنَظَرْتُ إلَيْهِ فَمَلَأْتُ مِنْهُ عَيْنِي: میں نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا وَمَلَأَ عَلَيْهِ الأرْضَ: اس نے اس پر زمین تنگ کر دی
مَلُؤَ (ک) مَلَاءً ومَلَاءَةً۔ توانگر ہونا۔ مُلِئَ (ک) وَمَلِئَ مَلَاءَةً: زکام والا ہونا۔
مَلِئَ (س) مَلْأً وتَمَلَّأَ پر ہونا۔ صفت مَلْآن
مَلَّأَهُ تَمْلِئَةً۔ خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) مَلَّأَ فِي قَوْسِهِ: کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔
أمْلَأَهُ۔ باعث زکام ہونا۔ صفت مَلْآن۔ أمْلَأَ فِي القَوْسِ: خوب زور سے کھینچنا۔
تَمَلَّأَ۔ پر ہونا۔ تَمَلَّأَتِ المَرْأَةُ: عورت کا چادر اوڑھنا۔
مَالَأَهُ مُمَالَأَةً ومِلَاءً عَلَى الأمْرِ: موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔
تَمَالَأَ القَوْمُ عَلَى الأمْرِ: اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔
إسْتَمْلَأَ فِي دَيْنِهِ: قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔
المِلْءُ۔ برتن بھرنے کی مقدار۔ ج أمْلَاء۔ اور کہا جاتا ہے إنَّهُ يَنَامُ مِلْءَ جَفْنِهِ: وہ بےغم سوتا ہے وَفُلَانٌ مِلْءُ كِسَائِهِ: فلاں موٹا ہے۔
المَلَأُ۔ قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن کے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔ المَلَأُ الأعْلَى: ملائکہ مقربین۔ المَلَأُ: مشورہ۔ کہا جاتا ہے مَا كَانَ هٰذَا الأمْرُ عَنْ مَلَإٍ مِنَّا: یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج أمْلَاء اور کہا جاتا ہے مَا أحْسَنَ مَلَأَ بَنِي فُلَانٍ یعنی ان کے عادات واخلاق کس قدر اچھے ہیں۔
المَالِئُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَالِئُ مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھیر سکیں۔ وشَابٌّ مَالِئُ العَيْنِ: آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔ ج مِلَاء
المُلَاءُ والمُلَاءَةُ والمُلَاءَةُ۔ زکام۔ المُلَاءَةُ تہبند۔ دوہری چادر۔ ج مُلَاء۔
المِلْأَةُ۔ مص۔ بھرنے کی ہیئت۔ بدہضمی۔
المَلْآنُ۔ بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلْأَى ومَلْآنَةٌ۔ ج مِلَاء۔
المَلِيءُ والمَلِيُّ۔ توانگر۔ ج مِلَاءٌ وأمْلِيَاءُ وأمْلَاءٌ کہا جاتا ہے هُوَ أمْلَأُ القَوْمِ یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے وفُلَانٌ أمْلَأُ لِعَيْنِي مِنْ فُلَانٍ یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے

مَلَتَهُ (ض) مَلْتًا۔ حرکت دینا۔ زور کرنا۔
مَلَثَهُ (ن) مَلْثًا۔ بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔ مَلَثَ بِالشَّرِّ: آلودہ کرنا۔ مَلَثَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
مَالَثَهُ مِلَاثًا ومُمَالَثَةً: کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔
مَلْثُ اللَّيْلِ ومَلَثُهُ: رات کی ابتدائی تاریکی
المَلْثَةُ۔ مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔
المِلْثُ۔ وہ شخص جو جماع کرنے سے سیر نہ ہو۔
مَلَجَ (ن) ومَلِجَ (س) مَلْجًا الصَّبِيُّ أُمَّهُ: بچے کا

ہونٹوں میں لے کر دودھ پینا۔

أَمْلَجَہٗ۔ دودھ پلانا۔

إِمْتَلَجَ۔ مَا فِي الثَّدْيِ: چوسنا۔

الْمَلْجُ۔ گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج أَمْلَاجٌ۔

الْمُلُجُ۔ دودھ پینے والے بچے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔

الْمَلِيْجُ۔ دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الْأَمْلَجُ۔ چٹیل میدان۔ آملہ۔

الْأُمْلُوْجُ۔ ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی۔ اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبا دی جائے۔ ج أَمَالِيْجُ۔

الْمَالَجُ۔ کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوَالِجُ۔ (دخیل)

مَلَحَ (ن ف) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا ـــ الرَّجُلَ: غیبت کرنا ـــ الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پر پھڑپھڑانا ـــ الْمَاشِيَةَ: نونی کھلانا اور کہا جاتا ہے مَلَحَ اللّٰہُ فِيْهِ یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔

مَلَحَ (ن) و مَلُحَ (ک) مُلُوْحَةً و مَلَاحَةً و مُلُوْحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِيْحٌ اور نادر طور پر مَالِحٌ بھی مستعمل ہے۔

مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً و مُلُوْحَةً۔ خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيْحٌ و مُلَاحٌ و مُلَّاحٌ۔

مَلِحَ (س) مَلَحًا۔ نیلگوں رنگ کا ہونا۔

مَلَّحَ الشَّيْءَ: نمکین کرنا ـــ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا ـــ السَّمَكَ وَنَحْوَهٗ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا ـــ الدَّابَّةَ: چوپائے کے جبڑے پر نمک ملنا۔ الْمَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔

أَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا ـــ الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا ـــ الْإِبِلُ: کھاری پانی پر جانا ـــ الرَّجُلُ: کھاری پانی پر پہنچنا ـــ الرَّاعِي الْإِبِلَ: کھاری پانی پلانا ـــ الشَّيْءُ: نیلگوں رنگ کا ہونا

الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔ اور تعجب کے موقع پر کہا جاتا ہے مَا أَمْلَحَهٗ و مَا أُمَيْلِحَهٗ یعنی کس قدر خوبصورت ہے

مَالَحَهٗ مِلَاحًا و مُمَالَحَةً۔ ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے ہُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ الْمُمَالَحَةِ وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا: ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ پینا۔

تَمَلَّحَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا ـــ الرَّجُلُ: نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا کہا جاتا ہے فُلَانٌ يَتَظَرَّفُ وَيَتَمَلَّحُ فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کرتا ہے۔

إِمْلَحَّ الْكَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔

إِمْلَاحَّ النَّخْلُ: سرخ اور زرد کچی کھجور کا ہونا۔

إِسْتَمْلَحَ الشَّيْءَ: ملیح سمجھنا۔

الْمُلَحُ۔ عمدہ عمدہ باتیں۔

الْمِلْحُ۔ نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَيْحَةٌ ج مِلَاحٌ۔ الْمِلْحُ: چربی، موٹاپا، خوبصورتی رضاعت۔ علم۔ علماء۔ مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی مَاءٌ مَالِحٌ بھی کہا جاتا ہے۔ ج مِلَحٌ و مُلُحٌ و مِلَاحٌ و أَمْلَاحٌ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مِلْحُهٗ عَلٰى رُكْبَتِهٖ وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔

الْمِلْحُ والْمِلْحَةُ۔ حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والْمِلْحَةُ: کھاری۔ کہا جاتا ہے بِئْرٌ مِلْحَةٌ: کھاری کنواں۔

الْمُلْحَةُ۔ سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔

الْمَلْحَةُ۔ اسم مرۃ۔ موج دریا۔

الْمُلْحَةُ۔ سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف برکت۔

الْمُلْحَةُ: مزیدار بات۔ ج مُلَحٌ۔

الْمِلْحَةُ۔ کلاہ لیمہ۔

الْمَلَّاحُ۔ کشتی چلانیوالی ہوا۔ نیزہ کا بھالا پوشش۔ توبرہ۔

الْمُلَّاحُ۔ خوبصورت۔ ج مُلَّاحُوْنَ۔

الْمَلَاحَةُ۔ خوبصورت ہونا۔

الْمِلَاحَةُ۔ جہاز رانی۔

الْمَمْلَحَةُ والْمَلَّاحَةُ۔ نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ الْمَلَّاحَةُ: نمک بکنے کی جگہ۔

الْأُمْلُوْحَةُ مِنَ الْكَلَامِ: عمدہ مستحسن کلام ج أَمَالِيْحُ۔

الْمَلَّاحُ۔ نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں

الْمُلَّاحُ۔ ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَةٌ رَجُلٌ مُلَّاحٌ: خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلَّاحُوْنَ

الْمِلَاحِيَّةُ۔ جہاز راں کا پیشہ۔

الْمُلُوْحَةُ۔ مص۔ نمکینی۔

الْمَلِيْحُ۔ خوبصورت۔ مؤنث مَلِيْحَةٌ ج مِلَاحٌ و أَمْلَاحٌ ـــ مِنَ الْمَاءِ: کھاری پانی۔ سَمَكٌ مَلِيْحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔

الْأَمْلَحُ۔ اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْحٌ۔ الْأَمْلَحُ: کشنیز جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔

الْمَلْحَاءُ۔ تانیث أَمْلَحُ۔ سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحَاوَاتٌ۔

الْمُلَّاحِيُّ والْمُلَاحِيُّ۔ سفید لمبا انگور ایک قسم کا انجیر۔

الْمِمْلَحَةُ۔ نمک دان۔ ج مَمَالِحُ۔

الْمُتَمَلِّحُ۔ نمک والا یا سوداگر نمک۔

مَلَخَ (ن) مَلْخًا الشَّيْءَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا ـــ الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔ الْفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا ـــ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا ـــ فِي الْبَاطِلِ: لغو و باطل میں بہت مشغول ہونا ـــ الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَلُخَ (ک) مَلَاخَةً الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔

مَالَخَهٗ مِلَاخًا و مُمَالَخَةً۔ باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

تَمَلَّخَ الشَّيْءُ: خراب و فاسد ہونا ـــ الشَّيْءَ: کھینچنا۔

اِمْتَلَخَ الشَّیْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا ——— یَدَهٗ مِنَ القَابِضِ عَلَیْهِ: کھینچ لینا ——— السَّیْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْکُوْزٍ فَامْتَلَخَهٗ: اس کا گذر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔

المِلْاخُ۔ بہت چاپلوسی کرنے والا۔ عَبْدٌ مَلَّاخٌ: بہت بھاگنے والا غلام۔

المَلُوْخِیَّۃُ۔ ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔

المَلِیْخُ۔ بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔ مُمْتَلَخُ العَقْلِ: محروم العقل۔

مَلَدَ (ن) مَلْدًا الشَّیْءَ: کھینچنا۔

مَلِدَ (س) مَلَدًا الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔

مَلَّدَ الأدِیْمَ: چمڑے کو نرم کرنا ——— الرِّیْحُ الغُصْنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔

المَلَدُ۔ جوانی۔ نزاکت۔ جمع أمْلَادٌ۔

المَلَدَانُ۔ ٹہنی کی نزاکت۔

المَلَدُ والأمْلَدُ والأُمْلُدُ والأُمْلُوْدُ والإمْلِیْدُ والأُمْلُدَانُ والأُمْلُدَانِیُّ۔ نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے شَابٌّ أُمْلُوْدٌ وشُبَّانٌ أمَالِیْدُ

المَلْدُ: بھوت۔

المَلْدَاءُ۔ تانیث أمْلَدُ۔ جمع مُلْدٌ۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَۃٌ مُلْدَاءُ وأُمْلُوْدٌ وأُمْلُوْدَۃٌ وأُمْلُدَانِیَّۃٌ یعنی نازک بدن عورت۔

مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا ——— فُلَانًا: نیزہ مارنا ——— الفَرَسُ: گھوڑے کا بازو دونوں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (——— مَلْذًا ومَلَاذَۃً) الرَّجُلُ محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔

مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا ——— الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

الأمْلَذُ والمَلَذَانُ والمَلَذَانِیُّ و المَلَاذَانِیُّ والمَلَّاذُ والمِلْوَذُ۔ خالص دوستی نہ کرنے والا۔

مَلَزَ (ن) مَلْزًا۔ پیچھے رہنا ——— بِالشَّیْءِ: لیجانا ——— مَلْزًا مِنْهُ: چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّیْءُ عَنِّیْ: جاتا رہنا۔

أمْلَزَهٗ وتَمَلَّزَهٗ و امْتَلَزَهٗ۔ نکال لینا۔ اچک لینا۔ لیجانا۔ وتَمَلَّزَ مِنْهُ: چھٹکارا پانا۔

اِمَّلَزَ و اِمْتَلَزَ مِنْهُ: بچ کر نکل جانا و اِمَّلَزَ عَنْهُ پیچھے رہنا۔

المَلِزُ مِنَ الرِّجَالِ: مضبوط پٹھوں والا۔

المِلَّازُ۔ بہت اُچکنے والا۔ بھیڑیا۔

مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا ——— الإبِلَ: زور سے ہانکنا ——— الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا ——— الرَّجُلُ بِلِسَانِهٖ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

مَلِسَ (س) ومَلُسَ (ک) مُلُوْسَۃً و مَلَاسَۃً۔ نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت أمْلَسُ۔

مَلَّسَ الشَّیْءَ: نرم و چمکدار کرنا ——— الأرْضَ: زمین کو ہموار کرنا ——— هُ مِنَ الأمْرِ: چھڑانا۔

أمْلَسَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

أمْلَسَتِ الشَّاۃُ: گرے ہوئے اون والی ہونا۔

تَمَلَّسَ۔ چکنا ہونا ——— مِنْ بَیْنِ القَوْمِ: خارج ہونا ——— مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (——— و اِنْمَلَسَ و اِمَّلَسَ) مِنَ الأمْرِ: بچ نکلنا رہائی پانا۔

اِمْتَلَسَ الشَّیْءَ: اچک لینا۔ اُمْتُلِسَ بَصَرُهٗ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔

اِمْلَاسَّ۔ چکنا ہونا ——— مِنَ الأمْرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔

المَلَسُ۔ ہموار جگہ۔ جمع مُلُوْسٌ و أمْلَاسٌ۔ و جمع أمَالِیْسُ۔ مَلَسُ الظَّلَامِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔

المَلَسَی۔ بہت تیز رفتار اونٹنی۔ اور کہا جاتا ہے بِعْتُهٗ المَلَسَی اس نے اس کو بلا شرط بیچ دی۔

الأمْلَسُ۔ نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاءُ۔ المَلْسَاءُ: آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ سَنَۃٌ مَلْسَاءُ خشک سال۔ جمع أمَالِسُ و أمَالِیْسُ۔ الألِفُ المَلْسَاءُ: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔

المَلِیْسُ۔ نرم اور چکنا۔

المُلَیْسَاءُ۔ دوپہر، مغرب اور عشاء کا درمیان

الإمْلِیْسُ و الإمْلِیْسَۃُ۔ خشک جنگل۔ جمع أمَالِیْسُ اور أمَالِسُ شاذ ہے۔

المُلَامَسَۃُ و المُمَالَسَۃُ: بیچنا۔ سرادن پٹیلا

مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّیْءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈھنا۔

المَالُوْشُ عِنْدَ العَامَّۃِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ جمع مَوَالِیْشُ۔

مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّیْءُ مِنْ یَدِهٖ: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے مَلِصَتِ السَّمَکَۃُ مِنْ یَدِیْ مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی ——— الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔

مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا۔

أمْلَصَتِ الحَامِلُ: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِصٌ جمع مَمَالِیْصُ۔ أمْلَصَ الشَّیْءَ: پھسلانا۔

تَمَلَّصَ و اِنْمَلَصَ و اِمَّلَصَ مِنْهُ: بچ نکلنا رہائی پانا ——— الشَّیْءُ مِنْ یَدِیْ: پھسل جانا۔

المَلَصُ۔ ننگا۔

المَلَصُ۔ سم پھسلن۔

المَلِصُ۔ مِنَ الجِبَالِ ونَحْوِهَا: پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَکَۃٌ مَلِصَۃٌ: پھسلنے والی مچھلی۔

المَلِیْصُ: بمعنے مَلِیْصٌ۔ اسقاط شدہ بچہ۔

الأمْلَصُ۔ نرم وتر۔ رَجُلٌ أمْلَصُ الرَّأسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔

المِمْلَاصُ۔ وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔

المُمْلَصُ۔ ساقط شدہ بچہ۔

مَلَطَ (ن) مَلْطًا الحَائِطَ: مٹی سے لیپنا ——— الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔

مَلَطَتْ و أمْلَطَتِ الحَامِلُ جَنِیْنَهَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ أمْلَطَ رِیْشُ السَّهْمِ: تیر کے پر کا گر جانا ——— الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔

مَلَطَ (ن) ومَلُطَ (ک) مُلُوْطًا الغُلَامُ: غیر معروف النسب ہونا۔

مَلِطَ (س) مَلَطًا ومُلْطَۃً۔ بے بال کے جسم والا ہونا۔

مَلَّطَ الحَائِطَ: دیوار کو مٹی سے لیپنا ۔۔۔ الشَّاعِرُ: ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

مَالَطَ مُمَالَطَۃً۔ باہم ملنا۔ ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔

تَمَلَّطَ الشَّیْءُ: چمکدار ہونا ۔۔۔ السَّہْمُ: تیر کا بے پر ہونا۔

اِمْتَلَطَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔

المِلْط۔ شریر بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلَاط ومُلُوط۔

المِلَاط۔ لیپنے کی مٹی۔ ج مُلُط۔

الاَمْلَط ج مُلْط والمَلِیط: بے بال کے جسم والا۔ سَہْمٌ اَمْلَطُ ومَلِیطٌ: بے پر کا تیر۔ المَلِیط بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔

المِمْلَاط مِنَ النُّوقِ: بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔

مَلَعَ (ف) مَلْعًا وامْتَلَعَ الشَّاۃَ: بکری کی کھال اتارنا۔ مَلَعَ الفَصِیلُ اُمَّہٗ: دودھ پینا۔ اِمْتَلَعَ الشَّیْءَ: چھین لینا۔ اچک لینا۔

مَلَعَتْ واَمْلَعَتْ وامْتَلَعَتْ وانْمَلَعَتْ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔

المَلْع۔ مص اور کہا جاتا ہے ہُمْ عَلَیْہِ مَلْعٌ وَاحِدٌ۔ وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔

المَلِیع ج مُلُعٌ والمَیْلَع۔ تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ المَیْلَع: لمبا۔ ادھر ادھر حرکت کرنے والا۔ جَمَلٌ مَلُوْعٌ۔ تیز رفتار اونٹ۔ مؤنث مَلُوْعَۃٌ۔ عُقَابٌ مَلُوْعٌ: تیزی سے جھپٹنے والا عقاب۔

المَلَاع والمَلِیع۔ بے گھاس کا بیابان۔

مَالَغَ مُمَالَغَۃً بِالکَلَامِ: ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔

تَمَلَّغَ فِیْ کَلَامِہٖ: بے وقوف بننا۔

تَمَالَغَ بِہٖ: تمسخر کرنا۔

المِلْغ ج اَمْلَاغ والمَالِغ ج مُلَّغ والاَمْلَغ مؤنث مَلْغَاء ج مُلْغ۔ فحش کلامی کرنے والا۔ بدکار۔ بے وقوف۔

المَلُوْغَۃ۔ بے وقوفی۔ فحش کلامی۔

مَلِقَ (س) مَلَقًا ومَلِقَ لَہٗ وتَمَالَقَہٗ۔ چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الخَاتَمُ مِنَ الاِصْبَعِ: ڈھیلی ہونا۔

مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّیْءَ: مٹانا۔ نرم کرنا ۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا ۔۔۔ ہٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا ۔۔۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا ۔۔۔ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَلَّقَ الاَرْضَ او الحَائِطَ: زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا ۔۔۔ ہٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا

اَمْلَقَ۔ محتاج ہو جانا ۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑا دھونا ۔۔۔ الدَّہْرُ مَالَہٗ: ضائع کر دینا۔

تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا وتِمِلَّاقًا۔ الرَّجُلَ ولِلرَّجُلِ: چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ المَرْاَۃُ العِلْکَ بِعَیْنِہَا: چبانا۔

اِنْمَلَقَ واِمَّلَقَ۔ نرم وچمکدار ہونا ۔۔۔ مِنْہُ: نکل نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الخِضَابُ: خضاب کا چھوٹ جانا۔

اِمْتَلَقَ الشَّیْءَ: نکالنا۔

اِسْتَمْلَقَ الوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا۔

المَلَق۔ مص دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے بِہٰذَا الفَرَسِ مَلَقٌ۔ اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔

المَلِق والمَلَّاق۔ بہت چاپلوسی کرنیوالا۔ المَلِق: کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ: گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَۃٌ۔

المَیْلَق۔ تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ او فَرَسٌ مَیْلَقٌ: تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔

المَلَقَۃ۔ چکنا پتھر۔

المَالَق والمِمْلَق والمِمْلَقَۃ۔ ہینگا۔ المَالَق: کرنی۔ (دخیل)

المِمْلَاق۔ بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔

مَلَکَ (ض) مَلْکًا ومِلْکًا ومُلْکًا ومَلَکَۃً ومَمْلَکَۃً ومَمْلِکَۃً ومَمْلُکَۃً الشَّیْءَ: مالک ہونا ۔۔۔ عَلَی القَوْمِ: غالب ہونا ۔۔۔ عَلٰی فُلَانٍ اَمْرَہٗ: کسی کے کام پر حاوی ہونا ۔۔۔ نَفْسَہٗ: قابو رکھنا ۔۔۔ المَرْاَۃَ: نکاح کرنا ۔۔۔ مَلْکًا العَجِیْنَ: اچھی طرح سے گوندھنا۔

مَلَّکَ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔ مَلَّکَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَیْہِمْ: بادشاہ بنانا ۔۔۔ ہٗ المَرْاَۃَ: نکاح کرانا۔ مَلَّکَ فُلَانًا اَمْرَہٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا مَلَّکَتِ المَرْاَۃُ اَمْرَہَا: طلاق کا اختیار دیدینا۔ مَلَّکَ العَجِیْنَ: اچھی طرح گوندھنا۔

اَمْلَکَہٗ الشَّیْءَ: مالک بنانا۔ اَمْلَکَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَیْہِمْ: بادشاہ بنانا ۔۔۔ فُلَانًا اَمْرَہٗ: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا ۔۔۔ ہٗ المَرْاَۃَ: نکاح کرانا

تَمَلَّکَ واِمْتَلَکَ الشَّیْءَ: مالک ہونا۔

تَمَلَّکَ عَلَی القَوْمِ: بادشاہ بننا۔

تَمَالَکَ عَنْ کَذَا: اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے مَا تَمَالَکَ اَنْ فَعَلَ اوعَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِکَ۔ یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔

المَلِک۔ مص۔ بادشاہ۔ ج مُلُوْک واَمْلَاک۔

المِلَاک۔ ملکیت ج اَمْلَاک ومُلُوْک۔

قدرت کا بل مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔

مُلُکُ الدَّابَّۃِ: چارپائے کی ٹانگیں اور گردن۔ واحد مِلَاک۔ کہا جاتا ہے مَا لَہٗ مِلْکٌ ومَا لَہٗ مُلْکٌ۔ یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے ہٰذَا مِلْکُ یَمِیْنِیْ: یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے۔ ولَیْسَ لَہٗ مِلْکٌ۔ اس کے پاس پانی نہیں۔ وَاَعْطَانِیْ مِنْ مِلْکِہٖ۔ اس نے مجھ کو اس میں سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وطَالَ مِلْکُہٗ اس کی غلامی طویل ہے۔ مِلْکُ الطَّرِیْقِ۔ راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔

المَلَک۔ فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے مَا لَہٗ مَلَکٌ یعنی اس کے پاس کوئی چیز

نہیں جس کا مالک ہو۔

المَلَاکُ ۔ مَلْأَک کا مخفف ۔ بمعنے فرشتہ ۔ ج مَلَائِکَۃ و مَلَائِک ۔ المِلَاک ۔ اقتدار ۔ وَمِلَاکُ الْاَمْرِ سہارا ۔ سرمایہ ۔ بقا ۔ کہا جاتا ہے ۔ اَلْقَلْبُ مِلَاکُ الْجَسَدِ : دل جسم کے لئے سرمایۂ بقا ہے ۔

المِلَاکُ ۔ مٹی ۔ مِلَاکُ الْاَمْرِ : سہارا ۔ سرمایۂ بقا ۔

المَلِکُ ۔ اللہ تعالیٰ ۔ بادشاہ ۔ صاحبِ قوت و اقتدار ۔ ج مُلُوک و اَمْلَاک ۔

المَلَکِیّ ۔ مَلَک کی طرف نسبت ۔ مؤنث مَلَکِیَّۃ ۔

المَلَکَۃ المِلْکَۃ ۔ ملکیت ۔

المَلَکَۃ ۔ ملکیت ۔ کہا جاتا ہے ہُوَ مَلَکَۃُ یَمِیْنِیْ یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں ۔ المَلَکَۃ : وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال کہتے ہیں ۔

المَالِکُ ۔ فا ۔ بادشاہ ۔ ج مُلَّک و مُلَّاک ۔ اُمّ مالک : بھوک یا بڑھاپا ۔ مَالِکُ الْحَزِیْنِ : بگلا

المَلَاکَۃ والمِلَاکَۃ والمَلُوکَۃ ۔ ملکیت ۔

المَلَکُوت ۔ بادشاہی ۔ عزت و قدرت ۔ الْمَلَکُوْتُ السَّمَاوِیّ : آسمان میں قدسیوں کی جگہ

المَمْلَکَۃ والمَمْلُکَۃ ۔ شاہی شان و شوکت ۔ بادشاہی ۔ ج مَمَالِک ۔

المَلِیْکُ ۔ بادشاہ ۔ ج مُلَکَاء ۔ یَعْسُوْبُ النَّحْلِ : شہد کی مکھیوں کی ملکہ ۔ ج مُلُوک ۔

المَلِیْکَۃ ۔ صحیفہ ۔

الاُمْلُوکُ ۔ اسم جمع ہے بمعنے مُلُوک ۔ ایک ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے ۔

المَمْلُوکُ ۔ بمعنی غلام ۔ ج مَمَالِیک ۔ اور اسی سے ہے مَمَالِیکُ مِصْر ۔ جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آگئی تھی اور مالک بن بیٹھی تھی ۔

مَلْمَلَ ۔ تیز دوڑنا ۔ مَلْمَلَہُ الْمَرَضُ : مضطرب کرنا ۔

تَمَلْمَلَ ۔ غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا ۔ الجَالِسُ : کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر ۔

المُلَمْلَمَۃ ۔ مم ۔ ہاتھی کی سونڈ ۔

المُلْمُوْل ۔ سرمہ کی سلائی ۔ ناک کا سوراخ ۔ مُلْمُوْلُ الْبَعِیْرِ وَالثَّعْلَبِ : اونٹ اور لومڑی کا ذکر ۔

المَلَمْلَی ۔ تیز رفتار ۔ کہا جاتا ہے نَاقَۃٌ مَلَمْلَی : تیز رفتار اونٹنی ۔

المَلَنْخُوْلِیَا ۔ مالیخولیا ۔

مَلَا یَمْلُوْ مَلْوًا الْبَعِیْرُ : اونٹ کا تیز چلنا ۔ دوڑنا ۔

مَلَّاہُ اللّٰہُ عُمُرَہُ : عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا ۔ مَلَّاہُ اللّٰہُ حَبِیْبَہُ : اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے ۔

مُلِّیَ وتَمَلَّی عُمُرَہُ : عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا ۔ مُلِّیَ وتَمَلَّی حَبِیْبَہُ : اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا ۔

اَمْلَی اِمْلَاءً ۔ اللّٰہُ فُلَانًا عُمُرَہُ : عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا ــــ الْبَعِیْرَ وَلِلْبَعِیْرِ : بندھن کو ڈھیلا کرنا ــــ اَللّٰہُ الظَّالِمَ وَلَہُ : مہلت دینا ــــ عَلَیْہِ الْکِتَابَ : بول کر لکھوانا ــــ لَہُ فِیْ غَیِّہٖ : گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا ــــ عَلَیْہِ الزَّمَنُ : لمبا ہونا ۔

اِسْتَمْلَیْتُہُ الْکِتَابَ : املا کرنے کی درخواست کرنا ۔

المَلَا ۔ جنگل ۔ کشادہ زمین ۔ گرم راکھ ۔ زمانہ دراز ۔ ج اَمْلَاء ۔

المَلَوَان ۔ رات دن ۔ واحد مَلًا ۔

المَلَاوَۃ والمَلُوَۃ ۔ بتثلیث المیم : زمانہ دراز

المَلِیُّ ۔ زندگی کی مدت ۔

الاِمْلَاء ۔ مم ۔ مہلت دینا ۔ تاخیر کرنا ۔ جو املا کیا جائے ۔ ج اَمَالٍ و اَمَالِیّ ۔

المَلَاۃ ۔ سنگریزہ ناک بیابان ۔ ج مَلًا ۔

المَلِیُّ ۔ زمانہ طویل ۔ کہا جاتا ہے اِنْتَظَرْتُہُ مَلِیًّا : زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا ۔ وَمَرَّ مَلِیٌّ مِّنَ اللَّیْلِ : رات کا تہائی حصہ گذر گیا ۔ اور بقول رات کا ایک حصہ گذر گیا ۔ جس کی کوئی حد معین نہیں ۔

الاَمَالِیّ ۔ املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْلَی الْکِتَابَ کے مصدر الاِمْلَاء کی جمع ہے ۔

المِلْیُوْنُ فِی الْعَدَدِ : دس لاکھ ۔ ج مَلَایِیْن ۔

مِمَّ ۔ مرکب ہے مِن و مائے استفہامیہ سے ۔

المَأْمُوْس والمَأْمُوْسَۃ ۔ آگ ۔ آتشدان ۔ المَأْمُوْسَۃ : بدزبان بے وقوف عورت ۔

مِنْ ۔ حروف جر میں سے ہے ۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے ۔

(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرِضَ مِنْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ

(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَیْرُوْتَ

(۳) تبعیض ۔ جیسے مِنْہُمْ مَنْ اَحْسَنَ وَمِنْہُمْ مَنْ اَسَاءَ

(۴) تعلیل ۔ جیسے مِمَّا خَطِیْٓئٰتِہِمْ اُغْرِقُوْا ۔

(۵) بدل ۔ جیسے اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ ۔

(۶) مرادف با جیسے یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ ۔

(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے وَاللّٰہُ یَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۔

(۸) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کیلئے تین چیزیں شرط ہیں ۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی نہی یا استفہام ہو ۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو ۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول بہ یا مبتدا ہو جیسے مَا جَاءَنِیْ مِنْ رَجُلٍ وَہَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ وَمَا فِی الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ ۔ ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں ۔

مَنْ ۔ اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ یَّفْعَلْ خَیْرًا یُجْزَ بِہٖ ۔ اسم استفہام ۔ جیسے مَنْ اَتٰی ۔ اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کیلئے ہوتا ہے ۔ جیسے یَسْجُدُ لِلّٰہِ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ ۔ نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَکَ ۔

مَنَّ (ن) مَنًّا ومِنِّیْنٰی عَلَیْہِ بِکَذَا : بھلائی کرنا ۔

مَنَّ (ن) مَنًّا ومِنَّۃً وامْتَنَّ اِمْتِنَانًا ۔ عَلَیْہِ بِمَا صَنَعَ : احسان جتانا ۔ وامْتَنَّ عَلَیْہِ بِکَذَا :

بھلائی کرنا۔ وَمَنَّ فُلَانًا: فلاں کے انتہائی چیز پر پہونچنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وَ امْتَنَّ وَ تَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الْحَبْلَ: کاٹنا۔ مَنَّ الشَّیْءُ: کم ہونا ـــ النَّاقَۃَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ مَنَّنَ فُلَانٌ فُلَانًا وَ تَمَنَّنَ عَلَیْہِ: احسان جتاکر تکلیف پہنچانا۔

مَتَّنَ تَمْنِینًا النَّاقَۃَ وغیرہا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔

مَانَّہٗ مُمَانَّۃً۔ کسی کی حاجت روائی کے لئے آنا جانا۔

اِسْتَمَنَّہٗ۔ طالب احسان ہونا۔

الْمَنُّ۔ مص۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہوجاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِی اِسْرَائِیْلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا تاکہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ الْمَنُّ: دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَانٌ۔

الْمُنَّۃُ۔ قوت۔ ضعف۔ ج مُنَنٌ۔

الْمِنَّۃُ۔ مص۔ احسان۔ کہا جاتا ہے لَہٗ عَلَیَّ مِنَّۃٌ اور مِنَنٌ اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ الْمِنَّۃُ: اسم ہے مَنَّ عَلَیْہِ سے اور اسی سے ہے الْمِنَّۃُ تَہْدِمُ الصَّنِیْعَۃَ احسان کا جتانا احسان کو ضائع کردیتا ہے۔ ج مِنَنٌ۔

الْمِنَنَۃُ۔ کڑی۔ مادہ سیہی۔

الْمَنُوْنُ۔ موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے ذَہَبَتْ بِہِمُ الْمَنُوْنُ موت نے ان کو تباہ و برباد کردیا۔ زمانہ۔ رَیْبُ الْمَنُوْنِ۔ حوادث زمانہ۔

الْمَنُوْنُ وَ الْمَنُوْنَۃُ۔ بہت احسان جتانے والا۔ تا مبالغہ کے لئے ہے۔ مؤنث مَنُوْنٌ۔

الْمَنُوْنَۃُ: کڑی۔

الْمَنَّانُ۔ بہت احسان کرنیوالا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَۃٌ۔

الْمَنِیْنُ۔ کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُنٌ و اَمِنَّۃٌ۔

الْمَمْنُوْنُ۔ مفعو۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے۔ بَلَغَتْ مَمْنُوْنَہٗ۔

مَنَأَ (ن) مَنْأً الْجِلْدَ: کھال کو دباغت دینا ـــ فُلَانًا: فعل کی موافقت کرنا۔

الْمَنِیْئَۃُ۔ کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

الْمَمْنَأَۃُ۔ کالی زمین۔

الْمَنْجَنِیْقُ وَ الْمَنْجَلِیْقُ۔ جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِیْقُ و مَجَانِقُ و مَنْجَنِیْقَاتٌ۔

مَنَحَہٗ (ن ف) مَنْحًا الشَّیْءَ: دینا۔ عطا کرنا ـــ ہٗ النَّاقَۃَ وَ کُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ: اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کیلئے دینا۔ صفت مفعول الْمَنِیْحَۃُ وَ الْمِنْحَۃُ۔ ج مِنَحٌ وَ مَنَائِحُ۔

مَانَحَہٗ مُنَاحًا وَ مُمَانَحَۃً: لگاتار عطیہ دینا ـــ مَانَحَتِ الْعَیْنُ: لگاتار آنسو بہانا ـــ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہوگیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِحٌ۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ: عطیہ لینا۔ اور کہا جاتا ہے اُمْتُنِحَ مَالًا یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔ اِمْتَنَحَ الْمِنْحَۃَ: عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ الْمَالَ: دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَہٗ۔ عطیہ طلب کرنا۔

الْمِنْحَۃُ۔ عطیہ۔ ج مِنَحٌ۔

الْمَنَّاحُ۔ بہت دینے والا۔

الْمِمْنَحُ۔ جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہوجانے کے بعد دودھ دینے والی اونٹنی۔

الْمَنِیْحُ۔ جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

الْمُمَانِحُ۔ جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مَطَرٌ مُمَانِحٌ: لگاتار بارش۔ رِیْحٌ مُمَانِحٌ: ہوا جس کی بارش نہ رکے۔

مُنْذُ وَ مُذْ۔ کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو مِنْ کے معنے میں جیسے مَا رَأَیْتُہٗ مُذْ یَوْمِ الْاَحَدِ اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنے میں جیسے مَا رَأَیْتُہٗ مُذْ شَہْرِنَا یعنی اس موجودہ مہینہ میں۔ اور اگر معنی معدود ہوں تو مِنْ اور اِلٰی کے معنی میں جیسے مَا رَأَیْتُہٗ مُذْ ثَلَاثَۃِ اَیَّامٍ۔ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے مَا رَأَیْتُہٗ مُذْ یَوْمَانِ کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو حذف کردیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے، اور اصل یوں ہے مُذْ کَانَ یَوْمَانِ۔

اور تیسری حالت یہ کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے مَا زِلْتُ اَبْغِی الْمَالَ مُذْ اَنَا یَافِعٌ میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الْیَوْمِ۔ اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔

الْمُنْسَنَۃُ۔ کہن سال۔

الْمَنَسُ۔ خوشی۔

مَنَعَہٗ (ف) مَنْعًا وَ مَنَعَہٗ الشَّیْءَ وعنہ وغیرہ: محروم کرنا۔ روکنا ـــ ہٗ الْقَاضِی عَنِ الْمِیْرَاثِ: روکنا ـــ ہٗ عَنِ الدَّعْوٰی: باز رکھنا۔ مَنَعَ جَارَہٗ: حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔

مَنُعَ (ک) مَنَاعَۃً وَ مَنَاعًا: قوی ہونا ـــ الْحِصْنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا ـــ الشَّیْءُ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِیْعٌ۔

مَانَعَہٗ۔ حمایت کرنا ـــ ہٗ الشَّیْءَ: جھگڑا کرنا۔

اور منع کرنا۔

تَمَنَّعَ وامْتَنَعَ عَنِ الشَّیْءِ: رکنا۔ **اِمْتَنَعَ الشَّیْءُ**: ناممکن الحصول ہونا۔ **تَمَنَّعَ وامْتَنَعَ بِقَوْمِہٖ**: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔

تَمَانَعَا: بازرہنا ــــ **عَنْ أَنْفُسِهِمَا**: ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔

اَلْمَنْعُ ۔ مص۔ ٹیکرا۔ ج مُنُوْعٌ۔

رَجُلٌ مَنِیْعٌ ۔ اپنے نفس کو باز رکھنے والا مرد۔

اَلْمَنَعَۃُ ۔ عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے لَہُمْ مَنَعَاتٌ ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہوسکتا۔

اَلْمَنْعَۃُ والْمِنْعَۃُ ۔ قوت۔ شوکت۔

اَلْمَنَاعَۃُ ۔ مص ــــ فِي الطِّبِّ: ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہوجائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔

اَلْمَانِعُ ج مَانِعُوْن ومَنَعَۃٌ: فا۔ کنجوس بخیل ج مَوَانِع: روکنے والا۔

مَنَاعِ ۔ اسم فعل ہے۔ بمعنے اِمْنَعْ۔

اَلْمَنُوْعُ والْمَنَّاعُ ۔ بہت زیادہ منع کرنے والا۔ اَلْمَنَّاعُ: کنجوس۔ بخیل۔

اَلْمُمْتَنِعُ ۔ اسم ہے بمعنے اِمْتِنَاعٌ۔

اَلْمَنِیْعُ ۔ غالب وقوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہوسکے۔ ج مُنَعَاءُ۔ حِصْنٌ مَنِیْعٌ: بلند ومضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔

مَنَا یَمْنُوْ مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔ صفت مفعول مَمْنُوٌّ بِکَذَا۔

اَلْمَنَا ۔ پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ مثنی مَنَوَان ومَنَیَان ج اَمْنَاءٌ واَمْنٍ ومُنِیٌّ اور اسی معنی میں اَلْمَنَاۃُ بھی ہے۔ کہا جاتا ہے دَارِیْ مَنَا دَارِہٖ میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔

مَنَاۃُ ۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔

اَلْمُنْوَۃُ ۔ آرزو۔

مَنٰی یَمْنِیْ مَنْیًا اللّٰہُ الْخَیْرَ لِفُلَانٍ: مقدر کرنا۔ مَنَاہُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَنَاہُ اللّٰہُ بِکَذَا یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے۔

مُنِیَ بِکَذَا: توفیق دیا جانا ــــ بِکَذَا: آزمائش کیا جانا۔

مَنّٰی تَمْنِیَۃً الرَّجُلَ الشَّیْءَ وبِالشَّیْءِ: آرزو دلانا۔

مَانٰی مُمَانَاۃً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا ــــ الرَّفِیْقَ: باری باری سوار ہونا۔

اَمْنٰی اِمْنَاءً الدَّمَ: خون بہانا گرانا ــــ الْحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔ اَمْنٰی: منی گرانا۔

اِسْتَمْنٰی بِالْیَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی نکالنا۔

اِمْتَنٰی اِمْتِنَاءً الشَّیْءَ: جھوٹ گھڑنا ــــ الْحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔

تَمَنَّی الشَّیْءَ: ارادہ کرنا ــــ الْکِتَابَ: پڑھنا ــــ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا ــــ الْحَدِیْثَ: جھوٹی بات گھڑنا۔

اَلْمَنِیَّۃُ ج مَنَایَا والْمَنٰی ۔ موت۔ اَلْمَنٰی: ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو اَنَا رَاضٍ بِمَنَی اللّٰہِ یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں۔ اور کہا جاتا ہے ہُوَ مِنِّیْ بِمَنَی مِیْلٍ وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔

اَلْمُنْیَۃُ والْمِنْیَۃُ ج مُنًی ومِنًی والْاُمْنِیَّۃُ ج اَمَانٍ واَمَانِیُّ: آرزو۔ مطلوب۔ اَلْاُمْنِیَّۃُ: جھوٹ۔

اَلْمُتَمَنِّیَات ۔ تمنائیں۔

مَہْ ۔ اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رُک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَہٍ۔

مَہَا (ن) **مَہْوًا الْاِبِلَ**: اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا۔

مَہِہَ (س) **مَہَہًا الشَّیْءُ**: نرم ہونا۔

اَلْمَہَاۃُ ۔ نرمی۔ تازگی۔ خوبصورتی۔ خوبصورت (ــــ والْمَہَہُ) سیر وسفر کا ساتھی۔ اَلْمُتَیْدُ۔ اَلْمَہَہُ: رفق۔ نرمی۔

اَلْمَہْتَرُ والْمِہْتَارُ ۔ امیر۔ والی۔ (دخیل)

مَہَجَ (ن) **مَہْجًا**: بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا ــــ الْوَلَدُ اُمَّہٗ: دودھ پینا ــــ الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

اُمْتُہِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔

اَلْمَاہِجُ ۔ فا۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ یا چربی۔

اَلْمُہْجَۃُ ۔ خون یا دل کا خون۔ روح۔ ومُہْجَۃُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا بہتر اور خالص۔ ج مُہَجٌ ومُہُجَات

اَلْاَمْہَجُ والْاُمْہُوْجُ والْاُمْہُجَانُ: خالص دودھ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَمْہُوْجُ الْبَطْنِ: ڈھیلے پیٹ کا مرد۔

مَہَدَ (ف) **مَہْدًا الْفِرَاشَ**: بستر بچھانا۔ لِنَفْسِہٖ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

مَہَّدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا ــــ الْاَمْرَ: درست وہموار کرنا ــــ لَہُ الْعُذْرَ: عذر خواہی کرنا ــــ لِفُلَانٍ عُذْرَہٗ: قبول کرنا ــــ لِنَفْسِہٖ خَیْرًا: اپنے لیے بھلائی مہیا کرنا۔

تَمَہَّدَ الْفِرَاشُ: بستر بچھانا ــــ لَہُ الْاَمْرُ: آسان ہونا ــــ الرَّجُلُ: قادر ہونا۔

اِمْتَہَدَ الشَّیْءُ: بچھنا ــــ الرَّجُلُ: کمائی کرنا کام کرنا۔

اِسْتَمْہَدَ فِرَاشًا: بستر بچھانا۔

اَلْمَہْدُ ۔ گہوارہ۔ پست زمین ج مُہُوْدٌ۔

اَلْمُہْدُ ج مِہَدَۃٌ واَمْہَادٌ والْمُہْدَۃُ ج مُہَدٌ: نرم وپست ہموار زمین۔

اَلْمِہَادُ ۔ بچھونا۔ پست زمین۔ ج مُہُدٌ ومُہْدٌ واَمْہِدَۃٌ۔

اَلْمَہِیْدُ ۔ خالص مسکہ۔

اَلْمُمَہَّدُ ۔ مفعو۔ مَاءٌ مُمَہَّدٌ: پانی نہ گرم نہ سرد۔

مَہَرَ (ن) **مُہُوْرًا ومُہُوْرًا ومِہَارًا ومَہَارَۃً الشَّیْءَ وفِیْہِ وبِہٖ**: حاذق ہونا۔ صفت مَاہِرٌ۔ کہا جاتا ہے مَہَرَ فِي الْعِلْمِ یعنی علم میں حاذق وماہر ہوا۔ فِیْ صَنَاعَتِہٖ: تجربہ کار وماہر ہونا۔

مَہَرَ (ن) **مَہْرًا واَمْہَرَ الْمَرْأَۃَ**: مہر دینا

یا مہر مقرر کرنا۔ واُمْہِرَہَا۔ مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعول کی مُمْہَرَۃ۔ واَمْہَرَتِ الفَرَسُ: بچھیرے یا بچھیری والی ہونا۔

مَہْرًا۔ بچھیرا اگنا یا حاصل کرنا۔

مَاہَرَہُ مُمَاہَرَۃً۔ ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا

تَمَہَّرَ۔ ماہر ہونا، حاذق ہونا۔ تیرنا۔

المَھْرُ۔ مم۔ نکاح کا عوض مالی جمع مُہُور و مُہُورۃ۔ اور کہا جاتا ہے: ہٰذا مَہْرُ ذٰلِکَ یہ اس کے بدلے میں ہے

المُھْرُ۔ بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ جمع مِہَار و اَمْہَار و مِہَارَۃ مؤنث مُہْرَۃ جمع مُہَر و مُہْرَات و مُہُرَات۔ المُہْرُ: درمیان سینہ کی ایک ہڈی۔ اندرائن کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ جمع مِہَرَۃ۔

المَھِیْرَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت مہر والی عورت جمع مَہَائِرُ۔

المَاھِرُ۔ حاذق۔ اچھا تیرنے والا جمع مَہَرَۃ

المَھْرِیَّۃُ۔ سرخ گیہوں۔ الاِبِلُ المَہْرِیَّۃُ: مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کرسکتا تھا۔ جمع مَہَارِی و مَہَارٍ و مَہَارِیّ۔

المِھْرَجَان۔ پارسیوں کی ایک عید۔

مَھَزَہُ (ف) مَھْزًا بِیَدِہٖ: دفع کرنا، ہٹانا

مَھَشَہُ (ف) مَھْشًا۔ ... کھرچنا۔

اِمْتَھَشَ۔ جلنا۔

مَھَصَ الثَّوْبَ: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔

تَمَھَّصَ فِی المَاءِ: پانی میں گھسنا۔

اِمْھَاضَتِ الاَرْضُ: بے نباتات ہونا۔ صفت مُمْھَاضٌ۔

مَھِقَ (س) مَھَقًا۔ بہت سفید ہونا۔

مَھَقَتْ (ف) مَھْقًا الخَیْلُ: گھوڑے کا دوڑنا۔ مَہَقَ الفَصِیْلَ: اونٹ کے بچہ کو پانی پلانا۔

تَمَھَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

المَھَقُ۔ مم۔ پانی پر کی سبزی۔

الاَمْھَقُ۔ بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَہْقَاءُ جمع مُہْقٌ۔

المُھْقَۃُ۔ بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔

مَھَکَ (ف) مَھْکًا ومَھَکَ الشَّیْءَ: خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَہَّکَہُ: نرم و چمکدار کرنا۔ مَہَّکَ فِی السَّیْرِ: جلدی کرنا۔

تَمَھَّکَ فِی العَمَلِ: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔

اِمْتَھَکَ الرَّجُلُ: کم گوشت والا ہونا — فِی العَدْوِ: کوشش کرنا۔

تَمَاھَکَ۔ القَوْمُ: باہم جھگڑنا۔

مَھْکَۃُ الشَّبَابِ مُھْکَتُہٗ۔ جوانی کی رونق و تر و تازگی۔

المَھْکُوْکُ۔ نرم کمان۔

المُمَھَّکُ والمُتَمَھِّکُ۔ جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے۔ شَابٌّ مُمَہَّکٌ۔

المُمْھَکُ۔ لمبا بے ڈول۔

مَھَلَ (ف) مَھْلًا ومُھْلَۃً وتَمَھَّلَ فِی العَمَلِ: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔

مَھِلَ (س) مَھَلًا الرَّجُلُ: بھلائی میں پیشقدمی کرنا۔ صفت مَاہِلٌ۔

اَمْھَلَہُ ومَھَّلَہُ الدَّیْنَ: مہلت دینا۔

اَمْہَلَ وتَمَھَّلَ الرَّجُلُ: نرمی برتنا — فِی الاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔

اِسْتَمْھَلَہُ: مہلت مانگنا۔

المَھَلُ والمَھْلُ۔ مم۔ نرمی، آہستگی، میت کی پیپ۔ اور کہا جاتا ہے مَہْلًا وعلیٰ مَہْلٍ یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے۔ المَہَلُ: کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی جانب پیش قدمی۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُوْ مَہَلٍ: فلاں بھلائی میں پیش قدمی کرنے والا ہے

المُھْلُ۔ معدنی جواہر جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی سے جو راکھ جھڑے۔

المُھْلَۃُ۔ مم۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی و نرمی۔ کہا جاتا ہے مَشٰی عَلٰی مُہْلَتِہٖ وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ شمار۔ کہا جاتا ہے خُذِ المُہْلَۃَ فِی اَمْرِکَ یعنی اپنے معاملہ میں سامان کرلو۔ فَاَخَذَ عَلٰی فُلَانٍ المُہْلَۃَ یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔

المَھْلَۃُ والمِھْلَۃُ والمُھْلَۃُ والمُھُلَۃُ۔ پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔

المُتَمَھِّلُ۔ فا — مِنَ الرِّجَالِ: لمبا۔

مَھْمَا اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَہْمَا یَزُرْنِیْ زَیْدٌ اُکْرِمْہُ: جب زید مجھ سے ملے گا میں اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَہْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کروں گا۔

مَھْمَھَۃٌ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَہْمَہَ فُلَانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔

تَمَھْمَہَ عَنِ الشَّیْءِ: باز رہنا۔ رکنا۔

المَھْمَہُ والمَھْمَھَۃُ۔ دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ جمع مَہَامِہُ۔

مَھَنَ (ف ن) مَھْنًا ومَھْنَۃً ومِھْنَۃً۔ الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔

مَھَنَ (ف ن) مَھْنًا۔ اپنا پیشہ کرنا — الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا — الثَّوْبَ: کھینچنا بوسیدہ کرنا — الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

مَھُنَ (ک) مَھَانَۃً: حقیر و کمزور ہونا۔

مَاھَنَہُ مُمَاھَنَۃً۔ مشق کرنا۔

اَمْھَنَہُ۔ کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔

اِمْتَھَنَ الشَّیْءَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا — الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا — الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔

المِھْنَۃُ والمَھْنَۃُ والمَھَنَۃُ والمِھَنَۃُ۔ کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے قَامَتِ المَرْاَۃُ بِمِہْنَۃِ بَیْتِہَا عورت اپنے گھر کے کام کاج کیلئے

ستعمد ہوئی و تاہِ مَہْنَک بِهٖ مَہْنَا " یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے - وَ ہُوَ فِی مَہْنَةِ اَہْلِہٖ " وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے - خَرَجَ فِی ثِیَابِ مَہْنَتِہٖ " وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا - ج مِہَن و مُہُن -

المَاهِن - فا - خادم - غلام ج مُهَّان مَهَنَة و مِہْنَان - مؤنث مَاہِنَة ج مَوَاہِن -

المَهِین - حقیر - کمزور - کم سمجھ - ج مُہَنَاء -

مَهَا یَمْہُو مَهْوًا - الرَّجُلَ : بہت مارنا -

مَہَا یَمْہُو مُہُوًّا - البَقَرَةُ الوَحْشِیَّةُ : نیل گائے کا خالص سفید ہونا -

مَہُوَ یَمْہُو مَہَاوَةً - اللَّبَنُ اوالسَّمْنُ : دودھ یا گھی کا پتلا ہونا - صفت مَہْوٌ -

اَمْہٰی اللَّبَنَ : دودھ میں زیادہ پانی ملانا - الحَدِیْدَةَ : لوہے کو تیز کرنا - الفَرَسَ : رسی دراز کرنا - دوڑا کر گرم کرنا - اسم المُہْی - اور کہا جاتا ہے - حَفَرَ البِئْرَ حَتّٰی اَمْہٰی " اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا - اَمْہٰی فُلَانٌ : تعریف میں خوب مبالغہ کرنا - الحَبْلَ : رسی کو ڈھیل دینا - القِدْحَ : تیر کی لکڑی کو درست کرنا - القِدْرَ : ہانڈی میں پانی بڑھا دینا - اَمْہَتِ العَیْنُ : آنسو بہانا -

المَہْوُ - مع سفید کنکری - موتی - بلور - اولہ - تازہ کھجور - پتلی تلوار - بہت پانی والا دودھ

المَہَاة - نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے - آفتاب - بلور - ج مَہًا و مَہَوَات و مَہَیَات -

مَہٰی یَمْہِی وَ یَمْہُو مَہْیًا وَاَمْہٰی وَ اِمْتَہٰی الشَّفْرَةَ اوالحَدِیْدَةَ : پتلا کرنا - تیز کرنا - وَ مَہٰی الشَّیْئَ : ملمع کرنا -

اِسْتَمْہٰی الفَرَسَ : گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا - القَوْمَ : دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا -

مَہْیَمْ - کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے - یا تمہیں کیا ہوا - یا کیا خبر ہے -

مَاءَ یَمُوْءُ مُوَاءً وَاَمْوَأَ السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا - وَ اَمْوَأَ الرَّجُلُ : بلی کی طرح آواز کرنا -

المَائِیَة و المَائِیَة و المَائِیَّة - بلی

مَاتَ یَمُوْتُ مَوْتًا - مرنا - مَاتَتِ الرِّیْحُ : ہوا کا رک جانا - النَّارُ : آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا - مَاتَ الحَرُّ اوالبَرْدُ : گرمی یا سردی کا زائل ہونا - مَاتَتِ الحُمّٰی : بخار کا جوش کم ہونا - مَاتَ الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا -

مَاتَ یَمُوْتُ مَوَاتًا مُوْتَانًا المَکَانُ : ویران ہونا - الطَّرِیْقُ : راستہ چلنا بند ہونا - کہا جاتا ہے مَاتَ فُلَانٌ الرَّجُلُ : یعنی گہری نیند سوگیا

مَوَّتَہٗ : مار ڈالنا - موت دینا -

اَمَاتَہٗ اِمَاتَةً - مار ڈالنا - اَمَاتَ نَفْسَہٗ : مغلوب کرنا - غَضَبَہٗ : غصہ پی جانا - الرَّجُلُ : مرے ہوئے بچوں والا ہونا - النَّاقَةُ اوالمَرْأَةُ : مرے ہوئے بچہ والی ہونا - صفت مُمِیْت و مُمِیْتَة ج مَمَاوِیْت - القَوْمُ : مرے ہوئے جانوروں والا ہونا - اَمَاتَ اللَّحْمَ : خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا - اور کہا جاتا ہے " مَا اَمْوَتَہٗ " یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے -

اُمِیْتَتِ اللَّفْظَةُ : لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا -

مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَہٗ : باہم صبر کرنا -

تَمَاوَتَ - بتکلف مردہ بننا - خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا -

اِسْتَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً واسْتِمَاتًا - موت چاہنا - ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا - لاغری کے بعد موٹا ہونا - الثَّوْبُ : کپڑے کا بوسیدہ ہونا - الشَّیْئُ : ڈھیلا ہونا -

المَوْت والمَوْتَة - موت - المَوْتُ الاَحْمَرُ : قتل سے جو موت واقع ہو - المَوْتُ الاَبْیَضُ : موت طبعی یا اچانک موت - المَوْتُ الاَسْوَدُ : گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو -

المُوْتَة - جنون کی ایک قسم - مرگی -

المَیْتَة - المَیْت کا مؤنث - مردار - ج مَیْتَات

المِیْتَة - مرنے کی حالت کہا جاتا ہے - " مَاتَ مِیْتَةً صَالِحَةً " وَمَاتَ مِیْتَةً سُوْءٍ " -

المَیْتُوْتَة - موت - (مولدة)

المُوْتَان والمُوَتَان - جانوروں کی مری - اور کہا جاتا ہے " ہٰذَا مُوْتَانُ الفُؤَادِ " یعنی یہ بلید الطبع ہے - مؤنث مُوْتَانَة -

المَوَتَان - موت - غیر ذی روح - کہا جاتا ہے " اِشْتَرِ مِنَ المَوَتَانِ وَلَا تَشْتَرِ مِنَ الحَیَوَانِ " یعنی زمین مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو -

المَائِت - قریب المرگ - کہا جاتا ہے " مَوْتٌ مَائِتٌ " یعنی سخت موت -

المَیِّت ج اَمْوَات و مَوْتٰی و مَیِّتُوْن والمَیْت ج مَیْتُوْن : مردہ - مؤنث مَیِّتَة و مَیْتَة و مَیْتٌ ج مَیِّتَات و مَیْتَات -

المَوَات - مع - غیر ذی روح - غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے -

المَمَات - موت - یا زمانہ موت -

المُمَات مِنَ اللَّفْظِ : متروک الاستعمال لفظ -

خَطِیْئَةٌ مُمِیْتَةٌ - گناہ کبیرہ -

المُسْتَمِیْت - فا - طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پرواہ نہ کرے - بتکلف مجنوں بننے والا انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا -

مَاثَ یَمُوْثُ مَوْثًا ومَوَثَانًا الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ : مخلوط کرنا - الشَّیْئَ فِی المَاءِ : پانی میں گھلنا -

اِنْمَاثَ - مخلوط ہونا - حل ہونا - گھل مل جانا -

مَاجَ یَمُوْجُ مَوْجًا و مَوَجَانًا و مُؤُوْجًا البَحْرُ : سمندر کا موج مارنا - مَاجَ القَوْمُ : مضطرب ہونا - بے ترتیب ہونا - مَاجَ عَنِ الحَقِّ : حق سے تجاوز کرنا -

المَوْج - مع - لہر - واحد مَوْجَة - ج اَمْوَاج - مَوْجَةُ الشَّبَابِ : آغاز جوانی -

المَوَّاج - بہت موج مارنے والا -

مَاخَ یَمُوْخُ مَوْخًا الغَضَبُ : غصہ کا ٹھنڈا ہونا -

المَاذِ ۔ اچھی خصلتوں والا ہونا ۔ خوش طبع (اصل اس کی مَوذٌ ہے)
المَاذِیُّ ۔ سفید شہد ۔ یا عمدہ شہد ۔ ہر قسم کے ہتھیار د ---- والمَاذِیَّۃُ) نرم زرہ ۔
المَاذِیَّۃُ : شراب ۔
مَارَ یَمُورُ مَوْرًا البَحْرُ : موج زن ہونا ۔
الدَّمُ عَلَی الاَرْضِ : خون کا زمین پر پھیل کر بہنا ۔
الدَّمَ : خون کو زمین پر پھیلا کر بہانا ----
الشَّیٌٔ : آگے پیچھے تیزی سے ہلنا ---- التُّرَابُ : غبار کا اٹھنا براگیختہ ہونا ۔ مَارَتِ الرِّیحُ التُّرَابَ وبالتُّرَابِ : ہوا کا مٹی کو اٹھانا ۔ براگیختہ کرنا ۔
مَارَ الصُّوفُ عَنِ الجَسَدِ : پشم کو جسم سے اکھیڑنا
السِّنَانَ فِی المَطْعُونِ : بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا
اَمَارَ الدَّمَ : خون بہانا ۔ اَمَارَتِ الرِّیحُ التُّرَابَ ہوا کا مٹی کو اٹھانا براگیختہ کرنا ۔ اَمَارَ السِّنَانَ فِی المَطْعُونِ : بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا
تَمَوَّرَ : تردد کی حالت میں آنا جانا ---- الشَّعْرُ بالوں کا ادھر اُدھر ہونا ۔ اور کہا جاتا ہے تَمَوَّرَ الوَبَرُ وتَمَوَّرَ عَنِ الدَّابَّۃِ : جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں ---- الشَّیٌٔ : کسی چیز کا مضطرب ہونا ۔ اور جلدی جلدی حرکت کرنا ۔
اِنْمَارَ الشَّعْرُ : بال اکھیڑا جانا ۔
اِمْتَارَ اِمْتِیَارًا السَّیْفَ : تلوار سونتنا ۔
مَارُ وَمَارِی ۔ سریانی کلمہ ہے اسکے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لئے ہوتا ہے اور ہر رئیس کیلئے عزت کہا جاتا ہے
المَوْرُ ۔ مص ۔ نرم چیز ۔ چلتا ہوا ہموار راستہ ۔ تیزی ۔
المُوْرُ ۔ ہوا میں اڑنے والا غبار ۔ مٹی جس کو ہوا اڑائے ۔ ہر قسم کے میمنے ۔
المُورَۃُ والمُوَارَۃُ ۔ گری ہوئی اون ۔ المُوَاقُ چیز جو کسی چیز سے گرے ۔ فانی چیز کا کچھ باقی حصہ ۔
المَائِرُ ۔ فا ۔ کم بوجھ ۔ سَہْمٌ مَائِرٌ : گھس جانے والا ہلکا تیر ۔ مؤنث مَائِرَۃٌ ۔ ج مَائِرَاتٌ وَمَوَائِرُ ۔
المَوَّارُ ۔ اسم مبالغہ ۔ رِیحٌ مَوَّارَۃٌ واَرْیَاحٌ مُوْرٌ : مٹی براگیختہ کرنے والی ہوا ۔

المَوْزَجُ ۔ کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کلیان پر گھماتے ہیں اس کو پھلسا کہتے ہیں ۔
المَوْزُ ۔ کیلا کا درخت ۔ کیلا ۔ واحد مَوْزَۃٌ :
المَوَّازُ ۔ کیلا بیچنے والا ۔
المُوْزَجُ ۔ موزہ ۔ ج مَوَازِجُ وَمَوَازِجَۃٌ ۔
مَاسَ یَمُوسُ مَوْسًا الرَّاسَ : سر مونڈنا ۔
المَاسُ ۔ ہیرا ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَاسٌ : جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو ۔
المُوسٰی ۔ استرا ۔ (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسٍ ومُوسَیَاتٌ ۔
المُوسِیقِیُّ ۔ گانے کا فن ۔
المُوسِیقَارُ ۔ گانے والا ۔ گویا ۔
مَاشَ یَمُوشُ مَوْشًا الکَرْمَ : توڑنے کے بعد باقی ماندہ انگور چننا ۔
المَاشُ ۔ اُرد ۔ واحد مَاشَۃٌ ۔ گھر کا معمولی سامان ۔
مَاصَ یَمُوصُ مَوْصًا ومَوْصًا الثَّوْبَ : کپڑا دھونا ۔ مَاصَ الشَّیْءَ : ہاتھ سے ملنا ۔
المَوْصُ ۔ مص ۔ بھوسہ ۔
المُوَاصَۃُ ۔ پانی جس سے برتن یا کپڑے وغیرہ دھوئے گئے ہوں ۔
مَوْعَۃُ الشَّبَابِ : آغاز جوانی ۔
مَاعَ یَمُوعُ مَوْعًا ومُوَاعًا السِّنَّوْرُ : بلی کا میاؤں میاؤں کرنا ۔
مَاقَ یَمُوقُ مَوْقًا البَیْعُ : ارزاں ہونا الطَّعَامُ : غلہ مندا ہونا ۔
مَاقَ یَمُوقُ مَوْقًا ومُوقًا ومَوَاقَۃً و مُؤُوقًا ۔ الرَّجُلُ : بے وقوف ہونا ۔ ہلاک ہونا ۔
تَمَاوَقَ ۔ حماقت ظاہر کرنا ۔
اِنْمَاقَ اِنْمِیَاقًا : ہلاک ہونا ۔
اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَۃً ۔ بیوقوف سمجھنا ۔
المَائِقُ ۔ بے وقوف ۔ ہلاک ہونیوالا ۔ کہا جاتا ہے اَحْمَقُ مَائِقٌ وہ بڑا سخت بیوقوف ہے ۔ ج مَوْقٰی ۔
المُوقُ ۔ مص ۔ بیوقوفی ۔ غباوت ۔ غبار ۔

پروالی چیونٹی ۔ گوشۂ چشم ۔ موٹا موزہ جو باریک موزہ پر پہنا جائے ۔ ج اَمْوَاقٌ ۔
مَالَ یَمُولُ ویَمَالُ مَوْلًا ومُؤُولًا : مالدار ہونا یا بہت مال والا ہونا ۔ کہا جاتا ہے مَا اَمْوَلَہٗ وہ کس قدر مالدار ہے ۔
مَالَہٗ یَمُولُہٗ مَوْلًا واَمَالَہٗ اِمَالَۃً : مال دینا
مَوَّلَہٗ ۔ مالدار بنانا ۔
تَمَوَّلَ المَالَ : اپنے لئے جمع کرنا ----
واِسْتَمَالَ) مال حاصل کرنا ۔ یا بہت مال والا ہونا ۔
المَالُ ج اَمْوَالٌ : مال و دولت ۔ اہل بادیہ کے نزدیک اس کا اطلاق چوپایوں پر ہوتا ہے ۔ جیسے اونٹ بکری وغیرہ ۔ مذکر و مؤنث ہے ۔ کہا جاتا ہے تَجُوزُ المَالَ وہِیَ المَالُ اور کہا جاتا ہے خَرَجَ اِلٰی مَالِہٖ یعنی اپنی جائداد یا اپنے اونٹوں کی طرف گیا ۔ ج مَالُوْنَ ومَالُوْنَ : بہت مال والا ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَالٌ بہت مالدار مرد ۔ مؤنث مَالَۃٌ ج مَالَۃٌ ومَالَاتٌ ۔
المُوْلُ ۔ مکڑی ۔ واحد مُوْلَۃٌ ۔
المَالِیَّۃُ ۔ مالیت ۔ دولت ۔ مال کے متعلق مولدین اس کا اطلاق مال پر بھی کرتے ہیں ۔
المَوِّلُ والمَیِّلُ ۔ بہت مال والا ۔
المُوَیْلُ ۔ مال کی تصغیر ۔ رجب کا مہینہ ۔
مِیمَ مَوْمًا الرَّجُلُ : برسام کی بیماری لاحق ہونا یا سخت چیچک ہونا جس میں سارا جسم ایک زخم بن جائے ۔ صفت مفعول مَمُومٌ ۔
مَوَّمَ مِیمًا ۔ حرف میم لکھنا ۔
المُومُ ۔ موم ۔ جلاہوں کا نال ۔ موچیوں کا ایک آلہ ۔
المَوْمَاۃُ والمَوْمَاۃُ ۔ وسیع بیابان ۔ بے پانی کا بیابان ۔ ج المَوَامِی ۔
المُومِیَاءُ ۔ ایک قسم کی دوا ۔ قدماء مصر کے طریقہ پر حنوط لگائے ہوئے اجسام ۔
مَانَہٗ یَمُونُہٗ مَوْنًا ومَؤُونَۃً ومُؤُونَۃً : نان نفقہ برداشت کرنا ۔ صفت مَائِنٌ ۔ مَانَ الاَرْضَ : زراعت کے لئے زمین جوتنا ۔

مُوَّنَ ۔ مَانَ نفقہ جمع کرنا ۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا ۔

المُؤْنَۃ ۔ گزارے کا ذخیرہ ۔ ج مُوَن ۔ بَیْتُ المُؤْنَۃِ : گزارہ جمع کرنے کی کوٹھری ۔

المُوَّان ۔ ذخیرہ جمع کرنے والا ۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا ۔

مَاهَتْ تَمُوهُ وَتَمَاهُ مَوْهًا وَمَاهَةً وَمُؤُوهًا ۔ البِئْرُ : کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا ۔ ــــ والسَّفِینَةُ : کشتی میں پانی داخل ہونا ۔

مَاهَ یَمُوهُ مَوْهًا الرَّجُلَ : پانی پلانا ــــ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : ملانا ۔

أَمَاهَ إِمَاهَةً وَأَمْوَهَ إِمْوَاهًا الشَّیْءَ : ملانا ــــ الشَّیْءُ : ملنا ــــ الرَّجُلَ : پانی پلانا ۔ الحَوْضَ : حوض میں پانی جمع کرنا ــــ الدَّوَاةَ : دوات میں پانی ڈالنا ــــ البِئْرَ : کنواں کھود کر پانی نکالنا ــــ السِّکِّینَ : چھری پر پانی چڑھانا ۔ أَمَاهَتِ السَّمَاءُ : بہت پانی برسانا ــــ الأَرْضُ : بہت پانی والی ہونا ۔

مَوَّهَ المَکَانُ : پانی والی ہونا ــــ القِدْرَ : ہانڈی میں پانی بڑھانا ــــ الشَّیْءَ بِمَاءِ الذَّهَبِ أَوِ الفِضَّةِ وَنَحْوِهِمَا : سونے یا چاندی کا پانی چڑھانا ــــ عَلَیْهِ الأَمْرَ وَالخَبَرَ : جھوٹی بات خلاف واقع سنانا ۔

تَمَوَّهَ ۔ سونے چاندی وغیرہ کا پانی چڑھنا ۔ العِنَبُ : انگور کا رس دار ہونا اور پکنے کے قریب ہونا ــــ المَکَانُ بِالبَقْلِ : سبزہ زار ہونا ۔

المَاءُ ۔ پانی (اصل مَوَہٌ ہے) تصغیر مُوَیْہٌ اور نسبت کے لئے مَائِیٌّ وَمَاوِیٌّ وَمَاهِیٌّ ج مِیَاهٌ وَأَمْوَاهٌ ۔ وَمَاءُ الوَرْدِ وَمَاءُ الزَّهْرِ وَنَحْوِهِمَا : گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق کھینچنے سے نکلے ۔ مَاءُ الوَجْهِ أَوْ مَاءُ الشَّبَابِ : چہرہ یا جوانی کی رونق و تر و تازگی مَاءُ السَّیْفِ : تلوار کی چمک دمک بَنَاتُ المَاءِ : پانی کے آس پاس رہنے والے پرندے ۔ مفرد اِبْنُ المَاءِ ۔ المَاءُ الأَزْرَقُ : موتیا بند ۔

المَاهُ ۔ پانی اور نسبت کیلئے مَاهِیٌّ ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَاهُ الفُؤَادِ وَمَاهِی الفُؤَادِ یعنی بزدل ۔ بلید الطبع ۔

المَاوَۃُ ۔ پانی تصغیر مُوَیْهَةٌ ۔

المُوهَۃُ وَالمُوَاهَۃُ مِنَ الوَجْهِ : رونق و حسن

المَاهَۃُ ۔ مع چمک ۔ بِئْرٌ مَاهَةٌ : بہت پانی والا کنواں ۔

المَاهِیَّۃُ ۔ مؤنث المَاهِیّ ۔ مَاهِیَّةُ الشَّیْءِ : حقیقت شے (مَا هُوَ سے نکلا ہوا) ۔ ج مَاهِیَّات

المَائِیَّۃُ وَالمَاوِیَّۃُ ۔ مِنَ الشَّجَرِ : وہ سائل چیز جس سے درخت کو غذا حاصل ہو ۔ المَاوِیَّةُ : آئینہ ۔ ج مَاوِیٌّ ۔

بِئْرٌ مَیِّهَةٌ ۔ بہت پانی والا کنواں ۔

الأَمْوَهُ ۔ اسم تفضیل ۔ کہا جاتا ہے البِئْرُ هٰذِهِ السَّنَةَ أَمْوَهُ مِمَّا کَانَتْ یعنی کنواں امسال بہ نسبت پہلے کے زیادہ پانی والا ہے ۔

المُمَوَّهَۃُ ۔ مؤنث ۔ ناخنہ والی آنکھ ۔

مَاتَ یَمِیتُ مَیْتًا ۔ مرنا ۔

مَاثَ یَمِیثُ مَیْثًا وَمَیَّثَ الشَّیْءَ فِی المَاءِ : پگھلانا ۔ حل کرنا ۔ مَیَّثَ الرَّجُلَ : ذلیل کرنا ۔

تَمَیَّثَ الشَّیْءُ فِی المَاءِ : پگھلنا ۔ حل ہونا ــــ الرَّجُلُ : ذلیل ہونا ۔ تَمَیَّثَتِ الأَرْضُ : بارش سے نرم ہونا ــــ الحَرَارَةُ : ٹھنڈی ہونا ۔

اِنْمَاثَ اِنْمِیَاثًا الشَّیْءُ فِی المَاءِ : پانی میں حل ہونا ۔

اِمْتَاثَ الرَّجُلُ : زندگی کی راحت پانا ــــ الأَقِطَ : پنیر کو پانی میں بھگو کر کھانا ــــ الشَّیْءَ فِی المَاءِ : پگھلانا ۔ حل کرنا ۔

المَیِّثُ ۔ نرم ۔

أَرْضٌ مَیْثَاءُ ۔ کثیر ریت والی نرم زمین ۔

المُسْتَمِیثُ ۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا

مَاجَ یَمِیجُ مَیْجًا الشَّیْءُ : مخلوط ہونا ۔

مَاحَ یَمِیحُ مَیْحًا وَمَیْحُوحَةً ۔ چلو سے پانی لینا ــــ أَصْحَابَهُ : لوگوں کے لئے چلو چلو پانی لانا ــــ الرَّجُلَ : نفع دینا ــــ وَعِنْدَ الأَمِیرِ : سفارش کرنا کہا جاتا ہے مُحْنِی عِنْدَ الأَمِیرِ یعنی سفارش امیر کرو ۔

مَاحَتِ الرِّیحُ الشَّجَرَةَ : جھکانا مَاحَ الرَّجُلُ : ناز و انداز سے چلنا ۔ مَاحَ یَمِیحُ مَیْحًا وَمِیَاحَةً : دینا ۔

مَیَّحَ تَمْیِیحًا الغُصْنُ : جھکنا ، ہلنا ــــ السَّکْرَانُ : چلنے میں ڈگمگانا ۔

مَایَحَهُ مُمَایَحَةً ۔ ملانا ۔

اِمْتَاحَ المَاءَ : چلو لینا ــــ الرَّجُلَ : طلب فضل کیلئے کسی کے پاس آنا ۔ اِمْتَاحَتِ الحَرُّ أَوِ العَمَلُ : پسینہ میں شرابور کرنا ۔

تَمَیَّحَ ۔ ناز و انداز سے چلنا ۔ دائیں بائیں جھکنا

تَمَایَحَ ۔ ڈگمگانا ۔

اِسْتَمَاحَ اِسْتِمَاحَةً ۔ عطیہ مانگنا ۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا ۔

المَائِحُ ج مَاحَةٌ وَالمَیَّاحُ ۔ چلو سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا ۔

مَاخَ یَمِیخُ مَیْخًا وَتَمَیَّخَ الرَّجُلُ : ناز و انداز سے چلنا ۔

مَادَ یَمِیدُ مَیْدًا وَمَیَدَانًا ۔ ہلنا جھکنا کہا جاتا ہے مَادَتْ بِهِ الأَرْضُ زمین اس کے ساتھ گھوم گئی ــــ الغُصْنُ : ٹہنی کا جھکنا ۔ ہلنا ــــ الرَّجُلُ : ناز و انداز سے چلنا ۔ سر چکرانا وَمَادَ الرَّجُلَ : زیارت کرنا ۔ بہتر سلوک کرنا ۔

تَمَایَدَ ۔ نشاط سے جھومنا ۔

تَمَیَّدَتِ المَرْأَةُ : عورت کا ناز سے چلنا ۔

اِمْتَادَ اِمْتِیَادًا ۔ غلہ جمع کرنا ۔ عطیہ طلب کرنا کہا جاتا ہے اِمْتَادُوهُ فَمَادَهُمْ یعنی لوگوں نے اس سے عطیہ طلب کیا اور اس نے دیا ۔

المَائِدُ ۔ جھکنے والا ۔ سر میں چکر والا ۔ ج مِیدٌ غُصْنٌ مَائِدٌ : جھکنے والی ٹہنی ۔ غُصُونٌ مُیَّدٌ جھکنے والی ٹہنیاں ۔

المَائِدَۃُ : المَائِدُ کا مؤنث ۔ دسترخوان جس پر کھانا ہو ۔ کھانا ۔ زمین کا دائرہ ج مَوَائِدُ وَمَائِدَاتٌ

مَیْدَلَا ۔ بیدمیں ایک لغت نادرہ ۔

المَیْدَۃُ ۔ مَادَ کا اسم مرۃ ۔ کھانا ۔ دسترخوان جس پر کھانا چنا ہوا ہو ۔

مَیْدَ بِمَعْنَی بَیْدَ مِنْ أَجْلِ ۔ کہا جاتا ہے فَعَلْتُ

مَیَدَی بِذٰلِکَ: اس نے اس کو اس کی وجہ سے کیا دبعض جدا؛ کہا جاتا ہے "دَارِیْ بِمَیْدِیْ دَارِہٖ" میرا مکان اس کے مکان کے مقابل ہے۔

مَیْدَاءُ الشَّیْءِ: قیاس واندازہ۔ سانچا۔ اور کہا جاتا ہے "ہٰذَا مَیْدَاءُ ذٰلِکَ وَبِمَیْدَائِہٖ" یعنی یہ اس کے مقابل ہے۔

اَلْمَیْدَانُ وَالْمِیْدَانُ گھوڑدوڑ یا کھیل کود کے لئے کشادہ جگہ۔ ج مَیَادِیْنُ۔

اَلْمَیَّادُ۔ بہت جھومنے والا۔ مؤنث مَیَّادَۃٌ

اَلْمَیُوْدُ۔ بہت ہلنے والا۔

اَلْمُمْتَادُ۔ عطیہ مانگنے والا۔ جس سے عطیہ مانگا جائے۔

مَارَ یَمِیْرُ مَیْرًا وَاَمَارَ۔ عِیَالَہٗ: اہل وعیال کیلئے نان ونفقہ لانا ــــ الدَّوَاءَ وَنَحْوَہٗ: گھلانا۔ مَارَ الصُّوْفَ: اون دھنکنا۔ اَمَارَ اَوْدَاجَہٗ: رگیں کاٹنا۔

مَایَرَہٗ مُمَایَرَۃً۔ خوراک لانا۔ مقابلہ کرنا۔ نقل اتارنا۔

تَمَایَرَ تَمَایُرًا مَا بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد واقع ہونا۔

اِمْتَارَ لِعِیَالِہٖ اَوْ لِنَفْسِہٖ: خوراک جمع کرنا۔

اَلْمَیْرُ۔ مص۔ خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ خَیْرٌ وَلَا مَیْرٌ"۔

اَلْمِیْرَۃُ۔ خوراک جس کو انسان ذخیرہ کرکے رکھے۔ ج مِیَرٌ۔

اَلْمَائِرُ۔ خوراک لانے والا ج مُیَّارٌ و مَیَّارَۃٌ

اَلْمَیَّارُ۔ خوراک لانے والا۔

اَلْمُوَارَۃُ۔ اون کا ردی حصہ جو دھننے کے وقت گرے۔

مَازَ یَمِیْزُ مَیْزًا وَمَیَّزَ وَاَمَازَ الشَّیْءَ: علیحدہ کرنا جدا کرنا ــــ الشَّیْءَ: ترجیح دینا۔ مَازَ فُلَانٌ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔

تَمَیَّزَ وَانْمَازَ انْمِیَازًا وَامْتَازَ امْتِیَازًا وَاسْتَمَازَ اسْتِمَازَۃً۔ جدا ہونا۔ وَتَمَیَّزَ فُلَانٌ مِنَ الْغَیْظِ: غصہ سے پھٹ پڑنا۔ اِمْتَازَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض سے جدا ہونا۔ وَاسْتَمَازَ: جدا ہونا

تَمَایَزَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ گروہ بندی کرنا

اَلْمَیِّزُ وَالْمَیْزُ۔ مضبوط پٹھوں والا۔

اَلتَّمْیِیْزُ۔ مَیَّزَ کا مصدر۔ قوت نفسانی جس سے معانی کا استنباط ہو۔ علم نحو کی ایک اصطلاح۔ سِنُّ التَّمْیِیْزِ: نفع ضرر پہچاننے کی عمر۔

اَلْاِمْتِیَازُ۔ مص۔ کسی چیز کے بیچنے یا کسی کام کے کرنے کی اجازت کا خاص پروانہ۔ لائسنس ج اِمْتِیَازَاتٌ (مولدۃ)

اَلْمِیْزَابُ۔ پرنالہ۔

مَاسَ یَمِیْسُ مَیْسًا وَمَیَسَانًا وَتَمَیَّسَ الرَّجُلُ: ناز وانداز سے چلنا۔ صفت مَائِسٌ و مَیَّاسٌ و مَیْسَانُ و مَیُوْسٌ۔

مَیَّسَ الثَّوْبَ: دامن بنانا۔

اَلْمَیْسُ۔ مص۔ ایک بڑا درخت جس کی لکڑی سے کجاوہ بنایا کرتے تھے اور اس کے دانے کالے اور میٹھے ہوتے ہیں۔ واحد مَیْسَۃٌ۔ اَلْمَیْسُ ایک قسم کی کشمکش۔ دو بیلوں کے درمیان لمبی لکڑی۔ کجاوہ۔

اَلْمَیَّاسُ۔ اکڑ کے چلنے والا شیر۔ بھیڑیا۔

اَلْمَیْسَانُ۔ بہت تیز چمکنے والا استارہ ج مَیَاسِیْنُ۔

مَاشَ یَمِیْشُ مَیْشًا الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا۔ النَّاقَۃَ: تھن سے آدھا دودھ دوہنا ــــ الْخَبَرَ: کچھ بتلانا کچھ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "مَاشُوْا الْاَرْضَ مَیْشًا" وہ زمین پر گذرے۔

مَاطَ یَمِیْطُ مَیْطًا وَمَیَطَانًا وَاَمَاطَ اِمَاطَۃً عَنْ کَذَا: جدا ہونا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "مِطْ عَنَّا یَا فُلَانُ" یعنی اے فلاں ہم سے دور ہو۔ مَاطَ وَاَمَاطَ وَمَاطَ بِہٖ: جدا کرنا۔ دور کرنا۔ لیجانا۔ مَاطَ الرَّجُلُ: ظلم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَاطَ عَلَیَّ فِیْ حُکْمِہٖ" اس نے اپنے فیصلہ میں میرے اوپر ظلم کیا۔ فُلَانًا: ڈانٹنا ہٹانا ــــ الشَّیْءَ: ہٹانا۔

مَیَّطَ تَمْیِیْطًا بَیْنَہُمَا: مائل کرادینا۔

تَمَایَطَ الْقَوْمُ: فساد واقع ہونا۔ ایک دوسرے سے بعید ہونا۔

مَایَطَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔

اَلْمَیْطُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَہٗ مَیْطٌ" اس کے پاس کچھ نہیں۔ وَ"امْتَلَأَ حَتّٰی لَا یَجِدُ مَیْطًا" بھر گیا۔ یہاں تک کہ اب مزید گنجائش نہیں۔ وَ"اَمْرٌ ذُوْ مَیْطٍ" سخت معاملہ۔

اَلْمِیَاطُ۔ دفع۔ ڈانٹ۔ جھکاؤ۔ ادبار وتباعد (جس طرح ہِیَاط کے معنی اقبال اور قربت کے ہیں) اور اسی سے ہے "اَضْحَوْا فِیْ ہِیَاطٍ وَمِیَاطٍ" وہ لوگ اقبال وادبار میں ہیں۔

اَلْمَیَّاطُ۔ بیہودہ کھیل کود میں رہنے والا۔

مَاعَ یَمِیْعُ مَیْعًا الشَّیْءُ: زمین پر پھیل کر بہنا۔ کہا جاتا ہے "اَلسَّرَابُ یَمِیْعُ" سراب زمین پر پھیل کر جاری ہے ــــ نَاصِیَۃُ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیشانی کے بال طویل ہونا اور لٹکنا ــــ الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا ــــ وَانْمَاعَ اِنْمِیَاعًا وَتَمَیَّعَ تَمَیُّعًا السَّمْنُ: گھی کا پگھل کر بہنا۔ صفت مَائِعٌ مؤنث مَائِعَۃٌ۔ کہا جاتا ہے "اَلْفِضَّۃُ تَتَمَیَّعُ فِی الْبُوْطَۃِ": چاندی کٹھالی میں پگھل کر بہہ رہی ہے۔

اَمَاعَ اِمَاعَۃً وَاَمَاعَ الشَّیْءَ: بہانا۔

مَیْعَۃُ الشَّیْءِ: اول شئے۔ اصل شئے۔ کہا جاتا ہے "مَیْعَۃُ الشَّبَابِ" آغاز جوانی و"مَیْعَۃُ السُّکْرِ" ابتدائی نشہ و"مَیْعَۃُ الْفَرَسِ": گھوڑے کی دوڑ کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "اَلْفَرَسُ فِیْ مَیْعَۃِ جَرْیِہٖ" گھوڑا اپنی دوڑ کے آغاز میں ہے۔ اَلْمَیْعَۃُ: زمین پر بہتی ہوئی چیز کا سیلان۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔

اَلْمَائِعُ۔ بہنے والی چیز۔ بے وقوف۔

اَلْمَائِعَۃُ۔ اَلْمَائِعُ کا مؤنث گھوڑے کی پیشانی کے بال جبکہ طویل ہوں۔ ایک درخت کا خوشبودار گوند۔ ج مَوَائِعُ۔

مَالَ یَمِیْلُ مَیْلًا وَتَمْیَالًا وَمَیَلَانًا وَمَیْلُوْلَۃً وَمَمَالًا وَمُمِیْلًا اِلَی الْمَکَانِ: لوٹنا ــــ اِلَی الشَّیْءِ اَوِ الشَّخْصِ: رغبت کرنا۔ محبت کرنا ــــ عَنِ الطَّرِیْقِ: تجاوز کرنا۔ چھوڑ دینا ــــ الْحَائِطُ: دیوار کا جھکنا ــــ الْحَاکِمُ فِیْ حُکْمِہٖ: ظلم کرنا ــــ عَلَیْہِمُ الدَّہْرُ: زمانہ کا مصائب ڈالنا۔ مَالَ بِفُلَانٍ:

غالب ہونا۔ مَالَ الشَّیْءَ: جھکانا۔ کہا جاتا ہے۔ "فُلَانٌ لَا یُمِیْلُ عَلَیْہِ الرِّیْحُ" یعنی فلاں بہت قوی ہے۔

مَالَتْ تَمِیْلُ مُیُوْلًا۔ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا یا غروب کے قریب ہونا۔ مَالَ النَّہَارُ او اللَّیْلُ: دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "مَالَ بِنَا الطَّرِیْقُ" یعنی دور ہوا۔

مَیِلَ (س) مَیَلًا۔ خلقۃً جھکا ہوا ہونا۔ صفت اَمْیَلُ۔ کبھی اس کا استعمال عمارات کے متعلق ہوتا ہے۔

مَیَّلَ تَمْیِیْلًا۔ الشَّیْءَ: جھکانا ـــ فِی الْاَمْرِ: شک کرنا ـــ بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ: تردد اور ترجیح دینا۔ جیسے "قُرِّبَ لَہٗ طَعَامٌ فَمَیَّلَ فِیْہِ لِقِلَّتِہٖ" اس نے کھانا پیش کیا اور کم ہونے کی وجہ سے متردد رہا کہ کھائے یا چھوڑ دے۔

اَمَالَ اِمَالَۃً۔ الشَّیْءَ: جھکانا ـــ یَدَہٗ بِالْفَرَسِ: لگام ڈھیلی کرنا۔ اَمَالَتِ الْمَرْأَۃُ: نقاب اتارنا۔ اَمَالَ الْقَارِیُ: پڑھنے میں امالہ کرنا۔

مَایَلَہٗ مُمَایَلَۃً۔ موافقت کرنا۔ مدد دینا۔ لوٹ ڈالنا۔ مائل ہونا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَایَلَنَا الْمَلِکُ فَمَایَلْنَاہُ" بادشاہ نے ہم پر حملہ کیا ہم نے اس پر حملہ کر دیا۔ مَایَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ: ترجیح دینا۔

تَمَیَّلَ وَتَمَایَلَ تَمَایُلًا فِی مَشْیِہٖ: ناز و انداز سے چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَ الْقَوْمِ تَمَایُلٌ" یعنی قوم کے درمیان جنگ و جدال اور فتنے ہیں۔

تَمَایَلَ الْجُلُّ عَنِ الْفَرَسِ: جھکنا۔

اِسْتَمَالَ اِسْتِمَالَۃً۔ مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مِیْلُہٗ فَاسْتَمَالَ" اس نے اسے جھکایا وہ جھک گیا ـــ فُلَانًا وَبِقَلْبِہٖ: جھکانا۔ مائل کرنا۔ مہربان بنانا ـــ فِی الْوِعَاءِ: لینا۔ اِسْتَمَالَ الطَّعَامَ وَنَحْوَہٗ: دونوں کف یا ذراع سے ناپنا۔

الْمِیْلُ۔ سرمہ کی سلائی (مولدۃ) زخم ناپنے کا آلہ۔ الْمِیْلُ: نشان راہ جو مسافر کیلئے بنا دیا جائے تاکہ وہ مسافت معلوم کر سکے۔ مسافت جس کی کوئی حد مقرر نہیں۔ لوگوں نے کہا ہے کہ نگاہ پہنچنے تک کی مسافت ـــ عِنْدَ الْمُحَدِّثِیْنَ چار ہزار ہاتھ کی مسافت۔ وَالْمِیْلُ الْہَاشِمِیُّ: ایک ہزار باع (اور باع دونوں ہاتھ کے پھیلاؤ کی لمبائی) ج اَمْیَالٌ وَاَمْیُلٌ وَمُیُوْلٌ۔

الْمَیْلَۃُ۔ وقت۔ ج مِیَلٌ اور کہا جاتا ہے "اَلدَّہْرُ مِیَلٌ" زمانہ گردشوں والا ہے۔

الْاِمَالَۃُ۔ مص ـــ فِی الْقِرَاءَۃِ: فتحہ کو کسرہ کی جانب اور الف کو یا کی جانب جھکانا۔

الْاَمْیَلُ۔ اسم تفضیل۔ جھکی ہوئی عمارت وغیرہ۔ زین پر ایک جانب جھکا ہوا۔ بزدل۔ مؤنث مَیْلَاءُ۔

الْمَیْلَاءُ۔ الْاَمْیَلُ کا مؤنث۔ ریت کا ٹیلہ "شَجَرَۃٌ مَیْلَاءُ": بہت ٹہنیوں والا درخت۔

الْمَائِلُ۔ فا۔ ج مُیَّلٌ وَمُیَّالٌ مؤنث مَائِلَۃٌ ج مَائِلَاتٌ وَمَوَائِلُ۔

الْمَیَّالُ۔ بہت جھکنے والا۔ مؤنث مَیَّالَۃٌ۔

مَانَ یَمِیْنُ مَیْنًا۔ جھوٹ بولنا۔ صفت مَائِنٌ وَمَیَّانٌ وَمَیُوْنٌ۔ مَانَ الْاَرْضَ: زمین کو زراعت کے لئے جوتنا۔

تَمَایَنَ الْقَوْمُ: ایک کا دوسرے پر جھوٹ بولنا۔

الْمَانُ۔ ہل کا پھل۔

الْمَیْنُ۔ جھوٹ۔ ج مُیُوْنٌ۔ کہتے ہیں۔ "اَکْثَرُ الظُّنُوْنِ مُیُوْنٌ" اکثر گمان جھوٹے ہوتے ہیں۔ "وَمَا ہُوَ اِلَّا الْکِذْبُ وَمَیْنٌ" یہ صرف جھوٹ ہے۔

الْمِیْنَا وَالْمِیْنَاءُ۔ بندرگاہ۔ ج مَوَانٍ وَمَوَانِیُ۔ الْمِیْنَاءُ: آبگینہ۔

مُتَمَایِنُ الْوُدِّ: جھوٹی دوستی کرنے والا۔

مَاہَ یَمِیْہُ مَیْہًا وَمَیْہَۃً السَّیْفَ وَغَیْرَہٗ بِمَاءِ الذَّہَبِ: تلوار پر سونے کے پانی کا ملمع کرنا ـــ فُلَانًا: پانی پلانا۔ مَاہَتِ الْبِئْرُ: بہت پانی والا ہونا۔ مَاہَ یَمِیْہُ مَیْہَۃً وَمَاہَۃً وَمِیْہًا۔ الرَّکِیَّۃَ: کنوئیں کے پانی کو زیادہ کرنا۔

الْمَاہَۃُ وَالْمِیْہَۃُ۔ کنوئیں کے پانی کی کثرت۔

الْاَمْیَہُ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے۔ "اَلرَّکِیَّۃُ اَمْیَہُ مِمَّا کَانَتْ" کنواں بہ نسبت پہلے کے بہت پانی والا ہے۔

مَیَّ وَمَیَّۃُ وَمَیَّا۔ عورتوں کے نام۔

ن

ن۔ حرف نون پانچ قسموں پر ہے۔

(۱) نون تاکید۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ خفیفہ۔ ثقیلہ۔ اور یہ فعل کیسا تھ مختص ہیں جیسے "لَیَکُوْنًا مِنَ الصَّاغِرِیْنَ" "وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ غَافِلًا"۔ ماضی کی تاکید اس سے بالکل نہیں آتی اور امر کی تاکید جائز ہے اور فعل مضارع کی تاکید واجب ہے جبکہ جواب قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے "تَاللّٰہِ لَاَکِیْدَنَّ اَصْنَامَکُمْ" اور جبکہ جواب قسم ہو اور یہ شرطیں نہ پائی جاتی ہوں تو تاکید ممتنع ہے اور ان کے علاوہ میں تاکید و عدم تاکید دونوں جائز ہیں مگر طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے۔

(۲) نون تنوین۔ اور یہ نون ساکنہ زائدہ اسم کے آخر میں آتا ہے جو صرف پڑھا جاتا ہے لکھا نہیں جاتا جیسے کِتَابٌ۔

(۳) نون تانیث۔ اور یہ یا تو خفیفہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جیسے "ضَرَبْنَ وَیَضْرِبْنَ وَاضْرِبْنَ" اور یہ ضمیر ہے اور یا مشددہ و مفتوحہ ہوتا ہے جو جمع مؤنث پر دلالت کرنے کیلئے ضمیروں کے ساتھ متصل ہوتا ہے جیسے "غُلَامُکُنَّ وَمِنْہُنَّ وَضَرَبَہُنَّ" اور یہ حرف ہے۔

(۴) نون وقایہ۔ اور یہ یائے متکلم سے پہلے

آتا ہے جیسے قَرِّبِیْ وَارِنِیْ -

(۵) نونِ زائدہ - اس کی دو قسمیں ہیں - ایک وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا ہے جبکہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل ہو جیسے یَضْرِبَانِ تَضْرِبَانِ یا ضمیر مؤنث حاضر کیساتھ متصل ہو جیسے تَضْرِبِیْنَ یا جمع مذکر کے ساتھ جیسے یَضْرِبُوْنَ وَتَضْرِبُوْنَ ان ساری صورتوں میں سوائے تثنی کے مفتوح ہوتا ہے اور تثنی میں مکسور۔ دوسری قسم وہ ہے جو اسم تثنی کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور مکسور ہوتا ہے جیسے الزَّیْدَانِ اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا ہے جیسے الزَّیْدُوْنَ -

نَا - ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب جر میں مشترک ہے جیسے رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا -

نَأَتَ (ن وض) نَأْتًا وَنَئِیْتًا - گریہ وزاری کرنا ـــــ الرَّجُلَ : حسد کرنا -

النَّأْآتُ - بشیر -

نَأَثَ (ف) نَأْثًا وَنُئُوْثًا عَنْہُ : بعید ہونا - تاخیر کرنا ـــــ الرَّجُلُ : کوشش کرنا -

أَنْأَثَہٗ إِنْآثًا - دور کرنا - کہا جاتا ہے مَشٰی نَثِیْثًا نَأْثًا وَرِنَاثًا وہ سست چال چلا - تَمِیْزُ نَأْثٍ : سست چال -

نَأَجَ (ف) نُؤُوْجًا فِی الْأَرْضِ : جانا ـــــ الْأَمْرَ : کام کو مؤخر کرنا ـــــ نَئِیْجًا إِلَی اللّٰہِ فِی الدُّعَاءِ : گڑگڑانا - نَأَجَتِ الرِّیْحُ : ہوا کا تیز ہونا ـــــ الرِّیْحُ الْمَوْضِعَ : ہوا کا تیز گذرنا -

نَأَجَ (ن ض) نَأْجًا وَنُؤَاجًا الثَّوْرُ : بیل کا آواز نکالنا -

نَئِجَ (س) نَأَجًا - آہستہ کھانا -

نُئِجَ الْقَوْمُ : تیز ہوا لگنا -

النَّاْجَۃُ - تیز ہوا - ج نَاْجَات -

النَّأْآجُ - بہت آواز نکالنے والا - تیز رَجُلٌ نَآجٌ : بلند آواز والا مرد -

النَّئِیْجُ - سم - کہا جاتا ہے لِلرِّیْحِ نَئِیْجٌ ہوا کے لئے تیز سرسراہٹ ہے -

رِیْحٌ نَؤُوْجٌ - تیز چلنے والی ہوا - ج نُؤُجٌ

الْمَنْؤُوْدُ - مغم - حَدِیْثٌ مَنْؤُوْدٌ : پیچیدہ بات -

نَأَدَہٗ (ف) نَأْدًا - حسد کرنا - نَأَدَتْہُ الدَّاھِیَۃُ : مصیبت نازل ہونا - نَأَدَتِ الْأَرْضُ : زمین میں سیلن ہونا -

النَّأْدُ - بروزن مَقَام وَالنَّأْدٰی بروزن نَصَارٰی وَالنُّؤُوْدُ - مصیبت -

النِّئْدِلُ - مصیبت -

نَأَرَتْ (ف) نَأْرًا - نَائِرَۃٌ فِی النَّاسِ : لوگوں میں ہیجان ہونا -

النُّؤُوْرُ - کاجل -

نَأَشَ (ف) نَأْشًا وَتَنَاءَشَ الشَّیْءَ : سخت پکڑنا ـــــ الْأَمْرَ : مؤخر کرنا ـــــ الشَّیْءَ : دور کرنا ـــــ ہٗ اللّٰہُ : زندہ کرنا اور بلند کرنا ـــــ الرَّجُلُ مِنْ مَکَانِہٖ : اٹھنا -

تَنَاءَشَ - پیچھے ہونا اور دور ہونا ـــــ الشَّیْءَ : دور سے لینا -

اِنْتَأَشَ - پیچھے ہونا اور دور ہونا ـــــ الشَّیْءَ فُلَانًا : جلدی میں ڈالنا ـــــ بِغَنَمِہٖ : بکریوں کے ساتھ کوچ کرنا ـــــ فُلَانًا : بلی کھنا ـــــ ہُ اللّٰہُ : برباد کرنا -

النَّؤُوْشُ - قوی غالب -

النَّئِیْشُ - دور - کہا جاتا ہے فَعَلَہٗ نَئِیْشًا اس نے اس کو آخر میں کر دیا - وَجَاءَ نَئِیْشًا وہ دیر سے آیا - وَاتَّبَعَہٗ نَئِیْشًا بولا جاتا ہے جبکہ پیچھے رہ جائے اور پھر ساتھ چھوٹ جانے کے خوف سے جلدی سے پیچھا کرے -

النِّئْضِلُ - مصیبت -

النِّئْطِلُ - بڑی مصیبت - چالاک مرد -

نَأَفَ (ف) نَأْفًا فِی الْأَمْرِ : کوشش کرنا -

نَئِفَ (س) نَأَفًا وَنَأْفًا مِنَ الشَّرَابِ : آسودہ ہونا ـــــ الرَّجُلُ : نفرت کرنا ـــــ الشَّیْءَ : کھانا -

نَأَلَ (ف) نَأْلًا وَنَئِیْلًا وَنَأَلَانًا الْفَرَسُ : گھوڑے کا جھومتے ہوئے چلنا - صفت نَؤُوْلٌ ـــــ الرَّجُلُ : سر اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا ـــــ فُلَانًا : حسد کرنا -

نَأَمَ (ف ض) نَئِیْمًا - آہستہ آہستہ رونا - نَأَمَتِ الْقَوْسُ وَالْأَسَدُ وَالظَّبْیُ : کمان، شیر، ہرن کا آواز کرنا -

النَّأْمَۃُ - نَأَمَ کا اسم مرۃ - نغمہ - آواز - کہا جاتا ہے أَسْکَتَ اللّٰہُ نَأْمَتَہٗ : اللہ اس کی آواز کو خاموش کر دے یعنی مار دے -

نَأْنَأَ - نَأْنَأَۃً وَتَنَأْنَأَ عَنِ الْأَمْرِ : سست ہونا عاجز ہونا - قاصر ہونا - صفت نَأْنَأٌ وَنَأْنَاءٌ وَنُؤْنُؤٌ یعنی عاجز - بزدل - نَأْنَأَ فُلَانًا : اچھی غذا دینا - ارادہ سے باز رکھنا -

نَأَی یَنْأَی نَأْیًا فُلَانًا وَنَأَی عَنْ فُلَانٍ : دور ہونا - صفت نَاءٍ مؤنث نَائِیَۃٌ -

نَأَی وَأَنْأَی وَانْتَأَی النُّؤْیَ حَفَرَہٗ - خیمہ کے گرد چو بچہ کھودنا -

نَاءَی مُنَاءَاۃً الرَّجُلَ : دور کرنا ـــــ الشَّرَّ عَنْ فُلَانٍ : مدافعت کرنا - ہٹانا -

أَنْأَی فُلَانًا عَنْہُ : دور کرنا -

تَنَاءَی تَنَائِیًا وَانْتَأَی اِنْتِئَاءً : دور ہونا

النَّأْیُ وَالنُّؤْیُ وَالنِّئْیُ وَالنُّؤَیُّ - چو بچہ خیمہ کے ارد گرد - ج آنَاءٌ وَأَنْآءٌ وَنُؤِیٌّ وَنُئِیٌّ

النَّائِی - دور -

الْمُنْتَأَی - دور جگہ - خیمہ کے ارد گرد چو بچہ -

النَّای - بانسری - ج نَایَات (دخیل)

نَبَّ (ض) نَبًّا وَنَبِیْبًا وَنُبَابًا التَّیْسُ خَاصَّۃً : بکرے کا جوش کے وقت بلبلانا -

نَبَّبَ تَنْبِیْبًا النَّبَاتُ : پورے دار ہونا -

تَنَبَّبَ الْمَاءُ : پانی کا بہہ پڑنا -

النَّبَّۃُ - اسم مرۃ - بدبو -

الْأُنْبُوْبُ - بانس یا نرکل وغیرہ کا پورا - ج أَنَابِیْبُ - ہر گول جوف دار کیلئے بھی استعارہ کے طور پر بولا جاتا ہے - کہا جاتا ہے شَرِبَ مِنْ أُنْبُوْبِ الْکُوْزِ : اس نے کوزہ کی ٹونٹی سے پیا - أُنْبُوْبُ الْمَاءِ : نالی - أُنْبُوْبُ الْکُوْزِ : کوزہ کی ٹونٹی -

الأَنْبُوبُ مِنَ الشَّجَرِ: درختوں کی قطار۔ أَنَابِيبُ الرِّئَةِ: پھیپھڑے سے سانس لینے کی نالیاں۔

الأُنْبُبُ والأُنْبُوبَةُ۔ بانس یا نرکل کا پورا۔

نَبَأَ (ف) نَبْأً ونُبُوءًا الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ دور ہونا کہا جاتا ہے نَبَا بِي عَنْ كَذَا میرے کان نے فلاں بات سے نفرت کی — عَلَى القَوْمِ: ظاہر ہونا۔ برآمد ہونا — مِنْ أَرْضٍ إِلَى أَرْضٍ: ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف نکلنا۔ نَبَأَ (ف) نَبْأً: آہستہ آواز نکالنا۔

نَبَّأَ تَنْبِئَةً وتَنْبِيئًا وأَنْبَأَ فُلَانًا الخَبَرَ وبِالخَبَرِ: خبر دینا۔ تم کہتے ہو۔ نَبَّأْتُ زَيْدًا عَمْرًا خَارِجًا یعنی میں نے زید کو بتلایا کہ عمرو خارج ہے۔ وأَنْبَأَ فُلَانًا: دفع کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔

نَابَأَهُ مُنَابَأَةً۔ ایک دوسرے کو خبر دینا۔ نَابَأَ القَوْمَ: دور ہونا۔ پڑوس چھوڑ دینا۔

تَنَبَّأَ تَنَبُّؤًا۔ دعویٰ نبوت کرنا۔

اِسْتَنْبَأَ الرَّجُلَ: خبر دریافت کرنا — النَّبَأَ: خبر کی تفتیش کرنا۔

النَّبَأُ۔ خبر۔ ج أَنْبَاءٌ۔

النَّبْأَةُ۔ آہستہ آواز یا کتے کی آواز۔

النُّبُوءَةُ والنُّبُوَّةُ۔ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی بات بتانا۔ پیشین گوئی کرنا۔ خدا کی طرف سے پیغامبری۔

النَّبِيءُ والنَّبِيُّ۔ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانیوالا۔ آئندہ کی پیشین گوئی کرنے والا۔ خدا کی طرف سے پیغامبر۔ نسبت کیلئے نَبَوِيٌّ۔ ج أَنْبِيَاءُ ونَبِيئُونَ وأَنْبَاءٌ ونُبَّاءٌ مؤنث نَبِيئَةٌ۔ ج نَبِيئَاتٌ۔ النَّبِيءُ: واضح راستہ۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانیوالا۔ نبی کی تصغیر نُبَيِّئٌ اور نبیّ کی نُبَيٌّ۔

النَّابِي۔ فا۔ ٹیڑھی بلند جگہ۔ رَجُلٌ نَابِئٌ وسَيْلٌ نَابِئٌ: ایسی جگہ سے آنیوالا کہ معلوم نہ ہو۔

نَبَتَ (ن) نَبْتًا ونَبَاتًا المَكَانُ: سبزہ زار ہونا — البَقْلُ: سبزی کا اگنا — نُبُوتًا ثَدْيُ الجَارِيَةِ: پستان کا ابھرنا۔

نَبَتَ (ن) نَبْتَةً ونَبَاتًا الإِنْسَانُ: جوان ہونا اور کہا جاتا ہے نَبَتَ فُلَانٌ فِي مَنْبِتِ صِدْقٍ یعنی فلاں نے اچھے لوگوں میں پرورش پائی۔

ھَوَّعَ تَھْوِیعًا الرجلَ ما اکلَ: قے کرا دینا اور تہدید کے موقع پر کہا جاتا ہے "لاُہَوِّعَنَّہٗ ما اکلَ" جو کچھ اس نے کھایا پیا ہے اس کے حلق سے نکال لوں گا۔
تَھَوَّعَ تَھَوُّعًا۔ تکلف سے قے کرنا۔ خون کی قے کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَھَوَّعَ القیءَ" اس نے بتکلف قے کی۔ "تَھَوَّعَ نفسَہٗ" اس نے اپنے نفس کی قے کی گویا کہ وہ اسے نکال رہا ہے۔
الھُوَاعُ والھُوَاعۃُ۔ قے۔ الہُوَاعُ: ماہ ذی قعدہ ج ہُوَاعات واَہْوِعۃٌ۔
الھَاعُ۔ حریص۔ لالچی۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ ہاعٌ لاعٌ" یعنی لالچی مرد اور یہ ہائع کا مقلوب ہے۔
الھَوْعُ۔ مص۔ بدترین قسم کا لالچ۔
الھَوْعُ والھُوْعُ۔ دشمنی۔
المِھْوَعُ والمِھْوَاعُ۔ لڑائی میں چلانے والا۔
الھَوْعُ۔ بہت چیز۔
الھَوْفُ والھُوْفُ۔ گرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ الہُوفُ: خیر وبرکت سے خالی مرد۔ بیوقوف مرد۔
الھُوقَۃُ۔ جماعت۔ گروہ۔
ھَوِکَ ھَوَکًا۔ احمق ہونا صفت ہَوِکٌ۔
ھَوَّکَ تَھْوِیکًا۔ گڑھا کھودنا۔ ہَوَّکَہٗ: بے وقوف بنانا۔
تَھَوَّکَ تَھَوُّکًا وانْھَاکَ اِنْھِیَاکًا۔ حیران ہونا اور لاپروائی اور بے فکری کی وجہ سے مشکل میں پھنسنا۔ مضطرب القول ہونا۔
الھَوِکُ والھُوَکُ والاَھْوَکُ والھَوْکُ والیَھکُوکُ۔ بے وقوف جس میں تھوڑی سی عقل بھی ہو۔

الھَوَکُ۔ مص۔ تھوڑی عقل کے ساتھ بے وقوفی۔
الھُوکَۃُ۔ گڑھا۔
الھُوَاکُ۔ حیران وسرگشتہ۔
الھُوَاکَۃُ۔ ہُوَاک کا مؤنث۔ "ارضٌ ہُوَاکۃٌ وہُوکَۃٌ": زمین شور۔
الاَھْکَاءُ۔ متحیر لوگ۔
المُتَھَوِّکُ۔ حیران۔ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا۔
ھَالَ یَھُولُ ھَوْلًا الامرُ فلانًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔
ھِیلَ ھَوْلًا السکرانُ: حالت نشہ میں مختلف قسم کے رنگ دیکھ کر گھبرانا۔ کہا جاتا ہو "ہِلْتُ منہ" میں اس سے گھبرایا۔
ھَوَّلَہٗ تَھْوِیلًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ "ہَوَّلَتِ المرأۃُ": لباس اور زیورات سے مزین ہونا۔ "ہَوَّلَ الامرَ": بڑا دکھانا۔ "— عندی الامرَ": خوفناک بنانا۔ "— القومَ علی الرجلِ بکذا": گھبرا دینا۔ "— علی الرجلِ": حملہ کرنا۔
تَھَوَّلَ تَھَوُّلًا الرجلُ: خوفناک ہونا۔ "— مالَہٗ": نظر بد لگانے کا ارادہ کرنا۔
اِھْتَالَ اِھْتِیَالًا۔ گھبرانا۔ تم کہتے ہو "ہِلْتُہٗ فاہْتَالَ" میں نے اس کو گھبراہٹ میں ڈالا وہ گھبرا گیا۔
اِسْتَھَالَ یَسْتَھِیلُ فلانٌ الامرَ: خوفناک پانا۔ بعض لوگ "یَسْتَھْوِلُ" کہتے ہیں مگر جید لغت "یَسْتَھِیلُ" ہی ہے۔
الھَائِلُ۔ گھبراہٹ میں ڈالنے والا۔ "من الامورِ": خوفناک۔ تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "ہَولٌ ہائلٌ" مانند "لیلٌ لائلٌ" کے
الھَالُ۔ سراب۔
الھَوْلُ۔ مص۔ خوف۔ ج اَہْوال وہُؤُول
اَبُوالھَوْلِ۔ ایک شاعر کا نام۔ اہرام مصر کے قریب ایک مجسمہ۔
الھَالَۃُ۔ چاند کا کُنڈل۔

الھُولَۃُ۔ خوف دلانے کی آگ۔ اس کی صورت یہ ہوا کرتی تھی کہ کسی کنوئیں میں آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک اور گندھک ڈالتے تھے جب آگ بھڑک جاتی اور نمک چٹخنے لگتا تو اس شخص سے جس کو قسم کھلانی ہوتی تھی اور وہ پہلے سے وہیں موجود ہوتا تھا کہا جاتا کہ یہ آگ تجھ کو دھمکا رہی ہے اور وہ قسم کھانے سے اعراض کرتا۔ وہ چیز جس سے بچہ کو ڈرایا جائے۔ تعجب۔
الھَیْلَۃُ۔ کسی کام کا خوف۔
التَّھَاوِیْلُ۔ سرخ زرد۔ سبز مختلف قسم کے رنگ۔ تصاویر اور زیورات کی زینت۔ واحد تَہْوِیلٌ۔ "تہاویلُ الربیعِ": موسم بہار کے مختلف رنگ کے پھول۔
التَّھْوِیلُ۔ مص۔ ڈرانے کی چیز۔
المَھَالُ والمَھِیلُ۔ خوفناک جگہ۔
المَھُولُ۔ خوفناک۔
المُھَوِّلُ۔ فا۔ اور تاکید کیلئے کہا جاتا ہے "ہَوْلٌ مُہَوِّلٌ"۔ "المُہَوِّلُ": قسم کھلانے والا۔
ھَوَّمَ تَھْوِیمًا وتَھَوَّمَ تَھَوُّمًا۔ اونگھ کی وجہ سے سر جھکانا۔ تھوڑا سا سونا۔
الھُوَامُ۔ سخت پیاس۔
الھَوْمُ۔ پست زمین۔ ہلکی نیند۔ "ہُومُ المجوسِ" چنبیلی کے مانند ایک پودہ۔ اس کو ہُومُ المجوس اس وجہ سے کہتے ہیں کہ آتش پرست اس کو عبادت کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے بہت منافع بیان کرتے ہیں۔
الھَامَۃُ۔ ہر چیز کا سرا۔ دھڑ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ سردار قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔ ج ہامٌ وہاماتٌ۔ "الہامَۃُ": ایک چھوٹی قسم کا اُلّو جس کو "الصدیٰ" بھی کہتے ہیں، اور کہا جاتا ہے "ہذا ہامَۃُ الیومِ اوغدٍ" یعنی وہ آج یا کل مر جائے گا "واَصْبَحَ فلانٌ ہامَۃً" فلاں مر گیا۔ "بناتُ الہامِ": دماغ کا مغز۔
الھَیْمُ۔ ریگستان جو کبھی سراب

نہ ہوتے ہوں ۔ قَوْمٌ ہِیْمٌ : پیاسے لوگ ۔

اَلْهَوْمَاةُ وَالْهَوْمَتَهُ ۔ بے آب و گیاہ میدان ۔

اَلْهَوَّامُ ۔ شیر ۔

اَلْاَهْوَمُ ۔ بڑے سر والا ۔

هَانَ يَهُوْنُ هَوْنًا الْاَمْرُ عَلٰى فُلَانٍ : نرم و آسان ہونا ۔ کہا جاتا ہے "هُنْ عِنْدِي الْيَوْمَ" یعنی آج میرے پاس اقامت کرو ۔ اور آرام کرو ۔

هَانَ يَهُوْنُ هُوْنًا وَهَوَانًا وَمَهَانَةً الرَّجُلُ : ذلیل و حقیر ہونا ۔ کمزور اور مسکین ہونا ۔

هَوَّنَ تَهْوِيْنًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ : نرم و ہلکا کرنا ۔ کہا جاتا ہے "هَوِّنْ عَلَيْكَ" کوئی پروا نہ کر ۔ هَوَّنَ الشَّيْئَ : ہیچ سمجھنا ۔

هَاوَنَ مُهَاوَنَةً ۔ نَفْسَهُ : نرمی کرنا ۔

اَهَانَهُ اِهَانَةً ۔ حقیر و ہیچ سمجھنا ۔

تَهَاوَنَ بِهٖ تَهَاوُنًا وَاِسْتَهَانَ بِهٖ اِسْتِهَانَةً ۔ حقیر سمجھنا ۔ استہزاء کرنا ۔ ہیچ سمجھنا ۔

اِهْوَاَنَّتْ اِهْوِئْنَانًا الْمَفَازَةُ : بیابان کا وسعت کے ساتھ پست ہونا ۔

اَلْهَاوَنُ وَالْهَاوُنُ وَالْهَاوُوْنُ ۔ دوا وغیرہ کوٹنے کا ہاون ج هَوَاوِيْنُ ۔

اَلْهَوْنُ ۔ مص ۔ سکون و وقار ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى هَوْنِكَ" یعنی اپنی روش پر چلو ۔ "وَهٰذَا شَيْئٌ هَوْنٌ" یہ حقیر چیز ہے "اَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَا" اپنے دوست سے دوستی کر جس میں افراط نہ ہو ۔

اَلْهُوْنُ ۔ مص ۔ رسوائی ۔ قرآن میں ہے ۔ "فَاَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ" ۔ مخلوق کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الْهُوْنِ هُوَ" مجھے نہیں معلوم وہ کون مخلوق ہے ۔

اَلْهُوْنَةُ ۔ تسکین ۔ صلح ۔ ج هُوَنٌ (ـــ والهونة) آہستگی سے کام کرنیوالی عورت ۔

اَلْهِيْنَةُ ۔ اسم نوع ۔ سکون ۔ وقار ۔

کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى هِيْنَتِكَ" نرمی سے چلو ۔

اَلْهُوَيْنَا ۔ نرمی و ملائمت ۔ اور یہ هُوْنٰى کی تصغیر ہے اور هُوْنٰى اَهْوَنُ کی تانیث ہے ۔

اَلْهَيِّنُ وَالْهَيْنُ ۔ نرم ۔ کمزور ۔ ذلیل ۔ آہستہ کار ۔ ج اَهْوِنَاءُ وَهَيِّنُوْنَ وَهَيْنُوْنَ و مؤنث هَيِّنَةٌ وَهَيْنَةٌ ج هَيِّنَاتٌ وَهَيْنَاتٌ

اَلْاَهْوَنُ ۔ اسم تفضیل ۔ نرم ۔ آسان ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ" وہ اس پر آسان ہے

اَلْمَهْوَنُ وَالْمَهْوَاَنُّ ۔ دور جگہ یا پست ہموار زمین ج مُهْوَئِنَّاتٌ ۔

اَلْمِهْوَانُ ۔ بہت نرم ۔ ج مَهَاوِيْنُ ۔

اَلْمَهَانَةُ ۔ رسوائی ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ فِيْهِ مَهَانَةٌ" ۔ کمزور و ذلیل مرد ۔

هَوِهَ الرَّجُلُ : دردمند ہونا ۔

اَلْهَوْهَةُ وَالْهَوَاهِيَةُ ۔ بزدل ۔

اَلْهَوَاهِي ۔ واہی تباہی باتیں ۔

اَلْهَوْهَاءَةُ ۔ بے وقوف (ـــ والهوة) کنواں جس میں اترنے والے کے لئے کوئی سہارا نہ ہو ۔

رَجُلٌ هَوْهَاةٌ ۔ کمزور دل ۔ بے وقوف ۔

اَلْهَوْءُ ۔ جانب ۔ کنارہ ۔ روشندان ۔

اَلْهُوَّةُ ۔ پست زمین ۔ گہرا گڑھا ۔ فضاءِ آسمانی ۔ ج هُوًى وَهُوُوْدٌ هُوِيٌّ ۔

اَلْهُوَّاءَةُ ۔ پست زمین ۔ گہرا گڑھا ۔

هَوَتْ تَهْوِيْ هُوِيًّا الطَّعْنَةُ : نیزے کے زخم کا چوڑا ہونا ـــ اَلْعُقَابُ : عقاب کا شکار وغیرہ پر ٹوٹ پڑنا ـــ يَدِيْ لَهٗ : ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا ـــ الرِّيْحُ : ہوا کا چلنا ـــ النَّاقَةُ سَيْرًا كَبِيْرًا : اونٹنی کا تیز دوڑنا ۔ هَوِيَ الرَّجُلُ مرنا ـــ فِي السَّيْرِ : گذرنا ـــ فِي الْاَرْضِ : جانا ۔

هَوٰى يَهْوِيْ هَوِيًّا وَهُوِيًّا وَهَوَيَانًا الشَّيْئُ : اوپر سے نیچے گرنا ۔ بلند ہونا ۔ اور چڑھنا اور کہا گیا ہے کہ الهَوِيّ بفتح الہاء ارتفاع کے لئے اور الهُوِيّ انحدار کے لئے ۔ هَوَتِ الْاُمُّ ہلاک ہونا اور بقول بعض لڑکا گم کرنا ۔ صفت

هَاوِيَةٌ ۔

هَوٰى يَهْوِيْ هُوَّةً ۔ الْجَبَلَ : پہاڑ پر چڑھنا ۔

هَوَتْ تَهْوِيْ هَوِيًّا الْاُذُنُ : کان کا سنسنانا ۔

هَوِيَهٗ يَهْوَاهُ هَوًى ۔ محبت کرنا ۔ خواہش کرنا ۔ صفت ہَوٍ ۔

هَاوَاهُ مُهَاوَاةً وَهِوَاءً ۔ مدارات کرنا تَهَاوٰى فُلَانٌ : تیز چلنا ۔

اَهْوٰى اِهْوَاءً ۔ الشَّيْئُ : گرنا ۔ اَهْوَتْ يَدِيْ لَهٗ : ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا ۔ اور کہا جاتا ہے "اَهْوٰى اِلَيْهِ بِيَدِهٖ لِيَاْخُذَهٗ" اس نے پکڑنے کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا ۔ اور بعض لوگوں کے نزدیک باء زائدہ ہے ۔ اور اس کی اصل اَهْوٰى يَدَهٗ اِلَيْهِ ہے ۔ یعنی اس نے اس کی طرف ہاتھ جھکا دیا ۔ اور کہا گیا ہے "اَهْوَيْتُ بِالشَّيْئِ" یعنی میں نے اس کا اشارہ کیا ۔ "وَاَهْوَيْتُ لَهٗ بِالسَّيْفِ فَاَطَرْتُ اَرْنَبَةَ اَنْفِهٖ" یعنی میں نے اس کی طرف تلوار سے اشارہ کیا اور اس کی ناک کا بانسہ اڑا دیا ۔ اَهْوَتِ الْعُقَابُ : عقاب کا شکار پر ٹوٹ پڑنا ۔ اَهْوَى الشَّيْئَ : اوپر سے گرانا ۔

تَهَاوَى الْقَوْمُ فِي الْمَهْوَاةِ : بعض کا بعض کے پیچھے گڑھے میں گرنا ۔ تَهَاوَى الرَّجُلُ : تیز چلنا ۔

اِهْتَوٰى اِهْتِوَاءً ۔ اِلَيْهِ بِشَيْئٍ : اشارہ کرنا ۔

اِنْهَوٰى اِنْهِوَاءً الشَّيْئُ : اوپر سے گرنا ۔

اِسْتَهْوَاهُ اِسْتِهْوَاءً ۔ سرگشتہ و حیران بنا دینا ۔ مدہوش کر دینا ۔ عشق کو مزین کر کے دکھلانا ۔

اَلْهَاوِيْ ۔ فا ۔ مذ ۔ حرف الف کو بھی "هَاوِيْ" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ واؤ اور یا کے مخرج سے اس کا مخرج زیادہ وسیع ہے اور معنی

ذُوْ اَہْوَاء کے ہیں جیسے نَابِلٌ بمعنے ذُوْ النَّبْلِ وَالنَّاشِب بمعنے ذُوْ النُّشَّاب ۔

اَلْهَادِيَة ۔ قضا ۔ بچہ گم کرنے والی عورت ۔

هَاوِيَة ۔ دوزخ ۔ معرفہ اور غیر منصرف ہے اور کبھی الف لام بھی صفت کا لحاظ کرکے داخل کرتے ہیں ۔

اَلْهَوَاء ۔ فضا آسمانی ۔ ج اَہْوِيَة ۔ خالی چیز ۔ بزدل ۔ واحد اور جمع اس میں برابر ہیں ۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ ہَوَاءٌ اور ہُمْ ہَوَاءٌ" وہ بزدل ہے یا وہ سب بزدل ہیں ۔ الہواء : ہر وہ چیز جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو ۔ جس کی وجہ سے چیز کی حفاظت نہ ہو سکے جیسے توشہ دان کہ جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو ۔ ہوا کا اطلاق ہر اس بہنے والی چیز پر بھی ہوتا ہے جس کو تم سونگھ سکو ۔

اَلْهِوَاء وَاللِّوَاء ۔ کبھی نرمی اور کبھی سختی سے معاملہ کرنا ۔ کہا جاتا ہے "عَامَلَہٗ بِالْہِوَاءِ وَاللِّوَاءِ" اس نے اس سے نرم گرم معاملہ کیا ۔

اَلْهَوَى ۔ ہَوِیَ کا مصدر ۔ خواہش ۔ عشق چاہے خیر ہو یا شر ۔ محبوب و معشوق محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِتَّبَعَ ہَوَاہُ" فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے ۔ ایسا ہی "فُلَانٌ مِنْ اَہْلِ الْاَہْوَاءِ" فلاں ان لوگوں میں سے ہے جو راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں ۔

اَلْهَوِي ۔ مشتاق ۔ شائق ۔ مؤنث ہَوِیَۃٌ

اَلْهَوِيّ ۔ کان میں سنسناہٹ ۔ محبوب اور کہا جاتا ہے "مَضٰی ہَوِیٌّ او ہُوِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گذر گیا ۔ "وَجَلَسْتُ عِنْدَہٗ ہَوِیًّا" میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا ۔

اَلْهُوَيَّة ۔ گہرا کنواں ج ہَوَایَا ۔

اَلْاَهْوَى ۔ ہَوِیَ کا اسم تفضیل ۔ تم کہتے ہو "ہٰذَا الشَّیْءُ اَہْوٰی اِلَیَّ مِنْ کَذَا" یہ چیز میرے نزدیک فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے ۔

اَلْاُهْوِيَّة ۔ فضا آسمانی ۔ گہرا گڑھا ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی ہَوَاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" یعنی رات کا ایک حصہ گذر گیا ۔

اَلْهُوَى وَالْمَهْوَاة ۔ فضا ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا فاصلہ ج مَہَاوٍ ۔

هَاءَ يَهِيءُ وَهِيءَ يَهَاءُ هَيْأً وَهَيْوًا هَيْئَةً وَهَيَاءَةً ۔ خوش شکل ہونا ۔ هَاءَ يَهَاءُ هِيَاءَةً اِلَيْهِ : مشتاق ہونا ـــــ يَهَاءُ وَيَهِيءُ هِيَاءَةً لِلْاَمْرِ : تیار ہونا ۔

هَيَّأَهٗ تَهْيِئَةً وَتَهْيِيْئًا ۔ درست کرنا ۔ تیار کرنا ۔

هَايَأَهٗ مُهَايَأَةً فِي الْاَمْرِ : موافقت کرنا ۔ کبھی ہمزہ کو یا سے تخفیفاً بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں "هَايَيْتُہٗ مُهَايَاةً" کہا جاتا ہے "هَايَأَهٗ فِي دَارِ كَذَا" یعنی کچھ مدت تک ایک رہا اور کچھ مدت تک دوسرا ۔ اور بقول بعض اسکے معنی یہ ہیں کہ ہر ایک نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا ۔

تَهَيَّأَ تَهَيُّؤًا لِلْاَمْرِ : تیار ہونا ۔ آمادہ ہونا ۔ مستعد ہونا ـــــ الشَّیْءُ لِفُلَانٍ : قدرت دینا ۔

تَهَايَأُوْا تَهَايُؤًا عَلَى الْاَمْرِ : باہم موافقت کرنا ـــــ عَلٰى كَذَا : مجتمع ہونا ۔

اَلْهِيءُ وَالْهِيءُ ۔ کھانے پینے کا بلاوا ۔

اَلْهَيْئَة وَالْهِيْئَة ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ شکل صورت ج هَيْئَات ۔ عِلْمُ الْهَيْئَةِ : وہ علم جو اجرام سماویہ کے احوال سے بحث کرے ۔

اَلْهَيِّئُ وَالْهَيِيْئُ ۔ خوش شکل ۔

هَابَهٗ يَهَابُهٗ هَيْبًا وَهَيْبَةً وَمَهَابَةً خوف کرنا ۔ بچنا ۔ چوکنا رہنا ۔ صفت فاعل هَائِبٌ وَهَيُوبٌ وَهَيُوبَةٌ وَهَيَّابٌ وَهَيِّبٌ وَهَيِّبَانٌ وَهَيَبَانٌ وَهَيَّبَانٌ وَهَيَّابَةٌ اور مَهُوبٌ وَمَهِيبٌ وَمَهُوبٌ وَهَيْبَانٌ اس کو کہتے ہیں جس سے لوگ ڈریں ۔ اور ایک لغت هَابَ يَهِيبُ کی بھی ہے "هَابَ الرَّجُلُ فُلَانًا" : تعظیم و توقیر کرنا ۔

هَيَّبَهٗ تَهْيِيْبًا اِلٰى فُلَانٍ : ہیبت دار بنانا ۔ رعب دار بنانا ۔

اَهَابَ اِهَابَةً الرَّاعِيْ بِالْغَنَمِ : بکریوں کو ٹھہرنے یا لوٹنے کے لئے چلانا ـــ بِالْاِبِلِ اونٹوں کو "ہَابْ" کہہ کے ڈانٹنا ـــ بِالْخَيْلِ گھوڑے کو "ہَبْ" یا "ہَبِیْ" کہہ کے بلانا یا ڈانٹنا ۔

اَهَابَ بِصَاحِبِهٖ : پکارنا ۔ بلانا ۔

تَهَيَّبَهٗ تَهَيُّبًا ۔ خوف کرنا ۔ گھبراہٹ میں ڈالنا ۔ خوف دلانا ۔ کہا جاتا ہے "تَهَيَّبَنِيْ زَيْدٌ" زید نے مجھ کو خوف دلایا ۔

اِهْتَابَ اِهْتِيَابًا ۔ ڈرنا ۔ خوف کرنا ۔

اَلْهَاب ۔ سانپ ۔

اَلْهَيْبَة ۔ مہ ۔ خوف ۔

اَلْهَيَبَان ۔ لوگوں سے ڈرنے والا ۔ بزدل ہلکا ۔ چرواہا ۔ مٹی ۔ اونٹ کے منھ کے جھاگ ۔ بہت ۔

اَلْاَهْيَب ۔ زیادہ رعب والا ۔

مَكَانٌ مَهَابٌ وَمَهُوبٌ ۔ خوفناک جگہ کہا جاتا ہے "ہٰذَا الشَّیْءُ مَہْيَبَةٌ لَكَ" یعنی یہ چیز تمہارے لئے ڈر کا باعث ہے ۔

هَيَّتَ تَهْيِيْتًا بِفُلَانٍ : چلانا ۔ پکارنا ۔

هَاتِ اسم فعل بمعنے "اَعْطِنِيْ" کہا جاتا ہے "هَاتِ يَا رَجُلُ وَهَاتِيْ يَا امْرَأَةُ وَهَاتِيَا يَا رَجُلَانِ وَيَا امْرَأَتَانِ وَهَاتُوْا يَا رِجَالُ وَهَاتِيْنَ يَا نِسَاءُ" ۔

اَلْهَيْت ۔ بہت گہری زمین ۔ کہا جاتا ہے "هَيْتَ وَهَيْتِ لَكَ" (بتثلیث التاء فیہما) بمعنی "ہَلُمَّ وَتَعَالَ" یعنی آؤ ، حاضر ہو ، واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں ۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے ۔ جیسے "هَيْتَ لَكُمَا وَهَيْتَ لَكُمْ وَهَيْتَ لَكُنَّ" ۔

هَاثَ يَهِيثُ هَيْثًا وَهَيَثَانًا لِفُلَانٍ تھوڑا سا دینا ـــ مِنَ الْمَالِ : ضرورت کے مطابق پانا ـــ فِي الشَّيْءِ : فساد ڈالنا اور ایسا ہی "هَاثَ الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ" : بھیڑیئے نے

بجریوں میں تباہی ڈالی ــــ بِرِجْلِهِ التُّرَابَ مٹی کو پاؤں سے کریدنا (ــــ هَیْثًا) الْقَوْمُ جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا ــــ الشَّیْءُ: ہلنا۔

هَایَثَہٗ مُهَایَثَۃً۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔

هَیَثَ یَهِیْثُ هَیْثًا لَہٗ شَیْئًا: دینا۔

تَهَایَثُوْا۔ جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے سے گتھ جانا۔

اِسْتَهَاثَ اِسْتِهَاثَۃً۔ مَا اَعْطَاہُ: زیادہ کرنا ــــ الْمَالَ: تباہ کرنا۔

الْهَیْثُ۔ حرکت۔

الْهَیْثَۃُ۔ لوگوں کی جماعت۔

هَایَثَۃُ۔ الْقَوْمِ: قوم کا شور۔

الْمُهَایِثُ۔ بہت لینے والا۔

هَاجَ یَهِیْجُ هَیْجًا وَهِیَاجًا وَهَیَجَانًا الشَّیْءُ: بھڑکنا۔ برانگیختہ ہونا ــــ الْبَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا ــــ الرَّجُلُ: بیوقوفی سے مضطرب ہونا۔ بہادر ہونا۔ کود پڑنا ــــ الشَّیْءَ وَبِالشَّیْءِ: برانگیختہ کرنا۔ هَاجَتِ الْاِبِلُ: اونٹوں کا پیاسا ہونا۔ هَاجَ النَّبْتُ: نباتات کا خشک ہونا۔ هَاجَتِ الْاَرْضُ: سوکھی نباتات والی ہونا۔ هَاجَ الْاِبِلُ: اونٹوں کو رات میں گھاس یا گھاٹ کی طرف چلانا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَتِ السَّمَاءُ فَمَطَرَتْ" آسمان میں ابر و باد ظاہر ہوا اور ہمارے اوپر بارش ہوئی۔

هَیَّجَ تَهْیِیْجًا الشَّیْءَ: برانگیختہ کرنا بھڑکانا کہا جاتا ہے "هَیَّجَ بَیْنَهُمَا الشَّرَّ" اس نے ان دونوں کے درمیان شر و فساد کو بھڑکا دیا۔

هَایَجَہٗ وَمُهَایَجَۃً وَهِیَاجًا۔ برانگیختہ کرنا اور لڑائی کرنا۔

اَهَاجَتْ اِهَاجَۃً الرِّیْحُ النَّبْتَ ہوا کا نباتات کو خشک کرنا۔

اَهْیَجَ اِهْیَاجًا الْاَرْضَ: سوکھی نباتات والی پانا۔

هَیَّجَ تَهَیُّجًا۔ برانگیختہ ہونا۔ بھڑکنا۔

تَهَایَجَ تَهَایُجًا الْقَوْمُ: باہم لڑائی کرنا۔

اِهْتَاجَ اِهْتِیَاجًا الشَّیْءُ: بھڑکنا۔

الْهَائِجُ فَا۔ جوش۔ غضب۔ کہا جاتا ہے "هَاجَ هَائِجُہٗ" اس کا غصہ بھڑک گیا "وَهَدَأَ هَائِجُہٗ" اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔

الْهَائِجَۃُ۔ الهائج کا مؤنث۔ اَرْضٌ هَائِجَۃٌ: خشک یا زرد شدہ گھاس والی زمین۔

الْهَیْجُ۔ مص لڑائی۔ زردی۔ خشک شدگی۔ حرکت۔ تیز ہوا۔ کہا جاتا ہے "یَوْمُ هَیْجٍ" ہوا یا بادل بارش کا دن۔ جب بادل اول اول اٹھنا شروع ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاجَ لَا یَهِیْجُ حَسَنٌ"۔

شَیْءٌ هَیُوْجٌ وَمِهْیَاجٌ۔ بھڑکی ہوئی چیز۔ مؤنث کے لئے بھی هَیُوْجٌ مستعمل ہے۔

الْهَاجَۃُ۔ مینڈکی ج هَاجَاتٌ۔

الْهَیْجَا وَالْهَیْجَاءُ۔ لڑائی۔

هَادَہٗ یَهِیْدُہٗ هَیْدًا وَهَادًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ غم زدہ کرنا۔ ہلانا۔ درست کرنا۔ زائل کرنا۔ منہدم کرنا۔ باز رکھنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا یَهِیْدُنِیْ ذٰلِكَ" یہ چیز مجھ کو برانگیختہ نہیں کرتی اور نہ اس کی میں پروا کرتا ہوں۔ بعض کا قول ہے کہ یَهِیْدُ کا استعمال حرف نفی کے ساتھ خاص ہے۔

هَیَّدَہٗ تَهْیِیْدًا۔ بمعنے مادہ (مذکورہ بالا معانی میں) هَیَّدَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَا هَیَّدَ عَنْ شَتْمِیْ" وہ مجھے گالی دینے سے نہ پیچھے ہٹا نہ رکا۔

الْهَادُ۔ مص۔ اونٹ کی ڈانٹ کا کلمہ۔ کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ هَادٌ" یعنی وہ ایسا ہے کہ نہ تو اسے منع کیا جا سکتا ہے نہ ڈانٹا جا سکتا ہے۔

الْهَیْدُ۔ مص۔ مضطرب و پریشان۔

الْهَیْدَانُ۔ بزدل۔ مضطرب۔ بیوقوف۔ بخیل۔

هَیْرَۃٌ فَتَهَیَّرَ۔ هَوَّرَہٗ فَتَهَوَّرَ میں ایک لغت۔

الْهَیَارُ۔ جو منہدم اور ساقط ہو۔

الْهَیْرُ وَالْهَیَرُ۔ باد شمال۔ اَلْهَیْرُ وَالْهِیَرُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا نصف اول۔ رَجُلٌ هَیِّرٌ: لاپروائی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الْهَیِّرَۃُ۔ نرم زمین۔

رَجُلٌ هَیَّارٌ۔ کمزور مرد۔

الْهَیْرُوْنُ۔ ایک قسم کی کھجور۔ واحد هَیْرُوْنَۃٌ۔

هَاسَ یَهِیْسُ هَیْسًا الشَّیْءَ وَمِنَ الشَّیْءِ بکثرت لینا ــــ فُلَانٌ: تیز چلنا۔

الْاَهْیَسُ۔ بہادر۔ بہت کھانے والا ــــ مِنَ الْاِبِلِ: کسی چیز سے نہ رکنے والا اونٹ۔

الْهَیْسُ۔ مص۔ جوتنے کے لئے بیلوں کی جوڑ اور بقول بعض اس کا کل سامان۔

هَاشَ یَهِیْشُ هَیْشًا الشَّیْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا ــــ الْقَوْمُ: جوش و حرکت میں آنا۔ کہا جاتا ہے "هِشْتُمْ عَلَیْنَا" تم ہم لوگوں کے اوپر جوش و حرکت میں آ گئے ــــ فُلَانٌ: بہت بولنا ــــ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو آہستہ آہستہ دوہنا ــــ الْمَالَ: جمع کرنا ــــ الرَّجُلُ: شاد ہونا۔

الْهَیْشَۃُ۔ مخلوط جماعت۔ اضطراب فتنہ ج هَیْشَاتٌ۔

هَاصَ یَهِیْصُ هَیْصًا بِالشَّیْءِ: سختی برتنا ــــ عُنُقَہٗ: گردن توڑنا ــــ الطَّیْرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔

الْمَهَایِصُ۔ پرندہ کے بیٹ کرنے کی جگہ۔ واحد مَهِیْصٌ۔

الْهَیْصُ۔ پرندے کی بیٹ۔

هَاضَ یَهِیْضُ هَیْضًا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا ــــ فُلَانٌ الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑ دینا۔ اور کہا جاتا ہے "تَمَا شَیْ

المَرِیضُ فُلَانٌ مِنۡہٗ کَذَا: مریض اٹھ کھڑا ہوا تھا کہ اس کو فلاں چیز نے پھر دوبارہ مبتلا مرض کر دیا ـــ الحُزۡنُ قَلۡبَہٗ: بار بار غم لاحق ہونا۔

ھَاضَہٗ۔ توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا۔

ھَیَّضَہٗ۔ برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ اکسانا۔

ھَیِّضَ ھَیۡضًا وَاھۡتَاضَ اِھۡتِیَاضًا العَظۡمُ: ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹنا۔ تَھَیَّضَہٗ المَرَضُ وَنَحۡوُہٗ: بیماری کا بار بار لوٹنا۔

اِھۡتَاضَ اِھۡتِیَاضًا العَظۡمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔

الھَیۡضُ۔ پرندے کی بیٹ۔

الھَیۡضَاءُ۔ لوگوں کی جماعت۔

الھَیۡضَۃُ۔ ھَاضَ کا اسم مرۃ۔ رنج و غم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا ھَیۡضَۃُ الکَرٰی: نیند لاحق ہونے کی وجہ سے سستی عَظۡمٌ مَھِیۡضٌ۔ جڑنے کے بعد ٹوٹی ہوئی ہڈی۔

المُسۡتَھَاضُ۔ وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے، وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔

ھَاطَ یَھِیۡطُ ھَیۡطًا۔ شور مچانا۔

ھَایَطَ مُھَایَطَۃً وَھِیَاطًا۔ شور مچانا۔ فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔

تَھَایَطَ تَھَایُطًا القَوۡمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔

الھَیۡطُ مص۔ کہا جاتا ہے مَا زَالَ فِی ھَیۡطٍ وَمَیۡطٍ وہ ہمیشہ شور و غوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے۔ ہُمۡ فِی ہِیَاطٍ وَمِیَاطٍ وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔

ھَاعَ یَھِیۡعُ وَیَھَاعُ ھَیۡعًا الشَّیۡءُ: زمین پر پھیلنا ـــ الرَّصَاصُ: پگھلنا ـــ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا ـــ الاِبِلُ اِلَی المَاءِ: خواہشمند ہونا ـــ الرَّجُلُ: بتکلف قے کرنا ـــ ھَیۡعًا وَھَیۡعَۃً وَھُیُوۡعًا وَھَیۡعُوۡعَۃً وَھَیَعَانًا: بزدل ہونا۔ گھبرانا ـــ ھَیۡعًا وَھَاعًا: سخت حریص ہونا ـــ مِنَ الشَّیۡءِ: تنگ دل ہونا رنج ہونا۔

ھَیَّعَ تَھۡیِیۡعًا وَاِنۡھَاعَ اِنۡھِیَاعًا الشَّیۡءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے تَھَیَّعَ وَانۡھَاعَ السَّرَابُ سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔

الھَائِعُ۔ فا۔ لَیۡلٌ ھَائِعٌ: تاریک رات۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ ھَائِعٌ لَائِعٌ بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔

الھَائِعَۃُ۔ الھَائِعُ کا مؤنث۔ تیز آواز دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔

الھِیَاعُ پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے رِیۡحٌ ھَیَاعٌ لَیَاعٌ تیز ہوا۔

الھَاعُ۔ سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ ھَاعٌ لَاعٌ یعنی کمزور بزدل مرد۔ اور ایسا ہی اِمۡرَأَۃٌ ھَاعَۃٌ لَاعَۃٌ۔

الھَیۡعَۃُ۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر بہنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔ اَرۡضٌ ھَیۡعَۃٌ: کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔ رَجُلٌ ھَیِّعٌ لَیِّعٌ۔ کمزور گھبرانے والا مرد۔

المُتَھَیِّعُ۔ برائی کی طرف جلدی کرنیوالا۔ حیران۔

المَھۡیَعُ۔ کھلا ہوا کشادہ راستہ۔ اور کہا جاتا ہے طَرِیۡقٌ مَھۡیَعٌ ج مَھَایِعُ۔ بَلَدٌ مَھۡیَعٌ۔ کشادہ شہر۔

ھَیۡعَرَتۡ ھَیۡعَرَۃً۔ المَرۡأَۃُ: بدکار ہونا (ـــ وَتَھَیۡعَرَتۡ) ایک جگہ پر نہ ٹھیرنا۔

الھَیۡعَرَۃُ۔ مص۔ خفت۔ طیش۔ بھوتنی بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔

ھَیَّغَ تَھۡیِیۡغًا المَطَرُ الاَرۡضَ: بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔

اَھۡیَغَ۔ القَوۡمُ: قوم کا خوش حال ہونا۔

الاَھۡیَغُ۔ تر و تازہ زندگی۔ بہت پانی سرسبز سال۔ وَالاَھۡیَغَانِ: تر و تازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔

ھَافَ یَھِیۡفُ ھَیۡفًا۔ بہت پیاسا ہونا (ـــ یَھَافُ ھَیۡفًا) العَبۡدُ: غلام کا بھاگنا۔ (ـــ ھِیَافًا وَھُیَافًا) الاِبِلُ: اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔

ھَیِفَ یَھۡیَفُ وَھَافَ یَھَافُ ھَیَفًا وَھَیۡفًا الغُلَامُ: پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَھۡیَفُ۔ صفت۔ مؤنث ھَیۡفَاءُ ج ھِیۡفٌ۔

اَھَافَ اِھَافَۃً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اِھۡتَافَ اِھۡتِیَافًا۔ پیاسا ہونا۔ صفت مُھۡتَافٌ۔

اِسۡتَھَافَ۔ باد ہیف کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے ہَیۡف)

الھَائِفُ۔ فا سخت پیاس والا۔

الھَائِفَۃُ۔ ھائف کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر باد ہیف کی طرف رخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے ہَیۡف)

الھَیۡفُ۔ مص۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثال عرب میں سے ہے "ذَہَبَتۡ ھَیۡفٌ لِاَدۡیَانِھَا" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے، یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔

رَجُلٌ ھَافٌ۔ پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔ اِبِلٌ ھَافَۃٌ: جلد پیاسے ہونیوالے اونٹ۔

الھِیَافُ وَالھَیۡفَانُ وَالھَیُوۡفُ۔ پیاسا سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔

اَھۡیَقَ الظَّلِیۡمُ: شتر مرغ کا لمبا ہونا۔

الھَیۡقُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لمبا تڑنگا۔ اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شتر مرغ۔ ج اَھۡیَاقٌ وَھُیُوۡقٌ مؤنث ھَیۡقَۃٌ۔

الاَھْیَق ۔ لمبی گردن والا۔

ھَیْلَقَ ھَیْلَقًا ۔ جلدی کرنا۔ کھودنا۔

ھَیْکَل ہ ک ل کا مادہ دیکھیے۔

ھَالَ یَھِیْلُ ھَیْلاً عَلَیْہِ التُّرَابَ : مٹی ڈالنا۔

ھَیَّلَ تَھْیِیْلاً عَلَیْہِ التُّرَابَ : مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)

ھَیَّلَ تَھَیُّلاً و اِنْھَالَ اِنْھِیَالاً التُّرَابُ : مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے ہَالَہٗ فَانْہَالَ وَ ہَیَّلَہٗ فَتَہَیَّلَ اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ اِنْہَالُوْا عَلٰی فُلَانٍ : فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔

اِلْھَال ۔ ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے رَمْلٌ ہَالٌ گرنے والی ریت۔

اِلْھَیْل ۔ مع۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے جَاءَ بِالْہَیْلِ وَ الْہَیْلَمَانِ یعنی وہ بہت مال لایا یا وہ ریت اور ہوا لایا۔

اِلْھَیَال ۔ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

اِلْھَیْلاَن ۔ ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

اِلْھَالَۃ ۔ چاند کے اردگرد کا حلقہ۔ ج ہالات۔

اِلْھَیُوْلِ ۔ ذرات جو روشندان میں دھوپ پڑتے وقت معلوم ہوں۔

اِلْھَیُوْلٰی و اِلْھَیُوْلٰی ۔ مادۂ اولیٰ۔ نسبت کے لئے ہَیُوْلِیٌّ و ہَیُوْلَانِیٌّ ج ہَیُوْلَاتٌ۔

ھَیْلَلَ ھَیْلَلَۃً ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنا۔

ھَامَ یَھِیْمُ ھَیْمًا و ھُیُوْمًا و ھِیَامًا و ھَیَمَانًا و ھَیْمَانًا بِکَذَا : محبت کرنا — عَلٰی وَجْہِہٖ : آوارہ پھرنا — ہُیَامًا : پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے ہِمْ بِنَفْسِکَ یعنی اپنی ذات کے لئے طلب کرو اور اسی کے لئے اہتمام کرو۔

ھَیَّمَہٗ الحُبُّ : محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔

تَھَیَّمَ تَھَیُّمًا الہَوٰی فُلَانًا : پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا — فُلَانٌ : اچھی چال چلنا۔

اِھْتَامَ اِھْتِیَامًا لِنَفْسِہٖ : حیلہ کرنا۔

اُسْتُھِیْمَ فُؤَادُہٗ : محبت وغیرہ کی وجہ سے دل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت مُسْتَہَامُ الفُؤَادِ۔

اِلْھَائِم ۔ فا۔ حیران۔ ج ہُیَّمٌ و ہُیَّامٌ۔ الہُیَّامُ : وسوسہ میں مبتلا عاشق۔

اِلْھُیَام ۔ ہمیشہ گرتے رہنے والی ریت ج ہُیُمٌ۔

اِلْھُیَام ۔ جنونِ عشق۔ سخت پیاس۔ الہُیَامُ : سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔

اِلْھَیْم ۔ مع۔ کہا جاتا ہے ہَیْمُ اللّٰہِ بمعنے اَیْمُ اللّٰہِ یعنی خدا کی قسم۔

اِلْھَیْمَاء ۔ بے پانی کا بیابان۔

الاَھْیَم ۔ ہُیَام کی بیماری والا۔ مؤنث ہَیْمَاءُ ج ہِیْمٌ۔ لَیْلٌ اَہْیَمُ و لَیْلَۃٌ ہَیْمَاءُ : رات جس میں ستارے نہ ہوں۔

اِلْھَیْمَان ۔ پیاسا۔ ہُیَام کی بیماری والا مؤنث ہَیْمٰی ج ہِیَامٌ و ہَیْمٰی۔ رَجُلٌ ہَیْمَانٌ : محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔

اِلْھَیُوْم ۔ حیران۔

رَجُلٌ اَھْیَمُ ۔ سخت پیاس والا مرد۔

قَلْبٌ مُسْتَھَامٌ ۔ عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔

اِلْھَیُوْم ۔ سخت پیاس والا۔ ہُیَام کی بیماری والا۔

ھَیْمَنَ ھَیْمَنَۃً ۔ آمین کہنا — الطَّائِرُ عَلٰی فِرَاخِہٖ : پرندے کا بچے پر پر پھیلانا۔ — فُلَانٌ عَلٰی کَذَا : نگہبان ہونا۔

اِلْھَیْمِن و المُھَیْمِن ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہیں۔ بمعنے خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت و حیات وغیرہ کا کفیل۔

اِلْھَیْنَم ۔ روئی۔

اِلْھَیْنَمَۃ ۔ پست آواز۔

اِلْھَیْنُوْم ۔ غیر مفہوم کلام۔

ھِیْہِ ھِیْہِ ۔ کسی چیز کو دفع کرنے کیلئے بولا جاتا ہے (کلمہ استزادہ ہے)

ھَیْھَات ۔ بتثلیث الآخر : اسم فعل ہے بمعنے دور ہوا۔ اور اس میں چند لغات اور ہیں اَیْہَاتَ و اَیْہَانَ و ہَیْہَانَ و اَیْہَاتَ و اَیْہَانَ حرف آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔ معرب بھی ہیں اور مبنی بھی۔ اور ایک لغت اَیْہَا ہے۔

ھَیَا ۔ بعید کے لئے حروف نداء میں سے ہے اور اس کی اصل اَیَا ہے۔

ھَیُّ بْنُ بَیٍّ و ھَیَّانُ بْنُ بَیَّانَ غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔

ھَیَّ ۔ اسم فعل بمعنے امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے رُوَیْدَکَ اور ہَاکَ میں، کہا جاتا ہے ہَیَّکَ اور کبھی تثنیہ کے لئے ہَیَّا اور جمع کے لئے ہَیُّوْا کہا جاتا ہے۔

ھَیَّا ھَیَّا اسماءِ افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔

اِلْھَیْئَۃ ۔ شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے مَا ہَیْئَتُہٗ اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

ی

الیاء۔ ضمیر مؤنث کے لئے آتی ہے جیسے تَقُومِينَ و تَقُومِي ۔ اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے جیسے ضَرَبَنِي وكِتَابِي ۔

یَا ۔ حرف ندا ہے ۔ بعید و قریب دونوں کے لئے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ وَيَا رُبَّ كَاسِيَةٍ فِي الدُّنْيَا عَارِيَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ " اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لئے ہے ۔

اور اَلَا یا رَجُلُ ویا لَرَجُلًا ادمِنْ رَجُلٍ ویالك مِنْ فَارِسٍ جیسی ترکیبوں میں یا حرف ندا اور لام تعجب کے لئے ہے ۔

یَئِسَ یَیْأَسُ ویَئِسَ یَیْئِسُ یَأْسًا و یَآسَةً (س، ض) : نا امید ہونا ۔ صفت فاعلی یَائِسٌ و یَؤُسٌ و یَؤُوسٌ ۔ جمع یُؤُوسٌ اور صفت مفعولی مَیْؤُوسٌ منہ ۔ اور کبھی یَئِسَ جاننے کے معنے میں آتا ہے ۔ جیسے اَلَمْ تَیْأَسُوا اَنِّي ابْنُ فَارِسٍ زَهْدَمٍ کیا تمھیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں ۔

یَئِسَتِ الْمَرْأَةُ تَیْأَسُ ۔ بانجھ ہونا ۔ صفت یَائِسٌ ۔

اَیْأَسَہٗ اِیْئَاسًا وآیَسَہٗ اِیَاسًا و مُؤَایَسَةً ۔ نا امید کرنا ۔ اَیْأَسَ اللهُ الْمَرْأَةَ بانجھ کرنا ۔

اِتَّأَسَ اِتِّئَاسًا واِسْتَیْأَسَ اِسْتِیْئَاسًا (ض) : مایوس ہونا ۔

الیَأْسُ والیَآسَةُ ۔ نا امیدی ۔

یَأْیَأَ یَأْیَأَةً ویَأْیَاءً الْقَوْمَ : پکارنا بِالْاِبِلِ : آئی کہہ کر ٹھیرانا (آئی ایک کلمہ ہے جس سے اونٹوں کو ڈانٹتے ہیں)

یَأْیَا ۔ لوگوں کے جمع ہونے کیلئے پکارنے کا اسم صوت ۔

الیَأْیَاءُ ۔ مع ۔ یؤیؤ نامی شکاری پرندہ کی چیخ ۔

الیُؤْیُؤُ ۔ ایک قسم کا شکاری پرندہ ۔ باز کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا جس کو جَلَم بھی کہتے ہیں ج یَآیِي ۔

یَبَّبَ الْمَنْزِلَ : ویران کرنا ۔ کہا جاتا ہے خَرَّبُوهُ ویَبَّبُوهُ " انھوں نے اسے تباہ و ویران کیا ۔

الیَبَاب ۔ ویران ۔ کہا جاتا ہے مَنْزِلٌ خَرَابٌ یَبَابٌ " ویران منزل ۔

الاَیْبَل ۔ ایک قسم کی نباتات ۔

یَبِسَ یَیْبَسُ ویَبِسَ یَیْبِسُ یَبْسًا ویُبْسًا واِتَّبَسَ ۔ خشک ہونا ۔ صفت یَبِسٌ ویَبْسٌ ویَابِسٌ ویَبُوسٌ ویَبِیسٌ وآیْبَسُ ۔ کہا جاتا ہے یَبِسَ مَا بَیْنَهُمَا " ان دونوں کے تعلقات منقطع ہو گئے ۔

یَبَّسَ واَیْبَسَ الشَّیْءَ : خشک کرنا ۔ اَیْبَسَ الْمَکَانُ : خشک نباتات والی ہونا ۔ اَیْبَسَ الْقَوْمُ : خشک زمین میں چلنا ۔ اَیْبَسَ الْعُودُ خشک ہونا ۔ اور کہا جاتا ہے اَیْبِسْ یَا رَجُلُ " یعنی چپ رہو ۔

اِسْتَیْبَسَ الرِّیقُ : تھوک خشک ہونا ۔

الیَابِس ۔ ج یُبَّسٌ ۔ رَجُلٌ یَابِسٌ : بے برکت آدمی ۔ حَجَرٌ یَابِسٌ : سخت پتھر ۔

الیَبَس ۔ خشک جس میں کبھی تری نہ رہی ہو خشک جگہ جو پہلے تر رہی ہو ، شَاةٌ یَبَسٌ بے دودھ کی بکری ۔

الیَبْس ۔ مع ۔ خشک ۔ یابس کی جمع ۔ جیسے رَاکِب کی جمع رَکْب ۔ کہا جاتا ہے ۔ رَجُلٌ یَبْسٌ " بے برکت شخص ۔

شَیْءٌ یَبَاسٌ ۔ خشک چیز ۔

الیُبُوسَة ۔ خشکی ۔

یَبِیسُ الْمَاءِ : پسینہ ۔

الاَیْبَسَانِ ۔ کلائی یا پنڈلی کے کنارے کی ہڈیاں جن پر گوشت نہیں ہوتا ۔

الاَیَابِس ۔ سخت چیزیں جن پر تلوار کی آزمائش کی جاتی ہے آیْبَس کی جمع ۔

المِیْبَاس ۔ پودوں کو خشک کرنے والی ہوا ۔

الیَتُوع والیَتُّوع ۔ دودھ والے پودے ج یَتُوعَات ۔

یَتَمَ یَیْتِمُ ویَتِمَ یَیْتَمُ ویَتُمَ یَیْتُمُ یُتْمًا ویَتَمًا الصَّبِيُّ مِنْ اَبِیهِ : یتیم ہونا ۔

یَتِمَ (س) یَتَمًا ۔ کوتاہی کرنا ۔ سستی کرنا تھکنا ۔ دیر کرنا ۔ مِنْ هٰذَا الْاَمْرِ : رہائی پانا ۔

تَیَتَّمَ الصَّبِيُّ : یتیم ہونا ۔

یَتَّمَہٗ واَیْتَمَہٗ ۔ یتیم کرنا ۔ اَیْتَمَتِ الْمَرْأَةُ یتیم بچوں والی ہونا ۔ صفت مُؤْتِمٌ ۔ ج مَیَاتِیمُ ۔

الیَتِیم ۔ نابالغ بچہ جس کا باپ مر گیا ہو ۔ مِنَ الْبَهَائِمِ : جس کی ماں مر گئی ہو ج اَیْتَام و یَتَامٰی و یَتَمَة ویَتْمَة و یَتَائِم ۔ الیتیم اکیلا ۔ کہا جاتا ہے بَیْتٌ یَتِیمٌ و بَلَدٌ یَتِیمٌ ۔ علیحدہ ریگستان ۔ بے نظیر ۔ بے مثل ۔

الیَتِیمَة ۔ یتیم کا مؤنث ۔ ج یَتَامٰی ۔ علیحدہ ریگستان ۔ دُرَّةٌ یَتِیمَةٌ : بیش قیمت بے نظیر موتی ۔

الیَتْم ۔ مع ۔ غم ۔

الیُتْم ۔ مع ۔ یکتائی ۔ یتیمی کی حالت ۔

الیَتَم ۔ مع ۔ یکتائی ۔ یتیمی کی حالت ۔ حاجت ۔ اور کہا جاتا ہے فِي سَیْرِهِ یَتَمٌ اس کی چال میں ضعف و فتور ہے ۔

صَبِيٌّ یَتْمَانُ ۔ یتیم بچہ ۔ کہا جاتا ہے ۔ الْحَرْبُ مَیْتَمَةٌ یعنی لڑائی بچوں کو یتیم بنانے والی ہوتی ہے

یَتَّنَت تَیتِیناً و اَیتَنَت اِیتَاناً المرأۃ او الناقۃ الولدَ: پاؤں کی جانب سے پیدا ہونے والے بچہ کو جننا۔ صفت مُوتِنٌ و مُوتِنۃٌ۔ صفت مفعولی مُوتَنٌ اور قیاس مُوتَن ہے۔

الیَتْن۔ وہ بچہ جس کے پیر پیدائش میں پہلے ظاہر ہوں۔

المِیجار۔ کھیلنے کا ڈنڈا۔ چوگان۔

الیَحمُور۔ سرخ۔ چھوٹی دم والا بارہ سنگھا۔

الیَحمُوم۔ بہت کالا۔

یَدَعَ الثوبَ: اَیدَع سے رنگنا (دیکھئے لفظ اَیدَع)

اَیدَعَ الحجَّ علی نفسہ: احرام کے وقت خوشبو لگا کر حج واجب کرنا۔

الاَیدَع۔ زعفران۔ اور بقول بعض بقم کی لکڑی۔

یَدَیٰ یَدِیَ یَدْیاً الرجلَ: ہاتھ پر مارنا صفت فاعلی یادٍ۔ صفت مفعولی مَیدِیّ۔

یُدِیَ ویَدِیَ یَیدَیٰ یَدْیاً فلانٌ من فلانٍ: فائدہ حاصل کرنا۔ یَدِیَ فلانٌ من یدہ: ہاتھ جاتا رہنا۔ خشک ہونا۔ یَدِیَ الرجلُ: کمزور ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "اِنَّ لفلانٍ مالاً یَیدیٰ بہ ویَبُوع" اس کے پاس مال ہے جس کی وجہ سے وہ ہاتھ اور باع کو کشادہ رکھتا ہے (باع دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کا نام ہے)

یَادَیٰ مُیادَاۃً الرجلَ: بدلہ دینا یا دست بدست دینا۔

اَیدَیٰ اِیداءً عند فلانٍ والیہ: انعام کرنا۔ صفت فاعلی مُودٍ۔ و صفت مفعولی مُودًی الیہ۔

الیَدُ۔ ہاتھ۔ ہتھیلی۔ کلمہ مؤنث ہے اور اس کا لام محذوف ہے۔ اصل یَدْیٌ ہے تثنیہ یَدَان ج الاَیدِی والیُدِیّ۔ جج الاَیادِی۔ اور اَیادِی کا اکثر استعمال نعمت کے معنے میں ہوتا ہے۔ اور الاَیدِی کی جمع الاَیدِین بھی آتی ہے۔ الیَدُ: نعمت احسان ج یُدِیٌّ ویَدِیٌّ ویُدِیٌّ و اَیدٍ۔ الیَدُ: جاہ و مرتبہ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "مالکَ علیہ یَدٌ" تم کو اس پر طاقت حاصل نہیں۔ ندامت۔ ذلت۔ جماعت۔ کھانا ظلم سے روک۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِہم یَدَ البحرِ" وہ ان لوگوں کو سمندر کے راستہ سے لے گیا۔ فریادرسی۔ اور کہا جاتا ہے "لقیتُہ اوّلَ ذاتِ یَدَینِ" میں اس سے سب سے پہلے ملا۔ "وسُقِطَ فی یدِہ" وہ پشیمان ہوا "ولہ یَدٌ بیضاءُ فی ہذا الامر" وہ اس کام میں ماہر کامل ہے "وضَرَبَ القاضی علی یدِہ" قاضی نے اس کو تصرف سے منع کر دیا "واَعطیٰ بیدِہ" وہ مطیع و فرماں بردار ہوا۔ یَدُ الطائرِ: پرندہ کے بازو۔ یَدُ الدہرِ: مدت زمانہ۔ یَدُ الفاسِ: کلہاڑے کا دستہ۔ یَدُ القوسِ: کمان کے دونوں جانب جو جھکائے جائیں۔ الیَدُ العُلیا: دینے والا ہاتھ۔ الیَدُ السُّفلیٰ: مانگنے والا ہاتھ۔ یا روکنے والا ہاتھ۔ اور کہا جاتا ہے "القومُ علیہ یَدٌ واحدۃٌ" قوم اس کے اوپر ظلم کرنے میں یا دشمنی کرنے میں متفق ہے "ہٰذا فی یدی" یہ میری ملکیت میں ہے۔ "الامرُ بیدِ فلانٍ" معاملہ فلاں کے قبضہ میں ہے "ویَدِی لک رہینۃٌ بکذا" میں اس کا ضامن ہوں "ولا یَدَینِ لک بہٰذا" تم کو اس کی طاقت نہیں۔ اور امثال عرب سے ہے۔ "یَدُ اللہِ علی الجماعۃِ" جماعت پر اللہ کی حفاظت ہے "والیَدُ لفلانٍ علی فلانٍ" فلاں کو فلاں پر طاقت و غلبہ ہے۔ "وبِعتُہ یداً بیدٍ" میں نے دست بدست بیع کی "وذَہَبُوا اَیادِیَ سَبَا و اَیدِی سَبا" وہ سب پراگندہ ہو گئے "یَدُ الجوزاءِ": چند ستارے

الیَدُّ۔ بالتشدید جو الیَدِیُّ والیَدۃ۔ ہاتھ ید میں لغات ہیں۔

الیَدِیُّ۔ ماہر۔ حاذق۔ ثوبٌ یَدِیٌّ: وسیع کپڑا۔ عیشٌ یَدِیٌّ: آسودہ زندگی۔ (والیَدَوِیُّ) ید کی جانب منسوب۔

الیُدَیَّۃ۔ ید کی تصغیر۔

الیَدْیاء۔ ماہر عورت۔

المُودِی۔ احسان کرنے والا۔ انعام کرنے والا۔

المُودَیٰ الیہ: جس پر انعام کیا جائے۔

المَیدِیُّ۔ جڑ سے ہاتھ کٹا ہوا۔ ظبیٌ مَیدِیٌّ: جال میں اگلی ٹانگ پھنسی ہوئی ہرنی۔

الیَرَّۃ۔ آگ۔

الیَرْبُوع۔ چوہے کے مانند ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی اور دم لمبی ہوتی ہے۔ ج یَرابیع۔

الیارَج۔ کنگن۔ (دخیل)

الیارُوج۔ تلوار۔

الاِیارَجَۃ۔ دست آور معجون۔ ج اَیارِج۔ (دخیل)

یَرِعَ یَرَعاً یَرَاعاً۔ بزدل ہونا۔

الیَرَع۔ گائے کا بچہ۔

الیَراع۔ جگنو۔ نرکل۔ قلم۔ بانسری جس کو چرواہا بجاتا ہے۔ بزدل۔ کمزور۔ بے عقل۔ چھوٹے چھوٹے بھیڑ بکری۔

الیَراع والیَرَع۔ بھنگا۔

الیَراعَۃ۔ جگنو۔ نرکل۔ ج یَراع۔ چرواہے کی بانسری۔ قلم۔ بے وقوف۔ بزدل۔ جھاڑی۔ شتر مرغ۔

الیَرْدُوع۔ خوف۔ ڈر۔

یُرِقَ۔ یرقان کی بیماری والا ہونا۔

الیَرَقان والیُرَقان۔ کھیتی کے لئے ایک آفت جس میں کھیتی پیلی پڑ جاتی ہے۔ یا کیڑے جو کھیت کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ایک مشہور بیماری کا نام جس سے بدن پیلا ہو جاتا ہے۔

المَیرُوق والمَارُوق۔ من الزرع والناس: یرقان زدہ۔

الیَرْمَع - پھرکی - سفید چمکنے والی کنکریاں
جو یَرَامِع -
الیَرُوْن - ہاتھی کا دماغ - جانور کا پسینہ
زجانور کی منی -
یَرْنَا یَرْنَاۃً الشَّيَ: مہندی سے رنگنا -
الیُرَنَّا والیَرَنَّا والیُرَنَّاء - مہندی -
یَسَرَ یَیْسِرُ یَسْرًا ویَسَرًا - نرم ہونا
مطیع ہونا - یَسَرَتِ المَرْأَۃُ: آسانی سے جننا -
(ـــ یَسْرًا) جوا کھیلنا ـــ الرَّجُلَ: بائیں
جانب سے آنا ـــ القَوْمُ النَّاقَۃَ: حصے
کرکے گوشت کو تقسیم کرلینا -
یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا - کم ہونا - صفت یَسِیْرٌ
یَسُرَ یَیْسُرُ یُسْرًا ویَسِرَ یَیْسَرُ یَسَرًا
الأَمْرُ: آسان ہونا - صفت یَسِیْرٌ -
یَسَّرَ الشَّيَ لِفُلَانٍ: آسان کرنا - توفیق دینا
(خیر و شر دونوں کے لئے مستعمل ہے)
یَسَّرَتِ الغَنَمُ: زیادہ دودھ و بچے والی ہونا
یَسَّرَ الرَّجُلُ: آسانی سے بچے جننے والی بکری
اور اونٹ والا ہونا -
أَیْسَرَ إِیْسَارًا - دولتمند ہونا - صفت
مُوْسِرٌ جو مَیَاسِیْرُ - أَیْسَرَ الرَّجُلَ: مطالبہ میں
سختی نہ کرنا - أَیْسَرَتِ المَرْأَۃُ: آسانی سے جننا
یَاسَرَہٗ مُیَاسَرَۃً - نرمی برتنا - بائیں
جانب سے آنا - یَاسَرَ الشَّيَ: بائیں جانب لینا -
یا القَوْمَ: باہم آسانی و نرمی کرنا -
تَیَسَّرَ لِلْقِتَالِ: مقاتلہ کیلئے تیار ہونا
ـــ البِلَادُ: سرسبز ہونا ـــ النَّهَارُ:
دن کا ٹھنڈا ہونا (ـــ واسْتَیْسَرَ) الأَمْرُ:
آسان ہونا - واسْتَیْسَرَ لِلأَمْرِ: تیار ہونا -
تَیَاسَرَ - باہم آسانی کرنا ـــ الرَّجُلُ:
بائیں جانب سے کرنا ـــ القَوْمَ: بائیں
جانب لینا (ـــ واتَّسَرَ وایْتَسَرَ) القَوْمُ:
جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو باہم تقسیم کرنا -
اور کہا جاتا ہے تَیَاسَرَتِ الأَہْوَاءُ قَلْبَہٗ خواہشات
نے اس کے دل کو تقسیم کرلیا -

الیَسْرُ والیُسْرُ والیَسَارَۃُ - آسانی
نرمی، تونگری - الیُسْرُ: ایک درخت کا نام
جس کا دانہ بہت کالے رنگ کا ہوتا ہے - اور
خوشبو اچھی ہوتی ہے اس کو کھیلنے کے لئے
دھاگے میں پرو لیتے ہیں -
الیَسَارُ - آسانی - تونگری (ـــ والیِسَارُ)
بایاں جو یُسُرٌ ویُسْرٌ -
الیَسَرُ - مع - آسان - تیار کیا ہوا - جوا
کھیلنے والوں کی جماعت جو أَیْسَارٌ - کہا
جاتا ہے رَجُلٌ أَعْسَرُ یَسَرٌ دونوں ہاتھوں سے
یکساں کام کرنے والا مرد - اور مؤنث
کے لئے عَسْرَاءُ یَسْرَاءُ -
الیَاسِرُ - فا - آسان - بایاں - جوئے
کے ذبیحہ کے گوشت کو تقسیم کرنے کا منتظم -
قصائی جو أَیْسَارٌ -
الیَسَرَۃُ - ہاتھ کی غیر متصل لکیریں -
دونوں ران کے داغ جو أَیْسَارٌ ویَسَرَاتٌ -
الیَسَرَاتُ: ہلکی ٹانگیں -
الیُسْرَی جو یُسْرَیَاتٌ والیَسَرَۃُ: بایاں
الأَیْسَرُ - بائیں جانب والا - نرم و آسان
الیَسِیْرُ - کم - نرم آسان (ـــ والیَسُوْرُ)
غالب - جوئے باز - جو یُسُرٌ -
المَیْسِرُ - جوا - تیروں کا جوا - ذبح شدہ
جانور جس پر جوا کھیلا جا ـــ - زمانہ جاہلیت
میں قاعدہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کرتے تھے - اور
اٹھائیس یا دس حصے کرتے تھے اور پھر ان پر
تیروں سے قرعہ ڈالتے تھے، اور تیروں میں
حصے والے اور بے حصے والے دونوں ہوتے
تھے - جس شخص کے نام حصہ والا تیر نکلتا تھا وہ
اتنا حصہ لے لیتا تھا اور جس شخص کے نام پر
بے حصہ کا تیر نکلتا تھا وہ تاوان بھگتتا تھا -
المَیْسَرَۃُ - بائیں جانب - بائیں جانب کا
دستہ فوج جو مَیَاسِرُ (ـــ والمَیْسُرَۃُ والمَیْسِرَۃُ)
آسانی - تونگری -
المَیْسُوْرُ - آسان کیا ہوا - آسان جو مَیَاسِیْرُ

الیَاسَمِیْنُ والیَاسَمُوْنُ - چنبیلی -
یَسِنَ یَیْسَنُ یَسْنًا المَاءُ: متغیر ہونا -
الیَشْبُ والیَشْفُ والیَشْمُ -
یشب ایک نہایت بیش قیمت پتھر -
الیَصْبُ والیَصْفُ - یشب -
الأَیْصَرُ - سوکھی گھاس جو أَیَاصِرُ -
یَعَرَتْ تَیْعِرُ وتَیْعَرُ یُعَارًا الشَّاۃُ
او المَعْزَی: بکری کا ممیانا -
الیَعْرُ والیَعْرَۃُ - بکری کا بچہ جس کو شیر
اور بھیڑیئے کے شکار کے لئے گڑھے کے پاس
باندھ دیتے ہیں جو یُعَارٌ -
الیَعْسُوْبُ - شہد کی مکھیوں کا بادشاہ
جو یَعَاسِیْبُ -
الیَعْفُوْرُ - ہرن -
الیَعْرُ - ایک جانور جو کتے سے چھوٹا اور
بلی سے بڑا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں چھوٹی
ہوتی ہیں اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے اور
اس کو عُرْعُر بھی کہتے ہیں -
یَفَخَ یَیْفَخُ یَفْخًا الوَلَدَ: لڑکے کی چندیا
پر مارنا -
الیَافُوْخُ والیَأْفُوْخُ - نومولود بچہ کے
سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے جو یَوَافِیْخُ اور
کہا جاتا ہے صَدَعَ القَوْمُ یَافُوْخَ اللَّیْلِ جب کہ
رات میں چلیں وَمَسَّ بِیَافُوْخِہِ السَّمَاکَ جبکہ
تکبر کرے وَہُوَ فُلَانٌ یَوَافِیْخُ القَوْمِ جبکہ سب
لوگ سرداری کو تسلیم کرلیں -
یَفَعَ یَیْفَعُ یَفْعًا وأَیْفَعَ الغُلَامُ: لڑکے
کا بلوغ کے قریب پہنچنا - یَفَعَ الجَبَلَ: پہاڑ
پر چڑھنا -
تَیَفَّعَ الغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب
پہنچنا ـــ الرَّجُلُ: ٹیلہ پر چڑھنا - ٹیلہ پر آگ
روشن کرنا -
الیَفَعُ والیَفَاعُ - بلند ٹیلہ - بلند زمین -
جو یُفُوْعٌ - غُلَامٌ یَفَعٌ: نوجوان لڑکا - جو
أَیْفَاعٌ -

اليَافِع ۔ فا ۔ غُلَامٌ يَافِعٌ : نوجوان لڑکا ۔ ج يَفَعَةٌ و يُفْعَان ۔ مَجْدٌ يَافِعٌ : بڑی بزرگی ۔

اليَفَعَة ۔ لڑکا جو نوجوان ہوا در بلوغ کے قریب ہو ۔ کہا جاتا ہے غُلَامٌ يَفَعَةٌ و غُلَامَانِ يَفَعَةٌ و غِلْمَانٌ يَفَعَةٌ ۔

اليَافِعَة ۔ يافع کا مؤنث ج يَافِعَات

اليَافِعَات مِنَ الأُمُورِ : طاقت سے باہر کام

—— مِنَ الجِبَالِ : بلند پہاڑ ۔

المَيْفَعَة ۔ بلند زمین ج مَيَافِع ۔

اليَفَن ۔ بہت بوڑھا ۔ پیر فرتوت ۔ بوڑھا بیل ۔ صاحب فنون ج يُفْن ۔

يَقَّ يَيَقُّ يُقُوقَةً ۔ سفید ہونا ۔

اليَقَق ۔ روئی ۔ کھجور کے اندر کا سفید گودا ایک ٹکڑے کو يَقَقَة کہتے ہیں ۔ کہا جاتا ہے ۔ أَبْيَضُ يَقَقٌ و يَقِقٌ بہت سفید ج يَقَائِق ۔

اليَاقُوت ۔ ایک بیش قیمت پتھر واحد يَاقُوتَةٌ ج يَوَاقِيت ۔

اليَقْطِين ۔ بغیر تنے والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ ۔ عام طور پر اس کا استعمال گول کدو کے لئے ہوتا ہے واحد يَقْطِينَة ۔

يَقِظَ يَيْقَظُ يَقَظًا و يَقُظَ يَيْقُظُ يَقَاظَةً ۔ بیدار ہونا ۔ چوکنا ہونا ۔ صفت مذکر يَقِظٌ و يَقُظٌ و يَقْظَان ج أَيْقَاظ ۔ صفت مؤنث يَقْظَى ج يَقَاظَى ۔

أَيْقَظَ إِيقَاظًا و يَقَّظَ تَيْقِيظًا الغُبَارَ غبار اڑانا —— فُلَانًا : بیدار کرنا ۔ جگانا ۔

تَيَقَّظَ تَيَقُّظًا و اِسْتَيْقَظَ اِسْتِيقَاظًا بیدار ہونا ۔ کہا جاتا ہے تَيَقَّظَ لِلأَمْرِ وہ معاملہ پر متنبہ ہو گیا ۔ اِسْتَيْقَظَهُ : بیدار کرنا ۔

اليَقَظَة ۔ بیداری ۔

أَبُو اليَقْظَان ۔ مرغ ۔

يَقِنَ يَيْقَنُ يَقْنًا و يَقَنًا الأَمْرُ : واضح ہونا ۔ صفت يَقِينٌ (—— و أَيْقَنَ و تَيَقَّنَ و اِسْتَيْقَنَ) الأَمْرَ و بِهِ : جاننا ۔ یقین کرنا ۔

اليَقْن و اليَقَن و اليُقُن و اليَقَنَة والمِيقَان ۔ ہر سنی ہوئی چیز پر یقین کرنے والا مؤنث مِيقَانَةٌ ۔ اليَقَن : زوال شک ۔ رَجُلٌ يَقَنٌ بِالشَّيءِ : کسی چیز پر فریفتہ مرد ۔

اليَقِين ۔ زوال شک ۔ یقینی امر نظر و استدلال سے حاصل ہونیوالا علم ۔ حق اليَقِين واضح اور خالص بے شبہ ۔ أَمْرٌ يَقِينٌ : سچا واضح معاملہ ۔

يَلَّ و يَلِلَ يَيَلُّ يَلًّا و يَلَلًا ۔ چھوٹے اور ناہموار اور اندر کو گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا ۔ صفت مذکر أَيَلّ صفت مؤنث يَلَّاء ج يُلّ ۔

اليَلَب ۔ کھال ۔ چمڑے کی ڈھال یا چمڑے کی یمنی زرہیں ۔ اور بقول بعض وہ کھالیں جن کو ایک دوسرے کے ساتھ سی کر سر پر اوڑھتے ہیں واحد يَلَبَةٌ ۔ اليَلَبُ : فولاد ۔ خالص لوہا ۔ ہر چیز میں سے بڑی چیز ۔

اليَلَق ۔ سفید ۔ کہا جاتا ہے أَبْيَضُ يَلَقٌ و أَبْيَضُ لَهَقٌ و أَبْيَضُ يَقَقٌ بمعنے بہت زیادہ سفید ۔

اليَلَقَة و اليَلْقُق ۔ سفید بکری ۔

اليَلْمَق ۔ قبا ۔ ج يَلَامِق ۔

اليَلَنْجَج والأَلَنْجَج و اليَلَنْجُوج والأَلَنْجُوج ۔ خوشبودار لکڑی ۔

يُمَّ يُيَمُّ يَمًّا ۔ سمندر میں پھینکا جانا —— السَّاحِلُ : سمندر کے نیچے آنا ۔

يَمَّمَهُ ۔ قصد کرنا ۔ يَمَّمَ المَرِيضُ لِلصَّلَاةِ : تیمم کرانا —— فُلَانًا بِرُمْحِهِ : خاص طور سے نیزہ کا نشانہ بنانا ۔

تَيَمَّمَ ۔ الأَمْرَ : قصد کرنا —— لِلصَّلَاةِ : مٹی سے ہاتھ منہ پر مسح کرنا ۔

اليَمّ مع ۔ سمندر ۔ سانپ (—— و اليَمَم) جنگلی کبوتر ۔

اليَمَام ۔ جنگلی کبوتر ۔

اليَمَامَة ۔ جنگلی کبوتری ۔ ارادہ ۔ اور کہا جاتا ہے إِمْضِ يَمَامَتِي میرے آگے چلو ۔

المُتَيَمِّم ۔ اپنے مطالب و مقاصد پر فتحمند ۔

يَمَنَ و يَمِنَ يَيْمَنُ يَمْنًا الرَّجُلَ : داہنی جانب سے آنا ۔

يَمَنَ يَيْمُنُ يَمْنًا و يُمْنًا اللهُ فُلَانًا : بابرکت بنانا ۔ صفت مفعولی مَيْمُون ۔ صفت فاعل يَامِن و يَمِين ۔ جیسے قَادِرٌ و قَدِيرٌ ۔

يَمَنَ يَيْمُنُ و يَامَنَ يَمْنًا و يَمَّنَ و يَامَنَ يُيَامِنُ مُيَامَنَةً بِهِ : دائیں طرف لے جانا ۔

يَمَنَ يَيْمُنُ و يَمِنَ يَيْمَنُ و يَامَنَ و يُمِنَ يُيْمَنُ يُمْنًا و مَيْمَنَةً لِقَوْمِهِ و عَلَى قَوْمِهِ بابرکت ہونا ۔ صفت يَامِن و يَمِين و أَيْمَن و مَيْمُون ۔

يَمَّنَ عَلَيْهِ : برکت دینا (—— و يَامَنَ) بِفُلَانٍ : دائیں جانب لیجانا (—— و يَامَنَ و تَيَامَنَ و أَيْمَنَ) دائیں جانب جانا ۔ ملک یمن کی طرف جانا ۔ ملک یمن میں جانا ۔

تَيَمَّنَ بِهٖذَا : برکت حاصل کرنا ۔ ملک یمن کی جانب منسوب ہونا —— بِالمَيِّتِ : قبر میں دائیں پہلو پر رکھنا —— الرَّجُلُ : مرنا ۔ داہنے ہاتھ یا پیر یا داہنی جانب سے شروع کرنا ۔

اِسْتَيْمَنَ اِسْتِيمَانًا بِهٖذَا : برکت حاصل کرنا —— الرَّجُلَ : قسم کھلانا ۔

اليَامِن ۔ برکت والا ۔ مؤنث يَامِنَةٌ ۔

اليُمْن ۔ برکت ۔

اليَمْن و اليَمْنَة ۔ داہنی جانب ۔

اليَمَن ۔ ملک یمن جو بلاد عرب ہے ۔ ہر نسبت کے لئے اليَمَنِيّ و اليَمَانِيّ و اليَمَانِي ۔ ج يَمَنِيُّون و يَمَانُون و يَمَانِيُون ۔

اليَمِين ۔ داہنا ہاتھ ۔ داہنی جانب ۔ ج أَيْمُن و أَيْمَان و أَيَامِن و أَيَامِين ۔ تصغیر يُمَيِّن بغیر ہا کے ج يُمَيْنَات ۔

اليَمِين ج أَيْمُن و أَيْمَان قسم (مؤنث) أَيْمُنُ اللهِ : اسم ہے جو قسم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور اس کی تقدیر أَيْمُنُ اللهِ قَسَمِي ہے اور

اس میں اور بھی لغات ہیں۔ اَیْمُنُ اللہِ وَاِیْمُنُ اللہِ وَاَیْمَنُ اللہِ وَاَیْمُنُ اللہِ اور اسی کے معنی میں ہے اَیْمُ اللہِ وَاِیْمُ اللہِ وَاَمِ اللہِ میم کی تثلیث کے ساتھ وَمُنِ اللہِ میم اور نون کی تثلیث سے وَمِ اللہِ میم کی تثلیث سے اور کہا جاتا ہے یَمِیْنُ اللہِ لَا اَفْعَلُ۔ قسم اللہ کی میں نہیں کروں گا۔

اَلْیَمِیْنُ۔ برکت و قوت۔ ج اَیْمَانٌ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ عِنْدَنَا بِالْیَمِیْنِ فلاں ہمارے نزدیک اچھے رتبہ پر ہے۔ وَقَدِمَ عَلٰی اَیْمَنِ الْیَمِیْنِ وہ برکت کے ساتھ آیا۔

اَلْیُمْنٰی۔ دایاں ہاتھ یا داہنی جانب۔ مثنٰی یُمْنَیَانِ۔ ج یُمْنَیَاتٌ۔

اَلْیُمْنَۃُ وَالْیَمْنَۃُ۔ یمنی چادر۔

اَلْاَیْمَنُ۔ داہنی جانب۔ مؤنث یَمْنَاءُ ج یُمْنٌ وَاَیَامِنُ۔ کہا جاتا ہے ذَہَبَ اِلٰی اَیْمَنِ الْاِبِلِ وہ اونٹوں کی داہنی جانب گیا۔ وَنَظَرَ اَیْمَنَ مِنْہُ اس نے داہنی جانب دیکھا۔

اَلتَّیَمُّنُ۔ دکھن۔

اَلْمَیْمَنَۃُ۔ برکت۔ داہنی جانب کا دستہ فوج ج مَیَامِنُ۔

اَلْمُیَمِّنُ۔ برکت لانے والا۔

اَلْمَیْمُوْنُ۔ مبارک۔ ج مَیَامِیْنُ۔ کہا جاتا ہے۔ ہُوَ مَیْمُوْنُ الطَّائِرِ وہ مبارک چہرہ والا ہے۔ وَسِرْ عَلَی الطَّائِرِ الْمَیْمُوْنِ۔ مسافر کے لئے دعا ہے یعنی توفیق کے ساتھ سفر کرو۔

اَلْیَنْبُوْتُ۔ ایک قسم کی نباتات۔

یَنْبُوْعٌ۔ دیکھئے مادہ نبع۔

اَلْیَانَسُوْنُ۔ ایک قسم کی خوشبودار نباتات۔

یَنَعَ یَیْنَعُ وَیَیْنِعُ یَنْعًا وَیُنْعًا وَیُنُوْعًا وَاَیْنَعَ۔ اَلثَّمَرُ: پھل کا پختہ ہونا۔ صفت یَانِعٌ۔ ج یَنْعٌ۔ وَیَنِیْعٌ۔ اَلْیَانِعُ: ہر چیز کا سُرخ وَیَنَعَ الشَّیْءُ: تیز سرخ ہونا۔

اَلْیُنُوْعُ۔ خون کی سُرخی۔

اَلْیَنَعُ۔ سُرخ مہرہ۔ واحد یَنَعَۃٌ۔ عقیق کی ایک قسم۔

اَلْیَنَمُ۔ ایک قسم کی نباتات واحد یَنَمَۃٌ۔

اَیْہَتْ اِیْہَاتًا۔ اَللَّحْمُ: گوشت بدبودار ہونا۔

اِسْتَیْہَمَ۔ بے عقل ہونا ——— فِی الْاَمْرِ: کسی کام میں مدت گذارنا ——— بِالْاَمْرِ: یقین کرنا۔

اَلْیَہْمُ وَالْیَہَمُ۔ کشادہ جگہ۔ کسی کام میں مدت گذاری۔

اَلْیَہْیَرُ۔ سراب۔ سخت پتھر، لجاجت جھوٹ، اندرائن۔ زہر۔

اَلْیَہْیَرَّی۔ بہت پانی۔ باطل۔

اَلْمُسْتَیْہِرُ۔ نا۔ بہت لجاجت کرنے والا۔

اَلْیَہْفُوْفُ۔ بزدل۔ بے وقوف۔ چٹیل زمین۔ تیز قلب۔

اَلْیُہَامُ۔ دیوانگی۔ جنون۔

اَلْاَیْہَمُ۔ دیوانہ۔ مجنون۔ خشکی۔ بلند پہاڑ، بہرا۔ دلیر، چکنا پتھر، بے نشان شہر، لَیْلٌ اَیْہَمُ: بے تاروں والی رات۔ مؤنث یَہْمَاءُ، ج یُہْمٌ

اَلْیَہْمَاءُ۔ اَیْہَمُ کا مؤنث۔ بے پانی، اور بے نشان بیابان۔ سخت سال، مضبوط اونٹنی اَرْضٌ یَہْمَاءُ: بے نام و نشان و بے چراگاہ زمین۔ سِنُوْنَ یُہْمٌ: بے گھاس و پانی اور بے درخت والے سال

یَہُوْدُ۔ دیکھئے مادہ ہود۔

یُوْحُ وَیُوْحٰی۔ آفتاب کے ناموں میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے جَعَلَکَ اللہُ اَعْمَرَ مِنْ نُوْحٍ وَاَنْوَرَ مِنْ یُوْحٍ اللہ تعالیٰ تیری عمر نوح علیہ السلام کی عمر سے بھی زیادہ دراز کرے اور آفتاب سے زیادہ روشن کرے۔

یَاوَمَہٗ یُوَامًا وَمُیَاوَمَۃً۔ دنوں کے لحاظ سے معاملہ کرنا۔

اَلْیَوْمُ۔ دن۔ وقت۔ کہا جاتا ہے ذَخَرْتُکَ لِہٰذَا الْیَوْمِ تم کو میں نے اسی دن کے لئے ذخیرہ بنایا تھا۔ ج اَیَّامٌ وج اَیَاوِیْمُ۔ اَیَّامُ اللہِ: خدا کے دن یعنی خدا کے انعامات یا سزائیں۔ اَیَّامُ الْعَرَبِ: جنگہائے عرب: اِبْنُ الْاَیَّامِ: زمانہ شناس۔ اِبْنُ الْیَوْمِ: زمانہ ساز۔ کہا جاتا ہے۔ یَوْمُ الْیَوْمِ: مہینے کا آخری دن۔ وَیَوْمٌ اَیْوَمُ وَیَوِمٌ وَوَدُوْمٌ وَذُوْ اَیَّامٍ وَذُوْ اَیَاوِیْمَ وَذُوْ اَیَامِیْمَ۔ سخت طویل دن

اَلْیُوْنَانُ۔ یونانی لوگ، ایک ملک کا نام۔ یُوْنَانِیٌّ۔ یونان کا رہنے والا۔ ج یُوْنَانِیُّوْنَ

اَلْیَاوِیُّ۔ یا کی جانب منسوب۔

اَلْیَنْیَمِیَّۃُ۔ خود۔

یَیَّا تَیْیِیَۃً۔ اَلْیَاءَ: لکھنا۔

خلیق ٹونکی